روایت کیا اسے احمد نے ۔ اور عمرو ابن عبسہ سے ہے کہا آیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پھر کہا میں نے یا رسول اللہ کون ہے ساتھ تمہارے موافق اس کام پر ف فرمایا آزاد اور غلام

قلت ما الإسلام قال طيب الكلام وإطعام الطعام قلت ما الإيمان قال الصبر والسماحة قال قلت أي الإسلام أفضل قال من سلم

پوچھا میں نے کیا ہے اسلام فرمایا نرمی سے کلام کرنا اور کھانا کھلانا کہا میں نے کیا ہے ایمان فرمایا صبر کرنا ف اور جوانمردی کہا پوچھا میں نے کونسا اسلام افضل ہے فرمایا وہ شخص کہ بچے رہیں

المسلمون من لسانه ويده قال قلت أي الإيمان أفضل قال خلق حسن قال قلت أي الصلاة أفضل قال طول القنوت قال قلت أي

مسلمان اسکی زبان سے اور اسکے ہاتھ سے کہا پوچھا میں نے کونسا ایمان بہتر ہے فرمایا خصلت اچھی کہا پوچھا میں نے کونسی نماز بہت اچھی ہے فرمایا دیر تک کھڑے رہنا کہا پوچھا میں نے کونسی

الهجرة أفضل قال أن تهجر ما كره ربك قال قلت فأي الجهاد أفضل قال من عقر جواده وأهريق دمه قال قلت أي الساعات

ہجرت افضل ہے فرمایا چھوڑ دے تو اس چیز کو جسے برا جانتا ہے تیرا رب کہا پوچھا میں نے کونسا جہاد بہتر ہے فرمایا وہ شخص کہ کونچ کاٹا گیا جسکے گھوڑے کا اور بہایا گیا لہو اسکا ف کہا پوچھا میں نے کونسی گھڑی

أفضل قال جوف الليل الآخر رواه أحمد وعن معاذ بن جبل قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من لقي الله

بہت اچھی ہے فرمایا درمیان پچھلی رات کا روایت کیا اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے معاذ ابن جبل سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے جو ملا اللہ کو

لا يشرك به شيئا يصلي الخمس ويصوم رمضان غفر له قلت أفلا أبشرهم يا رسول الله قال دعهم يعملوا رواه أحمد

اس حال میں کہ ساجھی نہیں کرتا اسکا کسیکو اور نماز پڑھتا ہے پنجگانہ اور روزے رکھتا ہے رمضان کے بخشے جاویں گے گناہ اسکے پوچھا میں نے کیا خوشخبری نہ دوں میں لوگوں کو یا رسول اللہ فرمایا چھوڑ دے انہیں کہ عمل کریں روایت کیا اسے احمد نے

کہ گناہوں سے بچنے میں تکلیف برداشت کرنے اور ہجرت ہو جاوے ف مسلمانوں میں کون افضل ہے ف یعنے سوار گھوڑا دونوں کام آیا

وعنه انه سأل النبي صلى الله عليه وسلم عن افضل الايمان قال ان تحب لله وتبغض لله وتعمل لسانك في ذكر الله قال وماذا

اور انہیں سے ہے بیشک پوچھا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بہت اچھے ایمان سے فرمایا یہہ کہ دوستی رکھے اللہ کے واسطے اور دشمنی رکھے اللہ کے واسطے اور جاری رکھے اپنی زبان اللہ کی یاد میں کہا اور

یا رسول الله قال وان تحب للناس ما تحب لنفسك وتكره لهم ما تكره لنفسك رواه احمد

کیا یا رسول اللہ فرمایا اور دوست رکھے تو لوگوں کے واسطے جو دوست رکھتا ہے اپنی ذات کے واسطے اور برا جانے اُن کے واسطے جو برا جانتا ہے اپنی ذات کے واسطے روایت کی احمد نے

باب الكبائر وعلامات النفاق

باب بڑے گناہ اور نفاق کی نشانیوں کے بیان میں

الفصل الاول

پہلی فصل

عن عبد الله بن مسعود رضي الله عنه قال قال رجل يا رسول الله اي الذنب اكبر عند

روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے راضی ہو اللہ اُن سے کہا کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ کون سا گناہ بڑا ہے نزدیک

الله قال ان تدعو لله ندا وهو خلقك قال ثم اي قال ان تقتل ولدك خشية ان يطعم معك قال ثم اي قال ان تزاني حليلة

اللہ کے فرمایا کہ ٹھہراوے اللہ کے واسطے کسی کو برابر حالانکہ اُس نے پیدا کیا تجھے پوچھا پھر کونسا فرمایا قتل کرنا اپنی اولاد کو اس ڈر سے کہ کھاوے ساتھ تیرے کہا پھر کون سا فرمایا یہہ کہ زنا کرے تو عورت سے

جارك فانزل الله تصديقها والذين لا يدعون مع الله الها آخر ولا يقتلون النفس التي حرم الله الا بالحق ولا يزنون الآية

اپنے ہمسایہ کی پھر اتارا اللہ نے اس کے سچ کرنے کو اور جو لوگ نہیں پکارتے اللہ کے ساتھ دوسرے معبود کو اور نہیں مارتے جان کو جسے منع کیا اللہ نے مگر حق پر اور نہیں زنا کرتے آخر آیت تک

متفق عليه وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكبائر الاشراك بالله وعقوق الوالدين وقتل النفس

ق ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بڑے گناہ یہہ ہیں شریک ٹھہرانا اللہ کے ساتھ اور دکھ دینا ماں باپ کو اور مار ڈالنا جان کو

واليمين الغموس رواه البخاري وفي رواية انس وشهادة الزور بدل اليمين الغموس متفق عليه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله

اور قسم کھانی جھوٹی روایت کیا اسے بخاری نے اور ایک روایت میں انس کی اور گواہی دینی جھوٹی بدل یمین غموس کے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم اجتنبوا السبع الموبقات قالوا يا رسول الله وما هن قال الشرك بالله والسحر وقتل النفس التي حرم الله الا

صلی اللہ علیہ وسلم نے بچو تم سات خصلتیں ہلاک کرنے والیوں سے عرض کیا لوگوں نے یا رسول اللہ اور کیا ہیں فرمایا ساجھی ٹھہرانا اللہ کے ساتھ اور جادو کرنا اور مار ڈالنا جان کا جسے حرام کیا اللہ نے

بالحق واكل الربوا واكل مال اليتيم والتولي يوم الزحف وقذف المحصنات المؤمنات الغافلات متفق عليه وعنه قال قال

مگر ساتھ حق کے اور کھانا بیاج کا اور کھانا یتیم کے مال کا اور پیٹھ دینی لڑائی کے دن اور زنا کی تہمت لگانا پاک دامن عورتوں ایمان والیوں بے خبروں کو ۔ ق ۔ اور روایت ہے انہیں سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يزني الزاني حين يزني وهو مؤمن ولا يسرق السارق حين يسرق وهو مؤمن ولا يشرب

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں زنا کرنے والا جب کرتا ہے زنا کرتا ہے اور وہ مومن ہو اور نہیں چوری کرتا ہے چوری کرنے والا جس وقت کہ چوری کرتا ہے اور وہ مومن ہو اور نہ

الخمر حين يشربها وهو مؤمن ولا ينتهب نهبة يرفع الناس اليه فيها ابصارهم حين ينتهبها وهو مؤمن ولا يغل احدكم

شراب جس وقت کہ پیتا ہے اسے اور وہ مومن ہو اور نہیں لوٹتا کوئی لوٹ کہ اٹھاتے ہیں لوگ اس کی طرف اس میں آنکھیں اپنی جب لوٹتا ہے اسکو اور وہ مومن ہو ۔ اور غنیمت کا مال نہیں چراتا

حين يغل وهو مؤمن فاياكم اياكم متفق عليه وفي رواية ابن عباس ولا يقتل حين يقتل وهو مؤمن قال عكرمة قلت

جب چراتا ہے اور وہ مومن ہو پھر بچو تم بچو تم ۔ ق ۔ اور ایک روایت میں ابن عباس کی ہے اور نہیں قتل کرتا کوئی جب قتل کرتا ہے اور وہ مومن ہو کہا عکرمہ نے کہا میں نے

لابن عباس كيف ينزع الايمان منه قال هكذا وشبك بين اصابعه ثم اخرجها فان تاب عاد اليه هكذا وشبك بين

ابن عباس سے کس طرح نکالا جاتا ہے ایمان اُس سے اشارہ کیا اس طرح اور انگلیاں کو ڈالا انگلیوں میں پھر نکالا اُن کو پھر اگر توبہ کیا اُسنے پھر آیا ایمان اسکی طرف اس طرح اور انگلیوں کو ڈالا

اصابعه وقال ابو عبد الله لا يكون هذا مؤمنا تاما ولا يكون له نور الايمان هذا لفظ البخاري وعن ابي هريرة قال قال رسول الله

انگلیوں میں اور کہا ابو عبد اللہ بخاری نے نہیں رہتا وہ شخص پورا مومن اور نہیں ہوتا اسکے لئے نور ایمان یہہ لفظ بخاری کا ہے ش ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلٰثٌ زَادَ مُسْلِمٌ وَاِنْ صَامَ وَصَلّٰى وَزَعَمَ اَنَّهٗ مُسْلِمٌ ثُمَّ اتَّفَقَا اِذَا حَدَّثَ كَذَبَ وَاِذَا وَعَدَ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نشانی منافق کی تین ہیں زیادہ کیا مسلم نے یہ اور اگرچہ روزہ رکھے اور نماز پڑھے اور دعویٰ کرے کہ وہ مسلمان ہے پھر متفق ہوئے جب بات کرے جھوٹھ بولے اور جب وعدہ کرے

اَخْلَفَ وَاِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ كَانَ مُنَافِقًا

خلاف کرے اور جب امین کیا جاوے خیانت کرے ۔ اور عبد اللہ ابن عمرو سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار چیزیں ہیں جسمیں وے ہوں وہ پورا منافق ہے

خَالِصًا وَمَنْ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِنْهُنَّ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِنَ النِّفَاقِ حَتّٰى يَدَعَهَا اِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ وَاِذَا حَدَّثَ كَذَبَ

اور جو شخص ہووے اسمیں ایک خصلت انمیں سے بھی اسمیں ایک خصلت نفاق سے یہاں تک کہ چھوڑے اُسے جب کہ امین کیا جاوے خیانت کرے اور بات کہے جھوٹھ

وَاِذَا عَاهَدَ غَدَرَ وَاِذَا خَاصَمَ فَجَرَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُنَافِقِ كَالشَّاةِ

اور جب اقرار کرے توڑ دالے اور جب جھگڑے گالیاں دے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مثال منافق کی مانند بکری کی ہے

الْعَائِرَةِ بَيْنَ الْغَنَمَيْنِ تَعِيْرُ اِلٰى هٰذِهٖ مَرَّةً وَاِلٰى هٰذِهٖ مَرَّةً رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ قَالَ يَهُوْدِيٌّ

کہ خواہش رکھتی ہے نر کی دو ریوڑوں کے بیچ جھکتی ہے اسکی طرف ایکبار اور اسکے طرف ایکبار روایت کیا اسے مسلم نے ۔ ف ۔ دوسری فصل ۔ روایت ہے صفوان ابن عسال سے کہا کہ کہا ایک یہودی نے

لِصَاحِبِهٖ اِذْهَبْ بِنَا اِلٰى هٰذَا النَّبِيِّ فَقَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ لَا تَقُلْ نَبِيٌّ اِنَّهٗ لَوْ سَمِعَكَ لَكَانَ لَهٗ اَرْبَعُ اَعْيُنٍ فَاَتَيَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اپنے یار سے چل تو میرے ساتھ پاس اس نبی کے تب کہا اُسے اُسکے یار نے مت کہہ تو نبی بیشک وہ اگر سنے گا تیرا کہنا البتہ ہو گی اُسکی چار آنکھیں پھر آئے دونو رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ فَسَاَلَاهُ عَنْ تِسْعِ اٰيَاتٍ بَيِّنَاتٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا وَلَا تَسْرِقُوْا وَلَا تَزْنُوْا وَلَا

وسلم کے پاس اور پوچھا دونوں نے حضرت کو نو احکام ظاہر سے ۔ ف ۔ تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ شریک کرو اللہ کے ساتھ کسی کو اور نہ چوری کرو اور نہ زنا کرو اور نہ

تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا تَمْشُوْا بِبَرِيْءٍ اِلٰى ذِيْ سُلْطَانٍ لِيَقْتُلَهٗ وَلَا تَسْحَرُوْا وَلَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوا وَلَا تَقْذِفُوْا مُحْصَنَةً

مارو کسی جان کو جسکا مارنا حرام کیا اللہ نے مگر حق کے ساتھ اور مت لیجاؤ تم پاک شخص کو ۔ ف ۔ کسی حاکم کے پاس کہ قتل کرے وہ اُسے اور نہ جادو کرو اور نہ بیاج کھاؤ اور نہ تہمت لگاؤ زنا کی عورت پاکدامن کو

وَلَا تُوَلُّوْا لِلْفِرَارِ يَوْمَ الزَّحْفِ وَعَلَيْكُمْ خَاصَّةً الْيَهُوْدُ اَنْ لَا تَعْتَدُوْا فِي السَّبْتِ قَالَ فَقَبَّلَا يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ وَقَالَا نَشْهَدُ

اور نہ پیٹھ دو بھاگنے کے واسطے کافروں سے لڑائی کے دن اور واجب ہے تم پر خاص کر اے یہود کہ نہ حد سے بڑھو ہفتے کے دن ۔ ف ۔ کہا صفوان نے پھر چوما حضرت کے ہاتھ پاؤں اور بولے ہم گواہی دیتے ہیں

اَنَّكَ نَبِيٌّ قَالَ فَمَا يَمْنَعُكُمْ اَنْ تَتَّبِعُوْنِيْ قَالَا اِنَّ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ دَعَا رَبَّهٗ اَنْ لَا يَزَالَ مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ نَبِيٌّ وَاِنَّا نَخَافُ اِنْ تَبِعْنَاكَ اَنْ

کہ بیشک تو نبی ہے فرمایا پھر کون چیز منع کرتی ہے تمکو میری اطاعت سے کہا دونوں نے کہ بیشک داؤد علیہ السلام نے دعا کی تھی اپنے رب سے کہ ہمیشہ رہے اُسکی اولاد میں کوئی نبی اور تحقیق ہم ڈرتے ہیں اگر پیروی کریں ہم تمہاری

يَقْتُلَنَا الْيَهُوْدُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ مِنْ اَصْلِ

مار ڈالیں ہم کو یہود ۔ ف ۔ روایت کیا اسے ترمذی نے اور ابوداؤد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین خصلتیں ہیں جڑ

الْاِيْمَانِ اَلْكَفُّ عَمَّنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا نُكَفِّرُهٗ بِذَنْبٍ وَلَا نُخْرِجُهٗ مِنَ الْاِسْلَامِ بِعَمَلٍ وَالْجِهَادُ مَاضٍ مُنْذُ بَعَثَنِيَ اللّٰهُ اِلٰى اَنْ يُّقَاتِلَ

ایمان کی بند رکھنا زبان کا اس شخص سے جسنے کہا لا الٰہ الا اللہ نہ کافر کہو اسکو کسی گناہ کے سبب سے اور نہ نکالو اسکو اسلام سے گناہ کرنے کے سبب سے اور جہاد جاری رہنے والا ہے جب سے بھیجا مجھکو اللہ نے یہاں تک کہ لڑائی کرے

اٰخِرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ الدَّجَّالَ لَا يُبْطِلُهٗ جَوْرُ جَائِرٍ وَلَا عَدْلُ عَادِلٍ وَالْاِيْمَانُ بِالْاَقْدَارِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

آخر اس امت کی دجال سے نہ موقوف کرے اسکو ظلم ظالم کا اور نہ عدل عادل کا ۔ ف ۔ اور تیسرے ایمان لانا تقدیروں پر روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا زَنَى الْعَبْدُ خَرَجَ مِنْهُ الْاِيْمَانُ فَكَانَ فَوْقَ رَاْسِهٖ كَالظُّلَّةِ فَاِذَا خَرَجَ مِنْ ذٰلِكَ الْعَمَلِ رَجَعَ اِلَيْهِ الْاِيْمَانُ رَوَاهُ

صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت زنا کرتا ہے بندہ نکلتا ہے اس سے ایمان اور ہوتا ہے اسکے سر پر مانند سائبان کے ۔ ف ۔ پھر جب فارغ ہوتا ہے اس عمل سے پھرتا ہے اسکی طرف ایمان روایت کیا اسکو

الترمذي وابو داود. الفصل الثالث عن معاذ قال اوصاني رسول الله صلى الله عليه وسلم بعشر كلمات قال لا تشرك
ترمذی اور ابوداؤد نے ۔ تیسری فصل ۔ روایت ہے معاذ سے کہا کہ وصیت کیا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ساتھ دس باتوں کے فرمایا کہ نہ شریک کر

بالله شيئا وان قتلت وحرقت ولا تعقن والديك وان امراك ان تخرج من اهلك ومالك ولا تتركن صلوة مكتوبة
اللہ کے ساتھ کسی چیز کو اگرچہ مارا جاوے تو اور جلایا جاوے تو اور نافرمانی مت کر اپنے ماں باپ کی اگرچہ حکم کریں تجھکو یہ کہ نکل جاوے تو اپنے گھر والوں اور اپنے مال سے اور نہ چھوڑ نماز فرض کو

متعمدا فان من ترك صلوة مكتوبة متعمدا فقد برئت منه ذمة الله ولا تشربن خمرا فانه رأس كل فاحشة واياك و
جان بوجھ کر کیونکہ تحقیق جسنے چھوڑی نماز فرض جان بوجھ کر تو بیشک نکل گیا اس سے ذمہ اللہ کا اور مت پی شراب سو بیشک وہ سر ہے تمام بےحیائی کا اور بچ تو

المعصية فان بالمعصية حل سخط الله واياك والفرار من الزحف وان هلك الناس واذا اصاب الناس موت وانت
گناہ سے کیونکہ بیشک گناہ کے سبب اترتا ہے غضب اللہ کا اور بچ تو بھاگنے سے کافروں کی لڑائی میں سے اگرچہ مرجاویں لوگ اور جب کہ پہنچے آدمیوں کو موت اور ہو تو

فيهم فاثبت وانفق على عيالك من طولك ولا ترفع عنهم عصاك ادبا واخفهم في الله رواه احمد وعن حذيفة
انمیں تو ٹھہرا رہ ۔ ف ۔ اور خرچ کر اپنے زن وفرزند پر موافق اپنے مقدور کے اور مت اٹھا رکھ انسے اپنی لاٹھی ادب کی ف ۔ اور ڈرا انکو اللہ کے مقدمے میں روایت کیا اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے حذیفہ

قال انما النفاق كان على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فاما اليوم فانما هو الكفر او الايمان رواه البخاري باب في
کہا کہ نفاق تھا مگر زمانے بیچ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور لیکن آج کے دن اور کچھ نہیں ہے مگر ہے کفر یا ایمان ف ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ یہہ باب ہے

الوسوسة — الفصل الاول

الوسوسة الفصل الاول عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله تعالى تجاوز عن امتي ما وسوست
وسوسہ کے بیان میں ۔ پہلی فصل ۔ روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تحقیق اللہ نے معاف کیا میری امت سے وہ چیز کہ وسوسہ کیا

به صدورها ما لم تعمل به او تتكلم متفق عليه وعنه قال جاء ناس من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم الى النبي صلى الله عليه وسلم
انکے دل نے جبتک کہ نہ کریں اسکو یا نہ کہیں ۔ ق ۔ اور روایت ہے انسے کہا کہ آئے کتنے آدمی اصحاب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس

فسألوه انا نجد في انفسنا ما يتعاظم احدنا ان يتكلم به قال او قد وجدتموه قالوا نعم قال ذاك صريح الايمان رواه مسلم وعنه
اور پوچھا حضرت سے کہ تحقیق ہم پاتے ہیں اپنے دلوں میں وہ چیز کہ بڑا جانتا ہے ہم میں کا ایک کہ زبان پر لاوے اسکو فرمایا کہ تحقیق پایا تمنے اسکو عرض کیا ہاں فرمایا کہ یہہ ظاہر ایمان ہے ف ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور انہیں

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يأتي الشيطان احدكم فيقول من خلق كذا من خلق كذا حتى يقول من خلق ربك فاذا بلغه فليستعذ
کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آتا ہے شیطان تم میں سے ایک پاس اور کہتا ہے کسنے پیدا کیا یہہ کسنے پیدا کیا یہہ ۔ یہاں تک کہتا ہے کسنے پیدا کیا تیرے رب کو سو جب پہنچے اس تک پناہ مانگے

بالله ولينته متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يزال الناس يتساءلون حتى يقال هذا خلق الله الخلق فمن خلق الله
اللہ کے ساتھ اور باز رہے ۔ ق ۔ اور روایت ہے انسے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہتے ہیں لوگ پوچھا پاچھی کرتے یہاں تک کہی جاتی ہے یہہ بات پیدا کیا اللہ نے مخلوق کو تو کسنے پیدا کیا

فمن وجد من ذلك شيئا فليقل آمنت بالله ورسله متفق عليه وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما منكم من احد
سو جو شخص کہ پاوے اسمیں سے کچھ سو چاہئے کہے ایمان لایا میں اللہ پر اور اسکے رسول پر ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں تم میں سے کوئی

الا وقد وكل به قرينه من الجن وقرينه من الملائكة قالوا واياك يا رسول الله قال واياي ولكن الله اعانني عليه فاسلم فلا يأمرني
مگر کہ بیشک متعین ہوا ہے اسپر ہمنشین اسکا جنوں میں سے اور ہمنشین اسکا فرشتوں میں سے صحابہ نے عرض کیا اور آپ پر بھی یا رسول اللہ فرمایا کہ اور مجھ پر بھی لیکن اللہ نے قوت دی مجھے اسپر پھر وہ

الا بخير رواه مسلم وعن انس قال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان الشيطان يجري من الانسان مجرى الدم متفق عليه وعن
مگر نیکی ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ تحقیق شیطان دوڑتا ہے آدمی میں خون بہنے کی جگہ ۔ ق ۔ اور روایت ہے

أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ بَنِي آدَمَ مَوْلُودٌ إِلَّا يَمَسُّهُ الشَّيْطَانُ حِينَ يُولَدُ فَيَسْتَهِلُّ صَارِخًا مِنْ مَسِّ الشَّيْطَانِ غَيْرَ مَرْيَمَ

ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں کوئی بنی آدم کا لڑکا مگر چھوتا ہی اسکو شیطان جس وقت کہ پیدا ہوتا ہی پھر آواز کرتا ہی چلا کر چھونے سے شیطان کے سوا مریم

وَابْنِهَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ. وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِيَاحُ الْمَوْلُودِ حِينَ يَقَعُ نَزْغَةٌ مِنَ الشَّيْطَانِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ. وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

اور اسکے بیٹے کے ف ق ۔ اور روایت ہی انسے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چلانا لڑکے کا پیدا ہونے کے وقت کھودینے سے شیطان کے ہی ۔ ق ۔ اور روایت ہی جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ إِبْلِيسَ يَضَعُ عَرْشَهُ عَلَى الْمَاءِ ثُمَّ يَبْعَثُ سَرَايَاهُ يَفْتِنُونَ النَّاسَ فَأَدْنَاهُمْ مِنْهُ مَنْزِلَةً أَعْظَمُهُمْ فِتْنَةً يَجِيءُ أَحَدُهُمْ

صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق شیطان رکھتا ہی اپنا تخت پانی پر پھر بھیجتا ہی اپنی فوجیں کہ گمراہ کریں آدمیوں کو پھر بہت نزدیک اس لشکر کا ابلیس سے مرتبہ میں وہی جو بڑا ہی فتنہ میں ان میں کا آتا ہی ایک

فَيَقُولُ فَعَلْتُ كَذَا وَكَذَا فَيَقُولُ مَا صَنَعْتَ شَيْئًا قَالَ ثُمَّ يَجِيءُ أَحَدُهُمْ فَيَقُولُ مَا تَرَكْتُهُ حَتَّى فَرَّقْتُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ امْرَأَتِهِ قَالَ فَيُدْنِيهِ مِنْهُ وَيَقُولُ نِعْمَ أَنْتَ

پھر کہتا ہی کہ کیا میں نے ایسا اور ایسا تب کہتا ہی ابلیس کہ کچھ نکیا تو نے فرمایا پھر آتا ہی ایک انمیں کا اور کہتا ہی کہ نہیں چھوڑا میں نے اسکو یہانتک کہ جدائی ڈلوادی میں نے اسمیں اور اسکی جورو میں فرمایا پھر اپنے نزدیک کرتا ہی اور کہتا

قَالَ الْأَعْمَشُ أُرَاهُ قَالَ فَيَلْتَزِمُهُ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ. وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ أَيِسَ مِنْ أَنْ يَعْبُدَهُ الْمُصَلُّونَ فِي جَزِيرَةِ الْعَرَبِ

کہا اعمش نے گمان کرتا ہوں میں کہا پھر گلے لگاتا ہی اسے ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور انسے ہی کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق شیطان ناامید ہوا اس سے کہ پوجیں اسکو مصلی عرب کے جزیرہ میں

وَلٰكِنْ فِي التَّحْرِيشِ بَيْنَهُمْ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ إِنِّي أُحَدِّثُ نَفْسِي بِالشَّيْءِ

ولیکن ورغلانے میں ہی انکے درمیان ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہی ابن عباس سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم آیا انکے پاس ایک شخص اور کہا کہ تحقیق میں باتیں کرتا ہوں اپنے جی میں چیز

لَأَنْ أَكُونَ حُمَمَةً أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَتَكَلَّمَ بِهِ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي رَدَّ أَمْرَهُ إِلَى الْوَسْوَسَةِ. رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ. وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

کہ بیشک میں ہو جاؤں کوئلا بہت بہتر ہی میرے نزدیک بولنے میں اسکو فرمایا سب حمد اللہ کے واسطے ہی جسنے پھیر دیا اسکے کام کو وسوسہ کی طرف ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہی ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِلشَّيْطَانِ لَمَّةً بِابْنِ آدَمَ وَلِلْمَلَكِ لَمَّةً فَأَمَّا لَمَّةُ الشَّيْطَانِ فَإِيعَادٌ بِالشَّرِّ وَتَكْذِيبٌ بِالْحَقِّ وَأَمَّا لَمَّةُ الْمَلَكِ فَإِيعَادٌ بِالْخَيْرِ وَتَصْدِيقٌ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ بیشک شیطان کے واسطے تصرف ہی فرزند آدم کے ساتھ اور فرشتے کے واسطے تصرف ہی سو تصرف شیطان کا ڈرانا ہی بدی سے اور جھٹلانا حق کو اور تصرف فرشتے کا خوشخبری دینی بھلائی کے ساتھ

بِالْحَقِّ فَمَنْ وَجَدَ ذٰلِكَ فَلْيَعْلَمْ أَنَّهُ مِنَ اللّٰهِ فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ وَمَنْ وَجَدَ الْأُخْرَى فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ ثُمَّ قَرَأَ الشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَأْمُرُكُمْ

اور حق کے ساتھ پھر جسنے پایا اسکو سو جانے کہ تحقیق یہہ اللہ کی طرف سے ہی پھر چاہیے کہ حمد کرے اللہ کو اور جسنے پایا دوسرا پھر چاہیے کہ پناہ مانگے اللہ کی شیطان سے پھر پڑھی حضرت نے یہہ آیت شیطان وعدہ دیتا ہی فقر کا اور حکم کرتا

بِالْفَحْشَاءِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ. وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَزَالُ النَّاسُ يَتَسَاءَلُونَ حَتَّى يُقَالَ هٰذَا خَلَقَ اللّٰهُ

بےحیائی کا ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہی ۔ اور روایت ہی ابوہریرہ سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمیشہ رہتے ہیں لوگ پوچھا پاچھی کرتے یہانتک کہا جاتا ہی یہہ پیدا کیا اللہ نے

الْخَلْقَ فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ فَإِذَا قَالُوا ذٰلِكَ فَقُولُوا اللّٰهُ أَحَدٌ اللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ ثُمَّ لْيَتْفُلْ عَنْ يَسَارِهِ ثَلَاثًا وَلْيَسْتَعِذْ

خلق کو پھر کسنے پیدا کیا اللہ کو سو جس وقت کہیں یہہ تو کہو تم اللہ ایک ہی اللہ بےنیاز ہی نہ جنا اور نہ جنا گیا اور نہیں ہی کوئی اسکے برابر پھر چاہیے کہ تھتکارے اپنے بائیں طرف تین بار اور پناہ مانگے

بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ. رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَسَنَذْكُرُ حَدِيثَ عَمْرِو بْنِ الْأَحْوَصِ فِي بَابِ خُطْبَةِ يَوْمِ النَّحْرِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالَى.

اللہ ساتھ شیطان راندے ہوئے سے ۔ روایت کیا اسے ابوداؤد نے اور قریب ہی کہ ذکر کرینگے ہم حدیث عمرو بن احوص کی باب میں خطبہ یوم النحر کے اگر چاہا اللہ تعالی نے ۔ فصل تیسری

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يَبْرَحَ النَّاسُ يَتَسَاءَلُونَ حَتَّى يَقُولُوا هٰذَا اللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ. وَلِمُسْلِمٍ

روایت ہی انس سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہتے ہیں لوگ پوچھا پاچھی کرتے آپس میں یہانتک کہ کہتے ہیں یہہ اللہ نے پیدا کیا ہر چیز کو پھر کسنے پیدا کیا اللہ عزوجل کو ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے

قَالَ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِنَّ أُمَّتَكَ لَا يَزَالُونَ يَقُولُونَ مَا كَذَا مَا كَذَا حَتَّى يَقُولُوا هٰذَا اللّٰهُ خَلَقَ الْخَلْقَ فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ. وَعَنْ

فرمایا حضرت نے کہ فرمایا اللہ عزوجل نے تحقیق امت تیری ہمیشہ کہتی ہی کیا ہی یہہ کیا ہی یہہ یہانتک کہ کہتے ہیں یہہ اللہ نے پیدا کیا مخلوق کو پھر کسنے پیدا کیا اللہ عزوجل کو ۔ اور روایت ہی

ف یعنی اگر عبادت میں مشغول رہیگا تو محتاج ہو جائیگا ف یعنی شیطان کا ڈرانا

عثمان بن ابی العاص قال قلت یا رسول اللہ ان الشیطان قد حال بینی وبین صلوتی وبین قرائتی یلبسها علی فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

عثمان ابن ابی العاص سے کہا کہ کہا میں نے اے رسول اللہ کے تحقیق شیطان اوٹ ہوتا ہے درمیان میرے اور درمیان میری نماز کے اور درمیان قرأت کے شبہ ڈالتا ہے مجھ پر فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے

ذلک شیطان یقال لہ خنزب فاذا احسستہ فتعوذ باللہ منہ واتفل علی یسارک ثلثا ففعلت ذلک فاذھبہ اللہ عنی رواہ

یہ شیطان ہے کہا جاتا ہے اسکو خنزب سو جب معلوم کرے تو اسکو تب پناہ پکڑ اللہ کے ساتھ اس سے اور تھتکار اپنے بائیں طرف تین بار پھر کیا میں نے ایسا ہی تب دور کیا اسکو اللہ نے مجھ سے روایت کی

مسلم وعن القاسم بن محمد ان رجلا سالہ فقال انی اھم فی صلوتی فیکثر ذلک علی فقال لہ امض فی صلوتک فانہ لن

مسلم نے اور روایت ہے قاسم ابن محمد سے کہ بیشک ایک مرد نے پوچھا اس سے اور کہا کہ تحقیق میں وہم کرتا ہوں اپنی نماز میں پھر بہت ہوتا ہے یہ مجھ پر تب کہا اسکو کہ چلا جا اپنی نماز میں پھر تحقیق حال یہ ہے

یذھب ذلک عنک حتی تنصرف وانت تقول ما اتممت صلوتی رواہ مالک

جاوےگا یہ وسوسہ تجھ سے یہاں تک کہ پھرے تو نماز سے اور حال یہ کہ تو کہتا ہے کہ نہیں پوری کی میں نے اپنی نماز۔ روایت کی اسکو مالک نے

باب الایمان بالقدر

باب ایمان لانے کا تقدیر پر

الفصل الاول

فصل پہلی

عن عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتب اللہ مقادیر الخلائق قبل ان یخلق السموات والارض بخمسین الف سنۃ وکان

روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھی اللہ نے تقدیر مخلوقات کی پہلے پیدا کرنے آسمانوں اور زمین کے پچاس ہزار برس اور تھا

عرشہ علی الماء رواہ مسلم وعن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کل شیء بقدر حتی العجز والکیس رواہ مسلم وعن ابی ھریرۃ قال

عرش اسکا پانی پر روایت کی اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب چیز ساتھ تقدیر کے ہے یہاں تک کہ نادانی اور دانائی روایت کی اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احتج ادم وموسی عند ربھما فحج ادم موسی قال موسی انت ادم الذی خلقک اللہ بیدہ ونفخ فیک من

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جھگڑے آدم اور موسیٰ نزدیک پروردگار اپنے کے پھر غالب آئے آدم موسیٰ پر کہا موسیٰ نے تم آدم ہو کہ پیدا کیا تمکو اللہ نے اپنے ہاتھ اور پھونکی تم میں

روحہ واسجد لک ملائکتہ واسکنک فی جنتہ ثم اھبطت الناس بخطیئتک الی الارض قال ادم انت موسی الذی

روح اپنی سے۔ اور سجدہ کروایا تمکو اپنے فرشتوں سے اور رکھا تمکو اپنی بہشت میں پھر اتارا تم نے آدمیوں کو بسبب اپنی گناہ کے زمین میں کہا آدم نے تم موسیٰ ہو کہ

اصطفاک اللہ برسالتہ وبکلامہ واعطاک الالواح فیھا تبیان کل شیء وقربک نجیا فبکم وجدت اللہ کتب التورۃ قبل

قبول کیا تمکو اللہ نے اپنی پیغمبری کے واسطے اور اپنے کلام کے واسطے اور دیں تمکو تختیاں کہ اسمیں بیان ہر چیز کا اور نزدیک کیا تمکو بھید عرض کرنے والا سو بولو تو ساتھ کتنی مدت کے پایا تم نے اللہ کو کہ لکھی توریت پہلے

ان اخلق قال موسی باربعین عاما قال ادم فھل وجدت فیھا وعصی ادم ربہ فغوی قال نعم قال افتلومنی علی ان عملت عملا کتبہ

میرے پیدا ہونے کے کہا موسیٰ نے چالیس برس پہلے کہا آدم نے پھر کیا پایا تو نے اسمیں اور نافرمانی کی آدم نے اپنے رب کی اور راہ بھول گئے کہا ہاں کہا آدم نے کیا ملامت کرتے ہو تم مجھکو اوپر کرنے میرے کام کو لکھا اسکو

اللہ علی ان اعملہ قبل ان یخلقنی باربعین سنۃ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فحج ادم موسی رواہ مسلم وعن ابن مسعود قال حدثنا

اللہ نے مجھ پر اسکا کرنا پہلے پیدا کرنے میرے کے چالیس برس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر غالب آئے آدم موسیٰ پر روایت کی اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا حدیث کی ہم سے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو الصادق المصدوق ان خلق احدکم یجمع فی بطن امہ اربعین یوما نطفۃ ثم یکون علقۃ مثل ذلک ثم یکون

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور وہ سچے ہیں اور سچے کہے گئے ہیں بیشک پیدائش ایک تمہاری کی جمع کی جاتی ہے پیٹ میں ماں کے چالیس دن بوند منی کا پھر ہوتا ہے خون جما ہوا مثل اسی کے پھر ہوتا ہے

مضغۃ مثل ذلک ثم یبعث اللہ الیہ ملکا باربع کلمات فیکتب عملہ واجلہ ورزقہ وشقی او سعید ثم ینفخ فیہ الروح فوالذی

ٹکڑا گوشت کا مثل اسکے پھر بھیجتا ہے اللہ اسکی طرف ایک فرشتے کو ساتھ چار باتوں کے سو لکھتا ہے فرشتہ عمل اسکا اور عمر اسکی اور روزی اسکی اور یہ کہ بدبخت ہوگا یا نیکبخت ہوگا پھر پھونکی جاتی ہے اسمیں روح پھر قسم ہے

لا الہ غیرہ ان احدکم لیعمل بعمل اھل الجنۃ حتی ما یکون بینہ وبینھا الا ذراع فیسبق علیہ الکتاب فیعمل بعمل اھل النار فیدخلھا

کہ نہیں کوئی معبود سوا اسکے تحقیق ایک تمہارا البتہ عمل کرتا ہے بہشتیوں کے سے یہاں تک کہ نہیں ہوتا درمیان اسکے اور درمیان بہشت کے مگر ایک ہاتھ پھر غلبہ کرتی ہے اس پر نوشتہ تقدیر کا پھر عمل کرتا ہے دوزخیوں کا سا پھر داخل ہوتا ہے دوزخ میں

وَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ حَتَّى مَا يَكُونُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا إِلَّا ذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَدْخُلُهَا مُتَّفَقٌ

اور تحقیق ایک تم میں کا بیشک کرتا ہے کام دوزخیوں کے سے یہاں تک کہ نہیں ہوتا درمیان اسکے اور درمیان دوزخ کے مگر ہاتھ بھر پھر غلبہ کرتی ہے اس پر نوشت تقدیر کی پھر کرتا ہے کام بہشتیوں کے سے اور داخل ہوتا ہے بہشت میں

عَلَيْهِ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْعَبْدَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ النَّارِ وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَإِنَّهُ مِنْ

ق ۔ اور روایت ہے سہل ابن سعد سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بندہ بیشک کرتا ہے کام دوزخیوں کا اور تحقیق وہ بہشتیوں میں سے ہے اور کرتا ہے کام بہشتیوں کے سے اور تحقیق وہ

أَهْلِ النَّارِ وَإِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيمِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دُعِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى جَنَازَةِ صَبِيٍّ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقُلْتُ

دوزخیوں میں سے ہے اور نہیں ہے اعتبار عمل کا مگر ساتھ خاتمہ کے۔ ق ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ بلائے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنازے کی طرف لڑکے کے انصار میں سے پس کہا میں نے

يَا رَسُولَ اللّٰهِ طُوبَى لِهَذَا عُصْفُورٌ مِنْ عَصَافِيرِ الْجَنَّةِ لَمْ يَعْمَلِ السُّوءَ وَلَمْ يُدْرِكْهُ فَقَالَ أَوَغَيْرَ ذَلِكَ يَا عَائِشَةُ إِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ

یا رسول اللہ خوشحالی ہے اسکے واسطے کہ چڑیا ہے چڑیوں میں سے بہشت کی نہیں کی اُسنے برائی اور نہ پہنچا وہ برائی کو تب فرمایا حضرت نے یا سوا اسکے۔ اے عائشہ تحقیق اللہ نے پیدا کیا

لِلْجَنَّةِ أَهْلًا خَلَقَهُمْ لَهَا وَهُمْ فِي أَصْلَابِ آبَائِهِمْ وَخَلَقَ لِلنَّارِ أَهْلًا خَلَقَهُمْ لَهَا وَهُمْ فِي أَصْلَابِ آبَائِهِمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

بہشت کے واسطے لوگوں کو پیدا کیا ان کو اسکے واسطے اور وے پشتوں میں تھے اپنے باپوں کی اور پیدا کیا دوزخ کے واسطے لوگوں کو پیدا کیا انکو اسکے واسطے اور وے پشتوں میں تھے اپنے باپوں کی۔ روایت کیا اسکو مسلم نے

وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَقَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ وَمَقْعَدُهُ مِنَ الْجَنَّةِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَفَلَا

اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے تم میں سے کوئی مگر تحقیق لکھا گیا ہے ٹھکانا اسکا آگ میں اور ٹھکانا اسکا بہشت میں عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ کیا نہ

نَتَّكِلُ عَلَى كِتَابِنَا وَنَدَعُ الْعَمَلَ قَالَ اعْمَلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ أَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ فَسَيُيَسَّرُ لِعَمَلِ السَّعَادَةِ وَأَمَّا مَنْ كَانَ

بھروسا کریں ہم اپنے لکھے پر اور چھوڑ دیں عمل کو فرمایا عمل کرو پھر ہر ایک توفیق دیا گیا ہے اس چیز کے واسطے کہ پیدا کیا گیا ہے اسکے واسطے لیکن جو کوئی ہے نیکبختی والوں میں سے سو توفیق دیا جاتا ہے نیکبختی کے کام کے واسطے اور

مِنْ أَهْلِ الشَّقَاوَةِ فَسَيُيَسَّرُ لِعَمَلِ الشَّقَاوَةِ ثُمَّ قَرَأَ فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى الْآيَةَ

بدبختی والوں میں سے سو توفیق دیا جاتا ہے بدبختی کے کام کے واسطے بعد اسکے پڑھی یہ آیت پھر لیکن جسنے دیا اور پرہیزگاری کی اور سچ جانا اچھی بات کو۔ سو البتہ توفیق دینگے ہم آسانی کی

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلَى ابْنِ آدَمَ حَظَّهُ مِنَ الزِّنَا أَدْرَكَ ذَلِكَ لَا

ق ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ تعالی نے لکھا ہے پر آدم کے حصہ اسکا زنا سے کہ پہنچیگا اسکو

مَحَالَةَ فَزِنَا الْعَيْنِ النَّظَرُ وَزِنَا اللِّسَانِ الْمَنْطِقُ وَالنَّفْسُ تَمَنَّى وَتَشْتَهِي وَالْفَرْجُ يُصَدِّقُ ذَلِكَ وَيُكَذِّبُهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ

بے فرق۔ پھر زنا آنکھ کا دیکھنا ہے۔ اور زنا زبان کا بولنا ہے۔ اور جی آرزو کرتی ہے اور خواہش کرتی ہے اور شرمگاہ سچا کرتی ہے اسکو یا جھوٹھا کرتی ہے اسکو۔ ق۔ ن۔ اور

لِمُسْلِمٍ قَالَ كُتِبَ عَلَى ابْنِ آدَمَ نَصِيبُهُ مِنَ الزِّنَا مُدْرِكٌ ذَلِكَ لَا مَحَالَةَ الْعَيْنَانِ زِنَاهُمَا النَّظَرُ وَالْأُذُنَانِ زِنَاهُمَا الِاسْتِمَاعُ وَاللِّسَانُ

مسلم کی ایک روایت میں ہے فرمایا حضرت نے لکھا گیا ہے آدم کے بیٹے پر حصہ اسکا زنا سے پانیوالا ہے اسکو مقرر دونوں آنکھیں زنا انکا دیکھنا اور دونوں کان زنا انکا سننا اور زبان

زِنَاهُ الْكَلَامُ وَالْيَدُ زِنَاهَا الْبَطْشُ وَالرِّجْلُ زِنَاهَا الْخُطَا وَالْقَلْبُ يَهْوَى وَيَتَمَنَّى وَيُصَدِّقُ ذَلِكَ الْفَرْجُ وَيُكَذِّبُهُ وَعَنْ

زنا اسکا بولنا اور ہاتھ زنا اسکا پکڑنا ہے۔ اور پاؤں زنا اسکا قدم رکھنا ہے۔ اور دل خواہش کرتا ہے اور آرزو کرتا ہے اور سچا کرتی ہے اسکو شرمگاہ اور جھٹلاتی ہے اسکو۔ اور روایت

عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَجُلَيْنِ مِنْ مُزَيْنَةَ قَالَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ مَا يَعْمَلُ النَّاسُ الْيَوْمَ وَيَكْدَحُونَ فِيهِ أَشَيْءٌ قُضِيَ عَلَيْهِمْ وَ

عمران حصین کے بیٹے سے ہے کہ دو شخص نے قوم مزینہ سے کہا یا رسول اللہ خبر دو ہمکو اس چیز کی کہ کرتے ہیں لوگ آج کے دن۔ اور محنت کرتے ہیں بیچ اسکے کیا ایک چیز ہے مقدر کی گئی

مَضَى فِيهِمْ مِنْ قَدَرٍ سَبَقَ أَوْ فِيمَا يُسْتَقْبَلُونَ بِهِ مِمَّا أَتَاهُمْ بِهِ نَبِيُّهُمْ وَثَبَتَتِ الْحُجَّةُ عَلَيْهِمْ فَقَالَ لَا بَلْ شَيْءٌ قُضِيَ عَلَيْهِمْ

میں تقدیر سے ہو چکی یا اس چیز میں ہے کہ آگے کرتے ہیں اُسے ان چیزوں میں سے کہ لایا ان کے پاس اسکو انکا نبی اور ثابت ہوئی دلیل ان پر۔ فرمایا نہیں بلکہ ایک چیز مقدر کی گئی

وَمَضٰى فِيْهِمْ وَتَصْدِيْقُ ذٰلِكَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

اور گذر گئی انمیں ۔ ف ۔ اور مطابق ہے کتاب میں اللہ عزوجل کی یہ قسم ہے جان کی اور جسنے اسکو ٹھیک بنایا پھر جی میں ڈالی بدکاری اسکی اور پرہیزگاری اسکی ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت

قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ رَجُلٌ شَابٌّ وَّاَنَا اَخَافُ عَلٰى نَفْسِي الْعَنَتَ وَلَا اَجِدُ مَا اَتَزَوَّجُ بِهِ النِّسَاءَ كَاَنَّهٗ يَسْتَاْذِنُهٗ فِي

کہا کہ کہا میں نے یا رسول اللہ بیشک میں مرد جوان ہوں اور میں ڈرتا ہوں اپنی جان پر زنا سے اور نہیں پاتا ہوں وہ چیز کہ نکاح کروں اسکے سبب عورتوں سے گویا کہ پروانگی مانگتے تھے حضرت سے

الْاِخْتِصَاءِ قَالَ فَسَكَتَ عَنِّيْ ثُمَّ قُلْتُ مِثْلَ ذٰلِكَ فَسَكَتَ عَنِّيْ ثُمَّ قُلْتُ مِثْلَ ذٰلِكَ فَسَكَتَ عَنِّيْ ثُمَّ قُلْتُ مِثْلَ ذٰلِكَ

خوجہ ہونے کی کہا ابوہریرہ نے پھر چپ رہے حضرت میرے پوچھنے سے پھر کہا میں نے ویسا ہی پھر سکوت کیا آپ نے میرے پوچھنے سے پھر کہا میں نے ویسا ہی پھر سکوت کیا حضرت نے میرے پوچھنے سے پھر کہا میں نے ویسا ہی

فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا اَنْتَ لَاقٍ فَاخْتَصِ عَلٰى ذٰلِكَ اَوْ ذَرْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اے ابو ہریرہ خشک ہوا قلم ساتھ اس چیز کے کہ تو ملنے والا ہے ۔ پھر خوجہ ہو جا اس پر یا چھوڑ دے ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن

عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ قُلُوْبَ بَنِيْ اٰدَمَ كُلَّهَا بَيْنَ اِصْبَعَيْنِ مِنْ اَصَابِعِ الرَّحْمٰنِ كَقَلْبٍ وَّاحِدٍ يُّصَرِّفُهٗ

عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تحقیق دل بنی آدم کے سب درمیان دو انگلیوں کے ہیں رحمن کی انگلیوں میں سے مانند ایک دل کے پھیرتا ہے اسکو

كَيْفَ يَشَاءُ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

جسطرح چاہتا ہے پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یا الہی پھیرنے والے دلوں کے پھیر ہمارے دلوں کو اپنی بندگی پر ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے

اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مَّوْلُوْدٍ اِلَّا يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهٖ اَوْ يُنَصِّرَانِهٖ اَوْ يُمَجِّسَانِهٖ

ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی پیدا کیا گیا مگر پیدا کیا جاتا ہے فطرت پر ۔ پھر ماں باپ اسکے یہودی کر دیتے ہیں اسکو یا نصاری کر دیتے ہیں یا مجوسی کر دیتے ہیں

كَمَا تُنْتَجُ الْبَهِيْمَةُ بَهِيْمَةً جَمْعَاءَ هَلْ تُحِسُّوْنَ فِيْهَا مِنْ جَدْعَاءَ ثُمَّ يَقُوْلُ فِطْرَةَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ

جیسا کہ بچہ دیتا ہے چارپایہ پورا چارپایہ بھلا معلوم کرتے ہو اسمیں کچھ نقصان ۔ پھر پڑھی یہ آیت لازم پکڑو اللہ کی پیدائش کو وہ پیدائش کہ پیدا کیا لوگوں کو اسپر تبدیل نہیں اللہ کی پیدائش کو یہ ہی

الدِّيْنُ الْقَيِّمُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَامَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَنَامُ وَلَا

دین درست ہے ۔ اور روایت ہے ابی موسی سے کہا کہ خطبہ فرمایا ہمارے بیچ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ پانچ باتوں کے اور فرمایا کہ تحقیق اللہ نہیں سوتا اور نہیں

يَنْبَغِيْ لَهٗ اَنْ يَّنَامَ يَخْفِضُ الْقِسْطَ وَيَرْفَعُهٗ يُرْفَعُ اِلَيْهِ عَمَلُ اللَّيْلِ قَبْلَ عَمَلِ النَّهَارِ وَعَمَلُ النَّهَارِ قَبْلَ عَمَلِ اللَّيْلِ حِجَابُهُ النُّوْرُ

لائق ہے اسکو کہ سووے پست کرتا ہے ترازو کو اور بلند کرتا ہے اسکو ۔ اٹھائے جاتے ہیں اسکی طرف عمل رات کے پہلے دن کے عمل کے اور عمل دن کے پہلے رات کے عمل کے پردہ اسکا نور ہے

لَوْ كَشَفَهٗ لَاَحْرَقَتْ سُبُحَاتُ وَجْهِهٖ مَا انْتَهٰى اِلَيْهِ بَصَرُهٗ مِنْ خَلْقِهٖ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اگر کھولے اسکو بیشک جلاویں نور اسکی ذات کے جہاں تک پہنچے اسکی طرف نگاہ اسکی مخلوقات میں سے ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدُ اللّٰهِ مَلْاٰى لَا تَغِيْضُهَا نَفَقَةٌ سَحَّاءُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ اَرَاَيْتُمْ مَا اَنْفَقَ مُذْ خَلَقَ السَّمَاءَ وَالْاَرْضَ فَاِنَّهٗ لَمْ يَغِضْ

علیہ وسلم نے ہاتھ اللہ کا بھرا ہوا ہے نہیں کم کرتا اسکو خرچ کرنا بہت دینے والا رات اور دن میں خبر دو مجھے کس قدر خرچ کیا جب سے کہ پیدا کیا آسمان اور زمین پھر بیشک حال یہ ہے کہ نہیں کم ہوئی

مَا فِيْ يَدِهٖ وَكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَاءِ وَبِيَدِهِ الْمِيْزَانُ يَخْفِضُ وَيَرْفَعُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ يَمِيْنُ اللّٰهِ مَلْاٰى قَالَ ابْنُ

وہ چیز کہ اسکے ہاتھ میں ہے ۔ اور تھا عرش اسکا پانی پر اور اسکے ہاتھ میں ہے ترازو پست کرتا ہے اور بلند کرتا ہے ۔ ق ۔ اور ایک روایت میں مسلم کی یہ ہے داہنا ہاتھ اللہ کا بھرا ہوا ہے

نُمَيْرٍ مَلْاٰنُ سَحَّاءُ لَا يَغِيْضُهَا شَيْءٌ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَعَنْهُ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَرَارِيِّ الْمُشْرِكِيْنَ قَالَ اللّٰهُ اَعْلَمُ

نمیر نے ۔ بھرا ہے خوب دینے والا ہے نہیں کم کرتی اسکو کوئی چیز رات اور دن میں ۔ اور روایت ہے انہیں سے کہا کہ پوچھے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اولاد مشرکوں کی فرمایا اللہ کو خوب خبر ہے

بما کانوا عاملین متفق علیہ ❊ الفصل الثانی ❊ عن عبادة بن الصامت قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان اول ما خلق الله القلم فقال له اکتب قال ما

اُن چیزوں کی جو وہ کرنے ہیں ❊ ق ❊ فصل دوسری ❊ روایت ہے عبادہ ابن صامت سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک پہلے وہ چیز کہ پیدا کیا اللہ نے قلم ہے پھر کہا اسکو لکھ کہا اُسنے کیا

اکتب قال اکتب القدر فکتب ما کان وما هو کائن الی الابد رواه الترمذی وقال هذا حدیث غریب اسنادا ❊ وعن مسلم بن

لکھوں فرمایا لکھ تو تقدیر تب لکھا اُسنے جو چیز کہ ہو چکی اور جو چیز ہونے والی ہے ہمیشہ تک ❊ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے سند کے سبب ❊ اور روایت ہے مسلم ابن

یسار قال سئل عمر بن الخطاب عن هذه الآیة واذ اخذ ربک من بنی آدم من ظهورهم ذریتهم الآیة قال عمر سمعت رسول الله

یسار سے کہا کہ سوال کئے گئے عمر ابن خطاب اس آیت سے ❊ اور جب نکالا تیرے پروردگار نے بنی آدم سے انکی پیٹھوں میں سے اولاد انکی آخر آیت تک ❊ کہا حضرت عمر نے سنا میں نے رسول اللہ

صلی الله علیه وسلم یسئل عنها فقال ان الله خلق آدم ثم مسح ظهره بیمینه فاستخرج منه ذریة فقال خلقت هؤلاء للجنة

صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ سوال کئے گئے تھے اس آیت سے تب فرمایا کہ بیشک اللہ نے پیدا کیا آدم کو پھر پھیرا اسکی پیٹھ پر داہنا ہاتھ اپنا اور نکالا اسمیں سے اولاد کو پھر فرمایا کہ پیدا کیا میں نے انکو بہشت کے واسطے

وبعمل اهل الجنة یعملون ثم مسح ظهره فاستخرج منه ذریة فقال هؤلاء للنار وبعمل اهل النار یعملون فقال رجل ففیم العمل یا

اور عمل بہشتیوں کا یہہ کرینگے پھر ہاتھ پھیرا اسکی پیٹھ پر اور نکالی اسمیں سے اولاد اسکی اور فرمایا پیدا کیا میں نے انکو دوزخ کے واسطے اور عمل دوزخیوں کے یہہ کرینگے تب عرض کیا ایک شخص نے پھر کس واسطے عمل کریں یا

رسول الله فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الله تعالی اذا خلق العبد للجنة استعمله بعمل اهل الجنة حتی یموت علی عمل من اعمال

رسول اللہ تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ تعالیٰ جب پیدا کرتا ہے بندے کو بہشت کے واسطے کرواتا ہے اُس سے کام بہشتیوں کے یہاں تک کہ مرتا ہے عمل پر

اهل الجنة فیدخله به الجنة واذا خلق العبد للنار استعمله بعمل اهل النار حتی یموت علی عمل من اعمال اهل النار فیدخله به النار

بہشتیوں کے عملوں میں سے پھر داخل کرتا ہے اسکو اسکے سبب بہشت میں اور جب پیدا کرتا ہے بندے کو دوزخ کے واسطے کرواتا ہے اس سے کام دوزخیوں کے یہاں تک کہ مرتا ہے عمل پر دوزخیوں کے عملوں میں سے پھر داخل کرتا ہے اسکو اسکے سبب آگ

رواه مالک والترمذی وابو داود ❊ وعن عبد الله بن عمرو قال خرج رسول الله صلی الله علیه وسلم وفی یدیه کتابان فقال

روایت کیا اسکو مالک اور ترمذی اور ابو داؤد نے ❊ اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو سے کہا کہ گھر سے نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کے ہاتھوں میں دو کتابیں تھیں سو فرمایا

اتدرون ما هذان الکتابان قلنا لا یا رسول الله الا ان تخبرنا فقال للذی فی یده الیمنی هذا کتاب من رب العالمین فیه اسماء

کیا جانتے ہو تم کیا ہیں یہہ دو کتابیں عرض کیا ہمنے نہیں یا رسول اللہ لیکن جو آپ خبر دیں ہمکو تب فرمایا اسکو جو داہنے ہاتھ میں تھی اُن کے یہہ کتاب ہے پروردگار عالم کے پاس سے اسمیں ہیں نام

اهل الجنة واسماء آبائهم وقبائلهم ثم اجمل علی آخرهم فلا یزاد فیهم ولا ینقص منهم ابدا ثم قال للذی فی شماله هذا

بہشتیوں کے اور نام اُن کے باپ کے اور انکی قوم کے پھر ٹھیک دیا گیا ہے اُن کے آخر تک ❊ پھر نہ زیادہ کیا جاتا ہے انمیں اور نہ کم کیا جاتا ہے انمیں ہمیشہ کو پھر فرمایا اُس کتاب کے واسطے جو اُن کے بائیں

کتاب من رب العالمین فیه اسماء اهل النار واسماء آبائهم وقبائلهم ثم اجمل علی آخرهم فلا یزاد فیهم ولا ینقص منهم ابدا

کتاب ہے رب العالمین کے پاس سے اسمیں ہیں نام دوزخیوں کے اور نام اُن کے باپوں کے اور انکی قوم کے پھر ٹھیک دیا گیا ہے اُن کے آخر پر پھر نہ زیادہ کیا جاتا انمیں اور نہ کم کیا جاتا انمیں سے کبھی

فقال اصحابه ففیم العمل یا رسول الله ان کان امر قد فرغ منه فقال سددوا وقاربوا فان صاحب الجنة یختم له بعمل اهل الجنة

تب عرض کیا اُن کے اصحاب نے پھر کس واسطے عمل کریں یا رسول اللہ اگر یہہ بات ہو کہ بیشک فراغت ہو گئی اُس سے تب فرمایا مضبوط کرو اپنے عمل اور نزدیکی ڈھونڈو پھر بیشک بہشتی ختم کیا جاتا ہے اسکے واسطے کام بہشتیوں کا

وان عمل ای عمل وان صاحب النار یختم له بعمل اهل النار وان عمل ای عمل ثم قال رسول الله صلی الله علیه وسلم بیدیه فنبذهما ثم

اگرچہ کام کرے وہ کسی طرح کے اور بیشک دوزخی ختم کیا جاتا ہے اُسکے واسطے کام دوزخیوں کا اگرچہ کام کرے کسی طرح کے پھر اشارہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں سے پھر

قال فرغ ربکم من العباد فریق فی الجنة وفریق فی السعیر رواه الترمذی ❊ وعن ابی خزامة عن ابیه قال قلت یا رسول الله ارأیت

فرمایا کہ فارغ ہوا پروردگار تمہارا بندوں کے کام سے ایک جماعت بہشت میں اور ایک جماعت دوزخ میں ❊ روایت کیا اسکو ترمذی نے ❊ اور روایت ہے ابی خزامہ سے وہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے کہا کہ کہا میں نے یا رسول اللہ خبر دیجئے مجھکو

رُقًى نَسْتَرْقِيهَا وَدَوَاءً نَتَدَاوَى بِهِ وَتُقَاةً نَتَّقِيهَا هَلْ تَرُدُّ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ شَيْئًا قَالَ هِيَ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ رَوَاهُ أَحْمَدُ

منتر (کہ پڑھوائے ہیں ہم اسکو اور دوا کہ دوا کرواتے ہم اس سے اور بچاؤ کی بعد کہ بچتے ہیں ہم اس سے پھیر دیتی ہیں اسکی تقدیر سے کچھ فرمایا کہ یہ چیزیں بھی اللہ کی تقدیر سے ہیں روایت کیا اسکو احمد

وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَتَنَازَعُ فِي الْقَدَرِ فَغَضِبَ

اور ترمذی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ تشریف لائے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ہم بحث کر رہے تھے تقدیر میں سو غصہ ہوئے

حَتَّى احْمَرَّ وَجْهُهُ حَتَّى كَأَنَّمَا فُقِئَ فِي وَجْنَتَيْهِ حَبُّ الرُّمَّانِ فَقَالَ أَبِهٰذَا أُمِرْتُمْ أَمْ بِهٰذَا أُرْسِلْتُ إِلَيْكُمْ إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ

یہاں تک کہ سرخ ہوا چہرہ مبارک انکا یہاں تک کہ گویا نچوڑے گئے ہیں آنحضرت کے رخساروں میں دانے انار کے اور فرمایا کیا اس چیز کے لئے حکم کئے گئے ہو تم یا اسکے لئے بھیجا گیا ہوں میں تمہاری طرف بیشک ہلاک ہوئے جو

قَبْلَكُمْ حِينَ تَنَازَعُوا فِي هٰذَا الْأَمْرِ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ أَلَّا تَنَازَعُوا فِيهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ نَحْوَهُ عَنْ عَمْرِو بْنِ

پہلے تھے تم سے جب بحث کرنے لگے اس امر میں ف ۔ قسم دیتا ہوں میں تمکو قسم دیتا ہوں میں تمکو کہ نہ بحث کیا کرو تم اسمیں ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کی ابن ماجہ نے مانند اسکے عمرو بن

شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ آدَمَ مِنْ قَبْضَةٍ

شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے ف ۔ اور روایت ہے ابو موسیٰ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے تحقیق اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا آدم کو ایک مٹھی خاک سے

قَبَضَهَا مِنْ جَمِيعِ الْأَرْضِ فَجَاءَ بَنُو آدَمَ عَلَى قَدْرِ الْأَرْضِ مِنْهُمُ الْأَحْمَرُ وَالْأَبْيَضُ وَالْأَسْوَدُ وَبَيْنَ ذٰلِكَ وَالسَّهْلُ وَالْحَزْنُ

کہ لیا اسکو سب طرح کی زمین میں سے پھر پیدا ہوئی اولاد آدم کی زمین کے انداز پر بعضے انمیں سے سرخ اور بعضے سفید اور بعضے سیاہ اور بعضے بیچ میں اسکے اور بعضے نرم خو اور بعضے سخت

وَالْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اور بعضے ناپاک اور بعضے پاک روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے عبداللہ ابن عمرو سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى خَلَقَ خَلْقَهُ فِي ظُلْمَةٍ فَأَلْقَى عَلَيْهِمْ مِنْ نُورِهِ فَمَنْ أَصَابَهُ مِنْ ذٰلِكَ النُّورِ اهْتَدَى وَمَنْ أَخْطَأَهُ

علیہ وسلم کو فرماتے تھے تحقیق اللہ تعالیٰ نے پیدا کی خلقت اپنی اندھیری میں پھر ڈالا ان پر اپنا نور پھر جسکو پہنچا اُس نور میں سے اُس نے راہ پائی اور جسکو نہ پہنچا وہ نور

ضَلَّ فَلِذٰلِكَ أَقُولُ جَفَّ الْقَلَمُ عَلَى عِلْمِ اللّٰهِ تَعَالَى رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

گمراہ ہوا پھر اسواسطے کہتا ہوں میں کہ خشک ہوا قلم علم پر اللہ تعالیٰ کے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

وَسَلَّمَ يُكْثِرُ أَنْ يَقُولَ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ فَقُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ آمَنَّا بِكَ وَبِمَا جِئْتَ بِهِ فَهَلْ تَخَافُ

وسلم کہ اکثر یہ فرماتے اے پھیرنے والے دلوں کے ثابت رکھ میرا دل اپنے دین پر پھر کہا میں نے اے نبی خدا کے ایمان لائے ہم ساتھ تمہارے اور ساتھ اس چیز کے کہ لائے آپ اسکو پھر کیا ڈرتے ہیں

عَلَيْنَا قَالَ نَعَمْ إِنَّ الْقُلُوبَ بَيْنَ إِصْبَعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ اللّٰهِ يُقَلِّبُهَا كَيْفَ يَشَاءُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ أَبِي مُوسَى

ہمارے حق میں ف ۔ فرمایا کہ ہاں تحقیق دل دو انگلیوں میں ہیں اللہ کی انگلیوں میں سے پھیرتا ہے انکو جسطرح چاہتا ہے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابی موسیٰ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْقَلْبِ كَرِيشَةٍ بِأَرْضِ فَلَاةٍ يُقَلِّبُهَا الرِّيَاحُ ظَهْرًا لِبَطْنٍ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ عَلِيٍّ

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مثل دل کی ف ۔ مانند پر کے ہے بیچ زمین میں کہ پھیرتی ہیں اسکو باویں پیٹھ سے پیٹ کی طرف روایت کیا اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے علی سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى يُؤْمِنَ بِأَرْبَعٍ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ بَعَثَنِي بِالْحَقِّ وَيُؤْمِنُ

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں مومن ہوتا کوئی بندہ یہاں تک کہ ایمان لاوے چار چیزوں کے ساتھ گواہی دے اسکی کہ نہیں کوئی معبود حق مگر اللہ اور میں بھیجا ہوا اللہ کا ہوں بھیجا ہے مجھکو ساتھ حق کے اور ایمان لاوے

بِالْمَوْتِ وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَيُؤْمِنُ بِالْقَدَرِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

ساتھ مرنے کے اور ایمان لاوے زندہ ہونے پر پیچھے مرنے کے اور ایمان لاوے ساتھ تقدیر کے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِنْفَانِ مِنْ اُمَّتِيْ لَيْسَ لَهُمَا فِي الْاِسْلَامِ نَصِيْبٌ اَلْمُرْجِئَةُ وَالْقَدَرِيَّةُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا
صلی اللہ علیہ وسلم نے دو فرقے ہیں میری امت میں نہیں ہے ان کے واسطے اسلام میں کچھ حصہ ایک تو مرجیہ ہے دوسرا قدریہ ۔ ف ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا کہ یہ

حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَكُوْنُ فِيْ اُمَّتِيْ خَسْفٌ وَمَسْخٌ وَذٰلِكَ فِي
حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے ہوگا میری امت میں زمین میں دھنس جانا اور صورت کا بدل جانا اور ہوگا یہ

الْمُكَذِّبِيْنَ بِالْقَدَرِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهٗ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْقَدَرِيَّةُ
ان لوگوں میں کہ جھٹلانے والے ہیں تقدیر کے ۔ ف ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت کی ترمذی نے مانند اسکی ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قدریہ

مَجُوْسُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اِنْ مَرِضُوْا فَلَا تَعُوْدُوْهُمْ وَاِنْ مَاتُوْا فَلَا تَشْهَدُوْهُمْ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ
مجوس ہیں اس امت کے ۔ ف ۔ اگر مریض ہوں تو عیادت نکرو انکی اور اگر مریں تو حاضر نہو ان کے جنازے پر ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے حضرت عمر سے کہا کہ فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُجَالِسُوْا اَهْلَ الْقَدَرِ وَلَا تُفَاتِحُوْهُمْ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ ہمنشینی کرو اہل قدر سے (یعنے فرقہ قدریہ سے) اور نہ حاکم بناؤ انکو ۔ ف ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے

قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةٌ لَعَنْتُهُمْ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ وَكُلُّ نَبِيٍّ يُجَابُ اَلزَّائِدُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ وَالْمُكَذِّبُ بِقَدَرِ اللّٰهِ
کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھ طرح کے شخص ہیں کہ لعنت کرتا ہوں میں انکو لعنت کرے ان کو اللہ اور جو نبی ہے مستجاب الدعوات ہے ۔ پہلا وہ جو زیادہ کرے اللہ کی کتاب میں دوسرا وہ جو جھٹلانے والا ہو تقدیر کو

وَالْمُتَسَلِّطُ بِالْجَبَرُوْتِ لِيُعِزَّ مَنْ اَذَلَّهُ اللّٰهُ وَيُذِلَّ مَنْ اَعَزَّهُ اللّٰهُ وَالْمُسْتَحِلُّ لِحَرَمِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَحِلُّ مِنْ عِتْرَتِيْ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَالتَّارِكُ
تیسرا وہ کہ غالب ہو جاوے زبردستی کے تاکہ عزت دے جسکو ذلیل کیا اللہ نے اور ذلیل کرے جسکو عزیز کیا اللہ نے ۔ ف ۔ اور چوتھا وہ کہ حلال کرے اللہ کے حرم کو ۔ ف ۔ اور پانچواں وہ کہ حلال جانے میری اولاد میں

لِسُنَّتِيْ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الْمَدْخَلِ وَرَزِيْنٌ فِيْ كِتَابِهٖ وَعَنْ مَطَرِ بْنِ عُكَامِسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا
میری سنت کا ۔ ف ۔ روایت کیا اسکو بیہقی نے مدخل میں اور رزین نے اپنی کتاب میں ۔ اور روایت ہے مطر ابن عکامس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت

قَضَى اللّٰهُ لِعَبْدٍ اَنْ يَّمُوْتَ بِاَرْضٍ جَعَلَ لَهٗ اِلَيْهَا حَاجَةً رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ
مقدر کرتا ہے اللہ کسی بندے کے واسطے مرنا کسی زمین میں مقرر کرتا ہے اسکے لئے اس زمین کی طرف کوئی حاجت ۔ ف ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ

قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ذَرَارِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَ مِنْ اٰبَائِهِمْ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بِلَا عَمَلٍ قَالَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ قُلْتُ
کہا میں نے ای رسول اللہ کے اولاد مسلمانوں کی ۔ ف ۔ فرمایا تابع ہیں اپنے باپوں کے ۔ ف ۔ پھر کہا میں نے یا رسول اللہ بغیر عمل کے فرمایا اللہ خوب جانتا ہے اس چیز کو جو وہ کرنے والے

فَذَرَارِيُّ الْمُشْرِكِيْنَ قَالَ مِنْ اٰبَائِهِمْ فَقُلْتُ بِلَا عَمَلٍ قَالَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ
پھر اولاد مشرکوں کی فرمایا یہ بھی تابع ہیں اپنے باپوں کے تب کہا میں نے بغیر عمل کے فرمایا اللہ خوب جانتا ہے اس چیز کو جو وہ کرنے والے ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْوَائِدَةُ وَالْمَوْءُوْدَةُ فِي النَّارِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ
کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زندہ لڑکی کو گاڑنے والی عورت اور لڑکی زندہ گاڑی گئی دونوں دوزخ میں ہیں ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ ف ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے ابی درداء سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فَرَغَ اِلٰى كُلِّ عَبْدٍ مِّنْ خَلْقِهٖ مِنْ خَمْسٍ مِّنْ اَجَلِهٖ وَعَمَلِهٖ وَمَضْجَعِهٖ
کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق اللہ عزوجل فارغ ہوا ہر بندے کی طرف اپنی مخلوقات سے پانچ چیزوں سے اسکی اجل سے اور اسکے عمل سے اور اسکے رہنے

وَاَثَرِهٖ وَرِزْقِهٖ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ
اور اسکے پھرنے کی جگہ سے اور اسکی روزی سے ۔ روایت کیا اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ جو شخص

ف مجوس کی تشبیہ اسواسطے فرمایا کہ قدریہ بندے کو اپنے کام کا خالق جانتے ہیں تو دو خالق ٹھہرے ایک بندے کا اور ایک بندے کے کام کا اور یہی حال مجوس کا ہے وے بھی دو خالق کہتے ہیں ایک یزدان نیکی کا پیدا کرنیوالا اور دوسرا اہرمن بدی کا پیدا کرنیوالا ۔ ف یعنے انکے ۔۔۔ [illegible]

تَكَلَّمَ فِي شَيْءٍ مِنَ الْقَدَرِ يُسْئَلُ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ لَمْ يَتَكَلَّمْ فِيْهِ لَمْ يُسْئَلْ عَنْهُ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنِ ابْنِ الدَّيْلَمِيِّ قَالَ اَتَيْتُ اُبَيَّ

کلام کریگا کچھ تقدیر میں پوچھا جاویگا اُس سے قیامت کے دن اور جو شخص کہ کلام نہ کریگا اُسمیں نہ سوال کیا جاویگا اُس سے۔ روایت کیا اُسکو ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابن الدیلمی سے کہا کہ آیا میں اُبی

بْنَ كَعْبٍ فَقُلْتُ لَهُ قَدْ وَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ شَيْءٌ مِنَ الْقَدَرِ فَحَدِّثْنِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يُذْهِبَهُ مِنْ قَلْبِيْ فَقَالَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ عَذَّبَ اَهْلَ سَمٰوَاتِهِ وَ

ابن کعب کے پاس اور کہا میں نے اُن سے تحقیق گذرا ہے میرے دل میں کچھ شبہہ تقدیر میں سو حدیث بیان کرو مجھ سے شاید اللہ تعالیٰ دور کرے اُس شبہے کو میرے دل سے تب کہا انھوں نے اگر تحقیق اللہ تعالیٰ عذاب کرے آسمان والوں کو اور

اَهْلَ اَرْضِهِ عَذَّبَهُمْ وَهُوَ غَيْرُ ظَالِمٍ لَهُمْ وَلَوْ رَحِمَهُمْ كَانَتْ رَحْمَتُهُ خَيْرًا لَهُمْ مِنْ اَعْمَالِهِمْ وَلَوْ اَنْفَقْتَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

زمین والوں کو عذاب کرے انکو اور وہ نہیں ظلم کرنے والا انکے واسطے اور اگر رحمت کرے انکو ہو رحمت اسکی بہتر واسطے انکے انکے عملوں سے اور اگر خرچ کرے تو مانند احد کی سونا اللہ کی راہ میں

مَا قَبِلَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْكَ حَتّٰى تُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ وَتَعْلَمَ اَنَّ مَا اَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ وَاَنَّ مَا اَخْطَاَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيْبَكَ وَلَوْ مُتَّ عَلٰى

نہ قبول کریگا اسکو اللہ تعالیٰ تجھ سے جب تک ایمان نہ لاویگا تو ساتھ تقدیر کے اور جب تک کہ جانے تو یہہ کہ جو چیز پہنچی تجھکو نہ تھی کہ خطا کرتی تجھ سے اور تحقیق جس چیز نے خطا کی تجھ سے نہ تھی کہ پہنچتی تجھکو اور اگر

غَيْرِ هٰذَا لَدَخَلْتَ النَّارَ قَالَ ثُمَّ اَتَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ قَالَ ثُمَّ اَتَيْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ اَتَيْتُ

اسکے سوا اور پر مرا اعتقاد پر البتہ داخل ہوئے تو آگ میں کہا ابن دیلمی نے پھر آیا میں عبد اللہ ابن مسعود کے پاس اور کہا مانند اسکی کہا ابن دیلمی نے پھر آیا میں حذیفہ ابن یمان پاس سو کہا انھوں نے بھی

زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَحَدَّثَنِيْ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِكَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ نَافِعٍ اَنَّ رَجُلًا اَتَى ابْنَ عُمَرَ

زید ابن ثابت پاس تب حدیث بیان کی مجھ پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ویسی ہی روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے نافع سے کہ تحقیق ایک شخص آیا ابن عمر کے پاس

فَقَالَ اِنَّ فُلَانًا يَقْرَاُ عَلَيْكَ السَّلَامَ فَقَالَ اِنَّهُ بَلَغَنِيْ اَنَّهُ قَدْ اَحْدَثَ فَاِنْ كَانَ قَدْ اَحْدَثَ فَلَا تُقْرِئْهُ مِنِّي السَّلَامَ

اور کہا کہ فلانا شخص پہنچاتا ہے تم پر سلام تب کہا ابن عمر نے تحقیق حال یہہ ہے کہ پہنچی مجھکو یہہ خبر کہ اُسنے بیشک نئی بات نکالی ہے پھر اگر اُسنے بیشک نئی بات نکالی تو نہ پہنچا تو اسکو میری طرف سے سلام

فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَكُوْنُ فِيْ اُمَّتِيْ اَوْ فِيْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ خَسْفٌ وَمَسْخٌ اَوْ قَذْفٌ فِيْ اَهْلِ

کیونکہ تحقیق میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے ہوگا میری امت میں یا فرمایا اس امت میں زمین میں دھنس جانا اور صورت بدل جانا آسمان سے پتھر برسانا اہل

الْقَدَرِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ

قدر میں۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ اور روایت ہے حضرت علی رضی اللہ

عَنْهُ قَالَ سَاَلَتْ خَدِيْجَةُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَلَدَيْنِ مَاتَا لَهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عنہ سے کہا کہ پوچھا حضرت خدیجہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حال اپنے دو لڑکوں کا جو مر گئے تھے ایام جاہلیت میں تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

هُمَا فِي النَّارِ قَالَ فَلَمَّا رَاَى الْكَرَاهَةَ فِيْ وَجْهِهَا قَالَ لَوْ رَاَيْتِ مَكَانَهُمَا لَاَبْغَضْتِهِمَا قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَوَلَدِيْ مِنْكَ

وے دونوں آگ میں ہیں کہا حضرت علی نے پھر جب دیکھی حضرت نے ناخوشی حضرت خدیجہ کے چہرے میں فرمایا اگر دیکھے تو حال ان دونوں کا البتہ برا لگے تجھے تو انکو عرض کیا یا رسول اللہ پھر اولاد میری آپ سے

قَالَ فِي الْجَنَّةِ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَوْلَادَهُمْ فِي الْجَنَّةِ وَاِنَّ الْمُشْرِكِيْنَ وَاَوْلَادَهُمْ فِي النَّارِ

فرمایا بہشت میں پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق مومن اور اولاد انکی بہشت میں ہیں اور بیشک مشرک اور اولاد انکی آگ میں

ثُمَّ قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

پھر پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ آیت اور وے لوگ کہ ایمان لائے اور پیروی کی انکی انکی اولاد نے۔ روایت کیا اسکو احمد نے۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ مَسَحَ ظَهْرَهُ فَسَقَطَ مِنْ ظَهْرِهِ كُلُّ نَسَمَةٍ هُوَ خَالِقُهَا مِنْ ذُرِّيَّتِهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَجَعَلَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پیدا کیا اللہ نے آدم کو ہاتھ پھیرا اُسکی پیٹھ پر پھر نکلے اسکی پیٹھ سے سب آدمی کہ وہی اللہ پیدا کرنے والا انکا اولاد آدم میں قیامت کے دن تک اور مقرر کیا

بين عينى كل انسان منهم وبيصا من نور ثم عرضهم على آدم فقال اي رب من هؤلاء قال ذريتك فرأى رجلا

دونوں آنکھوں میں ہر آدمی کے اُنمیں سے ایک چمک نور سے پھر روبرو کیا اُن کو آدم کے تب کہا آدم نے اے پروردگار میرے کون ہیں یہ فرمایا کہ اولاد ہے تیری پھر دیکھا ایک مرد

منهم فاعجبه وبيص ما بين عينيه قال اي رب من هذا قال داود فقال اي رب كم جعلت عمره قال

اُن میں سے پھر خوش لگی انکو وہ روشنی کہ تھی اسکی آنکھوں کے درمیان کہا اے رب میرے کون ہے یہہ فرمایا داؤد پھر عرض کیا اے پروردگار میرے کتنی ٹھہرائی تو نے عمر اسکی فرمایا کہ

ستين سنة قال رب زده من عمري اربعين سنة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما انقضى عمر

ساٹھ برس کہا کہ اے پروردگار میرے زیادہ کر اسکو میری عمر میں سے چالیس برس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر جب تمام ہوئی عمر

آدم الا اربعين جاءه ملك الموت فقال آدم اولم يبق من عمري اربعون سنة قال اولم تعطها ابنك

آدم کی مگر چالیس برس باقی رہی آیا اُن کے پاس ملک الموت تب کہا آدم نے کیا نہیں باقی رہی میری عمر سے چالیس برس کہا ملک الموت نے کیا نہیں دیا تو نے چالیس برس اپنے بیٹے

داود فجحد آدم فجحدت ذريته ونسي آدم فاكل من الشجرة فنسيت ذريته وخطأ وخطأت

داؤد کو پھر انکار کیا آدم نے سو انکار کرتی ہے اولاد انکی اور بھول گئے آدم پھر کھایا درخت میں سے سو بھولتی ہے اولاد انکی اور خطا کی آدم نے اور خطا کی

ذريته رواه الترمذي وعن ابي الدرداء عن النبي صلى الله عليه وسلم قال خلق الله آدم حين خلقه

اولاد انکی ف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابو درداء سے وہ روایت کرتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت نے فرمایا پیدا کیا اللہ نے آدم کو جب پیدا کیا اسکو

فضرب كتفه اليمنى فاخرج ذرية بيضاء كانهم الذر وضرب كتفه اليسرى فاخرج ذرية سوداء كانهم

پھر مارا اُن کے داہنے مونڈھے پر پھر نکالی اولاد سفید رنگ گویا کہ وے چھوٹی چیونٹیاں ہیں اور مارا اسکے بائیں مونڈھے پر پھر نکالی اولاد سیاہ رنگ گویا کہ وے

الحمم فقال للذي في يمينه الى الجنة ولا ابالي وقال للذي في كتفه اليسرى الى النار ولا

کوئلے ہیں تب فرمایا اس اولاد کے حق میں جو آدم کے داہنے تھی یہ بہشت کے طرف چلنے والے ہیں اور نہیں پروا رکھتا ہوں میں اور فرمایا اس اولاد کے حق میں جو آدم کے بائیں مونڈھے

ابالي رواه احمد وعن ابي نضرة ان رجلا من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم يقال له ابو عبد الله دخل

پروا رکھتا ہوں میں ف روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی نضرہ سے کہ تھے ایک شخص اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں سے لوگ کہتے تھے ان کو ابو عبد اللہ آئے

عليه اصحابه يعودونه وهو يبكي فقالوا له ما يبكيك الم يقل لك رسول الله صلى الله عليه وسلم خذ من شاربك

اُن کے پاس اُن کے یار عیادت کرتے تھے انکی اور وے روتے تھے تب کہا اسے کون سی چیز رلاتی ہے تجھے کیا نہیں فرمایا تجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لے تو بال اپنے لب کے

ثم اقره حتى تلقاني قال بلى ولكن سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ان الله عز وجل قبض بيمينه قبضة

پھر ٹھہرا رہ یہاں تک کہ ملاقات کرے تو مجھ سے کہا کہ ہاں ولیکن سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ تحقیق اللہ عزوجل نے لیا اپنے داہنے ہاتھ میں ایک مٹھی

واخرى باليد الاخرى وقال هذه لهذه وهذه لهذه ولا ابالي ولا ادري في اي القبضتين انا رواه احمد

اور دوسری مٹھی دوسرے ہاتھ میں اور فرمایا یہہ جماعت واسطے بہشت کے اور یہہ جماعت واسطے دوزخ کے ہے اور نہیں پروا رکھتا ہوں اور نہیں جانتا ہوں کہ کس

وعن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اخذ الله الميثاق من ظهر آدم بنعمان يعني عرفة فاخرج من صلبه

اور روایت ہے ابن عباس سے انہوں نے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا لیا اللہ تعالی نے عہد آدم کی پشت سے نعمان میں یعنی عرفہ کے میدان میں پھر نکالا انکی پشت سے

كل ذرية ذراها فنثرهم بين يديه كالذر ثم كلمهم قبلا قال الست بربكم قالوا بلى شهدنا ان تقولوا يوم القيمة

ہر اولاد کو کہ پیدا کرنا تھا انکو پھر پھیلا دیا ان کو آدم کے آگے مانند چیونٹیوں کے پھر کلام کیا ان سے روبرو فرمایا کیا نہیں ہوں میں پروردگار تمہارا بولے کیوں نہیں تو پروردگار ہمارا ہے گواہ ہوئے ہم

أَنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غَافِلِيْنَ اَوْ تَقُوْلُوْا اِنَّمَا اَشْرَكَ اٰبَاؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْ بَعْدِهِمْ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ رَوَاهُ اَحْمَدُ

کہ بیشک تھے ہم اس سے غافل یا کہو تم کہ نہیں شرک کیا مگر ہمارے باپ دادوں نے پہلے سے اور تھے ہم اولاد پیچھے انکے. ف. بھلا ہلاک کرتا ہے تو ہمکو انکے سبب کیا ہے خطا والوں نے. روایت کیا اسکو احمد نے

وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ قَالَ جَمَعَهُمْ فَجَعَلَهُمْ

اور روایت ہے ابی ابن کعب سے تفسیر میں قول اللہ عزوجل کی اور جب نکالی تیرے رب نے آدم کے بیٹوں کی پیٹھ میں سے انکی اولاد کہا راوی نے جمع کیا انکو اور کیا انکو

اَزْوَاجًا ثُمَّ صَوَّرَهُمْ فَاسْتَنْطَقَهُمْ فَتَكَلَّمُوْا ثُمَّ اَخَذَ عَلَيْهِمُ الْعَهْدَ وَالْمِيْثَاقَ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ

قسم قسم پھر صورت بخشا انکو پھر گویا کیا انکو تب بولے پھر لیا ان سے عہد اور پیمان اور گواہ کیا انکو انکی جانوں پر اور فرمایا کیا نہیں ہوں رب تمہارا

قَالُوْا بَلٰى قَالَ فَاِنِّيْ اُشْهِدُ عَلَيْكُمُ السَّمٰوٰتِ السَّبْعَ وَالْاَرَضِيْنَ السَّبْعَ وَاُشْهِدُ عَلَيْكُمْ اَبَاكُمْ اٰدَمَ اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

کہا سبھوں نے مقرر ہی فرمایا پھر تحقیق میں گواہ کرتا ہوں تم پر ساتوں آسمان کو اور ساتوں زمین کو اور گواہ کرتا ہوں تم پر تمہارے باپ آدم کو واسطے کہ کہو تم دن قیامت کے

لَمْ نَعْلَمْ بِهٰذَا اِعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ غَيْرِيْ وَلَا رَبَّ غَيْرِيْ وَلَا تُشْرِكُوْا بِيْ شَيْئًا اِنِّيْ سَاُرْسِلُ اِلَيْكُمْ رُسُلِيْ يُذَكِّرُوْنَكُمْ

کہ نہیں جانتے تھے ہم اسکو جان لو کہ نہیں کوئی معبود برحق سوا میرے اور نہیں کوئی پروردگار سوا میرے اور نہ شریک کرو میرے ساتھ کسیکو تحقیق میں بھیجونگا تمہارے پاس رسول اپنے یاد دلاینگے تمکو

عَهْدِيْ وَمِيْثَاقِيْ وَاُنْزِلُ عَلَيْكُمْ كُتُبِيْ قَالُوْا شَهِدْنَا بِاَنَّكَ رَبُّنَا وَاِلٰهُنَا لَا رَبَّ لَنَا غَيْرُكَ وَلَآ اِلٰهَ لَنَا غَيْرُكَ

عہد میرا اور پیمان میرا اور نازل کرونگا تم پر کتابیں اپنی کہا سبھوں نے گواہی دی ہمنے ساتھ اسبات کے کہ تو رب ہمارا ہے اور معبود ہمارا ہے اور نہیں کوئی پروردگار ہمارے واسطے سوا تیرے اور نہیں کوئی معبود ہمارے واسطے سوا تیرے

فَاَقَرُّوْا بِذٰلِكَ وَرُفِعَ عَلَيْهِمْ اٰدَمُ يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ فَرَاَى الْغَنِيَّ وَالْفَقِيْرَ وَحَسَنَ الصُّوْرَةِ وَدُوْنَ ذٰلِكَ فَقَالَ رَبِّ

پھر سب نے اقرار کیا ساتھ اسکے اور خبردار کئے گئے ان پر آدم کو دیکھتے تھے انکو پھر دیکھا غنی اور فقیر اور خوبصورت کو اور سوا اسکے (یعنے بدصورت) تب کہا اے پروردگار میرے

لَوْلَا سَوَّيْتَ بَيْنَ عِبَادِكَ قَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ اَنْ اُشْكَرَ وَرَاَى الْاَنْبِيَاءَ فِيْهِمْ مِثْلَ السُّرُجِ عَلَيْهِمُ النُّوْرُ خُصُّوْا بِمِيْثَاقٍ اٰخَرَ

کیوں نہ برابر کیا تو نے درمیان اپنے بندوں کے فرمایا تحقیق دوست رکھتا ہوں میں کہ شکر کیا جاؤں میں اور دیکھا انبیاؤں کو بیچ اولاد میں مانند چراغوں کی ان پر نور ہے اور خاص کئے گئے ساتھ عہد دوسرے کے

فِي الرِّسَالَةِ وَالنُّبُوَّةِ وَهُوَ قَوْلُهٗ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ اِلٰى قَوْلِهٖ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ كَانَ فِيْ تِلْكَ الْاَرْوَاحِ

رسالت اور نبوت میں. ف. اور وہ یہہ قول ہے بڑی برکت والے بزرگ کا اور جب لیا ہمنے نبیوں سے قول انکا اللہ کے اس کلام تک عیسی ابن مریم. ف. تھے عیسی ان روحوں میں

فَاَرْسَلَهٗ اِلٰى مَرْيَمَ عَلَيْهَا السَّلَامُ فَحُدِّثَ عَنْ اُبَيٍّ اَنَّهٗ دَخَلَ مِنْ فِيْهَا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

پھر بھیجا انکو مریم علیہا السلام کے پاس اور روایت کی گئی ہے ابی سے کہ عیسی سمائے مریم کے منہ کی راہ. روایت کی اسکو احمد نے. اور روایت ہے ابو درداء سے کہا انہوں نے کہ تھے ہم نزدیک رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَتَذَاكَرُ مَا يَكُوْنُ اِذْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَمِعْتُمْ بِجَبَلٍ زَالَ عَنْ مَكَانِهٖ فَصَدِّقُوْهُ وَاِذَا سَمِعْتُمْ

صلی اللہ علیہ وسلم کے آپس میں ذکر کرتے تھے اس چیز کی جو پیدا ہوتی ہے وہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سنو تم پہاڑ کو کہ سرک گیا اپنی جگہ سے سچ جانو اسکو اور جب سنو تم

بِرَجُلٍ تَغَيَّرَ عَنْ خُلُقِهٖ فَلَا تُصَدِّقُوْا بِهٖ فَاِنَّهٗ يَصِيْرُ اِلٰى مَا جُبِلَ عَلَيْهِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَا يَزَالُ يُصِيْبُكَ

کسی شخص کو کہ بدل گیا اپنی خصلت سے تو نہ سچ جانو اسکو اس بات میں سو تحقیق حال یہہ ہے کہ پھر جاتا ہے شخص اسی طرف جسپر پیدا کیا گیا وہ. ف. روایت کیا اسکو احمد نے. اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا یا رسول اللہ ہمیشہ پہنچتی ہے تمکو

فِيْ كُلِّ عَامٍ وَجَعٌ مِّنَ الشَّاةِ الْمَسْمُوْمَةِ الَّتِيْٓ اَكَلْتَ قَالَ مَآ اَصَابَنِيْ شَيْءٌ مِّنْهَآ اِلَّا وَهُوَ مَكْتُوْبٌ عَلَيَّ وَاٰدَمُ فِيْ طِيْنَتِهٖ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ

ہر برس بیماری بسبب زہر آلودہ بکری کے جسکو آپ نے کھایا تھا. ف. فرمایا نہیں پہنچی مجھکو کوئی چیز اس بکری سے مگر وہی جو لکھی تھی مجھ پر جب آدم تھے اپنی مٹی میں. روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

بَابُ اِثْبَاتِ عَذَابِ الْقَبْرِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُ اِذَا سُئِلَ فِي الْقَبْرِ

باب ثابت کرنے میں عذاب قبر کے — فصل پہلی — روایت ہے براء ابن عازب سے انہوں نے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا مسلمان جب سوال کیا جاتا ہے بیچ قبر کے

يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي

گواہی دیتا ہے اسکی کہ نہیں کوئی معبود برحق سوا اللہ کے اور تحقیق محمد رسول اللہ کے ہیں پھر یہی مراد ہے اللہ تعالی کی فرمانے سے ف، ثابت رکھتا ہے اللہ ان لوگوں کو کہ ایمان لائے ہیں مضبوط بات کے، زندگی بیچ دنیا کی اور

الْاٰخِرَةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ نَزَلَتْ فِيْ عَذَابِ الْقَبْرِ يُقَالُ لَهٗ مَنْ

آخرت میں اور ایک روایت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یوں ہے کہ فرمایا ثابت رکھتا ہے اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے مضبوط بات پر نازل ہوئی عذاب قبر کے حق میں کہا جاتا ہے مردے کو کون

رَّبُّكَ فَيَقُوْلُ رَبِّيَ اللّٰهُ وَنَبِيِّيْ مُحَمَّدٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا وُضِعَ فِيْ قَبْرِهٖ وَتَوَلّٰى

رب تیرا تب کہتا ہے وہ رب میرا اللہ ہے اور نبی میرے محمد ہیں ق، اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بندہ جس وقت رکھا جاتا ہے اپنی قبر میں اور پھر آتے

عَنْهُ اَصْحَابُهٗ اِنَّهٗ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ اَتَاهُ مَلَكَانِ فَيُقْعِدَانِهٖ فَيَقُوْلَانِ مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ لِمُحَمَّدٍ فَاَمَّا الْمُؤْمِنُ

اس سے یار اسکے تحقیق وہ سنتا ہے آواز انکی پاپوشوں کی آتے ہیں اس پاس دو فرشتے پھر بٹھاتے ہیں اسکو اور کہتے ہیں کیا کہتا تھا تو حق میں اس شخص کے واسطے محمد کے، ف، سو مومن

فَيَقُوْلُ اَشْهَدُ اَنَّهٗ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ فَيُقَالُ لَهٗ اُنْظُرْ اِلٰى مَقْعَدِكَ مِنَ النَّارِ قَدْ اَبْدَلَكَ اللّٰهُ بِهٖ مَقْعَدًا مِّنَ الْجَنَّةِ

کہتا ہے گواہی دیتا ہوں میں تحقیق وہ بندے اللہ کے ہیں اور اسکے رسول پھر کہا جاتا ہے کہ دیکھ اپنے ٹھکانے کی طرف دوزخ سے بیشک بدلا تجھکو اللہ نے بجائے دوزخ کے جگہ بیٹھنے کی بہشت میں

فَيَرَاهُمَا جَمِيْعًا وَاَمَّا الْمُنَافِقُ وَالْكَافِرُ فَيُقَالُ لَهٗ مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ لَا اَدْرِيْ كُنْتُ اَقُوْلُ مَا يَقُوْلُ النَّاسُ فَيُقَالُ

پھر دیکھتا ہے دونوں جگہوں کو اکٹھے ہوئے، اور منافق اور کافر پھر کہا جاتا ہے اسکو کیا کہتا تھا تو حق میں اس شخص کے تب کہتا ہے نہیں جانتا میں کہتا تھا میں جو کہتے تھے لوگ ث، پھر کہا جاتا

لَا دَرَيْتَ وَلَا تَلَيْتَ وَيُضْرَبُ بِمَطَارِقَ مِنْ حَدِيْدٍ ضَرْبَةً فَيَصِيْحُ صَيْحَةً يَسْمَعُهَا مَنْ يَلِيْهِ غَيْرَ الثَّقَلَيْنِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُهٗ

نہیں جانا تو نے اور نہیں پڑھا تو نے اور مارا جاتا ہے لوہے کے گرزوں سے سخت مار تب چلاتا ہے خوب چلانا سنتے ہیں اسکو جو اسکے پاس ہیں سوا جنوں اور آدمیوں کے روایت کیا اسکو بخاری و مسلم نے

لِلْبُخَارِيِّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا مَاتَ عُرِضَ عَلَيْهِ مَقْعَدُهٗ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ اِنْ كَانَ

بخاری کا ہے، اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق ایک تم میں کا جب مرتا ہے دکھلایا جاتا ہے اسکو ٹھکانا اسکا صبح اور شام اگر ہے وہ

مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَمِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاِنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَمِنْ اَهْلِ النَّارِ فَيُقَالُ هٰذَا مَقْعَدُكَ حَتّٰى يَبْعَثَكَ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مُتَّفَقٌ

بہشتیوں میں سے تو دکھلایا جاتا ہے مکان بہشتیوں کا اور اگر ہے وہ دوزخیوں میں سے دکھلایا جاتا ہے مکان دوزخیوں کا، اور کہا جاتا ہے یہ ہے ٹھکانا تیرا یہاں تک کہ اٹھاوے گا تجھکو اللہ اس میں قیامت کے دن،

عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ يَهُوْدِيَّةً دَخَلَتْ عَلَيْهَا فَذَكَرَتْ عَذَابَ الْقَبْرِ فَقَالَتْ لَهَا اَعَاذَكِ اللّٰهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

ق، اور روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ تحقیق ایک عورت یہودی آئی ان کے پاس پھر ذکر کیا عذاب قبر کا اور کہا ان سے کہ پناہ میں رکھے تجھکو اللہ عذاب قبر سے

فَسَاَلَتْ عَائِشَةُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فَقَالَ نَعَمْ عَذَابُ الْقَبْرِ حَقٌّ قَالَتْ عَائِشَةُ فَمَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پھر پوچھا حضرت عائشہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عذاب قبر کا حال تب فرمایا ہاں عذاب قبر کا حق ہے کہا حضرت عائشہ نے پھر نہیں دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

بَعْدُ صَلّٰى صَلٰوةً اِلَّا تَعَوَّذَ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَائِطٍ

اسکے بعد کہ نماز پڑھی ہو کوئی نماز مگر پناہ مانگی اللہ کی عذاب قبر سے ق، اور روایت ہے زید ابن ثابت سے کہا کہ اس وقت کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باغ میں

لِبَنِي النَّجَّارِ عَلٰى بَغْلَةٍ لَّهٗ وَنَحْنُ مَعَهٗ اِذْ حَادَتْ بِهٖ فَكَادَتْ تُلْقِيْهِ وَاِذَا اَقْبُرٌ سِتَّةٌ اَوْ خَمْسَةٌ فَقَالَ مَنْ يَّعْرِفُ اَصْحَابَ

بنی نجار کے تھے سوار اپنے خچر پر اور ہم ان کے ساتھ تھے یکایک شوخی کی خچر نے حضرت سے پھر قریب تھا کہ گرا دے حضرت کو اور ناگہاں قبریں چھ یا پانچ معلوم ہوئیں تب فرمایا حضرت نے کون پہچانتا ہے

هٰذِهِ الْاَقْبُرِ قَالَ رَجُلٌ اَنَا قَالَ فَمَتٰى مَاتُوْا قَالَ فِي الشِّرْكِ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهِ الْاُمَّةَ تُبْتَلٰى فِيْ قُبُوْرِهَا فَلَوْلَا اَنْ لَّا تَدَافَنُوْا لَدَعَوْتُ اللّٰهَ

ان قبر والوں کو کہا ایک شخص نے میں جانتا ہوں فرمایا کب مرے تھے کہا شرک کے وقت میں تب فرمایا تحقیق یہ امت آزمائی جاتی ہے اپنی قبروں میں سو اگر نہ ہوتا خوف اسکا کہ تم نہ دفن کرو گے تو بیشک دعا کرتا اللہ سے

أن يسمعكم من عذاب القبر الذي أسمع منه ثم أقبل علينا بوجهه فقال تعوذوا بالله من عذاب النار قالوا نعوذ بالله من

کہ سناوے تمکو عذاب قبر کا جو میں سنتا ہوں اُس سے ف ۔ بعد اسکے متوجہ ہوئے ہماری طرف ساتھ چہرہ مبارک کے اور فرمایا پناہ پکڑو اللہ کی آگ کے عذاب سے کہا صحابہ نے پناہ پکڑتے ہیں

عذاب النار قال تعوذوا بالله من عذاب القبر قالوا نعوذ بالله من عذاب القبر قال تعوذوا بالله من الفتن ما ظهر منها وما بطن

آگ کے عذاب سے فرمایا پناہ پکڑو اللہ کی قبر کے عذاب سے کہا پناہ پکڑتے ہیں ہم اللہ کی قبر کے عذاب سے فرمایا پناہ پکڑو اللہ کی فتنوں سے جو ظاہر ہیں اُنمیں سے اور جو چھپا ہے

قالوا نعوذ بالله من الفتن ما ظهر منها وما بطن قال تعوذوا بالله من فتنة الدجال قالوا نعوذ بالله من فتنة الدجال

کہا پناہ پکڑتے ہیں ہم اللہ کی فتنوں سے جو کہ ظاہر ہے اُن میں سے اور جو چھپا ہے فرمایا پناہ پکڑو اللہ کی دجال کے فتنے سے کہا پناہ پکڑتے ہیں ہم اللہ کی دجال کے فتنے سے

رواه مسلم ۔ الفصل الثاني ۔ عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا قبر الميت أتاه ملكان أسودان أزرقان يقال لأحدهما

روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب قبر میں رکھا جاتا ہے مردہ آتے ہیں اسکے پاس دو فرشتے کالے نیلی آنکھ والے کہا جاتا ہے ایک کو

المنكر وللآخر النكير فيقولان ما كنت تقول في هذا الرجل فإن كان مؤمنا فيقول هو عبد الله ورسوله أشهد أن لا إله إلا الله

منکر اور دوسرے کو نکیر پھر کہتے ہیں دونو کیا کہتا تھا تو حق میں اس شخص کے ف پھر اگر ہے مومن تو کہتا ہے کہ بندے اللہ کے ہیں اور اسکے بھیجے ہوئے ہیں گواہی دیتا ہوں یہ کہ نہیں کوئی معبود برحق سوا اللہ کے

وأن محمدا عبده ورسوله فيقولان قد كنا نعلم أنك تقول هذا ثم يفسح له في قبره سبعون ذراعا في سبعين

اور تحقیق محمد بندے اسکے اور رسول اسکے ہیں تب کہتے ہیں دونو تحقیق ہم جانتے تھے کہ تو کہیگا یہ پھر کشادہ کیا جاتا ہے اسکے واسطے اسکی قبر میں ستر گز میں ستر گز میں ف

ثم ينور له فيه ثم يقال له نم فيقول أرجع إلى أهلي فأخبرهم فيقولان نم كنومة العروس الذي لا يوقظه إلا أحب أهله

پھر روشنی کی جاتی ہے اسکے واسطے قبر میں پھر کہا جاتا ہے اسکو سو رہ پھر وہ کہتا ہے جاؤں اپنے اہل پاس اور خبر دوں انکو تب وے کہتے ہیں سو رہ جس طرح دولہا سوتا ہے کہ نہیں جگاتا اسکو

إليه حتى يبعثه الله من مضجعه ذلك وإن كان منافقا قال سمعت الناس يقولون قولا فقلت مثله لا أدري فيقولان قد

اسکے نزدیک یہانتک کہ اٹھاوے اسکو اللہ اسکے سونے کی جگہ سے کہ یہی یعنی قبر اور اگر ہوا ہے وہ منافق کہتا ہے سنا میں لوگوں کو کہتے تھے ایک بات سو کہا میں نے ویسا ہی نہیں جانتا میں تب کہتے ہیں دونو

كنا نعلم أنك تقول ذلك فيقال للأرض التئمي عليه فتلتئم عليه فتختلف أضلاعه فلا يزال فيها معذبا حتى يبعثه الله

تھے ہم جانتے بیشک کہیگا تو یہ پھر حکم کیا جاتا ہے زمین کو کہ مل جا اسپر پھر مل جاتی ہے اسپر پھر ادھر کی ادھر ہو جاتی ہیں پسلیاں اسکی ف پھر ہمیشہ رہتا ہے قبر میں عذاب کیا گیا

من مضجعه ذلك ۔ رواه الترمذي ۔ وعن البراء بن عازب عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يأتيه ملكان فيجلسانه فيقولان

اسکے سونے کی جگہ سے کہ یہی ہے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے براء ابن عازب سے انہوں نے نقل کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آتے ہیں اسکے پاس دو فرشتے پھر بٹھلاتے ہیں اسکو

له من ربك فيقول ربي الله فيقولان له ما دينك فيقول ديني الإسلام فيقولان له ما هذا الرجل الذي بعث فيكم فيقول

اسکو کون ہے رب تیرا تب کہتا ہے رب میرا اللہ ہے پھر کہتے ہیں اسکو کیا ہے دین تیرا تب کہتا ہے دین میرا اسلام ہے پھر کہتے ہیں اسکو کون ہے یہ شخص کہ بھیجا گیا تھا تم میں تب وہ کہتا ہے

هو رسول الله فيقولان له ما يدريك فيقول قرأت كتاب الله فآمنت به وصدقت فذلك قوله تعالى يثبت الله الذين

وے رسول ہیں اللہ کے پھر کہتے ہیں اسکو کس چیز نے معلوم کروایا تجھکو تب کہتا ہے پڑھی میں نے کتاب اللہ کی پھر ایمان لایا میں اسپر اور سچ جانا میں نے سو یہ ہے قول اللہ تعالیٰ کا ثابت رکھتا ہے اللہ ان لوگوں کو

آمنوا بالقول الثابت الآية قال فينادي مناد من السماء أن صدق عبدي فأفرشوه من الجنة وألبسوه من الجنة وافتحوا له

کہ ایمان لائے قول ثابت پر آخر آیت تک فرمایا پھر پکارتا ہے پکارنے والا آسمان سے کہ سچ کہا میرے بندے نے سو بچھاؤ اسکے واسطے بچھونا بہشت کا اور پہناؤ اسکو بہشت کے لباس اور کھول دو

بابا إلى الجنة فيفتح له قال فيأتيه من روحها وطيبها ويفسح له فيها مد بصره وأما الكافر فذكر موته قال ويعاد روحه

دروازہ بہشت کی طرف پھر کھولا جاتا ہے اسکے واسطے فرمایا پھر آتی ہے اسکو ہوا اسکی اور خوشبو اسکی اور کشادہ کیا جاتا ہے اسکے واسطے قبر میں اسکی نگاہ کی درازی تک ف اور کافر پھر ذکر کیا حضرت نے اسکی موت کا فرمایا اور پھیری جاتی ہے روح اسکی

فی جسده ويأتيه ملكان فيجلسانه فيقولان له من ربك فيقول هاه هاه لا أدري فيقولان له ما دينك فيقول هاه هاه

اسکے بدن میں اور آتے ہیں اسکے پاس دو فرشتے اور بٹھاتے ہیں اسکو پھر کہتے ہیں کون ہے تیرا رب تب کہتا ہے ہاہ ہاہ نہیں جانتا میں پھر کہتے ہیں کیا ہے دین تیرا تب کہتا ہے ہاہ ہاہ

لا أدري فيقولان له ما هذا الرجل الذي بعث فيكم فيقول هاه هاه لا أدري فينادي مناد من السماء أن كذب فافرشوه من

نہیں جانتا میں پھر کہتے ہیں کون ہے یہ شخص کہ بھیجا گیا تھا تم پاس تب کہتا ہے ہاہ ہاہ نہیں جانتا میں پھر پکارتا ہے پکارنے والا آسمان سے کہ جھوٹ کہا سو بچھاؤ اسکے بچھونا

النار وألبسوه من النار وافتحوا له بابا إلى النار قال فيأتيه من حرها وسمومها قال ويضيق عليه قبره حتى تختلف فيه

آگ سے اور پہناؤ اسکو پوشاک آگ سے اور کھول دو اسکے واسطے دروازہ دوزخ کیطرف فرمایا پھر آتی ہے اسکو گرمی اسکی اور لو اسکی فرمایا اور تنگ کی جاتی ہے اس پر قبر اسکی یہاں تک کہ ادھر کی ادھر ہو جاتی ہیں

أضلاعه ثم يقيض له أعمى أصم معه مرزبة من حديد لو ضرب بها جبل لصار ترابا فيضربه بها ضربة فيصيح

پسلیاں اسکی پھر مقرر کیا جاتا ہے اسکے لئے فرشتہ اندھا بہرا کہ ہوتا ہے اسکے پاس گرز لوہے کا اگر ماریں اس سے پہاڑ کو بیشک ہو جاوے خاک پھر مارتا ہے اسکو اس سے ایک مار کہ چلاتا ہے

صيحة يسمعها ما بين المشرق والمغرب إلا الثقلين فيصير ترابا ثم تعاد فيه الروح رواه أحمد وأبو داود وعن عثمان

بڑے زور سے سنتا ہے اسکو جو کچھ بیچ میں ہے مشرق اور مغرب کے سواے آدمی اور جن کے تب ہو جاتا ہے خاک پھر ڈالی جاتی ہے اس میں روح روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود نے اور روایت ہے عثمان

رضي الله عنه أنه كان إذا وقف على قبر بكى حتى يبل لحيته فقيل له تذكر الجنة والنار فلا تبكي وتبكي من هذا فقال إن

رضی اللہ عنہ سے کہ بیشک وے تھے جب کھڑے ہوتے قبر پاس روتے یہاں تک کہ تر ہو جاتی انکی داڑھی پھر لوگوں نے کہا انکو کہ ذکر کرتے ہو بہشت اور دوزخ کا تو نہیں روتے اور روتے ہو اس سے تب کہا بیشک

رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إن القبر أول منزل من منازل الآخرة فإن نجا منه فما بعده أيسر منه وإن لم ينج منه فما بعده أشد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تحقیق قبر پہلی منزل ہے منزلوں سے آخرت کی اگر نجات پائی اس سے تو جو چیز کہ بعد اسکے ہے آسان تر ہے اس سے اور اگر نجات نہ پائی اس سے تو جو چیز کہ بعد ہے

منه قال وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما رأيت منظرا قط إلا والقبر أفظع منه رواه الترمذي وابن ماجة وقال

اس سے کہا اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں دیکھی میں نے کوئی جگہ کہ دیکھنے کی کبھی مگر یہ کہ قبر بہت بری ہے اس سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا

الترمذي هذا حديث غريب وعنه قال كان النبي صلى الله عليه وسلم إذا فرغ من دفن الميت وقف عليه فقال استغفروا

ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے انہیں سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب فارغ ہوتے دفن کرنے سے میت کے تو کھڑے ہوتے اسکے پاس اور فرماتے بخشش مانگو

لأخيكم ثم سلوا له بالتثبيت فإنه الآن يسأل رواه أبو داود وعن أبي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليسلط على الكافر

اپنے بھائی کی پھر مانگو اسکے لئے ثابت رہنا کیونکہ بیشک وہ اب پوچھا جاتا ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک مسلط کئے جاتے ہیں کافر پر

في قبره تسعة وتسعون تنينا تنهسه وتلدغه حتى تقوم الساعة لو أن تنينا منها نفخ في الأرض ما أنبتت خضرا

اسکی قبر میں ننانوے اژدہے کاٹتے ہیں اور ڈستے ہیں اسکو جب تک ہو قیامت اگر کوئی اژدہا اسمیں سے پھنکار مارے زمین میں تو نہ اگاوے زمین سبزہ

رواه الدارمي وروى الترمذي نحوه وقال سبعون بدل تسعة وتسعون

روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت کی ترمذی نے اسیطرح پر اور کہا ستر بدلے ننانوے کے۔

الفصل الثالث

فصل تیسری

عن جابر قال خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى سعد بن معاذ حين توفي فلما صلى عليه رسول الله صلى الله عليه وسلم ووضع في قبره وسوي

روایت ہے جابر سے کہا کہ نکلے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سعد ابن معاذ کی طرف جب وے مر گئے۔ پھر جب نماز پڑھی ان پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور رکھے گئے سعد قبر میں اور برابر کی گئی

عليه سبح رسول الله صلى الله عليه وسلم فسبحنا طويلا ثم كبر فكبرنا فقيل يا رسول الله لم سبحت ثم كبرت فقال لقد تضايق على هذا العبد

ان پر مٹی سبحان اللہ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر سبحان اللہ کہا ہم نے دیر تک پھر اللہ اکبر کہا حضرت نے پھر اللہ اکبر کہا ہم نے پھر پوچھا لوگوں نے یا رسول اللہ کس واسطے سبحان اللہ کہا آپ نے پھر تکبیر کہی فرمایا بیشک تنگ ہوئی اس نیک بندے پر

الصَّالِحِ قَبْرُهُ حَتّٰى فَرَّجَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الَّذِيْ تَحَرَّكَ لَهُ الْعَرْشُ

اسکی قبر یہاں تک کہ کشادگی دیا اسکو اللہ تعالیٰ نے اس سے. روایت کیا اسکو احمد نے. اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ وہ شخص ہے جنبش میں آیا اسکے

وَفُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ وَشَهِدَهُ سَبْعُوْنَ أَلْفًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ لَقَدْ ضُمَّ ضَمَّةً ثُمَّ فُرِّجَ عَنْهُ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ

اور کھولے گئے اسکے لیے دروازے آسمان کے. اور حاضر ہوئے اسکے جنازے پر ستر ہزار فرشتے تحقیق تنگ کیا گیا سخت تنگ کرنا پھر کشادہ کی گئی اس سے. روایت کی اسکو نسائی نے. اور روایت ہے اسماء بیٹی

أَبِيْ بَكْرٍ قَالَتْ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطِيْبًا فَذَكَرَ فِتْنَةَ الْقَبْرِ الَّتِيْ يُفْتَتَنُ فِيْهَا الْمَرْءُ فَلَمَّا ذَكَرَ ذٰلِكَ ضَجَّ الْمُسْلِمُوْنَ

ابو بکر صدیق کی سے کہا کہ کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھنے کو پھر ذکر کیا فتنہ قبر کا کہ آزمایا جاتا ہے اسمیں مرد پھر جب ذکر کیا یہہ چلائے مسلمان

ضَجَّةً رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ هٰكَذَا وَزَادَ النَّسَائِيُّ حَالَتْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ أَنْ أَفْهَمَ كَلَامَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا سَكَنَتْ ضَجَّتُهُمْ

ایک چلانا روایت کی اسکو بخاری نے اسطرح سے اور زیادہ کیا نسائی نے یہہ عبارت کہ آڑ ہوا چلانا درمیان میرے اور درمیان بوجھنے میرے کے کلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پھر جب تھم گیا چلانا انکا

قُلْتُ لِرَجُلٍ قَرِيْبٍ مِنِّيْ أَيْ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ مَاذَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ آخِرِ قَوْلِهِ قَالَ قَالَ قَدْ أُوْحِيَ إِلَيَّ أَنَّكُمْ تُفْتَنُوْنَ فِي

کہا میں نے ایک شخص سے کہ نزدیک تھا میرے اے فلانے برکت کرے اللہ تیرے کام میں کیا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے آخر کلام میں کہا فرمایا کہ تحقیق وحی کی گئی میری طرف یہہ کہ تم آزمائے جاؤ گے

الْقُبُوْرِ قَرِيْبًا مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا دَخَلَ الْمَيِّتُ الْقَبْرَ مُثِّلَتْ لَهُ الشَّمْسُ عِنْدَ

قبروں میں قریب قریب آزمانے دجال کے. اور روایت ہے جابر سے انہوں نے روایت کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ جسوقت داخل کیا جاتا ہے مردہ قبر میں مشابہ کیا جاتا ہے اسکے لیے آفتاب

غُرُوْبِهَا فَيَجْلِسُ يَمْسَحُ عَيْنَيْهِ وَيَقُوْلُ دَعُوْنِيْ أُصَلِّيْ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْمَيِّتَ

اپنے غروب کے وقت تب بیٹھتا ہے وہ ملتا ہے آنکھیں اپنی اور کہتا ہے چھوڑ دو مجھکو کہ نماز پڑھوں. روایت کی اسکو ابن ماجہ نے. اور روایت ہے ابو ہریرہ سے انہوں نے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا تحقیق مردہ

يَصِيْرُ إِلَى الْقَبْرِ فَيَجْلِسُ الرَّجُلُ فِيْ قَبْرِهِ غَيْرَ فَزِعٍ وَلَا مَشْعُوْبٍ ثُمَّ يُقَالُ فِيْمَ كُنْتَ فَيَقُوْلُ كُنْتُ فِي الْإِسْلَامِ فَيُقَالُ مَا هٰذَا الرَّجُلُ

جاتا ہے قبر کی طرف پھر بیٹھتا ہے شخص نیک اپنی قبر میں جس حال میں کہ نہیں ڈرا ہوا ہے اور نہ قلق میں پڑا ہوا پھر کہا جاتا ہے کس دین میں تھا تو تب کہتا ہے تھا میں اسلام میں پھر کہا جاتا ہے کون

فَيَقُوْلُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ جَاءَنَا بِالْبَيِّنَاتِ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ فَصَدَّقْنَاهُ فَيُقَالُ لَهُ هَلْ رَأَيْتَ اللّٰهَ فَيَقُوْلُ مَا يَنْبَغِيْ لِأَحَدٍ أَنْ يَرَى

تب وہ کہتا ہے محمد رسول اللہ لائے ہمارے پاس دلیلیں ظاہر اللہ کے پاس سے پھر مانا ہم نے انکو تب کہا جاتا ہے اسکے واسطے کیا دیکھا تو نے اللہ کو تب کہتا ہے نہیں لائق ہے کسی کے واسطے کہ دیکھے

اللّٰهَ فَيُفْرَجُ لَهُ فُرْجَةً قِبَلَ النَّارِ فَيَنْظُرُ إِلَيْهَا يَحْطِمُ بَعْضُهَا بَعْضًا فَيُقَالُ لَهُ انْظُرْ إِلٰى مَا وَقَاكَ اللّٰهُ ثُمَّ يُفْرَجُ لَهُ

اللہ کو پھر کھولا جاتا ہے اسکے واسطے ایک سوراخ دوزخ کیطرف تب وہ دیکھتا ہے اسکی طرف توڑتی ہے بعض اسکی بعض کو. پھر کہا جاتا ہے دیکھ اس چیز کی طرف کہ بچایا تجھکو اللہ نے پھر کھولا جاتا ہے

فُرْجَةً قِبَلَ الْجَنَّةِ فَيَنْظُرُ إِلٰى زَهْرَتِهَا وَمَا فِيْهَا فَيُقَالُ لَهُ هٰذَا مَقْعَدُكَ عَلَى الْيَقِيْنِ كُنْتَ وَعَلَيْهِ مُتَّ وَعَلَيْهِ تُبْعَثُ

ایک دریچہ بہشت کی طرف تب وہ دیکھتا ہے اسکی تازگی کیطرف اور جو چیز کہ اسمیں ہے پھر کہا جاتا ہے اسکے واسطے یہہ ہے ٹھکانا تیرا کیونکہ یقین پر تھا تو اور اسی پر مرا تو اور اسی پر اٹھایا جاویگا

إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَيَجْلِسُ الرَّجُلُ السُّوْءُ فِيْ قَبْرِهِ فَزِعًا مَشْعُوْبًا فَيُقَالُ لَهُ فِيْمَ كُنْتَ فَيَقُوْلُ لَا أَدْرِيْ فَيُقَالُ لَهُ مَا هٰذَا

اگر چاہا اللہ تعالیٰ نے. اور بیٹھتا ہے شخص بد اپنی قبر میں گھبرایا ہوا اور ڈرتا ہوا پھر کہا جاتا ہے اسکو کس دین میں تھا تو تب کہتا ہے نہیں جانتا میں تب کہا جاتا ہے

الرَّجُلُ فَيَقُوْلُ سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ قَوْلًا فَقُلْتُهُ فَيُفْرَجُ لَهُ فُرْجَةً قِبَلَ الْجَنَّةِ فَيَنْظُرُ إِلٰى زَهْرَتِهَا وَمَا فِيْهَا فَيُقَالُ لَهُ

شخص پھر وہ کہتا ہے سنا میں نے لوگوں کو کہ کہتے تھے ایک بات پھر کہا میں نے وہی پھر کھولا جاتا ہے اسکے لیے ایک دریچہ جانب بہشت کی طرف پھر دیکھتا ہے اسکی تازگی کی طرف اور جو چیز کہ

انْظُرْ إِلٰى مَا صَرَفَ اللّٰهُ عَنْكَ ثُمَّ يُفْرَجُ لَهُ فُرْجَةً إِلَى النَّارِ فَيَنْظُرُ إِلَيْهَا يَحْطِمُ بَعْضُهَا بَعْضًا

اسکو دیکھ تو اس چیز کی طرف کہ پھیر لیا اللہ نے تجھ سے پھر کھولا جاتا ہے اسکے لیے ایک روشندان دوزخ کی طرف پھر دیکھتا ہے اسکی طرف کہ توڑتی ہے ایک اسکی دوسرے کو

فَيُقَالُ لَهُ هٰذَا مَقْعَدُكَ عَلَى الشَّكِّ كُنْتَ وَعَلَيْهِ مِتَّ وَعَلَيْهِ تُبْعَثُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالَىٰ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ

پھر کہا جاتا ہے اسکو یہہ ہے ٹھکانا تیرا کیونکہ شک پر تھا تو اور اسی پر مرا تو اور اسی پر اٹھایا جاویگا تو اگر چاہا اللہ تعالیٰ نے۔ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے۔

بَابُ الْاِعْتِصَامِ بِالْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ

باب چنگل مارنے کا کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ پر

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَىٰ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحْدَثَ فِيْ اَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے نئی بات نکالی ہمارے دین میں کہ جو نہیں اس میں سے سو وہ چیز مردود ہے۔ ف۔ ق۔

وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ خَيْرَ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ وَخَيْرَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ وَشَرَّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیچھے حمد و ثنا کے۔ تحقیق بہترین باتوں کی کتاب اللہ ہے اور بہترین راہوں میں راہ محمد کی ہے اور بدترین کاموں کے وہ کام ہیں جو نئے نکالے گئے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔ روایت کیا اسکو مسلم نے۔

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْغَضُ النَّاسِ اِلَى اللّٰهِ ثَلٰثَةٌ مُلْحِدٌ فِي الْحَرَمِ وَمُبْتَغٍ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ وَمُطَّلِبُ دَمِ امْرِئٍ بِغَيْرِ حَقٍّ لِيُهْرِيْقَ دَمَهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہایت غضب کئے گئے لوگوں میں اللہ کے نزدیک تین شخص ہیں کجروی کرنے والا حرم میں اور تلاش کرنے والا اسلام میں طریقہ جاہلیت کا اور طلب کرنے والا خون کسی شخص کا ناحق تاکہ بہاوے خون اسکا۔ روایت کیا اسکو بخاری نے۔

وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ اُمَّتِيْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ اَبٰى قِيْلَ وَمَنْ اَبٰى قَالَ مَنْ اَطَاعَنِيْ دَخَلَ الْجَنَّةَ وَمَنْ عَصَانِيْ فَقَدْ اَبٰى رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب امت میری داخل ہوگی بہشت میں مگر جسنے کہ قبول نہ کیا لوگوں نے پوچھا کہ کسنے قبول نہ کیا فرمایا جسنے اطاعت کی میری داخل ہوگا جنت میں اور جسنے نافرمانی کی سو بیشک اسنے قبول نہ کیا۔ روایت کیا اسکو بخاری نے۔

وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ جَاءَتْ مَلَائِكَةٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ نَائِمٌ فَقَالُوْا اِنَّ لِصَاحِبِكُمْ هٰذَا مَثَلًا فَاضْرِبُوْا لَهُ مَثَلًا قَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّهُ نَائِمٌ وَقَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّ الْعَيْنَ نَائِمَةٌ وَالْقَلْبَ يَقْظَانُ فَقَالُوْا مَثَلُهُ كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنٰى دَارًا وَجَعَلَ فِيْهَا مَأْدُبَةً وَبَعَثَ دَاعِيًا فَمَنْ اَجَابَ الدَّاعِيَ دَخَلَ الدَّارَ وَاَكَلَ مِنَ الْمَأْدُبَةِ وَمَنْ لَمْ يُجِبِ الدَّاعِيَ لَمْ يَدْخُلِ الدَّارَ وَلَمْ يَأْكُلْ مِنَ الْمَأْدُبَةِ فَقَالُوْا اَوِّلُوْهَا لَهُ يَفْقَهْهَا

اور روایت ہے جابر سے کہا کہ آئے فرشتے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور وے سوتے تھے تب کہا فرشتوں نے آپس میں کہ تحقیق تمہارے صاحب کے واسطے جو یہہ ہیں کوئی کہاوت ہے بیان کرو اسکے واسطے کہاوت کہا بعضوں نے کہ وہ سوتا ہے اور کہا بعضوں نے تحقیق آنکھ سوتی ہے اور دل جاگتا ہے پھر کہا کہاوت اسکی جیسے کہاوت ایک شخص کی کہ بنایا گھر اور تیار کیا اسمیں مہمانوں کا کھانا اور بھیجا ایک بلانے والا سو جسنے کہا مانا بلانے والے کا داخل ہوا گھر میں اور کھایا اس کھانے میں سے اور جسنے نہ مانا بلانے والے کو نہ داخل ہوگا گھر میں اور نہ کھاویگا اس کھانے میں سے پھر کہا فرشتوں نے بیان کرو اسکو اسکے لئے تاکہ سمجھیں

فَقَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّهُ نَائِمٌ وَقَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّ الْعَيْنَ نَائِمَةٌ وَالْقَلْبَ يَقْظَانُ فَقَالُوْا الدَّارُ الْجَنَّةُ وَالدَّاعِيْ مُحَمَّدٌ فَمَنْ اَطَاعَ مُحَمَّدًا فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ عَصٰى مُحَمَّدًا فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَمُحَمَّدٌ فَرْقٌ بَيْنَ النَّاسِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

کہا بعضوں نے تحقیق وہ سوتا ہے اور کہا بعضوں نے تحقیق آنکھ سوتی ہے اور دل جاگتا ہے پھر کہا مراد گھر سے بہشت ہے اور بلانے والے سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم سو جسنے فرمانبرداری کی محمد کی پھر بیشک فرمانبرداری کی اللہ کی اور جسنے نافرمانی کی محمد کی پھر بیشک نافرمانی کی اللہ کی اور محمد فرق کرنے والے ہیں درمیان لوگوں کے۔ روایت کیا اسکو بخاری نے۔

وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ جَاءَ ثَلٰثَةُ رَهْطٍ اِلٰى اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْاَلُوْنَ عَنْ عِبَادَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اُخْبِرُوْا بِهَا كَاَنَّهُمْ تَقَالُّوْهَا فَقَالُوْا اَيْنَ نَحْنُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَاَخَّرَ فَقَالَ اَحَدُهُمْ اَمَّا اَنَا اُصَلِّي اللَّيْلَ اَبَدًا وَقَالَ الْاٰخَرُ اَنَا اَصُوْمُ النَّهَارَ اَبَدًا وَلَا اُفْطِرُ وَقَالَ الْاٰخَرُ اَنَا اَعْتَزِلُ النِّسَاءَ فَلَا اَتَزَوَّجُ اَبَدًا

اور روایت ہے انس سے کہا کہ آئے تین شخص ازواج نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پوچھتے ہوئے حال عبادت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا پھر جب خبر دئے گئے اسکی گویا کہ کم جانا اسکو۔ تب کہا آپس میں کہاں ہیں ہم لوگ برابر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور تحقیق بخشا اللہ نے انکے واسطے جو پہلی ہوئی گناہ انکی اور جو پچھلی ہوئی۔ پھر کہا ان میں سے ایک نے کہ میں نماز پڑھا کرونگا تمام رات ہمیشہ اور کہا دوسرے نے میں روزہ رکھا کرونگا دن کو ہمیشہ اور افطار نہ کرونگا اور کہا تیسرے نے میں الگ ہو رہونگا عورتوں سے اور نکاح نہ کرونگا کبھی

فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهِمْ فَقَالَ أَنْتُمُ الَّذِينَ قُلْتُمْ كَذَا وَكَذَا أَمَا وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ وَأَتْقَاكُمْ لَهُ

پھر تشریف لائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس اور فرمایا کہ تمھیں لوگوں نے کہا ایسا اور ویسا۔ خبردار ہو قسم ہے اللہ کی تحقیق میں تم سے زیادہ ڈر رکھتا ہوں اللہ کا اور تم سے زیادہ پرہیزگار ہوں

لٰكِنِّي أَصُومُ وَأُفْطِرُ وَأُصَلِّي وَأَرْقُدُ وَأَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

پر میں روزے بھی رکھتا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں اور نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں اور نکاح کرتا ہوں عورتوں سے سو جسنے منہ موڑا میرے طریقے سے وہ نہیں مجھ سے ۔ ق ۔ اور روایت

عَائِشَةَ قَالَتْ صَنَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فَرَخَّصَ فِيهِ فَتَنَزَّهَ عَنْهُ قَوْمٌ فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ

عائشہ سے کہا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی کام اور رخصت دی اس میں ۔ پھر پرہیز کیا اس سے کئی شخصوں نے پھر پہنچی یہ خبر رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَ فَحَمِدَ اللّٰهَ ثُمَّ قَالَ مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَتَنَزَّهُونَ عَنِ الشَّيْءِ أَصْنَعُهُ فَوَاللّٰهِ إِنِّي لَأَعْلَمُهُمْ

صلی اللہ علیہ وسلم کو تب خطبہ فرمایا اور تعریف کی اللہ کی پھر فرمایا کیا حال ہے لوگوں کا کہ پرہیز کرتے ہیں اس چیز سے جو کرتا ہوں میں پھر قسم ہے اللہ کی تحقیق میں ان

بِاللّٰهِ وَأَشَدُّهُمْ لَهُ خَشْيَةً مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ قَدِمَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَهُمْ

سے زیادہ جاننے والا ہوں اللہ کی مرضی کا اور بہت زیادہ ہوں ان سے اللہ سے ڈرنے میں ۔ ق ۔ اور روایت ہے رافع ابن خدیج سے کہا کہ تشریف لائے نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں اور حال یہ کہ مدینہ والے

يَأْبُرُونَ النَّخْلَ فَقَالَ مَا تَصْنَعُونَ قَالُوا كُنَّا نَصْنَعُهُ قَالَ لَعَلَّكُمْ لَوْ لَمْ تَفْعَلُوا كَانَ خَيْرًا فَتَرَكُوهُ فَنَقَصَتْ قَالَ

تابیر کرتے تھے خرما کے درخت کو ۔ ف ۳ ۔ تب فرمایا حضرت نے کیا کرتے ہو تم کہا تھے ہم لوگ قدیم سے کرتے اسکو فرمایا شاید اگر نہ کرو تو بہتر ہو سو چھوڑ دیا لوگوں نے اسکو پھر کم ہوا میوہ کہا راوی نے

فَذَكَرُوا ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ إِذَا أَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ مِنْ أَمْرِ دِينِكُمْ فَخُذُوا بِهِ وَإِذَا أَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ مِنْ رَأْيِي

پھر ذکر کیا لوگوں نے اسکا حضرت سے تب فرمایا نہیں ہوں میں مگر آدمی جب کہ حکم کروں تمکو کسی بات کا تمھارے دین میں تو عمل کرو اس پر اور جب حکم کروں تم کو کسی بات کا اپنی عقل سے

فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي مُوسٰى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا مَثَلِي وَمَثَلُ مَا بَعَثَنِي اللّٰهُ بِهِ

تو نہیں ہوں میں مگر آدمی ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابو موسیٰ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سوا اسکے نہیں کہ مثل میری اور مثل اس چیز کی کہ بھیجا مجھکو اللہ نے

كَمَثَلِ رَجُلٍ أَتٰى قَوْمًا فَقَالَ يَا قَوْمِ إِنِّي رَأَيْتُ الْجَيْشَ بِعَيْنَيَّ وَإِنِّي أَنَا النَّذِيرُ الْعُرْيَانُ فَالنَّجَاءَ النَّجَاءَ فَأَطَاعَهُ

مانند مثل ایک شخص کے کہ آیا ایک قوم پاس اور کہا کہ اے میری قوم تحقیق دیکھا میں نے لشکر کو اپنی آنکھوں سے اور تحقیق میں ڈرانے والا ہوں بے غرض پھر ڈھونڈو تم نجات کو نجات کو پھر کہنا مانا اسکا

طَائِفَةٌ مِنْ قَوْمِهِ فَأَدْلَجُوا فَانْطَلَقُوا عَلٰى مَهَلِهِمْ فَنَجَوْا وَكَذَّبَتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ فَأَصْبَحُوا مَكَانَهُمْ فَصَبَّحَهُمُ

ایک گروہ نے اسکے قوم میں سے پھر چلے شبا شب اور چلے اپنی آہستگی پر پھر نجات پائی۔ اور جھٹلایا ایک جماعت نے انمیں سے اور صبح کیا اپنے مکان ہی میں پھر داخل ہوا ان پر

الْجَيْشُ فَأَهْلَكَهُمْ وَاجْتَاحَهُمْ فَذٰلِكَ مَثَلُ مَنْ أَطَاعَنِي فَاتَّبَعَ مَا جِئْتُ بِهِ وَمَثَلُ مَنْ عَصَانِي وَكَذَّبَ

لشکر اور ہلاک کیا انکو اور جڑ سے اکھاڑ دیا انکو پھر یہ ہے مثل اسکی کہ فرمانبرداری کی میری اور پیروی کی اس چیز کی کہ لایا میں اسکو اور مثل اسکی کہ نافرمانی کی میری اور جھٹلایا

مَا جِئْتُ بِهِ مِنَ الْحَقِّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلِي

اس چیز کو کہ لایا میں اسکو حق سے ۔ ف ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مثل میری

كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهَا جَعَلَ الْفَرَاشُ وَهٰذِهِ الدَّوَابُّ الَّتِي

مانند مثال اس شخص کے کہ روشن کیا آگ پھر جب کہ روشن کیا آگ نے اپنے گرد پاس کو شروع کیا پتنگوں نے اور ان جانوروں نے جو

تَقَعُ فِي النَّارِ يَقَعْنَ فِيهَا وَجَعَلَ يَحْجُزُهُنَّ وَيَغْلِبْنَهُ فَيَتَقَحَّمْنَ فِيهَا فَأَنَا آخُذُ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ

گرتے ہیں آگ میں کہ گرنے لگے آگ میں اور شروع کیا اس شخص نے روکنا ہی انکو اور غالب آتے ہیں وہ جانور اس شخص پر اور گرتے ہیں آگ میں سو میں پکڑنے والا ہوں تمھاری کمر کو آگ سے

وَأَنْتُمْ تَقَحَّمُونَ فِيهَا هٰذِهِ رِوَايَةُ الْبُخَارِيِّ وَلِمُسْلِمٍ نَحْوُهَا وَقَالَ فِي آخِرِهَا قَالَ فَذٰلِكَ مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ

اور تم گرتے ہو آگ میں یہہ روایت ہے بخاری کی۔ اور مسلم کی بھی اسیطرح پر ہے۔ اور کہا مسلم نے اس روایت کے آخر میں کہ فرمایا حضرت نے پھر یہہ مثل میری اور مثل تمہاری ہے

أَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ هَلُمَّ عَنِ النَّارِ هَلُمَّ عَنِ النَّارِ فَتَغْلِبُونِي تَقَحَّمُونَ فِيهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي مُوسٰى

کمر پکڑنے والا ہوں تمہاری بچانے کو آگ سے چلے آؤ میری طرف دور ہو آگ سے چلے آؤ میری طرف دور ہو آگ سے پھر غالب آتے ہو تم مجھ پر اور گرتے ہو آگ میں۔ ق۔ اور روایت ہے ابی موسیٰ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ مَا بَعَثَنِي اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْهُدٰى وَالْعِلْمِ كَمَثَلِ الْغَيْثِ الْكَثِيرِ أَصَابَ أَرْضًا

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مثال اس چیز کی کہ بھیجا مجھکو اللہ نے ساتھ اسکے ہدایت اور علم سے جیسے مثال بڑے زور کے مینہہ کی کہ پہنچا زمین کو

فَكَانَتْ مِنْهَا طَائِفَةٌ طَيِّبَةٌ قَبِلَتِ الْمَاءَ فَأَنْبَتَتِ الْكَلَأَ وَالْعُشْبَ الْكَثِيرَ وَكَانَتْ مِنْهَا أَجَادِبُ أَمْسَكَتِ

پھر تھا اس زمین میں سے ایک ٹکڑا اچھا قبول کیا اسنے پانی کو پھر اگایا گھاس خشک اور گھاس تر کو بہت۔ ف۔ اور تھا ایک ٹکڑا اسمیں سے سخت کہ ٹھہرا رکھا

الْمَاءَ فَنَفَعَ اللّٰهُ بِهَا النَّاسَ فَشَرِبُوا وَسَقَوْا وَزَرَعُوا وَأَصَابَ مِنْهَا طَائِفَةً أُخْرٰى إِنَّمَا هِيَ قِيعَانٌ لَا تُمْسِكُ مَاءً وَلَا

پانی کو پھر نفع دیا اللہ نے بسبب اسکے لوگوں کو پھر پیا اور پلایا اور کھیتی کی۔ ف۔ اور پہنچا اسی زمین میں سے ایک ٹکڑے اور کو کہ نہیں وہ زمین مگر پتھر میدان نہ ٹھہرا پانی کو اور نہ

تُنْبِتُ كَلَأً فَذٰلِكَ مَثَلُ مَنْ فَقُهَ فِي دِينِ اللّٰهِ وَنَفَعَهُ مَا بَعَثَنِي اللّٰهُ بِهِ فَعَلِمَ وَعَلَّمَ وَمَثَلُ مَنْ لَمْ يَرْفَعْ بِذٰلِكَ رَأْسًا

اگایا گھاس کو۔ ت۔ پھر یہہ مثل ہے اس شخص کی کہ فقیہ ہوا اللہ کے دین میں اور نفع دیا اسکو اس چیز نے کہ بھیجا مجھکو اللہ نے ساتھ اسکے پھر جانا اسنے اور سکھلایا اور مثل اس شخص کی کہ نہ اٹھایا

وَلَمْ يَقْبَلْ هُدَى اللّٰهِ الَّذِي أُرْسِلْتُ بِهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تَلَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ

ساتھ اسکے سر اور نہ قبول کیا ہدایت اللہ کی کہ بھیجا گیا ہوں میں ساتھ اسکے۔ ق۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ پڑھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ آیت وہی ہے

الَّذِي أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ آيٰتٌ مُحْكَمٰتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتٰبِ وَقَرَأَ إِلٰى وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

جسنے اتاری تجھ پر کتاب اسمیں آیتیں محکم ہیں کہ وے اصل کتاب کی ہیں اور پڑھا یہاں تک اور نہیں نصیحت پکڑتے مگر صاحب عقل کہا حضرت عائشہ نے کہ فرمایا رسول

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا رَأَيْتِ عِنْدَ مُسْلِمٍ رَأَيْتُمُ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ فَأُولٰئِكَ الَّذِينَ سَمَّاهُمُ اللّٰهُ فَاحْذَرُوهُمْ

صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر جس وقت کہ دیکھے تو اور نزدیک مسلم کے۔ دیکھو تم ان لوگوں کو کہ پیروی کرتے ہیں اس چیز کی کہ متشابہ ہے قرآن سے پھر وہ لوگ وہی ہیں کہ نام رکھا انکا اللہ نے سو بچو ان سے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ هَجَّرْتُ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا قَالَ فَسَمِعَ أَصْوَاتَ رَجُلَيْنِ اخْتَلَفَا فِي آيَةٍ

ق۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو سے کہا کہ گیا میں دوپہر کو طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک دن کہا پھر سنا حضرت نے آواز دو شخصوں کی کہ آپس میں اختلاف

فَخَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْرَفُ فِي وَجْهِهِ الْغَضَبُ فَقَالَ إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِاخْتِلَافِهِمْ فِي الْكِتٰبِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

پھر تشریف لائے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ پہچانا جاتا تھا انکے چہرے مبارک میں غصہ فرمایا نہیں ہلاک ہوئے وہ لوگ کہ تھے پہلے تم سے مگر بسبب اختلاف کرنے اپنے کتاب میں

وَعَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَعْظَمَ الْمُسْلِمِينَ فِي الْمُسْلِمِينَ جُرْمًا مَنْ سَأَلَ عَنْ شَيْءٍ لَمْ يُحَرَّمْ عَلَى

اور روایت ہے سعد ابن ابی وقاص سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بہت بڑا مسلمان کا مسلمانوں میں باعتبار گناہ کے وہ شخص ہے کہ سوال کرے ایک چیز سے کہ نہیں حرام کی گئی

النَّاسِ فَحُرِّمَ مِنْ أَجْلِ مَسْأَلَتِهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ دَجَّالُونَ كَذَّابُونَ

لوگوں پر پھر حرام کی گئی بسبب سوال کرنے اسکے کے۔ ق۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہونگے آخر زمانے میں دجالین جھوٹھ کہنے والے

يَأْتُونَكُمْ مِنَ الْأَحَادِيثِ بِمَا لَمْ تَسْمَعُوا أَنْتُمْ وَلَا آبَاؤُكُمْ فَإِيَّاكُمْ وَإِيَّاهُمْ لَا يُضِلُّونَكُمْ وَلَا يَفْتِنُونَكُمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ

لاوینگے تمہارے پاس حدیثیں کہ نہیں سنا تم نے اور نہ تمہارے باپوں نے سو بچو تم اس سے اور دور رکھو ان کو آپ سے کہ نہ گمراہ کریں تم کو اور نہ فتنے میں ڈالیں تم کو۔ روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور انہیں سے

كَانَ اَهْلُ الْكِتٰبِ يَقْرَؤُنَ التَّوْرٰيةَ بِالْعِبْرَانِيَّةِ وَيُفَسِّرُوْنَهَا بِالْعَرَبِيَّةِ لِاَهْلِ الْاِسْلَامِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا

تھے اہل کتاب پڑھتے توریت کو عبرانی میں اور تفسیر کرتے تھے اسکی عربی میں مسلمانوں کے واسطے پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ

تُصَدِّقُوْا اَهْلَ الْكِتٰبِ وَلَا تُكَذِّبُوْهُمْ وَقُوْلُوْا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا اُنْزِلَ اِلَيْنَا الْاٰيَةَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

سچا جانو اہل کتاب کو اور نہ جھٹلاؤ اُن کو اور کہو ایمان لائے ہم اللہ پر اور جو چیز کہ نازل کی گئی ہماری طرف آخر آیت تک ۔ روایت کی اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ كَفٰى بِالْمَرْءِ كَذِبًا اَنْ يُّحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ نَّبِيٍّ

وسلم نے کفایت کرتا ہے شخص کو جھوٹ بولنے میں یہہ کہ نقل کرے جو چیز سنے ۔ روایت کی اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی نبی

بَعَثَهُ اللّٰهُ فِيْ اُمَّتِهِ قَبْلِيْ اِلَّا كَانَ لَهُ مِنْ اُمَّتِهِ حَوَارِيُّوْنَ وَاَصْحَابٌ يَّاْخُذُوْنَ بِسُنَّتِهِ وَيَقْتَدُوْنَ بِاَمْرِهِ ثُمَّ اِنَّهَا تَخْلُفُ مِنْ بَعْدِهِمْ

کہ بھیجا ہو اسکو اللہ نے اسکی امت میں مجھ سے پہلے مگر کہ تھے اسکے واسطے اسکی امت میں مددگار اور یار کہ لیتے تھے طریقہ اسکا اور پیروی کرتے تھے اسکے حکم کی بعد اسکے حال یہہ کہ پیچھے پیدا ہوتے

خُلُوْفٌ يَّقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ وَيَفْعَلُوْنَ مَا لَا يُؤْمَرُوْنَ فَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِيَدِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِلِسَانِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ

ناخلف کہتے ہیں وہ چیز جو نہیں کرتے اور کرتے ہیں وہ چیز کہ نہیں حکم کئے گئے سو جو شخص کہ جہاد کرے اُن سے ساتھ ہاتھ کے پھر وہ مومن ہے اور جو شخص کہ جہاد کرے اُن سے ساتھ اپنی زبان کے سو وہ مومن ہے

وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِقَلْبِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ وَلَيْسَ وَرَاءَ ذٰلِكَ مِنَ الْاِيْمَانِ حَبَّةُ خَرْدَلٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

اور جو شخص کہ جہاد کرے اُن سے اپنے دل سے سو وہ مومن ہے اور نہیں ہے سوا اسکے مرتبے ایمان سے رائی کے دانے برابر بھی ۔ روایت کی اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دَعَا اِلٰى هُدًى كَانَ لَهُ مِنَ الْاَجْرِ مِثْلُ اُجُوْرِ مَنْ تَبِعَهُ لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئًا وَمَنْ دَعَا اِلٰى ضَلَالَةٍ

صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے کہ بلایا سیدھی راہ کی طرف ہوگا اسکے لئے ثواب مانند ثواب ان لوگوں کے کہ پیروی کیا اسکی نہیں کم کرتا یہہ ثواب ان کے ثواب سے کچھ بھی ۔ اور جس نے کہ بلایا گمراہی کی طرف

وسلم کا داہنا ان کے وضو اور کھانے کے واسطے اور تھا بایاں ہاتھ انکا ان کے استنجا کرنے کے واسطے اور اس چیز کے واسطے کہ ہوتی نجاست کی قسم سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے عائشہ سے کہا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَهَبَ اَحَدُكُمْ اِلَى الْغَائِطِ فَلْيَذْهَبْ مَعَهٗ بِثَلٰثَةِ اَحْجَارٍ يَسْتَطِيْبُ بِهِنَّ فَاِنَّهَا تُجْزِئُ عَنْهُ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ جاوے کوئی تم میں سے پاخانے میں تو لیجاوے اپنے ساتھ تین پتھر پاک کرے ان سے ، بتحقیق تین پتھر کفایت کرتے ہیں اسکے

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسْتَنْجُوْا بِالرَّوْثِ وَلَا

واسطے روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور نسائی اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ استنجا کرو گوبر سے اور نہ

بِالْعِظَامِ فَاِنَّهٗ زَادُ اِخْوَانِكُمْ مِنَ الْجِنِّ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ اِلَّا اَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْ زَادُ اِخْوَانِكُمْ مِنَ الْجِنِّ وَعَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ

ہڈی سے کیونکہ وہ خوراک ہے تمہارے بھائیوں کی جو جنوں میں سے ہیں روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے مگر انہی نے ذکر نہ کیا لفظ زاد اخوانکم من الجن ۔ اور روایت ہے رویفع ابن

ثَابِتٍ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رُوَيْفِعُ لَعَلَّ الْحَيٰوةَ سَتَطُوْلُ بِكَ بَعْدِيْ فَاَخْبِرِ النَّاسَ اَنَّ مَنْ عَقَدَ لِحْيَتَهٗ

ثابت سے کہا کہ فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے رویفع شاید کہ زندگی دراز ہو تیری بعد میرے تو خبر دے لوگوں کو کہ بیشک جس شخص نے گرہ لگائی اپنی داڑھی میں

اَوْ تَقَلَّدَ وَتَرًا اَوِ اسْتَنْجٰى بِرَجِيْعِ دَابَّةٍ اَوْ عَظْمٍ فَاِنَّ مُحَمَّدًا مِنْهُ بَرِيْءٌ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

یا گلے میں پہنا تانت کو یا استنجا کیا بیٹ سے جانور کی یا ہڈی سے پھر تحقیق محمد اس سے بیزار ہے روایت کی اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اكْتَحَلَ فَلْيُوْتِرْ مَنْ فَعَلَ فَقَدْ اَحْسَنَ وَمَنْ لَا فَلَا حَرَجَ وَمَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْيُوْتِرْ مَنْ فَعَلَ فَقَدْ اَحْسَنَ وَمَنْ لَا فَلَا حَرَجَ

علیہ وسلم نے جو شخص کہ سرمہ لگاوے چاہیے کہ طاق لگاوے جس نے کیا یہہ پھر بیشک اچھا کیا اور جس نے نہ کیا تو کچھ گناہ نہیں اور جو شخص کہ کلوخ لیوے تو چاہیے کہ طاق لیوے جس نے کیا تو بیشک اچھا کیا اور جس نے نہ کیا تو کچھ گناہ نہیں

[illegible]

مہربانی کرے ۔ اور اہل جاہلیت کے تانت اپنے گھوڑوں کے گلے میں باندھتے تھے اور اعتقاد کرتے تھے کہ نظر بد نہ لگے گی اسواسطے آپ نے منع فرمایا کہ تدبیر تقدیر کو بدل نہیں سکتی اور دوسرے ان میں جاہلیت کی تشبیہ ہے اور بعضوں نے کہا ہے

وَمَنْ اَكَلَ فَمَا تَخَلَّلَ فَلْيَلْفِظْ وَمَا لَاكَ بِلِسَانِهٖ فَلْيَبْتَلِعْ مَنْ فَعَلَ فَقَدْ اَحْسَنَ وَمَنْ لَّا فَلَا حَرَجَ وَمَنْ اَتَى الْغَائِطَ

اور جو شخص کہ کھانا کھاوے پھر جو چیز کہ خلال سے نکالے پھر چاہیے کہ پھینک دے اور جو چیز کہ نکالے زبان سے پھر چاہیے کہ نگل جاوے جس شخص نے کیا پھر تحقیق اچھا کیا اور جس نے نہ کیا پھر کچھ گناہ نہیں اور جو شخص کہ آوے پاخانے

فَلْيَسْتَتِرْ فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ اِلَّا اَنْ يَّجْمَعَ كَثِيْبًا مِّنْ رَمْلٍ فَلْيَسْتَدْبِرْهُ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَلْعَبُ بِمَقَاعِدِ بَنِيْ اٰدَمَ مَنْ فَعَلَ فَقَدْ اَحْسَنَ

پھر چاہیے کہ پردہ کرے پھر اگر نہ پاوے مگر یہ کہ جمع کرے تودہ ریت کا پھر چاہیے کہ اپنے پیچھے کرے اسکو پھر تحقیق شیطان کھیلتا ہے ساتھ شرمگاہ بنی آدم کے جس نے کیا پھر تحقیق اچھا کیا

وَمَنْ لَّا فَلَا حَرَجَ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ **وَعَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ

اور جس نے نہ کیا پھر کچھ گناہ نہیں روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے ٭ اور روایت ہے عبد اللہ ابن مغفل سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہیے کہ نہ پیشاب کرے

فِيْ مُسْتَحَمِّهٖ ثُمَّ يَغْتَسِلُ فِيْهِ اَوْ يَتَوَضَّأُ فِيْهِ فَاِنَّ عَامَّةَ الْوَسْوَاسِ مِنْهُ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ اِلَّا اَنَّهُمَا لَمْ

اپنے غسل خانے میں بعد اسکے غسل کرے اسمیں یا وضو کرے اسمیں پھر تحقیق اکثر وسواس ہوتا ہے اس سے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی نے مگر ان دونوں نے نہ

يَذْكُرَا ثُمَّ يَغْتَسِلُ فِيْهِ اَوْ يَتَوَضَّأُ فِيْهِ **وَعَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ سَرْجِسَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ

ذکر کیا یہہ لفظ ثم یغتسل فیہ او یتوضأ فیہ ٭ اور روایت ہے عبد اللہ ابن سرجس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہیے کہ نہ پیشاب کرے کوئی

فِيْ جُحْرٍ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ **وَعَنْ** مُعَاذٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّقُوا الْمَلَاعِنَ الثَّلَاثَةَ الْبَرَازَ فِي

بل میں روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے ٭ اور روایت ہے معاذ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بچو تم تین کام سے کہ سبب لعنت کے ہیں پاخانہ پھرنا

الْمَوَارِدِ وَقَارِعَةِ الطَّرِيْقِ وَالظِّلِّ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ **وَعَنْ** اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَخْرُجِ

گھاٹ میں اور چلتی راہ میں اور سایہ میں روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہیے کہ نہ نکلیں

الرَّجُلَانِ يَضْرِبَانِ الْغَائِطَ كَاشِفَيْنِ عَنْ عَوْرَتِهِمَا يَتَحَدَّثَانِ فَاِنَّ اللّٰهَ يَمْقُتُ عَلٰى ذٰلِكَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ

دو شخص اسطرح پر کہ چلیں پاخانے کو کھولے ہوئے اپنی شرمگاہ آپس میں باتیں کرتے پھر بیشک اللہ تعالی دشمن رکھتا ہے اس سے ٭ روایت کی اسکو احمد اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے

وَعَنْ زَيْدِ ابْنِ اَرْقَمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذِهِ الْحُشُوْشَ مُحْتَضَرَةٌ فَاِذَا اَتٰى اَحَدُكُمُ الْخَلَاءَ فَلْيَقُلْ اَعُوْذُ

اور روایت ہے زید ابن ارقم سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق یہہ پاخانے جگہ حاضر ہونے شیطان کی ہیں پھر جب جاوے کوئی تم میں پاخانے پھر چاہیے کہ کہے

بِاللّٰهِ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ **وَعَنْ** عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَتْرُ

ساتھ اللہ کے خبیث جنوں اور خبیث جنیوں سے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہے علی رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پردہ

مَا بَيْنَ اَعْيُنِ الْجِنِّ وَعَوْرَاتِ بَنِيْ اٰدَمَ اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْخَلَاءَ اَنْ يَّقُوْلَ بِسْمِ اللّٰهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَ

درمیان آنکھیں جن کے اور شرمگاہ بنی آدم کے جب داخل ہو کوئی تم میں کا پاخانے میں یہہ ہے کہ کہے بسم اللہ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور

اِسْنَادُهٗ لَيْسَ بِقَوِيٍّ **وَعَنْ** عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ قَالَ غُفْرَانَكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

اسناد اسکی قوی نہیں ہے ٭ اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب نکلتے پاخانے سے فرماتے یا اللہ تیری بخشش چاہتا ہوں ٭ روایت کیا اسکو ترمذی نے

وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ **وَعَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتَى الْخَلَاءَ اَتَيْتُهٗ بِمَاءٍ فِيْ تَوْرٍ اَوْ رَكْوَةٍ فَاسْتَنْجٰى ثُمَّ

اور ابن ماجہ اور دارمی نے ٭ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب آتے پاخانے میں لاتا میں انکے پاس پانی باسن میں یا چھاگل میں تب استنجا کرتے پھر

مَسَحَ يَدَهٗ عَلَى الْاَرْضِ ثُمَّ اَتَيْتُهٗ بِاِنَاءٍ اٰخَرَ فَتَوَضَّاَ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَرَوَى الدَّارِمِيُّ وَالنَّسَائِيُّ مَعْنَاهُ **وَعَنْ** الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ قَالَ

ملتے اپنا ہاتھ زمین پر پھر لاتا میں انکے پاس باسن دوسرا تب وضو کرتے ٭ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت کیا دارمی اور نسائی نے معنی اسکے ٭ اور روایت ہے حکم ابن سفیان سے کہا

قال كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا بال توضأ ونضح فرجه رواه ابو داود والنسائي وعن اميمة بنت رقيقة قالت كان للنبي

کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب پیشاب کر چکتے وضو کرتے اور پانی چھڑکتے اپنے شرمگاہ پر روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی نے اور روایت ہے امیمہ بنت رقیقہ سے کہا تھا

صلى الله عليه وسلم قدح من عيدان تحت سريره يبول فيه بالليل رواه ابو داود والنسائي وعن عمر قال رآني النبي صلى الله عليه وسلم

صلی اللہ علیہ وسلم کے پیالا لکڑیوں کا رکھا جاتا انکی چارپائی کے نیچے پیشاب کرتے اسمیں رات کو روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی نے اور روایت ہے عمر سے کہا کہ دیکھا

وانا ابول قائما فقال يا عمر لا تبل قائما فما بلت قائما بعد رواه الترمذي وابن ماجة قال الشيخ الامام محيي السنة رحمه الله قد صح

اور میں پیشاب کرتا تھا کھڑے ہوئے تو فرمایا اے عمر نہ پیشاب کر کھڑے ہو کر پھر نہ پیشاب کیا میں نے کھڑے ہو کر بعد اسکے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے کہا شیخ امام محی السنہ نے تحقیق صحت کو پہنچا

عن حذيفة قال اتى النبي صلى الله عليه وسلم سباطة قوم فبال قائما متفق عليه قيل كان ذلك لعذر الفصل الثالث عن

حذیفہ ابن یمان سے کہ کہا آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کوڑے پر ایک قوم کے پھر پیشاب کیا کھڑے ہو کر … لوگوں نے کہا ہے یہ پیشاب کرنا عذر کے سبب … فصل تیسری روایت ہے

عائشة قالت من حدثكم ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يبول قائما فلا تصدقوه ما كان يبول الا قاعدا رواه احمد والترمذي

عائشہ سے کہا کہ جو کوئی خبر دے تم سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے پیشاب کرتے کھڑے ہو کر پھر نہ سچ جانو اسکو نہ تھے پیشاب کرتے مگر بیٹھے ہوئے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی

والنسائي وعن زيد بن حارثة عن النبي صلى الله عليه وسلم ان جبرئيل اتاه في اول ما اوحي اليه فعلمه الوضوء والصلوة

اور نسائی نے اور روایت ہے زید ابن حارثہ سے اسنے روایت کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تحقیق جبرئیل آئے حضرت پاس شروع میں جبکہ وحی بھیجی گئی آپ پاس پھر سکھلایا انکو وضو اور نماز

فلما فرغ من الوضوء اخذ غرفة من الماء فنضح بها فرجه رواه احمد والدارقطني وعن ابي هريرة قال قال رسول الله

پھر جب فارغ ہوے جبرئیل وضو سے لیا ایک چلو پانی پھر چھڑکا اسکو اپنی شرمگاہ پر روایت کیا اسکو احمد اور دارقطنی نے اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم جاءني جبرئيل فقال يا محمد اذا توضأت فانتضح رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وسمعت محمدا

صلی اللہ علیہ وسلم نے آئے میرے پاس جبرئیل اور کہا اے محمد جب وضو کرے تو چھڑک پانی … روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور سنا میں نے محمد

يعني البخاري يقول الحسن بن علي الهاشمي الراوي منكر الحديث وعن عائشة قالت بال رسول الله صلى الله عليه وسلم

یعنے بخاری کو کہتے تھے حسن ابن علی ہاشمی راوی اس حدیث کا منکر الحدیث ہے اور روایت عائشہ سے کہا کہ پیشاب کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

فقام عمر خلفه بكوز من ماء فقال ما هذا يا عمر قال ماء تتوضأ به قال ما امرت كلما بلت ان اتوضأ ولو فعلت لكانت

پھر کھڑے ہوے عمر رضی اللہ عنہ پیچھے حضرت کے لوٹا لیکر پانی کا تو فرمایا کیا ہے یہ اے عمر کہا پانی ہے کہ آپ وضو کریں اس سے فرمایا نہیں حکم کیا گیا میں جب پیشاب کروں یہ کہ وضو کروں اور اگر کرتا

سنة رواه ابو داود وابن ماجة وعن ابي ايوب وجابر وانس ان هذه الاية لما نزلت فيه رجال يحبون ان يتطهروا

سنت ہو جاتا روایت کیا اسکو ابوداود اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ایوب اور جابر اور انس سے کہ تحقیق یہ آیت جب اتری مسجد قبا میں مرد ہیں دوست رکھتے ہیں یہ خوب پاکیزگی کرنا

والله يحب المطهرين قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا معشر الانصار ان الله قد اثنى عليكم في الطهور فما طهوركم

اور اللہ دوست رکھتا ہے پاکیزگی کرنے والوں کو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے گروہ انصار کے تحقیق اللہ نے تعریف کی ہے تمہاری طہارت میں سو کیا ہے طہارت تمہاری

قالوا نتوضأ للصلوة ونغتسل من الجنابة ونستنجي بالماء قال فهو ذلك فعليكموه رواه ابن ماجة وعن سلمان قال قال بعض

عرض کیا کہ وضو کرتے ہیں ہم نماز کے واسطے اور غسل کرتے ہیں جنابت سے اور استنجا کرتے ہیں پانی سے فرمایا پھر وہ یہی ہے سو لازم پکڑو اسکو روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے سلمان سے

المشركين وهو يستهزئ اني لارى صاحبكم يعلمكم حتى الخراءة قلت اجل امرنا ان لا نستقبل القبلة ولا نستنجي

مشرکوں نے اور وہ ہنسی کرتا تھا کہ بیشک میں دیکھتا ہوں تمہارے صاحب کو تعلیم کرتا ہے تمکو یہاں تک کہ پاخانہ پھرنا کہا میں نے ہاں حکم کیا ہمکو کہ نہ منہ کریں ہم قبلہ کی طرف اور نہ استنجا

بِأَيْمَانِنَا وَلَا نَكْتَفِيَ بِدُونِ ثَلٰثَةِ أَحْجَارٍ لَيْسَ فِيهَا رَجِيعٌ وَلَا عَظْمٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ وَاللَّفْظُ لَهُ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ

اپنے داہنے ہاتھ سے اور نہ کفایت کریں کم تین پتھروں سے کہ نہووے ان میں گوبر اور نہ ہڈی روایت کیا اسکو مسلم اور احمد نے اور لفظ اسی کا ہے ۔ اور روایت ہے عبد الرحمن ابن

حَسَنَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي يَدِهِ الدَّرَقَةُ فَوَضَعَهَا ثُمَّ جَلَسَ فَبَالَ إِلَيْهَا فَقَالَ بَعْضُهُمْ

حسنہ سے کہا کہ تشریف لائے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے ہاتھ میں چمڑے کی ڈھال تھی پھر رکھا اسکو اور بیٹھے پھر پیشاب کیا اسکی طرف تب کہا بعضے منافقوں نے

اُنْظُرُوا إِلَيْهِ يَبُولُ كَمَا تَبُولُ الْمَرْأَةُ فَسَمِعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَيْحَكَ أَمَا عَلِمْتَ مَا أَصَابَ صَاحِبَ بَنِي إِسْرَائِيلَ

دیکھو انکی طرف پیشاب کرتے ہیں جیسے پیشاب کرتی ہے عورت پھر سنا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تب فرمایا وائے ہے تجھکو کیا نہیں جانتا تو اس چیز کو کہ پہنچی بنی اسرائیل والے کو

كَانُوا إِذَا أَصَابَهُمُ الْبَوْلُ قَرَضُوهُ بِالْمَقَارِيضِ فَنَهَاهُمْ فَعُذِّبَ فِي قَبْرِهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ

تھے وے جب پہنچتا ان کو پیشاب کاٹ ڈالتے اسکو قینچی سے پھر منع کیا اسنے ان کو سو عذاب کیا گیا اپنی قبر میں ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو نسائی نے

عَنْهُ عَنْ أَبِي مُوسَى وَعَنْ مَرْوَانَ الْأَصْفَرِ قَالَ رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ أَنَاخَ رَاحِلَتَهُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ ثُمَّ جَلَسَ يَبُولُ إِلَيْهَا فَقُلْتُ

ابا عبد الرحمن سے اسنے ابی موسیٰ سے ۔ اور روایت ہے مروان اصفر سے کہا کہ دیکھا میں نے ابن عمر کو کہ بٹھایا اونٹ اپنا سامنے قبلے کے پھر بیٹھے پیشاب کرنے کو اسکی طرف تب کہا میں نے

يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَلَيْسَ قَدْ نُهِيَ عَنْ هٰذَا قَالَ بَلٰى إِنَّمَا نُهِيَ عَنْ ذٰلِكَ فِي الْفَضَاءِ فَإِذَا كَانَ بَيْنَكَ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ شَيْءٌ يَسْتُرُكَ

اے ابا عبد الرحمن کیا نہیں منع کیا گیا ہے اس سے کہا بلکہ سوائے اسکے نہیں کہ منع کیا گیا ہے اس سے میدان میں پھر جب ہو درمیان تیرے اور درمیان قبلے کے کوئی چیز پردہ کرے تجھکو

فَلَا بَأْسَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنِّي الْأَذٰى

پھر کچھ مضایقہ نہیں روایت کیا ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب نکلتے پاخانے سے کہتے سب تعریف اللہ کو ہے جسنے دور کیا مجھ سے ایذا کو

وَعَافَانِي رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ وَفْدُ الْجِنِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ انْهَ أُمَّتَكَ أَنْ يَسْتَنْجُوا

اور صحت دیا مجھکو روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا جب آئے ایلچی جنوں کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عرض کی یا رسول اللہ منع کر دو اپنی امت کو اس سے کہ استنجا کریں

بِعَظْمٍ أَوْ رَوْثَةٍ أَوْ حُمَمَةٍ فَإِنَّ اللّٰهَ جَعَلَ لَنَا فِيهَا رِزْقًا فَنَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

بَابُ السِّوَاكِ

ہڈی یا گوبر یا کوئلے سے پھر بیشک اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہمارے واسطے اسمیں روزی تب منع کیا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۔ یہ باب ہے مسواک کا

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي لَأَمَرْتُهُمْ بِتَأْخِيرِ الْعِشَاءِ وَبِالسِّوَاكِ عِنْدَ

فصل پہلی ۔ روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر نہ مشکل جانتا میں اپنی امت پر بیشک حکم کرتا میں انکو تاخیر کرنے عشا کا اور مسواک کرنے کا

كُلِّ صَلٰوةٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ بِأَيِّ شَيْءٍ كَانَ يَبْدَأُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ

ہر نماز کے ۔ ق ۔ اور روایت ہے شریح بن ہانی سے کہا کہ پوچھا میں نے حضرت عائشہ سے کس کام کو شروع کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تشریف لاتے

بَيْتَهُ قَالَتْ بِالسِّوَاكِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ لِلتَّهَجُّدِ مِنَ اللَّيْلِ يَشُوصُ فَاهُ بِالسِّوَاكِ

اپنے گھر میں کہا مسواک سے ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے حذیفہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے تہجد کے واسطے رات کو ملتے منہ اپنا مسواک سے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرٌ مِنَ الْفِطْرَةِ قَصُّ الشَّارِبِ وَإِعْفَاءُ اللِّحْيَةِ وَالسِّوَاكُ

ق ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دس خصلت ہیں دین کی کم کرنا لبوں کا اور بڑھا دینا داڑھی کا اور مسواک کرنا

وَاسْتِنْشَاقُ الْمَاءِ وَقَصُّ الْأَظْفَارِ وَغَسْلُ الْبَرَاجِمِ وَنَتْفُ الْإِبْطِ وَحَلْقُ الْعَانَةِ وَانْتِقَاصُ الْمَاءِ يَعْنِي الْاِسْتِنْجَاءَ قَالَ الرَّاوِي وَنَسِيتُ الْعَاشِرَةَ

اور ناک میں پانی دینا اور ترشوانا ناخونوں کا اور دھونا انگلیوں کے گوے کا اور دور کرنا بغل کے بالوں کا اور مونڈنا ناف کے تلے کے بالوں کا اور کم کرنا پانی کا یعنی استنجا کہا راوی نے اور بھول گیا میں دسویں چیز

إِلَّا أَنْ تَكُونَ الْمَضْمَضَةَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي رِوَايَةٍ الْخِتَانُ بَدَلَ إِعْفَاءِ اللِّحْيَةِ لَمْ أَجِدْ هٰذِهِ الرِّوَايَةَ فِي الصَّحِيحَيْنِ وَلَا فِي كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ
مگر یہہ کہ ہو وے کلی روایت کیا اسکو مسلم نے اور ایک روایت میں ختنہ کرنا ہے بدلے داڑھی بڑھانے کے نہ پایا میں نے یہہ روایت صحیحین میں اور نہ کتاب میں حمیدی کی

وَلٰكِنْ ذَكَرَهَا صَاحِبُ الْجَامِعِ وَكَذَا الْخَطَّابِيُّ فِي مَعَالِمِ السُّنَنِ عَنْ أَبِي دَاوُدَ بِرِوَايَةِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ

اَلْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ
ولیکن ذکر کیا اسکو صاحب جامع اصول نے اور اسیطرح خطابی نے معالم سنن میں ابو داؤد سے عمار ابن یاسر کی روایت سے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَأَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَى الْبُخَارِيُّ فِي صَحِيحِهِ
کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسواک پاک کرنے والی منہہ کی ہے اور خوش کرنے والی رب کی روایت کیا اسکو شافعی اور احمد اور دارمی اور نسائی نے اور روایت کیا بخاری نے اپنی صحیح میں

بِلَا إِسْنَادٍ وَعَنْ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعٌ مِنْ سُنَنِ الْمُرْسَلِينَ الْحَيَاءُ وَيُرْوَى الْخِتَانُ وَالتَّعَطُّرُ وَالسِّوَاكُ وَ
بغیر اسناد کے ۔ اور روایت ہے ابی ایوب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار خصلت ہیں طریق رسولوں میں سے یعنی حیا کرنا اور روایت کیا جاتا ہے بجائے حیا کے ختنا کرنا اور خوشبو لگانا اور مسواک کرنا اور

النِّكَاحُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْقُدُ مِنْ لَيْلٍ وَلَا نَهَارٍ فَيَسْتَيْقِظُ إِلَّا يَتَسَوَّكُ قَبْلَ أَنْ يَتَوَضَّأَ
نکاح کرنا روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہ سوتے رات کو اور نہ دن کو پھر جاگتے مگر مسواک کرتے وضو کے پہلے ۔

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَاكُ فَيُعْطِينِي السِّوَاكَ لِأَغْسِلَهُ فَأَبْدَأُ بِهِ فَأَسْتَاكُ ثُمَّ
روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے انہیں سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مسواک کرتے پھر دیتے مجھکو مسواک تاکہ دھوؤں میں اسکو پھر شروع کرتی میں اس سے کہ پہلے مسواک کرتی

أَغْسِلُهُ وَأَدْفَعُهُ إِلَيْهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَرَانِي فِي الْمَنَامِ
دھوتی اسکو اور دیتی اسکو حضرت کو ۔ روایت کیا ابو داؤد نے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دیکھا میں نے اپنے تئیں خواب میں

أَتَسَوَّكُ بِسِوَاكٍ فَجَاءَنِي رَجُلَانِ أَحَدُهُمَا أَكْبَرُ مِنَ الْآخَرِ فَنَاوَلْتُ السِّوَاكَ الْأَصْغَرَ مِنْهُمَا فَقِيلَ لِي كَبِّرْ فَدَفَعْتُهُ إِلَى الْأَكْبَرِ مِنْهُمَا
کہ مسواک کرتا ہوں ایک مسواک سے پھر آئے میرے پاس دو مرد کہ ایک اُن دونوں میں کا بڑا تھا دوسرے سے پھر دیا میں نے مسواک چھوٹے کو اُن دونوں میں سے تب کہا گیا مجھکو بڑے کو دے پھر دیا میں نے اسکو بڑے کو ان دونوں میں سے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا جَاءَنِي جِبْرَئِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَطُّ إِلَّا أَمَرَنِي بِالسِّوَاكِ لَقَدْ خَشِيتُ
۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ آئے میرے پاس جبرئیل علیہ السلام کبھی مگر حکم کیا مجھکو مسواک کا کہ تحقیق ڈرا میں

أَنْ أُحْفِيَ مُقَدَّمَ فِيَّ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ أَكْثَرْتُ عَلَيْكُمْ فِي السِّوَاكِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ
اس سے کہ چھیل ڈالوں میں سامنا اپنے منہہ کا ۔ روایت کی اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک بہت بیان کیا میں نے تم پر مسواک کے مقدمے میں روایت کی اسکو بخاری نے

عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَنُّ وَعِنْدَهُ رَجُلَانِ أَحَدُهُمَا أَكْبَرُ مِنَ الْآخَرِ فَأُوحِيَ إِلَيْهِ فِي فَضْلِ السِّوَاكِ أَنْ كَبِّرْ
حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسواک کرتے اور نزدیک اُن کے دو شخص تھے ایک اُن دونوں میں کا بڑا تھا دوسرے سے پھر وحی کی گئی انکی طرف بزرگی میں مسواک کی یہہ کہ

أَعْطِ السِّوَاكَ أَكْبَرَهُمَا رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَفْضُلُ الصَّلٰوةُ الَّتِي يُسْتَاكُ لَهَا عَلَى الصَّلٰوةِ
دے تو مسواک دونوں میں سے بڑے کو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے انہیں سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بزرگی رکھتی ہے وہ نماز کہ جسکے واسطے مسواک کی جاتی ہے اس نماز پر

الَّتِي لَا يُسْتَاكُ لَهَا سَبْعِينَ ضِعْفًا رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَعَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ
کہ نہیں مسواک کی جاتی اسکے لئے ستر گونا روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں ۔ اور روایت ہے ابی سلمہ سے اسنے روایت کیا زید ابن خالد جہنی سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي لَأَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ وَلَأَخَّرْتُ صَلٰوةَ الْعِشَاءِ إِلَى ثُلُثِ اللَّيْلِ قَالَ فَكَانَ
صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے اگر نہ مشکل جانتا میں اپنی امت پر بیشک حکم کرتا ان کو مسواک کرنے کا نزدیک ہر نماز کے اور بیشک تاخیر کرتا میں عشا کی نماز کی تہائی رات تک کہا ابو سلمہ نے پھر تھے

زيد بن خالد يشهد الصلوات في المسجد وسواكه على أذنه موضع القلم من أذن الكاتب لا يقوم إلى الصلوة إلا استن ثم رده

زید ابن خالد حاضر ہوتے نمازوں کو مسجد میں اور مسواک اُنکی اُن کے کان پر ہوتی جگہ قلم کے لکھنے والے کے کان پر نہ کھڑے ہوتے نماز کے واسطے مگر مسواک کرتے پھر رکھ دیتے

إلى موضعه رواه الترمذي وأبو داود إلا أنه لم يذكر ولأخرت صلوة العشاء إلى ثلث الليل وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح

اُسکی جگہ پر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے مگر ابوداؤد نے ذکر کیا ولاخرت صلوۃ العشاء الی ثلث اللیل اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن صحیح ہے۔

باب سنن الوضوء الفصل الاول

عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا استيقظ أحدكم من نومه فلا

یہہ باب ہے بیان میں سنتیں وضو کے۔ فصل پہلی۔ روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت جاگے کوئی تم میں کا اپنی نیند سے پھر نہ

يغمس يده في الإناء حتى يغسلها ثلثا فإنه لا يدري أين باتت يده متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا استيقظ

ڈبووے اپنا ہاتھ باسن میں یہاں تک کہ دھو لے اسکو تین بار پھر تحقیق وہ نہیں جانتا ہے کہاں رات گذاری اسکے ہاتھ نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

أحدكم من منامه فتوضأ فليستنثر ثلثا فإن الشيطان يبيت على خيشومه متفق عليه قيل لعبد الله بن زيد بن عاصم كيف كان

کوئی تم میں کا اپنی نیند سے پھر وضو کرے تو چاہئے کہ ناک جھاڑے تین بار پھر تحقیق شیطان رات گذارتا ہے اسکے ناک کے بانسے پر۔ اور کہا گیا عبداللہ ابن زید ابن عاصم کو کیونکر تھے

رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ فدعا بوضوء فأفرغ على يديه فغسل يديه مرتين مرتين ثم مضمض واستنثر ثلثا ثم غسل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے تب منگوایا پانی وضو کا پھر ڈالا اپنے دونوں ہاتھوں پر اور دھویا اپنے دونوں ہاتھ دو دو بار پھر کلی کیا اور ناک جھاڑی تین بار پھر دھویا

وجهه ثلثا ثم غسل يديه مرتين مرتين إلى المرفقين ثم مسح رأسه بيديه فأقبل بهما وأدبر بدأ بمقدم رأسه ثم ذهب

اپنا منہہ تین بار پھر دھویا اپنے دونوں ہاتھ دو دو بار کہنیوں تک پھر مسح کیا اپنے سر کو اپنے دونوں ہاتھ سے پھر آگے لے گئے اور پیچھے کو لے گئے دونوں ہاتھوں کو شروع کیا سر کے اگلے حصے سے اور پیچھے سے آگے کو

بهما إلى قفاه ثم ردهما حتى رجع إلى المكان الذي بدأ منه ثم غسل رجليه رواه مالك والنسائي ولأبي داود نحوه ذكره صاحب

دونو ہاتھوں کو گدی تک پھر پھیر لائے دونوں ہاتھوں کو یہاں تک کہ پھر آئے اس جگہ تک کہ شروع کیا تھا وہاں سے پھر دھویا دونوں پاؤں۔ روایت کیا اسکو مالک اور نسائی نے اور ابوداؤد کی روایت اسی طرح ہے

الجامع وفي المتفق عليه قيل لعبد الله بن زيد بن عاصم توضأ لنا وضوء رسول الله صلى الله عليه وسلم فدعا بإناء فأكفأ

جامع الاصول نے اور بخاری مسلم کی روایت میں یوں ہے کہ کہا گیا عبداللہ ابن زید ابن عاصم کو کہ وضو کرو ہمارے واسطے وضو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پھر منگوایا باسن پانی کا پھر ڈالا

منه على يديه فغسلهما ثلثا ثم أدخل يده فاستخرجها فمضمض واستنشق من كف واحدة ففعل ذلك ثلثا ثم أدخل

اُس سے پانی اپنے دونوں ہاتھوں پر اور دھویا انکو تین بار پھر ڈالا اپنا ہاتھ پھر نکالا اسکو اور کلی کیا اور ناک میں پانی دیا ایک ہی چلو سے پھر کیا یہہ تین بار پھر ڈالا

يده فاستخرجها فغسل وجهه ثلثا ثم أدخل يده فاستخرجها فغسل يديه إلى المرفقين مرتين مرتين ثم أدخل يده فاستخرجها

اپنا ہاتھ پھر نکالا اسکو اور دھویا اپنا منہہ تین بار پھر ڈالا اپنا ہاتھ اور نکالا اسکو پھر دھویا اپنے دونوں ہاتھ کہنیوں تک دو دو بار پھر ڈالا اپنا ہاتھ اور نکالا اسکو

فمسح برأسه فأقبل بيديه وأدبر ثم غسل رجليه إلى الكعبين ثم قال هكذا كان وضوء رسول الله صلى الله عليه وسلم وفي رواية

پھر مسح کیا اپنے سر کا آگے سے پیچھے کو لے گئے دونوں ہاتھ اپنے اور پیچھے سے آگے کو لائے پھر دھویا اپنے دونوں پاؤں ٹخنوں تک بعد اسکے کہا اسطرح تھا وضو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اور ایک روایت میں یوں ہے

فأقبل بهما وأدبر بدأ بمقدم رأسه ثم ذهب بهما إلى قفاه ثم ردهما حتى رجع إلى المكان الذي بدأ منه ثم غسل رجليه وفي

آگے سے پیچھے گئے دونوں ہاتھ اور پیچھے سے آگے لائے شروع کیا اگلے حصے اپنے سر سے پھر لے گئے دونوں ہاتھ گدی تک پھر پھیر لائے اُنکو یہاں تک کہ پھر آئے اُس مکان کو جہاں سے شروع کیا پھر دھویا اپنے دونوں پاؤں اور ایک

رواية فمضمض واستنشق واستنثر ثلثا بثلث غرفات من ماء وفي أخرى فمضمض واستنشق من كفة واحدة ففعل

روایت میں یوں ہے پھر کلی کیا اور ناک میں پانی دیا اور ناک جھاڑی تین بار تین چلو پانی سے اور دوسری روایت میں پھر کلی کیا اور ناک میں پانی دیا ایک ہی چلو پانی سے پھر کیا

ذٰلِكَ ثَلٰثًا وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ فَمَسَحَ رَأْسَهٗ فَأَقْبَلَ بِهِمَا وَأَدْبَرَ مَرَّةً ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ إِلَى الْكَعْبَيْنِ وَفِيْ أُخْرٰى لَهٗ فَمَضْمَضَ

یہ تین بار اور ایک روایت میں بخاری کی پھر مسح کیا اپنے سر کا اور آگے سے پیچھے لے گئے دونوں ہاتھ اور پیچھے سے آگے لائے ایک بار پھر دھویا اپنے دونوں پاؤں ٹخنوں تک اور بخاری کی دوسری روایت میں

وَاسْتَنْثَرَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ مِنْ غَرْفَةٍ وَاحِدَةٍ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ تَوَضَّأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور ناک جھاڑی تین بار ایک چلو پانی سے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن عباس سے رضی اللہ عنہما سے کہا کہ وضو کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ مَرَّةً مَرَّةً لَمْ يَزِدْ عَلٰى هٰذَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

وسلم نے ایک ایک بار نہ زیادہ کیا اس پر روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن زید سے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا دو دو بار روایت کیا اسکو بخاری نے

وَعَنْ عُثْمَانَ أَنَّهٗ تَوَضَّأَ بِالْمَقَاعِدِ فَقَالَ أَلَا أُرِيْكُمْ وُضُوْءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَوَضَّأَ ثَلٰثًا ثَلٰثًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

اور روایت ہے حضرت عثمان سے تحقیق انھوں نے وضو کیا مقاعد میں اور کہا کیا نہ دکھلاؤں میں تمکو وضو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پھر وضو کیا تین تین بار روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ رَجَعْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ حَتّٰى إِذَا كُنَّا بِمَاءٍ فِي الطَّرِيْقِ تَعَجَّلَ قَوْمٌ عِنْدَ

عبد اللہ ابن عمرو سے کہا کہ پھرے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکے سے مدینے کی طرف یہانتک کہ جب پہنچے ہم پانی پر جو راہ پر تھا جلدی کی ایک گروہ نے نزدیک

الْعَصْرِ فَتَوَضَّؤُا وَهُمْ عُجَّالٌ فَانْتَهَيْنَا إِلَيْهِمْ وَأَعْقَابُهُمْ تَلُوْحُ لَمْ يَمَسَّهَا الْمَاءُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيْلٌ لِلْأَعْقَابِ

عصر کے پھر وضو کیا اور وہ لوگ جلدی کرنے والے تھے پھر پہنچے ہم انکے پاس اور ایڑیاں انکی چمکتی تھیں نہ پہنچا تھا انکو پانی تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عذاب ہے ان ایڑیوں کو

مِنَ النَّارِ أَسْبِغُوا الْوُضُوْءَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ فَمَسَحَ بِنَاصِيَتِهٖ وَعَلَى

آگ سے پورا کرو وضو کو روایت کی اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے مغیرہ ابن شعبہ سے کہا کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا پھر مسح کیا اپنی پیشانی اور

الْعِمَامَةِ وَعَلَى الْخُفَّيْنِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ التَّيَمُّنَ مَا اسْتَطَاعَ فِيْ شَأْنِهٖ كُلِّهٖ فِيْ

پگڑی پر اور موزوں پر روایت کی اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دوست رکھتے داہنے طرف سے شروع کرنا جسقدر سکتے اپنے سب کاموں میں

طُهُوْرِهٖ وَتَرَجُّلِهٖ وَتَنَعُّلِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

الْفَصْلُ الثَّانِيْ

عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا

اپنی طہارت میں اور کنگھی کرنے میں اور اپنے جوتا پہننے میں ہے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب

لَبِسْتُمْ وَإِذَا تَوَضَّأْتُمْ فَابْدَؤُا بِأَيَامِنِكُمْ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا

پہنو تم ۔ اور جب وضو کرو تم تو شروع کرو اپنے داہنی طرف سے ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے سعید ابن زید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں

وُضُوْءَ لِمَنْ لَمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوٗدَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ وَالدَّارِمِيُّ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ

وضو اس شخص کے واسطے کہ نہ نام لیا اللہ کا اسپر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا احمد اور ابو داؤد نے ابو ہریرہ سے اور دارمی نے ابو سعید خدری سے انہوں نے

عَنْ أَبِيْهِ وَزَادُوْا فِيْ أَوَّلِهٖ لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَا وُضُوْءَ لَهٗ وَعَنْ لَقِيْطِ بْنِ صَبِرَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَخْبِرْنِيْ عَنِ الْوُضُوْءِ

اپنے باپ سے اور زیادہ کیا سب نے اس حدیث کے اول میں نہیں ہے نماز اس شخص کے واسطے کہ جسکو وضو نہیں ۔ اور روایت ہے لقیط ابن صبرہ سے کہا کہ عرض کیا میں نے یا رسول اللہ خبر دیجئے مجھکو وضو کی

قَالَ أَسْبِغِ الْوُضُوْءَ وَخَلِّلْ بَيْنَ الْأَصَابِعِ وَبَالِغْ فِي الْاِسْتِنْشَاقِ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ صَائِمًا رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوٰى

فرمایا پورا کرو وضو کو اور خلال کرو انگلیوں کے درمیان اور خوب پہنچا ناک میں پانی مگر یہ کہ ہو تو روزہ دار ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی اور نسائی نے اور روایت کیا

ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ إِلٰى قَوْلِهٖ بَيْنَ الْأَصَابِعِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَوَضَّأْتَ فَخَلِّلْ أَصَابِعَ يَدَيْكَ

ابن ماجہ اور دارمی نے قول بین الاصابع تک ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب وضو کرے تو تو خلال کر انگلیوں میں اپنے دونوں

وَرِجْلَيْكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَى ابْنُ مَاجَهْ نَحْوَهُ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ

اور پاؤں کی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے ایسا ہی اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے مستورد ابن شداد سے کہا کہ دیکھا میں نے رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَوَضَّأَ يَدْلُكُ أَصَابِعَ رِجْلَيْهِ بِخِنْصَرِهٖ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

صلی اللہ علیہ وسلم کو جس وقت کہ وضو کرتے ملتے انگلیاں اپنے دونوں پاؤں کی اپنی چھنگلیا سے روایت کی اسکو ترمذی نے اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَوَضَّأَ أَخَذَ كَفًّا مِنْ مَاءٍ فَأَدْخَلَهٗ تَحْتَ حَنَكِهٖ فَخَلَّلَ بِهٖ لِحْيَتَهٗ وَقَالَ هٰكَذَا أَمَرَنِيْ رَبِّيْ رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ وَعَنْ عُثْمَانَ

اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے لیتے ایک چلو پانی پھر ڈالتے اسکو اپنی ٹھوڑی کے نیچے پھر خلال کرتے اس پانی سے اپنی داڑھی کو اور فرمایا اسی طرح حکم کیا مجھکو میرے رب نے ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے عثمان سے

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُخَلِّلُ لِحْيَتَهٗ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ أَبِيْ حَيَّةَ قَالَ رَأَيْتُ عَلِيًّا تَوَضَّأَ فَغَسَلَ كَفَّيْهِ حَتّٰى

تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے خلال کرتے اپنی داڑھی کا روایت کی اسکو ترمذی اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے ابی حیہ سے کہا کہ دیکھا میں نے حضرت علی کو کہ وضو کیا پھر دھویا اپنی دونوں ہتھیلیاں یہاں تک

أَنْقَاهُمَا ثُمَّ مَضْمَضَ ثَلَاثًا وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا وَغَسَلَ وَجْهَهٗ ثَلَاثًا وَذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا وَمَسَحَ بِرَأْسِهٖ مَرَّةً ثُمَّ غَسَلَ قَدَمَيْهِ إِلَى الْكَعْبَيْنِ ثُمَّ

پاک کیا دونوں کو پھر کلی کی تین بار اور ناک میں پانی دیا تین بار اور دھویا اپنا منہہ تین بار اور اپنے دونوں ہاتھ تین بار اور مسح کیا اپنے سر کا ایک بار پھر دھویا اپنے دونوں پاؤں ٹخنوں تک پھر

قَامَ فَأَخَذَ فَضْلَ طَهُوْرِهٖ فَشَرِبَهٗ وَهُوَ قَائِمٌ ثُمَّ قَالَ أَحْبَبْتُ أَنْ أُرِيَكُمْ كَيْفَ كَانَ طُهُوْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

کھڑے ہوئے لیا بچا پانی اپنے وضو کا پھر پیا اسکو کھڑے ہوئے پھر فرمایا کہ دوست رکھا میں نے یہہ کہ دکھلاؤں تمکو کسطرح تھا وضو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا روایت کیا اسکو ترمذی

وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ عَبْدِ خَيْرٍ قَالَ نَحْنُ جُلُوْسٌ نَنْظُرُ إِلٰى عَلِيٍّ حِيْنَ تَوَضَّأَ فَأَدْخَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى فَمَلَأَ فَمَهٗ فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَنَثَرَ

اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے عبد خیر سے کہا کہ ہم تھے بیٹھے ہوئے دیکھتے حضرت علی کی طرف جس وقت کہ وضو کرتے تھے پھر ڈالا اپنا داہنا ہاتھ برتن میں پھر بھرا اپنا منہہ اور کلی کیا اور ناک میں پانی دیا اور جھاڑا

بِيَدِهِ الْيُسْرٰى فَعَلَ هٰذَا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ مَنْ سَرَّهٗ أَنْ يَنْظُرَ إِلٰى طُهُوْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهٰذَا طُهُوْرُهٗ رَوَاهُ

اپنے بائیں ہاتھ سے کیا یہہ تین بار پھر کہا جو شخص کہ خوش کرے اسکو دیکھنا طرف وضو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پس تو یہہ ہی وضو حضرت کا ۔ روایت کیا اسکو

الدَّارِمِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ مِنْ كَفٍّ وَاحِدٍ فَعَلَ ذٰلِكَ

دارمی نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن زید سے کہ کہا دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کلی کیا اور ناک میں پانی دیا ایک چلو سے کیا یہہ

ثَلَاثًا رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ بِرَأْسِهٖ وَأُذُنَيْهِ بَاطِنِهِمَا بِالسَّبَّاحَتَيْنِ وَظَاهِرِهِمَا

تین بار روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مسح کیا اپنے سر کا اور اپنے دونوں کانوں کا اندر انکے دونوں کلمے کی انگلیوں سے

بِإِبْهَامَيْهِ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَعَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ أَنَّهَا رَأَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ قَالَتْ فَمَسَحَ رَأْسَهٗ مَا أَقْبَلَ

اپنے دونوں انگوٹھوں سے روایت کیا اسکو نسائی نے ۔ اور روایت ہے ربیع بنت معوذ سے کہ انہنے دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرتے تھے اسنے کہا پھر مسح کیا اپنے سر کا جو کچھ کہ سامنے ہے

مِنْهُ وَمَا أَدْبَرَ وَصُدْغَيْهِ وَأُذُنَيْهِ مَرَّةً وَاحِدَةً وَفِيْ رِوَايَةٍ أَنَّهٗ تَوَضَّأَ فَأَدْخَلَ إِصْبَعَيْهِ فِيْ جُحْرَيْ أُذُنَيْهِ رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ وَ

سر کے اور جو پیچھے اور اپنی دونوں کنپٹی اور اپنے دونوں کانوں کو ایک بار اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت نے وضو کیا پھر ڈالا اپنی دونوں انگلیاں دونوں سوراخوں میں اپنے دونوں کانوں کے روایت کیا ابوداؤد اور

رَوَى التِّرْمِذِيُّ الرِّوَايَةَ الْأُوْلٰى وَأَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَهْ الثَّانِيَةَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ أَنَّهٗ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ

روایت کیا ترمذی نے روایت پہلی اور احمد اور ابن ماجہ نے دوسری ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن زید سے بیشک اسنے دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ وضو کیا

وَأَنَّهٗ مَسَحَ رَأْسَهٗ بِمَاءٍ غَيْرِ فَضْلِ يَدَيْهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ مَعَ زَوَائِدَ وَعَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ ذَكَرَ وُضُوْءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

اور بیشک حضرت نے مسح کیا اپنے سر کو پانی سے جو نہ تھا بچا ہوا انکے دونوں ہاتھ کا ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو مسلم نے ساتھ زیادتی کے ۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ ذکر کیا وضو رسول اللہ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَكَانَ يَمْسَحُ الْمَأْقَيْنِ وَقَالَ الْأُذُنَانِ مِنَ الرَّأْسِ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ وَأَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَذَكَرَا قَالَ حَمَّادٌ

صلی اللہ علیہ وسلم کا کہا اور تھے حضرت مسح کرتے آنکھوں کے کونوں کو اور فرمایا دونوں کان بیچ سر میں داخل ہیں روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور ابوداؤد اور ترمذی نے اور دونوں نے کیا ہے کہ کہا حماد نے

لَا أَدْرِي الْأُذُنَانِ مِنَ الرَّأْسِ مِنْ قَوْلِ أَبِي أُمَامَةَ أَمْ مِنْ قَوْلِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ

نہیں جانتا ہیں الاذنان من الراس قول ابی امامہ کا ہے یا فرمایا ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے ۔ اور روایت ہے عمرو ابن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُس نے اپنے دادا سے

قَالَ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُهُ عَنِ الْوُضُوءِ فَأَرَاهُ ثَلَاثًا ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا الْوُضُوءُ فَمَنْ زَادَ عَلَى هٰذَا فَقَدْ أَسَاءَ

کہا کہ آیا ایک گنوار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پوچھتا تھا حضرت سے وضو کا حال تب دکھلایا اسکو تین تین بار ۔ پھر بعد اسکے فرمایا اسی طرح ہے وضو پھر جس شخص نے زیادہ کیا

وَتَعَدَّى وَظَلَمَ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَرَوَى أَبُو دَاوُدَ مَعْنَاهُ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُغَفَّلِ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَهُ يَقُولُ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ

اور حد سے گذرا اور ظلم کیا روایت کیا اسکو نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا ابوداؤد نے معنے اسکے ۔ اور روایت ہے عبداللہ ابن مغفل سے کہ بیشک اُسنے سنا اپنے بیٹے کو وہ کہتا تھا یا الٰہی تحقیق

الْقَصْرَ الْأَبْيَضَ عَنْ يَمِينِ الْجَنَّةِ قَالَ أَيْ بُنَيَّ سَلِ اللهَ الْجَنَّةَ وَتَعَوَّذْ بِهِ مِنَ النَّارِ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّهُ

محل سفید داہنی طرف بہشت کے کہا اے میرے بچے مانگ اللہ سے بہشت اور پناہ پکڑ ساتھ اسکے دوزخ سے پھر بیشک میں نے سنا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ تحقیق

سَيَكُونُ فِي هٰذِهِ الْأُمَّةِ قَوْمٌ يَعْتَدُونَ فِي الطُّهُورِ وَالدُّعَاءِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنِ النَّبِيِّ

قریب ہے کہ ہوویگے اس امت میں ایک قوم کہ حد سے گذر جاینگے طہارت اور دعا میں ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابی ابن کعب سے اسنے نقل کیا ہے

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ لِلْوُضُوءِ شَيْطَانًا يُقَالُ لَهُ الْوَلَهَانُ فَاتَّقُوا وَسْوَاسَ الْمَاءِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا

صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ بیشک وضو کے واسطے ایک شیطان ہے کہ کہا جاتا ہے اسکو ولہان ۔ ف ۔ پس بچو تم پانی کے وسواس سے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ

حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيثِ لِأَنَّا لَا نَعْلَمُ أَحَدًا أَسْنَدَهُ غَيْرَ خَارِجَةَ وَهُوَ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ عِنْدَ أَصْحَابِنَا

حدیث غریب ہے اور نہیں ہے اسناد اسکی قوی نزدیک اہل حدیث کے اسواسطے کہ ہم نہیں جانتے کسی کو کہ بیان کی ہو اسنے سند اس حدیث کی سوا خارجہ کے اور وہ نہیں ہے قوی ہمارے محدثوں کے نزدیک

وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَوَضَّأَ مَسَحَ وَجْهَهُ بِطَرَفِ ثَوْبِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَائِشَةَ

اور روایت ہے معاذ ابن جبل سے کہا کہ دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب وضو کرتے پونچھتے اپنا منہ اپنے کپڑے کے کونے سے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے

قَالَتْ كَانَ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِرْقَةٌ يُنَشِّفُ بِهَا أَعْضَاءَهُ بَعْدَ الْوُضُوءِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ لَيْسَ

کہا کہ تھا واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک کپڑا کہ پونچھتے تھے اُس سے عضو اپنے بعد وضو کے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث نہیں ہے

بِالْقَائِمِ وَأَبُو مُعَاذٍ الرَّاوِي ضَعِيفٌ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيثِ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ ثَابِتِ بْنِ أَبِي صَفِيَّةَ قَالَ قُلْتُ لِأَبِي جَعْفَرٍ

قوی اور ابو معاذ راوی اس حدیث کا ضعیف ہے نزدیک اہل حدیث کے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے ثابت ابن صفیہ سے کہا کہ کہا میں نے ابی جعفر کو

هُوَ مُحَمَّدٌ الْبَاقِرُ حَدَّثَكَ جَابِرٌ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ مَرَّةً مَرَّةً وَمَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ وَثَلَاثًا ثَلَاثًا قَالَ نَعَمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ

جو امام محمد باقر ہیں کیا خبر دیا ہے تم کو جابر نے یہہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا ایک ایک بار اور دو دو بار اور تین تین بار فرمایا ہاں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ وَقَالَ هُوَ نُورٌ عَلَى نُورٍ وَعَنْ عُثْمَانَ رَضِيَ اللهُ

اور روایت ہے عبداللہ ابن زید سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا دو دو بار اور فرمایا وہ نور ہے نور پر ۔ ف ۔ اور روایت ہے عثمان رضی اللہ

عَنْهُ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا وَقَالَ هٰذَا وُضُوئِي وَوُضُوءُ الْأَنْبِيَاءِ قَبْلِي وَوُضُوءُ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

عنہ سے کہا کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا تین تین بار اور فرمایا یہہ وضو میرا ہے اور وضو نبیوں کا جو مجھ سے پہلے تھے اور وضو ابراہیم علیہ السلام کا

رواهما ابن ماجة والنووي ضعّف الثاني في شرح مسلم وعن انس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ لكل صلوة وكان احدنا

روایت کیا دونوں حدیثوں کو ابن ماجہ نے اور نووی نے ضعیف کہا دوسری حدیث کو شرح مسلم میں۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے ہر نماز کے واسطے اور تھا کوئی ہم

يكفيه الوضوء ما لم يحدث رواه الدارمي وعن محمد بن يحيى بن حبان قال قلت لعبيد الله بن عبد الله بن عمر ارأيت وضوء

کو کفایت کرتا تھا اسکو وضو جب تک کہ حدث کرتا۔ روایت کیا اسکو دارمی نے۔ اور روایت ہے محمد ابن یحیی ابن حبان سے کہا کہا میں نے عبید اللہ بیٹے عبد اللہ ابن عمر کو خبر دے مجھکو وضو

عبد الله بن عمر لكل صلوة طاهرا كان او غير طاهر عمّن اخذه فقال حدثته اسماء بنت زيد بن الخطاب ان عبد الله بن حنظلة ابن

عبد اللہ ابن عمر کی سے ہر نماز کے واسطے باوضو ہوتے یا بے وضو کسی سے لیا ہے اسکو تب کہا خبر دیا ابن عمر کو اسماء بنت زید ابن خطاب نے کہ عبد اللہ ابن حنظلہ ابن

ابي عامر الغسيل حدثها ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان امر بالوضوء لكل صلوة طاهرا كان او غير طاهر فلما شق

ابی عامر غسیل نے خبر دیا اسماء کو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے حکم کئے گئے ساتھ وضو کے واسطے ہر نماز کے باوضو ہوتے یا بے وضو پھر جب مشکل ہوا

ذلك على رسول الله صلى الله عليه وسلم امر بالسواك عند كل صلوة ووضع عنه الوضوء الا من حدث قال فكان عبد الله

یہہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر حکم کئے گئے مسواک کرنیکا نزدیک ہر نماز کے اور موقوف کیا گیا انسے وضو کرنا مگر وضو ٹوٹنے سے کہا پھر عبد اللہ نے

يرى ان به قوة على ذلك ففعله حتى مات رواه احمد وعن عبد الله بن عمرو بن العاص ان النبي صلى الله عليه وسلم

اعتقاد کرتے کہ مجھکو بھی قوت اس پر ہے۔ پھر کیا اسکو یہاں تک کہ وفات پائے۔ روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو ابن عاص سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم

مرّ بسعد وهو يتوضأ فقال ما هذا السرف يا سعد قال افي الوضوء سرف قال نعم وان كنت على نهر جار رواه احمد

گذرے سعد پاس اور وہ وضو کرتے تھے تب فرمایا کیا ہے یہہ اسراف کرنا اے سعد عرض کیا وضو میں بھی اسراف ہے فرمایا ہاں اگرچہ ہو تو بہتی ندی پر۔ روایت کیا اسکو احمد

وابن ماجه وعن ابي هريرة وابن مسعود وابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من توضأ وذكر اسم الله فانه

اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ اور ابن مسعود اور ابن عمر سے انھوں نے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جس نے وضو کیا اور یاد کیا نام اللہ کا پھر بیشک

يطهر جسده كله ومن توضأ ولم يذكر اسم الله لم يطهر الا موضع الوضوء وعن ابي رافع قال كان رسول الله صلى

پاک کرتا ہے اپنے تمام بدن کو اور جسنے وضو کیا اور نہ یاد کیا نام اللہ کا اسنے نہ پاک کیا مگر وضو کے بدن کو۔ اور روایت ہے ابو رافع سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم اذا توضأ وضوء الصلوة حرك خاتمه في اصبعه رواهما الدارقطني وروى ابن ماجه الاخير

اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے وضو نماز کا ہلاتے انگوٹھی اپنی انگلیوں میں روایت کیا دونوں حدیثوں کو دارقطنی نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے اخیر کو۔

باب الغسل

الفصل الاول

یہہ باب ہے بیچ غسل کے فصل پہلی۔

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا جلس احدكم بين شعبها الاربع ثم جهدها فقد وجب الغسل

روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بیٹھا کوئی تم میں کا عورت کی چار شاخوں کے بیچ میں پھر محنت کی تو تحقیق واجب ہوا غسل

وان لم ينزل متفق عليه وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انما الماء من الماء رواه مسلم قال الشيخ الامام

اگرچہ منی نہ نکلی ہو۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں واجب ہوتا پانی مگر پانی سے۔ روایت کیا اسکو مسلم نے کہا شیخ امام

محي السنة رحمه الله هذا منسوخ وقال ابن عباس انما الماء من الماء في الاحتلام رواه الترمذي ولم اجده في الصحيحين وعن

محی السنہ رحمہ اللہ نے یہہ منسوخ ہے کہا ابن عباس نے کہ انما الماء من الماء بیان ہے بیچ احتلام کے۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور نہیں پایا میں نے صحیحین میں اور روایت ہے

ام سلمة قالت قالت ام سليم يا رسول الله ان الله لا يستحيي من الحق فهل على المرأة من غسل اذا احتلمت قال نعم اذا رأت الماء

ام سلمہ سے کہا کہ کہا ام سلیم نے یا رسول اللہ تحقیق اللہ نہیں شرماتا حق سے پھر بھلا ہے عورت پر غسل جب کہ خواب دیکھے فرمایا ہاں جب دیکھے پانی۔

فغطت ام سلمة وجهها وقالت يا رسول الله او تحتلم المرأة قال نعم تربت يمينك فبم يشبهها ولدها متفق عليه وزاد

پھر ڈھانک لیا ام سلمہ نے اپنا منہہ اور کہا یا رسول اللہ کیا خواب دیکھتی ہے عورت بھی فرمایا ہاں خاک آلودہ ہو تیرا داہنا ہاتھ پھر کس سبب سے مشابہ ہوتا ہے بچہ اسکا ق اور زیادہ کیا

مسلم برواية ام سليم ان ماء الرجل غليظ ابيض وماء المرأة رقيق اصفر فمن ايهما علا او سبق يكون منه الشبه

مسلم نے ام سلیم کی روایت سے یہہ کہ تحقیق منی مرد کی گاڑھی ہوتی ہے سفید اور منی عورت کی پتلی ہوتی ہے زرد پھر جون دونوں پانی سے اوپر پڑے یا پہلے رحم میں پڑے ہوتا ہے بچہ اسی سے

وعن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اغتسل من الجنابة بدأ فغسل يديه ثم يتوضأ كما يتوضأ للصلوة

اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب غسل کرتے جنابت کا شروع کرتے پھر دھوتے اپنے دونوں ہاتھ اور وضو کرتے جیسے وضو کرتے نماز کے لئے

ثم يدخل اصابعه في الماء فيخلل بها اصول شعره ثم يصب على رأسه ثلث غرفات بيديه ثم يفيض الماء على جلده

پھر ڈالتے اپنی انگلیاں پانی میں اور خلال کرتے ان سے اپنے بالوں کی جڑوں کو پھر ڈالتے اپنے سر میں تین چلو اپنے دونوں ہاتھ سے پھر جاری کرتے پانی اپنے تمام بدن پر

كله متفق عليه وفي رواية لمسلم يبدأ فيغسل يديه قبل ان يدخلهما الاناء ثم يفرغ بيمينه على شماله فيغسل فرجه ثم

ق اور ایک روایت میں مسلم کی شروع کرتے پھر دھوتے اپنے دونوں ہاتھ پہلے اس سے کہ ڈالیں انکو باسن میں پھر ڈالتے اپنے داہنے ہاتھ سے اپنے بائیں ہاتھ پر اور دھوتے اپنی شرمگاہ پھر

يتوضأ وعن ابن عباس قال قالت ميمونة وضعت للنبي صلى الله عليه وسلم غسلا فسترته بثوب وصب على يديه

وضو کرتے ق اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ کہا حضرت میمونہ نے رکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے پانی غسل کا پھر پردہ کیا میں نے انکا ایک کپڑے سے اور پانی ڈالا اپنے دونوں ہاتھ پر

فغسلهما ثم صب بيمينه على شماله فغسل فرجه فضرب بيده الارض فمسحها ثم غسلها فمضمض

اور دھویا ان کو پھر پانی ڈالا اپنے داہنے ہاتھ سے اپنے بائیں ہاتھ پر اور دھویا اپنی شرمگاہ کو پھر مارا اپنا ہاتھ زمین پر اور ملا اسکو پھر دھویا اسکو پھر کلی کی

واستنشق وغسل وجهه وذراعيه ثم صب على رأسه وافاض على جسده ثم تنحى فغسل قدميه فناولته ثوبا فلم يأخذه فانطلق

اور ناک میں پانی دیا اور دھویا اپنا منہہ اور دونوں ہاتھ اپنے پھر پانی ڈالا اپنے سر پر اور بہایا پانی اپنے بدن پر پھر کنارے ہو گئے اور دھوئے دونوں پاؤں پھر دیا میں نے انکو کپڑا سو نہ لیا اسکو اور چلے

وهو ينفض يديه متفق عليه ولفظه للبخاري وعن عائشة قالت ان امرأة من الانصار سألت النبي صلى الله عليه وسلم عن غسلها

حضرت جھاڑتے ہوئے دونوں ہاتھ اپنے ق اور لفظ اسکا بخاری کا ہے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تحقیق ایک عورت نے انصار میں پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو طرح غسل کرنے اپنے

من المحيض فامرها كيف تغتسل قال خذي فرصة من مسك فتطهري بها قالت كيف اتطهر بها قال تطهري بها قالت كيف

حیض سے پھر حکم کیا اسکو کہ کس طرح غسل کرے پھر فرمایا لے تو ایک ٹکڑا مشک سے پھر پاک ہو تو ساتھ اسکے کہا کس طرح پاک ہوں میں ساتھ اسکے پھر فرمایا پاک ہو تو ساتھ اسکے کہا

اتطهر بها قال سبحان الله تطهري بها فاجتبذتها الي فقلت تتبعي بها اثر الدم متفق عليه وعن ام سلمة قالت قلت يا

پاک ہوں ساتھ اسکے فرمایا سبحان اللہ پاک ہو تو ساتھ اسکے پھر کھینچ لیا میں نے اسکو اپنی طرف اور کہا میں نے پونچھ تو ساتھ اسکے نشان خون کا ق اور روایت ہے حضرت ام سلمہ سے کہا کہا میں نے یا

رسول الله اني امرأة اشد ضفر رأسي افانقضه لغسل الجنابة فقال لا انما يكفيك ان تحثي على رأسك ثلث حثيات

رسول اللہ تحقیق میں ایک عورت ہوں کہ مضبوط باندھتی ہوں چوٹیاں اپنے سر کی کیا کھولوں میں اسکو غسل جنابت کے لئے تب فرمایا نہیں سوا اسکے نہیں کہ کفایت کرتا ہے تجھکو یہ کہ ڈالے تو اپنے سر پر تین لپ پانی

ثم تفيضين عليك الماء فتطهرين رواه مسلم وعن انس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يتوضأ بالمد ويغتسل بالصاع الى

پھر بہاوے تو اپنے اوپر پانی اور پاک ہو تو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے ایک مد پانی سے اور غسل کرتے ایک صاع پانی سے

خمسة امداد متفق عليه وعن معاذة قالت قالت عائشة كنت اغتسل انا ورسول الله من اناء واحد بيني وبينه فيبادرني

پانچ مد تک ق اور روایت ہے معاذہ سے کہا کہ کہا حضرت عائشہ نے تھی میں غسل کرتی اور رسول اللہ ایک ہی باسن سے کہ میرے اور حضرت کے درمیان ہوتا پھر جلدی کرتے مجھ سے

حتى أقول دعي لي دعي لي قالت وهما جنبان. متفق عليه. **الفصل الثاني** عن عائشة قالت سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن

یہاں تک کہتی میں چھوڑ دیجیے میرے واسطے چھوڑ دیجیے میرے واسطے کہا عائشہ نے اور وہ دونوں جنبی تھے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا پوچھے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حال سے

الرجل يجد البلل ولا يذكر احتلاما قال يغتسل وعن الرجل الذي يرى أنه قد احتلم ولا يجد بللا قال لا غسل عليه قالت أم سليم هل

ایک شخص کے کہ پاوے تری اور نہ یاد رکھتا ہو خواب فرمایا غسل کرے اور حال اس شخص کے کہ جانتا ہے تحقیق خواب دیکھا اور نہیں پاتا تری فرمایا نہیں غسل اوپر اسکے کہا ام سلیم نے کیا

على المرأة ترى ذلك غسل قال نعم إن النساء شقائق الرجال. رواه الترمذي وأبو داود وروى الدارمي وابن ماجه إلى قوله لا غسل

عورت پر بھی غسل کہ دیکھے اس طرح فرمایا ہاں تحقیق عورتیں بھی مانند مردوں کے ہیں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود نے اور روایت کیا دارمی اور ابن ماجہ نے لا غسل

عليه. وعنها قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا جاوز الختان الختان وجب الغسل فعلته أنا ورسول الله صلى الله عليه

يرد النبي صلى الله عليه وسلم حتى اقبل على الجدار فمسح بوجهه ويديه ثم رد عليه السلام متفق عليه وعن عمار بن ياسر
جواب دیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں تک کہ آئے دیوار پاس پھر مسح کیا اپنے منہ اور دونوں ہاتھوں پر پھر جواب دیا اسکو سلام کا ۔ ق ۔ اور روایت ہے عمار ابن یاسر سے

انه كان يحدث انهم تمسحوا وهم مع رسول الله صلى الله عليه وسلم بالصعيد لصلوة الفجر فضربوا باكفهم الصعيد ثم
تحقیق وہ حدیث بیان کرتے تھے کہ صحابہ نے مسح کیا اور حال یہ کہ تھے وے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مٹی سے فجر کی نماز کے واسطے پھر مارا انھوں نے اپنی ہتھیلیاں خاک پر اور

مسحوا بوجوههم مسحة واحدة ثم عادوا فضربوا باكفهم الصعيد مرة اخرى فمسحوا بايديهم كلها الى المناكب والاباط من
مسح کیا اپنے منہ پر ایک بار پھر دہرایا اور مارا اپنا ہتھیلی سبھوں نے خاک پر دوسری بار پھر مسح کیا اپنے سارے ہاتھوں کو مونڈھوں اور بغلوں تک

بطون ايديهم رواه ابو داؤد

باب الغسل المسنون

الفصل الاول

عن ابن عمر رضي الله عنهما قال قال رسول الله
اندر کیطرف اپنے ہاتھوں کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ یہہ باب ہے بیان میں اُن غسل کے جو سنت ہیں ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم اذا جاء احدكم الجمعة فليغتسل متفق عليه وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم غسل يوم
صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آوے کوئی تم میں کا جمعہ کی نماز کو پھر چاہیے غسل کرے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابي سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہانا

الجمعة واجب على كل محتلم متفق عليه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم حق على كل مسلم ان يغتسل في كل
جمعہ کے دن کا واجب ہے ہر بالغ پر ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حق ہے ہر مسلمان پر کہ غسل کرے ہر

سبعة ايام يوما يغسل فيه راسه وجسده متفق عليه

الفصل الثاني

عن سمرة بن جندب قال قال رسول الله صلى الله
ساتھ دن میں ایک دن ۔ دھووے اسمیں سر اور بدن اپنا ۔ ق ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے سمرہ ابن جندب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم من توضأ يوم الجمعة فبها ونعمت ومن اغتسل فالغسل افضل رواه احمد وابو داؤد والترمذي والنسائي والدارمي
علیہ وسلم نے جس شخص نے وضو کیا جمعہ کے دن پھر اختیار کرا اسکو اور خوب کیا اور جسنے غسل کیا پھر غسل افضل ہے روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی اور دارمی نے

وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من غسل ميتا فليغتسل رواه ابن ماجة وزاد احمد والترمذي وابو داود ومن حمله

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ نہلاوے مردے کو پھر چاہئے کہ غسل کرے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور زیادہ کیا احمد اور ترمذی اور ابو داود نے بیچ اسکے اور جو شخص کہ

فليتوضأ وعن عائشة ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يغتسل من اربع من الجنابة ويوم الجمعة ومن الحجامة ومن غسل الميت رواه ابو داود

اٹھاوے اسکو پھر چاہئے کہ وضو کرے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے غسل کرتے چار چیز سے جنابت سے اور جمعہ کے دن اور سینگی کھچوانے سے اور میت کے نہلانے سے روایت کیا اسکو ابو داود نے

وعن قيس بن عاصم انه اسلم فامره النبي صلى الله عليه وسلم ان يغتسل بماء وسدر رواه الترمذي وابو داود والنسائي الفصل

اور روایت ہے قیس ابن عاصم سے کہ تحقیق وہ مسلمان ہوا پھر حکم کیا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ غسل کرے پانی اور بیری کی پتی سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور نسائی نے ۔ فصل

الثالث عن عكرمة قال ان ناسا من اهل العراق جاؤا فقالوا يا ابن عباس اترى الغسل يوم الجمعة واجبا قال لا ولكنه اطهر

تیسری اور روایت ہے عکرمہ سے کہا کہ تحقیق کتنے آدمی اہل عراق سے آئے اور کہا سمجھتا ہے تو اے ابن عباس کیا اعتقاد کرتا ہے تو غسل جمعہ کے دن کا واجب کہا نہیں لیکن وہ پاک کرنے والا زیادہ ہے

وخير لمن اغتسل ومن لم يغتسل فليس عليه بواجب وساخبركم كيف بدء الغسل كان الناس مجهودين يلبسون الصوف ويعملون على

بہتر ہے اسکے واسطے کہ غسل کرے اور جو شخص کہ غسل نہ کرے پھر نہیں ہے اس پر واجب اور اب خبر دیتا ہوں تم کو کس طرح تھا شروع ہونا غسل کا تھے لوگ محنتی پہنتے تھے پشمینہ اور کام کرتے تھے

ظهورهم وكان مسجدهم ضيقا مقارب السقف انما هو عريش فخرج رسول الله صلى الله عليه وسلم في يوم حار وعرق الناس في ذلك

اپنی پیٹھوں پر اور تھی مسجد انکی تنگ نیچی چھت کی نہ تھا مگر چھپر پھر تشریف لائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گرمی کے دن میں اور تر ہو گئے تھے پسینے میں لوگ اس

الصوف حتى ثارت منهم رياح اذى بذلك بعضهم بعضا فلما وجد رسول الله صلى الله عليه وسلم تلك الرياح قال يا ايها الناس اذا

پشمینہ میں یہاں تک کہ پھیلی ان سے بو ایذا دیا سبب اسکے بعضوں نے بعضوں کو پھر جب پایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان بوؤں کو فرمایا اے لوگو جب

كان هذا اليوم فاغتسلوا وليمس احدكم افضل ما يجد من دهنه وطيبه قال ابن عباس ثم جاء الله بالخير ولبسوا غير الصوف

ہووے یہ دن تب غسل کرو اور چاہئے کہ لگاوے ایک تم میں کا بہتر اس چیز کا کہ پاوے اپنے تیل سے اور اپنی خوشبو سے کہا ابن عباس نے پھر دیا اللہ نے مال بہت اور پہنا سوا پشمینے کے

وكفوا العمل ووسع مسجدهم وذهب بعض الذي كان يؤذي بعضهم بعضا من العرق رواه ابو داود باب الحيض الفصل الاول عن

اور کفایت کئے گئے محنت سے اور کشادہ کی گئی مسجد انکی اور جاتی رہی بعضی وہ بو کہ ایذا دیتے تھے بعضے انکے بعضوں کو پسینے سے روایت کیا اسکو ابو داود نے ۔ باب بیچ بیان حیض کے فصل پہلی

انس قال ان اليهود كانوا اذا حاضت المرأة فيهم لم يؤاكلوها ولم يجامعوهن في البيوت فسأل اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم فانزل

انس سے کہا کہ تحقیق تھے یہود جب حیض ہوتی عورت ان کی قوم میں نہ ساتھ کھاتے اسکے اور نہ اکٹھا رکھتے اسکو گھروں میں پھر پوچھا اصحاب نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تب اتارا

الله تعالى ويسألونك عن المحيض الاية فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اصنعوا كل شيء الا النكاح فبلغ ذلك اليهود فقالوا ما يريد

اللہ تعالی نے یہ آیت اور پوچھتے ہیں تجھ سے حیض کے حکم سے آخر آیت تک تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کرو تم سب چیز سوا جماع کے تب پہنچی یہ خبر یہود کو پھر کہا انہوں نے نہیں چاہتا

هذا الرجل ان يدع من امرنا شيئا الا خالفنا فيه فجاء اسيد بن حضير وعباد بن بشر فقالا يا رسول الله ان اليهود تقول كذا وكذا

یہہ مرد کہ چھوڑے ہمارے کاروبار سے کوئی چیز مگر مخالفت کرے ہماری اسمیں پھر آئے اسید ابن حضیر اور عباد ابن بشر اور دونوں نے کہا یا رسول اللہ بیشک یہود کہتے ہیں ایسا اور ایسا

افلا نجامعهن فتغير وجه رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى ظننا ان قد وجد عليهما فخرجا فاستقبلهما هدية من لبن

سو کیا نہ ساتھ سوویں ہم انکو پھر بدل گیا چہرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہاں تک کہ گمان کیا ہم نے کہ بیشک خفا ہوئے آپ ان دونوں پر پھر نکلے دونوں اور سامنے آیا دونوں کے ہدیہ دودھ کا

الى النبي صلى الله عليه وسلم فارسل في اثارهما فسقاهما فعرفا انه لم يجد عليهما رواه مسلم وعن عائشة قالت كنت اغتسل انا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس تب آدمی بھیجا حضرت نے دونوں کے پیچھے اور بلایا ان کو دودھ تب دونوں نے پہچانا کہ نہیں ہوئے خفا آپ ان دونوں پر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ تھی میں غسل کرتی

والنبي صلى الله عليه وسلم من إناء واحد وكلانا جنب وكان يأمرني فأتزر فيباشرني وأنا حائض وكان يخرج رأسه إلي وهو

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک باسن سے اور حال یہ کہ ہم دونوں جنب ہوتے اور حضرت حکم کرتے مجھکو پھر میں تہبند باندھتی پھر چھٹے مجھکو اور میں حیض سے ہوتی اور نکالتے حضرت اپنا سر میری طرف اور وہ

معتكف فأغسله وأنا حائض متفق عليه وعنها قالت كنت أشرب وأنا حائض ثم أناوله النبي صلى الله عليه وسلم فيضع فاه على

اعتکاف میں ہوتے پھر دھوتی میں اسکو اور میں حیض سے ہوتی۔ ق ۔ اور روایت ہے انہیں سے کہا کہ تھی میں پانی پیتی اور حیض سے ہوتی پھر دیتی میں اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تب رکھتے اپنا منہ

موضع في فيشرب وأتعرق العرق وأنا حائض ثم أناوله النبي صلى الله عليه وسلم فيضع فاه على موضع في رواه مسلم وعنها

میرے منہ کی جگہ پر اور پیتے اور دانت سے کھاتی میں گوشت ہڈی کا اور ہوتی میں حیض سے پھر دیتی میں اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تب رکھتے اپنا منہ میرے منہ کی جگہ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے

قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم يتكئ في حجري وأنا حائض ثم يقرأ القرآن متفق عليه وعنها قالت قال لي النبي صلى الله عليه وسلم

کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تکیہ کرتے میری گود میں اور میں حیض سے ہوتی پھر پڑھتے قرآن۔ ق ۔ اور روایت ہے انہیں سے کہا کہ فرمایا مجھکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

ناوليني الخمرة من المسجد فقلت إني حائض فقال إن حيضتك ليست في يدك رواه مسلم وعن ميمونة قالت كان النبي صلى الله

کہ تو مجھکو چھوٹا بوریا مسجد میں سے دے۔ تب کہا میں نے کہ میں حیض سے ہوں پھر فرمایا تحقیق حیض تیرا نہیں ہے تیرے ہاتھ میں۔ روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے میمونہ سے کہا کہ تھے

عليه وسلم يصلي في مرط بعضه علي وبعضه عليه وأنا حائض متفق عليه

الفصل الثاني

عن أبي هريرة قال قال رسول الله

علیہ وسلم نماز پڑھتے کمل پر کہ تھوڑا اسکا مجھ پر ہوتا اور تھوڑا اسکا ان پر اور میں حیض سے ہوتی۔ ق ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من أتى حائضا أو امرأة في دبرها أو كاهنا فقد كفر بما أنزل على محمد رواه الترمذي وابن ماجه والدارمي وفي روايتهما

صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ جماع کرے حیض والی عورت سے یا کسی عورت سے اسکی دبر میں یا آوے نجومی کے پاس پھر تحقیق وہ منکر ہوا اس دین کا جو اتارا گیا محمد پر۔ روایت کیا ترمذی ابن ماجہ اور دارمی نے اور ایک روایت میں

فصدقه بما يقول فقد كفر وقال الترمذي لا نعرف هذا الحديث إلا من حكيم الأثرم عن أبي تميمة عن أبي هريرة وعن معاذ بن

یوں ہے پھر سچا جانا اسکو اس بات میں جو کہتا ہے تو بیشک کافر ہوا اور کہا ترمذی نے نہیں جانتے ہم اس حدیث کو مگر حکیم اثرم سے اسنے نقل کیا ابی تمیمہ سے اسنے ابی ہریرہ سے۔ اور روایت ہے معاذ ابن

جبل قال قلت يا رسول الله ما يحل لي من امرأتي وهي حائض قال ما فوق الإزار والتعفف عن ذلك أفضل رواه رزين وقال محيي السنة

جبل سے کہا کہ کہا میں نے یا رسول اللہ کیا چیز حلال ہے مجھکو میری عورت سے حیض کی حالت میں فرمایا وہ چیز کہ ازار کے اوپر ہے اور بچنا اس سے افضل ہے۔ روایت کیا اسکو رزین نے اور کہا محی السنہ

إسناده ليس بقوي وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا وقع الرجل بأهله وهي حائض فليتصدق بنصف دينار

اسناد اسکی نہیں ہے قوی۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب جماع کرے مرد اپنی جورو سے حیض کی حالت میں پھر چاہیے کہ صدقہ دے آدھی دینار

رواه الترمذي وأبو داود والنسائي والدارمي وابن ماجه وعنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا كان دما أحمر فدينار وإذا كان دما أصفر

روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود اور نسائی اور دارمی اور ابن ماجہ نے۔ اور انہی سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جب ہو خون سرخ تب ایک دینار اور جب ہو خون زرد

فنصف دينار رواه الترمذي

تب آدھا دینار ہے۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے۔

الفصل الثالث

عن زيد بن أسلم قال إن رجلا سأل رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال ما يحل لي

فصل تیسری ۔ روایت ہے زید ابن اسلم سے کہا کہ بیشک ایک شخص نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ کیا چیز حلال ہے

من امرأتي وهي حائض فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم تشد عليها إزارها ثم شأنك بأعلاها رواه مالك والدارمي مرسلا

میری عورت سے حیض کی حالت میں تب فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوب مضبوط باندھے اسپر اسکی ازار پھر کام تیرا اسکے اوپر ہے۔ روایت کیا اسکو مالک اور دارمی نے مرسل

وعن عائشة قالت كنت إذا حضت نزلت عن المثال على الحصير فلم نقرب رسول الله صلى الله عليه وسلم ولم ندن منه حتى نطهر

اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھی میں جب حیض سے ہوتی اتر آتی بچھونے سے بوریے پر پھر نہ قریب ہوتی ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور نہ نزدیک ہوتی ہم ان سے یہانتک کہ پاک ہوتی

رواه ابو داود

روایت کیا اسکو ابو داود نے

باب المستحاضة

باب ہے بیان میں مستحاضہ کے

الفصل الاول

فصل پہلی

عن عائشة قالت جاءت فاطمة بنت ابي حبيش الى النبي صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله اني امرأة استحاض فلا اطهر افادع الصلوة فقال انما ذلك عرق وليس بحيض فاذا اقبلت حيضتك فدعي الصلوة واذا ادبرت فاغسلي عنك الدم ثم صلي متفق عليه

روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا آئی فاطمہ بنت ابی حبیش نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ یا رسول اللہ بیشک میں ایک عورت ہوں کہ استحاضہ کیا جاتی ہوں پھر نہیں پاک ہوتی سو کیا چھوڑ دوں نماز کو فرمایا سوائے اسکے نہیں یہہ ایک رگ ہے اور نہیں ہے حیض پھر جب آوے حیض تیرا تب چھوڑ دے نماز اور جب جاتا رہے پھر دھو ڈال اپنے سے خون کو پھر نماز پڑھ متفق ہیں

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن عروة بن الزبير عن فاطمة بنت ابي حبيش انها كانت تستحاض فقال لها النبي صلى الله عليه وسلم اذا كان دم الحيض فانه دم اسود يعرف فاذا كان ذلك فامسكي عن الصلوة فاذا كان الآخر فتوضئي وصلي فانما هو عرق رواه ابو داود والنسائي

روایت ہے عروہ ابن زبیر سے اسنے روایت کی فاطمہ بنت ابی حبیش سے کہ بیشک وہ تھی استحاضہ کی جاتی تب فرمایا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ ہو خون حیض کا پھر تحقیق وہ خون ہے سیاہ پہچانا جاتا ہے پس جب ہووے یہہ تب بند رہ نماز سے اور جب ہووے دوسرا رنگ تب وضو کر اور نماز پڑھ پھر سوا اسکے نہیں ہے کہ وہ رگ ہے روایت کیا اسکو ابو داود اور نسائی نے

وعن ام سلمة قالت ان امرأة كانت تهراق الدم على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فاستفتت لها ام سلمة النبي صلى الله عليه وسلم فقال لتنظر عدد الليالي والايام التي كانت تحيضهن من الشهر قبل ان يصيبها الذي اصابها فلتترك الصلوة قدر ذلك من الشهر فاذا خلفت ذلك فلتغتسل ثم لتستثفر بثوب ثم لتصل رواه مالك وابو داود والدارمي وروى النسائي معناه

اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ تحقیق ایک عورت تھی گرائی جاتی خون رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں پھر فتوی پوچھا اسکے واسطے ام سلمہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر فرمایا چاہئے کہ دیکھے گنتی راتوں اور دنوں کی کہ تھی حیض سے ہوتی ان دنوں اور راتوں کو مہینے میں قبل اسکے کہ پہنچی ہے اس عورت کو وہ بیماری کہ پہنچی ہے اسکو پھر چاہئے کہ چھوڑ دے نماز کو موافق گنتی ان دنوں کے مہینے میں سے پھر جب گذر رہے پھر چاہئے کہ غسل کرے اور چاہئے کہ لنگوٹ باندھے کپڑے سے پھر نماز پڑھے روایت کیا اسکو مالک اور ابو داود اور دارمی نے اور روایت کیا نسائی نے معنے اسکے

وعن عدي بن ثابت عن ابيه عن جده قال يحيى بن معين جد عدي اسمه دينار عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال في المستحاضة تدع الصلوة ايام اقرائها التي كانت تحيض فيها ثم تغتسل وتتوضأ عند كل صلوة وتصوم وتصلي رواه الترمذي وابو داود

اور روایت ہے عدی ابن ثابت سے اسنے روایت کی اپنے باپ سے اسنے دادا سے کہا یحیی ابن معین نے دادا عدی کا نام اسکا دینار ہے اسنے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہہ کہ حضرت نے فرمایا استحاضہ کے حق میں چھوڑ دے نماز کو اپنے حیض کے دنوں میں وہ دن کہ تھی حیض سے ہوتی انمیں پھر غسل کرے اور وضو کرے ہر نماز کے وقت اور روزہ رکھے اور نماز پڑھے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود نے

وعن حمنة بنت جحش قالت كنت استحاض حيضة كثيرة شديدة فاتيت النبي صلى الله عليه وسلم استفتيه واخبره فوجدته في بيت اختي زينب بنت جحش فقلت يا رسول الله اني استحاض حيضة كثيرة شديدة فما تامرني فيها قد منعتني الصلوة والصيام قال انعت لك الكرسف فانه يذهب الدم قالت هو اكثر من ذلك قال فتلجمي قالت هو اكثر من ذلك قال فاتخذي ثوبا قالت هو اكثر من ذلك انما اثج ثجا فقال النبي صلى الله عليه وسلم سامرك بامرين ايهما صنعت اجزأ عنك من الآخر وان قويت

اور روایت ہے حمنہ بنت جحش سے کہا کہ تھی میں استحاضہ کی جاتی استحاضہ بہت سخت پھر آئی میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہ پوچھوں میں انسے اور خبر دوں ان کو پھر پایا میں نے انکو گھر میں اپنی بہن زینب بنت جحش کے تب کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق میں استحاضہ کیجاتی ہوں استحاضہ بہت سخت سو کیا حکم کرتے ہو مجھکو اسمیں تحقیق باز رکھا ہے مجھکو نماز اور روزے سے فرمایا بیان کرتا ہوں تیرے واسطے روئی کا پھر تحقیق وہ لیجاتی ہے خون کو کہا عورت نے وہ زیادہ ہے اس سے فرمایا پھر لنگوٹ باندھ کہا وہ زیادہ ہے اس سے فرمایا پھر رکھ تو کپڑا کہا وہ زیادہ ہے اس سے سوا اسکے نہیں ہے کہ خون گرتی ہوں بہت فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اب حکم کرتا ہوں تجھکو ساتھ دو کاموں کے دونوں میں جو نسا کرے تو کفایت کرے تجھکو دوسرے سے اور اگر قوت رکھتی ہے

عَلَيْهِمَا فَأَنْتِ أَعْلَمُ قَالَ لَهَا إِنَّمَا هٰذِهِ رَكْضَةٌ مِنْ رَكَضَاتِ الشَّيْطَانِ فَتَحَيَّضِي سِتَّةَ أَيَّامٍ أَوْ سَبْعَةَ أَيَّامٍ فِي عِلْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى ثُمَّ

دونوں پر جو تو دانا زیادہ ہے ۔ ف ۔ فرمایا اس سے کہ سوا اسکے نہیں ہے کہ یہ ایک لات مارنا ہے آثار نخیطان سے ہے پھر حیض ٹھہرا تو چھ دن یا سات دن بیچ علم اللہ تعالیٰ کے ف ۔ پھر

اغْتَسِلِي حَتّٰى إِذَا رَأَيْتِ أَنَّكِ قَدْ طَهُرْتِ وَاسْتَنْقَأْتِ فَصَلِّي ثَلَاثًا وَعِشْرِينَ لَيْلَةً أَوْ أَرْبَعًا وَعِشْرِينَ لَيْلَةً وَأَيَّامَهَا وَصُومِي فَإِنَّ

نہا ڈال یہاں تک کہ جب دیکھے تو کہ بیشک پاک ہوئی تو اور صاف ہوئی پھر نماز پڑھ تیئیس رات یا چوبیس رات اور اُن کے دن ۔ ف ۔ اور روزہ رکھ پھر

ذٰلِكِ يُجْزِئُكِ وَكَذٰلِكِ فَافْعَلِي كُلَّ شَهْرٍ كَمَا تَحِيضُ النِّسَاءُ وَكَمَا يَطْهُرْنَ مِيقَاتَ حَيْضِهِنَّ وَطُهْرِهِنَّ وَإِنْ قَوِيتِ عَلٰى أَنْ تُؤَخِّرِي

یہہ کفایت کرتا ہے تجھکو اور اسی طرح کر ہر مہینے میں جیسا کہ حیض سے ہوتی ہیں عورتیں اور جیسا کہ پاک ہوتی ہیں بیچ حیض اور طہر کے وقت میں ۔ ف ۔ اگر قوت رکھے تو اس بات پر کہ تاخیر کرے

الظُّهْرَ وَتُعَجِّلِي الْعَصْرَ فَتَغْتَسِلِينَ وَتَجْمَعِينَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَتُؤَخِّرِينَ الْمَغْرِبَ وَتُعَجِّلِينَ الْعِشَاءَ ثُمَّ تَغْتَسِلِينَ

نماز ظہر کو اور جلدی کرے نماز عصر کو پھر غسل کرے درمیان دونوں نمازوں کے اور جمع کرے درمیان دونوں نمازوں کے جو ظہر اور عصر ہے اور تاخیر کرے مغرب کی اور جلدی کرے عشا کی پھر غسل کرے تو

وَتَجْمَعِينَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ فَافْعَلِي وَتَغْتَسِلِينَ مَعَ الْفَجْرِ فَافْعَلِي وَصُومِي إِنْ قَدَرْتِ عَلٰى ذٰلِكَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور جمع کرے درمیان دونوں نمازوں کے پھر کر تو اور غسل کرے تو ساتھ فجر کے پھر اس طرح کر تو اور روزہ رکھ اگر طاقت رکھتی ہے اس پر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ وَهٰذَا أَعْجَبُ الْأَمْرَيْنِ إِلَيَّ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ قَالَتْ قُلْتُ يَا

وسلم نے اور یہہ بہت پسندیدہ دونوں حکم میں نزدیک میرے ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور ترمذی نے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے اسماء بنت عمیس سے کہا کہ میں نے یا

رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ أَبِي حُبَيْشٍ اسْتُحِيضَتْ مُنْذُ كَذَا وَكَذَا فَلَمْ تُصَلِّ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُبْحَانَ اللّٰهِ إِنَّ هٰذَا مِنَ

رسول اللہ تحقیق فاطمہ بیٹی ابی حبیش کی استحاضہ کی گئی مدت اتنی اور اتنی پھر نماز نہیں پڑھی تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سبحان اللہ بیشک یہہ

الشَّيْطَانِ لِتَجْلِسْ فِي مِرْكَنٍ فَإِذَا رَأَتْ صُفَارَةً فَوْقَ الْمَاءِ فَلْتَغْتَسِلْ لِلظُّهْرِ وَالْعَصْرِ غُسْلًا وَاحِدًا وَتَغْتَسِلْ لِلْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ غُسْلًا

شیطان سے ہے ۔ ف ۔ چاہیئے کہ بیٹھے لگن میں پھر جب دیکھے زردی پانی پر پھر چاہیئے کہ غسل کرے ظہر اور عصر کے واسطے ایک غسل اور غسل کرے مغرب اور عشا کے واسطے ایک غسل

وَاحِدًا وَتَغْتَسِلْ لِلْفَجْرِ غُسْلًا وَاحِدًا وَتَوَضَّأُ فِيمَا بَيْنَ ذٰلِكَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَقَالَ رَوَى مُجَاهِدٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ لَمَّا اشْتَدَّ عَلَيْهَا الْغُسْلُ

اور غسل کرے فجر کے واسطے ایک غسل اور وضو کرے درمیان ان غسل کے ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور کہا روایت کی مجاہد نے ابن عباس سے جب دشوار ہوا اس عورت پر غسل ۔ ف ۔

أَمَرَهَا أَنْ تَجْمَعَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ

كِتَابُ الصَّلٰوةِ

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَوَاتُ

حکم کیا اسکو کہ اکٹھا کرے درمیان دو نمازوں کے ایک غسل ۔ یہہ کتاب ہے بیان میں نماز کے ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازیں

الْخَمْسُ وَالْجُمُعَةُ إِلَى الْجُمُعَةِ وَرَمَضَانُ إِلٰى رَمَضَانَ مُكَفِّرَاتٌ لِمَا بَيْنَهُنَّ إِذَا اجْتُنِبَتِ الْكَبَائِرُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پانچ وقتی اور جمعہ جمعہ تک اور رمضان رمضان تک مٹانے والی ہیں گناہ کی جو ان کے درمیان میں ہوئی ہیں جب پرہیز کیا جاوے گناہوں کبیرہ سے ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی

أَرَأَيْتُمْ لَوْ أَنَّ نَهَرًا بِبَابِ أَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ فِيهِ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسًا هَلْ يَبْقٰى مِنْ دَرَنِهِ شَيْءٌ قَالُوا لَا يَبْقٰى مِنْ دَرَنِهِ شَيْءٌ قَالَ فَذٰلِكَ مِثْلُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ يَمْحُو اللّٰهُ بِهِنَّ

خبر دو مجھکو اگر تحقیق ایک نہر ہو تم میں سے کسی کے دروازے پر غسل کرتا ہے اس میں ہر روز پانچ وقت کیا باقی رہتی ہے اس کے میل سے کچھ کہا صحابہ نے نہیں باقی رہتی میل اس کی سے کچھ فرمایا پھر یہہ مثال ہے نمازیں پنجگانہ کی مٹاتا ہے اللہ ساتھ ان کے

الْخَطَايَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ إِنَّ رَجُلًا أَصَابَ مِنِ امْرَأَةٍ قُبْلَةً فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَأَقِمِ

صغیرہ گناہوں کو ۔ ف ۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ بیشک ایک مرد نے اجنبی عورت سے بوسہ لیا ۔ ف ۔ پھر آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دیا حضرت کو تب اتارا اللہ تعالیٰ نے اور قائم کر

الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ فَقَالَ الرَّجُلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَلِيَ هٰذَا قَالَ لِجَمِيعِ أُمَّتِي كُلِّهِمْ وَفِي رِوَايَةٍ لِمَنْ

نماز کو دونوں طرف دن کے ۔ ف ۔ اور تھوڑی رات کے ۔ ف ۔ تحقیق نیکیاں لیجاتی ہیں برائیوں کو تب کہا مرد نے یا رسول اللہ کیا میرے ہی واسطے ہے یہہ حکم فرمایا میری تمام امت کے واسطے اور ایک روایت میں

[illegible]

عمل بها من امتي متفق عليه وعن انس قال جاء رجل فقال يا رسول الله اني اصبت حدا فاقمه علي قال ولم يسأله عنه وحضرت الصلوة

عمل کیا ساتھ ان کے میری امت نے متفق علیہ ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ آیا ایک شخص اور کہا یا رسول اللہ تحقیق پہنچا میں حد کو پس قائم کیجئے حد مجھ پر کہا انس نے اور نہ پوچھا اس سے اور حاضر ہوئی نماز

فصلى مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما قضى النبي صلى الله عليه وسلم الصلوة قام الرجل فقال يا رسول الله اني اصبت حدا فاقم

تب پڑھا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر جب پڑھ چکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز کھڑا ہوا مرد اور کہا یا رسول اللہ بیشک میں پہنچا حد کو سو قائم کیجئے

في كتاب الله قال أليس قد صليت معنا قال نعم قال فان الله قد غفر لك ذنبك او حدك متفق عليه وعن ابن مسعود قال

مجھ پر حکم اللہ کا فرمایا کیا نہیں نماز پڑھی تو نے ہمارے ساتھ کہا ہاں پڑھی فرمایا پھر تحقیق اللہ نے بخش دی تجھ سے تیری گناہ یا فرمایا تیرا حد ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا

سألت النبي صلى الله عليه وسلم اي الاعمال احب الى الله تعالى قال الصلوة لوقتها قلت ثم اي قال بر الوالدين قلت ثم اي

کہ پوچھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کونسا کام بہت پسندیدہ ہے نزدیک اللہ تعالی کے فرمایا نماز ادا کرنا اسکے وقت میں کہا میں نے پھر کونسا فرمایا نیکی کرنا ماں باپ سے کہا میں نے پھر کونسا

قال الجهاد في سبيل الله قال حدثني بهن ولو استزدته لزادني متفق عليه وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

فرمایا جہاد کرنا اللہ کی راہ میں کہا ابن مسعود نے خبر دی مجھ کو حضرت نے ان کاموں کی اور اگر زیادہ پوچھتا میں البتہ زیادہ بتاتے مجھ کو ق ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

بين العبد وبين الكفر ترك الصلوة رواه مسلم

الفصل الثاني

عن عبادة بن الصامت قال قال رسول الله صلى الله

کہ درمیان بندے کے اور درمیان کفر کے چھوڑ دینا نماز کا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے عبادہ ابن صامت سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم خمس صلوات افترضهن الله تعالى من احسن وضوءهن وصلاهن لوقتهن واتم ركوعهن وخشوعهن كان له

علیہ وسلم نے پانچ نمازیں ہیں کہ فرض کیا ان کو اللہ تعالی نے جسنے اچھا کیا وضو انکا اور پڑھا ان کو انکے وقت میں اور پورا کیا رکوع ان کا اور سجدہ ان کا ہوگا اسکے واسطے

على الله عهد ان يغفر له ومن لم يفعل فليس له على الله عهد ان شاء غفر له وان شاء عذبه رواه احمد وابو داود وروى

اللہ پر وعدہ کہ بخشے اسکو اور جو شخص نہ کرے پھر نہیں ہے اسکے واسطے اللہ پر وعدہ اگر چاہے بخشے اسکو اور اگر چاہے عذاب کرے اسکو روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود نے اور روایت کیا

مالك والنسائي نحوه وعن ابي امامة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوا خمسكم وصوموا شهركم وادوا زكوة اموالكم

مالک اور نسائی نے مانند اسکے ۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھو پانچوں نمازیں اپنی اور روزہ رکھو اپنے مہینے کا اور ادا کرو زکوۃ اپنے مالوں کی

واطيعوا اذا امركم تدخلوا جنة ربكم رواه احمد والترمذي وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال قال رسول الله صلى

اور تابعداری کرو اپنے صاحب کے حکم کی جب حکم کرے داخل ہو بہشت میں اپنے رب کی ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے ۔ اور روایت ہے عمرو ابن شعیب سے اسنے اپنے باپ سے اسنے عمرو کے دادا سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم مروا اولادكم بالصلوة وهم ابناء سبع سنين واضربوهم عليها وهم ابناء عشر سنين وفرقوا بينهم

اللہ علیہ وسلم نے حکم کرو اپنی اولاد کو نماز کا اور حالانکہ وہ لڑکے سات برس کے ہوں اور مارو انکو نماز کے واسطے اور وہ ہوں لڑکے دس برس کے اور جدا کرو درمیان انکے

في المضاجع رواه ابو داود وكذا رواه في شرح السنة عنه وفي المصابيح عن سبرة بن معبد وعن بريدة قال قال رسول

سونے کی جگہ میں ۔ روایت کیا اسکو ابو داود نے اور اسی طرح روایت کیا اسکو شرح سنہ میں عمرو ابن شعیب سے اور مصابیح میں روایت کیا سبرہ ابن معبد سے ۔ اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم العهد الذي بيننا وبينهم الصلوة فمن تركها فقد كفر رواه احمد والترمذي وابن ماجه

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قول اقرار جو ہمارے اور منافقوں کے درمیان ہے سو نماز ہے سو جسنے چھوڑا اسکو پھر تحقیق کافر ہوا روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور

والنسائي

الفصل الثالث

عن عبد الله بن مسعود قال جاء رجل الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله اني عالجت

نسائی نے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا کہ یا رسول اللہ بیشک میں نے کلام

امرأة في اقصى المدينة واني اصبت منها ما دون ان امسها فانا هذا فاقض في ما شئت فقال له عمر لقد سترك الله تعالى لو

ایک عورت کو کنارے میں مدینے کے اور تحقیق میں پہنچا ہوں اُس سے وہ چیز کہ سوا جماع کے ہے پھر میں حاضر ہوں تو بیچ میرے سو حکم کیجئے جو چیز خوش ہو جائے آپ کو پس کہا عمر نے تحقیق پردہ رکھا تیرا اللہ تعالیٰ نے

سترت على نفسك قال ولم يرد النبي صلى الله عليه وسلم عليه شيئا فقام الرجل فانطلق فاتبعه النبي صلى الله عليه وسلم رجلا

پردہ رکھتا تو اپنے بھی تو بہتر تھا کہا عبد اللہ نے اور نہ پھیرا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو کچھ اور کھڑا ہوا وہ شخص پھر چلا گیا پھر پیچھے بھیجا اسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو

فدعاه وتلا عليه هذه الآية واقم الصلوة طرفي النهار وزلفا من الليل ان الحسنات يذهبن السيئات ذلك ذكرى للذاكرين

پھر بلایا اسکو اور پڑھی اسپر یہہ آیت اور ٹھیک ادا کر نماز کو دو کناروں میں دن کے اور بعضی سی رات میں تحقیق نیکیاں لیجاتی ہیں برائیوں کو یہہ ہی نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے واسطے

فقال رجل من القوم يا نبي الله هذا له خاصة فقال بل للناس كافة رواه مسلم وعن ابي ذر ان النبي صلى الله عليه وسلم

تب کہا ایک شخص نے قوم میں سے اے نبی اللہ کے یہہ اسکے واسطے خاص ہے فرمایا بلکہ سب لوگوں کے واسطے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ذر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم

خرج زمن الشتاء والورق يتهافت فاخذ بغصنين من شجرة قال فجعل ذلك الورق يتهافت قال فقال يا ابا ذر قلت

نکلے موسم میں جاڑے کے اور پتے گرتے تھے پھر لیا دو شاخوں کو ایک درخت سے کہا ابوذر نے پھر لگا یہہ پتا جھڑنے کہا پھر فرمایا اے ابوذر کہا میں نے

لبيك يا رسول الله قال ان العبد المسلم ليصلي الصلوة يريد بها وجه الله فتهافت عنه ذنوبه كما تهافت هذا الورق عن هذه

حاضر ہوں یا رسول اللہ فرمایا بیشک بندہ مسلمان تحقیق نماز پڑھتا ہے چاہتا ہے ساتھ اُس کے ذات اللہ کو پھر گرتے ہیں اُس سے گناہ اسکے جیسے گر رہے ہیں یہہ پتے اس

الشجرة رواه احمد وعن زيد بن خالد الجهني قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى سجدتين لا يسهو فيهما غفر

درخت سے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے زید ابن خالد جہنی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پڑھے دو رکعت نہ غفلت کرے اسمیں بخشے

الله له ما تقدم من ذنبه رواه احمد وعن عبد الله بن عمرو بن العاص عن النبي صلى الله عليه وسلم انه ذكر الصلوة يوما

اسکے لئے جو کچھ پہلے گذرے ہیں اسکے گناہ سے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو ابن عاص سے اسنے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہہ کہ حضرت نے ذکر کیا نماز کا ایک دن

فقال من حافظ عليها كانت له نورا وبرهانا ونجاة يوم القيمة ومن لم يحافظ عليها لم تكن له نورا ولا برهانا ولا نجاة

پھر فرمایا جو کہ محافظت کرے اسکی ہووے وہ نماز اسکے لئے نور اور حجت اور سبب نجات کا قیامت کے دن اور جو کہ محافظت نہ کرے اسکی نہیں ہوگی اسکے لئے نور اور نہ حجت اور نہ سبب نجات کا

وكان يوم القيمة مع قارون وفرعون وهامان وابي بن خلف رواه احمد والدارمي والبيهقي في شعب الايمان وعن

اور ہوگا قیامت کے دن ساتھ قارون اور فرعون اور ہامان کے اور ابی ابن خلف کے روایت کیا اسکو احمد اور دارمی اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے

عبد الله بن شقيق قال كان اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يرون شيئا من الاعمال تركه كفر غير الصلوة رواه الترمذي وعن

عبد اللہ ابن شقیق سے کہا کہ تھے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نہیں اعتقاد کرتے کسی چیز کو عملوں میں سے چھوڑنا اسکا کفر سوائے نماز کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور

ابي الدرداء قال اوصاني خليلي ان لا تشرك بالله شيئا وان قطعت وحرقت ولا تترك صلوة مكتوبة متعمدا فمن تركها متعمدا

ابی درداء سے کہا کہ وصیت کیا مجھکو میرے جانی دوست نے کہ شریک نکر تو اللہ کا کسی چیز کو اگرچہ ٹکڑے ٹکڑے کیا جاوے اور جلایا جاوے تو اور نہ چھوڑ تو نماز فرض کو جان بوجھ کر پھر جسنے چھوڑا نماز کو جان بوجھ کر

فقد برئت منه الذمة ولا تشرب الخمر فانها مفتاح كل شر رواه ابن ماجه

پس نکل گیا اس سے ذمہ اور مت پی شراب کو تحقیق وہ کنجی ہے سب برائی کی روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

باب المواقيت

یہہ باب ہے بیان میں وقتوں کے

الفصل الاول

فصل پہلی

عن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم وقت الظهر اذا زالت الشمس وكان ظل الرجل كطوله ما لم يحضر العصر

روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وقت ظہر کا جب ڈھلے آفتاب اور ہووے سایہ شخص کا مثل اسکی درازی کے جبتک نہ آوے عصر

وَوَقْتُ الْعَصْرِ مَا لَمْ تَصْفَرَّ الشَّمْسُ وَوَقْتُ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ مَا لَمْ يَغِبِ الشَّفَقُ وَوَقْتُ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ اِلٰى نِصْفِ اللَّيْلِ الْاَوْسَطِ

اور وقت عصر کا جب تک کہ زرد نہوے آفتاب اور وقت نماز مغرب کا جب تک کہ نہ غائب ہو شفق اور وقت نماز عشا کا میانی آدھی رات تک

وَوَقْتُ صَلٰوةِ الصُّبْحِ مِنْ طُلُوْعِ الْفَجْرِ مَا لَمْ تَطْلُعِ الشَّمْسُ فَاِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ فَاَمْسِكْ عَنِ الصَّلٰوةِ فَاِنَّهَا تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ رَوَاهُ

اور وقت نماز صبح کا نکلنے فجر سے جب تک کہ نہ نکلے آفتاب پھر جب کہ نکلے آفتاب پھر بند رہو نماز سے پھر بیشک وہ نکلتا ہے درمیان دو سینگھوں شیطان کے روایت کی

مُسْلِمٌ ❊ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ اِنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَقْتِ الصَّلٰوةِ فَقَالَ لَهُ صَلِّ مَعَنَا هٰذَيْنِ يَعْنِي الْيَوْمَيْنِ فَلَمَّا زَالَتِ الشَّمْسُ

مسلم نے ❊ اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ تحقیق ایک شخص نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حال وقت نماز کا تب فرمایا اسکو نماز پڑھ ہمارے ساتھ ان دونوں یعنی دو دن پھر جب کہ ڈھلا آفتاب

اَمَرَ بِلَالًا فَاَذَّنَ ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ الظُّهْرَ ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ بَيْضَاءُ نَقِيَّةٌ ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ

حکم فرمایا بلال کو پھر اذان دیا پھر حکم فرمایا اسکو تب اقامت کہی ظہر کی پھر فرمایا اسکو تب اقامت کہی عصر کی اور آفتاب بلند تھا سفید برچھا پھر فرمایا اسکو تب اقامت کہی مغرب کی جب غائب ہوا آفتاب

ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ الْعِشَاءَ حِيْنَ غَابَ الشَّفَقُ ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ الْفَجْرَ حِيْنَ طَلَعَ الْفَجْرُ فَلَمَّا اَنْ كَانَ الْيَوْمُ الثَّانِيْ اَمَرَهُ فَاَبْرَدَ بِالظُّهْرِ فَاَبْرَدَ

پھر فرمایا اسکو تب اقامت کہی عشا کی جب غائب ہوئی شفق پھر فرمایا تب اقامت کہی فجر کی جس وقت نمود ہوا فجر پھر جب کہ ہوا دوسرا دن فرمایا اسکو کہ ٹھنڈی کر ظہر کو تب ٹھنڈی کی

بِهَا فَاَنْعَمَ اَنْ يُّبْرِدَ بِهَا وَصَلَّى الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ اَخَّرَهَا فَوْقَ الَّذِيْ كَانَ وَصَلَّى الْمَغْرِبَ قَبْلَ اَنْ يَّغِيْبَ الشَّفَقُ وَصَلَّى الْعِشَاءَ

اسکو پھر زیادتی کی اسکے سرد کرنے میں اور نماز پڑھی عصر کی حال یہ کہ آفتاب بلند تھا تاخیر کی اسکی زیادہ اس سے کہ تھی کل اور نماز پڑھی مغرب کی قبل غائب ہونے شفق کے اور نماز پڑھی عشا کی

بَعْدَ مَا ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ وَصَلَّى الْفَجْرَ فَاَسْفَرَ بِهَا ثُمَّ قَالَ اَيْنَ السَّائِلُ عَنْ وَقْتِ الصَّلٰوةِ فَقَالَ الرَّجُلُ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَقْتُ صَلٰوتِكُمْ

بعد جانے تہائی رات کے اور نماز پڑھی فجر کی اور روشن کیا اسکو پھر بعد اسکے فرمایا کہاں ہے پوچھنے والا نماز کے وقت کا عرض کیا اس شخص نے میں ہوں یا رسول اللہ فرمایا وقت تمہاری نماز کا

بَيْنَ مَا رَاَيْتُمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

الْفَصْلُ الثَّانِيْ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّنِيْ جِبْرِيْلُ عِنْدَ الْبَيْتِ مَرَّتَيْنِ

درمیان اس دو وقت کے ہے جو دیکھا تم نے روایت کیا اسکو مسلم نے ❊ فصل دوسری ❊ روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امامت کی میری جبرئیل نے نزدیک کعبہ کے دو بار

فَصَلّٰى بِيَ الظُّهْرَ حِيْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ وَكَانَتْ قَدْرَ الشِّرَاكِ وَصَلّٰى بِيَ الْعَصْرَ حِيْنَ صَارَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ مِثْلَهٗ وَصَلّٰى بِيَ الْمَغْرِبَ حِيْنَ اَفْطَرَ

پھر نماز پڑھائی مجھکو ظہر کی جس وقت ڈھلا آفتاب اور ہوا سایہ برابر تسمہ کے اور نماز پڑھائی مجھکو عصر کی جس وقت کہ ہوا سایہ ہر چیز کا مانند اسکے اور نماز پڑھائی مجھکو مغرب کی جس وقت افطار کرتا

الصَّائِمُ وَصَلّٰى بِيَ الْعِشَاءَ حِيْنَ غَابَ الشَّفَقُ وَصَلّٰى بِيَ الْفَجْرَ حِيْنَ حَرُمَ الطَّعَامُ وَالشَّرَابُ عَلَى الصَّائِمِ فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ صَلّٰى بِيَ الظُّهْرَ حِيْنَ

روزہ دار اور نماز پڑھائی مجھکو عشا کی جس وقت کہ غائب ہوئی شفق اور نماز پڑھائی مجھکو فجر کی جس وقت کہ حرام ہوتا ہے کھانا اور پینا روزہ دار پر پھر جب ہوا کل نماز پڑھائی مجھکو ظہر کی جس وقت کہ

كَانَ ظِلُّهٗ مِثْلَهٗ وَصَلّٰى بِيَ الْعَصْرَ حِيْنَ كَانَ ظِلُّهٗ مِثْلَيْهِ وَصَلّٰى بِيَ الْمَغْرِبَ حِيْنَ اَفْطَرَ الصَّائِمُ وَصَلّٰى بِيَ الْعِشَاءَ اِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ وَصَلّٰى بِيَ الْفَجْرَ

ہوا سایہ ہر چیز کا مانند اسکے اور نماز پڑھائی مجھکو عصر کی جس وقت کہ ہوا سایہ ہر چیز کا دونا اسکا اور نماز پڑھائی مجھکو مغرب کی جس وقت کہ افطار کرتا روزہ دار اور نماز پڑھائی مجھکو عشا کی تہائی رات تک اور نماز پڑھائی فجر کی

فَاَسْفَرَ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَيَّ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ هٰذَا وَقْتُ الْاَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِكَ وَالْوَقْتُ مَا بَيْنَ هٰذَيْنِ الْوَقْتَيْنِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ

پھر روشن کیا پھر متوجہ ہوے میری طرف اور کہا اے محمد یہ ہے وقت نبیوں کا جو قبل تیرے تھے اور وقت نماز کا درمیان ان دونوں وقتوں کے ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی نے ❊ فصل

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اَخَّرَ الْعَصْرَ شَيْئًا فَقَالَ لَهٗ عُرْوَةُ اَمَا اِنَّ جِبْرِيْلَ قَدْ نَزَلَ فَصَلّٰى اَمَامَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

تیسری ❊ روایت ہے ابن شہاب سے کہ تحقیق عمر ابن عبد العزیز نے تاخیر کی عصر کی تھوڑا سا تب کہا اسکو عروہ نے خبردار ہو تحقیق جبرئیل اترے پھر نماز پڑھی آگے رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهٗ عُمَرُ اعْلَمْ مَا تَقُوْلُ يَا عُرْوَةُ فَقَالَ سَمِعْتُ بَشِيْرَ بْنَ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

علیہ وسلم کے تب کہا اس سے عمر ابن عبد العزیز نے جان تو کیا کہتا ہے اے عروہ تب کہا عروہ نے سنا میں نے بشیر ابن ابی مسعود کو وہ کہتے تھے سنا میں نے ابو مسعود کو وہ کہتے تھے سنا میں نے رسول اللہ صلی

عليه وسلم يقول نزل جبريل فامني فصليت معه ثم صليت معه ثم صليت معه ثم صليت معه ثم صليت معه يحسب باصابعه خمس صلوات متفق

علیہ وسلم کو وہ فرماتے تھے اترے جبریل اور امامت کی میری تب نماز پڑھی میں نے ان کے ساتھ پھر پڑھی میں نے ان کے ساتھ پھر پڑھی میں نے ان کے ساتھ پھر پڑھی میں نے ان کے ساتھ گنتے تھے شمار کر

عليه وعن عمر بن الخطاب انه كتب الى عماله ان اهم اموركم عندي الصلوة من حفظها وحافظ عليها حفظ دينه ومن ضيعها فهو

اور روایت ہے عمر ابن خطاب سے کہ انہوں نے لکھا اپنے عاملوں کو تحقیق بڑا ضروری تمہارے کاموں میں میرے نزدیک نماز ہے جس نے نگاہ رکھا اسکو اور محافظت کی اسکی محافظت کی اپنے دین کی اور جس نے ضائع کیا اسکو پھر وہ

لما سواها اضيع ثم كتب ان صلوا الظهر ان كان الفيء ذراعا الى ان يكون ظل احدكم مثله والعصر والشمس مرتفعة بيضاء نقية

واسطے اس چیز کے کہ سوا اسکے ہے ضائع کرنے والا زیادہ ہے پھر لکھا کہ پڑھو نماز ظہر کی وقت ہو سایہ ایک گز سے یہاں تک ہو سایہ ایک تمہارے کا مثل قد اسکے اور پڑھو عصر کو حال یہ کہ آفتاب بلند ہو سفید صاف

قدر ما يسير الراكب فرسخين او ثلاثة قبل مغيب الشمس والمغرب اذا غابت الشمس والعشاء اذا غاب الشفق الى ثلث الليل فمن نام فلا نامت

اسقدر کہ چلے سوار دو فرسنگ یا تین فرسنگ قبل ڈوبنے آفتاب کے اور پڑھو مغرب جب غائب ہو آفتاب اور پڑھو عشا جب غائب ہو شفق تہائی رات تک پھر جو کوئی سو گیا تو نہ سوئے

عينه فمن نام فلا نامت عينه فمن نام فلا نامت عينه والصبح والنجوم بادية مشتبكة رواه مالك وعن ابن مسعود قال كان

اسکی آنکھ پھر جو کوئی سو گیا تو نہ سوئے اسکی آنکھ پھر جو کوئی سو گیا تو مت سوئے اسکی آنکھ اور پڑھو صبح کی جبکہ تارے ظاہر ہوں گچھے یعنے بالکل گتھے ہوئے پیدا کیا اسکو مالک نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا

قدر صلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم الظهر في الصيف ثلاثة اقدام الى خمسة اقدام وفي الشتاء خمسة اقدام الى

اندازہ نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہر گرمی کے ایام میں تین قدموں سے لیکے پانچ قدموں تک اور جاڑے کے ایام میں پانچ قدموں سے لیکے

سبعة اقدام رواه ابو داود والنسائي

ساتھ قدموں تک روایت کیا اسکو ابو داود اور نسائی نے

باب تعجيل الصلوة

باب یہ بیان میں جلدی پڑھنے نماز کے

الفصل الاول

فصل پہلی

عن سيار بن سلامة قال دخلت

روایت ہے سیار ابن سلامہ سے کہا کہ آیا میں

انا وابي على ابي برزة الاسلمي فقال له ابي كيف كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي المكتوبة فقال كان يصلي الهجير

اور میرا باپ ابی برزہ اسلمی کے پاس اور کہا اسکو میرے باپ نے کسطرح تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے نماز فرض کو تب کہا تھے پڑھتے نماز کو آدھے دن کی

التي تدعونها الاولى حين تدحض الشمس ويصلي العصر ثم يرجع احدنا الى رحله في اقصى المدينة والشمس حية ونسيت ما قال في المغرب

جسکو بولتے ہو تم نماز پہلی جس وقت کہ ڈھلتا آفتاب اور پڑھتے عصر پھر پھرتا ایک ہم میں کا اپنے مکان کی طرف مدینے کے پرلی طرف کے کنارے پر اور آفتاب بلند ہوتا اور بھولا میں جو کہا تھا واسطے مغرب کے

وكان يستحب ان يؤخر العشاء التي تدعونها العتمة وكان يكره النوم قبلها والحديث بعدها وكان ينفتل من صلوة الغداة

اور تھے مستحب رکھتے کہ تاخیر کی جاوے عشا جسکو تم بولتے ہو عتمہ اور تھے حضرت مکروہ رکھتے سونے کو قبل عشا کے اور بات کرنے کو بعد اسکے اور تھے فارغ ہوتے صبح کی نماز سے

حين يعرف الرجل جليسه ويقرأ بالستين الى المائة وفي رواية ولا يبالي بتاخير العشاء الى ثلث الليل ولا يحب النوم قبلها

جس وقت کہ پہچانتا شخص اپنے ہمنشین کو اور پڑھتے تھے ساٹھ آیتوں سے لیکے سو تک اور ایک روایت میں یہ ہے اور پروا نہ رکھتے عشا کی تاخیر کی تہائی رات تک اور دوست نہیں رکھتے تھے سونے کو قبل

والحديث بعدها متفق عليه وعن محمد بن عمرو بن الحسن بن علي قال سألنا جابر بن عبد الله عن صلوة النبي صلى الله عليه وسلم

اور بات کرنے کو بعد اسکے ق ۔ اور روایت ہے محمد ابن عمرو ابن حسن ابن علی سے کہا کہ پوچھا ہم نے جابر ابن عبد اللہ کو وقت نماز نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

فقال كان يصلي الظهر بالهاجرة والعصر والشمس حية والمغرب اذا وجبت والعشاء اذا كثر الناس عجل واذا قلوا اخر

تب کہا تھے نماز پڑھتے ظہر کی آدھے دن میں اور عصر پڑھتے اور آفتاب زندہ یعنے روشن ہوتا اور پڑھتے مغرب جب آفتاب غروب ہوتا اور عشا کو جب لوگ بہت ہوتے جلد پڑھتے اور جب کم ہوتے دیر کر کے پڑھتے

والصبح بغلس متفق عليه وعن انس قال كنا اذا صلينا خلف النبي صلى الله عليه وسلم بالظهائر سجدنا على ثيابنا اتقاء

صبح کی نماز تاریکی میں پڑھتے ق ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے ہم جب نماز پڑھتے پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دوپہر کے دنوں میں سجدہ کرتے اپنے کپڑوں پر گرمی کے بچاؤ

الحر متفق عليه ولفظه للبخاري وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اشتد الحر فابردوا

واسطے ہے ق ۔ اور لفظ اسکا بخاری کا ہے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ سخت ہو گرمی تب ٹھنڈے وقت پڑھو

بالصلوة وفي رواية للبخاري عن ابي سعيد بالظهر فان شدة الحر من فيح جهنم واشتكت النار الى ربها فقالت رب اكل بعضي

نماز کو اور ایک روایت میں بخاری کی ابو سعید سے لفظ بالظہر کا ہے ف پھر تحقیق سختی گرمی کی ہی بھاپ سے دوزخ کی اور شکایت کیا آگ نے اپنے رب پاس پھر کہا کہ اے رب میرے کھا لیا بعض نے ایک

بعضا فاذن لها بنفسين نفس في الشتاء ونفس في الصيف اشد ما تجدون من الحر واشد ما تجدون من الزمهرير متفق عليه

دوسرے کو تب اذن دیا اسکو دو سانس لینے کا ایک سانس جاڑے میں اور ایک سانس گرمی میں بہت سخت جو پاتے ہو گرمی اور بہت سخت جو پاتے ہو سردی ۔ ف ۔ ق

وفي رواية للبخاري فاشد ما تجدون من الحر فمن سمومها واشد ما تجدون من البرد فمن زمهريرها وعن انس قال كان رسول الله

اور ایک روایت میں بخاری کی پھر بہت سخت جو پاتے ہو تم گرمی سو اسکی گرم دم سے ہے اور بہت سخت جو پاتے ہو سردی سو اسکی سرد دم سے ہے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول

صلى الله عليه وسلم يصلي العصر والشمس مرتفعة حية فيذهب الذاهب الى العوالي فياتيهم والشمس مرتفعة وبعض العوالي من المدينة

صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے عصر کی اور آفتاب بلند روشن ہوتا پھر جاتا جانیوالا اوپر کی طرف بستی کے اور آتا وہاں کے لوگوں پاس اور آفتاب بلند ہوتا اور بعضا اوپر کا جانب بستی کا

على اربعة اميال او نحوه متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تلك صلوة المنافق يجلس يرقب الشمس حتى

چار کوس پر ہے یا مانند اسکے ۔ ق ۔ اور روایت انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نماز منافق کی بیٹھا رہتا ہے انتظار کرتا ہے آفتاب کی یہاں تک

اذا اصفرت وكانت بين قرني الشيطان قام فنقر اربعا لا يذكر الله فيها الا قليلا رواه مسلم وعن ابن عمر قال قال رسول

کہ جب زرد ہو جاتا ہے اور ہوتا ہے درمیان دو سینگوں شیطان کے کھڑا ہوتا ہے پھر ٹونگ مارتا ہے چار رکعت نہیں یاد کرتا اللہ کو انکے بیچ مگر تھوڑا روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے

الله صلى الله عليه وسلم الذي تفوته صلوة العصر فكانما وتر اهله وماله متفق عليه وعن بريدة قال قال رسول الله صلى

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ شخص کہ فوت ہو جاوے اس سے نماز عصر کی پھر گویا کہ نقصان کیا گیا اپنے اہل و مال میں ۔ ق ۔ اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم من ترك صلوة العصر فقد حبط عمله رواه البخاري وعن رافع بن خديج قال كنا نصلي المغرب مع رسول الله

اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے چھوڑی نماز عصر کی پھر بیشک اکارت ہوا اسکا عمل روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے رافع ابن خدیج سے کہا کہ تھے ہم نماز پڑھتے مغرب کی ساتھ رسول

صلى الله عليه وسلم فينصرف احدنا وانه ليبصر مواقع نبله متفق عليه وعن عائشة قالت كانوا يصلون العتمة فيما بين

صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر پھرتا ایک ہم میں کا اور حال یہ کہ وہ دیکھتا تھا جگہ گرنے تیر اپنے کی ۔ ق ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے نماز پڑھتے عشا کی درمیان

ان يغيب الشفق الى ثلث الليل الاول متفق عليه وعنها قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ليصلي الصبح فتنصرف النساء

شفق غائب ہونے سے اول تہائی رات تک ۔ ق ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے صبح کی پھر پھرتیں عورتیں

متلفعات بمروطهن ما يعرفن من الغلس متفق عليه وعن قتادة عن انس ان نبي الله صلى الله عليه وسلم وزيد بن ثابت تسحرا

چھپائے ہوئے اپنے چادروں سے نہ پہچانی جاتیں اندھیرے سے ۔ ف ۔ ق ۔ اور روایت ہے قتادہ سے اس نے نقل کیا انس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور زید ابن ثابت نے سحری کھائی

فلما فرغا من سحورهما قام نبي الله صلى الله عليه وسلم الى الصلوة فصلى قلنا لانس كم كان بين فراغهما من سحورهما ودخولهما في الصلوة

پھر جب فراغت ہوئی اپنی سحر کھانے سے کھڑے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے واسطے اور نماز پڑھی کہا ہم نے انس سے کس قدر فرق تھا ان دونوں صاحب کے سحر کھانے سے فراغت اور نماز میں داخل ہونے

قال قدر ما يقرأ الرجل خمسين اية رواه البخاري وعن ابي ذر قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم كيف انت اذا كانت عليك

کہا اس قدر کہ پڑھے شخص پچاس آیت روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا حال ہوگا تیرا جس وقت کہ ہوں گے

عَلَيْكَ أُمَرَاءُ يُمِيتُونَ الصَّلوٰةَ أَوْ يُؤَخِّرُونَ عَنْ وَقْتِهَا قُلْتُ فَمَا تَأْمُرُنِي قَالَ صَلِّ الصَّلوٰةَ لِوَقْتِهَا فَإِنْ أَدْرَكْتَهَا مَعَهُمْ فَصَلِّ فَإِنَّهَا

تجھپر بادشاہیں کہ مارینگے نماز کو یا تاخیر کرینگے اسکے وقت سے عرض کیا میں نے پھر کیا فرماتے ہیں آپ مجھکو فرمایا نماز پڑھ اسکے وقت میں پھر اگر پاوے تو اسکو انکے ساتھ بھی تو پڑھ لے

لَكَ نَافِلَةٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِنَ الصُّبْحِ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَقَدْ

تیرے لئے نفل ہوگی ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے پائی ایک رکعت صبح کی قبل نکلنے آفتاب کے پھر تحقیق

أَدْرَكَ الصُّبْحَ وَمَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِنَ الْعَصْرِ قَبْلَ أَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَقَدْ أَدْرَكَ الْعَصْرَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

پائی اسنے نماز صبح کی اور جسنے پائی ایک رکعت عصر کی قبل ڈوبنے آفتاب کے پھر تحقیق پائی اسنے نماز عصر کی ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَدْرَكَ أَحَدُكُمْ سَجْدَةً مِنْ صَلوٰةِ الْعَصْرِ قَبْلَ أَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَلْيُتِمَّ صَلوٰتَهُ وَإِذَا أَدْرَكَ سَجْدَةً مِنْ صَلوٰةِ الصُّبْحِ

علیہ وسلم نے جب پاوے کوئی تم میں سے ایک رکعت عصر کی نماز سے قبل ڈوبنے آفتاب کے پھر چاہئے کہ پوری پڑھے اپنی نماز کو اور جس وقت کہ پاوے ایک رکعت صبح کی

قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَلْيُتِمَّ صَلوٰتَهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَسِيَ صَلوٰةً أَوْ نَامَ عَنْهَا

نماز سے قبل نکلنے آفتاب کے پھر چاہئے کہ پوری پڑھے اپنی نماز کو ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ بھول جاوے کسی نماز کو یا سو جاوے اس سے

فَكَفَّارَتُهَا أَنْ يُصَلِّيَهَا إِذَا ذَكَرَهَا وَفِي رِوَايَةٍ لَا كَفَّارَةَ لَهَا إِلَّا ذٰلِكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

پھر کفارہ اسکا یہی ہے کہ پڑھے اسکو جب یاد کرے اسکو اور ایک روایت میں ہے نہیں بدلا اسکا مگر یہی نماز ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابو قتادہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ فِي النَّوْمِ تَفْرِيطٌ إِنَّمَا التَّفْرِيطُ فِي الْيَقَظَةِ فَإِذَا نَسِيَ أَحَدُكُمْ صَلوٰةً أَوْ نَامَ عَنْهَا فَلْيُصَلِّهَا إِذَا ذَكَرَهَا فَإِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى

علیہ وسلم نے نہیں ہے سو جانے میں تقصیر سوا اسکے نہیں کہ تقصیر ہے جاگنے میں پھر جب بھول جاوے کوئی تم میں کا نماز کو یا سو جاوے اس سے پھر چاہئے کہ پڑھے اسکو جب یاد کرے اسکو پھر تحقیق اللہ تعالیٰ نے

قَالَ وَأَقِمِ الصَّلوٰةَ لِذِكْرِي رَوَاهُ مُسْلِمٌ

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ عَلِيٍّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا عَلِيُّ ثَلَاثٌ لَا تُؤَخِّرْهَا

فرمایا اور ٹھیک رکھ نماز کو میرے یاد کرنے کے وقت ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے حضرت علی سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا اے علی تین چیز ہیں کہ نہ دیر کر تو ان میں

الصَّلوٰةُ إِذَا أَتَتْ وَالْجَنَازَةُ إِذَا حَضَرَتْ وَالْأَيِّمُ إِذَا وَجَدْتَ لَهَا كُفُوًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

نماز جب کہ آوے وقت اسکا اور جنازہ جس وقت کہ تیار ہو اور عورت بے خاوند کی جب کہ پاوے تو اسکے واسطے ہم قوم ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَقْتُ الْأَوَّلُ مِنَ الصَّلوٰةِ رِضْوَانُ اللّٰهِ وَالْوَقْتُ الْآخِرُ عَفْوُ اللّٰهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أُمِّ فَرْوَةَ قَالَتْ سُئِلَ النَّبِيُّ

اللہ علیہ وسلم نے اول وقت نماز کا سبب خوشنودی اللہ کا ہے اور آخر وقت سبب معاف کرنے اللہ کا ہے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ام فروہ سے کہا کہ پوچھے گئے نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ قَالَ الصَّلوٰةُ لِأَوَّلِ وَقْتِهَا رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ لَا يُرْوَى الْحَدِيثُ إِلَّا مِنْ

صلی اللہ علیہ وسلم کہ عملوں میں کون افضل ہے فرمایا نماز پڑھنا اسکے اول وقت میں ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے نہیں روایت کی جاتی یہ حدیث مگر

حَدِيثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ الْعُمَرِيِّ وَهُوَ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيثِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا صَلّٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حدیث عبد اللہ ابن عمر عمری سے اور وہ نہیں ہے قوی نزدیک اہل حدیث کے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ نہیں نماز پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ صَلوٰةً لِوَقْتِهَا الْآخِرِ مَرَّتَيْنِ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وسلم نے کسی نماز کو اسکے آخر وقت میں دو بار یہاں تک کہ وفات دیا انکو اللہ تعالیٰ نے ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابی ایوب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ لَا تَزَالُ أُمَّتِي بِخَيْرٍ أَوْ قَالَ عَلَى الْفِطْرَةِ مَا لَمْ يُؤَخِّرُوا الْمَغْرِبَ إِلٰى أَنْ تَشْتَبِكَ النُّجُومُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَى الدَّارِمِيُّ عَنِ الْعَبَّاسِ

وسلم نے ہمیشہ رہیگی امت میری ساتھ نیکی کے یا فرمایا اسلام کے طریقے پر جب تک نہ تاخیر کرینگے مغرب کی نماز کو یہاں تک کہ گتھ جاویں تارے ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت کیا دارمی نے عباس سے

وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لولا ان اشق على امتي لامرتهم ان يؤخروا العشاء الى ثلث الليل او

اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر سختی نہ جانتا میں اپنی امت پر البتہ حکم کرتا میں انکو یہ کہ تاخیر کریں عشا کی تہائی رات تک یا

نصفه رواه احمد والترمذي وابن ماجة وعن معاذ بن جبل قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعتموا بهذه الصلوة فانكم قد فضلتم

آدھی رات تک روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے معاذ ابن جبل سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تاریکی میں ادا کرو اس نماز کو بعد عشا کے تحقیق تم بزرگی

بها على سائر الامم ولم تصلها امة قبلكم رواه ابوداود وعن النعمان بن بشير قال انا اعلم بوقت هذه الصلوة

دئے گئے ہو سبب اسکے تمام امت پر اور نہیں پڑھا اس نماز کو کسی امت نے تمہارے پہلے روایت کیا اسکو ابوداود نے ۔ اور روایت ہے نعمان ابن بشیر سے کہا کہ میں خوب جانتا ہوں وقت اس نماز کا یعنے

صلوة العشاء الآخرة كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصليها لسقوط القمر لثالثة رواه ابوداود والدارمي

نماز عشاء پچھلی کا وقت تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے اس نماز کو وقت ڈوبنے چاند تیسری رات کے روایت کیا اسکو ابوداود اور دارمی نے

وعن رافع بن خديج قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اسفروا بالفجر فانه اعظم للاجر رواه الترمذي وابوداود

اور روایت ہے رافع ابن خدیج سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روشنی میں پڑھو نماز فجر کی پھر تحقیق وہ نماز بہت بڑی ہے بیچ ثواب کے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود نے

والدارمي وليس عند النسائي فانه اعظم للاجر

اور دارمی نے اور نہیں ہے نزدیک نسائی کے یہ لفظ فانه اعظم للاجر

الفصل الثالث

فصل تیسری

عن رافع بن خديج قال كنا نصلي العصر مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم ينحر الجزور فيقسم عشر قسم ثم يطبخ فنأكل لحما نضيجا قبل مغيب الشمس متفق عليه وعن

روایت ہے رافع ابن خدیج سے کہا کہ تھے ہم نماز پڑھتے عصر کی ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر ذبح کیا جاتا اونٹ اور تقسیم کیا جاتا دس حصہ پھر پکایا جاتا اور کھاتے ہم گوشت پکا ہوا قبل غائب ہونے آفتاب کے ۔ ق ۔ اور روایت ہے

عبد الله بن عمر قال مكثنا ذات ليلة ننتظر رسول الله صلى الله عليه وسلم لصلوة العشاء الآخرة فخرج الينا حين ذهب

عبداللہ ابن عمر سے کہا کہ دیر تک تھے ہم ایک رات کو انتظار کرتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی واسطے نماز عشاء پچھلی کے پھر نکلے ہماری طرف جب کہ گئی

ثلث الليل او بعده فلا ندري اشيء شغله في اهله او غير ذلك فقال حين خرج انكم لتنتظرون صلوة ما ينتظرها اهل

تہائی رات یا بعد تہائی کے پھر نہیں جانا ہم نے کہ کسی چیز نے مشغول کیا تھا انکے اہل خانہ میں یا سوا اسکے پھر فرمایا جس وقت کہ نکلے تحقیق تم لوگ انتظار کرتے ہو اس نماز کی نہیں انتظار کرتے

دين غيركم ولولا ان يثقل على امتي لصليت بهم هذه الساعة ثم امر المؤذن فاقام الصلوة وصلى رواه مسلم وعن

کوئی دین والا سوا تمہارے اور اگر نہ ہوتا خوف گراں ہونے کا میری امت پر تحقیق پڑھتا میں ان کے ساتھ اس وقت میں پھر حکم کیا موذن کو پس اقامت کہی نماز کی اور نماز پڑھی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

جابر بن سمرة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي الصلوات نحوا من صلوتكم وكان يؤخر العتمة بعد صلوتكم

جابر ابن سمرہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے نمازوں کو مانند نماز تمہاری کے اور تھے تاخیر کرتے عشا کو بعد وقت نماز تمہاری کے

شيئا وكان يخفف الصلوة رواه مسلم وعن ابي سعيد قال صلينا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوة العتمة

کچھ اور تھے سبک پڑھتے نماز ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ نماز پڑھی ہم نے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز عشا کی وقت

فلم يخرج حتى مضى نحو من شطر الليل فقال خذوا مقاعدكم فاخذنا مقاعدنا فقال ان الناس قد صلوا واخذوا

پھر نہ تشریف لائے یہاں تک کہ گذری قریب آدھی رات کے فرمایا بیٹھے رہو اپنے بیٹھنے کی جگہ پھر بیٹھے رہے ہم اپنے اپنے بیٹھنے کی جگہ پھر فرمایا تحقیق لوگ نماز پڑھ لیا اور

مضاجعهم وانكم لن تزالوا في صلوة ما انتظرتم الصلوة ولولا ضعف الضعيف وسقم السقيم لاخرت هذه الصلوة الى شطر

سو رہے اور تحقیق تم ہمیشہ ہو نماز میں جب تک کہ انتظار کرتے ہو نماز کی اور اگر نہ ہوتی کمزوری ضعیف کی اور بیماری بیمار کی تحقیق دیر کرتا میں اس نماز کو آدھی رات تک

اللَّيْلِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشَدَّ تَعْجِيلًا لِلظُّهْرِ مِنْكُمْ وَأَنْتُمْ أَشَدُّ تَعْجِيلًا

رات تک روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہت جلدی کرتے ظہر کی تم سے اور تم بہت جلدی کرتے ہو

لِلْعَصْرِ مِنْهُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ الْحَرُّ أَبْرَدَ بِالصَّلٰوةِ وَإِذَا كَانَ الْبَرْدُ عَجَّلَ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ

عصر کی انسے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت کہ ہوتی گرمی ٹھنڈے میں پڑھتے نماز اور جو سردی ہوتی جلدی کرتے نماز کی روایت کیا اسکو نسائی نے

وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهَا سَتَكُونُ عَلَيْكُمْ بَعْدِي أُمَرَاءُ يَشْغَلُهُمْ أَشْيَاءُ عَنِ الصَّلٰوةِ لِوَقْتِهَا حَتّٰى يَذْهَبَ

روایت ہے عبادہ ابن صامت سے کہا کہ فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق حال یہ ہے کہ غالب ہونگے تم پر بعد میرے سردارین باز رکھینگے انکو چیزیں نماز پڑھنے سے اسکے وقت میں یہاں تک کہ جاتا رہیگا

وَقْتُهَا فَصَلُّوا الصَّلٰوةَ لِوَقْتِهَا فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللهِ أُصَلِّي مَعَهُمْ قَالَ نَعَمْ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ قَبِيصَةَ بْنِ وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اسکا وقت پھر پڑھو تم نماز کو اسکے وقت میں تب کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ نماز پڑھوں میں انکے ساتھ فرمایا ہاں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے قبیصہ ابن وقاص سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

يَكُونُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ مِنْ بَعْدِي يُؤَخِّرُونَ الصَّلٰوةَ فَهِيَ لَكُمْ وَهِيَ عَلَيْهِمْ فَصَلُّوا مَعَهُمْ مَا صَلَّوُا الْقِبْلَةَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ

غالب ہونگے تم پر سردارین بعد میرے تاخیر کرینگے نماز کو پھر ثواب اسکا تمکو ہے اور گناہ انکا انکو ہے پھر نماز پڑھو انکے ساتھ جب تک کہ نماز پڑھیں قبلہ کی طرف اور روایت ہے عبید اللہ ابن

عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ أَنَّهُ دَخَلَ عَلٰى عُثْمَانَ وَهُوَ مَحْصُورٌ فَقَالَ إِنَّكَ إِمَامُ عَامَّةٍ وَنَزَلَ بِكَ مَا تَرٰى وَيُصَلِّي لَنَا إِمَامُ فِتْنَةٍ وَنَتَحَرَّجُ فَقَالَ الصَّلٰوةُ

عدی ابن خیار سے کہ وہ آیا حضرت عثمان کے پاس اور وہ تھے گھیرے ہوئے پھر کہا عبید اللہ نے کہ تحقیق تم امام ہو مسلمانوں کے اور اتری ہے تم پر وہ بلا کہ دیکھتے ہو اور نماز پڑھواتا ہے ہمکو سردار فتنے کا اور ہم ڈرتے ہیں پھر کہا نماز

أَحْسَنُ مَا يَعْمَلُ النَّاسُ فَإِذَا أَحْسَنَ النَّاسُ فَأَحْسِنْ مَعَهُمْ وَإِذَا أَسَاءُوا فَاجْتَنِبْ إِسَاءَتَهُمْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ الْفَصْلُ الْأَوَّلُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ

بہتر ان کاموں کی ہے جو کرتے ہیں لوگ پھر جس وقت نیکی کریں لوگ پھر نیکی کر ان کے ساتھ اور جب برائی کریں کنارے ہو انکی برائی سے روایت کیا اسکو بخاری نے فصل پہلی روایت ہے عمارہ ابن

رُؤَيْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَنْ يَلِجَ النَّارَ أَحَدٌ صَلّٰى قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا يَعْنِي الْفَجْرَ وَالْعَصْرَ رَوَاهُ

رویبہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے ہرگز نہ پیٹھے گا آگ میں وہ شخص کہ جسنے نماز پڑھا قبل نکلنے آفتاب کے اور قبل ڈوبنے آفتاب کے یعنے نماز فجر اور عصر کی روایت کیا اسکو

مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي مُوسٰى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى الْبَرْدَيْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

مسلم نے اور روایت ہے ابی موسیٰ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پڑھے دو نمازیں ٹھنڈے وقت کی داخل ہو بہشت میں ق اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَاقَبُونَ فِيكُمْ مَلَائِكَةٌ بِاللَّيْلِ وَمَلَائِكَةٌ بِالنَّهَارِ وَيَجْتَمِعُونَ فِي صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَصَلٰوةِ الْعَصْرِ ثُمَّ يَعْرُجُ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آتے ہیں پیچھے تمہارے فرشتے رات کو اور فرشتے دن کو اور اکٹھا ہوتے ہیں فجر کی نماز اور عصر کی نماز میں تب اوپر چڑھتے ہیں

الَّذِينَ بَاتُوا فِيكُمْ فَيَسْأَلُهُمْ رَبُّهُمْ وَهُوَ أَعْلَمُ بِهِمْ كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِي فَيَقُولُونَ تَرَكْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّونَ وَأَتَيْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّونَ

وہ فرشتے جو رات کو رہے تم میں پھر پوچھتا ہے ان سے رب انکا اور وہ خوب جانتا ہے حال انکا کیونکر چھوڑا تم نے میرے بندوں کو تب کہتے ہیں چھوڑا ہمنے انکو اور نماز پڑھتے تھے اور آئے ہم ان کے پاس اور وہ نماز پڑھتے تھے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جُنْدُبٍ الْقَسْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى صَلٰوةَ الصُّبْحِ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللهِ فَلَا يَطْلُبَنَّكُمُ اللهُ

ق اور روایت ہے جندب قسری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پڑھے نماز صبح کی پھر وہ اللہ کے ذمہ میں ہے پھر جانیے کہ نہ طلب کرے تم کو اللہ

مِنْ ذِمَّتِهِ بِشَيْءٍ فَإِنَّهُ مَنْ يَطْلُبْهُ مِنْ ذِمَّتِهِ بِشَيْءٍ يُدْرِكْهُ ثُمَّ يَكُبَّهُ عَلٰى وَجْهِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي بَعْضِ نُسَخِ الْمَصَابِيحِ الْقَشِيرِيِّ

ذمہ اپنے سے کچھ بھی حال یہ ہے کہ جسکو طلب کریگا اللہ اپنے ذمے سے کچھ بھی پاویگا اسکو پھر ڈالیگا اسکو منہ کے بل دوزخ کی آگ میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور بعضے نسخوں میں مصابیح کے قشیری ہے

بَدَلَ الْقَسْرِيِّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي النِّدَاءِ وَالصَّفِّ الْأَوَّلِ ثُمَّ لَمْ يَجِدُوا إِلَّا أَنْ

بدلے قسری کے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر جانیں آدمی اس ثواب کو جو اذان اور پہلی صف میں ہے پھر نہ پاویں مگر یہ کہ

… بھاگنے کا ٹھکانا نہیں ہے وہ گرے گا۔

لَاسْتَهَمُوا عَلَيْهِ وَلَوْ يَعْلَمُونَ مَا فِي التَّهْجِيرِ لَاسْتَبَقُوا إِلَيْهِ وَلَوْ يَعْلَمُونَ مَا فِي الْعَتَمَةِ وَالصُّبْحِ لَأَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ

قرعہ ڈالیں سپر البتہ قرعہ ڈالیں اور اگر جانیں اس ثواب کو جو سویرے جانے میں ہے تو البتہ دوڑیں اس کی طرف اور اگر جانیں اس ثواب کو جو عشا اور صبح میں ہے تو البتہ آویں ان میں اگرچہ چلیں گھٹنوں پر

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْسَ صَلٰوۃٌ أَثْقَلَ عَلَی الْمُنَافِقِیْنَ مِنَ الْفَجْرِ وَالْعِشَاءِ وَلَوْ یَعْلَمُوْنَ مَا فِیْہِمَا لَأَتَوْہُمَا وَلَوْ حَبْوًا

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کوئی نماز بھاری زیادہ منافقوں پر فجر اور عشا سے اور اگر جانیں اس ثواب کو جو ان میں ہے تو البتہ آویں ان میں اگرچہ چلیں گھٹنوں پر

مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ عُثْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّی الْعِشَاءَ فِیْ جَمَاعَۃٍ فَکَأَنَّمَا قَامَ نِصْفَ اللَّیْلِ وَمَنْ صَلَّی الصُّبْحَ فِیْ جَمَاعَۃٍ

ق * اور روایت ہے عثمان سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پڑھے نماز عشا کی جماعت میں پس گویا کہ نماز پڑھی آدھی رات اور جو شخص کہ پڑھے نماز صبح کی جماعت میں

فَکَأَنَّمَا صَلَّی اللَّیْلَ کُلَّہٗ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَغْلِبَنَّکُمُ الْأَعْرَابُ عَلٰی اسْمِ صَلٰوتِکُمُ الْمَغْرِبِ قَالَ

پس گویا کہ نماز پڑھی تمام رات * روایت کیا اس کو مسلم نے * اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ غالب آویں تم پر گنوار تمہاری نماز کے نام پر کہ مغرب ہے فرمایا

وَتَقُوْلُ الْأَعْرَابُ ہِیَ الْعِشَاءُ وَقَالَ لَا یَغْلِبَنَّکُمُ الْأَعْرَابُ عَلٰی اسْمِ صَلٰوتِکُمُ الْعِشَاءِ فَإِنَّہَا فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ الْعِشَاءُ فَإِنَّہَا تُعْتِمُ بِحِلَابِ الْإِبِلِ

اور کہتے ہیں گنوار کہ یہ عشا ہے اور فرمایا نہ غالب آویں تم پر گنوار تمہاری نماز کے نام پر کہ عشا ہے تحقیق وہ اللہ کی کتاب میں عشا ہے پس تحقیق وہ تاریکی میں پڑھی جاتی ہے ساتھ دوہنے اونٹنیوں کے

وَعَنْ عَلِیٍّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَوْمَ الْخَنْدَقِ حَبَسُوْنَا عَنْ صَلٰوۃِ الْوُسْطٰی صَلٰوۃِ الْعَصْرِ مَلَأَ اللّٰہُ بُیُوْتَہُمْ

اور روایت ہے حضرت علی سے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خندق کی لڑائی کے دن کہ باز رکھا کافروں نے ہم کو بیچ والی نماز سے کہ نماز عصر کی ہے بھرے اللہ ان کے گھروں

وَقُبُوْرَہُمْ نَارًا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ

الْفَصْلُ الثَّانِیْ

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَسَمُرَۃَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃُ الْوُسْطٰی

اور قبروں کو آگ سے * ق * فصل دوسری * روایت ہے ابن مسعود اور سمرہ ابن جندب سے دونوں نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نماز بیچ والی

صَلٰوۃُ الْعَصْرِ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَعَنْ أَبِیْ ہُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ قَوْلِہٖ تَعَالٰی إِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ کَانَ مَشْہُوْدًا قَالَ تَشْہَدُہٗ

نماز عصر کی ہے * روایت کیا اس کو ترمذی نے * اور روایت ہے ابو ہریرہ سے اس نے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تفسیر میں قول اللہ تعالی کے تحقیق قرآن فجر کا ہے حاضر کیا گیا فرمایا حاضر ہوتے ہیں اس میں

مَلٰٓئِکَۃُ اللَّیْلِ وَمَلٰٓئِکَۃُ النَّہَارِ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَعَائِشَۃَ قَالَا الصَّلٰوۃُ الْوُسْطٰی صَلٰوۃُ الظُّہْرِ

فرشتے رات کے اور فرشتے دن کے * روایت کیا اس کو ترمذی نے * فصل تیسری * روایت ہے زید ابن ثابت اور حضرت عائشہ سے دونوں نے کہا صلوۃ وسطی نماز ظہر کی ہے

رَوَاہُ مَالِکٌ عَنْ زَیْدٍ وَالتِّرْمِذِیُّ عَنْہُمَا تَعْلِیْقًا وَعَنْ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّی الظُّہْرَ بِالْہَاجِرَۃِ وَلَمْ

روایت کیا اس کو مالک نے زید ابن ثابت سے اور ترمذی نے دونوں سے بغیر بیان سند کے * اور روایت ہے زید ابن ثابت سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے نماز ظہر کی سویرے اور نہ

یَکُنْ یُصَلِّیْ صَلٰوۃً أَشَدَّ عَلٰی أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْہَا فَنَزَلَتْ حَافِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی وَقَالَ إِنَّ قَبْلَہَا

تھے پڑھتے کوئی نماز کہ بہت سخت ہو اوپر اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس نماز سے تب اتری یہ آیت محافظت کرو سب نمازوں پر اور صلوۃ وسطی پر اور فرمایا تحقیق قبل اس کے

صَلٰوتَیْنِ وَبَعْدَہَا صَلٰوتَیْنِ رَوَاہُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ مَالِکٍ بَلَغَہٗ أَنَّ عَلِیَّ بْنَ أَبِیْ طَالِبٍ وَعَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عَبَّاسٍ کَانَا یَقُوْلَانِ الصَّلٰوۃُ

دو نمازیں ہیں اور بعد اس کے دو نمازیں ہیں * روایت کیا اس کو احمد اور ابو داؤد نے * اور روایت ہے مالک سے کہ خبر پہنچی ان کو یہ کہ تحقیق حضرت علی ابن ابی طالب اور عبد اللہ ابن عباس تھے فرماتے صلوۃ

الْوُسْطٰی صَلٰوۃُ الصُّبْحِ رَوَاہُ فِی الْمُوَطَّأِ وَرَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ تَعْلِیْقًا وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی

وسطی نماز صبح کی ہے * روایت کیا اس کو موطا میں اور روایت کیا اس کو ترمذی نے ابن عباس اور ابن عمر سے بغیر بیان سند کے * اور روایت ہے سلمان فارسی سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ غَدَا إِلٰی صَلٰوۃِ الصُّبْحِ غَدَا بِرَایَۃِ الْإِیْمَانِ وَمَنْ غَدَا إِلَی السُّوْقِ غَدَا بِرَایَۃِ إِبْلِیْسَ رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ

صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو شخص کہ صبح کو جاوے طرف نماز صبح کے جاتا ہے ساتھ نشان ایمان کے اور جو شخص کہ صبح کو جاوے طرف بازار کے تو جاوے ساتھ نشان ابلیس کے * روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے

بَابُ الْأَذَانِ

باب اذان کے بیان میں

الفصل الاول عن انس قال ذکروا النار والناقوس فذکروا الیهود والنصاری فامر بلال ان یشفع الاذان وان یوتر الاقامة

فصل پہلی * روایت ہے انس سے کہا کہ ذکر کیا صحابہ نے آگ اور ناقوس کا پھر ذکر کیا یہود اور نصاری کا پھر حکم کئے گئے بلال کہ دو دو بار کہیں لفظ اذان کے اور ایک بار کہیں لفظ اقامت کے

قال اسمعیل فذکرته لایوب فقال الا الاقامة متفق علیه وعن ابی محذورة قال القی علی رسول الله صلی الله علیه وسلم التاذین

کہا اسمعیل نے پھر ذکر کیا میں نے اس حدیث کو ایوب سے تب کہا مگر لفظ قد قامت الصلوٰۃ کا * ف ق * اور روایت ہے ابی محذورہ سے کہا کہ سکھلایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اذان کہنا

هو بنفسه فقال قل الله اکبر الله اکبر الله اکبر الله اکبر اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان محمدا رسول الله

حضرت نے خود آپ تب فرمایا کہہ الله اکبر الله اکبر الله اکبر الله اکبر اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان محمدا رسول الله

اشهد ان محمدا رسول الله ثم تعود فتقول اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان محمدا رسول الله اشهد ان

اشهد ان محمدا رسول الله پھر دوسری بار کہے تو اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان محمدا رسول الله اشهد ان

محمدا رسول الله حی علی الصلوٰة حی علی الصلوٰة حی علی الفلاح حی علی الفلاح الله اکبر الله اکبر لا اله الا الله رواه مسلم الفصل

محمدا رسول الله حی علی الصلوٰة حی علی الصلوٰة حی علی الفلاح حی علی الفلاح الله اکبر الله اکبر لا اله الا الله روایت کیا اسکو مسلم نے * فصل

الثانی عن ابن عمر قال کان الاذان علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم مرتین مرتین والاقامة مرة مرة غیر انه کان یقول قد

دوسری * روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ تھی اذان زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دو دو بار اور اقامت ایک ایک بار سوا اسکے کہ موذن کہتا تھا قد

قامت الصلوٰة قد قامت الصلوٰة رواه ابو داود والنسائی والدارمی وعن ابی محذورة ان النبی صلی الله علیه وسلم علمه الاذان تسع

قامت الصلوٰة قد قامت الصلوٰة * ف * روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی اور دارمی نے * اور روایت ہے ابی محذورہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھلائی اسکو اذان

عشرة کلمة والاقامة سبع عشرة کلمة رواه احمد والترمذی وابو داود والنسائی والدارمی وابن ماجة وعنه قال قلت

انیس لفظ اور اقامت سترہ لفظ * ف * روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور دارمی اور ابن ماجہ نے * اور روایت ہے انہی سے کہا کہ کہا میں نے

یا رسول الله علمنی سنة الاذان قال فمسح مقدم راسه قال تقول الله اکبر الله اکبر الله اکبر الله اکبر ترفع بها صوتك ثم

یا رسول اللہ سکھلائے مجھکو طریقہ اذان کہنے کا کہا کہ پھر چھوا اگلا حصہ اپنے سر کا تب فرمایا کہئے الله اکبر الله اکبر الله اکبر الله اکبر بلند کرے تو ساتھ اسکے اپنی آواز

تقول اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان محمدا رسول الله اشهد ان محمدا رسول الله تخفض بها صوتك ثم

کہے تو اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان محمدا رسول الله اشهد ان محمدا رسول الله پست کرے تو ساتھ اسکے اپنی آواز کو

ترفع صوتك بالشهادة اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان محمدا رسول الله اشهد ان محمدا رسول

بلند کرے تو اپنی آواز ساتھ شہادۃ کے * ف * میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود حق سوائے اللہ کے میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد بھیجے اللہ کے ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد بھیجے

الله حی علی الصلوٰة حی علی الصلوٰة حی علی الفلاح حی علی الفلاح فان کان صلوٰة الصبح قلت الصلوٰة خیر من النوم

اللہ کے ہیں آؤ نماز پڑھنے کو آؤ نماز پڑھنے کو آؤ خلاص ہونے کے کام پر آؤ خلاص ہونے کے کام پر پھر اگر ہو وقت نماز صبح کا کہہ تو نماز بہتر ہے نیند سے

الصلوٰة خیر من النوم الله اکبر الله اکبر لا اله الا الله رواه ابو داود وعن بلال قال قال لی رسول الله صلی الله علیه وسلم لا

نماز بہتر ہے نیند سے اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے نہیں کوئی معبود حق سوائے اللہ کے * روایت کیا اسکو ابوداؤد نے * اور روایت ہے بلال سے کہا کہ فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

تثوبن فی شیء من الصلوات الا فی صلوٰة الفجر رواه الترمذی وابن ماجة وقال الترمذی ابو اسرائیل الراوی لیس هو بذاك القوی

تثویب کرے کسی نماز میں سوائے فجر کی نماز کے * ف * روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے ابو اسرائیل راوی نہیں ہے وہ قوی مضبوط

عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ ❊ وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِبِلَالٍ إِذَا أَذَّنْتَ فَتَرَسَّلْ وَإِذَا أَقَمْتَ فَاحْدُرْ وَاجْعَلْ بَيْنَ

نزدیک اہل حدیث کے ❊ اور روایت ہے جابر سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلال کو جس وقت کہ اذان کہے تو ٹھہر ٹھہر کہہ اور جس وقت اقامت کہے تو جلدی کہہ اور کر

أَذَانِكَ وَإِقَامَتِكَ قَدْرَ مَا يَفْرُغُ الْآكِلُ مِنْ أَكْلِهِ وَالشَّارِبُ مِنْ شُرْبِهِ وَالْمُعْتَصِرُ إِذَا دَخَلَ لِقَضَاءِ حَاجَتِهِ وَلَا تَقُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوْنِي

اپنی اذان اور اقامت کے اس قدر کہ فراغت کرے کھانے والا اپنے کھانے اور پینے والا اپنے پینے سے اور فراغت کرے استنجے والا جب کہ جاوے بیچ حاجت رفع کرنے اپنی کے اور کھڑے نہ ہو نماز کو جب تک کہ دیکھو تم

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ لَا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْمُنْعِمِ وَإِسْنَادُهُ مَجْهُوْلٌ ❊ وَعَنْ زِيَادِ بْنِ الْحَارِثِ الصُّدَائِيِّ قَالَ أَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث عبد المنعم سے اور اسناد اسکی مجہول ہے ❊ اور روایت ہے زیاد ابن حارث صدائی سے کہا کہ حکم کیا مجھکو رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أُؤَذِّنَ فِيْ صَلٰوةِ الْفَجْرِ فَأَذَّنْتُ فَأَرَادَ بِلَالٌ أَنْ يُّقِيْمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَخَا صُدَاءٍ قَدْ أَذَّنَ وَمَنْ

صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ اذان کہوں فجر کی نماز میں پھر اذان کہی میں نے تب ارادہ کیا بلال نے کہ اقامت کہے پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بھائی صدائی نے اذان کہی اور جو

أَذَّنَ فَهُوَ يُقِيْمُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ الْمُسْلِمُوْنَ حِيْنَ قَدِمُوا الْمَدِيْنَةَ يَجْتَمِعُوْنَ

اذان کہے پھر وہی اقامت کہے ❊ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ❊ فصل تیسری ❊ روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ تھے مسلمان جس وقت کہ آئے مدینے میں جمع ہوتے

فَيَتَحَيَّنُوْنَ لِلصَّلٰوةِ وَلَيْسَ يُنَادِيْ بِهَا أَحَدٌ فَتَكَلَّمُوْا يَوْمًا فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ اتَّخِذُوْا مِثْلَ نَاقُوْسِ النَّصَارٰى وَقَالَ بَعْضُهُمْ قَرْنًا مِثْلَ قَرْنِ

پھر تلاش کرتے تھے وقت کی نماز کے واسطے اور نہ تھا پکارتا نماز کے واسطے کوئی پھر گفتگو کیا ایک دن اسمیں تب کہا بعضوں نے بناؤ مانند ناقوس نصاری کے اور کہا بعضوں نے بناؤ سینگھ مانند سینگھ

الْيَهُوْدِ فَقَالَ عُمَرُ أَوَلَا تَبْعَثُوْنَ رَجُلًا يُنَادِيْ بِالصَّلٰوةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا بِلَالُ قُمْ فَنَادِ بِالصَّلٰوةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❊ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

یہود کے تب کہا حضرت عمر نے کیا نہیں بھیجتے تم ایک شخص کو کہ پکارے نماز کے واسطے تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ای بلال کھڑا ہو اور پکار نماز کے واسطے ❊ ق ❊ اور روایت ہے عبد اللہ

بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهٖ قَالَ لَمَّا أَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاقُوْسِ يُعْمَلُ لِيُضْرَبَ بِهٖ لِلنَّاسِ لِجَمْعِ الصَّلٰوةِ طَافَ بِيْ وَأَنَا نَائِمٌ رَجُلٌ يَحْمِلُ

ابن زید ابن عبد ربہ سے کہا کہ جب حکم کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے ناقوس کے کہ بنایا جاوے تاکہ بجاویں اسکو لوگوں کے واسطے نماز میں جمع ہونے کے لئے خواب میں دکھائی دیا مجھکو

نَاقُوْسًا فِيْ يَدِهٖ فَقُلْتُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ أَتَبِيْعُ النَّاقُوْسَ قَالَ وَمَا تَصْنَعُ بِهٖ قُلْتُ نَدْعُوْ بِهٖ إِلَى الصَّلٰوةِ قَالَ أَفَلَا أَدُلُّكَ عَلٰى مَا هُوَ خَيْرٌ

ناقوس کو اپنے ہاتھ میں پھر کہا میں نے ای بندے اللہ کے کیا بیچتا ہے ناقوس کو کہا کیا کریگا تو اسکو کہا میں نے بلاوینگا اس سے نماز کی طرف تب کہا کیا بتلاؤں میں تجھکو وہ چیز کہ بہتر ہے

مِنْ ذٰلِكَ فَقُلْتُ لَهٗ بَلٰى قَالَ فَقَالَ تَقُوْلُ اللّٰهُ أَكْبَرُ إِلٰى آخِرِهٖ وَكَذَا الْإِقَامَةَ فَلَمَّا أَصْبَحْتُ أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهٗ

اس سے پھر کہا میں نے اس سے کہ ہاں بتلاؤ کہا پھر کہا اسنے کہے تو اللہ اکبر آخر اذان تک اور اسیطرح اقامت پھر جب صبح کیا میں نے آیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دی

بِمَا رَأَيْتُ فَقَالَ إِنَّهَا لَرُؤْيَا حَقٌّ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَقُمْ مَعَ بِلَالٍ فَأَلْقِ عَلَيْهِ مَا رَأَيْتَ فَلْيُؤَذِّنْ بِهٖ فَإِنَّهٗ أَنْدٰى صَوْتًا مِنْكَ فَقُمْتُ

جو کچھ دیکھا تھا میں نے تب فرمایا حضرت نے تحقیق یہہ خواب حق ہے جو چاہے اللہ تعالی پھر کھڑا ہو بلال کے ساتھ اور بتلا اسکو جو دیکھا تو نے پھر چاہئے کہ اذان کہے بلال ان لفظوں سے پھر تحقیق بلال بلند تر ہے آواز میں بہ نسبت تیرے پھر کھڑا ہوا میں

مَعَ بِلَالٍ فَجَعَلْتُ أُلْقِيْهِ عَلَيْهِ وَيُؤَذِّنُ بِهٖ قَالَ فَسَمِعَ بِذٰلِكَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَهُوَ فِيْ بَيْتِهٖ فَخَرَجَ يَجُرُّ رِدَاءَهٗ يَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَ

بلال کے ساتھ اور شروع کیا میں نے کہ بتلانے لگا اسکو بلال کو اور اذان کہتے تھے بلال ان لفظوں سے کہا راوی نے پھر سنا اسکو عمر ابن خطاب نے اور وہ اپنے گھر میں تھے پھر نکلے کھینچتے چادر اپنی کہتے تھے یا رسول اللہ قسم

الَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَقَدْ رَأَيْتُ مِثْلَ مَا أُرِيَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ إِلَّا

اس ذات کی کہ بھیجا آپ کو ساتھ حق کے تحقیق دیکھا میں نے مانند اس چیز کے کہ دکھلایا گیا عبد اللہ تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر واسطے اللہ ہی کے ہے تعریف ❊ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور دارمی اور ابن ماجہ نے مگر

أَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرِ الْإِقَامَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لٰكِنَّهٗ لَمْ يُصَرِّحْ قِصَّةَ النَّاقُوْسِ ❊ وَعَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

یہہ کہ اسنے نہ ذکر کیا اقامت کا اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث صحیح ہے لیکن ترمذی نے نہ صاف ذکر کیا قصہ ناقوس کا ❊ اور روایت ہے ابی بکرہ سے کہا کہ نکلا میں ساتھ نبی صلی اللہ

عليّنا لصلوة الصبح فكان لا يمرّ برجل الا ناداه بالصلوة او حرّكه برجله رواه ابو داود وعن مالك بلغه ان المؤذن جاء عمر يؤذنه لصلوة الصبح فوجده نائما فقال

صلوٰۃ صبح کی نماز کے واسطے پھر نہ گذرتے کسی شخص پر مگر پکارتے اسکو نماز کے واسطے یا ہلاتے اسکو اپنے پاؤں سے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے مالک سے پہنچی انکو یہ خبر کہ مؤذن آیا حضرت عمر پاس خبر دینے انکو نماز کے واسطے پھر پایا انکو سوتا ہوا تب کہا

الصلوة خير من النوم فامره عمر ان يجعلها في نداء الصبح رواه في الموطا وعن عبد الرحمن بن سعد بن عمار بن سعد مؤذن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال حدثني ابي عن ابيه عن جده ان

الصلوٰۃ خیر من النوم پھر حکم کیا اسکو عمر نے کہ مقرر کرے اسکو صبح کی اذان میں روایت کیا اسکو موطا میں اور روایت ہے عبد الرحمن بن سعد ابن عمار ابن سعد مؤذن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ خبر دی مجھ کو میرے باپ نے اپنے باپ سے انہوں نے اپنے دادا سے

رسول الله صلى الله عليه وسلم امر بلالا ان يجعل اصبعيه في اذنيه وقال انه ارفع لصوتك رواه ابن ماجة

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا بلال کو کہ کرے اپنی دونوں انگلیاں اپنے دونوں کانوں میں اور فرمایا کہ یہ بلند کرنے والی زیادہ ہے تیری آواز کو روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

باب فضل الاذان واجابة المؤذن

باب ہے بیچ فضیلت اذان اور جواب دینے مؤذن کے

الفصل الاول

وعن معاوية قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول المؤذنون اطول الناس اعناقا يوم القيمة رواه مسلم

فصل پہلی روایت ہے معاویہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ اذان دینے والے لمبی گردن کے ہونگے اور لوگوں سے قیامت کے دن روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا نودي للصلوة ادبر الشيطان له ضراط حتى لا يسمع التاذين فاذا قضي النداء اقبل حتى اذا ثوب بالصلوة ادبر حتى اذا قضي التثويب اقبل حتى يخطر بين المرء ونفسه يقول اذكر كذا اذكر كذا لما لم يكن يذكر حتى يظل الرجل لا يدري كم صلى متفق عليه

اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اذان دی جاتی ہے نماز کے واسطے پیٹھ دے کر بھاگتا ہے شیطان گوز مارتا ہوا یہاں تک کہ نہیں سنتا اذان کو پھر جب ہو چکتی ہے اذان آتا ہے یہاں تک کہ جب اقامت کہی جاتی ہے نماز پیٹھ دے کر بھاگتا ہے یہاں تک کہ جب ہو چکتی ہے اقامت آتا ہے یہاں تک کہ خطرہ ڈالتا ہے درمیان شخص کے اور اسکے دل کے کہتا ہے یاد کر فلانی چیز یاد کر فلانی چیز اس چیز کو کہ نہ تھا یاد کرتا یہاں تک کہ ہو جاتا ہے شخص نہیں جانتا کتنی نماز پڑھی

وعن ابي سعيد الخدري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يسمع مدى صوت المؤذن جن ولا انس ولا شيء الا شهد له يوم القيمة رواه البخاري

اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں سنتا ہے درازی آواز مؤذن کی کوئی جن اور نہ آدمی اور نہ کوئی چیز مگر گواہی دیتا ہے اسکے لئے دن قیامت کے روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن عبد الله بن عمرو بن العاص قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا سمعتم المؤذن فقولوا مثل ما يقول ثم صلوا علي فانه من صلى علي صلوة صلى الله عليه بها عشرا ثم سلوا الله لي الوسيلة فانها منزلة في الجنة لا تنبغي الا لعبد من عباد الله وارجو ان اكون انا هو فمن سال لي الوسيلة حلت عليه الشفاعة رواه مسلم

اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو ابن عاص سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سنو تم مؤذن کو تب کہو تم مانند اسکے جو کہتا ہے پھر درود بھیجو مجھ پر تحقیق جو شخص کہ درود بھیجتا ہے مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ اس پر سبب اسکے دس بار پھر مانگو اللہ سے میرے واسطے وسیلہ پس تحقیق وہ ایک مرتبہ ہے بہشت میں نہیں لائق ہے مگر واسطے ایک بندے کے اللہ کے بندوں میں سے اور امید رکھتا ہوں کہ ہوں میں وہ بندہ سو جو شخص کہ مانگے میرے واسطے وسیلہ حلال ہو اس پر میری شفاعت روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا قال المؤذن الله اكبر الله اكبر فقال احدكم الله اكبر الله اكبر ثم قال اشهد ان لا اله الا الله قال اشهد ان لا اله الا الله ثم قال اشهد ان محمدا رسول الله قال اشهد ان محمدا رسول الله ثم قال حي على الصلوة قال لا حول ولا قوة الا بالله ثم قال حي على الفلاح قال لا حول ولا قوة الا بالله ثم قال الله اكبر

اور روایت ہے حضرت عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہے مؤذن اللہ اکبر اللہ اکبر پھر کہے ایک تم میں کا اللہ اکبر اللہ اکبر پھر کہے مؤذن اشہد ان لا الہ الا اللہ کہے ایک تم میں کا اشہد ان لا الہ الا اللہ پھر کہے مؤذن اشہد ان محمدا رسول اللہ کہے ایک تم میں کا اشہد ان محمدا رسول اللہ پھر کہے مؤذن حی علی الصلوٰۃ کہے ایک تم میں کا لا حول ولا قوۃ الا باللہ پھر کہے مؤذن حی علی الفلاح کہے ایک تم میں کا لا حول ولا قوۃ الا باللہ پھر کہے مؤذن اللہ اکبر

الله اكبر قال الله اكبر ثم قال لا اله الا الله قال لا اله الا الله من قلبه دخل الجنة رواه مسلم وعن جابر قال قال

اللہ اکبر کہے ایک تم میں کا اللہ اکبر اللہ اکبر پھر کہے موذن لا الہ الا اللہ کہے ایک تم میں کا لا الہ الا اللہ اپنے صدق دل سے داخل ہوویگا بہشت میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم من قال حين يسمع النداء اللهم رب هذه الدعوة التامة والصلوة القائمة ات محمدا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ کہے جب سنے اذان یاالہی پروردگار اس پکار پوری کے اور نماز حاضر کے دے تو محمد کو

الوسيلة والفضيلة وابعثه مقاما محمودا الذي وعدته حلت له شفاعتي يوم القيمة رواه البخاري وعن انس قال

وسیلہ اور بزرگی اور اٹھا اُن کو مقام محمود میں وہ مقام کہ وعدہ کیا ہے تو نے اسکا واجب ہوا اسپر میری شفاعت قیامت کے دن روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا

كان النبي صلى الله عليه وسلم يغير اذا طلع الفجر وكان يستمع الاذان فان سمع اذانا امسك والا اغار فسمع رجلا

تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم لوٹنے کو جاتے جس وقت کہ ظاہر ہوتا فجر اور تھے کان رکھتے اذان پر پھر اگر سنتے اذان تو باز رہتے لوٹنے سے اور نہیں تو لوٹ پھر سنا ایک شخص

يقول الله اكبر الله اكبر فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم على الفطرة ثم قال اشهد ان لا اله الا الله فقال رسول الله

کہتا ہے اللہ اکبر اللہ اکبر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ شخص اسلام پر ہے پھر کہا اسنے اشہد ان لا الہ الا اللہ پھر فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم خرجت من النار فنظروا اليه فاذا هو راعي معزى رواه مسلم وعن سعد بن ابي وقاص قال قال رسول الله

صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نکلا تو آگ سے پھر دیکھا صحابہ نے اسکی طرف پھر ناگہاں وہ شخص چرانے والا بکریوں کا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے سعد ابن ابی وقاص سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من قال حين يسمع المؤذن اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له وان محمدا عبده ورسوله رضيت بالله

صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ کہے جس وقت کہ سنے موذن کو کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود برحق سوائے اللہ کے وہ اکیلا ہے نہیں کوئی شریک اسکا اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد اسکے بندے اور رسول ہیں راضی ہوا میں ساتھ اللہ

ربا وبمحمد رسولا وبالاسلام دينا غفر له ذنبه رواه مسلم وعن عبد الله بن مغفل قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

رب جانکر اور ساتھ محمد کے رسول جانکر اور ساتھ اسلام کے دین جانکر بخشے جاتے ہیں اسکے لئے گناہ اسکے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن مغفل سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

بين كل اذانين صلوة بين كل اذانين صلوة ثم قال في الثالثة لمن شاء متفق عليه

درمیان دونوں اذانوں کے ہے نماز درمیان دونوں اذانوں کے نماز ہے پھر فرمایا تیسری بار اس شخص کے واسطے کہ چاہے × ق

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الامام ضامن والمؤذن مؤتمن اللهم ارشد الائمة واغفر للمؤذنين رواه احمد وابو داود

روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امام ضامن ہے اور موذن امانت دار ہے یاالہی ہدایت کر تو اماموں کو اور بخش تو موذنوں کو روایت کیا اسکو احمد اور ابوداود

والترمذي والشافعي وفي اخرى له بلفظ المصابيح وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اذن سبع سنين

اور ترمذی اور شافعی نے اور ایک روایت میں شافعی کی ساتھ لفظ مصابیح کے ہے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ اذان کہے سات برس

محتسبا كتب له براءة من النار رواه الترمذي وابو داود وابن ماجه وعن عقبة بن عامر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

ثواب کے ارادے پر لکھی جاتی ہے اسکے لئے چھٹی آگ سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عقبہ ابن عامر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

يعجب ربك من راعي غنم في راس شظية للجبل يؤذن بالصلوة ويصلي فيقول الله عز وجل انظروا الى عبدي هذا يؤذن

خوش ہوتا ہے رب تیرا بکریوں کے چرواہے سے پہاڑ کی چوٹی پر اذان کہتا ہے نماز کے واسطے اور نماز پڑھتا ہے پھر فرماتا ہے اللہ عزت اور بزرگی والا دیکھو میرے اس بندہ کی طرف اذان کہتا ہے

ويقيم الصلوة يخاف مني قد غفرت لعبدي وادخلته الجنة رواه ابو داود والنسائي وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله

اور قائم کرتا ہے نماز کو ڈرتا ہے مجھ سے تحقیق بخش دیا میں نے اپنے بندہ کو اور داخل کیا میں نے اسکو بہشت میں روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ عَلٰى كُثْبَانِ الْمِسْكِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَبْدٌ اَدّٰى حَقَّ اللّٰهِ وَحَقَّ مَوْلَاهُ وَرَجُلٌ اَمَّ قَوْمًا وَهُمْ بِهٖ

علیہ وسلم نے تین شخص ہیں مشک کے ٹیلوں پر قیامت کے دن ایک غلام کہ ادا کیا حق اللہ کا اور حق اپنے میاں کا اور دوسرا وہ شخص کہ امامت کی اس نے کسی قوم کی اور وہ

رَاضُوْنَ وَرَجُلٌ يُّنَادِيْ بِالصَّلَوٰتِ الْخَمْسِ كُلَّ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

راضی ہیں اور تیسرا وہ شخص کہ اذان کہتا ہے پانچوں نماز کے واسطے ہر دن رات ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤَذِّنُ يُغْفَرُ لَهٗ مَدَى صَوْتِهٖ وَيَشْهَدُ لَهٗ كُلُّ رَطْبٍ وَّيَابِسٍ وَّشَاهِدُ الصَّلٰوةِ يُكْتَبُ لَهٗ خَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ صَلٰوةً

علیہ وسلم نے مؤذن بخشا جاتا ہے اسکے لئے مواقع درازی اسکی آواز کے اور گواہی دیتے ہیں اسکے واسطے ہر تر اور خشک ۔ اور حاضر ہونے والا نماز میں لکھی جاتی ہیں اسکے لئے پچیس نماز

وَيُكَفَّرُ عَنْهُ مَا بَيْنَهُمَا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَى النَّسَائِيُّ اِلٰى قَوْلِهٖ كُلُّ رَطْبٍ وَّيَابِسٍ وَّقَالَ وَلَهٗ مِثْلُ اَجْرِ مَنْ صَلّٰى وَعَنْ

اور بخشے جاتے ہیں اس سے جو گناہ کہ دو نماز کے بیچ میں ہیں ۔ روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا نسائی نے قول کل رطب و یابس تک اور کہا اور واسطے اسکے ہے ثواب اس شخص کے کہ نماز پڑھی

عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اجْعَلْنِيْ اِمَامَ قَوْمِيْ قَالَ اَنْتَ اِمَامُهُمْ وَاقْتَدِ بِاَضْعَفِهِمْ وَاتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لَّا يَاْخُذُ عَلٰى اَذَانِهٖ اَجْرًا

عثمان ابن ابی العاص سے کہا کہ کہا میں نے یا رسول اللہ مقرر کرو مجھکو امام میری قوم کا فرمایا تو ہی امام انکا اور پیروی کر تو ان میں سے بہت کمزور کی اور مقرر کر مؤذن کہ نہ لیوے اپنی اذان پر مزدوری

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقُوْلَ عِنْدَ اَذَانِ الْمَغْرِبِ اَللّٰهُمَّ

روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ سکھلایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کہوں میں نزدیک اذان مغرب کے یا الٰہی

هٰذَا اِقْبَالُ لَيْلِكَ وَاِدْبَارُ نَهَارِكَ وَاَصْوَاتُ دُعَاتِكَ فَاغْفِرْ لِيْ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ

یہ وقت ہے آنے رات تیری کا اور جانے دن تیرے کا اور یہ آوازیں ہیں تیرے پکارنے والوں کی پس بخش مجھکو ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور بیہقی نے دعوات کبیر میں ۔ اور روایت ہے ابی امامہ

اَوْ بَعْضِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ بِلَالًا اَخَذَ فِي الْاِقَامَةِ فَلَمَّا اَنْ قَالَ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقَامَهَا اللّٰهُ

یا بعضے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ تحقیق بلال نے شروع کی اقامت پھر جب کہی قد قامت الصلوٰۃ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قائم رکھے اسکو اللہ

وَاَدَامَهَا وَقَالَ فِيْ سَائِرِ الْاِقَامَةِ كَنَحْوِ حَدِيْثِ عُمَرَ فِي الْاَذَانِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُرَدُّ الدُّعَاءُ

اور ہمیشہ رکھے اسکو اور فرمایا باقی اقامت میں مانند حدیث عمر کے اذان میں ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں رد کی جاتی دعا

بَيْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثِنْتَانِ لَا تُرَدَّانِ اَوْ قَلَّمَا

اذان اور اقامت کے بیچ میں ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی نے ۔ اور روایت ہے سہل ابن سعد سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو دعائیں ہیں کہ نہیں رد کی جاتیں یا کم

تُرَدَّانِ الدُّعَاءُ عِنْدَ النِّدَاءِ وَعِنْدَ الْبَاْسِ حِيْنَ يُلْحِمُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا وَفِيْ رِوَايَةٍ وَتَحْتَ الْمَطَرِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ اِلَّا اَنَّهٗ

رد کی جاتی ہیں ایک تو دعا وقت اذان کے اور دوسرے وقت جہاد کے جب کہ مل جاویں بعضے ان کے بعض سے اور ایک روایت میں ہے اور نیچے مینہ کے ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور دارمی نے مگر دارمی

لَمْ يَذْكُرْ وَتَحْتَ الْمَطَرِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْمُؤَذِّنِيْنَ يَفْضُلُوْنَنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نے ذکر کیا وتحت المطر ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو سے کہ کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ تحقیق اذان دینے والے زیادہ ہو جاتے ہیں ہم سے درجے میں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

قُلْ كَمَا يَقُوْلُوْنَ فَاِذَا انْتَهَيْتَ فَسَلْ تُعْطَهْ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کہہ تو جیسا کہ کہتے ہیں مؤذن پھر جب فارغ ہو تب مانگ اللہ سے دیا جاوے گا ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۔ فصل تیسری ۔ روایت جابر سے کہا کہ سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو

يَقُوْلُ اِنَّ الشَّيْطَانَ اِذَا سَمِعَ النِّدَاءَ بِالصَّلٰوةِ ذَهَبَ حَتّٰى يَكُوْنَ مَكَانَ الرَّوْحَاءِ قَالَ الرَّاوِيْ وَالرَّوْحَاءُ مِنَ الْمَدِيْنَةِ عَلٰى سِتَّةٍ

فرماتے تھے تحقیق شیطان جس وقت سنتا ہے نماز کی اذان کو بھاگ جاتا ہے یہاں تک کہ ہوتا ہے مکان روحا میں کہا راوی نے اور روحا مدینے سے چھتیس

وثلثین میلا رواہ مسلم وعن علقمۃ بن وقاص قال انی لعند معاویۃ اذ اذن مؤذنہ فقال معاویۃ کما قال مؤذنہ حتی

کوس بر ہی روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے علقمہ ابن وقاص سے کہا کہ تحقیق تھا میں نزدیک معاویہ کے اتنے میں اذان کہی معاویہ کے موذن نے تب کہا معاویہ نے جیسا کہ کہا ان کے موذن نے یہاں تک

اذا قال حی علی الصلوۃ قال لا حول ولا قوۃ الا باللہ فلما قال حی علی الفلاح قال لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وقال بعد ذلک ما

جب کہا حی علی الصلوۃ کہا لاحول ولا قوۃ الا باللہ پھر جب کہا حی علی الفلاح کہا لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم اور کہا بعد اسکے جو

قال المؤذن ثم قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ذلک رواہ احمد وعن ابی ہریرۃ قال کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کہا موذن نے بعد اسکے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہا اسی طرح ۔ روایت کیا اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ تھے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

فقام بلال ینادی فلما سکت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قال مثل ھذا یقینا دخل الجنۃ رواہ النسائی وعن عائشۃ قالت

پھر کھڑے ہوئے بلال اذان کہنے لگے پھر جب چپ ہوئے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہے مانند اسکے یقین سے داخل ہووے بہشت میں روایت کیا اسکو نسائی نے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے

کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا سمع المؤذن یتشھد قال وانا وانا رواہ ابو داود وعن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب سنتے موذن کو شہادتین کہتا ہوا فرماتے اور میں بھی اور میں بھی ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

قال من اذن ثنتی عشرۃ سنۃ وجبت لہ الجنۃ وکتب لہ بتاذینہ فی کل یوم ستون حسنۃ ولکل اقامۃ ثلثون حسنۃ رواہ

فرمایا جو شخص کہ اذان کہے بارہ برس واجب ہووے واسطے اسکے بہشت اور لکھی جاویں اسکے واسطے بدلے اسکے اذان کہنے کے ہر روز ساٹھ نیکیاں اور بدلے ہر اقامت کے تیس نیکیاں روایت کیا اسکو

ابن ماجۃ وعنہ قال کنا نؤمر بالدعاء عند اذان المغرب رواہ البیھقی فی الدعوات الکبیر باب الفصل الاول عن ابن عمر

ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ تھے ہم حکم کئے جاتے دعا مانگنے کا وقت اذان مغرب کے ۔ روایت کیا اسکو بیہقی نے دعوات کبیر میں ۔ یہ باب ہے بیچ تاخیر اذان کے فصل پہلی روایت ہے ابن عمر سے

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان بلالا ینادی بلیل فکلوا واشربوا حتی ینادی ابن ام مکتوم قال وکان ابن ام مکتوم رجلا اعمی

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بلال اذان دیتا ہے رات میں پھر کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ اذان دے عبد اللہ ابن ام مکتوم کہا راوی نے اور تھے ابن ام مکتوم شخص اندھے

لا ینادی حتی یقال لہ اصبحت اصبحت متفق علیہ وعن سمرۃ بن جندب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یمنعکم من سحورکم

نہ اذان دیتے جب تک کہ کہا جاتا ان کو کہ صبح ہوئی صبح ہوئی ۔ ق ۔ اور روایت ہے سمرہ ابن جندب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ منع کرے تمکو تمہارے سحر کھانے سے

اذان بلال ولا الفجر المستطیل ولکن الفجر المستطیر فی الافق رواہ مسلم ولفظہ للترمذی وعن مالک بن الحویرث قال اتیت

اذان بلال کی اور نہ فجر دراز ۔ ف ۔ ولیکن فجر پھیلنے والا آسمان کے کنارے میں ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے اور لفظ اسکا ترمذی کا ہے ۔ اور روایت ہے مالک ابن حویرث سے کہا آیا میں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انا وابن عم لی فقال اذا سافرتما فاذنا واقیما ولیؤمکما اکبرکما رواہ البخاری وعنہ قال قال لنا رسول اللہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور میرے چچا کا بیٹا تب فرمایا جب سفر کرو تم دونوں تب اذان کہو اور اقامت کہو چاہئے کہ امامت کرے تم میں سے بڑا تمہارا ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا ہم سے رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم صلوا کما رأیتمونی اصلی واذا حضرت الصلوۃ فلیؤذن لکم احدکم ثم لیؤمکم اکبرکم متفق علیہ وعن ابی ہریرۃ

صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھو جس طرح دیکھا تم نے مجھکو کہ نماز پڑھتا ہوں اور جب وقت نماز کا آئے چاہئے کہ اذان کہے تمہارے لئے ایک تمہارا پھر چاہئے کہ امامت کرے تمہاری بڑا تم میں کا ۔ متفق ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے

قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین قفل من غزوۃ خیبر سار لیلۃ حتی اذا ادرکہ الکری عرس وقال لبلال اکلأ

کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت کہ پھرے جہاد خیبر سے چلے ایک رات کو یہاں تک کہ جب لیا ان کو نیند نے اخیر رات میں اترے اور فرمایا بلال کو نگہبانی کر

لنا اللیل فصلی بلال ما قدر لہ ونام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ فلما تقارب

ہمارے لئے رات کی پھر نماز پڑھی بلال نے جسقدر انکی تقدیر میں تھی اور سوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کے اصحاب پھر جب نزدیک ہوا

الفجر استند بلال الى راحلته موجه الفجر فغلبت بلالا عيناه وهو مستند
فجر تکیہ لگایا بلال نے اپنے کجاوے سے منہ کرکے فجر کی طرف پھر غالب ہوئیں بلال پر انکی آنکھیں اور تکیہ لگائے تھے

الى راحلته فلم يستيقظ رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا بلال ولا احد من اصحابه حتى ضربتهم الشمس فكان رسول الله
اپنے کجاوے سے پھر نہ جاگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور نہ بلال اور نہ کوئی ان کے اصحاب میں سے یہاں تک کہ آئی ان پر دھوپ پھر تھے رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم اولهم استيقاظا ففزع رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال اى بلال فقال بلال اخذ بنفسي الذي اخذ بنفسك قال
صلی اللہ علیہ وسلم پہلے ان کے جاگنے میں تب گھبرائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا اے بلال تجھے کیا ہوا تب کہا بلال نے کہ لی مجھ پر وہ چیز کہ لی آپ پر فرمایا

اقتادوا فاقتادوا رواحلهم شيئا ثم توضأ رسول الله صلى الله عليه وسلم وامر بلالا فاقام الصلوة فصلى بهم الصبح فلما قضى
کھینچو اونٹوں کو پھر کھینچا اپنی سواریاں تھوڑا سا پھر وضو کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حکم کیا بلال کو پھر اقامت کہی نماز کی پس نماز پڑھوائی سب کو صبح کی پھر جب

الصلوة قال من نسي الصلوة فليصلها اذا ذكرها فان الله تعالى قال اقم الصلوة لذكري رواه مسلم وعن ابي قتادة قال قال
نماز فرمایا جو شخص بھول جاوے نماز پھر چاہیے کہ پڑھے اسکو جب یاد کرے اسکو پھر تحقیق اللہ تعالی نے فرمایا اور قائم کر نماز کو میری یاد کے واسطے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اقيمت الصلوة فلا تقوموا حتى تروني قد خرجت متفق عليه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اقامت کہی جاوے نماز کی تب نہ کھڑے ہو یہاں تک کہ دیکھو مجھ کو میں نکلا ق اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم اذا اقيمت الصلوة فلا تأتوها تسعون وأتوها تمشون وعليكم السكينة فما ادركتم فصلوا وما فاتكم
صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اقامت کہی جاوے نماز تب نہ آؤ تم نماز کو دوڑتے اور آؤ تم اسکو چلتے ہوئے اور اختیار کرو آرام سے پھر جو پاؤ سو پڑھو اور جو نہ ملے تمکو

فأتموا متفق عليه وفي رواية لمسلم فان احدكم اذا كان يعمد الى الصلوة فهو في الصلوة وهذا الباب خال عن الفصل الثاني
سو پورا کرو ق اور ایک روایت میں مسلم کی پھر تحقیق ایک تمہارا جب قصد کرتا ہے نماز کا پھر وہ نماز میں ہے اور یہہ باب خالی ہے دوسری فصل سے

الفصل الثالث عن زيد بن اسلم قال عرس رسول الله صلى الله عليه وسلم ليلة بطريق مكة ووكل بلالا ان يوقظهم
فصل تیسری روایت ہے زید ابن اسلم سے کہا اخیر رات کو اترے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات مکہ کی راہ میں اور تعینات کیا بلال کو کہ جگاوے انکو

للصلوة فرقد بلال ورقدوا حتى استيقظوا وقد طلعت عليهم الشمس فاستيقظ القوم فقد فزعوا فامرهم
نماز کے واسطے پھر سو گیا بلال اور سو گئے لوگ یہاں تک کہ جاگے اور تحقیق طلوع ہوا ان پر آفتاب پھر جاگے لوگ اور تحقیق گھبرائے تب حکم دیا انکو

رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يركبوا حتى يخرجوا من ذلك الوادي وقال ان هذا واد به شيطان فركبوا حتى خرجوا من
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ سوار ہوں یہاں تک کہ نکلیں اس جنگل سے اور فرمایا تحقیق یہہ جنگل ہے اسمیں شیطان ہے پھر سوار ہوئے یہاں تک کہ نکلے

ذلك الوادي ثم امرهم رسول الله صلى الله عليه وسلم ان ينزلوا وان يتوضؤا وامر بلالا ان ينادي للصلوة او يقيم فصلى
اس جنگل سے پھر حکم کیا انکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ اتریں اور وضو کریں اور حکم کیا بلال کو کہ اذان کہے نماز کے واسطے یا اقامت کہے تب نماز پڑھی

رسول الله صلى الله عليه وسلم بالناس ثم انصرف وقد رأى من فزعهم فقال يا ايها الناس ان الله قبض ارواحنا ولو شاء
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے ساتھ پھر پھرے نماز سے اور تحقیق دیکھا انکی گھبراہٹ تب فرمایا اے آدمیو تحقیق اللہ نے لیا ہماری جانوں کو اور اگر چاہتا

لردها الينا في حين غير هذا فاذا رقد احدكم عن الصلوة او نسيها ثم فزع اليها فليصلها كما كان يصليها في وقتها ثم التفت
البتہ پھیر دیتا اسکو ہماری طرف سوا اس وقت کے پھر جب سو جاوے کوئی تم میں کا نماز سے یا بھول جاوے اسکو پھر گھبرا کے اسکی طرف پس چاہیے کہ پڑھے اسکو جیسا کہ تھا پڑھتا اسکو وقت پر پھر متوجہ ہوئے

رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى أبي بكر الصديق فقال إن الشيطان أتى بلالا وهو قائم يصلي فأضجعه ثم لم يزل يهدئه كما يهدأ الصبي

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر صدیق کی طرف اور فرمایا تحقیق شیطان آیا بلال کے پاس اور وہ کھڑا نماز پڑھتا تھا پھر سلایا اسکو پھر تھپکی دیتا رہا لوری دیتا تھا اسکو جیسا لوری دیا جاتا ہے بچہ

حتى نام ثم دعا رسول الله صلى الله عليه وسلم بلالا فأخبر بلال رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل الذي أخبر رسول الله

یہاں تک کہ سویا پھر پکارا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلال کو پھر خبر دی بلال نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مانند اس خبر کے کہ خبر دی تھی رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم أبا بكر فقال أبو بكر أشهد أنك رسول الله رواه مالك مرسلا وعن ابن عمر قال قال رسول الله

صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر کو پھر کہا ابوبکر نے میں گواہی دیتا ہوں تحقیق آپ اللہ کے رسول ہیں ۔ روایت کیا اسکو مالک نے مرسل ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم خصلتان معلقتان في أعناق المؤذنين للمسلمين صيامهم وصلاتهم رواه ابن ماجه

صلی اللہ علیہ وسلم نے دو خصلتیں مسلمانوں کی لٹکی ہوئی ہیں گردنوں میں موذنوں کے روزہ انکا اور نماز انکی ۔ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ۔

باب المساجد ومواضع الصلوة

یہ باب ہے بیان میں مسجدوں اور جگہوں نماز کے ۔

الفصل الأول

فصل پہلی ۔

عن ابن عباس قال لما دخل النبي صلى الله عليه وسلم البيت دعا في نواحيه كلها ولم يصل حتى خرج منه فلما خرج ركع ركعتين في قبل الكعبة وقال هذه القبلة رواه البخاري ورواه مسلم

روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ جب داخل ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ میں دعا کی اسکے سب کونوں میں اور نماز نہ پڑھی یہاں تک کہ نکلے اُس میں سے پھر جب نکلے پڑھی دو رکعت سامنے کعبہ کے اور فرمایا یہ ہے قبلہ ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت کیا مسلم نے

عنه وعن أسامة بن زيد وعن عبد الله بن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم دخل الكعبة هو وأسامة بن زيد وعثمان بن

ابن عباس اور اسامہ ابن زید سے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمر سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے کعبے میں آپ اور اسامہ ابن زید اور عثمان ابن

طلحة الحجبي وبلال بن رباح فأغلقها عليه ومكث فيها فسألت بلالا حين خرج ماذا صنع رسول الله صلى الله عليه وسلم

طلحہ حجبی اور بلال ابن رباح پھر بند کیا کعبہ کو حضرت کے واسطے اور ٹھہرے حضرت اسمیں پھر پوچھا میں نے بلال سے جب نکلے کیا کام کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

قال جعل عمودا عن يساره وعمودين عن يمينه وثلاثة أعمدة وراءه وكان البيت يومئذ على ستة أعمدة ثم صلى متفق عليه وعن أبي هريرة

کہا بلال نے کہ کیا ایک ستون کو بائیں اپنے اور دو ستونوں کو داہنے اپنے اور تین ستونوں کو پیچھے اپنے تھا کعبہ اُن دنوں اوپر چھ ستونوں کے پھر نماز پڑھی ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صلاة في مسجدي هذا خير من ألف صلاة فيما سواه إلا المسجد الحرام متفق عليه وعن أبي سعيد

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نماز میری اس مسجد میں بہتر ہے ہزار نماز سے اسکے سوا دوسری مسجدوں میں مگر مسجد حرام ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی سعید

الخدري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تشد الرحال إلا إلى ثلاثة مساجد مسجد الحرام والمسجد الأقصى ومسجدي هذا متفق

خدری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ باندھے جاویں کجاوے ۔ مگر تین مسجدوں کی طرف مسجد حرام اور مسجد اقصی اور مسجد میری یہ ۔ ق

عليه وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما بين بيتي ومنبري روضة من رياض الجنة ومنبري على حوضي متفق عليه وعن

اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے درمیان میرے گھر اور میرے منبر کے ایک باغیچہ ہے بہشت کے باغیچوں میں سے اور منبر میرا اوپر حوض میرے کے ہے ۔ ق ۔ اور روایت ہے

ابن عمر قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يأتي مسجد قباء كل سبت ماشيا وراكبا فيصلي فيه ركعتين متفق عليه وعن أبي هريرة قال

ابن عمر سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آتے مسجد قبا میں ہر ہفتے میں پیادے بھی اور سوار بھی پھر نماز پڑھتے اسمیں دو رکعت ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أحب البلاد إلى الله مساجدها وأبغض البلاد إلى الله أسواقها رواه مسلم وعن عثمان قال قال

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیاری زیادہ زمینوں میں اللہ کے نزدیک مسجدیں ان کی ہیں اور بہت دشمن رکھی گئی زمینوں میں اللہ کے نزدیک بازار ان کے ہیں ۔ روایت کی اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے عثمان سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلی الله علیه وسلم من بنی لله مسجدا بنی الله له بیتا فی الجنة متفق علیه وعن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ بناوے اللہ کے واسطے مسجد بناتا ہے اللہ اسکے واسطے گھر بہشت میں ق * اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

من غدا الی المسجد او راح اعد الله له نزله من الجنة کلما غدا او راح متفق علیه وعن ابی موسی قال قال رسول الله صلی

جو شخص کہ جاوے صبح کو مسجد کی طرف یا شام کو تیار کرتا ہے اللہ اسکے لئے مہمانی اسکی بہشت میں جس وقت کہ جاوے صبح کو یا شام کو ق * اور روایت ہے ابی موسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی

الله علیه وسلم اعظم الناس اجرا فی الصلوة ابعدهم فابعدهم ممشی والذی ینتظر الصلوة حتی یصلیها مع الامام

اللہ علیہ وسلم نے بڑے زیادہ لوگوں میں سے ثواب بیچ نماز کے دور زیادہ رہنے والا انہیں پھر دور زیادہ اس سے راہ میں اور وہ شخص کہ منتظر ہو نماز کا یہاں تک کہ پڑھے اسکو ساتھ امام کے

اعظم اجرا من الذی یصلی ثم ینام متفق علیه وعن جابر قال خلت البقاع حول المسجد فاراد بنو سلمة ان ینتقلوا

بہت بڑا ہے ثواب میں اس شخص سے کہ نماز پڑھے پھر سو رہے ق * اور روایت ہے جابر سے کہا کہ خالی ہوئیں جگہیں مسجد کے گرد سب نے ارادہ کیا بنو سلمہ نے یہہ کہ اٹھ آویں

قرب المسجد فبلغ ذلک النبی صلی الله علیه وسلم فقال لهم بلغنی انکم تریدون ان تنتقلوا قرب المسجد قالوا نعم

نزدیک مسجد کے پھر پہنچی یہہ خبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تب فرمایا انکو خبر پہنچی مجھکو کہ تم ارادہ رکھتے ہو کہ اٹھ آوے نزدیک مسجد کے کہا ہاں

یا رسول الله قد اردنا ذلک فقال یا بنی سلمة دیارکم تکتب آثارکم دیارکم تکتب آثارکم رواه مسلم وعن ابی هریرة قال قال

یا رسول اللہ تحقیق ارادہ کیا ہمنے یہہ تب فرمایا اے بنی سلمہ گھرے رہو اپنے گھروں میں لکھے جاتے ہیں قدم تمھارے دو بار کہا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ

رسول الله صلی الله علیه وسلم سبعة یظلهم الله فی ظله یوم لا ظل الا ظله امام عادل وشاب نشأ فی عبادة الله ورجل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سات شخص ہیں کہ سایہ دیگا انکو اللہ اپنے سایہ میں جس دن کہ نہیں سایہ مگر سایہ اسکا بادشاہ عادل اور ایک جوان کہ جوانی خرچ کی عبادت میں اللہ کی اور

قلبه معلق بالمسجد اذا خرج منه حتی یعود الیه ورجلان تحابا فی الله اجتمعا علیه وتفرقا علیه ورجل ذکر الله خالیا

کہ دل اسکا لگا ہوا ہے مسجد میں جب کہ نکلتا اس سے یہاں تک کہ پھر جاوے اسکی طرف اور وہ دو شخص کہ آپس میں محبت رکھیں واسطے اللہ کے ملے ہیں واسطے اسی کے اور جدا ہوئے اسی پر اور وہ شخص کہ ذکر کیا اللہ کا اکیلے

ففاضت عیناه ورجل دعته امرأة ذات حسب وجمال فقال انی اخاف الله ورجل تصدق بصدقة فاخفاها حتی

پھر آنسو بہایا اسکی آنکھوں نے اور وہ شخص کہ بلایا اسکو عورت جاہ و جمال والی نے پھر کہا کہ تحقیق میں ڈرتا ہوں اللہ سے اور وہ شخص کہ صدقہ دیا کوئی صدقہ پھر چھپایا اسکو یہاں تک کہ

لا تعلم شماله ما تنفق یمینه متفق علیه وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم صلوة الرجل فی الجماعة تضعف علی

نہیں جانتا بایاں ہاتھ اسکا جو کچھ خرچ کرتا ہے دہنا ہاتھ اسکا ق * اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز شخص کی جماعت میں زیادہ کی جاتی ہے

صلوته فی بیته وفی سوقه خمسا وعشرین ضعفا وذلک انه اذا توضأ فاحسن الوضوء ثم خرج الی المسجد لا یخرجه

اسکے گھر میں نماز پڑھنے اور بازار میں نماز پڑھنے پر پچیس گونا اور یہہ اسواسطے کہ اسنے جب وضو کیا پھر اچھا کیا وضو کو تب باہر نکلا مسجد کی طرف نہ نکالا اسکو

الا الصلوة لم یخط خطوة الا رفعت له بها درجة وحط عنه بها خطیئة فاذا صلی لم تزل الملئکة تصلی علیه ما دام

مگر نماز نے نہیں رکھتا کوئی قدم مگر بلند کیا جاتا ہے اسکے لئے سبب اسکے درجہ اور دور کیا جاتا ہے اس سے سبب اسکے گناہ اور جب نماز پڑھتا ہے نہیں بند ہوتے فرشتے دعا کرنے اسپر جب تک کہ

فی مصلاه اللهم صل علیه اللهم ارحمه ولا یزال احدکم فی صلوة ما انتظر الصلوة وفی روایة قال اذا دخل المسجد کانت

وہ اپنی نماز کی جگہہ رہے یا الہی درود بھیج اسپر یا الہی رحم کر اسپر اور ہمیشہ رہتا ہے ایک تمھارا نماز میں جب تک انتظار کرتا ہے نماز کی اور ایک روایت میں فرمایا جس وقت کہ داخل ہو مسجد میں

الصلوة تحبسه وزاد فی دعاء الملئکة اللهم اغفر له اللهم تب علیه ما لم یؤذ فیه ما لم یحدث فیه متفق علیه

نماز کہ منع کرے اسکو نکلنے سے اور زیادہ کیا ہے فرشتوں کے دعا کرنے میں یا الہی بخش اسکے لئے یا الہی توبہ قبول کر اسکا جب تک کہ ایذا دے اسمیں وضو نہ جاوے اسمیں ق

وَعَنْ اَبِیْ اُسَیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ اَحَدُکُمُ الْمَسْجِدَ فَلْیَقُلْ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ وَاِذَا

اور روایت ہے ابی اسید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب داخل ہو ایک تمہارا مسجد میں پھر چاہئے کہ کہے یاالٰہی کھول میرے واسطے دروازے اپنی رحمت کے اور جب

خَرَجَ فَلْیَقُلْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا دَخَلَ اَحَدُکُمُ

نکلے پھر چاہئے کہ کہے یاالٰہی تحقیق میں مانگتا ہوں تجھ سے فضل تیرا اور روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی قتادہ سے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب داخل ہو ایک تمہارا

الْمَسْجِدَ فَلْیَرْکَعْ رَکْعَتَیْنِ قَبْلَ اَنْ یَّجْلِسَ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ کَعْبِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَقْدَمُ مِنْ

ابو داؤد نے ٭ اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی مکے کی فتح کے سال آیت سجدے کی پھر سجدہ کیا سب لوگوں نے ان میں بعضے سوار تھے اور بعضے سجدہ کرنے والے

الارض حتى ان الراكب ليسجد على يده رواه ابو داؤد وعن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم لم يسجد في شيء من

زمین پر یہاں تک کہ تحقیق سوار سجدہ کرتا تھا اپنے ہاتھ پر روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ٭ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ سجدہ کیا کسی سورہ میں

المفصل منذ تحول الى المدينة رواه ابو داؤد وعن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في سجود القرآن

مفصل میں سے جب سے کہ تشریف لے گئے مدینے میں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ٭ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہتے قرآن کے سجدہ میں

بالليل سجد وجهي للذي خلقه وشق سمعه وبصره بحوله وقوته رواه ابو داؤد والترمذي والنسائي وقال الترمذي هذا

رات کو سجدہ کیا میرے منہ نے اس مالک کے واسطے کہ پیدا کیا اسکو اور چیرا کان اسکا اور آنکھ اسکی ساتھ توفیق اپنی کے اور قوت اپنی کے ٭ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی اور نسائی نے اور کہا ترمذی نے یہ

حديث حسن صحيح وعن ابن عباس قال جاء رجل الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله رأيتني الليلة وانا نائم كاني

حدیث حسن صحیح ہے ٭ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ آیا ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا یا رسول اللہ دیکھا میں نے اپنے تئیں آج کی رات کو اور میں سوتا تھا گویا

اصلي خلف شجرة فسجدت فسجدت الشجرة لسجودي فسمعتها تقول اللهم اكتب لي بها عندك اجرا وضع عني بها وزرا

نماز پڑھتا ہوں ایک درخت کے نیچے پھر سجدہ کیا میں نے اور سجدہ کیا درخت نے بسبب سجدہ کرنے کے میرے پھر سنا میں نے اسکو کہتا تھا سجدہ میں یا الٰہی لکھ تو میرے لئے اس سجدے کے سبب اپنے پاس ثواب اور دور کر مجھ سے اسکے سبب گناہ اور

واجعلها لي عندك ذخرا وتقبلها مني كما تقبلتها من عبدك داؤد عليه السلام قال ابن عباس فقرأ النبي صلى الله عليه وسلم سجدة ثم سجد فسمعته

کر اسے میرے لئے اپنے پاس ذخیرہ اور قبول کر اسکو مجھ سے جیسا قبول کیا تو نے اسکو اپنے بندے داؤد علیہ السلام سے کہا ابن عباس نے پھر پڑھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت سجدہ کی اور سجدہ کیا پھر سنا میں نے ان کو

وهو يقول مثل ما اخبره الرجل عن قول الشجرة رواه الترمذي وابن ماجة الا انه لم يذكر وتقبلها مني كما تقبلتها من عبدك

اور حال یہ کہ حضرت کہتے تھے مانند اس دعا کے کہ خبر دی انکو اس شخص نے درخت کے کہنے کی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے مگر یہ کہ ابن ماجہ نے نہ ذکر کیا یہ لفظ وتقبلها مني كما تقبلتها من عبدك

داؤد وقال الترمذي هذا حديث غريب

دا‌ؤد ٭ اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے ٭

الفصل الثالث

فصل تیسری

عن ابن مسعود رضي الله عنه ان النبي صلى الله عليه وسلم

روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

قرأ والنجم فسجد فيها وسجد من كان معه غير ان شيخا من قريش اخذ كفا من حصى او تراب فرفعه الى جبهته وقال

پڑھی سورۃ والنجم پھر سجدہ کیا اسمیں اور سجدہ کیا ان لوگوں نے کہ تھے ساتھ ان کے مگر تحقیق ایک بڈھے نے قریش میں سے لیا ایک مٹھی کنکریوں میں سے یا خاک پھر اٹھایا اسکو اپنی پیشانی کی طرف اور کہا

يَكْفِينِي هٰذَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ بَعْدُ قُتِلَ كَافِرًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَزَادَ الْبُخَارِيُّ فِي رِوَايَةٍ وَهُوَ أُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ وَعَنِ

کفایت کرتی ہے مجھکو یہہ کہا عبد اللہ نے پھر تحقیق دیکھا میں نے اسکو بعد اس قصہ کے کہ مارا گیا کافری کی حالت میں ق۔ اور زیادہ کیا بخاری نے ایک روایت میں کہ وہ امیہ ابن خلف تھا۔ اور روایت ہے

ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِي صٓ وَقَالَ سَجَدَهَا دَاوُدُ تَوْبَةً وَنَسْجُدُهَا شُكْرًا رَوَاهُ النَّسَائِيُّ

ابن عباس سے کہا کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا سورہ ص میں اور فرمایا سجدہ کیا اس میں داود نے توبہ کے واسطے اور ہم سجدہ کرتے ہیں اسمیں شکر کے واسطے روایت کیا اسکو نسائی نے

بَابُ أَوْقَاتِ النَّهْيِ

اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَحَرَّى أَحَدُكُمْ فَيُصَلِّي عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَلَا عِنْدَ غُرُوبِهَا وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ إِذَا طَلَعَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَدَعُوا الصَّلٰوةَ حَتّٰى تَبْرُزَ وَإِذَا غَابَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَدَعُوا الصَّلٰوةَ حَتّٰى تَغِيبَ وَلَا تَحَيَّنُوا بِصَلٰوتِكُمْ طُلُوعَ الشَّمْسِ وَلَا غُرُوبَهَا فَإِنَّهَا تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

یہہ باب ہے بیان میں وقتوں کے جسمیں منع ہے۔ فصل پہلی روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ قصد کرے کوئی تم میں سے کہ نماز پڑھے آفتاب نکلنے کے وقت اور نہ اسکے ڈوبتے وقت اور ایک روایت میں فرمایا جب نکلے کنارہ آفتاب کا پھر چھوڑ دو نماز یہاں تک کہ خوب ظاہر ہو اور جب غائب ہو کنارہ آفتاب کا پھر چھوڑ دو نماز یہاں تک کہ پورا ڈوبے اور نہ وقت مقرر کرو اپنی نماز کا آفتاب نکلتے وقت اور نہ ڈوبتے وقت کیونکہ وہ نکلتا ہے درمیان دو سینگھوں شیطان کے ق

وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ ثَلَاثُ سَاعَاتٍ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَانَا أَنْ نُصَلِّيَ فِيهِنَّ أَوْ نَقْبُرَ فِيهِنَّ مَوْتَانَا حِينَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ بَازِغَةً حَتّٰى تَرْتَفِعَ وَحِينَ يَقُومُ قَائِمُ الظَّهِيرَةِ حَتّٰى تَمِيلَ الشَّمْسُ وَحِينَ تَضَيَّفُ الشَّمْسُ لِلْغُرُوبِ حَتّٰى تَغْرُبَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اور روایت ہے عقبہ ابن عامر سے کہا کہ تین وقت تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منع کرتے ہمکو کہ ہم نماز پڑھیں اُس میں یا دفن کریں اُسمیں اپنے مردوں کو ق جب نکلے آفتاب شروع میں یہاں تک کہ بلند ہولے اور جب ٹھہرا ہو ٹھہرانے والا دوپہر کو وقت ق یہاں تک کہ ڈھلے آفتاب اور جب ارادہ کرے آفتاب ڈوبنے کا یہاں تک کہ ڈوب جاوے روایت کیا اسکو مسلم نے

وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا صَلٰوةَ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَرْتَفِعَ الشَّمْسُ وَلَا صَلٰوةَ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغِيبَ الشَّمْسُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں نماز ہے بعد صبح کی نماز کے یہاں تک کہ بلند ہو آفتاب اور نہیں نماز ہے بعد عصر کی نماز کے یہاں تک کہ ڈوبے آفتاب ق

وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ قَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ فَقَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ فَقُلْتُ أَخْبِرْنِي عَنِ الصَّلٰوةِ فَقَالَ صَلِّ صَلٰوةَ الصُّبْحِ ثُمَّ أَقْصِرْ عَنِ الصَّلٰوةِ حِينَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ حَتّٰى تَرْتَفِعَ فَإِنَّهَا تَطْلُعُ حِينَ تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ وَحِينَئِذٍ يَسْجُدُ لَهَا الْكُفَّارُ ثُمَّ صَلِّ فَإِنَّ الصَّلٰوةَ مَشْهُودَةٌ مَحْضُورَةٌ حَتّٰى يَسْتَقِلَّ الظِّلُّ بِالرُّمْحِ ثُمَّ أَقْصِرْ عَنِ الصَّلٰوةِ فَإِنَّ حِينَئِذٍ تُسْجَرُ جَهَنَّمُ فَإِذَا أَقْبَلَ الْفَيْءُ فَصَلِّ فَإِنَّ الصَّلٰوةَ مَشْهُودَةٌ مَحْضُورَةٌ حَتّٰى تُصَلِّيَ الْعَصْرَ ثُمَّ أَقْصِرْ عَنِ الصَّلٰوةِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَإِنَّهَا تَغْرُبُ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ وَحِينَئِذٍ يَسْجُدُ لَهَا الْكُفَّارُ قَالَ قُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ فَالْوُضُوءُ حَدِّثْنِي عَنْهُ قَالَ مَا مِنْكُمْ رَجُلٌ يُقَرِّبُ وَضُوءَهُ فَيَتَمَضْمَضُ وَيَسْتَنْشِقُ

اور روایت ہے عمرو ابن عبسہ سے کہا کہ تشریف لائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں پھر آیا میں مدینے میں حضرت پاس اور عرض کیا خبر دو مجھکو نماز کے وقت سے تب فرمایا پڑھ نماز صبح کی پھر باز رہ نماز سے جب تک کہ نکلے آفتاب یہاں تک کہ بلند ہو پھر تحقیق وہ نکلتا ہے درمیان دو سینگھوں شیطان کے اور اُس وقت سجدہ کرتے ہیں آفتاب کو کافر پھر بعد اسکے پڑھ نماز پھر تحقیق نماز حاضر کی گئی ہے حاضر کی گئی ہے یہاں تک کہ سیدھا ہو سایہ نیزے کے برابر ق تب باز رہ نماز سے کیونکہ اس وقت جھونکی جاتی ہے جہنم پھر جب کہ آگے کی طرف آوے سایہ تب نماز پڑھ پھر تحقیق نماز حاضر کی گئی حاضر کی گئی یہاں تک کہ پڑھے تو عصر بعد اسکے باز رہ نماز سے یہاں تک کہ ڈوبے آفتاب پھر تحقیق وہ ڈوبتا ہے درمیان دو سینگھوں شیطان کے اور اس وقت سجدہ کرتے ہیں اسکو کافر کہا کہ کہا میں نے اے نبی اللہ کے پھر وضو خبر دیجیے مجھکو اسکی بھی فرمایا نہیں ہے تم میں سے کوئی شخص کہ نزدیک کرتا ہے اپنے وضو کا پانی پھر کلی کرتا اور ناک میں پانی ڈالتا

فَيَسْتَنْثِرُ اِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا وَجْهِهٖ وَفِيْهِ وَخَيَاشِيْمِهٖ ثُمَّ اِذَا غَسَلَ وَجْهَهٗ كَمَا اَمَرَهُ اللّٰهُ اِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا وَجْهِهٖ

اور ناک جھاڑتا ہے مگر گرتے ہیں گناہ اسکے چہرے اور منہ سے اور اسکے نتھنوں سے پھر جب دھوتا ہے اپنا منہ جیسا کہ حکم کیا اسکو اللہ نے مگر گرتے ہیں گناہ اسکے چہرے کے

مِنْ اَطْرَافِ لِحْيَتِهٖ مَعَ الْمَاءِ ثُمَّ يَغْسِلُ يَدَيْهِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ اِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا يَدَيْهِ مِنْ اَنَامِلِهٖ مَعَ الْمَاءِ ثُمَّ يَمْسَحُ رَاْسَهٗ اِلَّا

اسکی داڑھی کے کناروں سے پانی کے ساتھ پھر دھوتا ہے اپنے دونوں ہاتھ کہنیوں تک مگر گرتے ہیں گناہ اسکے ہاتھوں کے اسکی انگلیوں سے پانی کے ساتھ پھر مسح کرتا ہے اپنا سر مگر

خَرَّتْ خَطَايَا رَاْسِهٖ مِنْ اَطْرَافِ شَعْرِهٖ مَعَ الْمَاءِ ثُمَّ يَغْسِلُ قَدَمَيْهِ اِلَى الْكَعْبَيْنِ اِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا رِجْلَيْهِ مِنْ اَنَامِلِهٖ مَعَ الْمَاءِ

گرتے ہیں گناہ اسکے سر کے بال کے کناروں سے پانی کے ساتھ پھر دھوتا ہے اپنے دونوں پاؤں ٹخنوں تک مگر گرتے ہیں گناہ اسکے پاؤں کے اسکی انگلیوں سے پانی کے ساتھ

فَاِنْ هُوَ قَامَ فَصَلّٰى فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ وَمَجَّدَهٗ بِالَّذِيْ هُوَ لَهٗ اَهْلٌ وَفَرَّغَ قَلْبَهٗ لِلّٰهِ اِلَّا انْصَرَفَ مِنْ خَطِيْئَتِهٖ كَهَيْئَتِهٖ يَوْمَ

پھر اگر وہ کھڑا ہوا اور نماز پڑھا پھر تعریف کی اللہ کی اور صفت کی اسکی اور بزرگی یاد کی اسکی اس صفت کے ساتھ کہ وہ لائق ہے اور خالی کیا اپنے دل کو اللہ کے واسطے مگر پھرتا ہے پاک ہو کے اپنے گناہ سے اس دن کی طرح

وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ كُرَيْبٍ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْاَزْهَرِ اَرْسَلُوْهُ اِلٰى عَائِشَةَ

کہ جنا اسکو اسکی ماں نے۔ روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے کریب سے کہ تحقیق ابن عباس اور مسور ابن مخرمہ اور عبدالرحمٰن ابن ازہر نے بھیجا اسکو حضرت عائشہ کے پاس

فَقَالُوا اقْرَاْ عَلَيْهَا السَّلَامَ وَسَلْهَا عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ قَالَ فَدَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ فَبَلَّغْتُهَا مَا اَرْسَلُوْنِيْ بِهٖ

اور کہا انہوں نے کہو حضرت عائشہ کو سلام اور پوچھو ان سے حال دو رکعتوں کا بعد عصر کے۔ کہا پھر آیا میں حضرت عائشہ کے پاس پھر پہنچا دیا میں ان کو وہ پیغام کہ بھیجا تھا مجھکو اسکے واسطے

فَقَالَتْ سَلْ اُمَّ سَلَمَةَ فَخَرَجْتُ اِلَيْهِمْ فَرَدُّوْنِيْ اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى

تب کہا عائشہ نے پوچھ ام سلمہ سے پھر نکل گیا میں ان لوگوں کے پاس پھر بھیجا انہوں نے مجھکو ام سلمہ کے پاس تب کہا ام سلمہ نے سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو منع کرتے تھے

عَنْهُمَا ثُمَّ رَاَيْتُهٗ يُصَلِّيْهِمَا ثُمَّ دَخَلَ فَاَرْسَلْتُ اِلَيْهِ الْجَارِيَةَ فَقُلْتُ قُوْلِيْ لَهٗ تَقُوْلُ اُمُّ سَلَمَةَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَمِعْتُكَ

ان دونوں رکعتوں سے پھر دیکھا میں نے انکو پڑھتے تھے ان دونوں کو پھر آئے گھر میں تب بھیجا میں نے آپ کے پاس لونڈی کو اور کہدیا لونڈی کو کہ کہہ حضرت سے کہ کہتی ہے ام سلمہ یا رسول اللہ سنا میں نے آپ

تَنْهٰى عَنْ هَاتَيْنِ وَاَرَاكَ تُصَلِّيْهِمَا قَالَ يَا ابْنَةَ اَبِيْ اُمَيَّةَ سَاَلْتِ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ وَاِنَّهٗ اَتَانِيْ نَاسٌ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ

منع کرتے تھے ان دونوں رکعتوں سے اور دیکھا میں نے آپ کو کہ پڑھتے ہیں دونوں رکعت۔ فرمایا اے بیٹی ابی امیہ کی پوچھا تو نے دو رکعتیں پڑھنے سے بعد عصر کے حال یہ ہے کہ آئے میرے پاس لوگ عبدالقیس کی قوم سے

فَشَغَلُوْنِيْ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ فَهُمَا هَاتَانِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

پھر باز رکھا مجھکو ان دو رکعتوں سے جو بعد ظہر کے ہیں سو یہ دو رکعت جو پڑھی وہی دو رکعتیں ہیں۔ ق

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

فصل دوسری

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ قَيْسِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ رَاَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يُصَلِّيْ بَعْدَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ رَكْعَتَيْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

روایت ہے محمد ابن ابراہیم سے اس نے روایت کیا قیس ابن عمرو سے اس نے کہا کہ دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کہ نماز پڑھتا تھا بعد نماز صبح کے دو رکعتیں تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ صَلٰوةُ الصُّبْحِ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ فَقَالَ الرَّجُلُ اِنِّيْ لَمْ اَكُنْ صَلَّيْتُ الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا فَصَلَّيْتُهُمَا الْاٰنَ فَسَكَتَ رَسُوْلُ

وسلم نے کیا نماز صبح کی دو رکعت دو رکعت ہے تب کہا اس شخص نے تحقیق میں نے نہ پڑھی تھیں دو رکعتیں سنت جو پہلے ان دو رکعتوں فرض کے ہیں سو پڑھی میں نے ان دونوں کو اب تب چپ رہے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهٗ وَقَالَ اِسْنَادُ هٰذَا الْحَدِيْثِ لَيْسَ بِمُتَّصِلٍ لِاَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ اِبْرَاهِيْمَ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت کیا ترمذی نے مانند اسکے اور کہا اسناد اس حدیث کی نہیں ہے متصل اس واسطے کہ محمد ابن ابراہیم نے

لَمْ يَسْمَعْ مِنْ قَيْسِ بْنِ عَمْرٍو وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَنُسَخِ الْمَصَابِيْحِ عَنْ قَيْسِ بْنِ قَهْدٍ نَحْوَهٗ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ النَّبِيَّ

نہ سنا قیس ابن عمرو سے۔ اور شرح سنہ میں اور نسخے مصابیح میں روایت قیس ابن قہد سے مانند اسکے۔ اور روایت ہے جبیر ابن مطعم سے کہ تحقیق نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ لَا تَمْنَعُوا اَحَدًا طَافَ بِهٰذَا الْبَيْتِ وَصَلّٰى اَيَّةَ سَاعَةٍ شَاءَ مِنْ لَيْلٍ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اولاد عبد مناف کے نہ منع کرو کسی کو کہ طواف کرے اس گھر کا اور نماز پڑھے جس وقت کہ چاہے رات کو

اَوْ نَهَارٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الصَّلٰوةِ نِصْفَ النَّهَارِ
یا دن کو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے ٭ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا نماز پڑھنے سے دوپہر کے وقت

حَتّٰى تَزُوْلَ الشَّمْسُ اِلَّا يَوْمَ الْجُمُعَةِ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَعَنْ اَبِي الْخَلِيْلِ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرِهَ
یہاں تک کہ ڈھلے آفتاب مگر جمعہ کے روز روایت کیا اسکو شافعی نے ٭ اور روایت ہے ابی الخلیل سے اُنے نقل کیا ابی قتادہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکروہ رکھتے

الصَّلٰوةَ نِصْفَ النَّهَارِ حَتّٰى تَزُوْلَ الشَّمْسُ اِلَّا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَقَالَ اِنَّ جَهَنَّمَ تُسَجَّرُ اِلَّا يَوْمَ الْجُمُعَةِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ اَبُو الْخَلِيْلِ لَمْ يَلْقَ
نماز دوپہر کو یہاں تک کہ ڈھلے آفتاب مگر دن جمعہ کے اور کہا کہ تحقیق دوزخ جھونکی جاتی ہے مگر دن جمعہ کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور کہا ابوالخلیل نے نہیں ملاقات

اَبَا قَتَادَةَ **اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ** عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الصُّنَابِحِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّمْسَ تَطْلُعُ وَمَعَهَا قَرْنُ الشَّيْطٰنِ
ابا قتادہ سے ٭ فصل تیسری روایت ہے عبد اللہ صنابحی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق آفتاب نکلتا ہے اور ساتھ اسکے ہوتی ہے

فَاِذَا ارْتَفَعَتْ فَارَقَهَا ثُمَّ اِذَا اسْتَوَتْ قَارَنَهَا فَاِذَا زَالَتْ فَارَقَهَا فَاِذَا دَنَتْ لِلْغُرُوْبِ قَارَنَهَا فَاِذَا غَرَبَتْ فَارَقَهَا وَنَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ
پھر جب بلند ہوتا ہے جدا ہوتا ہے شیطان اس سے پھر جب دوپہر ہوتا ہے نزدیک ہوتا ہے اسکے پھر جب ڈھلتا ہے جدا ہوتا ہے اس سے پھر جب قریب ہوتا ہے ڈوبنے کے نزدیک ہوتا ہے اس کے پھر جب ڈوبتا ہے جدا ہوتا ہے اس سے اور منع کیا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلٰوةِ فِيْ تِلْكَ السَّاعَاتِ رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ اَبِيْ بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ قَالَ صَلّٰى بِنَا
صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز سے ان وقتوں میں روایت کیا اسکو مالک اور احمد اور نسائی نے ٭ اور روایت ہے ابی بصرہ غفاری سے کہا کہ نماز پڑھوائی ہمکو

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمُخَمَّصِ صَلٰوةَ الْعَصْرِ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهِ صَلٰوةٌ عُرِضَتْ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَضَيَّعُوْهَا فَمَنْ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مخمص میں نماز عصر کی تب فرمایا کہ تحقیق یہہ نماز ظاہر کی گئی ان لوگوں پر کہ تھے پہلے تمہارے پھر ضائع کیا اسکو سو جو شخص

حَافَظَ عَلَيْهَا كَانَ لَهٗ اَجْرُهٗ مَرَّتَيْنِ وَلَا صَلٰوةَ بَعْدَهَا حَتّٰى يَطْلُعَ الشَّاهِدُ وَالشَّاهِدُ النَّجْمُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ مُعٰوِيَةَ
کہ محافظت کرے اسپر ہووے اسکے لئے مزدوری اسکی دوبارہ اور نہیں ہے نماز بعد اسکے یہاں تک کہ نکلے شاہد اور شاہد ستارا ہے ٭ روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے معاویہ سے

قَالَ اِنَّكُمْ لَتُصَلُّوْنَ صَلٰوةً لَقَدْ صَحِبْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا رَاَيْنَاهُ يُصَلِّيْهَا وَلَقَدْ نَهٰى عَنْهُمَا يَعْنِي الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ
کہا کہ تحقیق تم لوگ پڑھتے ہو ایک نماز تحقیق صحبت میں رہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سو نہ دیکھا ہمنے انکو کہ پڑھتے ہوں اسکو اور بیشک منع فرمایا ان دونوں یعنے دو رکعت بعد

الْعَصْرِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ وَقَدْ صَعِدَ عَلٰى دَرَجَةِ الْكَعْبَةِ مَنْ عَرَفَنِيْ فَقَدْ عَرَفَنِيْ وَمَنْ لَمْ يَعْرِفْنِيْ فَاَنَا جُنْدُبٌ
عصر کے روایت کیا اسکو بخاری نے ٭ اور روایت ہے ابوذر سے کہا ابوذر نے اور حال یہہ کہ چڑھے کعبہ کی سیڑھی پر جس شخص نے پہچانا مجھکو تو بیشک پہچانا مجھکو اور جس شخص نے نہیں پہچانا مجھکو تو میں جندب ہوں

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا صَلٰوةَ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَلَا بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ
میں نے سنا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے نہیں نماز ہے بعد نماز صبح کے یہاں تک کہ نکلے آفتاب اور نہ بعد نماز عصر کے یہاں تک کہ ڈوبے آفتاب

اِلَّا بِمَكَّةَ اِلَّا بِمَكَّةَ اِلَّا بِمَكَّةَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَرَزِيْنٌ **بَابُ الْجَمَاعَةِ وَفَضْلِهَا** **اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ** عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
مگر مکہ میں مگر مکہ میں مگر مکہ میں ٭ روایت کیا اسکو احمد اور رزین نے ٭ یہہ باب ہے بیان میں جماعت کے اور اسکی بزرگی کے ٭ فصل پہلی ٭ روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةُ الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ صَلٰوةَ الْفَذِّ بِسَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ دَرَجَةً مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ
صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز جماعت کی زیادہ ہوتی ہے اکیلے کی نماز سے ستائیس درجے ٭ ق ٭ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم والذي نفسي بيده لقد هممت أن آمر بحطب فيحطب ثم آمر بالصلوة فيؤذن لها ثم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اس مالک کی کہ جان میری اسکے ہاتھ میں ہے بتحقیق قصد کیا میں نے کہ حکم کروں جمع کرنے لکڑی کا پھر جمع کی جاوے لکڑی پھر حکم کروں اذان کا نماز کے واسطے پھر اذان کہی جاوے اسکے پھر

آمر رجلا فيؤم الناس ثم أخالف إلى رجال وفي رواية لا يشهدون الصلوة فأحرق عليهم بيوتهم والذي نفسي بيده

حکم کروں ایک شخص کو کہ امامت کرے لوگوں کی پھر جاؤں میں طرف لوگوں کے ف اور ایک روایت میں ہے نہیں حاضر ہوتے نماز میں پھر جلا دوں میں ان پر انکے گھروں کو قسم ہے اس مالک کی کہ جان میری اسکے ہاتھ میں ہے

لو يعلم أحدهم أنه يجد عرقا سمينا أو مرماتين حسنتين لشهد العشاء رواه البخاري ولمسلم نحوه وعنه قال

اگر جانے ایک انمیں کا کہ وہ پاویگا ہڈی موٹی یا دو پایچے اچھے بیشک حاضر ہو عشاء میں ف روایت کیا اسکو بخاری نے اور مسلم کی ہے مانند اسکے اور روایت ہے اسی

أتى النبي صلى الله عليه وسلم رجل أعمى فقال يا رسول الله إنه ليس لي قائد يقودني إلى المسجد فسأل رسول الله صلى الله عليه

آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک مرد اندھا پھر کہا کہ یا رسول اللہ تحقیق حال یہ ہے کہ نہیں ہے میرے لئے کوئی کھینچنے والا کہ کھینچ کے لاوے مجھکو مسجد کی طرف اور پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم أن يرخص له فيصلي في بيته فرخص له فلما ولى دعاه فقال هل تسمع النداء بالصلوة قال نعم قال فأجب رواه

وسلم سے یہہ کہ رخصت دیں اسکو تو نماز پڑھے اپنے گھر میں تب رخصت دی اسکو پھر جب پیٹھ دی بلایا اسکو اور فرمایا کہ کیا سنتا ہے اذان نماز کی کہا ہاں فرمایا پھر حاضر ہو نماز میں روایت کیا

مسلم وعن ابن عمر أنه أذن بالصلوة في ليلة ذات برد وريح ثم قال ألا صلوا في الرحال ثم قال إن رسول الله صلى

مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے یہہ کہ اسنے اذان کہی نماز کے واسطے سردی اور ہوا کی رات میں پھر کہا خبردار ہو نماز پڑھ لو اپنے مکانوں میں پھر کہا تحقیق رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم كان يأمر المؤذن إذا كانت ليلة ذات برد ومطر يقول ألا صلوا في الرحال متفق عليه وعنه قال قال

اللہ علیہ وسلم تھے حکم کرتے مؤذن کو جب ہوتی رات سردی کی اور مینہ کی کہ کہے خبردار ہو نماز پڑھ لو اپنے گھروں میں ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا وضع عشاء أحدكم وأقيمت الصلوة فابدؤا بالعشاء ولا يعجل حتى يفرغ منه و

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ رکھا جاوے کھانا تم میں سے کسی کا اور اقامت کہی جاوے نماز پھر شروع کرو کھانا اور جلدی نہ کرے یہانتک کہ فارغ ہووے کھانے سے

كان ابن عمر يوضع له الطعام وتقام الصلوة فلا يأتيها حتى يفرغ منه وإنه يسمع قراءة الإمام متفق عليه وعن

تھے ابن عمر رکھا جاتا انکے لئے کھانا اور اقامت کہی جاتی نماز پھر نہ آتے نماز کو یہانتک کہ فارغ ہوتے کھانے سے اور تحقیق ابن عمر سنتے تھے قرأت امام کی ۔ ق ۔ اور روایت ہے

عائشة أنها قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا صلوة بحضرة الطعام ولا هو يدافعه الأخبثان

عائشہ سے بیشک انھوں نے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے نماز خوب نہیں ہوتی روبرو کھانے کے اور نہ جس حال میں کہ زور کرے اسپر حاجت پاخانہ و پیشاب کی

رواه مسلم وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أقيمت الصلوة فلا صلوة إلا المكتوبة رواه

روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اقامت کہی جاوے نماز پھر نہیں ہے کوئی نماز سوا فرض نماز کے روایت کیا

مسلم وعن ابن عمر رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا استأذنت امرأة أحدكم إلى المسجد فلا

مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ پروانگی مانگے عورت ایک تمہارے کی طرف مسجد کے پھر نہ

يمنعها متفق عليه وعن زينب امرأة عبد الله بن مسعود قالت قال لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا

منع کرے اسکو ۔ ق ۔ اور روایت ہے زینب عبد اللہ ابن مسعود کی عورت سے کہا کہ فرمایا ہمارے واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت

شهدت إحداكن المسجد فلا تمس طيبا رواه مسلم وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أيما امرأة

کہ حاضر ہو ایک تمہاری مسجد میں پھر نہ لگاوے خوشبو روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو عورت کہ لگاوے

أصابتْ بخوراً فلا تشهدْ معنا العشاءَ الآخرةَ. رواه مسلم

الفصل الثاني

عن ابن عمر رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تمنعوا نساءكم

بخور پھر نہ حاضر ہو ہمارے ساتھ عشاء کی نماز میں۔ ف روایت کیا اسکو مسلم نے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ منع کرو اپنی عورتوں کو

المساجد وبيوتهن خير لهن. رواه أبو داود. وعن ابن مسعود قال قال النبي صلى الله عليه وسلم صلاة المرأة في بيتها أفضل من صلاتها في حجرتها وصلاتها

مسجد میں آنے سے لیکن گھر ان کے بہتر ہیں ان کے لئے۔ ف روایت کیا اسکو ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عورت کی اسکے گھر میں افضل ہے اسکے آنگن کی نماز سے اور اسکی نماز

في مخدعها أفضل من صلاتها في بيتها. رواه أبو داود. وعن أبي هريرة قال إني سمعت حبي أبا القاسم صلى الله عليه وسلم يقول لا تقبل صلاة امرأة تطيبت للمسجد حتى تغتسل

اسکی کوٹھری میں بہتر ہے اسکی گھر کی نماز سے۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ تحقیق میں نے سنا اپنے محبوب ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے نہیں قبول کی جاتی نماز اس عورت کی جو خوشبو لگاوے مسجد کے واسطے یہاں تک کہ

غسلها من الجنابة. رواه أبو داود وروى أحمد والنسائي نحوه. وعن أبي موسى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل عين زانية وإن المرأة إذا استعطرت

نہاوے جیسے کہ غسل جنابت کا۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت کیا احمد اور نسائی نے مانند اسکے۔ اور روایت ہے ابوموسیٰ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر آنکھ زنا کرنے والی ہے اور تحقیق عورت جب خوشبو لگاوے

فمرت بالمجلس فهي كذا وكذا يعني زانية. رواه الترمذي ولأبي داود والنسائي نحوه. وعن أبي بن كعب قال صلى بنا رسول الله صلى

پھر گذرے مجلس پر پس وہ ایسی اور ایسی ہے یعنی زانیہ ہے۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور ابی داؤد اور نسائی کی روایت مانند اسکے ہے۔ اور روایت ہے ابی ابن کعب سے کہا کہ نماز پڑھائی ہمکو رسول اللہ

الله عليه وسلم يوماً الصبح فلما سلم قال أشاهد فلان قالوا لا قال أشاهد فلان قالوا لا قال إن هاتين الصلاتين أثقل

صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن کی صبح کی پھر جب سلام پھیرا فرمایا کیا حاضر ہے فلانا لوگوں نے کہا نہیں فرمایا کیا حاضر ہے فلانا لوگوں نے کہا نہیں فرمایا یہ دو نماز ف بہت بھاری

الصلوات على المنافقين ولو تعلمون ما فيهما لأتيتموهما ولو حبواً على الركب وإن الصف الأول على مثل

نمازوں میں سے منافقوں پر اور اگر جانو تم جو ثواب ہے ان دونوں میں البتہ آؤ تم ان دونوں میں اگرچہ گھٹنے کے بل چل کر اور تحقیق پہلی صف مانند

صف الملائكة ولو علمتم ما فضيلته لابتدرتموه وإن صلاة الرجل مع الرجل أزكى من صلاته وحده

صف فرشتوں کے ہے اور اگر جانتے تم کہ کیا ہے بزرگی اسکی البتہ دوڑتے تم اسکی طرف اور تحقیق نماز مرد کی ساتھ مرد کے بہتر زیادہ ہے اسکی نماز سے اکیلے

وصلاته مع الرجلين أزكى من صلاته مع الرجل وما كثر فهو أحب إلى الله تعالى. رواه أبو داود والنسائي

اور نماز اسکی دو مردوں کے ساتھ بہتر زیادہ ہے اسکی نماز سے ساتھ ایک مرد کے اور جسقدر زیادہ ہو جماعت پس وہ زیادہ پسند ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے

وعن أبي الدرداء قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من ثلاثة في قرية ولا بدو لا تقام فيهم

اور روایت ہے ابی درداء سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہیں تین شخص کسی بستی میں یا کسی گاؤں میں کہ جماعت کے ساتھ نہ پڑھی جاوے ان میں

الصلاة إلا قد استحوذ عليهم الشيطان فعليك بالجماعة فإنما يأكل الذئب القاصية. رواه

نماز مگر تحقیق غالب ہوتا ہے ان پر شیطان پھر لازم ہے تجھکو جماعت کرنی پھر سوا اسکے نہیں کہ کھاتا ہے بھیڑیا اس بکری کو جو دور رہتی ہو ریوڑ سے۔ روایت کیا

أحمد وأبو داود والنسائي. وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من سمع

احمد اور ابوداؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ سنے

المنادي فلم يمنعه من اتباعه عذر قالوا وما العذر قال خوف أو مرض لم تقبل منه الصلاة التي صلى. رواه

اذان کہنے والے کی اذان پھر نہ منع کرے اسکو پیروی کرنے سے ف کوئی عذر کہا صحابہ نے اور کیا ہے عذر فرمایا ڈر یا مرض نہ قبول کی جاتی اس سے نماز جو اس نے پڑھی ہے۔ روایت کیا اسکو

أبو داود والدارقطني. وعن عبد الله بن أرقم قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إذا أقيمت الصلاة ووجد أحدكم الخلاء

ابوداؤد اور دارقطنی نے۔ اور روایت ہے عبداللہ ابن ارقم سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جب اقامت کہی جاوے نماز اور پاوے ایک تمہارا حاجت پاخانہ کی

فَلْيَبْدَأْ بِالْخَلَاءِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَى مَالِكٌ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ نَحْوَهُ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پھر چاہئے کہ شروع کرے پائخانہ جانا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا مالک اور ابوداؤد اور نسائی نے مانند اسکے ۔ اور روایت ہے ثوبان سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

ثَلٰثٌ لَا يَحِلُّ لِأَحَدٍ أَنْ يَفْعَلَهُنَّ لَا يَؤُمَّنَّ رَجُلٌ قَوْمًا فَيَخُصَّ نَفْسَهُ بِالدُّعَاءِ دُوْنَهُمْ فَإِنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ خَانَهُمْ

تین خصلتیں ہیں کہ نہیں حلال ہے کسی کو کہ کرے انکو امامت نہ کرے کوئی شخص کسی قوم کی پھر خاص کرے اپنی جان کو ساتھ دعا کے سوا انکے پھر اگر کیا یہہ تو بیشک خیانت کی انکی

وَلَا يَنْظُرُ فِيْ قَعْرِ بَيْتٍ قَبْلَ أَنْ يَسْتَأْذِنَ فَإِنْ فَعَلَ فَقَدْ خَانَهُمْ وَلَا يُصَلِّ وَهُوَ حَقِنٌ حَتّٰى يَتَخَفَّفَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

اور نہ دیکھے اندر کسی گھر کے قبل اسکے کہ اجازت لے اندر جانے کی پھر اگر کیا تو بیشک خیانت کی انکی اور نماز پڑھے جس حال میں کہ روکنے والا ہو پیشاب کو یہانتک کہ ہلکا ہو روایت کیا اسکو ابوداؤد اور

وَالتِّرْمِذِيُّ نَحْوَهُ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُؤَخِّرُوا الصَّلٰوةَ لِطَعَامٍ وَلَا لِغَيْرِهِ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ

ترمذی نے مانند اسکے ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ تاخیر کرو نماز کی کھانے کے واسطے اور نہ دوسری چیز کے واسطے روایت کیا اسکو شرح

السُّنَّةِ
اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ
عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَقَدْ رَأَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنِ الصَّلٰوةِ إِلَّا مُنَافِقٌ قَدْ عُلِمَ

سنت میں ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ تحقیق دیکھا میں نے اپنی تئیں ف کہ نہیں پیچھے رہتا نماز سے مگر منافق کہ تحقیق معلوم ہو

نِفَاقُهُ أَوْ مَرِيْضٌ إِنْ كَانَ الْمَرِيْضُ لَيَمْشِيْ بَيْنَ رَجُلَيْنِ حَتّٰى يَأْتِيَ الصَّلٰوةَ وَقَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نفاق اسکا یا مریض بیشک حال یہہ تھا کہ بیمار چلتا دو شخصوں کو ٹیک کر یہانتک کہ آتا نماز میں اور کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

عَلَّمَنَا سُنَنَ الْهُدٰى وَإِنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى الصَّلٰوةَ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِيْ يُؤَذَّنُ فِيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللّٰهَ

سکھلایا ہمکو طریقے ہدایت کے ف اور تحقیق ہدایت کے طریقوں میں سے نماز پڑھنا ہے اس مسجد میں کہ اذان دی جاتی ہے اسمیں اور ایک روایت میں ہے جو شخص کہ خوش آوے اسکو یہہ کہ ملاقات کرے

غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلٰى هٰؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ حَيْثُ يُنَادٰى بِهِنَّ فَإِنَّ اللّٰهَ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ سُنَنَ الْهُدٰى وَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدٰى

کل کو مسلمان ہو کر پس چاہئے کہ محافظت کرے ان پانچوں نمازوں پر ف اس جگہ کہ اذان دی جاوے ان کے واسطے پھر تحقیق اللہ نے مقرر کیا تمہارے نبی کے واسطے طریقے ہدایت کے اور تحقیق یہہ نمازیں ہدایت کے طریقے ہیں

وَلَوْ أَنَّكُمْ صَلَّيْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ كَمَا يُصَلِّيْ هٰذَا الْمُتَخَلِّفُ فِيْ بَيْتِهِ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ لَضَلَلْتُمْ وَمَا مِنْ

اور اگر تحقیق تم لوگ نماز پڑھو اپنے گھروں میں جیسا کہ پڑھتا ہے یہہ پیچھے رہنے والا ف اپنے گھر میں تو تم نے ترک کیا سنت اپنے نبی کی اور اگر تم چھوڑو سنت اپنے نبی کی بیشک گمراہ ہو تم اور نہیں ہے

رَجُلٍ يَتَطَهَّرُ فَيُحْسِنُ الطُّهُوْرَ ثُمَّ يَعْمِدُ إِلٰى مَسْجِدٍ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَاجِدِ إِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَخْطُوْهَا حَسَنَةً وَرَفَعَهُ

کوئی شخص کہ طہارت کرے پھر اچھی کرے طہارت بعد اسکے قصد کرے کسی مسجد کی طرف ان مسجدوں میں سے مگر لکھتا ہے اللہ اسکے لئے ہر قدم کے بدلے میں کہ رکھتا ہے قدم ایک نیکی اور بلند کرتا ہے

بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا سَيِّئَةً وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا إِلَّا مُنَافِقٌ مَعْلُوْمُ النِّفَاقِ وَلَقَدْ كَانَ الرَّجُلُ يُؤْتٰى بِهِ

سبب اسکے ایک درجہ اور دور کرتا ہے اس سے سبب اسکے ایک برائی اور تحقیق جانا ہم نے اپنی تئیں اور دوسری کو ف کہ خلاف نہیں کرتا تھا اس سے مگر منافق کہ معلوم تھا نفاق جسکا اور تحقیق ایک شخص کو لایا جاتا

يُهَادٰى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتّٰى يُقَامَ فِي الصَّفِّ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا مَا فِي الْبُيُوْتِ

پکڑ کر درمیان دو مردوں کے یہانتک کہ کھڑا کیا جاتا صف میں روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے اسنے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا اگر نہ ہوتیں گھروں میں

مِنَ النِّسَاءِ وَالذُّرِّيَّةِ أَقَمْتُ صَلٰوةَ الْعِشَاءِ وَأَمَرْتُ فِتْيَانِيْ يُحَرِّقُوْنَ مَا فِي الْبُيُوْتِ بِالنَّارِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْهُ

عورتیں اور لڑکے تو قائم کرتا میں نماز عشاء کی اور حکم کرتا اپنے خادموں کو کہ خوب جلاتے جو کچھ گھروں میں ہوتا آگ سے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے اسی سے

قَالَ أَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كُنْتُمْ فِي الْمَسْجِدِ فَنُوْدِيَ بِالصَّلٰوةِ فَلَا يَخْرُجْ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يُصَلِّيَ رَوَاهُ أَحْمَدُ

کہا کہ حکم کیا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب ہو تم لوگ مسجد میں پھر اذان دی جاوے نماز کے واسطے تو نہ نکلے کوئی تم میں سے یہانتک کہ نماز پڑھ لے روایت کیا اسکو احمد نے

وعن ابي الشعثاء قال خرج رجل من المسجد بعد ما اذن فيه فقال ابو هريرة اما هذا فقد عصى ابا القاسم صلى
اور روایت ہے ابی شعثاء سے کہا کہ نکلا ایک شخص مسجد سے بعد اسکے کہ اذان کہی گئی اسمیں تب کہا ابو ہریرہ نے لیکن اس شخص نے تحقیق نافرمانی کی ابو القاسم صلی
الله عليه وسلم رواه مسلم وعن عثمان بن عفان قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ادركه الاذان في المسجد
اللہ علیہ وسلم کی روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے عثمان ابن عفان سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پالے اسکو اذان مسجد میں
ثم خرج لم يخرج لحاجة وهو لا يريد الرجعة فهو منافق رواه ابن ماجة وعن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم
پھر باہر نکلے نہ نکلے ضروری کام کے واسطے اور وہ ارادہ نہیں رکھتا ہے پھر آنے کا تو وہ منافق ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہے ابن عباس سے اسنے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم
قال من سمع النداء فلم يجبه فلا صلوة له الا من عذر رواه الدارقطني وعن عبد الله بن ام مكتوم قال يا رسول
کہ فرمایا جو شخص کہ سنے اذان پھر نہ قبول کرے اسکو تو نہیں ہوتی اسکی نماز مگر عذر سے روایت کیا اسکو دارقطنی نے ٭ اور روایت ہے عبد اللہ ابن ام مکتوم سے کہا کہ یا رسول
الله ان المدينة كثيرة الهوام والسباع وانا ضرير البصر فهل تجد لي من رخصة قال هل تسمع حي على الصلوة حي
اللہ تحقیق مدینہ میں بہت ہیں موذی جانور اور درندے اور میں ہوں اندھا سو کیا پاتے ہیں آپ میرے لئے رخصت فرمایا کیا سنتا ہے حی علی الصلوة حی
على الفلاح قال نعم قال فحي هلا ولم يرخص رواه ابو داود والنسائي وعن ام الدرداء قالت دخل علي ابو
علی الفلاح کہا کہ ہاں فرمایا پھر آ جماعت میں اور نہ رخصت دی روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے ٭ اور روایت ہے ام درداء سے کہا کہ آئے میرے پاس ابو
الدرداء وهو مغضب فقلت ما اغضبك قال والله ما اعرف من امة محمد صلى الله عليه وسلم شيئا الا انهم يصلون
درداء اور وہ غصہ میں تھے پھر کہا میں نے کس چیز نے غصہ دلایا تمکو کہا قسم ہے اللہ کی نہیں پہچانتا میں کام امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی چیز مگر یہ تحقیق وہ
جميعا رواه البخاري وعن ابي بكر بن سليمان بن ابي حثمة قال ان عمر بن الخطاب فقد سليمان بن ابي حثمة في صلوة
جماعت کرکے پڑھتے ہیں روایت کیا اسکو بخاری نے ٭ اور روایت ہے ابی بکر ابن سلیمان ابن ابی حثمہ سے کہا کہ تحقیق عمر ابن خطاب نے نہ پایا سلیمان ابن ابی حثمہ کو بیچ صبح کو
الصبح فان عمر غدا الى السوق ومسكن سليمان بين المسجد والسوق فمر على الشفاء ام سليمان فقال لها لم ار سليمان
صبح کی نماز میں پھر تحقیق عمر صبح کو گئے بازار کو اور گھر سلیمان کا مسجد اور بازار کے بیچ میں تھا تب جا پڑے شفا کے پاس جو سلیمان کی ماں تھی اور کہا اسکو کہ نہ دیکھا میں نے
في الصبح فقالت انه بات يصلي فغلبته عيناه فقال عمر لان اشهد صلوة الصبح في جماعة احب الي من ان اقوم ليلة رواه
صبح کی نماز میں تب اسنے کہا کہ تحقیق وہ رات بھر نماز پڑھتا رہا پھر غالب آئیں اسپر اسکی آنکھیں تب فرمایا عمر نے تحقیق حاضر ہونا میرا صبح کی نماز کو جماعت میں پسند زیادہ ہے مجھکو اس سے کہ کھڑا رہوں نماز میں تمام رات روایت کیا
مالك وعن ابي موسى الاشعري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اثنان فما فوقهما جماعة رواه ابن ماجة وعن
مالک نے ٭ اور روایت ہے ابی موسی اشعری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو شخص پھر جتنے زیادہ ہوں اس سے جماعت ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہے
بلال بن عبد الله بن عمر عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تمنعوا النساء حظوظهن من المساجد اذا
بلال ابن عبد اللہ ابن عمر سے اسنے نقل کیا اپنے باپ سے اسنے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ منع کرو عورتوں کو حصہ انکا مسجدوں سے جب
استاذنكم فقال بلال والله لنمنعهن فقال له عبد الله اقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم وتقول انت لنمنعهن وفي رواية
بروانگی مانگیں تم سے تب کہا بلال نے قسم اللہ کی تحقیق ہم منع کرینگے انکو تب کہا اسنے عبد اللہ نے میں کہتا ہوں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور تو کہتا ہے کہ تحقیق ہم منع کرینگے اور ایک روایت میں
سالم عن ابيه قال فاقبل عليه عبد الله فسبه سبا ما سمعته سبه مثله قط وقال اخبرك عن رسول الله صلى الله عليه
سالم کی جو اسنے اپنے باپ سے نقل کیا ہے کہا کہ پھر متوجہ ہوئے اسپر عبد اللہ اور اسکو گالی دی ایسی گالی کہ نہ سنا میں نے انکو کہ گالی دی ہو اسکو مثل اسکے کبھی اور کہا میں خبر دیتا ہوں تجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم ویقول واللہ لنمنعھن رواہ مسلم وعن مجاہد عن عبد اللہ ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یمنعن

وسلم نے اور تو کہتا ہے کہ قسم اللہ کی ہیں منع کرینگے ہم ان کو یہ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے مجاہد سے اسنے نقل کیا عبد اللہ ابن عمر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ منع کرے

رجل اھلہ ان یاتوا المساجد فقال ابن لعبد اللہ بن عمر فانا نمنعھن فقال عبد اللہ احدثک عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ

کوئی شخص اپنے گھر کی عورتوں کو کہ آویں مسجدوں میں تب کہا ایک بیٹے نے عبد اللہ ابن عمر کے پس ہم منع کرتے ہیں انکو تب کہا عبد اللہ نے میں حدیث بیان کرتا ہوں تجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم وتقول ھذا قال فما کلمہ عبد اللہ حتی مات رواہ احمد

وسلم سے اور تو کہتا ہے یہہ بات کہا مجاہد نے پھر نہ بات کیا اس سے عبد اللہ نے یہاں تک کہ مر گیا روایت کیا اسکو احمد نے

باب تسویۃ الصفوف

یہہ باب ہے بیچ بیان برابر کرنے صفوں کے

الفصل الاول

فصل پہلی

وعن النعمان ابن بشیر قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسوی صفوفنا حتی کانما یسوی بھا القداح حتی رای انا قد عقلنا عنہ

روایت ہے نعمان ابن بشیر سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برابر کرتے ہماری صفوں کو یہاں تک گویا برابر کرتے ساتھ ان کے تیر کی لکڑی کو یہاں تک کہ جانا آپ نے کہ بیشک ہم نے سیکھ لیا آپ سے

ثم خرج یوما فقام حتی کاد ان یکبر فرای رجلا بادیا صدرہ من الصف فقال عباد اللہ لتسون صفوفکم او لیخالفن

پھر تشریف لائے ایک دن پس کھڑے ہوئے یہاں تک کہ قریب تھا کہ تکبیر کہیں پس دیکھا ایک شخص کو باہر نکالے سینہ اپنا صف سے تب فرمایا اے بندو اللہ کے چاہیے کہ برابر کرو اپنی صفوں کو یا خلاف ڈالیگا

اللہ بین وجوھکم رواہ مسلم وعن انس قال اقیمت الصلوۃ فاقبل علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بوجھہ فقال اقیموا

اللہ تمہارے بیچ منہوں کے یہ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ اقامت کہی گئی نماز کی پھر متوجہ ہوئے ہم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے منہ سے اور فرمایا کہ سیدھی کرو

صفوفکم وتراصوا فانی اراکم من وراء ظھری رواہ البخاری وفی المتفق علیہ قال اتموا الصفوف فانی اراکم من وراء

اپنی صفوں کو اور آپس میں مل کے کھڑے ہو پھر بیشک میں دیکھتا ہوں تمکو اپنی پیٹھ کے پیچھے روایت کیا اسکو بخاری نے اور بخاری مسلم کی روایت میں ہے کہ فرمایا پورا کرو اپنی صفوں کو پھر بیشک میں دیکھتا ہوں تمکو اپنی

ظھری وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سووا صفوفکم فان تسویۃ الصفوف من اقامۃ الصلوۃ متفق

پیٹھ کے پیچھے سے اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے برابر کرو اپنی صفوں کو پھر تحقیق برابر کرنی صفوں کا ٹھیک ادا کرنے نماز میں داخل ہے ق

علیہ الا ان عند مسلم من تمام الصلوۃ وعن ابی مسعود الانصاری قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یمسح

مگر مسلم کے نزدیک بجائے ٹھیک ادا کرنے کے پورا کرنے نماز میں داخل ہے اور روایت ہے ابی مسعود انصاری سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رکھتے ہاتھ

مناکبنا فی الصلوۃ ویقول استووا ولا تختلفوا فتختلف قلوبکم لیلنی منکم اولوا الاحلام والنھی ثم الذین یلونھم

ہمارے مونڈھوں پر نماز میں اور فرماتے برابر ہو جاؤ اور اختلاف نکرو نہیں تو مختلف ہو جاوینگے دل تمہارے چاہیے کہ قریب ہوں میرے تم میں سے بالغ لوگ اور عقل والے پھر وہ لوگ کہ قریب ہوں ان کے

ثم الذین یلونھم قال ابو مسعود فانتم الیوم اشد اختلافا رواہ مسلم وعن عبد اللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ

پھر وہ لوگ کہ قریب ہوں ان کے کہا ابو مسعود نے پھر تم آج کے دن بہت اختلاف کرنے ہو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم لیلنی منکم اولوا الاحلام والنھی ثم الذین یلونھم ثلثا وایاکم وھیشات الاسواق رواہ مسلم وعن

صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہیے کہ نزدیک ہوں میرے تم میں سے بالغ لوگ اور عقل والے پھر وہ لوگ جو قریب ہوں ان کے تین بار فرمایا اور فرمایا بچو تم شور کرنے سے مثل بازاروں کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

ابی سعید الخدری قال رای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی اصحابہ تاخرا فقال لھم تقدموا فأتموا بی ولیأتم بکم من

ابی سعید خدری سے کہا کہ دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب میں پیچھے رہنا صفوں سے تب فرمایا انکو آگے آؤ اور اقتدا کرو میرا اور چاہیے کہ اقتدا کریں تمہارا اور لوگ

بعدکم لا یزال قوم یتاخرون حتی یؤخرھم اللہ رواہ مسلم وعن جابر بن سمرۃ قال خرج علینا رسول اللہ صلی

پیچھے تمہارے ہمیشہ رہینگے قوم پیچھے رہتے یہاں تک کہ پیچھے ڈالیگا ان کو اللہ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر ابن سمرہ سے کہا کہ تشریف لائے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم فرآنا حلقا فقال مالي اراكم عزين ثم خرج علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال الا تصفون كما

علیہ وسلم پھر دیکھا ہمکو حلقہ باندھے بیٹھے ہوئے تب فرمایا کیا ہے مجھکو کہ دیکھتا ہوں تمکو حلقہ حلقہ بیٹھے پھر تشریف لائے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا کیا نہیں صف باندھتے تم جیسے

تصف الملئكة عند ربها فقلنا يا رسول الله وكيف تصف الملئكة عند ربها قال يتمون الصفوف الاولى ويتراصون

صف باندھتے ہیں فرشتے نزدیک اپنے پروردگار کے پھر کہا ہمنے یا رسول اللہ اور کس طرح صف باندھتے ہیں فرشتے اپنے پروردگار کے نزدیک فرمایا پورا کرتے ہیں پہلی صفوں کو اور مل کے کھڑے ہوتے

في الصف رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير صفوف الرجال اولها وشرها

صف میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر صفیں مردوں کی پہلی صف اور بری اسکی

آخرها وخير صفوف النساء آخرها وشرها اولها رواه مسلم

پچھلی اسکی اور بہتر صفیں عورتوں کی پچھلی اسکی اور بری اسکی پہلی اسکی روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

عن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رصوا صفوفكم وقاربوا بينها وحاذوا بالاعناق فوالذي نفسي بيده اني لارى الشيطن

فصل دوسری روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ملاؤ اپنی صفوں کو اور نزدیکی کرو صفوں میں اور برابر کرو گردنوں کو پھر قسم ہے اس خدا کی کہ جان میری اسکے قبضہ میں ہے تحقیق میں دیکھتا ہوں

يدخل من خلل الصف كانها الحذف رواه ابو داود وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتموا الصف

کہ داخل ہوتا ہے شیطان بیچ شگافوں صف کے گویا کہ وہ کالا بچہ ہے بکری کا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوری کرو پہلی صف کو

المقدم ثم الذي يليه فما كان من نقص فليكن في الصف المؤخر رواه ابو داود وعن البراء بن عازب قال كان رسول

پھر اس صف کو جو کہ پاس ہے پھر جو کچھ کمی ہو تو چاہئے کہ ہو پچھلی صف میں روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے براء ابن عازب سے کہا کہ تھے رسول

الله صلى الله عليه وسلم يقول ان الله وملئكته يصلون على الذين يلون الصفوف الاولى وما من خطوة احب

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تحقیق اللہ اور اسکے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں ان لوگوں پر جو قریب ہیں پہلی صف کے اور نہیں ہے کوئی قدم دوست زیادہ

الى الله من خطوة يمشيها يصل العبد بها صفا رواه ابو داود وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

اللہ کے نزدیک اس قدم سے کہ چلے اسکو تاکہ ملے بندہ اسکے سبب صف میں روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

ان الله وملئكته يصلون على ميامن الصفوف رواه ابو داود وعن النعمان بن بشير قال كان رسول الله صلى الله

بیشک اللہ اور فرشتے اسکے رحمت بھیجتے ہیں صفوں کی داہنی طرف پر روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے نعمان ابن بشیر سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم يسوي صفوفنا اذا قمنا الى الصلوة فاذا استوينا كبر رواه ابو داود وعن انس قال كان رسول الله صلى الله

علیہ وسلم برابر کرتے ہماری صفوں کو جس وقت کہ کھڑے ہوتے ہم نماز کو پھر جب برابر ہو چکتے تکبیر کہتے حضرت روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم يقول عن يمينه اعتدلوا سووا صفوفكم وعن يساره اعتدلوا سووا صفوفكم رواه ابو داود وعن

وسلم فرماتے اپنے داہنی طرف سیدھے کھڑے ہو برابر کرو اپنی صفوں کو اور فرماتے اپنے بائیں طرف سیدھے کھڑے ہو برابر کرو اپنی صفوں کو روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے

ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خياركم الينكم مناكب في الصلوة رواه ابو داود

ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر زیادہ تم میں وہ ہیں جو بہت نرم مونڈھے والے ہیں نماز میں روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

الفصل الثالث

عن انس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يقول استووا استووا استووا فوالذي نفسي بيده اني لاراكم من خلفي كما اراكم من بين

فصل تیسری روایت ہے انس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے برابر ہو برابر ہو برابر ہو پھر قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری اسکے قبضہ میں ہے تحقیق میں دیکھتا ہوں تمکو پیچھے سے اپنے جیسا کہ دیکھتا ہوں

يدى رواه ابوداؤد وعن ابى امامة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله وملئكته يصلون على الصف
اپنے آگے سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ اور اسکے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں پہلی صف پر

الاول قالوا يا رسول الله وعلى الثانى قال ان الله وملئكته يصلون على الصف الاول قالوا يا رسول الله وعلى الثانى قال ان الله و
عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ اور دوسری پر بھی فرمایا تحقیق اللہ اور اسکے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں پہلی صف پر عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ اور دوسری پر بھی فرمایا تحقیق اللہ اور

ملئكته يصلون على الصف الاول قالوا يا رسول الله وعلى الثانى قال وعلى الثانى وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم سووا صفوفكم
اسکے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں پہلی صف پر عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ اور دوسری پر بھی فرمایا اور دوسری پر بھی اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے برابر کرو اپنی صفونکو

وحاذوا بين مناكبكم ولينوا فى ايدى اخوانكم وسدوا الخلل فان الشيطان يدخل فيما بينكم بمنزلة الحذف يعنى اولاد
اور برابر کرو اپنے مونڈھوں کو اور نرم ہو اپنے بھائیوں کے ساتھ اور بندکرو صف کے سوراخ کو پھر تحقیق شیطان گھستا ہے تمھارے درمیان مانند حذف کے یعنے

الضان الصغار رواه احمد وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اقيموا الصفوف وحاذوا بين المناكب
بھیڑ کا چھوٹا بچہ روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدھی کرو صفوں کو اور برابر کرو اپنے مونڈھوں کو

وسدوا الخلل ولينوا بايدى اخوانكم ولا تذروا فرجات الشيطان ومن وصل صفا وصله الله ومن قطعه قطعه
اور بندکرو صف کے سوراخ کو اور نرم ہو اپنے بھائیوں کے ساتھ اور مت چھوڑو سوراخیں شیطان کے اور جو شخص کہ ملاوے صف کو ملاوے اسکو اللہ اور جو شخص کہ کاٹے اسکو کاٹے

الله رواه ابوداؤد وروى النسائى منه قوله من وصل صفا الى اخره وعن ابى هريرة قال قال رسول الله صلى الله
اللہ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت کیا نسائی نے قول اسکا من وصل صفا آخر تک ۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم توسطوا الامام وسدوا الخلل رواه ابوداؤد وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا
علیہ وسلم نے بیچ میں کھڑا کرو امام کو اور بندکرو سوراخوں کو روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

يزال قوم يتاخرون عن الصف الاول حتى يؤخرهم الله فى النار رواه ابوداؤد وعن وابصة بن معبد قال راى رسول الله
ہمیشہ رہینگے ایک گروہ پیچھے رہ جاتے پہلی صف سے یہاں تک کہ پیچھے ڈالیگا انکو اللہ دوزخ میں روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے وابصہ ابن معبد سے کہا کہ دیکھا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم رجلا يصلى خلف الصف وحده فامره ان يعيد الصلوٰة رواه احمد والترمذى وابوداؤد وقال الترمذى
صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو نماز پڑھتا تھا پیچھے صف کے اکیلا پھر حکم کیا اسکو دہراوے نماز کو روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد نے اور کہا ترمذی نے

هذا حديث حسن صحيح

باب موقف الصلوٰة

الفصل الاول

عن عبد الله بن عباس قال بت فى بيت خالتى ميمونة فقام
یہہ حدیث حسن صحیح ہے ۔ یہہ باب ہے نماز میں امام مقتدی کے کھڑے ہونے کی جگہہ کے بیان میں فصل پہلی روایت ہے عبد اللہ ابن عباس سے کہا کہ رات کو رہا میں گھر میں اپنی خالا حضرت میمونہ کے پھر کھڑے ہوئے

رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلى فقمت عن يساره فاخذ بيدى من وراء ظهره فعدلنى كذلك من وراء ظهره
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ نماز پڑھیں تب کھڑا ہوا میں بھی اُن کے بائیں پھر پکڑا میرا ہاتھ اپنی پیٹھ کے پیچھے سے اور پھر لے چلا اسی طرح اپنی پیٹھ کے پیچھے سے

الى الشق الايمن متفق عليه وعن جابر قال قام رسول الله صلى الله عليه وسلم ليصلى فجئت حتى قمت عن يساره فاخذ
داہنی طرف ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تاکہ نماز پڑھیں پھر آیا میں یہانتک کہ کھڑا ہوا میں اُنکے بائیں پھر پکڑا

بيدى فادارنى حتى اقامنى عن يمينه ثم جاء جبار بن صخر فقام عن يسار رسول الله صلى الله عليه وسلم فاخذ بيدينا
میرا ہاتھ اور گھمایا مجھکو یہانتک کہ کھڑا کیا مجھکو اپنے داہنے پھر آیا جبار ابن صخر اور کھڑا ہوا بائیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر پکڑا ہم دونوں کا ہاتھ

جميعًا فدفعنا حتى أقامنا خلفه. رواه مسلم. وعن أنس قال صليت أنا ويتيم في بيتنا خلف النبي صلى الله عليه وسلم وأم سليم

اکٹھے اور ہٹایا ہم دونوں کو یہاں تک کہ کھڑا کیا ہم کو اپنے پیچھے روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ نماز پڑھی میں نے اور ایک یتیم نے ہمارے گھر میں پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ام سلیم

خلفنا. رواه مسلم. وعنه أن النبي صلى الله عليه وسلم صلى به وبأمه أو خالته قال فأقامني عن يمينه وأقام المرأة خلفنا.

پیچھے ہمارے تھی روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے انہی سے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی انکے اور انکی ماں یا انکی خالہ کے ساتھ کہا انس نے پھر کھڑا کیا مجھکو اپنے داہنے اور کھڑا کیا عورت کو پیچھے ہمارے

رواه مسلم. وعن أبي بكرة أنه انتهى إلى النبي صلى الله عليه وسلم وهو راكع فركع قبل أن يصل إلى الصف ثم مشى إلى الصف

روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی بکرہ سے کہ تحقیق وہ پہنچا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور وہ رکوع میں تھے پھر رکوع کیا قبل اسکے کہ ملے صف میں پھر چلا صف کی طرف

فذكر ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فقال زادك الله حرصًا ولا تعد. رواه البخاري.

الفصل الثاني

عن

پھر ذکر کیا اسکا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تب فرمایا زیادہ کرے تجھکو اللہ حرص نیکی کی اور پھر نہ کر ایسا ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے

سمرة بن جندب قال أمرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا كنا ثلاثة أن يتقدم منا أحدنا. رواه الترمذي. وعن عمار أنه أم

سمرہ ابن جندب سے کہا کہ حکم کیا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ ہوں ہم تین آدمی آگے بڑھے ہمارا کوئی ہم میں سے روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے عمار سے کہ تحقیق امامت کی

الناس بالمدائن وقام على دكان يصلي والناس أسفل منه فتقدم حذيفة فأخذ على يديه فاتبعه عمار حتى أنزله

لوگوں کی مدائن میں اور کھڑے ہوئے چبوترے پر کہ نماز پڑھیں اور لوگ نیچے تھے اس سے پھر آگے گئے حذیفہ اور پکڑے دونوں ہاتھ عمار کا پھر تابعداری کی عمار نے یہاں تک کہ اتارا عمار کو

حذيفة فلما فرغ عمار من صلوته قال له حذيفة ألم تسمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إذا أم الرجل القوم فلا يقم

حذیفہ نے پھر جب فارغ ہوئے عمار اپنی نماز سے کہا اُن سے حذیفہ نے کیا نہ سنا تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے جب امامت کرے مرد ایک قوم کی پھر نہ کھڑا ہو

في مقام أرفع من مقامهم أو نحو ذلك فقال عمار لذلك اتبعتك حين أخذت على يدي. رواه أبو داود. وعن سهل

اس مقام میں جو بلند ہووے قوم کے مقام سے یا مانند اسکے فرمایا تب کہا عمار نے کہ اسواسطے تابعداری کی میں نے تیری جب پکڑا تو نے ہاتھ میرا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے سہل

بن سعد الساعدي أنه سئل من أي شيء المنبر فقال هو من أثل الغابة عمله فلان مولى فلانة لرسول الله صلى الله عليه وسلم

ابن سعد ساعدی سے تحقیق وہ پوچھے گئے کہ کس چیز سے تھا منبر تب کہا کہ وہ تھا غابت کے جھاؤ سے بنایا تھا اسکو فلانے نے جو غلام آزاد کیا ہوا فلانی کا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے

وقام عليه رسول الله صلى الله عليه وسلم حين عمل ووضع فاستقبل القبلة وكبر وقام الناس خلفه فقرأ وركع وركع

اور کھڑے ہوئے اسپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جسوقت کہ تیار کیا گیا اور رکھا گیا پھر سامنے ہوئے قبلہ کے اور اللہ اکبر کہا اور کھڑے ہوئے لوگ پیچھے حضرت کے پھر قرأت کی اور رکوع کیا

الناس خلفه ثم رفع رأسه ثم رجع القهقرى فسجد على الأرض ثم عاد إلى المنبر ثم قرأ ثم ركع ثم رفع ثم رجع القهقرى

لوگوں نے پیچھے حضرت کے پھر اٹھایا سر اپنا پھر ہٹے پچھلے پاؤں اور سجدہ کیا زمین پر پھر تشریف لے گئے منبر کی طرف پھر قرأت کی پھر رکوع کیا پھر اٹھایا اپنا سر پھر ہٹے پچھلے پاؤں

حتى سجد بالأرض. هذا لفظ البخاري وفي المتفق عليه نحوه وقال في آخره فلما فرغ أقبل على الناس فقال يا أيها الناس إنما

یہاں تک کہ سجدہ کیا زمین پر یہ لفظ بخاری کا ہے اور بخاری و مسلم میں مانند اسکے ہے اور کہا بخاری نے آخر میں اسکے کہ جب فارغ ہوئے متوجہ ہوئے لوگوں پر اور فرمایا اے لوگو

صنعت هذا لتأتموا بي ولتعلموا صلوتي. وعن عائشة قالت صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم في حجرته والناس

کیا میں نے یہہ مگر اسواسطے کہ پیروی کرو اور تاکہ جانو تم نماز میری ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ نماز پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے حجرے میں اور لوگ

يأتمون به من وراء الحجرة. رواه أبو داود.

الفصل الثالث

عن أبي مالك الأشعري قال ألا أحدثكم

اقتدا کرتے تھے انکی حجرے کے پیچھے سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے ابی مالک اشعری سے کہا کہ کیا نہ خبر دوں میں تمکو

بِصَلوٰۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فَاَقَامَ الصَّلوٰۃَ وَصَفَّ الرِّجَالَ وَصَفَّ خَلْفَھُمُ الْغِلْمَانَ ثُمَّ صَلّٰی بِھِمْ فَذَکَرَ

ساتھ نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا کہ قائم کی حضرت نے نماز اور صف برابر کی مردوں کی اور صف برابر کی پیچھے مردوں کے لڑکوں کی پھر نماز پڑھائی انکو پھر ذکر کیا ابو

صَلٰوتَہٗ ثُمَّ قَالَ ھٰکَذَا صَلوٰۃُ قَالَ عَبْدُ الْاَعْلٰی لَا اَحْسِبُہٗ اِلَّا قَالَ اُمَّتِیْ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَعَنْ قَیْسِ بْنِ عُبَادٍ قَالَ بَیْنَا

نماز حضرت کی پھر کہا حضرت نے ایسی ہے نماز کہا عبد الاعلی نے نہیں گمان کرتا ہوں میں مگر فرمایا حضرت نے امتی کی روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے قیس ابن عباد سے کہا کہ اتفاقاً

اَنَا فِی الْمَسْجِدِ فِی الصَّفِّ الْمُقَدَّمِ فَجَبَذَنِیْ رَجُلٌ مِنْ خَلْفِیْ جَبْذَۃً فَنَحَّانِیْ وَقَامَ مَقَامِیْ فَوَاللّٰہِ مَا عَقَلْتُ صَلوٰتِیْ فَلَمَّا انْصَرَفَ

کہ تھا میں مسجد میں پہلی صف میں پھر کھینچا مجھکو ایک شخص نے میرے پیچھے سے سخت کھینچنا پھر کنارے کیا مجھکو اور کھڑا ہوا میری جگہ پر قسم ہے اللہ کی نہ سمجھا میں اپنی نماز کو جب پھرے

اِذَا ھُوَ اُبَیُّ بْنُ کَعْبٍ فَقَالَ یَا فَتٰی لَا یَسُوْءُکَ اللّٰہُ اِنَّ ھٰذَا عَھْدٌ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَیْنَا اَنْ نَلِیَہٗ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ

یکایک وہ ابی ابن کعب تھے پھر ابی نے کہا اے جوان نہ غم میں ڈالے تجھکو اللہ تحقیق یہ وصیت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمارے واسطے یہ کہ قریب کھڑے ہوں ہم ان کے پھر منہ کیا ابی نے

الْقِبْلَۃَ فَقَالَ ھَلَکَ اَھْلُ الْعُقَدِ وَرَبِّ الْکَعْبَۃِ ثَلٰثًا ثُمَّ قَالَ وَاللّٰہِ مَا عَلَیْھِمْ اٰسٰی وَلٰکِنْ اٰسٰی عَلٰی مَنْ اَضَلُّوْا قُلْتُ

قبلہ کی طرف اور کہا کہ ہلاک ہوئے سردار قسم ہے رب کعبہ کی کہا تین بار پھر کہا قسم ہے اللہ کی نہیں اُن پر غم کرتا ہوں ولیکن غم کرتا ہوں ان شخصوں پر کہ گمراہ کیا انہوں نے

یَا اَبَا یَعْقُوْبَ مَا تَعْنِیْ بِاَھْلِ الْعُقَدِ قَالَ الْاُمَرَاءُ رَوَاہُ النَّسَائِیُّ

اے ابو یعقوب کیا مراد رکھتے ہو اہل عقد سے کہا امیر روایت کیا اسکو نسائی نے

بَابُ الْاِمَامَۃِ

یہ باب ہے بیان میں امامت کرنے کے

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

فصل پہلی

عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَؤُمُّ الْقَوْمَ اَقْرَؤُھُمْ لِکِتَابِ اللّٰہِ فَاِنْ کَانُوْا فِی الْقِرَاءَۃِ سَوَاءً فَاَعْلَمُھُمْ بِالسُّنَّۃِ

روایت ہے ابی مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امام ہو قوم کا خوب پڑھنے والا ان میں کتاب اللہ کو پھر اگر ہوں قرآن پڑھنے میں برابر پھر خوب جاننے والا ان میں سنت کا

فَاِنْ کَانُوْا فِی السُّنَّۃِ سَوَاءً فَاَقْدَمُھُمْ ھِجْرَۃً فَاِنْ کَانُوْا فِی الْھِجْرَۃِ سَوَاءً فَاَقْدَمُھُمْ سِنًّا وَلَا یَؤُمَّنَّ الرَّجُلُ الرَّجُلَ فِیْ

پھر اگر سنت جاننے میں برابر ہوں تو جو پہلا ان میں کا ہو ہجرت میں پھر اگر ہوں ہجرت میں برابر پھر پہلا ان میں کا سن میں اور نہ امامت کرے مرد مرد کو

سُلْطَانِہٖ وَلَا یَقْعُدْ فِیْ بَیْتِہٖ عَلٰی تَکْرِمَتِہٖ اِلَّا بِاِذْنِہٖ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَہٗ وَلَا یَؤُمَّنَّ الرَّجُلُ الرَّجُلَ فِیْ اَھْلِہٖ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ

اسکے حکم کی جگہ میں اور نہ بیٹھے گھر میں اسکے مسند پر مگر اسکے حکم سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور ایک روایت مسلم کی اور نہ امامت کرے مرد مرد کی اسکے گھر میں اور روایت ہے ابی سعید سے کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا کَانُوْا ثَلٰثَۃً فَلْیَؤُمَّھُمْ اَحَدُھُمْ وَاَحَقُّھُمْ بِالْاِمَامَۃِ اَقْرَؤُھُمْ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَذُکِرَ حَدِیْثُ مَالِکِ بْنِ

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہوں تین آدمی پھر امام ہو ایک ان میں کا اور بہت لائق امامت کے انہیں خوب پڑھنے والا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور ذکر کیا حدیث مالک ابن

الْحُوَیْرِثِ فِیْ بَابٍ بَعْدَ بَابِ فَضْلِ الْاَذَانِ

حویرث کی ایک باب میں بعد باب فضل الاذان کے

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

فصل دوسری

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِیُؤَذِّنْ لَکُمْ خِیَارُکُمْ وَلْیَؤُمَّکُمْ قُرَّاؤُکُمْ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَعَنْ اَبِیْ عَطِیَّۃَ الْعُقَیْلِیِّ قَالَ کَانَ مَالِکُ بْنُ الْحُوَیْرِثِ یَاْتِیْنَا اِلٰی مُصَلَّانَا یَتَحَدَّثُ فَحَضَرَتِ

روایت ہے ابن عباس سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہئے کہ اذان کہے تمہارے واسطے نیک تمہارے اور چاہئے امامت کریں تمہاری قاری تمہارے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی عطیہ عقیلی سے کہا کہ تھے مالک ابن حویرث آیا کرتے ہمارے پاس ہماری مسجد میں باتیں کرتے تھے پھر آیا وقت

الصَّلوٰۃُ یَوْمًا قَالَ اَبُوْ عَطِیَّۃَ فَقُلْنَا لَہٗ تَقَدَّمْ فَصَلِّ قَالَ لَنَا قَدِّمُوْا رَجُلًا مِنْکُمْ یُصَلِّیْ بِکُمْ وَسَاُحَدِّثُکُمْ لِمَ لَا اُصَلِّیْ بِکُمْ

نماز کا ایک دن کہا ابو عطیہ نے پھر کہا ہم نے ان سے آگے ہو اور نماز پڑھاؤ کہا ہمکو آگے کرو ایک مرد کو اپنے میں سے کہ نماز پڑھاوے تمکو اور اب بیان کروں گا تم سے کیوں نہیں پڑھاتا ہوں تمکو

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ زَارَ قَوْمًا فَلَا یَؤُمَّھُمْ وَلْیَؤُمَّھُمْ رَجُلٌ مِنْھُمْ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَالتِّرْمِذِیُّ

سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جو شخص کہ ملاقات کو جاوے کسی قوم کی پھر نہ امامت کرے انکو اور چاہئے امامت کرے انکی ایک مرد انہیں میں سے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی

[illegible]

والنسائي إلا أنه اقتصر على لفظ النبي صلى الله عليه وسلم . وعن أنس قال استخلف رسول الله صلى الله عليه وسلم ابن أم مكتوم يؤم

اور نسائی نے مگر یہہ کہ اُسنے ختم کیا فرمانے پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ف اور روایت ہے انس سے کہا کہ خلیفہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد اللہ ابن ام مکتوم کو کہ امامت کرے

الناس وهو أعمى رواه أبو داود . وعن أبي أمامة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاثة لا تجاوز صلوتهم آذانهم

لوگوں کی اور وہ اندھا تھا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ہیں کہ نہیں فرق کرتی انکی نماز انکے کانوں سے

العبد الآبق حتى يرجع وامرأة باتت وزوجها عليها ساخط وإمام قوم وهم له كارهون رواه الترمذي وقال هذا

ایک غلام بھاگنے والا یہاں تک کہ پھر آوے اور دوسرے ایک عورت کہ رات گذارا اور خاوند اسکا اسپر غصہ ہو اور تیسرا امام قوم کا کہ وہ قوم اس سے ناخوش ہوں ف ۳ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ

حديث غريب . وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلثة لا تقبل منهم صلوتهم من تقدم قوما وهم له كارهون

حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ہیں کہ نہیں قبول کی جاتی اُنسے انکی نماز وہ شخص کہ امام ہوا ایک قوم کا اور وہ اس سے ناراض ہوں

ورجل أتى الصلوة دبارا والدبار أن يأتيها بعد أن تفوته ورجل اعتبد محررة رواه أبو داود وابن ماجة . وعن سلامة

اور وہ شخص کہ آوے نماز کو پیچھے اور پیچھے آنے کے یہہ معنے کہ آوے نماز کو بعد گذرنے وقت کے ف ۲ اور وہ شخص کہ غلام بناوے آزاد کو روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے سلامہ

بنت الحر قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن من أشراط الساعة أن يتدافع أهل المسجد لا يجدون إماما

بنت حر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق نشانی قیامت سے ہے یہہ کہ ایک دوسرے پر ڈالینگے امامت کو مسجد کے لوگ ف ۵ نہ پاوینگے کوئی امام

يصلي بهم رواه أحمد وأبو داود وابن ماجة . وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الجهاد واجب عليكم مع

کہ نماز پڑھاوے انکو روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاد واجب ہے تم پر ساتھ ہو کے

كل أمير برا كان أو فاجرا وإن عمل الكبائر والصلوة واجبة عليكم خلف كل مسلم برا كان أو فاجرا وإن عمل الكبائر والصلوة

ہر سردار کے نیک ہو یا بدکار اگرچہ کرے گناہ کبیرہ اور نماز واجب ہے تم پر پیچھے ہر مسلمان کے نیک ہو یا بدکار اگرچہ کرے گناہ کبیرہ اور نماز جنازہ کی

واجبة على كل مسلم برا كان أو فاجرا وإن عمل الكبائر رواه أبو داود .

واجب ہے ہر مسلمان کے نیک ہو یا بدکار اگرچہ کرے گناہ کبیرہ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۔

الفصل الثالث

فصل تیسری

عن عمرو بن سلمة قال كنا بماء ممر الناس يمر بنا الركبان نسألهم ما للناس ما للناس ما هذا الرجل فيقولون يزعم أن الله أرسله أوحى إليه كذا فكنت

روایت ہے عمرو بن سلمہ سے کہا کہ تھے ہم پانی کہ گذرگاہ لوگوں کی تھا گذرتے تھے ہمارے پاس سوار پوچھتے ہم اُن سے کہ کیا ہے لوگوں کو کیا ہوا لوگوں کو کون ہے یہہ مرد ف تب کہتے تھے وہ کہ گمان کرتا ہے تحقیق اللہ نے بھیجا اسکو وحی بھیجی اسکی طرف ایسی ایسی پس تھا میں

أحفظ ذلك الكلام فكأنما يغرى في صدري وكانت العرب تلوم بإسلامهم الفتح فيقولون اتركوه وقومه فإنه إن ظهر

یاد کر لیتا اس کلام کو پھر گویا کہ لپٹ جاتا تھا میرے سینہ میں اور تھے عرب لوگ انتظار کرتے اپنے اسلام لانے میں مکہ کی فتح کا پھر کہتے تھے چھوڑ دو اسکو اور اسکی قوم کو پس تحقیق وہ اگر غالب آیا

عليهم فهو نبي صادق فلما كانت وقعة الفتح بادر كل قوم بإسلامهم وبدر أبي قومي بإسلامهم فلما قدم

اُن پر تو وہ نبی ہے سچا پھر جب ہوئی حضرت کو فتح مکہ کی جلدی کی ہر قوم نے اپنے مسلمان ہونے میں اور جلدی کی میرے باپ نے میری قوم سے پہلے مسلمان ہونے میں پھر جب پھر آیا

قال جئتكم والله من عند النبي حقا فقال صلوا صلوة كذا في حين كذا وصلوة كذا في حين كذا فإذا حضرت الصلوة

کہا کہ آیا ہوں میں تمہارے پاس قسم ہے اللہ کی سچے نبی کے پاس سے پھر فرمایا نبی نے کہ نماز پڑھو ایسی ایسے وقت میں اور نماز پڑھو ایسی ایسے وقت میں پھر جب آوے وقت نماز کا

فليؤذن أحدكم وليؤمكم أكثركم قرآنا فنظروا فلم يكن أحد أكثر قرآنا مني لما كنت أتلقى من الركبان فقدموني بين

پس چاہئے کہ اذان کہے ایک تمہارا اور امام ہو تمہارا زیادہ جاننے والا قرآن کا ۔ پس پھر دیکھا قوم نے تو نہ تھا کوئی بہت جاننے والا قرآن کا مجھ سے اس سے کہ تھا میں سیکھتا سواروں سے پھر آگے کیا مجھکو

ايديهم وانا ابن ست او سبع سنين وكانت علي بردة كنت اذا سجدت تقلصت عني فقالت امراة من الحي الا تغطون عنا است

اپنے اور میں تھا بیٹا چھ یا سات برس کا اور تھی مجھ پر ایک چادر تھا میں جب سجدہ کرتا سمٹ جاتی تھی مجھ سے بولی ایک عورت نے محلہ کی کیا نہیں چھپاتے ہو تم سرین

قارئكم فاشتروا فقطعوا لي قميصا فما فرحت بشيء فرحي بذلك القميص رواه البخاري وعن ابن عمر قال لما قدم المهاجرون

اپنے قاری کا پھر خرید کیا اور قطع کیا میرے لئے کرتا پھر نہ خوش ہوا میں کسی چیز سے مثل خوش ہونے پہننے کے اس کرتے سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا جب آئے پہلے مہاجر

الاولون المدينة كان يؤمهم سالم مولى ابي حذيفة وفيهم عمر وابو سلمة بن عبد الاسد رواه البخاري وعن ابن

مدینے میں تھے امامت کرتے انکی سالم غلام آزاد کئے ابی حذیفہ کے اور ان میں عمر اور ابو سلمہ ابن عبد الاسد تھے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن

عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلثة لا ترفع لهم صلوتهم فوق رءوسهم شبرا رجل ام قوما وهم له كارهون

عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ہیں کہ نہیں بلند کی جاتی ان کے لئے انکی نماز انکے سروں سے اوپر ایک بالشت ایک مرد جو امام ہوا قوم کا اور وہ اس سے ناخوش ہیں

وامراة باتت وزوجها عليها ساخط واخوان متصارمان رواه ابن ماجه باب ما على الامام الفصل الاول عن

اور ایک عورت کہ رات گذاری اور خاوند اس کا غضبناک ہو اور دو مسلمان بھائی کہ کاٹنے والے ہوں آپس میں اسلام کا تعلق روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے باب بیان میں اس چیز کے کہ امام پر لازم ہے فصل پہلی روایت

انس قال ما صليت وراء امام قط اخف صلوة ولا اتم صلوة من النبي صلى الله عليه وسلم وان كان ليسمع بكاء الصبي فيخفف

انس سے کہا کہ نہیں نماز پڑھی میں نے پیچھے کسی امام کے کبھی بہت ہلکی نماز اور نہ بہت پوری نماز نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور تحقیق تھے حضرت سنتے رونا لڑکے کا پھر ہلکی کرتے

مخافة ان تفتن امه متفق عليه وعن ابي قتادة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اني لادخل في الصلوة وانا اريد

ڈر سے اس بات کے کہ فتنہ میں پڑ جاوے ماں اسکی ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق میں داخل ہوتا ہوں نماز میں اور میں ارادہ کرتا ہوں

اطالتها فاسمع بكاء الصبي فاتجوز في صلوتي مما اعلم من شدة وجد امه من بكائه رواه البخاري وعن ابي هريرة قال

دراز کرنے نماز کا پھر سنتا ہوں رونا لڑکے کا پھر کم کرتا ہوں اپنی نماز میں اس سبب سے کہ میں جانتا ہوں سختی فکر اسکی ماں کی اسکے رونے سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا صلى احدكم للناس فليخفف فان فيهم السقيم والضعيف والكبير واذا صلى احدكم لنفسه

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نماز پڑھاوے ایک تمہارا لوگوں کو پس چاہئے کہ ہلکی کرے پس تحقیق انمیں بیمار ہیں اور کمزور ہیں اور بڈھے ہیں اور جب نماز پڑھے ایک تمہارا اکیلا

فليطول ما شاء متفق عليه وعن قيس بن ابي حازم قال اخبرني ابو مسعود ان رجلا قال والله يا رسول الله اني لاتأخر

پس چاہئے کہ طول کرے جسقدر چاہے ۔ ق ۔ اور روایت ہے قیس ابن ابی حازم سے کہا خبر دی مجھکو ابو مسعود نے کہ تحقیق ایک شخص نے کہا قسم ہے اللہ کی یا رسول اللہ تحقیق میں پیچھے رہجاتا ہوں

عن صلوة الغداة من اجل فلان مما يطيل بنا فما رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم في موعظة اشد غضبا منه يومئذ

صبح کی نماز سے بسبب فلانے کے اس سبب سے کہ طول قراءت کرتا ہے ساتھ ہمارے پس نہ دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی وعظ کرنے میں بہت زیادہ غصہ میں ان کے اس دن سے

ثم قال ان منكم منفرين فايكم ما صلى بالناس فليتجوز فان فيهم الضعيف والكبير وذا الحاجة متفق عليه وعن

پھر فرمایا تحقیق بعضے تم میں سے بھگانے والے ہیں پس جو کوئی تم میں سے نماز پڑھاوے لوگوں کو پس چاہئے کہ ہلکی کرے پس تحقیق انمیں کمزور اور بڈھے اور حاجت والے ہیں ۔ ق ۔ اور روایت ہے

ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلون لكم فان اصابوا فلكم وان اخطاوا فلكم وعليهم رواه البخاري

ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھتے ہیں امام لوگ تمہارے واسطے پس اگر ٹھیک ادا کیا تو تمہارے واسطے ثواب ہے اور اگر چوک گئے تو بھی تمہارے واسطے ثواب ہے اور ان پر وبال ہے روایت کیا اسکو بخاری نے

وهذا الباب خال عن الفصل الثاني الفصل الثالث عن عثمان بن ابي العاص قال اخر ما عهد الي رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور یہ باب خالی ہے دوسری فصل سے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے عثمان ابن ابی العاص سے کہا کہ آخر جو عہد کیا مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

إذا أممت قوما فأخف بهم الصلوة رواه مسلم وفي رواية له أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال له أم قومك قال

کہ جب امامت کرے تو کسی قوم کی پھر ہلکی پڑھا اُن کے ساتھ نماز روایت کیا اسکو مسلم نے اور ایک روایت میں مسلم کی یہ ہے کہ تحقیق رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسکو امامت کر اپنی قوم کی کہا

قلت يا رسول الله إني أجد في نفسي شيئا قال ادنه فأجلسني بين يديه ثم وضع كفه في صدري بين ثديي ثم قال

کہ کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق میں پاتا ہوں اپنے دل میں کچھ فرمایا نزدیک آ پھر بٹھایا مجھکو اپنے آگے پھر رکھا اپنا ہاتھ میرے سینے پر دونو چھاتی کے بیچ میں پھر فرمایا

تحول فوضعها في ظهري بين كتفي ثم قال أم قومك فمن أم قوما فليخفف فإن فيهم الكبير وإن فيهم المريض وإن

پھر بیٹھ پھر رکھا اپنا ہاتھ میری پیٹھ پر دونوں مونڈھوں کے درمیان اور فرمایا امامت کر اپنے قوم کی پھر جو شخص امامت کرے کسی قوم کی پھر چاہیے کہ ہلکی کرے اسواسطے کہ اُن میں بڈھے ہیں اور تحقیق اُن میں بیمار ہیں اور تحقیق

فيهم الضعيف وإن فيهم ذا الحاجة فإذا صلى أحدكم وحده فليصل كيف شاء وعن ابن عمر قال كان رسول الله صلى

اُن میں کمزور ہیں اور تحقیق اُن میں حاجت والے ہیں پھر جب نماز پڑھے کوئی تمھارا اکیلے پھر چاہیے کہ نماز پڑھے جس طرح چاہے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلے

الله عليه وسلم يأمرنا بالتخفيف ويؤمنا بالصافات رواه النسائي

باب ما على المأموم من المتابعة وحكم المسبوق

الفصل الأول

اللہ علیہ وسلم حکم کرتے ہمکو ہلکی نماز پڑھنے کا اور حضرت امامت کرتے ہماری صافات سے روایت کیا اسکو نسائی نے ۔ یہ باب بیان میں اس چیز کے کہ لازم ہے مقتدی پر امام کی تابعداری سے اور مسبوق کے حکم کا

عن البراء بن عازب قال كنا نصلي خلف رسول الله صلى الله عليه وسلم فإذا قال سمع الله لمن حمده لم يحن أحد منا ظهره حتى يضع

پہلی ۔ روایت ہے براء ابن عازب سے کہا کہ تھے ہم نماز پڑھتے پیچھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر جب کہتے سمع اللہ لمن حمدہ نہ خم کرتا ہم میں سے کوئی اپنی پیٹھ کو یہانتک کہ رکھتے

النبي صلى الله عليه وسلم جبهته على الأرض متفق عليه وعن أنس قال صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات يوم فلما قضى صلوته

نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی پیشانی کو زمین پر ۔ ق ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ نماز پڑھی ہمارے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن پھر جب پڑھ چکے اپنی نماز

أقبل علينا بوجهه فقال أيها الناس إني إمامكم فلا تسبقوني بالركوع ولا بالسجود ولا بالقيام ولا بالانصراف فإني أراكم أمامي

متوجہ ہوئے ہم پر اپنے منہہ سے اور فرمایا اے لوگو بیشک میں ہوں امام تمھارا پھر مت پہلی کرو رکوع اور نہ سجدہ اور نہ قیام اور نہ سلام پھیرنا پھر بیشک میں دیکھتا ہوں تمکو اپنے آگے

ومن خلفي رواه مسلم وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تبادروا الإمام إذا كبر فكبروا وإذا قال ولا

اور پیچھے سے روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ جلدی کرو امام سے جب تکبیر کہے امام پھر تکبیر کہو تم اور جب کہے ولا

الضالين فقولوا آمين وإذا ركع فاركعوا وإذا قال سمع الله لمن حمده فقولوا اللهم ربنا لك الحمد متفق عليه إلا أن البخاري لم يذكر

الضالین تب کہو تم آمین اور جب رکوع کرے تب رکوع کرو اور جب کہے سمع اللہ لمن حمدہ تب کہو تم اللهم ربنا لك الحمد ۔ ق ۔ مگر تحقیق بخاری نے نہ ذکر کیا

وإذا قال ولا الضالين وعن أنس أن رسول الله صلى الله عليه وسلم ركب فرسا فصرع عنه فجحش شقه الأيمن فصلى صلوة

واذا قال ولا الضالین ۔ اور روایت ہے انس سے یہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے گھوڑے پر پھر گرائے گئے اُس سے پھر چھل گیا اُن کے داہنی طرف تب نماز پڑھی

من الصلوات وهو قاعد فصلينا وراءه قعودا فلما انصرف قال إنما جعل الإمام ليؤتم به فإذا صلى قائما فصلوا قياما

نمازوں میں سے ایک نماز اور تھے بیٹھے ہوئے پھر نماز پڑھی ہم لوگوں نے بھی پیچھے حضرت کے بیٹھے ہوئے پھر جب فارغ ہوئے نماز سے فرمایا سواے اسکے نہیں مقرر کیا گیا ہے امام تاکہ تابعداری کی جاوے اسکی پھر جب نماز پڑھے کھڑے ہو کر تب نماز پڑھو کھڑے ہو کر

وإذا ركع فاركعوا وإذا رفع فارفعوا وإذا قال سمع الله لمن حمده فقولوا ربنا لك الحمد وإذا سجد فاسجدوا وإذا صلى جالسا

اور جب رکوع کرے تب رکوع کرو اور جب سر اٹھاوے تب سر اٹھاو اور جب کہے سمع اللہ لمن حمدہ تب کہو تم ربنا لک الحمد اور جب سجدہ کرے تب سجدہ کرو اور جب نماز پڑھے بیٹھ کر

فصلوا جلوسا أجمعون قال الحميدي قوله إذا صلى جالسا فصلوا جلوسا هو في مرضه القديم ثم صلى بعد ذلك النبي

تب نماز پڑھو بیٹھ کر سب مقتدی کہا حمیدی نے کہ فرمانا حضرت کا یہ کہ جب نماز پڑھے بیٹھ کر تب نماز پڑھو بیٹھ کر یہ تھا بیچ بیماری پہلی کے پھر نماز پڑھی بعد اسکے نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا وَالنَّاسُ خَلْفَهُ قِيَامٌ لَمْ يَأْمُرْهُمْ بِالْقُعُوْدِ وَإِنَّمَا يُؤْخَذُ بِالْآخِرِ فَالْآخِرِ مِنْ فِعْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا

صلی اللہ علیہ وسلم نے بیٹھ کر اور لوگ اُن کے پیچھے کھڑے تھے نہ حکم کیا ان کو بیٹھنے کا اور سوا اسکے نہیں کہ عمل کیا جاتا ہے پچھلے فعل پر پھر اس سے پچھلے فعل پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ

لَفْظُ الْبُخَارِيِّ وَاتَّفَقَ مُسْلِمٌ إِلَى أَجْمَعُوْنَ وَزَادَ فِيْ رِوَايَةٍ فَلَا تَخْتَلِفُوْا عَلَيْهِ وَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا ثَقُلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

لفظ بخاری کا ہے اور موافقت کی مسلم نے بخاری کی اجمعون تک اور زیادہ کیا مسلم نے ایک روایت میں پھر نہ اختلاف کرو امام پر اور جب سجدہ کرے سجدہ کرو، اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ جب بھاری ہو رسول

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ بِلَالٌ يُؤْذِنُهُ بِالصَّلٰوةِ فَقَالَ مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ أَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّاسِ فَصَلّٰى أَبُوْ بَكْرٍ تِلْكَ الْأَيَّامَ ثُمَّ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

صلی اللہ علیہ وسلم ف آئے بلال کہ خبر دیتے تھے انکو نماز کی پس فرمایا حکم کرو ابوبکر کو کہ نماز پڑھاوے لوگوں کو پھر نماز پڑھائی ابوبکر نے ان دنوں میں پھر تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

وَجَدَ فِيْ نَفْسِهِ خِفَّةً فَقَامَ يُهَادٰى بَيْنَ رَجُلَيْنِ وَرِجْلَاهُ تَخُطَّانِ فِي الْأَرْضِ حَتّٰى دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَلَمَّا سَمِعَ أَبُوْ بَكْرٍ حِسَّهُ ذَهَبَ يَتَأَخَّرُ

اپنی طبیعت میں تخفیف پھر کھڑے ہو چلائے جاتے تھے درمیان دو مردوں کے ت اور دونوں پاؤں ان کے خط کھینچتے تھے زمین میں یہاں تک کہ داخل ہوئے مسجد میں پھر جب سنا ابوبکر نے آہٹ انکی لگے پیچھے ہٹنے

فَأَوْمٰى إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا يَتَأَخَّرَ فَجَاءَ حَتّٰى جَلَسَ عَنْ يَسَارِ أَبِيْ بَكْرٍ فَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ يُصَلِّيْ قَائِمًا وَكَانَ رَسُوْلُ

تب اشارہ کیا ابوبکر کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ پیچھے ہٹیں پھر آئے حضرت یہاں تک کہ بیٹھے ابوبکر کے بائیں پھر تھے ابوبکر نماز پڑھتے کھڑے ہوئے اور تھے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ قَاعِدًا يَقْتَدِيْ أَبُوْ بَكْرٍ بِصَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ يَقْتَدُوْنَ بِصَلٰوةِ أَبِيْ بَكْرٍ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے بیٹھے ہوئے اقتدا کرتے تھے ابوبکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی اور لوگ اقتدا کرتے تھے ابوبکر کی نماز کی مت

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهُمَا يُسْمِعُ أَبُوْ بَكْرٍ النَّاسَ التَّكْبِيْرَ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَا يَخْشَى

ق، اور ایک روایت میں بخاری مسلم کی یہ ہے کہ سناتے تھے ابوبکر لوگوں کو تکبیر، اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہیں ڈرتا

الَّذِيْ يَرْفَعُ رَأْسَهُ قَبْلَ الْإِمَامِ أَنْ يُحَوِّلَ اللّٰهُ رَأْسَهُ رَأْسَ حِمَارٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

وہ شخص کہ اٹھاتا ہے اپنا سر پہلے امام کے اس سے کہ بدل ڈالے اللہ اسکا سر گدھے کے، ق،

الْفَصْلُ الثَّانِيْ

فصل دوسری،

عَنْ عَلِيٍّ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتٰى أَحَدُكُمُ الصَّلٰوةَ وَالْإِمَامُ عَلٰى حَالٍ فَلْيَصْنَعْ كَمَا يَصْنَعُ الْإِمَامُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ

روایت ہے علی اور معاذ ابن جبل سے دونوں نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آوے ایک تمہارا نماز کو اور امام ہو کسی حال میں ت پھر چاہئے کہ کرے جیسا کہ کرتا ہے امام روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا

هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا جِئْتُمْ إِلَى الصَّلٰوةِ وَنَحْنُ سُجُوْدٌ فَاسْجُدُوْا وَلَا تَعُدُّوْهُ

کہ یہ حدیث غریب ہے، اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آؤ تم نماز کو اور رہیں ہم سجدہ کرنے والا پھر سجدہ کرو تم اور نہ گنو

شَيْئًا وَمَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً فَقَدْ أَدْرَكَ الصَّلٰوةَ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى لِلّٰهِ أَرْبَعِيْنَ

کچھ ف اور جس شخص نے پایا رکوع پھر بیشک پایا نماز ف روایت کیا اسکو ابو داؤد نے، اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص نماز پڑھے اللہ کے واسطے چالیس

يَوْمًا فِيْ جَمَاعَةٍ يُدْرِكُ التَّكْبِيْرَةَ الْأُوْلٰى كُتِبَتْ لَهٗ بَرَاءَتَانِ بَرَاءَةٌ مِنَ النَّارِ وَبَرَاءَةٌ مِنَ النِّفَاقِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ

دن جماعت میں اس طرح کہ پاوے پہلی تکبیر تو لکھی جاتی ہیں اسکے واسطے دو چٹھی ایک چٹھی آگ سے اور دوسری چٹھی نفاق سے روایت کیا اسکو ترمذی نے، اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ وُضُوْءَهٗ ثُمَّ رَاحَ فَوَجَدَ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا أَعْطَاهُ اللّٰهُ مِثْلَ أَجْرِ مَنْ

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے وضو کیا پھر اچھا کیا اپنا وضو پھر گیا مسجد کو اور پایا لوگوں کو کہ تحقیق نماز پڑھ چکے ہیں دیتا ہے اسکو اللہ مانند ثواب اس

صَلَّاهَا وَحَضَرَهَا لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ أُجُوْرِهِمْ شَيْئًا رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ قَالَ جَاءَ

کے جس نے پڑھی اور حاضر ہوا اسمیں نہیں کم کرتا یہ ثواب ملنا اُن کے ثواب میں سے کچھ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے، اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ آیا

رجل وقد صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال الا رجل يتصدق على هذا فيصلي معه فقام رجل فصلى معه رواه الترمذي وابو داود

ایک شخص اور تحقیق نماز پڑھ چکے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تب فرمایا کیا نہیں ہے کوئی شخص کہ صدقہ دے اسکو یعنی نماز پڑھے اسکے ساتھ تب کھڑا ہوا ایک شخص اور نماز پڑھی ساتھ اسکے

الفصل الثالث

عن عبيد الله بن عبد الله قال دخلت على عائشة فقلت الا تحدثيني عن مرض رسول الله صلى الله عليه وسلم

فصل تیسری روایت ہے عبید اللہ ابن عبد اللہ سے کہا گیا میں حضرت عائشہ کے پاس پھر کہا میں نے کیا خبر نہیں دیتی ہو مجھکو بیماری سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی

قالت بلى ثقل النبي صلى الله عليه وسلم فقال اصلى الناس فقلنا لا يا رسول الله وهم ينتظرونك فقال ضعوا لي ماء في المخضب قالت ففعلنا

فرمایا کیوں نہ خبر دونگی واسطے بیمار ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تب فرمایا کیا نماز پڑھ چکے لوگ پھر کہا ہم نے نہیں یا رسول اللہ وے لوگ انتظار کرتے ہیں آپکا تب فرمایا رکھو میرے واسطے پانی لگن میں کہا عائشہ نے پھر ہم نے

فاغتسل فذهب لينوء فاغمي عليه ثم افاق فقال اصلى الناس قلنا لا هم ينتظرونك يا رسول الله قال ضعوا لي ماء في المخضب قالت فقعد

پھر غسل کیا پھر ارادہ کیا کہ اٹھیں پھر بیہوشی ہوئی ان پر پھر ہوش میں آئے اور فرمایا کیا نماز پڑھ چکے لوگ کہا ہم نے نہیں وے لوگ انتظار کرتے ہیں آپکا یا رسول اللہ فرمایا رکھو میرے واسطے پانی لگن میں کہا عائشہ نے

فاغتسل ثم ذهب لينوء فاغمي عليه ثم افاق فقال اصلى الناس قلنا لا هم ينتظرونك يا رسول الله قال ضعوا لي ماء في المخضب قالت

اور غسل کیا پھر ارادہ کیا کہ اٹھیں پھر بیہوشی ہوئی ان پر پھر ہوش میں آئے اور فرمایا کیا نماز پڑھ چکے لوگ کہا ہم نے نہیں وے لوگ انتظار کرتے ہیں آپکی یا رسول اللہ فرمایا رکھو میرے واسطے پانی لگن میں کہا عائشہ نے

فقعد فاغتسل ثم ذهب لينوء فاغمي عليه ثم افاق فقال اصلى الناس قلنا لا هم ينتظرونك يا رسول الله والناس عكوف في المسجد ينتظرون

پھر بیٹھے اور غسل کیا پھر ارادہ کیا کہ اٹھیں پھر بیہوشی ہوئی ان پر پھر ہوش میں آئے اور فرمایا کیا نماز پڑھ چکے لوگ کہا ہم نے نہیں وے لوگ انتظار کرتے ہیں آپکی یا رسول اللہ اور لوگ ٹھہرے تھے مسجد میں انتظار کرتے تھے

النبي صلى الله عليه وسلم لصلوٰة العشاء الآخرة فارسل النبي صلى الله عليه وسلم الى ابي بكر بان يصلي بالناس فاتاه الرسول فقال ان

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عشا کی نماز کے واسطے تب کسی کو بھیجا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو بکر کے پاس اسواسطے کہ نماز پڑھاوے لوگوں کو پھر آیا ابو بکر پاس قاصد اور کہا کہ

رسول الله صلى الله عليه وسلم يامرك ان تصلي بالناس فقال ابو بكر وكان رجلا رقيقا يا عمر صل بالناس فقال له عمر انت احق بذلك

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم کرتے ہیں تمکو کہ نماز پڑھاؤ لوگوں کو تب کہا ابو بکر نے اور وہ مرد نرم دل تھے اے عمر نماز پڑھاؤ لوگوں کو تب کہا انسے عمر نے تم لائق زیادہ ہو

فصلى ابو بكر تلك الايام ثم ان النبي صلى الله عليه وسلم وجد في نفسه خفة وخرج بين رجلين احدهما العباس لصلوٰة الظهر

تب نماز پڑھائی ابو بکر نے ان دنوں میں یعنی سترہ دن پھر تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پائی اپنی مزاج میں تخفیف اور نکلے دو شخصوں کو ٹیک کے لیکر ان دونوں میں سے ایک عباس تھے ظہر کی نماز کو

وابو بكر يصلي بالناس فلما رآه ابو بكر ذهب ليتاخر فاومى اليه النبي صلى الله عليه وسلم بان لا يتاخر قال اجلساني الى جنبه فاجلساه الى

اور ابو بکر نماز پڑھاتے تھے لوگوں کو پھر جب دیکھا حضرت کو ابو بکر نے ارادہ کیا کہ پیچھے ہٹیں تب اشارہ کیا انکی طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پیچھے نہ ہٹیں فرمایا کہ مجھکو بٹھاؤ ابو بکر کے پہلو میں پھر دونوں نے بٹھایا انکو

جنب ابي بكر والنبي صلى الله عليه وسلم قاعد قال عبيد الله فدخلت على عبد الله ابن عباس فقلت له الا اعرض عليك ما حدثتني

ابو بکر کے پہلو میں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے کہا عبید اللہ نے پھر آیا میں عبد اللہ ابن عباس پاس اور کہا میں نے انسے کیا نہ بیان کروں تم سے وہ حدیث کہ بیان کی

عائشة عن مرض رسول الله صلى الله عليه وسلم قال هات فعرضت عليه حديثها فما انكر منه شيئا غير انه قال اسمت لك

عائشہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کے احوال سے انہوں نے کہا دو پس بیان کیا میں نے ان سے عائشہ کی حدیث پھر انکار کیا اس میں سے کسی بات کو مگر اتنا بولے کہ بھلا نام لیا تجھسے عائشہ نے

الرجل الذي كان مع العباس قلت لا قال هو علي متفق عليه وعن ابي هريرة انه كان يقول من ادرك الركعة فقد ادرك السجدة

اس مرد کا جو تھا عباس کے ساتھ میں نے کہا نہیں کہا وہ علی تھے ق اور روایت ہے ابی ہریرہ سے تحقیق وہ کہتے تھے جسنے پایا رکوع پھر تحقیق پائی رکعت

ومن فاتته قراءة ام القرآن فقد فاته خير كثير رواه مالك وعنه انه قال الذي يرفع راسه ويخفضه قبل

اور جو شخص کہ چھوٹ گئی اس سے قراءت الحمد کی پھر تحقیق چھوٹ گئی اس سے بہت نیکی روایت کیا اسکو مالک نے اور روایت ہے اسی سے کہ تحقیق انہوں نے کہا کہ جو شخص اٹھاتا ہے اپنا سر اور جھکاتا ہے اسکو قبل

الامام فانما ناصيته بيد الشيطان رواه مالك ۔ باب من صلى صلوة مرتين ۔ الفصل الاول عن جابر قال

امام کے پھر سوا اسکے نہیں کہ اسکی پیشانی کا بال شیطان کے ہاتھ میں ہے روایت کیا اسکو مالک نے ۔ باب بیچ بیان اس شخص کے کہ نماز پڑھے دوبارہ ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے جابر سے کہا

كان معاذ بن جبل يصلي مع النبي صلى الله عليه وسلم ثم يأتي قومه فيصلي بهم متفق عليه وعنه قال كان معاذ بن جبل

کہ تھے معاذ ابن جبل نماز پڑھتے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر آتے اپنی قوم پاس اور نماز پڑھواتے انکو ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ تھے معاذ ابن جبل

يصلي مع النبي صلى الله عليه وسلم العشاء ثم يرجع الى قومه فيصلي بهم العشاء وهي له نافلة رواه البيهقي والدارقطني

نماز پڑھتے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عشاکی پھر آتے اپنے قوم پاس اور نماز پڑھواتے انکو عشاکی اور وہ ان کے واسطے نفل ہوتی روایت کیا اسکو بیہقی اور دارقطنی نے

الفصل الثاني عن يزيد بن الاسود قال شهدت مع النبي صلى الله عليه وسلم حجته فصليت معه صلوة الصبح في مسجد

فصل دوسری ۔ روایت ہے یزید ابن اسود سے کہا کہ حاضر ہوا میں ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ان کے حج میں پھر پڑھی میں نے ان کے ساتھ صبح کی نماز

الخيف فلما قضى صلوته وانحرف فاذا هو برجلين في اخر القوم لم يصليا معه قال علي بهما فجيء بهما ترعد

مسجد خیف میں پس جب تمام کی حضرت نے اپنی نماز اور پھرے پھر ناگاہ حضرت جا پڑے دو شخص پاس جو آخر جماعت میں تھے کہ نہ نماز پڑھی تھی حضرت کے ساتھ فرمایا لاؤ انکو میرے پاس پھر لائے گئے دونوں کانپتا تھا

فرائصهما فقال ما منعكما ان تصليا معنا فقالا يا رسول الله انا كنا قد صلينا في رحالنا قال فلا تفعلا اذا

ان کے پہلو کا گوشت فرمایا کس چیز نے منع کیا تمکو کہ نماز پڑھو ہمارے ساتھ تب دونوں نے کہا یا رسول اللہ تحقیق ہم نے نماز پڑھا تھا اپنے مکان میں فرمایا پھر مکرو جب کہ

صليتما في رحالكما ثم اتيتما مسجد جماعة فصليا معهم فانها لكما نافلة رواه الترمذي وابو داود والنسائي

پڑھ چکو نماز اپنے مکانوں میں پھر آؤ جماعت کی مسجد میں پھر نماز پڑھو ان کے ساتھ پھر تحقیق یہ نماز تمہارے واسطے نفل ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود اور نسائی نے

الفصل الثالث عن بسر بن محجن عن ابيه انه كان في مجلس مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فاذن بالصلوة فقام

فصل تیسری ۔ روایت ہے بسر ابن محجن سے اسنے روایت کیا اپنے باپ سے بیشک وہ تھا مجلس میں ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر اذان دی گئی نماز کے واسطے تب کھڑے ہوئے

رسول الله صلى الله عليه وسلم فصلى ورجع ومحجن في مجلسه فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم ما منعك ان تصلي

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر نماز پڑھی اور پھرے اور محجن یعنے بیٹھا رہ گیا اپنی جگہ تب فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس چیز نے منع کیا تجھکو نماز پڑھنے سے

مع الناس الست برجل مسلم فقال بلى يا رسول الله ولكني كنت قد صليت في اهلي فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم

ساتھ لوگوں کے کیا نہیں ہے تو مرد مسلمان کہا ہاں میں تو مسلمان ہوں یا رسول اللہ ولیکن تحقیق میں نے نماز پڑھی تھی اپنے گھروالوں میں تب فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

اذا جئت المسجد وكنت قد صليت فاقيمت الصلوة فصل مع الناس وان كنت قد صليت رواه مالك والنسائي وعن

جب آوے تو مسجد میں اور تو بیشک نماز پڑھ چکا ہو اور اقامت کہی جاوے نماز تو پڑھ لوگوں کے ساتھ اگرچہ تو نماز پڑھ چکا ہو روایت کیا اسکو مالک اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے

رجل من اسد بن خزيمة انه سال ابا ايوب الانصاري فقال يصلي احدنا في منزله الصلوة ثم ياتي المسجد وتقام الصلوة

ایک مرد سے جو اسد ابن خزیمہ کی قوم سے تھا کہ بیشک اسنے پوچھا ابو ایوب انصاری سے کہا کہ پڑھتا ہے ایک ہم میں کا اپنے مکان میں نماز پھر آتا ہے مسجد میں اور اقامت کہی جاتی ہے نماز

فاصلي معهم فاجد في نفسي شيئا من ذلك فقال ابو ايوب سالنا عن ذلك النبي صلى الله عليه وسلم قال فذلك له سهم

پھر نماز پڑھتا ہوں ان کے ساتھ پھر پاتا ہوں اپنے دل میں کچھ وسواس اس سے تب کہا ابو ایوب نے پوچھا ہم نے یہ حال نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا پھر یہ ہے اسکے لئے حصہ ثواب

جمع رواه مالك وابو داود وعن يزيد بن عامر قال جئت رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو في الصلوة فجلست

جماعت کا ہے روایت کیا اسکو مالک اور ابوداود نے ۔ اور روایت ہے یزید ابن عامر سے کہا کہ آیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور وہ نماز میں تھے پھر بیٹھا میں

ولم ادخل معهم في الصلوة فلما انصرف رسول الله صلى الله عليه وسلم رأني جالسا فقال الم تسلم يا يزيد قلت

اور نہ داخل ہوا اُن کے ساتھ نماز میں پھر جب فارغ ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دیکھا مجھکو بیٹھا ہوا تب فرمایا کیا مسلمان نہیں ہوا تو ای یزید میں نے کہا

بلى يا رسول الله قد اسلمت قال وما منعك ان تدخل مع الناس في صلوتهم قال اني كنت قد صليت في منزلي احسب

کیوں نہ مسلمان ہوا یا رسول اللہ تحقیق اسلام لایا ہوں فرمایا اور کس چیز نے منع کیا تجھکو کہ داخل ہو لوگوں کے ساتھ انکی نماز میں کہا بیشک تھا میں نماز پڑھ چکا اپنے مکان میں خیال کیا میں نے

ان قد صليتم فقال اذا جئت الصلوة فوجدت الناس فصل معهم وان كنت قد صليت تكن لك نافلة وهذه

کہ تحقیق تم لوگ نماز پڑھ چکے تب فرمایا جب آوے تو نماز کو پھر پاوے لوگوں کو ف تو نماز پڑھ اُن کے ساتھ اگرچہ ہووے تو بیشک پڑھ چکا ہوگی یہ نماز تیرے لئے نفل اور وہ ہو گی نماز

مكتوبة رواه ابوداود وعن ابن عمر ان رجلا ساله فقال اني اصلي في بيتي ثم ادرك الصلوة في المسجد مع

فرض روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ٭ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق ایک مرد نے پوچھا اُس سے پھر کہا بیشک میں نماز پڑھتا ہوں اپنے گھر میں پھر پاتا ہوں نماز مسجد میں

الامام افاصلي معه قال له نعم قال الرجل ايتهما اجعل صلوتي قال ابن عمر وذلك اليك انما ذلك الى الله عز وجل

امام کے ساتھ پھر کیا نماز پڑھوں اسکے ساتھ کہا اسکو ہاں کہا اس مرد نے کہ کونسی دونوں نماز سے ٹھہراؤں اپنی نماز ف کہا ابن عمر نے اور یہ تجھکو اختیار نہیں ہے اسکا نہیں ہے یہ مگر اللہ عزوجل کے اختیار میں

يجعل ايتهما شاء رواه مالك وعن سليمان مولى ميمونة قال اتينا ابن عمر على البلاط وهم يصلون فقلت

فرض ٹھہرادے دونوں میں جسکو چاہے روایت کیا اسکو مالک نے ٭ اور روایت ہے سلیمان سے غلام آزاد کئے ہوئے میمونہ کے کہا آئے ہم ابن عمر کے پاس بلاط پر ف اور لوگ نماز پڑھتے تھے میں نے کہا

الا تصلي معهم قال قد صليت واني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا تصلوا صلوة في يوم مرتين

کیا نماز نہیں پڑھتا تو اُن کے ساتھ کہا تحقیق نماز پڑھ چکا ہوں اور بیشک میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے نہ نماز پڑھو ایک نماز کو ایک دن میں دوبار ف

رواه احمد وابوداود والنسائي وعن نافع قال ان عبد الله بن عمر كان يقول من صلى المغرب او الصبح ثم ادركهما

روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور نسائی نے ٭ اور روایت ہے نافع سے کہا کہ تحقیق عبداللہ ابن عمر تھے کہتے جو شخص کہ نماز پڑھے مغرب اور صبح کی پھر پاوے ان دونوں کو

مع الامام فلا يعد لهما رواه مالك

امام کے ساتھ پھر نہ دہراوے ان دونوں کو روایت کیا اسکو مالک نے ٭

باب السنن وفضائلها

الفصل الاول

یہہ باب ہے بیان میں سنتوں کے اور انکی فضیلت کے ٭ فصل پہلی

عن ام حبيبة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى في يوم وليلة ثنتي عشرة ركعة بنى له بيت في الجنة اربعا قبل الظهر وركعتين بعدها

روایت ہے ام حبیبہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص نماز پڑھے ایک دن رات میں بارہ رکعت بنایا جاوے اسکے لئے ایک گھر بہشت میں چار رکعت قبل ظہر کے اور دو رکعت اسکے بعد

وركعتين بعد المغرب وركعتين بعد العشاء وركعتين قبل صلوة الفجر رواه الترمذي وفي رواية لمسلم انها قالت

اور دو رکعت بعد مغرب کے اور دو رکعت عشا کے بعد اور دو رکعت فجر کی نماز کے پہلے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور ایک روایت میں مسلم کی یہہ کہ ام حبیبہ نے

سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ما من عبد مسلم يصلي لله كل يوم ثنتي عشرة ركعة تطوعا غير فريضة

سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے نہیں ہے کوئی بندہ مسلمان کہ نماز پڑھتا ہے اللہ کے واسطے ہر روز بارہ رکعت نفل سوائے فرض کے

الا بنى الله له بيتا في الجنة او الا بني له بيت في الجنة وعن ابن عمر قال صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم

مگر بناتا ہے اللہ اسکے لئے ایک گھر بہشت میں یا فرمایا مگر بنایا جاتا ہے اسکے لئے ایک گھر بہشت میں ٭ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ نماز پڑھی میں نے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ركعتين قبل الظهر وركعتين بعدها وركعتين بعد المغرب في بيته وركعتين بعد العشاء في بيته قال وحدثتني

اور دو رکعت قبل ظہر کے اور دو رکعت اسکے بعد اور دو رکعت بعد مغرب کے ان کے گھر میں اور دو رکعت بعد عشا کے انکے گھر میں کہا ابن عمر نے اور خبر دی مجھکو

حفصة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يصلي ركعتين خفيفتين حين يطلع الفجر متفق عليه وعنه قال كان

حفصہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے نماز پڑھتے دو رکعت ہلکی جس وقت نکلتا فجر ق اور روایت ہے اسی سے کہا کہ تھے

رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يصلي بعد الجمعة حتى ينصرف فيصلي ركعتين في بيته متفق عليه وعن عبد الله بن

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہ نماز پڑھتے بعد جمعہ کے یہاں تک کہ پھرتے نماز سے اور نماز پڑھتے دو رکعت اپنے گھر میں ق اور روایت ہے عبد اللہ ابن

شقيق قال سألت عائشة عن صلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم عن تطوعه فقالت كان يصلي في بيتي قبل الظهر أربعا

شقیق سے کہا کہ پوچھا میں نے حضرت عائشہ سے احوال نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انکی نفلوں سے تب کہا کہ تھے نماز پڑھتے میرے گھر میں قبل ظہر کے چار رکعت

ثم يخرج فيصلي بالناس ثم يدخل فيصلي ركعتين وكان يصلي بالناس المغرب ثم يدخل فيصلي ركعتين ثم يصلي بالناس العشاء

پھر نکلتے اور نماز پڑھواتے لوگوں کو پھر گھر میں آتے اور نماز پڑھتے دو رکعت اور تھے نماز پڑھواتے لوگوں کو مغرب کی پھر گھر میں آتے اور پڑھتے دو رکعت پھر نماز پڑھواتے لوگوں کو عشاء کی

ويدخل بيتي فيصلي ركعتين وكان يصلي من الليل تسع ركعات فيهن الوتر وكان يصلي ليلا طويلا قائما وليلا طويلا قاعدا

اور تشریف لاتے میرے گھر میں پھر پڑھتے دو رکعت اور تھے نماز پڑھتے رات کو نو رکعتیں ان میں وتر بھی ہوتی اور تھے نماز پڑھتے رات کو دیر تک کھڑے ہوکر اور رات کو دیر تک بیٹھے ہوئے

وكان إذا قرأ وهو قائم ركع وسجد وهو قائم وإذا قرأ قاعدا ركع وسجد وهو قاعد وكان إذا طلع الفجر صلى

اور تھے جب پڑھتے قرآن کو کھڑے ہوکر رکوع اور سجدہ کرتے کھڑے ہوکر اور جب پڑھتے قرآن بیٹھ کر رکوع اور سجدہ کرتے بیٹھ کر اور تھے جب طلوع ہوتا فجر نماز پڑھتے

ركعتين رواه مسلم وزاد أبو داود ثم يخرج فيصلي بالناس صلوة الفجر وعن عائشة قالت لم يكن النبي صلى الله عليه

دو رکعت روایت کیا اس کو مسلم نے اور زیادہ کیا ابو داود نے یہ لفظ پھر باہر آتے اور نماز پڑھواتے لوگوں کو فجر کی اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ نہ تھے نبی صلی اللہ علیہ

وسلم على شيء من النوافل أشد تعاهدا منه على ركعتي الفجر متفق عليه وعنها قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

وسلم اوپر کسی چیز نفلوں سے بہت تاکید کرنے والے آپ اس طرح جیسا کہ دو رکعتوں پر فجر کے ق اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

ركعتا الفجر خير من الدنيا وما فيها رواه مسلم وعن عبد الله بن مغفل قال قال النبي صلى الله عليه وسلم صلوا قبل

دو رکعتیں فجر کی بہتر ہیں دنیا اور جو کچھ دنیا میں ہے روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن مغفل سے کہا کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھو قبل

صلوة المغرب صلوا قبل صلوة المغرب قال في الثالثة لمن شاء كراهية أن يتخذها الناس سنة متفق عليه وعن أبي هريرة

نماز مغرب کے نماز پڑھو قبل نماز مغرب کے پھر فرمایا تیسری بار واسطے اس شخص کے ہے کہ چاہے سبب مکروہ معلوم کرنے اس بات کے کہ ٹھہرا لیویں لوگ سنت ق اور روایت ہے ابی ہریرہ

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من كان منكم مصليا بعد الجمعة فليصل أربعا رواه مسلم وفي أخرى له قال إذا

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ہو تم میں سے نماز پڑھنے والا بعد جمعہ کے پھر چاہیے کہ نماز پڑھے چار رکعت روایت کیا اس کو مسلم نے اور دوسری روایت میں ہے کہ فرمایا

صلى أحدكم الجمعة فليصل بعدها أربعا

نماز پڑھے ایک تمہارا جمعہ کی پھر چاہیے کہ نماز پڑھے بعد اسکے چار رکعت

الفصل الثاني

عن أم حبيبة قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم

فصل دوسری روایت ہے ام حبیبہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

يقول من حافظ على أربع ركعات قبل الظهر وأربع بعدها حرمه الله على النار رواه أحمد والترمذي وأبو داود والنسائي

فرماتے تھے جو شخص کہ محافظت کرے چار رکعتوں پر قبل ظہر کے اور چار رکعتوں پر بعد ظہر کے حرام کرے گا اس کو اللہ دوزخ پر روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی اور ابو داود اور نسائی

وابن ماجه وعن أبي أيوب الأنصاري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أربع قبل الظهر ليس فيهن تسليم تفتح

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ایوب انصاری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار رکعتیں قبل ظہر کے کہ نہیں بیچ ان کے سلام کھولے جاتے

لهن ابواب السماء رواه ابوداؤد وابن ماجة وعن عبد الله بن السائب قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي اربعا بعد ان

ان کے واسطے دروازے آسمان کے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن سائب سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے چار رکعت بعد

تزول الشمس قبل الظهر وقال انها ساعة تفتح فيها ابواب السماء فاحب ان يصعد لي فيها عمل صالح رواه الترمذي

ڈھلنے آفتاب کے قبل ظہر کے اور فرماتے کہ تحقیق یہ ایک ساعت ہے کہ کھولے جاتے ہیں اسمیں دروازے آسمان کے پھر دوست رکھتا ہوں یہ کہ اوپر چڑھے میرے واسطے اسمیں عمل نیک روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رحم الله امرأ صلى قبل العصر اربعا رواه احمد والترمذي وابوداؤد

اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رحم کرے اللہ اس شخص پر کہ نماز پڑھے قبل عصر کے چار رکعت روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد نے

وعن علي قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي قبل العصر اربع ركعات يفصل بينهن بالتسليم على الملائكة

اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے قبل عصر کے چار رکعتیں فرق کرتے اُن میں ساتھ سلام کے فرشتے

المقربين ومن تبعهم من المسلمين والمؤمنين رواه الترمذي وعنه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي

نزدیکی پر اور جو شخص کہ تابع ہیں ان کے مسلمانوں اور مومنوں میں سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انہیں سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے

قبل العصر ركعتين رواه ابوداؤد وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى بعد المغرب ست

قبل عصر کے دو رکعتیں روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ نماز پڑھے بعد مغرب کے چھ

ركعات لم يتكلم فيما بينهن بسوء عدلن له بعبادة ثنتي عشرة سنة رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب لا نعرفه الا من

رکعتیں نہ بات کرے ان کے درمیان میں بری برابر کی جاتی ہیں اسکے لئے ساتھ عبادت بارہ برس کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر

حديث عمر بن ابي خثعم وسمعت محمد بن اسمعيل يقول هو منكر الحديث وضعفه جدا وعن عائشة قالت قال رسول الله

حدیث عمر ابن ابی خثعم سے اور سنا میں نے محمد ابن اسمعیل بخاری کو کہتے تھے کہ وہ منکر الحدیث ہے اور ضعیف کیا اسکو بخاری نے بہت اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من صلى بعد المغرب عشرين ركعة بنى الله له بيتا في الجنة رواه الترمذي وعنها قالت ما صلى رسول

صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص پڑھے بعد مغرب کے بیس رکعت بناوے اللہ اسکے لئے ایک گھر بہشت میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انہیں سے کہا کہ نہ پڑھی رسول

الله صلى الله عليه وسلم العشاء قط فدخل علي الا صلى اربع ركعات او ست ركعات رواه ابوداؤد وعن

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عشا کی کبھی پھر آئے میرے پاس مگر نماز پڑھی چار رکعتیں یا چھ رکعتیں روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے

ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ادبار النجوم الركعتان قبل الفجر وادبار السجود الركعتان بعد

ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وقت غائب ہونے ستاروں کے دو رکعتیں ہیں قبل فجر کے اور پیچھے سجدوں کے دو رکعتیں ہیں بعد

المغرب رواه الترمذي

الفصل الثالث

عن عمر قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اربع قبل الظهر بعد

مغرب کے روایت کیا اسکو ترمذی نے فصل تیسری روایت ہے حضرت عمر سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے چار رکعتیں قبل ظہر کے بعد

الزوال تحسب بمثلهن في صلوة السحر وما من شيء الا وهو يسبح الله تلك الساعة ثم قرأ يتفيؤا ظلاله عن اليمين

زوال کے حساب کی جاتی ہیں اپنے برابر یعنی چار رکعت سے تہجد کی نماز میں نہیں ہے کوئی چیز مگر وہ پاکی بولتی ہے اللہ کی اس ساعت میں پھر پڑھی حضرت نے یہ آیت جھکتے ہیں سایہ اسکے داہنے

والشمائل سجدا لله وهم داخرون رواه الترمذي والبيهقي في شعب الايمان وعن عائشة قالت ما ترك رسول الله صلى الله عليه وسلم ركعتين

اور بائیں سجدہ کرتے ہوئے اللہ کو اور وہ ذلیل ہیں روایت کیا اسکو ترمذی اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ نہ چھوڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتیں

بعد العصر عندي قط متفق عليه وفي رواية للبخاري قالت والذي ذهب به ما تركهما حتى لقي الله عز وجل وعن المختار

بعد عصر کے میرے پاس کبھی ف ق۔ اور ایک روایت میں بخاری کی کہا عائشہ نے قسم ہے اس ذات کی کہ لے گیا حضرت کو کہ نہیں چھوڑیں حضرت نے ان دونوں کو یہاں تک کہ ملے اللہ عز وجل سے اور روایت ہے مختار

بن فلفل قال سألت أنس بن مالك عن التطوع بعد العصر فقال كان عمر يضرب الأيدي على صلوة بعد العصر وكنا

ابن فلفل سے کہا کہ پوچھا میں نے انس ابن مالک کو حال نفل سے بعد عصر کے تب کہا تھے عمر مار دیتے ہاتھوں پر اوپر نماز کے بعد عصر کے اور تھے ہم لوگ

نصلي على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم ركعتين بعد غروب الشمس قبل صلوة المغرب فقلت له أكان رسول الله صلى

نماز پڑھتے زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دو رکعتیں بعد غروب ہونے آفتاب کے قبل نماز مغرب کے ف۳ تب کہا میں نے انکو کیا تھے رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم يصليهما قال كان يرانا نصليهما فلم يأمرنا ولم ينهنا رواه مسلم وعن أنس قال كنا بالمدينة فإذا أذن

اللہ علیہ وسلم پڑھتے یعنی ان دونوں رکعتوں کو کہا تھے حضرت دیکھتے ہمکو کہ پڑھتے ہم ان دونوں کو پھر نہ حکم کرتے ہمکو اور نہ منع کرتے ہمکو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے ہم بیچ مدینہ کے جب دیتا اذان

المؤذن لصلوة المغرب ابتدروا السواري فركعوا ركعتين حتى إن الرجل الغريب ليدخل المسجد فيحسب أن الصلوة قد صليت

مؤذن مغرب کی نماز کو دوڑتے لوگ ستونوں کی طرف یعنی اسکے آڑ میں پھر پڑھتے دو رکعتیں یہاں تک کہ تحقیق مرد مسافر آتا مسجد میں تو معلوم کرتا کہ تحقیق نماز پڑھ چکی ہے

من كثرة من يصليهما رواه مسلم وعن مرثد بن عبد الله قال أتيت عقبة الجهني فقلت ألا أعجبك من أبي

کثرت سے لوگوں کی جو پڑھتے تھے ان دونوں کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے مرثد ابن عبد اللہ سے کہا کہ آیا میں عقبہ جہنی کے پاس پھر کہا میں نے کیا نہ تعجب میں ڈالوں تجھکو ابی

تميم يركع ركعتين قبل صلوة المغرب فقال عقبة إنا كنا نفعله على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم قلت فما يمنعك

تمیم سے کہ پڑھتا ہے دو رکعتیں قبل نماز مغرب کے تب کہا عقبہ نے تحقیق ہم لوگ تھے کرتے اسکو زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا میں نے کون چیز منع کرتی ہے تجھکو

الآن قال الشغل رواه البخاري وعن كعب بن عجرة قال إن النبي صلى الله عليه وسلم أتى مسجد بني عبد الأشهل

اب کہا دوسرے کام نے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے کعب ابن عجرہ سے کہا کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم آئے مسجد میں بنی عبد الاشہل کی

فصلى فيه المغرب فلما قضوا صلوتهم رآهم يسبحون بعدها فقال هذه صلوة البيوت رواه أبو داود وفي رواية الترمذي

پھر نماز پڑھی اسمیں مغرب کی پھر جب ادا کیا لوگوں نے نماز فرض اپنی دیکھا انکو حضرت نے کہ نفلیں پڑھتے ہیں اسکے بعد تب فرمایا یہ نماز گھروں میں پڑھنے کی ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت میں ترمذی

والنسائي قام ناس يتنفلون فقال النبي صلى الله عليه وسلم عليكم بهذه الصلوة في البيوت وعن ابن عباس قال

اور نسائی کی یہ ہے کھڑے ہوئے لوگ نفل پڑھنے لگے تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لازم ہے تم پر پڑھنا اس نماز کا گھروں میں۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا

كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يطيل القراءة في الركعتين بعد المغرب حتى يتفرق أهل المسجد رواه أبو داود

کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دراز کرتے قرات کو دو رکعتوں میں بعد مغرب کے یہاں تک کہ منفرق ہوتے اہل مسجد ف۵ روایت کیا اسکو ابو داود نے

وعن مكحول يبلغ به أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من صلى بعد المغرب قبل أن يتكلم ركعتين وفي رواية أربع

اور روایت ہے مکحول سے کہ پہنچاتے تھے اس حدیث کو حضرت تک کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ نماز پڑھے بعد مغرب کے قبل بولنے کے دو رکعت اور ایک روایت میں چار

ركعات رفعت صلوته في عليين مرسلا وعن حذيفة نحوه وزاد فكان يقول عجلوا الركعتين بعد المغرب فإنهما

رکعتیں تو اٹھائی جاتی ہے نماز اسکی علیین میں روایت کیا اسکو مرسل اور حذیفہ سے روایت ہے مثل اسکے اور زیادہ کیا حذیفہ نے پھر تھے حضرت فرماتے جلدی پڑھو دو رکعتیں بعد مغرب کے اسواسطے کہ وہ

ترفعان مع المكتوبة رواهما رزين وروى البيهقي الزيادة عنه نحوها في شعب الإيمان وعن عمرو بن عطاء قال

اٹھائی جاتی ہیں ساتھ فرض کے روایت کیا دونوں حدیثوں کو رزین نے اور روایت کیا بیہقی نے کچھ زیادہ اسی حذیفہ سے مانند اسکے شعب الایمان میں۔ اور روایت ہے عمر ابن عطاء سے کہا

ان نافع ابن جبير ارسله الى السائب يسئله عن شيء راه منه معوية في الصلوة فقال نعم صليت معه الجمعة في المقصورة

تحقیق نافع ابن جبیر نے بھیجا اسکو سائب کے پاس کہ پوچھے اُسے اس چیز سے کہ دیکھا اسکو سائب سے معاویہ نے نماز میں تب کہا سائب نے ہاں نماز پڑھی میں نے معاویہ کے ساتھ جمعہ کی مقصورہ میں

فلما سلم الامام قمت في مقامي فصليت فلما دخل ارسل الي فقال لا تعد لما فعلت اذا صليت الجمعة فلا تصلها بصلوة حتى

پھر جب سلام پھیرا امام نے کھڑا ہوا میں اپنے مقام میں اور نماز پڑھی میں نے پھر جب گھر میں آئے معاویہ آدمی بھیجا میرے پاس اور کہا پھر نہ کر اس چیز کو کہ کیا تو نے جب تو پڑھے نماز جمعہ کی پھر مت ملا اسکو اور نماز میں یہاں تک کہ

تكلم او تخرج فان رسول الله صلى الله عليه وسلم امرنا بذلك ان لا توصل صلوة حتى نتكلم او نخرج رواه مسلم وعن

بات کرے تو یا نکلے تو مسجد سے پھر تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ہے ہمکو اسکا کہ نہ ملا دیں ایک نماز کو دوسری میں یہاں تک کہ بات کریں ہم یا نکلیں ہم روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے

عطاء قال كان ابن عمر اذا صلى الجمعة بمكة تقدم فصلى ركعتين ثم يتقدم فيصلي اربعا واذا كان بالمدينة صلى الجمعة

عطاء سے کہا کہ تھے ابن عمر جب پڑھتے نماز جمعہ کی مکہ میں آگے بڑھتے تب پڑھتے دو رکعت پھر آگے بڑھتے تب پڑھتے چار رکعت اور جب ہوتے مدینہ میں نماز پڑھتے جمعہ کی

ثم رجع الى بيته فصلى ركعتين ولم يصل في المسجد فقيل له فقال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يفعل رواه

پھر پھرتے اپنے گھر کی طرف اور نماز پڑھتے دو رکعت اور نہ نماز پڑھتے مسجد میں پھر کہا گیا اُن سے بیچ اسکے تب کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کرتے اسکو روایت کیا اسکو

ابو داود وفي رواية الترمذي قال رايت ابن عمر صلى بعد الجمعة ركعتين ثم صلى بعد ذلك اربعا

ابو داؤد نے اور ایک روایت میں ترمذی کی کہا دیکھا میں نے ابن عمر کو نماز پڑھے بعد جمعہ کے دو رکعتیں پھر پڑھی بعد اسکے چار رکعتیں

باب صلوة الليل

یہ باب بیچ بیان میں رات کی نماز کے

الفصل الاول

عن عائشة قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم يصلي فيما بين ان يفرغ من صلوة العشاء الى الفجر احدى

فصل پہلی ۔ روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے درمیان اسکے کہ فراغت ہو عشا کی نماز سے فجر کی نماز تک

عشرة ركعة يسلم من كل ركعتين ويوتر بواحدة فيسجد السجدة من ذلك قدر ما يقرا احدكم خمسين اية قبل

گیارہ رکعت سلام پھیرتے تھے ہر دو رکعت کے بعد اور وتر پڑھتے ایک رکعت پھر کرتے سجدہ وتر سے اس قدر کہ پڑھے ایک تمہارا پچاس آیت قبل

ان يرفع راسه فاذا سكت المؤذن من صلوة الفجر وتبين له الفجر قام فركع ركعتين خفيفتين ثم اضطجع

اسکے کہ اٹھاویں حضرت سر اپنا پھر جب چپ ہوتا مؤذن فجر کی اذان سے ف اور ظاہر ہوتا حضرت کو فجر کھڑے ہوتے اور پڑھتے دو رکعت ہلکی پھر لیٹتے

على شقه الايمن حتى ياتيه المؤذن للاقامة فيخرج متفق عليه وعنها قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا صلى

اپنی داہنی کروٹ پر یہاں تک کہ آتا اُنکے پاس مؤذن اقامت کہنے کو ف تب باہر نکلتے حضرت ۔ ق ۔ اور روایت ہے اُنہی سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب پڑھ چکتے

ركعتي الفجر فان كنت مستيقظة حدثني والا اضطجع رواه مسلم وعنها قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا

دو رکعت فجر کی پھر اگر ہوتی میں جاگتی بات کرتے مجھ سے اور نہیں تو لیٹ رہتے ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے اُنہی سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب

صلى ركعتي الفجر اضطجع على شقه الايمن متفق عليه وعنها قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم يصلي من الليل ثلث

نماز پڑھ چکتے دو رکعت فجر کی لیٹتے اپنی داہنی کروٹ پر ۔ ق ۔ اور روایت ہے اُنہی سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے رات کو

عشرة ركعة منها الوتر وركعتا الفجر رواه مسلم وعن مسروق قال سالت عائشة عن صلوة رسول الله

تیرہ رکعت اُن میں وتر بھی اور دو رکعت فجر کی بھی ہوتی ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے مسروق سے کہا کہ پوچھا میں نے حضرت عائشہ سے احوال نماز رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم بالليل فقالت سبع وتسع واحدى عشرة ركعة سوى ركعتي الفجر رواه البخاري وعن عائشة

صلی اللہ علیہ وسلم کے رات کو تب کہا سات اور نو اور گیارہ رکعت سوا دو رکعت فجر کے ف روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ

قالت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام من اللیل لیصلی فتتح صلوٰتہ برکعتین خفیفتین رواہ مسلم وعن ابی ہریرۃ

کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب اٹھتے رات کو کہ نماز پڑھیں شروع کرتے اپنی نماز دو رکعت ہلکی سے روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام احدکم من اللیل فلیفتتح الصلوٰۃ برکعتین خفیفتین رواہ مسلم وعن ابن

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کھڑا ہو ایک تمہارا رات کو پھر چاہئے کہ شروع کرے نماز کو ساتھ دو رکعتوں ہلکی کے روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابن

عباس قال بت عند خالتی میمونۃ لیلۃ والنبی صلی اللہ علیہ وسلم عندھا فتحدث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مع اھلہ

عباس سے کہا کہ رات کو رہا میں اپنی خالہ میمونہ کے پاس ایک رات اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُن کے پاس تھے پھر بات کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بی بی میمونہ

ساعۃ ثم رقد فلما کان ثلث اللیل الاخر او بعضہ قعد فنظر الی السماء فقرأ ان فی خلق السموٰت والارض واختلاف

ایک ساعت پھر سو رہے پھر جب باقی رہی پچھلی تہائی رات یا تھوڑی اُس سے بیٹھے اور نظر کیا آسمان کی طرف پھر پڑھی یہ آیت تحقیق پیدا کرنے آسمانوں اور زمین میں اور بدلنے

اللیل والنھار لاٰیٰت لاولی الالباب حتی ختم السورۃ ثم قام الی القربۃ فاطلق شناقھا ثم صب فی الجفنۃ ثم توضأ

رات اور دن میں البتہ نشانیاں ہیں عقل والوں کے واسطے یہاں تک کہ تمام کی سورت پھر کھڑے ہوئے طرف مشک کے اور کھولا بند اُس کا پھر انڈیلا بڑے پیالے میں پھر وضو کیا

وضوءًا حسنا بین الوضوئین لم یکثر وقد ابلغ فقام فصلی فقمت وتوضأت فقمت عن یسارہ فاخذ باذنی فادارنی

اچھا وضو درمیان دو وضو کے یعنی پانی زیادہ نہ گرایا اور تحقیق پانی پہنچایا پھر کھڑے ہوئے اور شروع کیا پھر اٹھا میں اور وضو کیا پھر کھڑا ہوا اُن کے بائیں پھر پکڑا میرا کان پھیر

عن یمینہ فتتامت صلوٰتہ ثلث عشرۃ رکعۃ ثم اضطجع فنام حتی نفخ وکان اذا نام نفخ فاٰذنہ بلال بالصلوٰۃ

اپنے داہنے پھر تمام ہوئی نماز اُن کی تیرہ رکعت پھر لیٹ رہے اور سو رہے یہاں تک کہ خراٹے لئے اور تھے حضرت جب سوتے خراٹے لیتے پھر خبر دیا اُن کو بلال نے نماز کی

فصلی ولم یتوضأ وکان فی دعائہ اللھم اجعل فی قلبی نورا وفی بصری نورا وفی سمعی نورا وعن یمینی نورا وعن یساری

پھر سنت پڑھا اور وضو نہ کیا اور تھی حضرت کی دعا میں یا الٰہی پیدا کر میرے دل میں نور اور میری آنکھ میں نور اور میرے کان میں نور اور میرے داہنے نور اور میرے بائیں

نورا وفوقی نورا وتحتی نورا وامامی نورا وخلفی نورا واجعل لی نورا وزاد بعضھم وفی لسانی نورا وذکر وعصبی

نور اور میرے اوپر نور اور میرے نیچے نور اور میرے آگے نور اور میرے پیچھے نور اور پیدا کر واسطے میرے نور اور زیادہ کیا بعضے راویوں نے اور میری زبان میں نور اور ذکر کیا میرے پٹھوں

ولحمی ودمی وشعری وبشری متفق علیہ وفی روایۃ لھما واجعل فی نفسی نورا واعظم لی نورا وفی اخری

نور اور میرے گوشت میں اور میرے خون میں اور میرے بالوں میں اور میرے بدن میں نور اور ایک روایت میں بخاری مسلم کی یہ ہے اور پیدا کر میری جان میں نور اور بڑا کر میرے واسطے نور اور دوسری روایت

لمسلم اللھم اعطنی نورا وعنہ انہ رقد عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاستیقظ فتسوک وتوضأ وھو

مسلم کی یا الٰہی بخش مجھ کو نور اور روایت ہے اُسی سے تحقیق وہ سویا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر حضرت جاگے اور مسواک کیا اور وضو کیا اور وہ

یقول ان فی خلق السموٰت والارض واختلاف اللیل والنھار حتی ختم السورۃ ثم قام فصلی رکعتین اطال فیھما القیام و

پڑھتے تھے بیشک تحقیق پیدا کرنے میں آسمانوں اور زمین کے اور بدلنے میں رات اور دن کے یہاں تک کہ تمام کیا سورہ پھر کھڑے ہوئے اور نماز پڑھی دو رکعت دراز کیا اُن میں قیام اور

الرکوع والسجود ثم انصرف فنام حتی نفخ ثم فعل ذلک ثلث مرات ست رکعات کل ذلک یستاک ویتوضأ ویقرأ ھٰؤلاء

رکوع اور سجود پھر فارغ ہوئے اور سوئے یہاں تک کہ خراٹے لئے پھر کیا یہ تین بار سب چھ رکعتیں ہوئیں ہر بار ہیں مسواک کرتے اور وضو کرتے اور پڑھتے ان

الاٰیات ثم اوتر بثلث رواہ مسلم وعن زید بن خالد الجھنی انہ قال لارمقن صلوٰۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

آیتوں کو پھر وتر پڑھی تین رکعتیں روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے زید ابن خالد جہنی سے تحقیق اُس نے کہا اپنے دل میں کہ نگاہ کروں میں نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی

الليلة فصلى ركعتين خفيفتين ثم صلى ركعتين طويلتين طويلتين طويلتين ثم صلى ركعتين وهما دون اللتين قبلهما ثم

رات کو پھر پڑھی دو رکعتیں ہلکی پھر پڑھی دو رکعتیں دراز دراز سے دراز ف پھر پڑھی دو رکعتیں اور یہ دونوں رکعتیں کم تھیں ان دونوں سے جو پہلے تھیں

صلى ركعتين وهما دون اللتين قبلهما ثم صلى ركعتين وهما دون اللتين قبلهما ثم صلى ركعتين وهما دون اللتين قبلهما

پھر پڑھی دو رکعتیں اور یہ دونوں کم تھیں ان دونوں سے جو پہلے تھیں پھر پڑھی دو رکعتیں اور یہ دونوں کم تھیں ان دونوں سے جو پہلے تھیں پھر پڑھی دو رکعتیں اور یہ دونوں کم تھیں ان دونوں سے جو پہلے تھیں

ثم أوتر فذلك ثلث عشرة ركعة رواه مسلم قوله ثم صلى ركعتين وهما دون اللتين قبلهما اربع مرات هكذا في صحيح

پھر وتر پڑھی تب یہ تیرہ رکعتیں ہوئیں روایت کیا اسکو مسلم نے قول اسکا پھر پڑھی دو رکعتیں اور یہ دونوں کم تھیں ان دونوں سے جو ان سے پہلے تھیں چار بار ہے اسی طرح صحیح

مسلم وافراده من كتاب الحميدي وموطا مالك وسنن ابي داود وجامع الاصول وعن عائشة قالت لما بدن رسول الله

مسلم میں ہے اور افراد مسلم کی جو اسے حمیدی کی کتاب میں اور موطا میں امام مالک کی اور سنن میں ابو داود کی اور جامع الاصول میں اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ جب بھاری بدن ہو گئے رسول

صلى الله عليه وسلم وثقل كان اكثر صلوته جالسا متفق عليه وعن عبد الله بن مسعود قال لقد عرفت النظائر التي

صلی اللہ علیہ وسلم اور بھاری ہوا بدن مبارک تب تھی اکثر نماز حضرت کی بیٹھے ہوئے ق اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ تحقیق پہچانا میں نے ان سورتوں کو جو

كان النبي صلى الله عليه وسلم يقرن بينهن فذكر عشرين سورة من اول المفصل على تاليف ابن مسعود سورتين في

تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس پاس پڑھتے انکو ف پھر ذکر کیا بیس سورت اول مفصل سے موافق جمع کرنے ابن مسعود کے ف پڑھتے تھے دو سورتیں

ركعة آخرهن حم الدخان وعم يتساءلون متفق عليه

ایک رکعت میں آخر ان بیس سورتوں کی حم دخان اور عم یتساءلون ہیں ف ق

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن حذيفة انه راى النبي صلى الله عليه وسلم يصلي من الليل فكان يقول الله اكبر ثلثا ذو الملكوت والجبروت والكبرياء والعظمة ثم استفتح فقرأ البقرة ثم ركع

روایت ہے حذیفہ سے تحقیق اسنے دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے رات کو پھر تھے کہتے اللہ اکبر تین بار صاحب ملک کا اور غلبہ کا اور بڑائی کا اور بزرگی کا پھر دعا استفتاح کی پڑھی پھر پڑھی بقرہ پھر رکوع کیا

فكان ركوعه نحوا من قيامه فكان يقول في ركوعه سبحان ربي العظيم ثم رفع رأسه من الركوع فكان قيامه نحوا

اور تھا رکوع انکا مانند انکے قیام کے پھر تھے کہتے اپنے رکوع میں سبحان ربی العظیم پھر اٹھائے سر اپنا رکوع سے پھر تھا قومہ انکا مانند

من ركوعه يقول لربي الحمد ثم سجد فكان سجوده نحوا من قيامه فكان يقول في سجوده سبحان ربي الاعلى ثم رفع

ان کے رکوع کے کہتے قومہ میں لربی الحمد پھر سجدہ کرتے پھر تھا سجدہ انکا مانند انکے قومہ کے اور تھے کہتے سجدہ میں سبحان ربی الاعلی پھر اٹھاتے

رأسه من السجود وكان يقعد فيما بين السجدتين نحوا من سجوده وكان يقول رب اغفر لي رب اغفر لي فصلى اربع ركعات

اپنا سر سجدے سے اور تھے بیٹھتے دونوں سجدوں کے بیچ میں مانند اپنے سجدے کے اور تھے کہتے جلسہ میں رب اغفر لی رب اغفر لی پھر پڑھی چار رکعت

قرأ فيهن البقرة وآل عمران والنساء والمائدة او الانعام شك شعبة رواه ابو داود وعن عبد الله بن عمرو بن العاص

پڑھا ان میں سورہ بقرہ اور سورہ آل عمران اور سورہ نساء اور سورہ مائدہ یا سورہ انعام شک کیا شعبہ نے ف روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو ابن عاص سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قام بعشر آيات لم يكتب من الغافلين ومن قام بمائة آية كتب من القانتين

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ رات کو نماز پڑھے دس آیت سے نہیں لکھا جاوے گا غافلوں میں اور جو شخص کہ رات کو نماز پڑھے سو آیت سے لکھا جاوے گا عبادت والوں میں

ومن قام بالف آية كتب من المقنطرين رواه ابو داود وعن ابي هريرة قال كانت قراءة النبي صلى الله عليه وسلم بالليل

اور جو شخص کہ رات کو نماز پڑھے ہزار آیت سے لکھا جاوے گا بہت ثواب جمع کرنے والوں میں ف روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ تھا قرآن پڑھنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا رات کو

يرفع طورا ويخفض طورا رواه ابو داؤد وعن ابن عباس قال كانت قراءة النبي صلى الله عليه وسلم على قدر ما يسمع من

کبھی بلند پڑھتے کبھی اور پست پڑھتے کبھی روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ تھا قرأن پڑھنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اس قدر پر کہ سنتا اسکو شخص

في الحجرة وهو في البيت رواه ابو داؤد وعن ابي قتادة قال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم خرج ليلة فاذا هو بابي بكر يصلي

کہ ہوتا صحن میں اور حضرت ہوتے گھر میں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے ایک رات کو پھر ناگہاں گذرے ابوبکر کے پاس نماز پڑھتے

يخفض من صوته ومر بعمر وهو يصلي رافعا صوته قال فلما اجتمعا عند النبي صلى الله عليه وسلم قال يا ابا بكر مررت بك

اور پست کرتے تھے اپنی آواز کو اور گذرے عمر کے پاس اور وہ نماز پڑھتے تھے بلند کرتے والے اپنی آواز کہا ابو قتادہ نے پھر جب اکٹھے ہوئے دونوں نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمایا اے ابوبکر گذرا میں تجھ پر

وانت تصلي تخفض صوتك قال قد اسمعت من ناجيت يا رسول الله وقال لعمر مررت بك وانت تصلي رافعا صوتك فقال يا

اور تو نماز پڑھتا تھا پست کرتا تھا اپنی آواز کو کہا تحقیق سناتا تھا میں اسکو جس سے مناجات کرتا تھا یا رسول اللہ اور فرمایا عمر کو گذرا میں تجھ پر اور تو نماز پڑھتا تھا بلند کرنے والا اپنی آواز کو

رسول الله اوقظ الوسنان واطرد الشيطان فقال النبي صلى الله عليه وسلم يا ابا بكر ارفع من صوتك شيئا وقال لعمر اخفض

رسول اللہ جگاتا تھا میں سوتے والوں کو اور کھدیڑتا تھا شیطان کو تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اے ابوبکر بلند کر اپنی آواز کو کچھ اور فرمایا عمر کو پست کر

من صوتك شيئا رواه ابو داؤد وروى الترمذي نحوه وعن ابي ذر قال قام رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى

اپنی آواز کو کچھ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت کیا ترمذی نے مانند اسکے اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ رات کو نماز پڑھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں تک کہ

اصبح باية والاية ان تعذبهم فانهم عبادك وان تغفر لهم فانك انت العزيز الحكيم رواه النسائي وابن ماجه وعن

صبح کیا ساتھ ایک آیت کے اور وہ آیت یہ تھی اگر عذاب کرے تو ان کو تو تحقیق وہ بندے تیرے ہیں اور اگر بخشے تو ان کو تو تحقیق تو ہی غالب حکمت والا ہے روایت کیا اسکو نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے

ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا صلى احدكم ركعتي الفجر فليضطجع على يمينه رواه الترمذي وابو داؤد

ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پڑھے ایک تمہارا دو رکعت فجر کی پھر چاہئے کہ لیٹ رہے اپنی داہنی کروٹ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے

الفصل الثالث

عن مسروق قال سألت عائشة اي العمل كان احب الى رسول الله صلى الله عليه وسلم قالت الدائم

فصل تیسری ۔ روایت ہے مسروق سے کہا کہ پوچھا میں نے حضرت عائشہ سے کون سا عمل تھا محبوب زیادہ نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمایا کہ جس پر ہمیشگی ہو

قلت فاي حين كان يقوم من الليل قالت كان يقوم اذا سمع الصارخ متفق عليه وعن انس قال ما كنا نشاء ان نرى رسول الله

کہا میں نے پھر کس وقت تھے اٹھتے رات کو کہا کہ تھے اٹھتے جب سنتے آواز مرغ کی ۔ ق اور روایت ہے انس سے کہا کہ نہ تھے ہم چاہتے کہ دیکھیں رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم في الليل مصليا الا رأيناه ولا نشاء ان نراه نائما الا رأيناه رواه النسائي وعن حميد بن عبد

صلی اللہ علیہ وسلم کو رات میں نماز پڑھتے والا مگر دیکھتے ہم ان کو اور نہ تھے ہم چاہتے کہ دیکھیں انکو سوتے والا مگر دیکھتے ہم انکو روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے حمید ابن عبد

الرحمن بن عوف قال ان رجلا من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم قال قلت وانا في سفر مع رسول الله صلى الله عليه وسلم

الرحمن ابن عوف سے کہا کہ تحقیق ایک شخص نے اصحاب میں سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا کہ میں نے اپنے جی میں کہا اور میں سفر میں تھا ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

والله لارقبن رسول الله صلى الله عليه وسلم للصلوة حتى ارى فعله فلما صلى صلوة العشاء وهي العتمة اضطجع

قسم اللہ کی تحقیق دیکھوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز کے واسطے تاکہ دیکھوں میں فعل انکا ۔ پھر جب پڑھی عشاء کی نماز اور اسکو عتمہ کہتے ہیں لیٹے رہے

هويا من الليل ثم استيقظ فنظر في الافق فقال ربنا ما خلقت هذا باطلا حتى بلغ الى انك لا تخلف الميعاد ثم اهوى

دیر تک رات کو پھر جاگے اور نگاہ کیا آسمان کے کناروں میں پھر پڑھی یہ آیت اے پروردگار ہمارے نہیں پیدا کیا تو نے یہ بے فائدہ یہاں تک کہ پہنچے انک لا تخلف المیعاد تک پھر قصد کیا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی فراشہ فاستل منہ سواکا ثم افرغ فی قدح من اداوۃ عندہ ماء فاستن ثم قام فصلی حتی قلت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بچھونے کی طرف پھر نکالی اس سے مسواک پھر انڈیلا برتن پیالے میں چھاگل میں سے جو ان کے پاس تھا پانی پھر مسواک کیا پھر کھڑے ہوئے اور نماز پڑھی یہاں تک

قد صلی قدر ما نام ثم اضطجع حتی قلت قد نام قدر ما صلی ثم استیقظ ففعل کما فعل اول مرۃ وقال مثل ما قال ففعل رسول اللہ

تحقیق نماز پڑھی اس قدر کہ سوئے تھے پھر لیٹے یہاں تک کہ میں نے کہا تحقیق سوئے اس قدر کہ نماز پڑھی پھر جاگے پھر کیا جیسے کیا پہلی بار اور کہا مانند اسکے کہ کہا تھا پہلے پھر کیا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم ثلث مرات قبل الفجر رواہ النسائی وعن یعلی بن مملک انہ سال ام سلمۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم

صلی اللہ علیہ وسلم نے تین بار قبل فجر کے روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے یعلی ابن مملک سے تحقیق انہوں نے پوچھا ام سلمہ سے کہ بی بی ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی

عن قراءۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم وصلوتہ فقالت وما لکم وصلوتہ کان یصلی ثم ینام قدر ما صلی ثم یصلی قدر ما نام

قراءت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اور انکی نماز سے تب کہا اور کیا کرو گے تم انکی نماز پوچھ کر تھے حضرت نماز پڑھتے پھر سوتے اس قدر کہ نماز پڑھی پھر نماز پڑھتے اس قدر کہ سوتے

ثم ینام قدر ما صلی حتی یصبح ثم نعتت قراءتہ فاذا ہی تنعت قراءۃ مفسرۃ حرفا حرفا رواہ ابو داؤد والترمذی

پھر سوتے اس قدر کہ نماز پڑھی یہانتک کہ صبح کرتے پھر بیان کیا حضرت کی قراءت کا پھر یکایک وہ بیان کرنے لگیں ایسی قراءت کہ صاف صاف حرف حرف جدا روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی

والنسائی

باب ما یقول اذا قام من اللیل

الفصل الاول

عن ابن عباس قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام من اللیل

اور نسائی نے یہ باب ہے بیان میں اس کے کہ کہتے جب رات کو نماز کو اٹھتے فصل پہلی روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے رات کو

یتہجد قال اللہم لک الحمد انت قیم السموات والارض ومن فیہن ولک الحمد انت نور السموات والارض ومن فیہن ولک

کہ تہجد پڑھیں کہتے یاالہی تیرے ہی واسطے ہے سب تعریف تو ہی ہے قائم رکھنے والا آسمان اور زمین کا اور جو کہ ان میں ہیں اور تیرے ہی واسطے ہے سب تعریف تو ہی ہے روشن کرنے والا آسمانوں اور زمین کا اور جو ان میں ہیں اور تیرے ہی واسطے

الحمد انت ملک السموات والارض ومن فیہن ولک الحمد انت الحق ووعدک الحق ولقاءک حق وقولک حق والجنۃ

سب تعریف تو ہی ہے بادشاہ آسمان اور زمین کا اور جو ان میں ہیں اور تیرے ہی واسطے ہے سب تعریف تو ہی ہے حق اور وعدہ تیرا ہے حق اور ملاقات تیری حق ہے اور کلام تیرا حق اور بہشت

حق والنار حق والنبیون حق ومحمد حق والساعۃ حق اللہم لک اسلمت وبک آمنت وعلیک توکلت والیک انبت وبک

حق ہے اور دوزخ حق ہے اور سب نبی حق ہیں اور محمد حق ہیں اور قیامت حق ہے یاالہی تیرا تابعدار ہوا میں اور تجھ پر ایمان لایا میں اور تجھ پر بھروسہ کیا میں نے اور تیری طرف رجوع کیا اور تیری مدد سے

خاصمت والیک حاکمت فاغفر لی ما قدمت وما اخرت وما اسررت وما اعلنت وما انت اعلم بہ منی انت المقدم

جھگڑتے ہیں ہم اور تیرے ہی پاس فیصلہ لاتے ہیں سو بخش مجھ کو جو آگے کیا میں نے اور جو پیچھے کیا اور جو چھپایا میں نے اور جو ظاہر کیا میں نے اور وہ گناہ کہ تو زیادہ جانتا ہے اسکو مجھ سے تو ہی آگے کرنے والا

وانت المؤخر لا الہ الا انت ولا الہ غیرک متفق علیہ وعن عائشۃ قالت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام من اللیل

اور تو ہی پیچھے کرنے والا ہے نہیں کوئی معبود حق مگر تو اور نہیں کوئی معبود حق سوا تیرے متفق علیہ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب اٹھتے رات کو

افتتح صلوتہ فقال اللہم رب جبرئیل ومیکائیل واسرافیل فاطر السموات والارض عالم الغیب والشہادۃ انت تحکم بین

شروع کرتے اپنی نماز پھر کہتے یاالہی پروردگار جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل کے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے جاننے والے پوشیدہ اور ظاہر کے تو حکم کرتا ہے درمیان

عبادک فیما کانوا فیہ یختلفون اہدنی لما اختلف فیہ من الحق باذنک انک تہدی من تشاء الی صراط مستقیم

اپنے بندوں کے اس چیز میں کہ ہیں وہ اسمیں اختلاف کرتے راہ دکھلا تو مجھ کو اس چیز میں کہ اختلاف کیا گیا ہے اسمیں حق سے ساتھ اپنے حکم کے تحقیق تو ہی راہ دکھلاتا ہے جسکو چاہتا ہے سیدھی راہ کی طرف

رواہ مسلم وعن عبادۃ بن الصامت قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من تعار من اللیل فقال لا الہ الا اللہ

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبادہ ابن صامت سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ جاگے رات کو پھر کہے نہیں کوئی معبود برحق سوا اللہ

وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر وسبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا
وہ اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں اسی کے واسطے بادشاہی ہے اور اسی کے واسطے سب تعریف اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اور پاک ہے اللہ اور سب تعریف اللہ کو ہے اور نہیں کوئی معبود برحق سوا اللہ کے اور اللہ بہت بڑا ہے اور نہیں
حول ولا قوۃ الا باللہ ثم قال رب اغفرلی او قال ثم دعا استجیب لہ فان توضأ وصلی قبلت صلوتہ
باز رہنا گناہ سے اور نہیں ہے قوت نیکی کی مگر ساتھ مدد اللہ کے پھر کہے اے رب بخش میرے واسطے یا کہا اور پھر دعا کرے قبول کیا جاوے اسکے لئے پھر اگر وضو کرے اور نماز پڑھے قبول کی جاوے نماز اسکی
رواہ البخاری

الفصل الثانی

عن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا استیقظ من اللیل قال لا الہ الا
روایت کیا اسکو بخاری نے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جاگتے رات کو کہتے نہیں ہے کوئی معبود برحق
انت سبحانک اللھم وبحمدک استغفرک لذنبی واسئلک رحمتک اللھم زدنی علما ولا تزغ قلبی بعد اذ ھدیتنی وھب
سوا تیرے پاکی کے ساتھ یاد کرتا ہوں تجھکو یا الٰہی اور تعریف کرتا تیرے حمد ساتھ بخشواتا ہوں تجھ سے اپنے گناہ اور مانگتا ہوں تجھ سے تیری رحمت یا الٰہی زیادہ کر مجھکو علم اور نہ ٹیڑھا کر میرے دل کو بعد اسکے کہ ہدایت کی تونے مجھکو اور بخش میرے لئے
لی من لدنک رحمۃ انک انت الوھاب رواہ ابوداود وعن معاذ بن جبل قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من مسلم
اپنے پاس سے رحمت بیشک تو ہی ہے بڑا بخشنے والا روایت کیا اسکو ابوداود نے۔ اور روایت ہے معاذ ابن جبل سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کوئی مسلمان
یبیت علی ذکر طاھرا فیتعار من اللیل فیسأل اللہ خیرا الا اعطاہ اللہ ایاہ رواہ احمد وابوداود وعن شریق ن
کہ رات کو سووے اللہ کی ذکر پر پاک سو کر پھر جاگے رات کو اور مانگے اللہ سے بھلائی مگر دیتا ہے اللہ اسکو روایت کیا اسکو احمد اور ابوداود نے۔ اور روایت ہے شریق
الھوزنی قال دخلت علی عائشۃ فسألتھا بم کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یفتتح اذا ھب من اللیل فقالت سألتنی عن شیء ما
ہوزنی سے کہا کہ گیا میں حضرت عائشہ پاس میں پھر پوچھا میں نے انسے کہ ساتھ کس چیز کے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شروع کرتے جب جاگتے رات کو تب نے کہا پوچھا تو مجھ سے ایک چیز نے
سألنی عنہ احد قبلک کان اذا ھب من اللیل کبر عشرا وحمد اللہ عشرا وقال سبحان اللہ وبحمدہ عشرا وقال سبحان
پوچھی مجھکو اس سے کسی نے تیرے پہلے تھے حضرت جب جاگتے رات کو اللہ اکبر کہتے دس بار اور الحمد للہ کہتے دس بار اور کہتے سبحان اللہ وبحمدہ دس بار اور کہتے سبحان
الملک القدوس عشرا واستغفر عشرا وھلل عشرا ثم قال اللھم انی اعوذبک من ضیق الدنیا وضیق یوم القیمۃ
الملک القدوس دس بار اور استغفر اللہ کہتے دس بار اور لا الہ الا اللہ کہتے دس بار پھر کہتے یا الٰہی تحقیق میں پناہ ڈھونڈھتا ہوں تجھ سے تنگی سے دنیا کی اور تنگی سے قیامت کے دن کی
عشرا ثم یفتتح الصلوۃ رواہ ابوداود

الفصل الثالث

عن ابی سعید الخدری قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام
دس بار پھر شروع کرتے نماز روایت کیا اسکو ابوداود نے۔ فصل تیسری روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اٹھتے
من اللیل کبر ثم یقول سبحانک اللھم وبحمدک وتبارک اسمک وتعالی جدک ولا الہ غیرک ثم یقول اللہ اکبر کبیرا ثم یقول
رات کو اللہ اکبر کہتے پھر کہتے پاک ہے تو یا الٰہی اور حمد کرتے ہیں تیرا اور بزرگ ہے تیرا نام اور بلند ہے تیری بزرگی اور نہیں کوئی معبود برحق سوا تیرے پھر کہتے اللہ اکبر کبیرا پھر کہتے
اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم من ھمزہ ونفخہ ونفثہ رواہ الترمذی وابوداود والنسائی وزاد ابوداود
پناہ ڈھونڈھتا ہوں ساتھ اللہ کے سننے والا جاننے والا ہے شیطان راندے سے اسکے وسوسوں اور اسکے تکبر سے اور اسکے بری شعر سکھانے سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود اور نسائی نے اور زیادہ کیا ابوداود نے
بعد قولہ غیرک ثم یقول لا الہ الا اللہ ثلثا وفی اخر الحدیث ثم یقرأ وعن ربیعۃ بن کعب الاسلمی قال کنت ابیت
بعد اسکے قول غیرک کے یہ لفظ پھر کہتے لا الہ الا اللہ تین بار اور زیادہ کیا آخر حدیث میں یہ لفظ پھر شروع کرتے قرأت۔ اور روایت ہے ربیعہ ابن کعب اسلمی سے کہا کہ تھا میں رات گذارتا
عند حجرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فکنت اسمعہ اذا قام من اللیل یقول سبحان رب العالمین الھوی ثم یقول سبحان اللہ
نزدیک حجرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر تھا میں سنتا حضرت کو جب اٹھتے رات کو کہتے پاک ہے پروردگار سارے جہان کا کہتے یہ لفظ دیر تک پھر کہتے سبحان اللہ

وَبِحُمْرَةِ الْهُوِيِّ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ نَحْوَهُ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ ❊ بَابُ التَّحْرِيْضِ عَلٰى قِيَامِ اللَّيْلِ اَلْفَصْلُ

وبحمرہ ویرنگ روایت کیا اسکو نسائی اور ترمذی نے مانند اسکے اور کہا یہ حدیث صحیح ہے ❊ یہ باب ہے بیان میں خواہش دلانے کے رات کے اٹھنے پر فصل

الْاَوَّلُ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْقِدُ الشَّيْطَانُ عَلٰى قَافِيَةِ رَأْسِ اَحَدِكُمْ اِذَا هُوَ نَامَ ثَلٰثَ عُقَدٍ

پہلی روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گرہ لگاتا ہے شیطان اوپر چوٹی سر کے تمہارے جب کہ وہ سوتا ہے تین گرہ

يَضْرِبُ عَلٰى كُلِّ عُقْدَةٍ عَلَيْكَ لَيْلٌ طَوِيْلٌ فَارْقُدْ فَاِنِ اسْتَيْقَظَ فَذَكَرَ اللّٰهَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَاِنْ تَوَضَّأَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَاِنْ

ڈالتا ہے ہر گرہ پر یہ مضمون تیرے واسطے ابھی بڑی رات باقی ہے پس سو رہ تب اگر جاگا اور ذکر کیا اللہ کا تو کھل جاتی ہے ایک گرہ پھر اگر وضو کیا تو کھل جاتی ہے ایک گرہ پھر اگر

صَلّٰى انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَاَصْبَحَ نَشِيْطًا طَيِّبَ النَّفْسِ وَاِلَّا اَصْبَحَ خَبِيْثَ النَّفْسِ كَسْلَانَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ قَامَ

نماز پڑھی تو کھل جاتی ہے ایک گرہ تیسری پھر صبح کرتا ہے خوش خرم جی خوش اور نہیں تو صبح کرتا ہے گندہ دل جی ہارے ❊ ق ❊ اور روایت ہے مغیرہ سے کہا کہ رات کو اٹھے

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تَوَرَّمَتْ قَدَمَاهُ فَقِيْلَ لَهُ لِمَ تَصْنَعُ هٰذَا وَقَدْ غُفِرَ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ قَالَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تک کہ ورم کر گئے دونوں قدم ان کے تب کہا انسے کس واسطے کرتے ہیں آپ یہ حالانکہ بخشے گئے ہیں آپ کے واسطے جو کچھ پہلے ہو چکا گناہ اور پیچھے

اَفَلَا اَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ ذُكِرَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَقِيْلَ لَهُ

کیا نہ ہوؤں میں بندہ شکر کرنے والا ❊ ق ❊ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ ذکر کیا گیا نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حال ایک شخص کا اور کہا گیا حضرت

مَا زَالَ نَائِمًا حَتّٰى اَصْبَحَ مَا قَامَ اِلَى الصَّلٰوةِ قَالَ ذٰلِكَ رَجُلٌ بَالَ الشَّيْطَانُ فِيْ اُذُنِهِ اَوْ قَالَ فِيْ اُذُنَيْهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

کہ ہمیشہ رہا وہ شخص سونے والا یہاں تک کہ صبح کیا نہ اٹھا نماز کو فرمایا یہ شخص ہے کہ پیشاب کیا شیطان نے اسکے کان میں یا فرمایا اسکے دونوں کان میں ❊ ق ❊

وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتِ اسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً فَزِعًا يَقُوْلُ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَاذَا اُنْزِلَ اللَّيْلَةَ مِنَ الْخَزَائِنِ

اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ جاگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات کو گھبرائے ہوئے کہتے تھے سبحان اللہ کس قدر اتارے گئے ہیں آج کی رات خزانے

وَمَاذَا اُنْزِلَ مِنَ الْفِتَنِ مَنْ يُّوْقِظُ صَوَاحِبَ الْحُجُرَاتِ يُرِيْدُ اَزْوَاجَهُ لِكَيْ يُصَلِّيْنَ رُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٌ فِي الْاٰخِرَةِ

اور کس قدر اتارے گئے ہیں فتنے کون شخص ہے کہ جگاوے حجرے والیوں کو ارادہ کرتے تھے ف اپنی بیبیوں کا تاکہ نماز پڑھیں بہت کپڑا پہرنے والیاں دنیا میں ننگی ہیں قیامت میں ❊

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْزِلُ رَبُّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالٰى كُلَّ لَيْلَةٍ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا

روایت کیا اسکو بخاری نے ❊ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اترتا ہے رب ہمارا برکت والا اور بلند ہر رات کو دنیا کے آسمان کی طرف

حِيْنَ يَبْقٰى ثُلُثُ اللَّيْلِ الْاٰخِرُ يَقُوْلُ مَنْ يَّدْعُوْنِيْ فَاَسْتَجِيْبَ لَهُ مَنْ يَّسْاَلُنِيْ فَاُعْطِيَهُ مَنْ يَّسْتَغْفِرُنِيْ فَاَغْفِرَ لَهُ مُتَّفَقٌ

جس وقت کہ باقی رہتی ہے پچھلی تہائی رات فرماتا ہے اللہ کون ہے کہ دعا کرے مجھ سے پھر قبول کروں میں اسکی دعا کون ہے کہ مانگے مجھ سے پھر دوں میں اسکو کون ہے کہ گناہ بخشوائے مجھ سے پھر بخشوں میں

عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ ثُمَّ يَبْسُطُ يَدَيْهِ وَيَقُوْلُ مَنْ يُّقْرِضُ غَيْرَ عَدُوْمٍ وَّلَا ظَلُوْمٍ حَتّٰى يَنْفَجِرَ الْفَجْرُ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ

❊ ق ❊ اور ایک روایت میں مسلم کی یہ ہے کہ پھر پھیلاتا ہے اللہ اپنے ہاتھ اور فرماتا ہے کون ہے کہ قرض دے اسکو جو محتاج نہیں اور نہ ظلم کرنے والا ف یہاں تک کہ صبح ہو اور روایت ہے جابر سے کہا

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ فِي اللَّيْلِ لَسَاعَةً لَا يُوَافِقُهَا رَجُلٌ مُّسْلِمٌ يَّسْاَلُ اللّٰهَ فِيْهَا خَيْرًا مِّنْ اَمْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہتے تھے تحقیق رات میں ایک ساعت ہے کہ نہیں پاوے اسکو کوئی مرد مسلمان مانگے اللہ سے اس میں بھلائی کام میں دنیا اور آخرت کے مگر

اَعْطَاهُ اِيَّاهُ وَذٰلِكَ كُلَّ لَيْلَةٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ الصَّلٰوةِ اِلَى اللّٰهِ

دیتا ہے اسکو وہ بھلائی اور یہ ہر رات میں ہے روایت کیا اسکو مسلم نے ❊ اور روایت ہے عبداللہ ابن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت پسند نماز اللہ کو

صلوة داود واحب الصيام الى الله صيام داود وكان ينام نصف الليل ويقوم ثلثه وينام سدسه ويصوم يوما و
نماز داود کی ہے اور بہت پسند روزوں میں اللہ کے نزدیک روزہ داود کا ہے اور تھے داود سوتے آدھی رات اور قیام کرتے تہائی رات پھر سوتے چھٹے حصے رات میں اور روزہ رکھتے ایک دن

یفطر یوما متفق علیه وعن عائشة قالت کان تعنی رسول الله صلی الله علیه وسلم ینام اول اللیل ویحیی اخره ثم ان کانت
افطار کرتے ایک دن۔ ق۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوتے اول شب اور جاگتے آخر شب کو پھر اگر ہوتی

له حاجة الی اهله قضی حاجته ثم ینام فان کان عند النداء الاول جنبا وثب فافاض علیه الماء وان لم یکن جنبا
انکو حاجت اپنی بیوی سے تو ادا کرتے اپنی حاجت سے پھر سو رہتے پھر اگر ہوتے وقت پہلی اذان کے جنب اٹھتے اور جاری کرتے اپنے اوپر پانی اور اگر ہوتے جنب

توضأ للصلوة ثم صلی رکعتین متفق علیه الفصل الثانی عن ابی امامة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم علیکم
تو وضو کرتے نماز کے لئے اور پڑھتے دو رکعت سنت۔ ق۔ فصل دوسری۔ روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لازم پکڑو تم

بقیام اللیل فانه دأب الصالحین قبلکم وهو قربة لکم الی ربکم ومکفرة للسیئات ومنهاة عن الاثم رواه الترمذی
اختیار کر شب بیداری کو پس بیشک وہ عادت ہے نیکوں کی جو تمہارے پہلے تھے اور وہ نزدیکی کا سبب ہے تمہارے لئے تمہارے رب پاس اور سبب ہے گناہوں کے اور روکنے والی ہے گناہ سے۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن ابی سعید الخدری قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ثلثة یضحک الله الیهم الرجل اذا قام باللیل یصلی
اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ہیں کہ ہنستا ہے اللہ ان کی طرف ایک شخص کہ جب کھڑا ہو رات کو نماز پڑھے

والقوم اذا صفوا فی الصلوة والقوم اذا صفوا فی قتال العدو رواه فی شرح السنة وعن عمرو بن عبسة
اور دوسرے گروہ کہ صف درست کریں نماز میں اور تیسرے گروہ کہ صف درست کریں جہاد میں روایت کیا اسکو شرح سنت میں۔ اور روایت ہے عمرو ابن عبسہ سے

قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اقرب ما یکون الرب من العبد فی جوف اللیل الاخر فان استطعت ان تکون
کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت نزدیک ہوتا ہے رب اپنے بندے سے درمیان پچھلی رات کے پھر اگر سکے تو یہ کہ ہووے تو

ممن یذکر الله فی تلک الساعة فکن رواه الترمذی وقال هذا حدیث حسن صحیح غریب اسنادا وعن ابی هریرة
ان شخصوں میں کہ ذکر کرتے ہیں اللہ کا اس وقت میں تو ہو۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح غریب اسناد میں۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ

قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم رحم الله رجلا قام من اللیل فصلی وایقظ امرأته فصلت فان ابت نضح فی
کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رحمت کرے اللہ اس شخص کو کہ اٹھا رات کو پھر نماز پڑھی اور جگایا اپنی عورت کو پھر پڑھی اس عورت نے پھر اگر نہ جاگی چھینٹے

وجهها الماء رحم الله امرأة قامت من اللیل فصلت وایقظت زوجها فصلی فان ابی نضحت فی وجهه الماء رواه ابوداود
اسکے منہ پر پانی کے رحمت کرے اللہ اس عورت کو کہ اٹھی رات کو پھر نماز پڑھی اور جگایا اپنے خاوند کو پھر اگر نہ جاگا تو چھینٹے دیا اسکے منہ پر پانی کے روایت کیا اسکو ابو داود

والنسائی وعن ابی امامة قال قیل یا رسول الله ای الدعاء اسمع قال جوف اللیل الاخر ودبر الصلوات المکتوبة رواه
اور نسائی نے۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ کہا گیا یا رسول اللہ کون سی دعا بہت سنی جاتی ہے فرمایا درمیان پچھلی رات کے اور پیچھے فرض نماز وں کے روایت کیا

الترمذی وعن ابی مالک الاشعری قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان فی الجنة غرفا یری ظاهرها من
ترمذی نے۔ اور روایت ہے ابی مالک اشعری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق جنت میں محلیں ہیں کہ دکھا جاتا ہے جن کے باہر ہے

باطنها وباطنها من ظاهرها اعدها الله لمن الان الکلام واطعم الطعام وتابع الصیام وصلی باللیل والناس
اسکے اندر سے اور جو کہ اندر ہے اسکے باہر سے تیار کیا ہے انکو اللہ نے اس شخص کے لئے کہ نرمی کرے بات اور کھلاوے کھانا اور پے در پے روزہ رکھے اور نماز پڑھے رات کو اور لوگ

قيام رواه البيهقي في شعب الايمان وروى الترمذي عن علي نحوه وفي روايته لمن اطاب الكلام الفصل الثالث عن عبد الله

رات کو روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت کیا ترمذی نے حضرت علی سے مانند اس کے اور ایک روایت ترمذی میں واسطے اس شخص کے جو اچھی کرے بات تیسری فصل میں روایت ہے عبد اللہ

بن عمرو بن العاص قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم يا عبد الله لا تكن مثل فلان كان يقوم من الليل فترك

ابن عمرو ابن عاص سے کہا کہ فرمایا مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے عبد اللہ مت ہو مانند فلانے کے کہ تھا اٹھتا رات کو پھر چھوڑ دیا

قيام الليل متفق عليه وعن عثمان بن ابي العاص قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول كان لداود عليه السلام

اٹھنا رات کا اور روایت ہے عثمان ابن ابی عاص سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھا واسطے داود علیہ السلام کے

من الليل ساعة يوقظ فيها اهله يقول يا آل داود قوموا فصلوا فان هذه ساعة يستجيب الله عز وجل فيها الدعاء الا لساحر او

رات کو ایک وقت کہ جگاتے اس میں اپنے اہل و عیال کو کہتے اے داود کے لوگو اٹھو اور نماز پڑھو تحقیق یہ ایک وقت ہے کہ قبول کرتا ہے اللہ عز و جل اس میں دعا مگر جادوگر اور

عشار رواه احمد وعن ابي هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول افضل الصلوة بعد المفروضة صلوة في جوف

تحصیلدار کی دعا روایت کیا اس کو احمد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے افضل نمازوں میں بعد فرض کے نماز ہے درمیان

الليل رواه احمد وعنه قال جاء رجل الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال ان فلانا يصلي بالليل فاذا اصبح سرق فقال انه سينهاه

رات کے روایت کیا اس کو احمد نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا کہ تحقیق فلانا شخص نماز پڑھتا ہے رات کو پھر صبح کرتا ہے چوری کرتا ہے فرمایا تحقیق منع کرے گی اس کو

ما تقول رواه احمد والبيهقي في شعب الايمان وعن ابي سعيد وابي هريرة قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا

وہ چیز کہ کہتا ہے تو روایت کیا اس کو احمد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی سعید اور ابی ہریرہ سے دونوں نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ

ايقظ الرجل اهله من الليل فصليا او صلى ركعتين جميعا كتبا في الذاكرين والذاكرات رواه ابوداود وابن ماجه وعن

جگاوے شخص اپنی بی بی کو رات میں پھر دونوں نماز پڑھیں یا فرمایا پڑھے دو رکعت اکٹھے لکھے جاتے ہیں دونوں ذکر کرنے والے مردوں اور ذکر کرنے والی عورتوں میں روایت کیا اس کو ابو داود نے اور ابن ماجہ نے اور

ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اشراف امتي حملة القران واصحاب الليل رواه البيهقي في شعب الايمان

ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشراف میری امت کے اٹھانے والے قرآن کے ہیں اور رات والے روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں

وعن ابن عمر ان اباه عمر بن الخطاب كان يصلي من الليل ما شاء الله حتى اذا كان من اخر الليل ايقظ اهله للصلوة يقول لهم

اور روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق باپ ان کا عمر ابن خطاب تھے نماز پڑھتے رات کو جس قدر چاہتا اللہ یہاں تک کہ جس وقت ہوتی پچھلی رات جگاتے اپنی بی بی کو نماز کے واسطے فرماتے اپنے گھر والوں کو

الصلوة ثم يتلو هذه الاية وامر اهلك بالصلوة واصطبر عليها لا نسئلك رزقا نحن نرزقك والعاقبة للتقوى

پڑھو نماز پھر پڑھتے اس آیت کو اور حکم کر اپنے گھر والوں کو نماز کا اور آپ قائم رہ اس پر ہم نہیں مانگتے تجھ سے روزی ہم روزی دیتے ہیں تجھ کو اور آخر بھلا پرہیزگاری کا

رواه مالك باب القصد في العمل الفصل الاول عن انس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يفطر من الشهر حتى

روایت کیا اس کو مالک نے یہ باب ہے بیچ بیان میانہ روی کے عمل میں فصل پہلی روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افطار کرتے مہینے سے یہاں تک کہ

نظن ان لا يصوم منه شيئا ويصوم حتى نظن ان لا يفطر منه شيئا وكان لا تشاء ان تراه من الليل مصليا الا رايته ولا نائما

خیال کرتے ہم کہ نہ روزہ رکھیں گے اس میں کچھ اور روزہ رکھتے یہاں تک کہ خیال کرتے ہم کہ افطار نہ کریں گے اس میں کچھ اور تھے حضرت ایسے کہ چاہتا تو کہ دیکھے ان کو رات کو نماز پڑھتے مگر دیکھتا ان کو اور نہ سوتے ہوئے

الا رايته رواه البخاري وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم احب الاعمال الى الله ادومها وان قل متفق عليه

مگر دیکھتا ان کو روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت پیارا عملوں میں اللہ کے نزدیک جو عمل ہمیشہ ہو اگرچہ تھوڑا ہو

وعنها قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خذوا من الأعمال ما تطيقون فإن الله لا يمل حتى تملوا متفق عليه وعن

اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اختیار کرو عملوں میں سے وہ عمل کہ طاقت رکھو تحقیق اللہ نہیں تنگ ہوتا یہاں تک کہ تم تنگ ہو جاؤ ق اور روایت ہے

أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليصل أحدكم نشاطه وإذا فتر فليقعد متفق عليه وعن عائشة قالت قال رسول الله

انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہئے کہ نماز پڑھے ایک تمہارا اپنی خوشی تک اور جب ماندہ ہو تب بیٹھ جاوے ق اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ فرمایا رسول

صلى الله عليه وسلم إذا نعس أحدكم وهو يصلي فليرقد حتى يذهب عنه النوم فإن أحدكم إذا صلى وهو ناعس لا يدري لعله

صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اونگھے ایک تمہارا نماز کی حالت میں پھر چاہئے کہ سو رہے یہاں تک کہ جاتی رہے اس سے نیند پھر تحقیق ایک تمہارا جب نماز پڑھتا ہے وہ اونگھتے ہوئے نہیں جانتا شاید

يستغفر فيسب نفسه متفق عليه وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الدين يسر ولن يشاد الدين أحد

استغفار کرنے جاوے پھر گالی دے اپنی جان کو ق اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق دین آسان ہے اور ہرگز نہیں سختی کرتا دین میں کوئی

إلا غلبه فسددوا وقاربوا وأبشروا واستعينوا بالغدوة والروحة وشيء من الدلجة رواه البخاري وعن عمر قال قال

مگر غالب آتا ہے اس پر دین پھر میانہ روی کرو اور اللہ کی نزدیکی چاہو اور خوشخبری سناؤ اپنی جان کو اور مدد چاہو صبح اور شام اور کچھ تھوڑی رات کے چلنے سے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے عمر سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم من نام عن حزبه أو عن شيء منه فقرأه فيما بين صلاة الفجر وصلاة الظهر كتب له كأنما

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ سو جاوے اپنے سارے وظیفے سے یا اس میں سے تھوڑی چیز سے پھر اس کو پڑھے بیچ صبح کی نماز اور ظہر کی نماز کے تو لکھا جاتا ہے اس کے واسطے گویا

قرأه من الليل رواه مسلم وعن عمران بن حصين قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صل قائما فإن لم تستطع

کہ اس نے پڑھا اس کو رات کو روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے عمران ابن حصین سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھ کھڑے ہو کر پھر اگر نہ سکے تو

فقاعدا فإن لم تستطع فعلى جنب رواه البخاري وعنه أنه سأل النبي صلى الله عليه وسلم عن صلاة الرجل قاعدا قال إن

تو بیٹھ کر پھر اگر نہ سکے تو کروٹ لیتے ہوئے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے تحقیق اس نے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حال شخص کی نماز کا بیٹھے ہوئے فرمایا اگر

صلى قائما فهو أفضل ومن صلى قاعدا فله نصف أجر القائم ومن صلى نائما فله نصف أجر القاعد رواه البخاري الفصل

پڑھے کھڑے ہو کر تو وہ افضل ہے اور جو شخص پڑھے بیٹھے ہوئے تو اس کو ہے آدھا ثواب کھڑے رہنے والے کا اور جو پڑھے لیٹے ہوئے تو اس کو ہے آدھا ثواب بیٹھے والے کا روایت کیا بخاری نے فصل

الثاني عن أبي أمامة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من أوى إلى فراشه طاهرا وذكر الله حتى يدركه

دوسری روایت ہے ابی امامہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو شخص کہ جگہ لے اپنے بچھونے پر پاک ہو اور یاد کرے اللہ کو یہاں تک کہ آ جاوے

النعاس لم ينقلب ساعة من الليل يسأل الله فيها خيرا من خير الدنيا والآخرة إلا أعطاه إياه ذكره النووي في كتاب الأذكار

نیند نہیں کروٹ لیتا کسی وقت رات کو مانگے اللہ سے اس میں نیکی دنیا اور آخرت کی نیکیوں میں سے مگر دیتا ہے اس کو اللہ وہ نیکی ذکر کیا اس کو نووی نے کتاب الاذکار میں

برواية ابن السني وعن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عجب ربنا من رجلين رجل ثار عن

روایت سے ابن سنی کی اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوش ہوتا ہے پروردگار ہمارا دو شخص سے ایک شخص کہ اٹھا

وطائه ولحافه من بين حبه وأهله إلى صلاته فيقول الله لملائكته انظروا إلى عبدي ثار عن فراشه ووطائه من بين

اپنے نرم بچھونے اور اپنے لحاف سے بیچ اپنے محبوب اور اپنی جورو کے پاس سے نماز کی طرف پھر فرماتا ہے اللہ اپنے فرشتوں کو دیکھو میرے بندے کی طرف کہ اٹھا اپنے فرش اور اپنے نرم بچھونے سے اپنے

حبه وأهله إلى صلاته رغبة فيما عندي وشفقا مما عندي ورجل غزا في سبيل الله فانهزم مع أصحابه فعلم ما عليه

محبوب اور اپنی جورو کے پاس سے اپنی نماز کی طرف خواہش سے اس چیز کی جو میرے پاس ہے اور خوف سے اس عذاب کے جو میرے پاس ہے اور دوسرا آدمی کہ جہاد کیا اللہ کی راہ میں پھر شکست کھائی ساتھ اپنے یاروں کے پھر جانا کہ

فى الانهار ورهبة فى الرجوع فرجع حتى هريق دمه فيقول الله لملائكته انظروا الى عبدى رجع رغبة فيما عندى
بھاگ گئے ہیں اور کسقدر ثواب ہی پھر پھر کے ہیں پھر وہ ایسا لڑتا رہا کہ بہایا گیا خون اسکا پھر فرماتا ہی اللہ اپنے فرشتوں کو دیکھو میرے بندے کی طرف پھر آیا خوشی سے اسی چیز کی جو میرے پاس ہے

وشفقا مما عندى حتى هريق دمه رواه فى شرح السنة الفصل الثالث عن عبد الله ابن عمرو قال حدثت ان
اور خوف سے میرے عذاب کے جو میرے پاس ہے یہاں تک کہ بہایا گیا خون اسکا روایت کیا اسکو شرح سنہ میں ۔ فصل تیسری روایت ہی عبد اللہ ابن عمرو سے کہا کہ خبر دیا گیا میں کہ تحقیق

رسول الله صلى الله عليه وسلم قال صلوة الرجل قاعدا نصف الصلوة قال فاتيته فوجدته يصلى جالسا فوضعت يدى
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز شخص کی بیٹھے ہوئے برابر آدھی نماز کے ہی کہا عبد اللہ نے پھر آیا میں حضرت پاس تو پایا انکو نماز پڑھتے بیٹھے ہوئے پھر رکھا میں نے اپنا ہاتھ

على راسه فقال ما لك يا عبد الله بن عمرو قلت حدثت يا رسول الله انك قلت صلوة الرجل قاعدا على نصف الصلوة
سر مبارک پر حضرت کے تب فرمایا تجھکو کیا ہی اے عبد اللہ ابن عمرو میں نے کہا کہ خبر دیا گیا میں یا رسول اللہ کہ آپ نے فرمایا ہی نماز شخص کی بیٹھے ہوئے برابر آدھی نماز کے ہی اور

انت تصلى قاعدا قال اجل ولكنى لست كاحد منكم رواه مسلم وعن سالم بن ابى الجعد قال قال رجل من خزاعة ليتنى
آپ پڑھتے ہیں بیٹھے ہوئے فرمایا ہاں پر میں نہیں ہوں مانند ایک تمہارے کے ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہی سالم ابن ابی الجعد سے کہا کہ فرمایا ایک مرد نے قوم خزاعہ میں سے کیا اچھا ہو

صليت فاسترحت فكانهم عابوا ذلك عليه فقال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اقم الصلوة يا بلال ارحنا
کہ نماز پڑھتا میں تو آرام پاتا میں پھر گویا کہ لوگوں نے عیب پکڑا اس پر ۔ تب کہا اس مرد نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے اقامت کہہ نماز کی اے بلال راحت دے ہمکو

بها رواه ابو داؤد باب الوتر الفصل الاول عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوة الليل مثنى
اس سے ۔ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۔ یہہ باب ہی بیان میں وتر کے ۔ فصل پہلی روایت ہی ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز رات کی دو

مثنى فاذا خشى احدكم الصبح صلى ركعة واحدة توتر له ما قد صلى متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه
دو رکعت ہی پھر جب ڈرے ایک تمہارا صبح ہو جانے سے پڑھے ایک رکعت کہ وتر کر دالے اسکے واسطے اس نماز کو کہ تحقیق پڑھی ہی ۔ متفق ۔ اور روایت ہی اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم الوتر ركعة من اخر الليل رواه مسلم وعن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلى من الليل ثلث
وسلم نے وتر ایک رکعت ہی آخر رات کو ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہی حضرت عائشہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے رات کو

عشرة ركعة يوتر من ذلك بخمس لا يجلس فى شىء الا فى اخرها متفق عليه وعن سعد بن هشام قال انطلقت الى عائشة
تیرہ رکعت وتر کرتے ان میں سے پانچ رکعت نہ بیٹھتے کسی رکعت میں مگر اسکے آخر میں ۔ ق ۔ اور روایت ہی سعد ابن ہشام سے کہا کہ گیا میں حضرت عائشہ پاس

فقلت يا ام المؤمنين انبئينى عن خلق رسول الله صلى الله عليه وسلم قالت الست تقرأ القران قلت بلى قالت فان
پھر کہا میں نے اے ماں مومنوں کی خبر دو مجھکو خصلت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمایا کیا نہیں پڑھتا ہی تو قرآن کہا میں نے ہاں پڑھتا ہوں فرمایا پھر تحقیق

خلق نبى الله صلى الله عليه وسلم كان القران قلت يا ام المؤمنين انبئينى عن وتر رسول الله صلى الله عليه وسلم
خصلت نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تھی قرآن کہا میں نے اے ماں مومنوں کی خبر دو مجھکو وتر سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی

فقالت كنا نعد له سواكه وطهوره فيبعثه الله تعالى ما شاء ان يبعثه من الليل فيتسوك ويتوضأ ويصلى تسع ركعات
تب فرمایا تھے ہم لوگ تیار کرتے ان کے لئے مسواک انکی اور انکے وضو کا پانی پھر اٹھاتا انکو اللہ تعالے جب چاہتا کہ اٹھائے انکو رات کو پھر مسواک کرتے اور وضو کرتے اور نماز پڑھتے نو رکعتیں

لا يجلس فيها الا فى الثامنة فيذكر الله ويحمده ويدعوه ثم ينهض ولا يسلم ثم يصلى التاسعة ثم يقعد فيذكر الله ويحمده
نہ بیٹھتے ان میں مگر آٹھویں میں پھر یاد کرتے اللہ کو اور حمد کرتے اسکی اور دعا مانگتے اس سے پھر اٹھتے اور نہ سلام پھیرتے پھر نویں رکعت پڑھتے پھر بیٹھتے یاد کرتے اللہ کو اور حمد

ويدعوه ثم يسلم تسليما يسمعنا ثم يصلي ركعتين بعد ما يسلم وهو قاعد فتلك إحدى عشرة ركعة يا بني فلما

اور دعا مانگتے اسے پھر سلام پھیرتے ایسا سلام سناتے ہمکو پھر پڑھتے دو رکعتیں بعد سلام پھیرنے کے بیٹھے ہوئے پھر یہہ گیارہ رکعت ہوئیں اے میرے بچے ف پھر جب

أسن رسول الله صلى الله عليه وسلم وأخذ اللحم أوتر بسبع وصنع في الركعتين مثل صنيعه في الأولى فتلك تسع يا بني

بڑی عمر کے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور لیا گوشت ف وتر پڑھتے سات رکعت ف اور کرتے دو رکعتوں میں مانند کرنے اپنے پہلی صورت میں پھر یہہ نو ہوئیں رکعت اے میرے بچے

وكان النبي صلى الله عليه وسلم إذا صلى صلوة أحب أن يداوم عليها وكان إذا غلبه نوم أو وجع عن قيام الليل صلى من

اور تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب پڑھتے کوئی نماز دوست رکھتے تھے کہ ہمیشگی کریں اسپر اور تھے جب غالب ہوتی ان پر نیند یا بیماری رات کے اٹھنے سے نماز پڑھتے

النهار ثنتي عشرة ركعة ولا أعلم نبي الله صلى الله عليه وسلم قرأ القرآن كله في ليلة ولا صلى ليلة إلى الصبح ولا صام شهرا كاملا

دن کو بارہ رکعتیں اور نہیں جانتی میں نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ قرآن پڑھا ہو سارا ایک رات میں اور نہیں جانتی میں کہ نماز پڑھی ہو کسی رات کو صبح تک اور نہیں جانتی میں روزہ رکھا ہو

غير رمضان رواه مسلم وعن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اجعلوا آخر صلوتكم بالليل وترا رواه مسلم وعنه عن

سوا رمضان کے ف روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے انہوں نے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا کرو تم آخر نماز اپنی رات میں وتر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

النبي صلى الله عليه وسلم قال بادروا الصبح بالوتر رواه مسلم وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من خاف أن لا

نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جلدی پڑھو صبح کے پہلے وتر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ڈرے

يقوم من آخر الليل فليوتر أوله ومن طمع أن يقوم آخره فليوتر آخر الليل فإن صلوة آخر الليل مشهودة وذلك أفضل

اٹھ سکیگا آخر رات میں پھر چاہئے کہ وتر پڑھے اول رات میں اور جو شخص امید رکھے کہ اٹھیگا آخر رات میں پھر چاہئے کہ وتر پڑھے آخر رات میں پھر تحقیق نماز آخر رات کی حاضر کی گئی ہے ف اور یہہ افضل

رواه مسلم وعن عائشة قالت من كل الليل أوتر رسول الله صلى الله عليه وسلم من أول الليل وأوسطه وآخره وانتهى

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ سب حصوں میں رات کے وتر پڑھے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اول رات میں اور بیچ رات میں اور آخر رات میں اور ختم ہوا

وتره إلى السحر متفق عليه وعن أبي هريرة قال أوصاني خليلي بثلث صيام ثلثة أيام من كل شهر وركعتي الضحى وأن أوتر

وتر انکا پچھلے پہر تک ف اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ وصیت کی مجھکو میرے جانی دوست نے تین خصلتوں کی روزہ رکھنا تین دن کا ہر مہینے میں اور دو رکعت ضحی کی اور یہ کہ وتر پڑھوں

قبل أن أنام متفق عليه

الفصل الثاني

عن غضيف بن الحارث قال قلت لعائشة أرأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم

قبل اسکے کہ سوؤں میں ف ق فصل دوسری روایت ہے غضیف ابن حارث سے کہا کہ کہا میں نے حضرت عائشہ کو بھلا دیکھا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

كان يغتسل من الجنابة في أول الليل أم في آخره قالت ربما اغتسل في أول الليل وربما اغتسل في آخره قلت الله أكبر الحمد

کہ تھے غسل کرتے جنابت سے اول شب میں یا آخر شب میں کہا اکثر غسل کرتے اول شب میں اور اکثر غسل کرتے آخر شب میں کہا میں نے اللہ اکبر سب تعریف

لله الذي جعل في الأمر سعة قلت كان يوتر أول الليل أم في آخره قالت ربما أوتر في أول الليل وربما أوتر في آخره قلت الله أكبر

اللہ کو ہی جسنے کیا دین کے کام میں کشادگی کہا میں نے تھے وتر پڑھتے اول شب میں یا آخر شب میں کہا اکثر وتر پڑھتے اول شب میں اور اکثر وتر پڑھتے آخر شب میں کہا میں نے اللہ اکبر

الحمد لله الذي جعل في الأمر سعة قلت كان يجهر بالقراءة أم يخفت قالت ربما جهر به وربما خفت قلت الله أكبر الحمد

سب تعریف اللہ کو ہی جسنے کیا دین کے کام میں کشادگی کہا میں نے تھے پکار کر پڑھتے قرآن یا آہستہ کہا اکثر پکار کر پڑھتے قرآن اور اکثر آہستہ کہا میں نے اللہ اکبر سب تعریف

لله الذي جعل في الأمر سعة رواه أبو داود وروى ابن ماجة

الفصل الأخير

وعن عبد الله بن أبي قيس قال سألت عائشة

اللہ کو ہی جسنے کیا دین کے کام میں کشادگی روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے تمامی فصل اخیر ف اور روایت ہے عبداللہ ابن ابی قیس سے کہا کہ پوچھا میں نے حضرت عائشہ سے

بِكَمْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ قَالَتْ كَانَ يُوتِرُ بِأَرْبَعٍ وَثَلَاثٍ وَسِتٍّ وَثَلَاثٍ وَثَمَانٍ وَثَلَاثٍ وَعَشْرٍ وَثَلَاثٍ وَلَمْ يَكُنْ

کتنی رکعت تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر پڑھتے کہا تھے وتر پڑھتے ساتھ چار اور تین رکعت اور چھ اور تین اور آٹھ اور تین اور دس اور تین کے اور نہ تھے

يُوتِرُ بِأَنْقَصَ مِنْ سَبْعٍ وَلَا بِأَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوِتْرُ حَقٌّ

وتر پڑھتے کم سات رکعت سے اور نہ زیادہ تیرہ رکعت سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی ایوب سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وتر حق ہے

عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ فَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُوتِرَ بِخَمْسٍ فَلْيَفْعَلْ وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُوتِرَ بِثَلَاثٍ فَلْيَفْعَلْ وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُوتِرَ بِوَاحِدَةٍ فَلْيَفْعَلْ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

ہر مسلمان پر پھر جو کوئی دوست رکھے کہ وتر پڑھے پانچ رکعت پھر چاہیے کہ کرے اور جو کوئی دوست رکھے کہ وتر پڑھے تین پس چاہیے کہ کرے اور جو کوئی دوست رکھے کہ وتر پڑھے ایک رکعت پس چاہیے کہ کرے روایت کیا اسکو ابوداؤد

وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ فَأَوْتِرُوا يَا أَهْلَ الْقُرْآنِ رَوَاهُ

اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ طاق ہے دوست رکھتا ہے طاق کو پھر وتر پڑھو اے قرآن والو روایت کیا اسکو

التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ خَارِجَةَ بْنِ حُذَافَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ أَمَدَّكُمْ

ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے خارجہ ابن حذافہ سے کہا کہ نکل آئے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا تحقیق اللہ نے مدد کی تمہاری

بِصَلٰوةٍ هِيَ خَيْرٌ لَكُمْ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ الْوِتْرُ جَعَلَهُ اللّٰهُ لَكُمْ فِيمَا بَيْنَ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ إِلَى أَنْ يَطْلُعَ الْفَجْرُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَعَنْ

ایک نماز سے وہ نماز بہتر ہے تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے وہ نماز وتر ہے مقرر کیا اسکو اللہ نے تمہارے لئے اس وقت میں کہ درمیان نماز عشاء کی ہے طلوع فجر تک روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ہے

زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَامَ عَنْ وِتْرِهِ فَلْيُصَلِّ إِذَا أَصْبَحَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مُرْسَلًا وَعَنْ عَبْدِ

زید ابن اسلم سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ سو گیا اپنی وتر سے پھر چاہیے کہ پڑھے جب صبح کرے روایت کیا اسکو ترمذی نے مرسل اور روایت ہے

الْعَزِيزِ بْنِ جُرَيْجٍ قَالَ سَأَلْنَا عَائِشَةَ بِأَيِّ شَيْءٍ كَانَ يُوتِرُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ يَقْرَأُ فِي الْأُولَى بِسَبِّحِ اسْمَ

عبدالعزیز ابن جریج سے کہا کہ پوچھا ہم نے حضرت عائشہ سے کون سورتوں سے تھے وتر پڑھتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہا تھے پڑھتے پہلی رکعت میں سبح اسم

رَبِّكَ الْأَعْلَى وَفِي الثَّانِيَةِ بِقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ وَفِي الثَّالِثَةِ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ وَالْمُعَوِّذَتَيْنِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ

ربک الاعلیٰ اور دوسری رکعت میں قل یا ایہا الکافرون اور تیسری رکعت میں قل ہو اللہ احد اور معوذتین روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت کیا اسکو

النَّسَائِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزٰى وَرَوَاهُ أَحْمَدُ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَالدَّارِمِيُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَلَمْ يَذْكُرِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ وَعَنِ

نسائی نے عبدالرحمن ابن ابزی سے اور روایت کیا اسکو احمد نے ابی ابن کعب سے اور دارمی نے ابن عباس سے اور نہ ذکر کیا احمد اور دارمی نے معوذتین کا اور روایت ہے

الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَاتٍ أَقُولُهُنَّ فِي قُنُوتِ الْوِتْرِ اللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ

امام حسن ابن علی سے کہا سکھلائے مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنی لفظیں کہ کہوں میں انکو قنوت میں وتر کے یا الٰہی سیدھی راہ مجھکو دکھلا ان لوگوں میں کہ سیدھی راہ دکھلائی تو نے انکو

وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ وَبَارِكْ لِي فِيمَا أَعْطَيْتَ وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ فَإِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضٰى

اور آرام دے مجھکو ان لوگوں میں کہ آرام دیا تو نے انکو اور کام بنا میرا ان لوگوں میں کہ کام بنایا تو نے انکا اور برکت دے مجھکو اس چیز میں کہ بخشی ہے تو نے اور بچا مجھکو اس چیز کی برائی سے کہ مقدر کیا ہے تو نے پس تحقیق تو حکم کرتا ہے اور حکم نہیں کیا جاتا

عَلَيْكَ إِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ

تجھ پر تحقیق حال یہ ہے کہ نہیں ذلیل ہوتا وہ شخص کہ جسکو تو دوست رکھتا ہے بابرکت ہے تو اے ہمارے رب اور بلند ہے تو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے

أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَلَّمَ فِي الْوِتْرِ قَالَ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ

ابی ابن کعب سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سلام پھیرتے وتر میں کہتے پاکی ہے بادشاہ نہایت پاک کو روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے

وزاد ثلث مرات يطيل في الثالثة وفي رواية للنسائي عن عبد الرحمن بن ابزى عن ابيه قال كان يقول اذا سلم سبحان الملك القدوس

اور زیادہ کیا نسائی نے کہ تین بار کہتے دراز کرتے آواز اور ایک روایت ہے نسائی کی عبد الرحمن ابن ابزی سے اسنے نقل کیا اپنے باپ سے کہا کہ تھے حضرت کہتے جب سلام پھیرتے سبحان الملک القدوس

ثلثا ويرفع صوته بالثالثة وعن علي قال ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يقول في اخر وتره اللهم اني اعوذ برضاك من

تین بار اور بلند کرتے اپنی آواز کو تیسری بار ۔ اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے کہتے اپنی وتر کے آخر میں یا الٰہی پناہ مانگتا ہوں ساتھ رضا تیری کے

سخطك وبمعافاتك من عقوبتك واعوذ بك منك لا احصي ثناء عليك انت كما اثنيت على نفسك رواه ابو داود

غصہ تیرے سے اور ساتھ معاف کرنے تیرے کے عذاب تیرے سے اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے تجھ سے نہیں گن سکتا میں تعریف تیری تو ویسا ہے جیسا کہ تعریف کی تو نے اپنی ذات پر روایت کیا اسکو ابو داود

والترمذي والنسائي وابن ماجه

الفصل الثالث

عن ابن عباس قيل له هل لك في امير المؤمنين معاوية ما اوتر الا بواحدة

اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے ۔ فصل تیسری ۔ روایت ہے ابن عباس سے کہا گیا انکو کہ بھلا ہے تجھکو محبت امیر المومنین معاویہ سے نہیں وتر پڑھے مگر ایک رکعت

قال اصاب انه فقيه وفي رواية قال ابن ابي مليكة اوتر معوية بعد العشاء بركعة وعنده مولى لابن عباس فاتى ابن

کہا ابن عباس نے اچھا کیا بیشک وہ فقیہ ہے اور ایک روایت میں یوں ہے کہا ابن ابی ملیکہ نے وتر پڑھی معاویہ نے بعد عشا کے ایک رکعت اور ان کے پاس ایک غلام آزاد کیا ابن عباس کا تھا پھر وہ آیا ابن

عباس فاخبره فقال دعه فانه قد صحب النبي صلى الله عليه وسلم رواه البخاري وعن بريدة قال سمعت رسول

عباس کے پاس اور خبر دیا انکو تب کہا چھوڑ اسکو کیونکہ اسنے تحقیق صحبت رکھی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول

الله صلى الله عليه وسلم يقول الوتر حق فمن لم يوتر فليس منا الوتر حق فمن لم يوتر فليس منا الوتر حق فمن لم يوتر فليس

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے وتر حق ہے پھر جو نہ وتر پڑھے سو نہیں ہے ہمارے طریقہ پر وتر حق ہے پھر جو نہ وتر پڑھے سو نہیں ہے ہمارے طریقہ پر وتر حق ہے پھر جو نہ وتر پڑھے سو نہیں ہے

منا رواه ابو داود وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من نام عن الوتر او نسيه فليصل اذا ذكر واذا

ہمارے طریقہ پر روایت کیا اسکو ابو داود نے ۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص سو رہے وتر سے یا بھول جاوے اسکو پھر چاہیے کہ پڑھے جب یاد آوے اور جب

استيقظ رواه الترمذي وابو داود وابن ماجه وعن مالك بلغه ان رجلا سال ابن عمر عن الوتر اواجب هو فقال عبد الله

جاگے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے امام مالک سے پہنچی انکو کہ تحقیق ایک شخص نے پوچھا عبد اللہ ابن عمر سے حال وتر کا کیا واجب ہے تب کہا عبد اللہ نے

قد اوتر رسول الله صلى الله عليه وسلم واوتر المسلمون فجعل الرجل يردد عليه وعبد الله يقول اوتر رسول الله صلى

تحقیق وتر پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور وتر پڑھی مسلمانوں نے پھر شروع کیا اس شخص نے بار بار پوچھنا اس سے اور عبد اللہ کہتے جاتے تھے کہ وتر پڑھی رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم واوتر المسلمون رواه في الموطا وعن علي قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يوتر بثلث يقرا فيهن بتسع

شرح سنۃ میں اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لحد ہمارے واسطے ہے اور شق ہمارے غیر کے واسطے ہے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابو داود اور نسائی اور ابن ماجہ نے

ورواہ احمد عن جریر بن عبد اللہ وعن ہشام بن عامر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یوم احد احفروا واوسعوا واعمقوا و

اور روایت کیا اس کو احمد نے جریر ابن عبد اللہ سے اور روایت ہے ہشام ابن عامر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دن جنگ احد کے کہ کھودو اور کشادہ کرو اور گہرا کرو اور

احسنوا وادفنوا الاثنین والثلاثۃ فی قبر واحد وقدموا اکثرھم قرآنا رواہ احمد والترمذی وابو داود والنسائی وروی ابن ماجۃ الی قولہ

اچھا بناؤ اور دفن کرو دو دو اور تین تین شخص کو ایک قبر میں اور آگے کرو جو ان میں زیادہ قرآن پڑھا ہو روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی اور ابو داود اور نسائی نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے اس کو

واحسنوا وعن جابر قال لما کان یوم احد جاءت عمتی بابی لتدفنہ فی مقابرنا فنادی منادی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ردوا القتلی الی مضاجعھم

واحسنوا تک اور روایت ہے جابر سے کہا کہ جب تھا دن احد کا لائی میری پھوپھی میرے باپ کو تاکہ دفن کرے اس کو ہمارے مقبرہ میں پس پکارا پکارنے والے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نے پھیر دو مقتولوں کو ان کی شہید گاہوں میں

رواہ احمد والترمذی وابو داود والنسائی والدارمی ولفظہ للترمذی وعن ابن عباس قال سل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی اور ابو داود اور نسائی اور دارمی نے اور لفظ اس حدیث کا ترمذی کا ہے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ نکالے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

مِنْ قِبَلِ رَأْسِهٖ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَعَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ قَبْرًا لَيْلًا فَأُسْرِجَ لَهٗ بِسِرَاجٍ فَأَخَذَ مِنْ قِبَلِ

اپنے سر کی طرف سے روایت کیا اسکو شافعی نے اور بیعا ہی ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم اترے ایک قبر میں رات کو پھر روشن کیا گیا انکے واسطے چراغ پھر لیا میت کو

الْقِبْلَةِ وَقَالَ رَحِمَكَ اللهُ إِنْ كُنْتَ لَأَوَّاهًا تَلَّاءً لِلْقُرْاٰنِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ إِسْنَادُهٗ ضَعِيْفٌ وَعَنِ

قبلہ کی طرف سے اور فرمایا رحمت کرے تجھ اللہ بیشک تھا تو بہت نرم دل بہت پڑھنے والا قرآن کا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا شرح سنت میں اسناد اسکی ضعیف ہے اور روایت ہے

ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أُدْخِلَ الْمَيِّتُ الْقَبْرَ قَالَ بِسْمِ اللهِ وَبِاللهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَعَلٰى سُنَّةِ

ابن عمر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے جس وقت رکھتے مردے کو قبر میں کہتے ساتھ نام اللہ کے اور ساتھ حکم اللہ کے اور اوپر شریعت رسول اللہ کے اور ایک روایت میں ہے اور اوپر سنت

رَسُوْلِ اللهِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوٰى أَبُوْ دَاوٗدَ الثَّانِيَةَ وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيْهِ مُرْسَلًا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ

رسول اللہ کے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا ابو داؤد نے دوسری روایت کو اور روایت ہے امام جعفر ابن امام محمد باقر سے انھوں نے نقل کی مرسل کہ تحقیق نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَثٰى عَلَى الْمَيِّتِ ثَلٰثَ حَثَيَاتٍ بِيَدَيْهِ جَمِيْعًا وَأَنَّهٗ رَشَّ عَلٰى قَبْرِ ابْنِهٖ إِبْرَاهِيْمَ وَوَضَعَ عَلَيْهِ حَصْبَاءَ رَوَاهُ

علیہ وسلم نے مٹی دی مردے کو تین لپین اپنے دونوں ہاتھ سے اور تحقیق حضرت نے پانی چھڑکا قبر پر اپنے بیٹے ابراہیم کی اور رکھیں قبر پر کنکریاں روایت کیا اسکو

فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرَوَى الشَّافِعِيُّ مِنْ قَوْلِهٖ رَشَّ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُجَصَّصَ الْقُبُوْرُ

شرح سنت میں اور روایت کیا شافعی نے اس حدیث کو رش کے لفظ سے اور روایت ہے جابر سے کہا منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ گچ کی جاویں قبریں

وَأَنْ يُكْتَبَ عَلَيْهَا وَأَنْ تُوْطَأَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْهُ قَالَ رُشَّ قَبْرُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ الَّذِيْ رَشَّ الْمَاءَ عَلٰى قَبْرِهٖ

اور یہ کہ لکھا جاوے اوپر اور یہ کہ کچلی جاویں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ پانی چھڑکی گئی قبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اور جس شخص نے پانی چھڑکا حضرت کی قبر پر

بِلَالُ بْنُ رَبَاحٍ بِقِرْبَةٍ بَدَأَ مِنْ قِبَلِ رَأْسِهٖ حَتَّى انْتَهٰى إِلٰى رِجْلَيْهِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ وَعَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ أَبِيْ

بلال ابن رباح تھا پانی چھڑکا مشک سے شروع کیا حضرت کے سر کی طرف سے یہاں تک کہ پہنچا حضرت کے دونوں پاؤں تک روایت کیا اسکو بیہقی نے دلائل النبوة میں اور روایت ہے مطلب ابن ابی

وَدَاعَةَ قَالَ لَمَّا مَاتَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ أُخْرِجَ بِجَنَازَتِهٖ فَدُفِنَ أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا أَنْ يَّأْتِيَهٗ بِحَجَرٍ فَلَمْ

وداعہ سے کہا کہ جب مرے عثمان ابن مظعون نکالا گیا جنازہ انکا اور دفن کیا گیا حکم کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کہ لاوے حضرت پاس ایک پتھر پھر نہ

يَسْتَطِعْ حَمْلَهَا فَقَامَ إِلَيْهَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَسَرَ عَنْ ذِرَاعَيْهِ قَالَ الْمُطَّلِبُ قَالَ الَّذِيْ يُخْبِرُنِيْ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ

سکا وہ شخص اٹھانے تب کھڑے ہوئے پتھر کی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آستین اٹھائی اپنے دونوں ہاتھوں کی کہا مطلب نے کہا اس شخص نے کہ خبر دیتا ہے مجھکو رسول اللہ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى بَيَاضِ ذِرَاعَيْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ حَسَرَ عَنْهُمَا ثُمَّ حَمَلَهَا فَوَضَعَهَا عِنْدَ

صلی اللہ علیہ وسلم سے گویا میں اب دیکھتا ہوں طرف سفیدی دونوں ہاتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جس وقت کہ آستین اٹھائی اس سے پھر اٹھایا پتھر اور رکھا اسکو

رَأْسِهٖ وَقَالَ أُعَلِّمُ بِهَا قَبْرَ أَخِيْ وَأَدْفِنُ إِلَيْهِ مَنْ مَّاتَ مِنْ أَهْلِيْ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى

اسکے سر کے پاس اور فرمایا نشان کرتا ہوں اس سے قبر کو اپنے بھائی کی اور دفن کرونگا اسکے پاس جو مریگا میرے گھر والوں میں سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے قاسم ابن محمد سے کہا آیا میں

عَائِشَةَ فَقُلْتُ يَا أُمَّاهُ اكْشِفِيْ لِيْ عَنْ قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبَيْهِ فَكَشَفَتْ لِيْ عَنْ ثَلٰثَةِ قُبُوْرٍ لَا مُشْرِفَةٍ

حضرت عائشہ پاس اور کہا میں نے اے میری ماں پردہ کھول دے میرے واسطے قبر سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور انکے دونوں یاروں کی پھر کھول دیا میرے واسطے تینوں قبروں سے تھیں قبریں نہ بلند

وَّلَا لَاطِئَةٍ مَبْطُوْحَةٍ بِبَطْحَاءِ الْعَرْصَةِ الْحَمْرَاءِ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ

اور نہ زمین برابر ملی ہوئی بچھائی ہوئی کنکریوں سے میدان سرخ کی روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے براء ابن عازب سے کہا کہ نکلے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنَازَةِ رَجُلٍ مِّنَ الْأَنْصَارِ فَانْتَهَيْنَا إِلَى الْقَبْرِ وَلَمَّا يُلْحَدْ بَعْدُ فَجَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ وَجَلَسْنَا

علیہ وسلم کے جنازے میں ایک شخص کے انصار میں سے پھر پہنچے ہم قبر تک اور لحد نہیں کھودی گئی تھی ابھی تک پھر بیٹھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سامنے قبلہ کے اور بیٹھے ہم

مَعَهُ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَزَادَ فِي آخِرِهِ كَأَنَّ عَلٰى رُؤُوْسِنَا الطَّيْرَ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ساتھ ان کے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور زیادہ کیا اسکے آخر میں گویا کہ ہمارے سروں پر پرندے ہیں اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ قَالَ كَسْرُ عَظْمِ الْمَيِّتِ كَكَسْرِهِ حَيًّا رَوَاهُ مَالِكٌ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ **الْفَصْلُ الثَّالِثُ** عَنْ أَنَسٍ قَالَ شَهِدْنَا بِنْتَ رَسُوْلِ

وسلم نے فرمایا توڑنا ہڈی مردے کی مثل توڑنے ہڈی زندے کی ہے یعنی گناہ میں روایت کیا اسکو مالک اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے فصل تیسری روایت ہے انس سے کہا کہ حاضر ہوئے ہم بیٹی کے دفن میں رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُدْفَنُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ عَلَى الْقَبْرِ فَرَأَيْتُ عَيْنَيْهِ تَدْمَعَانِ فَقَالَ هَلْ فِيْكُمْ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دفن کی جاتی تھی وہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے نزدیک قبر کے پھر دیکھا میں نے دونوں آنکھیں حضرت کی آنسو بہاتی تھیں پھر فرمایا کیا ہے تم میں

مِنْ أَحَدٍ لَمْ يُقَارِفِ اللَّيْلَةَ فَقَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ أَنَا قَالَ فَانْزِلْ فِي قَبْرِهَا فَنَزَلَ فِي قَبْرِهَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ

کوئی کہ نہ جماع کیا ہو آج کی رات تب کہا ابو طلحہ نے میں ہوں فرمایا پھر اتر اسکی قبر میں تب اترے ابو طلحہ اسکی قبر میں روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عمرو ابن عاص سے

قَالَ لِابْنِهِ وَهُوَ فِي سِيَاقِ الْمَوْتِ إِذَا أَنَا مِتُّ فَلَا تَصْحَبْنِيْ نَائِحَةٌ وَلَا نَارٌ فَإِذَا دَفَنْتُمُوْنِيْ فَشُنُّوْا عَلَيَّ التُّرَابَ شَنًّا ثُمَّ

اس نے کہا اپنے بیٹے کو اور حال یہ کہ وہ شروع موت میں تھے جب مروں میں پس نہ ساتھ ہو میرے نوحہ کرنے والی اور نہ آگ پھر جب دفن کرو مجھ کو تو ڈالنا مجھ پر مٹی تھوڑی تھوڑی پھر

أَقِيْمُوْا حَوْلَ قَبْرِيْ قَدْرَ مَا يُنْحَرُ جَزُوْرٌ وَيُقْسَمُ لَحْمُهَا حَتّٰى أَسْتَأْنِسَ بِكُمْ وَأَعْلَمَ مَاذَا أُرَاجِعُ بِهِ رُسُلَ رَبِّيْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

ٹھہرے رہو گرد میری قبر کے اس قدر کہ ذبح کیا جاوے اونٹ اور تقسیم کیا جاوے اسکا گوشت یہاں تک کہ آرام لوں میں تمہارے سبب سے اور جانوں کیا جواب دوں پھر اپنے رب کے فرشتوں کو روایت کیا اسکو مسلم نے

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِذَا مَاتَ أَحَدُكُمْ فَلَا تَحْبِسُوْهُ وَأَسْرِعُوْا بِهِ

اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمر سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جس وقت مر جائے ایک تمہارا پس نہ بند رکھو اسکو اور جلدی لیجاؤ اسکو

إِلٰى قَبْرِهٖ وَلْيُقْرَأْ عِنْدَ رَأْسِهٖ فَاتِحَةُ الْبَقَرَةِ وَعِنْدَ رِجْلَيْهِ بِخَاتِمَةِ الْبَقَرَةِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَقَالَ وَ

اسکی قبر تک اور چاہیے کہ پڑھا جاوے اسکے سر کے پاس شروع سورہ بقر کا اور نزدیک اسکے پاؤں کے خاتمہ سورہ بقر کا روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا

الصَّحِيْحُ أَنَّهُ مَوْقُوْفٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ بِالْحُبْشِيِّ وَهُوَ مَوْضِعٌ فَحُمِلَ

صحیح یہی ہے کہ یہ حدیث موقوف ہے ابن عمر پر اور روایت ہے ابی ملیکہ سے کہا جس وقت وفات دیے گئے عبد الرحمن ابن ابی بکر حبشی میں اور وہ ایک مقام ہے پھر اٹھا کر

إِلٰى مَكَّةَ فَدُفِنَ بِهَا فَلَمَّا قَدِمَتْ عَائِشَةُ أَتَتْ قَبْرَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ فَقَالَتْ **شعر** وَكُنَّا كَنَدْمَانَيْ جَذِيْمَةَ

لائے گئے طرف مکہ کی اور دفن کئے گئے مکہ میں پھر جب آئیں حضرت عائشہ تب آئیں قبر پر عبد الرحمن ابن ابی بکر کی اور پڑھیں یہ شعر اور تھے ہم مانند ہمنشین جذیمہ کے مدت

حِقْبَةً مِّنَ الدَّهْرِ حَتّٰى قِيْلَ لَنْ يَّتَصَدَّعَا فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا كَأَنِّيْ وَمَالِكًا لِطُوْلِ اجْتِمَاعٍ لَمْ نَبِتْ لَيْلَةً مَعًا ثُمَّ قَالَتْ وَاللّٰهِ لَوْ

دراز زمانے سے یہاں تک کہ کہا گیا ہرگز جدا نہ ہونگے پھر جب جدا ہوئے ہم گویا کہ میں اور مالک بعد دراز مدت ساتھ رہنے کے ایک رات بھی نہ گذری تھی ساتھ ۱۲ اور فرمایا قسم اللہ کی اگر

حَضَرْتُكَ مَا دُفِنْتَ إِلَّا حَيْثُ مُتَّ وَلَوْ شَهِدْتُكَ مَا زُرْتُكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَبِيْ رَافِعٍ قَالَ سَلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حاضر ہوتی میں تیرے پاس تو دفن نہ کیا جاتا تو مگر جس جگہ مرا تھا ۱۳ اور اگر حاضر ہوتی میں تیرے ساتھ وقت موت کے نہ زیارت کرتی تیری روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی رافع سے کہا کھینچا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ سَعْدًا وَرَشَّ عَلٰى قَبْرِهٖ مَاءً رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى عَلٰى جَنَازَةٍ ثُمَّ أَتَى

وسلم نے سعد کو قبر میں اور چھڑکا اسکی قبر پر پانی روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی ایک جنازہ پر پھر آئے

الْقَبْرِ فَحَثَى عَلَيْهِ مِنْ قِبَلِ رَأْسِهِ ثَلَاثًا رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ قَالَ رَآنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِئًا عَلَى

قبر پر اور دونو ہاتھ سے خاک ڈالی اسپر اسکی سر کی طرف سے تین بار روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے عمرو ابن حزم سے کہا کہ دیکھا مجھکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تکیہ کئے ہوئے

قَبْرٍ فَقَالَ لَا تُؤْذِ صَاحِبَ هٰذَا الْقَبْرِ أَوْ لَا تُؤْذِهِ رَوَاهُ أَحْمَدُ

قبر پر تب فرمایا ایذا نہ دے اس قبر والے کو یا فرمایا نہ ایذا دے اسکو روایت کیا اسکو احمد نے

بَابُ الْبُكَاءِ عَلَى الْمَيِّتِ

یہ باب بھی بیان میں رونے کے مردے پر

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

فصل پہلی

عَنْ أَنَسٍ قَالَ دَخَلْنَا

روایت ہے انس سے کہا کہ آئے ہم

مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَبِي سَيْفٍ الْقَيْنِ وَكَانَ ظِئْرًا لِإِبْرَاهِيمَ فَأَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِبْرَاهِيمَ

ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ابی سیف کے جو لوہار تھا پاس اور وہ تھا خاوند دائی ابراہیم کا پھر لیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابراہیم کو

فَقَبَّلَهُ وَشَمَّهُ ثُمَّ دَخَلْنَا عَلَيْهِ بَعْدَ ذٰلِكَ وَإِبْرَاهِيمُ يَجُودُ بِنَفْسِهِ فَجَعَلَتْ عَيْنَا رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَذْرِفَانِ فَقَالَ

پھر بوسہ دیا اسکو پھر آئے ہم اسکے پاس بعد اسکے اور ابراہیم سخاوت کرتے تھے اپنے جان کی پھر شروع کیا دونوں آنکھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنسو بہانا تب کہا

لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ وَأَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ يَا ابْنَ عَوْفٍ إِنَّهَا رَحْمَةٌ ثُمَّ أَتْبَعَهَا بِأُخْرَى فَقَالَ إِنَّ الْعَيْنَ تَدْمَعُ وَالْقَلْبَ

ان سے عبد الرحمن ابن عوف نے اور آپ بھی روتے ہیں یا رسول اللہ تب فرمایا اے ابن عوف تحقیق آنسو نشانی رحمت کی ہیں پھر پیچھے اسکے دوسری بار روئے اور فرمایا کہ تحقیق آنکھ آنسو بہاتی ہے اور دل

يَحْزَنُ وَلَا نَقُولُ إِلَّا مَا يَرْضَى رَبُّنَا وَإِنَّا بِفِرَاقِكَ يَا إِبْرَاهِيمُ لَمَحْزُونُونَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ أَرْسَلَتْ

غمگین ہوتا ہے اور نہیں کہتے ہم مگر وہ چیز کہ خوش ہو پروردگار ہمارا اور تحقیق ہم تیری جدائی سے اے ابراہیم البتہ غمگین ہیں ق ۔ اور روایت ہے اسامہ ابن زید سے کہا کہ آدمی بھیجا

ابْنَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهِ إِنَّ ابْنًا لِي قُبِضَ فَأْتِنَا فَأَرْسَلَ يُقْرِئُ السَّلَامَ وَيَقُولُ إِنَّ لِلّٰهِ مَا أَخَذَ وَلَهُ مَا أَعْطَى

بیٹی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حضرت کے پاس کہ تحقیق میرا بیٹا وفات دیا جاتا ہے سو آئے ہمارے پاس تب حضرت نے آدمی بھیجا کہتے ہیں سلام اور فرماتے ہیں کہ

وَكُلٌّ عِنْدَهُ بِأَجَلٍ مُسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ فَأَرْسَلَتْ إِلَيْهِ تُقْسِمُ عَلَيْهِ لَيَأْتِيَنَّهَا فَقَامَ وَمَعَهُ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَمُعَاذُ بْنُ

اور سب کے نزدیک اسکے ایک مدت مقرر تک پہنچا ہوا پھر چاہئے کہ صبر کرے اور چاہئے کہ امید ثواب کی رکھے پھر زینب نے بھیجا آدمی حضرت پاس قسم دیکر کہ تشریف لاویں اسکے پاس پھر کھڑے ہوئے اور انکے ساتھ سعد ابن عبادہ اور معاذ ابن

جَبَلٍ وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَرِجَالٌ فَرُفِعَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّبِيُّ وَنَفْسُهُ تَتَقَعْقَعُ فَفَاضَتْ

جبل اور ابی ابن کعب اور زید ابن ثابت اور کئی شخص پھر اٹھا کے لایا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس وہ لڑکا اور جان اسکی نکلتی تھی پھر آنسو بہایا

عَيْنَاهُ فَقَالَ سَعْدٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا هٰذَا فَقَالَ هٰذِهِ رَحْمَةٌ جَعَلَهَا اللّٰهُ فِي قُلُوبِ عِبَادِهِ فَإِنَّمَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ

انکی دونو آنکھوں نے تب کہا سعد نے یا رسول اللہ کیا ہے یہ رونا تب فرمایا یہ نشان رحمت کا ہے کہ رکھا ہے اللہ نے دلوں میں بندوں کے پھر رحمت نہیں کرتا ہے اللہ اپنے بندوں میں سے مگر

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ اشْتَكَى سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ شَكْوَى لَهُ فَأَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُهُ مَعَ

رحم کرنے والوں پر ق ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمر سے کہا کہ بیمار ہو سعد ابن عبادہ اس بیماری کہ جو انکو تھی پھر آئے انکے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیمار پرسی کو انکے ساتھ

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَسَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ فَوَجَدَهُ فِي غَاشِيَةٍ فَقَالَ قَدْ قُضِيَ

عبد الرحمن ابن عوف اور سعد ابن ابی وقاص اور عبد اللہ ابن مسعود کے پھر جب تشریف لائے ان کے پاس تو پایا ان کو سخت بیماری میں کہا تحقیق فوت ہو گئے

قَالُوا لَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَبَكَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَأَى الْقَوْمُ بُكَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكَوْا فَقَالَ أَلَا

کہا صحابہ نے نہیں یا رسول اللہ پھر روئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سو جب دیکھا لوگوں نے رونا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا روئے سب تب فرمایا کیا نہیں

تَسْمَعُونَ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى لَا يُعَذِّبُ بِدَمْعِ الْعَيْنِ وَلَا بِحُزْنِ الْقَلْبِ وَلٰكِنْ يُعَذِّبُ بِهٰذَا وَأَشَارَ إِلَى لِسَانِهِ أَوْ يَرْحَمُ

سنتے ہو تم کہ تحقیق اللہ تعالیٰ نہیں عذاب کرتا ہے آنکھ کے آنسو سے اور غم سے دل کے ولیکن عذاب کرتا ہے ساتھ اسکے اور اشارہ کیا اپنی زبان کی طرف یا رحم کرتا ہے

وان المیت لیعذب ببکاء اهله متفق علیه وعن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس منا من ضرب
اور تحقیق میت عذاب کیا جاتا ہے بسبب رونے اس کے لوگوں کے ق ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے ہم میں سے جو کوئی مارے

الخدود وشق الجیوب ودعا بدعوی الجاهلیة متفق علیه وعن ابی بردة قال اغمی علی ابی موسی فاقبلت امرأته ام عبد الله تصیح
رخساروں کو اور چیرے گریبانوں کو اور پکارے پکارنا جاہلیت کی ق ۔ اور روایت ہے ابی بردہ سے کہا کہ بے ہوشی کی گئی ابی موسی پر پھر آگے آئی انکی عورت ام عبد اللہ چلاتی

برنة ثم افاق فقال الم تعلمی وكان یحدثها ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال انا بریء ممن حلق وصلق وخرق متفق علیه ولفظه
رونے کی آواز سے پھر ہوش میں آئے اور کہا کیا نہیں جانتی ہے تو اور تھے حدیث کہتے اسکو کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں بیزار ہوں اس شخص سے کہ سر منڈائے اور چلا کر روئے اور کپڑا پھاڑے ق اور لفظ اسکا

لمسلم وعن ابی مالك الاشعری قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اربع فی امتی من امر الجاهلیة لا یترکونهن الفخر فی الاحساب
مسلم کا ہے ۔ اور روایت ہے ابی مالک اشعری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار چیزیں ہیں میری امت میں جاہلیت کے کام سے کہ نہ چھوڑیں گے انکو فخر کرنا حسب میں

والطعن فی الانساب والاستسقاء بالنجوم والنیاحة وقال النائحة اذا لم تتب قبل موتها تقام یوم القیمة وعلیها سربال
اور طعنہ کرنا لوگوں کے نسب میں اور پانی مانگنا ساتھ ستاروں کے اور نوحہ کرنا اور فرمایا عورت نوحہ کرنے والی جب نہ توبہ کرے قبل اپنی موت کے کھڑی کی جاوے گی قیامت کے دن اور اوپر اسکے کرتا

من قطران ودرع من جرب رواه مسلم وعن انس قال مر النبی صلی الله علیه وسلم بامرأة تبکی عند قبر فقال اتقی
گندھک کا اور کرتا خارشت کا ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا گذرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک عورت کے پاس کہ وہ روتی تھی ایک قبر کے پاس فرمایا ڈر

الله واصبری قالت الیك عنی فانك لم تصب بمصیبتی ولم تعرفه فقیل لها انه النبی صلی الله علیه وسلم فاتت
اللہ سے اور صبر کر کہا اس نے کنارہ ہو مجھ سے اس واسطے کہ تو مصیبت نہیں پہنچا گیا مانند مصیبت میری کے اور نہ پہچانا اس عورت نے حضرت کو تب لوگوں نے کہا اسکو تحقیق یہ نبی ہیں صلی اللہ علیہ وسلم پھر آئی وہ عورت

باب النبی صلی الله علیه وسلم فلم تجد عنده بوابین فقالت لم اعرفك فقال انما الصبر عند الصدمة الاولی متفق
دروازہ پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر نہ پایا نزدیک حضرت کے دربانوں کو تب اسنے کہا کہ نہیں پہچانا میں نے آپکو تب حضرت نے فرمایا کہ صبر پسند نہیں ہے مگر نزدیک شروع صدمے کے

علیه وعن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یموت لمسلم ثلثة من الولد فیلج النار الا تحلة القسم متفق علیه
ق ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں مرتے کسی مسلمان کے تین شخص لڑکے فرزندوں سے پھر داخل ہو وہ آگ میں مگر واسطے کھولنے قسم کے ق

وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لنسوة من الانصار لا یموت لاحداکن ثلثة من الولد فتحتسبه الا دخلت الجنة
اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنی عورتوں کو انصار میں سے کہ نہیں مرتا ہے تم میں کسی کا تین فرزند پھر طلب ثواب کی کرے اس پر مگر داخل ہوتی ہے بہشت میں

فقالت امرأة منهن او اثنان یا رسول الله قال او اثنان رواه مسلم وفی روایة لهما ثلثة لم یبلغوا الحنث وعنه قال قال
تب کہا ایک عورت نے ان میں سے یا دو بھی یا رسول اللہ فرمایا دو بھی روایت کیا اسکو مسلم نے اور ایک روایت میں بخاری مسلم کی ہے کہ تین فرزند کہ نہ پہنچے ہوں بلوغ کو ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول الله ما لعبدی المؤمن عندی جزاء اذا قبضت صفیه من اهل الدنیا ثم احتسبه الا الجنة رواه
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرماتا ہے اللہ نہیں ہے بندہ مومن کو میرے پاس بدلا جس وقت کہ مارلوں میں اسکے پیارے کو دنیا والوں سے پھر وہ طلب ثواب کی کرے اس سے مگر بہشت روایت کیا اسکو

البخاری الفصل الثانی عن ابی سعید الخدری قال لعن رسول الله صلی الله علیه وسلم النائحة والمستمعة رواه
بخاری نے ۔ فصل دوسری روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ لعنت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نوحہ کرنے والی عورت پر اور نوحہ سننے والی کو روایت کیا اسکو

ابوداود وعن سعد بن ابی وقاص قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم عجب للمؤمن ان اصابه خیر حمد الله وشكر
ابو داود نے ۔ اور روایت ہے سعد ابن ابی وقاص سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت عجیب حال ہے مومن کا اگر پہنچے اسکو بھلائی تعریف کرے اللہ کی اور شکر کرے

وإن أصابته مصيبة حمد الله وصبر فالمؤمن يؤجر في كل أمره حتى في اللقمة يرفعها إلى في امرأته رواه البيهقي
اور اگر پہنچے اسکو مصیبت تعریف کرے اللہ کی اور صبر کرے پھر مومن ثواب دیا جاتا ہے اپنے سب کاموں میں یہاں تک کہ لقمہ میں کہ اٹھاوے اسکو اپنی عورت کے منہ کی طرف روایت کیا اسکو بیہقی نے

في شعب الإيمان وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من مؤمن إلا وله بابان باب يصعد منه
شعب الایمان میں اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کوئی مومن مگر کہ اسکے لئے دو دروازے ہیں ایک دروازہ ہے کہ اوپر چڑھتا ہے اس سے

عمله وباب ينزل منه رزقه فإذا مات بكيا عليه فذلك قوله تعالى فما بكت عليهم السماء والأرض رواه
عمل اسکا اور ایک دروازہ ہے کہ اترتی ہے اس سے روزی اسکی سو جب مر جاتا ہے روتے ہیں دونوں دروازے اسپر پھر یہی ہے قول اللہ تعالیٰ کا پھر نہ رویا ان پر آسمان اور زمین روایت کیا اسکو

الترمذي وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من كان له فرطان من أمتي أدخله الله بهما الجنة
ترمذی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ہوں اسکے لئے دو فرط میری امت میں سے داخل کرے اسکو اللہ سبب ان دونوں کے جنت میں

فقالت عائشة فمن كان له فرط من أمتك قال ومن كان له فرط يا موفقة فقالت فمن لم يكن
تب کہا عائشہ نے پھر جو شخص کہ ہو واسطے اسکے ایک فرط آپ کی امت میں سے فرمایا اور جو شخص کہ ہو اسکے لئے ایک فرط اے توفیق دی گئی ف۳ تب کہا جو شخص کہ نہ ہو

له فرط من أمتك قال فأنا فرط أمتي لن يصابوا بمثلي رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن أبي موسى
اسکے لئے ایک فرط بھی آپ کی امت میں سے فرمایا پھر میں ہوں فرط اپنی امت کا ف کہ ہرگز مصیبت نہیں دیئے گئے وہ لوگ میری مصیبت کے مانند روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا

الأشعري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا مات ولد العبد قال الله تعالى لملائكته قبضتم ولد عبدي
اشعری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ مرتا ہے فرزند بندے کا فرماتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں کو قبض کیا تم نے لڑکا میرے بندے کا

فيقولون نعم فيقول قبضتم ثمرة فؤاده فيقولون نعم فيقول ماذا قال عبدي فيقولون حمدك واسترجع فيقول
تب کہتے ہیں فرشتے ہاں تب فرماتا ہے قبض کیا تم نے میوہ اسکے دل کا تب کہتے ہیں ہاں تب فرماتا ہے کیا کہا میرے بندے نے تب کہتے ہیں تعریف کی تیری اور انا للہ وانا الیہ راجعون کہا

الله ابنوا لعبدي بيتا في الجنة وسموه بيت الحمد رواه أحمد والترمذي وعن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله
اللہ بناؤ میرے بندے کے واسطے ایک گھر بہشت میں اور نام رکھو اس گھر کا بیت الحمد روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من عزى مصابا فله مثل أجره رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث غريب لا نعرفه
صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ تسلی دے مصیبت زدے کو تو اسکے لئے ہے مانند ثواب مصیبت زدے کے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے

مرفوعا إلا من حديث علي بن عاصم الراوي وقال ورواه بعضهم عن محمد بن سوقة بهذا الإسناد موقوفا
مرفوع مگر حدیث علی ابن عاصم سے جو راوی کا ہے اور کہا ترمذی نے اور روایت کیا اس حدیث کو بعضے راویوں نے محمد ابن سوقہ سے ساتھ اسی سند کے موقوف عبد اللہ ابن مسعود پر

وعن أبي برزة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من عزى ثكلى كسي بردا في الجنة رواه الترمذي وابن ماجه
اور روایت ہے ابی برزہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ تسلی دے ثکلی کو پہنایا جاوے لباس بہشت میں ف روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وقال هذا حديث غريب وعن عبد الله بن جعفر قال لما جاء نعي جعفر قال النبي صلى الله عليه وسلم اصنعوا
اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے عبد اللہ ابن جعفر سے کہا کہ جب آئی مرنے کی خبر جعفر کی فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تیار کرو

لآل جعفر طعاما فقد أتاهم ما يشغلهم رواه الترمذي وأبو داود وابن ماجه

الفصل الثالث

عن المغيرة
جعفر کی اولاد کے واسطے کھانا پھر بیشک آئی ہے انکو وہ چیز کہ بازرکھتی ہے انکو کھانا پکانے سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے ف فصل تیسری روایت ہے مغیرہ ابن شعبہ سے

شعبة قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول من نیح علیه فانه یعذب بما نیح علیه یوم القیمة متفق علیه

شعبہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جو شخص کہ نوحہ کیا جاتا ہے اس پر پھر تحقیق وہ عذاب کیا جاتا ہے ساتھ اس چیز کے کہ نوحہ کیا جاتا ہے اس پر قیامت کے دن

وعن عمرة بنت عبد الرحمن انها قالت سمعت عائشة وذکر لها ان عبد الله بن عمر یقول ان المیت لیعذب ببکاء الحی

اور روایت ہے عمرہ بنت عبد الرحمن سے کہ تحقیق اس نے کہا سنا میں نے حضرت عائشہ سے اس حالت میں کہ ذکر کیا گیا ان سے کہ تحقیق عبد اللہ ابن عمر کہتے ہیں کہ تحقیق میت عذاب کیا جاتا ہے سبب رونے زندہ کے

علیه یقول یغفر الله لابی عبد الرحمن اما انه لم یکذب ولکنه نسی او اخطأ انما مر رسول الله صلی الله علیه وسلم علی

اس پر فرماتی تھیں بخشے اللہ ابی عبد الرحمن کو خبردار ہو تحقیق انہوں نے جھوٹ نہیں کہا پر بھول گئے یا چوک گئے سوا اسکے نہیں ہے کہ گذرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

یهودیة یبکی علیها فقال انهم لیبکون علیها وانها لتعذب فی قبرها متفق علیه وعن عبد الله بن ابی ملیکة

ایک یہودی عورت کی قبر پر رویا جاتا تھا اس پر تب فرمایا تحقیق یہ لوگ روتے ہیں اس پر اور تحقیق وہ عذاب کی جاتی اپنی قبر میں ف ق اور روایت ہے عبد اللہ ابن ابی ملیکہ سے

قال توفیت بنت لعثمان بن عفان بمکة فجئنا لنشهدها وحضرها ابن عمر وابن عباس فانی جالس بینهما فقال

کہا کہ مری بیٹی عثمان ابن عفان کی مکہ میں پھر آئے ہم تاکہ حاضر ہوں اسکے جنازے پر اور حاضر ہوا اسکے جنازے پر ابن عمر اور ابن عباس اور تحقیق میں بیٹھا ہوا تھا ان دونوں کے بیچ میں

عبد الله بن عمر لعمرو بن عثمان وهو مواجهه الا تنهی عن البکاء فان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ان المیت

عبد اللہ ابن عمر نے واسطے عمرو ابن عثمان کے اور وہ ان کے سامنے تھے کیا نہیں منع کرتا ہے تو ف رونے سے پھر تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق میت

لیعذب ببکاء اهله علیه فقال ابن عباس قد کان عمر یقول بعض ذلک ثم حدث فقال صدرت مع عمر من مکة

عذاب کیا جاتا ہے سبب رونے کے اسکے گھر والوں کے اس پر تب کہا ابن عباس نے تحقیق تھے حضرت عمر کہتے کچھ اس میں سے ف پھر حدیث بیان کی ابن عباس نے اور کہا پھرا میں حضرت عمر کے مکہ سے

حتی اذا کنا بالبیداء فاذا هو برکب تحت ظل سمرة فقال اذهب فانظر من هؤلاء الرکب فنظرت فاذا هو

یہاں تک کہ جس وقت کہ پہنچے ہم بیداء میں ف پھر یکایک حضرت عمر کی نگاہ جا پڑی سواروں پر درخت سمرہ کے سایہ میں تب فرمایا حضرت عمر نے جا اور دیکھ کون ہیں یہ سوار پھر دیکھا میں نے تو وہ

صهیب قال فاخبرته فقال ادعه فرجعت الی صهیب فقلت ارتحل فالحق امیر المؤمنین فلما ان اصیب عمر

صہیب رومی ہیں کہا ابن عباس نے پھر خبر دیا میں نے ان کو تب فرمایا بلا اسکو سو پھرا میں صہیب پاس اور کہا میں نے چلو اور ملو امیر المؤمنین سے پھر جبکہ زخمی کئے گئے عمر

دخل صهیب یبکی یقول وا اخاه واصاحباه فقال عمر یا صهیب اتبکی علی وقد قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

داخل ہوئے صہیب روتے ہوئے کہتے تھے وای میرے بھائی وای میرے صاحب تب فرمایا عمر نے ای صہیب کیا روتا ہے تو مجھ پر اور حال یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

ان المیت لیعذب ببعض بکاء اهله علیه فقال ابن عباس فلما مات عمر ذکرت ذلک لعائشة فقالت یرحم

تحقیق میت عذاب کیا جاتا ہے سبب بعضے رونے کے گھر والوں کے اس پر تب کہا ابن عباس نے پھر جس وقت مرے حضرت عمر ذکر کیا میں نے اس کا حضرت عائشہ سے تب فرمایا رحم کرے

الله تعالی عمر لا والله ما حدث رسول الله صلی الله علیه وسلم ان المیت لیعذب ببکاء اهله علیه ولکن ان الله یزید

اللہ عمر پر ایسا نہیں ہے قسم اللہ کی نہیں حدیث فرمائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ میت عذاب کیا جاتا ہے سبب رونے سے گھر والوں کے اس پر ولیکن اللہ زیادہ کرتا ہے

للکافر عذابا ببکاء اهله وقالت عائشة حسبکم القرآن ولا تزر وازرة وزر اخری قال ابن عباس عند ذلک والله

کافروں کو عذاب بسبب رونے اسکے گھر والوں کے اور کہا حضرت عائشہ نے کفایت ہے تمکو قرآن ف اور نہیں اٹھاتا کوئی اٹھانے والا بوجھ دوسرے کا کہا ابن عباس نے اس بات پر اور

اضحک وابکی قال ابن ابی ملیکة فما قال ابن عمر شیئا متفق علیه وعن عائشة قالت لما جاء النبی صلی الله علیه وسلم قتل

ہنساتا ہے اور رلاتا ہے ف کہا ابن ابی ملیکہ نے پھر نہ کہا ابن عمر نے کچھ ف اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا جب کہ آئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر قتل ابن

حارثة وجعفر وابن رواحة جلس يعرف فيه الحزن وأنا أنظر من صائر الباب تعني شق الباب فأتاه رجل فقال إن نساء

حارثہ اور جعفر اور ابن رواحہ کی بیٹھے آپ ایسا جانا جاتا تھا آپ میں غم اور میں دیکھتی تھی دروازے کے سوراخ سے یعنے دروازے کے درز سے پھر آیا آپ کے پاس ایک شخص اور کہا کہ تحقیق عورتیں

جعفر وذكر بكاءهن فأمره أن ينهاهن فذهب ثم أتاه الثانية لم يطعنه فقال انههن فأتاه الثالثة قال والله

جعفر کی روتی ہیں اور ذکر کیا ان کے رونے کا سو حکم کیا اسکو کہ منع کرے انکو رونے سے پھر گیا وہ شخص پھر آیا دوسری بار کہا نہیں مانتیں پھر فرمایا منع کر انکو پھر آیا تیسری بار کہا قسم ہے اللہ کی

غلبننا يا رسول الله فزعمت أنه قال فاحث في أفواههن التراب فقلت أرغم الله أنفك لم تفعل ما أمرك رسول الله

غالب آئیں ہم پر یا رسول اللہ پھر کہا عائشہ نے پھر فرمایا ڈال انکے منہ میں خاک پھر کہا میں نے خاک آلودہ کرے اللہ تیری ناک نہ کیا تو نے جو حکم فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم ولم تترك رسول الله صلى الله عليه وسلم من العناء متفق عليه وعن أم سلمة قالت لما مات

صلی اللہ علیہ وسلم نے اور نہ خلاص کیا تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رنج سے ۳ ق ۔ اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ جب مر

أبو سلمة قلت غريب وفي أرض غربة لأبكينه بكاء يتحدث عنه فكنت قد تهيأت للبكاء عليه إذ أقبلت امرأة تريد

ابو سلمہ ف کہا میں نے کہ ابو سلمہ مسافر تھے اور مسافرت کی زمین میں البتہ روؤنگی ان پر ایسا رونا کہ لوگ ذکر کریں سو تیار ہوئی میں رونے کو ان پر کہ آئی ایک عورت چاہتی تھی

أن تسعدني فاستقبلها رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال أتريدين أن تدخلي الشيطان بيتا أخرجه الله منه

مدد کرے میری رونے میں پھر سامنے آئے اس عورت کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا کیا چاہتی ہے تو کہ داخل کرے شیطان کو اس گھر میں کہ نکالا اسکو اللہ نے جس سے

مرتين وكففت عن البكاء فلم أبك رواه مسلم وعن النعمان بن بشير قال أغمي على عبد الله بن رواحة فجعلت أخته

دو بار ف تب باز رہی میں رونے سے اور نہ روئی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے نعمان ابن بشیر سے کہا کہ بیہوشی آگئی عبد اللہ ابن رواحہ پر تو شروع کیا انکی بہن

عمرة تبكي واجبلاه واكذا واكذا تعدد عليه فقال حين أفاق ما قلت شيئا إلا قيل لي آنت كذلك زاد في رواية فلما مات لم

عمرہ نے رونے اور یہ کہنے افسوس میرے پہاڑ ای ایسے اور ای ایسے شمار کرتی تھی اسپر خوبیاں کہا ابن رواحہ نے جب ہوش میں آئے نہیں کہا تو نے کچھ مگر کہا گیا مجھ کو کیا تو ایسا ہی ہے

تبك عليه رواه البخاري وعن أبي موسى قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ما من ميت يموت فيقوم باكيهم فيقول

روئی اسپر روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی موسی سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے نہیں ہے کوئی مردہ کہ مرے پھر کھڑا ہو رونے والا انکا پھر کہے

واجبلاه واسيداه ونحو ذلك إلا وكل الله به ملكين يلهزانه ويقولان أهكذا كنت رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب

افسوس ای پہاڑ ای سردار اور مانند اسکے مگر مقرر کرتا ہے اللہ اسپر دو فرشتے کہ گھونسے مارتے ہیں اسکو اور کہتے ہیں کیا ایسا ہی تھا تو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب

حسن وعن أبي هريرة قال مات ميت من آل رسول الله صلى الله عليه وسلم فاجتمع النساء يبكين عليه فقام عمر ينهاهن

حسن ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ مرگیا ایک میت لوگوں میں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر جمع ہوئیں عورتیں روتی تھیں اسپر تو کھڑے ہو کر عمر منع کرنے لگے انکو

ويطردهن فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم دعهن يا عمر فإن العين دامعة والقلب مصاب والعهد قريب رواه أحمد والنسائي

اور ہانکنے لگے انکو تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دو انکو ای عمر اسواسطے کہ آنکھ آنسو گرانے والی ہے اور دل مصیبت زدہ ہے اور وقت مصیبت کا نزدیک ہے

وعن ابن عباس قال ماتت زينب بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم فبكت النساء فجعل عمر يضربهن بسوطه فأخره

اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ مریں زینب بیٹی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھر روئیں عورتیں تب شروع کیا عمر نے انکو مارنا اپنے کوڑے سے پھر ہٹایا عمر کو رسول اللہ

رسول الله صلى الله عليه وسلم بيده وقال مهلا يا عمر ثم قال إياكن ونعيق الشيطان ثم قال إنه مهما كان من العين ومن القلب

صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے اور فرمایا ٹھہر جا ای عمر پھر فرمایا عورتوں کو بچاؤ اپنی تئیں شیطان کی آواز سے ف پھر فرمایا کہ بیشک جو کچھ ہو آنکھ اور دل سے

فمن الله عزوجل ومن الرحمة وما كان من اليد ومن اللسان فمن الشيطان رواه احمد وعن البخاري تعليقا قال

سو اللہ عزوجل کی طرف سے ہے اور رحمت سے ہے اور جو کچھ ہو ہاتھ اور زبان سے سو شیطان سے ہے روایت کیا اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے بخاری سے بطریق تعلیق

لما مات الحسن بن الحسن بن علي ضربت امرأته القبة على قبره سنة ثم رفعت فسمعت صائحا يقول الا هل وجدوا

کہ جب حسن مثنیٰ بیٹے امام حسن ابن علی کے مر گئے تو ان کی عورت نے خیمہ ان کی قبر پر ایک برس تک لگائے رکھا پھر اٹھا لیا خیمہ پھر سنا اس نے ایک آواز کرنیوالے کو کہتا تھا کیا پایا

ما فقدوا فاجابه آخر بل يئسوا فانقلبوا وعن عمران بن حصين وابي برزة قالا خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه

جسکو کھویا تھا جواب دیا اسکو دوسرے نے نہیں بلکہ نا امید ہو کے اور پھر چلے ۔ اور روایت ہے عمران ابن حصین اور ابی برزہ سے دونوں نے کہا کہ نکلے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم في جنازة فرأى قوما قد طرحوا اردیتهم يمشون في قمص فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ابفعل الجاهلية

وسلم کے ایک جنازے میں پھر دیکھا حضرت نے ایک گروہ کو کہ پھینک دی تھیں اپنی چادریں چلتے تھے فقط پیراہن پہنے تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا جاہلیت کے کام

تأخذون او بصنيع الجاهلية تشبهون لقد هممت ان ادعو عليكم دعوة ترجعون في غير صوركم قال فاخذوا

عمل کرتے ہو یا ساتھ کام جاہلیت کے مشابہت کرتے ہو تحقیق قصد کیا میں نے یہ کہ بددعا کروں تم پر ایسی کہ ہو جاؤ تم اپنی دوسری صورت میں کہا راوی نے پھر لے لیں

اردیتهم ولم يعودوا لذلك رواه ابن ماجة وعن ابن عمر قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان تتبع جنازة

اپنی چادریں اور پھر نہ کیا ایسا کام روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہ ساتھ جایا جاوے جنازے کے

معها رانة رواه احمد وابن ماجة وعن ابي هريرة ان رجلا قال له مات ابن لي فوجدت عليه هل سمعت من خليلك

جسکے ساتھ نوحہ کرنے والی ہو روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کسی ایک مرد نے کہا انسے کہ مر گیا ایک بیٹا میرا سو غم کیا میں نے اس پر کیا سنا تم نے اپنے دوست

صلوات الله وسلامه عليه شيئا يطيب بانفسنا عن موتانا قال نعم سمعته صلى الله عليه وسلم قال صغارهم دعاميص

صلواۃ اللہ وسلامہ علیہ سے کوئی ایسی چیز کہ خوش کرے ہمارے دل کو ہمارے مردوں کی طرف سے کہا ہاں سنا میں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا چھوٹے لڑکے مسلمانوں کے

الجنة يلقى احدهم اباه فيأخذ بناحية ثوبه فلا يفارقه حتى يدخله الجنة رواه مسلم واحمد واللفظ له وعن ابي سعيد

بہشت کے ہیں ملاقات کریگا ایک انکا اپنے باپ کی اور پکڑ لیگا کونا اسکے کپڑے کا پھر جدا نہ ہو گا اس سے یہاں تک کہ داخل کریگا اسکو بہشت میں روایت کیا اسکو مسلم اور احمد نے اور لفظ احمد ہی کی روایت کے ہیں

قال جاءت امرأة الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله ذهب الرجال بحديثك فاجعل لنا من نفسك يوما

کہا کہ آئی ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور کہا یا رسول اللہ حصہ لے گئے مرد آپ کی حدیث سے سو مقرر کیجئے ہمارے واسطے اپنی ذات شریف سے ایک دن

نأتيك فيه تعلمنا مما علمك الله فقال اجتمعن في يوم كذا وكذا في مكان كذا وكذا فاجتمعن فاتاهن رسول الله صلى الله عليه

کہ آویں ہم آپ پاس اس میں سکھلاؤ آپ ہمکو اس چیز میں سے کہ سکھلایا آپکو اللہ نے پس فرمایا جمع ہو تم فلانے دن فلانی جگہ میں پھر جمع ہوئیں عورتیں تب آئے ان پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم فعلمهن مما علمه الله ثم قال ما منكن امرأة تقدم بين يديها من ولدها ثلثة الا كان لها حجابا من النار فقالت امرأة

وسلم اور سکھلایا ان کو اس چیز میں سے کہ سکھلایا ان کو اللہ نے پھر فرمایا نہیں تم میں سے کوئی عورت کہ بھیجے اپنے آگے اپنے فرزند تین مگر ہو گا اسکے لئے پردہ آگ سے تب کہا ایک عورت نے

منهن يا رسول الله او اثنين فاعادتها مرتين ثم قال واثنين واثنين واثنين رواه البخاري وعن معاذ بن جبل قال قال رسول

ان میں سے یا رسول اللہ یا دو ہی بھیجا ہو اور دہرا کے کہا یہ بات دو بار تب فرمایا اور دو ہی اور دو ہی اور دو ہی روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے معاذ ابن جبل سے کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم ما من مسلمين يتوفى لهما ثلثة الا ادخلهما الله الجنة بفضل رحمته اياهما فقالوا يا رسول الله

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہیں کوئی دو مسلمان کہ مرے دونوں کے تین لڑکے مگر داخل کریگا دونوں کو اللہ بہشت میں بسبب زیادتی رحمت اپنی کے ان دونوں پر عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ

أَوِ اثْنَيْنِ قَالَ أَوِ اثْنَانِ قَالُوا أَوْ وَاحِدٌ قَالَ أَوْ وَاحِدٌ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّ السِّقْطَ لَيَجُرُّ أُمَّهُ بِسَرَرِهِ إِلَى الْجَنَّةِ
یا دو مرین فرمایا دو بھی عرض کیا یا ایک ہی فرمایا یا ایک ہی پھر فرمایا قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری اسکے ہاتھ میں ہے کچا بچہ گرا ہوا کھینچیگا اپنی ماں کو اپنے ناف سے

إِذَا احْتَسَبَتْهُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ مِنْ قَوْلِهِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ
جب ثواب جانا ہو اسکے مرنے کے سبب روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے اسکے قول والذی نفسی بیدہ سے اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَدَّمَ ثَلٰثَةً مِنَ الْوَلَدِ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ كَانُوا لَهُ حِصْنًا حَصِينًا مِنَ النَّارِ فَقَالَ أَبُو ذَرٍّ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ آگے بھیجے تین شخص اپنے فرزندوں میں سے کہ نہ پہنچے ہوں گناہ کو تو ہوں گے اسکے لئے پناہ مضبوط آگ سے تب کہا ابوذر نے

قَدَّمْتُ اثْنَيْنِ قَالَ وَاثْنَيْنِ قَالَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ أَبُو الْمُنْذِرِ سَيِّدُ الْقُرَّاءِ قَدَّمْتُ وَاحِدًا قَالَ وَوَاحِدًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ
بھیجا ہے میں نے دو فرمایا اور دو بھی کہا ابی ابن کعب ابو منذر قاریوں کے سردار نے بھیجا ہے میں نے ایک فرمایا اور ایک بھی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَعَنْ قُرَّةَ الْمُزَنِيِّ أَنَّ رَجُلًا كَانَ يَأْتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ ابْنٌ لَهُ فَقَالَ لَهُ
اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے ٭ اور روایت ہے قرہ مزنی سے یہ کہ ایک مرد تھا آتا نبی صلے اللہ علیہ وسلم پاس اور اسکے ساتھ ہوتا ایک بیٹا اسکا تب فرمایا اسکو

النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتُحِبُّهُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ أَحَبَّكَ اللهُ كَمَا أُحِبُّهُ فَفَقَدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا فَعَلَ ابْنُ
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا دوست رکھتا ہے تو اسکو تب کہا یا رسول اللہ دوست رکھے تمکو اللہ جیسے کہ دوست رکھتا ہوں میں اسکو پھر نہ پایا اس لڑکے کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تب فرمایا کیا ہوا بیٹا

فُلَانٍ قَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ مَاتَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَا تُحِبُّ أَنْ لَا تَأْتِيَ بَابًا مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ إِلَّا وَجَدْتَهُ
فلانے کا عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ مر گیا تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہیں دوست رکھتا ہے تو کہ آوے تو کسی دروازہ پر بہشت کے دروازوں میں سے مگر پاوے تو

يَنْتَظِرُكَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللهِ لَهُ خَاصَّةً أَمْ لِكُلِّنَا قَالَ بَلْ لِكُلِّكُمْ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ
کہ انتظار کرتا ہے تیری تب کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ اسی کے واسطے ہے خاص یا ہم سب کے واسطے فرمایا بلکہ تم سب کے واسطے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے حضرت علی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ السِّقْطَ لَيُرَاغِمُ رَبَّهُ إِذَا أَدْخَلَ أَبَوَيْهِ النَّارَ فَيُقَالُ أَيُّهَا السِّقْطُ الْمُرَاغِمُ رَبَّهُ أَدْخِلْ أَبَوَيْكَ
صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق کچا حمل جھگڑا کریگا اپنے رب سے جب داخل کریگا اسکے ماں باپ کو آگ میں تب کہا جاوے گا اے کچے حمل جھگڑنے والے اپنے رب سے داخل کر اپنے

الْجَنَّةَ فَيَجُرُّهُمَا بِسَرَرِهِ حَتّٰى يُدْخِلَهُمَا الْجَنَّةَ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَقُولُ
بہشت میں تب کھینچے گا ماں باپ کو اپنے ناف سے یہاں تک کہ داخل کریگا دونوں کو بہشت میں روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہے ابی امامہ سے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا کہتا ہے

اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَا ابْنَ آدَمَ إِنْ صَبَرْتَ وَاحْتَسَبْتَ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُولٰى لَمْ أَرْضَ لَكَ ثَوَابًا دُونَ الْجَنَّةِ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ
اللہ برکت والا اور بزرگ اے بیٹے آدم کے اگر صبر کرے تو اور ثواب چاہے تو نزدیک شروع کوفت کے تو نہ راضی ہوں میں تیرے واسطے ثواب سوائے بہشت کے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

وَعَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ وَلَا مُسْلِمَةٍ يُصَابُ بِمُصِيبَةٍ فَيَذْكُرُهَا
اور روایت ہے حضرت امام حسین ابن علی سے کہ نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ نہیں کوئی مسلمان مرد اور مسلمان عورت کہ پہنچایا جاوے مصیبت پھر یاد کرے اسکو

وَإِنْ طَالَ عَهْدُهَا فَيُحْدِثُ لِذٰلِكَ اسْتِرْجَاعًا إِلَّا جَدَّدَ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لَهُ عِنْدَ ذٰلِكَ فَأَعْطَاهُ اللهُ
اگرچہ دراز ہو زمانہ مصیبت کا پھر سر نو کہے اسکے واسطے انا للہ وانا الیہ راجعون مگر تازہ ثواب دیتا ہے اللہ برکت والا بزرگ اسکے لئے نزدیک انا للہ کہنے کے پھر دیتا ہے اسکو اللہ

مِثْلَ أَجْرِهَا يَوْمَ أُصِيبَ بِهَا رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ
مانند اسکے ثواب کے کہ جس دن پہنچایا گیا تھا مصیبت کو روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم إذا انقطع شسع أحدكم فليسترجع فإنه من المصائب. وعن أم الدرداء قالت سمعت أبا الدرداء يقول سمعت أبا القاسم صلى الله عليه وسلم يقول إن الله تبارك وتعالى قال يا عيسى إني باعث من بعدك أمة إذا أصابهم ما يحبون حمدوا الله وإن أصابهم ما يكرهون احتسبوا وصبروا ولا حلم ولا عقل فقال يا رب كيف يكون هذا لهم ولا حلم ولا عقل فقال أعطيهم من حلمي وعلمي رواهما البيهقي في شعب الإيمان

باب زيارة القبور

الفصل الأول

عن بريدة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم نهيتكم عن زيارة القبور فزوروها ونهيتكم عن لحوم الأضاحي فوق ثلث فأمسكوا ما بدا لكم ونهيتكم عن النبيذ إلا في سقاء فاشربوا في الأسقية كلها ولا تشربوا مسكرا رواه مسلم

وعن أبي هريرة قال زار النبي صلى الله عليه وسلم قبر أمه فبكى وأبكى من حوله فقال استأذنت ربي في أن أستغفر لها فلم يؤذن لي واستأذنته في أن أزور قبرها فأذن لي فزوروا القبور فإنها تذكر الموت رواه مسلم

وعن بريدة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعلمهم إذا خرجوا إلى المقابر السلام عليكم أهل الديار من المؤمنين والمسلمين وإنا إن شاء الله بكم للاحقون نسأل الله لنا ولكم العافية رواه مسلم

الفصل الثاني

عن ابن عباس قال مر النبي صلى الله عليه وسلم بقبور بالمدينة فأقبل عليهم بوجهه فقال السلام عليكم يا أهل القبور يغفر الله لنا ولكم أنتم سلفنا ونحن بالأثر رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب

الفصل الثالث

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا كَانَ لَيْلَتُهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

روایت ہے حضرت عائشہؓ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ہوتی عائشہ کی باری کی رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نکلتے

يَخْرُجُ مِنْ اٰخِرِ اللَّيْلِ اِلَى الْبَقِيْعِ فَيَقُوْلُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ وَاَتَاكُمْ مَا تُوْعَدُوْنَ غَدًا مُؤَجَّلُوْنَ

نکلتے حضرت آخر رات کو بقیع کی طرف پس فرماتے سلام ہے تم پر ای مسلمانوں کے گھر والو اور آیا تمکو جو وعدہ دئے جاتے تھے تم کل یعنی قیامت کا مہلت دئے گئے ہو تم

وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاَهْلِ بَقِيْعِ الْغَرْقَدِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهَا قَالَتْ كَيْفَ اَقُوْلُ

اور ہم اگر چاہا اللہ نے تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں یا الٰہی بخش لوگوں کو غرقد والی بقیع کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کس طرح کہوں میں

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَعْنِيْ فِيْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ قَالَ قُوْلِيْ اَلسَّلَامُ عَلٰى اَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَيَرْحَمُ اللّٰهُ

یا رسول اللہ انکی مراد تھی کہ کیا پڑھوں قبروں کی زیارت میں فرمایا کہہ سلام ہے مومنوں اور مسلمانوں کے گھر والوں پر اور رحمت کرے اللہ

الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَاْخِرِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ

ہم سے پہلے گذرنے والوں اور پیچھے رہنے والوں پر اور تحقیق ہم اگر چاہا اللہ نے تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے محمد ابن نعمان سے

يَرْفَعُ الْحَدِيْثَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ زَارَ قَبْرَ اَبَوَيْهِ اَوْ اَحَدِهِمَا فِيْ كُلِّ جُمُعَةٍ غُفِرَ لَهٗ وَكُتِبَ بَرًّا رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ

وہ پہنچاتے تھے اس حدیث کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک کہا فرمایا جو شخص کہ زیارت کرے اپنے ماں باپ یا دونوں میں سے ایک کی قبر کو ہر جمعہ میں بخشا جاوے اسکے لئے اور لکھا جاوے نیکی کرنے والا روایت کیا اسکو بیہقی نے

فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ مُرْسَلًا وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ

شعب الایمان میں مرسل اور روایت ہے ابن مسعود سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا منع کیا تھا میں نے تمکو قبروں کی زیارت کرنے سے

فَزُوْرُوْهَا فَاِنَّهَا تُزَهِّدُ فِي الدُّنْيَا وَتُذَكِّرُ الْاٰخِرَةَ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

سو اب زیارت کرو قبروں کی اس واسطے کہ زیارت کرنا قبر کا بے رغبت کرتا ہے دنیا میں اور یاد دلاتا ہے آخرت کو روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ قَالَ لَعَنَ زَوَّارَاتِ الْقُبُوْرِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ

وسلم نے فرمایا لعنت کرے اللہ قبروں کی زیارت کرنے والی عورتوں پر روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن

صَحِيْحٌ وَقَالَ قَدْ رَاٰى بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ هٰذَا كَانَ قَبْلَ اَنْ يُّرَخِّصَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ

صحیح ہے اور کہا تحقیق اعتقاد کیا بعضے اہل علم نے کہ یہہ حدیث تھی قبل رخصت دینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قبروں کی زیارت میں

فَلَمَّا رَخَّصَ دَخَلَ فِيْ رُخْصَتِهِ الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ وَقَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّمَا كَرِهَ زِيَارَةَ الْقُبُوْرِ لِلنِّسَاءِ لِقِلَّةِ صَبْرِهِنَّ

پھر جب رخصت دی داخل ہوئے انکے رخصت دینے میں مرد اور عورتیں اور کہا بعضے اہل علم نے سوا اسکے نہیں ہے کہ مکروہ جانا قبروں کی زیارت عورتوں کے لئے کمی صبر

وَكَثْرَةِ جَزَعِهِنَّ تَمَّ كَلَامُهٗ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَدْخُلُ بَيْتِيَ الَّذِيْ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنِّيْ وَاضِعٌ ثَوْبِيْ

اور زیادتی بیقراری عورتوں کے تمام ہوا کلام ترمذی کا اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ تھی میں داخل ہوتی اپنے اس گھر میں جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور میں اتارتی

وَاَقُوْلُ اِنَّمَا هُوَ زَوْجِيْ وَاَبِيْ فَلَمَّا دُفِنَ عُمَرُ مَعَهُمْ فَوَاللّٰهِ مَا دَخَلْتُهٗ اِلَّا وَاَنَا مَشْدُوْدَةٌ عَلَيَّ ثِيَابِيْ حَيَاءً مِّنْ عُمَرَ رَوَاهُ اَحْمَدُ

اور کہتی کہ سوا اسکے نہیں کہ دفن ہیں زوج میرے اور باپ میرے پھر جب دفن کئے گئے عمر ان کے ساتھ پس قسم اللہ کی نہیں داخل ہوئی اس گھر میں مگر کہ کس کے بند ہا ہوا مجھ پر کپڑا میرا شرم کرنے سے عمر سے روایت کیا اسکو احمد نے

بِفَضْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى سُبْحَانَهٗ تَمَّ رُبْعُ الْاَوَّلُ مِنْ مِشْكٰوةِ الْمَصَابِيْحِ

كِتَابُ الزَّكوٰةِ اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

یہہ کتاب ہے زکوٰۃ کے مسئلوں کی فصل پہلی روایت ہے

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ اِنَّكَ تَاْتِيْ قَوْمًا اَهْلَ كِتَابٍ فَادْعُهُمْ

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا معاذ کو یمن کی طرف پھر فرمایا مقرر تو جاویگا کتاب والوں کے پاس سو بلا اُن کو

اِلَى الشَّهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِكَ فَاَعْلِمْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ

گواہی کی طرف اس بات کی کہ نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے اور مقرر محمد بھیجا ہوا اللہ کا ہے پھر اگر ان لیا اسکو تو خبر دے اُن کو کہ اللہ نے فرض کی ان پر پانچ نمازیں

فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِكَ فَاَعْلِمْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِيَائِهِمْ فَتُرَدُّ عَلٰى فُقَرَائِهِمْ

دن رات میں پھر اگر مان لیا انھوں نے اسکو تو خبر دے اُن کو کہ اللہ نے فرض کیا ان پر ایک صدقہ کہ لیا جاوے توانگر مسلمانوں سے پھر خرچ ہو فقیروں پر

فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِكَ فَاِيَّاكَ وَكَرَائِمَ اَمْوَالِهِمْ وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّهٗ لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

پھر اگر مان لیا انھوں نے اسکو تو بچا آپ کو خاصے مالوں سے ان کے اور ڈر مظلوم کی دعا سے کیونکہ مظلوم کی دعا میں اور اللہ میں نہیں ہے کوئی روک متفق علیہ اور روایت ہے

اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ صَاحِبِ ذَهَبٍ وَّلَا فِضَّةٍ لَا يُؤَدِّيْ مِنْهَا حَقَّهَا اِلَّا اِذَا كَانَ يَوْمُ

ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی مالک سونے اور روپے کا کہ نہ ادا کرے اس سے حق اسکا مگر جب ہوگا دن

الْقِيٰمَةِ صُفِّحَتْ لَهٗ صَفَائِحُ مِنْ نَّارٍ فَاُحْمِيَ عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَيُكْوٰى بِهَا جَنْبُهٗ وَجَبِيْنُهٗ وَظَهْرُهٗ كُلَّمَا بَرَدَتْ اُعِيْدَتْ

قیامت کا طیار ہوگا اسکے لئے سونا روپا پتر آگ کے بنکر پھر دہکائی جاویگی آگ دوزخ کی پھر داغ دیا جاویگا ان سے اسکا پہلو اور پیشانی اور پیٹھ جب ٹھنڈے ہو جاویں گے پھر گرم کئے جاوینگے

لَهٗ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ الْعِبَادِ فَيُرٰى سَبِيْلُهٗ اِمَّا اِلَى الْجَنَّةِ وَاِمَّا اِلَى النَّارِ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ

اسکے لئے ایسے دن میں کہ ہے لنباؤ اسکا پچاس ہزار برس کا یہاں تک کہ فیصلہ ہو بندوں کا پھر دکھائی جاویگی اسکو راہ اسکی یا بہشت کی طرف اور یا دوزخ کی طرف کہا لوگوں نے یا رسول

اللّٰهِ فَالْاِبِلُ قَالَ وَلَا صَاحِبُ اِبِلٍ لَا يُؤَدِّيْ مِنْهَا حَقَّهَا وَمِنْ حَقِّهَا حَلَبُهَا يَوْمَ وِرْدِهَا اِلَّا اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ بُطِحَ

اللہ پھر اونٹ فرمایا اور نہیں کوئی مالک اونٹ کا کہ نہ ادا کرے اس سے حق اسکا اور حقوق میں اونٹوں کے دودھ دوہنا ہے جس دن پانی پلایا جاوے ان کو مگر جب ہوگا قیامت کا دن اوندھا ڈالا جاویگا

لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ اَوْفَرَ مَا كَانَتْ لَا يَفْقِدُ مِنْهَا فَصِيْلًا وَّاحِدًا تَطَؤُهٗ بِاَخْفَافِهَا وَتَعَضُّهٗ بِاَفْوَاهِهَا كُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ اُوْلَاهَا رُدَّ

اسکو سامنے اونٹوں کے بڑے میدان برابر میں اونٹ خوب موٹے تازے ہونگے نہ گم کریگا ان میں سے ایک بچہ روندا کرینگے اپنے تلووں سے اور کاٹا کرینگے اسکو منہ سے جب گذر جاویگی اسپر پہلی جماعت

عَلَيْهِ اُخْرٰهَا فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ الْعِبَادِ فَيُرٰى سَبِيْلُهٗ اِمَّا اِلَى الْجَنَّةِ وَاِمَّا اِلَى النَّارِ

پچھلی پھر اس دن میں کہ لنباؤ اسکا پچاس ہزار برس کا ہے یہاں تک کہ فیصلہ ہو بندوں کا پھر دکھائی جاویگی اسکو راہ اسکی یا بہشت کی طرف اور یا دوزخ کی طرف

قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَالْبَقَرُ وَالْغَنَمُ قَالَ وَلَا صَاحِبُ بَقَرٍ وَّلَا غَنَمٍ لَا يُؤَدِّيْ مِنْهَا حَقَّهَا اِلَّا اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ

عرض کیا یا رسول اللہ پھر گائے اور بکری فرمایا اور نہیں کوئی گائے والا اور بکری والا کہ نہ ادا کرے ان میں سے حق ان کا مگر جب ہوگا قیامت کا دن

بُطِحَ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ لَا يَفْقِدُ مِنْهَا شَيْئًا لَيْسَ فِيْهَا عَقْصَاءُ وَلَا جَلْحَاءُ وَلَا عَضْبَاءُ تَنْطِحُهٗ بِقُرُوْنِهَا وَتَطَؤُهٗ بِاَظْلَافِهَا

اوندھا ڈالینگے اسکو سامنے انکے بڑے صاف میدان میں نہ گم کریگا ان میں سے کسی کو نہ ہوگی ان میں سینگ مڑی ہوئی اور بن سینگ کی اور سینگ ٹوٹی ماریگی اسکو اپنے سینگوں سے اور روندیگی اسکو اپنے کھروں سے

ابی ہریرہ رض سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی نے مال خرچ کر اے بیٹے آدم کے تاکہ زیادہ دوں مال تجھکو ٭ ق ٭ اور روایت ہے ابی امامہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا ابن آدم ان تبذل الفضل خير لك وان تمسكه شر لك ولا تلام على كفاف وابدأ بمن تعول
کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے آدم کے بیٹے اگر دے ڈالیگا تو حاجت سے زائد کو بھلا ہے تجھکو اور اگر رکھے تو اسکو برا ہے تجھکو اور ملامت نہیں تجھپر بقدر کفاف رکھنے میں اور ابتدا کر انسے جو تیرے عیال ہیں

رواه مسلم وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل البخيل والمتصدق كمثل رجلين عليهما جنتان
روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مثال بخیل اور سخی کی جیسی مثال دو مرد کی کہ ان پر دو زرہ ہیں

من حديد قد اضطرت ايديهما الى ثديهما وتراقيهما فجعل المتصدق كلما تصدق بصدقة انبسطت عنه
لوہے کی کہ جکڑ گئے ہیں زرہ کی تنگی سے ہاتھ انکے چھاتیوں تک اور گلے کی ہنسلیوں تک پھر لگا سخی جب صدقہ دینے کا قصد کرتا کھل گئی زرہ اس سے

وجعل البخيل كلما هم بصدقة قلصت واخذت كل حلقة بمكانها متفق عليه وعن جابر رض قال قال رسول
اور لگا بخیل جب قصد کرنے صدقہ دینے کا تنگ ہونے لگی زرہ اور ہر ہر حلقہ پکڑنے لگا اپنی جگہ کو ٭ ق ٭ اور روایت ہے جابر رض سے کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم اتقوا الظلم فان الظلم ظلمات يوم القيمة واتقوا الشح فان الشح اهلك من كان قبلكم
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بچو ظلم کرنے سے اسواسطے کہ سبب ظلم کے بہت سی تکلیفیں پہنچینگی قیامت کے دن اور بچو بخل اور حرص سے اسلیے کہ ہلاک کیا بخل اور حرص نے تمہارے اگلوں کو

حملهم على أن سفكوا دماءهم واستحلوا محارمهم رواه مسلم **وعن** حارثة بن وهب رض قال قال رسول الله صلى
اٹھایا ظلم نے ان کو آپس میں خونریزی کرنے پر اور حلال سمجھنے لگے ان چیزوں کو کہ حرام کیا تھا اللہ نے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے حارثہ ابن وہب رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم تصدقوا فإنه يأتي عليكم زمان يمشي الرجل بصدقته فلا يجد من يقبلها يقول الرجل لو جئت بها
اللہ علیہ وسلم نے صدقہ دو کیونکہ بیشک آویگا تم پر ایک زمانہ کہ لیجاویگا مرد اپنا صدقہ یعنی لوگوں کے پاس پھر نہ پاویگا اسکا لینے والا کہیگا جس کے پاس صدقہ لیجاویگا

بالأمس لقبلتها فأما اليوم فلا حاجة لي بها متفق عليه **وعن** أبي هريرة رض قال قال رجل يا رسول الله أي الصدقة أعظم
کل کے دن میں تو لیتا میں پھر بہر صورت آج کے دن تو حاجت نہیں مجھے اسکی ×ق× اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا کہا ایک مرد نے اے رسول اللہ کونسی خیرات بڑا

أجرا قال أن تصدق وأنت صحيح شحيح تخشى الفقر وتأمل الغنى ولا تمهل حتى إذا بلغت الحلقوم قلت لفلان كذا
ثواب رکھتی ہے فرمایا خیرات دینا تیرا اس حال میں کہ تو تندرست ہو بخیل ہو ڈرتا ہو محتاجی سے اور امید رکھتا ہو تونگری کی اور دیر مت کر یہانتک کہ جب پہنچے جان گلے میں تو کہے فلانے کو اتنا اور

ولفلان كذا وقد كان لفلان متفق عليه **وعن** أبي ذر رض قال انتهيت إلى النبي صلى الله عليه وسلم وهو جالس في
فلانے کو اتنا دینا اور ہو گئی ملک فلانے کی ×ق× اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہا جا نکلا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جس حال میں کہ آپ بیٹھے تھے

ظل الكعبة فلما رآني قال هم الأخسرون ورب الكعبة فقلت فداك أبي وأمي من هم قال هم الأكثرون
سایہ میں کعبہ کے پھر جب دیکھا حضرت نے مجھ کو فرمایا وہی نقصان پانے والے ہیں قسم کعبے کے رب کی پھر کہا میں نے تصدق ہوں تم پر ماں باپ میرے کون ہیں وہ فرمایا نقصان پانے

أموالا إلا من قال هكذا وهكذا وهكذا من بين يديه ومن خلفه وعن يمينه وعن شماله وقليل ما هم متفق عليه **الفصل**
مال ہی مگر جس نے خرچ کیا ایسا اور ایسا اور ایسا اشارہ فرمایا روبرو اور پیچھے اور داہنے اور بائیں اور فرمایا تھوڑے ہیں ایسے سخی لوگ ×ق× فصل

الثاني عن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم السخي قريب من الله قريب من الجنة قريب من الناس بعيد
دوسری × روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سخی آدمی نزدیک ہے اللہ سے نزدیک ہے بہشت سے نزدیک ہے لوگوں سے دور ہے

من النار والبخيل بعيد من الله بعيد من الجنة بعيد من الناس قريب من النار ولجاهل سخي أحب إلى الله من
دوزخ سے اور بخیل آدمی دور ہے اللہ سے اور دور ہے بہشت سے دور ہے لوگوں سے نزدیک ہے دوزخ سے اور بیشک بے علم سخی بہت پیارا ہے اللہ کو

عابد بخيل رواه الترمذي **وعن** أبي سعيد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لأن يتصدق المرء في حياته
بخیل عابد سے ×ق× روایت کیا اسکو ترمذی نے × اور روایت ہے ابو سعید رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے البتہ صدقہ دینا آدمی کا جیتے جی

بدرهم خير له من أن يتصدق بمائة عند موته رواه أبو داود **وعن** أبي الدرداء رض قال قال رسول الله صلى الله
ایک درہم بہتر ہے اسکے حق میں سو درہم صدقہ دینے سے مرتے دم روایت کیا اسکو ابو داؤد نے × اور روایت ہے ابی درداء رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم مثل الذي يتصدق عند موته أو يعتق كالذي يهدي إذا شبع رواه أحمد والنسائي والدارمي والترمذي
علیہ وسلم نے مثال صدقہ دینے والے کی مرتے دم یا آزاد کرنے والے کی جیسی مثال ہدیہ دینے والے کی جب پیٹ بھر چکا اسکا روایت کیا اسکو احمد اور نسائی اور دارمی اور ترمذی نے

وصححه **وعن** أبي سعيد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خصلتان لا تجتمعان في مؤمن البخل وسوء الخلق
اور صحیح کہا اسکو ترمذی نے × اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو خصلتیں مل کر نہیں ہوتیں مرد مومن میں ایک تو بخل اور دوسرے بدخلقی

رواه الترمذي **وعن** أبي بكر الصديق رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يدخل الجنة خب ولا بخيل
روایت کیا اسکو ترمذی نے × اور روایت ہے ابی بکر صدیق رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ جاویگا بہشت میں دغاباز فریبی اور بخیل

وَلَا مَنَّانٌ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرُّ مَا فِي الرَّجُلِ شُحٌّ هَالِعٌ وَجُبْنٌ خَالِعٌ

اور احسان جتانے والا قاطع رحم روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت بری خصلتوں سے آدمی کی دو خصلتیں ہیں ایک بخل ... دوسری نامردی

رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَسَنَذْكُرُ حَدِيثَ أَبِي هُرَيْرَةَ لَا يَجْتَمِعُ الشُّحُّ وَالْإِيمَانُ فِي كِتَابِ الْجِهَادِ إِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالَى الْفَصْلُ

روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور اب مذکور کرینگے ہم حدیث ابی ہریرہ کی جو مضمون اسکا یہ ہے کہ نہ جمع ہوگا بخل ایمان کے ساتھ کتاب الجہاد میں اگر چاہے اللہ تعالی فصل

الثَّالِثُ عَنْ عَائِشَةَ رض أَنَّ بَعْضَ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّنَا أَسْرَعُ بِكَ لُحُوقًا

تیسری • روایت ہے عائشہ رض سے مقرر بعضی بیبیاں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کون ہم میں سے پہلے آپ کے ملیگی

قَالَ أَطْوَلُكُنَّ يَدًا فَأَخَذُوا قَصَبَةً يَذْرَعُونَهَا فَكَانَتْ سَوْدَةُ أَطْوَلَهُنَّ يَدًا فَعَلِمْنَا بَعْدُ أَنَّمَا كَانَتْ طُولَ يَدِهَا الصَّدَقَةُ

فرمایا جسکا زیادہ لانبا ہوگا ہاتھ پھر ناپنے لگے گھر والے ایک لنبی لکڑی لیکر ہاتھ اپنے اپنے اور تھیں حضرت سودہ سب سے زیادہ لانبے ہاتھ والی سو جانا ہم نے بعد اسکے ہاتھ کی درازی سے صدقہ مراد تھا

وَكَانَتْ أَسْرَعَنَا لُحُوقًا بِهِ زَيْنَبُ وَكَانَتْ تُحِبُّ الصَّدَقَةَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِي رِوَايَةِ مُسْلِمٍ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ

اور تھیں ہم سبھوں سے جلدی ملنے والی حضرت بی بی زینب اور تھیں دوست رکھتی صدقہ دینے کو روایت کیا اسکو بخاری نے اور مسلم کی روایت میں یہ ہے کہا عائشہ نے فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْرَعُكُنَّ لُحُوقًا بِي أَطْوَلُكُنَّ يَدًا وَكَانَتْ يَتَطَاوَلْنَ أَيَّتُهُنَّ أَطْوَلُ يَدًا قَالَتْ فَكَانَتْ أَطْوَلَنَا يَدًا

صلی اللہ علیہ وسلم نے تم سبھوں سے جلدی ملنے والی مجھ سے وہ ہے کہ ہاتھ اسکا زیادہ لانبا ہو اور آپس میں جھگڑتی تھیں کہ کس کا ہاتھ زیادہ لانبا ہے پھر تھی ہم سب سے لانبے ہاتھ والی

زَيْنَبُ لِأَنَّهَا كَانَتْ تَعْمَلُ بِيَدِهَا وَتَصَدَّقُ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ

زینب کیونکہ وہ کام کرتی اپنے ہاتھ سے اور خیرات کرتی تھی • اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہا ایک مرد نے

لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ سَارِقٍ فَأَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلَى سَارِقٍ فَقَالَ

البتہ دونگا میں صدقہ پھر نکالا صدقہ اپنا اور رکھ دیا ہاتھ میں چور کے پھر صبح کو لوگ کہنے لگے کہ صدقہ دے گیا آج کی رات میں چور کو پھر کہا اس نے

اللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلَى سَارِقٍ لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ زَانِيَةٍ فَأَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ

اے اللہ حمد ہے تیرا چور کو صدقہ دینے پر البتہ دونگا میں صدقہ پھر نکالا صدقہ اپنا اور رکھ دیا ہاتھ میں زنا کرنے والی کے پھر صبح کو لوگ آپس میں ذکر کرنے لگے صدقہ دیا گیا

اللَّيْلَةَ عَلَى زَانِيَةٍ فَقَالَ اللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلَى زَانِيَةٍ لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ غَنِيٍّ فَأَصْبَحُوا

آج کی رات زانیہ عورت کو تب کہا اس مرد نے الٰہی تیرا حمد ہے زانیہ کو صدقہ دینے پر البتہ دونگا میں صدقہ پھر نکالا صدقہ اپنا اور رکھ دیا ہاتھ میں مالدار کے پھر صبح کو

يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلَى غَنِيٍّ قَالَ اللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلَى سَارِقٍ وَزَانِيَةٍ وَغَنِيٍّ فَأُتِيَ فَقِيلَ لَهُ أَمَّا صَدَقَتُكَ عَلَى

باتیں کرنے لگے لوگ کہ تصدق کیا گیا آج کی رات کو مالدار پر کہا اس نے اے اللہ تیرا حمد ہے صدقہ دینے پر چور اور زانیہ کو اور مالدار کو پھر کوئی خواب میں آکر کہا اسے تیرا صدقہ

سَارِقٍ فَلَعَلَّهُ أَنْ يَسْتَعِفَّ عَنْ سَرِقَتِهِ وَأَمَّا الزَّانِيَةُ فَلَعَلَّهَا أَنْ تَسْتَعِفَّ عَنْ زِنَاهَا وَأَمَّا الْغَنِيُّ فَلَعَلَّهُ أَنْ يَعْتَبِرَ

چور کو بیفائدہ نہیں شاید وہ باز آوے چوری کرنے سے اور بہر صورت زانیہ سو شاید وہ بچے زنا سے اس دن اور بہر صورت غنی سو شاید وہ عبرت پکڑے

فَيُنْفِقَ مِمَّا أَعْطَاهُ اللهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُهُ لِلْبُخَارِيِّ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَا رَجُلٌ بِفَلَاةٍ مِنَ

پھر خرچ کرنے لگے اپنے مال سے کہ دیا اسکو اللہ نے یہ حدیث متفق علیہ ہے اور عبارت اس حدیث کی بخاری کی ہے اور روایت ہے انہی سے آپ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا ایک وقت میں ایک مرد تھا بیابان

الْأَرْضِ فَسَمِعَ صَوْتًا فِي سَحَابَةٍ اسْقِ حَدِيقَةَ فُلَانٍ فَتَنَحَّى ذَلِكَ السَّحَابُ فَأَفْرَغَ مَاءَهُ فِي حَرَّةٍ فَإِذَا شَرْجَةٌ مِنْ تِلْكَ

زمین میں پھر سنا اس نے ایک آواز ابر میں کہ کوئی یہی کہتا ابر کو پانی برسا باغ میں فلانے شخص کے پھر وہاں سے ایک طرف چلا گیا وہ ابر اور برسا دیا اپنا پانی ایک پتھریلی زمین کو سو دیکھا تو یہ مرد کہ ایک نالی ان

الشِّرَاجِ قَدِ اسْتَوْعَبَتْ ذٰلِكَ الْمَاءَ كُلَّهُ فَتَتَبَّعَ الْمَاءَ فَإِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ فِي حَدِيقَتِهِ يُحَوِّلُ الْمَاءَ بِمِسْحَاتِهِ فَقَالَ لَهُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ

نالیوں میں سے ایک نالی گھیر لیتی ہے اس پانی کو تمام پھر پیچھے چلا وہ مرد اس پانی کے سو یکایک دیکھتا ہے کہ ایک مرد کھڑا ہے اپنے باغ میں پھراتا ہوا پانی کو اپنے پھاوڑے سے پھر کہا اس نے

مَا اسْمُكَ قَالَ فُلَانٌ لِلْاِسْمِ الَّذِي سَمِعَ فِي السَّحَابَةِ فَقَالَ لَهُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ لِمَ تَسْأَلُنِي عَنِ اسْمِي فَقَالَ إِنِّي سَمِعْتُ صَوْتًا

کیا نام ہے تیرا کہا فلانا وہی نام کہا کہ سنا تھا اس مرد نے ابر میں پھر کہا باغ والا اسکو اے بندے اللہ کے کیوں پوچھتا ہے مجھ سے میرا نام تب کہا اسنے میں نے سنی ایک آواز

فِي السَّحَابِ الَّذِي هٰذَا مَاؤُهُ يَقُولُ اسْقِ حَدِيقَةَ فُلَانٍ لِاسْمِكَ فَمَا تَصْنَعُ فِيهَا قَالَ أَمَّا إِذْ قُلْتَ هٰذَا فَإِنِّي أَنْظُرُ إِلٰى

ابر میں سے کہ یہ پانی جس ابر سے برسا ہے کہتا ہے کہ پانی دے باغ کو فلانے کے تیرا نام لیکر سو کیا کرتا ہے تو اس باغ میں کہا باغ والے نے جب تو نے مجھے کہا تو در کار نہ تھا کہ کہتا لیکن

مَا يَخْرُجُ مِنْهَا فَأَتَصَدَّقُ بِثُلُثِهِ وَآكُلُ أَنَا وَعِيَالِي ثُلُثًا وَأَرُدُّ فِيهَا ثُلُثَهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ **وَعَنْهُ** أَنَّهُ سَمِعَ

ملاحظہ کرتا ہوں اس باغ کے کہ کیا ہوتا ہے پھر تہائی اسکی خیرات کرتا ہوں اور کھاتا ہوں میں اور میرے بال بچے مل کر ایک تہائی اور خرچ کرتا ہوں اس باغ میں سے ایک تہائی کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہ سنا

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ ثَلٰثَةً مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَبْرَصَ وَأَقْرَعَ وَأَعْمٰى فَأَرَادَ اللّٰهُ أَنْ يَبْتَلِيَهُمْ فَبَعَثَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تحقیق تھے تین شخص بنی اسرائیل کی قوم سے ایک کوڑھی اور دوسرا گنجا اور تیسرا اندھا پھر ارادہ کیا اللہ نے انکی آزمائش کا سو بھیجا

إِلَيْهِمْ مَلَكًا فَأَتَى الْأَبْرَصَ فَقَالَ أَيُّ شَيْءٍ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ لَوْنٌ حَسَنٌ وَجِلْدٌ حَسَنٌ وَيَذْهَبُ عَنِّي الَّذِي

انکی طرف ایک فرشتے کو پھر آیا فرشتہ کوڑھی کے پاس اور کہا کونسی چیز زیادہ پیاری ہے تجھکو کہا کوڑھی نے اچھا رنگ اور پوست اور جاتی رہے مجھ سے گھن کی چیز

الَّذِي قَدْ قَذِرَنِي النَّاسُ قَالَ فَمَسَحَهُ فَذَهَبَ عَنْهُ قَذَرُهُ وَأُعْطِيَ لَوْنًا حَسَنًا وَجِلْدًا حَسَنًا قَالَ فَأَيُّ الْمَالِ

کہ گھناتے ہیں مجھ سے لوگ فرمایا حضرت نے پھر ہاتھ پھیرا اس پر سو جاتی رہی اس سے وہ گھناہٹ اور ملا اسکو رنگ اچھا اور پوست اچھا کہا فرشتے نے پھر کونسا مال

أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ الْإِبِلُ أَوْ قَالَ الْبَقَرُ شَكَّ إِسْحٰقُ إِلَّا أَنَّ الْأَبْرَصَ أَوِ الْأَقْرَعَ قَالَ أَحَدُهُمَا الْإِبِلُ وَقَالَ الْآخَرُ الْبَقَرُ فَأُعْطِيَ

زیادہ پیارا ہے تجھکو کہا اونٹ یا کہا گائے شک کیا اسحاق نے جو راوی ہے مگر کوڑھی نے یا گنجے نے کہا ایک نے اونٹ اور دوسرے نے کہا گائے پھر دی گئی اسکو

نَاقَةً عُشَرَاءَ فَقَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيهَا قَالَ فَأَتَى الْأَقْرَعَ فَقَالَ أَيُّ شَيْءٍ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ شَعْرٌ حَسَنٌ وَيَذْهَبُ

اونٹنی کہ اسکو دس مہینے کا حمل تھا پھر کہا فرشتے نے برکت دے اللہ تجھکو اس میں فرمایا حضرت نے پھر آیا فرشتہ گنجے کے پاس اور کہا کونسی چیز زیادہ پیاری ہے تجھکو کہا گنجے نے اچھے بال

عَنِّي هٰذَا الَّذِي قَدْ قَذِرَنِي النَّاسُ قَالَ فَمَسَحَهُ فَذَهَبَ عَنْهُ قَالَ وَأُعْطِيَ شَعْرًا حَسَنًا قَالَ فَأَيُّ الْمَالِ أَحَبُّ إِلَيْكَ

اور جاتی رہے مجھ سے یہ بیماری کہ گھناتے ہیں مجھ سے لوگ فرمایا حضرت نے پھر ہاتھ پھیرا فرشتے نے اس پر سو جاتی رہی وہ بیماری اس سے فرمایا حضرت نے پھر گئے اسکو بال اچھے کہا فرشتے نے پھر کونسا مال زیادہ پیارا ہے تجھکو

قَالَ الْبَقَرُ فَأُعْطِيَ بَقَرَةً حَامِلًا قَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيهَا قَالَ فَأَتَى الْأَعْمٰى فَقَالَ أَيُّ شَيْءٍ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ أَنْ يَرُدَّ

کہا اسنے گائے پھر دی گئی اسکو گائے حاملہ کہا فرشتے نے برکت دے اللہ تجھکو اس میں فرمایا حضرت نے پھر آیا فرشتہ اندھے کے پاس اور کہا کونسی چیز زیادہ پیاری ہے تجھکو کہا یہ کہ پھیر دیوے

اللّٰهُ إِلَيَّ بَصَرِي فَأُبْصِرُ بِهِ النَّاسَ قَالَ فَمَسَحَهُ فَرَدَّ اللّٰهُ إِلَيْهِ بَصَرَهُ قَالَ فَأَيُّ الْمَالِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ الْغَنَمُ فَأُعْطِيَ

اللہ میری آنکھ میں بصارت کہ دیکھوں میں اس سے لوگوں کو فرمایا حضرت نے پھر ہاتھ پھیرا فرشتہ اس پر پھر دوبارہ دے دیا اللہ نے اسکو اسکی آنکھ کی روشنی کہا فرشتے نے پھر کونسا مال بہت پیارا ہے تجھکو کہا اسنے بکری پھر دی گئی اسکو

شَاةً وَالِدًا فَأُنْتِجَ هٰذَانِ وَوَلَّدَ هٰذَا فَكَانَ لِهٰذَا وَادٍ مِنَ الْإِبِلِ وَلِهٰذَا وَادٍ مِنَ الْبَقَرِ وَلِهٰذَا وَادٍ مِنَ

بکری قریب جننے والی پھر اولاد بڑھائی اونٹ اور گائے کی ان دونوں نے اور اولاد بڑھائی بکری کی بکری والے نے سو ہوا کوڑھی کے پاس اونٹوں کا ایک گلہ اور گنجے کے پاس گایوں کا ایک گلہ اور اندھے کے پاس

الْغَنَمِ قَالَ ثُمَّ إِنَّهُ أَتَى الْأَبْرَصَ فِي صُورَتِهِ وَهَيْئَتِهِ فَقَالَ رَجُلٌ مِسْكِينٌ قَدِ انْقَطَعَتْ بِيَ الْحِبَالُ فِي سَفَرِي

بکریوں کا فرمایا حضرت نے پھر وہ فرشتہ آیا کوڑھی کے پاس اپنی اگلی صورت اور شکل میں اور کہا میں ایک مسکین مرد ہوں کہ تو ٹ گئے میرے اسباب اور حیلے میرے سفر میں۔

فلا بلاغ لي اليوم الا بالله ثم بك اسألك بالذي اعطاك اللون الحسن والجلد الحسن والمال بعيرا اتبلغ به في
سو نہیں پہنچنے کی صورت مجھے آج کے دن مگر خدا کے فضل سے پھر تیری مدد سے سوال کرتا ہوں تجھ سے اس کا واسطہ دیکر کہ دیا اسنے تجھے اچھا رنگ اور اچھا پوست اور مال ایک اونٹ کا پہنچوں میں اسکی

سفري فقال الحقوق كثيرة فقال له كاني اعرفك الم تكن ابرص يقذرك الناس فقيرا فاعطاك الله فقال انما
اپنے سفر میں مقصود کو تو کہا کوڑھی نے حقدار بہت ہیں پھر کہا فرشتے نے جیسا کہ میں پہچانتا ہوں تجھ کو کیا تھا تو کوڑھی کہ گھناتے تھے تجھ سے لوگ اور فقیر پھر دیا تجھے اللہ نے مال پھر کہا کوڑھی نے بس

ورثت هذا المال كابرا عن كابر فقال ان كنت كاذبا فصيرك الله الى ما كنت قال واتى الاقرع في صورته
وارث ہوا ہوں میں اس مال کا اپنے باپ دادے سے پھر کہا فرشتے نے اگر ہو تو جھوٹا کر دیوے تجھے اللہ جیسا تھا تو فرمایا حضرت نے اور آیا فرشتہ گنجے کے پاس اپنی اگلی صورت میں

فقال له مثل ما قال لهذا ورد عليه مثل ما رد على هذا فقال ان كنت كاذبا فصيرك الله الى ما كنت قال واتى
پھر کہا گنجے کو جیسا کہا تھا کوڑھی کو اور بددعا دی گنجے کو جیسی بددعا دی کوڑھی کو پھر کہا فرشتے نے اگر جھوٹا ہو تو پھر کردے اللہ تجھ کو جیسا تھا تو فرمایا حضرت نے اور آیا فرشتہ

الاعمى في صورته وهيئته فقال رجل مسكين وابن سبيل انقطعت بي الحبال في سفري فلا بلاغ لي
اندھے کے پاس اگلی شکل وصورت میں پھر کہا میں ایک مسکین مرد ہوں اور مسافر ہوں ٹوٹ گئے میرے سب حیلے اور اسباب میرے سفر میں پھر پہنچنے کی تدبیر نہیں مجھ کو

اليوم الا بالله ثم بك اسألك بالذي رد عليك بصرك شاة اتبلغ بها في سفري فقال قد كنت اعمى فرد الله
آج کے دن مگر اللہ کے فضل سے پھر تیری مدد سے سوال کرتا ہوں تجھ سے اس اللہ کا واسطہ دیکر کہ پھیر دیا تیری آنکھوں کی روشنی ایک بکری کا کہ پہنچوں میں اس سے اپنے سفر میں مقصود کو تب کہا اندھے نے بیشک تھا میں اندھا پھر دے دیا اللہ نے

الي بصري فخذ ما شئت ودع ما شئت فوالله لا اجهدك اليوم بشيء اخذته لله فقال امسك مالك
میری آنکھ میں روشنی سو لے جا جو چاہے تو اور چھوڑ دے جتنا چاہے تو پھر قسم اللہ کی نہ منع کروں گا میں تجھ کو آج کے دن اس چیز سے کہ لیگا تو واسطے اللہ کے پھر کہا فرشتے نے رکھ چھوڑ مال اپنا

فانما ابتليتم فقد رضي عنك وسخط على صاحبيك متفق عليه وعن ام بجيد رض قالت قلت يا رسول الله
پھر بس آزمائے گئے تم تینوں سو تحقیق راضی ہوا اللہ تجھ سے اور غصہ ہوا اوپر دونوں ساتھیوں پر متفق ہے اور روایت ہے ام بجید رض سے کہا بولی میں اے رسول اللہ کے

ان المسكين ليقف على بابي حتى استحيي فلا اجد في بيتي ما ادفع في يده فقال رسول الله صلى الله
بیشک مسکین کھڑا رہتا ہے میرے دروازے پر یہاں تک کہ شرم آتی ہے مجھ کو پھر نہیں پاتی میں گھر میں جو دوں اسکے ہاتھ میں سو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ

عليه وسلم ادفعي في يده ولو ظلفا محرقا رواه احمد وابو داود والترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح وعن
علیہ وسلم نے دے اسکے ہاتھ میں اگرچہ کھری جلی ہوئی ہو روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت ہے

مولى لعثمان رض قال اهدي لام سلمة بضعة من لحم وكان النبي صلى الله عليه وسلم يعجبه اللحم فقالت للخادم
حضرت عثمان کے ایک آزاد کئے ہوئے غلام سے کہا اسنے ہدیہ دیا کسی نے حضرت ام سلمہ کو ایک گوشت کا ٹکڑا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اچھا معلوم ہوتا تھا گوشت سو کہا ام سلمہ نے خادم کو

ضعيه في البيت لعل النبي صلى الله عليه وسلم ياكله فوضعته في كوة البيت وجاء سائل فقام على الباب فقال
رکھ دے گوشت کا ٹکڑا گھر میں شاید نبی صلی اللہ علیہ وسلم کھاویں اسکو سو رکھ دیا اسنے گوشت کا ٹکڑا طاقچے میں گھر کے اور آیا ایک مانگنے والا پھر کھڑا رہا دروازے پر اور کہا

تصدقوا بارك الله فيكم فقالوا بارك الله فيك فذهب السائل فدخل النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا ام
خیرات دو برکت دے اللہ تمہاری روزی میں کہا گھر والوں نے برکت دے اللہ تیرے سوال میں تب چلا گیا مانگنے والا پھر گھر میں آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پھر فرمانے اے ام

سلمة هل عندكم شيء اطعمه فقالت نعم قالت للخادم اذهبي فاتي رسول الله صلى الله عليه وسلم بذلك اللحم
سلمہ کیا تمہارے پاس کچھ ہے کہ کھاؤں میں کہا ام سلمہ نے ہاں بولی ام سلمہ خادم کو جا لے آ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو اس گوشت کو

فذھبت فلم تجد فی الکوۃ الا قطعۃ مروۃ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم فان ذلک اللحم عاد مروۃ لما لم تعطوہ
سو گیا خادم پھر نہ پایا طاق میں کچھ مگر پتھر کا ٹکڑا پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر وہ گوشت ہو گیا پتھر تمہارے نہ دینے کے سبب

السائل رواہ البیھقی فی دلائل النبوۃ وعن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا اخبرکم بشر
مانگنے والے کو روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب دلائل النبوۃ میں۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ خبر دوں میں تم کو بدتر

الناس منزلا قیل نعم قال الذی یسأل باللہ ولا یعطی بہ رواہ احمد وعن ابی ذر رض انہ استاذن علی عثمان
درجے کے آدمی کی کہا لوگوں نے ہاں خبر دیجئے فرمایا وہ شخص ہے کہ کوئی سوال کرے اس سے اللہ کا واسطہ دیکر اور نہ دے خدا کا نام سن کر روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہ اجازت طلب کی حضرت عثمان سے

فاذن لہ وبیدہ عصاہ فقال عثمان یا کعب ان عبد الرحمن توفی وترک مالا فما تری فیہ فقال ان کان یصل
سو اجازت دی اور ہاتھ میں ابی ذر کے لاٹھی تھی پھر کہا حضرت عثمان نے اے کعب عبد الرحمن مر گیا اور چھوڑ گیا مال کو پھر کہا دیکھنا ہی تو اسکے حق میں سو کہا کعب نے اگر دیتا تھا

فیہ حق اللہ فلا باس علیہ فرفع ابوذر عصاہ فضرب کعبا وقال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما
مال سے حق اللہ کا تو کچھ مضایقہ نہیں پھر اٹھائی ابوذر نے لاٹھی اپنی اور مارا کعب کو اور کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے

احب لو ان لی ھذا الجبل ذھبا انفقہ ویتقبل منی اذر خلفی منہ ست اواق انشدک باللہ یا عثمان اسمعتہ
میں دوست نہیں رکھتا اگر ہو میرے لئے یہ پہاڑ سونے کا کہ خرچ کروں میں اسکو اور قبول کرے اللہ مجھ سے اس بات کو کہ چھوڑ جاؤں میں اپنے پیچھے اس میں سے چھ وقیہ کہا ابوذر نے

ثلاث مرات قال نعم رواہ احمد وعن عقبۃ بن الحارث رض قال صلیت وراء النبی صلی اللہ علیہ وسلم
تین بار کہا عثمان نے ہاں روایت کیا اسکو احمد نے۔ اور روایت ہے عقبہ ابن حارث رض سے کہا پڑھی میں نے پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

بالمدینۃ العصر فسلم ثم قام مسرعا فتخطی رقاب الناس الی بعض حجر نسائہ ففزع الناس من سرعتہ
مدینے میں نماز عصر کی سو سلام پھیرا حضرت نے پھر کھڑے ہو جلدی پھر پھاند کر چلے گئے گردنوں پر سے لوگوں کی بعضے حجرے کی طرف اپنی بیبیوں کے حجروں سے سو گھبرائے لوگ جلدی کرنے سے حضرت کے

فخرج علیھم فرای انھم قد عجبوا من سرعتہ قال ذکرت شیئا من تبر عندنا فکرھت ان یحبسنی فامرت
پھر باہر آئے حضرت لوگوں کے پاس پھر دیکھا حضرت نے کہ لوگوں نے تعجب کیا جلدی جانے سے آپ کے فرمایا یاد آیا مجھے تھوڑا خالص سونا کہ ہمارے پاس تھا سو برا جانا میں نے کہ روک دے مجھے اللہ کی راہ سے پھر حکم کر دیا

بقسمتہ رواہ البخاری وفی روایۃ لہ قال کنت خلفت فی البیت تبرا من الصدقۃ فکرھت ان ابیتہ
اسکے بانٹنے کا روایت کیا اسکو بخاری نے۔ اور دوسری روایت میں بخاری کی فرمایا حضرت نے چھوڑ آیا تھا میں گھر میں خالص سونا زکوٰۃ کا سو اچھا نہ لگا مجھکو کہ رات کو رکھوں اس کو

وعن عائشۃ رض انھا قالت کان لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عندی فی مرضہ ستۃ دنانیر او سبعۃ
اور روایت ہے عائشہ رض سے بیشک اسنے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیماری میں انکی چھ یا سات دینار

فامرنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان افرقھا فشغلنی وجع نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم سألنی عنھا ما
سو حکم کیا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انکے بانٹنے کا پھر بھلا دیا مجھے بانٹنا درد نبی کا اللہ کے صلی اللہ علیہ وسلم پھر پوچھا حضرت نے مجھ سے ان دیناروں کا

فعلت الستۃ او السبعۃ قالت لا واللہ لقد کان شغلنی وجعک فدعا بھا ثم وضعھا فی کفہ فقال ما ظن نبی اللہ
ہوئے چھ یا سات دینار بولی قسم اللہ کی بھلا دیا تھا مجھے اسکا بانٹنا درد آپ کا پھر منگوایا حضرت نے ان دیناروں کو پھر رکھا اپنے ہاتھ میں پھر فرمایا کیا گمان ہے نبی کو اللہ سے

لو لقی اللہ عز وجل وھذہ عندہ رواہ احمد وعن ابی ھریرۃ رض ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم دخل علی بلال
اگر ملتا اللہ سے جو غالب اور بزرگ ہے یہ دینار پاس رکھ کر روایت کیا اسکو احمد نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے بلال کے پاس

وعنده صبرة من تمر فقال ما هذا يا بلال قال شيء ادخرته لغد فقال اما تخشى ان ترى له غدا بخارا في نار جهنم

اس وقت میں کہ بلال کے پاس ایک ڈھیری خرمے کی تھی پھر فرمایا یہ کیا ہے ای بلال کہا کچھ چیز ہے کہ رکھ چھوڑا ہے میں کل کے لئے پھر فرمایا نہیں ڈرتا تو اس سے کہ دیکھے تو اس کے لئے کل کو دھواں آگ دوزخ میں

يوم القيمة انفق يا بلال ولا تخش من ذي العرش اقلالا وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم السخاء شجرة في

قیامت کے دن خرچ کر ای بلال اور مت ڈر عرش والے سے کہ کم کر دیگا اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سخاوت ایک درخت ہے

الجنة فمن كان سخيا اخذ بغصن منها فلم يتركه الغصن حتى يدخله الجنة والشح شجرة في النار فمن كان شحيحا

بہشت میں پھر جو کوئی سخی ہے پکڑا ہے ایک شاخ اسکی پھر نہیں چھوڑتی اس شخص کو وہ شاخ یہاں تک کہ داخل کرے اسکو بہشت میں اور بخل ایک درخت ہے دوزخ میں پھر جو کوئی بخیل ہے

اخذ بغصن منها فلم يتركه الغصن حتى يدخله النار رواهما البيهقي في شعب الايمان وعن علي رض قال قال

پکڑا ہے ایک شاخ اس درخت کی پھر نہیں چھوڑتی اسکو وہ شاخ یہاں تک کہ داخل کرے اسکو دوزخ میں روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور روایت ہے علی رض سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم بادروا بالصدقة فان البلاء لا يتخطاها رواه رزين

باب فضل الصدقة

الفصل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جلدی کرو صدقہ دینے میں کیونکہ آفت تجاوز نہیں کرتی صدقہ سے روایت کیا اسکو رزین نے یہ باب بیان میں صدقے کی بزرگی کے فصل

الاول

عن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من تصدق بعدل تمرة من كسب طيب ولا

پہلی روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی صدقہ دیوے برابر قیمت ایک خرمے کے پاک کمائی سے

يقبل الله الا الطيب فان الله يتقبلها بيمينه ثم يربيها لصاحبها كما يربي احدكم فلوه حتى تكون مثل الجبل

قبول کرتا اللہ سوا پاک کے سو بیشک اللہ قبول کرتا اسکو اپنے داہنے ہاتھ سے پھر بڑھاتا ہے اسکو صدقہ دینے والے کے لئے جیسا پالتا ہے کوئی تم میں گھوڑے کے بچے کو یہاں تک کہ ہو جاتا ہے برابر پہاڑ کے

متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما نقصت صدقة من مال وما زاد الله عبدا بعفو

ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کم نہ کیا کوئی صدقہ کچھ کسی مال سے اور زیادہ نہ کیا اللہ کسی بندے کے لئے بسبب عفو کے

الا عزا وما تواضع احد لله الا رفعه الله رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من انفق زوجين

مگر عزت کو اور نہیں عاجزی کی کسی نے واسطے اللہ کے مگر درجہ بڑھایا اسکا اللہ نے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے خرچ کیا دو دو

من شيء من الاشياء في سبيل الله دعي من ابواب الجنة وللجنة ابواب فمن كان من اهل الصلوة دعي من باب الصلوة

چیزیں دنیا کی چیزوں سے اللہ کی راہ میں بلایا جائیگا دروازوں سے جنت کے اور متعدد دروازے ہیں جنت کے پھر جو کوئی نمازیوں سے ہو بلایا جائیگا نماز کے دروازے سے

ومن كان من اهل الجهاد دعي من باب الجهاد ومن كان من اهل الصدقة دعي من باب الصدقة ومن كان من اهل

اور جو کوئی مجاہدین سے ہو بلایا جائیگا جہاد کے دروازے سے اور جو ہو صدقہ دینے والوں سے بلایا جائیگا دروازے سے صدقے کے اور جو ہو

الصيام دعي من باب الريان فقال ابو بكر ما على من دعي من تلك الابواب من ضرورة فهل يدعى احد من تلك الابواب

روزہ داروں سے بلایا جائیگا اس دروازے سے کہ پیاس ردیگا پھر کہا ابو بکر نے اول تو نہیں ضرور کچھ اسکو کہ بلایا جاوے ایک دروازے سے اس بات کی کہ بلایا جاوے سبھی دروازوں سے پھر بھی بلایا جاویگا کوئی سب دروازوں سے جنت کے

كلها قال نعم وارجو ان تكون منهم متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اصبح منكم

فرمایا ہاں اور مجھے امید ہے کہ تو ان میں سے ہو ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسنے صبح کی تم میں سے

اليوم صائما قال ابو بكر انا قال فمن تبع منكم اليوم جنازة قال ابو بكر انا قال فمن اطعم منكم اليوم مسكينا قال ابو بكر انا

آج کے دن روزہ رکھ کر کہا ابو بکر نے میں فرمایا پھر کسنے پیچھے کیا تم میں سے آج کے دن جنازے کے کہا ابو بکر نے میں فرمایا پھر کسنے کھانا دیا تم میں سے آج کے دن مسکین کو کہا ابو بکر نے میں

قال من عاد منكم اليوم مريضا قال ابو بكر انا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما اجتمعن في امرء الا دخل الجنة

فرمایا پھر کسنے عیادت کی تم میں سے آج کے دن بیمار کی کہا ابوبکر نے میں نے تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ جمع ہونگی اتنی خصلتیں کسی مرد میں مگر وہ داخل ہوگا بہشت میں

رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا نساء المسلمات لا تحقرن جارة لجارتها ولو فرسن شاة متفق

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے مسلمان عورتیں نہ حقیر سمجھے خیرات اور ہدیہ کو کوئی ہمسایہ والی اپنی ہمسایہ والی کے لیے اگرچہ بکری

عليه وعن جابر وحذيفة رض قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل معروف صدقة متفق عليه وعن ابي ذر

ق ۔ اور روایت ہے جابر اور حذیفہ رض سے کہا دونوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب نیک کام ثواب صدقے کا رکھتے ہیں ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ذر رض

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تحقرن من المعروف شيئا ولو ان تلقى اخاك بوجه طليق رواه مسلم

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حقیر مت سمجھ نیکیوں سے کسی چیز کو اگرچہ اتنی ہی ہو کہ ملے تو اپنے بھائی مسلمان سے کشادہ رو ہو کر روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن ابي موسى الاشعري رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم على كل مسلم صدقة قالوا فان لم يجد قال

اور روایت ہے ابی موسی اشعری رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لازم ہے ہر مسلمان پر صدقہ دینا کہا اصحاب نے پھر اگر نہ پاوے فرمایا

فليعمل بيديه فينفع نفسه ويتصدق قالوا فان لم يستطع او لم يفعل قال فيعين ذا الحاجة الملهوف قالوا

محنت کرے اپنے دونوں ہاتھوں سے پھر کام چلاوے اپنی جان کا اور صدقہ دے کہا پھر اگر نہ طاقت رکھے یا نہ کر جانے پھر مدد کرے حاجت والے مظلوم کی کہا

فان لم يفعل قال فيأمر بالخير قالوا فان لم يفعل قال فيمسك عن الشر فانه له صدقة متفق عليه وعن ابي هريرة

پھر اگر نہ سکے فرمایا حکم کرے نیکی کا کہا پھر اگر نہ سکے فرمایا باز رہے برائی سے پھر یہی اسکے حق میں صدقہ ہے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل سلامى من الناس عليه صدقة كل يوم تطلع فيه الشمس يعدل بين

رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر جوڑ بند پر آدمی کے صدقہ لازم ہے ہر روز کہ نکلتا ہے آفتاب انصاف کرنا درمیان

اثنين صدقة ويعين الرجل على دابته فيحمل عليها او يرفع عليها متاعه صدقة والكلمة الطيبة صدقة وكل

دو شخصوں کے ثواب صدقے کا رکھتا ہے اور مدد کرنا کسی کی اسکے چارپائے پر پھر سوار کر دے اسکو اسپر یا اٹھا دے اسباب اسکا اسپر ثواب صدقے کا رکھتا ہے اور اچھی بات ثواب صدقے

خطوة يخطوها الى الصلوة صدقة ويميط الاذى عن الطريق صدقة متفق عليه وعن عائشة رض قالت قال رسول

قدم کہ چلتا ہے آدمی مسجد میں جا کر نماز ادا کرنے ثواب صدقے کا رکھتا ہے اور دور کرنا ایذا کی چیز راہ سے ثواب صدقے کا رکھتا ہے ۔ ق ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم خلق كل انسان من بني ادم على ستين وثلثمائة مفصل فمن كبر الله وحمد الله وهلل الله

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنایا گیا ہر آدمی آدم کی اولاد سے تین سو ساٹھ بند پر پھر جو کوئی بڑائی کرے اللہ کی اور تعریف کرے اللہ کی اور توحید بیان کرے

وسبح الله واستغفر الله وعزل حجرا عن طريق الناس او شوكة او عظما او امر بالمعروف او نهى عن منكر عدد تلك

اور پاکی بیان کرے اللہ کی اور مغفرت مانگے اللہ سے اور کنارے کر دے پتھر کو راہ سے لوگوں کی یا کانٹے کو یا ہڈی کو یا حکم کرے نیک بات کا یا منع کرے بری بات سے

الستين والثلث مائة فانه يمشي يومئذ وقد زحزح نفسه عن النار رواه مسلم وعن ابي ذر رض قال قال

تین سو ساٹھ بند کے تو وہ شخص چلیگا اس دن پھر بچا کر اپنی جان کو دوزخ سے روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم ان بكل تسبيحة صدقة وكل تكبيرة صدقة وكل تحميدة صدقة وكل تهليلة صدقة

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک ہر تسبیح ثواب صدقے کا رکھتی ہے اور ہر تکبیر ثواب صدقے کا رکھتی ہے اور تحمید ثواب صدقے کا رکھتی ہے اور تہلیل ثواب صدقے کا رکھتی ہے

والأمر بالمعروف صدقة ونهي عن المنكر صدقة وفي بضع أحدكم صدقة قالوا يا رسول الله أيأتي أحدنا شهوته

اور حکم کرنا بھلی بات کا صدقہ ہے یعنی ثواب رکھتا ہے اور منع کرنا بری بات سے صدقہ ہے اور جماع کرنا بی بی سے صدقہ ہے کہا انہوں نے اے رسول اللہ کے کیا کوئی ہم میں سے پورا کرے شہوت اپنی

ويكون له فيها أجر قال أرأيتم لو وضعها في حرام أكان عليه فيه وزر فكذلك إذا وضعها في الحلال كان له

تو بھی ملیگا اسکو اس میں ثواب فرمایا بتاؤ تو اگر خرچ کرے شہوت اپنی حرام میں تو ہوگا اس پر اسمیں گناہ پھر اسی طور جب خرچ کرے شہوت حلال میں ملیگا اسکو

أجر رواه مسلم وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم نعم الصدقة اللقحة الصفي منحة

ثواب روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھا سب صدقوں سے اونٹنی دینا ہی بہت دودھ والی

والشاة الصفي منحة تغدو بإناء وتروح بآخر متفق عليه وعن أنس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه

اور بکری دینا ہی بہت دودھ دیتی صبح ایک برتن اور شام کو ایک برتن ق اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم ما من مسلم يغرس غرسا أو يزرع زرعا فيأكل منه إنسان أو طير أو بهيمة إلا كانت له صدقة متفق

وسلم نے جو مسلمان لگاتا ہے کسی درخت کو یا بوتا ہے کھیتی پھر کھاوے اس سے کوئی آدمی یا پرندہ یا چارپایا ملتا ہے اسکو ثواب صدقے کا ق

عليه وفي رواية لمسلم عن جابر وما سرق منه له صدقة وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى

اور مسلم کی روایت میں جابر سے اور جو چوری جاتا ہے اس سے ملتا ہے اسکو ثواب صدقے کا اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم غفر لامرأة مومسة مرت بكلب على رأس ركي يلهث كاد يقتله العطش فنزعت خفها

اللہ علیہ وسلم نے گناہ بخشے گئے ایک حرام کار عورت کے اتنی بات پر گذری اسنے ایک کتے پر جو کھڑا تھا کنارے کنوئیں کے زبان نکالتا ہانپتا قریب تھا کہ مار ڈالے اسکو پیاس

فأوثقته بخمارها فنزعت له من الماء فغفر لها بذلك قيل إن لنا في البهائم أجرا قال في كل ذات كبد رطبة

پھر باندھا اسکو اپنی اوڑھنی سے پھر نکالا اسنے پانی اسکے لئے سو اس سبب سے بخشے گئے اسکے گناہ کہا کسی نے بھلا کیا ہمکو احسان کرنے میں چارپایوں کے ثواب ہی فرمایا ہر جگر والے

أجر متفق عليه وعن ابن عمر وأبي هريرة رض قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عذبت امرأة في هرة أمسكتها

میں ثواب ق اور روایت ہے ابن عمر اور ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عذاب کی گئی ایک عورت بلی کے سبب سے باندھ رکھی

حتى ماتت من الجوع فلم تكن تطعمها ولا ترسلها فتأكل من خشاش الأرض متفق عليه وعن أبي هريرة رض قال

بلی یہاں تک کہ مر گئی بھوک سے سو نہ کچھ کھلاتی اسکو اور نہ چھوڑ دیتی کہ کھاوے کیڑے زمین کے ق اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مر رجل بغصن شجرة على ظهر طريق فقال لأنحين هذا عن طريق المسلمين

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چلتے ہوئے نظر پڑی ایک مرد کی ایک درخت کی ڈالی پر کہ راستہ پر جھک آئی تھی پھر کہا البتہ کنارے کر دونگا میں اسکو مسلمانوں کے راستے سے

لا يؤذيهم فأدخل الجنة متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لقد رأيت رجلا يتقلب في الجنة

تا ایذا نہ دے ان کو اتنی بات پر داخل ہوا جنت میں ق اور روایت ہے انہی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق دیکھا میں نے ایک مرد کو چین کرتا ہوا بہشت میں

في شجرة قطعها من ظهر الطريق كانت تؤذي الناس رواه مسلم وعن أبي هريرة رض قال قلت يا نبي الله

بسبب ایک درخت کاٹنے کے راستے پر سے کہ ایذا دیتا تھا لوگوں کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا عرض کی میں نے اے نبی اللہ کے

علمني شيئا أنتفع به قال اعزل الأذى عن طريق المسلمين رواه مسلم وسنذكر حديث عدي بن حاتم اتقوا

سکھا دیجئے مجھے ایسی چیز کہ نفع پاؤں میں اس سے فرمایا کنارے کر ایذا کی چیز مسلمانوں کی راہ سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور آگے چل کر ذکر کرینگے ہم حدیث عدی بن حاتم کی اتقوا

الثاني في باب علامات النبوة إن شاء الله تعالى **الفصل الثاني** عن عبد الله بن سلام رض قال لما قدم النبي صلى الله عليه

آئے گا باب علامات نبوت کے اگر چاہے اللہ تعالیٰ ف دوسری فصل روایت ہے عبد اللہ بن سلام رض سے کہا جب تشریف لائے نبی صلی اللہ علیہ

وسلم المدينة جئت فلما تبينت وجهه عرفت أن وجهه ليس بوجه كذاب فكان أول ما قال يا أيها

وسلم مدینہ میں آیا میں حضرت کے پاس پھر جب تامل کیا حضرت کے چہرہ مبارک میں پہچان لیا میں نے بیشک چہرہ حضرت کا جھوٹے کا چہرہ نہیں پھر تھی پہلی بات جو حضرت نے فرمائی اے

الناس أفشوا السلام وأطعموا الطعام وصلوا الأرحام وصلوا بالليل والناس نيام تدخلوا الجنة

لوگو بلند آواز سے سلام کہا کرو آپس میں اور کھانا دو محتاج کو اور احسان کرو قرابت والوں سے اور نماز ادا کرو رات کو جب کہ لوگ سوتے رہیں تا کہ داخل ہو بہشت میں

بسلام رواه الترمذي وابن ماجه والدارمي وعن عبد الله بن عمرو رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

سلامتی سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے عبد اللہ ابن عمرو رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

اعبدوا الرحمن وأطعموا الطعام وأفشوا السلام تدخلوا الجنة بسلام رواه الترمذي وابن ماجه وعن أنس

عبادت کرو مہربان خدا کی اور کھانا دو محتاج کو اور جاری کرو سلام کا تو داخل ہو جنت میں سلامتی سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے انس

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الصدقة لتطفئ غضب الرب وتدفع ميتة السوء رواه

رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک صدقہ البتہ بجھاتا ہے غضب رب کا اور دور کرتا ہے بری موت کو روایت کیا اسکو

الترمذي وعن جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل معروف صدقة وإن من المعروف أن تلقى

ترمذی نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب بھلی باتیں صدقہ ہے ثواب رکھتی ہیں اور مقرر بھلائی سے یہ ہے کہ ملے تو

أخاك بوجه طلق وأن تفرغ من دلوك في إناء أخيك رواه أحمد والترمذي وعن أبي ذر رض قال قال رسول

اپنے بھائی مسلمان سے خوش خلقی کے ساتھ اور پانی ڈالے اپنے ڈول سے برتن میں اپنے بھائی کے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم تبسمك في وجه أخيك صدقة وأمرك بالمعروف صدقة ونهيك عن المنكر

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسکرانا تیرا تیرے بھائی مسلمان کے سامنے اور حکم کرنا بھلی کا اور منع کرنا بری بات سے ان سب کاموں میں

صدقة وإرشادك الرجل في أرض الضلال لك صدقة وبصرك للرجل الرديء البصر لك صدقة وإماطتك

صدقے کا ثواب ہے اور راہ بتانا تیرا ایک مرد کو گمراہ ملک میں اور مدد کرنا تیرا اس مرد کو کہ جسکی آنکھ میں کچھ نقصان ہے اور دور کرنا

الحجر والشوك والعظم عن الطريق لك صدقة وإفراغك من دلوك في دلو أخيك لك صدقة رواه

پتھر اور کانٹے اور ہڈی کو راہ سے اور پانی ڈالنا تیرا اپنے ڈول سے بھائی مسلمان کے ڈول میں یہ سب کام تیرے حق میں حکم صدقے کا رکھتے ہیں

الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن سعد بن عبادة رض قال يا رسول الله إن أم سعد ماتت فأي الصدقة

ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے سعد ابن عبادہ رض سے کہا اے رسول اللہ کے بیشک ماں سعد کی مر گئی سو کون صدقہ بہتر ہے

أفضل قال الماء فحفر بئرا وقال هذه لأم سعد رواه أبو داود والنسائي وعن أبي سعيد رض قال قال رسول

فرمایا پانی بہتر ہے پھر کھدوایا ایک کنواں اور کہا یہ سعد کی ماں کے واسطے ہے روایت کیا اسکو ابو داود اور نسائی نے اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم أيما مسلم كسا مسلما ثوبا على عري كساه الله من خضر الجنة وأيما مسلم أطعم مسلما

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو مسلمان کہ پہنا دے کسی مسلمان کو کپڑا ننگے ہونے پر پہنائے گا اسکو اللہ جنت کے سبز کپڑے اور جو مسلمان کہ کھلاوے کسی مسلمان کو

عَلٰی جُوْعٍ اَطْعَمَهُ اللّٰهُ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ وَاَيُّمَا مُسْلِمٍ سَقٰی مُسْلِمًا عَلٰی ظَمَاٍ سَقَاهُ اللّٰهُ مِنَ الرَّحِيْقِ الْمَخْتُوْمِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ

بھوک میں کھلاویگا اسکو اللہ میوے جنت کے اور جو مسلمان کہ پلاوے کسی مسلمان کو پیاس میں پلاویگا اسکو اللہ مہر کی ہوئی شراب روایت کیا اسکو ابوداؤد اور

التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ رض قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْمَالِ لَحَقًّا سِوَی الزَّكٰوةِ ثُمَّ تَلَا

ترمذی نے ۔ اور روایت ہے فاطمہ رض سے بیٹی قیس کی کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک مال میں اور بھی حق ہے سوا زکوٰۃ کے پھر پڑھی یہ آیت

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ الْاٰيَةَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ بُهَيْسَةَ

بھلائی نہیں کہ پھیرے رہو منہہ اپنے مشرق اور مغرب کی طرف تمام آیت کو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے بہیسہ سے

عَنْ اَبِيْهَا قَالَتْ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الشَّيْءُ الَّذِيْ لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ قَالَ الْمَاءُ قَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ مَا الشَّيْءُ الَّذِيْ لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ

اسنے روایت کیا اپنے باپ سے بولی کہا باپ نے میرے اے رسول اللہ کے کونسی چیز ہے کہ نہ دینا اسکا حلال نہیں فرمایا پانی کہا اے نبی اللہ کے اور کون چیز ہے کہ نہ دینا اسکا حلال نہیں

قَالَ الْمِلْحُ قَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ مَا الشَّيْءُ الَّذِيْ لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ قَالَ اَنْ تَفْعَلَ الْخَيْرَ خَيْرٌ لَكَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ جَابِرٍ رض قَالَ

فرمایا نمک کہا اے نبی اللہ کے پھر کونسی چیز ہے کہ حلال نہیں نہ دینا اسکا فرمایا نیکی کرنا بھلا ہے تیرے واسطے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے جابر رض سے

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحْيٰی اَرْضًا مَيْتَةً فَلَهُ فِيْهَا اَجْرٌ وَمَا اَكَلَتِ الْعَافِيَةُ مِنْهُ فَهُوَ لَهُ صَدَقَةٌ

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے آباد کیا ویران زمین کو سو ملیگا اسکو اسمیں ثواب اور جو کھاوے کھانیوالا اس سے سو وہ اسکے لیے ثواب صدقہ کا ہے

رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَعَنِ الْبَرَاءِ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَنَحَ مِنْحَةَ لَبَنٍ اَوْ وَرِقٍ اَوْ هَدٰی

روایت کیا اسکو دارمی نے ۔ اور روایت ہے براء رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو عاریۃ دودھ پینے دے کسی محتاج کو دودھ دینی اونٹنی یا گائے یا قرض دے روپیہ یا راہ بتاوے

زُقَاقًا كَانَ لَهُ مِثْلُ عِتْقِ رَقَبَةٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ اَبِيْ جُرَيٍّ جَابِرِ بْنِ سُلَيْمٍ رض قَالَ اَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ

کسی کو گلی کی تو ملیگا اسکو ثواب برابر لونڈی غلام آزاد کرنے کے روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابی جری سے کہ نام انکا جابر بن سلیم ہے رض کہا آیا میں مدینے میں

فَرَاَيْتُ رَجُلًا يَصْدُرُ النَّاسُ عَنْ رَاْيِهِ لَا يَقُوْلُ شَيْئًا اِلَّا صَدَرُوْا عَنْهُ قُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوْا هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ

سو دیکھا میں نے ایک مرد کو کہ پھر جاتے ہیں لوگ اسکی عقل سے یعنے نہیں کہتا وہ کچھ مگر پھر جاتے ہیں اس سے پوچھا میں نے یہہ کون ہے کہا یہہ رسول اللہ ہیں

قَالَ قُلْتُ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَرَّتَيْنِ قَالَ لَا تَقُلْ عَلَيْكَ السَّلَامُ عَلَيْكَ السَّلَامُ تَحِيَّةُ الْمَيِّتِ قُلْ

کہا میں نے کہا تجھپر سلام اے رسول اللہ کے ایسا دو بار کہا میں نے تب فرمایا مت کہہ علیک السلام کلمہ علیک السلام کا مردے کو کہنے کی دعا ہے کہہ تو

السَّلَامُ عَلَيْكَ قُلْتُ اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ اَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ الَّذِيْ اِنْ اَصَابَكَ ضُرٌّ فَدَعَوْتَهُ كَشَفَهُ عَنْكَ

السلام علیک کہا میں نے کیا آپ رسول اللہ کے ہیں تب فرمانے لگے میں رسول اس اللہ کا ہوں کہ اگر آوے تجھپر سختی پھر دعا کرے تو اسے تو دور کرے سختی تجھسے

وَاِنْ اَصَابَكَ عَامُ سَنَةٍ فَدَعَوْتَهُ اَنْبَتَهَا لَكَ وَاِذَا كُنْتَ بِاَرْضٍ قَفْرٍ اَوْ فَلَاةٍ فَضَلَّتْ رَاحِلَتُكَ

اور اگر آوے تجھپر قحط کا سال پھر دعا کرے تو اسے آباد کردے زمین تیرے لئے اور جب ہے تو مہلک زمین میں یا بیابان میں پھر گم ہو جاوے اونٹ تیری سواری کا

فَدَعَوْتَهُ رَدَّهَا عَلَيْكَ قُلْتُ اعْهَدْ اِلَيَّ قَالَ لَا تَسُبَّنَّ اَحَدًا قَالَ فَمَا سَبَبْتُ اَحَدًا بَعْدَهُ حُرًّا وَلَا عَبْدًا

اسوقت دعا کرے تو اس اللہ سے پھر لاوے تیرے پاس اسکو کہا میں نے نصیحت فرمائیے مجھے فرمایا گالی مت دے کسی کو کہا پھر گالی نہ دی میں نے بعد اسکے نہ آزاد نہ بردے کو

وَلَا بَعِيْرًا وَلَا شَاةً قَالَ وَلَا تَحْقِرَنَّ شَيْئًا مِنَ الْمَعْرُوْفِ وَاَنْ تُكَلِّمَ اَخَاكَ وَاَنْتَ مُنْبَسِطٌ اِلَيْهِ وَجْهُكَ اِنَّ

نہ اونٹ کو نہ بکری کو فرمایا اور چھوٹی مت سمجھ کسی قسم کی نیکی کو اگرچہ اتنی ہی ہو کہ بات کرے تو اپنے بھائی مسلمان سے کشادہ روئی سے بیشک

ذٰلِكَ مِنَ الْمَعْرُوْفِ وَارْفَعْ اِزَارَكَ اِلٰى نِصْفِ السَّاقِ فَاِنْ اَبَيْتَ فَاِلَى الْكَعْبَيْنِ وَاِيَّاكَ وَاِسْبَالَ الْاِزَارِ فَاِنَّهَا

یہ بات نیکی میں داخل ہے اور اونچی کر اپنی لنگ کو آدھی پنڈلی تک پھر اگر نفس چاہے تیرا اتنا تو ضروری ہے کہ ٹخنے کے نیچے نہ ہو بچاوے اور بچا آپ کو لٹکانے

مِنَ الْمَخِيْلَةِ وَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمَخِيْلَةَ وَاِنِ امْرُءٌ شَتَمَكَ وَعَيَّرَكَ بِمَا يَعْلَمُ فِيْكَ فَلَا تُعَيِّرْهُ بِمَا تَعْلَمُ فِيْهِ فَاِنَّمَا

لنگ سے کہ یہ تکبر سے ہے اور بیشک اللہ دوست نہیں رکھتا تکبر کو اور اگر کوئی آدمی گالی دے تجھے اور برائی بیان کرے تیری جو تجھ میں جانتا ہے تو بیان نہ کر برائی اسکی جو تجھ کو جانتا ہے

وَبَالُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ مِنْهُ حَدِيْثَ السَّلَامِ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَيَكُوْنُ لَكَ اَجْرُ

اس کا گناہ اسی کی بدی کا اسی پر ہے ف روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت کیا ترمذی نے شروع اس حدیث سے جہاں تک کہ سلام کا ذکر ہے اور ایک روایت میں ہے ہوگا تجھ کو ثواب

ذٰلِكَ وَوَبَالُهُ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ رضـ اَنَّهُمْ ذَبَحُوْا شَاةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَقِيَ مِنْهَا قَالَتْ

اس کا اور ہوگا گناہ برائی بیان کرنے کا اسی پر اور روایت ہے عائشہ رض سے بیشک گھر والوں نے ذبح کیا ایک بکری کو پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا گوشت بچا بکری کا عائشہ نے

مَا بَقِيَ اِلَّا كَتِفُهَا قَالَ بَقِيَ كُلُّهَا غَيْرَ كَتِفِهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضـ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ

کہا کچھ نہ بچا سوا اسکے دست کے فرمایا سب بچ رہا سوا دست کے ف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا سنا میں نے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ مُسْلِمٍ كَسَا مُسْلِمًا ثَوْبًا اِلَّا كَانَ فِيْ حِفْظٍ مِنَ اللّٰهِ مَا دَامَ عَلَيْهِ مِنْهُ خِرْقَةٌ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جو مسلمان کپڑا پہناوے کسی مسلمان کو ہوگا حفاظت میں اللہ کی جب تک رہے بدن پر اسکے اس کپڑے سے ایک ٹکڑا

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضـ يَرْفَعُهُ قَالَ ثَلٰثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ رَجُلٌ قَامَ مِنَ اللَّيْلِ

روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے عبداللہ ابن مسعود رض سے روایت ہے مرفوع فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص کو دوست رکھتا ہے اللہ ایک مرد کہ اٹھا رات کو

يَتْلُوْ كِتَابَ اللّٰهِ وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ بِيَمِيْنِهِ يُخْفِيْهَا اُرَاهُ قَالَ مِنْ شِمَالِهِ وَرَجُلٌ كَانَ فِيْ سَرِيَّةٍ

پڑھتا ہو قرآن اور دوسرا وہ مرد کہ دے کوئی صدقہ داہنے ہاتھ سے چھپا کر اسکو میرے گمان میں آتا ہے کہا راوی نے بائیں ہاتھ سے اپنے اور تیسرا وہ مرد کہ تھا ایک لشکر میں

فَانْهَزَمَ اَصْحَابُهُ فَاسْتَقْبَلَ الْعَدُوَّ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ اَحَدُ رُوَاتِهِ اَبُوْبَكْرِ بْنُ

پھر شکست پائی اسکے ساتھی اسکے سامنے منہ کرے دشمنوں کی طرف مقابلے کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غیر محفوظ ہے ایک راوی اسکے راویوں میں ابو بکر ابن

عَيَّاشٍ كَثِيْرُ الْغَلَطِ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ رضـ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ وَثَلٰثَةٌ يُبْغِضُهُمُ

عیاش ہے کہ بہت غلط کرتا ہے حدیثوں میں اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص کو دوست رکھتا ہے اللہ اور تین شخص کو دشمن رکھتا ہے

اللّٰهُ فَاَمَّا الَّذِيْنَ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ فَرَجُلٌ اَتٰى قَوْمًا فَسَاَلَهُمْ بِاللّٰهِ لَمْ يَسْاَلْهُمْ لِقَرَابَةٍ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُمْ

اللہ کے نزدیک پس صورت جو لوگ کہ ان کو دوست رکھتا ہے اللہ سو ایک وہ مرد ہے کہ آیا کسی قوم کے پاس اور مانگا اللہ کے نام سے نہ مانگا اپنی قرابت کے سبب سے جو ان کے ساتھ

فَمَنَعُوْهُ فَتَخَلَّفَ رَجُلٌ بِاَعْيَانِهِمْ فَاَعْطَاهُ سِرًّا لَا يَعْلَمُ بِعَطِيَّتِهِ اِلَّا اللّٰهُ وَالَّذِيْ اَعْطَاهُ وَقَوْمٌ سَارُوْا

پھر نہ دیا اس قوم نے اس مرد کو پھر چلا گیا دوسرا ایک مرد ان قوم کو ان کے حال پر چھوڑ کر پھر دیا اس سائل کو چھپا کر اس طرح پر کہ نہیں جانتا کسی کو سوا اللہ کے اور اس دینے والے کے اور دوسرا وہ مرد کہ ایک قوم کے لوگ

لَيْلَتَهُمْ حَتّٰى اِذَا كَانَ النَّوْمُ اَحَبَّ اِلَيْهِمْ مِمَّا يُعْدَلُ بِهٖ نَزَلُوْا فَوَضَعُوْا رُءُوْسَهُمْ فَقَامَ يَتَمَلَّقُنِيْ وَيَتْلُوْ

تمام شب چلے یہاں تک جب ہوئی نیند پیاری زیادہ ان کے پاس جس چیز سے کہ مقابل کی جاوے نیند کے پھر رکھدئے لوگ سر اپنے اور کھڑا ہوا وہ مرد خوشامد کرتا ہو میری اور پڑھتا ہو

اٰيَاتِيْ وَرَجُلٌ كَانَ فِيْ سَرِيَّةٍ فَلَقِيَ الْعَدُوَّ فَهُزِمُوْا فَاَقْبَلَ بِصَدْرِهٖ حَتّٰى يُقْتَلَ اَوْ يُفْتَحَ لَهٗ وَالثَّلٰثَةُ

میری آیتوں کو اور تیسرا وہ مرد کہ ایک لشکر میں تھا پھر سامنا کیا دشمن سے سو شکست پائی لشکر نے اور مقابلہ کیا اسکے لیے مرد نے اپنا سینہ سپر کرکے یہاں تک کہ مارا جاوے یا فتح ہو اسکی

اور وہ تین

الذين يبغضهم الله الشيخ الزاني والفقير المختال والغني الظلوم رواه الترمذي والنسائي ولم يذكر والثلثة

شخص کہ برے جانتا ہے انکو اللہ ایک انمیں بوڑھا زناکار ہے اور دوسرا وہ کہ فقیر ہوکر تکبر کرے اور تیسرا وہ غنی کہ ظلم کرے روایت کیا اسکو ترمذی و نسائی نے اور ذکر نہ کیا ان تینوں

الذين يبغضهم الله وعن انس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لما خلق الله الارض جعلت تميد

کے لوگوں کا حال ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بنایا اللہ نے زمین کو تو ہلنے لگی

فخلق الجبال فقال بها عليها فاستقرت فعجبت الملئكة من شدة الجبال فقالوا يا رب هل من خلقك شيء

تب بنایا پہاڑ کو اور رکھ دیا پہاڑ کو زمین پر پھر ٹھہر گئی زمین ہلنے سے پھر تعجب کیا فرشتوں نے پہاڑ کی سختی دیکھکر اور کہا اے رب کیا ہے کوئی چیز تیرے مخلوقات سے

اشد من الجبال قال نعم الحديد فقالوا يا رب هل من خلقك شيء اشد من الحديد قال نعم النار

زیادہ سخت پہاڑ سے فرمایا ہاں لوہا زیادہ سخت ہے کہا اے رب کیا کوئی چیز تیرے مخلوقات سے لوہے سے زیادہ سخت فرمایا ہاں آگ زیادہ سخت ہے

فقالوا يا رب هل من خلقك شيء اشد من النار قال نعم الماء فقالوا يا رب هل من خلقك شيء اشد

کہا اے رب کیا کوئی چیز تیرے مخلوقات سے آگ سے زیادہ سخت فرمایا ہاں پانی زیادہ سخت ہے کہا اے رب کیا کوئی چیز تیرے مخلوقات

من الماء قال نعم الريح فقالوا يا رب هل من خلقك شيء اشد من الريح قال نعم ابن آدم تصدق بصدقة

پانی سے زیادہ سخت فرمایا ہاں ہوا زیادہ سخت ہے کہا اے رب کیا کوئی چیز تیرے مخلوقات سے زیادہ سخت ہوا سے فرمایا ہاں ہوا سے بھی زیادہ سخت ہے وہ آدمی کہ دے کوئی صدقہ

بيمينه يخفيها من شماله رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وذكر حديث معاذ رض الصدقة

داہنے ہاتھ سے چھپاکر بائیں ہاتھ سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا اس حدیث کی سند غریب ہے اور مذکور ہو چکی حدیث معاذ رض کی کہ شروع میں اسکے یہ الفاظ ہیں صدقہ

تطفئ الخطيئة في كتاب الايمان

الفصل الثالث

عن ابي ذر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه

مٹا دیتا ہے گناہ کو کتاب الایمان میں ف تیسری فصل ۔ روایت ہے ابی ذر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم ما من عبد مسلم ينفق من كل مال له زوجين في سبيل الله الا استقبلته حجبة الجنة كلهم

وسلم نے جو کوئی مسلمان بندہ اللہ کا خرچ کریگا اپنے سب مال سے دو دو چیز اللہ کی راہ میں اسکے استقبال کو آوینگے دربان جنت کے ہر ایک انمیں سے

يدعوه الى ما عنده قلت وكيف ذلك قال ان كانت ابلا فبعيرين وان كانت بقرة فبقرتين

بلاتا ہوگا اس صدقہ دینے والے کو اس نعمت کی طرف کہ اسکے پاس ہے کہا میں نے اور کیا معنے ہیں دو جوڑی انفاق کے فرمایا اگر اونٹ پاس ہو تو دو اونٹ دے اور اگر گائے ہو تو دو گائے

رواه النسائي وعن مرثد بن عبد الله قال حدثني بعض اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم انه سمع

روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے مرثد بن عبد اللہ سے کہا اسنے کہ بیان کیا مجھ سے کسی نے اصحاب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیشک اسنے سنا

رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ان ظل المؤمن يوم القيمة صدقته رواه احمد وعن ابن مسعود رض

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے بیشک سایہ ایماندار کا قیامت کے دن اسکا صدقہ ہوگا ف روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من وسع على عياله في النفقة يوم عاشوراء وسع الله عليه سائر

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی فراغت سے کھلاوے پلاوے اپنے بال بچوں کو محرم کی دسویں تاریخ فراغت دیگا اسکو اللہ اس تمام

سنته قال سفيان انا قد جربناه فوجدناه كذلك رواه رزين وروى البيهقي في شعب الايمان

برس میں کہا سفیان نے سو ہمنے تجربہ کیا اسکا سو ایسا ہی پایا روایت کیا اسکو رزین نے اور روایت کیا بیہقی نے اس حدیث کو شعب الایمان میں

عنہ وعن ابی ھریرۃ وابی سعید وجابر وضعفہ وعن ابی امامۃ رض قال قال ابوذر یا نبی اللہ ارأیت الصدقۃ

ابن مسعود اور ابی ہریرہ اور ابی سعید اور جابر سے اور ضعیف کیا بیہقی نے اسکو ۔ اور روایت ہے ابی امامہ رض سے کہا اسنے کہا ابوذر نے اے نبی اللہ کے خبر کیجئے مجھکو

ماذا ھی قال اضعاف مضاعفۃ وعند اللہ المزید رواہ احمد

کیا ہے فرمایا ثواب صدقے کا دونے بر دونا ہے اور اللہ کے پاس زیادتی ہے ف روایت کیا اسکو احمد نے

باب فضل الصدقۃ

باب بیان میں سب صدقوں سے افضل صدقے کے

الفصل الاول

فصل پہلی

وعن ابی ھریرۃ وحکیم بن حزام رض قالا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر الصدقۃ ما کان عن ظھر غنی

روایت ہے ابی ہریرہ اور حکیم بن حزام رض سے کہا دونوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر صدقہ وہ ہے جو پیچھے سے تونگری کے ہو ف ۲

وابدأ بمن تعول رواہ البخاری ورواہ مسلم عن حکیم وحدہ وعن ابی مسعود رض قال قال رسول اللہ

اور پہلے مال خرچ کر ان پر کہ تو محتاج ہیں ان کے دینے کا ف روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت کیا اسکو مسلم نے فقط حکیم بن حزام سے اور روایت ہے ابی مسعود رض سے کہا فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم اذا انفق المسلم نفقۃ علی اھلہ وھو یحتسبھا کانت لہ صدقۃ متفق علیہ وعن

صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دیتا ہے مرد مسلمان کچھ اپنے بال بچوں کو اور ثواب سمجھ کر ملتا ہے اسکو ثواب صدقے کا ۔ ق ۔ اور روایت ہے

ابی ھریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دینار انفقتہ فی سبیل اللہ ودینار انفقتہ فی رقبۃ

ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تو وہ دینار ہے ف کہ خرچ کرے تو اللہ کی راہ میں اور ایک وہ دینار ہے کہ خرچ کرے تو بردہ

ودینار تصدقت بہ علی مسکین ودینار انفقتہ علی اھلک اعظمھا اجرا الذی انفقتہ علی اھلک

اور ایک تو وہ دینار ہے کہ صدقہ دے تو کسی مسکین کو اور ایک تو وہ دینار ہے کہ خرچ کرے تو اپنے بال بچوں پر بڑا ان سب میں ثواب میں وہ دینار ہے کہ خرچ کرے تو اپنے بال بچوں پر

رواہ مسلم وعن ثوبان رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افضل دینار ینفقہ الرجل دینار ینفقہ

روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے ثوبان رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے افضل دینار کہ آدمی خرچ کرے وہ دینار ہے کہ آدمی خرچ کرے

علی عیالہ ودینار ینفقہ علی دابتہ فی سبیل اللہ ودینار ینفقہ علی اصحابہ فی سبیل اللہ رواہ مسلم

اپنے بال بچوں پر اور وہ دینار ہے کہ خرچ کرتا ہے اپنے جانور کے دانے چارے میں جہاد کرنے کو اور وہ دینار ہے کہ خرچ کرتا ہے اپنے رفیقوں کے کھلانے پلانے اور اسباب دینے کو جہاد کرنے کو

وعن ام سلمۃ رض عنھا قالت قلت یا رسول اللہ الی اجر ان انفق علی بنی ابی سلمۃ انما ھم بنی فقال

اور روایت ہے ام المومنین ام سلمہ رض سے ف کہا اسنے بولی میں نے اے رسول اللہ کے کیا ثواب ملیگا مجھے کھلانے پلانے میں ابی سلمہ کی اولاد کو وہ تو میرے بیٹے ہی ہیں فرمایا

انفقی علیھم وعن زینب امرأۃ عبد اللہ بن مسعود قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تصدقن

کھلا پلا ان کو ۔ اور روایت ہے زینب سے کہ بی بی عبد اللہ بن مسعود کی کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تصدق کرو

یا معشر النساء ولو من حلیکن قالت فرجعت الی عبد اللہ فقلت انک رجل خفیف ذات الید

اے جماعت عورتوں کی اگرچہ کچھ تمہارے زیوروں ہی سے ہو کہا زینب نے پھر چلی گئی میں عبد اللہ بن مسعود کے پاس اور بولی میں کہ تو تنگدست آدمی ہے

وان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد امرنا بالصدقۃ فاتہ فسألہ فان کان ذلک یجزی عنی والا

اور ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا صدقہ دینے کا پھر جا تو حضرت کے پاس اور پوچھ یہ مسئلہ بعد اسکے اگر ہوگا مجھکو صدقہ دینا تیرا کافی

صرفتھا الی غیرکم قالت فقال لی عبد اللہ بل ائتیہ انت قالت فانطلقت فاذا امرأۃ من الانصار

تمکو نہ دے کر دوسرے کو دونگی کہا زینب نے تب کہا مجھکو عبد اللہ نے میں نہیں جاتا تو ہی جا حضرت کے پاس کہا زینب نے پھر چلی گئی میں سو دیکھتی ہوں کہ ایک عورت انصاری

بباب رسول الله صلى الله عليه وسلم حاجتي حاجتها قالت وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم قد ألقيت

کھڑی ہے دروازہ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جو میری حاجت ہے اسکی بھی حاجت ہے کہا زینب نے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ڈالی گئی تھی

عليه المهابة قالت فخرج علينا بلال فقلنا له ائت رسول الله صلى الله عليه وسلم فأخبره أن امرأتين

ہیبت تو کہا پھر باہر آیا ہمارے پاس بلال سو کہا ہمنے اسکو جا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دے ان کو کہ دو عورتیں

بالباب تسألانك أتجزئ الصدقة عنهما على أزواجهما وعلى أيتام في حجورهما ولا تخبره من نحن قالت

کھڑی ہیں دروازہ پر مسئلہ پوچھتی ہوئی آپ سے کیا کام آویگا ہمارا صدقہ دینا انکی طرف سے اپنے شوہروں پر اور یتیموں پر جو ہماری گودی میں ہیں اور مت خبر کر حضرت کو

فدخل بلال على رسول الله صلى الله عليه وسلم فسأله فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم من هما قال

پھر چلا گیا بلال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور پوچھا حضرت سے تب پوچھا اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کون ہیں وے دونوں عورتیں

امرأة من الأنصار وزينب فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم أي الزيانب قال امرأة عبد الله فقال رسول

ایک عورت انصار سے ہے اور دوسری زینب پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کونسی زینب تو کہا بلال نے زینب بی بی عبد اللہ کی پھر فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم لهما أجران أجر القرابة وأجر الصدقة متفق عليه واللفظ لمسلم وعن ميمونة

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کے لئے ہے دو دو ثواب ہیں ثواب قرابت کا اور ثواب صدقہ دینے کا ق ہے اور عبارت مسلم کی ہے اور روایت ہے ام المومنین میمونہ رض

بنت الحارث رض أنها أعتقت وليدة في زمان رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكرت ذلك لرسول

بیٹی حارث کی کہ انہوں نے ایک چھوکری کو آزاد کیا زمانہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر اسکا ذکر کیا رسول

الله صلى الله عليه وسلم فقال لو أعطيتها أخوالك كان أعظم لأجرك متفق عليه وعن عائشة رض

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سو فرمایا حضرت نے اگر اس چھوکری کو دیتی تو اپنے ماموں کو بڑا ثواب ہوتا تجھکو ق ہے اور روایت ہے عائشہ رض سے

قالت يا رسول الله إن لي جارين فإلى أيهما أهدي قال إلى أقربهما منك بابا رواه البخاري وعن أبي ذر رض

کہ کہا انہوں نے اے رسول اللہ کے بیشک دو شخص ہمسایہ ہیں میرے سو کس کو ہدیہ بھیجوں فرمایا اسکو جو زیادہ نزدیک ہو تجھ سے دروازہ سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ذر رض سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا طبخت مرقة فأكثر ماءها وتعاهد جيرانك رواه مسلم

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پکاوے تو شوربا پانی زیادہ ڈال اسمیں اور خبر لے اپنے ہمسایوں کی روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

عن أبي هريرة رض قال يا رسول الله أي الصدقة أفضل قال جهد المقل وابدأ بمن تعول

دوسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے اے رسول اللہ کونسا صدقہ بہتر ہے فرمایا محنت کرنا اسکی جسکے پاس مال کم ہو اور پہلے اسکو دے جسکا تو خرچ اٹھاتا ہے

رواه أبو داود وعن سلمان بن عامر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الصدقة على المسكين صدقة

روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے سلمان رض سے جو بیٹا عامر کا ہے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ دینا اجنبی مسکین کو ایک صدقہ کا ثواب رکھتا ہے

وهي على ذي الرحم ثنتان صدقة وصلة رواه أحمد والترمذي والنسائي وابن ماجه والدارمي وعن أبي هريرة

اور صدقہ دینا قرابت والے کو دو اجر رکھتا ہے ایک صدقہ کا اور دوسرا صلہ رحم کا روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ

رض قال جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال عندي دينار قال أنفقه على نفسك قال عندي آخر قال

رض سے کہا ایک مرد آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا میرے پاس ایک دینار ہے فرمایا اپنی ذات کے خرچ میں لگا اسکو کہا میرے پاس اسکے سوا دوسرا ہے فرمایا

أنفقه على أهلك قال عندي آخر قال أنفقه على خادمك قال عندي آخر قال أنت أعلم رواه أبو داود والنسائي

خرچ میں لگا اسکو کہا میرے پاس اور ہے فرمایا اسکو اپنی لونڈی غلام کے خرچ میں لگا کہا اسکے سوا اور بھی ہے فرمایا تو خوب جانتا ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے

وعن ابن عباس رضي الله عنهما قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ألا أخبركم بخير الناس رجل ممسك بعنان فرسه

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا خبر نہ دوں تمکو سب سے بھلے آدمی کی مگر یہ ہی کہ تھام لے اپنے گھوڑے کی باگ

في سبيل الله ألا أخبركم بالذي يتلوه رجل معتزل في غنيمة له يؤدي حق الله فيها ألا أخبركم بشر

اللہ کی راہ میں کیا خبر نہ دوں تمکو اسکی کہ جو اسکے بعد ہے وہ ایک مرد ہے کہ الگ رہے اپنی بکریوں میں ادا کرتا رہے حق اللہ کا اس میں کیا خبر نہ دوں تمکو سب سے برے

الناس رجل يسأل بالله ولا يعطي به رواه الترمذي والنسائي والدارمي وعن أم بجيد رضي الله عنها قالت قال رسول

آدمی کی وہ مرد ہے برا کہ کوئی سوال کرے اس سے اللہ کا نام لیکر اور وہ نہ دے روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے ام بجید رض سے کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم ردوا السائل ولو بظلف محرق رواه مالك والنسائي وروى الترمذي وأبو داود

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ دیکر پھیرو اپنے گھر سے سائل کو اگرچہ جلی کھری ہو روایت کیا اسکو مالک اور نسائی نے اور روایت کیا ترمذی اور ابوداؤد نے

معناه وعن ابن عمر رضي الله عنهما قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من استعاذ بالله فأعيذوه ومن سأل بالله

معنی اسکے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پناہ چاہے اللہ کے نام سے تمسے پناہ دو اسکو اور جو سوال کرے

فأعطوه ومن دعاكم فأجيبوه ومن صنع إليكم معروفا فكافئوه فإن لم تجدوا ما تكافئونه فادعوا له

تو دو اسکو اور جو کوئی دعوت کرے تمہاری تو قبول کرو اور جو کرے تم سے احسان تو بدلا دو اسکا پھر اگر نہ پاؤ بدلا دینے کی چیز تو دعا کرو

حتى تروا أنكم قد كافأتموه رواه أحمد وأبو داود والنسائي وعن جابر رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه

محسن کے حق میں یہانتک کہ معلوم ہو تم کو کہ بدلا کیا تم نے اسکا روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم لا يسأل بوجه الله إلا الجنة رواه أبو داود

وسلم نے کوئی سوال نہ کرے ذات پاک اللہ کے مگر بہشت کا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

الفصل الثالث

عن أنس رضي الله عنه قال كان أبو طلحة أكثر الأنصار

تیسری فصل روایت ہے انس رض سے کہا تھے ابوطلحہ انصاری سب سے زیادہ

بالمدينة مالا من نخل وكان أحب أمواله إليه بيرحاء وكانت مستقبلة المسجد وكان رسول الله صلى الله

مدینے میں زمین کھجور کے باغ کی اور تھا سب چیزوں سے زیادہ پیارا انکے نزدیک بیرحاء اور تھا وہ باغ روبرو مسجد کے اور رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم يدخلها ويشرب من ماء فيها طيب قال أنس فلما نزلت هذه الآية لن تنالوا البر حتى تنفقوا مما

علیہ وسلم جایا کرتے تھے اور اسمیں جو اچھا پانی تھا پیتے تھے کہا انس نے پھر جب اتری یہ آیت ہرگز بھلائی کو نہ پہنچوگے جب تک نہ خرچ کروگے دل کی

تحبون قام أبو طلحة إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله إن الله تعالى يقول لن تنالوا البر حتى

پیاری چیزوں کو کھڑا ہوا ابوطلحہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو اور کہا یارسول اللہ بیشک اللہ تعالی فرماتا ہے ہرگز بھلائی کو نہ پہنچوگے جب تک

تنفقوا مما تحبون وإن أحب مالي إلي بيرحاء وإنها صدقة لله تعالى أرجو برها وذخرها عند الله

خرچ نہ کروگے دل کی پیاری چیزوں کو اور سب مال سے زیادہ پیارا مجھکو باغ بیرحاء ہے اور بیشک یہ باغ خیرات ہے اللہ تعالی کی راہ میں امید رکھتا ہوں اسکے ثواب اور آخرت کی بھلائی اور

فضعها يا رسول الله حيث أراك الله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم بخ بخ ذلك مال رابح وقد سمعت

سو خرچ کرو اسکو یارسول اللہ جہاں مناسب سمجھو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واہ واہ وہ تو خوب نفع کا باغ ہے اور سنا میں نے

مَا قُلْتَ وَاِنِّیْ اَرٰی اَنْ تَجْعَلَهَا فِی الْاَقْرَبِیْنَ فَقَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ اَفْعَلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَسَمَهَا اَبُوْ طَلْحَةَ فِیْ اَقَارِبِهٖ وَبَنِیْ

جو کہا تو اور میں مناسب سمجھتا ہوں کہ خرچ کرے اسکو قرابت والوں میں تب کہا ابو طلحہ نے کرونگا اے رسول اللہ کے پھر تقسیم کی اسکو ابو طلحہ نے اپنے قرابت والے اور

عَمِّهٖ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الصَّدَقَةِ اَنْ تُشْبِعَ کَبِدًا جَائِعًا رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ

چچا کی اولاد میں ۔ ق ۔ اور اسی سے روایت ہے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے افضل خیرات یہ ہے کہ سیر کرے تو بھوکے کا کلیجا روایت کیا اسکو بیہقی نے

فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ

بَابُ صَدَقَةِ الْمَرْأَةِ مِنْ مَالِ الزَّوْجِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنْ عَائِشَةَ رض قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی

کتاب شعب الایمان میں ۔ باب بیان میں عورت کی خیرات کے خاوند کے مال سے ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے حضرت عائشہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَنْفَقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ طَعَامِ بَیْتِهَا غَیْرَ مُفْسِدَةٍ کَانَ لَهَا اَجْرُهَا بِمَا اَنْفَقَتْ وَلِزَوْجِهَا اَجْرُهٗ

اللہ علیہ وسلم نے جب خرچ کرے عورت کھانے کی چیز میں سے گھر کی بغیر اسراف کے تو ملیگا اسکو اسکا ثواب بسبب اسکے خرچ کرنے کے اور اسکے خاوند کو

بِمَا کَسَبَ وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِکَ لَا یَنْقُصُ بَعْضُهُمْ اَجْرَ بَعْضٍ شَیْئًا مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

بسبب اسکے کسب کرنے کے اور خازن کو مانند اسکے نہ کم کرینگے بعضے بعضوں کے ثواب کو کچھ ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَنْفَقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ کَسْبِ زَوْجِهَا مِنْ غَیْرِ اَمْرِهٖ فَلَهَا نِصْفُ اَجْرِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب خرچ کرتی ہے عورت اپنے خاوند کی کمائی سے بغیر اسکی اجازت کے سو اسکو ملتا ہے آدھا ثواب ۔ ق

وَعَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْخَازِنُ الْمُسْلِمُ الْاَمِیْنُ الَّذِیْ یُعْطِیْ مَا اُمِرَ

اور روایت ہے ابی موسی اشعری رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نگہبان جو امانت دار مسلمان ہو کر جو حکم ہو

بِهٖ کَامِلًا مُوَفَّرًا طَیِّبَةً بِهٖ نَفْسُهٗ فَیَدْفَعُهٗ اِلَی الَّذِیْ اُمِرَ لَهٗ بِهٖ اَحَدُ الْمُتَصَدِّقَیْنِ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ

اسکو اسکے دینے کا کامل پورا خوش ہوتے ہوئے اسکا جی سو حوالے کرے اس چیز کو جسکے لئے حکم ہوا ہے تو وہ ایک ہے دو خیرات کرنے والوں سے ۔ ق ۔ اور روایت ہے عائشہ

رض قَالَتْ اِنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اُمِّیْ افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا وَاَظُنُّهَا لَوْ تَکَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ

رض سے کہ کہا اسنے بیشک ایک شخص نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مقرر میری ماں کی جان اچانک نکل گئی اور خیال ہوتا ہے مجھکو کہ اگر وہ بات کرتی تو وصیت کرتی خیرات

فَهَلْ لَهَا اَجْرٌ اِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ

پھر کیا ملیگا اسکو ثواب اگر میں خیرات کروں اسکی طرف سے فرمایا ہاں ۔ ق ۔ دوسری فصل ۔ روایت ہے ابی امامہ رض سے کہ کہا اسنے سنا میں نے رسول

اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ فِیْ خُطْبَتِهٖ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ لَا تُنْفِقُ امْرَأَةٌ شَیْئًا مِنْ بَیْتِ زَوْجِهَا اِلَّا بِاِذْنِ زَوْجِهَا

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے خطبہ میں حجة الوداع کے سال کے کہ نہ خرچ کرے کوئی عورت کسی چیز کو اپنے خاوند کے گھر کی بے اذن خاوند کے

قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَا الطَّعَامَ قَالَ ذٰلِکَ اَفْضَلُ اَمْوَالِنَا رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَعَنْ سَعْدٍ رض قَالَ

پوچھا لوگوں نے اے رسول اللہ کے اور کھانے کی چیز بھی نہ خرچ کرے فرمایا کھانا تو ہمارے سب مالوں سے افضل ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے سعد رض سے کہ کہا اسنے

لَمَّا بَایَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ النِّسَاءَ قَالَتِ امْرَأَةٌ جَلِیْلَةٌ کَاَنَّهَا مِنْ نِسَاءِ مُضَرَ فَقَالَتْ یَا نَبِیَّ

جب بیعت لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں سے کہا ایک بزرگ عورت نے کہ خیال ہوتا ہے وہ عورتوں سے بنی مضر کی تھی سو کہا اسنے اے نبی

اللّٰهِ اِنَّا کَلٌّ عَلٰی اٰبَائِنَا وَاَبْنَائِنَا وَاَزْوَاجِنَا فَمَا یَحِلُّ لَنَا مِنْ اَمْوَالِهِمْ قَالَ الرَّطْبُ تَاْکُلْنَهٗ وَتُهْدِیْنَهٗ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ

اللہ کے ہم تو محتاج ہیں باپ دادا کے اور بیٹوں کے اور خاوند کے پھر کیا حلال ہے ہمکو ان کے مال سے خرچ کرنا فرمایا کچی چیز کہ کھاتی ہو اور ہدیہ دیتی ہو اسکو روایت کیا اسکو ابو داود نے ۔

الفصل الثالث عن عمير رض مولى ابي اللحم قال امرني مولاي ان اقدد لحما فجاءني مسكين فاطعمته
تیسری فصل ۔ روایت ہے عمیر رض سے غلام ابی اللحم کا کہ کہا عمیر نے حکم کیا مجھے میرے مالک نے گوشت سکھانیکا سو آیا میرے پاس ایک مسکین پھر مجھے کھلایا
منه فعلم بذلك مولاي فضربني فاتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكرت ذلك له فدعاه فقال لم
اس گوشت سے سو معلوم کیا اسکو میرے مالک نے پھر مارا مجھکو سو گیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ذکر کیا اس قصہ کا حضرت سے تب بلایا حضرت نے اسکو اور فرمایا کیوں
ضربته قال يعطي طعامي بغير ان آمره فقال الاجر بينكما وفي رواية قال كنت مملوكا فسالت رسول الله
مارا اسکو کہا دیتا ہے میری کھانے کی چیزیں بغیر اذن میرے تب فرمایا نیکی مشترک ہے دونوں میں اور ایک روایت میں یوں ہے کہ کہا عمیر نے میں غلام تھا کسیکا سو پوچھا رسول اللہ
صلى الله عليه وسلم اتصدق من مال مواليّ بشيء قال نعم والاجر بينكما نصفان رواه مسلم باب من لا
صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا خیرات کروں میں اپنے مالکوں کے کوئی چیز فرمایا ہاں اور نیکی تم دونوں میں آدھوں آدھ ہے روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ باب اسکے بیان کا جو
يعود في الصدقة الفصل الاول عن عمر بن الخطاب رض قال حملت على فرس في سبيل الله فاضاعه الذي
پھر کر نہ لے صدقہ پہلی فصل ۔ روایت ہے عمر بن خطاب رض سے کہ کہا اسنے سوار کر دیا میں نے ایک مرد کو گھوڑے پر اللہ کی راہ میں سو گم کر دیا اسکو اسنے
كان عنده فاردت ان اشتريه وظننت انه يبيعه برخص فسالت النبي صلى الله عليه وسلم فقال لا تشتره ولا
کہ جسکے پاس تھا وہ گھوڑا پھر ارادہ کیا میں نے اسکو خرید کرنے کا اور خیال کیا کہ وہ شخص بیچیگا اسکو ارزان سو پوچھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تو فرمایا مت خرید کر اسکو
تعد في صدقتك وان اعطاكه بدرهم فان العائد في صدقته كالكلب يعود في قيئه وفي رواية لا تعد في
اور پھر نہ لے اپنا صدقہ اور اگرچہ دیوے ایک درم کو ۔ اسلئے کہ اپنا صدقہ پھیر لینے والا مانند کتے کے ہے جو کھاتا ہے اپنی قے کو اور دوسری روایت میں ہے پھر نہ لے
صدقتك فان العائد في صدقته كالعائد في قيئه متفق عليه وعن بريدة رض قال كنت جالسا عند النبي
اپنا صدقہ اسلئے کہ صدقہ کا پھیرنے والا مانند پھر کر کھانے والے کے ہے قے کو ۔ ق ۔ اور روایت ہے بریدہ رض سے کہ کہا اسنے بیٹھا تھا میں نبی
صلى الله عليه وسلم اذ اتته امراة فقالت يا رسول الله اني تصدقت على امي بجارية وانها ماتت قال وجب
صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ناگاہ آئی ایک عورت سو کہا یا رسول اللہ میں نے خیرات کے دی تھی میں اپنی ماں کو ایک چھوکری اور میری ماں مر گئی فرمایا ثابت ہوا
اجرك وردها عليك الميراث قالت يا رسول الله انه كان عليها صوم شهر افاصوم عنها قال صومي
ثواب اور پھیر دیا اسکو تیرے پاس حکم میراث کا ۔ کہا اسنے یا رسول اللہ بیشک تھے اسپر روزے ایک مہینے کے کیا پھر روزہ رکھوں میں اسکی طرف سے فرمایا روزہ رکھ
عنها قالت انها لم تحج قط افاحج عنها قال نعم حجي عنها رواه مسلم كتاب الصوم الفصل
اسکی طرف سے کہا اسنے کہ اسنے حج کبھی نہیں کیا کیا حج کروں اسکی طرف سے فرمایا ہاں حج کر اسکی طرف سے روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ کتاب روزے کے بیان کی ۔ فصل
الاول عن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا دخل رمضان فتحت ابواب السماء وفي رواية
پہلی روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آتا ہے مہینا رمضان کا کھل جاتے ہیں دروازے آسمان کے اور ایک روایت میں
فتحت ابواب الجنة وغلقت ابواب جهنم وسلسلت الشياطين وفي رواية ابواب الرحمة متفق عليه وعن
کھل جاتے ہیں دروازے بہشت کے اور بند ہوتے ہیں دروازے دوزخ کے اور زنجیر پڑتی ہے شیطانوں کے پانوں میں اور ایک روایت میں دروازے رحمت کے ۔ ق ۔ اور روایت ہے
سهل بن سعد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في الجنة ثمانية ابواب منها باب يسمى الريان لا يدخله
سہل ابن سعد رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہشت میں آٹھ دروازے ہیں انمیں ایک دروازہ ہے کہ اسکو باب الریان کہتے ہیں نہ داخل ہوگا اسمیں

إِلَّا الصَّائِمُونَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا

سوا روزہ داروں کے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی روزے رکھے رمضان کے ایمان کی

وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَنْ قَامَ

اور ثواب سمجھ کر بخشے جاتے ہیں اسکے اگلے گناہ اور جو کوئی رات کو نماز پڑھے رمضان میں ایمان کی جہت سے اور نیکی سمجھ کر بخشے جاتے ہیں اسکے اگلے گناہ اور جو کوئی قیام کرے

لَيْلَةَ الْقَدْرِ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

شب قدر میں ف ایمان کی جہت سے اور ثواب سمجھ کر بخشے جاتے ہیں اسکے اگلے گناہ ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ يُضَاعَفُ الْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا إِلَى سَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ قَالَ اللهُ تَعَالَى إِلَّا

ہر ہر عمل آدمی کا بڑھتا ہے نیکی کو دس حصے سات سو حصے تک فرمایا اللہ تعالیٰ نے مگر

الصَّوْمَ فَإِنَّهُ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهِ يَدَعُ شَهْوَتَهُ وَطَعَامَهُ مِنْ أَجْلِي لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ فَرْحَةٌ عِنْدَ فِطْرِهِ وَفَرْحَةٌ

روزہ کیونکہ وہ خاص میرے لئے ہے ف اور میں بدلا دونگا اسکا ف کیونکہ آدمی چھوڑتا ہے اپنی خواہش اور کھانے کی چیزیں میرے واسطے روزہ دار کو دو خوشیاں ہوتی ہیں ایک تو افطار کے وقت اور دوسری

عِنْدَ لِقَاءِ رَبِّهِ وَلَخُلُوفُ فَمِ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ وَالصِّيَامُ جُنَّةٌ وَإِذَا كَانَ يَوْمُ صَوْمِ أَحَدِكُمْ

اسوقت کہ اپنے رب سے ملیگا ف اور البتہ بو روزہ دار کے منہ کی بہت بہتر ہے اللہ کے پاس مشک کی بو سے اور روزہ سپر ہے ف اور جب کہ دن ہو تم میں سے کسی کا

فَلَا يَرْفُثْ وَلَا يَصْخَبْ فَإِنْ سَابَّهُ أَحَدٌ أَوْ قَاتَلَهُ فَلْيَقُلْ إِنِّي امْرُؤٌ صَائِمٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ الْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

تو فحش نہ بکے اور نہ جھگڑے پھر اگر اسکو کوئی گالی دے اور لڑائی کرے اس سے تو کہہ دے میں روزہ دار آدمی ہوں ف ۔ ق ۔ دوسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ

رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ أَوَّلُ لَيْلَةٍ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ صُفِّدَتِ الشَّيَاطِينُ وَمَرَدَةُ

رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہوتی ہے پہلی رات رمضان کے مہینے کی قید کئے جاتے ہیں شیطان اور سرکش

الْجِنِّ وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ النَّارِ فَلَمْ يُفْتَحْ مِنْهَا بَابٌ وَفُتِّحَتْ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ فَلَمْ يُغْلَقْ مِنْهَا بَابٌ وَيُنَادِي مُنَادٍ يَا

جن اور بند ہوتے ہیں دروازے دوزخ کے سو نہ کھلیگا ان میں سے کوئی دروازہ اور کھلتے ہیں دروازے بہشت کے سو بند نہ ہوگا ان میں سے کوئی دروازہ اور پکارتا ہے پکارنے والا

بَاغِيَ الْخَيْرِ أَقْبِلْ وَيَا بَاغِيَ الشَّرِّ أَقْصِرْ وَلِلّٰهِ عُتَقَاءُ مِنَ النَّارِ وَذٰلِكَ كُلَّ لَيْلَةٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ

اے طلبگار بھلائی کے منہ پھیر ف اور اے طلبگار برائی کے باز آ اور اللہ کے واسطے آزاد کئے ہوئے ہیں دوزخ سے اور یہ ہوتا ہے ہر رات روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وَرَوَاهُ أَحْمَدُ عَنْ رَجُلٍ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ الْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ

اور روایت کیا اسکو احمد نے ایک مرد سے ف اور کہا ترمذی نے سند اس حدیث کی غریب ہے تیسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَاكُمْ رَمَضَانُ شَهْرٌ مُبَارَكٌ فَرَضَ اللهُ عَلَيْكُمْ صِيَامَهُ تُفْتَحُ فِيهِ أَبْوَابُ السَّمَاءِ وَتُغْلَقُ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیا تم پر وہ مبارک مہینہ رمضان کا فرض کیا اللہ نے تم پر اسکے روزے کھلتے ہیں اس میں دروازے آسمان کے اور بند ہوتے ہیں

فِيهِ أَبْوَابُ الْجَحِيمِ وَتُغَلُّ فِيهِ مَرَدَةُ الشَّيَاطِينِ لِلّٰهِ فِيهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ مَنْ حُرِمَ خَيْرَهَا فَقَدْ حُرِمَ

اسمیں دروازے دوزخ کے اور طوق ڈالے جاتے ہیں اسمیں سرکش شیطانوں کی گردن میں اسمیں ایک رات ہے کہ بہتر ہے ہزار مہینے سے جو کوئی محروم رہا اس رات کی نیکی سے تحقیق محروم رہا

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رض أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الصِّيَامُ وَالْقُرْآنُ

ف روایت کیا اسکو احمد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ اور قرآن

يشفعان للعبد يقول الصيام اي رب اني منعته الطعام والشهوات بالنهار فشفعني فيه ويقول القرآن
دونو سفارش کرینگے بندے کی روزہ کہیگا ای رب میں نے روکا اسکو کھانے اور خواہش کی چیزوں سے دن کو سو شفیع کر مجھکو اسکے حق میں اور قرآن کہیگا

منعته النوم بالليل فشفعني فيه فيشفعان رواه البيهقي في شعب الايمان وعن انس بن مالك رض
باز رکھا میں نے اسکو سونے سے رات کو سو شفیع کر مجھکو اسکے حق میں پس شفیع کریگا دونو کو اللہ روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور روایت ہے انس بن مالک سے

قال دخل رمضان فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان هذا الشهر قد حضركم وفيه ليلة خير من الف
کہا انہوں نے آیا تھا رمضان کا مہینا سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک یہ مہینا حاضر ہوا تم پاس اور اسمیں ایک رات ہے کہ بہتر ہے ہزار

شهر من حرمها فقد حرم الخير كله ولا يحرم خيرها الا كل محروم رواه ابن ماجة وعن سلمان الفارسي
مہینے سے جو کوئی محروم رہا اس سے تحقیق محروم رہا سب نیکیوں سے اور محروم نہ رہیگا اسکی نیکی سے مگر جو کم نصیب ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے سلمان فارسی

رض قال خطبنا رسول الله صلى الله عليه وسلم في اخر يوم من شعبان فقال يا ايها الناس قد اظلكم شهر عظيم
رض سے کہا انہوں نے خطبہ سنایا ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخر دن میں شعبان کے مہینے کے سو فرمایا اے لوگو تحقیق سایہ کیا تم پر بڑے

شهر مبارك شهر فيه ليلة خير من الف شهر جعل الله صيامه فريضة وقيام ليله تطوعا من تقرب فيه
مہینا نے مبارک مہینا ہے وہ مہینا کہ اسمیں ایک رات ہے بہتر ہزار مہینے سے کیا اللہ نے اسکے روزے کو فرض اور رات کو کھڑے ہونا اسکی راتوں کا نفل جو کوئی قرب چاہے اسمیں

بخصلة من الخير كان كمن ادى فريضة فيما سواه ومن ادى فريضة فيه كان كمن ادى سبعين فريضة فيما
ایک نیک خصلت سے ثواب ملیگا اسکو مانند اسکے کہ ادا کرے ایک فرض دوسرے مہینوں میں اور جو کوئی ادا کرے اسمیں ایک فرض تو ملیگا اسکو مانند اسکے کہ ادا کرے ستر فرض

سواه وهو شهر الصبر والصبر ثوابه الجنة وشهر المواساة وشهر يزاد فيه رزق المؤمن من فطر فيه
دوسرے مہینوں میں اور وہ صبر کا مہینا ہے اور صبر کا بدلا بہشت ہے اور مہینا ہے غمخواری کرنے کا اور مہینا ہے کہ زیادہ ہوتی ہے اسمیں روزی مومن کی جو کوئی افطار کرائے

صائما كان له مغفرة لذنوبه وعتق رقبته من النار وكان له مثل اجره من غير ان ينقص من اجره شيء
روزہ دار کو بخشش ہوگی اسکے گناہوں کی اور گردن چھوٹیگی اسکی دوزخ سے اور ثواب ملیگا اسکو مانند اس روزہ دار کے بغیر اسکے کہ کچھ کم ہو اسکے ثواب سے

قلنا يا رسول الله ليس كلنا نجد ما نفطر به الصائم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم يعطي الله هذا
کہا ہم نے اے رسول اللہ کے نہیں سب کو ہم میں سے مقدور افطار کروانے روزہ دار کو تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ دیتا ہے اتنا ہی

الثواب من فطر صائما على مذقة لبن او تمرة او شربة من ماء ومن اشبع صائما سقاه الله من حوضي شربة
ثواب اسکو جو افطار کروائے روزہ دار کو ایک گھونٹ دودھ کا یا ایک خرما یا ایک گھونٹ بھر پانی سے اور جو کوئی پیٹ بھر کھلاوے روزہ دار کو پلاویگا اللہ اسکو میرے حوض سے ایسا

لا يظمأ حتى يدخل الجنة وهو شهر اوله رحمة واوسطه مغفرة واخره عتق من النار ومن خفف عن
کہ پیاسا نہ ہوگا یہانتک کہ داخل ہو جنت میں اور وہ ایسا مہینا ہے کہ اول اسکا رحمت ہے اور درمیان اسکا معافی گناہوں کی اور آخر اسکا آزادی ہے دوزخ سے اور جو

مملوكه فيه غفر الله له واعتقه من النار وعن ابن عباس رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم
اپنے لونڈی غلاموں سے اسمیں گناہ بخشیگا اسکے اللہ اور آزاد کریگا اسکو دوزخ سے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے معمول تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا

اذا دخل شهر رمضان اطلق كل اسير واعطى كل سائل وعن ابن عمر رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال
جب آتا مہینا رمضان کا چھوڑ دیتے ہر قیدی کو اور دیتے ہر سائل کو اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

إن الجنة تزخرف لرمضان من رأس الحول إلى حول قابل قال فإذا كان أول يوم من رمضان هبت ريح تحت

جنت آراستہ ہوتی ہے رمضان کے لئے شروع سال سے آیندہ سال تک ف فرمایا پھر جب پہلا دن ہوتا ہے رمضان کے مہینے کا بہتی ہے ایک ہوا

العرش من ورق الجنة على الحور العين فيقلن يا رب اجعل لنا من عبادك أزواجا تقر بهم أعيننا

عرش کے تلے پتوں سے بہشت کے درختوں کے حور عین پر تو کہنے لگتی ہیں اے رب ہمارے کر ہمارے لئے اپنے بندوں کو جوڑے کہ ٹھنڈی ہوں ان سے ہماری آنکھیں

وتقر أعينهم بنا رواه البيهقي الأحاديث الثلاثة في شعب الإيمان وعن أبي هريرة رض عن النبي

اور ٹھنڈی ہوں ان کی آنکھیں ہمسے روایت کیا بیہقی نے ان تینوں حدیثوں کو کتاب شعب الایمان میں۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے نبی

صلى الله عليه وسلم أنه قال يغفر لأمته في آخر ليلة في رمضان قيل يا رسول الله أهي ليلة القدر قال لا

صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت نے فرمایا بخشش ہوتی ہے میری امت کی آخر رات میں رمضان کی کہا کسی نے اے رسول اللہ کیا وہ شب قدر ہے فرمایا نہیں

ولكن العامل إنما يوفى أجره إذا قضى عمله رواه أحمد

اور لیکن کام کرنے والے کو پوری مزدوری نہیں ملتی جب تک پورا نہ کرے اپنا کام روایت کیا اسکو احمد نے

باب رؤية الهلال

باب بیان میں چاند دیکھنے کے

الفصل الأول

پہلی فصل

عن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تصوموا حتى تروا الهلال ولا تفطروا حتى تروه فإن غم

روایت ہے ابن عمر رض سے کہا کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ نہ رکھو جب تک کہ چاند نہ دیکھو اور روزہ مت کھولو جب تک کہ چاند نہ دیکھو پھر اگر ابر

عليكم فاقدروا له وفي رواية قال الشهر تسع وعشرون ليلة فلا تصوموا حتى تروه فإن غم عليكم

تو اندازہ کرو مہینے کا ف اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا مہینا انتیس رات کا ہے سو روزہ مت رکھو جب تک کہ چاند نہ دیکھو پھر اگر ابر آجاوے

فأكملوا العدة ثلاثين متفق عليه وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صوموا لرؤيته

تو پوری کرو گنتی تیس دن کی ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھو چاند دیکھ کر

وأفطروا لرؤيته فإن غم عليكم فأكملوا عدة شعبان ثلاثين متفق عليه وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله

اور موقوف کرو چاند دیکھ کر پھر اگر ابر آجاوے تو پوری کرو گنتی شعبان کی تیس دن ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا کہا فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم إنا أمة أمية لا نكتب ولا نحسب الشهر هكذا وهكذا وهكذا وعقد الإبهام في

صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم امی لوگ ہیں نہ حساب کتاب نہیں جانتے مہینا ایسا اور ایسا اور ایسا ہوتا ہے اور بند کیا انگوٹھا

الثالثة ثم قال الشهر هكذا وهكذا وهكذا يعني تمام الثلاثين يعني مرة تسعا وعشرين ومرة ثلاثين متفق

تیسری بار پھر فرمایا مہینا ایسا اور ایسا اور ایسا ہوتا ہے قصد کرکے پورے تیس دن کا یعنے ایک بار انتیس ہوتا ہے اور دوسری بار تیس کا ۔ ق

عليه وعن أبي بكرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم شهرا عيد لا ينقصان رمضان وذو الحجة

اور روایت ہے ابی بکرہ رض سے کہا کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مہینے عید کے کم نہیں ہوتے ایک تو رمضان اور دوسرا ذو الحجہ ف

متفق عليه وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يتقدمن أحدكم رمضان بصوم يوم أو

۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کے پہلے نہ رکھے کوئی تم میں سے روزہ ایک دن یا

يومين إلا أن يكون رجل كان يصوم صوما فليصم ذلك اليوم متفق عليه

دو دن مگر یہ کہ ہو کوئی مرد روزہ رکھتا ہو کسی دن نیت کا سو رکھ لے روزہ اس دن کا ف ۔ ق ۔

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن أبي هريرة رض

روایت ہے ابی ہریرہ رض سے

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا انتصف شعبان فلا تصوموا رواہ ابو داود والترمذی وابن ماجۃ والدارمی

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب گذر چلے آدھا مہینا شعبان کا تو نفل روزہ نہ رکھو روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے

وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احصوا ہلال شعبان لرمضان رواہ الترمذی وعن ام سلمۃ رض

اور روایت ہے اسی سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شمار کرتے رہو شعبان کے چاند کا واسطے تحقیق کرنے رمضان کے مہینے کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ام سلمہ رض سے

قالت ما رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصوم شہرین متتابعین الا شعبان ورمضان رواہ ابو داود والترمذی

کہا انہوں نے نہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو روزہ رکھتے دو مہینے پے در پے سوا شعبان اور رمضان کے روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی

والنسائی وابن ماجۃ وعن عمار بن یاسر رض قال من صام الیوم الذی یشک فیہ فقد عصی ابا القاسم صلی اللہ علیہ

اور نسائی اور ابن ماجہ نے ٭ اور روایت ہے عمار ابن یاسر رض سے کہ کہا انہوں نے جسنے روزہ رکھا اس دن جس میں شک ہے آسمان سے سو تحقیق نافرمانی کی ابو القاسم صلی اللہ علیہ

وسلم رواہ ابو داود والترمذی والنسائی وابن ماجۃ والدارمی وعن ابن عباس رض قال جاء اعرابی الی النبی صلی اللہ

وسلم کی روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے ٭ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا انہوں نے آیا ایک دیہاتی نبی صلی اللہ

علیہ وسلم فقال انی رأیت الہلال یعنی ہلال رمضان فقال اتشہد ان لا الہ الا اللہ قال نعم قال اتشہد ان محمدا رسول اللہ

علیہ وسلم کے پاس پھر کہنے لگا میں نے چاند دیکھا یعنی رمضان کا چاند سو فرمایا کیا گواہی دیتا ہے تو اس بات کی کہ کوئی معبود نہیں سوا اللہ کے کہا اسنے ہاں فرمایا کیا گواہی دیتا ہے

قال نعم قال یا بلال اذن فی الناس ان یصوموا غدا رواہ ابو داود والترمذی والنسائی وابن ماجۃ والدارمی وعن

کہا ہاں فرمایا اے بلال پکار دے لوگوں میں کہ روزہ رکھیں کل روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے ٭ اور روایت ہے

ابن عمر رض قال ترائی الناس الہلال فاخبرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی رأیتہ فصام وامر الناس بصیامہ

ابن عمر رض سے کہ کہا انہوں نے جمع ہوئے تھے لوگ چاند دیکھنے سو میں نے خبر دی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ میں نے دیکھا چاند سو روزہ رکھے اور حکم دیے لوگوں کو روزے کا

رواہ ابو داود والدارمی

الفصل الثالث

عن عائشۃ رض قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتحفظ من شعبان

روایت کیا اسکو ابوداود اور دارمی نے ٭ تیسری فصل ٭ روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یاد رکھتے تھے شعبان کے دن

ما لا یتحفظ من غیرہ ثم یصوم لرؤیۃ رمضان فان غم علیہ عد ثلثین یوما ثم صام رواہ ابو داود وعن ابی البختری قال

اس قدر کہ یاد رکھتے تھے دوسرے مہینے کے پھر روزہ رکھتے چاند دیکھ کر رمضان کا پھر اگر ابر آجاتا تو شمار کرتے تیس دن پھر روزہ رکھتے روایت کیا اسکو ابوداود نے ٭ اور روایت ہے ابی البختری سے کہ کہا

خرجنا للعمرۃ فلما نزلنا ببطن نخلۃ ترائینا الہلال فقال بعض القوم ہو ابن ثلث وقال بعض القوم ہو ابن لیلتین

ہم نکلے تھے عمرہ کے واسطے پھر جب منزل ہوئی ہماری بطن نخلہ میں سب ملکر چاند دیکھنے لگے سو کہا بعضوں نے چاند تیسری رات کا ہے اور کہا بعضوں نے دو رات کا

فلقینا ابن عباس فقلنا انا رأینا الہلال فقال بعض القوم ہو ابن ثلث وقال بعض القوم ہو ابن لیلتین فقال

پھر ملاقات کی ہمنے ابن عباس سے اور کہا کہ ہمنے دیکھا چاند سو کہا بعضوں نے تیسری رات کا ہے اور کہا بعضوں نے دو رات کا تب کہا ابن عباس نے

ای لیلۃ رأیتموہ قلنا لیلۃ کذا وکذا فقال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدہ للرؤیۃ فہو للیلۃ رأیتموہ وفی

کونسی رات کو دیکھا تمنے کہا ہمنے ایسی اور ایسی رات کو پھر کہا انہوں نے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدت مقرر کی رمضان کی چاند دیکھنے کو سو وہ اسی رات کا ہے کہ

روایۃ عنہ قال اہللنا رمضان ونحن بذات عرق فارسلنا رجلا الی ابن عباس رض یسالہ فقال ابن عباس

ایک روایت میں آیا ہے اسی راوی سے کہ کہا انہوں نے ہمنے چاند دیکھا رمضان کا ذات عرق میں تھے سو بھیجا ہمنے ایک مرد کو ابن عباس رض کے پاس پوچھنے کو اس سے تب کہا ابن عباس نے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ... فإن أغمي عليكم فأكملوا العدة رواه مسلم

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ نے رمضان ... پس اگر ابر ہو تو گنتی شعبان کی پوری کرو روایت کیا اسکو مسلم نے

باب فضل السحور الفصل الأول

عن أنس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تسحروا فإن في السحور بركة

باب سحر کے بیان کا * پہلی فصل * روایت ہے انس رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سحر کھاؤ کہ بیشک سحر کھانے میں برکت ہے

متفق عليه وعن عمرو بن العاص رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فصل ما بين صيامنا و

* ق * اور روایت ہے عمرو بن عاص رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرق ہمارے روزے میں اور

صيام أهل الكتاب أكلة السحور رواه مسلم وعن سهل رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

کتاب والوں کے روزے میں سحر کھانے سے ہے * روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے سہل رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

لا يزال الناس بخير ما عجلوا الفطر متفق عليه وعن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا

ہمیشہ لوگ بھلائی سے رہینگے جب تک جلدی کرینگے افطار میں * ق * اور روایت ہے عمر رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب

أقبل الليل من ههنا وأدبر النهار من ههنا وغربت الشمس فقد أفطر الصائم متفق عليه وعن أبي هريرة

منہ نکالے رات مشرق سے اور پیٹھ پھیرے دن مغرب کی طرف سے اور ڈوبے آفتاب تو داخل ہوا روزہ دار افطار کرنے میں * ق * اور روایت ہے ابی ہریرہ

رض قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الوصال في الصوم فقال له رجل إنك تواصل يا رسول الله

رض سے کہا اسنے منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ ملانے سے پس کہا حضرت سے ایک مرد نے آپ تو ملاتے ہیں روزہ اے رسول اللہ کے

قال وأيكم مثلي إني أبيت يطعمني ربي ويسقيني متفق عليه

الفصل الثاني

عن حفصة رض

فرمایا اور کون تم میں مجھ سا ہے میں رات گذارتا ہوں کہ کھلاتا ہے مجھے میرا رب اور پلاتا ہے * ق * دوسری فصل * روایت ہے حفصہ رض سے

قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من لم يجمع الصيام قبل الفجر فلا صيام له رواه الترمذي وأبو داود

کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی نیت نکرے روزے کی صبح صادق سے پہلے سو درست نہیں اسکا روزہ * روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود

والنسائي والدارمي وقال أبو داود وقفه على حفصة معمر والزبيدي وابن عيينة ويونس الأيلي

اور نسائی اور دارمی نے اور کہا ابو داود نے موقوف کہا اس حدیث کو حفصہ پر معمر اور زبیدی اور سفیان ابن عیینہ اور یونس ایلی

كلهم عن الزهري وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا سمع النداء أحدكم والإناء

سبھوں نے زہری سے * اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اذان سنے کوئی تم میں سے اور برتن

في يده فلا يضعه حتى يقضي حاجته منه رواه أبو داود وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

ہاتھ میں ہو سو رکھے نہ جب تک کہ اپنی حاجت پوری نکرے اس سے * روایت کیا اسکو ابو داود نے * اور اسی سے روایت ہے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

قال الله تعالى أحب عبادي إلي أعجلهم فطرا رواه الترمذي وعن سلمان بن عامر رض قال قال رسول

فرمایا اللہ تعالی نے سب سے پیارا بندہ میرا وہ ہے کہ جلدی افطار کرے * روایت کیا اسکو ترمذی نے * اور روایت ہے سلمان بن عامر رض سے کہا اسنے فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم إذا أفطر أحدكم فليفطر على تمر فإنه بركة فإن لم يجد فليفطر على ماء فإنه

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب افطار کرے کوئی تم میں سے تو خرما سے کرے کہ وہ برکت ہے پھر اگر نہ پائے خرما تو پانی سے کرے وہ

طهور رواه احمد والترمذي وابوداود وابن ماجة والدارمي ولم يذكر فانه بركة غير الترمذي وعن انس رض

پاکی کی چیز ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کسی نے ذکر نہ کیا لفظ فانہ برکۃ کا سوا ترمذی کے اور روایت ہے انس رض سے

قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يفطر قبل ان يصلي على رطبات فان لم تكن رطبات فتميرات فان لم تكن

کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم افطار کرتے تھے پہلے مغرب کی نماز کرنے کے کئی تر خرمے سے پھر اگر پاس نہوتے تر خرمے تو کئی سوکھے خرمے سے پھر اگر وہ

تميرات حسا حسوات من ماء رواه الترمذي وابوداود وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب

تو کئی چلو پانی پی لیتے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور کہا ترمذی نے اس حدیث کی سند غریب ہے

وعن زيد بن خالد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من فطر صائما او جهز غازيا فله مثل اجره

اور روایت ہے زید بن خالد رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے روزہ کھلایا کسیکا یا سامان دیا مجاہد کا اسکا ہوگا اسکو

رواه البيهقي في شعب الايمان ومحي السنة في شرح السنة وقال صحيح وعن ابن عمر رض قال كان النبي صلى

روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور محی السنہ نے شرح السنہ میں اور کہا صحیح ہے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے نبی صلی

الله عليه وسلم اذا افطر قال ذهب الظمأ وابتلت العروق وثبت الاجر ان شاء الله رواه ابوداود وعن

اللہ علیہ وسلم جب افطار کرتے تھے فرماتے جاتی رہی پیاس اور رگیں تر ہوئیں اور اجر ثابت ہوگیا اللہ چاہے تو روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت

معاذ بن زهرة قال ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا افطر قال اللهم لك صمت وعلى رزقك افطرت

معاذ ابن زہرہ سے ہے کہ کہا انہوں نے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب افطار کرتے فرماتے اے اللہ تیرے لیے روزہ رکھا اور تیری روزی سے کھولا

رواه ابوداود مرسلا الفصل الثالث عن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يزال

روایت کیا اسکو ابوداؤد نے سند مرسل سے تیسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہیگا

الدين ظاهرا ما عجل الناس الفطر لان اليهود والنصارى يؤخرون رواه ابوداود وابن ماجة وعن ابي عطية

دین غالب جب تک کہ جلدی کرینگے لوگ افطار میں کیونکہ یہود اور نصاری تاخیر کرتے ہیں روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی عطیہ سے

قال دخلت انا ومسروق على عائشة رض فقلنا يا ام المؤمنين رجلان من اصحاب محمد صلى الله عليه

کہا انہوں نے میں اور مسروق دونوں گئے عائشہ رض کے پاس سو کہا ہمنے اے مسلمانوں کی ماں دو مرد ہیں اصحاب سے محمد صلی اللہ علیہ

وسلم احدهما يعجل الافطار ويعجل الصلوة والاخر يؤخر الافطار ويؤخر الصلوة قالت ايهما يعجل الافطار

وسلم کے کہ ایک جلدی کرتا ہے افطار اور مغرب کی نماز میں اور دوسرا تاخیر کرتا ہے افطار اور نماز مغرب میں کہا عائشہ نے کون دونوں میں سے جلدی

ويعجل الصلوة قلنا عبد الله بن مسعود رض قالت هكذا صنع رسول الله صلى الله عليه وسلم والاخر

اور جلدی نماز پڑھتا ہے کہا ہمنے عبد اللہ ابن مسعود رض کہا عائشہ نے ایسا ہی کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور دوسرا مرد

ابوموسى رواه مسلم وعن العرباض بن سارية رض قال دعاني رسول الله صلى الله عليه وسلم الى السحور

ابو موسی اشعری ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عرباض بن ساریہ رض سے کہا انہوں نے بلایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سحری کھانے

في رمضان فقال هلم الى الغداء المبارك رواه ابوداود والنسائي وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله

رمضان میں سو فرمایا آ مبارک کھانے کی طرف روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم نعم سحور المؤمن التمر رواہ ابوداؤد ۔ باب تنزیہ الصوم الفصل الاول

صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھی سحری مسلمان کی خرما ہے ف روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ باب بیان میں دور رکھنے کے روزہ کو مفسدات وغیرہ سے ۔ پہلی فصل

عن ابی ہریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من لم یدع قول الزور والعمل بہ فلیس للہ حاجۃ فی ان یدع

روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی چھوڑ نہ دے بری باتیں اور بری کام سو اللہ کو کچھ حاجت نہیں

طعامہ وشرابہ رواہ البخاری وعن عائشۃ رض قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقبل ویباشر وھو صائم

اسکے کھانا پانی چھوڑنے کی ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بوسہ لیتے تھے اور گلے لگاتے تھے روزہ رکھ کر

وکان املککم لاربہ متفق علیہ وعنھا قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدرکہ الفجر فی رمضان وھو

اور تمہارے سے زیادہ مالک اپنی شہوت کے ف ۔ ق ۔ اور اسی سے روایت ہے کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو صبح ہو جاتی تھی رمضان میں اور وہ

جنب من غیر حلم فیغتسل ویصوم متفق علیہ وعن ابن عباس رض قال ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم احتجم

جنابت سے رہتے بغیر احتلام کے ف پھر غسل کرتے اور روزہ رکھتے ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لگایا سینگی

وھو محرم واحتجم وھو صائم متفق علیہ وعن ابی ہریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من نسی

احرام میں رہ کر اور روزہ رکھ کر ف ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے بھول کر

وھو صائم فاکل او شرب فلیتم صومہ فانما اطعمہ اللہ وسقاہ متفق علیہ وعنہ قال بینما نحن جلوس

روزہ کے حال میں سو کچھ کھا لیا یا پی لیا تو پورا کرے اسی روزہ کو کہ بس کھلایا اسکو اللہ نے اور پلایا ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا اسنے ایک وقت ہم بیٹھے تھے

عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذ جاءہ رجل فقال یا رسول اللہ ھلکت قال مالک قال وقعت علی امراتی وانا صائم فقال

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ناگہاں آیا حضرت کے پاس ایک مرد ف سو کہا اے رسول اللہ کے ہلاک ہو گیا میں فرمایا کیا ہوا تجھکو کہا گر پڑا میں اپنی عورت پر روزے کے حال میں تو فرمایا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھل تجد رقبۃ تعتقھا قال لا قال فھل تستطیع ان تصوم شھرین متتابعین قال لا قال فھل تجد اطعام ستین مسکینا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا پاسکتا ہے تو ایک بردہ آزاد کرے کہا نہیں فرمایا پھر کیا رکھ سکتا ہے تو دو مہینے کے روزے پے در پے کہا نہیں فرمایا کیا مقدور ہے تجھکو ساٹھ مسکین کھلانے کا

قال لا قال اجلس ومکث النبی صلی اللہ علیہ وسلم فبینا نحن علی ذلک اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعرق فیہ تمر

کہا نہیں فرمایا بیٹھ اور توقف کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر اسی عرصے میں کہ ہم اس حال پر تھے کسی نے لایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک عرق جو اس میں خرما تھے

والعرق المکتل الضخم قال این السائل قال انا قال خذ ھذا فتصدق بہ فقال الرجل اعلی افقر منی یا رسول

اور عرق بڑی زنبیل کو کہتے ہیں ف فرمایا کہاں ہے جسنے مسئلہ پوچھا کہا اسنے میں ہوں فرمایا لے اسے خیرات کر اسکو تب کہا اس مرد نے کیا خیرات کروں اسکو جو زیادہ فقیر ہو مجھ سے اے رسول

اللہ فواللہ ما بین لابتیھا یرید الحرتین اھل بیت افقر من اھل بیتی فضحک النبی صلی اللہ علیہ وسلم حتی

اللہ کے سو قسم اللہ کی نہیں دونوں لابہ میں یعنی درمیان دونوں حرہ کے ف کوئی گھر والے زیادہ محتاج میرے گھر والوں سے تب ہنسا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں تک کہ

بدت انیابہ ثم قال اطعمہ اھلک متفق علیہ

نمودار ہوئیں کوچلیاں فرمایا کھلا یہ خرما اپنے اہل خانہ کو ق ۔

الفصل الثانی

دوسری فصل

عن عائشۃ رض ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقبلھا وھو صائم ویمص لسانھا رواہ ابوداؤد وعن ابی ہریرۃ رض ان رجلا سال النبی صلی اللہ

روایت ہے عائشہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم بوسہ لیتے تھے انکا روزہ رکھ کر اور چوستے زبان انکی روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ ایک مرد نے پوچھا نبی صلی اللہ

عليه وسلم عن المباشرة للصائم فرخص له واتاه آخر فسأله فنهاه فاذا الذي رخص له شيخ واذا الذي
علیہ وسلم سے مسئلہ عورتوں کو گلے لگانے کا روزہ دار کے لئے سو رخصت دی اسکو اور آیا دوسرا پھر پوچھا اس مسئلہ کو حضرت سے سو منع فرمایا اسکو سو تھے وہ جسکو رخصت دی بوڑھا ہی اور جسکو

نهاه شاب رواه ابوداؤد وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ذرعه القئ وهو صائم فليس عليه
منع فرمایا جوان ہی روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور اسی سے روایت ہی کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جسکو نکل پڑے قی بے اختیار روزہ کے حال میں سو نہیں اسپر

قضاء ومن استقاء عمدا فليقض رواه الترمذي وابوداؤد وابن ماجة والدارمي وقال الترمذي هذا حديث
قضا اور جو کوئی کہ قصداً قی کرے سو قضا رکھے ف روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے اس حدیث کی سند

غريب لا نعرفه الا من حديث عيسى بن يونس وقال محمد يعني البخاري لا اراه محفوظا وعن معدان بن
غریب ہی ہم اسکو نہیں پہنچانتے مگر حدیث سے عیسی بن یونس کی اور کہا محمد یعنے امام بخاری نے میں گمان نہیں کرتا اس حدیث کو کہ محفوظ ہی ف اور روایت ہی معدان بن

طلحة ان ابا الدرداء حدثه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قاء فافطر قال فلقيت ثوبان في مسجد دمشق
طلحہ سے کہ ابو درداء نے بیان کیا اسسے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قی کیا سو روزہ توڑ ڈالا ف کہا پھر ملاقات کی میں نے ثوبان سے شہر دمشق کی مسجد میں

فقلت ان ابا الدرداء حدثني ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قاء فافطر قال صدق وانا صببت له وضوءه
سو کہا میں نے ابو درداء نے بیان کیا مجھسے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قی کیا پھر روزہ توڑا کہا اسنے سچ کہا اور میں ہی نے ڈالا تھا حضرت کے لئے وضو کا پانی

رواه ابوداؤد والترمذي والدارمي وعن عامر بن ربيعة قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم ما لا احصي
روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی اور دارمی نے ۔ اور روایت ہی عامر بن ربیعہ رض سے کہا اسنے دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اتنا کہ شمار نہیں کر سکتا

يتسوك وهو صائم رواه الترمذي وابوداؤد وعن انس رض قال جاء رجل الى النبي صلى الله عليه وسلم قال
مسواک کرتے ہوئے روزہ رکھکر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہی انس رض سے کہا اسنے آیا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا

اشتكيت عيني افاكتحل وانا صائم قال نعم رواه الترمذي وقال ليس اسناده بالقوي وابو عاتكة الراوي
بیمار ہوئیں دونوں آنکھیں میری کیا پھر سرمہ لگاؤں روزے کے حال میں فرمایا ہاں لگا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا نہیں ہی سند اسکی قوی اور ابو عاتکہ راوی جو ہی

يضعف وعن بعض اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم قال لقد رأيت النبي صلى الله عليه وسلم بالعرج
ضعیف کہتے ہیں ۔ اور روایت ہی بعضے اصحاب سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا اسنے کہ تحقیق دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو عرج میں ف

يصب على رأسه الماء وهو صائم من العطش او من الحر رواه مالك وابوداؤد وعن شداد بن اوس
کہ ڈالتے تھے اپنے سر پر پانی اور حضرت روزے سے تھے پیاس یا گرمی کی جہت سے ف روایت کیا اسکو مالک اور ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہی شداد بن اوس

رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اتى رجلا بالبقيع وهو يحتجم وهو آخذ بيدي لثماني عشرة خلت
رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئے ایک مرد کے پاس بقیع میں کہ وہ سینگی لگوا رہا تھا اور حضرت پکڑے تھے میرا ہاتھ اٹھارویں تاریخ کو

من رمضان فقال افطر الحاجم والمحجوم رواه ابوداؤد وابن ماجة والدارمي قال الشيخ الامام محيي السنة
رمضان کی فرمایا روزہ گیا سینگی لگانے والے اور کھنچوانے والے کا روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے کہا شیخ امام محی السنہ نے

وتاوله بعض من رخص في الحجامة اي تعرضا للافطار المحجوم للضعف والحاجم لانه لا يأمن من ان يصل
اور تاویل کی ہی اس حدیث کی بعضے جائز رکھنے والے سینگی لگانے کو یعنے قریب گیا روزہ توڑنے سے سینگی لگانے والا ناتوانی کی جہت سے اور سینگی کھینچنے والا اس لئے کہ نہیں بے خوف ہی

شيء الى جوفه بمص الملازم وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من افطر يوما من رمضان
کچھ ہو جو اسکے پیٹ میں بسبب چوسنے کے ف اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے روزہ توڑا ایک دن کا رمضان

من غير رخصة ولا مرض لم يقض عنه صوم الدهر كله وان صامه رواه احمد والترمذي وابو داود وابن ماجة
بغیر رخصت شرعی کے ف اور بغیر مرض کے پورا نہ کر سکیگا ثواب کو اسکے تمام عمر کا روزہ رکھنا اگرچہ روزہ رکھے عمر بھر ف روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داود اور ابن ماجہ

والدارمي والبخاري في ترجمة باب وقال الترمذي سمعت محمدا يعني البخاري يقول ابو المطوس الراوي لا اعرف
اور دارمی نے اور بخاری نے ترجمہ میں ایک باب کے ف اور کہا ترمذی نے سنا میں نے محمد سے یعنے امام بخاری سے کہ وہ کہتا تھا ابو المطوس جو راوی اس حدیث کا نہیں

له غير هذا الحديث وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كم من صائم ليس له من صيامه الا الظمأ
اسکے لئے سوا اس حدیث کے ۔ اور اسی سے روایت ہے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے روزہ دار ہیں کہ کچھ حاصل نہیں انکو روزہ سے سوا پیاس

وكم من قائم ليس له من قيامه الا السهر رواه الدارمي وذكر حديث لقيط بن صبرة في باب سنن
اور کتنے رات کو اٹھنے والے ہیں کہ کچھ حاصل نہیں انکو اٹھنے سے سوا جاگنے کے روایت کیا اسکو دارمی نے اور مذکور ہو چکی حدیث لقیط بن صبرہ کی باب سنن

الفصل الثالث

الوضوء الفصل الثالث عن ابي سعيد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلث لا يفطرن الصائم
ف تیسری فصل روایت ہے ابی سعید رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین خصلت ہیں کہ روزہ نہیں توڑتیں

الحجامة والقيء والاحتلام رواه الترمذي وقال هذا حديث غير محفوظ وعبد الرحمن بن زيد الراوي يضعف
ایک تو سینگی لگانا اور دوسری قی کرنا اور تیسری احتلام روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث محفوظ نہیں ف اور عبد الرحمن بن زید جو راوی ہے کہا گیا ضعیف

في الحديث وعن ثابت البناني قال سئل انس بن مالك رض كنتم تكرهون الحجامة للصائم على عهد رسول الله
حدیث کی روایت میں ۔ اور روایت ہے ثابت بنانی سے کہا اسنے پوچھا کسی نے انس بن مالک رض سے کیا تم برا جانتے تھے روزہ دار کا سینگی لگانا زمانہ میں رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم قال لا الا من اجل الضعف رواه البخاري وعن البخاري تعليقا قال كان ابن عمر يحتجم وهو
صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا نہیں مگر ناتوانی کی جہت سے روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے بخاری سے معلق بے سند کہا بخاری نے ابن عمر سینگی لگاتا تھا

صائم ثم تركه فكان يحتجم في الليل وعن عطاء قال ان مضمض ثم افرغ ما في فيه من الماء لا يضره ان يزدرد
روزہ رکھ کر پھر ترک کیا اسکو سو سینگی لگاتا تھا رات میں ۔ اور روایت ہے عطاء سے کہا اسنے اگر کلی کرے روزہ دار پھر ڈال دے اپنے منہ کا پانی تو ضرر نہ کریگا اسکو نگلنا

ريقه وما بقي في فيه ولا يمضغ العلك فان ازدرد ريق العلك لا اقول انه يفطر ولكن ينهى عنه رواه البخاري
تھوک کا اور اتنی پانی کی تری کا کہ منہ میں رہ جاوے اور نہ چاوے مصطگی پس اگر نگلے روزہ دار تھوک مصطگی کا تو نہیں کہتا کہ وہ روزہ توڑتا ہے ف اور لیکن منع کیا جاتا ہے روایت کیا اسکو بخاری نے

باب صوم المسافر

في ترجمة باب باب صوم المسافر الفصل الاول عن عائشة رض قالت ان حمزة بن عمرو الاسلمي قال للنبي صلى الله
ایک باب کے ترجمہ میں ۔ باب بیان میں مسافر کے روزے کے ۔ پہلی فصل ۔ روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے بیشک حمزہ بن عمرو اسلمی نے کہا نبی صلی اللہ

عليه وسلم اصوم في السفر وكان كثير الصيام فقال ان شئت فصم وان شئت فافطر متفق عليه وعن ابي سعيد
علیہ وسلم سے کیا روزہ رکھوں میں سفر میں اور تھا وہ بہت روزہ رکھنے والا سو فرمایا اگر چاہے تو رکھ اور اگر چاہے تو مت رکھ ق ۔ اور روایت ہے ابی سعید

الخدري رض قال غزونا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم لست عشرة مضت من شهر رمضان فمنا من صام
خدری رض سے کہا اسنے جہاد کیا ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سولھویں تاریخ کو رمضان کے مہینے کی سو بعضے ہم میں سے روزہ دار تھے

ومنا من افطر فلم یعب الصائم علی المفطر ولا المفطر علی الصائم رواہ مسلم وعن جابر رض قال کان رسول
اور بعضے ہم میں روزہ نہ رکھتے تھے پھر ملامت نکی روزہ دار نے روزہ نہ رکھنے والے پر اور نہ روزہ نہ رکھنے والا روزہ دار پر روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہا انہنے

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر فرای زحاما ورجلا قد ظلل علیہ فقال ما ھذا قالوا صائم فقال لیس من البر الصوم
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں تھے سو دیکھا بھیڑ کو اور ایک مرد کو کہ سایہ کیا گیا تھا اسپر پھر فرمایا یہ کیا ہے کہا لوگوں نے روزہ دار ہے تب فرمایا بھلا نہیں روزہ رکھنا

فی السفر متفق علیہ وعن انس رض قال کنا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی السفر فمنا الصائم ومنا المفطر
سفر میں ف ۔ ق ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا انہنے ہم تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں سو بعضے ہم میں سے روزہ دار تھے اور بعضے روزہ نہ رکھتے تھے

فنزلنا منزلا فی یوم حار فسقط الصوامون وقام المفطرون فضربوا الابنیۃ وسقوا الرکاب فقال رسول
پھر اترے ہم ایک منزل میں گرمی کے دن میں سو گر پڑے روزہ دار اور کھڑے رہے روزہ نہ رکھنے والے ف۲ سو کھڑے کر دیے خیمے اور پانی پلایا اونٹوں کو تب فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذھب المفطرون الیوم بالاجر متفق علیہ وعن ابن عباس رض قال خرج رسول اللہ
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لے گئے آج کے دن روزہ نہ رکھنے والے ثواب کو ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہنے نکلے رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم من المدینۃ الی مکۃ فصام حتی بلغ عسفان ثم دعا بماء فرفعہ الی یدہ لیراہ الناس
صلی اللہ علیہ وسلم مدینے سے مکے کی طرف پھر روزہ رکھا یہاں تک کہ پہنچے عسفان کو ف۳ پھر مانگا پانی اور اٹھایا اسکو یہاں تک کہ ہاتھ تک کہ

فافطر حتی قدم مکۃ وذلک فی رمضان فکان ابن عباس یقول قد صام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وافطر
اور روزہ کھولا یہاں تک کہ تشریف لائے مکے میں اور یہ واقعہ رمضان میں تھا پھر ابن عباس کہتا تھا تحقیق روزہ رکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور نہ رکھا

فمن شاء صام ومن شاء افطر متفق علیہ وفی روایۃ لمسلم عن جابر رض انہ شرب بعد العصر الفصل
سو جسکا جی چاہے روزہ رکھے اور جسکا جی چاہے نہ رکھے ۔ ق ۔ اور ایک روایت میں مسلم کی جابر رض سے کہ حضرت نے پانی پیا بعد نماز عصر کے ۔ فصل

الثانی عن انس بن مالک الکعبی رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ وضع عن المسافر
دوسری ۔ روایت ہے انس بن مالک کعبی رض سے کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ نے تخفیف کی مسافر سے

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مت کرو اپنے گھروں کو بطور قبرستان کے ف بیشک شیطان بھاگتا ہے اس گھر سے

الذي يقرأ فيه سورة البقرة رواه مسلم وعن ابي امامة رض قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول

کہ پڑھا جاتا ہے اسمیں سورة بقرہ روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے ابی امامہ رض سے کہ کہا اسنے سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے

اقرأوا القرآن فانه يأتي يوم القيمة شفيعا لاصحابه اقرأوا الزهراوين البقرة وسورة آل عمران فانهما تأتيان

پڑھو قرآن اسلئے کہ قرآن آویگا قیامت کے دن شفیع ہوکر اپنے قاریوں کا پڑھو دو چمکتی سورتوں کو یعنی سورة بقر اور سورة آل عمران کو اسلئے کہ وہ

يوم القيمة كانهما غمامتان او غيايتان او فرقان من طير صواف تحاجان عن اصحابهما اقرأوا سورة البقرة

قیامت کے دن جیسے دو ٹکڑے سفید ابر کے یا جیسے دو چھتریاں یا جیسے دو جماعت صف باندھ کر اڑنے جانوروں کی بڑی کوشش کرینگی شفاعت میں اپنے پڑھنے والوں کی پڑھو سورة بقرہ کو

فان اخذها بركة وتركها حسرة ولا يستطيعها البطلة رواه مسلم وعن النواس بن سمعان رض

کہ بیشک ہمیشہ پڑھنا اسکا برکت ہے اور چھوڑ دینا اسکا ندامت ہے اور نہیں پڑھ سکتے اسکو سست لوگ ف روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے نواس بن سمعان رض سے

قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول يؤتى بالقرآن يوم القيمة واهله الذين كانوا يعملون به تقدمه

کہ کہا اسنے سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے لایا جاویگا قیامت کے دن اور لوگوں کو قرآن کے جو عمل کرتے تھے قرآن پر آگے آگے قرآن کے آوینگے

سورة البقرة وآل عمران كانهما غمامتان او ظلتان سوداوان بينهما شرق او كانهما فرقان من طير صواف

سورة بقر اور سورة آل عمران جیسے دو ٹکڑے ابر کے یا جیسے دو کالے سائبان درمیان انکے چمک ہوگی یا جیسے دو جماعت صف باندھ کر اڑنے جانوروں کی ف

تحاجان عن صاحبهما رواه مسلم وعن ابي بن كعب رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا ابا

بڑی کوشش کرینگی شفاعت میں اپنے پڑھنے والوں کی روایت کیا اسکو مسلم نے * اور روایت ہے ابی بن کعب رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے ابا

المنذر اتدري اي آية من كتاب الله تعالى معك اعظم قلت الله ورسوله اعلم قال يا ابا المنذر اتدري اي

المنذر ف کہا جانتا ہے تو کونسی آیت قرآن کی جو تجھے یاد ہے زیادہ بزرگ ہے کہا میں نے اللہ اور اسکا رسول خوب جانتا ہے فرمایا اے ابا المنذر کیا جانتا ہے تو کونسی

آيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللهِ مَعَكَ أَعْظَمُ قُلْتُ اللهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ قَالَ فَضَرَبَ فِي صَدْرِي وَقَالَ لِيَهْنِكَ

آیت قرآن کی جو تجھے یاد ہے زیادہ بزرگ ہے میں نے کہا اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم کہا ابی نے پھر مارا حضرت نے میرے سینے میں اور فرمایا مبارک ہو تجھ کو

الْعِلْمُ يَا أَبَا الْمُنْذِرِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ وَكَّلَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحِفْظِ زَكٰوةِ

علم اے ابا المنذر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے مقرر کیا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نگہبانی پر

رَمَضَانَ فَأَتَانِي آتٍ فَجَعَلَ يَحْثُو مِنَ الطَّعَامِ فَأَخَذْتُهُ وَقُلْتُ لَأَرْفَعَنَّكَ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

رمضان کے فطرے کی سو آیا میرے پاس ایک شخص پھر لگا دونوں ہاتھ سے غلہ لینے پھر پکڑا میں نے اسکو اور کہا البتہ لیجاؤنگا تجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا

إِنِّي مُحْتَاجٌ وَعَلَيَّ عِيَالٌ وَلِي حَاجَةٌ شَدِيدَةٌ قَالَ فَخَلَّيْتُ عَنْهُ فَأَصْبَحْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ

میں محتاج ہوں اور مجھ پر بال بچوں کا خرچ ہے اور مجھے ضرورت بڑی ہے کہا ابو ہریرہ نے پھر چھوڑ دیا میں نے اسکو پھر صبح کو اٹھا میں سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اے ابا ہریرہ

مَا فَعَلَ أَسِيرُكَ الْبَارِحَةَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ شَكَا حَاجَةً شَدِيدَةً وَعِيَالًا فَرَحِمْتُهُ فَخَلَّيْتُ سَبِيلَهُ قَالَ أَمَا إِنَّهُ قَدْ

کیا کیا تیرے قیدی نے کل کی رات کو کہا میں نے یا رسول اللہ گلہ کیا سخت حاجت اور بال بچوں کا سو رحم کیا میں نے اس پر اور چھوڑ دیا اسکو فرمایا خبردار رہ بیشک اس نے

كَذَبَكَ وَسَيَعُودُ فَعَرَفْتُ أَنَّهُ سَيَعُودُ لِقَوْلِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهُ سَيَعُودُ فَرَصَدْتُهُ فَجَاءَ

جھوٹ کہا تجھ سے اور پھر بھی آویگا سو معلوم کر لیا میں نے کہ ضرور وہ پھر آویگا رسول اللہ کے فرمانے سے بیشک وہ پھر آویگا سو منتظر رہا میں اسکا سو آکر

يَحْثُو مِنَ الطَّعَامِ فَأَخَذْتُهُ فَقُلْتُ لَأَرْفَعَنَّكَ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ دَعْنِي فَإِنِّي مُحْتَاجٌ وَعَلَيَّ عِيَالٌ

دونوں ہاتھ سے غلہ لینے لگا سو پکڑ لیا میں نے اسکو اور کہا لیجاؤنگا تجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا اس شخص نے چھوڑ دے مجھکو کہ میں محتاج اور

لَا أَعُودُ فَرَحِمْتُهُ فَخَلَّيْتُ سَبِيلَهُ فَأَصْبَحْتُ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ مَا فَعَلَ أَسِيرُكَ

پھر نہ آونگا سو رحم کیا میں نے اس پر اور چھوڑ دیا اسکو پھر صبح کو اٹھا میں سو فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے ابا ہریرہ کیا کیا تیرے قیدی نے

قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ شَكَا حَاجَةً شَدِيدَةً وَعِيَالًا فَرَحِمْتُهُ فَخَلَّيْتُ سَبِيلَهُ فَقَالَ أَمَا إِنَّهُ قَدْ كَذَبَكَ وَسَيَعُودُ

کہا میں نے یا رسول اللہ گلہ کیا اسنے سخت حاجت کا اور بال بچوں کا سو رحم کیا میں نے اس پر اور چھوڑ دیا اسکو فرمایا خبردار اسنے جھوٹ کہا تجھ سے اور پھر بھی آویگا

فَرَصَدْتُهُ فَجَاءَ يَحْثُو مِنَ الطَّعَامِ فَأَخَذْتُهُ فَقُلْتُ لَأَرْفَعَنَّكَ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهٰذَا

سو منتظر رہا میں اسکا پھر آیا وہ شخص دونوں ہاتھ سے غلہ لیتا ہوا پھر پکڑا میں نے اسکو اور کہا لیجاؤنگا تجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور یہ پچھلی

آخِرُ ثَلَاثِ مَرَّاتٍ أَنَّكَ تَزْعُمُ لَا تَعُودُ ثُمَّ تَعُودُ قَالَ دَعْنِي أُعَلِّمْكَ كَلِمَاتٍ يَنْفَعُكَ اللهُ بِهَا إِذَا أَوَيْتَ إِلَى فِرَاشِكَ

تین بار ہو چکے کہ تو کہتا ہے نہ آونگا پھر آتا ہے تو کہا اس شخص نے چھوڑ دے مجھے کہ سکھا دوں تجھکو چند باتیں کہ نفع دیگا تجھے اللہ ان کے سبب سے جب قصد کرے تو سونے کا بچھونے کی طرف

فَاقْرَأْ آيَةَ الْكُرْسِيِّ اللهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ حَتّٰى تَخْتِمَ الْآيَةَ فَإِنَّكَ لَنْ يَزَالَ عَلَيْكَ مِنَ اللهِ حَافِظٌ وَلَا

تو پڑھ آیت الکرسی کو جو یہ ہے اللہ لا الہ الا ہو یہاں تک کہ تمام کرے تو آیت الکرسی کو پھر ہمیشہ رہیگا تجھ پر اللہ کی طرف سے ایک نگہبان اور

يَقْرَبُكَ شَيْطَانٌ حَتّٰى تُصْبِحَ فَخَلَّيْتُ سَبِيلَهُ فَأَصْبَحْتُ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا فَعَلَ

نزدیک نہ آویگا تیرے کوئی شیطان یہاں تک کہ صبح کرے تو سو چھوڑ دیا میں نے اسکو پھر صبح کو اٹھا سو فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کیا

أَسِيرُكَ قُلْتُ زَعَمَ أَنَّهُ يُعَلِّمُنِي كَلِمَاتٍ يَنْفَعُنِي اللهُ بِهَا قَالَ أَمَا إِنَّهُ صَدَقَكَ وَهُوَ كَذُوبٌ وَتَعْلَمُ مَنْ تُخَاطِبُ

قیدی تیرے نے کہا میں نے اسنے کہا کہ سکھاؤنگا تجھے ایسی باتوں کو کہ نفع دیگا تجھ کو اللہ ان کے سبب سے فرمایا خبردار رہ سچ کہا تجھ سے حالانکہ وہ بڑا جھوٹا ہے تو جانتا ہے کس سے

منذ ثلث ليال قلت لا قال ذلك شيطان رواه البخاري وعن ابن عباس رض قال بينما جبرئيل
تین راتوں سے کہا میں نے نہیں فرمایا وہ شیطان ہی روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے ایک وقت جبرئیل

قاعد عند النبي صلى الله عليه وسلم سمع نقيضا من فوقه فرفع رأسه فقال هذا باب من السماء فتح اليوم
بیٹھے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سخت آواز اوپر اپنے سو اٹھایا اپنا سر کہا جبرئیل نے یہ ایک دروازہ ہے آسمان کا کھولا گیا آج کے دن

لم يفتح قط الا اليوم فنزل منه ملك فقال هذا ملك نزل الى الارض لم ينزل قط الا اليوم فسلم فقال
نہ کھلا تھا کبھی مگر آج کے دن سو اترا اس سے ایک فرشتہ پھر کہا جبرئیل نے یہ ایک فرشتہ ہے کہ اترا زمین پر نہ اترا تھا کبھی مگر آج کے دن اتنے میں سلام کیا پھر کہا

ابشر بنورين اوتيتهما لم يؤتهما نبي قبلك فاتحة الكتب وخواتيم سورة البقرة لن تقرأ بحرف منهما الا اعطيته
خوش ہو ساتھ دو نور کے کہ تجھ کو ملے ہیں نہیں ملے تھے کسی نبی کو تیرے پہلے ایک سورہ فاتحہ اور دوسرا سورہ بقرہ کی آخری آیتیں نہیں تو پڑھیگا کوئی حرف ان میں سے مگر دیا جاویگا تو

رواه مسلم وعن ابي مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الآيتان من آخر سورة البقرة من قرأ بهما
روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی مسعود رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو آیتیں ہیں سورہ بقرہ کے آخر میں جو کوئی پڑھیگا ان کو

في ليلة كفتاه متفق عليه وعن ابي الدرداء رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من حفظ عشر آيات من اول
ایک رات میں بلا دفع کریگی اس کی ۔ اور روایت ہے ابی الدرداء رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص یاد کریگا اور پڑھیگا دس آیتوں کو

سورة الكهف عصم من الدجال رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ايعجز احدكم ان
سورہ کہف کے شروع کی محفوظ رہیگا دجال کے فتنے سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور اسی سے روایت ہے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہیں سکتا کوئی تم میں

يقرأ في ليلة ثلث القرآن قالوا وكيف يقرأ ثلث القرآن قال قل هو الله احد يعدل ثلث القرآن رواه مسلم
پڑھے ایک رات میں تیسرا حصہ قرآن کا عرض کیا اور کیسا پڑھیگا کوئی تیسرا حصہ قرآن کا فرمایا قل ہو اللہ احد کا پڑھنا برابر ہے تیسرے حصہ قرآن کے روایت کیا اسکو مسلم نے

ورواه البخاري عن ابي سعيد وعن عائشة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم بعث رجلا على سرية وكان
اور روایت کیا اسکو بخاری نے ابی سعید سے ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ایک مرد کو سردار کر کے ایک لشکر کا اور تھا

يقرأ لاصحابه في صلوتهم فيختم بقل هو الله احد فلما رجعوا ذكروا ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فقال
پڑھتا اپنے رفیقوں کے لئے ان کی نماز میں تو ختم کرتا تھا قرأت کو قل ہو اللہ احد پر جب پھر کر آئے ذکر کیا یہ حال نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سو فرمایا

سلوه لاي شيء يصنع ذلك فسألوه فقال لانها صفة الرحمن وانا احب ان اقرأ بها فقال النبي صلى الله عليه
پوچھو اسکو کس لئے کرتا ہی ایسا سو پوچھا اس سے تب کہا اسنے اسلئے کہ سورہ اخلاص صفت ہی اللہ کی اور میں دوست رکھتا ہوں اسکے پڑھنے کو سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ

وسلم اخبروه ان الله يحبه متفق عليه وعن انس رض قال ان رجلا قال يا رسول الله اني احب هذه السورة قل
وسلم نے خبر دو اسکو کہ بیشک اللہ دوست رکھتا ہی اسکو ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا اسنے بیشک ایک مرد نے کہا یا رسول اللہ میں دوست رکھتا ہوں اس سورہ کو یعنی قل

هو الله احد قال ان حبك اياها ادخلك الجنة رواه الترمذي وروى البخاري معناه وعن عقبة بن
ہو اللہ احد کی سورہ کو فرمایا بیشک محبت تیری اس سورہ سے داخل کریگی تجھکو بہشت میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا بخاری نے معنی اسکے اور روایت ہے عقبہ بن

عامر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الم تر آيات انزلت الليلة لم ير مثلهن قط قل اعوذ برب
عامر رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ دیکھا تو نے ان آیتوں کو جو اتری ہیں آج کی رات کو نہ دیکھا گیا ان کی مثل کبھی وہ آیتیں قل اعوذ برب

الفلق وقل اعوذ برب الناس رواه مسلم وعن عائشة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا اوى الى فراشه

الفلق اور قل اعوذ برب الناس کی دو سورتیں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب جاتے اپنے بچھونے پر

كل ليلة جمع كفيه ثم نفث فيهما فقرأ فيهما قل هو الله احد وقل اعوذ برب الفلق وقل اعوذ برب الناس ثم يمسح

ہر رات کو جمع کرتے اپنی دونو ہتھیلیاں پھر دم کرتے دونوں میں سو پڑھتے ان میں قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس کی سورتوں کو پھر ملتے

بهما ما استطاع من جسده يبدأ بهما على رأسه ووجهه وما اقبل من جسده يفعل ذلك ثلث مرات

دونو ہاتھ جہاں تک جسم مبارک پر پہنچ سکتے شروع کرتے ہاتھ پھرانا سر مبارک اور چہرہ مبارک پر اور آگے جسم پر کرتے تھے اسکو تین بار

متفق عليه وسنذكر حديث ابن مسعود لما اسري برسول الله صلى الله عليه وسلم في باب المعراج ان شاء الله

اور اب ذکر کرینگے ہم حدیث کو ابن مسعود کی جب شب کو لیگئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کے باب میں اگر چاہا اللہ نے

الفصل الثاني

عن عبد الرحمن بن عوف رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ثلث تحت العرش يوم القيمة

دوسری فصل روایت ہے عبد الرحمن بن عوف رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا تین چیزیں عرش کے تلے ہونگی قیامت کے دن

القران يحاج العباد له ظهر وبطن والامانة والرحم تنادي الا من وصلني وصله الله ومن قطعني قطعه

الله رواه في شرح السنة وعن عبد الله بن عمرو رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يقال لصاحب القران

اقرأ وارتق ورتل كما كنت ترتل في الدنيا فان منزلك عند اخر اية تقرؤها رواه احمد والترمذي

وابو داود والنسائي وعن ابن عباس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الذي ليس في جوفه

اور ابو داود اور نسائی نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر جو شخص کہ نہ ہو دل میں اسکے

شيء من القران كالبيت الخرب رواه الترمذي والدارمي وقال الترمذي هذا حديث صحيح وعن ابي سعيد

کچھ بھی قرآن سے مانند ویران گھر کے ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث صحیح ہے اور روایت ہے ابی سعید

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الرب تبارك وتعالى من شغله القران عن ذكري ومسألتي

اعطيته افضل ما اعطي السائلين وفضل كلام الله على سائر الكلام كفضل الله على خلقه رواه الترمذي

والدارمي والبيهقي في شعب الايمان وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب وعن ابن مسعود رض قال

اور دارمی اور بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قرأ حرفا من كتاب الله فله به حسنة والحسنة بعشر امثالها لا اقول

الٓمّٓ حَرْفٌ بَلْ اَلِفٌ حَرْفٌ وَّلَامٌ حَرْفٌ وَّمِيْمٌ حَرْفٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ

الٓمّٓ ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف اور لام ایک حرف اور میم ایک حرف ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے

غَرِيْبٌ اِسْنَادُهٗ وَعَنِ الْحَارِثِ الْاَعْوَرِ قَالَ مَرَرْتُ فِي الْمَسْجِدِ فَاِذَا النَّاسُ يَخُوْضُوْنَ فِي الْاَحَادِيْثِ فَدَخَلْتُ عَلٰى عَلِيٍّ رض

سند اسکی غریب ہے اور روایت ہے حارث اعور سے کہا اسنے گذر کیا میں نے مسجد میں سو دیکھا ہوں کہ لوگ لگ رہے ہیں بیفائدہ باتوں میں سو گیا میں علی رض کے پاس

فَاَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ اَوَقَدْ فَعَلُوْهَا قُلْتُ نَعَمْ قَالَ اَمَا اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلَا اِنَّهَا سَتَكُوْنُ فِتْنَةٌ قُلْتُ

پھر خبر دی میں نے اسکو سو کہا علی نے کیا ایسا تحقیق کیا لوگوں نے اسکو تو کہا میں نے ہاں کہا علی نے خبردار میں نے سنا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے خبردار ہو عنقریب اسکے پیدا ہوگا فتنہ تو کہا میں نے

مَا الْمَخْرَجُ مِنْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ كِتَابُ اللّٰهِ فِيْهِ نَبَاُ مَا قَبْلَكُمْ وَخَبَرُ مَا بَعْدَكُمْ وَحُكْمُ مَا بَيْنَكُمْ هُوَ الْفَصْلُ لَيْسَ

کیا صورت ہے بچاؤ کی فتنہ سے اے رسول اللہ کے فرمایا متمسک ہونا قرآن سے کہ اسمیں حال اگلی امتوں کا لکھا ہے اور خبر ہے ان واردات کی کہ بعد تمہارے ہونگے اور حکم ہے تمہارے اختلاف کا وہ فیصلہ ہے نہیں

بِالْهَزْلِ مَنْ تَرَكَهٗ مِنْ جَبَّارٍ قَصَمَهُ اللّٰهُ وَمَنِ ابْتَغَى الْهُدٰى فِيْ غَيْرِهٖ اَضَلَّهُ اللّٰهُ وَهُوَ حَبْلُ اللّٰهِ الْمَتِيْنُ وَهُوَ الذِّكْرُ الْحَكِيْمُ وَهُوَ الصِّرَاطُ

بات ہنسی کی جو دشمن خدا کا قرآن کو چھوڑ دیگا گردن اسکی توڑ دیگا اللہ اور جو ہدایت طلب کریگا قرآن کے سوا میں ضلالت میں ڈالیگا اسکو اللہ اور قرآن رسی مضبوط ہے اللہ کی اور وہ نصیحت ہے پُر حکمت اور

الْمُسْتَقِيْمُ هُوَ الَّذِيْ لَا تَزِيْغُ بِهِ الْاَهْوَاءُ وَلَا تَلْتَبِسُ بِهِ الْاَلْسِنَةُ وَلَا يَشْبَعُ مِنْهُ الْعُلَمَاءُ وَلَا يَخْلَقُ عَنْ كَثْرَةِ الرَّدِّ وَلَا تَنْقَضِيْ

سیدھی راہ وہ ایسا ہے کہ پھرتیں نہیں خواہشیں اسکی پیروی کرنے سے اور مل نہیں سکتا اس کلام سے کسی اور کا کلام اور سیر نہیں ہوتی اس سے عالموں کی اور پرانا نہیں ہوتا زیادہ تکرار کرنے سے اور تمام نہیں ہوتے

عَجَائِبُهٗ وَهُوَ الَّذِيْ لَمْ تَنْتَهِ الْجِنُّ اِذْ سَمِعَتْهُ حَتّٰى قَالُوْا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا يَهْدِيْ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ مَنْ قَالَ بِهٖ

اسکی نادر باتیں اور قرآن وہ کلام ہے کہ جن نہ رہ سکے جس وقت سنا اسکو یہاں تک کہ بول اٹھے ہم نے سنا عجب قرآن کو کہ سمجھاتا ہے بھلائی کی راہ سو ایمان لایا ہم اسپر جو کوئی خبر دیگا اس سے

صَدَقَ وَمَنْ عَمِلَ بِهٖ اُجِرَ وَمَنْ حَكَمَ بِهٖ عَدَلَ وَمَنْ دَعَا اِلَيْهِ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ

صادق ہوگا اور جو کوئی عمل کریگا اس پر ثواب پائیگا اور جو کوئی حکم کریگا اس سے عادل ہوگا اور جو کوئی بلاویگا قرآن کی طرف بتا دیگا سیدھی راہ روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور کہا

التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ اِسْنَادُهٗ مَجْهُوْلٌ وَفِي الْحَارِثِ مَقَالٌ وَعَنْ مُعَاذٍ الْجُهَنِيِّ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

ترمذی نے اس حدیث کی سند مجہول ہے اور حارث اعور کے حال میں اختلاف ہے اور روایت ہے معاذ جہنی رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَاَ الْقُرْاٰنَ وَعَمِلَ بِمَا فِيْهِ اُلْبِسَ وَالِدَاهُ تَاجًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ضَوْءُهٗ اَحْسَنُ مِنْ ضَوْءِ الشَّمْسِ فِيْ بُيُوْتِ الدُّنْيَا

علیہ وسلم نے جس نے پڑھا قرآن اور عمل کیا اسکی آیتوں پر پہنا دینگے اسکے ماں باپ کو ایک تاج قیامت کے دن کہ روشنی اسکی بہتر ہوگی آفتاب کی روشنی سے جو دنیا کے گھروں میں

لَوْ كَانَتْ فِيْكُمْ فَمَا ظَنُّكُمْ بِالَّذِيْ عَمِلَ بِهٰذَا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ

فرض کریں کہ ہو آفتاب تمہارے گھروں میں پھر کیا گمان ہے تمہارا اسپر جو عمل کیا اسپر روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد نے اور روایت ہے عقبہ بن عامر رض سے کہا اسنے سنا میں نے رسول

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَوْ جُعِلَ الْقُرْاٰنُ فِيْ اِهَابٍ ثُمَّ اُلْقِيَ فِي النَّارِ مَا احْتَرَقَ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَعَنْ عَلِيٍّ رض قَالَ قَالَ

صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے اگر رکھدے کوئی قرآن کو چمڑے میں پھر ڈالدے آگ میں نہ جلیگا روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے علی رض سے کہا اسنے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَاَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَظْهَرَهٗ فَاَحَلَّ حَلَالَهٗ وَحَرَّمَ حَرَامَهٗ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ وَشَفَّعَهٗ فِيْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے پڑھا قرآن پھر زبانی حفظ کیا اسکو اور حلال سمجھا اسکے حلال کو اور حرام سمجھا اسکے حرام کو داخل کریگا اسکو اللہ بہشت میں اور شفیع کریگا

عَشَرَةٍ مِّنْ اَهْلِ بَيْتِهٖ كُلُّهُمْ قَدْ وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ

ایسے دس شخصوں کے حق میں اسکے گھر والوں میں کہ سبھی انمیں سے مستحق ہو چکے دوزخ کے ثابت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے سند اس حدیث کی

غريب وحفص بن سليمان الراوي ليس هو بالقوي يضعف في الحديث وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى

غریب ہے اور حفص بن سلیمان جو راوی ہے قوی نہیں ضعیف کہتے ہیں اسکو روایت حدیث میں ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم لابي بن كعب كيف تقرء في الصلوة فقرء ام الكتاب فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم والذي

اللہ علیہ وسلم نے ابی بن کعب کو کس طرح پڑھتا ہے تو قرآن نماز میں پھر پڑھا اسنے سورہ فاتحہ کو تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اس ذات کی

نفسي بيده ما انزلت في التورية ولا في الانجيل ولا في الزبور ولا في القرآن مثلها وانها سبع من المثاني

کہ میری جان اسکی قدرت میں ہے نازل ہوئی توریت اور انجیل اور زبور میں اور نہ بقیہ میں اسی قرآن کے کوئی سورہ مثل اسکے اور سورہ فاتحہ سبع مثانی

والقرآن العظيم الذي اعطيته رواه الترمذي وروى الدارمي من قوله ما انزلت ولم يذكر ابي بن كعب وقال الترمذي

اور قرآن عظیم ہے کہ ملا مجھکو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا دارمی نے قول سے حضرت کے ما انزلت تک اور نہ ذکر کیا نام ابی بن کعب کا اور کہا ترمذی نے

هذا حديث حسن صحيح وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تعلموا القرآن فاقرؤه فان مثل القرآن لمن

یہ حدیث اچھی ہے صحیح ہے ۔ اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیکھو قرآن کو تب پڑھا کرو پھر بیشک مثال قرآن کی اس شخص کو

تعلم فقرأ وقام به كمثل جراب محشو مسكا تفوح ريحه كل مكان ومثل من تعلمه فرقد وهو في جوفه كمثل جراب

سیکھا پھر پڑھا اور عمل کیا جیسی مثال مشک سے بھری ہوئی جراب کی ہے کہ پھیلتی ہے خوشبو اسکی ہر جگہ اور مثال اس شخص کی کہ سیکھا قرآن پھر غفلت کی اور قرآن

اوكي على مسك رواه الترمذي والنسائي وابن ماجة وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قرأ حم المؤمن

کہ کس دیا ڈوری سے منہ اسکا مشک پر ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پڑھیگا سورہ حم مومن کو

الى اليه المصير واية الكرسي حين يصبح حفظ بهما حتى يمسي ومن قرأ بهما حين يمسي حفظ بهما حتى يصبح رواه

الیہ المصیر کے لفظ تک اور آیۃ الکرسی صبح کو اٹھتے ہی محفوظ رہیگا برکت سے دونوں کی شام تک اور جو کوئی پڑھیگا ان دونوں کو شام کو تو محفوظ رہیگا برکت سے انکی صبح تک روایت کیا

الترمذي والدارمي وقال الترمذي هذا حديث غريب وعن النعمان بن بشير رض قال قال رسول الله صلى الله

ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے سند اس حدیث کی غریب ہے ۔ اور روایت ہے نعمان بن بشیر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم ان الله كتب كتابا قبل ان يخلق السموات والارض بالفي عام انزل منه ايتين ختم بهما سورة البقرة

علیہ وسلم نے بیشک اللہ نے ایک کتاب لکھی پہلے بنانے کے آسمانوں کو اور زمین کو دو ہزار برس نازل کیا اس سے دو آیتوں کو کہ ختم کیا ان سے سورہ بقر کو

ولا تقرأن في دار ثلث ليال فيقربها الشيطان رواه الترمذي والدارمي وقال الترمذي هذا حديث غريب وعن

اور نہ ہوگا کہ پڑھی جاویں وہ دونوں آیتیں کسی گھر میں تین رات پھر پاس آوے اس گھر کے شیطان روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے

ابي الدرداء رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قرأ ثلث ايات من اول الكهف عصم من فتنة الدجال

ابی درداء رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پڑھیگا شروع کی تین آیتیں سورہ کہف کی بچیگا فتنہ سے دجال کے

رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح وعن انس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان لكل شيء قلبا

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث اچھی ہے صحیح ہے ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک ہر چیز کا دل ہے

وقلب القرآن يس ومن قرأ يس كتب الله بقرائتها قراءة القرآن عشر مرات رواه الترمذي والدارمي وقال الترمذي

اور دل قرآن کا یس کی سورۃ ہے اور جو کوئی پڑھیگا سورہ یس کی لکھیگا اللہ بسبب اسکے پڑھنے کے ثواب تمام قرآن پڑھنے کا دس بار روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے

هذا حديث غريب ۔ وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله تعالى قرأ طٰه ويٰس

یہہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ تعالی نے پڑھی سورۂ طٰہ اور یٰس

قبل ان يخلق السموات والارض بالف عام فلما سمعت الملائكة القرآن قالت طوبى لامة ينزل هذا عليها وطوبى

پہلے بنانے کے آسمان اور زمین ہزار برس پھر جب سنا فرشتوں نے اس قرآن کو فرمایا خوبی ہے اس امت کے لئے کہ اترے یہہ قرآن اسپر اور خوبی ہے

لاجواف تحمل هذا وطوبى لالسنة تتكلم بهذا رواه الدارمي ۔ وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

ان دلوں کے لئے کہ یاد رکھیں اسکو اور خوبی ہے ان زبانوں کے لئے کہ پڑھیں اسکو روایت کیا اسکو دارمی نے ۔ اور روایت ہے اسی سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

من قرأ حم الدخان في ليلة اصبح يستغفر له سبعون الف ملك رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب و

جسنے پڑھی سورۂ دخان کسی رات میں صبح کریگا اس حال پر کہ مغفرت مانگتے ہونگے اسکے لئے ستر ہزار فرشتے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور

عمرو بن ابي خثعم الراوي يضعف وقال محمد يعني البخاري هو منكر الحديث ۔ وعنه قال قال رسول الله صلى الله

عمرو بن ابی خثعم جو راوی ہے ضعیف کہتے ہیں اسکو اور کہا محمد یعنی بخاری نے کہ وہ منکر الحدیث ہے ۔ اور اسی سے روایت ہے کہ کہا انہنے فرمایا رسول صلی اللہ

عليه وسلم من قرأ حم الدخان في ليلة الجمعة غفر له رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وهشام ابو

علیہ وسلم نے جسنے پڑھی سورۂ دخان شب جمعہ میں گناہ معاف ہونگے اسکے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور ہشام ابو

المقدام الراوي يضعف ۔ وعن العرباض بن سارية رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يقرأ المسبحات

المقدام جو راوی ہے اسکو ضعیف کہتے ہیں ۔ اور روایت ہے عرباض بن ساریہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے مسبحات کو

قبل ان يرقد يقول ان فيهن اية خير من الف اية رواه الترمذي وابو داود ورواه الدارمي عن خالد بن معدان

پہلے سونیکے فرماتے کہ ان میں ایک آیت ہے ہزار آیت سے بہتر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود نے اور روایت کیا اسکو دارمی نے خالد بن معدان سے

مرسلا وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب ۔ وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان سورة

مرسل اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث اچھی غریب ہے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک ایک سورۂ ہے

في القرآن ثلثون اية شفعت لرجل حتى غفر له وهي تبارك الذي بيده الملك رواه احمد والترمذي وابو داود

قرآن میں تیس آیتوں کی سفارش کی اسنے ایک مرد کی یہاں تک مغفرت ہوگئی اسکی اور وہ سورہ تبارک الذی کی سورہ ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داود

والنسائي وابن ماجة ۔ وعن ابن عباس رض قال ضرب بعض اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم خباءه على قبر وهو

اور نسائی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا انہنے کھڑا کیا کسی اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خیمہ اپنا ایک قبر پر اور انکو

لا يحسب انه قبر فاذا فيه انسان يقرأ سورة تبارك الذي بيده الملك حتى ختمها فاتى النبي صلى الله عليه

گمان نہ تھا کہ وہ قبر ہے سو ناگہاں اسمیں ایک آدمی پڑھ رہا ہے سورۂ تبارک کو یہاں تک کہ ختم کیا اسکو پھر آیا نبی صلی اللہ علیہ

وسلم فاخبره فقال النبي صلى الله عليه وسلم هي المانعة هي المنجية تنجيه من عذاب الله رواه الترمذي وقال هذا

وسلم کے پاس اور خبر دی حضرت کو سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ باز رکھنے والی ہے وہ نجات بخشنے والی ہے کہ نجات دیتی ہے اپنے قاری کو

حديث غريب ۔ وعن جابر رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان لا ينام حتى يقرأ الم تنزيل وتبارك الذي بيده

حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم سوتے نہ تھے رات کو جب تک نہ پڑھتے سورۂ الم تنزیل اور سورۂ تبارک کو

الْمُلْكُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ وَكَذَا فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَفِي الْمَصَابِيحِ غَرِيبٌ

کو روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث صحیح ہے اور اسی طور شرح سنۃ میں ہے اور مصابیح میں غریب ہے

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رض قَالَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا زُلْزِلَتْ تَعْدِلُ نِصْفَ الْقُرْآنِ وَ

اور روایت ہے ابن عباس اور انس بن مالک رض سے کہا دونوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ اذا زلزلت کی برابر آدھے قرآن کے ہے اور

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ وَقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ تَعْدِلُ رُبُعَ الْقُرْآنِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ

سورہ قل ہو اللہ کی برابر ہے قرآن کی ایک تہائی کے اور سورۂ قل یا ایہا الکافرون کی برابر ہے قرآن کی ایک چوتھائی کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے معقل بن یسار سے

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ أَعُوذُ بِاللّٰهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ فَقَرَأَ ثَلٰثَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو کوئی کہیگا صبح کو اٹھکر تین بار پناہ چاہتا ہوں اللہ کی جو سننا جاننا ہے مردود شیطان سے پھر پڑھے تین

آيَاتٍ مِنْ آخِرِ سُورَةِ الْحَشْرِ وَكَّلَ اللّٰهُ بِهِ سَبْعِينَ أَلْفَ مَلَكٍ يُصَلُّونَ عَلَيْهِ حَتّٰى يُمْسِيَ وَإِنْ مَاتَ فِي ذٰلِكَ الْيَوْمِ

آیت آخر کی سورۂ حشر کے مقرر کریگا اللہ اسپر ستر ہزار فرشتوں کو کہ دعا کرینگے اسکے لئے یہانتک کہ شام کرے اور اگر مر جاوے اس دن میں تو پاویگا

مَاتَ شَهِيدًا وَمَنْ قَالَهَا حِينَ يُمْسِي كَانَ بِتِلْكَ الْمَنْزِلَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ

شہادت کی موت کا اور جو کوئی کہیگا انکو رات ہوتے حاصل کریگا اسی مرتبہ کو روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے اس حدیث کی سند غریب ہے

وَعَنْ أَنَسٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَأَ كُلَّ يَوْمٍ مِائَتَيْ مَرَّةٍ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ مُحِيَ عَنْهُ ذُنُوبُ خَمْسِينَ

اور روایت ہے انس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو پڑھیگا ہر روز دو سو بار قل ہو اللہ احد مٹا دینگے اس سے گناہ پچاس

سَنَةً إِلَّا أَنْ يَكُونَ عَلَيْهِ دَيْنٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَفِي رِوَايَتِهِ خَمْسِينَ مَرَّةً وَلَمْ يَذْكُرْ إِلَّا أَنْ يَكُونَ عَلَيْهِ دَيْنٌ

برس کے سوا گناہ قرض کے کہ ہو اسپر روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور روایت میں دارمی کی پچاس بار ہے اور ذکر نکیا الا ان یکون علیہ دین کو

وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَرَادَ أَنْ يَنَامَ عَلٰى فِرَاشِهِ فَنَامَ عَلٰى يَمِينِهِ ثُمَّ قَرَأَ مِائَةَ مَرَّةٍ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ

اور روایت ہے اسی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جسنے ارادہ کیا لیٹنے کا اپنے بچھانے پر پھر لیٹا داہنی کروٹ پر پھر پڑھا سو بار قل ہو اللہ احد

إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ يَقُولُ لَهُ الرَّبُّ يَا عَبْدِي ادْخُلْ عَلٰى يَمِينِكَ الْجَنَّةَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ

جب ہوگا قیامت کا دن فرماویگا اسکو پروردگار اے بندے میرے داخل ہو داہنی طرف کی بہشت میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا اس حدیث کی سند حسن غریب ہے

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَقْرَأُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ فَقَالَ وَجَبَتْ قُلْتُ وَمَا وَجَبَتْ

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا ایک مرد کو کہ پڑھ رہا ہے قل ہو اللہ احد سو فرمایا لازم ہوئی کہا میں نے کیا مراد ہے

قَالَ الْجَنَّةُ رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلِّمْنِي شَيْئًا أَقُولُهُ إِذَا

فرمایا لازم ہوئی جنت روایت کیا اسکو مالک اور ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہے فروہ بن نوفل سے وہ اپنے باپ سے کہ اسنے کہا یا رسول اللہ سکھائیے کوئی چیز کہ پڑھوں جب

أَوَيْتُ إِلٰى فِرَاشِي فَقَالَ اقْرَأْ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ فَإِنَّهَا بَرَاءَةٌ مِنَ الشِّرْكِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ

لیٹا چاہوں بچھانے پر سو فرمایا پڑھ قل یا ایہا الکافرون کی سورۃ کیونکہ اسمیں شرک سے بیزار رکھا ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور دارمی نے اور روایت

عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رض قَالَ بَيْنَا أَنَا أَسِيرُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْجُحْفَةِ وَالْأَبْوَاءِ إِذْ غَشِيَتْنَا رِيحٌ

عقبہ بن عامر رض سے کہ کہا اسنے ایک وقت میں چلتا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ درمیان جحفہ اور ابواء کے ناگہاں گھیر لیا ہمکو ہوا

وظلمة شديدة فجعل رسول الله صلى الله عليه وسلم يتعوذ باعوذ برب الفلق واعوذ برب الناس ويقول يا عقبة

اور سخت اندھیری نے سو لگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پناہ مانگنے پڑھکر قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور دونوں سورتوں کو اور فرمایا

تعوذ بهما فما تعوذ متعوذ بمثلهما رواه ابو داود وعن عبد الله بن خبيب رض قال خرجنا في ليلة مطر وظلمة

پناہ مانگ ان دونوں سے کہ نہ مانگا پناہ کسی نے مانند ان کے پڑھکر روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے عبد اللہ بن خبیب رض سے کہا انہوں نے ہم نکلے ایک بارش بھری ہوا اور

شديدة نطلب رسول الله صلى الله عليه وسلم فادركناه فقال قل قلت ما اقول قال قل هو الله احد والمعوذتين حين تصبح

سخت اندھیری رات میں طلب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سو پایا ہم نے حضرت کو سو فرمایا کہہ میں نے کہا کیا کہوں فرمایا قل ہو اللہ احد اور معوذتین جب صبح کرے

وحين تمسي ثلث مرات تكفيك من كل شئ رواه الترمذي وابو داود والنسائي وعن عقبة بن عامر رض قال قلت يا رسول

اور جب شام کرے تو تین بار کہ بچا دینگے تجھکو ہر آفت سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود اور نسائی نے اور روایت ہے عقبہ بن عامر رض سے کہ کہا انہوں نے کہا میں نے یا رسول

الله اقرأ سورة هود او سورة يوسف قال لن تقرأ شيئا ابلغ عند الله من قل اعوذ برب الفلق رواه احمد والنسائي والدارمي

اللہ کیا پڑھوں میں سورۂ ہود یا سورۂ یوسف کو فرمایا ہرگز نہ پڑھیگا تو کوئی سورۃ کہ زیادہ مفید ہو اللہ کے پاس قل اعوذ برب الفلق کی سورۃ سے روایت کیا اسکو احمد اور نسائی اور دارمی نے

الفصل الثالث

عن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعربوا القرآن واتبعوا غرائبه وغرائبه فرائضه

تیسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کرو قرآن کو اور چلو قرآن کے غرائب پر اور غرائب اسکے فرائض

وحدوده وعن عائشة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال قراءة القرآن في الصلوة افضل من قراءة القرآن في غير

اور حدود اسکے ہیں ف اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن کا پڑھنا نماز میں بہتر ہے قرآن پڑھنے سے اور وقت

الصلوة وقراءة القرآن في غير الصلوة افضل من التسبيح والتكبير والتسبيح افضل من الصدقة والصدقة افضل من الصوم والصوم جنة

نماز کے سوا اور قرآن پڑھنا اور وقت میں بھی سوا نماز کے بہت بہتر ہے سبحان اللہ اور اللہ اکبر کہنے سے اور تسبیح وغیرہ بہتر ہے صدقہ سے اور صدقہ بہتر ہے

وعن عثمان بن عبد الله بن اوس الثقفي عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قراءة الرجل القرآن في غير

اور روایت ہے عثمان بن عبد اللہ بن اوس ثقفی سے اسکے دادا اوس سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھنا آدمی کا قرآن کو بن دیکھے

المصحف الف درجة وقراءته في المصحف يضعف على ذلك الى الفي درجة وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله

مصحف کے ف ہزار درجے ثواب رکھتا ہے اور قرآن دیکھکر پڑھنا بڑھایا جاتا ہے دو ہزار درجوں تک اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی

عليه وسلم ان هذه القلوب تصدأ كما يصدأ الحديد اذا اصابه الماء قيل يا رسول الله وما جلاؤها قال كثرة ذكر

اللہ علیہ وسلم نے بیشک یہ دل زنگ پکڑتے ہیں جیسا کہ زنگ پکڑتا ہے لوہا جب لگے اسکو پانی کہا کسی نے یا رسول اللہ کے اور کیا چیز ہے ان کی صیقل کی فرمایا بہت

الموت وتلاوة القرآن روى البيهقي الاحاديث الاربعة في شعب الايمان وعن ايفع بن عبد الكلاعي رض قال قال

موت کو یاد کرنا اور بہت پڑھنا قرآن کا روایت کیا بیہقی نے اوپر کی چار حدیث کو کتاب شعب الایمان میں اور روایت ہے ایفع بن عبد کلاعی رض سے کہ کہا انہوں نے کہا

رجل يا رسول الله اي سورة القرآن اعظم قال قل هو الله احد قال فاي آية اعظم قال آية الكرسي الله لا اله الا

ایک مرد نے ای رسول اللہ کے کونسی سورۃ قرآن کی سورتوں سے بہت بڑی ہے فرمایا قل ہو اللہ احد کہا اسنے پھر کونسی آیت سب آیتوں سے بڑی ہے فرمایا آیت الکرسی

هو الحي القيوم قال فاي آية يا رسول الله تحب ان تصيبك وامتك قال خاتمة سورة البقرة فانها من خزائن

ہو الحی القیوم ہے کہا اسنے پھر کونسی آیت ہے ای رسول اللہ کے دوست رکھتے ہو تم کہ حاصل ہو اسکے فضل اپنے اور اپنی امت کے لئے فرمایا آخری آیتیں سورۂ بقرہ کی ف کہ وہ آیتیں خزانوں سے

رَحْمَةِ اللّٰهِ مِنْ تَحْتِ عَرْشِهٖ اَعْطَاهَا هٰذِهِ الْاُمَّةَ لَمْ تَتْرُكْ خَيْرًا مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا اشْتَمَلَتْ

اللہ کی رحمت کے ہیں تلے سے اسکے عرش کے کہ دیا ان کو اللہ نے اس امت کو نہ چھوڑی کوئی بھلائی ان آیتوں نے دنیا کی اور آخرت کی مگر لے لی

عَلَيْهِ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَعَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتِحَةُ

اسکو روایت کیا اسکو دارمی نے ۔ اور روایت ہے عبد الملک بن عمیر سے سند مرسل سے کہا کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورہ فاتحہ

الْكِتَابِ شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رض

پڑھنے میں شفا ہوتی ہے ہر بیماری سے روایت کیا اسکو دارمی نے اور بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں ۔ اور روایت ہے عثمان ابن عفان رض سے

قَالَ مَنْ قَرَأَ اٰخِرَ اٰلِ عِمْرَانَ فِيْ لَيْلَةٍ كُتِبَ لَهٗ قِيَامُ لَيْلَةٍ وَعَنْ مَكْحُوْلٍ قَالَ مَنْ قَرَأَ سُوْرَةَ اٰلِ عِمْرَانَ يَوْمَ

کہ کہا اسنے جو کوئی پڑھیگا سورت آل عمران کی اخیر آیتوں کو رات میں ثواب لکھا جاویگا اسکو عبادت کا رات بھر ۔ اور روایت ہے مکحول سے کہا اسنے جو کوئی پڑھیگا سورہ آل عمران کی روز

الْجُمُعَةِ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلٰٓئِكَةُ اِلَى اللَّيْلِ رَوَاهُمَا الدَّارِمِيُّ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

جمعہ کے مغفرت مانگیں گے اس کے واسطے فرشتے رات تک روایت کیا ان دونوں کو دارمی نے ۔ اور روایت ہے جبیر بن نفیر سے کہ رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ خَتَمَ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ بِاٰيَتَيْنِ اُعْطِيْتُهُمَا مِنْ كَنْزِهِ الَّذِيْ تَحْتَ الْعَرْشِ

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے تمام کیا سورہ بقرہ کو ان دو آیتوں سے کہ مجھ کو ملیں اسکے خزانے سے کہ عرش کے تلے ہے

فَتَعَلَّمُوْهُنَّ وَعَلِّمُوْهُنَّ نِسَآءَكُمْ فَاِنَّهَا صَلٰوةٌ وَّقُرْبَانٌ وَّدُعَاءٌ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ مُرْسَلًا

سو سیکھو ان کے کلمات کو اور سکھاؤ اپنی عورتوں کو کیونکہ وہ کلمات استغفار اور موجب قرب الٰہی اور دعا ہیں روایت کیا اسکو دارمی نے سند مرسل سے

وَعَنْ كَعْبٍ رض اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اقْرَءُوْا سُوْرَةَ هُوْدٍ يَوْمَ الْجُمُعَةِ رَوَاهُ

اور روایت ہے کعب بن مالک رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پڑھو سورہ ہود کو جمعہ کے دن روایت کیا اسکو

الدَّارِمِيُّ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ رض اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَأَ سُوْرَةَ الْكَهْفِ فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ

دارمی نے ۔ اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی پڑھیگا سورہ کہف کو جمعہ کے دن

اَضَاءَ لَهُ النُّوْرُ مَا بَيْنَ الْجُمُعَتَيْنِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ وَعَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ قَالَ اقْرَءُوا الْمُنْجِيَةَ

روشن ہوگا اسکے لئے نور درمیان دو جمعوں کے روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب دعوات الکبیر میں ۔ اور روایت ہے خالد بن معدان سے کہا اسنے پڑھو نجات دینے والی کو

وَهِيَ الٓمّٓ تَنْزِيْلُ فَاِنَّهٗ بَلَغَنِيْ اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَقْرَؤُهَا مَا يَقْرَأُ شَيْئًا غَيْرَهَا وَكَانَ كَثِيْرَ الْخَطَايَا فَنَشَرَتْ جَنَاحَهَا عَلَيْهِ

اور وہ سورہ سجدہ ہی اسلئے کہ مجھے خبر پہنچی کہ ایک مرد پڑھا کرتا تھا اسکو نہ پڑھتا تھا کوئی سورت سوا اسکے اور تھا بڑا گنہگار سو پھیلا دیا اسنے بازو اپنا اس پر

قَالَتْ رَبِّ اغْفِرْ لَهٗ فَاِنَّهٗ كَانَ يُكْثِرُ قِرَاءَتِيْ فَشَفَّعَهَا الرَّبُّ تَعَالٰى فِيْهِ وَقَالَ اكْتُبُوْا لَهٗ بِكُلِّ خَطِيْئَةٍ حَسَنَةً وَّارْفَعُوْا لَهٗ

کہنے لگا اے رب بخش دے اسکو وہ بہت قرأت کرتا تھا سو شفاعت قبول کی پروردگار نے اسکی اسکے حق میں بعد فرمایا لکھو اسکے لئے ہر گناہ کے بدلے نیکی اور بلند کرو

وَقَالَ اَيْضًا اِنَّهَا تُجَادِلُ عَنْ صَاحِبِهَا فِي الْقَبْرِ تَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتُ مِنْ كِتَابِكَ فَشَفِّعْنِيْ فِيْهِ وَاِنْ لَّمْ اَكُنْ مِنْ كِتَابِكَ

اور کہا خالد نے یہ بھی کہ وہ سورۃ جھگڑیگی اپنے قاری کی طرف سے قبر میں سطور کہ کہیگی اے اللہ اگر ہوں میں تیری کتاب کی سورت تو شفاعت قبول کر میری اسکے حق میں اور اگر نہیں

فَامْحُنِيْ عَنْهُ وَاِنَّهَا تَكُوْنُ كَالطَّيْرِ تَجْعَلُ جَنَاحَهَا عَلَيْهِ فَتَشْفَعُ لَهٗ فَتَمْنَعُهٗ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَقَالَ فِيْ تَبَارَكَ مِثْلَهٗ

تو نکالدے مجھکو کتاب سے اور وہ سورۃ ہوگی پرندے کی طرح کہ پھیلا دیگی اپنے بازو کو اسپر پھر سفارش کریگی اسکی سو بچا دیگی اسکو قبر کے عذاب سے اور کہا خالد نے سورہ تبارک میں بھی

وكان خالد لا يبيت حتى يقرأهما وقال طاؤس فضلتا على كل سورة في القرآن بستين حسنة رواه الدارمي وعن
اور خالد سوتا نہ تھا جب تک کہ پڑھتا تھا ان دونوں کو اور کہا طاؤس نے فضیلت دی سورۂ سجدہ اور ملک کو ہر سورہ پر قرآن کی ساٹھ نیکی سے روایت کیا اسکو دارمی نے

عطاء بن ابي رباح قال بلغني ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من قرأ يس في صدر النهار قضيت حوائجه رواه الدارمي
عطا ابن ابی رباح سے کہ کہا اسنے پہنچی مجھکو یہ بات کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی پڑھیگا یٰس کی سورہ دن نکلتے اسکی حاجتیں روا ہونگی روایت کیا اسکو دارمی نے

مرسلا وعن معقل بن يسار المزني رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال من قرأ يس ابتغاء وجه الله تعالى غفر له ما
سند مرسل سے ۔ اور روایت ہے معقل بن یسار مزنی رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی پڑھیگا یٰس کو واسطے اللہ تعالیٰ کی رضا مندی چاہنے کے بخشے جاوینگے

تقدم من ذنبه فاقرؤها عند موتاكم رواه البيهقي في شعب الايمان وعن عبد الله بن مسعود رض انه قال ان
اسکے اگلے گناہ سو پڑھو اسکو ان کے پاس جنکو جانکندنی لگے روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں ۔ اور روایت ہے عبد اللہ ابن مسعود رض سے کہ اسنے کہا بیشک

لكل شيء سناما وان سنام القرآن سورة البقرة وان لكل شيء لبابا وان لباب القرآن المفصل رواه الدارمي
ہر چیز کی بلندی ہے اور بیشک بلندی قرآن کی سورۂ بقر ہے اور بیشک ہر چیز کا خلاصہ ہے خلاصہ قرآن کا مفصل سورتیں ہیں روایت کیا اسکو دارمی نے

وعن علي رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لكل شيء عروس وعروس القرآن الرحمن وعن
اور روایت ہے علی رض سے کہ کہا اسنے سنا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہر چیز کا ایک حسن ہے اور حسن قرآن کا سورۂ رحمن ہے ۔ اور روایت ہے

ابن مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قرأ سورة الواقعة في كل ليلة لم تصبه فاقة ابدا وكان ابن
ابن مسعود رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پڑھیگا سورۂ واقعہ ہر رات کو نہ پہنچیگا اسکو فاقہ کبھی اور ابن

مسعود يأمر بناته يقرأن بها كل ليلة رواهما البيهقي في شعب الايمان وعن علي رض قال كان رسول الله صلى الله
مسعود حکم کرتا تھا اپنی بیٹیوں کو کہ پڑھا کریں سورۂ واقعہ ہر رات میں روایت کیا دونوں حدیث کو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور روایت ہے علی رض سے کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم يحب هذه السورة سبح اسم ربك الاعلى رواه احمد وعن عبد الله بن عمرو رض قال اتى رجل النبي صلى الله
علیہ وسلم دوست رکھتے تھے اس سورت کو جو سبح اسم ربک الاعلیٰ کی سورہ ہے روایت کیا اسکو احمد نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہ کہا اسنے آیا ایک مرد نبی صلی اللہ

عليه وسلم فقال اقرئني يا رسول الله فقال اقرأ ثلاثا من ذوات الر فقال كبرت سني واشتد قلبي وغلظ لساني
علیہ وسلم کے پاس پھر کہنے لگا پڑھائیے مجھے یا رسول اللہ سو فرمایا پڑھ تین سورتوں کو جنکے شروع میں الر ہے پھر کہا اسنے عمر میری بہت ہوئی اور دل سخت اور زبان

قال فاقرأ ثلاثا من ذوات حم فقال مثل مقالته فقال الرجل يا رسول الله اقرئني سورة جامعة فاقرأه رسول الله صلى
فرمایا تو پڑھ تین سورتوں کو جنکے شروع میں حم ہے پھر کہا اسنے جیسا پہلے کہا تھا کہا اس مرد نے یا رسول اللہ پڑھائیے مجھے کوئی مختصر سورہ کہ سب مطلب اسمیں ہوں

الله عليه وسلم اذا زلزلت حتى فرغ منها فقال الرجل والذي بعثك بالحق لا ازيد عليها ابدا ثم ادبر الرجل فقال
اللہ علیہ وسلم نے اذا زلزلت کی سورہ یہاں تک کہ فراغت کی اس سے سو کہا اس مرد نے قسم اس ذات کی کہ بھیجا تجھکو سچا دین دے کر نہ زیادہ کرونگا اسپر کبھی پھر پیٹھ پھیر کر

رسول الله صلى الله عليه وسلم افلح الرويجل مرتين رواه احمد وابو داود وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مراد کو پہنچا یہ مرد دو بار روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم الا يستطيع احدكم ان يقرأ الف اية في كل يوم قالوا ومن يستطيع ان يقرأ الف اية في كل
صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ سکیگا کوئی تم میں کہ پڑھے ہزار آیت ہر روز کہا صحابہ نے اور کون سکتا ہے ہزار آیت کا پڑھنا ہر

يوم قال اما يستطيع ان يقرأ الهٰكم التكاثر رواه البيهقي في شعب الايمان وعن سعيد بن المسيب مرسلا

روز فرمایا کیا نہیں سکیگا کوئی پڑھنا الہٰکم التکاثر کی سورۃ روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور روایت ہے سعید بن مسیب سے بطور ارسال کے

عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من قرأ قل هو الله احد عشر مرات بني له بها قصر في الجنة ومن قرأ عشرين

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو کوئی پڑھیگا قل ہو اللہ کی سورت دس بار بنیگا اسکے لئے اسکی برکت سے ایک محل جنت میں اور جو کوئی پڑھیگا بیس

مرة بني له بها قصران في الجنة ومن قرأها ثلثين مرة بني له بها ثلثة قصور في الجنة فقال عمر بن الخطاب

بار بنینگے اسکے لئے دو مکان جنت میں اور جو کوئی پڑھیگا اسکو تیس بار بنینگے اسکے لئے تین محل جنت میں سو کہا عمر بن خطاب

رض والله يا رسول الله اذا لنكثرن قصورنا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم الله اوسع من ذلك رواه الدارمي

رض نے قسم اللہ کی یا رسول اللہ تب البتہ زیادہ کرینگے ہم مکانوں اپنے کو تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا کا فضل زیادہ ہے اس سے روایت کیا اسکو دارمی نے

وعن الحسن مرسلا ان نبي الله صلى الله عليه وسلم قال من قرأ في ليلة مائة اية لم يحاجه القرآن تلك الليلة ومن

اور روایت ہے حسن بصری سے بطور ارسال کے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے پڑھا ایک رات میں سو آیتوں کو جھگڑا نہ کریگا اس سے قرآن اس رات میں اور جسنے

قرأ في ليلة مائتي اية كتب له قنوت ليلة ومن قرأ في ليلة خمس مائة الى الالف اصبح وله قنطار من الاجر قالوا

پڑھا ایک رات میں دو سو آیت ثواب ملیگا اسکو تمام رات کی عبادت کا اور جسنے پڑھا ایک رات میں پانچ سو آیت ہزار تک صبح کو اٹھیگا ایک قنطار ثواب پاکر کہا صحابہ نے

وما القنطار قال اثنا عشر الفا رواه الدارمي

اور کیا ہے قنطار فرمایا بارہ ہزار یعنے درہم یا دینار روایت کیا اسکو دارمی نے

باب — الفصل الاول

عن ابي موسى الاشعري رض قال قال رسول الله

یہ ایک باب ہے، پہلی فصل روایت ہے ابی موسی اشعری رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم تعاهدوا القرآن فوالذي نفسي بيده لهو اشد تفصيا من الابل في عقلها متفق عليه

صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ تلاوت کرتے رہو قرآن کی پھر قسم ہے اس ذات کی کہ میری جان اسکے ہاتھ میں ہے البتہ قرآن زیادہ بھاگ جاتا ہے سینوں میں سے اونٹ سے

وعن ابن مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بئس ما لاحدهم ان يقول نسيت اية كيت وكيت بل

اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بری چیز ہے کسی کو ہم میں سے کہنا اس کا کہ بھول گیا میں فلانی اور فلانی

نسي واستذكروا القرآن فانه اشد تفصيا من صدور الرجال من النعم متفق عليه وزاد مسلم بعقلها وعن

بھلا دیا گیا ہے اور حاضر رکھو دل میں قرآن کو کہ قرآن بہت جلد بھاگ جاتا ہے آدمیوں کے سینوں سے بہ نسبت چوپایوں کے ہے۔ اور زیادہ کیا مسلم نے لفظ بعقلہا یعنی

ابن عمر رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال انما مثل صاحب القرآن كمثل صاحب الابل المعقلة ان عاهد

ابن عمر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بس کہاوت قرآن پڑھنے والے کی جیسی کہاوت اونٹ والے کی جو بندھے ہیں رسیوں میں اگر نگہبانی

عليها امسكها وان اطلقها ذهبت متفق عليه وعن جندب بن عبد الله رض قال قال رسول الله صلى الله عليه

انکی تو رکھیگا اور اگر چھوڑ دیگا تو چلے جاوینگے ہے۔ اور روایت ہے جندب رض سے جو بیٹا ہے عبد اللہ رض کا کہ کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم اقرؤا القرآن ما ائتلفت عليه قلوبكم فاذا اختلفتم فقوموا عنه متفق عليه وعن قتادة قال سئل

وسلم نے پڑھو قرآن کو جب تک کہ دل لگی ہو تمہاری پھر جب تمہارا دل نہ لگے سو چھوڑ دو اسکو۔ اور روایت ہے قتادہ سے کہ کہا انہنے پوچھا

انس كيف كانت قراءة النبي صلى الله عليه وسلم فقال كانت مدا ثم قرأ بسم الله الرحمن الرحيم يمد ببسم الله

انس سے کیسی تھی قرأت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سو کہا انہنے تھی مد کے ساتھ پھر پڑھا انہنے بسم اللہ الرحمن الرحیم کھینچ کر بسم اللہ کو

وَيَمُدُّ بِالرَّحْمٰنِ وَيَمُدُّ بِالرَّحِيْمِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❁ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَذِنَ

اور کھینچ کر الرحمٰن کے الف کو اور کھینچ کر رحیم کی یا کو روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں سنا

اللّٰهُ لِشَيْءٍ مَا اَذِنَ لِنَبِيٍّ يَتَغَنّٰى بِالْقُرْاٰنِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❁ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَذِنَ اللّٰهُ

اللہ نے کسی آواز کو جیسا کہ سنا کسی نبی کی آواز پڑھتے ہو قرآن کو ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں سنا اللہ نے

لِشَيْءٍ مَا اَذِنَ لِنَبِيٍّ حَسَنِ الصَّوْتِ بِالْقُرْاٰنِ يَجْهَرُ بِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❁ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ

کسی آواز کو جیسا سنا نبی کی آواز جو خوش آوازی سے قرآن پڑھتا ہو پکار کر ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں

مِنَّا مَنْ لَّمْ يَتَغَنَّ بِالْقُرْاٰنِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❁ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رض قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ہم سے جو کوئی خوش آواز سے پکار کر قرآن نہ پڑھے روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ اِقْرَأْ عَلَيَّ قُلْتُ اَقْرَأُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ اُنْزِلَ قَالَ اِنِّيْ اُحِبُّ اَنْ اَسْمَعَهٗ مِنْ غَيْرِيْ فَقَرَأْتُ سُوْرَةَ النِّسَاءِ

منبر پر تھے قرآن سنا مجھکو میں نے کہا قرآن سناؤں آپ کو حالانکہ آپ پر اترا قرآن فرمایا ہاں دوست رکھتا ہوں کہ سنوں دوسرے سے سو پڑھا میں نے سورہ نسا کو

حَتّٰى اَتَيْتُ اِلٰى هٰذِهِ الْاٰيَةِ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلَاءِ شَهِيْدًا قَالَ حَسْبُكَ

یہانتک کہ پہنچا اس آیت تک پھر کیسا ہوگا جب لاویں گے ہم ہر امت سے ایک گواہ اور لاویں گے تجھکو ان پر گواہ کرکے فرمایا بس کر

اَلْاٰنَ فَالْتَفَتُّ اِلَيْهِ فَاِذَا عَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❁ وَعَنْ اَنَسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُبَيِّ بْنِ

اب پھر دیکھا میں نے حضرت کی طرف سو دیکھا تو آنکھوں سے آنسو جاری تھے ۔ ق ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی بن

كَعْبٍ رض اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ اَنْ اَقْرَأَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ قَالَ اٰللّٰهُ سَمَّانِيْ لَكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ وَقَدْ ذُكِرْتُ عِنْدَ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

کعب رض کو بیشک اللہ نے حکم کیا مجھے کہ پڑھ سناؤں تجھکو قرآن کہا انہوں نے کیا اللہ نے میرا نام لیکر فرمایا آپ نے ہاں کہا انہوں نے اور تحقیق میرا ذکر کیا گیا پروردگار عالم کے

قَالَ نَعَمْ فَذَرَفَتْ عَيْنَاهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ اَنْ اَقْرَأَ عَلَيْكَ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قَالَ وَسَمَّانِيْ قَالَ

فرمایا ہاں پس آنسو بہنے لگے انکی آنکھوں سے ۔ ق ۔ اور ایک روایت میں ہے اللہ نے فرمایا مجھکو کہ پڑھوں میں تجھے سورہ لم یکن الذین کفروا کہا کیا میرا نام لیا فرمایا

نَعَمْ فَبَكٰى مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ❁ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رض قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّسَافَرَ بِالْقُرْاٰنِ اِلٰى اَرْضِ الْعَدُوِّ مُتَّفَقٌ

ہاں سو رو دیا انہوں نے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا انہوں نے منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کرنے کو قرآن ساتھ لیکر کافروں کے ملک میں ۔ ق

عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ لَا تُسَافِرُوْا بِالْقُرْاٰنِ فَاِنِّيْ لَا اٰمَنُ اَنْ يَّنَالَهُ الْعَدُوُّ ۔ اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ ❁ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ

اور ایک روایت میں مسلم کی نہ سفر کرو قرآن ساتھ لیکر کیونکہ مجھکو بےفکری نہیں ہے لینے سے کافر کے قرآن کو ۔ دوسری فصل ۔ روایت ہے ابی سعید خدری

رض قَالَ جَلَسْتُ فِيْ عِصَابَةٍ مِّنْ ضُعَفَاءِ الْمُهَاجِرِيْنَ وَاِنَّ بَعْضَهُمْ لَيَسْتَتِرُ بِبَعْضٍ مِّنَ الْعُرْيِ وَقَارِئٌ يَقْرَأُ عَلَيْنَا

رض سے کہ کہا انہوں نے بیٹھا تھا میں جماعت میں مہاجرین کے غریب غربا کی اور بیشک بعض ان کا پردہ کرتا تھا بعضے سے بسبب ننگے کے اور ایک پڑھنے والا قرآن پڑھتا تھا ہم پر

اِذْ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ عَلَيْنَا فَلَمَّا قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَكَتَ الْقَارِئُ فَسَلَّمَ

ناگہاں آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سو کھڑے رہے ہمارے سر پر پھر جب کھڑے رہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چپ رہا پڑھنے والا تب سلام کیا حضرت نے

ثُمَّ قَالَ مَا كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ قُلْنَا كُنَّا نَسْتَمِعُ اِلٰى كِتَابِ اللّٰهِ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ مِنْ اُمَّتِيْ مَنْ اُمِرْتُ اَنْ اَصْبِرَ

پھر فرمایا کیا کرتے تھے تم کہا ہم نے سنتے تھے اللہ کی کتاب کو تب فرمایا حمد ہے اللہ کو جس نے پیدا کیا میری امت میں ان لوگوں کو کہ حکم ہوا مجھے صبر کرنے کا

نفسي معهم قال فجلس وسطنا ليعدل بنفسه فينا ثم قال بيده هكذا فتحلقوا وبرزت وجوههم له فقال ابشروا

اپنی ذات سے اُن کے ساتھ ف کہا راوی نے پھر بیٹھے بیچ ہمارے تاکہ برابر کریں اپنی ذات سے ہم میں پھر اشارہ کیا دست مبارک سے یوں یعنی حلقہ ہو کر بیٹھو پھر حلقہ ہو گئے اور سب کے چہرے حضرت کے روبرو ہو گئے پھر فرمایا خوش ہو جاؤ

يا معشر صعاليك المهاجرين بالنور التام يوم القيامة تدخلون الجنة قبل اغنياء الناس بنصف يوم وذلك

اے جماعت مہاجرین بے مال فقرا کی نور کامل سے قیامت کے دن داخل ہو جاؤ گے تم بہشت میں تونگر آدمیوں سے آدھا دن پہلے اور آدھا دن

خمس مائة سنة رواه ابو داود وعن البراء بن عازب رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم زينوا القرآن

پانچ سو برس کا ہوگا روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے براء بن عازب رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آراستہ کرو قرآن کی قراءت

باصواتكم رواه احمد وابو داود وابن ماجة والدارمي وعن سعد بن عبادة رض قال قال رسول الله صلى

اپنی اچھی آوازوں سے روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے سعد بن عبادہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم ما من امرئ يقرأ القرآن ثم ينساه الا لقي الله يوم القيمة اجذم رواه ابو داود والدارمي

اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی مرد کہ پڑھے قرآن کو پھر بھولے اسکو مگر ملیگا اللہ سے قیامت کے دن دست بریدہ ہوا ف روایت کیا اسکو ابو داود اور دارمی نے

وعن عبد الله بن عمرو رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لم يفقه من قرأ القرآن في اقل من ثلث

اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں سمجھیگا جس نے پڑھا قرآن کو تین رات سے کم میں

رواه الترمذي وابو داود والدارمي وعن عقبة بن عامر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الجاهر

روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور دارمی نے اور روایت ہے عقبہ بن عامر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پکار کر پڑھنے والا

بالقرآن كالجاهر بالصدقة والمسر بالقرآن كالمسر بالصدقة رواه الترمذي وابو داود والنسائي وقال الترمذي

قرآن مانند ظاہر کر کے خیرات کرنے والے کے ہے اور آہستہ پڑھنے والا مانند چھپا کر خیرات کرنے والے کے ف روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور نسائی نے اور کہا ترمذی نے

هذا حديث حسن غريب وعن صهيب رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما امن بالقرآن من

اس حدیث کی سند حسن ہے غریب ہے اور روایت ہے صہیب رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ایمان لایا قرآن پر جس نے

استحل محارمه رواه الترمذي وقال هذا حديث ليس اسناده بالقوي وعن الليث بن سعد عن ابن ابي

ارتکاب کیا منہیات کا ف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا اس حدیث کی سند قوی نہیں اور روایت ہے لیث بن سعد سے ابن ابی

مليكة عن يعلى بن مملك انه سأل ام سلمة عن قراءة النبي صلى الله عليه وسلم فاذا هي تنعت قراءة مفسرة

ملیکہ سے یعلی بن مملک سے ف کہ یعلی نے پوچھا ام المومنین ام سلمہ کو کیفیت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قرآن پڑھنے کی سو تھی وہ بیان کرنے لگی جدا جدا قراءت

حرفا حرفا رواه الترمذي وابو داود والنسائي وعن ابن جريج عن ابن ابي مليكة عن ام سلمة قالت كان رسول الله

حرف سے حرف الگ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور نسائی نے اور روایت ہے ابن جریج سے ابن ابی ملیکہ سے ام سلمہ سے کہ کہا انہوں نے رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم يقطع قراءته يقول الحمد لله رب العالمين ثم يقف ثم يقول الرحمن الرحيم ثم يقف رواه

صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہر ٹھہر کے پڑھتے قرآن فرماتے الحمد للہ رب العالمین پھر ٹھہرتے پھر فرماتے الرحمن الرحیم پھر ٹھہرتے روایت کیا اسکو

الترمذي وقال ليس اسناده بمتصل لان الليث روى هذا الحديث عن ابن ابي مليكة عن يعلى بن مملك عن ام

ترمذی نے اور کہا سند اسکی متصل نہیں کیونکہ لیث نے روایت کی اس حدیث کو ابن ابی ملیکہ سے یعلی بن مملک سے ام

سَلَمَةَ وَحَدِيْثُ اللَّيْثِ اَصَحُّ **الْفَصْلُ الثَّالِثُ** عَنْ جَابِرٍ رض قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ

سلمہ سے اور سند لیث کی حدیث کی زیادہ صحیح ہے۔ تیسری فصل روایت ہے جابر رض سے کہا اسنے نکل آئے ہم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس حال میں کہ ہم

نَقْرَءُ الْقُرْاٰنَ وَفِيْنَا الْاَعْرَابِيُّ وَالْاَعْجَمِيُّ فَقَالَ اقْرَءُوْا فَكُلٌّ حَسَنٌ وَسَيَجِيْءُ اَقْوَامٌ يُقِيْمُوْنَهُ كَمَا يُقَامُ الْقِدْحُ

قرآن پڑھ رہے تھے اور ہمارے بیچ عرب اور عجم بھی تھے سو فرمایا پڑھو ہر ایک اچھی ہیں اور آگے زمانہ میں ایسے لوگ پیدا ہونگے جو سیدھا کرینگے قرآن جیسا کہ تیر

يَتَعَجَّلُوْنَهُ وَلَا يَتَاَجَّلُوْنَهُ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ **وَعَنْ** حُذَيْفَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

جلدی مانگینگے اسکا ثواب اور مہلت نہ کرینگے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔ اور روایت ہے حذیفہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْرَءُوا الْقُرْاٰنَ بِلُحُوْنِ الْعَرَبِ وَاَصْوَاتِهَا وَاِيَّاكُمْ وَلُحُوْنَ اَهْلِ الْعِشْقِ وَلُحُوْنَ اَهْلِ الْكِتَابَيْنِ وَسَيَجِيْءُ

اللہ علیہ وسلم نے پڑھو قرآن کو عرب کے الحان اور عرب کی آوازسے اور دور رکھو اپ کو لحنوں فاسقوں کی اور الحان یہود و نصاری کی اور پیدا ہونگے

بَعْدِيْ قَوْمٌ يُرَجِّعُوْنَ بِالْقُرْاٰنِ تَرْجِيْعَ الْغِنَاءِ وَالنَّوْحِ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ مَفْتُوْنَةٌ قُلُوْبُهُمْ وَقُلُوْبُ الَّذِيْنَ

بعد میرے لوگ کہ آلاپ کے پڑھینگے قرآن کو جیسی آلاپ راگ کی اور نوحوں کی نہیں تجاوز کریگی انکی آواز ان کے حلق سے فریفتہ ہونگے دل انکے دنیا میں اور دل انکے کہ

يُعْجِبُهُمْ شَاْنُهُمْ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَرَزِيْنٌ فِي كِتَابِهٖ **وَعَنِ** الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ

اچھی لگے ان کو قرات انکی روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور رزین نے اپنی کتاب میں اور روایت ہے براء بن عازب رض سے کہا اسنے میں نے سنا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَسِّنُوا الْقُرْاٰنَ بِاَصْوَاتِكُمْ فَاِنَّ الصَّوْتَ الْحَسَنَ يَزِيْدُ الْقُرْاٰنَ حُسْنًا رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ **وَعَنْ**

صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرمایا اچھی آواز سے قرآن پڑھو کیونکہ آواز اچھی زیادہ کرتی ہے قرآن کا حسن روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت

طَاوٗسٍ مُرْسَلًا قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ النَّاسِ اَحْسَنُ صَوْتًا لِلْقُرْاٰنِ وَاَحْسَنُ قِرَاءَةً قَالَ مَنْ اِذَا سَمِعْتَهُ

طاوس سے سند مرسل کہ کہا اسنے کسی نے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کون آدمی اچھی آواز سے قرآن پڑھتا ہے اور اچھی قرات کسکی ہے فرمایا جو شخص

يَقْرَاُ رَاَيْتَ اَنَّهٗ يَخْشَى اللّٰهَ قَالَ طَاوٗسٌ وَكَانَ طَلْقٌ كَذٰلِكَ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ **وَعَنْ** عُبَيْدَةَ الْمُلَيْكِيِّ رض وَكَانَتْ

قرات کرے تو گمان کرے تو کہ وہ ڈرتا ہے اللہ سے کہا طاوس نے اور تھا طلق ویسا ہی روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے عبیدہ ملیکی رض سے اور تھی

لَهٗ صُحْبَةٌ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَهْلَ الْقُرْاٰنِ لَا تَتَوَسَّدُوا الْقُرْاٰنَ وَاتْلُوْهُ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ مِنْ اٰنَاءِ

اسکے لئے صحبت رسول کی کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے قرآن والو تکیہ نہ ٹھہراؤ قرآن کو اور تلاوت کرو اسکی جیسا چاہیے ساعتوں میں

اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَاَفْشُوْهُ وَتَغَنَّوْهُ وَتَدَبَّرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ وَلَا تَعْجَلُوْا ثَوَابَهٗ فَاِنَّ لَهٗ ثَوَابًا رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ

رات کی اور دن کی اور جاری کر اسکا اور اچھی آواز سے پڑھو اور دھیان کرو اسکے معنے میں اس امید پر کہ مراد کو پہنچو تم اور دنیا میں مت چاہو بدلا اسکا اسلئے کہ واسطے اسکے آخرت میں بدلا ہے روایت کیا اسکو بیہقی نے

فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ **بَابٌ** **الْفَصْلُ الْاَوَّلُ** عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رض قَالَ سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ

کتاب شعب الایمان میں یہہ ایک باب ہے۔ پہلی فصل روایت ہے عمر بن خطاب رض سے کہ کہا اسنے میں نے سنا ہشام بن حکیم بن حزام کو

يَقْرَاُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ عَلٰى غَيْرِ مَا اَقْرَؤُهَا وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْرَاَنِيْهَا فَكِدْتُ اَنْ اَعْجَلَ عَلَيْهِ ثُمَّ

پڑھتے سورہ فرقان کو سوا اس قرات کے کہ میں پڑھتا تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھایا تھا مجھے اس سورہ کو پھر قریب تھا کہ جلدی کروں اس پر

اَمْهَلْتُهٗ حَتّٰى انْصَرَفَ ثُمَّ لَبَّبْتُهٗ بِرِدَائِهٖ فَجِئْتُ بِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ سَمِعْتُ

مہلت دی میں نے اسکو یہانتک کہ تمام کیا قرات کو پھر گریبان اسکی چادر ڈال کر اسکی گردن کو اور لے گیا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس پھر کہا میں نے اے اللہ کے رسول

هٰذَا يَقْرَأُ سُورَةَ الْفُرْقَانِ عَلٰى غَيْرِ مَا أَقْرَأْتَنِيهَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْسِلْهُ اقْرَأْ فَقَرَأَ الْقِرَاءَةَ الَّتِي سَمِعْتُهُ

اسکو پڑھتے سورۂ فرقان سوا اس قرأت کے کہ آپ نے پڑھایا مجھے اس سورہ کو سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دے اسکو اور فرمایا ہشام کو پڑھ سو پڑھی وہ قرأت جو سنی تھی میں نے

يَقْرَأُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰكَذَا أُنْزِلَتْ ثُمَّ قَالَ لِيَ اقْرَأْ فَقَرَأْتُ فَقَالَ هٰكَذَا أُنْزِلَتْ إِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ أُنْزِلَ

پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی اترا ہے سو پھر فرمایا مجھے پڑھ سو پڑھا میں نے پھر فرمایا ایسا ہی اترا بیشک یہ قرآن اترا

عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ لِمُسْلِمٍ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رض قَالَ سَمِعْتُ رَجُلًا قَرَأَ وَسَمِعْتُ

سات قرأت پر سو پڑھو جس قرأت سے کہ تم کو آسان ہو۔ متفق علیہ ہے اور یہ عبارت مسلم کی ہے۔ اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہا انہوں نے سنا میں نے ایک مرد کو کہ پڑھا اور سنا

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ خِلَافَهَا فَجِئْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ فَعَرَفْتُ فِي وَجْهِهِ الْكَرَاهِيَةَ فَقَالَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قرأت کرتے برعکس اسکے سو لایا میں اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر احوال بیان کیا میں نے حضرت سے سو پہچانا چہرہ میں کراہت کو پھر فرمایا

كِلَاكُمَا مُحْسِنٌ فَلَا تَخْتَلِفُوا فَإِنَّ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمُ اخْتَلَفُوا فَهَلَكُوا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رض قَالَ كُنْتُ

تم دونوں اچھے ہو سو اختلاف مت کرو کیونکہ جو لوگ تمہارے پہلے تھے اختلاف کیا سو وہ ہلاک ہوئے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی بن کعب رض سے کہا انہوں نے تھا

فِي الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ يُصَلِّي فَقَرَأَ قِرَاءَةً أَنْكَرْتُهَا عَلَيْهِ ثُمَّ دَخَلَ آخَرُ فَقَرَأَ قِرَاءَةً سِوٰى قِرَاءَةِ صَاحِبِهِ فَلَمَّا قَضَيْنَا

مسجد میں پھر چلا آیا ایک مرد نماز پڑھنے پھر پڑھی ایسی قرأت کہ ناخوش ہوا میں اس سے اس پر پھر چلا آیا دوسرا مرد پھر پڑھی ایک قرأت سوا اپنے ساتھی کی قرأت کے سو جب ادا کر چکے

الصَّلٰوةَ دَخَلْنَا جَمِيعًا عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ إِنَّ هٰذَا قَرَأَ قِرَاءَةً أَنْكَرْتُهَا عَلَيْهِ وَدَخَلَ آخَرُ فَقَرَأَ سِوٰى

نماز آئے سب مل کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا میں نے مقرر اسنے پڑھی ایسی قرأت کہ ناخوش ہوا میں اس سے اور آیا دوسرا پھر پڑھا سوا

قِرَاءَةِ صَاحِبِهِ فَأَمَرَهُمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَآ فَحَسَّنَ شَأْنَهُمَا فَسَقَطَ فِي نَفْسِي مِنَ التَّكْذِيبِ وَلَا إِذْ كُنْتُ

اپنے ساتھی کی قرأت کے سو حکم کیا دونوں کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قرأت کا دونوں نے سو تحسین کی حضرت نے ان پر پھر وسوسہ آیا میرے جی میں تکذیب کا اور ایسا نہ

فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَلَمَّا رَأٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَدْ غَشِيَنِي ضَرَبَ فِي صَدْرِي فَفِضْتُ عَرَقًا وَكَأَنَّمَا أَنْظُرُ

جاہلیت میں تھا پھر جب دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وسوسہ کو کہ لے لیا مجھے مارا ہاتھ میرے سینہ میں پھر عرق آلودہ ہوا میں اور معلوم ہونے لگا کہ گویا دیکھتا ہوں

إِلَى اللّٰهِ فَرَقًا فَقَالَ لِي يَا أُبَيُّ أُرْسِلَ إِلَيَّ أَنِ اقْرَإِ الْقُرْآنَ عَلٰى حَرْفٍ فَرَدَدْتُ إِلَيْهِ أَنْ هَوِّنْ عَلٰى أُمَّتِي فَرَدَّ إِلَيَّ الثَّانِيَةَ اقْرَأْهُ

خدا کو ڈر خوف کے پھر فرمایا مجھے اے ابی فرشتہ بھیجا گیا میری طرف کہ پڑھ قرآن کو ایک قرأت پر پھر رجوع کیا میں نے اللہ کی طرف کہ آسانی کر میری امت پر سو دوبارہ وحی آئی کہ پڑھ

عَلٰى حَرْفَيْنِ فَرَدَدْتُ إِلَيْهِ أَنْ هَوِّنْ عَلٰى أُمَّتِي فَرَدَّ إِلَيَّ الثَّالِثَةَ اقْرَأْهُ عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ وَلَكَ بِكُلِّ رَدَّةٍ رَدَدْتُكَهَا مَسْأَلَةٌ

دو قرأت پر سو پھر رجوع کیا میں نے اللہ کی طرف کہ آسانی کر میری امت پر تیسری بار وحی آئی مجھ کو کہ پڑھ اسکو سات قرأت پر اور تجھے ہر بار کے بدلے ایک سوال ہے

تَسْأَلُنِيهَا فَقُلْتُ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِأُمَّتِي اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِأُمَّتِي وَأَخَّرْتُ الثَّالِثَةَ لِيَوْمٍ يَرْغَبُ إِلَيَّ الْخَلْقُ كُلُّهُمْ حَتّٰى إِبْرَاهِيمُ

مانگ لیجیو تو مجھ سے سو کہا میں نے اے اللہ بخش دے میری امت کو اے اللہ بخش دے میری امت کو اور رکھ چھوڑا میں نے تیسری دعا کو اس دن کے لئے کہ خواہش کرینگے میری طرف سب مخلوق یہاں تک کہ ابراہیم علیہ

السَّلَامُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَقْرَأَنِي جِبْرِيلُ عَلٰى حَرْفٍ فَرَاجَعْتُهُ

السلام بھی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن پڑھایا مجھے جبرئیل نے ایک قرأت پر پھر رجوع کیا میں نے اسکی طرف

فَلَمْ أَزَلْ أَسْتَزِيدُهُ وَيَزِيدُنِي حَتّٰى انْتَهٰى إِلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ بَلَغَنِي أَنَّ تِلْكَ السَّبْعَةَ الْأَحْرُفَ إِنَّمَا هِيَ فِي الْأَمْرِ تَكُونُ

سو ہمیشہ زیادتی طلب کرتا رہا اس سے اور وہ زیادہ کرتا رہا یہاں تک کہ نوبت پہنچی سات قرأت کی کہا ابن شہاب زہری نے خبر پہنچی مجھ کو کہ وہ سات قرأت

وَاحِدًا لَا تَخْتَلِفُ فِي حَلَالٍ وَلَا حَرَامٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

ایک مختلف نہیں ہوتیں حلال اور حرام میں متفق علیہ

الْفَصْلُ الثَّانِي

دوسری فصل

عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رض قَالَ لَقِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِبْرِيلَ فَقَالَ يَا جِبْرِيلُ إِنِّي بُعِثْتُ إِلَى أُمَّةٍ أُمِّيِّينَ مِنْهُمُ الْعَجُوزُ وَالشَّيْخُ الْكَبِيرُ وَالْغُلَامُ وَالْجَارِيَةُ وَالرَّجُلُ الَّذِي لَمْ يَقْرَأْ كِتَابًا قَطُّ قَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّ الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِي رِوَايَةٍ لِأَحْمَدَ وَأَبِي دَاوُدَ قَالَ لَيْسَ مِنْهَا إِلَّا شَافٍ كَافٍ وَفِي رِوَايَةٍ لِلنَّسَائِيِّ قَالَ إِنَّ جِبْرِيلَ وَمِيكَائِيلَ أَتَيَانِي فَقَعَدَ جِبْرِيلُ عَنْ يَمِينِي وَمِيكَائِيلُ عَنْ يَسَارِي فَقَالَ جِبْرِيلُ اقْرَأِ الْقُرْآنَ عَلَى حَرْفٍ قَالَ مِيكَائِيلُ اسْتَزِدْهُ حَتَّى بَلَغَ سَبْعَةَ أَحْرُفٍ فَكُلُّ حَرْفٍ شَافٍ كَافٍ

روایت ہے ابی ابن کعب رض سے کہ کہا ملاقات کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل سے پھر کہا اے جبرئیل مجھکو بھیجا اللہ نے ایک امت کی طرف جو ان پڑھ ہیں ان میں بوڑھی عورتیں ہیں اور بوڑھے مرد اور لڑکے اور لڑکیاں اور وہ مرد کہ نہیں پڑھی کتاب کبھی کہا جبرئیل نے اے محمد بیشک قرآن اترا سات قرات پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور ایک روایت میں احمد اور ابو داؤد کی کہا جبرئیل نے نہیں کوئی قرات ساتوں قرات میں مگر شافی کافی ہے اور روایت نسائی کی فرمایا تحقیق جبرئیل اور میکائیل دونوں آئے میرے پاس پس بیٹھا جبرئیل داہنی طرف اور میکائیل بائیں طرف پھر کہا جبرئیل نے پڑھ قرآن ایک قرات پر کہا میکائیل نے زیادہ طلب کر اس سے یہانتک کہ پہنچا قرآن سات قرات کو سو ہر قرات شافی کافی ہے

وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رض أَنَّهُ مَرَّ عَلَى قَاصٍّ يَقْرَأُ ثُمَّ يَسْأَلُ فَاسْتَرْجَعَ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَلْيَسْأَلِ اللّٰهَ بِهِ فَإِنَّهُ سَيَجِيءُ أَقْوَامٌ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ يَسْأَلُونَ بِهِ النَّاسَ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ

اور روایت ہے عمران بن حصین رض سے کہ گذرے ایک قصہ گو پر کہ قرآن پڑھتا تھا پھر مانگتا تھا سو انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا پھر کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو پڑھے قرآن تو اللہ سے وسیلہ سے اس کے مانگے کہ اب آویں گے ایسے لوگ کہ پڑھیں گے قرآن کو مانگیں گے قرآن پڑھکر لوگوں سے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

عَنْ بُرَيْدَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ يَتَأَكَّلُ بِهِ النَّاسَ جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَوَجْهُهُ عَظْمٌ لَيْسَ عَلَيْهِ لَحْمٌ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ

روایت ہے بریدہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پڑھے قرآن کو کھانا مانگے لوگوں سے آویگا قیامت کے دن اس حال پر کہ منہ پر اسکے ہڈیاں ہونگی نہ گوشت روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَعْرِفُ فَصْلَ السُّورَةِ حَتَّى يَنْزِلَ عَلَيْهِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں پہچانتے تھے فرق دو سورۃ کے درمیان جب تک نہ اترتی آپ پر آیت بسم اللہ الرحمن الرحیم روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وَعَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ كُنَّا بِحِمْصَ فَقَرَأَ ابْنُ مَسْعُودٍ سُورَةَ يُوسُفَ فَقَالَ رَجُلٌ مَا هٰكَذَا أُنْزِلَتْ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَاللّٰهِ لَقَرَأْتُهَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَحْسَنْتَ فَبَيْنَا هُوَ يُكَلِّمُهُ إِذْ وَجَدَ مِنْهُ رِيحَ الْخَمْرِ فَقَالَ أَتَشْرَبُ الْخَمْرَ وَتُكَذِّبُ بِالْكِتَابِ فَضَرَبَهُ الْحَدَّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور روایت ہے علقمہ سے کہ کہا اسنے تھے ہم شہر حمص میں پس پڑھی عبد اللہ بن مسعود نے سورۃ یوسف کہا ایک مرد نے اسی طرح نہیں اتری ہے پھر کہا عبد اللہ بن مسعود نے قسم اللہ کی البتہ پڑھی میں نے زمانہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سو کہا رسول اللہ نے اچھی قرات پڑھی تو نے سو جس وقت ابن مسعود باتیں کرتا تھا اس سے پائی اس سے بو شراب کی پھر کہا تو کتاب کو جھٹلاتا ہے پھر مارا اسکو حد متفق علیہ

وَعَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رض قَالَ أَرْسَلَ إِلَيَّ أَبُو بَكْرٍ رض مَقْتَلَ أَهْلِ الْيَمَامَةِ فَإِذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عِنْدَهُ قَالَ أَبُو بَكْرٍ إِنَّ عُمَرَ أَتَانِي فَقَالَ إِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ يَوْمَ الْيَمَامَةِ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ وَإِنِّي أَخْشَى أَنْ يَسْتَحِرَّ

اور روایت ہے زید بن ثابت رض سے کہ کہا اسنے بلا بھیجا مجھکو ابو بکر رض نے [illegible] اہل یمامہ کے پس ناگاہ عمر بن خطاب ان کے پاس تھے کہا ابو بکر نے کہ عمر آئے میرے پاس سو کہا کہ شہید بہت ہوئے یمامہ کی لڑائی کے دن قرآن کے قاریوں کی اور مجھکو ڈر لگتا ہے کہ اگر کثرت سے

القتل بالقراء بالمواطن فيذهب كثير من القرآن وانى ارى ان تأمر بجمع القرآن قلت لعمر كيف تفعل شيئا لم

شہید ہوں قاری دوسری لڑائیوں میں بھی سو جاتا رہے بہت قرآن اور مجھے اچھا معلوم ہوتا ہے کہ حکم کرے تو قرآن جمع کرنے کا کہا میں نے عمر کو کیونکر کرے تم جو کام نہ

يفعله رسول الله صلى الله عليه وسلم قال عمر هذا والله خير فلم يزل عمر يراجعنى حتى شرح الله صدرى لذلك

کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا عمر نے یہہ بات قسم اللہ کی بہتر ہی سو ہمیشہ تکرار کرتا رہا عمر مجھسے یہاں تک کہ کھولدیا اللہ نے میرا سینہ اس کام کے لئے

ورأيت فى ذلك الذى رأى عمر قال زيد قال ابو بكر انك رجل شاب عاقل لا نتهمك وقد كنت تكتب الوحى

اور دیکھی میں نے اسمیں جو بھلائی کہ دیکھی عمر نے کہا زید نے کہا ابوبکر نے کہ تو جوان مرد ہے عقلمند کہ متہم نہیں ہمارے پاس اور تحقیق تو اکثر لکھتا تھا وحی

لرسول الله صلى الله عليه وسلم فتتبع القرآن فاجمعه فوالله لو كلفونى نقل جبل من الجبال ما كان اثقل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے سو تلاش کر قرآن کی اور جمع کر اسکو پھر قسم اللہ کی اگر تکلیف دیتے مجھکو کسی پہاڑ کو اٹھانے کی نہ ہوتی بھاری

على مما امرنى به من جمع القرآن قال قلت كيف تفعلون شيئا لم يفعله رسول الله صلى الله عليه وسلم قال هو

مجھ پر اس سے کہ حکم کیا مجھے اسکا ابوبکر نے قرآن کے جمع کرنے کا کہا زید نے کہا میں نے کیونکر کرتے ہو تم اس چیز کو کہ نکی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا ابوبکر نے یہہ کام

والله خير فلم يزل ابو بكر يراجعنى حتى شرح الله صدرى للذى شرح له صدر ابى بكر وعمر فتتبعت القرآن

قسم اللہ کی بھلا ہے پھر ہمیشہ تکرار کرتا رہا مجھ سے ابوبکر یہاں تک کہ کھولدیا اللہ نے میرے سینے کو اس کام کے لئے کہ کھولدیا ابوبکر اور عمر کے سینے کو سو تلاش کی میں نے قرآن کی

اجمعه من العسب واللخاف وصدور الرجال حتى وجدت آخر سورة التوبة مع ابى خزيمة الانصارى لم

جمع کرتا ہوا اسکو کھجور کے پتوں کی لکڑیوں سے اور پتلے پتلے سفید پتھروں سے اور لوگوں کے سینوں سے یہاں تک کہ پایا میں نے خاتمہ سورہ توبہ کا ابی خزیمہ انصاری کے ساتھ

اجدها مع احد غيره لقد جاءكم رسول من انفسكم حتى خاتمة براءة فكانت الصحف عند ابى بكر حتى

نہ پایا میں نے اسکو کسی کے ساتھ سوا اسکے اور وہ خاتمہ یہہ ہے لقد جاءکم رسول من انفسکم یہاں سے لیکر سورہ برات کے آخر تک پھر رہے وہ ورق حضرت ابی بکر کے پاس

توفاه الله ثم عند عمر حيوته ثم عند حفصة بنت عمر رواه البخارى وعن انس بن مالك رض ان حذيفة

پھر لیا انکو اللہ نے پھر عمر کے پاس رہے زندگی بھر انکی پھر ام المومنین حفصہ کے پاس جو بیٹی عمر کی تھی رہے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس بن مالک رض سے کہ حذیفہ

ابن اليمان قدم على عثمان وكان يغازى اهل الشام فى فتح ارمينية واذربيجان مع اهل العراق فافزع حذيفة

بن الیمان آئے عثمان کے پاس اور حذیفہ جہاد کرتا تھا شام کے لوگوں سے فتح ارمینیہ میں اور شہر آذربیجان عراق والوں کے ساتھ سو خوف لایا دل میں حذیفہ

اختلافهم فى القراءة فقال حذيفة لعثمان يا امير المؤمنين ادرك هذه الامة قبل ان يختلفوا فى الكتاب

لوگوں کے اختلاف نے قرات میں تب کہا حذیفہ نے عثمان سے اے امیر مومنین دستگیری کیجئے امت محمدیہ کی پہلے اسکے کہ اختلاف کریں اللہ کی کتاب میں

اختلاف اليهود والنصارى فارسل عثمان الى حفصة ان ارسلى الينا بالصحف ننسخها فى المصاحف ثم نردها

بطور یہود و نصاری کے سو بھیجا کسیکو عثمان نے ام المومنین حفصہ کے پاس یہہ کہتے کہ بھیجدے ہمارے پاس قرآن کے ورق ... نقل کریں انکو مصحفوں میں پھر

اليك فارسلت بها حفصة الى عثمان فامر زيد بن ثابت وعبد الله بن الزبير وسعيد بن العاص وعبد

تیری طرف سو بھیجدئے ان ورقوں کو حفصہ نے عثمان کی طرف پھر حکم کیا عثمان نے زید بن ثابت انصاری اور عبد اللہ بن زبیر اور سعید بن عاص اور عبد

الله ابن الحارث بن هشام فنسخوها فى المصاحف وقال عثمان للرهط القرشيين الثلثة اذا اختلفتم انتم وزيد

اللہ بن حارث بن ہشام کو سو لکھے ان ورقوں کو ... مصحفوں میں اور کہا عثمان نے ان تین قریشی شخصوں کو جب اختلاف کرو تم اور زید ... قرآن کا

ثابت فی شیء من القرآن فاکتبوه بلسان قریش فانما انزل بلسانهم ففعلوا حتی اذا نسخوا الصحف فی المصاحف
ثابت انصاری کا کسی لغت میں قرآن کے سو لکھو اسکو موافق قریش کی لغت کے اس لیے کہ نہ اترا قرآن مگر قریش کی لغت پر سو یہی کیا یہانتک کہ جب لکھ چکے ان ورقوں کو مصحفوں میں

رد عثمان الصحف الی حفصة وارسل الی کل افق بمصحف مما نسخوا وامر بما سواه من القرآن فی کل صحیفة او
پھر بھیج دیا عثمان نے ان ورقوں کو حفصہ کے پاس اور بھیجا ہر طرف ایک مصحف ان قرآنوں سے کہ لکھے تھے اور حکم کیا سوا مصحف عثمانی کے اور قرآنوں کو جو لکھا تھا کسی

مصحف ان یحرق قال ابن شهاب فاخبرنی خارجة بن زید بن ثابت انه سمع زید بن ثابت قال فقدت آیة من
مصحف میں جلا دیے جانے کا کہا ابن شہاب نے پھر خبر دی مجھے خارجہ بیٹا زید بن ثابت کا کہ اسنے سنا زید بن ثابت سے کہ کہا زید نے گم کی میں نے ایک آیت سورۂ

الاحزاب حین نسخنا المصحف قد کنت اسمع رسول الله صلی الله علیه وسلم یقرء بها فالتمسناها فوجدناها مع
احزاب کی جس وقت لکھا ہمنے مصحف کو تحقیق سنا تھا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھتے ہوئے اسکو سو ڈھونڈھی ہمنے اسکو پھر پایا ہمنے اسکو ملتی

خزیمة بن ثابت الانصاری من المؤمنین رجال صدقوا ما عاهدوا الله علیه فالحقناها فی سورتها فی
خزیمہ بن ثابت انصاری کے پاس کہ یہہ آیت ہے من المؤمنین میں سے بعضے وہ مرد ہیں کہ صادق ہوئے اپنے عہد میں اللہ سے سو لگا دی ہمنے اسکو اسکے سورۂ میں

المصحف رواه البخاری وعن ابن عباس رض قال قلت لعثمان ما حملکم علی ان عمدتم الی الانفال وهی من
جو مصحف میں ہے روایت کیا اسکو بخاری نے۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا اسنے میں نے کہا عثمان کو کہ کون سی چیز باعث ہوئی تمہارے قصد کا سورۂ انفال کی طرف حالانکہ

المثانی والی براءة وهی من المئین فقرنتم بینهما ولم تکتبوا سطر بسم الله الرحمن الرحیم ووضعتموها فی
مثانی سورتوں سے ہے اور سورۂ برأت کی طرف حالانکہ وہ مئین سے ہے سو ملا دیا تمنے دونو کو اور نہ لکھی بیچ میں سطر بسم اللہ الرحمن الرحیم اور رکھدیا سورۂ برأت کو

السبع الطول ما حملکم علی ذلک قال عثمان کان رسول الله صلی الله علیه وسلم مما یأتی علیه الزمان وهو تنزل علیه
ان دراز سات سورتوں میں کیا باعث ہوا تمہارا اسپر کہا عثمان نے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس حال سے کہ آتا تھا ان پر ایک زمانہ اور حضرت پر اترتی تھیں

السور ذوات العدد وکان اذا انزل علیه شیء دعا بعض من کان یکتب فیقول ضعوا هؤلاء الآیات فی السورة التی
سورتیں متعدد اور معمول تھا حضرت کا کہ جب اترتا آپ پر کچھ طلب کرتے بعضے صحابہ کو کہ وحی لکھا کرتے تھے پھر فرماتے رکھدو ان آیتوں کو اس سورۂ میں

یذکر فیها کذا وکذا فاذا انزلت علیه الآیة فیقول ضعوا هذه الآیة فی السورة التی یذکر فیها کذا وکذا وکانت الانفال
کہ مذکور ہے اسمیں ایسا اور ایسا پھر جب اترتی آپ پر کوئی آیت تو فرماتے رکھدو اس آیت کو اس سورۂ میں کہ مذکور ہے اسمیں ایسا اور ایسا اور تھا سورۂ انفال

من اوائل ما نزلت بالمدینة وکانت براءة من آخر القرآن نزولا وکانت قصتها شبیهة بقصتها فقبض
ان سورتوں سے کہ اول میں نازل ہوئے مدینے میں اور تھا سورۂ برأت ان سورتوں سے کہ آخر میں نازل ہوا اور تھا قصہ برأت کی سورۂ کا مشابہ انفال کے قصے سے پھر رحلت فرمائی

رسول الله صلی الله علیه وسلم ولم یبین لنا انها منها فمن اجل ذلک قرنت بینهما ولم اکتب سطر بسم الله
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اور بیان نہ فرمایا ہم کو کہ سورۂ برأت داخل ہے انفال میں سو اسی سبب سے نزدیک کر دیا دونو کو اور نہ لکھا درمیان میں سطر بسم اللہ

الرحمن الرحیم ووضعتها فی السبع الطول رواه احمد والترمذی وابو داود

کتاب الدعوات

الفصل الاول

الرحمن الرحیم کی اور رکھدیا سورۂ برأت کو سات دراز سورتوں میں روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد نے۔ یہہ کتاب ہے دعاؤں کی پہلی فصل

عن ابی هریرة رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لکل نبی دعوة مستجابة فتعجل کل نبی دعوته وانی اختبأت
روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نبی کی ایک دعا مستجاب ہے سو جلدی کی ہر نبی نے دعا مانگنے میں اور میں نے چھپا رکھی

دَعْوَتِیْ شَفَاعَةً لِاُمَّتِیْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ فَهِیَ نَائِلَةٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰی مَنْ مَاتَ مِنْ اُمَّتِیْ لَا یُشْرِکُ بِاللّٰهِ شَیْئًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اپنی دعا امت کی شفاعت کے لئے قیامت کے دن تک سو وہ دعا پہنچے گی اگر چاہے اللہ تعالیٰ اس شخص کو کہ مری امت سے شریک نہ کرتا ہو اللہ کے ساتھ کسی چیز کو

وَلِلْبُخَارِیِّ اَقْصَرُ مِنْهُ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اتَّخَذْتُ عِنْدَکَ عَهْدًا لَنْ تُخْلِفَنِیْهِ

اور بخاری کی روایت اس سے مختصر ہے۔ اور روایت ہے اسی سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے اللہ میں نے لیا تجھ سے ایک اقرار کہ ہرگز خلاف نہ کرے تو مجھ سے

فَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ فَاَیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ اٰذَیْتُهٗ شَتَمْتُهٗ لَعَنْتُهٗ جَلَدْتُّهٗ فَاجْعَلْهَا لَهٗ صَلٰوةً وَّزَکٰوةً وَّقُرْبَةً تُقَرِّبُهٗ بِهَا اِلَیْکَ

وہ اقرار یہ ہے کہ بس میں آدمی ہوں ف۲ سو جو ایماندار کہ ایذا دی میں نے اس کو یا گالی دی اس کو لعنت کی اس پر درے مارے اسکو سو کر ان امور کو اسکے حق میں رحمت اور پاکی اور قربت

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَعَا اَحَدُکُمْ فَلَا یَقُلْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ اِنْ شِئْتَ

قیامت کے دن ق۔ اور روایت ہے اسی سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دعا مانگے کوئی تم میں سے تو نہ کہے اے اللہ بخش دے مجھ کو اگر چاہے تو

اِرْحَمْنِیْ اِنْ شِئْتَ وَارْزُقْنِیْ اِنْ شِئْتَ وَلْیَعْزِمْ مَسْئَلَتَهٗ اِنَّهٗ یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ لَا مُکْرِهَ لَهٗ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ

رحم کر مجھ پر اگر چاہے تو اور روزی دے مجھے اگر چاہے تو ف۳ اور چاہئے کہ یقین اور جزم سے دعا کرے بیشک اللہ کرتا ہے جو چاہے کوئی زبردستی کرنے والا اس پر نہیں

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَعَا اَحَدُکُمْ فَلَا یَقُلْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ اِنْ شِئْتَ وَلٰکِنْ لِیَعْزِمْ وَلْیُعَظِّمِ الرَّغْبَةَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دعا کرے کوئی تم میں سے تو نہ کہے اے اللہ بخش دے مجھ کو اگر تو چاہے اور لیکن یقین کرے اور بڑھاوے اپنی خواہش

فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یَتَعَاظَمُهٗ شَیْءٌ اَعْطَاهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُسْتَجَابُ لِلْعَبْدِ

اس لئے کہ اللہ کو کوئی چیز بڑی نہیں کہ دے اسکو ف۵ روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے اسی سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا قبول ہوتی ہے بندے کی

مَا لَمْ یَدْعُ بِاِثْمٍ اَوْ قَطِیْعَةِ رَحِمٍ مَا لَمْ یَسْتَعْجِلْ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْاِسْتِعْجَالُ قَالَ یَقُوْلُ قَدْ دَعَوْتُ وَقَدْ دَعَوْتُ

جب تک کہ نہ کرے کوئی گناہ کی دعا یا قطع رحم کی ف۶ جب تک کہ جلدی نہ کرے کہا کسی نے یا رسول اللہ کیا ہے جلدی کرنا فرمایا یہ کہ کہے کہ میں نے دعا کی اور دعا کی

فَلَمْ اَرَ یُسْتَجَابُ لِیْ فَیَسْتَحْسِرُ عِنْدَ ذٰلِکَ وَیَدَعُ الدُّعَآءَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ رَضِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی

سو نہ دیکھا قبول ہوتی مری دعا سو ناخوش ہووے اس وقت اور چھوڑ دے دعا کرنا روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی درداء رض سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَعْوَةُ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ لِاَخِیْهِ بِظَهْرِ الْغَیْبِ مُسْتَجَابَةٌ عِنْدَ رَأْسِهٖ مَلَکٌ مُوَکَّلٌ کُلَّمَا دَعَا لِاَخِیْهِ بِخَیْرٍ

اللہ علیہ وسلم نے دعا کرنا مرد مسلمان کا اپنے بھائی مسلمان کے لئے غائبانہ قبول ہوتی ہے اسکے پاس دعا کرنے والے کے ایک فرشتہ مقرر ہے کہ جب دعا کرتا ہے اپنے بھائی کے لئے بھلائی کی

قَالَ الْمَلَکُ الْمُوَکَّلُ بِهٖ اٰمِیْنَ وَلَکَ بِمِثْلٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ جَابِرٍ رَضِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَدْعُوْا عَلٰی

کہتا ہے وہ فرشتہ کہ مقرر ہے قبول کر اے اللہ اور ملیگا تجھکو اتنا ہی ف۷ روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بد دعا نہ کرو

اَنْفُسِکُمْ وَلَا تَدْعُوْا عَلٰی اَوْلَادِکُمْ وَلَا تَدْعُوْا عَلٰی اَمْوَالِکُمْ لَا تُوَافِقُوْا مِنَ اللّٰهِ سَاعَةً یُّسْئَلُ فِیْهَا عَطَآءٌ فَیَسْتَجِیْبَ

اپنی جانوں پر اور اولاد پر اور مال پر ف۸ کہیں موافق نہ پڑ جاوے اللہ کی طرف سے اس گھڑی کی کہ مانگی جاتی ہے اس میں بخشش پھر قبول کرے

لَکُمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَذُکِرَ حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ اِتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فِیْ کِتَابِ الزَّکٰوةِ

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ

تمہارے لئے ف روایت کیا اسکو مسلم نے اور مذکور ہو چکی ابن عباس کی حدیث جو شروع ہوتی ہے اتق دعوۃ المظلوم سے کتاب الزکوٰۃ میں۔ دوسری فصل۔ روایت ہے نعمان بن

بَشِیْرٍ رَضِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الدُّعَآءُ هُوَ الْعِبَادَةُ ثُمَّ قَرَأَ وَقَالَ رَبُّکُمْ ادْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ

بشیر رض سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبادت نام ہی دعا کرنے کا ہے پھر پڑھی آپ نے یہ آیت اور فرمایا تمہارے رب نے کہ دعا کرو مجھ سے میں قبول کرونگا تمہاری

رواه احمد والترمذي وابو داود والنسائي وابن ماجه وعن انس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الدعاء مخ العبادة رواه
روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کرنا مغز اور خلاصہ عبادت کا ہے

الترمذي وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس شيء اكرم على الله من الدعاء رواه الترمذي وابن ماجه وقال
ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کوئی چیز زیادہ عزت والی اللہ کے پاس دعا سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا

الترمذي هذا حديث حسن غريب وعن سلمان الفارسي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يرد القضاء الا الدعاء
ترمذی نے یہہ حدیث حسن ہے غریب ہے ۔ اور روایت ہے سلمان فارسی رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی چیز پھیرتی نہیں مقدر کو مگر دعا

ولا يزيد في العمر الا البر رواه الترمذي وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الدعاء ينفع مما نزل ومما لم
اور کوئی چیز بڑھاتی نہیں عمر کو مگر نیکی اور احسان روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک دعا کام آتی ہے اس بلا میں جو اتری اور جو

ينزل فعليكم عباد الله بالدعاء رواه الترمذي ورواه احمد عن معاذ بن جبل وقال الترمذي هذا حديث غريب وعن
نہیں اتری تو دور کرنے کو سو لازم کر لو اے بندو اللہ کے دعا کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو احمد نے معاذ ابن جبل سے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے

جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من احد يدعو بدعاء الا آتاه الله ما سأل او كف عنه من السوء
جابر رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ مانگیگا کوئی کسی طرح کی دعا مگر دیگا اسکو اللہ جو مانگا یا روکیگا اسے بدی کو

مثله ما لم يدع باثم او قطيعة رحم رواه الترمذي وعن ابن مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم سلوا الله من
مانند اسکے جب تک نہ دعا کرے ساتھ گناہ کی یا قطع رحم کی روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگو اللہ سے

فضله فان الله يحب ان يسأل وافضل العبادة انتظار الفرج رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن ابي هريرة
اسکے فضل کو اس لیے کہ اللہ دوست رکھتا ہے کہ کوئی مانگے اس سے فضل اسکا اور سب سے افضل عبادت انتظار کرنا ہے کشایش کا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا کہ یہہ حدیث غریب ہے

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من لم يسأل الله يغضب عليه رواه الترمذي وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله
رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ سوال نہ کرے اللہ سے غصے ہوتا ہے اس پر اللہ روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من فتح له منكم باب الدعاء فتحت له ابواب الرحمة وما سئل الله شيئا يعني احب اليه من ان يسأل العافية
صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص تم میں سے کہ کھلے اسپر دروازہ دعا کا کھلتے ہیں اسپر دروازے رحمت کے اور کسی چیز کا سوال نہیں کیا گیا اللہ سے یعنی اس چیز کا زیادہ پسند اسکو عافیت کے سوال سے

رواه الترمذي وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من سره ان يستجيب الله له عند الشدائد فليكثر الدعاء
روایت کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو خوش آوے قبول کرنا اللہ کا اسکی دعا کو سختیوں میں سو بہت دعا کیا کرے

في الرخاء رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ادعوا الله وانتم موقنون
فراغت کے وقت روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے اسی سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کیا کرو اللہ سے اور تم یقین رکھتے ہو ساتھ قبول کے

بالاجابة واعلموا ان الله لا يستجيب دعاء من قلب غافل لاه رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن مالك بن
اور جان لو کہ اللہ قبول نہیں کرتا دعا کو کھیلنے والے غافل دل سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے مالک بن

يسار رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا سألتم الله فاسألوه ببطون اكفكم ولا تسألوه
یسار رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دعا کرو اللہ سے تو دعا کرو اسسے اپنی ہتھیلیاں پھیلا کر اور نہ دعا کرو اسسے

بظهورها وفي رواية ابن عباس قال سلوا الله ببطون أكفكم ولا تسألوه بظهورها فإذا فرغتم فامسحوا

ہاتھ اوندھا کر اور روایت ابن عباس کی یوں ہے فرمایا دعا کرو اللہ سے پھیلا کر اپنی ہتھیلیوں کو اور مت دعا کرو اس سے ہاتھ اوندھا کر پھر جب فارغ ہو دعا کرنے سے تو پھیر لو

بها وجوهكم رواه أبو داود وعن سلمان رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن ربكم حيي كريم

ہاتھ منہوں پر اپنے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے سلمان رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک تمہارا رب بڑی حیا والا اکرم والا ہے

يستحيي من عبده إذا رفع يديه إليه أن يردهما صفرا رواه الترمذي وأبو داود والبيهقي في الدعوات

حیا کرتا ہے اپنے بندے سے جب اٹھاتا ہے اپنے ہاتھ اللہ کی طرف ہاتھوں کو خالی پھیر نہیں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور بیہقی نے کتاب دعوات

الكبير وعن عمر رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا رفع يديه في الدعاء لم يحطهما حتى

کبیر میں۔ اور روایت ہے عمر رض سے کہا انہوں نے معمول تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ جب اٹھاتے ہاتھ دعا میں نہ رکھتے ہاتھوں کو

يمسح بهما وجهه رواه الترمذي وعن عائشة رض قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يستحب

منہ پر پھیر کر روایت کیا اسکو ترمذی نے۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوست رکھتے تھے

الجوامع من الدعاء ويدع ما سوى ذلك رواه أبو داود وعن عبد الله بن عمرو رض قال قال رسول

ان دعاؤں کو کہ سب باتوں کو شامل ہوں اور ترک کرتے سوا ایسی دعاؤں کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم إن أسرع الدعاء إجابة دعوة غائب لغائب رواه الترمذي وأبو داود وعن عمر بن

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک بہت جلد قبول ہونے والی دعا وہ دعا ہے کہ غائب غائب کے لئے کرے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ہے عمر بن

الخطاب رض قال استأذنت النبي صلى الله عليه وسلم في العمرة فأذن لي وقال أشركنا يا أخي في دعائك

خطاب رض سے کہا انہوں نے اجازت چاہی میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عمرہ کے لئے جانے کی سو اجازت دی مجھے اور فرمایا شریک کر ہمکو اے چھوٹے بھائی میرے اپنی دعا میں

ولا تنسنا فقال كلمة ما يسرني أن لي بها الدنيا رواه أبو داود والترمذي وانتهت روايته عند قوله ولا تنسنا

اور نہ بھول ہمکو پھر فرمایا اب ایک کلمہ کہ خوش نہیں آتا مجھکو کہ بدلے اسکے تمام دنیا ملے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے اور تمام ہوئی روایت ترمذی کی حضرت کے قول ولا تنسنا پر

وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاثة لا ترد دعوتهم الصائم حين يفطر والإمام العادل

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ایسے ہیں کہ دعا انکی رد نہیں ایک تو روزہ دار جب افطار کرتا ہے اور دوسرا امام عادل

ودعوة المظلوم يرفعها الله فوق الغمام ويفتح لها أبواب السماء ويقول الرب وعزتي لأنصرنك ولو بعد حين رواه

اور دعا مظلوم کی اونچی کرتا ہے اسکو اللہ اوپر ابر کے اور کھولتا ہے اللہ اسکے لئے دروازے آسمان کے اور فرماتا ہے پروردگار قسم ہے عزت کی البتہ مدد کرونگا تیری اگرچہ ایک زمانہ کے بعد

الترمذي وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاث دعوات مستجابات لا شك فيهن دعوة الوالد ودعوة المسافر

ترمذی نے۔ اور روایت ہے انہی سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دعائیں ہیں کہ قبول ہوتی ہیں کوئی شک نہیں انکے قبول ہونے میں ایک تو دعا باپ کی

ودعوة المظلوم رواه الترمذي وأبو داود وابن ماجه

الفصل الثالث عن أنس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليسأل

اور دوسری دعا مسافر کی اور تیسری دعا مظلوم کی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے۔ تیسری فصل۔ روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہئے کہ مانگے

أحدكم ربه حاجته كلها حتى يسأل شسع نعله إذا انقطع زاد في رواية عن ثابت البناني مرسلا حتى

ہر ایک تم میں کا اپنے رب سے اپنی ہر حاجت یہاں تک کہ سوال کرے اس سے تسمہ کا اپنی جوتی کے جب ٹوٹ جاوے اور زیادہ کیا ایک روایت میں جو ثابت بنانی سے ہے بطور ارسال

يَسْأَلُهُ الْمِلْحَ وَحَتّٰى يَسْأَلَهُ شِسْعَهٗ إِذَا انْقَطَعَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ رض قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
سوال کرے اس سے نمک کا اور یہاں تک کہ سوال کرے اس سے اپنی نعلین کے تسمے کا جب ٹوٹ جاوے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِي الدُّعَاءِ حَتّٰى يُرٰى بَيَاضُ إِبْطَيْهِ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
علیہ وسلم اپنے ہاتھ اٹھاتے تھے دعا میں یہاں تک کہ دکھائی دیتی سفیدی دونوں بغل کی اور روایت ہے سہل بن سعد رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

قَالَ كَانَ يَجْعَلُ إِصْبَعَيْهِ حِذَاءَ مَنْكِبَيْهِ وَيَدْعُوْ وَعَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ أَبِيْهِ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
کہا سہل نے کہ تھے حضرت دونوں انگوٹھوں کو اپنے مقابل دونوں کندھوں کے اور دعا کرتے تھے اور روایت ہے سائب بن یزید سے اسکے باپ رض سے نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا دَعَا فَرَفَعَ يَدَيْهِ مَسَحَ وَجْهَهٗ بِيَدَيْهِ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْأَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ وَعَنْ
وسلم سے حضرت کا معمول تھا جب دعا کرتے پھر اٹھاتے دونوں ہاتھ تو پھیر لیتے منہ پر دونوں ہاتھوں کو اپنے روایت کیا بیہقی نے ان تینوں حدیثوں کو کتاب دعوات کبیر میں اور روایت

عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الْمَسْأَلَةُ أَنْ تَرْفَعَ يَدَيْكَ حَذْوَ مَنْكِبَيْكَ أَوْ نَحْوَهُمَا وَالْاِسْتِغْفَارُ أَنْ تُشِيْرَ بِإِصْبَعٍ
عکرمہ سے ابن عباس سے کہ کہا ابن عباس نے ادب دعا کرنے کا یہ ہے کہ اٹھاوے تو دونوں ہاتھوں کو برابر دونوں کندھوں کے یا قریب کندھوں کے اور ادب مغفرت مانگنے کا یہ ہے کہ اشارہ

وَّاحِدَةٍ وَالْاِبْتِهَالُ أَنْ تَمُدَّ يَدَيْكَ جَمِيْعًا وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ وَالْاِبْتِهَالُ هٰكَذَا وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَجَعَلَ ظُهُوْرَهُمَا مِمَّا
کرے ایک انگلی سے اور ادب ابتہال کا یہ ہے کہ دراز کرے تو ہاتھوں کو تمام اور دوسری روایت میں یوں ہے کہ کہا ابن عباس نے اور ابتہال اس طرح ہے اور اٹھایا ہاتھوں کو اور کیا دونوں ہاتھوں کی پیٹھ کو

يَلِيْ وَجْهَهٗ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رض أَنَّهٗ يَقُوْلُ إِنَّ رَفْعَكُمْ أَيْدِيَكُمْ بِدْعَةٌ مَا زَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
متصل ہی منہ کی طرف روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ ابن عمر کہتا تھا کہ تمہارا ہاتھ اٹھانا بدعت ہی زیادہ نہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ عَلٰى هٰذَا يَعْنِيْ إِلَى الصَّدْرِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رض قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ إِذَا ذَكَرَ أَحَدًا فَدَعَا لَهٗ
وسلم نے اس پر یعنی سینے تک روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی بن کعب رض سے کہ کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب یاد کرتے کسی کو پھر دعا کرتے اسکے لیے

بَدَأَ بِنَفْسِهٖ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ رض أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
تو شروع کرتے دعا اپنے سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن ہے غریب ہے صحیح ہے اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَدْعُوْ بِدَعْوَةٍ لَيْسَ فِيْهَا إِثْمٌ وَلَا قَطِيْعَةُ رَحِمٍ إِلَّا أَعْطَاهُ اللّٰهُ بِهَا إِحْدٰى ثَلٰثٍ إِمَّا أَنْ
وسلم نے فرمایا نہیں کوئی مسلمان کہ کرے ایسی دعا جس میں نہ ہو گناہ اور قطع رحم کا مضمون مگر دیتا ہے اسکو اللہ اسکے سبب ایک چیز تین چیزوں میں سے یا تو

يُّعَجِّلَ لَهٗ دَعْوَتَهٗ وَإِمَّا أَنْ يَّدَّخِرَهَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ وَإِمَّا أَنْ يَّصْرِفَ عَنْهُ مِنَ السُّوْءِ مِثْلَهَا قَالُوْا إِذًا نُكْثِرُ قَالَ اللّٰهُ أَكْثَرُ
دنیا ہی میں جلدی قبول کرتا ہے اسکی دعا اور یا رکھ چھوڑتا ہے واسطے اسکے آخرت میں اور یا دور کرتا ہے اس سے کوئی بدی مانند اسکے کہا صحابہ نے اب تو بہت دعا کریں گے ہم

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَمْسُ دَعَوَاتٍ يُسْتَجَابُ لَهُنَّ دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ
روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا پانچ دعائیں ہیں کہ قبول ہوتی ہیں وہ ایک تو دعا مظلوم کی

حَتّٰى يَنْتَصِرَ وَدَعْوَةُ الْحَاجِّ حَتّٰى يَصْدُرَ وَدَعْوَةُ الْمُجَاهِدِ حَتّٰى يَقْعُدَ وَدَعْوَةُ الْمَرِيْضِ حَتّٰى يَبْرَأَ وَدَعْوَةُ الْأَخِ لِأَخِيْهِ
یہاں تک کہ بدلا لے ظالم سے اور دوسری دعا حج کو جانے والے کی یہاں تک کہ پھرے سفر سے اور تیسری دعا مجاہد کی یہاں تک کہ فارغ ہو جہاد سے اور چوتھی دعا بیمار کی یہاں تک کہ تندرست ہو اور پانچویں دعا بھائی مسلمان کی غائبانہ

بِظَهْرِ الْغَيْبِ ثُمَّ قَالَ وَأَسْرَعُ هٰذِهِ الدَّعَوَاتِ إِجَابَةً دَعْوَةُ الْأَخِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ
غائبانہ پھر فرمایا اور ان سب دعاؤں سے جلد قبول ہونے والی بھائی مسلمان کی دعا ہے غائبانہ روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب دعوات کبیر میں۔

باب ذكر الله عز وجل والتقرب اليه

الفصل الاول عن ابي هريرة وابي سعيد رض قالا قال رسول الله صلى

یہ باب اللہ کے ذکر کے بیان کا ہے جو غالب اور بزرگ ہے اور اللہ سے نزدیکی کے بیان کا سبب ذکر کے پہلی فصل حدیث ہے ابی ہریرہ اور ابی سعید رض سے کہا دونوں نے فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم لا يقعد قوم يذكرون الله الا حفتهم الملائكة وغشيتهم الرحمة ونزلت عليهم السكينة

اللہ علیہ وسلم نے نہیں بیٹھنے کسی قوم کے لوگ اللہ کو یاد کرتے مگر گھیر لیتے ہیں انکو فرشتے اور ڈھانپ لیتی ہے انکو رحمت اور اترتی ہے ان پر طمانیت

وذكرهم الله فيمن عنده رواه مسلم وعن ابي هريرة رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يسير في طريق مكة

اور یاد کرتا ہے انکی اللہ اپنے نزدیک والوں میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چل رہے تھے مکے کی راہ […]

فمر على جبل يقال له جمدان فقال سيروا هذا جمدان سبق المفردون قالوا وما المفردون يا رسول الله قال الذاكرون

سو گذر کیا ایک پہاڑ پر کہ جسکو جمدان کہتے ہیں پھر فرمایا چلو یہ جمدان ہے سبقت لے گئے مفرد لوگ عرض کیا اور کیا معنے ہیں مفردون کے یا رسول اللہ فرمایا یاد کرنے […]

الله كثيرا والذاكرات رواه مسلم وعن ابي موسى رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل الذي يذكر

اللہ کو بہت سی اور یاد کرنے والی عورتیں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی موسی رض سے کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مثال اسکی جو یاد کرے

ربه والذي لا يذكر ربه مثل الحي والميت متفق عليه وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور یاد نکرنے والے کی جیسی مثال زندے اور مردے کی ہے ق اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

يقول الله تعالى انا عند ظن عبدي بي وانا معه اذا ذكرني فان ذكرني في نفسه ذكرته في نفسي وان ذكرني

فرماتا ہے اللہ تعالی میں گمان کے پاس ہوں میرے بندے کے جو مجھ سے رکھتا ہے اور میں اسکے ساتھ ہوں جب یاد کرے مجھ پھر اگر یاد کرے مجھے چھپا کر یاد کرتا ہوں اسکو چھپا کر […]

في ملأ ذكرته في ملأ خير منهم متفق عليه وعن ابي ذر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الله من

جماعت میں یاد کرتا ہوں اسکو بہتر جماعت میں ق اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہا انہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرماتا ہے اللہ تعالی جو کوئی

جاء بالحسنة فله عشر امثالها وازيد ومن جاء بالسيئة فجزاء سيئة مثلها او اغفر ومن تقرب مني

نیکی کرے تو اسکو دس برابر ثواب دیتا ہوں اور زیادہ کرتا ہوں اور جو کوئی بدی کرے تو بدلا بدی کا برابر بدی کے یا بخش دیتا ہوں اور جو کوئی نزدیکی ڈھونڈھے مجھ سے

شبرا تقربت منه ذراعا ومن تقرب مني ذراعا تقربت منه باعا ومن اتاني يمشي اتيته هرولة ومن لقيني

ایک بالشت برابر نزدیکی چاہتا ہوں اس سے ایک ہاتھ برابر اور جو کوئی نزدیکی ڈھونڈھے مجھ سے برابر ایک ہاتھ کے نزدیکی چاہتا ہوں اس سے دو ہاتھ کے برابر اور جو کوئی آوے میرے پاس چلتا ہوا میں اسکے پاس دوڑتا ہوا آتا ہوں اور جو کوئی ملے مجھ سے

بقراب الارض خطيئة لا يشرك بي شيئا لقيته بمثلها مغفرة رواه مسلم وعن ابي هريرة رض قال قال

زمین بھر کے گناہ لیکر شرک نکرکے میرا کسی کو ملتا ہوں اس سے اتنی ہی مغفرت لیکر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہنے فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله تعالى قال من عادى لي وليا فقد اذنته بالحرب وما تقرب الى عبدي بشيء احب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ تعالی نے فرمایا جسنے ایذا دی میرے کسی دوست کو سو تحقیق خبردار کیا اسکو میں نے لڑائی سے اور نہیں نزدیکی چاہا میری […]

الي مما افترضت عليه وما يزال عبدي يتقرب الي بالنوافل حتى احببته فاذا احببته فكنت سمعه الذي يسمع به

مجھکو اس چیز سے کہ فرض کیا میں نے اسپر اور ہمیشہ بندہ میرا قرب طلب کرتا ہے میرا نفل عبادتوں سے یہاں تک کہ محبوب کرتا ہوں اسکو پھر جب اپنا محبوب کرتا ہوں اسکو تو میں ہو جاتا ہوں کان اسکے کہ سنتا ہے اس سے

وبصره الذي يبصر به ويده التي يبطش بها ورجله التي يمشي بها وان سألني لاعطينه ولئن استعاذني

اور بینائی اسکی کہ دیکھتا ہے اس سے اور ہاتھ اسکا کہ پکڑتا ہے اس سے اور پاؤں اسکا کہ چلتا ہے اس سے اور اگر مانگتا ہے مجھ سے تو البتہ دیتا ہوں اسکو اور اگر پناہ […]

لَأُعِيْذَنَّهُ وَمَا تَرَدَّدْتُ عَنْ شَيْءٍ أَنَا فَاعِلُهُ تَرَدُّدِيْ عَنْ نَفْسِ الْمُؤْمِنِ يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَأَنَا أَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ وَلَا بُدَّ لَهُ

تو البتہ پناہ دیتا ہوں اسکو اور تردد نہیں ہوتا مجھکو کسی چیز کے کرنے میں جتنا کہ ہوتا ہے ایمان دار کی جان نکالنے میں کہ وہ خوش نہیں موت سے اور میں خوش نہیں اسکی ناخوشی سے اور چارہ

مِنْهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِلّٰهِ مَلٰئِكَةً يَطُوْفُوْنَ فِي الطُّرُقِ يَلْتَمِسُوْنَ

موت سے نہیں روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ کے فرشتے ہیں کہ پھرا کرتے ہیں راہوں میں ڈھونڈھتے ہیں

أَهْلَ الذِّكْرِ فَإِذَا وَجَدُوْا قَوْمًا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ تَنَادَوْا هَلُمُّوْا إِلٰى حَاجَتِكُمْ قَالَ فَيَحُفُّوْنَهُمْ بِأَجْنِحَتِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ

ذکر کرنے والوں کو پھر جب پاتے ہیں ان لوگوں کو کہ ذکر کرتے ہیں اللہ کا آپس میں ایک دوسرے کو پکارتے ہیں کہ آؤ اپنی غرض کی طرف فرمایا حضرت نے پھر گھیر لیتے ہیں انکو فرشتے اپنی بازؤں سے

الدُّنْيَا قَالَ فَيَسْأَلُهُمْ رَبُّهُمْ وَهُوَ أَعْلَمُ بِهِمْ مَا يَقُوْلُ عِبَادِيْ قَالَ يَقُوْلُوْنَ يُسَبِّحُوْنَكَ وَيُكَبِّرُوْنَكَ وَيَحْمَدُوْنَكَ

فرمایا پھر پوچھتا ہے ان سے انکا پروردگار حالانکہ وہ خوب جانتا ہے انکو کیا کہتے ہیں میرے بندے فرمایا کہتے ہیں فرشتے پاکی اور بڑائی اور خوبی

وَيُمَجِّدُوْنَكَ قَالَ فَيَقُوْلُ هَلْ رَأَوْنِيْ قَالَ فَيَقُوْلُوْنَ لَا وَاللّٰهِ مَا رَأَوْكَ قَالَ فَيَقُوْلُ كَيْفَ لَوْ رَأَوْنِيْ قَالَ فَيَقُوْلُوْنَ

اور عظمت بیان کرتے ہیں تیری فرمایا پھر کہتا ہے کیا دیکھا انہوں نے مجھے فرمایا کہتے ہیں کہ نہیں قسم اللہ کی نہیں دیکھا انہوں نے تجھکو فرمایا پھر فرماتا ہے کیسے ہونگے اگر دیکھیں مجھکو

لَوْ رَأَوْكَ كَانُوْا أَشَدَّ لَكَ عِبَادَةً وَأَشَدَّ لَكَ تَمْجِيْدًا وَأَكْثَرَ لَكَ تَسْبِيْحًا قَالَ فَيَقُوْلُ فَمَا يَسْأَلُوْنَ قَالُوْا يَسْأَلُوْنَكَ

اگر دیکھیں تجھکو تو ہوویں بہت زیادہ مشغول تیری عبادت کرنے اور تیری عظمت بیان کرنے اور تیری پاکی بیان کرنے فرمایا پھر فرماتا ہے کیا مانگتے ہیں کہینگے فرشتے مانگتے ہیں تجھ سے

الْجَنَّةَ قَالَ يَقُوْلُ وَهَلْ رَأَوْهَا فَيَقُوْلُوْنَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَبِّ مَا رَأَوْهَا قَالَ يَقُوْلُ فَكَيْفَ لَوْ أَنَّهُمْ رَأَوْهَا قَالَ يَقُوْلُوْنَ

جنت فرمایا اور فرماویگا اور کیا جنت دیکھی ہے سو کہینگے نہیں قسم اللہ کی اے پروردگار نہیں دیکھی انہوں نے فرمایا فرماویگا پھر کیسے ہو اگر وہ لوگ دیکھیں اسکو فرمایا کہینگے

لَوْ أَنَّهُمْ رَأَوْهَا كَانُوْا أَشَدَّ عَلَيْهَا حِرْصًا وَأَشَدَّ لَهَا طَلَبًا وَأَعْظَمَ فِيْهَا رَغْبَةً قَالَ فَمِمَّ يَتَعَوَّذُوْنَ قَالَ يَقُوْلُوْنَ يَتَعَوَّذُوْنَ

اگر وہ دیکھیں اسکو تو ہوویں بہت بڑے حریص اور بہت بڑے طلبگار اسکے اور بہت بڑے رغبت کرنے والے اسمیں فرماویگا اللہ پھر کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں فرمایا کہینگے پناہ مانگتے

مِنَ النَّارِ قَالَ يَقُوْلُ فَهَلْ رَأَوْهَا قَالَ يَقُوْلُوْنَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَبِّ مَا رَأَوْهَا قَالَ يَقُوْلُ فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْهَا قَالَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ رَأَوْهَا

دوزخ سے فرمایا اللہ فرماویگا پھر کیا دوزخ دیکھی انہوں نے فرمایا کہینگے نہیں قسم اللہ کی اے رب نہیں دیکھی انہوں نے فرمایا فرماویگا پھر کیسا ہو اگر دیکھیں اسکو فرمایا کہینگے اگر دیکھیں

كَانُوْا أَشَدَّ مِنْهَا فِرَارًا وَأَشَدَّ لَهَا مَخَافَةً قَالَ فَيَقُوْلُ فَأُشْهِدُكُمْ أَنِّيْ قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ قَالَ يَقُوْلُ مَلَكٌ مِنَ الْمَلٰئِكَةِ فِيْهِمْ

تو بہت سخت سے بھاگتے دوزخ سے اور بہت زیادہ ڈرتے اس سے فرمایا پھر فرماویگا سو گواہ رکھتا ہوں تمکو کہ میں نے تحقیق بخش دیئے ان کے گناہ فرمایا کہیگا ایک فرشتہ ان فرشتوں کا

فُلَانٌ لَيْسَ مِنْهُمْ إِنَّمَا جَاءَ لِحَاجَةٍ قَالَ هُمُ الْجُلَسَاءُ لَا يَشْقٰى جَلِيْسُهُمْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِيْ رِوَايَةِ مُسْلِمٍ قَالَ إِنَّ لِلّٰهِ

آدمی ذکر کرنے والوں میں سے نہیں وہ آیا تھا کسی کام کو فرماویگا اللہ وہ ایسے ہمنشین ہیں کہ محروم نہیں رہتا انکا ہمنشین روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت میں مسلم کی یوں ہے کہ فرمایا بیشک اللہ کے

مَلٰئِكَةً سَيَّارَةً فُضُلًا يَبْتَغُوْنَ مَجَالِسَ الذِّكْرِ فَإِذَا وَجَدُوْا مَجْلِسًا فِيْهِ ذِكْرٌ قَعَدُوْا مَعَهُمْ وَحَفَّ بَعْضُهُمْ

فرشتے ہیں گشت کرنے والے زیادہ ڈھونڈھتے مجلسوں کو اللہ کے ذکر کی پھر جب پاتے ہیں کسی مجلس کو کہ اسمیں ذکر ہو رہا ہے بیٹھ جاتے ہیں ان کے ساتھ اور گھیر لیتے ہیں بعضے ان کے

بَعْضًا بِأَجْنِحَتِهِمْ حَتّٰى يَمْلَئُوْا مَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَإِذَا تَفَرَّقُوْا عَرَجُوْا وَصَعِدُوْا إِلَى السَّمَاءِ

بعضوں کو اپنی بازؤں سے یہاں تک کہ بھر دیتے ہیں جو کچھ درمیان ذاکروں کے اور پہلے آسمان کے ہے پھر جب جدا ہوتے ہیں اوپر جاتے ہیں اور چڑھتے ہیں آسمان کو

قَالَ فَيَسْأَلُهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ أَعْلَمُ مِنْ أَيْنَ جِئْتُمْ فَيَقُوْلُوْنَ جِئْنَا مِنْ عِنْدِ عِبَادٍ لَكَ فِي الْأَرْضِ يُسَبِّحُوْنَكَ وَيُكَبِّرُوْنَكَ

فرمایا پھر پوچھتا ہے ان سے اللہ حالانکہ وہ خوب جانتا ہے کہاں سے آئے تم سو فرشتے کہتے ہیں ہم آئے تیرے ان بندوں کے پاس سے کہ زمین پر رہتے ہیں پاکی اور بڑائی

ويهللونك ويحمدونك ويسألونك قال وماذا يسألوني قالوا يسألونك جنتك قال وهل رأوا جنتي قالوا

اور توحید اور خوبی بیان کرتے ہیں اور مانگتے ہیں تجھ سے فرماوے گا اور کیا چیز مانگتے ہیں مجھ سے کہینگے مانگتے ہیں تجھ سے تیری جنت فرماوے گا اور کیا جنت دیکھی ہے

لا أي رب قال فكيف لو رأوا جنتي قالوا ويستجيرونك قال ومم يستجيرونني قالوا من نارك يا رب قال

نہیں اے پروردگار فرماوے گا پھر کیسا ہوتا اگر دیکھتے جنت میری کہینگے پناہ چاہتے ہیں تجھ سے فرماوے گا اور کس چیز سے پناہ چاہتے ہیں کہینگے دوزخ تیری سے اے رب فرماوے گا

وهل رأوا ناري قالوا لا قال فكيف لو رأوا ناري قالوا ويستغفرونك قال فيقول قد غفرت لهم فأعطيتهم

اور کیا دیکھی ہے میری دوزخ کو کہینگے نہیں فرماوے گا پھر کیسا ہوتا اگر دیکھتے میری دوزخ کو کہینگے اور مغفرت چاہتے ہیں تجھ سے فرماوے گا بخشدیا میں نے ان کو اور دیدی

ما سألوا وأجرتهم مما استجاروا قال يقولون رب فيهم فلان عبد خطاء إنما مر فجلس معهم قال فيقول

جو چیز کہ سوال کیا تھا انہوں نے اور پناہ دی ان کو اس چیز سے کہ پناہ مانگی تھی کہینگے اے پروردگار ان میں فلانا آدمی بندہ گنہگار ہے بس کہیں جاتا تھا سو بیٹھ گیا ان کے ساتھ فرماوے گا

وله غفرت هم القوم لا يشقى بهم جليسهم رواه مسلم وعن حنظلة بن الربيع الأسيدي رض قال لقيني أبو

اور اسکے بھی بخشدئے گناہ وہ لوگ ایسے ہیں کہ محروم نہیں رہتا ان کے ساتھ بیٹھنے والا روایت کی یہ مسلم نے اور روایت ہے حنظلہ ربیع کے بیٹے سے جو بیٹا ہے ربیع کا اور اولاد اسید بن عمرو کی ہے کہا ملاقات کی مجھ سے ابو

بكر فقال كيف أنت يا حنظلة قلت نافق حنظلة قال سبحان الله ما تقول قلت نكون عند رسول الله صلى

بکر نے سو کہا کیسا حال ہے تیرا اے حنظلہ کہا میں نے منافق ہو گیا حنظلہ کہا ابوبکر نے پاکی اللہ کی ہے کیا کہتا ہے تو کہا میں نے رہتے ہیں ہم رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم يذكرنا بالنار والجنة كأنا رأي عين فإذا خرجنا من عند رسول الله صلى الله عليه وسلم عافسنا

اللہ علیہ وسلم کے پاس کہ نصیحت کرتے ہیں ہمکو دوزخ اور بہشت کا حال سنا کر گویا کہ ہم دیکھتے ہیں آنکھ سے پھر جب کہ ہم نکلتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے

الأزواج والأولاد والضيعات نسينا كثيرا قال أبو بكر فوالله إنا لنلقى مثل هذا فانطلقت أنا وأبو بكر حتى

عورت اور بچے اور کھیتی کے کام میں بھول جاتے ہیں بہت سی نصیحت کہا ابوبکر نے پھر قسم اللہ کی ہم بھی پاتے ہیں ایسا ہی حال سو چلا میں اور ابوبکر یہانتک کہ

دخلنا على رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت نافق حنظلة يا رسول الله قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو کہا منافق ہوگیا حنظلہ اے رسول اللہ کے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

وما ذاك قلت يا رسول الله نكون عندك تذكرنا بالنار والجنة كأنا رأي عين فإذا خرجنا من عندك

اور کیا ہے وہ نفاق کہا میں اے رسول اللہ کے رہتے ہیں ہم آپ کے پاس کہ وعظ فرماتے ہیں آپ ہمکو دوزخ اور بہشت کا گویا کہ ہم آنکھ سے دیکھتے ہیں پھر جب نکلتے ہیں آپ کے پاس سے

عافسنا الأزواج والأولاد والضيعات نسينا كثيرا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم والذي نفسي بيده

مشغول ہو جاتے ہیں عورت بچے اور کھیتی کے کام میں بھول جاتے ہیں بہت سی نصیحت پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اس کی کہ جس کے ہاتھ میں میری جان ہے

لو تدومون على ما تكونون عندي وفي الذكر لصافحتكم الملائكة على فرشكم وفي طرقكم ولكن يا حنظلة ساعة

اگر ہمیشہ رہو تم اس حال پر کہ رہتے ہو میرے پاس اور ذکر کرتے رہتے تو مصافحہ کریں تم سے فرشتے تمہارے بچھونوں پر اور تمہاری راہوں میں ولیکن اے حنظلہ گھڑی

وساعة ثلاث مرات رواه مسلم

الفصل الثاني

عن أبي الدرداء رض قال قال رسول الله صلى الله

اور گھڑی یعنی کچھ وقت تین بار ساعت کا لفظ فرمایا روایت کیا اسکو مسلم نے دوسری فصل روایت ہے ابی درداء رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم ألا أنبئكم بخير أعمالكم وأزكاها عند مليككم وأرفعها في درجاتكم وخير لكم من إنفاق الذهب

علیہ وسلم نے کیا خبر نہ دوں تمکو ساتھ بہتر سب عملوں سے اور پاکیزہ تر کی تمہارے بادشاہ کے پاس اور سب سے بلند تر کی تمہارے درجوں کے باب میں اور بہتر ہے تمہارے لیے سونا

والورق وخير لكم من أن تلقوا عدوكم فتضربوا أعناقهم ويضربوا أعناقكم قالوا بلى قال ذكر الله رواه مالك

اور روپے کے خرچ کرنے سے اور بہتر ہے تمہارے لئے ساتھ اس کے کہ تم دشمن سے ملو اور تم ان کی گردن مارو اور وہ تمہاری گردن ماریں کہا صحابہ نے کیوں نہیں فرمایا وہ کام ذکر ہے اللہ کا روایت کیا اس کو مالک نے

وأحمد والترمذي وابن ماجه إلا أن مالكا وقفه على أبي الدرداء وعن عبد الله بن بسر رضـ قال جاء أعرابي

اور احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے مگر یہ کہ مالک نے موقوف رکھا اس کو ابی درداء پر۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے کہ کہا انہوں نے آیا ایک بدو

إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال أي الناس خير فقال طوبى لمن طال عمره وحسن عمله قال يا رسول الله أي الأعمال

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو کہا اس نے کون آدمی سب سے بہتر ہے فرمایا خوشی ہو اس شخص کے لئے کہ عمر دراز ہوا اس کی اور اچھے ہوں کام اس کے کہا

أفضل قال أن تفارق الدنيا ولسانك رطب من ذكر الله رواه أحمد والترمذي وعن أنس رضـ قال قال رسول الله

سب سے افضل ہے فرمایا جدا ہو تو دنیا سے اس حال پر کہ زبان تیری تر رہے ذکر سے اللہ کے روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی نے۔ اور روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہا انہوں نے

صلى الله عليه وسلم إذا مررتم برياض الجنة فارتعوا قالوا وما رياض الجنة قال حلق الذكر رواه الترمذي وعن

صلی اللہ علیہ وسلم نے جب گذر کرو تم باغوں پر جنت کے تو چرو۔ کہا لوگوں نے اور کیا مراد ہے باغ جنت سے فرمایا مراد جنت کے باغ سے حلقے ذکر کے ہیں روایت کیا اس کو ترمذی نے

أبي هريرة رضـ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قعد مقعدا لم يذكر الله فيه كانت عليه من الله ترة

ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی بیٹھے کسی مجلس میں کہ یاد نہ کرے اللہ کو اس میں ہوگا وہ بیٹھنا اس پر اللہ کی طرف سے باعث

ومن اضطجع مضجعا لا يذكر الله فيه كانت عليه من الله ترة رواه أبو داود وعنه قال قال رسول الله صلى

اور جو کوئی لیٹے پہلو پر سونے کی جگہ میں یاد نہ کرے اللہ کو اس میں ہوگا یہ لیٹنا اس پر باعث حسرت کا اللہ کی طرف سے روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اور روایت ہے انہی سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ

الله عليه وسلم ما من قوم يقومون من مجلس لا يذكرون الله فيه إلا قاموا عن مثل جيفة حمار وكان عليهم حسرة

صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں اٹھتے کسی قوم کے لوگ کسی مجلس سے کہ نہ ذکر کیا اللہ کا اس میں مگر اٹھتے ہیں مانند مردار گدھے کے اور ہوگی وہ مجلس ان پر موجب حسرت

رواه أحمد وأبو داود وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما جلس قوم مجلسا لم يذكروا الله فيه

روایت کیا اس کو احمد اور ابو داؤد نے اور روایت ہے انہی سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں بیٹھی کوئی قوم کسی مجلس میں کہ یاد نہ کیا

ولم يصلوا على نبيهم إلا كان عليهم ترة فإن شاء عذبهم وإن شاء غفر لهم رواه الترمذي وعن أم حبيبة

اور نہ بھیجا درود اپنے نبی پر مگر ہوا وہ بیٹھنا ان پر باعث حسرت کا پھر اگر چاہے اللہ تو عذاب کرے ان کو اور اگر چاہے معاف کرے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے ام حبیبہ

رضـ قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل كلام ابن آدم عليه لا له إلا أمر بمعروف أو نهي عن منكر أو ذكر

رضی اللہ عنہا سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کلام ہے آدمی کا ضرر پہنچاتا ہے اس کو نفع نہیں دیتا اس کو مگر حکم کرنا بھلی بات کا یا منع کرنا بری بات سے یا ذکر

الله رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث غريب وعن ابن عمر رضـ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

اللہ کا روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

لا تكثروا الكلام بغير ذكر الله فإن كثرة الكلام بغير ذكر الله قسوة للقلب وإن أبعد الناس من الله القلب القاسي

نہ کیا کرو بہت بات سوا خدا کی یاد کے کیونکہ بہت بات کرنا بے فائدہ چھوڑ کر خدا کی یاد دل کو خراب کرنے والا ہے اور سب سے زیادہ دور خدا سے سخت دل ہے

رواه الترمذي وعن ثوبان رضـ قال لما نزلت والذين يكنزون الذهب والفضة كنا مع النبي صلى الله عليه وسلم

روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے ثوبان رضی اللہ عنہ سے کہ کہا انہوں نے جب اتری یہ آیت والذین آخر تک تھے ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ

فی بعض اسفاره فقال بعض اصحابه نزلت فی الذهب والفضة لو علمنا ای المال خیر فنتخذه فقال افضله لسان ذاکر

کسی سفر میں کہا کسی صحابی نے اتری سونے روپے کے باب میں کیا خوب ہوتا کہ معلوم کرتے ہم کون مال عمدہ ہے پھر ہم رکھتے اسکو سو فرمایا سب سے افضل وہ زبان ہے ذکر کرنے والی

وقلب شاکر وزوجة مؤمنة تعینه علی ایمانه رواه احمد والترمذی وابن ماجه

اور وہ دل کہ شکر کرے اور وہ عورت کہ ایماندار ہو مدد کرے خاوند کی ایمان پر۔ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے

الفصل الثالث

عن ابی سعید رض قال خرج معاویة علی حلقة فی المسجد فقال ما اجلسکم قالوا جلسنا نذکر الله قال آلله ما اجلسکم الا ذلك

تیسری فصل۔ روایت ہے ابی سعید رض سے کہا نکلے معاویہ ایک حلقہ پر لوگوں کے کہ مسجد میں بیٹھے تھے سو کہا کس چیز نے بٹھایا تمکو۔ کہا ہم بیٹھے ہیں یاد کرتے اللہ کی۔ کہا معاویہ نے کیا قسم اللہ کی کوئی اور چیز نہیں بٹھایا تمکو مگر یاد الٰہی

قالوا آلله ما اجلسنا غیره قال اما انی لم استحلفکم تهمة لکم وما کان احد بمنزلتی من رسول الله صلی الله علیه وسلم اقل عنه حدیثا منی وان رسول الله صلی الله علیه وسلم خرج علی حلقة من اصحابه فقال ما اجلسکم ههنا

کہا اللہ کی قسم ہے کوئی قسم ہمارے بیٹھنے کا سوا اسکے نہیں۔ کہا معاویہ نے میں نے قسم دیکر نہیں پوچھا تم سے تمکو متہم جانکر۔ اور نہیں ہے کوئی میرے برابر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کم روایت کرنے والا حدیث کی جیسا میں کم کرتا ہوں۔ اور بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے تھے ایک حلقے پر اپنے اصحاب کی جماعت کے سو فرمایا کیا باعث ہے تمہارے بیٹھنے کا یہاں

قالوا جلسنا نذکر الله ونحمده علی ما هدانا للاسلام ومن به علینا قال آلله ما اجلسکم الا ذلك قالوا آلله ما اجلسنا الا ذلك قال اما انی لم استحلفکم تهمة لکم ولکنه اتانی جبرئیل فاخبرنی ان الله عز وجل یباهی بکم الملائکة رواه مسلم

کہا ہم بیٹھے ہیں یاد کرنے اور خوبی بیان کرنے اللہ کی اس پر کہ ہدایت کی ہمکو اسلام کے لئے اور احسان کیا اسکے اسلام کی توفیق دینے سے۔ فرمایا کیا قسم اللہ کی کوئی سبب نہیں بیٹھنے کا تمہارے سوا اسکے۔ کہا قسم اللہ کی نہیں کوئی سبب ہمارے بیٹھنے کا سوا یاد خدا کے۔ فرمایا خبردار میں نے قسم دیکر نہیں پوچھا تم سے تمکو متہم جانکر لیکن آئے میرے پاس جبرئیل پھر خبر دی مجھکو کہ مقرر اللہ جو عالی اور بزرگ ہے فخر کرتا ہے تمہارے ساتھ فرشتوں کے ساتھ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن عبد الله بن بسر رض ان رجلا قال یا رسول الله ان شرائع الاسلام قد کثرت علی فاخبرنی بشیء اتشبث به قال لا یزال لسانك رطبا من ذکر الله رواه الترمذی وابن ماجه وقال الترمذی هذا حدیث حسن غریب

اور روایت ہے عبد اللہ بن بسر رض سے کہ ایک مرد نے کہا اے رسول اللہ کے بیشک احکام اسلام کے مجھ پر بہت ہوگئے سو خبر دیجئے مجھکو ایسی ایک چیز کی کہ علاقہ رکھوں اس سے۔ فرمایا زبان تیری ہمیشہ تر رہے اللہ کے ذکر سے۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث اچھی ہے غریب ہے

وعن ابی سعید رض ان رسول الله صلی الله علیه وسلم سئل ای العباد افضل وارفع درجة عند الله یوم القیمة قال الذاکرون الله کثیرا والذاکرات قیل یا رسول الله ومن الغازی فی سبیل الله قال لو ضرب بسیفه فی الکفار والمشرکین حتی ینکسر ویختضب دما فان الذاکر لله افضل منه درجة رواه احمد والترمذی وقال هذا حدیث غریب

اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کسی نے کونسا بندہ سب سے زیادہ فضیلت اور درجے میں بلند ہے اللہ کے پاس قیامت کے دن۔ فرمایا یاد کرنے والے مرد اللہ کا بہت اور یاد کرنے والی عورتیں۔ کہا کسی نے اے رسول اللہ کے اور غازی سے بھی اللہ کی راہ میں۔ فرمایا اگر چلاوے اپنی تلوار کافروں اور مشرکوں میں یہاں تک کہ ٹوٹ جاوے اور رنگی جاوے لہو سے پھر بھی بیشک یاد کرنے والا اللہ کو بہت بہتر ہے اس غازی سے مرتبے میں۔ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے

وعن ابن عباس رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الشیطان جاثم علی قلب ابن آدم فاذا ذکر الله خنس واذا غفل وسوس رواه البخاری تعلیقا

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شیطان لگا رہتا ہے دل پر آدمی کے پھر جب آدمی ذکر اللہ کا کرتا ہے چھپ جاتا ہے اور جب غافل ہوتا ہے وسوسہ ڈالتا ہے۔ روایت کیا اسکو بخاری نے تعلیقا

وعن مالك قال بلغنی ان رسول الله

اور مالک سے روایت ہے کہا انکو یہ خبر پہنچی کہ رسول اللہ

صلی الله علیه وسلم کان یقول ذاکر الله فی الغافلین کالمقاتل خلف الفارین وذاکر الله فی الغافلین کغصن اخضر

صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اللہ کا ذکر کرنے والا غافل لوگوں میں مانند لڑائی کرنے والے کے ہے پیچھے بھاگنے والوں کے اور اللہ کا ذکر کرنے والا غافلوں میں مثل

فی شجر یابس وفی روایة مثل الشجرة الخضراء فی وسط الشجر وذاکر الله فی الغافلین مثل مصباح فی بیت

سوکھے گاچھ میں اور ایک روایت میں یوں ہے کہ مانند سبز گاچھ کی درمیان سوکھے گاچھ کے اور کہا واسطے اللہ کے ذاکر کا غافل لوگوں میں جیسے چراغ کی

مظلم وذاکر الله فی الغافلین یریه الله مقعده من الجنة وهو حی وذاکر الله فی الغافلین یغفر له بعدد کل

اور ذکر کرنے والا اللہ کا غافل لوگوں میں دکھاوے گا اس کو اللہ اس کی جگہ بہشت میں جب کہ وہ جیتا ہو اور ذکر کرنے والا اللہ کا غافل لوگوں میں بخشے جاویں گے

فصیح واعجم والفصیح بنو آدم والاعجم البهائم رواه رزین وعن معاذ بن جبل رض قال ما عمل العبد عملا

بات کرنے والے کے اور بات نہ کرنے والے کے اور مراد لفظ فصیح سے آدمی ہیں اور مراد لفظ اعجم چوپایہ ہیں روایت کیا اس کو رزین نے اور روایت ہے معاذ بن جبل رض سے کہا نہیں کیا بندہ نے کوئی کام

انجی له من عذاب الله من ذکر الله رواه مالک والترمذی وابن ماجه وعن ابی هریرة رض قال قال رسول الله

کہ زیادہ نجات دینے والا ہو اس کو عذاب الہی سے برابر اس کی یاد کرنے کے روایت کیا اس کو مالک نے اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اس نے فرمایا رسول اللہ

صلی الله علیه وسلم ان الله تعالی یقول انا مع عبدی اذا ذکرنی وتحرکت بی شفتاه رواه البخاری وعن

صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ تعالی فرماتا ہے میں مدد کرتا ہوں اپنے بندے کی جس وقت یاد کرتا ہے اور ہلتے ہیں میرا نام لینے سے اس کے ہونٹھ روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے

عبد الله بن عمر رض عن النبی صلی الله علیه وسلم انه کان یقول لکل شیء صقالة وصقالة القلوب ذکر الله وما من شیء

عبد اللہ بن عمر رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت فرماتے تھے ہر چیز کا زنگ چھڑایا جاتا ہے اور زنگ چھڑانا دلوں کا اللہ کی یاد ہے اور کوئی چیز

انجی من عذاب الله من ذکر الله قالوا ولا الجهاد فی سبیل الله قال ولا ان یضرب بسیفه حتی ینقطع رواه البیهقی

زیادہ نجات دینے والی اللہ کے عذاب سے نہیں برابر اللہ کے ذکر کے کہا صحابہ نے اور جہاد اللہ کی راہ میں بھی نہیں فرمایا اور نہ مارنا تلوار سے ٹوٹنے تک روایت کیا اس کو بیہقی نے

فی الدعوات الکبیر

کتاب اسماء الله تعالی

الفصل الاول

عن ابی هریرة رض قال قال رسول الله صلی الله علیه

دعوات کبیر میں ۔ یہ کتاب بیچ فضیلت کے بیان اللہ تعالی کے ناموں کی ہے فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم ان لله تعالی تسعة وتسعین اسما مائة الا واحدة من احصاها دخل الجنة وفی روایة وهو وتر یحب الوتر

وسلم نے بیشک اللہ تعالی کو نوے اور نو نام ہیں ایک کم سو نام جو کوئی اخلاص سے یاد کرے ان کو داخل ہوگا بہشت میں اور ایک روایت میں آیا ہے کہ اللہ وتر ہے اور دوست رکھتا ہے طاق کو

متفق علیه

الفصل الثانی

عن ابی هریرة رض قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان لله تعالی تسعة وتسعین

ہے ۔ دوسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ تعالی کی ذات کے نوے اور نو

اسما من احصاها دخل الجنة هو الله الذی لا اله الا هو الرحمن الرحیم الملک القدوس

نام ہیں جو کوئی اخلاص سے یاد رکھیگا ان کو داخل ہوگا بہشت میں وہ ذات ہے نام اس کا اللہ ہے کہ کوئی معبود نہیں سوا اس کے نہایت مہربان بڑا رحم والا بادشاہ پاک ذات

السلام المؤمن المهیمن العزیز الجبار المتکبر الخالق الباری المصور الغفار

سلامت رہنے والا امن دینے والا نگہبان غالب ٹوٹی چیز کو باندھنے والا بڑائی کرنے والا اندازہ کرنے والا بنانے والا صورت باندھنے والا گناہ بخشنے والا

القهار الوهاب الرزاق الفتاح العلیم القابض الباسط الخافض الرافع المعز

بڑا غلبہ کرنے والا دینے والا بغیر عوض کے روزی پہنچانے والا کھولنے والا بڑا علم والا بند کرنے والا کشادہ کرنے والا پست کرنے والا اونچا کرنے والا عزت دینے والا

الْمُذِلُّ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ الْحَكَمُ الْعَدْلُ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ الْحَلِيمُ الْعَظِيمُ الْغَفُورُ الشَّكُورُ الْعَلِيُّ

ذلیل کرنے والا، سننے والا، دیکھنے والا، حکومت والا، بڑا عادل، نیکی کرنے والا، سب کی خبر رکھنے والا، بردبار، بزرگی والا، بخشنے والا، قدردان، بڑا بلند مرتبہ

الْكَبِيرُ الْحَفِيظُ الْمُقِيتُ الْحَسِيبُ الْجَلِيلُ الْكَرِيمُ الرَّقِيبُ الْمُجِيبُ الْوَاسِعُ الْحَكِيمُ

بزرگ شان والا، حفاظت کرنے والا، قوت پہنچانے والا، بس کرنے والا، سب کاموں میں بزرگ، کرم کرنے والا، نگہبان، دعا قبول کرنے والا، گنجائش دینے والا، حکمت والا

الْوَدُودُ الْمَجِيدُ الْبَاعِثُ الشَّهِيدُ الْحَقُّ الْوَكِيلُ الْقَوِيُّ الْمَتِينُ الْوَلِيُّ الْحَمِيدُ الْمُحْصِي

دوستی کرنے والا، بڑا بزرگ، مردوں کو زندہ کرنے والا، حاضر، سب کا نگہبان، ثابت ہی موجود، کام بنانے والا، قوت والا، مضبوطی والا، دوست، حمد والا، گننے والا

الْمُبْدِئُ الْمُعِيدُ الْمُحْيِي الْمُمِيتُ الْحَيُّ الْقَيُّومُ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ الْوَاحِدُ الصَّمَدُ

نو پیدا کرنے والا، دوبارہ پیدا کرنے والا، جلانے والا، مارنے والا، ہمیشہ زندہ، سب کے کام تھامنے والا، پانے والا، بزرگ، ایک، حاجت سے پاک

الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ الْأَوَّلُ الْآخِرُ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ الْوَالِي

قدرت والا، توانائی والا، آگے کرنے والا، پیچھے ہٹانے والا، سب سے پہلے، سب سے آخر، ظاہر، سب سے مخفی، مالک سب کا

الْمُتَعَالِي الْبَرُّ التَّوَّابُ الْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ الرَّؤُوفُ مَالِكُ الْمُلْكِ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

پاک صفات سے مخلوق کی، احسان کرنے والا، توبہ قبول کرنے والا، بدلہ لینے والا، بڑا معاف کرنے والا، مہربانی کرنے والا، مالک ملک کا، اپنی ذات میں جلال رکھنے والا اور کرم کی صفات رکھنے والا

الْمُقْسِطُ الْجَامِعُ الْغَنِيُّ الْمُغْنِي الْمَانِعُ الضَّارُّ النَّافِعُ النُّورُ الْهَادِي الْبَدِيعُ

انصاف کرنے والا، اکٹھے کرنے والا، بے پروا، بے پروا کرنے والا، روکنے والا، ضرر پہنچانے والا، نفع دینے والا، روشنی ظاہر و باطن کی، راہ دکھانے والا، بے مثل

الْبَاقِي الْوَارِثُ الرَّشِيدُ الصَّبُورُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيرِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ

باقی رہنے والا، وارث سب کا، بھلی راہ بتانے والا، گناہ کے لحاظ سے صبر کرنے والا۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے اور بیہقی نے دعوات کبیر میں اور کہا ترمذی نے

هَذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَعَنْ بُرَيْدَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَقُولُ اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ

اس حدیث کی سند غریب ہے۔ اور روایت ہے بریدہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا ایک مرد کو کہتے ہوئے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

بِأَنَّكَ أَنْتَ اللهُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِي لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ فَقَالَ دَعَا اللهَ بِاسْمِهِ

اس سبب سے کہ تو اللہ ہے کوئی معبود نہیں مگر تو ہی، بے نیاز ہے جو بے پروا ہے، نہ کسی کو جنا اور نہ کسی سے جنا گیا اور نہیں ہے کوئی اس کا ہمسر۔ پس فرمایا دعا کی اس نے اللہ سے اس کے

الْأَعْظَمِ الَّذِي إِذَا سُئِلَ بِهِ أَعْطَى وَإِذَا دُعِيَ بِهِ أَجَابَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ كُنْتُ

بڑے نام کے ساتھ کہ جب کوئی سوال کرتا ہے اس نام کے ساتھ تو دیتا ہے اللہ اور جب کوئی دعا کرتا ہے اس نام کے ساتھ تو قبول کرتا ہے۔ روایت کیا اس کو ترمذی اور ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا

جَالِسًا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ وَرَجُلٌ يُصَلِّي فَقَالَ اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدَ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ

بیٹھا تھا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مسجد میں اور ایک مرد نماز پڑھتا تھا سو کہا اس نے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس سبب سے کہ تیرے ہی لیے ہے حمد، کوئی معبود نہیں مگر تو

الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِيعُ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ أَسْأَلُكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مہربان، نعمت دینے والا، بنانے والا آسمانوں اور زمین کا، اے بزرگی اور کرم والے، اے زندہ رہنے والے، اے تھامنے والے، میں سوال کرتا ہوں تجھ سے۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

دَعَا اللهَ بِاسْمِهِ الْأَعْظَمِ الَّذِي إِذَا دُعِيَ بِهِ أَجَابَ وَإِذَا سُئِلَ بِهِ أَعْطَى رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ

دعا کی اس مرد نے اللہ سے اس کے بڑے نام کے ساتھ کہ جب کوئی دعا کرتا ہے اس نام کے ساتھ قبول کرتا ہے اور جب کوئی سوال کرتا ہے اس کے ساتھ دیتا ہے۔ روایت کیا اس کو ترمذی، ابوداؤد اور نسائی نے

وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ رض اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِسْمُ اللّٰهِ الْاَعْظَمُ فِيْ هَاتَيْنِ الْاٰيَتَيْنِ

اور روایت ہے اسماء رض بیٹی یزید کی کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسم اعظم اللہ کا انھیں دو آیتوں میں ہے ایک تو یہ

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ وَفَاتِحَةِ اٰلِ عِمْرَانَ الٓمّٓ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

اور معبود تمھارا ایک ہی معبود ہے کوئی معبود سوا اسکے نہیں بہت مہربان رحم والا اور دوسری سورۂ آل عمران کے شروع کی آیت اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہی زندہ قائم رکھنے والا روایت کیا اسکو ترمذی

وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ سَعْدٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْوَةُ ذِي النُّوْنِ اِذْ دَعَا

اور ابو داؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے سعد رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا یونس کی جب پکارا اپنے رب

رَبَّهٗ وَهُوَ فِيْ بَطْنِ الْحُوْتِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ لَمْ يَدْعُ بِهَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ فِيْ شَيْءٍ اِلَّا اسْتُجِيْبَ لَهٗ

کو مچھلی کے پیٹ میں رہتے ہوئے کوئی معبود نہیں سوا تیرے پاک ہے تو بیشک میں بے انصافوں سے ہوں نہ دعا کریگا اس آیت کو پڑھکر کوئی مسلمان مرد کسی مطلب میں مگر قبول کریگا اللہ اسکی دعا

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ بُرَيْدَةَ رض قَالَ دَخَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ

روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے ۔ تیسری فصل ۔ روایت ہے بریدہ رض سے کہا انہوں نے گیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مسجد میں

عِشَاءً فَاِذَا رَجُلٌ يَقْرَاُ وَيَرْفَعُ صَوْتَهٗ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَقُوْلُ هٰذَا مُرَاءٍ قَالَ بَلْ مُؤْمِنٌ مُنِيْبٌ قَالَ وَاَبُوْ مُوْسٰى

عشا کے وقت سو ہم نے دیکھا تو کہ ایک مرد پڑھ رہا ہے بلند آواز سے سو کہا میں نے اے رسول اللہ کے کیا آپ کہتے ہیں اس مرد کو ریاکار فرمایا بلکہ ایماندار رجوع کرنے والا

الْاَشْعَرِيُّ يَقْرَاُ وَيَرْفَعُ صَوْتَهٗ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَمِعُ لِقِرَاءَتِهٖ ثُمَّ جَلَسَ اَبُوْ مُوْسٰى يَدْعُوْ

اشعری تھا کہ پڑھتا تھا آواز بلند کر کے سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سننے لگے اسکی قرأت پھر بیٹھ گیا ابو موسی دعا کرتا ہوا

فَقَالَ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُشْهِدُكَ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

پھر کہنے لگا اے اللہ میں تجھ کو گواہ رکھتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے نہیں کوئی معبود سوا تیرے ایک ہی حاجت سے پاک جنا کسی کو اور نہ جنا گیا کسی سے اور نہیں کوئی اسکی جوڑ

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ سَاَلَ اللّٰهَ بِاسْمِهِ الَّذِيْ اِذَا سُئِلَ بِهٖ اَعْطٰى وَاِذَا دُعِيَ بِهٖ اَجَابَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ

سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق سوال کیا ہے اللہ کا وہ نام لیکر ۔۔۔ قبول کرتا ہے کہا میں نے اے رسول

اللّٰهِ اُخْبِرُهٗ بِمَا سَمِعْتُ مِنْكَ قَالَ نَعَمْ فَاَخْبَرْتُهٗ بِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِيْ اَنْتَ الْيَوْمَ لِيْ اَخٌ

اللہ کے خبر دوں اسکو جو سنا میں نے آپ سے فرمایا ہاں پھر خبر دی میں نے اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانے کی سو کہا ابو موسی نے مجھکو تو آج میرا

صَدِيْقٌ حَدَّثْتَنِيْ بِحَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ رَزِيْنٌ

بَابُ ثَوَابِ التَّسْبِيْحِ وَالتَّحْمِيْدِ وَالتَّهْلِيْلِ وَالتَّكْبِيْرِ

سچا بھائی ہے کہ بیان کیا تو نے مجھ سے حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روایت کیا اسکو رزین نے ۔ بیان میں ثواب سبحان اللہ کی اور حمد کی اور توحید اور تکبیر کی بیان کرنے کی فضیلت کے

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الْكَلَامِ اَرْبَعٌ سُبْحَانَ اللّٰهِ

پہلی فصل ۔ روایت ہے سمرہ رض سے بیٹا جندب کا کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب کلام سے افضل تو یہ چار کلمے ہیں ایک

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَحَبُّ الْكَلَامِ اِلَى اللّٰهِ اَرْبَعٌ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا

اور دوسرا الحمد للہ اور تیسرا کوئی معبود نہیں سوا اللہ اور چوتھا اللہ بہت بڑا ہے اور ایک روایت میں زیادہ پیارا کلام سب کلاموں سے اللہ کے پاس چار کلمے ہیں

اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ لَا يَضُرُّكَ بِاَيِّهِنَّ بَدَاْتَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ لَاَنْ اَقُوْلَ

اللہ اور چوتھا اللہ اکبر نقصان نہ کریگا تیرا جس کلمے سے کہ شروع کرے تو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہنا میرا

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

سبحان اللہ اور الحمد للہ اور لا الٰہ الا اللہ اور اللہ اکبر بہت پیارا ہے میرے پاس اس چیز سے کہ نکلا اس پر آفتاب روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہا

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ فِيْ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ حُطَّتْ خَطَايَاهُ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے کہا پاک ہے اللہ اپنی خوبی کے ساتھ ف دن میں سو بار دور ہوئے اسکے گناہ اگر برابر کف دریا کے ہوں

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ وَحِيْنَ يُمْسِيْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے کہا صبح کو اٹھتے اور شام ہوتے پاک ہے اللہ اپنی خوبی کے ساتھ

مِائَةَ مَرَّةٍ لَمْ يَأْتِ اَحَدٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِاَفْضَلَ مِمَّا جَاءَ بِهٖ اِلَّا اَحَدٌ قَالَ مِثْلَ مَا قَالَ اَوْ زَادَ عَلَيْهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ

سو بار نہ لاویگا کوئی قیامت کے دن افضل کام اس سے کہ لایا اسنے جسکو مگر وہ کوئی کہا جیسا اسنے کہا ف یا زیادہ کیا اسپر ق ۔ اور روایت ہے اسی

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَتَانِ خَفِيْفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ ثَقِيْلَتَانِ فِي الْمِيْزَانِ حَبِيْبَتَانِ اِلَى الرَّحْمٰنِ

کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو کلمے ہیں ف کہ آسانی ہے زبان پر آنے میں بھاری ہوگا تول انکا اعمال کی ترازو میں پیارے ہیں اللہ کے پاس

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ رض قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ

ایک تو پاک ہے اللہ اپنی خوبی کے ساتھ دوسرا پاک ہے اللہ جو عظمت والا ہے ق ۔ اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص رض سے کہا اسنے تھے ہم رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّكْسِبَ كُلَّ يَوْمٍ اَلْفَ حَسَنَةٍ فَسَاَلَهٗ سَائِلٌ مِّنْ جُلَسَائِهٖ كَيْفَ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو فرمایا کیا نہ سکیگا کوئی تم میں سے کرنے کو ہر دن میں ہزار نیکی پھر پوچھا حضرت سے کسی نے ساتھ بیٹھنے والوں سے کیونکر

يَكْسِبُ اَحَدُنَا اَلْفَ حَسَنَةٍ قَالَ يُسَبِّحُ مِائَةَ تَسْبِيْحَةٍ فَيُكْتَبُ لَهٗ اَلْفُ حَسَنَةٍ اَوْ يُحَطُّ عَنْهُ اَلْفُ خَطِيْئَةٍ

کر سکتا ہے کوئی ہم میں سے ہزار نیکی فرمایا سبحان اللہ کہے سو بار پھر لکھی جاویں گی اسکے لئے ہزار نیکیاں یا دور ہوں گے اس سے ہزار گناہ

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِيْ كِتَابِهٖ فِيْ جَمِيْعِ الرِّوَايَاتِ عَنْ مُّوْسَى الْجُهَنِيِّ اَوْ يُحَطُّ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ الْبَرْقَانِيُّ وَرَوَاهُ شُعْبَةُ وَاَبُوْ

روایت کیا اسکو مسلم نے اور صحیح مسلم میں سب روایتوں میں جو موسی جہنی سے ہیں او یحط ہے کہا ابوبکر برقانی نے اور روایت کیا اس حدیث کو شعبہ اور ابو

عَوَانَةَ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ عَنْ مُّوْسٰى فَقَالُوْا وَيُحَطُّ بِغَيْرِ اَلِفٍ هٰكَذَا فِيْ كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ

عوانہ اور یحییٰ بن سعید قطان نے موسی جہنی سے سو کہا انھوں نے ویحط بے الف کے اسی طور سے کتاب حمیدی میں لکھا ہے ف اور روایت ہے ابی ذر

رض قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الْكَلَامِ اَفْضَلُ قَالَ مَا اصْطَفَى اللّٰهُ لِمَلٰٓئِكَتِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ رَوَاهُ

رض سے کہا اسنے پوچھا کسی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کون سا کلام سب سے افضل ہے فرمایا جو کلام کہ پسند کیا اللہ نے اپنے فرشتوں کے لئے سبحان اللہ وبحمدہ روایت

مُسْلِمٌ وَعَنْ جُوَيْرِيَةَ رض اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنْ عِنْدِهَا بُكْرَةً حِيْنَ صَلَّى الصُّبْحَ وَهِيَ فِيْ مَسْجِدِهَا

کیا مسلم نے اور روایت ہے ام المومنین جویریہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے اسکے پاس سے صبح کو نماز پڑھتے ہی اور جویریہ اپنی نماز کی جگہ میں تھی

ثُمَّ رَجَعَ بَعْدَ اَنْ اَضْحٰى وَهِيَ جَالِسَةٌ قَالَ مَا زِلْتِ عَلَى الْحَالِ الَّتِيْ فَارَقْتُكِ عَلَيْهَا قَالَتْ نَعَمْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پھر پھر کے آئے بعد چاشت کا وقت ہونے کے اور وہ بیٹھی تھی ف فرمایا کیا تو برابر اسی حال پر رہی جس پر میں تجھے چھوڑ گیا تھا کہا اسنے ہاں فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

لَقَدْ قُلْتُ بَعْدَكِ اَرْبَعَ كَلِمَاتٍ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ لَوْ وُزِنَتْ بِمَا قُلْتِ مُنْذُ الْيَوْمِ لَوَزَنَتْهُنَّ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

تحقیق کہا ہیں نے تیرے پاس سے جا کر چار کلمے تین بار اگر تولیں انکو مقابلے اسکے کہ تو نے کہا آج کے دن تو وزن ان چار کلمے کا زیادہ ہوا اس سے وہ یہ ہیں پاکی بولتا ہوں اللہ کی اسکی خوبی کے ساتھ

عدد خلقه ورضى نفسه وزنة عرشه ومداد كلماته رواه مسلم وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى

سو بار اس کی مخلوق کے اور برابر اس کی ذات کی رضامندی کے اور برابر اس کے عرش کے تول کے اور برابر اس کے کلمات کے روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اس نے فرمایا رسول خدا صلی

الله عليه وسلم من قال لا اله الا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد وهو على كل شيء قدير في يوم مائة

اللہ علیہ وسلم نے جس نے کہا کوئی معبود نہیں سوا اللہ کے جو اکیلا ہے کوئی اس کا شریک نہیں اسی کا راج ہے اور اسی کو خوبی ہے اور وہ سب چیزوں پر قدرت رکھتا ہے دن میں سو

مرة كانت له عدل عشر رقاب وكتبت له مائة حسنة ومحيت عنه مائة سيئة وكانت له حرزا من الشيطان

بار ہوگا یہ کلمہ اس کے لئے برابر دس بردوں کے آزاد کرنے کے اور لکھی جائیں گی اس کے لئے سو نیکیاں اور دور کریں گے اس سے سو بدیاں اور ہوگا اس کے لئے پناہ شیطان سے اس کے

يومه ذلك حتى يمسي ولم يأت احد بافضل مما جاء به الا رجل عمل اكثر منه متفق عليه وعن ابي موسى الاشعري

دن بھر شام تک اور نہ لاوے گا کوئی زیادہ بہتر اس کی اس نیکی سے مگر وہ مرد کہ کیا زیادہ اس سے ق اور روایت ہے ابی موسی اشعری

رض قال كنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في سفر فجعل الناس يجهرون بالتكبير فقال رسول الله صلى الله عليه

رض سے کہا اس نے تھے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی سفر میں سو لگے لوگ پکار کر اللہ اکبر کہنے تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم ايها الناس اربعوا على انفسكم انكم لا تدعون اصم ولا غائبا انكم تدعون سميعا بصيرا وهو معكم

وسلم نے اے لوگو نرمی کرو اپنی جانوں پر ف بیشک تم لوگ نہیں پکارتے ہو بہرے اور غائب کو تم تو پکارتے ہو سنتے دیکھتے کو ف اور وہ تمہارے ساتھ ہی ہے

والذي تدعونه اقرب الى احدكم من عنق راحلته قال ابو موسى وانا خلفه اقول لا حول ولا قوة الا بالله في

اور جس کو تم پکارتے ہو بہت نزدیک ہے تمہارے ایک ایک سے بہ نسبت اس کی نزدیکی کے اپنے اونٹ کی گردن سے ف کہا ابو موسی نے اور میں حضرت کے پیچھے کہتا تھا نہیں طاقت

نفسي فقال يا عبد الله بن قيس الا ادلك على كنز من كنوز الجنة فقلت بلى يا رسول الله قال لا حول ولا قوة الا

دل میں اپنے سو فرمایا اے عبد اللہ بیٹے قیس کے کیا تجھے نہ بتاؤں ایک گنج بہشت کے گنجوں میں سے پھر کہا میں کیوں نہیں اے رسول اللہ کے فرمایا وہ گنج لا حول ولا قوۃ الا

بالله متفق عليه

الفصل الثاني

عن جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قال سبحان الله العظيم

باللہ کا پڑھنا ہے ق دوسری فصل روایت ہے جابر رض سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کہے گا پاک ہے اللہ عظمت والا

وبحمده غرست له نخلة في الجنة رواه الترمذي وعن الزبير رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من صباح

اپنی خوبی کے ساتھ لگایا جاوے گا اس کے لئے ایک درخت خرمے کا بہشت میں روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے زبیر رض سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی صبح

يصبح العباد فيه الا مناد ينادي سبحوا الملك القدوس رواه الترمذي وعن جابر رض قال قال رسول الله

کہ لوگ اس میں صبح کریں مگر ایک فرشتہ پکارتا ہے کہ پاکی بیان کرو پاک ذات بادشاہ کی روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم افضل الذكر لا اله الا الله وافضل الدعاء الحمد لله رواه الترمذي وابن ماجه وعن عبد الله

صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے بہتر ذکر لا الہ الا اللہ ہے اور سب سے بہتر دعا الحمد للہ ہے ف روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عبد اللہ

ابن عمرو رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحمد لله رأس الشكر ما شكر الله عبد لا يحمده وعن ابن عباس

بن عمرو رض سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے الحمد للہ کہنا سر ہے شکر کا شکر ادا کیا اللہ کا اس بندے نے کہ نہ ستائش کی اس کی خوبی کی اور روایت ہے ابن عباس

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اول من يدعى الى الجنة يوم القيمة الحمادون الذين يحمدون الله

رض سے کہا اس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو لوگ کہ سب سے پہلے بلائے جاویں گے بہشت کی طرف قیامت کے دن حمد کرنے والے ہوں گے جو حمد کرتے ہیں اللہ کا

فِى السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِىُّ فِى شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَعَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِىِّ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

راحت اور تکلیف دونوں حال میں روایت کیاان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ کہا آپ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُوْسٰى عم يَا رَبِّ عَلِّمْنِىْ شَيْئًا اَذْكُرُكَ بِهٖ اَوْ اَدْعُوْكَ بِهٖ فَقَالَ يَا مُوْسٰى قُلْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَقَالَ يَا رَبِّ كُلُّ

علیہ وسلم نے کہا حضرت موسی نے اے میرے رب سکھا مجھے کوئی ذکر میں یاد کروں تجھے اس سے یا پکاروں تجھکو اس سے تب فرمایا اے موسی تو کہہ لا الہ الا اللہ پھر کہا موسی نے اے رب

عِبَادِكَ يَقُوْلُ هٰذَا اِنَّمَا اُرِيْدُ شَيْئًا تَخُصُّنِىْ بِهٖ قَالَ يَا مُوْسٰى لَوْ اَنَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعَ وَعَامِرَهُنَّ غَيْرِىْ وَالْاَرَضِيْنَ

تیرے سب بندے کہتے ہیں اسکو میں نہیں چاہتا مگر ایسا ذکر کہ خاص مجھکو تو سکھا دے فرمایا اے موسی اگر ساتوں طبق آسمان اور ان کے نگہبان سوا میرے اور ساتوں طبق زمین کو

السَّبْعَ وُضِعْنَ فِىْ كِفَّةٍ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فِىْ كِفَّةٍ لَمَالَتْ بِهِنَّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَوَاهُ فِىْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ

دھریں ایک پلے میں اور دھریں لا الہ الا اللہ کو دوسرے پلے میں تو جھک جاویگا ان سبھوں کے پلے سے لا الہ الا اللہ کا روایت کیا بغوی نے شرح السنہ میں اور روایت

وَاَبِىْ هُرَيْرَةَ رض قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ صَدَّقَهٗ رَبُّهٗ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا

اور ابی ہریرہ رض سے کہ کہا دونوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کہتا ہے لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اسکی تصدیق کرتا ہے رب اسکا یعنے فرماتا ہے کوئی معبود نہیں سوا

اَنَا وَاَنَا اَكْبَرُ وَاِذَا قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ يَقُوْلُ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَحْدِىْ لَا شَرِيْكَ لِىْ وَاِذَا قَالَ لَا اِلٰهَ

میرے اور میں سب سے بڑا ہوں اور جب کوئی کہتا ہے نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے جو اکیلا ہے کوئی اس کا شریک نہیں فرماتا ہے اللہ کوئی معبود نہیں سوا میرے اکیلے کے نہیں کوئی شریک میرا اور جب کوئی کہتا ہے نہیں کوئی معبود

اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا لِىَ الْمُلْكُ وَلِىَ الْحَمْدُ وَاِذَا قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

سوا اللہ کے اسی کا راج ہے اور اسی کو ہے خوبی فرماتا ہے کوئی معبود نہیں سوا میرے میرا ہی راج ہے اور خوبی مجھکو ہی اور جب کوئی کہتا ہے لا الہ الا اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ

قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِىْ وَكَانَ يَقُوْلُ مَنْ قَالَهَا فِىْ مَرَضِهٖ ثُمَّ مَاتَ لَمْ تَطْعَمْهُ النَّارُ رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ

فرماتا ہے کوئی معبود نہیں سوا میرے اور نہ طاقت گناہ سے پھرنے کی اور نہ قوت عبادت کی کسی کو ہے مگر میری مدد سے اور فرماتے تھے جو کوئی کہیگا ان کلموں کو اپنی بیماری میں پھر

وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ رض اَنَّهٗ دَخَلَ مَعَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى امْرَاَةٍ وَبَيْنَ يَدَيْهَا نَوًى

تو نہ لگیگی اسکو آگ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے سعد ابن ابی وقاص رض سے کہ گئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک عورت کے پاس اور اسکے آگے تھیں کھجور کی گٹھلیاں

اَوْ حَصًى تُسَبِّحُ بِهٖ فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُكِ بِمَا هُوَ اَيْسَرُ عَلَيْكِ مِنْ هٰذَا اَوْ اَفْضَلُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ

یا کنکریاں کہ تسبیح پڑھتی اس سے وہ شمار کرکے سو فرمایا کیا خبر نہ دوں تجھکو اس تسبیح کی کہ آسان ہو تجھ پر اس سے یا بہتر ہو وہ تسبیح یہ ہے پاکی ہے اللہ کو برابر ان مخلوقات کی گنتی کے

فِى السَّمَاءِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِى الْاَرْضِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا بَيْنَ ذٰلِكَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ

جو آسمان میں ہیں اور برابر ان مخلوقات کی گنتی کے کہ زمین میں ہیں اور برابر ان چیزوں کی گنتی کے کہ درمیان آسمان زمین کے ہیں اور برابر ان چیزوں کی

عَدَدَ مَا هُوَ خَالِقٌ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ مِثْلَ ذٰلِكَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِثْلَ ذٰلِكَ

گنتی کے کہ اللہ بنانے والا ہے ابد تک اور اللہ اکبر مثل اسکے اور الحمد للہ مثل اسکے اور لا الہ الا اللہ مثل اسکے

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِىُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ

اور لا حول ولا قوۃ الا باللہ مثل اسکے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے اس حدیث کی سند غریب ہے

وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَبَّحَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً

اور روایت ہے عمرو بن شعیب رض سے عمرو نے شعیب سے روایت کیا اور شعیب نے اپنے باپ سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی سبحان اللہ کہے سو بار صبح کو اور سو بار

بِالْعَشِيِّ كَانَ كَمَنْ حَجَّ مِائَةَ حَجَّةٍ وَمَنْ حَمِدَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ كَانَ كَمَنْ حَمَلَ عَلٰى مِائَةِ فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

شام کو ہوگا مانند اسکے کہ کیا سو حج اور جو کوئی الحمد للہ کہے سو بار صبح کو اور سو بار شام کو ہوگا مانند اسکے کہ سوار کروا سو گھوڑوں پر مجاہدین کو اللہ کی راہ میں

وَمَنْ هَلَّلَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ كَانَ كَمَنْ أَعْتَقَ مِائَةَ رَقَبَةٍ مِنْ وُلْدِ إِسْمَاعِيْلَ وَمَنْ كَبَّرَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ

اور جو کوئی لا الہ الا اللہ کہے سو بار صبح کو اور سو بار شام کو ہوگا مانند سو بردے آزاد کرنے والے کے اسماعیل کی اولاد سے ف اور جو کوئی اللہ اکبر کہے سو بار صبح کو

وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ لَمْ يَأْتِ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ أَحَدٌ بِأَكْثَرَ مِمَّا أَتٰى بِهٖ إِلَّا مَنْ قَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ أَوْ زَادَ عَلٰى مَا قَالَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

اور سو بار شام کو نہ لاویگا قیامت کے دن کوئی زیادہ عمل اس سے کہ لایا اس شخص نے مگر جو کوئی کہ کہا ہو مانند اسکے یا زیادہ کیا ہو اسکے کہنے پر روایت کیا اسکو ترمذی نے

وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّسْبِيْحُ

اور کہا یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سبحان اللہ سے

نِصْفُ الْمِيْزَانِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ يَمْلَؤُهٗ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ لَيْسَ لَهَا حِجَابٌ دُوْنَ اللّٰهِ حَتّٰى تَخْلُصَ إِلَيْهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا

آدھا وزن ہوگا میزان میں اور الحمد للہ کا وزن بھر دیگا اسکو ف اور لا الہ الا اللہ کے لئے کوئی پردہ نہیں ورے اللہ کے یہاں تک کہ پہنچے اللہ تک ف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا

حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلَيْسَ إِسْنَادُهٗ بِالْقَوِيِّ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَالَ عَبْدٌ لَا إِلٰهَ

حدیث کی سند غریب ہے اور سند اسکی قوت نہیں رکھتی اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ کہا کسی بندے نے لا الہ

إِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصًا قَطُّ إِلَّا فُتِحَتْ لَهٗ أَبْوَابُ السَّمَاءِ حَتّٰى يُفْضِيَ إِلَى الْعَرْشِ مَا اجْتَنَبَ الْكَبَائِرَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ

الا اللہ اخلاص سے دل کے مگر کھلے اسکے لئے دروازے آسمان کے یہاں تک پہنچے عرش تک جب تک بچے کبیرہ گناہوں سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا

هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيْتُ إِبْرَاهِيْمَ لَيْلَةَ أُسْرِيَ

یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ملاقات کی میں نے ابراہیم سے جس رات کہ معراج

بِيْ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ أَقْرِئْ أُمَّتَكَ مِنِّي السَّلَامَ وَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ الْجَنَّةَ طَيِّبَةُ التُّرْبَةِ عَذْبَةُ الْمَاءِ وَأَنَّهَا قِيْعَانٌ وَأَنَّ

ہوئی پس فرمایا ابراہیم نے اے محمد کہنا امت کو میری طرف سے سلام اور خبر دے ان کو کہ بہشت کی مٹی ستھری ہے پانی میٹھا ہے اور خبر دے کہ بہشت ہموار زمین ہے ف اور خبر

غِرَاسَهَا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ إِسْنَادًا

کہ قابل اسمیں لگانے کا جو یہ کلمہ ہیں سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن ہے غریب ہے سند کی رو سے

وَعَنْ يُسَيْرَةَ رض وَكَانَتْ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ قَالَتْ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُنَّ بِالتَّسْبِيْحِ وَ

اور روایت ہے یسیرہ رض سے کہ تھی ہجرت کی ہوئی عورتوں سے کہا اسنے کہ فرمایا ہمکو ف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لازم کر لو سبحان اللہ اور

التَّهْلِيْلِ وَالتَّقْدِيْسِ وَاعْقِدْنَ بِالْأَنَامِلِ فَإِنَّهُنَّ مَسْئُوْلَاتٌ مُسْتَنْطَقَاتٌ وَلَا تَغْفُلْنَ فَتَنْسَيْنَ الرَّحْمَةَ رَوَاهُ

لا الہ الا اللہ کہنے کو اور تقدیس کو ف اور گنی کرو عقد انامل سے ف اسلئے کہ انگلیاں قیامت کے دن پوچھی جاوینگی بات کروائی جاوینگی اور غفلت مت کرو کہ

التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ رض قَالَ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

ترمذی اور ابوداؤد نے تیسری فصل روایت ہے سعد بن ابی وقاص رض سے کہ کہا اسنے آیا ایک دیہاتی رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عَلِّمْنِيْ كَلَامًا أَقُوْلُهٗ قَالَ قُلْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا

علیہ وسلم کے پاس سو کہنے لگا سکھا اسکو کوئی کلام کہ کہا کروں سو اسکو فرمایا کہہ تو لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ اللہ بہت بڑا ہے حال بڑائی والا
اور الحمد للہ کہتا ہوں بہت

وسبحان الله رب العالمين لا حول ولا قوة الا بالله العزيز الحكيم قال فهؤلاء لربي فما لي فقال قل اللهم اغفر لي

اور پاک ہے اللہ پروردگار سارے جہان کا نہیں طاقت ہے گناہ سے پھرنے کی اور قوت عبادت کی مگر اللہ کی ذات سے جو غالب حکمت والا ہے کہا اعرابی نے یہ کلمات تو پروردگار کی تعریف کے ہیں پس میرے لیے کیا ہے فرمایا کہہ اے اللہ بخش دے

وارحمني واهدني وارزقني وعافني شك الراوي في عافني رواه مسلم وعن انس ان رسول الله

اور رحم کر مجھ پر اور ہدایت کر مجھے اور دے مجھے رزق حلال اور بچا مجھے ضرر سے شک کیا راوی نے حضرت کے قول میں لفظ عافنی کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس رض سے تحقیق رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم مر على شجرة يابسة الورق فضربها بعصاه فتناثر الورق فقال ان الحمد لله وسبحان الله

صلی اللہ علیہ وسلم نے گذر کیا ایک سوکھے پتوں کے درخت پر سو مارے اسپر اپنی لاٹھی پھر جھڑ پڑے اسکے پتے تب فرمایا کہ بیشک الحمد للہ و سبحان اللہ

ولا اله الا الله والله اكبر تساقط ذنوب العبد كما تساقط ورق هذه الشجرة رواه الترمذي وقال هذا حديث

ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر یہہ کلمات ڈال دیتے ہیں بندے کے گناہوں کو جیسا جھڑتے ہیں پتے اس درخت کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث

غريب وعن مكحول عن ابي هريرة قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم اكثر من قول لا حول ولا قوة الا بالله

غریب ہے اور روایت ہے مکحول سے ابی ہریرہ سے کہا اسنے فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اکثر پڑھ کر لاحول ولا قوۃ الا باللہ

فانها من كنز الجنة قال مكحول فمن قال لا حول ولا قوة الا بالله ولا منجا من الله الا اليه كشف الله عنه سبعين

اس لئے کہ یہہ کلمات ایک گنج ہے بہشت کے گنجوں سے کہا مکحول نے پھر جو کوئی کہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ اور نہیں کوئی جگہ اللہ سے بچنے کی مگر اسی کی طرف دفع کرے

بابا من الضر ادناها الفقر رواه الترمذي وقال هذا حديث ليس اسناده بمتصل ومكحول لم يسمع عن ابي هريرة

دروازے بلا کے کہ بہت چھوٹا ان سے محتاجی کا دروازہ ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا اس حدیث کی اسناد متصل نہیں اور مکحول نے سماعت حدیث کی نکی ابی ہریرہ سے

وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا حول ولا قوة الا بالله دواء من تسعة وتسعين داء

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لاحول ولا قوۃ الا باللہ دوا ہے ایک کم سو بیماریوں کی

ايسرها الهم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الا ادلك على كلمة من تحت العرش من كنز الجنة لا حول

ان میں سے بہت سہل ہے غم اور روایت ہے اسی سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ بتاؤں تجھکو ایک کلمہ کہ اترا ہے عرش کے تلے سے گنجوں سے بہشت کے لاحول

ولا قوة الا بالله يقول الله تعالى اسلم عبدي واستسلم رواهما البيهقي في الدعوات الكبير وعن ابن عمر

ولا قوۃ الا باللہ ہے فرماتا ہے اللہ تعالی [illegible] امر اللہ اور سپرد کیا اپنے کام روایت کیا ان دو حدیثوں کو بیہقی نے دعوات کبیر میں اور روایت ہے ابن عمر

رض انه قال سبحان الله هي صلوة الخلائق والحمد لله كلمة الشكر ولا اله الا الله كلمة الاخلاص والله اكبر

رض سے کہا اسنے سبحان اللہ وہ عبادت ہے سب مخلوقات کی اور الحمد للہ کلمہ شکر کا ہے اور لا الہ الا اللہ کلمہ اخلاص باللہ حاصل کرنے کا ہے اور اللہ اکبر

تملأ ما بين السماء والارض واذا قال العبد لا حول ولا قوة الا بالله قال الله تعالى اسلم واستسلم رواه

بھر دیتا ہے ثواب سے تمام عالم کو اور جب کہتا ہے بندہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ فرماتا ہے اللہ تعالی مطیع ہوا اور میرے سپرد کیا روایت کیا اسکو

رزين **باب الاستغفار والتوبة** **الفصل الاول** عن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه

رزین نے باب مغفرت مانگنے اور توبہ کرنے کے بیان کا پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم والله اني لاستغفر الله واتوب اليه في اليوم اكثر من سبعين مرة رواه البخاري وعن الاغر المزني

وسلم نے قسم اللہ کی بیشک میں مغفرت چاہتا ہوں اللہ سے اور توبہ کرتا ہوں اسکی طرف دن میں زیادہ ستر بار سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اغر مزنی

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انه ليغان على قلبي وانى لاستغفر الله في اليوم مائة مرة رواه مسلم

رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک پردہ آجاتا ہے دل پر میرے اور میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں دن میں سو بار روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن الاغر المزني قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا ايها الناس توبوا الى الله فاني اتوب اليه في اليوم مائة مرة رواه مسلم

اور اسی سے روایت ہے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے لوگو توبہ کرو اللہ کی طرف کہ میں بھی توبہ کرتا ہوں اسکی طرف دن میں سو بار روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن ابي ذر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فيما يروي عن الله تبارك وتعالى انه قال يا عبادي اني

اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان احادیث میں کہ روایت کرتے تھے اللہ برکت اور بلندی والے سے کہ اللہ نے فرمایا اے میرے بندو میں نے

حرمت الظلم على نفسي وجعلته بينكم محرما فلا تظالموا يا عبادي كلكم ضال الا من هديته فاستهدوني

حرام کیا ظلم کو اپنی ذات پر اور کیا میں نے ظلم کو حرام تمہارے بیچ سو ایک دوسرے پر ظلم نہ کرو اے میرے بندو تم سب گمراہ ہو مگر جسکو میں ہدایت کروں تو مجھ سے ہدایت مانگو

اهدكم يا عبادي كلكم جائع الا من اطعمته فاستطعموني اطعمكم يا عبادي كلكم عار الا من كسوته فاستكسوني

ہدایت کرونگا تمکو اے میرے بندو تم سب بھوکے ہو مگر جسکو کھلاؤں سو مجھ سے کھانا مانگو کھلاؤنگا تمکو اے میرے بندو تم سب برہنہ ہو مگر جسکو کپڑے پہناؤں سو مجھ سے کپڑا مانگو

اكسكم يا عبادي انكم تخطئون بالليل والنهار وانا اغفر الذنوب جميعا فاستغفروني اغفر لكم يا عبادي

کپڑے پہناؤنگا تمکو اے میرے بندو تم قصور کرتے ہو رات اور دن اور میں بخشتا ہوں گناہ سب سو معافی مانگو مجھ سے معاف کرونگا تمہارے گناہ اے میرے بندو

انكم لن تبلغوا ضري فتضروني ولن تبلغوا نفعي فتنفعوني يا عبادي لو ان اولكم واخركم وانسكم و

تم لوگ ہرگز نہ پہنچ سکوگے میری ایذا کو کہ ایذا دو مجھے اور ہرگز نہ پہنچ سکوگے میرے نفع کو کہ نفع دو مجھے اے میرے بندو اگر تمہارے پہلے اور پچھلے اور آدمی اور

جنكم كانوا على اتقى قلب رجل واحد منكم ما زاد ذلك في ملكي شيئا يا عبادي لو ان اولكم واخركم وانسكم

جن ہو جاویں نہایت ایک متقی آدمی کے دل پر تم میں سے تو نہیں زیادہ کریگا یہ تقوی میری بادشاہت میں کچھ اے میرے بندو اگر تمہارے پہلے اور پچھلے اور آدمی

وجنكم كانوا على افجر قلب رجل واحد منكم ما نقص ذلك من ملكي شيئا يا عبادي لو ان اولكم واخركم

اور جن ہو جاویں نہایت بدکار مرد کے دل پر جو تم میں سے تو کم نہ کریگی یہ بدکاری میری بادشاہت سے کچھ بھی اے میرے بندو اگر تمہارے پہلے اور پچھلے

وانسكم وجنكم قاموا في صعيد واحد فسالوني فاعطيت كل انسان مسألته ما نقص ذلك مما عندي الا

اور آدمی اور جن کھڑے رہیں ایک روز زمین پر پھر سوال کریں مجھ سے پھر دوں ہر آدمی کو اسکی مانگی چیز تو کم نہ کریگا اتنا دینا اس چیز کو جو میرے پاس ہے مگر

كما ينقص المخيط اذا ادخل البحر يا عبادي انما هي اعمالكم احصيها لكم ثم اوفيكم اياها فمن وجد خيرا

جتنا کم کرتی ہے سوئی جب ڈالی جاوے سمندر میں اے میرے بندو سوائے اسکے نہیں کہ یہ تمہارے عمل ہیں کہ گنتا ہوں انکو تمہارے واسطے پھر پورا دونگا تمکو انکا بدلہ پھر جو

فليحمد الله ومن وجد غير ذلك فلا يلومن الا نفسه رواه مسلم وعن ابي سعيد الخدري رض قال قال

تو شکر کرے اللہ کا اور جو کوئی پاوے دوسرے طور کا کام اپنے سو ملامت نہ کرے مگر اپنی جان پر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہا اسنے فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم كان في بني اسرائيل رجل قتل تسعة وتسعين انسانا ثم خرج يسأل فاتى راهبا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تھا بنی اسرائیل میں ایک مرد ایک کم سو آدمی کا قتل کیا تھا پھر نکلا پوچھتا ہوا سو آیا ایک درویش کے پاس

فسأله فقال له توبة قال لا فقتله وجعل يسأل فقال له رجل ائت قرية كذا وكذا فادركه الموت فناء بصدره

اور پوچھا اس سے سو کیا میری توبہ قبول ہوگی کہا نہیں سو مار ڈالا اسکو اور لگا پوچھنے سو کہا اس سے ایک شخص نے جا فلانی بستی میں پھر آپہنچی اسکو موت سو سرکا اپنے سینے کے بل

نحوها فلما سمعت ملائكة الرحمة وملائكة العذاب فأوحى الله إلى هذه أن تقربي وإلى هذه أن تباعدي فقال

قيسوا ما بينهما فوجد إلى هذه أقرب بشبر فغفر له متفق عليه وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله

عليه وسلم والذي نفسي بيده لو لم تذنبوا لذهب الله بكم ولجاء بقوم يذنبون فيستغفرون الله فيغفر

لهم رواه مسلم وعن أبي موسى رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الله يبسط يده بالليل ليتوب

مسيء النهار ويبسط يده بالنهار ليتوب مسيء الليل حتى تطلع الشمس من مغربها رواه مسلم وعن عائشة

رض قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن العبد إذا اعترف ثم تاب تاب الله عليه متفق عليه وعن أبي هريرة

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من تاب قبل أن تطلع الشمس من مغربها تاب الله عليه رواه مسلم

وعن أنس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لله أشد فرحا بتوبة عبده حين يتوب إليه من أحدكم

كان راحلته بأرض فلاة فانفلتت منه وعليها طعامه وشرابه فأيس منها فأتى شجرة فاضطجع في ظلها قد أيس

من راحلته فبينما هو كذلك إذ هو بها قائمة عنده فأخذ بخطامها ثم قال من شدة الفرح اللهم أنت

عبدي وأنا ربك أخطأ من شدة الفرح رواه مسلم وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

إن عبدا أذنب ذنبا فقال رب أذنبت ذنبا فاغفره فقال ربه أعلم عبدي أن له ربا يغفر الذنب ويأخذ به

غفرت لعبدي ثم مكث ما شاء الله ثم أذنب ذنبا فقال رب أذنبت ذنبا آخر فاغفره فقال أعلم عبدي

أن له ربا يغفر الذنب ويأخذ به غفرت لعبدي ثم مكث ما شاء الله ثم أذنب ذنبا فقال رب أذنبت ذنبا

فَلْيَعْمَلْ مَا شَاءَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ ... فَقَالَ اَعَلِمَ عَبْدِيْ اَنَّ لَهٗ رَبًّا يَغْفِرُ الذَّنْبَ وَيَاْخُذُ بِهٖ غَفَرْتُ لِعَبْدِيْ

سو کیا بندہ نے ... کہ اسکا ایک رب ہے جو بخشتا ہے گناہ اور پکڑتا ہے اس سبب سے بخش دیا میں نے ... پس کرے جو چاہے

جُنْدُبٍ رضؓ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ وَاللّٰهِ لَا يَغْفِرُ اللّٰهُ لِفُلَانٍ وَاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى

جندب رضی سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا کہ بیشک ایک مرد نے کہا قسم اللہ کی نہ بخشیگا اللہ فلانے کے گناہ اور بیشک اللہ تعالیٰ

قَالَ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَتَاَلّٰى عَلَيَّ اَنْ لَّا اَغْفِرَ لِفُلَانٍ فَاِنِّيْ قَدْ غَفَرْتُ لِفُلَانٍ وَاَحْبَطْتُ عَمَلَكَ اَوْ كَمَا قَالَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ رضؓ

نے فرمایا کون ہے وہ جو قسم کھا کر حکم کرے مجھ پر کہ میں نہ بخشونگا ... میں نے بخش دی فلانے کی اور ناچیز کیا تیرا کام یا جیسا فرمایا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے شداد بن اوس

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيِّدُ الْاِسْتِغْفَارِ اَنْ تَقُوْلَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَ

نے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سردار سب مغفرت چاہنے کے کلمات کا یہ ہے کہ کہے تو اے اللہ تو ہی میرا پروردگار ہے کوئی معبود سوا

اَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ

میں تیرا بندہ ہوں اور میں ثابت ہوں تیرے اقرار پر اور ایمان رکھتا ہوں تیرے وعدے پر جتنا سکتا ہوں پناہ چاہتا ہوں تیری برائی سے اپنے کاموں کی قائل ہوں تیری نعمت کا

عَلَيَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ قَالَ وَمَنْ قَالَهَا مِنَ النَّهَارِ مُوْقِنًا بِهَا فَمَاتَ مِنْ يَوْمِهٖ

جو مجھ پر کیا تو نے اور قائل ہوں اپنے گناہوں پر سو بخش دے مجھے کہ بیشک کوئی نہیں بخش دیتا ہے گناہ سوا تیرے فرمایا اور جو کوئی کہے ان کلمات کو دن کو کسی وقت یقین رکھ کر ان پر

قَبْلَ اَنْ يُّمْسِيَ فَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَمَنْ قَالَهَا مِنَ اللَّيْلِ وَهُوَ مُوْقِنٌ بِهَا فَمَاتَ قَبْلَ اَنْ يُّصْبِحَ فَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ

رات سے پہلے سو وہ جنتی ہوگا اور جو کوئی کہے انکو رات کو کسی وقت یقین رکھکر انپر پھر مر جاوے صبح سے پہلے تو وہ جنتی ہوگا

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَا ابْنَ اٰدَمَ اِنَّكَ مَا

روایت کیا اسکو بخاری نے دوسری فصل روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اے آدم کے بیٹے جب تک

دَعَوْتَنِيْ وَرَجَوْتَنِيْ غَفَرْتُ لَكَ عَلٰى مَا كَانَ فِيْكَ وَلَا اُبَالِيْ يَا ابْنَ اٰدَمَ لَوْ بَلَغَتْ ذُنُوْبُكَ عَنَانَ السَّمَاءِ ثُمَّ اسْتَغْفَرْتَنِيْ

دعا کرے مجھ سے اور امید رکھے مجھ سے تو بخشش کرونگا تیری باوجود جس عمل کے کہ تجھ میں ہو اور پروا نہیں کرتا اے بیٹے آدم کے اگر پہنچیں تیرے گناہ آسمان کے ابر تک پھر مغفرت چاہے

غَفَرْتُ لَكَ وَلَا اُبَالِيْ يَا ابْنَ اٰدَمَ اِنَّكَ لَوْ لَقِيْتَنِيْ بِقُرَابِ الْاَرْضِ خَطَايَا ثُمَّ لَقِيْتَنِيْ لَا تُشْرِكُ بِيْ شَيْئًا لَاَتَيْتُكَ بِقُرَابِهَا

بخش دونگا گناہ اور پروا نہیں کرتا اے آدم کے بیٹے بیشک اگر ملیگا مجھ سے زمین بھر گناہ لیکر پھر ملے مجھ سے شریک نہ کرکے میرے ساتھ کسی چیز کو تو آونگا تیرے پاس

مَغْفِرَةً رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَعَنِ ابْنِ

بخشش لیکر روایت کیا اس حدیث کو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو احمد اور دارمی نے ابی ذر سے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت ہے ابن

عَبَّاسٍ رضؓ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى مَنْ عَلِمَ اَنِّيْ ذُوْ قُدْرَةٍ عَلٰى مَغْفِرَةِ الذُّنُوْبِ غَفَرْتُ لَهٗ

عباس رض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا حضرت نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے جسنے معلوم کیا کہ میں قدرت رکھتا ہوں گناہوں کی بخشش کی بخش دونگا اسکے

وَلَا اُبَالِيْ مَا لَمْ يُشْرِكْ بِيْ شَيْئًا رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّزِمَ الْاِسْتِغْفَارَ

اور میں پروا نہیں رکھتا جب تک کہ شریک نہ کرے میرے ساتھ کسی چیز کو روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور اسی سے روایت ہے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی ہمیشہ استغفار

جَعَلَ اللّٰهُ لَهٗ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَّخْرَجًا وَّمِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا وَّرَزَقَهٗ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ

کرے کردیگا اللہ اسکے لئے ہر تنگی سے نکلنا اور ہر قسم کے غم سے کشائش اور روزی بھیج دیگا اسکو وہاں سے کہ گمان نہیں رکھتا روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے

وعن ابی بکر الصدیق رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما اصر من استغفر وان عاد فی الیوم سبعین
اور روایت ہے ابی بکر صدیق رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اصرار گناہ پر نہ کیا اسنے کہ مغفرت چاہی اگرچہ تو پھر گناہ کرے دن میں ستر

مرۃ رواہ الترمذی وابو داود وعن انس رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کل بنی آدم خطاء وخیر الخطائین
بار روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود نے اور روایت ہے انس رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر آدمی خطا کار ہے اور بہتر خطاکاروں

التوابون رواہ الترمذی وابن ماجۃ والدارمی وعن ابی ہریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان المؤمن
توبہ کرنے والے ہیں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک ایماندار

اذا اذنب کانت نکتۃ سوداء فی قلبہ فان تاب واستغفر صقل قلبہ وان زاد زادت حتی تعلو قلبہ فذلکم
جب گناہ کرتا ہے ہوتا ہے سیاہ نقطہ دل میں اسکے پھر اگر توبہ کرتا ہے اور مغفرت چاہتا ہے تو صیقل ہو جاتا ہے اسکا دل اور اگر زیادہ کرتا ہے تو گناہ بڑھ جاتا ہے یہانتک کہ چڑھ جاتا ہے دل پر اسکے تو یہی ہے

الران الذی ذکر اللہ تعالی کلا بل ران علی قلوبہم ما کانوا یکسبون رواہ احمد والترمذی وابن ماجۃ وقال
لفظ ران کے جو ذکر کیا اللہ تعالی نے ف کوئی نہیں بلکہ زنگ پکڑ گیا ہے ان کے دلوں پر جو کچھ کماتے تھے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا

الترمذی ہذا حدیث حسن صحیح وعن ابن عمر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ یقبل توبۃ
ترمذی نے یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر اللہ توبہ قبول کرتا ہے

العبد ما لم یغرغر رواہ الترمذی وابن ماجۃ وعن ابی سعید رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الشیطان
اپنے بندہ کی جبتک کہ اسکو غرغرہ نہ لگے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک شیطان نے

قال وعزتک یا رب لا ابرح اغوی عبادک ما دامت ارواحہم فی اجسادہم فقال الرب عز وجل وعزتی وجلالی
کہا قسم تیری بزرگی کی اے میرے پروردگار ہمیشہ بہکاتا رہونگا تیرے بندوں کو جبتک کہ رہے انکی روح بدن میں سو فرمایا پروردگار نے جو غالب اور بزرگ ہے قسم ہے مجھ کو اپنی بزرگی اور

وارتفاع مکانی لا ازال اغفر لہم ما استغفرونی رواہ احمد وعن صفوان بن عسال رض قال قال رسول اللہ صلی
اور بلند ہونے کی بلندی کی ہمیشہ بخشتا رہونگا انکے گناہ جبتک کہ مغفرت چاہتے رہیں مجھ سے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے صفوان بن عسال رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم ان اللہ تعالی جعل بالمغرب بابا عرضہ مسیرۃ سبعین عاما للتوبۃ لا یغلق ما لم تطلع الشمس
اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ تعالی نے رکھا ہے مغرب کی طرف ایک دروازہ کہ چوڑاؤ اسکا ستر سال کی راہ ہے کھلا ہوا توبہ کے لئے بند نہ ہوگا وہ جبتک نہ نکلے آفتاب

من قبلہ وذلک قول اللہ تعالی یوم یاتی بعض آیات ربک لا ینفع نفسا ایمانہا لم تکن آمنت من قبل رواہ الترمذی وابن ماجۃ
اس دروازے کی طرف سے اور یہی معنی ہیں اس آیت کے جسدن آویگی بعضی نشانی تیرے رب کی نہ نفع دیگا کسی جی کو ایمان لانا اسکا جو پہلے سے ایمان نہ لایا تھا روایت کیا اسکو

وعن معاویۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تنقطع الہجرۃ حتی تنقطع التوبۃ ولا تنقطع التوبۃ حتی تطلع الشمس
اور روایت ہے معاویہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ ختم ہوگا حکم ہجرت کا جبتک کہ نہ منقطع ہوگی توبہ اور نہ منقطع ہوگی توبہ یہانتک کہ نکلے آفتاب

من مغربہا رواہ احمد وابو داود والدارمی وعن ابی ہریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان رجلین کانا فی بنی اسرائیل
مغرب کی طرف سے روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک دو مرد تھے بنی اسرائیل میں

متحابین احدہما مجتہد فی العبادۃ والآخر یقول مذنب فجعل یقول اقصر عما انت فیہ فیقول خلنی وربی حتی وجدہ یوما علی
آپس میں دوست ایک ان میں سے کوشش کرتا تھا عبادت الہی میں اور دوسرا اعتراف کرتا تھا کہ گنہگار تھا پھر عابد کہنے لگا عاصی کو باز آ اپنے برے کاموں سے سو کہتا عاصی مجھ کو چھوڑ دے یہانتک کہ پایا عابد نے عاصی کو ایک دن

ذنب تستعظمه فقال اقصر فقال خلني وربي أبعثت علي رقيبا فقال والله لا يغفر الله لك أبدا ولا يدخلك الجنة

کوئی گناہ کرتا کہ تو برا سمجھا عابد اسکو سو کہا باز آ تھا اس نے چھوڑ دے مجھے میرے رب کے ساتھ کیا بھیجا گیا تو مجھ پر نگہبان ہو کر تب کہا عابد نے قسم اللہ کی نہ بخشیگا اللہ تیرے گناہ کبھی اور

فبعث الله إليهما ملكا فقبض أرواحهما فاجتمعا عنده فقال للمذنب ادخل الجنة برحمتي وقال للآخر أتستطيع أن

سو بھیجا اللہ نے ان دونوں کی طرف ایک فرشتے کو پھر جان نکالی دونوں کی فرشتے نے پھر جمع ہوئے دونو اللہ کے پاس سو فرمایا گنہگار کو چلا جا بہشت میں میری رحمت سے اور فرمایا دوسرے کو کیا طاقت رکھتا ہے تو

تحظر على عبدي رحمتي فقال لا يا رب فقال اذهبوا به إلى النار رواه أحمد وعن أسماء بنت يزيد رض قالت سمعت

باز رکھنے کی میرے بندے پر میری رحمت کو سو کہا اسنے نہیں اے پروردگار پھر فرمایا لیجاؤ اسکو دوزخ کی طرف روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے اسماء بنت یزید رض سے کہا اسنے سنی میں نے

رسول الله صلى الله عليه وسلم يقرأ يا عبادي الذين أسرفوا على أنفسهم لا تقنطوا من رحمة الله إن الله يغفر الذنوب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھتے ہوئے اس آیت کو اے میرے وہ بندو کہ حد سے بڑھے اپنی جانوں پر نا امید ہو اللہ کی رحمت سے بیشک اللہ بخشتا ہے گناہوں کو

جميعا ولا يبالي رواه أحمد والترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وفي شرح السنة يقول بدل يقرأ وعن ابن عباس

اور پروا نہیں رکھتا فت روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور کتاب شرح السنہ میں لفظ یقول ہے بدلے میں لفظ یقرأ کے فت اور روایت ہے ابن عباس

رض في قول الله إلا اللمم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن تغفر اللهم تغفر جما وأي عبد لك لا ألما رواه الترمذي

رض سے بیچ تفسیر اللہ کے قول کی جو الا اللمم ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر بخشا چاہے تو اے اللہ بخش سکتا ہے بہت گنہگاروں کو اور کونسا بندہ تیرا ہے کہ صغیرہ گناہ نہ کیا ہو

وقال هذا حديث حسن صحيح غريب وعن أبي ذر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الله تعالى يا عبادي

اور کہا یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرماتا ہے اللہ تعالی اے میرے بندو

كلكم ضال إلا من هديت فاسألوني الهدى أهدكم وكلكم فقراء إلا من أغنيت فاسألوني أرزقكم وكلكم مذنب إلا

تم سب گمراہ ہو مگر جسکو میں نے ہدایت کی سو سوال کرو مجھ سے ہدایت کا کہ ہدایت کروں تمکو اور تم سب محتاج ہو مگر جسکو میں نے غنی کیا سو سوال کرو مجھ سے کہ روزی دوں تمکو اور تم سب گنہگار ہو

من عافيت فمن علم منكم أني ذو قدرة على المغفرة فاستغفرني غفرت له ولا أبالي ولو أن أولكم وآخركم وحيكم وميتكم

جسکو میں نے بچایا پھر جسنے جانا تم میں سے کہ قدرت رکھتا ہوں مغفرت کی پھر مغفرت چاہی مجھ سے بخشدیا میں نے اسکو اور پروا نہیں کرتا اور اگر ہوں سب تمہارے پہلے اور پچھلے اور زندے اور مردے

ورطبكم ويابسكم اجتمعوا على أتقى قلب عبد من عبادي ما زاد ذلك في ملكي جناح بعوضة ولو أن أولكم وآخركم

اور تر اور خشک فت جمع ہوں ہمارے بندوں سے ایک بہت متقی بندے کا دل پر تو کے فت زیادہ نہ کریگی یہہ بات بادشاہت میں میری مچھر کے پر برابر بھی اور اگر ہوں سب تمہارے پہلے اور پچھلے

وحيكم وميتكم ورطبكم ويابسكم اجتمعوا على أشقى قلب عبد من عبادي ما نقص ذلك من ملكي جناح بعوضة

اور زندے اور مردے اور تر اور خشک جمع ہوں نہایت بدبخت بندے کا دل پر ہمارے بندوں سے کم نہ کریگی یہہ بات میری بادشاہت سے برابر مچھر کے پر کے

ولو أن أولكم وآخركم وحيكم وميتكم ورطبكم ويابسكم اجتمعوا في صعيد واحد فسأل كل إنسان منكم ما بلغت

اور اگر ہوں سب تمہارے پہلے اور پچھلے اور زندے اور مردے اور تر اور خشک جمع ہوں ایک زمین پر پھر مانگے ہر آدمی فت تم میں سے جہاں تک کہ پہنچے

أمنيته فأعطيت كل سائل منكم ما نقص ذلك من ملكي إلا كما لو أن أحدكم مر بالبحر فغمس فيه إبرة ثم رفعها ذلك

آرزو اسکی پھر دے دوں ہر سائل کو تم میں سے فت کم نہ کریگا یہہ دینا کچھ میری بادشاہت سے مگر جیسا کہ اگر کوئی تم میں گذرے سمندر پر پھر ڈبادے اسمیں ایک سوئی پھر اٹھا لے

بأني جواد ماجد أفعل ما أريد عطائي كلام وعذابي كلام إنما أمري لشيء إذا أردت أن أقول له كن فيكون رواه

اس سبب سے کہ جود میری صفت ہے ... بخشش کو میری انتہا نہیں ... جس چیز کا ارادہ کرتا ہوں ... کہتا ہوں اسکو ہو جا سو ہو رہتا ہے

أحمد والترمذي وابن ماجه وعن أنس رض عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قرأ هو أهل التقوى وأهل المغفرة قال قال

احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے انس رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت نے پڑھی یہ آیت وہی ہے سزاوار کہ اس سے ڈریں اور سزاوار بخشنے کا فرمایا

ربكم أنا أهل أن أتقى فمن اتقاني فأنا أهل أن أغفر له رواه الترمذي وابن ماجه والدارمي وعن ابن عمر رض قال إن كنا

تمہارے رب نے میں لائق اسکے ہوں کہ ڈریں مجھ سے پھر جو کوئی ڈرے مجھ سے سو میں لائق اسکے ہوں کہ بخشدوں اسکو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا بیشک ہم

لنعد لرسول الله صلى الله عليه وسلم في المجلس يقول رب اغفر لي وتب علي إنك أنت التواب الغفور مائة مرة

گنا کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مجلس میں فرماتے تھے اے رب میرے بخش دے مجھے اور رجوع رحمت کر مجھ پر بیشک تو ہی رجوع رحمت کرنے والا بخشنے والا ہے سو بار

رواه أحمد والترمذي وأبو داود وابن ماجه وعن بلال بن يسار بن زيد مولى النبي صلى الله عليه وسلم قال حدثني

روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے بلال بن یسار بن زید سے جو زید کہ آزاد کیا ہوا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا کہا

أبي عن جدي أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من قال أستغفر الله الذي لا إله إلا هو الحي القيوم

بیان کیا مجھ سے باپ میرے نے میرے دادا زید سے کہ زید نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جو کوئی کہیگا مغفرت چاہتا ہوں اس اللہ کی کہ کوئی معبود نہیں مگر وہی جو ہمیشہ زندہ ہے تھامنے والا

وأتوب إليه غفر له وإن كان قد فر من الزحف رواه الترمذي وأبو داود ولكن عند أبي داود هلال بن يسار وقال

اور رجوع کرتا ہوں اسکی طرف مغفرت ہوگی اسکی اگرچہ بھاگا ہو کافروں کے سامنے سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور لیکن نزدیک ابی داؤد کے ہلال بن یسار ہے اور کہا

الترمذي هذا حديث غريب الفصل الثالث عن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الله عز وجل

ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے ۔ تیسری فصل ۔ روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ غالب اور بزرگ

ليرفع الدرجة للعبد الصالح في الجنة فيقول يا رب أنى لي هذه فيقول باستغفار ولدك رواه أحمد وعن

البتہ بلند کریگا مرتبہ نیک بندے کا بہشت میں سو کہیگا وہ اے میرے رب کہاں سے ملا مجھے یہ مرتبہ تب فرمائیگا اللہ تیرے بیٹے کے مغفرت مانگنے کے سبب روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے

عبد الله بن عباس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما الميت في القبر إلا كالغريق المتغوث ينتظر دعوة

عبد اللہ بن عباس رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں حال مردے کا قبر میں مگر جیسا حال ڈوبتے ہوئے فریاد کرنے والے کا انتظار کرتا ہے دعا کا

تلحقه من أب أو أم أو أخ أو صديق فإذا لحقته كان أحب إليه من الدنيا وما فيها وإن الله تعالى ليدخل على أهل

کہ ملے اسے باپ یا ماں یا بھائی یا آشنا کی طرف سے پھر جب جا ملتی ہے کسی کی دعا مردے سے ہوتا ہے دعا کا ملنا زیادہ پیارا مردے کے پاس دنیا اور دنیا کی لذتوں سے اور بیشک اللہ تعالی البتہ داخل کرتا ہے

القبور من دعاء أهل الأرض أمثال الجبال وإن هدية الأحياء إلى الأموات الاستغفار لهم رواه البيهقي في

مردوں پر زندوں کی دعا کے سبب سے اپنی رحمت برابر پہاڑوں کے اور بیشک ہدیہ زندوں کا مردوں کی طرف انکا مغفرت چاہنا ہے مردوں کے لیے روایت کیا اسکو بیہقی نے

شعب الإيمان وعن عبد الله بن بسر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم طوبى لمن وجد في صحيفته

شعب الایمان میں ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن بسر رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوشوقتی ہے واسطے اسکے کہ پایا اپنے نامہ اعمال میں

استغفارا كثيرا رواه ابن ماجه وروى النسائي في عمل يوم وليلة وعن عائشة رض أن النبي صلى الله عليه وسلم كان

بہت سا استغفار مقبول روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت کیا نسائی نے عمل یوم ولیلہ میں ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

يقول اللهم اجعلني من الذين إذا أحسنوا استبشروا وإذا أساؤوا استغفروا رواه ابن ماجه والبيهقي في الدعوات الكبير

فرماتے تھے اے اللہ کر مجھے ان لوگوں میں سے کہ جب نیکی کرتے ہیں تو خوش ہو جاتے ہیں اور جب برائی کرتے ہیں اللہ سے مغفرت چاہتے ہیں روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت کیا بیہقی نے دعوات کبیر میں

وعن الحارث بن سويد قال حدثنا عبد الله بن مسعود حديثين احدهما عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور روایت ہے حارث بن سوید سے کہا انہوں نے بیان کیا ہم سے عبد اللہ بن مسعود نے دو حدیثیں ایک تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ف اور

والآخر عن نفسه قال ان المؤمن يرى ذنوبه كأنه قاعد تحت جبل يخاف ان يقع عليه وان الفاجر يرى ذنوبه كذباب

دوسری اپنی طرف سے کہا انہوں نے کہ بیشک ایماندار اپنے گناہوں کو ایسے دیکھتا ہے کہ جیسا بیٹھا ہے پہاڑ کے تلے ڈرتا ہے کہ گر پڑے اس کے اوپر اور بیشک بدکار دیکھتا ہے اپنے گناہوں کو جیسے مکھی

مر على انفه فقال به هكذا اي بيده فذبه عنه ثم قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لله افرح

کہ بیٹھ کر چلی گئی اس کی ناک پر سو کیا اس کو اس نے ہاتھ سے ہلا دیا ساتھ ناک کے اسکو ہٹا دیا پھر کہا عبد اللہ نے سنا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے بیشک اللہ زیادہ خوش

بتوبة عبده المؤمن من رجل نزل في ارض دوية مهلكة معه راحلته عليها طعامه وشرابه فوضع رأسه

ہوتا ہے ایماندار بندے کی توبہ سے بہ نسبت اس مرد کے کہ اترا بیابان زمین میں کہ ہلاکت کی جگہ ہے اس کے ساتھ اسکا اونٹ ہے کہ اس پر کھانا اور پانی اسکا ہے سو رکھا سر اپنا

فنام نومة فاستيقظ وقد ذهبت راحلته فطلبها حتى اذا اشتد عليه الحر والعطش او ما شاء الله

اور کچھ سویا پھر جاگا اور حال یہ ہے کہ جاتا رہا اُسکا اونٹ سو ڈھونڈنے لگا اسکو یہانتک کہ جب زور سے گرمی اور پیاس لگی اسکو یا جو کچھ چاہا اللہ

قال ارجع الى مكاني الذي كنت فيه فانام حتى اموت فوضع رأسه على ساعده ليموت فاستيقظ فاذا راحلته

کہا اپنے دل میں پھر جاؤں گا اپنی اسی جگہ میں کہ تھا وہاں ف پھر سو رہوں گا یہانتک کہ مر جاؤں پھر رکھا اپنا سر وہاں جاکر اپنے بازو پر تاکہ مر جاوے پھر جاگا سو دیکھا اپنا اونٹ

عنده عليها زاده وشرابه فالله اشد فرحا بتوبة العبد المؤمن من هذا براحلته وزاده روى مسلم المرفوع

اسکے پاس ہے اوپر اس کے توشہ اسکا اور پانی اسکا سو اللہ بہت زیادہ خوش ہوتا ہے اپنے ایماندار بندے کی توبہ سے بہ نسبت اس مرد کے کہ خوش ہوا اونٹ اور توشے ملنے سے روایت کیا مسلم نے مرفوع

الى رسول الله صلى الله عليه وسلم منه فحسب وروى البخاري الموقوف على ابن مسعود ايضا وعن علي رض قال قال

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف حدیث کو صرف فقط ف اور روایت کیا بخاری نے موقوف کو عبد اللہ ابن مسعود پر بھی ف اور روایت ہے علی رض سے کہا انہوں نے کہا

رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله يحب العبد المؤمن المفتن التواب وعن ثوبان رض قال سمعت رسول الله

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ دوست رکھتا ہے ایماندار بندے کو کہ گناہ میں پڑ کر اسکو پھر رجوع ہو ف اور روایت ہے ثوبان رض سے کہا انہوں نے سنا

صلى الله عليه وسلم يقول ما احب ان لي الدنيا بهذه الآية يا عبادي الذين اسرفوا على انفسهم الآية فقال رجل

صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے اچھا نہیں لگتا مجھ کو یہ کہ تمام دنیا ملتی مجھے بدلے یعنی اس آیت کے اے میرے وہ بندو کہ حد سے بڑھے اپنی جانوں پر آخر تک سو کہا ایک مرد نے

فمن اشرك فسكت النبي صلى الله عليه وسلم ثم قال الا ومن اشرك ثلث مرات وعن ابي ذر رض قال قال رسول الله

پھر جو کوئی شرک کرے ہو ف سو سکوت کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا خبردار اور مشرک بھی ف ایسا ہی تین بار فرمایا اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم ان الله تعالى يغفر لعبده ما لم يقع الحجاب قالوا يا رسول الله وما الحجاب قال ان تموت النفس

صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ تعالی البتہ بخشتا ہے اپنے بندے کے گناہ جب تک پردہ نہ پڑ جاوے لوگوں نے کہا اے رسول اللہ کے اور پردہ کیا ہے فرمایا مرنا آدمی کا

وهي مشركة روى الاحاديث الثلثة احمد وروى البيهقي الاخير في كتاب البعث والنشور وعنه قال قال رسول

شرک کے حال میں ف روایت کیا ان تینوں حدیثوں کو احمد نے اور روایت کیا بیہقی نے اخیر کی حدیث کو کتاب البعث والنشور میں ف اور روایت ہے اسی سے کہا انہوں نے فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم من لقي الله لا يعدل به شيئا في الدنيا ثم كان عليه مثل جبال ذنوب غفر الله له رواه البيهقي

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی ملیگا اللہ سے اللہ کے برابر نہ کرے کسی کو ف دنیا میں رہتے پھر ہو اسپر مانند پہاڑوں کے گناہ بخش دیگا اللہ اسکو روایت کیا اسکو بیہقی نے

فی کتاب البعث والنشور ❊ وعن عبد اللہ بن مسعود رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم التائب من الذنب
کتاب البعث والنشور میں ❊ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے توبہ کرنے والا گناہ سے

کمن لا ذنب لہ رواہ ابن ماجۃ والبیہقی فی شعب الایمان وقال تفرد بہ النہرانی وھو مجھول وفی شرح السنۃ روی
مانند اسکے ہے کہ کبھی گناہ نکیا روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا بیہقی نے نہرانی ہی اکیلا روایت کیا اسکو اور وہ مجھول راوی ہے اور شرح السنۃ میں

عنہ موقوفا قال الندم توبۃ والتائب کمن لا ذنب لہ ❊ باب ❊ الفصل الاول ❊ عن ابی ھریرۃ رض قال قال رسول اللہ
عبد اللہ بن مسعود سے اسی طرح ہے کہ کہا عبد اللہ نے رکن اعظم توبہ کا پشیمان ہونا ہے اور توبہ کرنے والا اسکے ہی کہ گناہ نہیں ❊ یہ ایک باب ہے ❊ پہلی فصل ❊ روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم لما قضی اللہ الخلق کتب کتابا فھو عندہ فوق عرشہ ان رحمتی سبقت غضبی وفی روایۃ
صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پیدا کیا اللہ نے مخلوقات کو لکھا ایک کتاب کو سو وہ اسکے پاس اوپر اسکے تخت کے ہے ❊ وہ یہ ہے بیشک میری رحمت آگے بڑھ گئی ہے غضب سے اور ایک روایت میں

غلبت غضبی متفق علیہ ❊ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان للہ مائۃ رحمۃ انزل منہا رحمۃ واحدۃ بین
غالب ہوئے آثار رحمت آثار غضب پر ❊ ق ❊ اور اسی سے روایت ہے کہ کہا اسنے فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر اللہ کی سو رحمتیں ہیں اتارا ان میں ایک رحمت

الجن والانس والبہائم والھوام فبہا یتعاطفون وبہا یتراحمون وبہا تعطف الوحش علی ولدہا واخر
جنوں میں اور آدمیوں میں اور چوپایوں میں اور ہوام میں ❊ سو اس ایک رحمت کے سبب سے ایک دوسرے پر مہربانی اور آپس میں رحم کرتے ہیں اور اسی سے مہربانی کرتے ہیں جنگلی جانور اپنی اولاد پر اور رکھ چھوڑی

اللہ تسعۃ وتسعین رحمۃ یرحم بہا عبادہ یوم القیامۃ متفق علیہ وفی روایۃ لمسلم عن سلمان نحوہ وفی آخرہ قال
اللہ نے ایک کم سو رحمتیں کہ رحم کرے ان سے اپنے ایماندار بندوں پر دن میں قیامت کے ❊ ق ❊ اور ایک روایت میں مسلم کی سلمان سے مانند اسکے اور آخر میں اس روایت کے

فاذا کان یوم القیامۃ اکملہا بہذہ الرحمۃ ❊ وعن ابی ھریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو یعلم المؤمن ما
پھر جب ہوگا دن قیامت کا پورا کریگا ان کو اس ایک رحمت سے ❊ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر معلوم کرے ایماندار جو

عند اللہ من العقوبۃ ما طمع بجنتہ احد ولو یعلم الکافر ما عند اللہ من الرحمۃ ما قنط من جنتہ احد متفق
کہ اللہ کے پاس عذاب ہے طمع نکرے اسکی بہشت کی کوئی ایمان والا اور اگر معلوم کرے کافر جو کچھ کہ اللہ کے پاس رحمت ہے ناامید نہو اسکی جنت سے کوئی کافر ❊ ق

علیہ ❊ وعن ابن مسعود رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الجنۃ اقرب الی احدکم من شراک نعلہ و
اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہشت بہت نزدیک ہے طرف ایک کے تم میں سے اسکے نعلین کے تسمے سے اور

النار مثل ذلک رواہ البخاری ❊ وعن ابی ھریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال رجل لم یعمل خیرا
دوزخ مانند اسکے روایت کیا اسکو بخاری نے ❊ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا ایک مرد نے جو کیا تھا بھلائی

قط لاھلہ وفی روایۃ اسرف رجل علی نفسہ فلما حضرہ الموت وصی بنیہ اذا مات فحرقوہ ثم اذروا نصفہ
کبھی اپنے لوگوں کو اور دوسری روایت میں زیادتی کی تھی ایک مرد نے اپنی جان پر پھر جب پہنچی موت اسکی وصیت کی اسنے اپنی اولاد کو کہ جب مرجاؤں تو جلادو مجھکو پھر اڑادو آدھی خاک

فی البر ونصفہ فی البحر فواللہ لئن قدر اللہ علیہ لیعذبنہ عذابا لا یعذبہ احدا من العالمین فلما مات
جنگل میں اور آدھی سمندر میں پھر قسم اللہ کی البتہ اگر تنگی کرے اللہ اسپر تو عذاب کریگا اسپر ایسا کہ نہ کریگا کسی پر ساری جہان سے پھر جب وہ مرگیا

فعلوا ما امرھم فامر اللہ البر فجمع ما فیہ وامر البحر فجمع ما فیہ ثم قال لہ لم فعلت ہذا قال من خشیتک
کیا اسکے لوگوں نے جو حکم کیا تھا انکو پھر حکم کیا اللہ نے سمندر کو سو جمع کیا سمندر نے جتنی خاک اسمیں گری تھی اور حکم کیا جنگل کو سو جمع کیا جتنی خاک اسمیں تھی پھر فرمایا اسکو کس لئے تو نے یہ کیا کہا تیرے ڈر سے

يا رب وانت اعلم نغفر له متفق عليه **وعن** عمر بن الخطاب رض قال قدم على النبى صلى الله عليه وسلم سبى فاذا امرأة
اے میرے پروردگار اور تو خوب جانتا ہے بخشدے اللہ اسکے گناہ ق ٭ اور روایت ہے عمر بن الخطاب رض سے کہا انہے آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ قیدی تو ناگہاں ایک عورت

من السبى قد تحلب ثديها تسعى اذا وجدت صبيا فى السبى اخذته فالصقته ببطنها وارضعته فقال لنا النبى
قیدیوں میں سے کہ بہہ رہا ہے دودھ اسکی چھاتی سے دوڑ رہی ہے جب پاتی ہے کوئی لڑکا لڑکوں میں سے قیدیوں کے تو اٹھا لیتی ہے اسکو اور لگا لیتی ہے اپنے پیٹ سے اور دودھ پلانے لگتی ہے اسکو تب فرمایا ہم سے

صلى الله عليه وسلم اترون هذه طارحة ولدها فى النار فقلنا لا وهى تقدر على ان لا تطرحه فقال الله ارحم بعباده
صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا گمان کرتے ہو اس عورت کو ڈالدیگی اپنے پیٹ کے بچے کو آگ میں سو کہا ہمنے نہیں جس حال میں وہ قادر ہے نہ ڈالنے کو اسکے پھر فرمایا اللہ

من هذه بولدها متفق عليه **وعن** ابى هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لن ينجى احدا منكم عمله قالوا ولا
اس سے جو رحم کرتی ہے اپنے بچے پر ق ٭ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہرگز نجات دیگا کسیکو تم میں سے اسکا عمل

انت يا رسول الله قال ولا انا الا ان يتغمدنى الله منه برحمته فسددوا وقاربوا واغدوا وروحوا وشىء من الدلجة
آپکو اے رسول اللہ کو فرمایا اور نہ مجھے مگر یہ کہ ڈھانپ لے مجھے اللہ اپنی طرف سے رحمت کے پھر درستی اعمال کی کرو اور افراط تفریط عمل میں نہ کرو اور صبح کو اور شام کو اور کچھ رات

والقصد القصد تبلغوا متفق عليه **وعن** جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يدخل احدا منكم عمله
لازم کرو میانہ چال کو بات درست کہ منزل مقصود کو پہنچ جاؤ ق ٭ اور روایت ہے جابر رض سے کہا انہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے داخل نہ کریگا کسی کو تم میں سے اسکا عمل

الجنة ولا يجيره من النار ولا انا الا برحمة الله رواه مسلم **وعن** ابى سعيد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا
بہشت میں اور نہ بچا دیگا دوزخ سے اور نہ مجھکو مگر اللہ کی رحمت سے روایت کیا اسکو مسلم نے ٭ اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہا انہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب

اسلم العبد فحسن اسلامه يكفر الله عنه كل سيئة كان زلفها وكان بعد القصاص الحسنة بعشر امثالها الى سبع
مسلمان ہو بندہ پھر اچھا ہو اسلام اسکا بخشدیتا ہے اللہ اس سے ہر ہر بدی کو کہ پہلے کفر کے حال میں کیا تھا اور ہوگا بعد اسکے بدلا یعنی ہوگی نیکی دس نیکی کے برابر سات

مائة ضعف الى اضعاف كثيرة والسيئة بمثلها الا ان يتجاوز الله عنها رواه البخارى **وعن** ابن عباس رض قال قال
سو نیکی تک بہت سی نیکیاں تک ف اور بدی جتنی کی اتنی مگر یہ کہ درگذر کرے اللہ اس سے ف روایت کیا اسکو بخاری نے ٭ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہے فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله كتب الحسنات والسيئات فمن هم بحسنة فلم يعملها كتبها الله له عنده حسنة كاملة
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ نے لکھدیا نیکیوں کو اور بدیوں کو پھر جو کوئی ارادہ کرے نیکی کا اور نہ کرے اسکو لکھدیتا ہے اسکو اللہ اسکے لئے اپنے پاس

فان هم بها فعملها كتبها الله له عنده عشر حسنات الى سبع مائة ضعف الى اضعاف كثيرة ومن هم بسيئة فلم يعملها
پھر اگر ارادہ کرے نیکی کا اور کرے نیکی لکھدیتا ہے اسکو اللہ اسکے لئے اپنے پاس دس نیکیاں سات سو نیکی تک بہت نیکیاں تک اور جو کوئی ارادہ کرے بدی کا پھر نہ کرے

كتبها الله له عنده حسنة كاملة فان هو هم بها فعملها كتبها الله سيئة واحدة متفق عليه

الفصل الثانى

عن عقبة بن
لکھدیتا ہے اسکو اللہ اسکے لئے اپنے پاس ایک پوری نیکی پھر اگر وہ ارادہ کرے بدی کا اور کرے بدی لکھدیتا ہے اسکو اللہ اسکے لئے ایک ہی بدی ق متفق ٭ دوسری فصل

عامر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان مثل الذى يعمل السيئات ثم يعمل الحسنات كمثل رجل كانت عليه درع
عامر رض سے کہا انہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک کہاوت اس شخص کی کہ کرے برائیاں پھر کرے نیکیاں جیسی کہاوت اس مرد کی کہ تھی اسکے بدن پر ایک

ضيقة قد خنقته ثم عمل حسنة فانفكت حلقة ثم عمل اخرى فانفكت اخرى حتى تخرج الى الارض رواه فى شرح السنة
کہ گھونٹ رکھا دیا اسکا پھر ایک نیکی کی اسنے سو کھل گیا ایک حلقہ پھر دوسری نیکی کی سو کھل گیا دوسرا حلقہ یہاں تک کہ نکل گر پڑے زرہ زمین پر ف روایت کیا اسکو شرح سنہ میں

وعن ابی الدرداء رضی اللہ عنہ انہ سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقص علی المنبر وھو یقول ولمن خاف مقام ربہ جنتان قلت وان
اور روایت ہے ابی الدرداء رض سے کہ مقرر سنا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو وعظ کرتے منبر پر جس حال میں کہ آپ فرماتے تھے جو کوئی ڈرا اپنے رب کے آگے کھڑے ہونے سے اس کے لئے

زنی وان سرق یا رسول اللہ فقال الثانیۃ ولمن خاف مقام ربہ جنتان فقلت الثانیۃ وان زنی وان سرق یا رسول
زنا اور چوری کیا ہو اے رسول اللہ کے فرمایا دوسری بار اور جو کوئی ڈرا اپنے رب کے آگے کھڑے ہونے سے اس کے لئے دو باغ ہیں کہا میں نے دوسری بار اگرچہ زنا اور چوری کیا ہو اے رسول

اللہ فقال الثالثۃ ولمن خاف مقام ربہ جنتان فقلت الثالثۃ وان زنی وان سرق یا رسول اللہ قال وان رغم انف
اللہ کے سو فرمایا تیسری بار اور جو کوئی ڈرا اپنے رب کے آگے کھڑے ہونے سے اس کے لئے ہیں دو باغ پھر کہا میں نے تیسری بار اگرچہ زنا اور چوری کیا ہو اے رسول اللہ کے فرمایا اگرچہ خاک آلودہ ہووے ناک

ابی الدرداء رواہ احمد وعن عامر الرام رض قال بینا نحن عندہ یعنی عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذ اقبل رجل
ابی درداء کی روایت کیا اس کو احمد نے اور روایت ہے عامر رام رض سے کہا انہوں نے ایک وقت میں ہم پاس ان کے تھے یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ناگہاں آیا ایک مرد

علیہ کساء وفی یدہ شیء قد التف علیہ فقال یا رسول اللہ مررت بغیضۃ شجر فسمعت فیھا اصوات فراخ طائر
کہ اس کے بدن پر کملی تھی اور ہاتھ میں اس کے ایک چیز تھی کملی لپیٹا تھا اس پر سو کہا اس نے اے رسول اللہ کے گذر کیا تھا میں ایک جنگل پر درختوں کے سو سنیں میں نے ان میں آوازیں بچوں کی جانور کی

فاخذتھن فوضعتھن فی کسائی فجاءت امھن فاستدارت علی راسی فکشفت لھا عنھن فوقعت علیھن فلففتھن بکسائی
سو لیا میں نے انکو اور رکھا انکو اپنی کملی میں سو آئی انکی ماں اور پھرنے لگی میرے سر پر سو پردہ کھول دیا میں نے اس کے لئے ان سے پس گر پڑی ان پر پھر لپیٹا میں نے انکو

فھن اولاء معی قال ضعھن فوضعتھن وابت امھن الا لزومھن فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتعجبون لرحم
سو وہ بچے اور انکی ماں ہے یہیں میرے ساتھ فرمایا دھر دے انکو سو دھر دیا میں نے انکو اور نہ مانا ان کی ماں نے مگر ساتھ لگی رہی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تعجب کرتے ہو شفقت ماں

ام الافراخ فراخھا فوالذی بعثنی بالحق للہ ارحم بعبادہ من ام الافراخ بفراخھا ارجع بھن حتی تضعھن من حیث
ان بچوں کی اپنے بچوں پر پس قسم اس ذات پاک کی کہ بھیجا مجھ کو سچا دین دے کر البتہ اللہ بہت زیادہ مہربان ہے اپنے بندوں پر ان بچوں کی ماں سے اپنے بچوں پر پھر جا

اخذتھن وامھن معھن فرجع بھن رواہ ابو داود

الفصل الثالث

عن عبد اللہ بن عمر رض قال کنا مع النبی
لیا ان کو لے جا ان کی ساتھ ان کی ماں بھی پھر لیگیا وہ مرد انکو روایت کیا اس کو ابو داود نے تیسری فصل روایت ہے عبد اللہ بن عمر رض سے کہا انہوں نے تھے ہم نبی

صلی اللہ علیہ وسلم فی بعض غزواتہ فمر بقوم فقال من القوم فقالوا نحن المسلمون وامراۃ تحضب بقدرھا ومعھا ابن
صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی سفر میں جہاد کے سو گذر کیا کسی قوم پر پھر فرمایا کون لوگ ہیں کہا ہم مسلمان ہیں اور ایک عورت آگ سلگاتی تھی اپنی دیگ کے تلے اور اسکے ساتھ

لھا فاذا ارتفع وھج تنحت بہ فاتت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالت انت رسول اللہ قال نعم قالت بابی انت وامی الیس اللہ
اسکا تھا پھر جب بلند ہوا شعلہ کنارے کر دی لڑکے کو پھر آئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا اسنے آپ ہی رسول اللہ کے ہیں فرمایا ہاں کہا اسنے قربان

ارحم الراحمین قال بلی قالت الیس اللہ ارحم بعبادہ من الام بولدھا قال بلی قالت ان الام لا تلقی ولدھا فی النار فاکب رسول اللہ
سب سے بڑا رحم کرنے والا فرمایا کیوں نہیں کہا اسنے کیا نہیں ہے اللہ زیادہ مہربان اپنے بندوں پر ماں سے جو مہربانی کرتی ہے اپنے بچے پر فرمایا کیوں نہیں کہا اسنے تو نہیں ڈالتی اپنے بچے کو

صلی اللہ علیہ وسلم یبکی ثم رفع راسہ الیھا فقال ان اللہ لا یعذب من عبادہ الا المارد المتمرد الذی یتمرد علی اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے رونا شروع کر کے پھر اونچا کیا سر اپنا اسکی طرف اور فرمایا بیشک اللہ عذاب نہ کریگا کسی پر اپنے بندوں میں سے مگر مارد سرکش کو جو سرکشی کرتا ہے

وابی ان یقول لا الہ الا اللہ رواہ ابن ماجہ وعن ثوبان رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان العبد لیلتمس مرضاۃ اللہ
اور انکار کیا اسکے کہنے سے کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ثوبان رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ فرمایا حضرت نے بیشک بندہ طلب کرتا ہے

فَلَا تَرَ ابْتَلِيكَ فَيَقُولُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ لِجِبْرَئِيلَ إِنَّ فُلَانًا عَبْدِي يَلْتَمِسُ أَنْ يُرْضِيَنِي أَلَا وَإِنَّ رَحْمَتِي عَلَيْهِ فَيَقُولُ جِبْرَئِيلُ رَحْمَةُ

پھر ہمیشہ رہتا ہے اسی حال پر سو فرماتا ہے اللہ غالب اور بزرگ جبرئیل کو بیشک فلانا میرا بندہ چاہتا ہے کہ راضی کرے مجھے خبردار اور بیشک میری رحمت ہے اسپر سو کہتا ہے جبرئیل رحمت

اللهِ عَلَى فُلَانٍ وَيَقُولُهَا حَمَلَةُ الْعَرْشِ وَيَقُولُهَا مَنْ حَوْلَهُمْ حَتَّى يَقُولَهَا أَهْلُ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ ثُمَّ تَهْبِطُ لَهُ إِلَى الْأَرْضِ رَوَاهُ

اللہ کی فلانے بندے پر اور کہتے ہیں اس کلمے کو اٹھانے والے عرش کے اور کہتے ہیں اس کلمے کو جو ہیں ان کے گرد یہاں تک کہ کہتے ہیں اسکو ساتوں آسمانوں والے پھر اترتی ہے اسکے لیے زمین کی طرف

أَحْمَدُ وَعَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِنَفْسِهِ وَمِنْهُمْ مُقْتَصِدٌ

احمد نے ۔ اور روایت ہے اسامہ بن زید رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تفسیر میں اللہ غالب اور بزرگ کے قول کی سو بعضے ان میں ظلم کرنے والے ہیں اپنی جان پر اور بعضے ان میں میانہ رو ہیں

وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ قَالَ كُلُّهُمْ فِي الْجَنَّةِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي كِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُورِ

اور کتنے ان میں سبقت کرنے والے ہیں نیکیوں میں فرمایا سب جنت میں داخل ہونگے روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب البعث والنشور میں

بَابُ مَا يَقُولُ عِنْدَ الصَّبَاحِ وَالْمَسَاءِ وَالْمَنَامِ

باب بیان میں ان دعاؤں کے کہ صبح ہونے اور شام ہونے اور سونے وقت کہے

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

فصل پہلی

عَنْ عَبْدِ اللهِ رض قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَمْسَى قَالَ أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ

روایت ہے عبداللہ رض سے کہا انہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب شام کرتے فرماتے تھے شام کیا ہمنے اور تمام ملک خدا کا اور سب خوبی اللہ کو ہی اور نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے اکیلا ہے نہیں کوئی شریک اسکا اسی کا ملک اور اسی کی خوبی اور وہ

قَدِيرٌ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَخَيْرِ مَا فِيهَا وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيهَا اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ

ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے الٰہی میں بیشک سوال کرتا ہوں تجھ سے بھلائی اس رات کی اور بھلائی اس کی جو بیچ اس کے ہے اور پناہ چاہتا ہوں تیری بدی سے اسکی اور بدی اس چیز کی کہ بیچ اس کے ہے الٰہی بیشک میں پناہ چاہتا ہوں تیری

مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَسُوءِ الْكِبَرِ وَفِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَإِذَا أَصْبَحَ قَالَ ذٰلِكَ أَيْضًا أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ

سستی سے اور بڑھاپے سے اور بڑھاپے کی برائی سے اور فتنے سے دنیا کے اور عذاب سے قبر کے اور جب صبح کرتے کہتے یہ بھی اصبحنا الی آخرہ

وَفِي رِوَايَةٍ رَبِّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اور ایک روایت میں ہے اے پروردگار میں پناہ مانگتا ہوں تیری عذاب سے دوزخ میں اور عذاب سے قبر میں روایت کیا اسکو مسلم نے

وَعَنْ حُذَيْفَةَ رض قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ مِنَ اللَّيْلِ وَضَعَ يَدَهُ تَحْتَ خَدِّهِ ثُمَّ يَقُولُ اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوتُ وَأَحْيٰى وَإِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ عَنِ الْبَرَاءِ

اور روایت ہے حذیفہ رض سے کہا انہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب لیتے تھے اپنی جگہ خواب رات کو رکھتے دست مبارک رخسارے کے تلے پھر فرماتے الٰہی تیرے نام سے مرتا ہوں اور جیتا ہوں اور جب بیدار ہوتے فرماتے سب خوبی اللہ کو ہے جسنے جلایا ہمکو بعد مارنے کے ہمارے اور اسی کی طرف ہے رجوع ہونا روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم نے براء سے

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَوَى أَحَدُكُمْ إِلَى فِرَاشِهِ فَلْيَنْفُضْ فِرَاشَهُ بِدَاخِلَةِ إِزَارِهِ فَإِنَّهُ لَا يَدْرِي مَا خَلَفَهُ عَلَيْهِ ثُمَّ يَقُولُ بِاسْمِكَ رَبِّي وَضَعْتُ جَنْبِي وَبِكَ أَرْفَعُهُ إِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِي فَارْحَمْهَا وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عِبَادَكَ الصَّالِحِينَ وَفِي رِوَايَةٍ ثُمَّ لْيَضْطَجِعْ عَلَى شِقِّهِ الْأَيْمَنِ ثُمَّ لْيَقُلْ بِاسْمِكَ

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب لیٹنا چاہے کوئی تم میں سے اپنے بچھونے پر تو جھاڑ لے اپنے بچھونے کو اپنی لنگی کے اندر کے پلو سے اس لیے کہ وہ نہیں جانتا کیا چیز بعد اسکے چھوڑ جانے کے بچھونے پر آرہی ہے پھر کہے تیرے نام سے اے میرے رب رکھا میں نے پہلو اپنا اور تیرے نام سے اٹھاؤں گا اسکو اگر قبض کرے تو میری روح کو تو رحم کر اسپر اور اگر چھوڑ دے تو اسکو تو بچا اسکو ساتھ اس چیز کے کہ بچاتا ہے تو ساتھ اس کے اپنے نیک بندوں کو اور ایک روایت میں ہے پھر لیٹ رہے اپنے داہنے پہلو پر پھر کہے بسمک سے لیکر آخر تک ۔

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَلْيَنْفُضْهُ بِصَنِفَةِ ثَوْبِهٖ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ وَاِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لَهَا وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ

ق ۔ اور ایک روایت میں ہے پھر جھٹک لے بچھاونے کو اپنے کپڑے کے پلو سے تین بار اور اگر قبض کرے تو میری جان کو بخش دے اسکو ف اور روایت ہے براء ابن عازب

رض قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَوٰى اِلٰى فِرَاشِهٖ نَامَ عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْمَنِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِيْ اِلَيْكَ

رض سے کہا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب لیٹا چاہتے اپنے بچھاونے پر لیٹتے اپنی داہنی کروٹ پر پھر فرماتے اے اللہ تابعدار کیا میں نے اپنی جان کو تیری طرف

وَوَجَّهْتُ وَجْهِيْ اِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِيْ اِلَيْكَ وَاَلْجَأْتُ ظَهْرِيْ اِلَيْكَ رَغْبَةً وَّرَهْبَةً اِلَيْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا

اور دل کے قصد سے منہ کیا اپنا تیری طرف اور سونپا میں نے کام کو تیری طرف اور تکیہ دیا اپنی پیٹھ کو تیری طرف شوق اور ڈر سے تیری طرف نہیں کوئی پناہ اور بچاؤ کی جگہ مگر

اِلَيْكَ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ وَنَبِيِّكَ الَّذِيْ اَرْسَلْتَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَهُنَّ ثُمَّ

تیری طرف ایمان لایا تیری کتاب پر کہ اتارا تو نے اور تیرے نبی پر کہ بھیجا تو نے ۔ اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کہے ان کلمات کو پھر

مَاتَ تَحْتَ لَيْلَتِهٖ مَاتَ عَلَى الْفِطْرَةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ يَا فُلَانُ اِذَا اَوَيْتَ اِلٰى

مر جاوے اس رات کسی حادثہ کے تلے مریگا دین اسلام پر اور ایک روایت میں کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد کو اے فلانے جب لیٹا چاہے تو

فِرَاشِكَ فَتَوَضَّأْ وُضُوْءَكَ لِلصَّلٰوةِ ثُمَّ اضْطَجِعْ عَلٰى شِقِّكَ الْاَيْمَنِ ثُمَّ قُلْ اَللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِيْ اِلَيْكَ اِلٰى قَوْلِهٖ

اپنے بچھاونے پر تو وضو کر نماز کے وضو کی طرح پھر لیٹ رہ اپنی داہنی کروٹ پر پھر کہہ اے اللہ تابعدار کیا میں نے اپنی جان کو تیری طرف اخیر تک

اَرْسَلْتَ وَقَالَ فَاِنْ مُتَّ مِنْ لَيْلَتِكَ مُتَّ عَلَى الْفِطْرَةِ وَاِنْ اَصْبَحْتَ اَصَبْتَ خَيْرًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَنَسٍ رض اَنَّ رَسُوْلَ

ارسلت جو اوپر گذر چکا اور فرمایا پھر اگر مر جاوے تو اسی رات کو مریگا دین اسلام پر اور اگر صبح کو جیتا اٹھا تو پاویگا بہت بھلائی ق ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَوٰى اِلٰى فِرَاشِهٖ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَكَفَانَا وَاٰوَانَا فَكَمْ مِمَّنْ لَّا كَافِيَ لَهٗ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب لیٹا چاہتے اپنے بچھاونے پر فرماتے سب خوبی اللہ کو جسنے کھلایا اور پلایا اور شر سے بچایا اور جگہ دی ہمکو پھر کتنے ایسے ہیں کہ کوئی نہیں

وَلَا مُؤْوِيَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَلِيٍّ رض اَنَّ فَاطِمَةَ رض اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَشْكُوْ اِلَيْهِ مَا تَلْقٰى فِيْ يَدِهَا

اور جگہ دینے والا ف ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے علی رض سے کہ بیشک حضرت فاطمہ رض آئیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس شکایت کرنے کو

مِنَ الرَّحٰى وَبَلَغَهَا اَنَّهٗ جَاءَهٗ رَقِيْقٌ فَلَمْ تُصَادِفْهُ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِعَائِشَةَ فَلَمَّا جَاءَ اَخْبَرَتْهُ عَائِشَةُ قَالَ فَجَاءَنَا

چکی پیسنے سے اور خبر پہنچی تھی انکو حضرت کے پاس لونڈی غلام آئے ہیں سو نہ پایا حضرت کو سو ذکر کیا اسکا حضرت عائشہ سے پھر جب آئے حضرت خبر دی اسکی عائشہ نے کہا علی نے پھر آئے حضرت ہمارے پاس

وَقَدْ اَخَذْنَا مَضَاجِعَنَا فَذَهَبْنَا نَقُوْمُ فَقَالَ عَلٰى مَكَانِكُمَا فَجَاءَ فَقَعَدَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهَا حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَ قَدَمِهٖ عَلٰى بَطْنِيْ

اور ہم لیٹ رہے تھے اپنی جگہ میں سو اٹھنے لگے ہم تب فرمایا رہو اپنی جگہ پر سو آئے اور بیٹھے میرے اور فاطمہ کے درمیان یہاں تک کہ پائی میں نے سردی قدم مبارک کی اپنے پیٹ پر

فَقَالَ اَلَا اَدُلُّكُمَا عَلٰى خَيْرٍ مِمَّا سَاَلْتُمَا اِذَا اَخَذْتُمَا مَضْجَعَكُمَا فَسَبِّحَا ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَاحْمَدَا ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَكَبِّرَا اَرْبَعًا

پھر فرمایا کیا نہ بتاؤں تمکو بہتر چیز اس سے کہ مانگی تمنے وہ یہ ہے کہ جب لیٹ رہو اپنی خوابگاہ میں تو سبحان اللہ کہو تینتیس بار اور الحمد للہ کہو تینتیس بار اور اللہ اکبر کہو

وَّثَلٰثِيْنَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمَا مِنْ خَادِمٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ جَاءَتْ فَاطِمَةُ رض اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

چونتیس بار سو وہ بہتر ہے تمہارے لئے لونڈی غلام سے ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا آئیں فاطمہ رض نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

تَسْاَلُهٗ خَادِمًا فَقَالَ اَلَا اَدُلُّكِ عَلٰى مَا هُوَ خَيْرٌ مِنْ خَادِمٍ تُسَبِّحِيْنَ اللّٰهَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَتَحْمَدِيْنَ اللّٰهَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَ

مانگتی ہوئیں آپ سے لونڈی یا غلام سو فرمایا کیا نہ بتاؤں تجھکو ایسی چیز کہ وہ بہتر ہے خادم سے وہ یہ ہے کہ سبحان اللہ کہے تو تینتیس بار اور الحمد للہ تینتیس بار اور

ويكبر به اربعاً وثلثين ... دبر كل صلوة ... رواه مسلم **الفصل الثاني عن** ابي هريرة رض قال كان رسول

اور اللہ اکبر چونتیس بار بعد ہر نماز کے ... روایت کیا اسکو مسلم نے ... دوسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا رسول کا معمول تھا

الله صلى الله عليه وسلم اذا اصبح قال اللهم بك اصبحنا وبك امسينا وبك نحيي وبك نموت واليك المصير واذا

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ جب صبح کو اٹھتے فرماتے ای اللہ تیری قدرت سے صبح اور شام کئے ہم اور تیری قدرت سے جیتے ہیں اور مرتے ہیں اور تیری طرف آنا ہے اور جب

امسى قال اللهم بك امسينا وبك اصبحنا وبك نحيي وبك نموت واليك النشور رواه الترمذي وابوداؤد

شام کرتے فرماتے ای اللہ تیری قدرت سے شام اور صبح کئے ہم اور تیری قدرت سے جیتے اور مرتے ہیں اور تیری طرف مر کے آنا ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد

وابن ماجه **وعنه** قال قال ابوبكر رض قلت يا رسول الله مرني بشيء اقوله اذا اصبحت واذا امسيت قال قل اللهم

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے اسی سے کہا اسنے کہا ابوبکر رض نے کہا میں نے ای رسول اللہ کے فرمائیے مجھے ایسی کوئی دعا کہ پڑھوں میں جب صبح کو اٹھوں اور جب شام کروں فرمایا کہہ تو ای اللہ

عالم الغيب والشهادة فاطر السموات والارض رب كل شيء ومليكه اشهد ان لا اله الا انت اعوذبك من شر

جاننے والے چھپی اور کھلی چیز کے بنانے والے آسمان اور زمین کے پروردگار ہر چیز کے اور مالک اسکے گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوا تیرے پناہ چاہتا ہوں تیری بدی

نفسي ومن شر الشيطان وشركه قله اذا اصبحت واذا امسيت واذا اخذت مضجعك رواه الترمذي وابوداؤد

میری ذات کی اور بدی سے شیطان کی اور اسکی شرکت کی ۔ کہہ تو اس دعا کو جب صبح کرے اور جب شام کرے اور جب لیٹنا چاہے اپنی خوابگاہ میں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد

والدارمي **وعن** ابان بن عثمان رض قال سمعت ابي يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من عبد يقول في صباح كل

اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے ابان بن عثمان رض سے کہا اسنے سنا میں اپنے باپ عثمان سے کہتا تھا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی ایسا بندہ نہیں کہ کہے صبح کو

يوم ومساء كل ليلة بسم الله الذي لا يضر مع اسمه شيء في الارض ولا في السماء وهو السميع العليم ثلث مرات فيضره

دن کی اور شام کو ہر رات کی صبح یا شام کہ ہیں نام سے اللہ کے جو ضرر نہیں کرتی اسکے نام کے ساتھ کوئی چیز زمین اور آسمان میں اور وہ سننا جانتا ہے تین بار پھر ضرر کرے اسکا

شيء فكان ابان قد اصابه طرف فالج فجعل الرجل ينظر اليه فقال له ابان ما تنظر الي اما ان الحديث كما حدثتك

کوئی چیز پھر ابان کو ہوا تھا کچھ اثر فالج کا ۔ سو لگا وہ مرد دیکھنے ابان کی طرف تب کہا ابان نے اسکو کیا دیکھتا ہے میری طرف خبردار ہو بیشک تحقیق اس حدیث کی ویسی ہی ہے جیسا

ولكني لم اقله يومئذ ليمضي الله علي قدره رواه الترمذي وابن ماجه وابوداؤد وفي روايته لم تصبه فجاءة بلاء

لیکن میں نے نہ پڑھا تھا اسکو اسدن تا کہ جاری کرے اللہ مجھ پر اپنی تقدیر کو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور ابوداؤد نے اور ایک روایت میں ابوداؤد کی نہیں پہنچی اسکو آفت ناگہانی

حتى يصبح ومن قالها حين يصبح لم تصبه فجاءة بلاء حتى يمسي **وعن** عبدالله رض ان النبي صلى الله عليه وسلم

صبح تک ۔ اور جو کوئی کہے ان کلمات کو صبح کے وقت نہ آویگی اسپر آفت ناگہانی شام تک ۔ اور روایت ہے عبداللہ بن مسعود رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم

كان يقول اذا امسى امسينا وامسى الملك لله والحمد لله لا اله الا الله وحده لا شريك له له الملك وله

فرماتے تھے جب شام کرتے شام کی ہمنے اور شام کی سب ملک اللہ کا اور سب خوبی اللہ کو ہی کوئی معبود نہیں سوا اللہ کے اکیلا ہے کوئی اسکا شریک نہیں اسی کا ہے راج اور اسی کی

الحمد وهو على كل شيء قدير رب اسئلك خير ما في هذه الليلة وخير ما بعدها واعوذبك من شر ما في هذه الليلة

خوبی اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ای پروردگار سوال کرتا ہوں تجھ سے بھلائی کا اس چیز کی کہ اس رات میں ہے اور بھلائی کا اس چیز کی کہ بعد اسکے ہے اور پناہ چاہتا ہوں تیری بدی سے اس چیز کی کہ اس رات میں ہے

وشر ما بعدها رب اعوذبك من الكسل ومن سوء الكبر او الكفر وفي رواية من سوء الكبر والكبر رب اعوذبك

اور بدی اسکے بعد کی ای رب پناہ تیری چاہتا ہوں سستی اور بڈھاپے یا کفران نعمت کی برائی سے اور ایک روایت میں برائی سے بڈھاپے کی ای رب پناہ تیری چاہتا ہوں

من عذاب في النار وعذاب في القبر وإذا أصبح قال ذلك أيضاً أصبحنا وأصبح الملك لله رواه أبو داود وفي رواية الترمذي

اس عذاب سے کہ دوزخ میں ہے اور اس عذاب سے کہ قبر میں ہے اور جب صبح کو اٹھتے تو بھی یہی پڑھتے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

لم يذكر من سوء الكفر وعن بعض بنات النبي صلى الله عليه وسلم أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يعلمها فيقول قولي حين

اور ترمذی نے روایت میں نہیں ذکر کیا لفظ من سوء الکفر کا اور روایت ہے بعض صاحبزادیوں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تعلیم کرتے تھے ان کو

تصبح سبحان الله وبحمده لا حول ولا قوة إلا بالله ما شاء الله كان وما لم يشأ لم يكن أعلم أن الله على كل شيء قدير

صبح کو کہا کر سبحان اللہ وبحمدہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ جو کچھ کہ اللہ چاہے وہی ہوگا اور جو نہ چاہے اللہ نہیں ہوگا اعتقاد رکھتی ہوں میں کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے

وأن الله قد أحاط بكل شيء علماً فإنه من قالها حين يصبح حفظ حتى يمسي ومن قالها حين يمسي حفظ حتى

اور یہ کہ اللہ نے اپنے علم سے ہر چیز کو گھیر لیا ہے پس تحقیق کوئی کہ کہیگا ان کلمات کو صبح کے وقت محفوظ رہیگا شام تک اور جو کوئی کہ کہے انکو شام کے وقت محفوظ رہیگا

يصبح رواه أبو داود وعن ابن عباس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قال حين يصبح فسبحان الله

صبح تک روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کہے صبح کے وقت پس پاکی بیان کرو اللہ کی

حين تمسون وحين تصبحون وله الحمد في السموات والأرض وعشياً وحين تظهرون إلى قوله وكذلك

شام کو اور صبح کو اور اسی کی خوبی ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور عصر کو اور ظہر کے وقت اسکے قول تک

تخرجون أدرك ما فاته في يومه ذلك ومن قالهن حين يمسي أدرك ما فاته في ليلته رواه أبو داود وعن

نکالے جاؤ گے پاویگا اس ثواب کو جو جاتا رہے اسکے ہاتھ سے اس دن میں اور جو کوئی کہے ان کلمات کو شام کے وقت پاویگا اس ثواب کو جو جاتا رہا اس رات میں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے

أبي عياش رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من قال إذا أصبح لا إله إلا الله وحده لا شريك له له الملك

ابی عیاش رض سے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی کہے جب صبح کو اٹھے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک

وله الحمد وهو على كل شيء قدير كان له عدل رقبة من ولد إسماعيل وكتب له عشر حسنات وحط

ولہ الحمد وہو علی کل شیء قدیر تو ثواب ہوگا اسکو برابر بردہ آزاد کرنے اسماعیل کی اولاد سے اور لکھی جاوینگی اسکے لیے دس نیکیاں اور اتاری جاوینگی

عنه عشر سيئات ورفع له عشر درجات وكان في حرز من الشيطان حتى يمسي وإن قالها إذا أمسى كان

اس سے دس برائیاں اور بلند کیے جاوینگے اسکے دس درجے اور رہیگا وہ پناہ میں شیطان کے بہکانے سے یہاں تک کہ شام کرے اور اگر کہے ان کلمات کو جب شام کرے

له مثل ذلك حتى يصبح فرأى رجل رسول الله صلى الله عليه وسلم فيما يرى النائم فقال يا رسول الله إن أبا عياش

اسکو اتنا ہی ثواب ہے یہاں تک کہ صبح کو اٹھے پھر دیکھا ایک مرد نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حال میں کہ دیکھا کرتا ہے سونے والا پھر کہا اسنے اے رسول اللہ بیشک ابا عیاش

يحدث عنك بكذا وكذا قال صدق أبو عياش رواه أبو داود وابن ماجه وعن الحارث بن مسلم التميمي عن أبيه عن

حدیث بیان کرتا ہے آپ سے ایسی اور ایسی فرمایا سچ کہا ابو عیاش نے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے حارث بن مسلم تمیمی سے اسکے باپ مسلم سے

رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه أسر إليه فقال إذا انصرفت من صلوة المغرب فقل قبل أن تكلم أحداً اللهم أجرني

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت نے کلام کیا اس سے سرگوشی سے فرمایا جب سلام پھیرو تو مغرب کی نماز پڑھکر تب کہو پہلے اسکے کہ بات کرے کسی سے اے اللہ پناہ دے

من النار سبع مرات فإنك إذا قلت ذلك ثم مت في ليلتك كتب لك جوار منها وإذا صليت الصبح فقل كذلك

دوزخ سے سات بار پھر جب کہیگا اسکو پھر مر جاویگا اسی رات میں لکھا جاویگا تیرے لئے خلاص ہونا دوزخ سے اور جب پڑھے تو صبح کی نماز تب کہہ ویسا ہی

فانك اذا امسيت في يومك كتب لك جواز من النار رواه ابو داود وعن ابن عمر رض قال لم يكن رسول الله صلى الله
پھر بیشک تو جب مرے اسی دن میں لکھا جاوے گا تیرے لئے خلاصی ہونا دوزخ سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہی ابن عمر رض سے کہا نہ تھے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم يدع هؤلاء الكلمات حين يمسي وحين يصبح اللهم اني اسألك العافية في الدنيا والآخرة اللهم
علیہ وسلم چھوڑتے تھے ان کلمات کو جب شام کرتے اور جب صبح کو اٹھتے ای اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے سلامتی دنیا میں اور آخرت میں ای اللہ

اني اسألك العفو والعافية في ديني ودنياي واهلي ومالي اللهم استر عوراتي وآمن روعاتي اللهم احفظني من
میں مانگتا ہوں تجھ سے درگذر اور سلامتی بیچ دین اور دنیا میں اور میرے گھر والوں میں اور مال میں ای اللہ ڈھانپ میرے عیب اور امن دے مجھ کو ڈر سے ای اللہ نگہبان رکھ مجھ کو

بين يدي ومن خلفي وعن يميني وعن شمالي ومن فوقي واعوذ بعظمتك ان اغتال من تحتي يعني الخسف
آگے سے اور پیچھے سے اور داہنے سے اور بائیں سے اور اوپر سے اور پناہ مانگتا ہوں تیری بزرگی کی اس سے کہ ناگہاں ہلاک کیا جاؤں اپنے تلے سے یعنی

رواه ابو داود وعن انس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قال حين يصبح اللهم اصبحنا نشهدك ونشهد
روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کہے جب صبح کو اٹھے ای اللہ صبح کو اٹھے ہم گواہ کرتے ہیں تجھ کو اور

حملة عرشك وملائكتك وجميع خلقك انك انت الله لا اله الا انت وحدك لا شريك لك وان محمدا
تیرے عرش کے اٹھانے والوں کو اور فرشتوں کو اور تمام خلقت کو اسپر کہ تو ہی خدا ہے کوئی معبود نہیں سوا تیرے اکیلا کہ نہیں کوئی تیرا شریک اور اسپر کہ محمد

عبدك ورسولك الا غفر الله له ما اصابه في يومه ذلك من ذنب وان قالها حين يمسي غفر الله له ما اصاب
غلام تیرا اور رسول ہے مگر بخش دیگا اسکے جو گناہ کہ ہوئے اسکو اس دن میں اور اگر کہے ان کلمات کو جب شام کرے بخشے اللہ اسکے جو گناہ ہو

في تلك الليلة من ذنب رواه الترمذي وابو داود وقال الترمذي هذا حديث غريب وعن ثوبان رض قال قال رسول
اس رات میں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ثوبان رض سے کہا فرمایا

الله صلى الله عليه وسلم ما من عبد مسلم يقول اذا امسى واذا اصبح ثلاثا رضيت بالله ربا وبالاسلام دينا وبمحمد
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی بندہ مسلمان کہ کہتے جب شام کرے اور جب صبح کو اٹھے تین بار راضی ہوا میں اللہ کے رب ہونے سے اور اسلام کے دین ہونے سے اور محمد کے

نبيا الا كان حقا على الله ان يرضيه يوم القيامة رواه احمد والترمذي وعن حذيفة رض ان النبي صلى الله عليه
نبی ہونے کی جہت سے مگر ہوگا حق اللہ پر یہ کہ راضی کرے اسکو قیامت کے دن روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے حذیفہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ

وسلم كان اذا اراد ان ينام وضع يده تحت رأسه ثم قال اللهم قني عذابك يوم تجمع او تبعث عبادك رواه الترمذي
وسلم جب ارادہ کرتے تھے سونے کا رکھتے دست مبارک کو سر کے نیچے پھر فرماتے ای اللہ بچا مجھے اپنے عذاب سے اس دن کہ جمع کریگا تو یا اٹھاویگا تو اپنے بندوں کو روایت کیا اسکو ترمذی

واحمد عن البراء وعن حفصة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا اراد ان يرقد وضع يده اليمنى
اور احمد نے براء سے اور روایت ہے حفصہ رض سے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ارادہ کرتے تھے آرام فرمانے کا رکھتے داہنے دست مبارک کو

تحت خده ثم يقول اللهم قني عذابك يوم تبعث عبادك ثلث مرات رواه ابو داود وعن علي رض ان رسول الله
نیچے رخسارہ مبارک کے پھر فرماتے ای اللہ بچا مجھے اپنے عذاب سے اس دن کہ اٹھاویگا تو اپنے بندوں کو تین بار روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے علی رض سے کہ

صلى الله عليه وسلم كان يقول عند مضجعه اللهم اني اعوذ بك بوجهك الكريم وكلماتك التامات من شر ما انت
صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے لیٹتے وقت ای اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری بزرگ ذات کے ساتھ اور تیرے کامل باتوں کے ساتھ برائی اس چیز کی کہ تو

أخذ بناصيته اللهم أنت تكشف المغرم والمأثم اللهم لا يهزم جندك ولا يخلف وعدك ولا ينفع ذا الجد منك
پکڑ رہا ہے اسکی چوٹی کو اے اللہ تو ہی دور کرتا ہے تاوان اور گناہ کو اے اللہ مغلوب نہیں ہوتا تیرا لشکر اور خلاف نہیں ہوتا تیرا وعدہ اور نفع نہیں دیتا کسی

الجد سبحانك وبحمدك رواه أبو داود وعن أبي سعيد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قال حين
بے پرواہ ہونا پاکی بولتا ہوں میں تیری ساتھ تیری خوبی کے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کہے جس وقت

يأوي إلى فراشه أستغفر الله الذي لا إله إلا هو الحي القيوم وأتوب إليه ثلث مرات غفر الله له ذنوبه وإن كانت
کہ لیٹا چاہے اپنے بچھانے پر معافی مانگتا ہوں اللہ سے کہ کوئی معبود نہیں سوا اسکے جو ہمیشہ زندہ سب کا تھامنے والا اور رجوع کرتا ہوں اسکی طرف تین بار بخشیگا اللہ اسکے گناہ اگرچہ ہوں

مثل زبد البحر أو عدد رمل عالج أو عدد ورق الشجر أو عدد أيام الدنيا رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن
برابر کف دریا کے یا برابر عالج کے ریتے کی گنتی کے یا برابر درختوں کے پتوں کی گنتی کے یا برابر دنیا کے تمام دنوں کی گنتی کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے

شداد بن أوس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من مسلم يأخذ مضجعه بقراءة سورة من كتاب الله إلا
شداد بن اوس رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ لیٹے گا کوئی مسلمان اپنے بچھانے پر پڑھ کر کسی سورہ کو اللہ کی کتاب کی سورتوں سے مگر

وكل الله به ملكا فلا يقربه شيء يؤذيه حتى يهب متى هب رواه الترمذي وعن عبد الله بن عمرو بن العاص رض
مقرر کر دیگا اللہ اسپر ایک فرشتے کو سو اسکے نزدیک نہ ہوگی کوئی موذی چیز جب تک کہ جاگے نیند سے جب جاگے وہ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو بن العاص رض

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خلتان لا يحصيهما رجل مسلم إلا دخل الجنة ألا وهما يسير ومن يعمل بهما قليل
کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو خصلتیں ہیں کہ نہ گن کر پڑھیگا انکو کوئی مرد مسلمان مگر داخل ہوگا جنت میں خبردار ہو اور وہ دونوں آسان ہیں اور جو لوگ عمل

يسبح الله في دبر كل صلوة عشرا ويحمده عشرا ويكبره عشرا قال فأنا رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يعقدها بيده
سبحان اللہ کہے بعد ہر نماز کے دس بار اور الحمد للہ دس بار اور اللہ اکبر دس بار کہا پھر میں نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ گنتی کرتے تھے ان کلموں کی

قال فتلك خمسون ومائة باللسان وألف وخمسمائة في الميزان وإذا أخذ مضجعه يسبحه ويكبره ويحمده مائة
فرمایا سو گنتی ان کلموں کی پچاس اور ایک سو ہے زبان سے گننے میں اور ایک ہزار اور پانچ سو ہیں ترازو میں اور جب آوے اپنی خوابگاہ میں کہے سبحان اللہ اور اللہ اکبر اور الحمد للہ سو بار

فتلك مائة باللسان وألف في الميزان فأيكم يعمل في اليوم والليلة ألفين وخمسمائة سيئة قالوا وكيف لا يحصيها
سو یہ سو زبان سے گننے میں ہیں اور ہزار ہیں ترازو میں پھر کون تم میں سے کرتا ہے دن اور رات میں دو ہزار اور پانچ سو گناہ کہا صحابہ نے اور کیوں کر نہ پڑھیگا ہم کلموں کو

قال يأتي أحدكم الشيطان وهو في صلوته فيقول اذكر كذا اذكر كذا حتى ينفتل فلعله أن لا يفعل ويأتيه في مضجعه
ق فرمایا آتا ہے تم میں سے کسی کے پاس شیطان جس حال میں کہ وہ اپنی نماز میں رہتا ہے سو کہتا ہے یاد کر ایسا یاد کر ایسا یہاں تک کہ سلام پھیرے نماز سے اور آتا ہے

فلا يزال ينومه حتى ينام رواه الترمذي وأبو داود والنسائي وفي رواية أبي داود قال خصلتان أو خلتان لا يحافظ
سو ہمیشہ سلاتا رہتا ہے اسکو یہاں تک کہ سو رہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی نے اور روایت میں ابی داؤد کی فرمایا دو خصلت یا دو خلت ہیں کہ محافظت کریگا

عليهما عبد مسلم وكذا في روايته بعد قوله وألف وخمسمائة في الميزان قال ويكبر أربعا وثلثين إذا أخذ مضجعه
ان پر کوئی بندہ مسلمان اور اسی طور روایت میں ابی داؤد کی بعد حضرت کے قول کے اور ہزار اور پانچ سو ترازو میں ہیں فرمایا اور اللہ اکبر کہے چونتیس بار جب لیٹا چاہے اپنی خوابگاہ

ويحمد ثلثا وثلثين ويسبح ثلثا وثلثين وفي أكثر نسخ المصابيح عن عبد الله بن عمر وعن عبد الله بن غنام رض قال
اور الحمد للہ تینتیس بار اور سبحان اللہ تینتیس بار اور اکثر نسخوں میں مصابیح کے عبد اللہ بن عمر سے ہے اور روایت ہے عبد اللہ بن غنام رض سے کہا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قال حین یصبح اللّٰھم ما اصبح بی من نعمۃ او باحد من خلقک فمنک وحدک
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کہیگا جب صبح کو اُٹھے اے اللہ جو نعمت کہ صبح کو ملی مجھکو یا اور کسی کو تیرے مخلوقات سے سو تیری طرف ہی سے ہے

لا شریک لک فلک الحمد ولک الشکر فقد ادی شکر یومہ ومن قال مثل ذلک حین یمسی فقد ادی شکر لیلتہ
کوئی شریک نہیں تیرا پھر تیری ہی خوبی ہے اور تیرا ہی شکر ہے سو تحقیق ادا کیا اسنے شکر اس دن کا اور جو کوئی کہیگا مانند اسکے جب شام کرے سو تحقیق ادا کیا اسنے شکر اس رات کا

رواہ ابو داؤد وعن ابی ہریرۃ رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ کان یقول اذا اوی الی فراشہ اللّٰھم رب السموات
روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ بیشک حضرت فرماتے تھے جب لیٹا چاہتے اپنے بچھونے پر اے اللہ پروردگار آسمانوں کے

ورب الارض ورب کل شیء فالق الحب والنوی منزل التوراۃ والانجیل والقرآن اعوذ بک من شر کل ذی شر انت
اور زمین اور ہر چیز کے چیرنے والے دانے کے اور خرمے کی گٹھلی کے اتارنے والے توریت اور انجیل اور قرآن کے پناہ چاہتا ہوں تیری بدی سے ہر بدی والے کی کہ تو

اٰخذ بناصیتہ انت الاول فلیس قبلک شیء وانت الاٰخر فلیس بعدک شیء وانت الظاھر فلیس فوقک شیء وانت الباطن
پکڑ رہا ہے اسکی چوٹی کو تو ہی سب سے اول ہے پھر نہیں تیرے پہلے کوئی چیز اور تو ہی سب سے آخر ہے نہیں تیرے بعد کوئی اور تو ہی سب سے ظاہر ہے پھر نہیں تیرے اوپر کوئی اور تو ہی چھپا ہے

فلیس دونک شیء اقض عنی الدین واغننی من الفقر رواہ ابو داؤد والترمذی وابن ماجہ ورواہ مسلم مع اختلاف یسیر
پھر نہیں سوا تیرے کوئی چیز چھپی ہوئی ادا کر میرا قرض اور غنی کر مجھے محتاجی سے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو مسلم نے تھوڑے اختلاف کے ساتھ

وعن ابی الازھر الانماری رض ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا اخذ مضجعہ من اللیل قال بسم اللہ وضعت
اور روایت ہے ابی الازہر انماری رض سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب لیٹتے تھے اپنی خوابگاہ میں رات کو فرماتے نام سے اللہ کے میں نے رکھا

جنبی للّٰہ اللّٰھم اغفر لی ذنبی واخسأ شیطانی وفک رھانی واجعلنی فی الندی الاعلی رواہ ابو داؤد وعن
اپنا پہلو اللہ کے واسطے اے اللہ بخش دے مجھے گناہ میرا اور دھتکار دے میرے شیطان کو اور چھوڑا دے میری گردن کو اور داخل کر مجھے اوپر کی مجلس میں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

ابن عمر رض ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا اخذ مضجعہ قال الحمد للہ الذی کفانی واٰوانی واطعمنی وسقانی
ابن عمر رض سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب لیٹتے تھے اپنی خوابگاہ میں فرماتے سب خوبی اللہ کی جسنے بچا دیا مجھے اور جگہ دی مجھے اور کھلایا اور پلایا مجھے

والذی من علی فافضل والذی اعطانی فاجزل الحمد للہ علی کل حال اللّٰھم رب کل شیء وملیکہ واِلٰہ کل شیء
اور جسنے احسان کیا مجھ پر پھر زیادہ کیا اور جسنے دیا مجھے پھر بہت دیا سب خوبی اللہ کو ہی ہر حال پر اے اللہ پالنے والے ہر چیز کے اور مالک اسکے اور معبود ہر چیز کے

اعوذ بک من النار رواہ ابو داؤد وعن بریدۃ رض قال شکی خالد بن الولید الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال
پناہ چاہتا ہوں تیری دوزخ سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے بریدہ رض سے کہا اسنے شکایت کی خالد بن ولید نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

یا رسول اللہ ما انام اللیل من الارق فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا اویت الی فراشک فقل اللّٰھم رب السموات
اے رسول اللہ کے نیند نہیں آتی مجھے رات کو ارق کی بیماری سے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب لیٹا چاہے تو اپنے بچھونے پر تو کہہ اے اللہ پروردگار تو آسمانوں

السبع وما اظلت ورب الارضین وما اقلت ورب الشیاطین وما اضلت کن لی جارا من شر خلقک
اور اس چیز کے کہ سایہ کیا انھوں نے اور پروردگار زمینوں کے اور جو کچھ اٹھالیا انھوں نے اور اے رب شیطانوں کے اور جسکو گمراہ کیا انھوں نے ہو میرا پناہ دینے والا سب اپنے

کلھم جمیعا ان یفرط علی احد منھم او ان یبغی عز جارک وجل ثناؤک ولا الٰہ غیرک لا الٰہ الا انت رواہ
مخلوقات کی اس سے کہ زیادتی کرے مجھ پر کوئی ان میں سے اور اس سے کہ ظلم کرے غالب ہے تیری پناہ چاہنے والا اور بڑی ہے تیری تعریف کوئی معبود نہیں سوا تیرے کوئی لائق بندگی کے نہیں سوا تیرے

الترمذي وقال هذا حديث ليس اسناده بالقوي والحكم بن ظهير الراوي قد تركه حديثه بعض اهل الحديث

ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہہ وہ حدیث ہے کہ نہیں سند اسکی قوی اور حکم بن ظہیر راوی اس حدیث کا تحقیق چھوڑ دیا ہے حدیث کو بعضے محدثین نے

الفصل الثالث عن ابی مالک رض ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال اذا اصبح احدکم فلیقل اصبحنا واصبح الملک

تیسری فصل یہ روایت ہے ابی مالک رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب صبح کو اٹھے کوئی تم میں سے تو کہے صبح کو اٹھے ہم اور ملک

لله رب العالمین اللهم انی اسألک خیر هذا الیوم فتحه ونصره ونوره وبرکته وهداه واعوذ بک من شر ما فیه

اللہ کا جو پروردگار ہے سارے جہان کا اے اللہ بیشک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس دن کی بھلائی کا اسکی فتح اور نصر اور نور اور برکت اور ہدایت کا اور پناہ مانگتا ہوں

وشر ما بعده ثم اذا امسى فلیقل مثل ذلک رواه ابو داؤد وعن عبد الرحمن بن ابی بکرة رض قال قلت لابی

اور بدی سے جو اسکے بعد کی ہے پھر جب رات کرے تو کہے مانند اسکے ف روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے عبد الرحمن بن ابی بکرہ رض سے کہا کہا میں نے اپنے باپ سے

یا ابت اسمعک تقول کل غداة اللهم عافنی فی بدنی اللهم عافنی فی سمعی اللهم عافنی فی بصری لا اله الا انت

اے باپ میرے سنتا ہوں تجھ کو کہتے ہر صبح کو اے اللہ عافیت دے مجھ کو بیچ بدن میرے کے اے اللہ عافیت دے مجھ کو میرے کانوں میں اے اللہ عافیت دے میری بصارت میں نہیں کوئی معبود سوا تیرے

تکررها ثلثا حین تصبح وثلثا حین تمسی فقال یا بنی سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یدعو بهن فانا

مکرر کہتا ہے تو اس جملے کو تین بار جب صبح کو اٹھتا ہے اور تین بار جب شام کرتا ہے سو کہا اے بیٹے میرے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دعا کرتے تھے ان سے ہم

احب ان استن بسنته رواه ابو داؤد وعن عبد الله بن ابی اوفی رض قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم

دوست رکھتا ہوں چلنے کو طریقے پر حضرت کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن ابی اوفی رض سے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اذا اصبح قال اصبحنا واصبح الملک لله والحمد لله والکبریاء والعظمة لله والخلق والامر واللیل والنهار وما سکن

جب صبح کو اٹھتے فرماتے صبح کو اٹھے ہم اور تمام ملک اللہ کا ہے اور سب تعریف اللہ کو ہے اور بڑائی اور عظمت اللہ کو ہے اور پیدا کرنا اور حکم اور رات اور دن اور جو چیز ٹھہری ہے

فیهما لله اللهم اجعل اول هذا النهار صلاحا واوسطه نجاحا وآخره فلاحا یا ارحم الراحمین ذکره النووی فی کتاب

ان دونوں میں سب اللہ کے ہیں اے اللہ کر اول کو اس دن کے صلاح دین و دنیا کی اور درمیان کو اسکے کامیابی اور آخر کو اسکے خلاصی اے سب سے بڑے رحم کرنے والے ذکر کیا اسکو نووی نے کتاب

الاذکار بروایة ابن السنی وعن عبد الرحمن بن ابزی رض قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول اذا اصبحنا

الاذکار میں روایت سے ابن سنی کی ۔ اور عبد الرحمن بن ابزی رض سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے جب صبح کو اٹھتے صبح کی ہم نے

علی فطرة الاسلام وکلمة الاخلاص وعلی دین نبینا محمد صلی الله علیه وسلم وعلی ملة ابینا ابراهیم حنیفا وما

دین اسلام پر اور کلمہ اخلاص پر اور دین پر ہمارے نبی کے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ف اور ملت پر ہمارے باپ ابراہیم کی جو مائل حق کی طرف

کان من المشرکین رواه احمد والدارمی باب الدعوات فی الاوقات الفصل الاول عن ابن عباس رض قال

تھا مشرکوں سے روایت کیا اسکو احمد اور دارمی نے ۔ یہہ باب ہے کہ جس میں وقتوں کی مخصوص دعاؤں کا ذکر ہے پہلی فصل یہ روایت ہے ابن عباس رض سے کہا

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لو ان احدکم اذا اراد ان یاتی اهله قال بسم الله اللهم جنبنا الشیطان وجنب

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر کوئی ان میں سے جب ارادہ کرے صحبت کا اپنی بی بی کے ساتھ کہے ساتھ نام اللہ کے اے اللہ دور رکھ ہم سے شیطان کو اور دور رکھ

الشیطان ما رزقتنا فانه ان یقدر بینهما ولد فی ذلک لم یضره شیطان ابدا متفق علیه وعن ابن عمر ان رسول الله

شیطان کو اس چیز سے کہ دیوے تو ہم کو پس بیشک اگر مقدر ہیں دونوں کے ہو کوئی بچہ اس جماع میں ضرر نہ پہنچاوے گا اس کو شیطان کبھی ۔ ق اور اسی سے روایت ہے ابن عمر سے کہ بیشک رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول عند الکرب لا الہ الا اللہ العظیم الحلیم لا الہ الا اللہ رب العرش العظیم لا الہ الا

صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کرب کے وقت نہیں کوئی معبود سوا اللہ عظمت والا بردبار نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے پروردگار عرش بزرگ کا نہیں کوئی معبود سوائے

اللہ رب السموات ورب الارض رب العرش الکریم متفق علیہ وعن سلیمان بن صرد رض قال استب رجلان

اللہ کے پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا پروردگار عزت والے عرش کا ۔ ق ۔ اور روایت ہے سلیمان بن صرد رض سے کہا انہوں نے گالی گلوچ کی دو شخصوں نے

عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم ونحن عندہ جلوس واحدھما یسب صاحبہ مغضبا قد احمر وجھہ فقال النبی صلی

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ہم حضرت کے پاس بیٹھے تھے اور ایک انمیں سے گالی دیتا تھا اپنے ساتھی کو غصہ میں بھر کر تحقیق لال ہو گیا تھا منہ اسکا تو فرمایا نبی صلی

اللہ علیہ وسلم انی لاعلم کلمۃ لو قالھا لذھب عنہ ما یجد اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم فقالوا للرجل لا

اللہ علیہ وسلم نے جبکہ میں البتہ جانتا ہوں ایک کلمہ اگر کہے اسکو تو جاتا رہے اس سے جو پاتا ہے وہ یہ ہے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم تب کہا صحابہ نے اس کو کیا نہیں

تسمع ما یقول النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انی لست بمجنون متفق علیہ وعن ابی ھریرۃ رض قال قال رسول اللہ

سنتا کیا فرماتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہا اسنے میں تو دیوانہ نہیں ہوں ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم اذا سمعتم صیاح الدیکۃ فاسئلوا اللہ من فضلہ فانھا رات ملکا واذا سمعتم نھیق الحمار

صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سنو تم آواز مرغ کی تو مانگو اللہ سے فضل اسکا اس لئے کہ اسنے دیکھا فرشتہ اور جب سنو تم آواز گدھے کی

فتعوذوا باللہ من الشیطان فانہ رای شیطانا متفق علیہ وعن ابن عمر رض ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

تو پناہ مانگو اللہ کی شیطان سے کہ اسنے دیکھا شیطان کو ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کان اذا استوی علی بعیرہ خارجا الی سفر کبر ثلثا ثم قال سبحان الذی سخر لنا ھذا وما کنا لہ مقرنین وانا الی ربنا

جب سوار ہوتے اپنے اونٹ پر نکلنے کو سفر کی طرف اللہ اکبر کہتے تین بار پھر فرماتے پاکی ہے اس کی جس نے کہ بس میں کر دیا ہمارے اسکو اور نہ تھے ہم اسکی طاقت رکھنے والے اور ہم اپنے رب کی طرف

لمنقلبون اللھم انا نسئلک فی سفرنا ھذا البر والتقوی ومن العمل ما ترضی اللھم ھون علینا سفرنا ھذا واطولنا

البتہ پھر جانے والے ہیں اے اللہ ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے اس سفر میں نیکی اور پرہیزگاری کا اور عمل کا جس کو تو پسند کرے اے اللہ آسان کر ہم پر سفر ہمارا اور کم کر

بعدہ اللھم انت الصاحب فی السفر والخلیفۃ فی الاھل اللھم انی اعوذ بک من وعثاء السفر وکابۃ المنظر وسوء

دوری اسکی اے اللہ تو ہی ساتھی ہے سفر میں اور پیچھے ہمارے گھر والوں میں اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری تکلیف سے سفر کی اور شکستگی سے دیکھنے کی جگہ

المنقلب فی المال والاھل واذا رجع قالھن وزاد فیھن آئبون تائبون عابدون لربنا حامدون رواہ مسلم وعن

پھر آنے کی مال میں اور گھر کے لوگوں میں اور جب پھرتے فرماتے ان کلموں کو اور زیادہ کرتے انمیں ہم رجوع کرنے والے توبہ کرنے والے بندگی کرنے والے اپنے رب کی حمد کرنے والے

عبد اللہ بن سرجس رض قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا سافر یتعوذ من وعثاء السفر وکابۃ المنقلب

عبد اللہ بن سرجس رض سے ہے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کرتے پناہ مانگتے سفر کی تکلیف اور بری حال پھرنے

والحور بعد الکور ودعوۃ المظلوم وسوء المنظر فی الاھل والمال رواہ مسلم وعن خولۃ بنت حکیم رض قالت

اور نقصان سے بعد زیادتی کے اور مظلوم کی دعا اور بری حالت سے بدنظری گھر والوں میں اور مال میں ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے خولہ بنت حکیم رض سے کہا انہوں نے

سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من نزل منزلا فقال اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق

میں نے سنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جو کوئی اترے کسی منزل میں پھر کہے پناہ چاہتا ہوں اللہ کے کلمات کاملہ کی

حتى يرتحل من منزله ذلك رواه مسلم وعن ابي هريرة رض قال جاء رجل الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول

یہانتک کہ کوچ کرے اس منزل سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا آیا ایک مرد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عرض کیا اے رسول اللہ

ما لقيت من عقرب لدغتني البارحة قال اما لو قلت حين امسيت اعوذ بكلمات الله التامات من شر ما خلق

عجب سخت ایذا پائی میں نے بچھو سے کہ کاٹا مجھے گئی رات کو فرمایا خبردار اگر کہا تو جس وقت شام کیا تھا اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق

لم تضرك رواه مسلم وعنه ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا كان في سفر واسحر يقول سمع سامع بحمد الله

نقصان نہ کرتا تجھ کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور اسی سے روایت ہے کہ مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا جب سفر میں ہوتے اور صبح کرتے فرماتے جانے سننے والے ہماری تعریف کو اللہ کی

وحسن بلائه علينا ربنا صاحبنا وافضل علينا عائذا بالله من النار رواه مسلم وعن ابن عمر رض قال

اور ہمارے اعتراف کو اسکے انعام کی خوبی پر جو ہم پر کیا اے رب ہمارے مدد کر حفاظت کر ہماری اور فضل کر ہم پر پناہ چاہتا ہوں اللہ کی دوزخ سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا

كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا قفل من غزو او حج او عمرة يكبر على كل شرف من الارض ثلث تكبيرات ثم يقول

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب پھرتے سفر جہاد یا حج یا عمرے سے اللہ اکبر کہتے ہر اونچی جگہ پر زمین سے تین بار پھر فرماتے

لا اله الا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد وهو على كل شيء قدير آئبون تائبون عابدون ساجدون

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے جو اکیلا ہے کوئی اسکا شریک نہیں اسی کا راج اور اسی کی خوبی ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ہم رجوع کرنے والے توبہ کرنے والے بندگی کرنے والے سجدہ کرنے والے

لربنا حامدون صدق الله وعده ونصر عبده وهزم الاحزاب وحده متفق عليه وعن عبد الله بن ابي اوفى

اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں سچا کیا اللہ نے وعدہ اپنا اور مدد کی اپنے بندوں کی اور بھگا دیا کفار کو اکیلا متفق علیہ اور روایت ہے عبد اللہ بن ابی اوفی

رض قال دعا رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم الاحزاب على المشركين فقال اللهم منزل الكتاب سريع الحساب اللهم

رض سے کہا انہوں نے بددعا کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ خندق کے دن مشرکوں پر سو فرمایا الٰہی اتارنے والے کتاب کے جلد حساب لینے والے اے اللہ

اهزم الاحزاب اللهم اهزمهم وزلزلهم متفق عليه وعن عبد الله بن بسر رض قال نزل رسول الله صلى الله عليه

شکست دے کافروں کی ان جماعتوں کو الٰہی شکست دے انکو اور ہلا دے انکو متفق علیہ اور روایت ہے عبد اللہ بن بسر رض سے کہا انہوں نے آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم على ابي فقربنا اليه طعاما ووطبة فاكل منها ثم اتي بتمر فكان ياكله ويلقي النوى بين اصبعيه ويجمع السبابة

وسلم میرے باپ کے گھر میں سو نزدیک کیا ہم نے حضرت کی طرف کھانا اور وطبہ سو کھایا اس میں سے پھر لایا گیا چھوارا سو کھاتے تھے اسکو اور پھینکتے تھے گٹھلی دو انگلیوں کے بیچ میں اور جمع کرتے تھے

والوسطى وفي رواية فجعل يلقي النوى على ظهر اصبعيه السبابة والوسطى ثم اتي بشراب فشربه فقال ابي واخذ

اور وسطی کو اور ایک روایت میں ہے پھر ڈالنے لگے گٹھلی پیٹھ پر دو انگلیوں کی سبابہ اور وسطی پر پھر لایا گیا پینے کا پانی سو پیا اسکو [illegible] اور کہا میرے باپ نے اور پکڑ کر

بلجام دابته ادع الله لنا فقال اللهم بارك لهم فيما رزقتهم واغفر لهم وارحمهم رواه مسلم

لگام آپ کی سواری کے جانور کی دعا کیجئے اللہ سے ہمارے لئے تب فرمایا الٰہی برکت دے انکو اس چیز میں کہ دی تو نے انکو اور بخش انکو اور رحم کر ان پر روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن طلحة بن عبيد الله رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا رأى الهلال قال اللهم اهله علينا بالامن والايمان والسلامة

طلحہ بن عبید اللہ رض سے ہے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب دیکھتے تھے نئے چاند کو فرماتے اے اللہ نکال ہم پر اسکو امن اور ایمان اور سلامتی

والاسلام ربي وربك الله رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن عمر بن الخطاب وابي هريرة رض قالا

اور اسلام کے ساتھ میرا اور تیرا رب اللہ ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت ہے عمر بن خطاب اور ابی ہریرہ رض سے کہا دونوں نے فرمایا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من رجل رأی مبتلی فقال الحمد للہ الذی عافانی مما ابتلاک بہ وفضلنی علی کثیر ممن خلق
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی مرد کہ دیکھے کسی بلا میں پھنسے ہوئے کو پھر کہے سب خوبی اس اللہ کو کہ بچایا مجھے اس بلا سے کہ ڈالا تجھ کو اور فضیلت دی مجھے بہتیری خلقت پر
تفضیلا الا لم یصبہ ذلک البلاء کائنا ما کان رواہ الترمذی ورواہ ابن ماجہ عن ابن عمر وقال الترمذی ھذا حدیث غریب
بزرگی دینی کر مگر نہ پہنچیگی اسکو وہ بلا کیسی ہی بلا ہو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ابن عمر سے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے
وعمرو بن دینار الراوی لیس بالقوی وعن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من دخل السوق فقال لا الہ
اور عمرو بن دینار جو راوی ہے قوی نہیں اور روایت ہے عمر رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی کہ جاوے بازار میں پھر کہے کوئی معبود نہیں
الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت وھو حی لا یموت بیدہ الخیر وھو علی کل شیء قدیر کتب اللہ
سوائے اللہ کے جو اکیلا ہے اسی کا راج ہے اور اسی کی خوبی جلاتا اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے کہ مرتا نہیں اسکے اختیار میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے لکھتا ہے اللہ
لہ الف الف حسنۃ ومحی عنہ الف الف سیئۃ ورفع لہ الف الف درجۃ وبنی لہ بیتا فی الجنۃ رواہ الترمذی وابن ماجہ
اسکے لیے دس لاکھ نیکیاں اور دور کریگا اس سے دس لاکھ برائیاں اور بلند کریگا اسکا مرتبہ دس لاکھ درجوں پر اور بناویگا اسکے لیے ایک گھر بہشت میں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے
وقال الترمذی ھذا حدیث غریب وفی شرح السنۃ من قال فی سوق جامع یباع فیہ بدل من دخل السوق وعن معاذ بن جبل
اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور شرح السنۃ میں یوں لکھا ہے جو کوئی کہے کسی بازار میں جہاں بیچی جاتی ہوں چیزیں بجائے اسکے کہ جو کوئی جاوے بازار میں اور روایت ہے معاذ بن جبل
رض قال سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم رجلا یدعو یقول اللھم انی اسألک تمام النعمۃ فقال ای شیء تمام النعمۃ قال دعوۃ ارجو
رض سے کہا سنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد کو دعا کرتا کہتا تھا ای اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے نعمت کی تمامیت کا فرمایا کونسی چیز ہے تمامیت نعمت کی کہا دعا ہے کہ امید رکھتا ہوں
بہا خیرا فقال ان من تمام النعمۃ دخول الجنۃ والفوز من النار وسمع رجلا یقول یا ذا الجلال والاکرام فقال قد استجیب لک
اسکے سبب بھلائی کی فرمایا تمامیت نعمت سے ہے جنت میں جانا اور چھٹکارا پانا دوزخ سے اور حضرت نے سنا ایک مرد کو کہتا ای بزرگی اور کرم والے فرمایا تحقیق قبول ہو چکی
فسل وسمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم رجلا وھو یقول اللھم انی اسألک الصبر فقال سألت اللہ البلاء فاسألہ العافیۃ رواہ الترمذی
پس سوال کر اور سنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد کو کہتا تھا ای اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے صبر کا فرمایا سوال کیا تو نے اللہ سے بلا کا پس
وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من جلس مجلسا فکثر فیہ لغطہ فقال قبل ان یقوم سبحانک اللھم
اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی بیٹھا کسی مجلس میں پھر بہت ہوا اس میں لغو اسکا پھر کہا پہلے اٹھنے کے پاکی ہے تیری ای اللہ
وبحمدک اشھد ان لا الہ الا انت استغفرک واتوب الیک الا غفر لہ ما کان فی مجلسہ ذلک رواہ الترمذی و
اور ساتھ تیری تعریف کے گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود نہیں سوا تیرے مغفرت مانگتا ہوں تجھ سے اور رجوع کرتا ہوں تیری طرف مگر بخشا جاویگا جو کچھ تقصیر ہوئی اس مجلس میں روایت کیا اسکو
البیہقی فی الدعوات الکبیر وعن علی رض انہ اتی بدابۃ لیرکبھا فلما وضع رجلہ فی الرکاب قال بسم اللہ فلما استوی
بیہقی نے دعوات کبیر میں اور روایت ہے علی رض سے کہ لایا گیا ان کے پاس جانور سواری کا سوار ہونے کو پھر جب پاؤں رکھا رکاب میں کہا بسم اللہ پھر جب سیدھے ہو بیٹھے
علی ظھرھا قال الحمد للہ ثم قال سبحان الذی سخر لنا ھذا وما کنا لہ مقرنین وانا الی ربنا لمنقلبون ثم قال الحمد للہ ثلاثا
اسکی پیٹھ پر کہا سب خوبی اللہ کو پھر کہا سبحان الذی الخ اس آیت کو کہ اوپر ترجمہ لکھا گیا پھر کہا الحمد للہ تین بار
واللہ اکبر ثلاثا سبحانک انی ظلمت نفسی فاغفر لی فانہ لا یغفر الذنوب الا انت ثم ضحک فقیل من ای شیء ضحکت
اور اللہ اکبر تین بار پاکی ہے تیری بیشک میں نے ظلم کیا اپنی جان پر پس بخش دے مجھ کو مقرر کوئی گناہ نہیں بخشتا سوا تیرے پھر ہنسے پس کہا کسی نے کس چیز سے ہنسے

يا أمير المؤمنين قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم صنع كما صنعت ثم ضحك فقلت من أي شيء ضحكت يا رسول الله قال

اے سردار ایمان والوں کے کہا دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے جیسا میں نے کیا پھر ہنسے حضرت سو کہا میں نے کس چیز سے ہنسے آپ اے رسول اللہ کے فرمایا

إن ربك ليعجب من عبده إذا قال رب اغفر لي ذنوبي يقول يعلم أنه لا يغفر الذنوب غيري رواه أحمد والترمذي وأبو داود

بیشک رب تیرا البتہ راضی ہوتا ہے اپنے غلام سے جب کہتا ہے اے میرے پروردگار بخش دے میرے گناہ فرمایا کہ جانتا ہے میرا بندہ کہ کوئی گناہ نہیں بخشتا سوا میرے روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی اور ابو داود نے

وعن ابن عمر رض قال كان النبي صلى الله عليه وسلم إذا ودع رجلا أخذ بيده فلا يدعها حتى يكون الرجل هو يدع يد النبي صلى الله عليه وسلم ويقول أستودع الله دينك وأمانتك وآخر عملك وفي رواية وخواتيم عملك رواه الترمذي وأبو داود وابن ماجه وفي روايتهما لم يذكر وآخر عملك

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب رخصت کرتے تھے کسی مرد کو پکڑ لیتے ہاتھ اسکا پھر نہ چھوڑتے تھے اسکو یہاں تک کہ ہوتا وہ مرد کہ وہ آپ کا چھوڑ دیتا ہاتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اور فرماتے تھے امانت رکھتا ہوں اللہ کے پاس تیرے دین اور مال کو اور تیرے آخر کام کو اور ایک روایت میں اور خاتموں کو تیرے عمل کے روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داود اور ابن ماجہ نے اور روایت میں ابی داود اور ابن ماجہ کی مذکور نہیں لفظ وآخر عملک کا

وعن عبد الله الخطمي رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أراد أن يستودع الجيش قال أستودع الله دينكم وأمانتكم وخواتيم أعمالكم رواه أبو داود

اور روایت ہے عبد اللہ خطمی رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ارادہ کرتے تھے خدا کے سپرد کرنے کا لشکر کو رخصت کے وقت فرماتے امانت رکھتا ہوں اللہ کے پاس تمہارے دین اور مال اور اعمال کے خاتموں کو روایت کیا اس کو ابو داود نے

وعن أنس رض قال جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله إني أريد سفرا فزودني فقال زودك الله التقوى قال زدني قال وغفر ذنبك قال زدني بأبي أنت وأمي قال ويسر لك الخير حيثما كنت رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب

اور روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے آیا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا اس نے اے رسول اللہ کے میں ارادہ رکھتا ہوں سفر کا سو توشہ دیجئے مجھے پس فرمایا توشہ دے تجھے اللہ پرہیزگاری کا کہا اس نے اور زیادہ فرمایا اور بخشے گناہ تیرے کہا اس نے اور زیادہ کیجئے قربان ہوں آپ پر میرا ماں اور باپ فرمایا اور آسان کرے تجھ پر بھلائی جہاں کہیں ہو تو روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے

وعن أبي هريرة رض أن رجلا قال يا رسول الله إني أريد أن أسافر فأوصني قال عليك بتقوى الله والتكبير على كل شرف فلما ولى الرجل قال اللهم اطو له البعد وهون عليه السفر رواه الترمذي

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ ایک مرد نے کہا اے رسول اللہ کے میں ارادہ رکھتا ہوں سفر کا سو وصیت کیجئے مجھے فرمایا لازم پکڑ اپنے اوپر ڈرنا اللہ سے اور تکبیر کہنا ہر بلندی پر پھر جب پیٹھ پھیر کر چلا وہ مرد فرمایا اے اللہ مختصر کر اس کے لئے دوری کو اور آسان کر اس پر سفر کو روایت کیا اس کو ترمذی نے

وعن ابن عمر رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا سافر فأقبل الليل قال يا أرض ربي وربك الله أعوذ بالله من شرك وشر ما فيك وشر ما خلق فيك وشر ما يدب عليك وأعوذ بالله من أسد وأسود ومن الحية والعقرب ومن شر ساكن البلد ومن والد وما ولد رواه أبو داود

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کرتے پس آتی رات فرماتے اے زمین میرا اور تیرا رب اللہ ہے پناہ مانگتا ہوں اللہ کی بدی تیری سے اور بدی اس چیز کی کہ تجھ میں ہے اور بدی سے اس چیز کی کہ پیدا کی گئی تجھ میں اور بدی اس چیز کی کہ چلتی ہے تجھ پر اور پناہ چاہتا ہوں اللہ کی شیر اور کالے سانپ سے اور سانپ اور بچھو سے اور بدی شہر میں رہنے والے کی اور جنے والے کی اور جسکو جنا روایت کیا اس کو ابو داود نے

وعن أنس رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا غزا قال اللهم أنت عضدي ونصيري بك أحول وبك أصول وبك أقاتل رواه الترمذي وأبو داود

اور روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جہاد کرتے فرماتے اے اللہ تو ہی میرا بازو ہے اور مددگار میرا اور تجھی سے حیلہ کرتا ہوں اور تجھی سے حملہ کرتا ہوں اور تیری مدد سے لڑتا ہوں روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داود نے

وعن أبي موسى رض أن النبي صلى الله عليه وسلم كان إذا خاف قوما قال اللهم إنا نجعلك في نحورهم ونعوذ بك من شرورهم رواه أحمد وأبو داود

اور روایت ہے ابی موسیٰ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب خوف کرتے تھے کسی قوم سے فرماتے اے اللہ ہم کرتے ہیں تجھ کو مقابل ان کے اور پناہ چاہتے ہیں تیری ان کی بدیوں سے روایت کیا اس کو احمد اور ابو داود نے

وعن ام سلمۃ رض ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا خرج من بیتہ قال بسم اللہ توکلت علی اللہ اللّٰھم انا نعوذ بک

اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب نکلتے تھے اپنے گھر سے فرماتے نکلا میں اللہ کے نام سے بھروسہ کیا اللہ پر ای اللہ ہم پناہ چاہتے ہیں تیری

من ان نزل او نضل او نظلم او نظلم او نجھل او یجھل علینا رواہ احمد والترمذی والنسائی وقال الترمذی ھذا حدیث

حق سے ڈگمگانے سے یا گمراہ ہونے سے یا ظالم ہونے سے یا مظلوم ہونے سے یا جہالت کرنے سے یا کسی کی جہالت ہم پر روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور نسائی اور کہا ترمذی نے یہ حدیث

حسن صحیح وفی روایۃ ابی داود وابن ماجۃ قالت ام سلمۃ ما خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من بیتی قط الا رفع طرفہ

حسن ہے صحیح ہے اور ایک روایت میں ابی داؤد اور ابن ماجہ کی کہا ام سلمہ نے نہ نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر سے کبھی مگر اونچی کی نظر مبارک

الی السماء فقال اللّٰھم انی اعوذ بک ان اضل او اضل او اظلم او اظلم او اجھل او یجھل علی وعن انس رض قال قال رسول

آسمان کی طرف پھر فرمایا ای اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری اس سے کہ گمراہ ہوں یا گمراہ کیا جاؤں یا ظلم کروں یا مظلوم ہوں یا جہالت کروں یا جہالت کی جائے مجھ پر اور روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا خرج الرجل من بیتہ فقال بسم اللہ توکلت علی اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ یقال لہ حینئذ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نکلے کوئی مرد اپنے گھر سے پھر کہے بسم اللہ توکلت علی اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ کہتے ہیں اسکو اب

ھدیت وکفیت ووقیت فیتنحی لہ الشیطان ویقول شیطان اٰخر کیف لک برجل قد ھدی وکفی ووقی رواہ ابوداود وروی

راہ بتائی گئی تجھے اور کفایت کی گئی تیری اور محفوظ رہا تو سو دور ہو جاتا ہے اس سے شیطان اور کہتا ہے دوسرا شیطان کیا ہو سکتا ہے تیرا اس مرد پر کہ راہ دکھایا گیا اور کفایت کیا گیا اور بچایا گیا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت کیا

الترمذی الی قولہ لہ الشیطان وعن ابی مالک الاشعری رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا ولج الرجل بیتہ

ترمذی نے حضرت کے قول لہ الشیطان تک اور روایت ہے ابی مالک اشعری رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب داخل ہوا چاہے مرد اپنے گھر میں

فلیقل اللّٰھم انی اسئلک خیر المولج وخیر المخرج بسم اللہ ولجنا وعلی اللہ ربنا توکلنا ثم لیسلم علی اھلہ رواہ ابوداود

سو کہے ای اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے نیکی گھر میں آنے کی اور نیکی نکلنے کی اللہ کے نام سے داخل ہوئے ہم اور اللہ پر جو ہمارا رب ہے بھروسہ کیا ہم نے پھر سلام کرے اپنے گھر والوں پر روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

وعن ابی ھریرۃ رض ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا رفأ الانسان اذا تزوج قال بارک اللہ لک وبارک علیکما وجمع بینکما

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب دعا دیتے تھے آدمی کو جب نکاح کرتا فرماتے برکت دے اللہ تجھے اور برکت کرے تم دونوں پر اور اتفاق

فی خیر رواہ احمد والترمذی وابوداود وابن ماجۃ وعن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا

نیکی میں روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے انکے باپ سے انکے دادا سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جب

تزوج احدکم امرأۃ او اشتری خادما فلیقل اللّٰھم انی اسئلک خیرھا وخیر ما جبلتھا علیہ واعوذ بک من شرھا

نکاح کرے کوئی تم میں سے کسی عورت کو یا خریدے لونڈی کو تو کہے ای اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اسکی بھلائی کا اور اسکی خصلت بھلائی کا اور پناہ مانگتا ہوں تیری بدی سے اسکی

وشر ما جبلتھا علیہ واذا اشتری بعیرا فلیاخذ بذروۃ سنامہ ولیقل مثل ذلک وفی روایۃ فی المرأۃ والخادم

اور بدی سے اسکی خصلت کی اور جب خریدے اونٹ کو تو پکڑے بلندی اسکے کوہان کی اور کہے ویسا ہی اور ایک روایت میں ہے حق میں بی بی اور لونڈی دونوں کے کہا

ثم لیاخذ بناصیتھا ولیدع بالبرکۃ رواہ ابوداود وابن ماجۃ وعن ابی بکرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ

پھر پکڑے چوٹی اسکی اور دعا کرے برکت کی روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی بکرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم دعوات المکروب اللّٰھم رحمتک ارجو فلا تکلنی الی نفسی طرفۃ عین واصلح لی شأنی کلہ لا الہ الا انت رواہ

وسلم دعائیں غمگین کی یہ ہیں ای اللہ تیری رحمت کا امیدوار ہوں سو تو مجھے سپرد نہ کر میرے نفس کو ایک لحظہ اور سنوار دے سب کام میرے کوئی معبود نہیں سوا تیرے روایت کیا اسکو

وعن ابی سعید الخدری رض قال قال رجل ہموم لزمتنی وديون يا رسول الله قال افلا اعلمك كلاما

اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہا انہوں نے کہا ایک مرد نے بہت سے غم اور قرض لگ رہے ہیں مجھکو ای رسول اللہ کے فرمایا کیا نہ سکھلاؤں تجھکو کلام

اذا قلته اذهب الله همك وقضى عنك دينك قال قلت بلى قال قل اذا اصبحت واذا امسيت اللهم اني اعوذ بك من

کہ جب کہے تو اسکو دور کرے اللہ تیرے غم کو اور ادا کرے تجھ سے قرض تیرا کہا اس مرد نے کہا میں نے کیوں نہیں فرمایا کہ تو جب صبح کو اٹھے اور جب شام کرے الٰہی میں پناہ چاہتا ہوں تیری

الهم والحزن واعوذ بك من العجز والكسل واعوذ بك من البخل والجبن واعوذ بك من غلبة الدين وقهر الرجال قال

ہم اور حزن سے [illegible] اور پناہ چاہتا ہوں تیری ناتوانی اور سستی سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری بخیلی اور نامردی سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری کثرت قرض اور زبردستی اور غلبہ سے لوگوں کے

ففعلت ذلك فاذهب الله همي وقضى عني ديني رواه ابوداود وعن علي رض انه جاءه مكاتب فقال اني عجزت

پھر کیا میں نے ایسا سو دور کیا اللہ نے غم میرا اور ادا کر دیا میرا قرض روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے علی رض سے کہ آیا ایک غلام مکاتب کہا میں عاجز آیا ادا کرنے

عن كتابتي فاعني قال الا اعلمك كلمات علمنيهن رسول الله صلى الله عليه وسلم لو كان عليك مثل جبل كبير دينا

میں مال کتابت کے سو مدد کیجئے میری فرمایا کیا نہ سکھلاؤں تجھے ان باتوں کو کہ سکھایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر ہو تجھ پر اتنا بڑا پہاڑ کے قرض

اداه الله عنك قال قل اللهم اكفني بحلالك عن حرامك واغنني بفضلك عمن سواك رواه الترمذي والبيهقي

ادا کر دیگا اللہ تجھ سے فرمایا کہہ ای اللہ کام چلا مجھے اپنی حلال روزی سے بچا کر حرام روزی سے اور بے پرواہ کر مجھے اپنے فضل سے ماسوا تیرے سے روایت کیا اسکو ترمذی اور بیہقی نے

في الدعوات الكبير وسنذكر حديث جابر اذا سمعتم نباح الكلاب في باب تغطية الاواني ان شاء الله تعالى الفصل

کتاب دعوات کبیر میں اور اب ذکر کرینگے ہم حدیث کو جابر کی کہ شروع اسکا یہ ہے جب سنو آواز کتوں کی باب ڈھانکنے برتنوں کے میں اگر چاہے اللہ تعالیٰ فصل

الثالث عن عائشة رض قالت ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا جلس مجلسا او صلى تكلم بكلمات فسالته عن

تیسری روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہوں نے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیٹھتے تھے کسی مجلس میں یا نماز پڑھتے کلام کرتے کئی کلموں سے سوال کیا میں نے

الكلمات فقال ان تكلم بخير كان طابعا عليهن الى يوم القيامة وان تكلم بشر كان كفارة له سبحانك اللهم و

ان کلموں کے بارے میں سو فرمایا اگر کوئی بات کرے بھلی تو یہ کلمے مہر ہو جاویں گے ان پر قیامت کے دن تک اور اگر کوئی بات کرے بری بات تو ہو گئے کفارہ اسکے گناہ کا وہ یہ ہیں پاکی ہے تجھکو ای اللہ

بحمدك لا اله الا انت استغفرك واتوب اليك رواه النسائي وعن قتادة بلغه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان

تیری تعریف کے ساتھ کوئی معبود نہیں سوا تیرے معافی مانگتا ہوں تجھ سے اور رجوع کرتا ہوں تیری طرف روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے قتادہ سے کہ خبر پہنچی اسکو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اذا راى الهلال قال هلال خير ورشد هلال خير ورشد هلال خير ورشد امنت بالذي خلقك ثلث

جب دیکھتے تھے چاند شروع مہینے کا فرماتے یہ چاند بھلائی اور راہ راست پر رہنے کا ہے یہ چاند بھلائی اور راہ راست پر رہنے کا ہے یہ چاند بھلائی اور راہ راست پر رہنے کا ہے ایمان لایا میں ساتھ اس کے جس نے پیدا کیا تجھکو تین

مرات ثم قال الحمد لله الذي ذهب بشهر كذا وجاء بشهر كذا رواه ابوداود وعن ابن مسعود رض ان رسول الله

بار پھر فرماتے سب خوبی اس اللہ کو کہ لے گیا ایسے مہینے کو اور لایا ایسے مہینے کو روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ بیشک رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم قال من كثر همه فليقل اللهم اني عبدك وابن عبدك وابن امتك وفي قبضتك ناصيتي بيدك

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسکو غم بہت ہو تو کہے ای اللہ میں تیرا غلام اور بیٹا تیرے غلام کا اور تیری لونڈی کا ہوں اور تیرے اختیار میں ہوں پیشانی میری ہاتھ میں تیرے

ماض في حكمك عدل في قضاؤك اسالك بكل اسم هو لك سميت به نفسك او انزلته في كتابك او علمته احدا

نافذ ہے مجھ میں حکم تیرا عدل ہے میرے حق میں قضا تیری مانگتا ہوں تجھ سے وسیلے ہر ایک نام کے جو تیرا ہے کہ رکھا تو نے اسکو اپنی ذات کا یا اتارا تو نے اپنی کتاب میں یا سکھایا تو نے کسی کو اپنی مخلوق میں سے

مِنْ خَلْقِكَ وَاسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِيْ مَكْنُوْنِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَجِلَاءَ هَمِّيْ وَغَمِّيْ مَا قَالَهَا عَبْدٌ قَطُّ
اپنے مخلوقات سے یا پسند کیا تو نے اسکو پردۂ غیب جو تیرے پاس ہے اس بات کا کہ کرے تو قرآن کو تازگی میرے دل کی اور سبب جانے ہم اور غم کے لیجانے کا نہ کہا ان کلمات کو کوئی

اِلَّا اَذْهَبَ اللّٰهُ غَمَّهٗ وَاَبْدَلَهٗ بِهٖ فَرَجًا رَوَاهُ رَزِيْنٌ وَعَنْ جَابِرٍ رضی قَالَ كُنَّا اِذَا صَعِدْنَا كَبَّرْنَا وَاِذَا نَزَلْنَا سَبَّحْنَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ
مگر دور کیا اللہ نے اسکے غم کو اور بدل دیا اس کے بدلے خوشی کو روایت کیا اسکو رزین نے۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہا انہوں نے ہم جب بلند جگہ پر چڑھتے اللہ اکبر کہتے اور جب اترتے سبحان اللہ کہتے روایت کیا اسکو بخاری نے

وَعَنْ اَنَسٍ رضی اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا كَرَبَهٗ اَمْرٌ يَقُوْلُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ
اور روایت ہے انس رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب غمگین کرتا کوئی کام فرماتے تھے یا حی یا قیوم تیری رحمت سے مدد چاہتا ہوں روایت کیا اسکو ترمذی نے

وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَيْسَ بِمَحْفُوْظٍ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رضی قَالَ قُلْنَا يَوْمَ الْخَنْدَقِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ مِنْ شَيْءٍ
اور کہا یہ حدیث غریب محفوظ نہیں۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ کہا انہوں نے کہا ہم نے خندق کی لڑائی کے دن اے رسول اللہ کے کیا ہے ایسا کوئی

نَقُوْلُهٗ فَقَدْ بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ قَالَ نَعَمْ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا قَالَ فَضَرَبَ اللّٰهُ وُجُوْهَ اَعْدَائِهٖ
کہ پڑھیں ہم اسکو پس تحقیق پہنچ گئے دل ہمارے گلے تک۔ فرمایا ہاں اے اللہ ڈھانپ دے ہمارے عیبوں کو اور امن دے ہمکو گھبراہٹوں سے کہا ابو سعید نے پھر پھیر دیے اللہ نے منہ دشمنوں کے

بِالرِّيْحِ فَهَزَمَهُمُ اللّٰهُ بِالرِّيْحِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنْ بُرَيْدَةَ رضی قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ السُّوْقَ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ
زور کی ہوا سے شکست دی اللہ نے ہوا سے روایت کیا اسکو احمد نے۔ اور روایت ہے بریدہ رض سے کہ کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب بازار میں جاتے تھے فرماتے بسم اللہ اے اللہ

اِنِّيْ اَسْاَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُصِيْبَ فِيْهَا
میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی اس بازار کی اور ان چیزوں کی جو اس میں ہیں اور پناہ چاہتا ہوں تیری بازار کی بدی سے اور ان چیزوں کی جو اس میں ہیں اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری اس سے

صَفْقَةً خَاسِرَةً رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ

بَابُ الْاِسْتِعَاذَةِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی قَالَ قَالَ
خرید و فروخت نقصان کی روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب دعوات کبیر میں۔ یہ باب ہے بیچ بیان انواع استعاذہ کے۔ پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ وَدَرَكِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ مُتَّفَقٌ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ طلب کرو اللہ کی مشقت سے بلا کی اور لاحق ہونے سے بدبختی کے اور قضا کی بدی سے اور خوشی سے دشمنوں کی۔ متفق

عَلَيْهِ وَعَنْ اَنَسٍ رضی قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ
علیہ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اس دعا کو اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری ہم اور حزن سے اور ناتوانی اور سستی اور نامردی

وَالْبُخْلِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ رضی قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ
اور بخیلی سے اور بوجھ سے قرضداری کے اور غلبہ سے لوگوں کے۔ ق۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَاْثَمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ النَّارِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ
اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری سستی اور بڑھاپے اور تاوان اور گناہ کی بات سے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری دوزخ کے عذاب سے اور دوزخ کے فتنے سے اور قبر کے فتنے سے

وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ
اور عذاب سے قبر کے اور بدی سے تونگری کے فتنے کی اور بدی سے محتاجی کے فتنے کی اور بدی سے مسیح دجال کے فتنے کی اے اللہ دھو ڈال گناہ میرے

بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِيْ كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ
پانی سے برف اور اولوں کے اور پاکیزہ کر میرا دل جیسے پاکیزہ کیا جاتا ہے کپڑا سفید میل سے اور دوری ڈال مجھ میں اور میرے گناہوں میں جیسا دوری ڈالی تو نے مشرق

والهرم متفق عليه وعن زيد بن ارقم رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اللهم اني اعوذ بك من العجز

اور بڑھاپے سے ق ۔ اور روایت ہے زید بن ارقم رض سے کہا انہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اس دعا کو اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری عاجزی

والكسل والجبن والبخل والهرم وعذاب القبر اللهم آت نفسي تقواها وزكها انت خير من زكاها انت وليها ومولاها

اور سستی اور نامردی اور بخیلی اور بڑھاپے اور قبر کے عذاب سے اے اللہ دے میرے نفس کو پرہیزگاری کی توفیق اور پاکیزہ کر اسکو تو سب سے بہتر پاک کرنے والا ہے تو ہی کارساز اور مالک

اللهم اني اعوذ بك من علم لا ينفع ومن قلب لا يخشع ومن نفس لا تشبع ومن دعوة لا يستجاب لها رواه مسلم وعن عبد

اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری اس علم سے کہ نفع نہ بخشے اور اس دل سے کہ نہ ڈرے اور اس نفس سے کہ قناعت نہ کرے اور اس دعا سے کہ قبولیت نہ ہو اسکی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد

الله بن عمر رض قال كان من دعاء رسول الله صلى الله عليه وسلم اللهم اني اعوذ بك من زوال نعمتك وتحول عافيتك

اللہ بن عمر رض سے کہا انہے تھی دعاؤں میں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہہ دعا اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری نعمت کے جاتے رہنے سے اور پھر جانے سے تیری عافیت کے

وفجاءة نقمتك وجميع سخطك رواه مسلم وعن عائشة رض قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول

اور ناگہانی عذاب سے تیرے اور تمام ناراضمندی سے تیری روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے

اللهم اني اعوذ بك من شر ما عملت ومن شر ما لم اعمل رواه مسلم وعن ابن عباس رض ان رسول الله

اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری بدی سے اس چیز کی کہ کیا میں اور بدی سے اس چیز کی کہ نکیا روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ بیشک رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم كان يقول اللهم لك اسلمت وبك امنت وعليك توكلت واليك انبت وبك خاصمت اللهم

صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے اللہ میں نے تیری تابعداری قبول کیا اور تجھ پر ایمان لایا اور تجھی پر بھروسا کیا اور تیری طرف رجوع کیا اور تیری مدد سے لڑائی کی دشمنوں سے اے اللہ

اني اعوذ بعزتك لا اله الا انت ان تضلني انت الحي الذي لا يموت والجن والانس يموتون متفق عليه الفصل الثاني

میں پناہ چاہتا ہوں تیری عزت کی کوئی معبود نہیں سوا تیرے اس بات سے کہ گمراہ کرے تو مجھے تو ہی وہ زندہ ہے کہ مرتا نہیں اور جن اور آدمی مرجاتے ہیں × ق × دوسری فصل

عن ابي هريرة رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اللهم اني اعوذ بك من الاربع من علم لا ينفع ومن قلب

روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری چار چیزوں سے علم غیر نافع سے اور

لا يخشع ومن نفس لا تشبع ومن دعاء لا يسمع رواه احمد وابو داود وابن ماجه ورواه الترمذي عن عبد الله بن عمرو

نہ ڈرنے والے دل سے اور حریص نفس سے اور نامقبول دعا سے روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو ترمذی نے عبداللہ بن عمرو سے

والنسائي عنهما وعن عمر رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتعوذ من خمس من الجبن والبخل وسوء العمر

اور نسائی نے دونو سے × اور روایت ہے عمر رض سے کہا انہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پناہ طلب کرتے تھے پانچ چیزوں سے دل کی نامردی اور بخیلی اور عمر کی زبونی

وفتنة الصدر وعذاب القبر رواه ابو داود والنسائي وعن ابي هريرة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يقول

اور سینہ کی خرابی سے اور قبر کے عذاب سے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے × اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے

اللهم اني اعوذ بك من الفقر والقلة والذلة واعوذ بك من ان اظلم او اظلم رواه ابو داود والنسائي وعنه ان

اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری محتاجی اور تنگی کی کمی اور خواری سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری ظالم یا مظلوم ہونے سے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے × اور انہی سے روایت ہے کہ بیشک

رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يقول اللهم اني اعوذ بك من الشقاق والنفاق وسوء الاخلاق رواه ابو داود

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری حق کی مخالفت سے اور نفاق سے اور سب خلقوں سے روایت کیا اسکو ابو داؤد

والنسائي وعنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يقول اللهم اني اعوذ بك من الجوع فانه بئس الضجيع واعوذ بك

اور نسائی نے ۔ اور انہی سے روایت ہے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری بھوک سے کہ بھوک برا ضجیع ہے اور پناہ چاہتا ہوں

من الخيانة فانها بئست البطانة رواه ابو داود والنسائي وابن ماجة وعن انس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم

خیانت سے کہ خیانت بری بابطن کی خصلت ہے روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

كان يقول اللهم اني اعوذ بك من البرص والجذام والجنون ومن سيء الاسقام رواه ابو داود والنسائي وعن قطبة

فرماتے تھے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری برص اور جذام اور دیوانہ پن اور سب بری بیماریوں سے روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے قطبہ

بن مالك رض قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يقول اللهم اني اعوذ بك من منكرات الاخلاق والاعمال والاهواء رواه

بن مالک رض سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری بری خصلتوں اور برے کام اور بری خواہشوں سے روایت کیا اسکو

الترمذي وعن شتير بن شكل بن حميد عن ابيه قال قلت يا نبي الله علمني تعويذا اتعوذ به قال قل اللهم اني اعوذ بك من

ترمذی نے ۔ اور روایت ہے شتیر بن شکل بن حمید سے وہ اپنے باپ سے کہا کہ کہا میں نے اے نبی اللہ کے سکھائیے مجھ کو کوئی تعویذ کہ پناہ چاہوں اس سے فرمایا کہو اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری

شر سمعي ومن شر بصري ومن شر لساني ومن شر قلبي ومن شر منيي رواه ابو داود والترمذي والنسائي وعن ابي اليسر رض ان

بدی سماعت کی اور بصارت کی اور زبان کی اور دل کی اور بدی سے منی کی روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے ابی الیسر رض سے کہ بیشک

رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يدعو اللهم اني اعوذ بك من الهدم واعوذ بك من التردي ومن الغرق والحرق

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا کرتے تھے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری ہدم سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری تردی سے اور پانی میں ڈوبنے اور جلنے سے

والهرم واعوذ بك من ان يتخبطني الشيطان عند الموت واعوذ بك من ان اموت في سبيلك مدبرا واعوذ بك

اور نہایت بڑھاپے سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری اس سے کہ بدحواس کرے مجھے شیطان موت کے وقت اور پناہ مانگتا ہوں تیری اس سے کہ مروں تیری راہ میں پیٹھ دے کر اور پناہ چاہتا ہوں تیری

من ان اموت لديغا رواه ابو داود والنسائي وزاد في رواية اخرى والغم وعن معاذ رض عن النبي صلى الله عليه

اس سے کہ مروں لدیغ ہو کر روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی نے اور زیادہ کیا نسائی نے دوسری روایت میں لفظ والغم کا ۔ اور روایت ہے معاذ رض سے نبی صلی اللہ علیہ و

وسلم قال استعيذوا بالله من طمع يهدي الى طبع رواه احمد والبيهقي في الدعوات الكبير وعن عائشة رض ان

سلم سے کہ فرمایا پناہ چاہو اللہ کی اس طمع سے کہ پہنچاوے ذلت و رسوائی کو روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے کتاب دعوات کبیر میں ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ بیشک

النبي صلى الله عليه وسلم نظر الى القمر فقال يا عائشة استعيذي بالله من شر هذا فان هذا هو الغاسق اذا وقب رواه

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا قمر کو فرمایا اے عائشہ پناہ مانگ اللہ کی اس کی بدی سے کہ بیشک یہی ہے اندھیرا کرنے والا جب غروب ہو روایت کیا اسکو

الترمذي وعن عمران بن حصين رض قال قال النبي صلى الله عليه وسلم لابي يا حصين كم تعبد اليوم الها قال ابي سبعة

ترمذی نے ۔ اور روایت ہے عمران بن حصین رض سے کہا کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے باپ کو اے حصین کتنے خدا پوجتا ہے تو آج کے دن کہا میرے باپ نے سات

ستا في الارض وواحدا في السماء قال فايهم تعد لرغبتك ورهبتك قال الذي في السماء قال يا حصين اما انك

چھ زمین میں اور ایک آسمان میں فرمایا پھر کس کو ان میں سے شمار کرتا ہے تو اپنی امید اور ڈر کے لئے کہا اسکو کہ آسمان میں ہے فرمایا اے حصین خبردار بیشک تو

لو اسلمت علمتك كلمتين تنفعانك قال فلما اسلم حصين قال يا رسول الله علمني الكلمتين اللتين وعدتني فقال

اگر اسلام قبول کرتا تو سکھاتا تجھ کو دو کلمے کہ فائدہ دیں تجھ کو کہا راوی نے پھر جب اسلام لایا حصین کہا اے رسول اللہ کے سکھائیے مجھ کو وہ دو کلمے کہ وعدہ کیا آپ نے مجھ سے فرمایا

قل اللهم ألهمني رشدي وأعذني من شر نفسي رواه الترمذي وعن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده رض أن رسول

کہہ تو اے اللہ میرے دل میں ڈال توفیق بھلی راہ چلنے کی اور محفوظ رکھ مجھکو میرے نفس کی شرارت سے روایت کیا اسکو ترمذی نے ٭ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا رض سے کہ رسول

الله صلى الله عليه وسلم قال إذا فزع أحدكم في النوم فليقل أعوذ بكلمات الله التامة من غضبه وعقابه وشر عباده ومن

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ڈرے کوئی تم میں نیند کے حال میں تو کہے پناہ مانگتا ہوں اللہ کی کامل باتوں کی اللہ کے غصے اور عذاب سے اور بدی سے اسکے بندوں کی اور

همزات الشياطين وأن يحضرون فإنها لن تضره وكان عبد الله بن عمرو يعلمها من بلغ من ولده ومن لم يبلغ

وسوسوں سے شیطانوں کے اور اس سے کہ حاضر ہوں میرے پاس ف پھر مقرر وہ وسوسے ہرگز ضرر نہ کرینگے اسکا اور عبد اللہ بن عمرو ف سکھاتا تھا ان کو بالغ لڑکوں کو اپنے اور نابالغ لڑکو

منهم كتبها في صك ثم علقها في عنقه رواه أبو داود والترمذي وهذا لفظه وعن أنس رض قال قال رسول الله صلى الله

لکھتا ان کلمات کو ایک ٹکڑے پر کاغذ کے پھر لٹکاتا انکی گردن میں روایت کیا اسکو ابو داود اور ترمذی نے اور یہ عبارت ترمذی کی ہے ٭ اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم من سأل الله الجنة ثلاث مرات قالت الجنة اللهم أدخله الجنة ومن استجار من النار ثلاث مرات قالت النار اللهم أجره من

علیہ وسلم نے جو کوئی کہ سوال کرے اللہ سے جنت کا تین بار کہتی ہے جنت اے اللہ داخل کر اسکو جنت میں اور جو کوئی پناہ مانگے دوزخ سے تین بار کہتی ہے دوزخ اے اللہ پناہ دے اسکو

النار رواه الترمذي والنسائي

دوزخ سے روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے

الفصل الثالث

عن القعقاع أن كعب الأحبار قال لولا كلمات أقولهن لجعلتني يهود

تیسری فصل ٭ روایت ہے قعقاع سے کہ بیشک کعب الاحبار نے کہا اگر نہ ہوتے کلمات کہ پڑھتا ہوں انکو البتہ کر دیتے مجھے یہود لوگ

حمارا فقيل له ما هن قال أعوذ بوجه الله العظيم الذي ليس شيء أعظم منه وبكلمات الله التامات التي لا يجاوزهن

گدھا ف پھر کہا کسی نے اسکو وہ کیا ہیں کہا یہ ہیں پناہ چاہتا ہوں ذات کی بزرگ اللہ کی کہ نہیں کوئی چیز اس سے بزرگ اور اللہ کے کامل کلموں کی کہ نہیں تجاوز کر سکتا ان سے

بر ولا فاجر وبأسماء الله الحسنى ما علمت منها وما لم أعلم من شر ما خلق وذرأ وبرأ رواه مالك وعن

کوئی نیکوکار اور نہ کوئی بدکار ف اور اللہ کے ناموں کی کہ سب نیک ہیں جسقدر کہ مجھے معلوم ہیں اور جو کچھ کہ نہیں علم رکھتا ہوں اس چیز کی کہ پیدا کیا اور پھیلایا اور برابر کیا روایت کیا اسکو مالک نے

مسلم بن أبي بكرة قال كان أبي يقول في دبر الصلاة اللهم إني أعوذ بك من الكفر والفقر وعذاب القبر فكنت أقولهن

مسلم بن ابی بکرہ سے کہا میرا باپ کہتا تھا آخر میں نماز کے ف اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری کفر اور محتاجی سے اور قبر کے عذاب سے سو میں بھی کہتا تھا انکو

فقال أي بني عمن أخذت هذا قلت عنك قال إن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يقولهن في دبر الصلاة رواه النسائي و

پھر کہا ف اے میرے لڑکے کس سے سیکھا تونے اس دعا کو کہا میں نے تجھ سے کہا اسنے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے انکو نماز کے آخر میں نقل کیا اسکو نسائی اور

الترمذي إلا أنه لم يذكر في دبر الصلاة وروى أحمد لفظ الحديث وعنده في دبر كل صلاة وعن أبي سعيد رض

ترمذی نے مگر ترمذی نے ذکر نہ کیا لفظ فی دبر الصلوۃ کا روایت کیا احمد نے عبارت حدیث کی ف اور احمد کے پاس لفظ فی دبر کل صلوۃ کا ہے ف اور روایت ہے ابی سعید رض

قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول أعوذ بالله من الكفر والدين فقال رجل يا رسول الله أتعدل الكفر

کہا اسنے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے پناہ مانگتا ہوں اللہ کی کفر اور قرض سے پھر کہا ایک مرد نے اے رسول اللہ کے کیا برابر کرتے ہیں آپ کفر کو

بالدين قال نعم وفي رواية اللهم إني أعوذ بك من الكفر والفقر قال رجل ويعدلان قال نعم رواه النسائي باب

قرض کے ساتھ فرمایا ہاں ف اور ایک روایت میں یوں آیا ہے اے اللہ پناہ چاہتا ہوں تیری کفر اور محتاجی سے کہا ایک مرد نے اور برابر جانتے ہیں دونوں فرمایا ہاں روایت کیا اسکو نسائی نے

جامع الدعاء الفصل الأول عن أبي موسى الأشعري رض عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه كان يدعو بهذا الدعاء

بیان میں ان دعاؤں کے کہ سب مطالب کو شامل ہیں ف پہلی فصل روایت ہے ابی موسی اشعری رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت دعا کرتے تھے اس دعا سے

اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ خَطِيْئَتِيْ وَجَهْلِيْ وَاِسْرَافِيْ فِيْ اَمْرِيْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ جِدِّيْ وَهَزْلِيْ وَخَطَئِيْ وَعَمْدِيْ وَكُلُّ ذٰلِكَ
اے اللہ بخش دے میری خطا اور نادانی اور زیادتی میری ہر کام میں اور جو کچھ کہ تو مجھ سے زیادہ اسکو جانتا ہے اے اللہ بخش دے میری کوشش اور ہنسی کو اور چوک اور قصد کو

عِنْدِيْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَاَنْتَ عَلٰى
مجھ میں موجود ہیں اے اللہ بخش دے میرے گناہ اگلے اور پچھلے اور چھپے اور ظاہر اور وہ گناہ کہ تو زیادہ مجھ سے اسکو جانتا ہے تو ہی سب سے پہلے اور تو ہی سب سے آخر ہے اور تو ہی

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ
ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے اللہ سنوار میرے دین کو کہ وہ بچاؤ ہے

اَمْرِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِي الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ
میرے کام کا اور سنوار میری دنیا کو جس میں میری گذران ہے اور سنوار میری آخرت کو جس میں پھر آنا ہے اور کر میری زندگی کو سبب زیادتی کا ہر نیکی میں اور کر میری موت کو

رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ
سبب راحت کا ہر بدی سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت فرماتے تھے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَلِيٍّ رض قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلِ اللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ وَسَدِّدْنِيْ
ہدایت اور پرہیزگاری اور حرام کاموں سے بچ رہنے کا اور تونگری کا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے علی رض سے کہا انہوں نے فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تو اے اللہ ہدایت کر مجھے اور سیدھا

وَاذْكُرْ بِالْهُدٰى هِدَايَتَكَ الطَّرِيْقَ وَبِالسَّدَادِ سَدَادَ السَّهْمِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ الرَّجُلُ
اور قصد کر ہدایت سے چلنا اور بتانا تیرا راہ کو اور راستی سے راستی تیر کی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی مالک اشجعی سے انکے باپ سے کہ کہا انہوں نے معمول تھا کہ مرد

اِذَا اَسْلَمَ عَلَّمَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ ثُمَّ اَمَرَهٗ اَنْ يَّدْعُوَ بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ
جب مسلمان ہوتا تو سکھاتے اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز پھر حکم کرتے اسکو دعا کرنے کا ان کلمات سے اے اللہ بخش دے مجھے اور رحم کر مجھ پر اور ہدایت کر مجھے اور

وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَنَسٍ رض قَالَ كَانَ اَكْثَرُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً
عافیت بخش مجھے اور حلال کی روزی دے مجھے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا انہوں نے تھا اکثر دعا کرنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اس مضمون کا اے اللہ دے ہمکو دنیا میں نیکی

وَفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ يَقُوْلُ
اور بعد موت کے نیکی یعنی جزا اور بچا لے ہمکو دوزخ کی مار سے ق ۔ دوسری فصل ۔ روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دعا کرتے تھے کہ

رَبِّ اَعِنِّيْ وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ وَانْصُرْنِيْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَيَّ وَامْكُرْ لِيْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَيَّ وَاهْدِنِيْ وَيَسِّرِ الْهُدٰى لِيْ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ
اے رب میرے مدد کر میری اور مدد مت کر مخالف کی مجھ پر اور غالب کر مجھے اور مت غالب کر مجھ پر اور مکر کر میرے نفع کو اور مکر مت کر میرے ضرر کو اور ہدایت کر مجھے اور آسان کر ہدایت کو میرے لئے اور

رَبِّ اجْعَلْنِيْ لَكَ شَاكِرًا لَّكَ ذَاكِرًا لَّكَ رَاهِبًا لَّكَ مِطْوَاعًا لَّكَ مُخْبِتًا اِلَيْكَ اَوَّاهًا مُّنِيْبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِيْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِيْ وَاَجِبْ
اے رب میرے کر مجھے تیرا شکر گذار تیری یاد کرنے والا تجھ سے ڈرنے والا تیرا تابعدار تیرے آگے رو رو کر فروتنی کرنے والا اور گڑگڑانے والا رجوع کرنے والا اے رب میرے قبول کر میری توبہ اور دھو دے گناہ

دَعْوَتِيْ وَثَبِّتْ حُجَّتِيْ وَسَدِّدْ لِسَانِيْ وَاهْدِ قَلْبِيْ وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ صَدْرِيْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرٍ
میری دعا اور ثابت رکھ دلیل میری اور درست رکھ زبان میری اور راہ دکھا دل کو اور نکال دے برائی میرے سینے کی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی بکر

رض قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ ثُمَّ بَكٰى فَقَالَ سَلُوا اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فَاِنَّ اَحَدًا لَّمْ يُعْطَ بَعْدَ الْيَقِيْنِ
رض سے کہ کہا انہوں نے کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر پھر روئے پھر فرمایا مانگو اللہ سے معافی اور سلامتی اسلئے کہ بیشک کوئی نہیں دیا گیا بعد یقین ایمان کے

خيرٌ من العافية. رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث غريب إسنادا. وعن أنس رضي الله عنه أن رجلا جاء إلى النبي صلى

کوئی بھلائی بہتر عافیت سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے سند کی جہت سے اور روایت ہے انس رض سے کہ ایک مرد آیا نبی صلی

الله عليه وسلم فقال يا رسول الله أي الدعاء أفضل قال سل ربك العافية والمعافاة في الدنيا والآخرة ثم أتاه في اليوم الثاني فقال

اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا اسنے اے رسول اللہ کے کونسی دعا سب سے افضل ہے فرمایا مانگ اپنے رب سے سلامتی اور معافی دنیا اور آخرت میں پھر آیا آپکے پاس دوسرے دن پھر کہا

يا رسول الله أي الدعاء أفضل فقال له مثل ذلك ثم أتاه في اليوم الثالث فقال له مثل ذلك قال فإذا أعطيت العافية والمعافاة

یا رسول اللہ کونسی دعا سب سے افضل ہے پھر فرمایا اسکو ویسا ہی پھر آیا آپ کے پاس تیسرے دن اور کہا حضرت نے ویسا ہی فرمایا پھر جب ملی تجھکو سلامتی اور معافی

في الدنيا والآخرة فقد أفلحت. رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب إسنادا. وعن عبد الله بن يزيد

دنیا اور آخرت میں پس تحقیق مراد کو پہنچا تو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے سند کی رو سے اور روایت ہے عبداللہ بن یزید

الخطمي رض عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه كان يقول في دعائه اللهم ارزقني حبك وحب من ينفعني حبه عندك

خطمی رض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت فرماتے تھے اپنی دعا میں اے اللہ دے مجھے اپنی محبت اور محبت اسکی کہ نفع بخشے مجھے اسکی محبت تیرے پاس

اللهم ما رزقتني مما أحب فاجعله قوة لي فيما تحب اللهم ما زويت عني مما أحب فاجعله فراغا لي فيما تحب. رواه الترمذي.

اے اللہ جو کچھ دیا تونے مجھے میری محبوب چیزوں سے سو کر اسکو سبب میری قوت کا اپنی محبوب چیزوں میں اے اللہ جو کچھ کہ دور کیا تونے مجھ سے میری محبوب چیزوں سے سو کر اسکو فراغت میری اپنی محبوب چیزوں میں روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن ابن عمر رض قال قلما كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقوم من مجلس حتى يدعو بهؤلاء الدعوات لأصحابه

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا اسنے بہت کم اتفاق ہوتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اٹھتے کسی مجلس سے یہاں تک کہ دعا کرتے ان دعاؤں سے صحابہ کی تعلیم کو

اللهم اقسم لنا من خشيتك ما تحول به بيننا وبين معاصيك ومن طاعتك ما تبلغنا به جنتك ومن اليقين ما

اے اللہ نصیب کر ہمارا اپنا ڈر اسقدر کہ مانع ہو جاوے تو سبب اسکے ہمارے اور گناہوں کے درمیان اور اسقدر اپنی تابعداری کہ پہنچاوے تو سبب اسکے بہشت میں اور یقین

تهون به علينا مصيبات الدنيا ومتعنا بأسماعنا وأبصارنا وقوتنا ما أحييتنا واجعله الوارث منا واجعل ثأرنا

کہ آسان کرے تو سبب اسکے ہم پر دنیا کی مصیبتوں کو اور کام چلا ہمارا ہماری سماعت اور بصارت اور قوت سے جب تک کہ جیتا رکھے تو ہمکو اور کر اسکو وارث ہمارا اور کر بدلہ ہمارا

على من ظلمنا وانصرنا على من عادانا ولا تجعل مصيبتنا في ديننا ولا تجعل الدنيا أكبر همنا ولا مبلغ علمنا ولا تسلط

ہمارے ظالم پر اور مدد کر ہماری ہمارے دشمن پر اور مت کر مصیبت ہماری ہمارے دین میں اور مت کر دنیا کو بڑا غم ہمارا اور نہ پہنچ جگہ ہمارے علم کی اور مت مسلط کر

علينا من لا يرحمنا. رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب. وعن أبي هريرة رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم

ہم پر بے رحم کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

يقول اللهم انفعني بما علمتني وعلمني ما ينفعني وزدني علما الحمد لله على كل حال وأعوذ بالله من حال أهل النار

فرماتے تھے اے اللہ نفع دے مجھے اس چیز سے کہ سکھایا تونے مجھکو اور سکھا مجھکو نفع کی چیزیں اور زیادہ دے مجھے علم اللہ کی خوبی ہے ہر حال اور پناہ مانگتا ہوں اللہ کی حال دوزخ

رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث غريب إسنادا. وعن عمر بن الخطاب رض قال كان النبي صلى الله عليه

روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے سند کے رو سے اور روایت ہے عمر بن الخطاب رض سے کہ کہا اسنے نبی صلی اللہ علیہ

وسلم إذا أنزل عليه الوحي سمع عند وجهه دوي كدوي النحل فأنزل عليه يوما فمكثنا ساعة فسري عنه فاستقبل

وسلم پر جب وحی اترتی تھی سنی جاتی ایک آواز حضرت کے منہ کے پاس [illegible] سو ٹھہرے ہم ایک ساعت [illegible]

الْقِبْلَةَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَقَالَ اللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَأَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا وَلَا تَحْرِمْنَا وَآثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا وَأَرْضِنَا وَارْضَ

قبلہ کی طرف اور ہاتھ اٹھائے اور فرمایا اے اللہ زیادہ دے ہمکو اور کمی مت کر اور عزت دے ہمکو اور ذلیل مت کر ہمکو اور دے ہمکو اور محروم مت رکھ ہمکو اور پسند کر لے ہمکو

عَنَّا ثُمَّ قَالَ أُنْزِلَ عَلَيَّ عَشْرُ آيَاتٍ مَنْ أَقَامَهُنَّ دَخَلَ الْجَنَّةَ ثُمَّ قَرَأَ قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ حَتّٰى خَتَمَ عَشْرَ آيَاتٍ رَوَاهُ أَحْمَدُ

ہم سے پھر فرمایا اتریں مجھ پر دس آیتیں جو کوئی کہ عمل کریگا ان پر داخل ہوگا جنت میں پھر پڑھا حضرت نے تحقیق مراد کو پہنچ گئے ایماندار یہانتک کہ تمام کیا دس آیتوں کو روایت کیا اسکو احمد

وَالتِّرْمِذِيُّ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ رض قَالَ إِنَّ رَجُلًا ضَرِيرَ الْبَصَرِ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ

اور ترمذی نے تیسری فصل روایت ہے عثمان بن حنیف رض سے کہا اسنے بیشک ایک مرد اندھا آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو کہا اسنے دعا کیجئے اللہ

يُعَافِيَنِي فَقَالَ إِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ وَإِنْ شِئْتَ صَبَرْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ قَالَ فَادْعُهُ قَالَ فَأَمَرَهُ أَنْ يَتَوَضَّأَ فَيُحْسِنَ الْوُضُوءَ وَ

میری شفا کی واسطے تب فرمایا اگر چاہے تو دعا کروں میں اور اگر چاہے تو صبر کر رہ کہ صبر بھلا ہے تیرے حق میں کہا اسنے دعا ہی کیجئے کہا عثمان نے پھر حکم کیا حضرت نے اسکو

يَدْعُوَ بِهٰذَا الدُّعَاءِ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ إِنِّي تَوَجَّهْتُ بِكَ إِلٰى رَبِّي لِتَقْضِيَ

دعا کریگا اس دعا سے اے اللہ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے اور متوجہ ہوتا ہوں تیری طرف وسیلے تیرے نبی محمد کے جو نبی رحمت کے ہیں میں متوجہ کیا تیرے وسیلے سے اپنے رب کی طرف تاکہ حکم کرے تو

لِي فِي حَاجَتِي هٰذِهِ اللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِيَّ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ غَرِيبٌ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رض قَالَ

میرے لئے بیچ اس حاجت میری کے اے اللہ پھر قبول کر سفارش اسکی میرے حق میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور روایت ہے ابی الدرداء سے

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مِنْ دُعَاءِ دَاوُدَ يَقُولُ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِي يُبَلِّغُنِي

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تھی دعاؤں سے داؤد کی یہہ دعا کہ فرماتے تھے اے اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے تیری محبت اور تیرے دوست کی محبت اور وہ کام جو پہنچاوے

حُبَّكَ اللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ نَفْسِي وَمَالِي وَأَهْلِي وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ قَالَ وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تیری محبت کو اے اللہ کر اپنی محبت زیادہ محبوب میری جان اور مال اور اہل و عیال سے اور سرد پانی سے کہا ابو درداء نے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

إِذَا ذَكَرَ دَاوُدَ يُحَدِّثُ عَنْهُ يَقُولُ كَانَ أَعْبَدَ الْبَشَرِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ

جب ذکر کرتے تھے داؤد کا جس حال میں کہ بیان کرتے اسکا حال فرماتے داؤد سب سے زیادہ عابد تھے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت

السَّائِبِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ صَلّٰى بِنَا عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ صَلٰوةً فَأَوْجَزَ فِيهَا فَقَالَ لَهُ بَعْضُ الْقَوْمِ لَقَدْ خَفَّفْتَ وَأَوْجَزْتَ الصَّلٰوةَ

ہے عطاء بن سائب سے اسکے باپ سے کہا اسنے پڑھائی ہمکو عمار بن یاسر نے کوئی نماز سو اختصار کیا اسمیں پھر کہا اسکو بعضے لوگوں نے البتہ تحقیق خفیف اور اختصار کیا تونے نماز میں

فَقَالَ أَمَا عَلَيَّ ذٰلِكَ لَقَدْ دَعَوْتُ فِيهَا بِدَعَوَاتٍ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا قَامَ تَبِعَهُ رَجُلٌ مِنَ

تب عمار نے کہا اے فلانے نہیں مجھ پر نقصان اسکا تحقیق کہیں میں نے نماز میں کئی دعائیں کہ سنا تھا انکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر جب کھڑا ہوا عمار پیچھے گیا ایک

الْقَوْمِ هُوَ أُبَيٌّ غَيْرَ أَنَّهُ كَنّٰى عَنْ نَفْسِهِ فَسَأَلَهُ عَنِ الدُّعَاءِ ثُمَّ جَاءَ فَأَخْبَرَ بِهِ الْقَوْمَ اللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ

لوگوں میں سے وہ مرد میرا باپ تھا لیکن کنایہ کیا اپنی جان سے پھر پوچھا اس مرد نے عمار سے اس دعا کو پھر آیا وہ مرد سو خبر دی اس دعا کی لوگوں کو کہ یہہ ہے اے اللہ اپنے علم

عَلَى الْخَلْقِ أَحْيِنِي مَا عَلِمْتَ الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِي وَتَوَفَّنِي إِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِي اللّٰهُمَّ وَأَسْأَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ

ساری خلقت پر جلا مجھے جب تک کہ معلوم کرے تو جینا بہتر میرے لئے اور مار مجھ جس وقت کہ معلوم کرے تو موت بہتر میرے لئے اے اللہ اور مانگتا ہوں تجھ سے ڈر تیرا مخفی

وَالشَّهَادَةِ وَأَسْأَلُكَ كَلِمَةَ الْحَقِّ فِي الرِّضَاءِ وَالْغَضَبِ وَأَسْأَلُكَ الْقَصْدَ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنٰى وَأَسْأَلُكَ نَعِيمًا لَا يَنْفَدُ

اور ظاہر میں اور مانگتا ہوں تجھ سے توفیق حق کہنے کی رضا اور ناخوشی میں اور سوال کرتا ہوں تجھ سے میانہ روی کی محتاجی اور تونگری میں اور سوال کرتا ہوں تجھ سے وہ آرام کہ جاتا نہ رہے

وأسألك قرة عين لا تنقطع وأسألك الرضاء بعد القضاء وأسألك برد العيش بعد الموت وأسألك لذة النظر إلى

اور مانگتا ہوں تجھ سے وہ آنکھوں کی ٹھنڈک کہ دور نہو اور سوال کرتا ہوں تجھ سے راضی رہنا بعد کام پورا ہونے کے اور سوال کرتا ہوں تجھ سے اچھے آرام کا بعد مرنے کے اور سوال کرتا ہوں تجھ سے لذت دیدار تیرے کی

وجهك والشوق إلى لقائك في غير ضراء مضرة ولا فتنة مضلة اللهم زينا بزينة الإيمان واجعلنا هداة مهتدين

اور شوق ملنے کا غیر حالت میں سختی کی جو ضرر کرنے والی ہے اور فتنے کی جو گمراہ کرنے والا ہے اے اللہ آراستہ کر ہمکو ایمان کی آرایش سے اور کر ہمکو راہ بتانے والے راہ پائے

رواه النسائي وعن أم سلمة رضي الله عنها أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يقول في دبر الفجر اللهم إني أسألك علما نافعا وعملا

روایت کیا اسکو نسائی نے ۔ اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے نماز صبح کے پیچھے اے اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے نفع دینے والا علم اور

متقبلا ورزقا طيبا رواه أحمد وابن ماجه والبيهقي في الدعوات الكبير وعن أبي هريرة رضي الله عنه قال دعاء حفظته من رسول الله

مقبول عمل اور روزی ستھری روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ اور بیہقی نے کتاب دعوات کبیر میں ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے ایک دعا ہے یاد کی میں نے اسکو رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم لا أدعه اللهم اجعلني أعظم شكرك وأكثر ذكرك وأتبع نصحك وأحفظ وصيتك رواه الترمذي وعن

صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں چھوڑتا ہوں اسکو وہ یہ ہے اے اللہ کر مجھے بزرگی کرنے والا تیرے شکر کی اور زیادہ کرنے والا تیرے ذکر کی اور پیروی کرنے والا تیری نصیحت کی اور یاد رکھنے والا تیری وصیت کا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

عبد الله بن عمرو رضي الله عنه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اللهم إني أسألك الصحة والعفة والأمانة وحسن الخلق

عبد اللہ بن عمر رض سے کہ کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تندرستی اور برائی سے باز رہنا اور دینداری کا اور خوش خلقی کا

والرضى بالقدر وعن أم معبد رضي الله عنها قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اللهم طهر قلبي من النفاق و

اور تقدیر پر راضی رہنے کا ۔ اور روایت ہے ام معبد رض سے کہ کہا اسنے سنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے اے اللہ پاک کر دل میرا نفاق سے اور

عملي من الرياء ولساني من الكذب وعيني من الخيانة فإنك تعلم خائنة الأعين وما تخفي الصدور رواهما البيهقي

کام میرا ریاکاری سے اور زبان میری جھوٹ سے اور آنکھ میری بد نظری سے کہ بیشک تو جانتا ہے چوری نظروں کی آنکھوں کی اور جو کچھ کہ دل چھپا رکھتے ہیں روایت کیا ان دونوں کو بیہقی نے

في الدعوات الكبير وعن أنس رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم عاد رجلا من المسلمين قد خفت فصار مثل

کتاب دعوات کبیر میں ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیمار پرسی کی ایک مرد کی مسلمانوں سے کہ ضعیف ہو رہا تھا سو ہو گیا تھا مانند

الفرخ فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم هل كنت تدعو الله بشيء أو تسأله إياه قال نعم كنت أقول اللهم ما كنت

فرخ کے سو فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا دعا کرتا تھا تو اللہ سے کسی چیز کی یا سوال کرتا تھا اسنے کہا اسنے ہاں میں کہتا تھا اے اللہ جو عذاب کرنے والا ہے تو

معاقبي به في الآخرة فعجله لي في الدنيا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم سبحان الله لا تطيقه ولا تستطيعه أفلا

مجھکو ساتھ اسکے آخرت میں سو جلد دے اسکو مجھے دنیا میں سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عجب ہے سبحان اللہ طاقت نہیں رکھتا ہے تو اور نہ سکیگا اسکو کیوں نہ کہا پھر

قلت اللهم آتنا في الدنيا حسنة وفي الآخرة حسنة وقنا عذاب النار قال فدعا الله به فشفاه الله رواه مسلم وعن

کہا تو نے اے اللہ دے ہمیں دنیا میں عافیت اور آخرت میں مغفرت اور بچا ہمکو دوزخ کی مار سے کہا انس نے پھر کی اس مرد نے اللہ سے اس دعا کو سو آرام بخشا اسکو اللہ نے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

حذيفة رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ينبغي للمؤمن أن يذل نفسه قالوا وكيف يذل نفسه قال يتعرض من

حذیفہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سزاوار نہیں ایماندار کو ذلیل کرنا اپنی جان کا کہا صحابہ نے اور کسطرح ذلیل کرتا ہے اپنی جان کو فرمایا سامنے ہوتا ہے

البلاء لما لا يطيق رواه الترمذي وابن ماجه والبيهقي في شعب الإيمان وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب وعن عمر رضي الله عنه

بلا کے جتنی کہ طاقت نہیں رکھتا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے عمر رض سے

قَالَ عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَرِيرَتِي خَيْرًا مِنْ عَلَانِيَتِي وَاجْعَلْ عَلَانِيَتِي صَالِحَةً

کہا اسنے سکھایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہہ تو اے اللہ کر میرے باطن کو بہتر ظاہر سے اور کر میرے ظاہر کو نیک

اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِي النَّاسَ مِنَ الْأَهْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ غَيْرِ الضَّالِّ وَلَا الْمُضِلِّ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

اے اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے نیک چیزیں جو تو دیا کرتا ہے لوگوں کو گھر کے لوگ اور مال اور اولاد نہ گمراہ ہو اور نہ گمراہ کرنے والے روایت کیا اسکو ترمذی نے

كِتَابُ الْمَنَاسِكِ

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ فُرِضَ عَلَيْكُمُ الْحَجُّ فَحُجُّوا فَقَالَ رَجُلٌ أَكُلَّ عَامٍ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَسَكَتَ حَتَّى قَالَهَا ثَلَاثًا فَقَالَ لَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ وَلَمَا اسْتَطَعْتُمْ ثُمَّ قَالَ ذَرُونِي مَا تَرَكْتُكُمْ فَإِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِكَثْرَةِ سُؤَالِهِمْ وَاخْتِلَافِهِمْ عَلَى أَنْبِيَائِهِمْ فَإِذَا أَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ فَأْتُوا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَإِذَا نَهَيْتُكُمْ عَنْ شَيْءٍ فَدَعُوهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

ارکان حج کی کتاب پہلی فصل ⁂ روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے وعظ کیا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سو فرمایا اے لوگو تحقیق فرض کیا گیا تم پر حج پھر حج کرو سو کہا اٹھا ایک مرد نے کیا ہر سال کرنا اے رسول اللہ کے سو سکوت فرمایا یہانتک کہ کہا اسنے تین بار پھر فرمایا اگر کہدیتا میں ہاں تو واجب ہو جاتی اور نہ کرسکتے تم پھر فرمایا چھوڑ دو مجھکو جبتک کہ چھوڑ دوں تمکو اسلئے کہ بس ہلاک ہوئے تمہارے پہلے بہت پوچھ پوچھ کے اور جھگڑنے اپنے نبیوں سے پھر جب حکم کروں تمکو کسی چیز کا تو کرو اسکو جتنا سکو تم اور جب منع کروں تمکو کسی چیز سے تو چھوڑ دو اسکو روایت کیا اسکو مسلم نے

وَعَنْهُ قَالَ سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ قَالَ إِيمَانٌ بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ قِيلَ ثُمَّ مَاذَا قَالَ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قِيلَ ثُمَّ مَاذَا قَالَ حَجٌّ مَبْرُورٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے پوچھا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نسا کام سب سے افضل ہے فرمایا ایمان لانا اللہ پر اور رسول پر کہا گیا پھر کونسا کام فرمایا جہاد کرنا راہ میں اللہ کی کہا گیا پھر کونسا کام فرمایا حج مقبول ⁂ ق

وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَجَّ لِلّٰهِ فَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ رَجَعَ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے حج کیا اللہ کے لیے پھر رفث نہ کیا اور فسق نہ کیا پھر گیا مانند اس دن کے کہ جنا اسکو اسکی ماں نے ⁂ ق

وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعُمْرَةُ إِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُمَا وَالْحَجُّ الْمَبْرُورُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عمرہ دوسرے عمرے تک دور کرتا ہے گناہ درمیان کے اور حج مقبول کی نہیں کوئی جزا سوا جنت کے ⁂ ق

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ عُمْرَةً فِي رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک عمرہ رمضان میں برابر حج کے ہے ⁂ ق

وَعَنْهُ قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيَ رَكْبًا بِالرَّوْحَاءِ فَقَالَ مَنِ الْقَوْمُ قَالُوا الْمُسْلِمُونَ فَقَالُوا مَنْ أَنْتَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ فَرَفَعَتْ إِلَيْهِ امْرَأَةٌ صَبِيًّا فَقَالَتْ أَلِهٰذَا حَجٌّ قَالَ نَعَمْ وَلَكِ أَجْرٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم ملاقات کی کئی سواروں سے روحاء میں سو فرمایا کون ہیں یہ لوگ کہا ہم مسلمان ہیں پھر کہا انھوں نے آپ کون ہیں فرمایا میں رسول اللہ کا پھر بلند کیا حضرت کی طرف ایک عورت نے ایک لڑکے کو پھر کہا کیا اسکا حج ہوگا فرمایا ہاں اور تجھے بھی ثواب ملیگا روایت کیا اسکو مسلم نے

وَعَنْهُ قَالَ إِنَّ امْرَأَةً مِنْ خَثْعَمَ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ فَرِيضَةَ اللّٰهِ عَلَى عِبَادِهِ فِي الْحَجِّ أَدْرَكَتْ أَبِي شَيْخًا كَبِيرًا لَا يَثْبُتُ عَلَى الرَّاحِلَةِ أَفَأَحُجُّ عَنْهُ قَالَ نَعَمْ وَذٰلِكَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے تحقیق ایک عورت نے بنی خثعم سے کہا اے رسول اللہ کے بیشک فرض اللہ کا جو بندوں پر اسکے ہے حج میں پایا اسنے میرے باپ کو بوڑھا بہت بڑا نہیں رہ سکتا اونٹ پر کیا پھر حج کروں اسکے بدلے فرمایا ہاں اور یہ تھا حجۃ الوداع میں ⁂ ق

وَعَنْهُ قَالَ أَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ أُخْتِي نَذَرَتْ أَنْ تَحُجَّ وَإِنَّهَا مَاتَتْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ عَلَيْهَا دَيْنٌ أَكُنْتَ قَاضِيَهُ قَالَ نَعَمْ قَالَ

اور روایت ہے اسی سے کہ کہا اسنے آیا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو کہا بیشک میری بہن نے نذر کی تھی حج کرنے کی اور بیشک وہ مر گئی سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر ہوتا اسپر قرض تو کیا تھا تو ادا کرنے والا اسکا کہا ہاں فرمایا تو ادا کر

دَيْنُ اللّٰهِ فَهُوَ اَحَقُّ بِالْقَضَاءِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ وَلَا تُسَافِرَنَّ
قرض اللہ کا کہ وہ زیادہ سزاوار ہے ادا کرنے کا۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تنہا نہ رہے کوئی مرد کسی عورت سے اور سفر نہ
امْرَاَةٌ اِلَّا وَمَعَهَا مَحْرَمٌ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اكْتُتِبْتُ فِيْ غَزْوَةِ كَذَا وَكَذَا وَخَرَجَتِ امْرَاَتِيْ حَاجَّةً قَالَ اذْهَبْ فَاحْجُجْ مَعَ
کوئی عورت مگر جس حال میں کہ ساتھ اسکے محرم ہو۔ پھر کہا ایک مرد نے اے رسول اللہ کے نام لکھا گیا ہے میرا فلانی فلانی لڑائی میں اور نکلی عورت میری حج کرنے فرمایا جا حج کر
امْرَاَتِكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ رض قَالَتْ اسْتَاْذَنْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجِهَادِ فَقَالَ جِهَادُكُنَّ الْحَجُّ مُتَّفَقٌ
اپنی عورت کے ساتھ۔ ق ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے حکم مانگا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جہاد کو چلنے کا سو فرمایا تم عورتوں کا جہاد حج ہے۔ ق ۔
عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُسَافِرُ امْرَاَةٌ مَسِيْرَةَ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ اِلَّا وَمَعَهَا ذُوْ مَحْرَمٍ
اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر نہ کرے کوئی عورت ایک دن اور ایک رات کی راہ کا مگر اس وقت کہ ساتھ اسکے کوئی محرم ہو
عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ وَقَّتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلِاَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ
ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے میقات ٹھہرایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینے کے لوگوں کا ذا الحلیفہ کو اور شام کے لوگوں کا رابغ کو
وَلِاَهْلِ نَجْدٍ قَرْنَ الْمَنَازِلِ وَلِاَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ فَهُنَّ لَهُنَّ وَلِمَنْ اَتٰى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِ اَهْلِهِنَّ لِمَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَمَنْ
اور نجد کے لوگوں کا قرن منازل کو اور یمن کے لوگوں کا یلملم کو پھر یہ مواضع ان مواضع والوں کے اور آنے والوں کے لیے ان سے سوا جن رہنے والوں پر جو ارادہ رکھتا ہو حج اور عمرہ کا پھر جو
كَانَ دُوْنَهُنَّ فَمُهَلُّهُ مِنْ اَهْلِهِ وَكَذَاكَ وَكَذَاكَ حَتّٰى اَهْلُ مَكَّةَ يُهِلُّوْنَ مِنْهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ رض عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى
ورے ہو ان سے سو احرام اسکی جگہ اسکے گھر سے ہے اور اسی طور اور اسی طور یہاں تک کہ مکے کے لوگ احرام باندھیں مکے سے۔ ق ۔ اور روایت ہے جابر رض سے رسول اللہ صلی
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُهَلُّ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ وَالطَّرِيْقُ الْاٰخَرُ الْجُحْفَةُ وَمُهَلُّ اَهْلِ الْعِرَاقِ ذَاتُ عِرْقٍ وَمُهَلُّ اَهْلِ نَجْدٍ
اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا احرام کی جگہ مدینے والوں کی ذی الحلیفہ ہے اور دوسری راہ سے رابغ اور احرام کی جگہ عراق والوں کی ذات عرق ہے اور احرام کی جگہ نجد والوں کی
قَرْنٌ وَمُهَلُّ اَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَنَسٍ رض قَالَ اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَ عُمَرٍ كُلُّهُنَّ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ
قرن منازل ہے اور احرام کی جگہ یمن والوں کی یلملم ہے روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا اسنے عمرہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار عمرے سب ذی القعدہ میں
اِلَّا الَّتِيْ كَانَتْ مَعَ حَجَّتِهِ عُمْرَةً مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ وَعُمْرَةً مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ وَعُمْرَةً مِنَ الْجِعْرَانَةِ
سوا اس عمرے کے کہ تھا حج الوداع ساتھ ایک عمرہ مقام حدیبیہ سے ذی القعدہ میں اور ایک عمرہ سال آئندہ ذی القعدہ میں اور ایک عمرہ مقام جعرانہ سے
حَيْثُ قَسَمَ غَنَائِمَ حُنَيْنٍ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ وَعُمْرَةً مَعَ حَجَّتِهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رض قَالَ اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
جہاں تقسیم کی حنین کی غنیمتوں کی ذی القعدہ میں اور ایک عمرہ حج کے ساتھ۔ ق ۔ اور روایت ہے براء بن عازب رض سے کہ کہا اسنے عمرہ کیا رسول اللہ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ قَبْلَ اَنْ يَحُجَّ مَرَّتَيْنِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
صلی اللہ علیہ وسلم نے ذی القعدہ میں پہلے حج کے دو بار۔ روایت کیا اسکو بخاری نے۔ دوسری فصل۔ روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے فرمایا رسول
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلَيْكُمُ الْحَجَّ فَقَامَ الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ فَقَالَ اَفِيْ كُلِّ عَامٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے لوگو بیشک اللہ نے فرض کیا تم پر حج کو پھر کھڑا ہوا اقرع بن حابس اور کہا کیا ہر سال میں اے رسول اللہ کے فرمایا
لَوْ قُلْتُهَا نَعَمْ لَوَجَبَتْ وَلَوْ وَجَبَتْ لَمْ تَعْمَلُوْا بِهَا وَلَمْ تَسْتَطِيْعُوْا اَلْحَجُّ مَرَّةً فَمَنْ زَادَ فَتَطَوُّعٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ
اگر کہتا میں اسکو ہاں تو واجب ہو جاتا اور اگر ہر سال واجب ہوتا تو نہ کر سکتے تم اسکو۔ حج ایک بار ہے پھر جسنے زیادہ کیا سو نفل ہے روایت کیا اسکو احمد اور نسائی نے

وَالدَّارِمِيُّ ❊ وَعَنْ عَلِيٍّ رضـ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَلَكَ زَادًا وَّرَاحِلَةً تُبَلِّغُهُ اِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ وَلَمْ يَحُجَّ

اور دارمی نے ❊ اور روایت ہے علی رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مالک ہو راہ خرچ اور سواری کا کہ پہنچا دے اسکو گھر تک اللہ کے اور باوجود اسکے حج نہ کیا

فَلَا عَلَيْهِ اَنْ يَّمُوْتَ يَهُوْدِيًّا اَوْ نَصْرَانِيًّا وَذٰلِكَ اَنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَقُوْلُ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ

سو فرق نہیں اسپر مرنے میں یہودی یا نصرانی ہو کر ❊ اور وہ اس سبب سے کہ اللہ برکت اور بلندی والا فرماتا ہے اور حق اللہ کا ہے لوگوں پر حج کرنا بیت اللہ کا جو کوئی کہ

سَبِيْلًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَفِيْ اِسْنَادِهِ مَقَالٌ وَهِلَالُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَجْهُوْلٌ وَالْحَارِثُ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ

پہنچنا ❊ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور سند میں اسکی گفتگو ہے اور ہلال بن عبد اللہ راوی مجہول ہے اور حارث کو ضعیف کہتے ہیں حدیث میں

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضـ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا صَرُوْرَةَ فِي الْاِسْلَامِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ ❊ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی طاقت حج کی رکھے اسلام میں نہیں ❊ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ❊ اور روایت ہے اسی سے کہا

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَرَادَ الْحَجَّ فَلْيُعَجِّلْ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ ❊ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رضـ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے ارادہ حج کا کیا تو جلدی کرے ❊ روایت کیا اسکو ابو داؤد اور دارمی نے ❊ اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہا اسنے فرمایا رسول صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَابِعُوْا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ فَاِنَّهُمَا يَنْفِيَانِ الْفَقْرَ وَالذُّنُوْبَ كَمَا يَنْفِي الْكِيْرُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ وَالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ

علیہ وسلم نے متابعت کرو درمیان حج اور عمرے کے اسلئے کہ وہ دونوں دور کرتے ہیں محتاجی اور گناہوں کو جیسا کہ دور کرتی ہے بھٹی میل کو لوہے اور سونے اور روپے کے

وَلَيْسَ لِلْحَجَّةِ الْمَبْرُوْرَةِ ثَوَابٌ اِلَّا الْجَنَّةُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْ عُمَرَ اِلٰى قَوْلِهٖ خَبَثَ الْحَدِيْدِ

اور نہیں ہے حج مقبول کا بدلا سوا جنت کے ❊ روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے اور روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ نے حضرت عمر سے حضرت کے قول تک خبث الحدید

وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رضـ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا يُوْجِبُ الْحَجَّ قَالَ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ رَوَاهُ

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا اسنے آیا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا اے رسول اللہ کے کیا شرط ہے وجوب حج کی فرمایا راہ خرچ اور سواری ❊ روایت

التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ ❊ وَعَنْهُ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا الْحَاجُّ قَالَ الشَّعِثُ التَّفِلُ فَقَامَ اٰخَرُ فَقَالَ يَا

ترمذی اور ابن ماجہ نے ❊ اور روایت ہے اسی سے کہا اسنے پوچھا ایک مرد نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر کہا کون حاجی ہو فرمایا بکھرے بال بدبو میلے کپڑے والا پھر کھڑا ہوا

رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الْحَجِّ اَفْضَلُ قَالَ الْعَجُّ وَالثَّجُّ فَقَامَ اٰخَرُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا السَّبِيْلُ قَالَ زَادٌ وَّرَاحِلَةٌ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرَوٰى

رسول اللہ کے کونسا کام حج میں بہتر ہے فرمایا عج اور ثج پھر کھڑا ہوا دوسرا اور کہا اے رسول اللہ کے کیا ہیں معنے لفظ سبیل کے فرمایا خرچ اور سواری ❊ روایت کیا اسکو بغوی نے شرح سنت میں اور روایت

ابْنُ مَاجَةَ فِيْ سُنَنِهٖ اِلَّا اَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرِ الْفَصْلَ الْاَخِيْرَ ❊ وَعَنْ اَبِيْ رَزِيْنِ الْعُقَيْلِيِّ رضـ اَنَّهٗ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

ابن ماجہ نے سنن ابن ماجہ میں مگر اسنے نہ ذکر کیا اخیر فقرے کو ❊ اور روایت ہے ابی رزین عقیلی رض سے کہ وہ آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا اے رسول اللہ کے

اِنَّ اَبِيْ شَيْخٌ كَبِيْرٌ لَّا يَسْتَطِيْعُ الْحَجَّ وَلَا الْعُمْرَةَ وَلَا الظَّعْنَ قَالَ حُجَّ عَنْ اَبِيْكَ وَاعْتَمِرْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ

بیشک میرا باپ بوڑھا ہے کہ نہیں سکت پیادہ حج اور عمرہ ادا کرنا اور نہ سوار ہو کر فرمایا حج کر اپنے باپ کی نیابت سے اور عمرہ ❊ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی نے

وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ ❊ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضـ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَّقُوْلُ لَبَّيْكَ

اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے ❊ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا ایک مرد کو لبیک کہتے

عَنْ شُبْرُمَةَ قَالَ مَنْ شُبْرُمَةُ قَالَ اَخٌ لِّيْ اَوْ قَرِيْبٌ لِّيْ قَالَ اَحَجَجْتَ عَنْ نَفْسِكَ قَالَ لَا قَالَ حُجَّ عَنْ نَفْسِكَ ثُمَّ حُجَّ عَنْ شُبْرُمَةَ

شبرمہ کی طرف سے فرمایا کون ہے شبرمہ کہا بھائی یا خویش میرا ہے فرمایا کیا تو نے حج کیا اپنی ذات کا کہا نہیں فرمایا پہلے حج کر اپنی ذات کا پھر حج کر شبرمہ کی طرف سے

رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْهُ قَالَ وَقَّتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَهْلِ الْمَشْرِقِ الْعَقِيْقَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

روایت کیا اسکو شافعی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے۔ اور اسی سے روایت ہے کہ کہا انہوں نے میقات ٹھہرایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مشرق کا عقیق کو روایت کیا اسکو ترمذی

وَأَبُوْ دَاوُدَ وَعَنْ عَائِشَةَ رض أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَّتَ لِأَهْلِ الْعِرَاقِ ذَاتَ عِرْقٍ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ

اور ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میقات ٹھہرایا عراق والوں کا مقام ذات عرق کو روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے

وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رض قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ أَهَلَّ بِحَجَّةٍ أَوْ عُمْرَةٍ مِنَ الْمَسْجِدِ الْأَقْصٰى إِلَى

اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہ کہا انہوں نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جو کوئی احرام باندھے حج یا عمرے کا بیت المقدس سے

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ أَوْ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَهْ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

بیت اللہ تک معاف ہوتے ہیں اگلے اور پچھلے گناہ اسکے اور ثابت ہو گئی اسکے لئے بہشت روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے۔ تیسری فصل

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ كَانَ أَهْلُ الْيَمَنِ يَحُجُّوْنَ فَلَا يَتَزَوَّدُوْنَ وَيَقُوْلُوْنَ نَحْنُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ فَإِذَا قَدِمُوْا مَكَّةَ سَأَلُوا النَّاسَ فَأَنْزَلَ

روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا انہوں نے ملک یمن کے لوگ ارادہ حج کا کرتے پھر خرچ راہ ساتھ نہ لیتے اور دعوی کرتے کہ ہم متوکل ہیں پھر جب مکے میں آتے تو مانگتے لوگوں سے پس اتاری

اللّٰهُ تَعَالٰى وَتَزَوَّدُوْا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَائِشَةَ رض قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلَى النِّسَاءِ جِهَادٌ

اللہ تعالی نے اور توشہ ساتھ لو اس لئے کہ سب سے بہتر توشہ سوال سے بچنا ہی ہے روایت کیا اسکو بخاری نے۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا انہوں نے کہا میں نے اے رسول اللہ کیا ہی عورتوں پر جہاد

قَالَ نَعَمْ عَلَيْهِنَّ جِهَادٌ لَا قِتَالَ فِيْهِ الْحَجُّ وَالْعُمْرَةُ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ

فرمایا ہاں ان پر جہاد ہی کہ لڑائی نہیں ہے اس میں حج اور عمرہ ہی روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابی امامہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص

لَمْ يَمْنَعْهُ مِنَ الْحَجِّ حَاجَةٌ ظَاهِرَةٌ أَوْ سُلْطَانٌ جَائِرٌ أَوْ مَرَضٌ حَابِسٌ فَمَاتَ وَلَمْ يَحُجَّ فَلْيَمُتْ إِنْ شَاءَ يَهُوْدِيًّا وَإِنْ شَاءَ

کہ نہ روکے اسکو حج سے حاجت ظاہری یا ظالم بادشاہ یا بیماری کہ مانع سفر ہو پھر مرگیا حج نہ کرکے تو چاہئے کہ مرے اگر چاہے یہودی ہوکر اور اگر چاہے

نَصْرَانِيًّا رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ الْحُجَّاجُ وَالْعُمَّارُ وَفْدُ اللّٰهِ إِنْ دَعَوْهُ

نصرانی ہوکر روایت کیا اسکو دارمی نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا حج اور عمرہ کرنے والے اللہ کی درگاہ کے مہمان ہیں اگر دعا کریں

أَجَابَهُمْ وَإِنِ اسْتَغْفَرُوْهُ غَفَرَ لَهُمْ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَفْدُ اللّٰهِ

تو قبول کرلیتا ہے اور اگر مغفرت چاہیں تو بخش دیتا ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور اسی سے روایت ہے کہ کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے وفد اللہ کے

ثَلَاثَةٌ الْغَازِيْ وَالْحَاجُّ وَالْمُعْتَمِرُ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

تین ہیں مجاہد اور حاجی اور عمرہ لانے والا روایت کیا اسکو نسائی نے اور بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا لَقِيْتَ الْحَاجَّ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَصَافِحْهُ وَمُرْهُ أَنْ يَسْتَغْفِرَ لَكَ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بَيْتَهُ فَإِنَّهُ مَغْفُوْرٌ لَهُ رَوَاهُ

اللہ علیہ وسلم نے جب ملے تو حاجی سے تب سلام کر اسپر اور مصافحہ کر اس سے اور حکم کر اسکو مغفرت چاہنے کا تیرے لئے پہلے اسکے گھر میں جانے کے اس لئے کہ بخشش کی گئی ہے اسکی

أَحْمَدُ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ خَرَجَ حَاجًّا أَوْ مُعْتَمِرًا أَوْ غَازِيًا ثُمَّ مَاتَ فِيْ طَرِيْقِهِ

احمد نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی گھر سے نکلا حج یا عمرہ یا جہاد کے ارادے سے پھر مرگیا جاتے جاتے

كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ أَجْرَ الْغَازِيْ وَالْحَاجِّ وَالْمُعْتَمِرِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ

بَابُ الْإِحْرَامِ وَالتَّلْبِيَةِ اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

تو لکھ دیگا اللہ اسکے لئے مزدوری جہاد اور حج اور عمرہ تمام کرنے والے کی روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں۔ باب احرام باندھنے اور لبیک پکارنے کا پہلی فصل

عن عائشة رض قالت كنت اطيب رسول الله صلى الله عليه وسلم لاحرامه قبل ان يحرم ولحله قبل ان يطوف بالبيت

اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہوں نے خوشبو لگاتی تھی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو احرام کے لئے پہلے حضرت کے احرام باندھنے کے اور احرام کھولنے کے لئے پہلے طواف کرنے کے

بطيب فيه مسك كاني انظر الى وبيص الطيب في مفارق رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو محرم متفق عليه وعن ابن

وہ خوشبو کہ اس میں مشک رہتا اب لگتا ہے مجھکو کہ دیکھ رہی ہوں چمک اس خوشبو کی تالو پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جس حال میں کہ حضرت احرام سے تھے ۔ متفق ہے اور روایت ہے ابن

عمر رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يهل ملبدا يقول لبيك اللهم لبيك لبيك لا شريك لك لبيك

عمر رض سے کہا انہوں نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اہلال کرتے تلبید کرکے فرماتے حاضر ہوں اے اللہ حاضر ہوں حاضر ہوں کوئی شریک نہیں تیرا حاضر ہوں

ان الحمد والنعمة لك والملك لا شريك لك لا يزيد على هؤلاء الكلمات متفق عليه وعنه قال كان رسول الله صلى الله

بیشک خوبی اور احسان تجھکو سزاوار ہے اور بادشاہت تیری کوئی شریک نہیں تیرا زیادہ نہ کرتے ان کلمات پر ۔ متفق ہے اور اسی سے روایت ہے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم اذا ادخل رجله في الغرز واستوت به ناقته قائمة اهل من عند مسجد ذي الحليفة متفق عليه وعن ابي سعيد

علیہ وسلم جب داخل کرتے تھے مبارک پاؤں غرز میں یعنی رکاب میں اور سیدھی کھڑی رہتی اونٹنی حضرت کو بیٹھا کر لبیک لبیک پکارتے نزدیک مسجد ذی الحلیفہ کے ۔ متفق ہے اور روایت ہے ابی سعید

الخدري رض قال خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم نصرخ بالحج صراخا رواه مسلم وعن انس رض قال كنت

خدری رض سے کہا انہوں نے نکلے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ لبیک حج کا کہتے پکار کر ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا انہوں نے میں

رديف ابي طلحة وانهم ليصرخون بهما جميعا الحج والعمرة رواه البخاري وعن عائشة رض قالت خرجنا مع رسول

سوار تھا ابی طلحہ کی پیٹھ کے پیچھے اور سب صحابہ پکار کر لبیک کہتے تھے دونوں کا ملا کر حج اور عمرہ کا ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا انہوں نے نکلے ہم رسول

الله صلى الله عليه وسلم عام حجة الوداع فمنا من اهل بعمرة ومنا من اهل بحج وعمرة ومنا من اهل بالحج واهل رسول الله

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سال میں حجۃ الوداع کے سو بعضے ہم میں سے احرام باندھا عمرہ کا اور بعضے حج اور عمرہ کا اور بعضے احرام باندھا فقط حج کا اور احرام باندھا رسول

صلى الله عليه وسلم بالحج فاما من اهل بعمرة فحل واما من اهل بالحج او جمع الحج والعمرة فلم يحلوا حتى كان يوم النحر متفق عليه

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فقط حج کا سو جسنے احرام باندھا فقط عمرہ کا سو کھولا اور جسنے احرام باندھا فقط حج کا یا جمع کیا حج اور عمرہ کو سو احرام نہ کھولا جب تک ہوا دن قربانی کا ۔ متفق

وعن ابن عمر رض قال تمتع رسول الله صلى الله عليه وسلم في حجة الوداع بالعمرة الى الحج بدا فاهل بالعمرة ثم اهل بالحج متفق

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے تمتع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں ساتھ عمرہ کے حج تک یعنی پہلے احرام باندھا فقط عمرہ کا پھر لبیک پکارا حج کا ۔ متفق

عليه

الفصل الثاني

عن زيد بن ثابت رض انه راى النبي صلى الله عليه وسلم تجرد لاهلاله واغتسل رواه الترمذي

دوسری فصل ۔ روایت ہے زید بن ثابت رض سے کہ انہوں نے دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سیئے کپڑے نکال ڈالے احرام کے لئے اور غسل کیا ۔ روایت کیا اسکو ترمذی

والدارمي وعن ابن عمر رض ان النبي صلى الله عليه وسلم لبد راسه بالغسل رواه ابو داود وعن خلاد بن السائب عن ابيه

اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تلبید کی سر مبارک کو سر دھونے کی چیز سے ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے خلاد بن سائب سے وہ اپنے باپ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتاني جبريل فامرني ان امر اصحابي ان يرفعوا اصواتهم بالاهلال او التلبية رواه

کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیا میرے پاس جبرئیل سو حکم کیا مجھے کہ حکم کروں اپنے صحابہ کو بلند آواز کرنے کا لبیک سے ۔ روایت کیا اسکو

مالك والترمذي وابو داود والنسائي وابن ماجه والدارمي وعن سهل بن سعد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

مالک اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے سہل بن سعد رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُلَبِّي إِلَّا لَبَّى مَنْ عَنْ يَمِينِهِ وَشِمَالِهِ مِنْ حَجَرٍ أَوْ شَجَرٍ أَوْ مَدَرٍ حَتَّى يَنْقَطِعَ الْأَرْضُ مِنْ هٰهُنَا وَهٰهُنَا رَوَاهُ
کوئی مسلمان لبیک نہیں کہتا مگر کہتے ہیں لبیک جو کوئی داہنے اور بائیں ہیں پتھر یا درخت یا ڈھیلا یہاں تک کہ ختم ہو جاتی ہے زمین یہاں سے اور یہاں سے روایت کیا

التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ ‏وَعَنْ ابْنِ عُمَرَ رض قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْكَعُ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ إِذَا اسْتَوَتْ بِهِ
ترمذی اور ابن ماجہ نے × اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ادا کرتے تھے ذی الحلیفہ میں دو رکعت نماز پھر جب سیدھی کھڑی ہوتی

النَّاقَةُ قَائِمَةً عِنْدَ مَسْجِدِ ذِي الْحُلَيْفَةِ أَهَلَّ بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ وَيَقُولُ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ
اونٹنی مسجد ذی الحلیفہ کے پاس بلند آواز سے فرماتے ان کلمات کو اور فرماتے حاضر ہوں اے اللہ حاضر ہوں اور فرمانبردار ہوں اور نیکی تیرے اختیار میں ہے

لَبَّيْكَ وَالرَّغْبَاءُ إِلَيْكَ وَالْعَمَلُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُهُ لِمُسْلِمٍ ‏وَعَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
حاضر ہوں اور رغبت تیری طرف ہے اور کام تیرے لیے × اور عبارت مسلم کی ہے × اور روایت ہے عمارہ بن خزیمہ بن ثابت سے اسکے باپ سے نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا فَرَغَ مِنْ تَلْبِيَتِهِ سَأَلَ اللّٰهَ رِضْوَانَهُ وَالْجَنَّةَ وَاسْتَعْفَاهُ بِرَحْمَتِهِ مِنَ النَّارِ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ الْفَصْلُ الثَّالِثُ
وسلم سے کہ آپ جب فراغت کرتے تھے لبیک کہنے سے مانگتے اللہ سے رضامندی اسکی اور بہشت اور دعا چاہتے اس سے اسکی رحمت کے سبب دوزخ سے روایت کیا اسکو شافعی نے

عَنْ جَابِرٍ رض أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَرَادَ الْحَجَّ أَذَّنَ فِي النَّاسِ فَاجْتَمَعُوا فَلَمَّا أَتَى الْبَيْدَاءَ أَحْرَمَ رَوَاهُ
روایت ہے جابر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ارادہ کیا حج کا خبر بھیجی لوگوں میں سو جمع ہوئے پھر جب آئے مقام بیداء میں احرام باندھا روایت کیا

الْبُخَارِيُّ ‏وَعَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ كَانَ الْمُشْرِكُونَ يَقُولُونَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ فَيَقُولُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
بخاری نے × اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا انہوں نے مشرک لوگ کہتے تھے حاضر ہیں کوئی شریک نہیں تیرا پھر فرماتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

وَيْلَكُمْ قَدْ قَدْ إِلَّا شَرِيكًا هُوَ لَكَ تَمْلِكُهُ وَمَا مَلَكَ يَقُولُونَ هٰذَا وَهُمْ يَطُوفُونَ بِالْبَيْتِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ ‏بَابُ قِصَّةِ
ارے تمہاری خرابی بس کرو بس کرو مگر وہ شریک کہ وہ تیرا ہی ہے تو مالک ہے اسکا اور اسکی ملک کا کہتے یہ اور وہ طواف کرتے بیت اللہ کا روایت کیا اسکو مسلم نے یہ باب بیان میں

حَجَّةِ الْوَدَاعِ ‏الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رض أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَثَ بِالْمَدِينَةِ
حجۃ الوداع کے قصے کے × پہلی فصل × روایت ہے جابر بن عبداللہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رہے مدینے میں

تِسْعَ سِنِينَ لَمْ يَحُجَّ ثُمَّ أَذَّنَ فِي النَّاسِ فِي الْعَاشِرَةِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجٌّ فَقَدِمَ الْمَدِينَةَ بَشَرٌ
نو سال حج نہ کر کے پھر خبر بھیج دی لوگوں میں دسویں سال کہ اللہ کا رسول حج کو جایا چاہتا ہے سو آئے مدینے میں بہت لوگ

كَثِيرٌ فَخَرَجْنَا مَعَهُ حَتَّى إِذَا أَتَيْنَا ذَا الْحُلَيْفَةِ فَوَلَدَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ مُحَمَّدَ بْنَ أَبِي بَكْرٍ فَأَرْسَلَتْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى
پھر نکلے ہم حضرت کے ساتھ یہاں تک کہ جب پہنچے ذا الحلیفہ کو تو جنا اسماء بنت عمیس نے محمد بن ابی بکر کو پھر بھیج دیا کسی کو اسنے رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ أَصْنَعُ قَالَ اغْتَسِلِي وَاسْتَثْفِرِي بِثَوْبٍ وَأَحْرِمِي فَصَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ ثُمَّ
اللہ علیہ وسلم کے پاس کہ پوچھ آوے کیا کروں میں فرمایا غسل کر اور لنگوٹ لے کپڑے کی اور احرام باندھ پھر نماز پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد ذی الحلیفہ میں پھر

رَكِبَ الْقَصْوَاءَ حَتَّى إِذَا اسْتَوَتْ بِهِ نَاقَتُهُ عَلَى الْبَيْدَاءِ أَهَلَّ بِالتَّوْحِيدِ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ
سوار ہوئے ناقہ قصواء پر یہاں تک کہ جب سیدھی ہوئی آپ کو لیکر اونٹنی بیداء پر بلند کیا آواز توحید کے ساتھ جو یہ ہے لبیک اللہم لبیک لا شریک لک

لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ قَالَ جَابِرٌ لَسْنَا نَنْوِي إِلَّا الْحَجَّ لَسْنَا نَعْرِفُ الْعُمْرَةَ حَتَّى إِذَا أَتَيْنَا
لبیک ان الحمد والنعمۃ لک والملک لا شریک لک کہا جابر نے نیت نہ کی تھی ہمنے مگر فقط حج کی نہیں پہچانتے تھے ہم عمرے کو یہاں تک کہ جب پہنچے ہم

الْبَيْتَ مَعَهُ اسْتَلَمَ الرُّكْنَ فَرَمَلَ ثَلَاثًا وَمَشَى أَرْبَعًا ثُمَّ نَفَذَ إِلَى مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ فَقَرَأَ وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى

بیت اللہ کو ساتھ آپ کے بوسہ لیا حجر اسود کا ف پھر رمل کیا تین میں اور مشی کی چار میں پھر آئے مقام ابراہیم کے آگے ف اور پڑھی یہ آیت اور بناؤ مقام ابراہیم

فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ فَجَعَلَ الْمَقَامَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْبَيْتِ وَفِي رِوَايَةٍ أَنَّهُ قَرَأَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ وَقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ

پھر پڑھی دو رکعت نماز سو کیا مقام ابراہیم کو اپنے اور بیت اللہ کے درمیان اور ایک روایت میں یوں ہے کہ پڑھی بعد سورہ فاتحہ کے ان دو رکعتوں میں سورہ قل ھو اللہ احد اور قل یا ایہا الکافرون

ثُمَّ رَجَعَ إِلَى الرُّكْنِ فَاسْتَلَمَهُ ثُمَّ خَرَجَ مِنَ الْبَابِ إِلَى الصَّفَا فَلَمَّا دَنَا مِنَ الصَّفَا قَرَأَ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللَّهِ أَبْدَأُ

پھر پھرے حجر اسود کی طرف اور بوسہ دیا اسکو پھر نکلے باب صفا سے ف صفا کی طرف پھر جب صفا کے نزدیک پہنچے پڑھی یہ آیت کہ بیشک صفا اور مروہ نشانیوں میں ہیں اللہ کی

بِمَا بَدَأَ اللَّهُ بِهِ فَبَدَأَ بِالصَّفَا فَرَقِيَ عَلَيْهِ حَتَّى رَأَى الْبَيْتَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَوَحَّدَ اللَّهَ وَكَبَّرَهُ وَقَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ

اسی چیز سے کہ پہلے نام لیا اللہ نے اسکا پھر ابتدا کی صفا سے سو چڑھے اس پر یہاں تک کہ دیکھا بیت اللہ کو پھر رخ کیا قبلہ کی طرف پھر توحید اور تکبیر کی اور فرمایا لا الہ الا اللہ

وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ أَنْجَزَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَ

وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شیء قدیر کوئی معبود نہیں سوا اللہ کے جو اکیلا ہے پورا کیا وعدہ اپنا اور مدد کی اپنے بندے کی

هَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ ثُمَّ دَعَا بَيْنَ ذَلِكَ قَالَ مِثْلَ هَذَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ نَزَلَ وَمَشَى إِلَى الْمَرْوَةِ حَتَّى انْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِي بَطْنِ

شکست دی جماعتوں کو لشکر کی اکیلے ف پھر دعا کی بیچ میں اس کے ایسا ہی فرمایا تین بار پھر اترے اور چلے مروہ کی طرف یہاں تک کہ جب آپ کے قدم اترے

الْوَادِي سَعَى حَتَّى إِذَا صَعِدَتَا مَشَى حَتَّى أَتَى الْمَرْوَةَ فَفَعَلَ عَلَى الْمَرْوَةِ كَمَا فَعَلَ عَلَى الصَّفَا حَتَّى إِذَا كَانَ آخِرُ طَوَافٍ عَلَى الْمَرْوَةِ

اس میدان کی دوڑنے لگے یہاں تک کہ جب چڑھنے لگے پھر آہستہ چلنے لگے یہاں تک کہ آئے مروہ پر سو کیا مروہ پر جیسا کیا صفا پر یہاں تک کہ جب آخر پھیرا آپ کے طواف کا

فَقَالَ لَوْ أَنِّي اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ لَمْ أَسُقِ الْهَدْيَ وَجَعَلْتُهَا عُمْرَةً فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ لَيْسَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيَحِلَّ

ف پھر فرمایا اگر مجھے پہلے معلوم ہوتا اپنی رائے جو پیچھے معلوم ہوا تو ساتھ نہ لاتا ہدی ف اور کر ڈالتا اس حج کو عمرہ ف پھر جو شخص تم میں سے کہ ہدی نہیں اس کے ساتھ احرام کھول ڈالے

وَلْيَجْعَلْهَا عُمْرَةً فَقَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلِعَامِنَا هَذَا أَمْ لِأَبَدٍ فَشَبَّكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

اور بدلے حج کو عمرہ سے سو کھڑا ہوا سراقہ بن مالک بن جعشم اور کہا اے رسول اللہ کیا اسی سال یہ حکم ہے یا ہمیشہ پھر ڈالیں رسول اللہ صلی

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصَابِعَهُ وَاحِدَةً فِي الْأُخْرَى وَقَالَ دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ مَرَّتَيْنِ لَا بَلْ لِأَبَدٍ أَبَدٍ وَقَدِمَ عَلِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ

اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیاں ایک دوسری میں اور فرمایا داخل ہوا عمرہ حج میں دو بار ف نہیں بلکہ ہمیشہ کو اور آئے علی یمن کی طرف سے

بِبُدْنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَاذَا قُلْتَ حِينَ فَرَضْتَ الْحَجَّ قَالَ قُلْتُ اللَّهُمَّ إِنِّي أُهِلُّ بِمَا أَهَلَّ بِهِ رَسُولُكَ

بہت سے اونٹ لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ف پھر فرمایا ف کیا کہا تو نے جب احرام باندھا حج کا کہا کہ میں نے کہا الٰہی میں بھی احرام باندھتا ہوں جس سے

قَالَ فَإِنَّ مَعِيَ الْهَدْيَ فَلَا تَحِلَّ قَالَ فَكَانَ جَمَاعَةُ الْهَدْيِ الَّذِي قَدِمَ بِهِ عَلِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ وَالَّذِي أَتَى بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فرمایا میرے ساتھ تو ہدی ہے پھر احرام مت کھول تو کہا جابر نے پھر تھا مجموعہ اونٹوں کا جو علی نے لائے یمن سے اور جو لے آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

مِائَةً قَالَ فَحَلَّ النَّاسُ كُلُّهُمْ وَقَصَّرُوا إِلَّا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ

ف سو اونٹ کہا جابر نے پھر احرام کھول دیا سب لوگوں نے اور بال کتروا ڈالے ف مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور جنکے ساتھ ہدی تھی پھر جب ہوئی آٹھویں تاریخ

تَوَجَّهُوا إِلَى مِنًى فَأَهَلُّوا بِالْحَجِّ وَرَكِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى بِهَا الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ

ف چلے منی کی طرف ف پھر احرام باندھا حج کا ف اور سوار ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پھر نماز پڑھی منا میں ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا

وَالْفَجْرَ ثُمَّ مَكَثَ قَلِيلًا حَتَّى طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَأَمَرَ بِقُبَّةٍ مِنْ شَعَرٍ تُضْرَبُ لَهُ بِنَمِرَةَ فَسَارَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا

اور فجر کی پھر ٹھہرے تھوڑا جب تک کہ طلوع ہوا آفتاب اور حکم کیا بال کے خیمے کے لگانے کے لئے ایک اپنے لئے مقام نمرہ میں پھر چلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور

تَشُكُّ قُرَيْشٌ إِلَّا أَنَّهُ وَاقِفٌ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ كَمَا كَانَتْ قُرَيْشٌ تَصْنَعُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَأَجَازَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

گمان نہ کرتے تھے قریش مگر اسکا کہ حضرت ٹھہرے رہینگے مزدلفہ میں جیسا کہ قریش کیا کرتے تھے ایام جاہلیت میں پھر چلے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ حَتَّى أَتَى عَرَفَةَ فَوَجَدَ الْقُبَّةَ قَدْ ضُرِبَتْ لَهُ بِنَمِرَةَ فَنَزَلَ بِهَا حَتَّى إِذَا زَاغَتِ الشَّمْسُ أَمَرَ بِالْقَصْوَاءِ فَرُحِلَتْ

وسلم یہاں تک کہ پہنچے جبل عرفات کے سو پایا خیمہ کھڑا کیا ہوا آپ کے لئے نمرہ میں پھر اترے اسمیں یہاں تک کہ جب ڈھلا آفتاب حکم کیا کہ قصوا کو تیار کریں سو کسا گیا

لَهُ فَأَتَى بَطْنَ الْوَادِي فَخَطَبَ النَّاسَ وَقَالَ إِنَّ دِمَاءَكُمْ وَأَمْوَالَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِي شَهْرِكُمْ هٰذَا فِي بَلَدِكُمْ

آپ کی سواری کو پھر آئے بستی میں عرنہ کے میدان کی پھر وعظ کیا لوگوں کو اور فرمایا بیشک ناحق خون کرنا اور مال لینا آپس میں حرام ہے تم پر تمہارے اسدن کی حرمت برابر تمہارے اس مہینے میں تمہارے اس شہر میں

هٰذَا أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ تَحْتَ قَدَمَيَّ مَوْضُوعٌ وَدِمَاءُ الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوعَةٌ وَإِنَّ أَوَّلَ دَمٍ أَضَعُ مِنْ دِمَائِنَا دَمُ ابْنِ

خبردار سب رسم جاہلیت کے زمانے کی میرے دونوں پاؤں کے تلے رکھ دی گئی اور خون زمانہ جاہلیت کے چھوڑ دئیے گئے اور بیشک سب سے پہلے جو خون کہ چھوڑ دیتا ہوں ہمارے خونوں میں سے

رَبِيعَةَ بْنِ الْحَارِثِ كَانَ مُسْتَرْضِعًا فِي بَنِي سَعْدٍ فَقَتَلَهُ هُذَيْلٌ وَرِبَا الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوعٌ وَأَوَّلُ رِبًا أَضَعُ مِنْ رِبَانَا رِبَا عَبَّاسِ

ربیعہ بن حارث کے بیٹے کا ہے اور وہ دودھ پلایا گیا تھا قبیلہ بنی سعد میں سو مار ڈالا اسکو ہذیل نے اور بیاج جاہلیت کا موقوف ہے اور جو بیاج کہ سب سے پہلے موقوف کرتا ہوں اپنے بیاجوں سے عباس

بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَإِنَّهُ مَوْضُوعٌ كُلُّهُ فَاتَّقُوا اللّٰهَ فِي النِّسَاءِ فَإِنَّكُمْ أَخَذْتُمُوهُنَّ بِأَمَانِ اللّٰهِ وَاسْتَحْلَلْتُمْ فُرُوجَهُنَّ بِكَلِمَةِ

بن مطلب کا ہے کہ وہ تمام موقوف ہے پھر ڈرو اللہ سے عورتوں کے باب میں کہ تم نے لیا ان کو خدا کے امان سے اور حلال کیا انکی شرمگاہ کو حکم سے

اللّٰهِ وَلَكُمْ عَلَيْهِنَّ أَنْ لَا يُوطِئْنَ فُرُشَكُمْ أَحَدًا تَكْرَهُونَهُ فَإِنْ فَعَلْنَ ذٰلِكَ فَاضْرِبُوهُنَّ ضَرْبًا غَيْرَ مُبَرِّحٍ وَلَهُنَّ عَلَيْكُمْ

اللہ کے اور تمہارا حق ان پر یہ ہے کہ نہ گھسنے دیں تمہارے بچھونوں پر کسی کو کہ ناخوش ہو تم اس سے پھر اگر کریں وہ کام تو مارو انکو ایسی مار کہ بہت سخت نہ ہو اور ان کا حق تم پر

اور اسی سے روایت ہے کہا اسنے گونتھے میں نے ہار ان کے اون کے رنگین سے کہ تھی میرے پاس پھر بھیجا ان کو میرے باپ کے ساتھ متفق علیہ ہے

وعن ابي هريرة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم رأى رجلا يسوق بدنة فقال اركبها فقال انها بدنة قال اركبها فقال انها بدنة قال اركبها ويلك في الثانية او الثالثة متفق عليه

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کسی مرد کو ہانکتا اونٹنی سو فرمایا سوار ہو اس پر تب کہا اسنے کہ یہ ہدی ہے فرمایا سوار ہو پھر کہا اسنے کہ یہ ہدی ہے فرمایا سوار ہو تیری خرابی ہو دوسری یا تیسری بار میں متفق علیہ ہے

وعن ابي الزبير قال سمعت جابر بن عبد الله سئل عن ركوب الهدي فقال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول اركبها بالمعروف اذا الجئت اليها حتى تجد ظهرا رواه مسلم

اور روایت ہے ابی زبیر سے کہا اسنے سنا میں جابر بن عبداللہ سے جب پوچھا کسی نے مسئلہ سواری کا ہدی پر سو کہا جابر نے سنا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سوار ہو ہدی پر اندازے سے جب ضرورت پڑے تجھے اس کی جب تک پاوے تو دوسری سواری روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن ابن عباس رض قال بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم ستة عشر

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے بھیجے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سولہ

بُدْنَةٍ مَعَ رَجُلٍ وَأَمَرَهُ فِيهَا فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ أَصْنَعُ بِمَا أُبْدِعَ عَلَيَّ مِنْهَا قَالَ انْحَرْهَا ثُمَّ اصْبُغْ نَعْلَيْهَا فِي دَمِهَا ثُمَّ اجْعَلْهَا
اونٹ ہدی کے ایک مرد کے ساتھ اور حکم کیا اسکو انکا سو کہا اسنے اے رسول اللہ کے کیا کروں اس اونٹ سے کہ راہ چلنا مشکل ہو جاوے فرمایا نحر کر اسکو پھر ڈبا اسکی گردن کی نعلین کو لہو میں اسکے پھر رکھ اسکو

عَلَى صَفْحَتِهَا وَلَا تَأْكُلْ مِنْهَا أَنْتَ وَلَا أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ رُفْقَتِكَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ جَابِرٍ رض قَالَ نَحَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
اسکے کوہان کے تختے پر اور مت کھا اس سے تو اور نہ کھاوے کوئی تیرے رفیقوں سے روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے جابر رض سے کہا اسنے نحر کیا ہمنے رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ الْبَدَنَةَ عَنْ سَبْعَةٍ وَالْبَقَرَةَ عَنْ سَبْعَةٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رض أَنَّهُ أَتَى عَلَى رَجُلٍ
علیہ وسلم کے ساتھ صلح حدیبیہ کے سال میں ایک اونٹ سات شخص کی طرف سے اور ایک گاے سات کی طرف سے روایت کیا اسکو مسلم نے × اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ ابن عمر آیا ایک مرد پر

قَدْ أَنَاخَ بَدَنَتَهُ يَنْحَرُهَا قَالَ ابْعَثْهَا قِيَامًا مُقَيَّدَةً سُنَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَلِيٍّ رض قَالَ
کہ تحقیق بٹھایا تھا اونٹ نحر کرنے کو کہا ابن عمر نے کھڑا کر اسکو داہنا اگلا پاؤں باندھ کر طریقہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ادا کرنے × ق × اور روایت ہے علی رض سے کہا

أَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَقُومَ عَلَى بُدْنِهِ وَأَنْ أَتَصَدَّقَ بِلَحْمِهَا وَجُلُودِهَا وَأَجِلَّتِهَا وَأَنْ لَا أُعْطِيَ
حکم کیا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبرداری کا قربانی کے اونٹوں پر اور خیرات کرنے کا ان کے گوشت اور پوست اور جھولوں کو اور نہ دینے کا

الْجَزَّارَ مِنْهَا قَالَ نَحْنُ نُعْطِيهِ مِنْ عِنْدِنَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ رض قَالَ كُنَّا لَا نَأْكُلُ مِنْ لُحُومِ بُدْنِنَا فَوْقَ ثَلَاثٍ فَرَخَّصَ لَنَا
قصاب کو اس سے کچھ بھی کہا علی نے ہم دیتے ہیں اسکو اپنے پاس سے × ق × اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا اسنے ہم نہ کھاتے تھے گوشت اپنی قربانیوں کا تین دن کے اوپر

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كُلُوا وَتَزَوَّدُوا فَأَكَلْنَا وَتَزَوَّدْنَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْدَى عَامَ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا کھاؤ اور توشہ کرو سو کھایا ہمنے اور توشہ کیا ہمنے × ق × دوسری فصل روایت کیا گیا ابن عباس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا

الْحُدَيْبِيَةِ فِي هَدَايَا رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَلًا كَانَ لِأَبِي جَهْلٍ فِي رَأْسِهِ بُرَةٌ مِنْ فِضَّةٍ وَفِي رِوَايَةٍ مِنْ ذَهَبٍ يَغِيظُ بِذٰلِكَ الْمُشْرِكِينَ رَوَاهُ
صلح حدیبیہ کے سال میں ہدی کے اونٹوں میں ایک اونٹ کہ ابی جہل کا تھا کہ اسکے سر میں ناک میں ایک روپے کا حلقہ تھا اور ایک روایت میں سونے کا غصے میں ڈالنا اس سے مشرکوں کو

أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ نَاجِيَةَ الْخُزَاعِيِّ رض قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ أَصْنَعُ بِمَا عَطِبَ مِنَ الْبُدْنِ قَالَ انْحَرْهَا ثُمَّ اغْمِسْ نَعْلَهَا
ابوداؤد نے × اور روایت ہے ناجیہ خزاعی رض سے کہ کہا اسنے کہا میں نے اے رسول اللہ کے کیا کروں اس سے کہ ہلاک ہونے لگے ہدی کے اونٹوں سے فرمایا نحر کر اسکو پھر ڈبا اسکی گردن کی

فِي دَمِهَا ثُمَّ خَلِّ بَيْنَ النَّاسِ وَبَيْنَهَا فَيَأْكُلُونَهَا رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَرَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ عَنْ نَاجِيَةَ
نعلین لہو میں پھر مت منع کر لوگوں میں اور اسمیں پھر کھاویں اسکو × روایت کیا مالک اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو ابوداؤد اور دارمی نے ناجیہ

الْأَسْلَمِيِّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرْطٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَعْظَمَ الْأَيَّامِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمُ النَّحْرِ ثُمَّ يَوْمُ الْقَرِّ
اسلمی سے × اور روایت ہے عبداللہ بن قرط رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا بیشک سب سے بزرگ دن اللہ کے پاس یوم النحر ہے پھر یوم القر

قَالَ ثَوْرٌ وَهُوَ الْيَوْمُ الثَّانِي قَالَ وَقُرِّبَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدَنَاتٌ خَمْسٌ أَوْ سِتٌّ فَطَفِقْنَ يَزْدَلِفْنَ إِلَيْهِ
کہا ثور نے یوم القر دوسرا دن ہے × کہا عبداللہ نے اور نزدیک کئے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اونٹ پانچ یا چھ سو لگے نزدیک ہونے حضرت سے

بِأَيَّتِهِنَّ يَبْدَأُ قَالَ فَلَمَّا وَجَبَتْ جُنُوبُهَا قَالَ فَتَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ خَفِيَّةٍ لَمْ أَفْهَمْهَا فَقُلْتُ مَا قَالَ قَالَ مَنْ شَاءَ اقْتَطَعَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ
کہ اسکو ان میں سے حضرت پہلے نحر کریں کہا پھر جب زمین پر گرے ان کے پہلو کہا پھر فرمایا ایک آہستہ کلمہ کہ نہ سمجھا میں اسکو پھر کہا میں نے کیا فرمایا کہا فرمایا جو چاہے کاٹ لے

وَذُكِرَ حَدِيثَا ابْنِ عَبَّاسٍ وَجَابِرٍ فِي بَابِ الْأُضْحِيَّةِ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رض قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ
اور ذکر کی گئیں دو حدیثیں ابن عباس اور جابر کی قربانی کے باب میں تیسری فصل × روایت ہے سلمہ بن الاکوع رض سے کہ کہا اسنے فرمایا نبی صلی اللہ

عليه وسلم من ضحى منكم فلا يصبحن بعد ثالثة وفي بيته منه شيء فلما كان العام المقبل قالوا يا رسول الله نفعل كما فعلنا

علیہ وسلم نے جو تم میں سے قربانی کرے تیسرے دن کے بعد صبح کرے گھر میں اپنے اس میں سے کچھ باقی نہ رہے جب ہوا آئندہ سال کہا یا رسول اللہ کیا کریں جیسا کیا

العام الماضي قال كلوا واطعموا وادخروا فإن ذلك العام كان بالناس جهد فأردت أن تعينوا فيهم متفق عليه وعن

گئے سال فرمایا کھاؤ اور کھلاؤ اور ذخیرہ رکھ چھوڑو کیونکہ اس سال میں تھی لوگوں پر بھوک سو ارادہ کیا میں نے کہ مدد کرو تم انکی بھوک میں ق ۔ اور روایت ہے

نبيشة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انا كنا نهيناكم عن لحومها ان تأكلوها فوق ثلاثة لكي تسعكم جاء

نبیشہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک ہم نے منع کیا تھا تمکو قربانیوں کے گوشت کھانے سے تین دن کے اوپر تاکہ کفایت کرے تمکو اور آئی

الله بالسعة فكلوا وادخروا واتجروا الا وان هذه الايام ايام اكل وشرب وذكر الله رواه ابو داود باب الحلق

اللہ تعالیٰ فراغت سو کھاؤ اور ذخیرہ کرو اور اجر طلب کرو خبردار اور بیشک یہ دن کھانے اور پینے اور اللہ کی یاد کے دن ہیں روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ باب سر مونڈنے کا

الفصل الاول عن ابن عمر رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم حلق رأسه في حجة الوداع واناس من اصحابه و

پہلی فصل ۔ روایت ہے ابن عمر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر منڈایا حجۃ الوداع میں اور کتنے اصحاب بھی اور

قصر بعضهم متفق عليه وعن ابن عباس رض قال قال لي معاوية اني قصرت من رأس النبي صلى الله عليه وسلم عند

کترا دیا بعضوں نے ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے کہا مجھ سے معاویہ نے کہ کترا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سر کے بال

المروة بمشقص متفق عليه وعن ابن عمر رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال في حجة الوداع اللهم ارحم

مروہ کے پاس بال کترنے کی قینچی سے ق ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حجۃ الوداع میں اے اللہ رحم کر

المحلقين قالوا والمقصرين يا رسول الله قال اللهم ارحم المحلقين قالوا والمقصرين يا رسول الله قال والمقصرين

سر منڈانے والوں پر کہا اور کترنے والوں پر بھی اے رسول اللہ کے فرمایا اے اللہ رحم کر سر منڈانے والوں پر کہا اور کترانے والوں کو اے رسول اللہ کے فرمایا اور کترانے والوں پر

متفق عليه وعن يحيى بن الحصين عن جدته انها سمعت النبي صلى الله عليه وسلم في حجة الوداع دعا للمحلقين

ق ۔ اور روایت ہے یحییٰ بن حصین سے اسکی دادی سے کہ اسنے سنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حجۃ الوداع میں کہ دعا کی محلقین کے لئے

ثلاثا وللمقصرين مرة واحدة رواه مسلم وعن انس رض ان النبي صلى الله عليه وسلم اتى منى فاتى الجمرة فرماها

تین بار اور مقصرین کے لئے ایک بار روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم آئے منا میں پھر آئے جمرہ کے پاس پھر رمی کی

ثم اتى منزله بمنى ونحر نسكه ثم دعا بالحلاق وناول الحلاق شقه الايمن فحلقه ثم دعا ابا طلحة الانصاري فاعطاه

پھر آئے منزل میں جہاں اترے تھے اور ذبح کیا قربانی کو پھر بلایا حجام کو اور حوالے کیا حجام کے داہنی طرف سر کی سو مونڈا اسکو پھر بلایا ابا طلحہ انصاری کو پھر دیے اسکو

اياه ثم ناوله الشق الايسر فقال احلق فحلقه فاعطاه ابا طلحة فقال اقسمه بين الناس متفق عليه وعن عائشة رض

بال پھر اسکے حوالے کی بائیں طرف پھر فرمایا مونڈ سو مونڈا پھر دیا بال ابا طلحہ کو پھر فرمایا بانٹ دے بال کو لوگوں میں ق ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے

قالت كنت اطيب رسول الله صلى الله عليه وسلم قبل ان يحرم ويوم النحر قبل ان يطوف بالبيت بطيب فيه مسك متفق عليه

کہا اسنے میں خوشبو لگاتی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہلے احرام باندھنے کے اور قربانی کے دن پہلے اس گھر کے طواف کرنے کے ایسی خوشبو کہ اسمیں مشک ہوتی ق

وعن ابن عمر رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم افاض يوم النحر ثم رجع فصلى الظهر بمنى رواه مسلم الفصل الثاني

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف افاضہ کیا قربانی کے دن پھر پھر کر نماز پڑھی ظہر کی منا میں روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ دوسری فصل

عن علیؓ وعائشۃ رضؓ قالا نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان تحلق المرأۃ رأسھا رواہ الترمذی وعن ابن عباس

روایت ہے علی اور عائشہ رض سے کہ کہا دونوں نے منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منڈانے سے عورت کو سر اپنا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عباس

رضؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس علی النساء الحلق انما علی النساء التقصیر رواہ ابو داود والدارمی

رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں عورتوں پر سر منڈانا بس عورتوں پر کترانا ہی روایت کیا اسکو ابوداود اور دارمی نے

وھذا الباب خال عن الفصل الثالث باب الفصل الاول عن عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضؓ ان رسول اللہ صلی اللہ

اور یہ باب خالی ہے تیسری فصل سے یہ ایک باب ہے پہلی فصل روایت ہے عبد اللہ بن عمرو بن عاص رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم وقف فی حجۃ الوداع بمنی للناس یسئلونہ فجاءہ رجل فقال لم اشعر فحلقت قبل ان اذبح فقال اذبح

علیہ وسلم کھڑے رہے حجۃ الوداع میں منا میں ف کہ لوگ مسائل حج پوچھیں حضرت سے پھر آیا آپ کے پاس ایک مرد پھر کہا اسنے نہ جانا میں نے سو حلق کیا

ولا حرج فجاء اخر فقال لم اشعر فنحرت قبل ان ارمی فقال ارم ولا حرج فما سئل النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن شیء قدم

اور نہیں تنگی ف پھر دوسرا مرد آیا اور کہا نہ جانا اور ذبح کیا پہلے رمی جمار کے سو فرمایا رمی کر اور تنگی نہیں پھر کسی نے نہ پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی چیز کو کہ آگے کیا

ولا اخر الا قال افعل ولا حرج متفق علیہ وفی روایۃ لمسلم اتاہ رجل فقال حلقت قبل ان ارمی قال ارم ولا حرج واتاہ

اور نہ پیچھے کیا مگر فرمایا کر اور تنگی نہیں متفق علیہ اور مسلم کی ایک روایت میں ہے آیا آپ کے پاس ایک مرد پھر کہا حلق کیا پہلے رمی کے فرمایا رمی کر اور تنگی نہیں اور آیا آپ کے پاس

اخر فقال افضت الی البیت قبل ان ارمی قال ارم ولا حرج وعن ابن عباس رضؓ قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یسأل

دوسرا پھر کہا طواف افاضہ کیا بیت اللہ کا پہلے رمی کے ف فرمایا رمی کر اور تنگی نہیں اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے لوگ پوچھتے

یوم النحر بمنی فیقول لا حرج فسألہ رجل فقال رمیت بعد ما امسیت فقال لا حرج رواہ البخاری الفصل الثانی عن

قربانی کے دن منا میں ف سو فرماتے تنگی نہیں پھر پوچھا ایک مرد نے جیسے کہا رمی کی میں نے بعد شام ہونے کے سو فرمایا تنگی نہیں روایت کیا اسکو بخاری نے فصل دوسری روایت ہے

علی رضؓ قال اتاہ رجل فقال یا رسول اللہ انی افضت قبل ان احلق قال احلق او قصر ولا حرج وجاء اخر فقال ذبحت قبل

علی رض سے کہا انہوں نے کہ آیا ایک مرد پھر کہا اے رسول اللہ کے میں نے طواف افاضہ کیا پہلے حلق کے فرمایا حلق کر یا قصر اور تنگی نہیں اور آیا دوسرا پھر کہا ذبح کیا پہلے

ان ارمی قال ارم ولا حرج رواہ الترمذی الفصل الثالث عن اسامۃ بن شریک رضؓ قال خرجت مع رسول اللہ صلی

رمی کے فرمایا کر رمی اور تنگی نہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے تیسری فصل روایت ہے اسامہ بن شریک رض سے کہا انہوں نے کہ نکلا میں ساتھ رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم حاجا فکان الناس یاتونہ فمن قال یا رسول اللہ سعیت قبل ان اطوف او اخرت شیئا او قدمت شیئا

اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کرنے سو لوگ آتے تھے آپ کے پاس سو کوئی کہتا اے رسول اللہ کے سعی کی میں نے پہلے طواف کے یا پیچھے کیا کسی چیز کو یا پہلے کیا کسی چیز کو

فکان یقول لا حرج الا علی رجل اقترض عرض مسلم وھو ظالم فذلک الذی حرج وھلک رواہ ابو داود باب خطبۃ

سو فرماتے تھے گناہ نہیں مگر اس مرد پر کہ پارہ پارہ کیا ف آبرو کسی مسلمان کی ظلم کر کے ف سو وہ شخص ہے کہ گناہ کیا اور ہلاک ہوا روایت کیا اسکو ابوداود نے یہ باب ہے قربانی کے

یوم النحر ورمی ایام التشریق والتودیع الفصل الاول عن ابی بکرۃ رضؓ قال خطبنا النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم النحر قال ان

دن وعظ کے اور ایام تشریق کی رمی جمار اور رخصت کرنے کے بیان میں ف پہلی فصل روایت ہے ابی بکرہ رض سے کہا اسنے وعظ کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے دن فرمایا

الزمان قد استدار کھیئتہ یوم خلق اللہ السموات والارض السنۃ اثنا عشر شھرا منھا اربعۃ حرم ثلث متوالیات

سال پھر آیا مانند اپنے اس حال کے کہ تھا جس دن بنایا اللہ نے آسمان اور زمین کو سال بارہ مہینے کا ہے چار اسمیں سے بزرگ ہیں تین پے در پے

ذُو الْقَعْدَةِ وَذُو الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمُ وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِي بَيْنَ جُمَادٰى وَشَعْبَانَ وَقَالَ اَيُّ شَهْرٍ هٰذَا قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ فَسَكَتَ

ذوالقعدہ اور ذوالحجہ اور محرم اور دوسرا رجب کہ بزرگ سمجھی مضر کے پاس ہے درمیان جمادی الثانی اور شعبان کے اور فرمایا یہہ کونسا مہینا ہے کہا ہمنے اللہ اور رسول اسکا خوب جانتا ہے

حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهٖ فَقَالَ اَلَيْسَ ذَا الْحِجَّةِ قُلْنَا بَلٰى قَالَ اَيُّ بَلَدٍ هٰذَا قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ فَسَكَتَ

اتنا کہ خیال کیا ہمنے کہ حضرت نام رکھینگے اب اسکا بدل کے فرمایا کیا نہیں وہ مہینا ذوالحجہ کہا ہمنے ہاں فرمایا کونسا شہر ہے یہہ کہا ہمنے اللہ اور رسول اسکا خوب جانتا ہے پھر توقف کیا

حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهٖ قَالَ اَلَيْسَ الْبَلْدَةَ قُلْنَا بَلٰى قَالَ فَاَيُّ يَوْمٍ هٰذَا قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ فَسَكَتَ

یہانتک گمان کیا ہمنے اب نام رکھینگے آپ اسکا بدل کر فرمایا کیا نہیں مکہ کہا ہمنے کیوں نہیں فرمایا پھر کونسا دن ہے یہہ کہا ہمنے اللہ اور اسکا رسول خوب جانتا ہے پھر توقف کیا

حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهٖ قَالَ اَلَيْسَ يَوْمَ النَّحْرِ قُلْنَا بَلٰى قَالَ فَاِنَّ دِمَاءَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ وَاَعْرَاضَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ

اتنا کہ خیال کیا ہمنے اب نام رکھینگے اسکا بدل کے فرمایا کیا نہیں یہہ دن قربانی کا کہا ہمنے کیوں نہیں فرمایا پھر بیشک خون اور مال اور آبروئیں تمہارے تم پر حرام ہیں

كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا وَسَتَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ فَيَسْاَلُكُمْ عَنْ اَعْمَالِكُمْ اَلَا فَلَا تَرْجِعُوْا بَعْدِيْ

مانند تمہارے اس دن کی حرمت کے تمہارے اس شہر میں تمہارے اس مہینے میں اور عنقریب ملوگے اپنے رب سے پھر سوال کریگا وہ تم سے تمہارے کاموں کا خبردار رہو پھر ہو نا کہیں بعد میرے

ضُلَّالًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ اَلَا هَلْ بَلَّغْتُ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ فَرُبَّ مُبَلَّغٍ

گمراہ کہ مارین تمہارے بعضے گردنیں بعضوں کی خبردار کیا پہنچا دیا میں ۱ف کہا صحابہ نے ہاں فرمایا اے اللہ گواہ رہ پھر چاہیے پہنچاوے حاضر غائب کو پھر بہت غائب سننے والے

اَوْعٰى مِنْ سَامِعٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ وَبَرَةَ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ مَتٰى اَرْمِي الْجِمَارَ قَالَ اِذَا رَمٰى اِمَامُكَ فَارْمِهٖ فَاَعَدْتُ

زیادہ یاد رکھتے ہیں رو برو سننے والے سے ۳ف متفق علیہ اور روایت ہے وبرہ سے کہ کہا اسنے پوچھا میں ابن عمر کو کس وقت رمی جمار کروں فرمایا جب رمی کرے امام تیرا تو کر رمی جمار پھر دوبارہ

عَلَيْهِ الْمَسْاَلَةَ فَقَالَ كُنَّا نَتَحَيَّنُ فَاِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ رَمَيْنَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ كَانَ يَرْمِيْ جَمْرَةَ

اس پر اس سوال کو تب کہا اسنے وقت تاکتے تھے ہم پھر جب ڈھلتا آفتاب رمی کرتے ۴ف روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے سالم سے انہوں نے ابن عمر سے کہ ابن عمر رمی کرتا تھا نزدیک کے

الدُّنْيَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ عَلٰى اِثْرِ كُلِّ حَصَاةٍ ثُمَّ يَتَقَدَّمُ حَتّٰى يُسْهِلَ فَيَقُوْمُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ طَوِيْلًا وَيَدْعُوْ وَ

۵ف سات کنکریوں سے اللہ اکبر کہہ کر پیچھے ہر کنکرے کے پھر آگے بڑھتے یہانتک کہ آتا نرم زمین پر پھر کھڑا رہتا قبلے کی طرف منہہ کرکے دیر تک اور دعا کرتا اور

يَرْفَعُ يَدَيْهِ ثُمَّ يَرْمِي الْوُسْطٰى بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ كُلَّمَا رَمٰى بِحَصَاةٍ ثُمَّ يَاْخُذُ بِذَاتِ الشِّمَالِ فَيُسْهِلُ وَيَقُوْمُ مُسْتَقْبِلَ

ہاتھ اٹھاتا پھر سات کنکریاں مارتا جمرۂ عقبہ اور دنیا کے بیچ کے جمرے پر اللہ اکبر کہتا جب مارتا کنکری پھر لیتا بائیں طرف کی اور آتا زمین نرم میں اور کھڑا رہتا منہہ کرکے

الْقِبْلَةِ ثُمَّ يَدْعُوْ وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ وَيَقُوْمُ طَوِيْلًا ثُمَّ يَرْمِيْ جَمْرَةَ ذَاتِ الْعَقَبَةِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِيْ بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ

قبلہ کی طرف پھر دعا کرتا اور ہاتھ اٹھاتا اور کھڑا رہتا دیر تک پھر رمی کرتا گھاٹی والے جمرے پر پستی سے اس میدان کی سات کنکریوں سے اللہ اکبر کہتا

عِنْدَ كُلِّ حَصَاةٍ وَلَا يَقِفُ عِنْدَهَا ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَيَقُوْلُ هٰكَذَا رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهٗ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنِ

ہر کنکری مارنے کے وقت اور کھڑا نہ رہتا قبلے کی طرف منہہ کرکے پھر پھرتا اور کہتا ایسا ہی دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے

ابْنِ عُمَرَ رض قَالَ اسْتَاْذَنَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رض رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّبِيْتَ بِمَكَّةَ لَيَالِيَ مِنًى مِنْ اَجْلِ سِقَايَتِهٖ

ابن عمر رض سے کہا اسنے اجازت چاہی عباس ابن عبدالمطلب رض نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے رات کو رہنے کی مکے میں منا میں رہنے کی راتوں میں پانی پلانے کے سبب

فَاَذِنَ لَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ اِلَى السِّقَايَةِ فَاسْتَسْقٰى فَقَالَ

سو اجازت دی اسکو ۶ف اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئے آبدارخانے کے پاس پھر پانی مانگا پھر کہا۔

العباس يا فضل اذهب الى امك فأت رسول الله صلى الله عليه وسلم بشراب من عندها فقال اسقني فقال يا رسول الله انهم
عباس نے اے فضل جا اپنی ماں کے پاس پھر لادے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اچھا پانی اس کے پاس سے پھر فرمایا مجھے پلا پھر کہا عباس نے یا رسول اللہ لوگ

يجعلون ايديهم فيه قال اسقني فشرب منه ثم اتى زمزم وهم يسقون ويعملون فيها فقال اعملوا فانكم على عمل صالح ثم
ڈالتے ہیں ہاتھ اپنے اس میں فرمایا مجھے پلا پھر پیا اس میں سے پھر آئے زمزم کے پاس اور وہ پانی پلاتے اور اس میں کام کر رہے تھے پھر فرمایا کام کرو تم

قال لولا ان تغلبوا لنزلت حتى اضع الحبل على هذه واشار الى عاتقه رواه البخاري وعن انس ان النبي صلى الله عليه
فرمایا اگر اندیشہ لوگوں کے ہجوم کا تم پر نہ ہوتا تو اترتا یہاں تک کہ رکھتا رسی اس پر اور اشارہ کیا اپنے مونڈھے کی طرف روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہ نبی

وسلم صلى الظهر والعصر والمغرب والعشاء ثم رقد رقدة بالمحصب ثم ركب الى البيت فطاف به رواه البخاري وعن عبد العزيز
وسلم نے نماز پڑھی ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا کی پھر تھوڑا سوئے مقام محصب میں پھر سوار ہو کر چلے گئے بیت اللہ کی طرف پھر طواف وداع کیا روایت کیا اسکو بخاری نے

بن رفيع قال سألت انس بن مالك قلت اخبرني بشيء عقلته عن رسول الله صلى الله عليه وسلم اين صلى الظهر يوم التروية
بن رفیع سے کہا میں نے پوچھا انس بن مالک سے کہا میں نے خبر کر مجھے اس چیز کی کہ معلوم کیا تو نے اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کہاں نماز پڑھی ظہر کی آٹھویں تاریخ

قال بمنى قلت فاين صلى العصر يوم النفر قال بالابطح ثم قال افعل كما يفعل امراؤك متفق عليه وعن عائشة رض قالت نزول الابطح ليس بسنة
کہا منی میں کہا میں نے پھر کہاں نماز پڑھی عصر کی یوم النفر میں کہا محصب میں پھر کہا ایسا کر جیسا کرتے ہیں سردار تیرے متفق علیہ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا اترنا حضرت

انما نزله رسول الله صلى الله عليه وسلم لانه كان اسمح لخروجه اذا خرج متفق عليه وعنها قالت احرمت من التنعيم بعمرة فدخلت
کا اترنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسلئے کہ ابطح بہت آسان تھا کوچ کے لئے جب کوچ کرتے متفق علیہ اور اسی سے روایت ہے کہا میں نے احرام باندھا مقام تنعیم سے

فقضيت عمرتي وانتظرني رسول الله صلى الله عليه وسلم بالابطح حتى فرغت فامر الناس بالرحيل فخرج فمر بالبيت فطاف
پھر پورا کیا اپنا عمرہ اور میرا انتظار کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقام محصب میں یہاں تک کہ فراغت کی میں نے پھر حکم کیا لوگوں کو کوچ کا پھر کوچ کیا پھر گذر کیا کعبہ پر

به قبل صلاة الصبح ثم خرج الى المدينة هذا الحديث ما وجدته برواية الشيخين بل برواية ابي داود مع اختلاف يسير
اسکا پہلے صبح کی نماز کے پھر کوچ کیا مدینے کی طرف اس حدیث کو نہ پایا میں نے بروایت بخاری یا مسلم کی بلکہ پایا روایت سے ابی داود کی تھوڑے اختلاف کے ساتھ

في آخره وعن ابن عباس رض قال كان الناس ينصرفون في كل وجه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ينفرن احدكم حتى
اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے لوگ پھرتے تھے ہر طرف پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ جاوے کوئی تم میں کا

يكون آخر عهده بالبيت الا انه خفف عن الحائض متفق عليه وعن عائشة رض قالت حاضت صفية ليلة النفر فقالت ما
ہووے آخر زمانہ رخصت کا طواف بیت اللہ کا مگر آسانی کی گئی حیض والی پر متفق علیہ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے حائض ہوئیں حضرت صفیہ یوم النفر کی رات

اراني الا حابستكم قال النبي صلى الله عليه وسلم عقرى حلقى اطافت يوم النحر قيل نعم قال فانفري متفق عليه الفصل
گمان ہوتا میرا مگر یہ کہ روک رکھوں گی تم کو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عقری حلقی کیا طواف افاضہ کر چکی قربانی کے دن کہا گیا ہاں فرمایا تو چل

الثاني عن عمرو بن الاحوص رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في حجة الوداع اي يوم هذا قالوا
دوسری روایت ہے عمرو بن احوص رض سے کہا اسنے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے حجۃ الوداع میں یہ کون دن ہے کہا صحابہ نے

يوم الحج الاكبر قال فان دماءكم واموالكم واعراضكم بينكم حرام كحرمة يومكم هذا في بلدكم هذا الا لا يجني
دن بڑے حج کا ہے پھر فرمایا بیشک خون اور مال اور آبرو تمہاری آپس میں تمہارے حرام ہیں مانند حرمت اس دن کی تمہارے اس شہر میں خبردار ظلم نہ کرے

جانٍ على نفسه ألا لا يجني جانٍ على ولده ولا مولود على والده ألا وإن الشيطان قد أيس أن يعبد
کوئی اپنی جان پر جرم دار ظلم نہ کرے کوئی اپنے بیٹے پر اور نہ بیٹا باپ پر ظلم و جرم کرے اور بیشک شیطان تحقیق ناامید ہوا اس بات سے کہ پوجا جائے

في بلدكم هذا أبداً ولكن ستكون له طاعة فيما تحتقرون من أعمالكم فسيرضى به رواه ابن ماجه
تمہارے شہر میں ہمیشہ اور لیکن اب ہوگی اسکی تابعداری ان کاموں میں کہ حقیر جانتے ہو ان کو تم سو راضی ہوگا شیطان اس سے روایت کیا اسکو ابن ماجہ

والترمذي وصححه وعن رافع بن عمرو المزني رض قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يخطب الناس
اور ترمذی نے اور صحیح کہا ترمذی نے اسکو اور روایت ہے رافع بن عمرو مزنی رض سے کہا اسنے دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وعظ کرتے لوگوں کو

بمنى حين ارتفع الضحى على بغلة شهباء وعلي يعبر عنه والناس بين قائم وقاعد رواه أبو داود وعن
منا میں جب دھوپ چڑھی سوار ہو کر ایک خچر پر کہ اشہب تھا اور حضرت علی سمجھاتے تھے وعظ اور لوگ بعض کھڑے اور بعض بیٹھے تھے روایت کیا اسکو ابو داود اور روایت ہے

عائشة وابن عباس رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أخر طواف الزيارة يوم النحر إلى الليل رواه الترمذي وأبو داود
عائشہ اور ابن عباس رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جائز رکھا تاخیر طواف زیارت کو قربانی کے دن رات تک روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود

وابن ماجه وعن ابن عباس رض أن النبي صلى الله عليه وسلم لم يرمل في السبع الذي أفاض فيه
اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے رمل نہ کیا سات پھیروں میں طواف افاضہ کے

رواه أبو داود وابن ماجه وعن عائشة رض أن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا رمى أحدكم جمرة العقبة فقد حل له كل شيء
روایت کیا اسکو ابو داود اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب رمی کیا کوئی تم میں سے جمرہ عقبی کی سو تحقیق حلال ہوا اسکو سب چیز

إلا النساء رواه في شرح السنة وقال إسناده ضعيف وفي رواية أحمد والنسائي عن ابن عباس قال إذا رمى الجمرة فقد
سوا عورت سے جماع کے روایت کیا اسکو شرح السنہ میں اور کہا سند اسکی ضعیف ہے اور روایت احمد اور نسائی کی ابن عباس سے کہ فرمایا جب رمی کر چکا حاجی جمرہ عقبی کی تو تحقیق

حل له كل شيء إلا النساء وعنها رض قالت أفاض رسول الله صلى الله عليه وسلم من آخر يومه حين صلى الظهر ثم رجع إلى منى
حلال ہوئی اسکو سب چیز سوا عورت کے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے طواف افاضہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قربانی کے آخر دن میں جب نماز ظہر کی پڑھی پھر پھرے منا کو

فمكث بها ليالي أيام التشريق يرمي الجمرة إذا زالت الشمس كل جمرة بسبع حصيات يكبر مع كل حصاة ويقف عند الأولى والثانية
پھر ٹھہرے منا میں ایام تشریق کی راتیں رمی کرتے تھے جمروں کی جب ڈھلتا آفتاب رمی کرتے ہر جمرے کی سات کنکر سے کہتے اللہ اکبر ساتھ ہر کنکری کے اور توقف کرتے اولی اور ثانیہ کے پاس

فيطيل القيام ويتضرع ويرمي الثالثة فلا يقف عندها رواه أبو داود وعن أبي البداح بن عاصم بن عدي عن
پھر دیر تک کھڑے رہتے اور زاری کرتے اور رمی کرتے تیسرے جمرے کی پھر کھڑے نہ رہتے اسکے پاس روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی البداح بن عدی سے

أبيه قال رخص رسول الله صلى الله عليه وسلم لرعاء الإبل في البيتوتة أن يرموا يوم النحر ثم يجمعوا رمي يومين بعد
اسکے باپ سے کہ کہا اسنے رخصت دی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹوں کے چرواہوں کو منا کی شب باشی کے ترک کی اس طور کہ رمی کریں قربانی کے دن پھر اکٹھی کر کے رمی

يوم النحر فيرمونه في أحدهما رواه مالك والترمذي والنسائي وقال الترمذي هذا حديث صحيح
یوم النحر کے بعد دو دن کی پھر کریں اسکو ایک دن میں ان دونوں دن سے روایت کیا اسکو مالک اور ترمذی اور نسائی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث صحیح ہے

باب ما يجتنبه المحرم
باب ان چیزوں کا جن سے بچے محرم

الفصل الأول
عن عبد الله بن عمر رض أن رجلا سأل النبي صلى الله عليه وسلم ما يلبس المحرم من الثياب
فصل پہلی روایت ہے عبد اللہ بن عمر رض سے کہ ایک مرد نے سوال کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کونسا کپڑا پہنے محرم

فقال لا تلبسوا القمص ولا العمائم ولا السراویلات ولا البرانس ولا الخفاف الا احد لا یجد نعلین فلیلبس خفین

سو فرمایا نہ پہنو جبہ پہنو نہ کو اور نہ پگڑیاں اور نہ پاجامے اور نہ برنس کوٹ اور نہ موزے مگر جو کوئی کہ نہ پاوے نعلین سو پہن لیوے موزے

ولیقطعهما اسفل من الکعبین ولا تلبسوا من الثیاب شیئا مسه زعفران ولا ورس متفق علیه وزاد البخاری فی

اور چاہئے کہ کاٹ ڈالے ان کو ٹخنوں کے نیچے تک اور نہ پہنو ان کپڑوں کو کہ لگی ہو ان کو زعفران اور نہ ورس لگا ہو اکبر امق اور بڑھایا بخاری نے

روایة ولا تنتقب المرأة المحرمة ولا تلبس القفازین وعن ابن عباس رض قال سمعت رسول الله صلی الله علیه

ایک روایت میں نقاب نہ ڈالے احرام باندھی ہوئی عورت اور نہ پہنے کپڑے کے دستانے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم یخطب وهو یقول اذا لم یجد المحرم نعلین لبس خفین واذا لم یجد ازارا لبس سراویل متفق علیه وعن

وسلم کو وعظ کرتے اور آپ فرماتے تھے جب نہ پاوے محرم نعلین پہن لیوے موزے اور جب نہ پاوے لنگ پہن لیوے پاجامہ ق اور روایت ہے

یعلی بن امیة رض قال کنا عند النبی صلی الله علیه وسلم بالجعرانة اذ جاءه رجل اعرابی علیه جبة وهو متضمخ بالخلوق

یعلی بن امیہ رض سے کہا اسنے تھے ہم پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام جعرانہ میں ناگہاں آیا آپ کے پاس ایک دیہاتی مرد کہ اس پر ایک جبہ تھی اور وہ خوشبو میں بھرا تھا

فقال یا رسول الله انی احرمت بالعمرة وهذه علی فقال اما الطیب الذی بک فاغسله ثلث مرات واما الجبة

پھر کہا اے رسول اللہ کہ میں نے احرام باندھا عمرے کا اور یہ لباس مجھ پر ہے پس فرمایا کہ جو خوشبو تیرے ساتھ ہے سو دھو ڈال اسکو تین بار اور جبہ

فانزعها ثم اصنع فی عمرتک کما تصنع فی حجتک متفق علیه وعن عثمان رض قال قال رسول الله صلی الله علیه

سو نکال ڈال اسکو پھر کر عمرے میں جیسا کرتا ہے تو حج میں ق اور روایت ہے عثمان رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و

وسلم لا ینکح المحرم ولا ینکح ولا یخطب رواه مسلم وعن ابن عباس رض ان النبی صلی الله علیه وسلم تزوج میمونة وهو

سلم نے نکاح نہ کرے محرم اور نہ کسی کا نکاح کروا دے اور نہ پیغام نکاح کا کرے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا حضرت میمونہ سے

محرم متفق علیه وعن یزید بن الاصم ابن اخت میمونة عن میمونة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم تزوجها

احرام میں رہ کر ق اور روایت ہے یزید بن اصم سے بیٹا میمونہ کی بہن کا میمونہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا میمونہ سے

وهو حلال رواه مسلم قال الشیخ الامام محی السنة رحمه الله والاکثرون علی انه تزوجها حلالا وظهر امر تزویجها

جس حال میں کہ محرم نہ تھے روایت کیا اسکو مسلم نے کہا بغوی نے اکثر علما اس پر ہیں کہ نکاح کیا حضرت نے میمونہ سے محرم نہ رہ کر پھر ظاہر ہوا کام ان کے نکاح کا

وهو محرم ثم بنی بها وهو حلال بسرف فی طریق مکة وعن ابی ایوب رض ان النبی صلی الله علیه وسلم کان

جس حال میں کہ حضرت محرم تھے پھر ہم بستری کی ان سے احرام سے نکل کر مقام سرف میں کہ مدینہ کی راہ میں ہے اور روایت ہے ابی ایوب رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

یغسل رأسه وهو محرم متفق علیه وعن ابن عباس رض قال احتجم النبی صلی الله علیه وسلم وهو محرم متفق

دھوتے تھے سر مبارک محرم رہ کر ق اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا اسنے سینگی لگائی تھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام میں ق

علیه وعن عثمان رض حدث عن رسول الله صلی الله علیه وسلم فی الرجل اذا اشتکی عینیه وهو محرم ضمدهما

اور روایت ہے عثمان رض سے کہ بیان کیا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس مرد کے حق میں کہ جب بیمار ہو آنکھوں کی بیماری سے احرام میں لیپ لگاوے

بالصبر رواه مسلم وعن ام الحصین رض قالت رأیت اسامة وبلالا واحدهما آخذ بخطام ناقة رسول الله صلی

ایلوے کی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ام حصین رض سے کہ کہا اسنے دیکھا میں نے اسامہ اور بلال کو کہ ایک تو پکڑا ہوا تھی مہار رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم والآخر رافع ثوبه يستره من الحر حتى رمى جمرة العقبة رواه مسلم وعن كعب بن عجرة رضي

الله علیه وسلم کی اونٹنی کی اور دوسرا اونچا کر رہا تھا اپنا کپڑا سایہ کرنے دھوپ سے یہاں تک کہ رمی کی جمرہ عقبہ کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے کعب بن عجرہ سے

ان النبي صلى الله عليه وسلم مر به وهو بالحديبية قبل ان يدخل مكة وهو محرم وهو يوقد تحت قدر والقمل تتهافت

کہ نبی صلی الله علیه وسلم نے گذر کیا اس پر اور وہ حدیبیہ میں تھا پہلے کہ مکہ میں داخل ہو اور وہ احرام میں تھا اور وہ آگ سلگا رہا تھا دیگ کے تلے اور جوئیں گرتی تھیں

على وجهه فقال أتؤذيك هوامك قال نعم قال فاحلق رأسك وأطعم فرقا بين ستة مساكين والفرق ثلاثة آصع او صم

اسکے منہ پر تب فرمایا کیا ایذا دیتے ہیں تیری جوئیں کہا ہاں فرمایا تو منڈا ڈال سر کو اپنے اور تقسیم کر ایک فرق غلہ چھ مسکینوں میں اور فرق تین صاع کا ہے یا روزہ رکھ

ثلاثة ايام او انسك نسيكة متفق عليه **الفصل الثاني** عن ابن عمر رض انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى النساء

تین دن یا ذبح کر دنبہ یا بکری ۔ ق ۔ دوسری فصل روایت ہے ابن عمر رض سے کہ اسنے سنا رسول الله صلی الله علیه وسلم کو منع کرتے عورتوں کو

في احرامهن عن القفازين والنقاب وما مس الورس والزعفران من الثياب ولتلبس بعد ذلك ما احبت من الوان

احرام میں دستانے پہننے سے اور نقاب منہ پر ڈالنے سے اور ورس اور زعفران میں رنگے کپڑے پہننے سے اور پہنے سوا ان کے جس رنگ کا چاہے طرح طرح کے

الثياب معصفرا او خزا او حليا او سراويل او قميصا او خفا رواه ابو داود وعن عائشة رض قالت كان الركبان يمرون بنا

کپڑے کسم میں رنگے یا خز یا زیور یا پائجامہ یا کرتا یا موزہ روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا کہ سوار لوگ گذر کرتے تھے ہم پر

ونحن مع رسول الله صلى الله عليه وسلم محرمات فاذا حاذوا بنا سدلت احدانا جلبابها من رأسها على وجهها فاذا جاوزنا

اور ہم رسول الله صلی الله علیه وسلم کے ساتھ احرام سے تھے پھر جب سوار مقابل ہوتے ہمارے لٹکا دیتی کوئی ہم میں سے برقع اپنا اپنے سر پر سے منہ پر پھر جب آگے بڑھ جاتے

كشفناه رواه ابو داود ولابن ماجة معناه وعن ابن عمر رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يدهن بالزيت وهو محرم

کھولدیتے برقع روایت کیا اسکو ابوداود نے اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے اس حدیث کے معنی کو اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ نبی صلی الله علیه وسلم تیل ملتے تھے احرام میں

غير المقتت يعني غير المطيب رواه الترمذي **الفصل الثالث** عن نافع ان ابن عمر وجد القر فقال الق علي ثوبا يا نافع

سوا اس کے جو خوشبودار ہو روایت کیا اسکو ترمذی نے تیسری فصل روایت ہے نافع سے کہ ابن عمر نے پائی سردی سو کہا ڈال مجھ پر کوئی کپڑا اے نافع

فالقيت عليه برنسا فقال تلقي علي هذا وقد نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يلبسه المحرم رواه ابو داود وعن

سو ڈالدیا میں نے ان پر ایک برنس تب کہا ڈالتا ہے مجھ پر یہ اور تحقیق منع کیا رسول الله صلی الله علیه وسلم نے اسکا پہننا محرم کو روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے

عبد الله بن مالك ابن بحينة قال احتجم رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو محرم بلحي جمل من طريق مكة في وسط

عبد الله سے بیٹا مالک کا بیٹا بحینہ کا کہا اسنے سینگی لگائی رسول الله صلی الله علیه وسلم نے احرام میں موضع لحی جمل میں جو ملتا ہے مکہ کی راہ میں بیچ

رأسه متفق عليه وعن انس رض قال احتجم رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو محرم على ظهر القدم من وجع كان به رواه

سر مبارک کے بیچ میں ۔ ق ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا اسنے سینگی لگائی رسول الله صلی الله علیه وسلم نے احرام میں پشت قدم پر مبارک کے درد سے جو تھا روایت کیا

ابو داود والنسائي وعن ابي رافع قال تزوج رسول الله صلى الله عليه وسلم ميمونة وهو حلال وبنى بها وهو حلال

ابوداود اور نسائی نے اور روایت ہے ابی رافع سے کہا کہ نکاح کیا رسول الله صلی الله علیه وسلم نے میمونہ سے بے احرام رہ کر اور ہمبستری کی بے احرام

وكنت انا الرسول بينهما رواه احمد والترمذي وقال هذا حديث حسن **باب المحرم يجتنب الصيد الفصل الاول**

اور تھا میں پیغام کرنے والا درمیان دونوں کے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن ہے باب اس بیان میں کہ محرم شکار سے بچے پہلی فصل

عن الصعب بن جثامة رضہ انہ اھدی لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حمارا وحشیا وھو بالابواء او بودان فرد
روایت ہے صعب بن جثامہ رض سے کہ اسنے ہدیہ بھیجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے نیل گاو اور حضرت موضع ابوا یا ودان میں تھے پھیر دیا
علیہ فلما رای ما فی وجھہ قال انا لم نردہ علیک الا انا حرم متفق علیہ وعن ابی قتادۃ رضہ انہ خرج مع رسول اللہ
اسکو پھر جب دیکھا اسکے منہ کی ناخوشی فرمایا بیشک ہم نے نہیں پھیرا تجھے مگر اسلئے کہ ہم احرام میں ہیں ق اور روایت ہے ابی قتادہ رض سے کہ وہ نکلا تھا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم فتخلف مع بعض اصحابہ وھم محرمون وھو غیر محرم فراوا حمارا وحشیا قبل ان یراہ فلما
صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سو پیچھے رہ گیا بعضے اصحاب کے ساتھ اور وہ محرم تھے اور ابو قتادہ محرم نہ تھا سو دیکھا انہوں نے ایک نیل گاو پہلے ابو قتادہ کے دیکھنے سے پھر جب
راوہ ترکوہ حتی راہ ابو قتادۃ فرکب فرسا لہ فسالھم ان یناولوہ سوطہ فابوا فتناولہ فحمل علیہ فعقرہ ثم
دیکھا انہوں نے اسکو چھوڑ دیا اسکو یہاں تک کہ دیکھا اسکو ابو قتادہ نے پھر سوار ہوا اپنے گھوڑے پر پھر سوال کیا ان سے کہ دیں اسکو کوڑا اسکا انکار کیا انہوں نے سو لے لیا کوڑا
اکل فاکلوا فندموا فلما ادرکوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سالوہ قال ھل معکم منہ شیء قالوا معنا رجلہ فاخذھا
کھایا اور وہ بھی کھانے لگے پھر پشیمان ہوئے پھر جب پایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پوچھا آپ سے فرمایا کیا تمہارے ساتھ اسکا کچھ گوشت ہے کہا ہاں اسکا پاؤں ہے
النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاکلھا متفق علیہ وفی روایۃ لھما فلما اتوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال امنکم
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر کھایا اسکو ق اور ایک روایت میں دونوں کی پھر جب آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس فرمایا کیا تم میں سے
احد امرہ ان یحمل علیھا او اشار الیھا قالوا لا قال فکلوا ما بقی من لحمھا وعن ابن عمر رضہ عن النبی صلی اللہ علیہ
کسی نے حکم کیا اسکو حملہ کرنیکا یا اشارہ کیا اسکی طرف کہا نہیں فرمایا تو کھالو جو باقی رہا گوشت اسکا ق اور روایت ہے ابن عمر رض سے نبی صلی اللہ علیہ
وسلم قال خمس لا جناح علی من قتلھن فی الحرم والاحرام الفارۃ والغراب والحداۃ والعقرب والکلب العقور متفق
وسلم سے کہ فرمایا پانچ جانور ہیں گناہ نہیں ان کے مارنے والے پر زمین حرم میں اور احرام میں چوہا اور کوا اور چیل اور بچھو اور کٹکھنا کتا ق
علیہ وعن عائشۃ رضہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال خمس فواسق یقتلن فی الحل والحرم الحیۃ والغراب الابقع
اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ موذی جانور ہیں کہ مارے جاتے ہیں زمین حل اور حرم دونوں میں سانپ اور وہ کوا جس کی سیاہی میں
والفارۃ والکلب العقور والحدیا متفق علیہ

الفصل الثانی

عن جابر رضہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لحم
اور چوہا کٹکھنا کتا اور چیل ق دوسری فصل روایت ہے جابر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گوشت
الصید لکم فی الاحرام حلال ما لم تصیدوہ او یصاد لکم رواہ ابو داود والترمذی والنسائی وعن ابی ھریرۃ
شکار کا تمہارے لئے احرام میں حلال ہے جب تک کہ تم خود نہ شکار کرو اسکو یا کوئی خاص تمہارے لئے شکار کرے روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہے
رضہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الجراد من صید البحر رواہ ابو داود والترمذی وعن ابی سعید الخدری
رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا ٹڈی شکار ہے سمندر کی روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی نے اور روایت ہے ابی سعید خدری
رضہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یقتل المحرم السبع العادی رواہ الترمذی وابو داود وابن ماجہ وعن عبد الرحمن
رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا مار ڈالے محرم ساتھ موذی جانور کو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عبد الرحمن
بن ابی عمار قال سالت جابر بن عبد اللہ عن الضبع اصید ھی فقال نعم فقلت ایؤکل فقال نعم فقلت سمعتہ من رسول اللہ
بن ابی عمار سے کہ کہا اسنے پوچھا میں جابر بن عبد اللہ سے مسئلہ لگڑبگے کا کہ کیا شکار ہے وہ سو کہا ہاں پھر کہا میں کیا کوئی کھا سکتا ہے اسکو کہا ہاں پھر کہا میں کیا سنا ہے

صلى الله عليه وسلم قال نعم رواه الترمذي والنسائي والشافعي وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح وعن جابر رض

صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا ہاں روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی اور شافعی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت ہے جابر رض سے

قال سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الضبع قال هو صيد ويجعل فيه كبشا إذا أصابه المحرم رواه أبو داود

کہا اسنے پوچھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسئلہ لکڑبگے کا فرمایا وہ شکار ہے اور دیا جاوے اسکے بدلے ایک دنبہ جب مارے اسکو محرم روایت کیا اسکو ابوداود

وابن ماجه والدارمي وعن خزيمة بن جزي رض قال سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم عن أكل الضبع قال أو يأكل الضبع

اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے خزیمہ بن جزی رض سے کہا اسنے پوچھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ لکڑبگے کے کھانے کا فرمایا اور کھاتا ہے

أحد وسألته عن أكل الذئب قال أو يأكل الذئب أحد فيه خير رواه الترمذي وقال ليس إسناده بالقوي الفصل الثالث

کوئی اور پوچھا میں نے آپ سے مسئلہ بھیڑیے کے کھانے کا فرمایا کیا اور کھاتا ہے بھیڑیے کو جو کوئی کہ اسمیں ایمان ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا نہیں سند اسکی قوی تیسری فصل

عن عبد الرحمن بن عثمان التيمي رض قال كنا مع طلحة بن عبيد الله ونحن حرم فأهدي له طير وطلحة راقد

روایت ہے عبدالرحمن بن عثمان تیمی سے کہا اسنے تھے ہم طلحہ بن عبید اللہ کے ساتھ اور ہم محرم تھے پھر کسی نے ہدیہ لایا طلحہ کے لیے پرند اور طلحہ سوتا

فمنا من أكل ومنا من تورع فلما استيقظ طلحة وافق من أكله قال فأكلناه مع رسول الله صلى الله عليه وسلم رواه

سو کوئی ہم میں سے کھا لیا اور کسی نے پرہیزگاری کی پھر جب جاگا طلحہ موافقت کی اسنے اس سے کہ کھایا کہا طلحہ نے کھایا ہے ہم نے ایسے پرند کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ

مسلم

باب الإحصار وفوت الحج

الفصل الأول

عن ابن عباس رض قال قد أحصر رسول الله صلى الله عليه وسلم

روایت کیا اسکو مسلم نے باب روکے جانے کا اور حج جاتے رہنے کا بیان پہلی فصل روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے تحقیق روکے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پس

فحلق رأسه وجامع نساءه ونحر هديه حتى اعتمر عاما قابلا رواه البخاري وعن عبد الله بن عمر رض قال

منڈا ڈالے سر کے بال اور جماع کیا اپنی بی بیوں سے اور نحر کیا اونٹوں کو اپنے یہانتک کہ عمرہ کیا سال آئندہ روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر رض سے کہا اسنے

خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فحال كفار قريش دون البيت فنحر النبي صلى الله عليه وسلم هداياه وحلق

نکلے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مانع ہوئے قریش کے کفار زیارت کعبہ سے سو نحر کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اونٹ اور منڈا ڈالا بال

وقصر أصحابه رواه البخاري وعن المسور بن مخرمة رض قال إن رسول الله صلى الله عليه وسلم نحر قبل أن يحلق

اور کتروایا بعضے صحابہ نے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے مسور بن مخرمہ رض سے کہا اسنے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نحر کیا پہلے حلق کے

وأمر أصحابه بذلك رواه البخاري وعن ابن عمر رض أنه قال أليس حسبكم سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور حکم کیا اپنے یاروں کو اسکا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ اسنے کہا کیا بس نہیں کرتی تمکو سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی

إن حبس أحدكم عن الحج طاف بالبيت وبالصفا والمروة ثم حل من كل شيء حتى يحج عاما قابلا فيهدي أو يصوم

کہ اگر روکا جاوے کوئی تم میں سے حج سے طواف کریگا تو اس گھر کا اور سعی صفا مروہ کی پھر نکل آویگا سب احرام کی چیزوں سے یہانتک کہ حج کریگا سال آیندہ پھر قربانی کریگا یا

إن لم يجد هديا رواه البخاري وعن عائشة رض قالت دخل رسول الله صلى الله عليه وسلم على ضباعة بنت

روزہ رکھیگا اگر نہ پاوے قربانی روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس بنتی

الزبير فقال لها لعلك أردت الحج قالت والله ما أجدني إلا وجعة فقال لها حجي واشترطي وقولي اللهم محلي

زبیر کی پھر فرمایا اسکو شاید تو ارادہ حج کا رکھتی ہے کہا اسنے قسم اللہ کی نہیں پاتی ہوں اپنے کو مگر بیمار تب اسکو فرمایا حج کا احرام باندھ اور شرط کرلے اور کہہ

حيث حبستني متفق عليه ۔ الفصل الثاني ۔ عن ابن عباس رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أمر أصحابه

جہاں بھی کہ روکا تو مجھے ف ۔ ق ۔ دوسری فصل ۔ روایت ہے ابن عباس رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا اپنے یاروں کو

أن يبدلوا الهدي الذي نحروا عام الحديبية في عمرة القضاء رواه أبو داود وعن الحجاج بن عمرو الأنصاري

ہدی نحر کرنے کا بدلے میں اس ہدی کے کہ نحر کیا تھا سال میں صلح حدیبیہ کے عمرہ قضا میں روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے حجاج بن عمرو انصاری

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من كسر أو عرج فقد حل وعليه الحج من قابل رواه الترمذي وأبو داود

رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکے پاؤں ٹوٹ جاوے یا لنگڑا ہو جاوے سو نکلیگا احرام سے اور اسپر حج ہے سال آئندہ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود

والنسائي وابن ماجه والدارمي وزاد أبو داود في رواية أخرى أو مرض وقال الترمذي هذا حديث حسن وفي

اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور زیادہ کیا ابوداود نے دوسری روایت میں یا بیمار ہو جاوے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن ہے اور بیچ

المصابيح ضعيف وعن عبد الرحمن بن يعمر الديلي رض قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول الحج عرفة من

مصابیح میں کہ ضعیف ہے اور روایت ہے عبدالرحمن بن یعمر دیلی رض سے کہ کہا انہوں نے سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے بڑا رکن حج کا وقوف عرفات ہے

أدرك عرفة ليلة جمع قبل طلوع الفجر فقد أدرك الحج أيام منى ثلاثة فمن تعجل في يومين فلا إثم عليه ومن تأخر

پایا وقوف عرفات مزدلفہ میں رہنے کی رات کو پہلے صبح صادق کے سو تحقیق پایا حج [illegible] منی کے تین دن ہیں ف پھر جو کوئی جلدی کرے دو دن میں کر چلا جاوے سو

فلا إثم عليه رواه الترمذي وأبو داود والنسائي وابن ماجه والدارمي وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح باب حرم

سو گناہ نہیں اسپر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن ہے صحیح ہے باب بیچ حرم

مكة حرسها الله تعالى الفصل الأول عن ابن عباس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم فتح مكة لا

مکہ کی حرمت کے ف محفوظ رکھے اسکو اللہ تعالی ۔ پہلی فصل ۔ روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے دن نہیں

هجرة ولكن جهاد ونية وإذا استنفرتم فانفروا وقال يوم فتح مكة إن هذا البلد حرمه الله يوم خلق السموات

ہجرت اور لیکن جہاد ہے اور نیت ہے ف اور جب امام کی طرف سے تم کو نفیر ہو ف تب چلے جاؤ اور فرمایا دن فتح مکہ کے بیشک اس شہر کو بزرگی دی ہے اللہ نے جس دن کہ بنایا

والأرض فهو حرام بحرمة الله إلى يوم القيامة وإنه لم يحل القتال فيه لأحد قبلي ولم يحل لي إلا ساعة من نهار فهو

اور زمین کو سو وہ شہر بزرگ ہے اللہ کی دی بزرگی سے قیامت کے دن تک حلال نہیں ہوئی لڑائی اسمیں کسی کے لئے مجھ سے پہلے اور حلال ہوئی لڑائی مجھ کو مگر ایک گھڑی دن کی

حرام بحرمة الله إلى يوم القيامة لا يعضد شوكه ولا ينفر صيده ولا يلتقط لقطته إلا من عرفها ولا يختلى خلاها

بزرگ ہے اللہ کی دی بزرگی سے قیامت کے دن تک کوئی نہ کاٹیگا اسکا کانٹا ہی اور بھگا بھی نہ دیگا اسکا شکار ف اور کوئی اٹھا نہ لیگا اسکی گری پڑی چیز کو مگر جو پہچنوا [illegible]

فقال العباس يا رسول الله إلا الإذخر فإنه لقينهم ولبيوتهم متفق عليه وفي رواية أبي هريرة لا يعضد شجرها

تب کہا عباس نے ای رسول اللہ کے فرمائے مگر اذخر کا درخت کہ وہ انکے لہاروں کے اور گھروں کے کام آتا ہے ق اور ابی ہریرہ کی روایت میں کوئی نہ کاٹے خود رو درخت اسکا

ولا يلتقط ساقطتها إلا منشد وعن جابر رض قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول لا يحل لأحدكم أن يحمل بمكة

اور نہ اٹھاوے گری چیز اسکی سوا انشد کے ف اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا انہوں نے سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے [illegible]

السلاح رواه مسلم وعن أنس رض أن النبي صلى الله عليه وسلم دخل مكة يوم الفتح وعلى رأسه المغفر فلما نزعه جاء

ہتھیار باندھ کر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم آئے بیچ مکہ کے دن فتح کے اپنے سر پر خود دھرے [illegible]

رجل وقال ان ابن خطل متعلق باستار الکعبۃ فقال اقتلہ متفق علیہ وعن جابر رض ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ایک مرد اور کہا کہ ابن خطل لٹک رہا ہے کعبے کے پردوں سے فرمایا مار اسکو ۔ ق ۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

دخل مکۃ یوم فتح مکۃ وعلیہ عمامۃ سوداء بغیر احرام رواہ مسلم وعن عائشۃ رض قالت قال رسول اللہ صلی

داخل ہوئے مکے میں فتح مکے کے دن کالا عمامہ سر پر باندھ کر بغیر احرام کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم یغزو جیش الکعبۃ فاذا کانوا ببیداء من الارض یخسف باولہم واخرہم قلت یا رسول اللہ وکیف

اللہ علیہ وسلم نے لڑائی کریگا ایک لشکر آخر زمانے میں کعبے سے پھر جب پہنچینگے کسی بیابان میں زمین میں دھس جاوینگے اول اور آخر انکے کہا میں یا رسول اللہ اور کیسے

یخسف باولہم واخرہم وفیہم اسواقہم ومن لیس منہم قال یخسف باولہم واخرہم ثم یبعثون علی نیاتہم

دھس جاینگے اول اور آخران حالانکہ انمیں بازار والے بھی ہونگے اور وہ لوگ کہ نہیں ان سے فرمایا دھس جاینگے اول و آخر انکے سبھی پھر حشر ہوگا انکا انکی نیتوں پر

متفق علیہ وعن ابی ہریرۃ رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخرب الکعبۃ ذو السویقتین من الحبشۃ

متفق علیہ ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ویران کریگا کعبے کو ایک مرد کہ پنڈلیاں اسکی باریک ہونگی حبش سے

متفق علیہ وعن ابن عباس رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال کانی بہ اسود افحج یقلعہا حجرا حجرا رواہ البخاری الفصل

ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا گویا میں دیکھ رہا ہوں اسکو اسود افحج اکھیڑ ڈالیگا ایک ایک پتھر روایت کیا اسکو بخاری نے

الثانی عن یعلی بن امیۃ رض قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال احتکار الطعام فی الحرم الحاد فیہ رواہ ابو داؤد

دوسری روایت ہے یعلی بن امیہ رض سے کہ کہا اسنے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بھر رکھنا غلے کا حرم میں ترک گناہ ہے اسمیں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وعن ابن عباس رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لمکۃ ما اطیبک من بلد واحبک الی ولولا ان قومی اخرجونی

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکے کو تو عجب ستھرا شہر ہے اور عجب میرا محبوب ہے اور اگر یہ نہوتا کہ میری قوم نے نکالا

منک ما سکنت غیرک رواہ الترمذی وقال ہذا حدیث حسن صحیح غریب اسنادا وعن عبد اللہ بن عدی بن حمراء قال

مجھے تجھ سے نہ بستا دوسرے شہر میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے سند رو سے اور روایت ہے عبد اللہ بن عدی بن حمراء سے کہ کہا اسنے

رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واقفا علی الحزورۃ فقال واللہ انک لخیر ارض اللہ واحب ارض اللہ الی اللہ ولولا انی اخرجت منک

دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھڑے ہوئے حزورہ پر پھر فرمایا قسم اللہ کی کہ تو اللہ کی ساری زمین سے بہتر ہے اور زیادہ پیاری ہے اللہ کی اور اگر نہ ہوتا کہ مجھکو نکالا گیا تجھ سے

ما خرجت رواہ الترمذی وابن ماجۃ

الفصل الثالث

عن ابی شریح العدوی رض انہ قال لعمرو بن سعید وہو یبعث

تو نہ نکلتا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے ۔ تیسری فصل ۔ روایت ہے ابی شریح عدوی رض سے کہ اسنے کہا عمرو بن سعید کو جس حال میں کہ وہ بھیجتا تھا

البعوث الی مکۃ ائذن لی ایہا الامیر احدثک قولا قام بہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الغد من یوم الفتح سمعتہ اذنای ووعاہ

لشکر مکے کی طرف کہ اجازت دے مجھے اے امیر کہ بیان کروں تجھ سے اس بات کو کہ وعظ کیا اسکا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری صبح کو فتح کے سنا اسکو میرے دونوں کانوں نے اور یاد رکھا اسکو

قلبی وابصرتہ عینای حین تکلم بہ حمد اللہ واثنی علیہ ثم قال ان مکۃ حرمہا اللہ ولم یحرمہا الناس فلا یحل لامرئ یؤمن باللہ

اور دیکھا حضرت کو میری آنکھوں نے جب فرمایا اسکو خوبی بیان کیا اللہ کی اور تعریف کی پھر فرمایا بیشک مکے کو بزرگی دی اللہ نے اور بزرگی نہ دی اسکو لوگوں نے سو حلال نہیں ہے

والیوم الاخر ان یسفک بہا دما ولا یعضد بہا شجرۃ فان احد ترخص بقتال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیہا فقولوا ان اللہ

اور قیامت پر رکھنے والے مرد کو بہانا مکے میں خون کا اور کاٹنا اسمیں درخت کا پھر اگر کوئی سند پکڑے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لڑائی کی اس میں تو کہو کہ اللہ

إن الله قد أذن لرسوله ولم يأذن لكم وإنما أذن لي فيها ساعة من نهار وقد عادت حرمتها اليوم كحرمتها بالأمس وليبلغ
کہ بیشک اللہ نے اجازت دی اپنے رسول کو اور نہ دی تمکو اور بس اجازت دی مجھے اسمیں لڑائی کی ایک گھڑی دن کی اور تحقیق پھر آگئی اسکی بزرگی آج کے دن جیسی تھی کل

الشاهد الغائب فقيل لأبي شريح ما قال لك عمرو قال قال أنا أعلم بذلك منك يا أبا شريح إن الحرم لا يعيذ عاصيا ولا فارا
حاضر غائب کو پھر کہا گیا ابی شریح کو کیا کہا تجھے عمرو نے کہا کہا اسنے میں خوب جانتا ہوں اس حدیث کو تجھ سے اے ابا شریح بیشک حرم پناہ نہیں دیتا باغی کو اور نہ

بدم ولا فارا بخربة متفق عليه وفي البخاري الخربة الجناية. وعن عياش بن أبي ربيعة المخزومي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تزال
خونی کو جھگ آوے اور نہ بھاگنے والے کو گناہ کر کے ق اور بخاری میں خربہ کے معنے گناہ لکھا ہے اور روایت ہے عیاش ابن ابی ربیعہ مخزومی رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی

هذه الأمة بخير ما عظموا هذه الحرمة حق تعظيمها فإذا ضيعوا ذلك هلكوا رواه ابن ماجه

باب حرم المدينة حرسها الله تعالى

الفصل الأول

امت محمدی بھلائی سے جب تک کہ تعظیم کریں مکے کی حرمت کی جیسی چاہیے پھر جب ضائع کریں اسکو ہلاک ہونگے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے یہ باب بیان میں حرم مدینے کی حرمت محفوظ رکھے اسکو اللہ تعالی فصل

عن علي رض قال ما كتبنا عن رسول الله صلى الله عليه وسلم إلا القرآن وما في هذه الصحيفة قال قال رسول الله صلى الله
روایت ہے علی رض سے کہ کہا اسنے نہ لکھا ہمنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوا اس قرآن کے اور جو کچھ کہ ان ورقوں میں ہے کہا علی نے فرمایا رسول صلی اللہ

عليه وسلم المدينة حرام ما بين عير إلى ثور فمن أحدث فيها حدثا أو آوى محدثا فعليه لعنة الله والملائكة والناس
علیہ وسلم زمین مدینہ حرم ہے درمیان جبل عیر کے جبل ثور تک سو جسنے نکالی اسمیں کوئی بدعت یا جگہ دی کسی بدعتی کو سو اسپر لعنت ہے اللہ اور فرشتے اور آدمی

أجمعين لا يقبل منه صرف ولا عدل ذمة المسلمين واحدة يسعى بها أدناهم فمن أخفر مسلما فعليه لعنة الله والملائكة
سبھوں کی نہ قبول ہوگی اس سے فرض عبادت اور نہ نفل اور عہد سب مسلمانوں کا ایک ہے سعی کریگا اسکی ادنا مسلمان پھر جسنے عہد شکنی کی کسی مسلمان کی سو اسپر لعنت ہے اللہ

والناس أجمعين لا يقبل منه صرف ولا عدل ومن والى قوما بغير إذن مواليه فعليه لعنة الله والملائكة والناس أجمعين
اور فرشتے اور آدمی سبھوں کی نہ قبول ہوگی اس سے فرض عبادت اور نہ نفل اور جس مسلمان نے دوستی کی کسی قوم سے بے حکم اپنے مسلمان دوستوں کے سو اسپر لعنت ہے اللہ اور فرشتے اور آدمی سبھوں کی

لا يقبل منه صرف ولا عدل متفق عليه وفي رواية لهما من ادعى إلى غير أبيه أو تولى غير مواليه فعليه لعنة الله والملائكة
مقبول ہوگی اس سے فرض عبادت اور نہ نفل ق اور ایک روایت میں شیخین کی جسنے بیٹا بنا دوسرے کا سوا اپنے حقیقی باپ کے یا غلام بنا کسی کا سوا اپنے مالکوں کے سو اسپر لعنت ہے اللہ اور فرشتے اور آدمی

والناس أجمعين لا يقبل منه صرف ولا عدل. وعن سعد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إني أحرم ما بين لابتي
اور آدمی سبھوں کی بھی مقبول ہوگی اس سے فرض عبادت اور نہ نفل ع اور روایت ہے سعد رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میں بیان کرتا ہوں حرمت جو بیچ میں ہے دو کالے پتھریلے میدانوں کے

المدينة أن يقطع عضاهها أو يقتل صيدها وقال المدينة خير لهم لو كانوا يعلمون لا يدعها أحد رغبة عنها إلا
مدینے کے درخت کاٹے جانے میں یا مارے جانے میں اسکے شکار کے اور فرمایا مدینے کا رہنا بھلا انکو اگر جانتے ہوں نہ چھوڑیگا مدینے کو کوئی اس سے بیزار ہو کر

أبدل الله فيها من هو خير منه ولا يثبت أحد على لأوائها وجهدها إلا كنت له شفيعا أو شهيدا يوم القيامة رواه مسلم
لا دیگا بدلے اسکے اللہ اسمیں اسکو کہ بہتر ہے اس سے اور نہ صبر کریگا کوئی تکلیف بھوک پر مدینے کی مگر ہوونگا اسکا سفارشی یا گواہ قیامت کے دن روایت کیا اسکو مسلم نے

الدينار رواه أبو داود **وعن** الجارود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ضالة المسلم حرق النار رواه الدارمي وعن

وہ دینار روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے جارود رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھٹکا جانور مسلمان کا لینا جلانا ہے دوزخ کی آگ میں روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے

عياض بن حمار رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من وجد لقطة فليشهد ذا عدل أو ذوي عدل ولا يكتم ولا يغيب

عیاض بن حمار رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے پایا گرا ہوا مال سو چاہیئے گواہ رکھے اسپر ایک عادل کو یا دو عادلوں کو اور نہ چھپاوے اور نہ غائب کرے

فإن وجد صاحبها فليردها عليه وإلا فهو مال الله يؤتيه من يشاء رواه أحمد وأبو داود والدارمي **وعن** جابر رض قال

پھر اگر پایا اسکے مالک کو سو پھیر دے اسکو اور نہیں تو وہ اللہ کا مال ہے دیتا ہے جسکو چاہے روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور دارمی نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا

رخص لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم في العصا والسوط والحبل وأشباهه يلتقطه الرجل ينتفع به رواه أبو داود وذكر

اجازت دی ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لاٹھی اور کوڑے اور رسی اور اسی طور کی چیزوں میں کہ اٹھا لیا کرتا ہے آدمی فائدہ لیوے اس سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور ذکر کی گئی

حديث مقدام بن معديكرب ألا لا يحل في باب الاعتصام

باب الفرائض

الفصل الأول عن أبي هريرة رض عن النبي

حدیث مقدام بن معدیکرب کی الا لا یحل اہ باب اعتصام میں ف باب فرائض کا ف پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ نبی

صلى الله عليه وسلم قال أنا أولى بالمؤمنين من أنفسهم فمن مات وعليه دين ولم يترك وفاء فعلي قضاؤه ومن ترك مالا فلورثته

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں زیادہ قریب ہوں ایمانداروں سے بہ نسبت انکی جان کے پھر جو کوئی مرگیا قرض رکھ کے اور نہ چھوڑا ادا کو ف سو مجھی پر ادا کرنا ہے اسکا اور جو کوئی چھوڑ گیا مال سو اسکے وارثوں کا ہے

وَفِي رِوَايَةٍ مَنْ تَرَكَ دَيْنًا أَوْ ضَيَاعًا فَلْيَأْتِنِي فَأَنَا مَوْلَاهُ وَفِي رِوَايَةٍ مَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهِ وَمَنْ تَرَكَ كَلًّا فَإِلَيْنَا

اور ایک روایت میں جسنے چھوڑا قرض یا چھوٹی اولاد سو آوے میرے پاس کہ میں انکا کام کرنے والا ہوں اور ایک روایت میں جسنے چھوڑا مال سو اسکے وارثوں کا ہے اور جسنے چھوڑا بوجھ سو ہماری طرف ہے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِأَهْلِهَا فَمَا بَقِيَ فَهُوَ لِأَوْلَى

ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہنچاؤ حصے ذوی الفروض کو سو جو بچ رہے سو وہ ملیگا اسکو کہ زیادہ قریب ہے

رَجُلٍ ذَكَرٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ

نر مرد ہو فقط ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسامہ بن زید رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وارث نہیں ہوتا مسلمان کافر کا

وَلَا الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَنَسٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

اور نہ کافر مسلمان کا ۔ ق ۔ اور روایت ہے انس رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا معتق قوم کا اسی قوم سے ہے ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے

وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَذُكِرَ حَدِيثُ عَائِشَةَ إِنَّمَا الْوَلَاءُ فِي بَابٍ

اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھانجا قوم کا انھیں میں سے ہے ۔ ق ۔ اور مذکور ہوئی حدیث عائشہ کی انما الولاء باب میں

قَبْلَ بَابِ السَّلَمِ وَسَنَذْكُرُ حَدِيثَ الْبَرَاءِ الْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْأُمِّ فِي بَابِ بُلُوغِ الصَّغِيرِ وَحَضَانَتِهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالَى الْفَصْلُ

کہ پہلے باب سلم کے ہے اور ذکر کرینگے ہم حدیث براء کی خالہ بجائے ماں کے ہے ۔ ف ۔ باب میں چھوٹے لڑکے کے جوان ہونے کے اور اسکی پرورش کے بیان کے اگر چاہا اللہ تعالیٰ نے

الثَّانِي عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَوَارَثُ أَهْلُ مِلَّتَيْنِ شَتَّى رَوَاهُ

دوسری روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وارث نہ ہونگے آپس میں دو مختلف دین والے ۔ روایت کیا اسکو

أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَهْ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ جَابِرٍ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَاتِلُ لَا

ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو ترمذی نے جابر سے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قاتل

يَرِثُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ بُرَيْدَةَ رض أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ لِلْجَدَّةِ السُّدُسَ إِذَا لَمْ تَكُنْ دُونَهَا

میراث نہ پاویگا ۔ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے بریدہ رض سے مقرر کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نانی یا دادی کے لیے چھٹا حصہ جب ہے اسکے

أُمٌّ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ جَابِرٍ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَهَلَّ الصَّبِيُّ صُلِّيَ عَلَيْهِ وَوُرِّثَ

ماں نہ ہو ۔ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آواز کرے بچہ نماز ہوگی اسکے جنازہ کی اور وارث ہوگا

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ كَثِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْهُمْ

روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے کثیر بن عبد اللہ سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مولی قوم کا انہیں میں سے ہے

وَحَلِيفُ الْقَوْمِ مِنْهُمْ وَابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَعَنِ الْمِقْدَامِ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور حلیف قوم کا انہیں سے ہے اور بھانجا قوم کا انہیں سے ہے ۔ روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے مقدام رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

أَنَا أَوْلَى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ نَفْسِهِ فَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا أَوْ ضَيْعَةً فَإِلَيْنَا وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهِ وَأَنَا مَوْلَى مَنْ لَا مَوْلَى لَهُ أَرِثُ

میں زیادہ قریب ہوں ہر ایماندار سے بہ نسبت اسکی جان کے پھر جو کوئی چھوڑ گیا قرض یا اولاد وغیرہ سو ہماری طرف ہے اسکی پناہ اور جسنے چھوڑا مال سو اسکے وارثوں کا ہے اور میں والی ہوں اسکا کہ کوئی وارث نہ ہو

مَالَهُ وَأَفُكُّ عَانَهُ وَالْخَالُ وَارِثُ مَنْ لَا وَارِثَ لَهُ يَرِثُ مَالَهُ وَيَفُكُّ عَانَهُ وَفِي رِوَايَةٍ وَأَنَا وَارِثُ مَنْ لَا وَارِثَ لَهُ أَعْقِلُ عَنْهُ

اسکے مال کا وارث اور چھڑاؤنگا اسکا قیدی اور ماموں وارث ہے اسکا کہ کوئی وارث نہ ہو اسکا وارث ہوگا اسکے مال کا اور چھڑاویگا اسکا قیدی اور ایک روایت میں اور میں وارث ہوں اسکا کہ کوئی وارث نہیں اسکا دیت دیتا ہوں

وارث من لا وارث له يعقل عنه ويرثه رواه ابوداود وعن واثلة بن الاسقع رض قال قال رسول الله

اور وارث ہوں گا اسکا اور ماموں وارث ہے اس کا جسکا وارث نہ ہو دیت دیگا اسکی طرف سے اور وارث ہوگا اسکا روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے واثلہ بن الاسقع رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم تحوز المرأة ثلث مواريث عتيقها ولقيطها وولدها الذي لاعنت عنه رواه الترمذي وابوداود

صلی اللہ علیہ وسلم جمع کریگی عورت تین میراث کو عتیق کی اور لقیط کی اور اس بیٹے یا بیٹی کی کہ لعان کیا اسکے حمل ہونے سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود

وابن ماجة وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ايما رجل عاهر بحرة او امة فالولد ولد

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس مرد نے کہ زنا کیا بی بی یا لونڈی سے تو بچہ ولد

زنا لا يرث ولا يورث رواه الترمذي وعن عائشة رض ان مولى لرسول الله صلى الله عليه وسلم مات وترك شيئا

الزنا ہے نہ وہ وارث ہوگا باپ کا اور نہ باپ اسکا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ معتق لیک آزاد کیا ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مر گیا اور چھوڑ گیا کچھ

ولم يدع حميما ولا ولدا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعطوا ميراثه رجلا من اهل قريته رواه ابوداود

اور نہ چھوڑا کوئی خویش اور نہ اولاد سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو اسکی میراث کسی مرد کو اسکے گانوں والوں سے روایت کیا اسکو ابوداود

والترمذي وعن بريدة رض قال مات رجل من خزاعة فاتي النبي صلى الله عليه وسلم بميراثه فقال التمسوا له وارثا او ذا

اور ترمذی نے اور روایت ہے بریدہ رض سے کہا مر گیا ایک مرد بنی خزاعہ سے سو لائی گئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس میراث اسکی پھر فرمایا ڈھونڈھو اسکا عصبہ یا ذی

رحم فلم يجدوا له وارثا ولا ذا رحم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعطوه الكبر من خزاعة رواه ابوداود وفي رواية

الفرض یا ذا رحم پھر نہ پایا اسکا وارث اور ذا رحم سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو وہ میراث اسکو کہ قریب ہو خزاعہ سے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور ایک روایت میں

له قال انظروا اكبر رجل من خزاعة وعن علي رض قال انكم تقرؤن هذه الاية من بعد وصية توصون بها او دين

اسکی فرمایا دیکھو اس مرد کو کہ سب سے زیادہ قریب ہو خزاعہ سے اور روایت ہے علی رض سے کہا بیشک تم پڑھتے ہو اس آیت کو بعد وصیت کے کہ کر جاؤ تم اسکو یا بعد قرض کے

وان رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى بالدين قبل الوصية وان اعيان بني الام يتوارثون دون بني العلات الرجل يرث اخاه

اور بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا قرض ادا کرنے کا پہلے وصیت کے اور اسکا حقیقی بھائی بہن وارث ہوتے ہیں سوا سوتیلے بھائی بہن کے مرد وارث ہوتا ہے

لابيه وامه دون اخيه لابيه رواه الترمذي وابن ماجة وفي رواية الدارمي قال الاخوة من الام يتوارثون دون

حقیقی بھائی کا نہ سوتیلے بھائی کا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور ایک روایت میں دارمی کی فرمایا بھائی ماں کی طرف سے وارث ہوتے ہیں سوا

بني العلات الى اخره وعن جابر رض قال جاءت امرأة سعد بن الربيع بابنتيها من سعد بن الربيع الى رسول الله

اور بھائیوں کے کہ علاتی ہیں آخر تک اور روایت ہے جابر رض سے کہا لائی عورت سعد بن ربیع کی دو بیٹیاں اپنی سعد بن ربیع کی طرف سے رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله هاتان ابنتا سعد بن الربيع قتل ابوهما معك يوم احد شهيدا وان عمهما اخذ

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا ای رسول اللہ کے یہ دونوں بیٹیاں سعد بن ربیع کی ہیں جو مارا گیا باپ انکا آپ کے ساتھ احد کی لڑائی کے دن شہید ہو کر اور ان کے چچا نے لے لیا

مالهما ولم يدع لهما مالا ولا تنكحان الا ولهما مال قال يقضي الله في ذلك فنزلت اية الميراث فبعث رسول الله صلى الله عليه

مال انکا اور نہ چھوڑا ان کے لئے کچھ مال اور نکاح نہیں ہو سکتا انکا مگر جب انکا مال ہو فرمایا حکم کریگا اللہ اس امر میں سو اتری آیت میراث کی تب کہلا بھیجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم الى عمهما فقال اعط ابنتي سعد الثلثين واعط امهما الثمن وما بقي فهو لك رواه احمد والترمذي وابوداود

وسلم نے انکے چچا کو پھر فرمایا دے سعد کی دونوں بیٹیوں کو دو تہائی اور دے انکی ماں کو آٹھواں حصہ اور جو بچا سو وہ تیرا ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداود

وابن ماجة وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح غريب ٭ وعن هزيل بن شرحبيل قال سئل أبو موسى عن ابنة وبنت ابن وأخت

اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے غریب ہے اور روایت ہے ہزیل بن شرحبیل سے کہا کسی نے پوچھا ابو موسیٰ سے یہ مسئلہ کہ ایک شخص مر گیا بیٹی اور پوتی اور بہن چھوڑ کر

فقال للبنت النصف وللأخت النصف وائت ابن مسعود فسيتابعني فسئل ابن مسعود وأخبر بقول أبي موسى فقال

سو کہا انہوں نے بیٹی کا حصہ آدھا اور بہن کا آدھا اور کہا کہ جا تو ابن مسعود کے پاس سو البتہ موافقت کریگا مجھسے پھر پوچھا گیا ابن مسعود سے اور خبر پہنچی اسکو ابی موسیٰ کے کہنے کی تب کہا

لقد ضللت إذا وما أنا من المهتدين أقضي فيها بما قضى النبي صلى الله عليه وسلم للبنت النصف ولابنة الابن

تو تو گمراہ ہو گیا میں اور نہیں راہ پانے والوں سے ہوؤں حکم کرونگا اس صورت میں وہی جو کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیٹی کا آدھا حصہ اور پوتی کا

السدس تكملة الثلثين وما بقي فللأخت فأتينا أبا موسى فأخبرناه بقول ابن مسعود فقال لا تسألوني ما دام

چھٹا پورا کرنے دو تہائی تک اور جو بچا سو بہن کا ہے پھر گئے ہم ابا موسیٰ کے پاس پھر خبر دی اسکو کہنے کی ابن مسعود کی تب کہا انہوں نے مسئلہ نہ پوچھو جب تک

هذا الحبر فيكم رواه البخاري ٭ وعن عمران بن حصين رض قال جاء رجل إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال

یہ عالم تم میں ہے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عمران بن حصین رض سے کہا آیا ایک مرد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا

إن ابن ابني مات فما لي من ميراثه فقال لك السدس فلما ولى دعاه فقال لك سدس آخر فلما ولى دعاه قال إن السدس

بیشک پوتا میرا مر گیا پھر کتنا حصہ ہے میرا اسکی میراث سے سو فرمایا تیرا چھٹا حصہ ہے پھر جب پیٹھ پھیر کر چلا بلایا اسکو فرمایا تیرا اور چھٹا حصہ ہے پھر جب پیٹھ پھیر کر چلا بلایا اسکو فرمایا یہ دوسرا چھٹا حصہ

الآخر طعمة رواه أحمد والترمذي وأبو داود وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح ٭ وعن قبيصة بن ذؤيب رض قال

تیری خوراک ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت ہے قبیصہ بن ذؤیب رض سے کہا

جاءت الجدة إلى أبي بكر تسأله ميراثها فقال لها ما لك في كتاب الله شيء وما لك في سنة رسول الله صلى الله عليه

آئی دادی یا نانی ابی بکر کے پاس پوچھتی ہوئی اپنی میراث کو سو کہا اسکو میں جانتا تیرا حصہ نہ قران میں کچھ ہے اور نہ حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ و

وسلم شيء فارجعي حتى أسأل الناس فسأل فقال المغيرة بن شعبة حضرت رسول الله صلى الله عليه وسلم أعطاها

سلم کی سو پھر کر آ یہاں تک کہ پوچھوں لوگوں سے پھر پوچھا سو کہا مغیرہ بن شعبہ نے دیکھا میں حضور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ آپ نے دلوایا اسکو

السدس فقال أبو بكر هل معك غيرك فقال محمد بن مسلمة مثل ما قال المغيرة فأنفذه لها أبو بكر ثم جاءت

چھٹا حصہ سو کہا ابو بکر نے کیا تیرے ساتھ دوسرا کوئی ہے تب کہا محمد بن مسلمہ نے جیسا کہا مغیرہ نے پھر جاری کیا اس حکم کو اسکے لئے ابو بکر نے پھر آئی

الجدة الأخرى إلى عمر تسأله ميراثها فقال هو ذلك السدس فإن اجتمعتما فهو بينكما وأيتكما خلت به فهو

دوسری دادی عمر کے پاس پوچھتی ہوئی ان سے اپنی میراث کو سو کہا وہی چھٹا حصہ ہے پھر اگر دونوں ملکر ہو تو وہی تم دونوں میں اور جو تم میں سے اکیلی ہے اسکو

لها رواه مالك وأحمد والترمذي وأبو داود والدارمي وابن ماجة ٭ وعن ابن مسعود رض قال في الجدة مع ابنها

اسیکا ہے روایت کیا اسکو مالک اور احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور دارمی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہا دادی کے حق میں ساتھ بیٹے کے

إنها أول جدة أطعمها رسول الله صلى الله عليه وسلم سدسا مع ابنها وابنها حي رواه الترمذي والدارمي والترمذي ضعفه ٭ وعن

پہلی دادی ہے کہ دلوایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھٹا حصہ بیٹے کے ساتھ بیٹا اسکا زندہ رہتے روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور ترمذی نے ضعیف کہا اسکو اور روایت ہے

الضحاك بن سفيان رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كتب إليه أن ورث امرأة أشيم الضبابي من دية زوجها

ضحاک بن سفیان رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھا اسکو کہ وارث کر عورت کو اشیم ضبابی کی دیت سے اسکے خاوند کی

رواه الترمذي وابوداؤد وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح وعن تميم الداري رض قال سألت رسول الله صلى الله
روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے تمیم داری رض سے کہا پوچھا میں رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم ما السنة في الرجل من اهل الشرك يسلم على يدي رجل من المسلمين فقال هو اولى الناس بمحياه و
علیہ وسلم سے کیا ہے شرع کا حکم اس مرد میں مشرکین سے کہ اسلام لاوے ہاتھ پر کسی مرد مسلمان کے سو فرمایا وہ قریب تر ہے لوگوں سے زیادہ زندگی اور

مماته رواه الترمذي وابن ماجة والدارمي وعن ابن عباس رض ان رجلا مات ولم يدع وارثا الا غلاما كان اعتقه
موت میں اسکی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ بیشک ایک مرد مر گیا اور نہ چھوڑا کوئی وارث سوا ایک غلام کے

فقال النبي صلى الله عليه وسلم هل له احد قالوا لا الا غلاما له كان اعتقه فجعل النبي صلى الله عليه وسلم ميراثه له رواه
سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا اسکا کوئی ہے کہا نہیں مگر ایک غلام اسکا آزاد کیا تھا اسکو پھر دیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکی میراث اسکو روایت کیا

ابوداؤد والترمذي وابن ماجة وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان النبي صلى الله عليه وسلم قال يرث الولاء من
ابو داؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وارث ہوگا ولا کا جو

يرث المال رواه الترمذي وقال هذا حديث اسناده ليس بالقوي

الفصل الثالث

عن عبد الله بن عمر ان رسول
وارث ہوگا مال کا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا ترمذی نے اس حدیث کی سند قوی نہیں — فصل تیسری — روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے کہ بیشک رسول

الله صلى الله عليه وسلم قال ما كان من ميراث قسم في الجاهلية فهو على قسمة الجاهلية وما كان من ميراث ادركه
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو میراث کہ تقسیم پائی تھی زمانہ جاہلیت میں سو وہ بحال ہے تقسیم پر زمانہ جاہلیت کی اور جو میراث کہ قبل قسمت کے پایا اسکو زمانہ

فهو على قسمة الاسلام رواه ابن ماجة وعن محمد بن ابي بكر بن حزم انه سمع اباه كثيرا يقول كان عمر بن الخطاب يقول
سو وہ موافق اسلام کی تقسیم کے ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے محمد بن ابی بکر بن حزم سے کہ اسنے سنا اپنے باپ کو اکثر کہتے عمر بن خطاب کہتے تھے

عجبا للعمة تورث ولا ترث رواه مالك وعن عمر رض قال تعلموا الفرائض زاد ابن مسعود والطلاق والحج قالا فانه
عجب حال ہے پھوپھی کا کہ اسکی میراث لیجاتی ہے اور وہ نہیں لیتی روایت کیا اسکو مالک نے اور روایت ہے عمر رض سے کہا سیکھو احکام فرائض اور زیادہ کیا ابن مسعود نے اور طلاق اور حج

من دينكم رواه الدارمي

باب الوصايا

الفصل الاول

عن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما حق
دین سے تمہارے ہے روایت کیا اسکو دارمی نے — باب وصیتوں کے بیان میں — پہلی فصل — روایت ہے ابن عمر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں حق

امرئ مسلم له شيء يوصي فيه يبيت ليلتين الا ووصيته مكتوبة عنده متفق عليه وعن سعد بن ابي وقاص رض
مرد مسلمان کا کوئی چیز رکھ کر قابل وصیت کے کہ سووے دو راتیں مگر وصیت اسکی لکھی رہے اسکے پاس ق ہ اور روایت ہے سعد ابن ابی وقاص رض سے

قال مرضت عام الفتح مرضا اشفيت على الموت فاتاني رسول الله صلى الله عليه وسلم يعودني فقلت يا رسول الله
کہا بیمار ہوا میں سال فتح کے کسی بیماری کہ پہنچ گیا میں مرنے پر سو آئے میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عیادت کو سو کہا میں اے رسول اللہ

ان لي مالا كثيرا وليس يرثني الا ابنتي افاوصي بمالي كله قال لا قلت فثلثي مالي قال لا قلت فالشطر قال لا قلت فالثلث
میرا مال بہت ہے اور نہیں کوئی وارث میرا سوا بیٹی کے کیا وصیت کروں اپنے سب مال کی فرمایا نہیں کہا میں دو تہائی اپنے مال کی فرمایا نہیں کہا میں آدھا فرمایا نہیں کہا میں تہائی

قال الثلث والثلث كثير انك ان تذر ورثتك اغنياء خير من ان تذرهم عالة يتكففون الناس وانك لن تنفق
فرمایا کہ تہائی کی اور تہائی بہت ہے بیشک تیرا چھوڑ جانا اپنے وارثوں کو تونگر بھلا ہے تیرے چھوڑ جانے سے انکو محتاج ہاتھ پھیلاتے لوگوں کے پاس اور بیشک تو خرچ نہ کریگا

نفقة تبتغي بها وجه الله إلا أجرت بها حتى اللقمة ترفعها إلى في امرأتك متفق عليه **الفصل الثاني** عن سعد بن
کوئی خاص ہو مگر اس سے رضامندی اللہ کی مگر ثواب دیا جائے گا اس پر یہاں تک کہ نوالہ جو اٹھا دے تو اسکو اپنی بی بی کے منہ تک ق • دوسری فصل روایت ہے سعد بن

أبي وقاص رض قال عادني رسول الله صلى الله عليه وسلم وأنا مريض فقال أوصيت قلت نعم قال بكم قلت بمالي كله
ابی وقاص رض سے کہا عیادت کی میری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب میں بیمار تھا سو فرمایا کیا وصیت کی تو نے کہا ہاں فرمایا کتنے کی کہا میں اپنے سب مال کی

في سبيل الله قال فما تركت لولدك قلت هم أغنياء بخير فقال أوص بالعشر فما زلت أناقصه حتى قال أوص بالثلث والثلث
اللہ کی راہ میں فرمایا پھر کیا چھوڑا تو اپنی اولاد کا حق کہا ہیں وے بے پروا مال سے بہتر پھر فرمایا وصیت کر دسویں حصے کی پھر میں تکرار کرتا رہا یہاں تک کہ فرمایا وصیت کر تہائی کی اور تہائی

كثير رواه الترمذي وعن أبي أمامة رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في خطبته عام حجة الوداع إن الله
بہت ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی امامہ رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے اپنے خطبے میں حجۃ الوداع کے سال کہ اللہ نے

قد أعطى كل ذي حق حقه فلا وصية لوارث رواه أبو داود وابن ماجه وزاد الترمذي الولد للفراش وللعاهر الحجر وحسابهم
تحقیق دیا ہر حقدار کو اسکا حق پس نہیں وصیت وارث کے لیے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور زیادہ کیا ترمذی نے بچہ صاحب فراش کا ہے اور زانی کو پتھر ہے اور

على الله ويروى عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا وصية لوارث إلا أن يشاء الورثة منقطع هذا لفظ
اللہ پر ہے اور مروی ہے ابن عباس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا وصیت نہیں وارث کو مگر یہ کہ چاہیں اور وارث سند اسکی منقطع ہے یہ عبارت

المصابيح وفي رواية الدارقطني قال لا تجوز وصية لوارث إلا أن يشاء الورثة وعن أبي هريرة رض عن رسول الله صلى
مصابیح کی ہے اور روایت میں دارقطنی کی فرمایا جائز نہیں وصیت وارث کو مگر یہ کہ چاہیں اور وارث اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم قال إن الرجل ليعمل والمرأة بطاعة الله ستين سنة ثم يحضرهما الموت فيضاران في الوصية فتجب
اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ مرد البتہ کرے اور عورت اللہ کی تابعداری ساٹھ سال پھر آوے دونوں کو موت پھر نقصان پہنچاویں دونوں وصیت میں سو ثابت ہوتی ہے

لهما النار ثم قرأ أبو هريرة من بعد وصية يوصى بها أو دين غير مضار إلى قوله وذلك الفوز العظيم رواه أحمد والترمذي
ان کے لئے دوزخ پھر پڑھی ابوہریرہ نے یہ آیت بعد وصیت کے کہ کی جاوے یا بعد قرض کے جس حال میں کہ نہ ضرر پہنچانے والا اللہ کے کلام تک اور وہ ہے بڑی مراد ملنی

وأبو داود وابن ماجه **الفصل الثالث** عن جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من مات على وصية مات على سبيل
اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے • تیسری فصل • روایت ہے جابر رض سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو مرا وصیت کر کے مرا دین داری پر

وسنة ومات على تقى وشهادة ومات مغفورا له رواه ابن ماجه وعن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده أن العاص بن وائل
اور سنت محمدی پر اور مرا تقوی اور شہادت پر اور مرا بخشا گیا روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے کہ بیشک عاص بن وائل نے

أوصى أن يعتق عنه مائة رقبة فأعتق ابنه هشام خمسين رقبة فأراد ابنه عمرو أن يعتق عنه الخمسين الباقية فقال
وصیت کی کہ آزاد کئے جاویں اسکی طرف سے سو بردے پس آزاد کیا اسکا بیٹا ہشام پچاس بردے پھر ارادہ کیا بیٹا اسکا عمرو کہ آزاد کرے اسکی طرف باقی پچاس پھر کہا

حتى أسأل رسول الله صلى الله عليه وسلم فأتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله إن أبي أوصى أن يعتق عنه مائة رقبة
یہاں تک کہ پوچھوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا یا رسول اللہ مقرر میرے باپ نے وصیت کی کہ آزاد کئے جاویں اسکی

وإن هشاما أعتق عنه خمسين وبقيت عليه خمسون رقبة أفأعتق عنه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم إنه لو كان مسلما فأعتقتم عنه
اور بیشک ہشام نے آزاد کئے اسکی طرف سے پچاس اور باقی رہے اسپر پچاس بردے کیا میں آزاد کروں اسکی طرف سے تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ اگر مسلمان ہوتا پھر آزاد کرتے

أو تصدقتم عنه أو حججتم عنه بلغه ذلك رواه أبو داود وعن أنس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قطع

یا خیرات کرتے یا حج کرتے اسکی طرف سے تو پہنچتا اسکو ثواب اسکا روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص قطع کرے

ميراث وارثه قطع الله ميراثه من الجنة يوم القيامة رواه ابن ماجه ورواه البيهقي في شعب الإيمان

میراث اپنے وارث کی قطع کریگا اللہ اسکی میراث جنت سے قیامت کے دن روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

كتاب النكاح

یہ کتاب نکاح کے مسائل میں

الفصل الأول

عن عبد الله بن مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا معشر الشباب من استطاع منكم الباءة فليتزوج فإنه أغض للبصر وأحصن للفرج ومن لم يستطع فعليه بالصوم فإنه له وجاء متفق عليه

پہلی فصل روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے جماعت جوانوں کی جو سکے تم میں سے باہ والا سو نکاح کرے اس لیے کہ نکاح کرنا بچاتا ہے آنکھ اور زنا سے بچاتا ہے شرمگاہ۔ اور جسکو طاقت نہو تو اسپر روزہ ہے اس لیے کہ روزہ اسکے لیے خصی ہونا ہے

وعن سعد بن أبي وقاص رض قال رد رسول الله صلى الله عليه وسلم على عثمان بن مظعون التبتل ولو أذن له لاختصينا متفق عليه

اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص رض سے کہ کہا انہوں نے اجازت نہ دی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عثمان بن مظعون کو مجرد رہنے کی اور اگر اجازت دیتے اسکو تو ہم خصی ہو جاتے

وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تنكح المرأة لأربع لمالها ولحسبها ولجمالها ولدينها فاظفر بذات الدين تربت يداك متفق عليه

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کی جاتی ہے عورت چار چیزوں سے مال اور حسب ... دین دار عورت ... خاک میں بھریں دونوں ہاتھ تیرے

وعن عبد الله بن عمرو رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الدنيا كلها متاع وخير متاع الدنيا المرأة الصالحة رواه مسلم

اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام دنیا کچھ کام چلا لینا ہے اور بہتر سب دنیا کی چیزوں میں نیکبخت عورت ہے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير نساء ركبن الإبل صالح نساء قريش أحناه على ولد في صغره وأرعاه على زوج في ذات يده متفق عليه

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر عورتوں ... کہ سوار ہوتی ہیں اونٹ پر نیکبخت عورتیں قریش کی ہیں زیادہ مہربان ہیں اپنے بچے پر ... اور زیادہ رعایت کرنے والی ... خاوند کے مال میں

وعن أسامة بن زيد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما تركت بعدي فتنة أضر على الرجال من النساء متفق عليه

... کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ چھوڑا میں نے بعد اپنے کوئی فتنہ کہ زیادہ ضرر کرے مردوں کو عورتوں سے

وعن أبي سعيد الخدري رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الدنيا حلوة خضرة وإن الله مستخلفكم فيها فينظر كيف تعملون فاتقوا الدنيا واتقوا النساء فإن أول فتنة بني إسرائيل كانت في النساء رواه مسلم

اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہ کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا میٹھی ہے سبز ہے اور مقرر اللہ خلیفہ کیا چاہتا ہے تمکو دنیا میں پھر دیکھیگا کیسا عمل کرو گے پس بچتے رہو دنیا سے اور بچتے رہو عورتوں سے کیونکہ بیشک پہلا فتنہ بنی اسرائیل کا تھا عورتوں کے لیے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الشؤم في المرأة والدار والفرس متفق عليه وفي رواية الشؤم في ثلثة في المرأة والمسكن والدابة

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدفالی عورت میں ہے اور گھر میں اور گھوڑے میں متفق علیہ ہے اور ایک روایت میں بدفالی تین چیزوں میں ہے عورت میں اور مکان میں اور چارپائے میں

وعن جابر رض قال كنا مع النبي صلى الله عليه وسلم في غزوة فلما قفلنا كنا قريبا من المدينة قلت يا رسول الله إني حديث عهد

اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا تھے ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی لڑائی میں پھر جب پھرے ہم تھے نزدیک مدینے کے کہا میں نے اے رسول اللہ مجھے ...

بعرس قال تزوجت قلت نعم قال بکر ام ثیب قلت بل ثیب قال فھلا بکرا تلاعبھا وتلاعبک فلما قدمنا ذھبنا لندخل فقال
ہیں تب فرمایا کیا نکاح کیا تو کہا میں ہاں فرمایا باکرہ ہے یا ثیبہ کہا میں بلکہ ثیبہ فرمایا پھر باکرہ کیوں نہ کیا کہ کھیلتا تو اس سے اور وہ تجھ سے پھر جب آئے ہم گئے داخل ہونے کو

امھلوا حتی ندخل لیلا ای عشاء لکی تمتشط الشعثۃ وتستحد المغیبۃ متفق علیہ الفصل الثانی عن ابی ھریرۃ رض قال رسول اللہ
تھم جاؤ یہاں تک کہ داخل ہوں رات کو یعنی عشاء کے وقت تاکہ کنگھی کرے بال بکھری ہوئی اور پاکی کرے جس کا خاوند غائب تھا متفق علیہ فصل دوسری روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا کہ فرمایا رسول

صلی اللہ علیہ وسلم قال ثلثۃ حق علی اللہ عونھم المکاتب الذی یرید الاداء والناکح الذی یرید العفاف والمجاھد فی سبیل اللہ رواہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخص ہیں کہ ثابت ہے اللہ پر مدد ان کی ایک تو وہ مکاتب ارادہ رکھے ادا کا اور دوسرا نکاح کرنے والا ارادہ رکھے پارسائی کا اور تیسرا مجاہد اللہ کی راہ میں

الترمذی والنسائی وابن ماجۃ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا خطب الیکم من ترضون دینہ وخلقہ فزوجوہ
ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پیغام بھیجے تمہاری طرف وہ شخص کہ پسند کرتے ہو تم دین اس کا اور خلق اس کا تو نکاح کر دو اس سے

الا تفعلوہ تکن فتنۃ فی الارض وفساد عریض رواہ الترمذی وعن معقل بن یسار رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
اگر نہ کرو گے اسکو تو ہوگا فتنہ زمین میں اور بہت فساد روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے معقل بن یسار رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم تزوجوا الودود الولود فانی مکاثر بکم الامم رواہ ابوداؤد والنسائی وعن عبد الرحمن بن سالم بن عتبۃ بن
وسلم نے نکاح کرو محبت کرنے والی بہت جننے والی سے کہ میں کثرت چاہنے والا ہوں تمہاری اور امتوں پر روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے عبدالرحمن سے بیٹا سالم کا بیٹا عتبہ کا بیٹا

عویم بن ساعدۃ الانصاری عن ابیہ عن جدہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علیکم بالابکار فانھن اعذب افواھا
عویم بن ساعدہ انصاری کا اپنے باپ سے اسکے دادا سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لازم کرو نکاح باکرہ عورتوں سے کہ وہ شیریں زبان ہیں

وانتق ارحاما وارضی بالیسیر رواہ ابن ماجۃ مرسلا الفصل الثالث عن ابن عباس رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ
اور بچے بہت جننے والی ہیں اور تھوڑے پر راضی ہوتی ہیں روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے سند مرسل سے تیسری فصل روایت ہے ابن عباس رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم لم نر للمتحابین مثل النکاح وعن انس رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اراد ان یلقی اللہ طاھرا
علیہ وسلم نے نہ دیکھا تو دو دوستی کرنے والوں کے لیے مانند نکاح کے اور روایت ہے انس رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی ارادہ رکھے ملنے کا اللہ سے

مطھرا فلیتزوج الحرائر وعن ابی امامۃ رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ یقول ما استفاد المؤمن بعد تقوی
اور پاک کیا گیا تو چاہیے کہ نکاح کرے بیبیوں سے اور روایت ہے ابی امامہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ فرماتے تھے نہیں حاصل کیا مومن نے بعد اللہ سے ڈرنے کے

اللہ خیرا لہ من زوجۃ صالحۃ ان امرھا اطاعتہ وان نظر الیھا سرتہ وان اقسم علیھا ابرتہ وان غاب عنھا
کوئی چیز بہتر اپنے لئے نیک بخت عورت سے کہ اگر حکم کرے اسکو تو مانے اور اگر دیکھے اسکو تو خوش کرے اسکو اور اگر قسم کھاوے اسپر سچا کرے اسکو اور اگر غائب ہو

نصحتہ فی نفسھا ومالہ روی ابن ماجۃ الاحادیث الثلثۃ وعن انس رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا تزوج
خیر خواہی کرے اسکی اپنی جان میں اور اسکے مال میں روایت کیا ابن ماجہ نے تینوں حدیثوں کو اور روایت ہے انس رض سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نکاح کرے

العبد فقد استکمل نصف الدین فلیتق اللہ فی النصف الباقی وعن عائشۃ رض قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اعظم
بندہ سو تحقیق پورا کیا اسنے آدھا دین پس چاہیے کہ ڈرتا رہے اللہ سے باقی آدھے دین میں اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

النکاح برکۃ ایسرہ مؤنۃ رواہ البیھقی فی شعب الایمان باب النظر الی المخطوبۃ وبیان العورات الفصل
مبارک نکاح وہ ہے کہ تکلف کم ہو اس میں روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں باب دیکھنا اس عورت کا کہ پیغام کی گئی ہو اور بیان عورتوں کے ستر کا فصل

الاول عن أبي هريرة رض قال جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال إني تزوجت امرأة من الأنصار قال فانظر إليها فإن في أعين الأنصار شيئا رواه مسلم

پہلی روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا اسنے آیا ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو کہا کہ میں نے نکاح کیا چاہا ہے ایک عورت کو انصار سے فرمایا پھر دیکھ لے اسکو کہ آنکھوں میں انصار کی کچھ عیب ہے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن ابن مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تباشر المرأة المرأة فتنعتها لزوجها كأنه ينظر إليها متفق عليه

اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ اختلاط کرے کوئی عورت کسی عورت سے پھر بیان کرے اسکو اپنے شوہر سے گویا کہ وہ دیکھتا ہے اسکو ق

وعن أبي سعيد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ينظر الرجل إلى عورة الرجل ولا المرأة إلى عورة المرأة ولا يفضي الرجل إلى الرجل في ثوب واحد ولا تفضي المرأة إلى المرأة في ثوب واحد رواه مسلم

اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ دیکھے مرد شرمگاہ مرد کی اور نہ عورت شرمگاہ عورت کی اور نہ رہے مرد مرد کے ساتھ ایک لحاف میں اور نہ رہے عورت عورت کے ساتھ ایک کپڑے میں روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ألا لا يبيتن رجل عند امرأة ثيب إلا أن يكون ناكحا أو ذا محرم رواه مسلم

اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبردار ان کو نہ رہے کوئی مرد ثیبہ عورت کے پاس رات کو مگر یہ کہ ہو خاوند یا محرم روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن عقبة بن عامر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إياكم والدخول على النساء فقال رجل يا رسول الله أرأيت الحمو قال الحمو الموت متفق عليه

اور روایت ہے عقبہ بن عامر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دور رکھو آپ کو آنے جانے سے بیگانی عورتوں پاس سو کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ خبر دیجئے دیور سے فرمایا دیور تو موت ہے ق

وعن جابر رض أن أم سلمة استأذنت رسول الله صلى الله عليه وسلم في الحجامة فأمر أبا طيبة أن يحجمها قال حسبت أنه كان أخاها من الرضاعة أو غلاما لم يحتلم رواه مسلم

اور روایت ہے جابر رض سے کہ تحقیق ام سلمہ نے اجازت چاہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سینگی لگانے کی سو حکم کیا ابا طیبہ کو سینگی لگانے کا انکو کہا جابر نے مجھے خیال ہوتا ہے کہ ابا طیبہ بھائی تھا انکا دودھ کے رشتہ سے یا لڑکا نابالغ تھا روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن جرير بن عبد الله رض قال سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم عن نظر الفجاءة فأمرني أن أصرف بصري رواه مسلم

اور روایت ہے جریر بن عبد اللہ رض سے کہ کہا پوچھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یکبیک نظر پڑ جانے کو سو حکم کیا مجھے آنکھ پھیر لینے کا روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن المرأة تقبل في صورة شيطان وتدبر في صورة شيطان إذا أحدكم أعجبته المرأة فوقعت في قلبه فليعمد إلى امرأته فليواقعها فإن ذلك يرد ما في نفسه رواه مسلم

اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر عورت سامنے آتی ہے شیطان بنکر اور پھر جاتی ہے شیطان کی صورت جب کسی کو تم میں اچھی لگے کوئی عورت پھر خیال ہو اسکا اسکے دل میں تو قصد کرے اپنی بی بی کا پھر جماع کرے اسے کہ بیشک یہ دور کرتا ہے دل کا وسوسہ روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

عن جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا خطب أحدكم المرأة فإن استطاع أن ينظر إلى ما يدعوه إلى نكاحها فليفعل رواه أبو داود

دوسری فصل روایت ہے جابر رض سے کہ کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پیغام کرے کوئی تم میں کسی عورت سے سو اگر سکے دیکھنا اس چیز کا کہ رغبت دلاوے اسکو اسکے نکاح کی طرف سو دیکھ لے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وعن المغيرة بن شعبة رض قال خطبت امرأة فقال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم هل نظرت إليها قلت لا قال فانظر إليها فإنه أحرى أن يؤدم بينكما رواه أحمد والترمذي والنسائي وابن ماجه والدارمي

اور روایت ہے مغیرہ بن شعبہ رض سے کہ کہا پیغام کیا میں نے ایک عورت سے سو فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا دیکھا تو نے اسکو کہا میں نے نہیں فرمایا پھر دیکھ لے اسکو کہ دیکھنا سزاوار ہے موافقت ہونے کو تم دونوں میں روایت کیا احمد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے

وعن ابن مسعود رض قال رأى رسول الله صلى الله عليه وسلم امرأة فأعجبته فأتى سودة

اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ کہا نظر پڑ گئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک عورت پر پھر اچھی لگی آپ کو پھر آئے حضرت سودہ

وهي تصنع طيبا وعندها نساء فأخلينه فقضى حاجته ثم قال أيما رجل رأى امرأة تعجبه فليقم إلى أهله فإن معها مثل الذي

اور وہاں ان کے پاس خوشبو بنا رہی تھیں اور ان کے پاس عورتیں تھیں پس آپ کو چھوڑ کر چلی گئیں آپ نے اپنی حاجت پوری کی پھر فرمایا جو مرد کسی عورت کو دیکھے اور وہ اسکو اچھی لگے تو اپنی بیوی کے پاس جائے کیونکہ اسکے

معها رواه الدارمي وعنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال المرأة عورة فإذا خرجت استشرفها الشيطان رواه الترمذي

ساتھ بھی وہی ہے روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے اسی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا عورت قابل پردہ کے ہے پھر جب نکلتی ہے دیکھتا ہے اسکو شیطان روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن بريدة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعلي يا علي لا تتبع النظرة النظرة فإن لك الأولى وليست لك الآخرة

اور روایت ہے بریدہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی کو اے علی دوبارہ مت دیکھ ایک بار دیکھ کر اسلئے کہ جائز ہے تجھکو پہلی نظر اور جائز نہیں دوسری

رواه أحمد والترمذي وأبو داود والدارمي وعن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا

روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور دارمی نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے وہ اپنے باپ سے وہ اسکے دادا سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جب

زوج أحدكم عبده أمته فلا ينظرن إلى عورتها وفي رواية فلا ينظر إلى ما دون السرة وفوق الركبة رواه أبو داود

نکاح کر دے کوئی تمہارا اپنے غلام کا اپنی لونڈی سے سو نظر نہ کرے ستر پر اسکے اور ایک روایت میں ہے سو نظر نہ کرے زیر ناف اور گھٹنے کے اوپر روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وعن جرهد رض أن النبي صلى الله عليه وسلم قال أما علمت أن الفخذ عورة رواه الترمذي وأبو داود وعن علي

اور روایت ہے جرہد رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا نہ جانا تو نے کہ بیشک ران ستر ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت ہے علی سے

أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يا علي لا تبرز فخذك ولا تنظر إلى فخذ حي ولا ميت رواه أبو داود وابن ماجه وعن

کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے علی مت کھول ران اپنی اور نہ دیکھ ران کو زندے کی اور نہ مردے کی روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے

محمد بن جحش رض قال مر رسول الله صلى الله عليه وسلم على معمر وفخذاه مكشوفتان قال يا معمر غط فخذيك فإن الفخذين

محمد بن جحش رض سے کہا گذر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معمر پر اس حال میں کہ دونوں ران اسکی کھلی تھیں فرمایا اے معمر ڈھانپ دونوں ران اپنی کہ بیشک دونوں ران

عورة رواه في شرح السنة وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إياكم والتعري فإن معكم من لا يفارقكم

شرمگاہ ہیں روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دور رہو ننگے رہنے سے کہ بیشک تمہارے ساتھ وہ ہیں جو تم سے جدا نہیں ہوتے

إلا عند الغائط وحين يفضي الرجل إلى أهله فاستحيوهم وأكرموهم رواه الترمذي وعن أم سلمة رض أنها كانت عند

مگر حاجت ضروری کے وقت اور جب اکیلا ہو مرد اپنی عورت کے پاس سو شرم کرو انسے اور تعظیم کرو انکی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہ تھیں پاس

رسول الله صلى الله عليه وسلم وميمونة إذ أقبل ابن أم مكتوم فدخل عليه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم احتجبا منه فقلت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور میمونہ ناگہاں آیا ابن ام مکتوم پھر داخل ہوا حضرت کے پاس سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پردہ کرو اس سے سو کہا میں نے

يا رسول الله أليس هو أعمى لا يبصرنا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم أفعمياوان أنتما ألستما تبصرانه رواه أحمد والترمذي و

اے رسول اللہ کے کیا نہیں وہ اندھا کہ دیکھتا نہیں ہمکو سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا اندھی ہو تم دونو کیا نہیں دیکھتیں اسکو روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور

أبو داود وعن بهز بن حكيم عن أبيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم احفظ عورتك إلا من زوجتك أو ما

ابو داؤد نے اور روایت ہے بہز بن حکیم سے وہ اپنے باپ سے وہ اسکے دادا سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھپا اپنی شرمگاہ مگر اپنی بی بی سے یا

ملكت يمينك فقلت يا رسول الله أفرأيت إذا كان الرجل خاليا قال فالله أحق أن يستحيى منه رواه الترمذي وأبو داود وابن ماجه

لونڈی سے پھر کہا میں نے اے رسول اللہ کے فرمائیے جب ہو مرد اکیلا فرمایا پھر اللہ زیادہ لائق ہے کہ شرم کیا جاوے اس سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے

وعن عمر رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یخلون رجل بامرأة الا کان ثالثهما الشیطان رواه الترمذی وعن جابر عن

اور روایت ہے عمر رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا اکیلا رہیگا کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ مگر ہوگا تیسرا ان دونوں کا شیطان روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر سے

النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تلجوا علی المغیبات فان الشیطان یجری من احدکم مجری الدم قلنا ومنک قال ومنی ولکن

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہ جاؤ ان عورتوں کے پاس کہ خاوند حاضر نہیں ہیں انکے کہ شیطان چلتا ہے ایک تمہارے سے جیسا لہو چلتا ہے کہا ہم نے اور آپ سے فرمایا اور مجھ سے بھی ولیکن

اللہ اعاننی علیہ فاسلم رواه الترمذی وعن انس رض ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اتی فاطمة بعبد قد وهبه لها وعلی فاطمة

اللہ نے مدد کی میری اسپر سو تابعدار ہوگیا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس رض سے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم آئے فاطمہ پاس ایک غلام کے ساتھ کہ دیا تھا فاطمہ کو اور فاطمہ پر

ثوب اذا قنعت به راسها لم یبلغ رجلیها واذا غطت به رجلیها لم یبلغ راسها فلما رای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ایک کپڑا تھا کہ جب ڈھانپتی اس سے سر اپنا نہ پہنچتا پاؤں تک اور جب ڈھانپتی اس سے پاؤں نہ پہنچتا سر تک پس جب دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

ما تلقی قال انه لیس علیک باس انما هو ابوک وغلامک رواه ابو داود

اسکی تکلیف فرمایا نہیں اندیشہ تجھ پر کسی بات کا سوائے اسکے نہیں یہ باپ تیرا ہے اور غلام تیرا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

الفصل الثالث عن ام سلمة رض ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان عندها وفی البیت مخنث فقال لعبد اللہ بن ابی امیة اخی ام سلمة یا عبد اللہ ان فتح اللہ لکم غدا

تیسری فصل روایت ہے ام سلمہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے انکے پاس اور گھر میں ایک مخنث تھا سو کہا مخنث نے عبداللہ بن ابی امیہ کو ام سلمہ کے بھائی کو اے عبداللہ اگر فتح کیا اللہ نے تمہارے کل

الطائف فانی ادلک علی ابنة غیلان فانها تقبل باربع وتدبر بثمان فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا یدخلن هؤلاء علیکم

طائف کو سو میں بتاؤنگا تجھے بیٹی غیلان کی کہ وہ آتی ہے چار کے ساتھ اور جاتی ہے آٹھ کے ساتھ سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ آویں یہ تمہارے پاس

متفق علیه وعن المسور بن مخرمة رض قال حملت حجرا ثقیلا فبینا انا امشی سقط عنی ثوبی فلم استطع اخذه فرآنی

ق اور روایت ہے مسور بن مخرمہ رض سے کہا اٹھایا میں نے ایک پتھر بھاری سو جس وقت میں چلتا تھا گر پڑا مجھ سے کپڑا میرا نہ سکا اٹھا اسکو پھر دیکھا مجھ کو

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال لی خذ علیک ثوبک ولا تمشوا عراة رواه مسلم وعن عائشة رض قالت ما

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سو فرمایا مجھ کو لے اپنے پر کپڑا اپنا اور نہ چلو ننگے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا انہوں نے

نظرت او ما رایت فرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قط رواه ابن ماجة وعن ابی امامة رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ما من

دیکھی میں نے شرمگاہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کبھی روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی امامہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں

مسلم ینظر الی محاسن امرأة اول مرة ثم یغض بصره الا احدث اللہ له عبادة یجد حلاوتها رواه احمد وعن الحسن مرسلا

کوئی مسلمان کہ نظر کرے بیچ کسی عورت کے پہلی بار پھر نیچی کرے آنکھ مگر کریگا اللہ اسکے لیے ایک نئی عبادت کہ پاویگا مزا اسکا روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے حسن سے

قال بلغنی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لعن اللہ الناظر والمنظور الیه رواه البیهقی فی شعب الایمان

کہا پہنچی مجھکو حدیث کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لعنت کرے اللہ دیکھنے والے اور دکھانے والے کو روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

باب الولی فی النکاح واستئذان المرأة

الفصل الاول

عن ابی هریرة رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تنکح الایم حتی تستأمر

اور اجازت لینے کے بیان کا عورت سے پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح نہ کیا جاوے بیوہ کا جب تک کہ حکم نہ لیا جاوے

ولا تنکح البکر حتی تستأذن قالوا یا رسول اللہ وکیف اذنها قال ان تسکت متفق علیه وعن ابن عباس رض ان النبی صلی اللہ علیہ

اور نہ ہوگا نکاح باکرہ کا یہاں تک کہ اجازت لی جاوے اس سے کہا اے رسول اللہ کے اور کیسی ہے اجازت اسکی فرمایا چپ رہنا اسکا ہے متفق ہے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

قال الأيم أحق بنفسها من وليها والبكر تستأذن في نفسها وإذنها صماتها وفي رواية قال الثيب أحق بنفسها من وليها والبكر تستأمر

فرمایا بیوہ عورت حقدار ہے اپنی جان کی اپنے ولی سے اور باکرہ سے اذن لیا جائیگا اسکی جان میں اور اذن اسکا چپ رہنا ہے اور ایک روایت میں فرمایا بیوہ حقدار اپنی جان کی ہے اپنے ولی سے اور باکرہ سے اذن لیا جائے

وإذنها سكوتها وفي رواية قال الثيب أحق بنفسها من وليها والبكر يستأذنها أبوها في نفسها وإذنها صماتها رواه مسلم

اور اذن اسکا چپ رہنا ہے اور ایک روایت میں فرمایا بیوہ حقدار اپنی جان کی ہے اپنے ولی سے اور باکرہ سے اذن لیگا باپ اسکا نکاح کرنے اور اذن اسکا چپ رہنا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن خنساء بنت خذام رض أن أباها زوجها وهي ثيب فكرهت ذلك فأتت رسول الله صلى الله عليه وسلم فرد نكاحه

اور روایت ہے خنساء بنت خذام سے کہ بیشک باپ اسکا نے نکاح کر دیا اسکا اور وہ بیوہ تھی پھر برا جانا اسکو پھر آئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو پھیر دیا اسکے نکاح کو

رواه البخاري وفي رواية ابن ماجه نكاح أبيها وعن عائشة رض أن النبي صلى الله عليه وسلم تزوجها وهي بنت

روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت میں ابن ماجہ کی ہے اسکے باپ کے نکاح کو اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا انسے جب

سبع سنين وزفت إليه وهي بنت تسع سنين ولعبها معها ومات عنها وهي بنت ثماني عشرة رواه مسلم

سات برس کی تھیں اور خلوت ہوئی انکی حضرت سے جب نو برس کی تھیں اور کھلونے انکے ساتھ تھے اور وفات پائی ان کو چھوڑ کر تھا اٹھارہ برس کا سن انکا روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

دوسری فصل

عن أبي موسى رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا نكاح إلا بولي رواه أحمد والترمذي وأبو داود وابن ماجه والدارمي وعن

روایت ہے ابی موسی رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں ہوتا نکاح بغیر ولی کے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور

عائشة رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال أيما امرأة نكحت بغير إذن وليها فنكاحها باطل فنكاحها باطل فنكاحها باطل

عائشہ رض سے ہے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عورت کہ نکاح کیا بغیر حکم اپنے ولی کے سو اسکا نکاح باطل ہے یہ تین بار فرمایا

فإن دخل بها فلها المهر بما استحل من فرجها فإن اشتجروا فالسلطان ولي من لا ولي له رواه أحمد والترمذي وأبو داود

پھر اگر صحبت کی اس سے سو ملیگا اسکو مہر بسبب اسکے کہ حلال کیا اسکی شرمگاہ پھر اگر اختلاف کیا ولیوں نے سو بادشاہ ولی ہے جسکا کوئی ولی نہو روایت کیا اسکو احمد ترمذی ابوداؤد

وابن ماجه والدارمي وعن ابن عباس رض أن النبي صلى الله عليه وسلم قال البغايا اللاتي ينكحن أنفسهن بغير بينة

اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چھنال عورتیں وہی ہیں جو نکاح کر لیں اپنا بے شاہدوں کے

والأصح أنه موقوف على ابن عباس رواه الترمذي وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اليتيمة

اور زیادہ صحیح یہ ہے کہ یہ موقوف ہے ابن عباس رض پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یتیم لڑکی

تستأمر في نفسها فإن صمتت فهو إذنها وإن أبت فلا جواز عليها رواه الترمذي وأبو داود والنسائي ورواه الدارمي عن أبي موسى وعن

اذن لیا جائیگا اسکے نکاح میں پھر اگر چپ رہی تو وہی اذن اسکا اور اگر انکار کیا تو جبر نہیں اس پر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت کیا دارمی نے ابی موسی سے اور

جابر رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال أيما عبد تزوج بغير إذن سيده فهو عاهر رواه الترمذي وأبو داود والدارمي

جابر رض سے ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو غلام کہ نکاح کرے بغیر حکم اپنے مالک کے سو وہ زانی ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور دارمی نے

الفصل الثالث

تیسری فصل

عن ابن عباس رض أن جارية بكرا أتت رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكرت أن أباها زوجها وهي كارهة فخيرها النبي صلى الله عليه وسلم رواه أبو داود

روایت ہے ابن عباس رض سے کہ بیشک باکرہ لڑکی آئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر ذکر کیا کہ باپ اسکا نکاح کر دیا اسکا اور ناخوش تھی سو اختیار دیا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تزوج المرأة المرأة ولا تزوج المرأة نفسها فإن الزانية هي التي تزوج نفسها رواه ابن ماجه

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح نہ کرے عورت عورت کا نہ نکاح کرے عورت اپنا اسلئے کہ چھنال وہی ہے جو آپ ہی اپنا نکاح کر لے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

أبي سعيد وابن عباس رض قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ولد له ولد فليحسن اسمه وأدبه فإذا بلغ فليزوجه فإن
اور روایت ہے ابی سعید اور ابن عباس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکے پیدا ہو لڑکا تو اچھا نام رکھے اور تعلیم کرے پھر جب بالغ ہو تو نکاح کردے اسکا پھر اگر

بلغ ولم يزوجه فأصاب إثما فإنما إثمه على أبيه وعن عمر بن الخطاب وأنس بن مالك رض عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال
بالغ ہوا اور نکاح نہ کر دیا اسکا پھر زنا کیا سو بیشک گناہ اسکا باپ پر ہے ٭ اور روایت ہے عمر بن خطاب اور انس بن مالک رض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا

في التوراة مكتوب من بلغت ابنته اثنتي عشرة سنة ولم يزوجها فأصابت إثما فإثم ذلك عليه رواه البيهقي
توریت میں لکھا ہے جسکی لڑکی بارہ برس کی ہو جاوے اور نکاح نہ کر دے اسکا پھر کی زنا سو گناہ اسکا اسپر ہے ٭ روایت کیا دونوں کو بیہقی نے

في شعب الإيمان

باب إعلان النكاح والخطبة والشرط

الفصل الأول

عن الربيع بنت معوذ بن عفراء رض قالت جاء النبي
کتاب شعب الایمان میں ٭ باب نکاح کی شہرت اور پیغام اور شرطوں کے بیان کا ٭ پہلی فصل ٭ روایت ہے ربیع بنت معوذ بن عفراء رض سے کہ کہا آئے نبی

صلى الله عليه وسلم فدخل حين بني علي فجلس على فراشي كمجلسك مني فجعلت جويريات لنا يضربن بالدف ويندبن
صلی اللہ علیہ وسلم پھر داخل ہوئے جب خلوت کی گئی مجھ سے ٭ پھر بیٹھے میرے بچھونے پر اتنا نزدیک جیسا تو میرے پاس بیٹھا ہے پھر لگیں چھوکریاں ہماری بجانے دف اور

من قتل من آبائي يوم بدر إذ قالت إحداهن وفينا نبي يعلم ما في غد فقال دعي هذه وقولي بالذي كنت تقولين رواه
انکی جو مارے گئے باپ دادا میرے بدر کی لڑائی میں ناگہاں کہا ایک نے ان میں اور ہم میں ایک نبی ہے کہ جانتا ہے کل کی بات سو فرمایا موقوف کر یہ کہنا اور کہہ جو کہتی تھی تو

البخاري وعن عائشة رض قالت زفت امرأة إلى رجل من الأنصار فقال نبي الله صلى الله عليه وسلم ما كان معكم لهو فإن
بخاری نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ نکاح ہوا ایک عورت کا ایک انصاری مرد سے تب فرمایا نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہیں تمہارے ساتھ دف اسلئے کہ

الأنصار يعجبهم اللهو رواه البخاري وعنها قالت تزوجني رسول الله صلى الله عليه وسلم في شوال وبنى بي في شوال
انصار کو خوش آتا ہے دف بجانا ٭ روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انہی سے کہا نکاح کیا مجھسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شوال میں اور صحبت کی مجھ سے شوال میں

فأي نساء رسول الله صلى الله عليه وسلم كان أحظى عنده مني رواه مسلم وعن عقبة بن عامر رض قال قال رسول الله
پھر کونسی بی بی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیادہ محظوظ تھی آپ کے پاس مجھ سے ٭ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عقبہ بن عامر رض سے کہ کہا فرمایا رسول

صلى الله عليه وسلم أحق الشروط أن توفوا به ما استحللتم به الفروج متفق عليه وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے مقدم شرط پوری کرنے میں اسکو وہ شرط ہے کہ حلال کیا تم نے اس سے فرج کو ٭ متفق ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم لا يخطب الرجل على خطبة أخيه حتى ينكح أو يترك متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
اللہ علیہ وسلم نے پیغام نہ کرے کوئی مرد پیغام پر اپنے بھائی مسلمان کے یہاں تک کہ وہ نکاح کرے یا چھوڑ دے ٭ متفق ہے اور روایت ہے انہی سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

لا تسأل المرأة طلاق أختها لتستفرغ صحفتها ولتنكح فإن لها ما قدر لها متفق عليه وعن ابن عمر رض أن رسول الله صلى الله
سوال نہ کرے عورت اپنی مسلمان بہن کی طلاق کا تا خالی کر دے اسکا پیالہ اور چاہئے کہ نکاح کر لے اسلئے کہ اسکا مقدر اسکے ساتھ ہے ٭ متفق ہے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم نهى عن الشغار والشغار أن يزوج الرجل ابنته على أن يزوجه الآخر ابنته وليس بينهما صداق متفق عليه وفي
علیہ وسلم نے منع کیا شغار سے اور شغار اسکو کہتے ہیں کہ نکاح کر دے مرد اپنی بیٹی کا اس شرط پر کہ نکاح کر دے اسے دوسرا اپنی بیٹی کا اور نہ ہو دونوں میں مہر ٭ متفق ہے اور

رواية لمسلم قال لا شغار في الإسلام وعن علي رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن متعة النساء يوم خيبر
ایک روایت میں مسلم کی فرمایا نہیں شغار اسلام میں ٭ اور روایت ہے علی رض سے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا متعہ عورتوں سے خیبر کی لڑائی کے دن

وعنا كل لحوم الحمر الانسية متفق عليه ❁ وعن سلمة بن الاكوع رض قال رخص رسول الله صلى الله عليه وسلم عام اوطاس

اور پلے گدھوں کا گوشت کھانے سے ❁ ق ❁ اور روایت ہے سلمہ بن الاکوع رض سے کہ کہا اجازت دی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ اوطاس کے سال

في المتعة ثلثا ثم نهى عنها رواه مسلم

الفصل الثاني

عن عبد الله بن مسعود رض قال علمنا رسول الله صلى الله عليه وسلم

متعہ کرنے کی تین دن پھر منع کیا اس سے ❁ ف ❁ روایت کیا اسکو مسلم نے ❁ دوسری فصل ❁ روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے کہ کہا سکھایا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

التشهد في الصلوة والتشهد في الحاجة قال التشهد في الصلوة التحيات لله والصلوات والطيبات السلام عليك

تشہد نماز میں اور تشہد حاجت میں ❁ ف ❁ کہا تشہد نماز کا یہ ہے سب تحیات اللہ کے ہیں اور عبادتیں اور سب اچھی تعریفیں سلامتی تجھ پر

ايها النبي ورحمة الله وبركاته السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمدا

اے نبی ❁ ف ❁ اور رحمت اور برکتیں اللہ کی سلامتی ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر گواہی دیتا ہوں اسپر کہ کوئی معبود نہیں سوا اللہ کے اور اسپر کہ محمد

عبده ورسوله والتشهد في الحاجة ان الحمد لله نستعينه ونستغفره ونعوذ بالله من شرور انفسنا من يهده الله

غلام اور بھیجا ہوا اللہ کا ہے اور تشہد حاجت میں یہ ہے کہ سب خوبی اللہ کو ہے اسکی مدد اور مغفرت چاہتے ہیں ہم اور پناہ لیتے ہیں اللہ کی برائیوں سے اپنی جانوں کی

فلا مضل له ومن يضلل فلا هادي له واشهد ان محمدا عبده ورسوله ويقرأ ثلث آيات يا ايها الذين آمنوا اتقوا الله

سو کوئی اسکو نہیں بہکا سکتا اور جسکو وہ بہکاوے کوئی اسکو راہ پر نہیں لاتا اور گواہی دیتا ہوں اسپر کہ محمد غلام اور بھیجا ہوا اسکا ہے ❁ ف ❁ اور پڑھیں تین آیتیں ایک اے ایمان والو ڈرو اللہ سے

حق تقاته ولا تموتن الا وانتم مسلمون يا ايها الذين آمنوا اتقوا الله الذي تساءلون به والارحام ان الله كان عليكم رقيبا

کہا کہا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بیشک میں جانتا ہوں جب تو مجھ سے راضی ہوتی ہے اور جب تو مجھ پر غصے سے ہوتی ہے تو میں نے کہا آپ کہاں سے پہچانتے ہیں

فقال إذا كنت عني راضية فإنك تقولين لا ورب محمد وإذا كنت علي غضبى قلت لا ورب إبراهيم قالت قلت أجل

سو فرمایا جب تو مجھ سے راضی ہوتی ہے تو بیشک تو کہتی ہے نہ قسم محمد کے پروردگار کی اور جب ہوتی ہے تو مجھ پر غصے میں تو کہتی ہے نہ قسم ابراہیم کے پروردگار کی کہا میں نے ہاں

والله يا رسول الله ما أهجر إلا اسمك. متفق عليه. وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا دعا

قسم اللہ کی اے رسول اللہ کے نہیں چھوڑتی مگر نام آپ کا۔ ق۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بلاوے

الرجل امرأته إلى فراشه فأبت فبات غضبان لعنتها الملائكة حتى تصبح. متفق عليه. وفي رواية لهما قال والذي نفسي

مرد اپنی عورت کو بچھونے پر پھر نہ آوے وہ پھر سو رہے مرد غصے سے لعنت کرتے ہیں اس پر فرشتے یہاں تک کہ صبح کرے۔ ق۔ اور ایک روایت میں شیخین کی فرمایا قسم اس کی

بيده ما من رجل يدعو امرأته إلى فراشه فتأبى عليه إلا كان الذي في السماء ساخطا عليها حتى يرضى عنها

کہ جس کے اختیار میں ہے میری جان نہیں کوئی مرد کہ بلاوے اپنی عورت کو بچھونے پر پھر نہ آوے اس کے پاس مگر ہوگا وہ جو آسمان میں ہے ناخوش اس سے یہاں تک کہ خوش ہو مرد اس سے

وعن أسماء رض أن امرأة قالت يا رسول الله إن لي ضرة فهل علي جناح إن تشبعت من زوجي غير الذي يعطيني فقال

اور روایت ہے اسماء رض سے کہ بیشک ایک عورت نے کہا اے رسول اللہ کے میری ایک سوت ہے پھر کیا مجھ پر گناہ ہوگا اگر ظاہر کروں میں اپنے خاوند کی طرف سے زیادہ اس سے جو دیتا ہے فرمایا

المتشبع بما لم يعط كلابس ثوبي زور. متفق عليه. وعن أنس رض قال آلى رسول الله صلى الله عليه وسلم من نسائه شهرا

ظاہر کرنے والا اس چیز کو کہ نہیں دیا گیا مانند پہننے والے دو کپڑے جھوٹ کے ہے۔ ق۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا قسم کھائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیبیوں سے ایک مہینہ کی

وكانت انفكت رجله فأقام في مشربة تسعا وعشرين ليلة ثم نزل فقالوا يا رسول الله آليت شهرا فقال إن الشهر يكون تسعا

اور جوڑ اکھڑ گیا تھا آپ کے پاؤں کا پھر رہے بالاخانے میں انتیس راتیں پھر اترے تب کہا لوگوں نے اے رسول اللہ کے قسم کھائی آپ نے ایک مہینے کی سو فرمایا کہ مہینہ کبھی ہوتا ہے

وعشرين. رواه البخاري. وعن جابر رض قال دخل أبو بكر يستأذن على رسول الله صلى الله عليه وسلم فوجد الناس

انتیس کا روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا آئے ابوبکر اذن چاہتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو پایا لوگوں کو

جلوسا ببابه لم يؤذن لأحد منهم قال فأذن لأبي بكر فدخل ثم أقبل عمر فاستأذن فأذن له فوجد النبي صلى الله عليه وسلم

بیٹھے ہوئے آپ کے دروازے پر اذن نہیں ملا کسی کو ان میں سے کہا پھر اذن ملا ابوبکر کو تو گئے پھر آئے عمر اذن چاہا سو اذن ملا ان کو پھر پایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو

جالسا حوله نساؤه واجما ساكتا قال فقال لأقولن شيئا أضحك النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله لو رأيت

کہ بیٹھے ہیں آس پاس آپ کے بیبیاں آپ کی غمگین خاموش کہا ابوبکر نے البتہ کہوں گا ایسی بات کہ ہنساؤں گا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پھر کہا اے رسول اللہ کے اگر دیکھتے

بنت خارجة سألتني النفقة فقمت إليها فوجأت عنقها فضحك رسول الله صلى الله عليه وسلم وقال هن حولي كما ترى يسألنني النفقة

خارجہ کی بیٹی کو کہ مانگتی تھی مجھ سے زیادہ خرچ تو اٹھ کر اس کی گردن پر مارا میں نے سو ہنسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا یہ جو میرے گرد ہیں جیسا دیکھتے ہو مجھ سے خرچ مانگتی ہیں

فقام أبو بكر إلى عائشة يجأ عنقها وقام عمر إلى حفصة يجأ عنقها كلاهما يقول تسألين رسول الله صلى الله عليه وسلم ما ليس عنده فقلن والله لا نسأل رسول الله صلى الله عليه وسلم

تب اٹھے ابوبکر عائشہ کی طرف مارنے لگے ان کی گردن اور اٹھے عمر حفصہ کی طرف مارنے لگے ان کی گردن دونوں کہتے تھے کہ مانگتی ہو رسول اللہ سے جو ان کے پاس نہیں تب کہنے لگیں قسم اللہ کی نہ مانگیں گی ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے

شيئا أبدا ليس عنده ثم اعتزلهن شهرا أو تسعا وعشرين ثم نزلت هذه الآية يا أيها النبي قل لأزواجك حتى بلغ

اس چیز کو بھی کہ ہو آپ کے پاس پھر گوشہ اختیار کیا ان سے آپ نے ایک مہینہ یا انتیس رات پھر اتری یہ آیت اے نبی کہہ دے اپنی بیبیوں کو یہاں تک کہ پہنچا کلام اس کلمے تک

للمحسنات منكن أجرا عظيما قال فبدأ بعائشة فقال يا عائشة إني أريد أن أعرض عليك أمرا أحب أن لا تعجلي فيه حتى تستشيري

نیکی کرنے والیوں کو تم میں سے اجر ہے بڑا کہا جابر نے پس پہلے شروع کیا عائشہ سے پھر فرمایا اے عائشہ میں چاہتا ہوں کہ پیش کروں تجھ پر ایک کام چاہتا ہوں کہ نہ جلدی کرے تو بیچ اس کے یہاں تک کہ مشورہ کرے تو

أبويك قالت وما هو يا رسول الله فتلا عليها الآية قالت أفيك يا رسول الله أستشير أبوي بل أختار الله ورسوله والدار

ماں باپ سے کہا عائشہ نے کیا ہے وہ اے رسول اللہ پھر پڑھی ان پر آیت کہا کیا آپ کی بابت اے رسول اللہ مشورہ کروں ماں باپ سے بلکہ پسند کرتی ہوں اللہ کو اور اس کے رسول کو اور

الآخرة وأسألك أن لا تخبر امرأة من نسائك بالذي قلت قال لا تسألني امرأة منهن إلا أخبرتها إن الله لم يبعثني معنتا ولا

پچھلے گھر کو اور آپ سے عرض کرتی ہوں کہ نہ خبر دیں کسی کو اپنی عورتوں میں سے اس بات کی کہ کہی میں نے فرمایا نہ پوچھے گی مجھ سے کوئی عورت ان میں سے مگر خبر دوں گا اس کو نہیں بھیجا مجھ کو اللہ نے سختی

متعنتا ولكن بعثني معلما ميسرا رواه مسلم وعن عائشة رض قالت كنت أغار على اللاتي وهبن أنفسهن لرسول الله

کرنے والا اور لیکن بھیجا مجھ کو سکھانے والا آسانی کرنے والا نقل کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا میں غیرت کرتی تھی ان عورتوں پر کہ دیدیں اپنی جانیں رسول

صلى الله عليه وسلم فقلت أتهب المرأة نفسها فلما أنزل الله تعالى ترجي من تشاء منهن وتؤوي إليك من تشاء ومن

صلی اللہ علیہ وسلم کو پس کہتی کیا دے ڈالتی ہے عورت اپنی جان پھر جب اتاری اللہ تعالیٰ نے یہ آیت دور کر دے تو جس کو چاہے ان میں سے اور لے لے تو جس کو چاہے اور جس کو

ابتغيت ممن عزلت فلا جناح عليك قلت ما أرى ربك إلا يسارع في هواك متفق عليه وحديث جابر اتقوا الله في النساء

طلب کرے تو ان میں سے کہ دور کر ڈالا تو نے سو گناہ نہیں تجھ پر کہا میں نہیں دیکھتی تیرے پروردگار کو مگر جلدی کرتا ہے تیری خواہش میں اور حدیث جابر کی ڈرو اللہ سے عورتوں کے حق میں

ذكر في قصة حجة الوداع

الفصل الثاني

عن عائشة رض أنها كانت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في سفر

مذکور ہو چکی حجۃ الوداع کے قصے میں۔ دوسری فصل روایت ہے عائشہ رض سے کہ وہ تھیں ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی سفر میں

قالت فسابقته فسبقته على رجلي فلما حملت اللحم سابقته فسبقني قال هذه بتلك السبقة رواه أبو داود وعنها

کہا عائشہ نے پھر دوڑی میں اور حضرت ساتھ سو آگے بڑھ گئی میں آپ سے دوڑ کر پاؤں سے پھر جب موٹی ہوئی دوڑی حضرت کے ساتھ سو آگے بڑھ گئے مجھ سے فرمایا یہ بدلہ ہے اس آگے بڑھ جانے کا روایت کیا اس کو ابو داود نے اور روایت ہے اسی سے

قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خيركم خيركم لأهله وأنا خيركم لأهلي وإذا مات صاحبكم فدعوه رواه الترمذي

کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم میں سے بھلا وہی ہے جو بھلا ہو عورت کے لئے اور میں تم سب سے بھلا ہوں اپنی اہل کے لئے اور جب مر جاوے کوئی تم میں سے چھوڑ دو اس کو نقل کیا اس کو ترمذی نے

والدارمي ورواه ابن ماجه عن ابن عباس إلى قوله لأهلي وعن أنس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المرأة إذا صلت خمسها وصامت

اور دارمی اور روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے ابن عباس سے حضرت کے قول لاہلی تک اور روایت ہے انس رض سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت جب نماز پڑھے پانچ وقت کی اور روزے رکھے

شهرها وأحصنت فرجها وأطاعت بعلها فلتدخل من أي أبواب الجنة شاءت رواه أبو نعيم في الحلية وعن أبي هريرة

رمضان کے اور بچاوے زنا سے شرمگاہ اپنی اور کہا مانے اپنے خاوند کا سو چلی جاوے جس دروازے سے بہشت کے کہ چاہے نقل کیا اس کو ابو نعیم نے کتاب حلیہ میں اور روایت ہے ابی ہریرہ

رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو كنت آمر أحدا أن يسجد لأحد لأمرت المرأة أن تسجد لزوجها رواه الترمذي وعن

رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر میں حکم کرنے والا ہوتا کسی کو سجدہ کرنے کا کسی کے لئے تو حکم کرتا عورت کو سجدہ کرنے کا اپنے خاوند کو نقل کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے

أم سلمة رض قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أيما امرأة ماتت وزوجها عنها راض دخلت الجنة رواه الترمذي

ام سلمہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو عورت کہ مر جاوے اور خاوند اس کا راضی ہو اس سے چلی جاوے گی بہشت میں نقل کیا اس کو ترمذی نے اور

طلق بن علي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا الرجل دعا زوجته لحاجته فلتأته وان كانت على التنور رواه

طلق بن علی رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مرد بلاوے اپنی بی بی کو اپنی حاجت کے لئے تو چاہئے کہ آوے اسکے پاس اگرچہ ہو تنور پر روایت کیا اسکو

الترمذي وعن معاذ رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تؤذي امرأة زوجها في الدنيا الا قالت زوجته من الحور

ترمذی نے اور روایت ہے معاذ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں ستاتی کوئی عورت اپنے خاوند کو دنیا میں مگر کہتی ہے جورو اسکی حور

العين لا تؤذيه قاتلك الله فانما هو عندك دخيل يوشك ان يفارقك الينا رواه الترمذي وابن ماجة وقال الترمذي

عین سے مت ایذا دے اسکو مار ڈالے تجھے اللہ پس سوا اسکے نہیں کہ وہ تیرے پاس مسافر ہے قریب ہے کہ تجھے چھوڑ کر ہمارے پاس آئے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور کہا ترمذی نے

هذا حديث غريب وعن حكيم بن معاوية القشيري عن ابيه قال قلت يا رسول الله ما حق زوجة احدنا عليه قال

یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے حکیم بن معاویہ قشیری سے اسکے باپ سے کہا کہا میں نے اے رسول اللہ کے کیا حق ہے عورت کا کسی ہم میں سے اس پر فرمایا

ان تطعمها اذا طعمت وتكسوها اذا اكتسيت ولا تضرب الوجه ولا تقبح ولا تهجر الا في البيت رواه احمد وابو داود

یہ ہے کہ کھلاوے تو اسکو جب آپ کھاوے تو اور پہناوے جب آپ پہنے تو اور نہ مارے تو منہ پر اور عیب چینی نہ کرے اور الگ نہ سلاوے مگر اسکے گھر میں روایت کیا اسکو احمد اور ابو داود

وابن ماجة وعن لقيط بن صبرة رض قال قلت يا رسول الله ان لي امرأة في لسانها شيء يعني البذاء قال طلقها قلت ان

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے لقیط بن صبرہ رض سے کہا کہا میں نے اے رسول اللہ کے بے شک میری ایک عورت ہے کہ زبان میں اسکے کچھ ہے یعنی بدزبانی فرمایا طلاق دے اسکو کہا میں نے

لي منها ولدا ولها صحبة قال فمرها يقول عظها فان يك فيها خير فستقبل ولا تضربن ظعينتك ضربك اميتك رواه

مجھے اس سے اولاد ہے اور اسکو موافقت ہے مجھ سے فرمایا پس حکم کر اسکو فرماتے ہیں نصیحت کر اسکو پس اگر ہوگی اس میں نیکی سو آپ قبول کر لیگی اور مت مار اپنی عورت

ابو داود وعن اياس بن عبد الله رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تضربوا اماء الله فجاء عمر الى رسول

ابو داود نے اور روایت ہے ایاس بن عبد اللہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مت مارو اللہ کی لونڈیوں کو پھر آیا عمر رسول

الله صلى الله عليه وسلم فقال ذئرن النساء على ازواجهن فرخص في ضربهن فاطاف بآل رسول الله صلى الله عليه

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہنے لگا شیر ہو گئیں عورتیں اپنے خاوندوں پر پھر اجازت دی ان کے مارنے میں سو جمع ہوئیں اہل بیت پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم نساء كثير يشكون ازواجهن فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لقد طاف بآل محمد نساء كثير يشكون ازواجهن

وسلم کے بہتی عورتیں شکایت کرتیں اپنے خاوندوں کی سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق جمع ہوئیں گھر والوں پاس محمد کے بہتی عورتیں شکایت کرتی خاوندوں کی

ليس اولئك بخياركم رواه ابو داود وابن ماجة والدارمي وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

نہیں ہیں وہ لوگ تم میں بھلے روایت کیا اسکو ابو داود اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

ليس منا من خبب امرأة على زوجها او عبدا على سيده رواه ابو داود وعن عائشة رض قالت قال رسول الله صلى الله

نہیں ہم میں سے جس نے بہکایا کسی عورت کو اسکے خاوند پر یا غلام کو اسکے مالک پر روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم ان من اكمل المؤمنين ايمانا احسنهم خلقا والطفهم باهله رواه الترمذي وعن ابي هريرة رض قال قال رسول

علیہ وسلم نے بیشک سب سے زیادہ ایماندار مسلمانوں میں وہ ہیں کہ خوش خلق اور نرمی اپنے گھر والوں سے کرتے ہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا

الله صلى الله عليه وسلم اكمل المؤمنين ايمانا احسنهم خلقا وخياركم خياركم لنسائهم رواه الترمذي وقال هذا حديث

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے زیادہ ایماندار خوش خلق مسلمان ہیں اور بھلے تم میں سے وہی ہیں جو بھلے ہیں اپنی عورتوں سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا

حسن صحیح رواہ ابو داؤد الی قولہ خلقا وعن عائشۃ رض قالت قدم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من غزوۃ تبوک او حنین

حسن صحیح ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے دوسرے قول تک خلقا اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ تبوک یا حنین کی لڑائی سے

وفی سہوتہا ستر فہبت ریح فکشفت ناحیۃ الستر عن بنات لعائشۃ لعب فقال ما ہذا یا عائشۃ قالت بناتی ورای بینہن

اور گھر میں عائشہ کے طاق پر پردہ تھا سو ہوا چلی پھر کھول دیا ایک کونا اس پردہ کا بیٹیوں سے عائشہ کی جو گڑیاں تھیں سو فرمایا یہ کیا ہے اے عائشہ کہا اسنے بیٹیاں میری اور دیکھا انمیں

فرسا لہ جناحان من رقاع فقال ما ہذا الذی اری وسطہن قالت فرس قال وما ہذا الذی علیہ قالت جناحان قال فرس لہ جناحان

ایک گھوڑا کہ اسکے دو بازو تھے لتے کے پھر فرمایا یہ کیا ہے جو دیکھتا ہوں درمیان ان کے کہا گھوڑا ہے اور کیا ہے یہ جو اسپر ہے کہا دو بازو ہیں فرمایا گھوڑا ہے کہ اسکے دو بازو

قالت اما سمعت ان لسلیمان خیلا لہا اجنحۃ قالت فضحک حتی رایت نواجذہ رواہ ابو داؤد

کہا کیا نہ سنا آپ نے کہ سلیمان کے گھوڑے تھے کہ ان کو بازو تھے کہا عائشہ نے پھر ہنسے آپ یہاں تک کہ دیکھی میں نے ڈاڑھیں آپ کی روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

الفصل الثالث

عن قیس بن سعد رض قال اتیت الحیرۃ فرایتہم یسجدون لمرزبان لہم فقلت لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احق ان یسجد لہ فاتیت

قیس بن سعد رض سے کہا گیا میں شہر حیرہ میں سو دیکھا انکو کہ سجدہ کرتے ہیں اپنے صوبے کو سو کہا میں دل میں البتہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ سزاوار ہیں کہ انکو سجدہ کیا جاوے پھر آیا میں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقلت انی اتیت الحیرۃ فرایتہم یسجدون لمرزبان لہم فانت احق بان یسجد لک فقال لی ارایت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا میں نے کہ گیا شہر حیرہ میں سو دیکھا لوگوں کو سجدہ کرتے صوبے کو اپنے سو آپ زیادہ سزاوار ہیں کہ سجدہ کیا جائے آپکو سو فرمایا

لو مررت بقبری اکنت تسجد لہ فقلت لا فقال لا تفعلوا لو کنت آمر احدا ان یسجد لاحد لامرت النساء ان یسجدن لازواجہن

اگر گذر کرے تو میری قبر پر کیا جھکے گا تو اسکو سجدہ کرنے کو سو کہا میں نہیں تب فرمایا مت کرو اگر ہوتا میں حکم کرنے والا کسی کو سجدہ کرنے کا کسی کو تو حکم کرتا عورتوں کو کہ سجدہ کریں اپنے خاوندوں کو

لما جعل اللہ لہم علیہن من حق رواہ ابو داؤد ورواہ احمد عن معاذ بن جبل وعن عمر رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اس حق کے لئے کہ مقرر کیا اللہ نے انکا ان پر حق روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت کیا اسکو احمد نے معاذ بن جبل سے اور روایت ہے عمر رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

قال لا یسال الرجل فیما ضرب امراتہ علیہ رواہ ابو داؤد وابن ماجۃ وعن ابی سعید رض قال جاءت امراۃ الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

فرمایا نہ پوچھا جاوے گا مرد اس چیز میں کہ مارا اپنی عورت کو اسپر روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہا آئی ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ونحن عندہ فقالت زوجی صفوان بن المعطل یضربنی اذا صلیت ویفطرنی اذا صمت ولا یصلی الفجر حتی تطلع الشمس

اور ہم آپکے پاس تھے سو کہا اسنے میرا خاوند صفوان بن معطل مارتا ہے مجھے جب نماز پڑھتی ہوں اور روزہ تڑوا ڈالتا ہے میرا جب رکھتی ہوں اور نہیں نماز پڑھتا صبح کی آفتاب نکلنے تک

قال وصفوان عندہ قال فسالہ عما قالت فقال یا رسول اللہ اما قولہا یضربنی اذا صلیت فانہا تقرا بسورتین فقد

کہا راوی اور صفوان آپکے پاس تھا کہا راوی پھر پوچھا آپ نے اس سے جو کہا عورت نے کہا یا رسول اللہ لیکن کہنا اسکا مارتا ہے مجھے جب نماز پڑھتی ہوں سو مقرر پڑھتی ہے دو سورتیں اور تحقیق

نہیتہا قال فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کانت سورۃ واحدۃ لکفت الناس قال واما قولہا یفطرنی اذا صمت فانہا

منع کیا میں نے اسکو کہا راوی پھر فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر ہو قرأت ایک سورۃ سے تو کفایت کریگی لوگوں کی نماز کو کہا اور لیکن کہنا اسکا روزہ تڑوا ڈالتا ہے جب رکھتی ہوں

تنطلق تصوم وانا رجل شاب فلا اصبر فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تصوم امراۃ الا باذن زوجہا واما قولہا انی

روزہ رکھتی چلی جاتی ہے اور میں جوان مرد ہوں سو صبر نہیں کر سکتا تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ نہ رکھے عورت بے حکم خاوند کے اور لیکن کہنا اسکا کہ میں

لا اصلی حتی تطلع الشمس فانا اہل بیت قد عرف لنا ذاک لا نکاد نستیقظ حتی تطلع الشمس قال فاذا استیقظت

نماز نہیں ادا کرتا یہاں تک کہ نکلے آفتاب سو بیشک ہم وہ گھر والے ہیں کہ مشہور ہے ہماری عادت نہیں سکتے کہ جاگیں آفتاب نکلنے تک فرمایا پھر جب جاگے تو

يا صفوان فصل رواه ابو داود وعن عائشة رضي الله عنها ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان في نفر من المهاجرين والانصار فجاء بعير فسجد له
اے صفوان تجھی نماز ادا کر روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے ایک جماعت میں مہاجرین اور انصار کی پھر آیا ایک اونٹ

فقال اصحابه يا رسول الله تسجد لك البهائم والشجر فنحن احق ان نسجد لك فقال اعبدوا ربكم واكرموا اخاكم ولو كنت آمر احدا ان
تب کہا صحابہ نے اے رسول اللہ کے سجدہ کرتے ہیں آپ کو چوپائے اور درخت پھر ہم زیادہ سزاوار ہیں سجدہ کرنے کے آپ کو سو فرمایا پوجو اپنے پروردگار کو اور عزت کرو اپنے بھائی کی اور اگر ہوتا میں حکم کرنے والا کسی کو

يسجد لاحد لامرت المرأة ان تسجد لزوجها ولو امرها ان تنقل من جبل اصفر الى جبل اسود ومن جبل اسود الى جبل ابيض كان ينبغي لها
سجدہ کرنے کا کسی کو تو حکم کرتا عورت کو سجدہ کرنے کا اپنے خاوند کو اور اگر حکم کرے مرد عورت کو لیجانے کا زرد پہاڑ سے سیاہ پہاڑ تک اور سیاہ پہاڑ کو سفید پہاڑ تک سزاوار تھا اسکو

ان تفعله رواه احمد وعن جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلثة لا تقبل لهم صلوة ولا تصعد لهم حسنة العبد
کہ کرے اسکو روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے جابر رض سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین شخصوں کی مقبول نہیں ہوتی نماز اور نہیں چڑھ جاتی انکی نیکی

الآبق حتى يرجع الى مواليه فيضع يده في ايديهم والمرأة الساخط عليها زوجها والسكران حتى يصحو رواه البيهقي في شعب الايمان
بھگوڑا غلام یہاں تک کہ پھر آوے اپنے مالکوں کے پس پھر رکھدے اپنا ہاتھ انکے ہاتھوں میں اور وہ عورت کہ غصہ ہوا اس پر خاوند اسکا اور مست یہاں تک کہ ہوش میں آوے

وعن ابي هريرة رض قال قيل لرسول الله صلى الله عليه وسلم اي النساء خير قال التي تسره اذا نظر وتطيعه اذا امر ولا تخالفه في نفسها
اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا کہ کسی نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کونسی عورت بہتر ہے فرمایا جو خوش کرے خاوند کو جب دیکھے اور کہا مانے جب حکم کرے اور نہ خلاف کرے اپنی

ولا مالها بما يكره رواه النسائي والبيهقي في شعب الايمان وعن ابن عباس رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اربع من
اور مال میں اسکے ناپسند حرکت سے روایت کیا اسکو نسائی اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار چیزیں جسکو

اعطيهن فقد اعطي خير الدنيا والآخرة قلب شاكر ولسان ذاكر وبدن على البلاء صابر وزوجة لا تبغيه خونا في نفسها
ملیں سو تحقیق مل چکی اسکو تمام بھلائی دنیا اور آخرت کی ایک تو شکر گذار دل اور دوسری ذکر الہی کرنے والی زبان اور تیسرا وہ بدن کہ بلا پر صبر کرے اور چوتھی وہ عورت کہ نہیں چاہتی

ولا ماله رواه البيهقي في شعب الايمان

باب الخلع والطلاق

الفصل الاول

عن ابن عباس رض ان امرأة ثابت بن قيس
اور نہ خاوند کے مال میں روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں باب خلع اور طلاق کے بیان کا پہلی فصل روایت ہے ابن عباس رض سے کہ بی بی ثابت بن قیس کی

اتت النبي صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله ثابت بن قيس ما اعتب عليه في خلق ولا دين ولكني اكره الكفر في الاسلام فقال رسول الله
آئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا اسنے اے رسول اللہ کے ثابت بن قیس پر غصہ نہیں کرتی اسکے اخلاق اور دین میں اور لیکن برا جانتی ہوں کفر کو اسلام میں ف سو فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم اتردين عليه حديقته قالت نعم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اقبل الحديقة وطلقها تطليقة رواه البخاري
صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا پھر دیتی ہے اسکو باغ اسکا ش کہا اسنے ہاں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبول کر لے باغ کو اور دے اسکو ایک طلاق روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن عبد الله بن عمر رض انه طلق امرأة له وهي حائض فذكر عمر لرسول الله صلى الله عليه وسلم فتغيظ فيه رسول الله صلى
اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر رض سے کہ اسنے طلاق دیا اپنی ایک عورت کو حیض میں رہتے پھر ذکر کیا عمر نے اسکا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سو غصے ہوئے اس بات سے رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم ثم قال ليراجعها ثم يمسكها حتى تطهر ثم تحيض فتطهر فان بدا له ان يطلقها فليطلقها طاهرا قبل ان يمسها
اللہ علیہ وسلم پھر فرمایا رجوع کرے اسے پھر رکھے اسکو یہاں تک کہ پاک ہو پھر اسکو حیض آوے پھر پاک ہو پھر اگر جی چاہے اسکو طلاق دینا تو طلاق دے اسکو پاک رہتے پہلے

فتلك العدة التي امر الله ان تطلق لها النساء وفي رواية مره فليراجعها ثم ليطلقها طاهرا او حاملا متفق عليه وعن
سو یہی طلاق وہ عدت ہے کہ حکم کیا اللہ نے اسکا کہ طلاق دی جاویں اسپر عورتیں ف اور ایک روایت میں ہے کہ حکم کر اسکو پھر رجوع کرے اسے پھر طلاق دے اسکو پاک رہتے یا حاملہ رہتے

عائشۃ رضؓ قالت خیرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاخترنا اللہ ورسولہ فلم یعد ذلک علینا شیئا متفق

عائشہ رضؓ سے کہا اسنے اختیار دیا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سو پسند کیا ہمنے اللہ اور رسول کو اسکے پھر شمار نہ کیا اسکو ہم پر کچھ بھی ق

علیہ وعن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال فی الحرام یکفر لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ متفق علیہ

اور روایت ہے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا اسنے حرام کر لینے میں کفارہ دے گا ۲ تحقیق ہے تمکو رسول اللہ میں پیروی نیک ۳ ق

وعن عائشۃ رضؓ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یمکث عند زینب بنت جحش وشرب عندھا عسلا

اور روایت ہے عائشہ رضؓ سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم دیر کرتے تھے زینب پاس جو بیٹی جحش کی اور پیا اسکے پاس شہد

فتواصیت انا وحفصۃ ان ایتنا دخل علیھا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلتقل انی اجد منک ریح مغافیر

سو آپس میں عہد کیا میں اور حفصہ نے کہ جسکے پاس ہم میں سے ۵ آویں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سو کہے وہ کہ میں پاتی ہوں آپ سے بو مغافیر کی ۵

اکلت مغافیر فدخل علی احدیھما فقالت لہ ذلک فقال لا باس شربت عسلا عند زینب بنت جحش

کیا کھایا آپنے مغافیر کو پھر آئے ایک کے پاس ان دونوں سے سو کہا اسنے آپکو وہ بات تب فرمایا کچھ مضایقہ نہیں پیا میں نے شہد زینب کے پاس جو بیٹی جحش کی ہے

فلن اعود لہ وقد حلفت لا تخبری بذلک احدا یبتغی مرضاۃ ازواجہ فنزلت یا ایھا النبی لم تحرم ما

پھر دوبارہ نہ پیونگا اسکو اور مقرر قسم کھائی میں نے مت خبر دے اسکی کسیکو فرمایا چاہتے تھے رضامندی اپنی بیبیوں کی پھر اتری یہہ آیت اے نبی کیوں حرام کرتا ہے جو

احل اللہ لک تبتغی مرضاۃ ازواجک الآیۃ متفق علیہ **الفصل الثانی** عن ثوبان رضؓ قال قال رسول اللہ

حلال کیا اللہ تیرے لئے چاہتا ہے رضامندی اپنی بی بیوں کی تمام آیت تک ق دوسری فصل روایت ہے ثوبان رضؓ سے کہا فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم ایما امرأۃ سالت زوجھا طلاقا فی غیر ما باس فحرام علیھا رائحۃ الجنۃ رواہ احمد والترمذی وابو داؤد

صلی اللہ علیہ وسلم جو عورت نے مانگا اپنے خاوند سے طلاق بے وجہ ۲ سو حرام ہے اسپر بو بہشت کی روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد

وابن ماجۃ والدارمی وعن ابن عمر رضؓ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ابغض الحلال الی اللہ الطلاق رواہ ابو داؤد وعن علی

اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ابن عمر رضؓ سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہایت مکروہ سب حلالوں میں اللہ کے پاس طلاق ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے علی

رضؓ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا طلاق قبل نکاح ولا عتاق الا بعد ملک ولا وصال فی صیام ولا یتم بعد احتلام ولا

رضؓ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا طلاق نہیں ہوتی نکاح کے پہلے اور نہ آزاد کرنا مگر بعد ملک کے اور نہ چاہئے ملانا روزہ رکھنے میں اور یتیمی نہیں ہے بعد احتلام کے

بعد فطام ولا صمت یوم الی اللیل رواہ فی شرح السنۃ وعن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا

بعد دودھ چھڑانے کے اور درست نہیں بات نہ کر کے رہنا دن بھر رات تک روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں

نذر لابن آدم فیما لا یملک ولا عتق فیما لا یملک ولا طلاق فیما لا یملک رواہ الترمذی وزاد ابو داؤد ولا بیع الا فیما یملک

نذر آدمی کی اس چیز میں کہ مالک نہیں اور نہ آزادی اسمیں کہ مالک نہیں ہوا اور نہ طلاق اسمیں کہ مالک نہیں روایت کیا اسکو ترمذی اور زیادہ کیا ابو داؤد نے اور بیع درست نہیں مگر اسمیں کہ مالک ہووے

وعن رکانۃ بن عبد یزید رضؓ انہ طلق امراتہ سہیمۃ البتۃ فاخبر بذلک النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقال

اور روایت ہے رکانہ بن عبد یزید رضؓ سے کہ اسنے دی اپنی عورت سہیمہ کو تین طلاق ۵ پھر خبر دی گئی اسکی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اور کہا رکانہ نے

واللہ ما اردت الا واحدۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واللہ ما اردت الا واحدۃ فقال رکانۃ واللہ ما اردت الا واحدۃ فردھا

قسم اللہ کی ارادہ نہ کیا میں نے مگر ایک کا سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ کیا تو نے مگر ایک سو کہا رکانہ نے قسم اللہ کی ارادہ نہ کیا میں نے مگر ایک کا پھر لوٹا دیا

رسول الله صلى الله عليه وسلم فطلقها الثانية في زمان عمر والثالثة في زمان عثمان رواه ابو داود والترمذي وابن ماجه والدارمي الا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر طلاق دیا اسکو دوسری بار زمانے میں عمر کے اور تیسری بار زمانے میں عثمان کے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے مگر

انهم لم يذكروا الثانية والثالثة وعن ابي هريرة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ثلث جدهن جد وهزلهن

انھوں نے ف ذکر کیا دوسری اور تیسری بار کا اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین چیزیں ہیں کہ انکا حقیقت اور ہنسی بھی

جد النكاح والطلاق والرجعة رواه الترمذي وابو داود وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب وعن عائشة رض

حقیقت ہے نکاح اور طلاق اور رجوع بعد طلاق کے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور روایت ہے عائشہ رض سے

قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا طلاق ولا عتاق في اغلاق رواه ابو داود وابن ماجه قيل معنى

کہا انھوں نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے نہیں ہوتا طلاق دینا اور آزاد کرنا زبردستی سے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے کہا گیا ہے معنی

الاغلاق الاكراه وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل طلاق جائز الا طلاق المعتوه والمغلوب

اغلاق کے زبردستی اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا انھوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو طلاق ہو وہ پڑجاتی ہے مگر طلاق دیوانے کی اور مغلوب

على عقله رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعطاء بن عجلان الراوي ضعيف ذاهب الحديث وعن

العقل کی ف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور عطاء بن عجلان راوی ف ضعیف ہے بھولنے والا ہے حدیث میں۔ اور روایت ہے

علي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رفع القلم عن ثلثة عن النائم حتى يستيقظ وعن الصبي حتى يبلغ وعن

علی رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اٹھالیا قلم کو ف تین شخصوں سے سونے والا یہاں تک کہ بیدار ہو اور لڑکے سے یہاں تک کہ جوان ہو اور

المعتوه حتى يعقل رواه الترمذي وابو داود ورواه الدارمي عن عائشة وابن ماجه عنهما وعن عائشة رض ان رسول

دیوانے سے یہاں تک کہ عاقل ہو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت کیا اسکو دارمی نے عائشہ سے اور ابن ماجہ نے دونوں سے ف اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ رسول

الله صلى الله عليه وسلم قال طلاق الامة تطليقتان وعدتها حيضتان رواه الترمذي وابو داود وابن ماجه والدارمي

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا طلاق لونڈی کی دو طلاق دینا ہے ف اور عدت اسکی دو حیض ہیں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے

الفصل الثالث

عن ابي هريرة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال المنتزعات والمختلعات هن المنافقات رواه النسائي

تیسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کشیدہ رہنے والیاں ف اور خلع مانگنے والیاں وہی منافق عورتیں ہیں

وعن نافع عن مولاة لصفية بنت ابي عبيد انها اختلعت من زوجها بكل شيء لها فلم ينكر ذلك عبد الله بن عمر

اور روایت ہے نافع سے انھوں نے ایک لونڈی سے صفیہ کی جو بیٹی ابو عبید کی کہ اس نے خلع کرایا اپنے خاوند سے اپنا سب اسباب دیکر سو نہ انکار کیا اسکا عبد اللہ بن عمر نے

رواه مالك وعن محمود بن لبيد رض قال اخبر رسول الله صلى الله عليه وسلم عن رجل طلق امرأته ثلث تطليقات

روایت کیا اسکو مالک نے اور روایت ہے محمود بن لبید رض سے ف کہا انھوں نے خبر دی گئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس مرد کی کہ دی اپنی عورت کو تین طلاقیں

جميعا فقام غضبان ثم قال ايلعب بكتاب الله عز وجل وانا بين اظهركم حتى قام رجل فقال يا رسول الله الا اقتله

ایک ہی بار سو کھڑے ہوئے غصے میں پھر فرمایا کیا کھیل کیا جاتا ہے اللہ غالب بزرگی کی کتاب سے حالانکہ میں تمہارے بیچ میں ہوں یہانتک کہ کھڑا ہوا ایک مرد پھر کہا یا رسول اللہ کیا نہ مار ڈالوں اسکو

رواه النسائي وعن مالك بلغه ان رجلا قال لعبد الله بن عباس اني طلقت امرأتي مائة تطليقة فماذا ترى علي

روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے مالک سے کہ خبر پہنچی انکو کہ ایک مرد نے کہا عبد اللہ بن عباس کو میں نے طلاق دی اپنی عورت کو سو طلاق پھر کیا حکم کرتے ہو مجھ پر

فقال ابن عباس طلقت منك بثلث وسبع وتسعون اتخذت بها آيات الله هزوا رواه في الموطا وعن معاذ بن جبل رض قال

سو کہا ابن عباسؓ نے چھوٹ گئی تجھ سے تین طلاق سے اور نو دو برس تالیا تو نے ان سے اللہ کی آیتوں کو ٹھٹھے میں روایت کیا اسکو موطا نے اور روایت ہے معاذ بن جبل رض سے کہا

قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم يا معاذ ما خلق الله شيئا على وجه الارض احب اليه من العتاق ولا خلق الله شيئا

فرمایا مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے معاذ نہ بنایا اللہ نے کوئی چیز روئے زمین پر کہ زیادہ پیاری ہو اسکے پاس آزاد کرنے سے اور نہ بنایا اللہ نے کوئی چیز

على وجه الارض ابغض اليه من الطلاق رواه الدارقطني

روئے زمین پر کہ زیادہ مکروہ ہو اسکے پاس طلاق سے روایت کیا اسکو دارقطنی نے

باب المطلقة ثلثا

باب تین طلاق دی گئی عورت کا

الفصل الاول

فصل پہلی

عن عائشة رض قالت جاءت امرأة رفاعة القرظي الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت اني كنت عند رفاعة فطلقني فبت طلاقي فتزوجت بعده

روایت ہے عائشہ رض سے کہا آئی بی بی رفاعہ قرظی کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سو کہا اسنے کہ میں تھی رفاعہ پاس پھر طلاق دی اسنے مجھے سو قطع کیا میری طلاق کو پھر نکاح کیا

عبد الرحمن بن الزبير وما معه الا مثل هدبة الثوب فقال اتريدين ان ترجعي الى رفاعة قالت نعم فقال لا حتى تذوقي عسيلته ويذوق عسيلتك متفق عليه

عبد الرحمن بن زبیر کو اور نہیں جو اسکے ساتھ ہے مگر مانند کپڑے کی جھالر کے تار کے سو فرمایا کیا رجوع کیا چاہتی ہے رفاعہ کی طرف کہا اسنے ہاں پس فرمایا نہیں یہاں تک کہ چکھے تو اسکا شہد اور وہ چکھے تیرا شہد متفق علیہ

الفصل الثاني

دوسری فصل

عن عبد الله بن مسعود رض قال لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم المحلل والمحلل له رواه الدارمي ورواه ابن ماجه عن علي وابن عباس وعقبة بن عامر

روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے کہا لعنت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حلالہ کرنے والے پر اور جسکے لئے حلال کیا گیا روایت کیا اسکو دارمی اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے علی اور ابن عباس اور عقبہ بن عامر سے

وعن سليمان بن يسار قال ادركت بضعة عشر من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم كلهم يقول يوقف المولي رواه في شرح السنة

اور روایت ہے سلیمان بن یسار سے کہا پایا میں دس پر کئی صحابہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ سب کہتے تھے بند کیا جاویگا ایلا کرنے والا روایت کیا اسکو شرح سنہ میں

وعن ابي سلمة رض ان سلمان بن صخر ويقال له سلمة بن صخر البياضي جعل امرأته عليه كظهر امه حتى يمضي رمضان فلما مضى نصف من رمضان وقع عليها

اور روایت ہے ابی سلمہ رض سے کہ بیشک سلمان بن صخر اسکو سلمہ بن صخر بیاضی کہا اپنی عورت کو اپنے پر مانند پیٹھ ماں کی یہانتک کہ رمضان گذر جائے پھر جب چلا گیا آدھا مہینا رمضان کا جماع کر بیٹھا اسے رات کو

فاتى رسول الله فذكر ذلك له فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم اعتق رقبة قال لا اجدها قال فصم شهرين متتابعين قال

پھر آیا رسول اللہ پاس پھر ذکر کیا اسکا آپ سے سو فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آزاد کر ایک بردہ کہا نہیں پاتا ہوں اسکو فرمایا پھر روزہ رکھ دو مہینے پے در پے

لا استطيع قال اطعم ستين مسكينا قال لا اجد فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لفروة بن عمرو اعطه ذلك العرق

کہا نہیں سکتا فرمایا کھلا ساٹھ مسکین کو کہا نہیں پاتا سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فروہ کو جو بیٹا عمرو کا دے اسکو وہ عرق اور وہ

وهو مكتل ياخذ خمسة عشر صاعا او ستة عشر صاعا ليطعم ستين مسكينا رواه الترمذي وروى ابو داود وابن ماجه والدارمي عن سليمان بن يسار عن سلمة بن صخر نحوه

ایک ٹاپ ہے کہ لیتا ہے پندرہ یا سولہ صاع کو تاکہ کھلاوے ساٹھ مسکین کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا ابو داؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے سلیمان بن یسار سے سلمہ بن صخر سے مانند اسکے

قال كنت امرءا اصيب من النساء ما لا يصيب غيري وفي روايتهما اعني ابا داود والدارمي فاطعم وسقا من تمر بين ستين مسكينا

کہا سلمہ نے تھا میں ایک مرد کہ پہنچتا عورتوں کی لذت کو اتنا کہ نہ پہنچتا غیر اور ان دو کی روایت میں یعنی ابو داؤد اور دارمی کی پھر کھلا ایک وسق کھجور ساٹھ مسکین کو

وعن سليمان بن يسار عن سلمة بن صخر عن النبي

اور روایت ہے سلیمان بن یسار سے سلمہ بن صخر سے نبی

الفصل الثالث

عن عكرمة عن ابن عباس ان رجلا ظاهر من امرأته فغشيها قبل ان يكفر فاتى النبي صلى الله عليه وسلم فذكر ذلك له فقال ما حملك على ذلك قال يا رسول الله رأيت بياض حجليها في القمر فلم املك نفسي ان وقعت عليها فضحك رسول الله صلى الله عليه وسلم وامره ان لا يقربها حتى يكفر رواه ابن ماجة وروى الترمذي نحوه وقال هذا حديث حسن صحيح غريب وروى ابو داود والنسائي نحوه مسندا ومرسلا وقال النسائي المرسل اولى بالصواب من المسند

ابن عباس سے روایت ہے کہ تحقیق ایک مرد نے ظہار کیا اپنی عورت سے پھر جماع کیا اس سے پہلے کفارہ دینے کے پھر آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس پھر ذکر کیا اس کا آپ سے سو فرمایا کس بات نے ابھارا تجھ کو اس پر۔ کہا اے رسول اللہ کے دیکھا میں نے سفیدی اس کی دونوں پنڈلیوں کی چاندنی میں پس نہ مالک ہوا اپنے نفس کا یہاں تک کہ گر پڑا اس پر پس ہنسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حکم کیا اس کو جماع نہ کرے اس سے یہاں تک کہ کفارہ دے۔ روایت کیا اس کو ابن ماجہ اور روایت کیا ترمذی نے مانند اس کے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور روایت کیا ابو داود اور نسائی نے مانند اس کے بطور اسناد کے اور ارسال کے اور کہا نسائی نے مرسل قریب تر ہے صحت سے بہ نسبت مسند کے

باب الفصل الاول

عن معاوية بن الحكم رضي الله عنه قال اتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله ان لي جارية كانت ترعى غنما لي فجئتها وقد فقدت شاة من الغنم فسألتها عنها فقالت اكلها الذئب فاسفت عليها وكنت من بني ادم فلطمت وجهها وعلي رقبة افاعتقها فقال لها رسول الله صلى الله عليه وسلم اين الله فقالت في السماء فقال من انا فقالت انت رسول الله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعتقها رواه مالك وفي رواية لمسلم قال كانت لي جارية ترعى غنما لي قبل احد والجوانية فاطلعت ذات يوم فاذا الذئب قد ذهب بشاة من غنمنا وانا رجل من بني ادم اسف كما ياسفون لكن صككتها صكة فاتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فعظم ذلك علي قلت يا رسول الله افلا اعتقها قال ائتني بها فاتيته بها فقال لها اين الله قالت في السماء قال من انا قالت انت رسول الله قال اعتقها فانها مؤمنة

باب پہلی فصل۔ روایت ہے معاویہ بن الحکم رضی اللہ عنہ سے کہا آیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا میں نے اے رسول اللہ کے مقرر میری ایک چھوکری ہے چراتی تھی بکریاں میری پھر گیا میں اس کے پاس اور گم کی تھی ایک بکری ان بکریوں میں سے پھر پوچھا میں نے اس سے سو کہا اس نے کھا لیا اس کو بھیڑیے نے پس غصہ کیا میں نے اس پر اور ہوں آدمی بشر پھر طمانچہ مارا منہ پر اس کے اور مجھ پر ہے ایک گردن کا آزاد کرنا کیا آزاد کروں اس کو سو فرمایا اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاں ہے خدا سو کہا اس نے آسمان میں پھر فرمایا میں کون ہوں سو کہا اس نے آپ رسول اللہ کے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آزاد کر اس کو۔ روایت کیا اس کو مالک نے اور ایک روایت میں مسلم کی کہا معاویہ نے تھی میری ایک چھوکری چراتی تھی بکریاں میری احد اور جوانیہ کی طرف پھر دیکھا ایک دن سو دیکھتا ہوں کہ بھیڑیا لے گیا ایک بکری ہماری بکریوں سے اور میں ایک آدمی ہوں بشر سے غصہ کرتا ہوں جیسے آدمی غصہ کرتے ہیں لیکن مارا میں نے اس کو طمانچہ پھر آیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس بہت ڈرایا مجھ کو پھر کہا میں نے اے رسول اللہ کے کیا آزاد نہ کروں اس کو فرمایا لا میرے پاس اس کو پھر لے گیا میں آپ کے پاس اس کو سو فرمایا اس کو کہاں ہے اللہ کہا اس نے آسمان میں فرمایا میں کون ہوں سو کہا اس نے آپ رسول اللہ کے ہیں فرمایا آزاد کر اس کو اس لیے کہ وہ مسلمان ہے

باب اللعان

الفصل الاول

عن سهل بن سعد الساعدي رضي الله عنه قال ان عويمر العجلاني قال يا رسول الله ارأيت رجلا وجد مع امرأته رجلا ايقتله فتقتلونه ام كيف يفعل فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم قد انزل فيك وفي صاحبتك فاذهب فأت بها قال سهل فتلاعنا في المسجد

باب لعان کا۔ فصل پہلی۔ روایت ہے سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے کہا بیشک عویمر عجلانی نے کہا اے رسول اللہ کے خبر دیجیے ایک مرد کی کہ پایا اپنی عورت کے ساتھ دوسرے مرد کو کیا مار ڈالے اس کو تو مار ڈالو گے اس کو یا کیا کرے سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اترا کلام اللہ تیرے اور تیری عورت کے باب میں سو جا لا اس کو کہا سہل نے پھر لعان کیا دونوں نے مسجد میں

وَاَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا فَرَغَا قَالَ عُوَیْمِرٌ كَذَبْتُ عَلَیْهَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ اَمْسَكْتُهَا فَطَلَّقَهَا ثَلٰثًا

اور میں لوگوں کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا پھر جب فراغت کی دونوں نے کہا عویمر نے جھوٹھ کہا میں نے اس پر ای رسول اللہ کے اگر رکھوں اسکو پھر طلاق دی

ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُنْظُرُوْا فَاِنْ جَاءَتْ بِهٖ اَسْحَمَ اَدْعَجَ الْعَیْنَیْنِ عَظِیْمَ الْاَلْیَتَیْنِ خَدَلَّجَ السَّاقَیْنِ فَلَا

پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھتے رہو پھر اگر جنی بچہ کالا کالی آنکھوں کا بڑے چوتڑ والا موٹی پنڈلیوں والا سو

اَحْسِبُ عُوَیْمِرًا اِلَّا قَدْ صَدَقَ عَلَیْهَا وَاِنْ جَاءَتْ بِهٖ اُحَیْمِرَ كَاَنَّهٗ وَحَرَةٌ فَلَا اَحْسِبُ عُوَیْمِرًا اِلَّا قَدْ كَذَبَ عَلَیْهَا فَجَاءَتْ

گمان نہیں کرتا عویمر پر مگر تحقیق سچ کہا اس پر اور اگر جنی بچہ لال جیسا کہ وہ وحرہ ہی ہے سو نہیں گمان کرتا عویمر کو مگر تحقیق جھوٹھ کہا اس پر سو جنی

بِهٖ عَلَی النَّعْتِ الَّذِیْ نَعَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ تَصْدِیْقِ عُوَیْمِرٍ فَكَانَ بَعْدُ یُنْسَبُ اِلٰی اُمِّهٖ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْ

بچہ اس شکل پر کہ بیان کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عویمر کے سچا ہونیکا سو بعد اسکے نسبت کیا جاتا تھا اپنی ماں کی طرف ۔ ق ۔ اور روایت ہے

ابْنِ عُمَرَ رض اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَاعَنَ بَیْنَ رَجُلٍ وَامْرَاَتِهٖ فَانْتَفٰی مِنْ وَلَدِهَا فَفَرَّقَ بَیْنَهُمَا وَاَلْحَقَ الْوَلَدَ بِالْمَرْاَةِ مُتَّفَقٌ

ابن عمر رض سے مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم لعان کا کیا درمیان ایک مرد اور اسکی عورت کے پھر دور ہوا اسکے بچے سے پھر جدائی کی بیچ دونوں میں اور لگا دیا

عَلَیْهِ وَفِیْ حَدِیْثِهٖ لَهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَظَهٗ وَذَكَّرَهٗ وَاَخْبَرَهٗ اَنَّ عَذَابَ الدُّنْیَا اَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ

اور حدیث میں ابن عمر کی شیخین کی روایت بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وعظ کیا اور یاد دلایا اور خبر دی اس مرد کو کہ عذاب دنیا کا بہت آسان ہے عذاب آخرت

الْاٰخِرَةِ ثُمَّ دَعَاهَا فَوَعَظَهَا وَذَكَّرَهَا وَاَخْبَرَهَا اَنَّ عَذَابَ الدُّنْیَا اَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

پھر بلایا عورت کو اور وعظ کیا اور یاد دلایا اور خبر دی اسکو کہ عذاب دنیا کا بہت آسان ہے آخرت کے عذاب سے ۔ اور روایت ہے اسی سے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

قَالَ لِلْمُتَلَاعِنَیْنِ حِسَابُكُمَا عَلَی اللّٰهِ اَحَدُكُمَا كَاذِبٌ لَا سَبِیْلَ لَكَ عَلَیْهَا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَالِیْ قَالَ لَا مَالَ لَكَ اِنْ كُنْتَ صَدَقْتَ

فرمایا لعان کرنے والے مرد و عورت کو حساب تمہارا اللہ پر ہے ایک تم دونو سے جھوٹا ہے نہیں تیری راہ اس پر کہا اسنے ای رسول اللہ مال میرا کیا ہو فرمایا نہیں

عَلَیْهَا فَهُوَ بِمَا اسْتَحْلَلْتَ مِنْ فَرْجِهَا وَاِنْ كُنْتَ كَذَبْتَ عَلَیْهَا فَذَاكَ اَبْعَدُ وَاَبْعَدُ لَكَ مِنْهَا مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

اس پر سو وہ گیا بدلے میں اس چیز کے کہ حلال کیا تو نے اسکی شرمگاہ ، اور اگر جھوٹھ کہا ہو تو نے اس پر تو مال بہت ہی دور ہے تیرے لیے اس سے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس

رض اَنَّ هِلَالَ ابْنَ اُمَیَّةَ قَذَفَ امْرَاَتَهٗ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِشَرِیْكِ بْنِ سَحْمَاءَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

رض سے کہ مقرر ہلال بن امیہ نے تہمت لگائی اپنی عورت کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس شریک بن سحماء سے سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

اَلْبَیِّنَةَ اَوْ حَدًّا فِیْ ظَهْرِكَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِذَا رَاٰی اَحَدُنَا عَلٰی امْرَاَتِهٖ رَجُلًا یَنْطَلِقُ یَلْتَمِسُ الْبَیِّنَةَ فَجَعَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ

گواہ لا یا حد قبول کر اپنی پیٹھ پر سو کہا ای رسول اللہ کے جب دیکھے کوئی ہم میں سے اپنی عورت پر کسی مرد کو چلا جائے گواہ ڈھونڈھنے پھر لگے نبی صلی اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الْبَیِّنَةَ وَاِلَّا حَدٌّ فِیْ ظَهْرِكَ فَقَالَ هِلَالٌ وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ اِنِّیْ لَصَادِقٌ فَلَیُنْزِلَنَّ اللّٰهُ مَا یُبَرِّئُ ظَهْرِیْ

علیہ وسلم فرمانے گواہ لا ، اور نہیں تو حد ہے تیری پیٹھ میں سو کہا ہلال نے قسم اسکی کہ بھیجا آپکو سچا دین دیکر مقرر میں سچا ہوں البتہ اتاریگا اللہ وہ

مِنَ الْحَدِّ فَنَزَلَ جِبْرَئِیْلُ وَاَنْزَلَ عَلَیْهِ وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ فَقَرَاَ حَتّٰی بَلَغَ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ فَجَاءَ هِلَالٌ فَشَهِدَ

حد سے سو اترا جبرئیل اور اتارا آپ پر اور جو لوگ عیب لگا دیں اپنی جوروں کو پھر پڑھی آیت یہانتک پہنچے اس لفظ تک پھر آیا ہلال اور لعان کیا

وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ اَنَّ اَحَدَكُمَا كَاذِبٌ فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ ثُمَّ قَامَتْ فَشَهِدَتْ فَلَمَّا كَانَتْ عِنْدَ

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے مقرر اللہ جانتا ہے کہ ایک تم دونوں سے جھوٹھا ہے پھر کیا تم دونوں سے کوئی توبہ کریگا پھر کھڑی ہوئی اور گواہی دی پھر جب

الخامسة وقفوها وقالوا إنها موجبة قال ابن عباس فتلكأت ونكصت حتى ظننا أنها ترجع ثم قالت لا أفضح قومي

لعنت کے پاس کھڑی رکھا اسکو اور کہا کہ یہ لعنت اثر کرنے والی ہے کہا ابن عباس نے پھر توقف کیا اور پیچھے ہٹنے لگی کہ گمان کیا ہمنے کہ وہ پھر جائیگی پھر کہا اپنے رسوا نکرونگی اپنی

سائر اليوم فمضت فقال النبي صلى الله عليه وسلم أبصروها فإن جاءت به أكحل العينين سابغ الأليتين خدلج الساقين

تمام عمر پھر لعان کرلی اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم دیکھتے رہو اسکو پھر اگر جنی بچہ سرمائی آنکھ والا بڑے چوتڑ والا موٹی پنڈلیوں والا

فهو لشريك بن سحماء فجاءت به كذلك فقال النبي صلى الله عليه وسلم لولا ما مضى من كتاب الله لكان لي ولها شأن

سو وہ شریک بن سحماء کا ہے پس جنی ویسا ہی سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر نہوتا جو گذر گیا اللہ کی کتاب میں تو البتہ ہوتا میرا اور اسکا ایک کام

رواه البخاري وعن أبي هريرة قال قال سعد بن عبادة لو وجدت مع أهلي رجلا لم أمسه حتى آتي بأربعة

روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا کہا سعد بن عبادہ نے اگر پاؤں اپنی عورت کے ساتھ کسی کو تو نہ ماروں اسکو یہاں تک کہ لاؤں چار

شهداء قال رسول الله صلى الله عليه وسلم نعم قال كلا والذي بعثك بالحق إن كنت لأعاجله بالسيف قبل ذلك قال

گواہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاں کہا سعد نے یوں نہیں قسم ہے اسکی کہ بھیجا آپکو سچا دین دیکر میں البتہ جلدی مارونگا اسکو تلوار سے اس سے پہلے

رسول الله صلى الله عليه وسلم اسمعوا إلى ما يقول سيدكم إنه لغيور وأنا أغير منه والله أغير مني رواه مسلم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنو بات تمہارے سردار کی مقرر وہ بہت غیرت رکھتا ہے اور میں زیادہ غیرت رکھتا ہوں اس سے اور اللہ زیادہ غیرت رکھتا ہے مجھ سے روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن المغيرة رض قال قال سعد بن عبادة لو رأيت رجلا مع امرأتي لضربته بالسيف غير مصفح فبلغ ذلك

اور روایت ہے مغیرہ رض سے کہ کہا کہا سعد بن عبادہ نے اگر دیکھوں میں کوئی مرد اپنی عورت کے ساتھ تو مار ڈالونگا اسکو تلوار کی دھار سے تو یہ بات پہنچی

رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال أتعجبون من غيرة سعد والله لأنا أغير منه والله أغير مني ومن أجل غيرة الله

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سو فرمایا تعجب کرتے ہو غیرت سے سعد کی قسم اللہ کی میں زیادہ غیرت والا ہوں اس سے اور اللہ زیادہ غیرت والا ہے مجھ سے اور غیرت کی وجہ سے

حرم الله الفواحش ما ظهر منها وما بطن ولا أحد أحب إليه العذر من الله من أجل ذلك بعث المنذرين والمبشرين

حرام کیا اللہ نے بیحیائیوں کو ظاہر اور باطن کی اور نہیں کوئی کہ عذر پیارا ہو اسکو حجت تمام کرنی اللہ سے اسی لئے بھیجا اللہ نے ڈرانے والے اور خوشخبری دینے والے

ولا أحد أحب إليه المدحة من الله فلذلك مدح نفسه وفي رواية ولا أحد أحب إليه المدحة من الله ومن أجل

اور نہیں کوئی کہ زیادہ پیاری ہو اسکو تعریف کرنی اللہ سے پھر اسی نے تعریف کی اپنی ذات کی اور ایک روایت میں ہے اور نہیں کوئی کہ زیادہ پیاری ہو اسکو تعریف اللہ سے اور اسی لئے

ذلك وعد الله الجنة متفق عليه وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الله تعالى يغار وإن

وعدہ کیا تعریف کرنے والے سے اللہ نے جنت کا ق. اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر اللہ تعالی غیرت کرتا ہے اور

المؤمن يغار وغيرة الله أن لا يأتي المؤمن ما حرم الله متفق عليه وعنه أن أعرابيا أتى رسول الله صلى الله

ایماندار غیرت کرتا ہے اور غیرت اللہ کی اس لئے ہے کہ نہ کرے ایمان دار اللہ کے حرام کام ق. اور روایت ہے اسی سے کہ ایک گنوار آیا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم فقال إن امرأتي ولدت غلاما أسود وإني أنكرته فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم هل لك من إبل

علیہ وسلم کے پاس پھر کہا بیشک عورت میری جنی لڑکا کالا اور میں نے انکار کیا اسکو سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا تیرے اونٹ ہیں

قال نعم قال فما ألوانها قال حمر قال هل فيها من أورق قال إن فيها لورقا قال فأنى ترى ذلك جاءها قال عرق نزعها قال

کہا ہاں فرمایا پھر کیا رنگ ہیں انکے کہا سرخ فرمایا کیا ان میں کوئی خاکی رنگ ہے کہا بیشک ان میں ہیں خاکی رنگ فرمایا پھر کہاں سے گمان کرتا ہے کہ وہ آیا انمیں کہا رگ نے کھینچا

فلعل هذا عرق نزعه فلم يرخص له في الانتفاء منه متفق عليه وعن عائشة رض قالت كان عتبة بن ابي وقاص عهد

پھر شاید اس لڑکے کو رگ نے کھینچا ہو پھر رخصت نہ دی آپ نے اسکو دور کرنے کی اس لڑکے سے ۔ ق ۔ اور روایت ہے عائشہ سے کہا انہوں نے عتبہ بن ابی وقاص وصیت کر گئے تھے

الى اخيه سعد بن ابي وقاص ان ابن وليدة زمعة مني فاقبضه اليك فلما كان عام الفتح اخذه سعد فقال انه ابن اخي وقال

اپنے بھائی سعد بن ابی وقاص کو کہ بیٹا زمعہ کی لونڈی کا مجھ سے ہے پھر اپنے قابو میں کر اسکو پھر جب ہوا سال فتح کا لیا اسکو سعد نے پھر کہا کہ وہ بھتیجا میرا ہے اور کہا

عبد بن زمعة اخي فتساوقا الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال سعد يا رسول الله ان اخي كان عهد الي فيه وقال

عبد بن زمعہ نے میرا بھائی ہے پھر گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس سو کہا سعد نے یا رسول اللہ بیشک بھائی نے میرے وصیت کی تھی مجھے اسمیں اور کہا

عبد بن زمعة اخي وابن وليدة ابي ولد على فراشه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هو لك يا عبد بن زمعة

عبد بن زمعہ نے میرا بھائی اور بیٹا میرے باپ کی لونڈی کا ہے پیدا ہوا اسکے بچھونے پر سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ تیرا ہے ای عبد بن زمعہ

الولد للفراش وللعاهر الحجر ثم قال لسودة بنت زمعة احتجبي منه لما رأى من شبهه بعتبة فما رآها حتى لقي الله

بچہ فراش کے تابع ہے اور زانی کو پتھر ہے پھر فرمایا سودہ کو بیٹی زمعہ کی پردہ کر اسے اس لیے کہ دیکھی مشابہت اسکی عتبہ سے پھر نہ دیکھا سودہ کو یہاں تک کہ مر گیا

وفي رواية قال هو اخوك يا عبد بن زمعة من اجل انه ولد على فراش ابيه متفق عليه وعنها قالت دخل علي رسول الله

اور ایک روایت میں فرمایا وہ بھائی تیرا ہے ای عبد بن زمعہ اس جہت سے کہ وہ پیدا ہوا فراش پر اپنے باپ کے ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا آئے میرے پاس رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم ذات يوم وهو مسرور فقال اي عائشة الم تري ان مجززا المدلجي دخل فلما رأى اسامة وزيدا

صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن خوش خوش سو فرمایا ای عائشہ کیا معلوم نہیں تو کہ مجزز مدلجی آیا پھر جب دیکھا اسامہ کو اور زید کو

وعليهما قطيفة قد غطيا رؤسهما وبدت اقدامهما فقال ان هذه الاقدام بعضها من بعض متفق عليه وعن

اور دونوں پر چادر تھی کہ ڈھانپ لیا تھا سر اپنے اور نظر آتے تھے پاؤں ان کے سو کہا کہ یہ پاؤں باپ بیٹے کے ہیں ۔ ق ۔ اور روایت ہے

سعد بن ابي وقاص وابي بكرة رض قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ادعى الى غير ابيه وهو يعلم انه غير ابيه

سعد بن ابی وقاص اور ابی بکرہ رض سے کہا دونوں نے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی بیٹا کہلایا باپ کے سوا کا جان کر کہ وہ باپ نہیں

فالجنة عليه حرام متفق عليه وعن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ترغبوا عن ابائكم فمن رغب

سو بہشت اس پر حرام ہے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مت منہ موڑو اپنے حقیقی باپوں سے پھر جس نے

عن ابيه فقد كفر متفق عليه وذكر حديث عائشة ما من احد اغير من الله في باب صلوة الخسوف الفصل الثاني

اپنے باپ سے سو تحقیق ناشکری کی ۔ ق ۔ اور تحقیق مذکور ہو چکی حدیث عائشہ کی نہیں کوئی زیادہ غیرت مند اللہ سے باب میں چاند گہن کی نماز کے دوسری فصل

عن ابي هريرة رض انه سمع النبي صلى الله عليه وسلم يقول لما نزلت اية الملاعنة ايما امرأة ادخلت على قوم من ليس

روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ بیشک اس نے سنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جب اتری آیت لعان کی جو عورت کہ داخل کیا کسی قوم پر اسکو کہ نہ ہو

منهم فليست من الله في شيء ولن يدخلها الله جنته وايما رجل جحد ولده وهو ينظر اليه احتجب الله منه وفضحه

ان میں سے سو نہیں وہ اللہ کی طرف سے کسی چیز میں اور ہرگز داخل نہ کریگا اسے اللہ اپنی بہشت میں اور جس مرد نے انکار کیا اپنے فرزند کا دیکھ کر اسکو پردہ کریگا اللہ اس سے اور رسوا کریگا

على رؤس الخلائق في الاولين والاخرين رواه ابو داود والنسائي والدارمي وعن ابن عباس رض قال جاء رجل

سامنے سب پہلے اور پچھلے لوگوں کے روایت کیا اسکو ابو داود اور نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا آیا ایک مرد

إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال إن لي امرأة لا ترد يد لامس فقال النبي صلى الله عليه وسلم طلقها قال إني أحبها قال فأمسكها

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر کہا بیشک عورت میری پھیرتی نہیں ہاتھ کسی چھونے والے کا سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طلاق دے اسکو کہا میں دوست رکھتا ہوں

إذًا رواه أبو داود والنسائي وقال النسائي رفعه أحد الرواة إلى ابن عباس وأحدهم لم يرفعه قال وهذا الحديث ليس بثابت

اب روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے اور کہا نسائی نے پہنچایا اس حدیث کو ایک راوی نے ابن عباس تک اور ایک نے نہ پہنچایا اور کہا نسائی نے یہ حدیث ثابت نہیں

وعن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده أن النبي صلى الله عليه وسلم قضى أن كل مستلحق استلحق بعد أبيه الذي يدعى له ادعاه ورثته فقضى أن من كان من أمة يملكها يوم أصابها فقد لحق بمن استلحقه وليس له مما قسم قبله من الميراث شيء وما أدرك من ميراث لم يقسم فله نصيبه ولا يلحق إذا كان أبوه الذي يدعى له أنكره فإن كان من أمة لم يملكها أو من حرة عاهر بها فإنه لا يلحق ولا يرث وإن كان الذي يدعى له هو الذي ادعاه فهو ولد زنية من حرة كان أو أمة رواه أبو داود

اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے کہ حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا کہ جو فرزند ملا لیا جائے بعد مرنے اسکے باپ کے ... اسکا بیٹا دعویٰ کریں اسکے وارث ... سو حکم کیا کہ جو فرزند ہو لونڈی سے جو ملک تھی اسکی جس دن جماع کیا اس سے سو تحقیق ملا لیا جائے ... اور نہیں اسکا حصہ اس میراث میں جو تقسیم ہو چکی ... اور جو پایا وہ فرزند تقسیم نہ ہوئی میراث کو سو ملیگا اسکو اسکا حصہ اور نہ ملا لیا جائیگا جب باپ ہی اسکا کہ جسکا بتایا جاتا ہے انکار کیا ہو اور اگر وہ فرزند اس لونڈی سے ہو کہ جسکا مالک نہ تھا یا آزاد عورت سے کہ زنا کیا اسے سو بیشک وہ نہ ملا لیا جائیگا اور نہ وارث ہوگا اگرچہ جسکا بتاتے ہیں اس فرزند کو خود وہی دعویٰ کرے سو وہ ولد الزنا ہے آزاد سے ہو یا لونڈی سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

وعن جابر بن عتيك رض أن نبي الله صلى الله عليه وسلم قال من الغيرة ما يحب الله ومنها ما يبغض الله فأما التي يحبها الله فالغيرة في الريبة وأما التي يبغضها الله فالغيرة في غير ريبة وإن من الخيلاء ما يبغض الله ومنها ما يحب الله فأما الخيلاء التي يحب الله فاختيال الرجل عند القتال واختياله عند الصدقة وأما التي يبغض الله فاختياله في الفخر

اور روایت ہے جابر بن عتیک رض سے کہ نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بعضی غیرت ایسی ہے کہ دوست رکھتا ہے اللہ اور بعضی ایسی ہے کہ برا جانتا ہے اللہ سو غیرت ہے تہمت کی جگہ میں اور جسکو برا جانتا ہے اللہ سو غیرت ہے سوائے تہمت کے اور تکبر بعضا ایسا ہے کہ برا جانتا ہے اللہ اور بعضا وہ ہے کہ دوست رکھتا ہے اللہ جو تکبر کہ دوست رکھتا ہے اللہ سو تکبر مرد کا ہے جہاد میں کافر سے اور تکبر مرد کا خیرات کرنے وقت اور لیکن جو تکبر کہ برا جانتا ہے اللہ سو تکبر اسکا ہے فخر میں

وفي رواية في البغي رواه أحمد وأبو داود والنسائي

اور ایک روایت میں ظلم کرنے میں روایت کیا اسکو احمد اور ابوداؤد اور نسائی نے

الفصل الثالث

عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده قال قام رجل فقال يا رسول الله إن فلانا ابني عاهرت بأمه في الجاهلية فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا دعوة في الإسلام ذهب أمر الجاهلية الولد للفراش وللعاهر الحجر رواه أبو داود

تیسری فصل روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے اسکے دادا سے کہ کہا کھڑا ہوا ایک مرد سو کہا اے رسول اللہ کے بیشک فلانا بیٹا میرا ہے زنا کیا میں نے اسکی ماں سے زمانہ جاہلیت میں سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں دعوا ولد الزنا کا اسلام میں جلا گیا کام جاہلیت کا بچہ تابع فراش کا ہے اور زانی کو پتھر ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

وعنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال أربع من النساء لا ملاعنة بينهن النصرانية تحت المسلم واليهودية تحت المسلم والحرة تحت المملوك والمملوكة تحت الحر رواه ابن ماجه

اور روایت ہے اسی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار عورتوں میں لعان نہیں ہوتا نصرانی جو مسلمان کے نکاح میں ہو اور یہودن جو مسلمان کے نکاح میں ہو اور آزاد عورت جو نکاح میں غلام کے ہو اور لونڈی جو نکاح میں آزاد کے ہو روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

وعن ابن عباس رض أن النبي صلى الله عليه وسلم أمر رجلا حين أمر المتلاعنين أن يتلاعنا أن يضع يده عند

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ایک مرد کو جب حکم کیا عورت مرد کو لعان کا کہ رکھے ہاتھ اپنا

الخامسة على فيه وقال إنها موجبة رواه النسائي وعن عائشة رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم خرج من عندها

پانچویں بار منہ پر اسکے اور فرمایا کہ یہہ قائل یعنی واجب کرنے والی ہے روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے عائشہ رضی سے مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے اسکے پاس سے

ليلا قالت فغرت عليه فجاء فرأى ما أصنع فقال ما لك يا عائشة أغرت فقلت وما لي لا يغار مثلي على مثلك فقال رسول الله

حَوَائِجِ النَّاسِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهٗ وَلِاَحْمَدَ اَغْلَقَ اللّٰهُ اَبْوَابَ السَّمَاءِ دُوْنَ خَلَّتِهٖ وَحَاجَتِهٖ وَمَسْكَنَتِهٖ ● الْفَصْلُ

لوگوں کی حاجت پر روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے اور اسکی اور احمد کی ایک روایت میں ہے بند کریگا اللہ دروازے آسمان کے اسکی حاجت اور محتاجی کے وقت ● فصل

الثَّالِثُ ● عَنْ اَبِي الشَّمَّاخِ الْاَزْدِيِّ عَنِ ابْنِ عَمٍّ لَهٗ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اَتٰى مُعَاوِيَةَ فَدَخَلَ عَلَيْهِ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ

تیسری ● روایت ہے ابی الشماخ الازدی سے اپنے چچیرے بھائی سے جو یاروں میں سے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ آیا وہ معاویہ پاس پھر گیا اندر کہا سنا میں نے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ وَلِيَ مِنْ اَمْرِ النَّاسِ شَيْئًا ثُمَّ اَغْلَقَ بَابَهٗ دُوْنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَوِ الْمَظْلُوْمِ اَوْ ذِي الْحَاجَةِ اَغْلَقَ اللّٰهُ دُوْنَهٗ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جو والی ہو لوگوں کی کسی چیز پر پھر بند کرے دروازہ اپنا مسلمانوں پر یا مظلوم یا حاجت والے پر بند کرتا ہے اللہ اس پر اسکی حاجت

اَبْوَابَ رَحْمَتِهٖ عِنْدَ حَاجَتِهٖ وَفَقْرِهٖ اَفْقَرَ مَا يَكُوْنُ اِلَيْهَا ● وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رض اَنَّهٗ كَانَ اِذَا بَعَثَ عُمَّالَهٗ شَرَطَ عَلَيْهِمْ اَنْ لَا تَرْكَبُوْا

اور محتاجی کے وقت دروازہ اپنی رحمت کا نہایت محتاج ہو وہ اسکی طرف ● اور روایت ہے عمر بن الخطاب رض سے کہ جب بھیجا کرتے عاملوں کو شرط کرتے ان سے یہ کہ نہ سوار ہو

بِرْذَوْنًا وَلَا تَاْكُلُوْا نَقِيًّا وَلَا تَلْبَسُوْا رَقِيْقًا وَلَا تُغْلِقُوْا اَبْوَابَكُمْ دُوْنَ حَوَائِجِ النَّاسِ فَاِنْ فَعَلْتُمْ شَيْئًا مِنْ ذٰلِكَ فَقَدْ حَلَّتْ بِكُمُ

ترکی گھوڑے پر اور نہ کھاؤ چھنا ہوا آٹا اور نہ پہنو باریک کپڑا اور نہ بند کرو دروازے اپنے لوگوں کی حاجتوں کے وقت پھر اگر کروگے کچھ ان میں سے تو اترے گا تم پر

الْعُقُوْبَةُ ثُمَّ يُشَيِّعُهُمْ رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ ● بَابُ الْعَمَلِ فِي الْقَضَاءِ وَالْخَوْفِ مِنْهُ ● الْفَصْلُ الْاَوَّلُ ● عَنْ

عذاب پھر رخصت کرتے انکو روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں ● باب عمل کا قضا میں اور ڈر اس سے ● پہلی فصل ● روایت ہے

اَبِيْ بَكْرَةَ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَقْضِيَنَّ حَكَمٌ بَيْنَ اثْنَيْنِ وَهُوَ غَضْبَانُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ● وَعَنْ عَبْدِ

ابی بکرہ رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے نہ فیصلہ کرے کوئی حاکم دو شخص کے درمیان غصہ کی حالت میں ● اور روایت ہے عبد

اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ وَاَصَابَ فَلَهٗ اَجْرَانِ وَاِذَا حَكَمَ فَاجْتَهَدَ

اللہ بن عمرو اور ابی ہریرہ رض سے کہا ان دونوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حکم دیا حاکم نے اور غور کیا پھر ٹھیک جگہ پر پہنچا تو اسکو دو اجر ہیں اور جب حکم کیا اور غور کیا

وَاَخْطَاَ فَلَهٗ اَجْرٌ وَاحِدٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ● الْفَصْلُ الثَّانِيْ ● عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جُعِلَ قَاضِيًا بَيْنَ

پھر خطا کی تو اسکو ایک اجر ہے ● ق ● فصل دوسری ● روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو قاضی بنا

النَّاسِ فَقَدْ ذُبِحَ بِغَيْرِ سِكِّيْنٍ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ ● وَعَنْ اَنَسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ

لوگوں میں سو ذبح ہوا بغیر چھری کے روایت کیا اسکو احمد و ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ● اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو

ابْتَغَى الْقَضَاءَ وَسَاَلَ وُكِلَ اِلٰى نَفْسِهٖ وَمَنْ اُكْرِهَ عَلَيْهِ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ مَلَكًا يُسَدِّدُهٗ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ ● وَعَنْ بُرَيْدَةَ

طلب کرے عہدہ قضا اور مانگے اسکو سونپا جاتا ہے اپنے نفس کی طرف اور جسکو جبر سے سوار کیا جائے اتارتا ہے اللہ اس پر فرشتہ کہ ٹھیک رکھے اسکو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم القضاة ثلثة واحد في الجنة واثنان في النار فاما الذي في الجنة فرجل عرف الحق فقضى به

کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قاضی تین طرح کے ہوتے ہیں ایک جنت میں اور دو آگ میں سو جو جنت میں ہے وہ مرد ہے جس نے پہچانا حق اور فیصلہ کیا موافق

ورجل عرف الحق فجار في الحكم فهو في النار ورجل قضى للناس على جهل فهو في النار رواه ابو داود وابن ماجة وعن ابي هريرة رض قال

اور ایک کہ اس نے پہچانا حق پھر ظلم کیا حکم میں تو وہ آگ میں ہے اور ایک وہ ہے کہ فیصلہ کیا واسطے لوگوں کے نادانی سے تو وہ بھی آگ میں ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من طلب قضاء المسلمين حتى يناله ثم غلب عدله جوره فله الجنة ومن غلب جوره عدله فله

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی قاضی ہونا چاہے مسلمانوں میں یہاں تک کہ بنے پھر غالب ہو عدل اسکا ظلم پر سو واسطے اسکے بہشت ہے اور جو شخص غالب ہو ظلم اسکا

النار رواه ابو داود وعن معاذ بن جبل رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم لما بعثه الى اليمن قال كيف تقضي اذا عرض لك قضاء

آگ ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے معاذ بن جبل رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بھیجا اسکو یمن کی طرف فرمایا کس طرح حکم کریگا تو جب آوے تیرے پاس مقدمہ

قال اقضي بكتاب الله قال فان لم تجد في كتاب الله قال فبسنة رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فان لم تجد في سنة رسول الله قال

عرض کیا موافق کتاب اللہ کے فرمایا پھر اگر نہ پاوے تو کتاب اللہ میں عرض کیا موافق سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمایا اور اگر نہ پاوے تو سنت رسول اللہ میں عرض کیا

اجتهد برأيي ولا آلو قال فضرب رسول الله صلى الله عليه وسلم في صدره وقال الحمد لله الذي وفق رسول رسول الله لما يرضى به رسول الله

تو دوڑاؤنگا عقل اپنی اور کمی نہ کرونگا کہا تب ٹھونکا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سینہ اسکا فرمایا سب تعریف اللہ ہی کو ہے جس نے توفیق بخشی رسول کو رسول اللہ کے

رواه الترمذي وابو داود والدارمي وعن علي رض قال بعثني رسول الله صلى الله عليه وسلم الى اليمن قاضيا فقلت يا رسول الله

روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور دارمی نے اور روایت ہے علی رض سے کہا بھیجا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن کی طرف قاضی کرکے سو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ

ترسلني وانا حديث السن ولا علم لي بالقضاء فقال ان الله سيهدي قلبك ويثبت لسانك اذا تقاضى اليك رجلان فلا تقض

بھیجتے ہیں تو مجھے اور میں نوجوان ہوں اور نہیں ہے مجھے علم قضا کا فرمایا کہ اللہ راہ دکھاویگا تیرے قلب کو اور ثابت رکھیگا تیری زبان کو جب جھگڑا لاویں تیرے پاس دو مرد تو نہ حکم کر

للاول حتى تسمع كلام الآخر فانه احرى ان يتبين لك القضاء قال فما شككت في قضاء بعد رواه الترمذي وابو داود

پہلے کے لئے جب تک نہ سن لے دوسرے کی کیونکہ اسمیں زیادہ مناسب ہے کہ کھل جاوے تیرے واسطے فیصلہ کرنا کہا علی رض نے پھر شک نہ کیا میں نے کسی فیصلہ میں بعد اسکے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد

وابن ماجة وسنذكر حديث ام سلمة انما اقضي بينكم برأيي في باب الاقضية والشهادات ان شاء الله تعالى

الفصل الثالث

اور ابن ماجہ نے اور ذکر کرینگے حدیث ام سلمہ کی بس فیصلہ کرونگا درمیان تمہارے اپنی عقل سے باب الاقضیہ والشہادات میں اگر چاہے اللہ تعالی تیسری فصل

عن عبد الله بن مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من حاكم يحكم بين الناس الا جاء يوم القيامة وملك آخذ بقفاه

عبد اللہ بن مسعود رض سے کہا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی حاکم جو حکم کرے درمیان لوگوں کے مگر آویگا روز قیامت کو اور فرشتہ پکڑنے والا ہوگا گدی اسکی

ثم يرفع رأسه الى السماء فان قال ألقه ألقاه في مهواة اربعين خريفا رواه احمد وابن ماجة والبيهقي في شعب الايمان وعن عائشة

پھر اٹھاویگا سر اسکا آسمان کی طرف پھر اگر فرمایا اللہ تعالی نے ڈال اسکو تو ڈال دیگا اسکو گڑھے کی جگہ میں چالیس برس کی راہ روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے عائشہ

رض عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ليأتين على القاضي العدل يوم القيامة يتمنى انه لم يقض بين اثنين في تمرة قط رواه

رض سے وہ روایت کرتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا البتہ آویگی قاضی عادل پر روز قیامت کو آرزو کریگا کہ نہ فیصلہ کیا ہوتا اس نے دنیا میں دو شخص کے ایک کھجور میں بھی کبھی روایت کیا

احمد وعن عبد الله بن ابي اوفى رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله مع القاضي ما لم يجر فاذا جار تخلى عنه ولزمه

احمد نے اور روایت ہے عبد اللہ بن ابی اوفی رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ ساتھ قاضی کے ہے جب تک ظلم نہ کرے پھر جب ظلم کرے الگ ہو جاتا ہے اس سے اور ساتھ ہو جاتا ہے اسکے شیطان

رواه الترمذي وابن ماجه وفي رواية فاذا جار وكله الى نفسه وعن سعيد بن المسيب ان مسلما ويهوديا اختصما الى عمر فرأى
روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور ایک روایت میں ہے پھر جب ظلم کیا سونپا گیا اپنے نفس کی طرف اور روایت ہے سعید بن المسیب سے کہ ایک مسلمان اور ایک یہودی جھگڑا لائے عمر رض پاس سو دیکھا

الحق لليهودي فقضى له عمر به فقال له اليهودي والله لقد قضيت بالحق فضربه عمر بالدرة وقال وما يدريك فقال
کہ حق یہودی کا ہے سو دیا عمر نے یہودی کو حق اسکا سو کہا عمر کو یہودی نے قسم ہے اللہ کی فیصلہ کیا تو نے حق سو مارا اسکو حضرت عمر رض نے درے اور کہا اور تجھکو کیا خبر ہے سو کہا

اليهودي والله انا نجد في التوراة انه ليس قاض يقضي بالحق الا كان عن يمينه ملك وعن شماله ملك يسددانه ويوفقانه للحق
یہودی نے قسم ہے اللہ کی ہم پاتے ہیں تورات میں کہ نہیں کوئی قاضی جو حکم کرے حق کا مگر اسکے داہنے اور بائیں دو فرشتے درستی کرتے ہیں اسکے کام اور پھیرتے ہیں اسکو حق کی طرف

ما دام مع الحق فاذا ترك الحق عرجا وتركاه رواه مالك وعن ابن موهب ان عثمان بن عفان قال لابن عمر اقض بين الناس قال او تعافيني
جب تک رہے حق پر اور جب چھوڑ دیتا ہے حق کو چڑھ جاتے ہیں اور اسکو چھوڑ دیتے ہیں روایت کیا اسکو مالک نے اور روایت ہے ابن موہب سے کہ عثمان بن عفان نے کہا ابن عمر کو قاضی ہو درمیان لوگوں کے

يا امير المؤمنين قال وما تكره من ذلك وقد كان ابوك يقضي قال لاني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من كان قاضيا فقضى
ای امیر المؤمنین کہا عثمان نے اور کیوں برا جانتا ہے تو اسکو اور تھا باپ تیرا قاضی کہا اسواسطے کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جو کوئی ہو قاضی پھر فیصلہ کرے

بالعدل فبالحري ان ينقلب منه كفافا فما راجعه بعد ذلك رواه الترمذي وفي رواية رزين عن نافع ان ابن عمر قال لعثمان
انصاف سے سو لائق ہے کہ نکلے اس سے برابر پھر دوسری دفعہ نہ کہا اسکو عثمان نے بعد اسکے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور رزین کی ایک روایت میں نافع سے کہ ابن عمر رض نے کہا عثمان

رض يا امير المؤمنين لا اقضي بين رجلين قال فان اباك كان يقضي فقال ان ابي لو اشكل عليه شيء سأل رسول الله صلى
رض کو یا امیر المؤمنین حکم نہ کرونگا درمیان دو مرد کے کہا کہ باپ تیرا حکم کرتا تھا کہا اگر مشکل ہوتا باپ پر میرے کوئی حکم پوچھتا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم ولو اشكل على رسول الله شيء سأل جبريل عليه السلام واني لا اجد من اسأله وسمعت رسول الله
اللہ علیہ وسلم سے اور اگر مشکل ہوتا رسول اللہ پر کچھ پوچھتے جبرئیل علیہ السلام سے اور میں نہیں پاتا ہوں کسی کو کہ پوچھوں اس سے اور سنا میں نے رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم يقول من عاذ بالله فقد عاذ بعظيم وسمعته يقول من عاذ بالله فاعيذوه واني اعوذ بالله ان
صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جسنے پناہ مانگی اللہ کی سو اسنے پناہ پکڑی بڑے کی اور سنا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جو کوئی پناہ پکڑے اللہ کی سو پناہ دو اسکو

تجعلني قاضيا فاعفاه وقال لا تخبر احدا

قاضی تب درگذر کیا عثمان نے اس سے اور کہا خبر نہ کر کسی کو

باب رزق الولاة وهداياهم

باب والیوں کی روزی اور ان کے ہدایا کا

الفصل الاول

پہلی فصل

عن ابي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما اعطيكم ولا امنعكم انا قاسم اضع حيث امرت رواه البخاري وعن خولة الانصارية
روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں دیتا ہوں تمکو اور نہ روکتا ہوں بانٹنے والا ہوں رکھتا ہوں جہاں حکم ہو مجھکو روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے خولہ انصاریہ

قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان رجالا يتخوضون في مال الله بغير حق فلهم النار يوم القيامة رواه البخاري وعن
بولیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لوگ گھستے ہیں اللہ کے مال میں ناحق سو ان کیلئے آگ ہے روز قیامت کو روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے

عائشة رض قالت لما استخلف ابو بكر رض قال لقد علم قومي ان حرفتي لم تكن تعجز عن مؤنة اهلي وشغلت بامر المسلمين
عائشہ رض سے بولیں جب خلیفہ ہوئے ابوبکر رض کہا البتہ معلوم ہے میری قوم کو کہ حرفت میری ایسی نہ تھی کہ تنگی ہوتی میرے اہل کو اور مشغول ہوا میں مسلمانوں کے کام میں

فسيأكل آل ابي بكر من هذا المال ويحترف للمسلمين فيه رواه البخاري
سو اب کھاوینگے لوگ میرے اس مال سے اور سعی کریگا ابوبکر واسطے مسلمانوں کے اس مال میں روایت کیا اسکو بخاری نے

الفصل الثاني

دوسری فصل

عن بريدة رض عن النبي صلى الله
روایت ہے بریدہ رض سے نبی صلی اللہ

عليه وسلم قال من استعملناه على عمل فرزقناه رزقا فما اخذ بعد ذلك فهو غلول رواه ابو داود وعن عمر رض قال عملت على عهد

علیہ وسلم سے فرمایا جسکو بھیجا ہمنے کسی کام پر اور روزی دی ہمنے اسکو پھر جو کچھ لیگا بعد اسکے سو وہ خیانت ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے عمر رض سے کہا

رسول الله صلى الله عليه وسلم فعملني رواه ابو داود وعن معاذ رض قال بعثني رسول الله صلى الله عليه وسلم الى اليمن فلما سرت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر دی مجھے اجرت اس عمل کی روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے معاذ رض سے کہا بھیجا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن کی طرف پھر جب

ارسل في اثري فرددت فقال اتدري لم بعثت اليك لا تصيبن شيئا بغير اذني فانه غلول ومن يغلل يأت بما غل يوم القيامة لهذا

بھیجا کسی کو میرے پیچھے پھر لوٹا میں فرمایا جانتا ہے تو کیوں بھیجا میں نے تیرے پاس کہ نہ لیوے تو کچھ بغیر حکم میرے کیونکہ وہ لینا چھپا لینا ہے اور جو کوئی چھپاوے گا وہ لاویگا جو چھپایا ہے قیامت کے دن

دعوتك فامض لعملك رواه الترمذي وعن المستورد بن شداد رض قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول من كان لنا

تجھ کو بلایا چلا جا اپنے کام پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے مستورد بن شداد رض سے کہا سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جو کوئی ہو ہمارا

عاملا فليكتسب زوجة فان لم يكن له خادم فليكتسب خادما فان لم يكن له مسكن فليكتسب مسكنا وفي رواية من

عامل سو چاہیے اسکو نکاح کرنا اور اگر نہ ہو خادم تو چاہیے کہ خرید لیوے غلام پھر اگر نہ ہو مکان اسکا تو چاہیے کہ تیار کرے مکان اور ایک روایت میں ہے جو کوئی

اخذ غير ذلك فهو غال رواه ابو داود وعن عدي بن عميرة رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يا ايها الناس من عمل

لیوے سوا اسکے تو چھپانے والا ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے عدی بن عمیرہ رض سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے لوگو جو شخص عامل ہو

منكم لنا على عمل فكتمنا منه مخيطا فما فوقه فهو غال يأتي به يوم القيمة فقام رجل من الانصار فقال يا رسول الله اقبل

ہمارا تم میں سے کسی کام پر پھر چھپایا ہم سے اسکے حاصل میں سے ایک سوئی یا کم اس سے سو وہ چھپانے والا ہے لاویگا وہ چھپایا ہوا روز قیامت کو پھر کھڑا ہوا ایک مرد انصار

عني عملك قال وما ذاك قال سمعتك تقول كذا وكذا قال وانا اقول ذلك من استعملناه على عمل فليأت بقليله وكثيره فما اوتي

مجھ سے عمل اپنا فرمایا اور کیا کہتا ہے تو عرض کیا سنا ہے میں نے آپ سے کہ فرماتے تھے ایسا ایسا فرمایا اور میں کہتا ہوں اب بھی جس کو بھیجا ہمنے کسی کام پر سو چاہیے کہ حاضر کرے تھوڑا اور بہت جو

منه اخذه وما نهي عنه انتهى رواه مسلم وابو داود واللفظ له وعن عبد الله بن عمرو رض قال لعن رسول الله صلى الله

اس کام کی لے اسکو اور جس سے منع ہو باز رہے اس سے روایت کیا اسکو مسلم اور ابوداؤد نے اور لفظ اسکا ہے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہا لعنت کی ہے رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم الراشي والمرتشي رواه ابو داود وابن ماجه ورواه الترمذي عنه وعن ابي هريرة ورواه احمد والبيهقي في شعب الايمان

علیہ وسلم نے رشوت دینے والے اور لینے والے پر روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسکو ترمذی نے عبد اللہ ابن عمرو اور ابی ہریرہ سے اور روایت کیا اسکو

عن ثوبان وزاد والرائش يعني الذي يمشي بينهما وعن عمرو بن العاص رض قال ارسل الي رسول الله صلى الله عليه وسلم ان اجمع عليك

ثوبان سے اور زیادہ کیا بیہقی نے اور لعنت کی ہے رائش پر یعنی جو سعی کرتا ہے درمیان دونوں کے اور روایت ہے عمرو بن العاص رض سے کہا بھیجا میری طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ

سلاحك وثيابك ثم ائتني قال فاتيته وهو يتوضأ فقال يا عمرو اني ارسلت اليك لابعثك في وجه يسلمك الله و

ہتھیار اور موجود کر اپنے کپڑوں کو پھر آ میرے پاس کہا پھر آیا میں آپ کے پاس اور آپ وضو کرتے تھے فرمایا اے عمرو بھیجا میں نے تیرے پاس اس لیے کہ بھیجوں تجھ کو ایک طرف کہ سلامتی رکھے تجھ کو اللہ اور

يغنمك وازعب لك زعبة من المال فقلت يا رسول الله ما كانت هجرتي للمال وما كانت الا لله ولرسوله قال نعما بالمال الصالح للرجل الصالح

غنیمت دیوے اور دوں تجھے کچھ مال سو عرض کیا میں نے یا رسول اللہ نہیں ہجرت میری واسطے مال کے نہیں ہے ہجرت مگر اللہ اور اسکے رسول کے لیے فرمایا بہتر ہے مال صالح مرد صالح کے لیے

رواه في شرح السنة وروى احمد نحوه وفي روايته قال نعم المال الصالح للرجل الصالح

الفصل الثالث

عن ابي امامة رض

روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت کیا احمد نے مانند اسکے اور احمد کی روایت میں فرمایا بہتر ہے مال ستھرا مرد صالح کے لیے تیسری فصل روایت ہے ابی امامہ رض سے کہ

رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من شفع لاحد شفاعة فاهدى له هدية عليها فقبلها فقد اتى بابا عظيما من ابواب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے کسی کی سفارش کی پھر لایا اسکے لیئے ہدیہ بسبب سفارش کے پھر قبول کیا اسکو تو البتہ آیا بڑے دروازے میں دروازوں سے

الربو رواه ابوداود

باب الاقضية والشهادات

الفصل الاول

عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه

سود کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ باب جھگڑوں کا اور گواہیوں کا ۔ پہلی فصل روایت ہے ابن عباس رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

وسلم قال لو يعطى الناس بدعواهم لادعى ناس دماء رجال واموالهم ولكن اليمين على المدعى عليه رواه مسلم وفي شرح للنووي

فرمایا اگر دیا جاوے آدمی صرف دعوے سے اپنے تو دعوی کرے لوگ خون لوگوں کا اور انکے مال کا ولیکن قسم مدعی علیہ پر ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور شرح مسلم نووی میں ہے

انه قال وجاء في رواية البيهقي باسناد حسن او صحيح زيادة عن ابن عباس مرفوعا لكن البينة على المدعي واليمين

کہا اور آیا بیچ بیہقی کی روایت میں اسناد حسن یا صحیح سے زیادہ ابن عباس سے مرفوع ہو کر لیکن دلیل مدعی پر ہے اور قسم

على من انكر وعن ابن مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من حلف على يمين صبر وهو فيها فاجر يقتطع بها مال

منکر پر اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے حلف کیا یمین صبر پر اور وہ جھوٹا ہے کاٹ لیتا ہے مال

امرئ مسلم لقي الله يوم القيمة وهو عليه غضبان فانزل الله تعالى تصديق ذلك ان الذين يشترون بعهد الله وايمانهم ثمنا قليلا الى

مرد مسلمان کا ملیگا اللہ تعالی سے روز قیامت کو اور وہ سبحانہ تعالی اس پر غصے میں ہوگا سو اتاری اللہ تعالی نے تصدیق اسکی جو لوگ خرید کرتے ہیں اللہ کے قرار

آخر الآية متفق عليه وعن ابي امامة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اقتطع حق امرئ مسلم بيمينه فقد اوجب الله له النار

آیت تک ۔ اور روایت ہے ابی امامہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے کاٹا حق مرد مسلمان کا قسم کھا کر سو مقرر کردی اللہ نے اسکے لئے

وحرم عليه الجنة فقال له رجل وان كان شيئا يسيرا يا رسول الله قال وان كان قضيبا من اراك رواه مسلم وعن ام سلمة رض ان رسول الله

اور حرام کی اس پر جنت ۔ عرض کیا آپ سے ایک مرد نے اور اگرچہ کوئی چیز تھوڑی ہو یا رسول اللہ فرمایا اور اگرچہ ایک ہو پیلو کی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ام سلمہ رض سے

صلى الله عليه وسلم قال انما انا بشر وانكم تختصمون الي ولعل بعضكم ان يكون الحن بحجته من بعض فاقضي له على نحو ما اسمع منه

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بس میں آدمی ہوں اور تم جھگڑا لاتے ہو میری طرف اور شاید کہ ہو ایک تمہارا تیز زبان دلیل بیان کرنے میں دوسرے سے سو حکم کروں

فمن قضيت له بشيء من حق اخيه فلا ياخذنه فانما اقطع له قطعة من النار متفق عليه وعن عائشة رض قالت قال رسول الله

سو جسکے لئے حکم کیا میں نے اسکے بھائی کی کسی چیز سو چاہئے نہ لے اسکو سو کر دیتا ہوں اسکو ایک ٹکڑا آگ کا حق ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے بولیں فرمایا رسول

صلى الله عليه وسلم ان ابغض الرجال الى الله الالد الخصم متفق عليه وعن ابن عباس رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى

صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہایت غضب کئے گئے لوگوں میں اللہ کے نزدیک سخت جھگڑالو ہے ق ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ رسول خدا صلی اللہ

بيمين وشاهد رواه مسلم وعن علقمة بن وائل عن ابيه قال جاء رجل من حضرموت ورجل من كندة الى النبي صلى الله

قسم اور ایک گواہ سے روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے علقمہ بن وائل سے اپنے باپ سے کہا ایک مرد حضرمی اور ایک مرد کندی نبی صلی اللہ

عليه وسلم فقال الحضرمي يا رسول الله ان هذا غلبني على ارض لي فقال الكندي هي ارضي وفي يدي ليس له فيها حق فقال النبي صلى الله

علیہ وسلم پاس سو کہا حضرمی نے یا رسول اللہ مقرر یہ مرد غالب آیا میری زمین پر پھر کہا کندی نے یہ زمین میری ملک میں ہے نہیں ہے اسکا اسکا حق سو فرمایا نبی صلی اللہ

عليه وسلم للحضرمي الك بينة قال لا قال فلك يمينه قال يا رسول الله ان الرجل فاجر لا يبالي على ما حلف عليه وليس يتورع من شيء

علیہ وسلم نے حضرمی کو بھلا تیرا گواہ ہے عرض کیا نہیں فرمایا پس تیرا حق اسکی قسم ہے عرض کیا یا رسول اللہ یہ مرد جھوٹا ہے پرواہ نہیں کرتا کس چیز پر قسم کھاتا ہے اور نہیں پرہیز کرتا کسی چیز سے

قال ليس لك منه الا ذلك فانطلق ليحلف فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لما ادبر لئن حلف على ماله لياكله ظلما ليلقين الله وهو

فرمایا نہیں حق تیرا اس سے مگر یہی بات سو چلا قسم کھانے کو تب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اس نے پیٹھ پھیری اگر قسم کھائی اس کے مال پر کہ کھاوے اس کو ظلم سے البتہ ملیگا

عنه معرض رواه مسلم وعن ابي ذر انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من ادعى ما ليس له فليس منا وليتبوأ مقعده من

نا راض ہوگا اس سے روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابی ذر رض سے کہ اس نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جو دعویٰ کرے اس چیز کا جو نہیں اس کی سو نہیں ہم سے اور چاہئے کہ بنالے ٹھکانا اپنا

النار رواه مسلم وعن زيد بن خالد رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الا اخبركم بخير الشهداء الذي ياتي بشهادته

آگ میں روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے زید بن خالد رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا خبر دوں تم کو اچھے گواہوں سے جو لاتا ہے گواہی اپنی

قبل ان يسالها رواه مسلم وعن ابن مسعود رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير الناس قرني ثم الذين يلونهم ثم الذين

پہلے پوچھے جانے کے روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر لوگوں میں میرے زمانے کے لوگ ہیں پھر جو

يلونهم ثم يجيء قوم تسبق شهادة احدهم يمينه ويمينه شهادته متفق عليه وعن ابي هريرة رض ان النبي صلى الله عليه وسلم عرض على

ان سے ملے ہیں پھر آویگی ایک قوم کہ سبقت کریگی گواہی ان کی ایک کی قسم اس کی پر اور قسم گواہی پر متفق ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے طلب کی

قوم اليمين فاسرعوا فامر ان يسهم بينهم في اليمين ايهم يحلف رواه البخاري

ایک قوم سے قسم سو جلدی کی انھوں نے قسم کھانے میں پھر حکم کیا کہ قرعہ ڈالا جاوے ان کے درمیان قسم کھانے میں کہ کون ان میں سے قسم کھاوے روایت کیا اس کو بخاری نے

الفصل الثاني

عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان النبي صلى الله عليه وسلم قال البينة على المدعي واليمين على المدعى عليه رواه الترمذي وعن ام سلمة رض عن النبي

دوسری فصل روایت ہے عمرو بن شعیب سے اس نے اپنے باپ سے اس نے اپنے دادا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گواہ مدعی پر ہیں اور قسم مدعی علیہ پر روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے ام سلمہ رض سے نبی

صلى الله عليه وسلم في رجلين اختصما اليه في مواريث لم يكن لهما بينة الا دعواهما فقال من قضيت له بشيء من حق اخيه فانما

صلی اللہ علیہ وسلم سے بیچ دو مردوں کے جو جھگڑا لائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس میراث میں نہ تھے ان کے گواہ مگر صرف دعویٰ سو فرمایا جس کو دلایا میں نے اس کے بھائی کے حق میں سے

اقطع له قطعة من النار فقال الرجلان كل واحد منهما يا رسول الله حقي هذا لصاحبي فقال لا ولكن اذهبا فاقتسما وتوخيا

دیتا ہوں اس کو ایک ٹکڑا آگ کا کہا ان دونوں میں سے ہر ایک نے یا رسول اللہ یہ حق میرا میرے رفیق کے لئے ہے سو فرمایا نہیں ولیکن جاؤ اور حصہ کرو آپس میں

الحق ثم استهما ثم ليحلل كل واحد منكما صاحبه وفي رواية قال انما اقضي بينكما برايي فيما لم ينزل علي فيه رواه ابو داود وعن

ٹھیک ٹھیک پھر قرعہ ڈالو اور حلال کر دے ہر ایک تم دونوں میں سے اپنے یار کو اور ایک روایت میں فرمایا سوا اس کے نہیں کہ حکم کرتا ہوں بیچ تمہارے اپنی رائے سے اس چیز میں جو نہیں اتری مجھ پر روایت کیا اس کو ابوداؤد نے

جابر بن عبد الله ان رجلين تداعيا دابة فاقام كل واحد منهما البينة انها دابته نتجها فقضى بها رسول الله صلى الله

جابر بن عبداللہ سے کہ دو مردوں نے دعویٰ کیا ایک جانور کا اور لایا ہر ایک نے ان دونوں میں سے گواہ کہ وہ جانور اسی کا ہے کہ پیدا ہوا اس کے گھر میں پھر دلوایا رسول اللہ صلی

عليه وسلم للذي في يده رواه في شرح السنة وعن ابي موسى الاشعري ان رجلين ادعيا بعيرا على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم

اللہ علیہ وسلم نے اس چوپائے کو جس کے قبضہ میں تھا روایت کیا اس کو شرح السنہ میں اور روایت ہے ابی موسیٰ اشعری سے کہ دو مردوں نے دعویٰ کیا ایک اونٹ کا زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

فبعث كل واحد منهما بشاهدين فقسمه النبي صلى الله عليه وسلم بينهما نصفين رواه ابو داود وفي رواية له وللنسائي وابن ماجة

پھر بھیجے ان دونوں نے دو گواہ پھر حصہ کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کے درمیان آدھا آدھا روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور ایک روایت میں اس کی اور نسائی اور ابن ماجہ کی

ان رجلين ادعيا بعيرا ليست لواحد منهما بينة فجعله النبي صلى الله عليه وسلم بينهما وعن ابي هريرة رض ان رجلين اختصما

کہ دو مردوں نے دعویٰ کیا ایک اونٹ کا نہ تھا ان میں سے کسی کا گواہ پھر کیا اس کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کے درمیان اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ دو مردوں نے جھگڑا کیا

فِي دَابَّةٍ لَيْسَ لَهُمَا بَيِّنَةٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَهِمَا عَلَى الْيَمِينِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ

ایک جانور میں دعویٰ تھا ان میں سے کسی کے پاس گواہ نہ تھا سو فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرعہ ڈالو قسم کھانے پر روایت کیا اس کو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی

سَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ حَلَّفَهُ احْلِفْ بِاللهِ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ مَا لَهُ عِنْدَكَ شَيْءٌ يَعْنِي لِلْمُدَّعِي رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنِ الْأَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک مرد کو جس کو قسم کھلائی تھی قسم کھا اللہ کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں کہ نہیں ہے اس کا تیرے پاس کچھ یعنی مدعی کا روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اور روایت ہے اشعث بن قیس سے

كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَ رَجُلٍ مِنَ الْيَهُودِ أَرْضٌ فَجَحَدَنِي فَقَدَّمْتُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَلَكَ بَيِّنَةٌ قُلْتُ لَا قَالَ لِلْيَهُودِيِّ احْلِفْ

کہا تھی درمیان میرے اور درمیان ایک مرد یہود کے ایک زمین سو منکر ہوا وہ یہودی مجھ سے تب لے گیا میں اس کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پاس پس فرمایا کیا تیرے گواہ ہیں کہا میں نے نہیں فرمایا یہودی کو قسم کھا

قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ إِذَنْ يَحْلِفُ وَيَذْهَبُ بِمَالِي فَأَنْزَلَ اللهُ تَعَالَى إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا الْآيَةَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ

عرض کیا میں نے یا رسول اللہ تب تو قسم کھا کر لے گیا مال میرا سو اتاری اللہ نے مقرر جو لوگ مول لیتے ہیں اللہ کے اقرار پر اور اپنی قسموں پر مول تھوڑا آخر آیت تک روایت کیا

مَاجَهْ وَعَنْهُ أَنَّ رَجُلًا مِنْ كِنْدَةَ وَرَجُلًا مِنْ حَضْرَمَوْتَ اخْتَصَمَا إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَرْضٍ مِنَ الْيَمَنِ فَقَالَ الْحَضْرَمِيُّ

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے انہی سے کہ ایک مرد کندی اور ایک مرد حضرمی جھگڑتے آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس ایک زمین کے حق میں جو تھی یمن میں سو کہا حضرمی نے

يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ أَرْضِي اغْتَصَبَنِيهَا أَبُو هٰذَا وَهِيَ فِي يَدِهِ قَالَ هَلْ لَكَ بَيِّنَةٌ قَالَ لَا وَلٰكِنْ أُحَلِّفُهُ وَاللهِ مَا يَعْلَمُ أَنَّهَا أَرْضِي اغْتَصَبَنِيهَا

یا رسول اللہ بیشک یہ زمین میری غصب کی تھی اس کے باپ نے اور وہ اس کے ہاتھ میں ہے فرمایا کیا تیرے گواہ ہیں کہا نہیں لیکن قسم کھلاتا ہوں اس کو کہ نہیں جانتا کہ یہ زمین میری ہے غصب کی تھی

أَبُوهُ فَتَهَيَّأَ الْكِنْدِيُّ لِلْيَمِينِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْتَطِعُ أَحَدٌ مَالًا بِيَمِينٍ إِلَّا لَقِيَ اللهَ وَهُوَ أَجْذَمُ فَقَالَ

اس کے باپ نے سو مستعد ہوا کندی قسم کھانے کو سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کاٹ لیتا ہے کسی کا مال قسم سے ملے گا اللہ سے ہاتھ کٹا ہوا سو کہا

الْكِنْدِيُّ هِيَ أَرْضُهُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أُنَيْسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ أَكْبَرِ الْكَبَائِرِ الشِّرْكَ

کندی نے یہ زمین اسی کی ہے روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اور روایت ہے عبد اللہ بن انیس سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ گناہوں سے بہت بڑا گناہ شریک کرنا

بِاللهِ وَعُقُوقَ الْوَالِدَيْنِ وَالْيَمِينَ الْغَمُوسَ وَمَا حَلَفَ حَالِفٌ بِاللهِ يَمِينَ صَبْرٍ فَأَدْخَلَ فِيهَا مِثْلَ جَنَاحِ بَعُوضَةٍ إِلَّا جُعِلَتْ نُكْتَةً فِي قَلْبِهِ إِلَى يَوْمِ

اللہ کے ساتھ اور دکھ دینا ماں باپ کو اور قسم جھوٹی اور نہیں قسم کھاتا ہے کوئی قسم کھانے والا خدا کی قسم جھوٹی پھر داخل کرتا ہے اس میں مانند پر مچھر کے مگر کیا جاتا

الْقِيَامَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحْلِفُ أَحَدٌ عِنْدَ مِنْبَرِي هٰذَا

قیامت تک روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے جابر سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کھاتا ہے کوئی میرے اس منبر پاس

عَلَى يَمِينٍ آثِمَةٍ وَلَوْ عَلَى سِوَاكٍ أَخْضَرَ إِلَّا تَبَوَّأَ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ أَوْ وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ رَوَاهُ مَالِكٌ وَأَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ خُرَيْمِ بْنِ

قسم جھوٹی اگرچہ ہو ایک سبز مسواک پر مگر ٹھہرا لیتا ہے ٹھکانا اپنا آگ میں یا واجب ہوتی ہے اس کے لئے آگ روایت کیا اس کو مالک اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور

فَاتِكٍ قَالَ صَلَّى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَامَ قَائِمًا فَقَالَ عُدِلَتْ شَهَادَةُ الزُّورِ بِالْإِشْرَاكِ بِاللهِ ثَلٰثَ

فاتک سے کہا پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز صبح کی پھر جب فارغ ہوئے کھڑے ہو گئے اور فرمایا برابر کی گئی جھوٹی گواہی شرک باللہ کے تین

مَرَّاتٍ ثُمَّ قَرَأَ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّورِ حُنَفَاءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِينَ بِهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَهْ وَرَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ

بار پھر پڑھی یہ آیت سو بچو بتوں کی گندگی سے اور بچو جھوٹی بات سے ایک اللہ کی طرف ہو کر اس کے ساتھ ساجھی نہ کر کر روایت کیا اس کو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے

عَنْ أَيْمَنَ بْنِ خُرَيْمٍ إِلَّا أَنَّ ابْنَ مَاجَهْ لَمْ يَذْكُرِ الْقِرَاءَةَ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَجُوزُ شَهَادَةُ خَائِنٍ وَلَا خَائِنَةٍ

ایمن سے مگر ابن ماجہ نے ذکر کیا قراءت کا اور روایت ہے عائشہ سے بولیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں جائز ہے گواہی خیانت کرنے والے مرد کی

وَلَا مَجْلُودٍ حَدًّا وَلَا ذِي غِمْرٍ عَلَى أَخِيهِ وَلَا ظَنِينٍ فِي وَلَاءٍ وَلَا قَرَابَةٍ وَلَا الْقَانِعِ مَعَ أَهْلِ الْبَيْتِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ

اور نہ حد کھائے ہوئے کی اور نہ کینہ والے کی اپنے بھائی پر اور نہ جو شخص کہ متہم ہو ولا میں یا جو متہم ہو قرابت میں اور نہ اس شخص کی جو اہل بیت کے ساتھ قناعت کرنے والا ہو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث

غَرِيبٌ وَيَزِيدُ بْنُ زِيَادٍ الدِّمَشْقِيُّ الرَّاوِي مُنْكَرُ الْحَدِيثِ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

غریب ہے اور یزید بن زیاد دمشقی راوی منکر الحدیث ہے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے انہوں نے اپنے باپ سے اس نے اپنے دادا سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

قَالَ لَا تَجُوزُ شَهَادَةُ خَائِنٍ وَلَا خَائِنَةٍ وَلَا زَانٍ وَلَا زَانِيَةٍ وَلَا ذِي غِمْرٍ عَلَى أَخِيهِ وَرَدَّ شَهَادَةَ الْقَانِعِ لِأَهْلِ الْبَيْتِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

فرمایا نہیں جائز ہے گواہی خیانت کرنے والے کی اور خیانت والی کی اور نہ زنا کرنے والے مرد اور عورت کی اور نہ اس کی جو کینہ رکھے اپنے بھائی کے ساتھ اور رد کی گواہی قانع کی

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَجُوزُ شَهَادَةُ بَدَوِيٍّ عَلَى صَاحِبِ قَرْيَةٍ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ عَوْفِ

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہیں ہے جائز گواہی بدو کی شہری پر روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عوف

بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى بَيْنَ رَجُلَيْنِ فَقَالَ الْمَقْضِيُّ عَلَيْهِ لَمَّا أَدْبَرَ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

بن مالک سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ کیا درمیان دو مردوں کے سو کہا جس پر حکم ہوا جب پیٹھ پھیری بس ہے مجھکو اللہ اور وہ بہتر کام بنانے والا ہے فرمایا

وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى يَلُومُ عَلَى الْعَجْزِ وَلٰكِنْ عَلَيْكَ بِالْكَيْسِ فَإِذَا غَلَبَكَ أَمْرٌ فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر اللہ تعالیٰ ملامت کرتا ہے آدمی کو جو قوی ہو لیکن تجھ پر ہے ہوشیاری کرنی پھر جب غالب آئے تجھ پر کام سو کہہ حسبی اللہ ونعم الوکیل روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے بہز بن حکیم سے

أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَبَسَ رَجُلًا فِي تُهْمَةٍ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَزَادَ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ ثُمَّ خَلَّى عَنْهُ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

اپنے باپ سے اس نے اپنے دادا سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قید کیا ایک مرد کو تہمت میں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور زیادہ کیا ترمذی اور نسائی نے پھر چھوڑ دیا اسکو تیسری فصل

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ رض قَالَ قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ الْخَصْمَيْنِ يَقْعُدَانِ بَيْنَ يَدَيِ الْحَاكِمِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ

روایت ہے عبد اللہ بن زبیر رض سے کہا حکم دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مدعی اور مدعا علیہ دونوں بیٹھیں روبرو حاکم کے روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے

كِتَابُ الْجِهَادِ

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ وَبِرَسُولِهِ وَأَقَامَ الصَّلٰوةَ

کتاب جہاد کی پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ایمان لایا اللہ پر اور اسکے رسول پر اور کھڑی کیا نماز

وَصَامَ رَمَضَانَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ جَاهَدَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَوْ جَلَسَ فِي أَرْضِهِ الَّتِي وُلِدَ فِيهَا قَالُوا أَفَلَا نُبَشِّرُ النَّاسَ قَالَ

اور روزہ رکھا رمضان کا ہے حق اللہ پر کہ داخل کرے اسکو بہشت میں لڑے اللہ کی راہ میں یا بیٹھے اپنے پیدا ہونے کی جگہ میں عرض کیا کیا پھر خوشخبری نہ دیں لوگوں کو فرمایا

إِنَّ فِي الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ أَعَدَّهَا اللّٰهُ لِلْمُجَاهِدِينَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ مَا بَيْنَ الدَّرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ فَإِذَا سَأَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْأَلُوهُ

مقرر جنت میں سو درجے ہیں تیار کیا انکو اللہ نے واسطے ان کے جو جہاد کرنے ہیں اللہ کی راہ میں درمیان دو درجوں کے فرق ہے جیسے آسمان و زمین میں پس جب مانگو اللہ سے تو مانگو

الْفِرْدَوْسَ فَإِنَّهُ أَوْسَطُ الْجَنَّةِ وَأَعْلَى الْجَنَّةِ وَفَوْقَهُ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ وَمِنْهُ تَفَجَّرُ أَنْهَارُ الْجَنَّةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

فردوس کو کہ بہترین جنت اور بہت بلند جنت ہے اور اوپر اسکے اللہ کا عرش ہے اور اس سے بہتی ہیں نہریں جنت کی روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انہیں سے کہا فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ الْقَانِتِ بِآيَاتِ اللّٰهِ لَا يَفْتُرُ مِنْ صِيَامٍ وَلَا صَلٰوةٍ حَتّٰى

صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاوت مجاہد کی اللہ کی راہ میں جیسی کہاوت روزہ دار کی ہے جو اسکا تابعدار ہے کھڑے ہوکر اسکی آیات پڑھنے میں نہیں تھکتا روزے سے اور نہ نماز سے یہاں تک

عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْتَدَبَ اللّٰهُ لِمَنْ خَرَجَ فِي سَبِيلِهِ لَا يُخْرِجُهُ إِلَّا إِيمَانٌ بِي وَتَصْدِيقٌ بِرُسُلِي

اور روایت ہے انہیں سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پاس کرتا ہے اللہ اسکا جو نکلتا ہے اسکی راہ میں نہیں نکالتا اسکو مگر ایمان اور میرے رسولوں کی تصدیق

أَنْ أُرْجِعَهُ بِمَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ أَوْ غَنِيمَةٍ أَوْ أُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ

کہ پھر لاؤنگا اسکو اسکی مزدوری کے یا لوٹ کے ساتھ یا داخل کروں گا جنت میں ف ق اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری اسکے ہاتھ میں ہے

لَوْلَا أَنَّ رِجَالًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ لَا تَطِيبُ أَنْفُسُهُمْ أَنْ يَتَخَلَّفُوا عَنِّي وَلَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُهُمْ عَلَيْهِ مَا تَخَلَّفْتُ عَنْ سَرِيَّةٍ تَغْزُو فِي سَبِيلِ

اگر نہ ہوتی یہ بات کہ لوگ ایماندار ہیں کہ خوش نہیں ہوتے جی انکے کہ پیچھے رہیں مجھ سے اور نہیں پاتا ہوں میں سواری کہ سوار کروں انکو اسپر تو نہ پیچھے رہتا میں کسی لشکر سے کہ جہاد کرے اللہ کی راہ میں

اللّٰهِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوَدِدْتُ أَنْ أُقْتَلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ثُمَّ أُحْيَى ثُمَّ أُقْتَلَ ثُمَّ أُحْيَى ثُمَّ أُقْتَلَ ثُمَّ أُحْيَى ثُمَّ أُقْتَلَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری اسکے ہاتھ میں ہے البتہ دوست رکھتا ہوں میں کہ مارا جاؤں اللہ کی راہ میں پھر جلایا جاؤں پھر مارا جاؤں پھر جلایا جاؤں پھر مارا جاؤں پھر جلایا جاؤں پھر مارا جاؤں

وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور روایت ہے سہل بن سعد رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہرا ایک دن کا اللہ کی راہ میں بہتر ہے تمام دنیا سے اور جو اسپر ہے ف ق

وَعَنْ أَنَسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَغَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے البتہ ایک سیر اول روز کی اللہ کی راہ میں یا ایک سیر آخر روز کی بہتر ہے دنیا سے اور جو اس میں ہے ف ق اور روایت ہے

سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ رِبَاطُ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ خَيْرٌ مِنْ صِيَامِ شَهْرٍ وَقِيَامِهِ وَإِنْ مَاتَ جَرَى عَلَيْهِ

سلمان فارسی رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے پہرا ایک دن اور رات کا بہتر ہے ایک مہینے کے روزوں اور نماز سے اور اگر مر جائے جاری رہے اسپر

عَمَلُهُ الَّذِي كَانَ يَعْمَلُهُ وَأُجْرِيَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ وَأَمِنَ الْفَتَّانَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي عَبْسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اغْبَرَّتْ

کام اسکا جو کرتا تھا اور جاری کی جاتی ہے اسپر روزی اور بچایا جاتا ہے فتنہ ڈالنے والے سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی عبس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں غبار آلود ہوئے

قَدَمَا عَبْدٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَتَمَسَّهُ النَّارُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رض أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَجْتَمِعُ كَافِرٌ

دونوں پاؤں بندے کے جہاد میں پھر چھوئے اسکو آگ روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ جمع ہوگا کافر

وَقَاتِلُهُ فِي النَّارِ أَبَدًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَيْرِ مَعَاشِ النَّاسِ لَهُمْ رَجُلٌ مُمْسِكٌ عِنَانَ

اور اسکا قاتل کبھی دوزخ میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھی زندگی لوگوں کی اس شخص کی ہے جو پکڑے ہے باگ

فَرَسِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ يَطِيرُ عَلَى مَتْنِهِ كُلَّمَا سَمِعَ هَيْعَةً أَوْ فَزْعَةً طَارَ عَلَيْهِ يَبْتَغِي الْقَتْلَ وَالْمَوْتَ مَظَانَّهُ أَوْ رَجُلٌ فِي غُنَيْمَةٍ فِي رَأْسِ

اپنے گھوڑے کی اللہ کی راہ میں اڑتا ہے اسکی پیٹھ پر جب سنتا ہے آواز دشمن کی اور فریاد کسی کی اڑتا ہے اسپر ڈھونڈتا ہے قتل اور موت کو جگہوں میں جہاں گمان ہے یا زندگانی

شَعَفَةٍ مِنْ هٰذِهِ الشَّعَفِ أَوْ بَطْنِ وَادٍ مِنْ هٰذِهِ الْأَوْدِيَةِ يُقِيمُ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتِي الزَّكٰوةَ وَيَعْبُدُ رَبَّهُ حَتّٰى يَأْتِيَهُ الْيَقِينُ لَيْسَ مِنَ

بکریوں والا ہے ایک پہاڑ کی چوٹی پر ان چوٹیوں میں سے یا بیچ نالے کے ان نالوں میں سے قائم کرتا ہے نماز اور دیتا ہے زکوٰۃ اور بندگی کرتا ہے اپنے رب کی یہاں تک کہ موت آئے نہیں ہے وہ

النَّاسِ إِلَّا فِي خَيْرٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ رض أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَقَدْ غَزَا وَمَنْ

لوگوں سے مگر نیکی میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے زید بن خالد رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے سامان دیا غازی کو اللہ کی راہ میں پس اس نے جہاد کیا اور جس نے

خَلَفَ غَازِيًا فِي أَهْلِهِ فَقَدْ غَزَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ بُرَيْدَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُرْمَةُ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِينَ عَلَى الْقَاعِدِينَ كَ

خلیفہ بنا غازی کا اسکے گھر والوں میں سو تحقیق اس نے غزا کیا ف ق اور روایت ہے بریدہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حرمت مجاہدوں کی عورتوں کی گھر بیٹھنے والوں پر

حُرْمَةِ أُمَّهَاتِهِمْ وَمَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْقَاعِدِينَ يَخْلُفُ رَجُلًا مِنَ الْمُجَاهِدِينَ فِي أَهْلِهِ فَيَخُونُهُ فِيهِمْ إِلَّا وُقِفَ لَهُ فَيَأْخُذُ مِنْ عَمَلِهِ مَا شَاءَ

جیسی حرمت انکی ماؤں کی ہے اور نہیں ہے کوئی مرد گھر بیٹھنے والا جو نائب بنے کسی مجاہد کا اسکے گھر والوں میں پھر خیانت کرے ان میں [illegible]

فاطفئكم رواه مسلم وعن أبي مسعود الأنصاري رضي الله عنه قال جاء رجل بناقة مخطومة فقال هذه في سبيل الله فقال رسول الله

سو کہا سمجھتے ہو تم ... اور روایت ہے ابی مسعود انصاری رض سے کہا لایا ایک مرد اونٹنی مہار دی ہوئی سو بولا یہ اللہ کی راہ میں ہے پس یا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم لك بها يوم القيامة سبعمائة ناقة كلها مخطومة رواه مسلم وعن أبي سعيد رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله

صلی اللہ علیہ وسلم نے تیرے واسطے اس کے بدلے ہیں روز قیامت کے سات سو اونٹنیاں سب مہار دی ہوئی روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم بعث إلى بني لحيان من هذيل فقال لينبعث من كل رجلين أحدهما والأجر بينهما رواه مسلم وعن جابر بن سمرة رضي الله عنه

علیہ وسلم نے بھیجا ایک لشکر بنی لحیان کی طرف جو ہذیل سے ہیں سو فرمایا کہ اٹھے ہر دو مرد میں سے ایک اور ثواب دونوں کو ہے ...

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لن يبرح هذا الدين قائما يقاتل عليه عصابة من المسلمين حتى تقوم الساعة رواه مسلم وعن

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہیگا یہ دین قائم لڑیگی اس پر ایک جماعت مسلمانوں کی یہاں تک کہ قائم ہو قیامت روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے

أبي هريرة رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يكلم أحد في سبيل الله والله أعلم بمن يكلم في سبيله إلا جاء يوم القيامة

ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں زخمی ہوتا ہے کوئی اللہ کی راہ میں اور اللہ خوب جانتا ہے جو زخمی ہوتا ہے اس کی راہ میں مگر آئیگا قیامت کے دن

وجرحه يثعب دما اللون لون الدم والريح ريح المسك متفق عليه وعن أنس رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من أحد

جب کہ زخم اس کا بہتا ہوگا خون رنگ رنگ خون کا اور بو بو مشک کی ۔ ق ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو

يدخل الجنة يحب أن يرجع إلى الدنيا وله ما في الأرض من شيء إلا الشهيد يتمنى أن يرجع إلى الدنيا فيقتل عشر مرات لما يرى من

جائیگا جنت کو نہ چاہیگا کہ پھرے دنیا کی طرف اگرچہ اس کو زمین کی ساری چیزیں ملیں مگر شہید آرزو کرتا ہے کہ پھر جاوے دنیا کی طرف اور قتل ہو دس مرتبہ بسبب اس کے کہ دیکھتا ہے

الكرامة متفق عليه وعن مسروق رضي الله عنه قال سألنا عبد الله بن مسعود عن هذه الآية ولا تحسبن الذين قتلوا في سبيل

کرامت ۔ ق ۔ اور روایت ہے مسروق رض سے کہا پوچھا ہم نے عبداللہ ابن مسعود سے معنے اس آیت کے اور نہ جانو جو مارے گئے

الله أمواتا بل أحياء عند ربهم يرزقون الآية قال إنا قد سألنا عن ذلك رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال أرواحهم في

اللہ کی راہ میں مردے بلکہ جیتے ہیں اپنے رب کے پاس روزی دیئے جاتے ہیں آخر آیت تک کہا پوچھا ہم نے اس سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو سو فرمایا ارواح ان کی

أجواف طير خضر لها قناديل معلقة بالعرش تسرح من الجنة حيث شاءت ثم تأوي إلى تلك القناديل فاطلع إليهم ربهم اطلاعة

سبز جانوروں کے پیٹ میں اور ان کے رہنے کی جگہ قندیلیں ہیں لٹکے عرش پر چرتے ہیں جنت میں جہاں چاہتے ہیں پھر آتے ہیں ان قندیلوں کو ...

فقال هل تشتهون شيئا قالوا أي شيء نشتهي ونحن نسرح من الجنة حيث شئنا ففعل ذلك بهم ثلث مرات فلما رأوا أنهم لن

پھر پوچھا کیا چاہتے ہو کچھ کہتے ہیں کیا چاہیں اور ہم تو چرتے ہیں جنت میں جہاں چاہیں ... تین بار ...

يتركوا من أن يسألوا قالوا يا رب نريد أن ترد أرواحنا في أجسادنا حتى نقتل في سبيلك مرة أخرى فلما رأى أن ليس لهم حاجة

چھوڑے جاتے پوچھنے سے عرض کرتے ہیں اے رب ... ہماری روحیں ہمارے جسموں میں تاکہ قتل ہوں تیری راہ میں دوسری مرتبہ ...

تركوا رواه مسلم وعن أبي قتادة رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قام فيهم فذكر لهم أن الجهاد في سبيل الله والإيمان بالله

چھوڑ جاتے ہیں روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابی قتادہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر صحابہ میں ذکر فرمایا انہیں کہ جہاد اللہ کی راہ میں ...

أفضل الأعمال فقام رجل فقال يا رسول الله أرأيت إن قتلت في سبيل الله أتكفر عني خطاياي فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم

سب سے بھلا کام ہے سو کھڑا ہوا ایک مرد اور عرض کیا یا رسول اللہ ... کیا بخشے جاویں گے گناہ میرے ... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نَعَمْ إِنْ قُتِلْتَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَأَنْتَ صَابِرٌ مُحْتَسِبٌ مُقْبِلٌ غَيْرُ مُدْبِرٍ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ قُلْتَ فَقَالَ أَرَأَيْتَ

ہاں اگر مارا جاوے تو اللہ کی راہ میں صبر اور اخلاص کے ساتھ تو ثواب سمجھ کر سامنا کرنے والا نہ پیٹھ دینے والا ہو پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا تو نے کیا کہا خبر دیجئے مجھ

إِنْ قُتِلْتُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَتُكَفَّرُ عَنِّيْ خَطَايَايَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَأَنْتَ صَابِرٌ مُحْتَسِبٌ مُقْبِلٌ غَيْرُ مُدْبِرٍ

اگر مارا جاؤں اللہ کی راہ میں اتر جاویں گے گناہ میرے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاں اگر تو صبر کرے ثواب کی توقع سے سامنا کرے نہ پیٹھ دینے کے

إِلَّا الدَّيْنَ فَإِنَّ جِبْرِيْلَ قَالَ لِيْ ذٰلِكَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ **وَعَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْقَتْلُ فِيْ سَبِيْلِ

مگر قرض اور کہا جبریل نے مجھ کو اسی طرح روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مارا جانا راہ میں

اللّٰهِ يُكَفِّرُ كُلَّ شَيْءٍ إِلَّا الدَّيْنَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ **وَعَنْ** أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَضْحَكُ اللّٰهُ تَعَالٰى إِلٰى رَجُلَيْنِ

اللہ کے کفارہ ہے ہر گناہ کا مگر قرض روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہنستا ہے اللہ تعالیٰ دو مردوں کی طرف

يَقْتُلُ أَحَدُهُمَا الْآخَرَ يَدْخُلَانِ الْجَنَّةَ يُقَاتِلُ هٰذَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلُ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَى الْقَاتِلِ فَيُسْتَشْهَدُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ **وَعَنْ**

قتل کرتا ہے ایک ان دونوں کا دوسرے کو داخل ہوتے ہیں دونو جنت میں لڑتا ہے یہ اللہ کی راہ میں پھر مارا جاتا ہے پھر توبہ نصیب ہوتی ہے قاتل کو اور شہید ہوتا ہے متفق علیہ اور روایت ہے

سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ بِصِدْقٍ بَلَّغَهُ اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ وَإِنْ

سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مانگے اللہ سے شہادت صدق دل سے پہنچا دیگا اس کو اللہ مرتبوں میں شہیدوں کے اگرچہ

مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهٖ رَوَاهُ مُسْلِمٌ **وَعَنْ** أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ الرُّبَيِّعَ بِنْتَ الْبَرَاءِ وَهِيَ أُمُّ حَارِثَةَ بْنِ سُرَاقَةَ أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مرا اپنے فرش پر روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہ ربیع بیٹی براء کی اور وہ ماں حارثہ بن سراقہ کی تھی آئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس

فَقَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ أَلَا تُحَدِّثُنِيْ عَنْ حَارِثَةَ وَكَانَ قُتِلَ يَوْمَ بَدْرٍ أَصَابَهٗ سَهْمٌ غَرْبٌ فَإِنْ كَانَ فِي الْجَنَّةِ صَبَرْتُ وَإِنْ كَانَ غَيْرَ ذٰلِكَ اجْتَهَدْتُ

سو بولی اے نبی اللہ کے نہیں فرماتے مجھ سے حارثہ کے باب میں اور وہ مارا گیا تھا بدر کے روز کہ لگا اس کو ایک تیر بے نشانہ پھر اگر ہے وہ جنت میں صبر کروں اور اگر ہے اور کہیں تو قصد کروں

عَلَيْهِ فِي الْبُكَاءِ فَقَالَ يَا أُمَّ حَارِثَةَ إِنَّهَا جِنَانٌ فِي الْجَنَّةِ وَإِنَّ ابْنَكِ أَصَابَ الْفِرْدَوْسَ الْأَعْلٰى رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ **وَعَنْهُ** قَالَ انْطَلَقَ رَسُوْلُ

اس کے واسطے رونے کا سو فرمایا اے حارثہ کی ماں حال یہ ہے کہ بہت درجے ہیں جنت میں اور تیرا بیٹا جا پہنچا فردوس اعلیٰ کو روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے انہی سے کہا چلے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهٗ حَتّٰى سَبَقُوا الْمُشْرِكِيْنَ إِلٰى بَدْرٍ وَجَاءَ الْمُشْرِكُوْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے یار یہاں تک کہ آگے آگئے مشرکوں سے بدر کی طرف اور آئے مشرک سو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

قُوْمُوْا إِلٰى جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ قَالَ عُمَيْرُ بْنُ الْحُمَامِ بَخٍ بَخٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَحْمِلُكَ عَلٰى قَوْلِكَ بَخٍ بَخٍ

اٹھو طرف جنت کے جس کا پھیلاو ہے آسمان اور زمین کہا عمیر بن الحمام نے اچھا اچھا سو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کیوں بولا تو نے اچھا اچھا عرض کیا

قَالَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِلَّا رَجَاءَ أَنْ أَكُوْنَ مِنْ أَهْلِهَا قَالَ فَإِنَّكَ مِنْ أَهْلِهَا قَالَ فَأَخْرَجَ تَمَرَاتٍ مِنْ قَرَنِهٖ فَجَعَلَ يَأْكُلُ

نہ واللہ یا رسول اللہ مگر اس امید پر کہ ہو جاؤں اس کے لوگوں سے فرمایا مقرر تو اس کے لوگوں سے ہے پھر نکالیں کھجوریں اپنی ترکش سے پھر کھانے لگا

مِنْهُنَّ ثُمَّ قَالَ لَئِنْ أَنَا حَيِيْتُ حَتّٰى آكُلَ تَمَرَاتِيْ هٰذِهٖ إِنَّهَا لَحَيٰوةٌ طَوِيْلَةٌ قَالَ فَرَمٰى بِمَا كَانَ مَعَهٗ مِنَ التَّمْرِ ثُمَّ قَاتَلَهُمْ حَتّٰى قُتِلَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ **وَعَنْ**

ان میں سے پھر بولا اگر میں زندہ رہوں کہ کھاؤں اپنی کھجوریں تو البتہ وہ جینا بڑی دیر کا ہووے پھر پھینک دیں کھجوریں جو تھیں اس کے پاس پھر لڑنے لگا ان سے یہاں تک کہ مارا گیا روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے

أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَعُدُّوْنَ الشَّهِيْدَ فِيْكُمْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ قُتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَهُوَ

ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس کو جانتے ہو شہید تم میں سے عرض کیا یا رسول اللہ جو شخص مارا گیا اللہ کی راہ میں سو وہ

شَهِيدٌ قَالَ إِنَّ شُهَدَاءَ أُمَّتِي إِذًا لَقَلِيلٌ مَنْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللهِ فَهُوَ شَهِيدٌ وَمَنْ مَاتَ فِي سَبِيلِ اللهِ فَهُوَ شَهِيدٌ وَمَنْ مَاتَ فِي الطَّاعُونِ

شہید ہے فرمایا کہ شہداء میری امت کے اس تقدیر میں تھوڑے ہیں اور جو مارا گیا اللہ کی راہ میں سو وہ شہید ہے اور جو کوئی مرگیا اللہ کی راہ میں سو وہ شہید ہے اور جو مرے وبا میں

فَهُوَ شَهِيدٌ وَمَنْ مَاتَ فِي الْبَطْنِ فَهُوَ شَهِيدٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ ۞ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ غَازِيَةٍ

سو وہ شہید ہے اور جو مرے پیٹ کی بیماری میں سو وہ شہید ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی لشکر

أَوْ سَرِيَّةٍ تَغْزُو فَتَغْنَمُ وَتَسْلَمُ إِلَّا كَانُوا قَدْ تَعَجَّلُوا ثُلُثَيْ أُجُورِهِمْ وَمَا مِنْ غَازِيَةٍ أَوْ سَرِيَّةٍ تُخْفِقُ وَتُصَابُ إِلَّا تَمَّ أُجُورُهُمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

یا چھوٹا لشکر کہ لڑے پھر سلامتی سے غنیمت لے کر پھرے مگر وے تحقیق شتابی لے لیتے ہیں دو تہائی اجر دنیا میں اور نہیں ہے کوئی جماعت غازیہ اور سریہ کہ غزا کرے اور پھرے بے غنیمت یا ماری جاوے مگر پورا ہوتا ہے اجر انکا روایت کیا اسکو مسلم نے

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَاتَ وَلَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُحَدِّثْ بِهِ نَفْسَهُ مَاتَ عَلَى شُعْبَةٍ مِنْ نِفَاقٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اور روایت ہے ابو ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو مرا اور نہ غزا کرے اور نہ باتیں کرے اسکی اپنے دل میں مریگا ایک نفاق کے طور پر روایت کیا اسکو مسلم نے

وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِلْمَغْنَمِ وَالرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِلذِّكْرِ وَالرَّجُلُ يُقَاتِلُ

اور روایت ہے ابی موسیٰ رض سے کہا آیا ایک مرد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور کہا کوئی لڑتا ہے غنیمت کے واسطے اور کوئی لڑتا ہے اسلئے کہ ظاہر ہو اسکی شجاعت اور کوئی لڑتا ہے

لِيُرَى مَكَانُهُ فَمَنْ فِي سَبِيلِ اللهِ قَالَ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُونَ كَلِمَةُ اللهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ۞ وَعَنْ أَنَسٍ رض أَنَّ رَسُولَ

تا دیکھا جاوے لوگوں کو پھر کون شخص اللہ کی راہ میں ہے فرمایا جو لڑتا ہے اس واسطے کہ ہو دین اللہ کا بالا سو وہ ہے اللہ کی راہ میں متفق ہے اور روایت ہے انس رض سے کہ رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَعَ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوكَ فَدَنَا مِنَ الْمَدِينَةِ فَقَالَ إِنَّ بِالْمَدِينَةِ أَقْوَامًا مَا سِرْتُمْ مَسِيرًا وَلَا قَطَعْتُمْ وَادِيًا إِلَّا كَانُوا

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوٹے غزوہ تبوک سے پھر نزدیک ہوئے مدینے کے تب فرمایا کہ مدینے میں کئی قوم ہیں کہ نہیں چلے تم کوئی سیر اور نہ طے کیا تم نے کوئی میدان مگر وے

مَعَكُمْ وَفِي رِوَايَةٍ إِلَّا شَرِكُوكُمْ فِي الْأَجْرِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ وَهُمْ بِالْمَدِينَةِ قَالَ وَهُمْ بِالْمَدِينَةِ حَبَسَهُمُ الْعُذْرُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ

ساتھ تمہارے ہیں اور ایک روایت میں مگر وے شریک ہیں تمہارے اجر میں عرض کیا یا رسول اللہ وے مدینے میں ہیں فرمایا وے مدینے میں ہیں روکا ان کو عذر نے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت کیا مسلم نے

عَنْ جَابِرٍ ۞ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رض قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَأْذَنَهُ فِي الْجِهَادِ فَقَالَ أَحَيٌّ وَالِدَاكَ

جابر سے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہا آیا ایک مرد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس پھر اجازت مانگی جہاد کی سو فرمایا جیتے ہیں ماں باپ تیرے

قَالَ نَعَمْ قَالَ فَفِيهِمَا فَجَاهِدْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ فَارْجِعْ إِلَى وَالِدَيْكَ فَأَحْسِنْ صُحْبَتَهُمَا ۞ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ

بولا ہاں فرمایا خدمت کر ان دونوں کی متفق ہے اور ایک روایت میں پھر جا انکی طرف پھر اچھی طرح خدمت کر انکی اور روایت ہے ابن عباس رض سے نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

الفصل الثاني

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ

علیہ وسلم سے فرمایا آنحضرت نے فتح کے دن نہیں ہے ہجرت فتح کے بعد ولیکن جہاد اور نیت ہے اور جب حکم ہو تمکو نکلنے کا تو نکلو متفق ہے دوسری فصل روایت ہے عمران بن

حُصَيْنٍ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُونَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِينَ عَلَى مَنْ نَاوَأَهُمْ حَتَّى يُقَاتِلَ

حصین رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ لڑتا رہیگا حق پر جس حال میں کہ غالب ہونگے اپنے دشمن پر یہاں تک کہ لڑیگا

آخِرُهُمُ الْمَسِيحَ الدَّجَّالَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ ۞ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُجَهِّزْ غَازِيًا أَوْ يَخْلُفْ

اخر انکا مسیح دجال کے ساتھ روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی امامہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جو نہ غزا کرے اور نہ اسباب بناوے غازی کا اور نہ پیچھے

غَازِيًا فِي أَهْلِهِ بِخَيْرٍ أَصَابَهُ اللهُ بِقَارِعَةٍ قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ ۞ وَعَنْ أَنَسٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَاهِدُوا الْمُشْرِكِينَ

غازی کے لوگوں سے اسکے بھلائی کرے پہنچاویگا اسکو اللہ عذاب کو پہلے قیامت سے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے انس رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جہاد کرو مشرکوں سے

بأموالكم وأنفسكم وألسنتكم رواه أبو داود والنسائي والدارمي وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه

اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے اور اپنی زبانوں سے روایت کیا اس کو ابوداؤد اور نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم أفشوا السلام وأطعموا الطعام واضربوا الهام تورثوا الجنان رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن فضالة بن عبيد عن

وسلم نے ظاہر کرو سلام کو اور کھلاؤ کھانا اور مارو سروں کو وارث ہو گے بہشتوں کے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے فضالہ رض سے

رسول الله صلى الله عليه وسلم قال كل ميت يختم على عمله إلا الذي مات مرابطا في سبيل الله فإنه ينمى له عمله إلى يوم القيامة ويأمن

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا ہر مردہ کا موقوف ہوتا ہے کام مگر جو مرا سرحد کی نگہبانی میں اللہ کی راہ میں سو بڑھتا ہے اس کا کام قیامت تک اور حفاظت میں رہتا ہے

فتنة القبر رواه الترمذي وأبو داود ورواه الدارمي عن عقبة بن عامر وعن معاذ بن جبل رض أنه سمع رسول الله صلى الله

قبر کے فساد سے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور روایت کیا اس کو دارمی نے عقبہ بن عامر سے اور روایت ہے معاذ بن جبل رض سے کہ انہوں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم يقول من قاتل في سبيل الله فواق ناقة فقد وجبت له الجنة ومن جرح جرحا في سبيل الله أو نكب نكبة فإنها تجيء

وسلم کو فرماتے کہ جو لڑے اللہ کی راہ میں بمقدار دو دفعہ دوہنے کے اونٹنی کے سو واجب ہوئی اس کے لئے جنت اور جو گھایل ہو اللہ کی راہ میں یا پہنچی اس کو چوٹ

يوم القيامة كأغزر ما كانت لونها الزعفران وريحها المسك ومن خرج به خراج في سبيل الله فإن عليه طابع الشهداء رواه

قیامت کے دن جیسے تازہ تھا دنیا میں رنگ اس کا رنگ زعفران کا ہوگا اور بو اس کی بو مشک کی اور جس کو پھوڑا نکلے اللہ کی راہ میں سو اس پر مہر شہیدوں کی ہے روایت کیا اس کو

الترمذي وأبو داود والنسائي وعن خريم بن فاتك رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من أنفق نفقة في سبيل الله كتبت

ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے خریم بن فاتک رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو خرچ کرے اللہ کی راہ میں لکھا جاتا ہے

له بسبعمائة ضعف رواه الترمذي والنسائي وعن أبي أمامة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أفضل الصدقات ظل فسطاط

اس کے لئے سات سو حصہ روایت کیا اس کو ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہے ابی امامہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے افضل صدقوں میں سایہ خیمہ کا ہے

في سبيل الله ومنحة خادم في سبيل الله أو طروقة فحل في سبيل الله رواه الترمذي وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله

اللہ کی راہ میں اور دینا خادم کا اللہ کی راہ میں یا دینا اونٹنی جوان کا اللہ کی راہ میں روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم لا يلج النار من بكى من خشية الله حتى يعود اللبن في الضرع ولا يجتمع على عبد غبار في سبيل الله ودخان جهنم

علیہ وسلم نے نہ داخل ہوگا دوزخ میں رونے والا اللہ کے ڈر سے یہاں تک کہ پھر جاوے دودھ تھنوں میں اور نہیں جمع ہوتا ہے کسی بندہ پر گرد اللہ کی راہ میں اور دھواں

رواه الترمذي وزاد النسائي في أخرى في منخري مسلم أبدا وفي أخرى له في جوف عبد أبدا ولا يجتمع الشح والإيمان في قلب عبد

دوزخ کا روایت کیا اس کو ترمذی نے اور زیادہ کیا نسائی نے دوسری روایت میں مسلمان کی ناک کے سوراخ میں کبھی اور اس کی دوسری روایت میں کسی بندہ کے پیٹ میں کبھی اور نہیں جمع ہوتی بخیلی اور ایمان

أبدا وعن ابن عباس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عينان لا تمسهما النار عين بكت من خشية الله وعين باتت تحرس

کبھی اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو آنکھوں کو آگ نہیں چھوئے گی ایک تو وہ آنکھ جو روئی اللہ کے خوف سے اور دوسری وہ آنکھ جو رات کو جاگی

في سبيل الله رواه الترمذي وعن أبي هريرة رض قال مر رجل من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم بشعب فيه عيينة من ماء عذبة

اللہ کی راہ میں روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا گذرا ایک شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے یاروں سے ایک گھاٹی پر کہ اس میں چشمہ تھا میٹھے پانی کا

فأعجبته فقال لو اعتزلت الناس فأقمت في هذا الشعب فذكر ذلك لرسول الله صلى الله عليه وسلم فقال لا تفعل فإن مقام أحدكم

سو خوش لگا اس کو پس کہا کاش کنارہ پکڑتا میں لوگوں سے اور ٹھہرتا اس گھاٹی میں پھر ذکر کیا اس کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس سو فرمایا مت کر اس لئے کہ ٹھہرنا ایک کا تمہارے

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهِ فِي بَيْتِهِ سَبْعِينَ عَامًا أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَيُدْخِلَكُمُ الْجَنَّةَ اُغْزُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ مَنْ قَاتَلَ

اسکی جگہ میں بہتر ہے ستر برس کی نماز سے جو اسکے گھر میں کیا نہیں چاہتے ہو کہ بخشے تمکو اللہ اور داخل کرے تمکو جنت میں غزا کرو اسکی راہ میں جو جہاد کرے راہ میں

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فُوَاقَ نَاقَةٍ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

اللہ کی اسکے مقدار دو دفعہ دودھ لینے اونٹنی کے واجب ہوئی واسطے اسکے جنت روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عثمان رض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پہرہ ایک دن کا اللہ کی راہ میں

خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ يَوْمٍ فِيمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَنَازِلِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

بہتر ہے ہزار دن کی عبادت سے اور منزلوں میں جو سوا اسکے ہیں روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

عُرِضَ عَلَيَّ أَوَّلُ ثَلَاثَةٍ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ شَهِيدٌ وَعَفِيفٌ مُتَعَفِّفٌ وَعَبْدٌ أَحْسَنَ عِبَادَةَ اللّٰهِ وَنَصَحَ لِمَوَالِيهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ

ظاہر کئے گئے مجھ پر پہلے تین شخص جو داخل ہونگے جنت میں ایک تو شہید اور دوسرا پارسا پرہیزگار اور تیسرا عبد جسنے اچھی طرح کی عبادت اللہ کی اور خیر خواہی کی اپنے مولاؤں کی

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُبْشِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ قَالَ طُولُ الْقِيَامِ قِيلَ فَأَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ قَالَ جُهْدُ الْمُقِلِّ

عبد اللہ بن حبشی رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے کہ کون اعمال بہتر ہے فرمایا دیر تک کھڑا رہنا نماز میں کہا گیا پھر کون صدقہ بہتر ہے فرمایا محنت مفلس کی

قِيلَ فَأَيُّ الْهِجْرَةِ أَفْضَلُ قَالَ مَنْ هَجَرَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ قِيلَ فَأَيُّ الْجِهَادِ أَفْضَلُ قَالَ مَنْ جَاهَدَ الْمُشْرِكِينَ بِمَالِهِ وَنَفْسِهِ قِيلَ فَأَيُّ الْقَتْلِ

پوچھا گیا پھر کونسی ہجرت افضل ہے فرمایا جو چھوڑ دے جس چیز کو اللہ نے حرام کیا اس پر پوچھا گیا پھر کون جہاد افضل ہے فرمایا جو جہاد کرے مشرکوں سے اپنے مال

أَشْرَفُ قَالَ مَنْ أُهْرِيقَ دَمُهُ وَعُقِرَ جَوَادُهُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَفِي رِوَايَةِ النَّسَائِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ قَالَ

اچھا ہے فرمایا وہ شخص جسکا بہایا گیا لہو اور کوچیں کاٹا گیا اسکے گھوڑے کا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور ایک روایت میں نسائی کے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے کون عمل افضل

إِيمَانٌ لَا شَكَّ فِيهِ وَجِهَادٌ لَا غُلُولَ فِيهِ وَحَجَّةٌ مَبْرُورَةٌ قِيلَ فَأَيُّ الصَّلَاةِ أَفْضَلُ قَالَ طُولُ الْقُنُوتِ ثُمَّ اتَّفَقَا فِي الْبَاقِي وَعَنِ الْمِقْدَامِ

ایمان جسمیں شک نہو اور جہاد جسمیں خیانت نہو اور حج مقبول عرض کیا گیا پھر کونسی نماز اچھی ہے فرمایا دیر تک کھڑے رہنا پھر دونوں نے اتفاق کیا باقی میں اور روایت ہے مقدام

ابْنِ مَعْدِيكَرِبَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلشَّهِيدِ عِنْدَ اللّٰهِ سِتُّ خِصَالٍ يُغْفَرُ لَهُ فِي أَوَّلِ دَفْعَةٍ وَيُرَى مَقْعَدَهُ مِنَ

بن معدیکرب رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہید کو اللہ کے حضور سے چھ خصلتیں دی عنایت ہونگی بخشا جاتا ہے پہلی دفعہ میں اور دکھلایا جاتا ہے

الْجَنَّةِ وَيُجَارُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَيَأْمَنُ مِنَ الْفَزَعِ الْأَكْبَرِ وَيُوضَعُ عَلَى رَأْسِهِ تَاجُ الْوَقَارِ الْيَاقُوتَةُ مِنْهَا خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

بہشت میں اور بچتا ہے قبر کی مار سے اور محفوظ رہتا ہے بڑی گھبراہٹ سے اور رکھی جاتی ہے اسکے سر پر ٹوپی وقر کی کہ ایک لال اسکا بہتر ہے دنیا اور ما فیہا سے

وَيُزَوَّجُ ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِينَ زَوْجَةً مِنَ الْحُورِ الْعِينِ وَيُشَفَّعُ فِي سَبْعِينَ مِنْ أَقْرِبَائِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

اور جوڑا لگایا جاتا ہے بہتر حور عین سے اور شفاعت کریگا ستر قرابت والوں کی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ہریرہ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَقِيَ اللّٰهَ بِغَيْرِ أَثَرٍ مِنْ جِهَادٍ لَقِيَ اللّٰهَ وَفِيهِ ثُلْمَةٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْهُ

رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ملیگا اللہ سے بغیر نشان جہاد کے ملیگا اللہ سے اور اسمیں اسکے رخنہ ہوگا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور اسی سے روایت ہے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهِيدُ لَا يَجِدُ أَلَمَ الْقَتْلِ إِلَّا كَمَا يَجِدُ أَحَدُكُمْ أَلَمَ الْقَرْصَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ

کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہید درد نہیں پاتا ہے مارے جانے کا مگر جیسا پاتا کوئی تم میں درد چیونٹی کے کاٹنے کا روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی

وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ شَيْءٌ أَحَبَّ إِلَى اللّٰهِ

اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے ابی امامہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہیں ہے کچھ پیارا اللہ کے پاس

مِنْ قَطْرَتَيْنِ وَأَثَرَيْنِ قَطْرَةُ دُمُوْعٍ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَقَطْرَةُ دَمٍ تُهْرَاقُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَأَمَّا الْأَثَرَانِ فَأَثَرٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَأَثَرٌ

دو قطروں سے اور دو نشانوں سے ایک تو آنسو کا بوند جو اللہ کے ڈر سے گرے دوسرا لہو کا بوند جو جہاد میں گرے والے دو نشان ایک نشان اللہ کی راہ میں اور ایک نشان

فِيْ فَرِيْضَةٍ مِنْ فَرَائِضِ اللّٰهِ تَعَالٰى رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

فرضوں میں اللہ تعالیٰ کے فرائض سے ف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہا فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَرْكَبِ الْبَحْرَ إِلَّا حَاجًّا أَوْ مُعْتَمِرًا أَوْ غَازِيًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَإِنَّ تَحْتَ الْبَحْرِ نَارًا وَتَحْتَ النَّارِ بَحْرًا رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ

صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ سوار ہو دریا میں مگر حج کرنے یا عمرہ لانے یا لڑنے کو اللہ کی راہ میں کیونکہ تلے دریا کے آگ ہے اور تلے آگ کے دریا ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور

أُمِّ حَرَامٍ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَائِدُ فِي الْبَحْرِ الَّذِيْ يُصِيْبُهُ الْقَيْءُ لَهُ أَجْرُ شَهِيْدٍ وَالْغَرِيْقُ لَهُ أَجْرُ شَهِيْدَيْنِ رَوَاهُ

ام حرام رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جسکو سر گھومے دریا میں کہ قے آوے اسکو واسطے اسکے اجر شہید کا ہے اور ڈوبنے والے کے لئے دو شہیدوں کا اجر ہے روایت

أَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ أَبِيْ مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ فَصَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَمَاتَ أَوْ قُتِلَ

ابو داود نے اور روایت ہے ابی مالک اشعری رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جو چلے جہاد کو پھر مر گیا یا مارا جاوے

أَوْ وَقَصَهُ فَرَسُهُ أَوْ بَعِيْرُهُ أَوْ لَدَغَتْهُ هَامَّةٌ أَوْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهِ بِأَيِّ حَتْفٍ شَاءَ اللّٰهُ فَإِنَّهُ شَهِيْدٌ وَإِنَّ لَهُ الْجَنَّةَ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ

یا مار کرے اسکو گھوڑا یا اونٹ یا اسکو سانپ کاٹے یا مرے اپنے بچھونے پر جس طرح چاہے اللہ سو مقرر وہ شہید ہے اور مقرر اسکے واسطے بہشت ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رض أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَفْلَةٌ كَغَزْوَةٍ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوٹنا جہاد کا سفر سے مثل غزا کے ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْغَازِيْ أَجْرُهُ وَلِلْجَاعِلِ أَجْرُهُ وَأَجْرُ الْغَازِيْ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ رض سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

علیہ وسلم نے غازی کو اسکا اجر ہے اور مال دینے والے کو دو اجر ہیں روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی ایوب رض سے کہ سنا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے

سَتُفْتَحُ عَلَيْكُمُ الْأَمْصَارُ وَسَتَكُوْنُ جُنُوْدٌ مُجَنَّدَةٌ يَكْرَهُ الرَّجُلُ الْبَعْثَ فَيَتَخَلَّصُ مِنْ قَوْمِهِ ثُمَّ يَتَصَفَّحُ الْقَبَائِلَ يَعْرِضُ نَفْسَهُ عَلَيْهِمْ

اب فتح ہوں گے تم پر شہر بہت اور ہوں گے لشکر مجموع پھر برا لگے گا ایک مرد کو بھیجنا امام کا پھر بھاگے گا اپنی قوم سے پھر ڈھونڈے گا قبیلوں کو ظاہر کریگا اپنے کو ان پر

مَنْ أَكْفِيْهِ بَعْثَ كَذَا أَلَا وَذٰلِكَ الْأَجِيْرُ إِلٰى آخِرِ قَطْرَةٍ مِنْ دَمِهِ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ رض قَالَ أَذَّنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

کون ہے کہ کفایت کروں میں اسکی اس لشکر میں خبردار وہ مزدور ہے آخر قطرہ تک لہو کے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے یعلی بن امیہ رض سے کہا حکم دیا رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْغَزْوِ وَأَنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ لَيْسَ لِيْ خَادِمٌ فَالْتَمَسْتُ أَجِيْرًا يَكْفِيْنِيْ فَوَجَدْتُ رَجُلًا سَمَّيْتُ لَهُ ثَلَاثَةَ دَنَانِيْرَ فَلَمَّا حَضَرَتْ

اللہ علیہ وسلم نے غزا کا اور میں بہت بوڑھا تھا نہ تھا میرے پاس کوئی خادم سو تلاش کیا میں نے ایک مزدور کہ کفایت کرے میری سو پایا میں نے ایک شخص کو ٹھہرایا اسکے لئے تین دینار پھر جب آیا

غَنِيْمَةٌ أَرَدْتُ أَنْ أُجْرِيَ لَهُ سَهْمَهُ فَجِئْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ لَهُ فَقَالَ مَا أَجِدُ لَهُ فِيْ غَزْوَتِهِ هٰذِهِ فِي الدُّنْيَا وَ

لوٹ کا مال چاہا میں نے کہ دوں اسکو حصہ سو آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر ذکر کیا میں نے اسکا سو فرمایا نہیں پاتا ہوں میں اسکے لئے اس غزا میں دنیا اور

الْآخِرَةِ إِلَّا دَنَانِيْرَهُ الَّتِيْ تُسَمّٰى رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رض أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَجُلٌ يُرِيْدُ الْجِهَادَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

آخرت میں مگر تین دینار جو ٹھہرے ہیں روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ ایک مرد نے عرض کیا یا رسول اللہ ایک مرد چاہتا ہے جہاد اللہ کی راہ میں

وَهُوَ يَبْتَغِيْ عَرَضًا مِنْ عَرَضِ الدُّنْيَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا أَجْرَ لَهُ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ مُعَاذٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

اور چاہتا ہے متاع دنیا کو سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے اسکے لئے اجر روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے معاذ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم الغزو غزوان فاما من ابتغى وجه الله واطاع الامام وانفق الكريمة وياسر الشريك واجتنب الفساد
صلی اللہ علیہ وسلم نے غزو دو طرح کے ہیں سو جو ڈھونڈے رضامندی اللہ کی اور اطاعت کرے سردار کی اور خرچ کرے اپنی اچھی چیز اور نرمی کرے اپنے ساتھی سے اور باز رہے فساد سے
فان نومه ونبهه اجر كله واما من غزا فخرا ورياء وسمعة وعصى الامام وافسد في الارض فانه لم يرجع بالكفاف رواه مالك
سو سونا اور جاگنا اس کا سب اجر ہے اور جو لڑے واسطے بڑائی کے اور دکھانے اور سنانے کو اور نافرمانی کرے امیر کی اور فساد کرے زمین میں سو وہ نہیں پھرتا برابر بھی بلا اجر روایت کیا اس کو مالک
وابو داود والنسائي وعن عبد الله بن عمرو رض انه قال يا رسول الله اخبرني عن الجهاد فقال يا عبد الله بن عمرو ان
اور ابو داؤد اور نسائی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رض سے کہ انہوں نے کہا یا رسول اللہ خبر دیجئے مجھے جہاد کی سو فرمایا اے عبد اللہ بن عمرو اگر
قاتلت صابرا محتسبا بعثك الله صابرا محتسبا وان قاتلت مرائيا مكاثرا بعثك الله مرائيا مكاثرا يا عبد الله بن عمرو
لڑے تو اور صبر کرے ثواب کی امید پر اٹھا دیگا تجھ کو اللہ صبر کرنے والا ثواب کی توقع والا اور اگر لڑے تو دکھانے والا اور بہتایت ڈھونڈنے والا تو اٹھا دیگا
على اي حال قاتلت او قتلت بعثك الله على تلك الحال رواه ابو داود وعن عقبة بن مالك رض عن النبي صلى الله عليه
جس حال پر لڑیگا اور مارا جائیگا اٹھا دیگا تجھ کو اللہ اسی حال پر روایت کیا اس کو ابو داود نے اور روایت ہے عقبہ بن مالک رض سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و
وسلم قال اعجزتم اذا بعثت رجلا فلم يمض لامري ان تجعلوا مكانه من يمضي لامري رواه ابو داود وذكر حديث فضالة
وسلم سے فرمایا کیا عاجز ہو گئے جب بھیجوں میں کسی کو پس نہ جاری کرے میرے کام کو کہ مقرر کرو اس کی جگہ اس شخص کو جو جاری کرے میرے کام کو روایت کیا اس کو ابو داود نے اور ذکر کیا حدیث فضالہ کو
من جاهد نفسه في كتاب الايمان

الفصل الثالث

عن ابي امامة رض قال خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في سرية
وہ جو لڑے اپنے نفس سے کتاب الایمان میں فصل تیسری روایت ہے ابی امامہ رض سے کہا نکلے ہم پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک لشکر میں
فمر رجل بغار فيه شيء من ماء وبقل فحدث نفسه بان يقيم فيه ويتخلى من الدنيا فاستاذن رسول الله صلى الله عليه وسلم
سو گذرا ایک شخص کسی غار پر کہ اس میں کچھ پانی اور ساگ تھا سو چاہا دل اس کا کہ رہ جائے اسی میں اور چھوڑ دے دنیا کو سو اجازت چاہی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے
في ذلك فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اني لم ابعث باليهودية ولا بالنصرانية ولكني بعثت بالحنيفية السمحة والذي
اس بات کی سو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میں نہیں بھیجا گیا یہودی کا طریقہ اور نصرانی کا دین لیکن بھیجا گیا ہوں ساتھ دین سیدھے آسان کے اور قسم اس کی
نفس محمد بيده لغدوة او روحة في سبيل الله خير من الدنيا وما فيها ولمقام احدكم في الصف خير من صلاته ستين
کہ جان محمد کی اس کے ہاتھ میں ہے ایک بار صبح یا شام کا اللہ کی راہ میں بہتر ہے تمام دنیا سے اور جو کچھ اس میں ہے اور کھڑا ہونا تمہارا صف میں بہتر ہے ساٹھ
سنة رواه احمد وعن عبادة بن الصامت رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من غزا في سبيل الله ولم ينو الا
برس کی نماز سے روایت کیا اس کو احمد نے اور روایت ہے عبادہ بن صامت رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو لڑا اللہ کی راہ میں
عقالا فله ما نوى رواه النسائي وعن ابي سعيد رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من رضي بالله ربا وبالاسلام دينا
اور نیت نہ کی مگر ایک رسی کی سو اس کو وہی ہے جس کی نیت کی روایت کیا اس کو نسائی نے اور روایت ہے ابی سعید رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو راضی ہوا اللہ سے رب جان کر اور اسلام سے دین جان کر
وبمحمد رسولا وجبت له الجنة فعجب لها ابو سعيد فقال اعدها علي يا رسول الله ففعل ثم قال واخرى يرفع الله بها العبد
اور محمد سے رسول سمجھ کر واجب ہوئی اس کے لئے جنت خوش ہوا ابو سعید اس بات سے اور کہا اعادہ کر ان باتوں کو مجھ پر یا رسول اللہ پھر اعادہ کیا ان کلمات کو اور فرمایا اور دوسری
مائة درجة في الجنة ما بين كل درجتين كما بين السماء والارض قال وما هي يا رسول الله قال الجهاد في سبيل الله
سو درجے جنت میں دو درجوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جیسے آسمان اور زمین عرض کیا اور کیا ہے وہ یا رسول اللہ فرمایا جہاد اللہ کی راہ میں

الجهاد في سبيل الله رواه مسلم وعن أبي موسى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن أبواب الجنة تحت ظلال السيوف

جہاد اللہ کی راہ میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی موسی رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جنت کے دروازے تلواروں کے سایہ تلے ہیں

فقام رجل رث الهيئة فقال يا أبا موسى أأنت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول هذا قال نعم فرجع إلى أصحابه فقال أقرأ عليكم

سو اٹھا ایک مرد پراگندہ حال اور بولا اے ابی موسی تم نے سنا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے بولا ہاں سو پھر گیا وہ مرد اپنے لوگوں میں پھر بولا پڑھتا ہوں تم پر

السلام ثم كسر جفن سيفه فألقاه ثم مشى بسيفه إلى العدو فضرب به حتى قتل رواه مسلم وعن ابن عباس رض أن رسول الله

سلام پھر توڑ ڈالا میان اپنی تلوار کا اور ڈال دیا اسکو پھر چلا گیا اپنی تلوار لیکر دشمن کی طرف مارنے لگا اس سے یہاں تک کہ مارا گیا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ رسول

صلى الله عليه وسلم قال لأصحابه إنه لما أصيب إخوانكم يوم أحد جعل الله أرواحهم في جوف طير خضر ترد أنهار الجنة تأكل

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے یاروں کو کہ جب تمہارے بھائی شہید ہوئے جنگ احد کے روز کیا اللہ نے انکی روحوں کو سبز جانوروں کے پیٹ میں جاتے ہیں جنت کی نہروں پر کھاتے ہیں

من ثمارها وتأوي إلى قناديل من ذهب معلقة في ظل العرش فلما وجدوا طيب مأكلهم ومشربهم ومقيلهم قالوا من

اسکے میوے اور رہتے ہیں رات کو قندیلوں میں سونے کے جو لٹکے ہیں عرش کے سایہ میں پھر جب پاتے ہیں اچھا کھانا پینا اور آرام کی جگہ کہتے ہیں کون

يبلغ إخواننا عنا أنا أحياء في الجنة لئلا يزهدوا في الجنة ولا ينكلوا عند الحرب فقال الله تعالى أنا أبلغهم عنكم فأنزل

پہنچاوے ہماری خبر ہمارے بھائیوں کو کہ ہم لوگ جیتے ہیں جنت میں تاکہ نہ بے رغبت ہوں جنت سے اور نہ سست ہوں جہاد میں سو فرمایا اللہ تعالی نے میں پہنچاتا ہوں تمہاری خبر انکو سو اتارا

الله تعالى ولا تحسبن الذين قتلوا في سبيل الله أمواتا بل أحياء عند ربهم يرزقون إلى آخر الآيات رواه أبو داود وعن

اللہ تعالی نے اور نہ جانو انکو جو مارے گئے اللہ کی راہ میں مردے بلکہ جیتے ہیں اپنے رب کے پاس روزی دیے جاتے ہیں آخر آیت تک روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے

أبي سعيد الخدري رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال المؤمنون في الدنيا على ثلاثة أجزاء الذين آمنوا بالله ورسوله

ابی سعید خدری رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایمان والے دنیا میں ہیں تین قسم ایک تو جو ایمان لائے اللہ پر اور اسکے رسول پر

ثم لم يرتابوا وجاهدوا بأموالهم وأنفسهم في سبيل الله والذي يأمنه الناس على أموالهم وأنفسهم ثم الذي إذا أشرف

پھر شک نہ کیا اور جہاد کئے اپنی جان و مال سے اللہ کی راہ میں اور جسکو امین کریں لوگ اپنے مال اور اپنی جان پر پھر وہ شخص کہ جب قریب ہو

على طمع تركه لله عز وجل رواه أحمد وعن عبد الرحمن بن أبي عميرة رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من نفس مسلمة يقبضها

طمع کے چھوڑ دیوے اسے اللہ عز وجل کے واسطے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے عبد الرحمن ابن ابی عمیرہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں کوئی شخص مسلمان کہ جان لیتا ہے

ربها تحب أن ترجع إليكم وأن لها الدنيا وما فيها غير الشهيد قال ابن أبي عميرة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لأن أقتل في

رب اسکا ارادہ کرے تمہاری طرف پھر آنیکا اگرچہ ہو اسکے واسطے دنیا اور جو کچھ اس میں ہے مگر شہید کہا ابن ابی عمیرہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر خدا کی راہ میں قتل ہوں

سبيل الله أحب إلي من أن يكون لي أهل الوبر والمدر رواه النسائي وعن حسناء بنت معاوية قالت حدثنا عمي قال قلت

اللہ کی راہ میں زیادہ پیارا ہے مجھ کو اس سے کہ میرے اختیار میں ہوں سب شہر اور گاؤں روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے حسنا بنت معاویہ سے کہا بیان کیا مجھ سے میرے چچا نے کہا میں نے

للنبي صلى الله عليه وسلم من في الجنة قال النبي في الجنة والشهيد في الجنة والمولود في الجنة والوئيد في الجنة رواه أبو داود

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کون جائے گا جنت میں فرمایا نبی جنت میں ہے اور شہید جنت میں ہے اور مولود بہشت میں ہے اور زندہ گاڑی گئی بہشت میں ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

وعن علي وأبي الدرداء وأبي هريرة وأبي أمامة وعبد الله بن عمر وعبد الله بن عمرو وجابر بن عبد الله وعمران بن حصين رض

اور روایت ہے علی اور ابی الدرداء اور ابی ہریرہ و ابی امامہ و عبد اللہ بن عمر و عبد اللہ بن عمرو و جابر بن عبد اللہ و عمران بن حصین رضی اللہ عنہم اجمعین

كلهم يحدث عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه قال من أرسل نفقة في سبيل الله وأقام في بيته فله بكل درهم سبعمائة درهم ومن غزا بنفسه

کل ان کے حدیث بیان کرتے ہیں رسول اللہ سے کہ فرمایا جسنے بھیجا خرچ اللہ کی راہ میں اور ٹھہرا اپنے گھر میں تو اسکے لئے ہر درہم کے بدلے سات سو درہم ہیں اور جسنے خود جہاد کیا

في سبيل الله وأنفق في وجهه ذلك فله بكل درهم سبعمائة ألف درهم ثم تلا هذه الآية والله يضاعف لمن يشاء رواه ابن ماجه

اللہ کی راہ میں اور خرچ کیا اسکی رضامندی میں سو واسطے اسکے بدلے ہر درہم کے سات سو ہزار درہم ہیں پھر پڑھی یہ آیت اور خدا بڑھاتا ہے جس کے لئے چاہتا ہے روایت کیا ابن ماجہ نے

وعن فضالة بن عبيد قال سمعت عمر بن الخطاب رضي الله عنه يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الشهداء أربعة رجل

اور روایت ہے فضالہ بن عبید سے کہا سنا میں نے عمر بن الخطاب رض سے کہتے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے شہید چار قسم ہیں ایک تو مرد

مؤمن جيد الإيمان لقي العدو فصدق الله حتى قتل فذلك الذي يرفع الناس إليه أعينهم يوم القيامة هكذا ورفع رأسه حتى

ایماندار کہ نیک تھی ایمان اسکا بھڑا دشمن سے پھر سچا کیا اللہ کو یہاں تک کہ مارا گیا سو وہی شخص ہے کہ اٹھاوینگے لوگ اسکی طرف آنکھیں اپنی روز قیامت کو ایسی طرح اٹھایا

سقطت قلنسوته فما أدري أقلنسوة عمر أراد أم قلنسوة النبي صلى الله عليه وسلم قال ورجل مؤمن جيد الإيمان لقي العدو

گر پڑی ٹوپی آپکی سو نہیں جانتا ہوں میں کہ ٹوپی عمر کی مراد ہے یا ٹوپی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمایا اور ایک مرد مومن کہ نیک ہے ایمان اسکا ملا ہے دشمن

كأنما ضرب جلده بشوك طلح من الجبن أتاه سهم غرب فقتله فهو في الدرجة الثانية ورجل مؤمن خلط عملا صالحا وآخر

گویا چھانٹ گئے اسکی پوست میں خار درخت طلح کے نامردی کے سبب لگا اسکو تیر غرب مارا گیا سو وہ دوسرے درجہ میں ہے اور ایک مرد مومن کہ ملا کر کیا ہے

سيئا عسى الله أن يتوب عليهم لقي العدو فصدق الله حتى قتل فذلك في الدرجة الثالثة ورجل مؤمن أسرف على

بد تو توقع ہے اللہ سے کہ بخشے انکو ملا دشمن سے پھر سچا کیا اللہ کو یہاں تک کہ مارا گیا سو وہ تیسرے درجہ میں ہے اور ایک مرد مومن کہ زیادتی کی ہے

نفسه لقي العدو فصدق الله حتى قتل فذلك في الدرجة الرابعة رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن

اپنی جان پر ملا دشمن سے اور سچا کیا اللہ کو یہاں تک کہ مارا گیا سو وہ چوتھے درجہ میں ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے

عتبة بن عبد السلمي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم القتلى ثلاثة مؤمن جاهد بنفسه وماله في سبيل الله فإذا لقي

عتبہ بن عبد السلمی رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگ مارے گئے تین قسم ہیں ایک تو مومن جہاد کیا اسنے جان سے اپنے اور مال سے اپنے اللہ کی راہ میں

العدو قاتل حتى يقتل قال النبي صلى الله عليه وسلم فيه فذلك الشهيد الممتحن في خيمة الله تحت عرشه لا يفضله النبيون إلا

دشمن سے لڑنے لگا یہاں تک کہ مارا گیا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے حق میں سو وہ شہید ہے آزمایا ہوا اللہ کے خیمہ میں ہے عرش کے نیچے نہیں زیادہ ہونگے اس سے پیغمبر مگر

بدرجة النبوة ومؤمن خلط عملا صالحا وآخر سيئا جاهد بنفسه وماله في سبيل الله إذا لقي العدو قاتل حتى يقتل قال النبي

نبوت کے درجے میں اور دوسرا وہ مسلمان کہ ملا کر کیے ہیں عمل اچھے اور دوسرے برے جہاد کیا اپنی جان سے اور اپنے مال سے اللہ کی راہ میں جب ملا دشمن سے لڑا یہاں تک کہ مارا گیا فرمایا

صلى الله عليه وسلم فيه ممصمصة محت ذنوبه وخطاياه إن السيف محاء للخطايا وأدخل من أي أبواب الجنة شاء ومنافق

اللہ کا درود ان پر اور سلام اسکے لئے ایک دعا دھونے والی ہے اسکے سارے گناہ کیونکہ تلوار صاف کرتی ہے گناہوں کو اور داخل کیا جاتا ہے جس دروازہ بہشت سے چاہیگا اور تیسرا منافق

جاهد بنفسه وماله فإذا لقي العدو قاتل حتى يقتل فذاك في النار إن السيف لا يمحو النفاق رواه الدارمي وعن ابن عائذ رض

جہاد کیا اپنی جان و مال سے سو جب ملا دشمن سے لڑا یہاں تک کہ مارا گیا سو وہ دوزخ میں ہے کیونکہ تلوار نہیں مٹاتی ہے نفاق کو روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے ابن عائذ رض

قال خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم في جنازة رجل فلما وضع قال عمر بن الخطاب لا تصل عليه يا رسول الله فإنه رجل فاجر فالتفت

کہا نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنازے پر ایک شخص کے جب جنازہ رکھا گیا کہا عمر بن الخطاب نے نماز نہ پڑھیے اس پر یا رسول اللہ کہ مرد بدکار ہے

رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى الناس فقال هل رأيتم أحدًا منكم على عمل الإسلام فقال رجل نعم يا رسول الله حرستُ ليلة في سبيل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی طرف سو فرمایا کیا دیکھا اسکو کسی نے تم میں سے اسلام کا کام کرتے ہوا ایک شخص نے ہاں یا رسول اللہ چوکی دی ہے ایک رات راہ

الله فصلى عليه رسول الله صلى الله عليه وسلم وحثى عليه التراب وقال أصحابك يظنون أنك من أهل النار وأنا أشهد أنك من

اللہ کی پھر نماز پڑھی اسپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور ڈالی اسپر مٹی اور فرمایا تیرے یار گمان کرتے ہیں کہ تو دوزخی ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ تو

أهل الجنة وقال يا عمر إنك لا تُسأل عن أعمال الناس ولكن تُسأل عن الفطرة رواه البيهقي في شعب الإيمان

باب إعداد آلة الجهاد

جنتی ہے اور فرمایا اے عمر تو نہ پوچھا جائیگا آدمی کے کاموں سے ولیکن پوچھا جاتا ہے کی خلقت سے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں باب تیار کرنے میں آلۂ جہاد

الفصل الأول

عن عقبة بن عامر رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو على المنبر يقول وأعدوا لهم ما استطعتم

پہلی فصل روایت ہے عقبہ بن عامر رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر فرماتے ہوئے تیار کرو انکے لئے جتنا کر سکتے ہو

من قوة ألا إن القوة الرمي ألا إن القوة الرمي ألا إن القوة الرمي رواه مسلم وعنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه

زور خبردار قوت تیر لگانا ہے خبردار قوت تیر لگانا ہے خبردار قوت تیر لگانا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم يقول ستُفتح عليكم الروم ويكفيكم الله فلا يعجز أحدكم أن يلهو بأسهمه رواه مسلم وعنه قال سمعت رسول

وسلم کو فرماتے اب فتح ہوگی تم پر روم اور کفایت ہے تمکو اللہ سو نہ چھوڑ دیوے تم میں سے کوئی کھیلنا اپنے تیروں سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا

الله صلى الله عليه وسلم يقول من علم الرمي ثم تركه فليس منا أو قد عصى رواه مسلم وعن سلمة بن الأكوع رض قال خرج

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جسنے سیکھا تیر لگانا پھر چھوڑ دیا اسکو سو نہیں ہے ہمارا راستے یا گنہگار ہوا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے سلمہ بن اکوع رض

رسول الله صلى الله عليه وسلم على قوم من أسلم يتناضلون بالسوق فقال ارموا بني إسماعيل فإن أباكم كان راميًا وأنا مع بني

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قوم بنی اسلم پر اور وے آپس میں تیر اندازی کرتے تھے سوق میں سو فرمایا تیر اندازی کرو اے بیٹے اسمعیل کے سو باپ تمہارا تھا تیر انداز

فلان لأحد الفريقين فأمسكوا بأيديهم فقال ما لكم فقالوا كيف نرمي وأنت مع بني فلان فقال ارموا وأنا معكم كلكم

فلانے کی اولاد کے ساتھ ایک گروہ فریق میں سے سو وے رک گئے اپنے ہاتھوں کو تب فرمایا کیا ہوا تمکو سو بولا کیونکر ہم تیر اندازی کریں اور آپ فلانے کی اولاد کے ساتھ ہیں سو فرمایا تیر اندازی کرو میں تم سب کے ساتھ ہوں

رواه البخاري وعن أنس رض قال كان أبو طلحة يتترس مع النبي صلى الله عليه وسلم بترس واحد وكان أبو طلحة حسن الرمي

روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس رض سے کہا تھا ابو طلحہ بچاؤ ڈھونڈھتا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سپر سے اور تھا ابو طلحہ اچھا تیر انداز

فكان إذا رمى تشرف النبي صلى الله عليه وسلم فينظر إلى موضع نبله رواه البخاري وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

سو جب تیر ڈالتا نگاہ کرتے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سو دیکھتے اسکے تیر گرنے کی جگہ کو روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

البركة في نواصي الخيل متفق عليه وعن جرير بن عبد الله رض قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يلوي ناصية فرس

برکت گھوڑوں کے پیشانی میں ہے متفق علیہ اور روایت ہے جریر بن عبد اللہ رض سے کہا دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بٹتے گھوڑے کی پیشانی

بإصبعه وهو يقول الخيل معقود بنواصيها الخير إلى يوم القيامة الأجر والغنيمة رواه مسلم وعن أبي هريرة رض قال قال

اپنی انگلی سے اور فرماتے گھوڑے بندھے ہیں انکی پیشانی میں نیکی قیامت کے دن تک ثواب اور غنیمت روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم من احتبس فرسًا في سبيل الله إيمانًا بالله وتصديقًا بوعده فإن شبعه وريه وروثه وبوله في

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے باندھا گھوڑا اللہ کی راہ میں اللہ پر ایمان لا کر اور اسکے وعدہ کو سچ جان کر سو اسکا سیر ہونا اور سیراب ہونا اور اسکی لید اور پیشاب اسکا

منه يوم القيمة رواه البخاري وعنه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يكره الشكال في الخيل والشكال ان يكون الفرس في رجله

پھر جائے گی روز قیامت روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے انہی سے کہا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم برا جانتے تھے شکال گھوڑے میں اور شکال یہ ہے کہ ہو گھوڑے کے

اليمنى بياض وفي يده اليسرى او في يده اليمنى ورجله اليسرى رواه مسلم وعن عبد الله بن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم

داہنے پاؤں میں اور بائیں اگلے میں سفیدی یا داہنے اگلے اور بائیں پاؤں میں اس کے روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

سابق بين الخيل التي اضمرت من الحفياء وامدها ثنية الوداع وبينهما ستة اميال وسابق بين الخيل التي لم تضمر من الثنية

دوڑایا گھوڑوں میں جو دبلے کئے گئے تھے مقام حفیا سے ثنیة الوداع تک اور درمیان ان دونوں مقام کے چھ میل ہیں اور سابقت کرائی گھوڑوں میں جو دبلے نہیں کئے گئے

الى مسجد بني زريق وبينهما ميل متفق عليه وعن انس قال كانت ناقة لرسول الله صلى الله عليه وسلم تسمى العضباء وكانت لا تسبق

مسجد بنی زریق تک اور درمیان ان دونوں مقام کے ایک میل ہے ق اور روایت ہے انس رض سے کہا تھی ایک اونٹنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جس کا نام عضباء تھا اور کوئی آگے نہ بڑھتا تھا

فجاء اعرابي على قعود له فسبقها فاشتد ذلك على المسلمين فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان حقا على الله ان لا يرتفع شيء من الدنيا

سو آیا ایک بدو ایک اونٹ پر جو تھا اس کا سبقت لے گیا اس سے سو سخت آئی یہ بات مسلمانوں پر سو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حق ہے اللہ پر کہ بلند نہ ہو کوئی چیز دنیا میں

الا وضعه رواه البخاري

الفصل الثاني

عن عقبة بن عامر قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ان الله تعالى

مگر اتار دیتا ہے اس کو روایت کیا اس کو بخاری نے فصل دوسری روایت ہے عقبہ بن عامر رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ اللہ تعالی

يدخل بالسهم الواحد ثلثة نفر الجنة صانعه يحتسب في صنعته الخير والرامي به ومنبله فارموا واركبوا وان ترموا

داخل کرے گا بسبب ایک تیر کے تین شخص کو بہشت میں ایک تو بنانے والا جو چاہتا تھا اپنے بنانے میں بھلائی اور دوسرا تیر لگانے والا اور تیسرا تیر دینے والا سو تیر لگاؤ اور سواری

احب الي من ان تركبوا كل شيء يلهو به الرجل باطل الا رميه بقوسه وتاديبه فرسه وملاعبته امراته فانهن من الحق

بہت خوش آتا ہے سواری ہر چیز سے کہ جو کھیلتا ہے مرد باطل ہے مگر تیر کھیلنا اپنی کمان سے اور گھوڑے کا ادب سکھلانا اور کھیلنا اپنی عورت سے سو یہ چیزیں حق ہیں

رواه الترمذي وابن ماجه وزاد ابو داود والدارمي ومن ترك الرمي بعد ما علمه رغبة عنه فانها نعمة تركها او قال كفرها

روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور زیادہ کیا ابو داؤد اور دارمی نے اور جس نے چھوڑ دیا تیر لگانا سیکھ کر خوشی سے سو اس کے پاس ایک نعمت تھی کہ اس کو چھوڑ بیٹھا یا فرمایا ناشکری کی

وعن ابي نجيح السلمي قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من بلغ بسهم في سبيل الله فهو له درجة في

اور روایت ہے ابی نجیح السلمی رض سے کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے جس نے پہنچایا تیر اللہ کی راہ میں سو پہنچا اس کے لیے درجہ

الجنة ومن رمى بسهم في سبيل الله فهو له عدل محرر ومن شاب شيبة في الاسلام كانت له نورا يوم القيمة رواه البيهقي في شعب

جنت میں اور جس نے تیر چلایا اللہ کی راہ میں سو وہ برابر بردہ آزاد کرنے کے ہے اور جو بوڑھا ہوا اسلام میں ہوگا واسطے اس کے نور روز قیامت روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب

الايمان وروى ابو داود الفصل الاول والنسائي الاول والثاني والترمذي الثاني والثالث وفي روايتهما من شاب شيبة في سبيل الله بدل

الایمان میں اور روایت کی ہے ابی داؤد نے پہلی فصل اور نسائی نے پہلی اور دوسری اور ترمذی نے دوسری اور تیسری کو اور ان دونوں کی روایت میں ہے جو بوڑھا ہوا اللہ کی راہ میں بجائے

في الاسلام وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا سبق الا في نصل او خف او حافر رواه الترمذي وابو داود

اسلام کی جگہ میں اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے شرط لگانا درست نہیں مگر تیر یا اونٹ یا گھوڑے میں روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داؤد

والنسائي وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ادخل فرسا بين فرسين فان كان يؤمن ان يسبق فلا خير فيه وان كان

اور نسائی نے اور روایت ہے انہی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے ڈالا گھوڑا دو گھوڑوں کے بیچ پھر اگر وہ مطمئن ہو کہ آگے بڑھ جاوے سو نہیں بھلائی اس میں اور اگر

يأمن أن يسبق فلا بأس به رواه في شرح السنة وفي رواية أبي داود قال من أدخل فرسا بين فرسين يعني وهو لا يأمن أن يسبق
نہیں ہے تو اس کو آگے بڑھنے سے سو قباحت نہیں ہے روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور ابی داؤد کی ایک روایت میں ہے جس نے داخل کیا گھوڑا دو گھوڑوں کے بیچ یعنی وہ بے خوف نہیں آگے بڑھنے سے

فليس بقمار ومن أدخل فرسا بين فرسين وقد أمن أن يسبق فهو قمار وعن عمران بن حصين رض قال قال رسول الله صلى الله
تو وہ جوا نہیں اور جس نے داخل کیا گھوڑا دو گھوڑوں کے بیچ اور وہ بے خوف ہے آگے بڑھنے سے سو وہ جوا ہے اور روایت ہے عمران بن حصین رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم لا جلب ولا جنب زاد يحيى في حديثه في الرهان رواه أبو داود والنسائي ورواه الترمذي مع زيادة في باب الغصب
علیہ وسلم نے نہیں ہے جلب اور نہ جنب زیادہ کیا یحییٰ نے اپنی حدیث میں لفظ فی الرہان روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت کیا اسکو ترمذی نے زیادتی کے ساتھ باب الغصب میں

وعن أبي قتادة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال خير الخيل الأدهم الأقرح الأرثم ثم الأقرح المحجل طلق اليمين
اور روایت ہے ابی قتادہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا اچھے گھوڑوں میں سیاہ گھوڑے ہیں جن کی پیشانی اور ہونٹ سفید ہوں پھر جس کی پیشانی سفید اور ہاتھ پاؤں سفید ہوں سوائے داہنے کے

فإن لم يكن أدهم فكميت على هذه الشية رواه الترمذي والدارمي وعن أبي وهب الجشمي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه
پھر اگر نہ ہو سیاہ تو کمیت اسی طرح کا داغدار روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے ابی وہب الجشمی رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم عليكم بكل كميت أغر محجل أو أشقر أغر محجل أو أدهم أغر محجل رواه النسائي وعن ابن عباس رض قال قال رسول الله صلى
وسلم نے لازم پکڑو ہر کمیت گھوڑے کو جس کی پیشانی اور ہاتھ پاؤں سفید ہوں یا سرخ جس کی پیشانی اور ہاتھ پاؤں سفید ہوں یا سیاہ جس کی پیشانی اور ہاتھ پاؤں سفید ہوں روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم يمن الخيل في الشقر رواه الترمذي وأبو داود وعن عتبة بن عبد السلمي رض أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم
اللہ علیہ وسلم نے برکت گھوڑوں کی سرخ رنگ داروں میں ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ہے عتبہ بن عبد السلمی رض سے کہ سنا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

يقول لا تقصوا نواصي الخيل ولا معارفها ولا أذنابها فإن أذنابها مذابها ومعارفها دفاؤها ونواصيها معقود فيها الخير رواه
فرماتے تھے نہ کترو بال گھوڑے کی پیشانی کے اور نہ بال ان کی گردن کے اور نہ دموں کے کیونکہ دمیں ان کی پنکھے ہیں اور ان کی گردنوں کے بال ان کی گرمی ہیں اور پیشانی کے بالوں میں بندھی ہوئی ہے خیر روایت کیا اسکو

أبو داود وعن أبي وهب الجشمي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارتبطوا الخيل وامسحوا بنواصيها وأعجازها أو قال أكفالها
ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی وہب الجشمی رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے باندھو گھوڑے اور پھیرو ہاتھ ان کی پیشانی اور پٹھوں پر یا فرمایا کفلوں پر

وقلدوها ولا تقلدوها الأوتار رواه أبو داود والنسائي وعن ابن عباس رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم عبدا مأمورا ما اختصنا دون
اور ڈالو ان کی گردن میں پٹے اور نہ ڈالو تانت روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک غلام تابع حکم

الناس بشيء إلا بثلاث أمرنا أن نسبغ الوضوء وأن لا نأكل الصدقة وأن لا ننزي حمارا على فرس رواه الترمذي والنسائي وعن علي
لوگوں سے ہم کو خاص نہیں کیا مگر تین خصلتوں میں حکم فرمایا ہم کو کہ کامل کریں وضو اور نہ کھائیں صدقہ اور نہ کدوائیں گدھے کو گھوڑی پر روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہے علی

رض قال أهديت لرسول الله صلى الله عليه وسلم بغلة فركبها فقال علي لو حملنا الحمير على الخيل فكانت لنا مثل هذه فقال رسول الله
رض سے کہا ہدیہ آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک خچر سو سوار ہوئے اس پر سو کہا علی رض نے کاش کہ جفت کریں ہم گدھوں کو گھوڑیوں پر سو پیدا ہوں ہمارے لیے مثل اس کے فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم إنما يفعل ذلك الذين لا يعلمون رواه أبو داود والنسائي وعن أنس رض قال كانت قبيعة سيف رسول الله
صلی اللہ علیہ وسلم نے سوائے اس کے نہیں کہ کرتے ہیں اسکو وہ جو نہیں جانتے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے انس رض سے کہا تھا قبیعہ تلوار رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم من فضة رواه الترمذي وأبو داود والنسائي والدارمي وعن هود بن عبد الله بن سعد عن جده
صلی اللہ علیہ وسلم کا چاندی سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے ہود بن عبد اللہ بن سعد سے انہوں نے اپنے دادا سے

مزيدة رض قال دخل رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم الفتح وعلى سيفه ذهب وفضة رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب

جو فرزند ہیں رض کے کہا آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتح کے روز اور آپکی تلوار پر سونا چاندی تھا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے

وعن السائب بن يزيد رض ان النبي صلى الله عليه وسلم كان عليه يوم احد درعان قد ظاهر بينهما رواه ابو داود

اور روایت ہے سائب بن یزید رض سے کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر جنگ احد کے دن دو زرہ تلے اوپر پہنا ہوا روایت کیا اسکو ابو داود

وابن ماجه وعن ابن عباس رض قال كانت راية نبي الله صلى الله عليه وسلم سوداء ولواءه ابيض رواه الترمذي وابن ماجه

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا تھا جھنڈا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا سیاہ اور ایک سفید تھا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

وعن موسى بن عبيدة مولى محمد بن القاسم قال ارسلني محمد بن القاسم الى البراء بن عازب يسأله عن راية رسول الله صلى الله عليه

موسی بن عبیدہ مولی محمد بن قاسم سے کہا بھیجا محمد بن قاسم نے براء بن عازب پاس پوچھنے کو حال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

وسلم فقال كانت سوداء مربعة من نمرة رواه احمد والترمذي وابو داود وعن جابر رض ان النبي صلى الله عليه وسلم دخل

سو کہا تھا سیاہ چوکور نمرہ سے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داود نے اور روایت ہے جابر رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم آئے

مكة ولواءه ابيض رواه الترمذي وابو داود وابن ماجه الفصل الثالث عن انس رض قال لم يكن شيء احب الى رسول الله صلى الله

مکے میں اور جھنڈا آپکا سفید تھا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور ابن ماجہ نے فصل تیسری روایت ہے انس رض سے کہا نہ تھی کوئی چیز بہت پیاری رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم بعد النساء من الخيل رواه النسائي وعن علي رض قال كانت بيد رسول الله صلى الله عليه وسلم قوس عربية فرأى رجلا

علیہ وسلم کو بعد عورتوں کے گھوڑوں سے روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے علی رض سے کہا تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں کمان عربی پھر دیکھا ایک مرد

بيده قوس فارسية قال ما هذه القها وعليكم بهذه واشباهها ورماح القنا فانهما يؤيد الله لكم بهما في الدين ويمكن

کہ ہاتھ میں اسکے کمان فارسی فرمایا کیا ہے یہ پھینک دے اسکو اور لازم پکڑو اسکو اور مانند اسکی اور نیزوں کو سو مدد کریگا اللہ تمہاری ساتھ انکے دین میں اور [illegible]

لكم في البلاد رواه ابن ماجه

باب آداب السفر

الفصل الاول عن كعب بن مالك رض ان النبي صلى الله عليه وسلم

تمکو شہروں میں روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے باب ادبوں میں سفر کے پہلی فصل روایت ہے کعب بن مالک رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

خرج يوم الخميس في غزوة تبوك وكان يحب ان يخرج يوم الخميس رواه البخاري وعن عبد الله بن عمر رض قال قال رسول الله

نکلے روز پنجشنبے کو غزوہ تبوک میں اور اچھا جانتے تھے نکلنے کو پنجشنبے کے دن روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم لو يعلم الناس ما في الوحدة ما اعلم ما سار راكب بليل وحده رواه البخاري وعن ابي هريرة رض قال قال رسول

صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر جانتے لوگ کہ کیا ہے تنہائی سفر میں جسقدر میں جانتا ہوں نہ سیر کرتا کوئی سوار رات میں اکیلا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابو ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم لا تصحب الملائكة رفقة فيها كلب ولا جرس رواه مسلم وعنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمراہ نہیں ہوتے فرشتے اس گروہ کے کہ جسمیں کتا ہو اور گھنٹا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

قال الجرس مزامير الشيطان رواه مسلم وعن ابي بشير الانصاري رض انه كان مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في بعض اسفاره

گھنٹا باجے ہیں شیطان کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی بشیر انصاری رض سے کہ وہ تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بعض سفر میں

فارسل رسول الله صلى الله عليه وسلم رسولا لا تبقين في رقبة بعير قلادة من وتر او قلادة الا قطعت متفق عليه وعن

سو بھیجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک قاصد کہ نہ باقی رہے اونٹ کی گردن میں تانت کا یا گنڈا مگر کاٹا جاوے اور روایت ہے

أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا سافرتم في الخصب فأعطوا الإبل حقها من الأرض وإذا سافرتم في السنة فأسرعوا

ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سفر کرو تم برس آبادی میں تو دو اونٹوں کو حق انکا زمین سے اور جب سفر کرو تم قحط سالی میں تو شتابی کرو

عليها السير وإذا عرستم بالليل فاجتنبوا الطريق فإنها طرق الدواب ومأوى الهوام بالليل وفي رواية إذا سافرتم في السنة

ان پر سیر میں اور جب اترو تم پچھلی رات میں تو کنارے ہو راہ سے کیونکہ وہ راہیں ہیں چوپایوں کی اور پھرنے کی جگہ ہے رات کو موذی جانوروں کے اور ایک روایت میں ہے جب سفر کرو قحط سالی میں

فبادروا بها نقيها رواه مسلم وعن أبي سعيد الخدري رض قال بينما نحن في سفر مع رسول الله صلى الله عليه وسلم إذ جاءه

تو شتابی کرو جس حال میں باقی ہو مغز انکی ہڈی میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہا انہوں نے اس وقت کہ ہم تھے سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ناگاہ آیا آپ کے پاس

رجل على راحلة فجعل يضرب يمينا وشمالا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم من كان معه فضل ظهر فليعد به على من لا ظهر له

ایک شخص اونٹ پر پھر مارنے لگا داہنا اور بایاں سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہو جسکے پاس سواری بڑھتی سو چاہئے کہ دیدیوے بڑھتی کو جسکے پاس نہ ہو

ومن كان له فضل زاد فليعد به على من لا زاد له قال فذكر من أصناف المال حتى رأينا أنه لا حق لأحد منا في فضل رواه مسلم وعن

اور جسکے پاس ہو زیادہ راہ خرچ سو چاہئے کہ دے اس کو جسکے پاس راہ خرچ نہ ہو کہا راوی نے پھر ذکر کیا آنحضرت نے اقسام مال کا یہاں تک کہ معلوم کیا ہم نے کہ نہیں حق کسی کا ہم میں زیادتی میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم السفر قطعة من العذاب يمنع أحدكم نومه وطعامه وشرابه فإذا قضى

ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر ایک ٹکڑا آگ کا ہے باز رکھتا ہے ایک کو تمہارے اسکے خواب سے اور کھانے اور پینے سے سو جب پورا کرے

نهمته من وجهه فليعجل إلى أهله متفق عليه وعن عبد الله بن جعفر رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا قدم من

حاجت اپنی طور پر اپنے سو جلدی کرے اپنے لوگوں کی طرف ق ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن جعفر رض سے کہا جب آتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

سفر تلقي بصبيان أهل بيته وإنه قدم من سفر فسبق بي إليه فحملني بين يديه ثم جيء بأحد ابني فاطمة فأردفه خلفه قال فأدخلنا

سفر سے حاضر کئے جاتے آپ کے پاس لڑکے آپ کے گھر والوں کے اور مقرر تشریف لائے سفر سے سو لیگئے مجھے آپ کی خدمت میں سو اٹھا لیا مجھکو سامنے اپنے پھر لایا ایک دو لڑکوں میں سے فاطمہ کے سو سوار کیا اسکو پیچھے اپنے کہا پھر داخل ہوئے ہم

المدينة ثلثة على دابة رواه مسلم وعن أنس رض أنه أقبل هو وأبو طلحة مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ومع النبي

مدینے میں تینوں ایک سواری پر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس رض سے کہ آیا وہ اور ابو طلحہ ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تھے اور ساتھ نبی

صلى الله عليه وسلم صفية مردفها على راحلته رواه البخاري وعنه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يطرق

صلی اللہ علیہ وسلم کے صفیہ تھیں سوار کرائے تھے ان کو پیچھے اپنے سواری کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انہی سے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہ تشریف لاتے

أهله ليلا وكان لا يدخل إلا غدوة أو عشية متفق عليه وعن جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أطال أحدكم

اپنے لوگوں میں رات کو اور نہ داخل ہوتے مگر صبح یا شام کو ق ۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بہت دن کوئی تم میں

الغيبة فلا يطرق أهله ليلا متفق عليه وعنه أن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا دخلت ليلا فلا تدخل على أهلك حتى تستحد

غائب رہے سو نہ آوے اہل میں اپنے رات کو ق ۔ اور روایت ہے انہی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب داخل ہو تو رات کو سو نہ داخل ہو اپنے اہل میں یہاں تک کہ دور کرے

المغيبة وتمتشط الشعثة متفق عليه وعنه أن النبي صلى الله عليه وسلم لما قدم المدينة نحر جزورا أو بقرة رواه البخاري

بال اپنی غیر موجود والی اور کنگھی کرے بکھرے بال والی ق ۔ اور روایت ہے انہی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب آتے مدینے میں ذبح کرتے ایک اونٹ یا ایک گائے روایت کیا اسکو بخاری نے

كعب بن مالك رض قال كان النبي صلى الله عليه وسلم لا يقدم من سفر إلا نهارا في الضحى فإذا قدم بدأ بالمسجد فصلى فيه ركعتين

کعب بن مالک رض سے کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لاتے سفر سے مگر دن میں چڑھے دھوپ جب آتے شروع کرتے مسجد سے اور پڑھتے اس میں دو رکعت

ثُمَّ جَلَسَ فِيْهِ لِلنَّاسِ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔ وَعَنْ جَابِرٍ رض قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ قَالَ لِيْ اُدْخُلِ

پھر بیٹھتے اس میں لوگوں کی ملاقات کے لیے۔ نقل کی یہ بخاری و مسلم نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا تھا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں پھر جب آئے مدینہ میں فرمایا مجھ کو کہ داخل ہو

الْمَسْجِدَ فَصَلِّ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ۔ اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ عَنْ صَخْرِ بْنِ وَدَاعَةَ الْغَامِدِيِّ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

مسجد میں اور پڑھ اس میں دو رکعت۔ روایت کیا اس کو بخاری نے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے صخر بن وداعہ الغامدی رض سے کہا فرمایا رسول اللہ نے اللہ کا درود

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِيْ فِيْ بُكُوْرِهَا وَكَانَ اِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً اَوْ جَيْشًا بَعَثَهُمْ مِنْ اَوَّلِ النَّهَارِ وَكَانَ صَخْرٌ تَاجِرًا فَكَانَ يَبْعَثُ

ان پر اور سلام، اے اللہ برکت کر میری امت کے لیے ان کے صبح کے کاروبار میں اور تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب بھیجتے چھوٹا یا بڑا لشکر تو بھیجتے اس کو اول روز میں اور تھا صخر تاجر

تِجَارَتَهُ اَوَّلَ النَّهَارِ فَاَثْرٰى وَكَثُرَ مَالُهُ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ۔ وَعَنْ اَنَسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مال اپنی سوداگری کا اول روز میں سو تونگر ہوا اور بڑھ گیا مال اس کا۔ روایت کیا اس کو ترمذی اور ابوداؤد اور دارمی نے اور روایت ہے انس رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

عَلَيْكُمْ بِالدُّلْجَةِ فَاِنَّ الْاَرْضَ تُطْوٰى بِاللَّيْلِ۔ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ۔ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

لازم پکڑو سفر کرنا رات کو کیونکہ زمین سمیٹی جاتی ہے رات کو۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اپنے باپ سے اس نے اپنے دادا سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ قَالَ الرَّاكِبُ شَيْطَانٌ وَالرَّاكِبَانِ شَيْطَانَانِ وَالثَّلَاثَةُ رَكْبٌ۔ رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ۔ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ

وسلم نے فرمایا ایک سوار ایک شیطان ہے اور دو سوار دو شیطان ہیں اور تین سوار سوار ہیں۔ روایت کیا اس کو مالک اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے اور روایت ہے ابی سعید خدری

رض اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا كَانَ ثَلَاثَةٌ فِيْ سَفَرٍ فَلْيُؤَمِّرُوْا اَحَدَهُمْ۔ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ۔ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض عَنِ

رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ہوں تین شخص سفر میں سو چاہیے کہ سردار کریں ایک کو۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ الصَّحَابَةِ اَرْبَعَةٌ وَخَيْرُ السَّرَايَا اَرْبَعُمِائَةٍ وَخَيْرُ الْجُيُوْشِ اَرْبَعَةُ اٰلَافٍ وَلَنْ يُّغْلَبَ اثْنَا عَشَرَ اَلْفًا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہایت بہتر یار ان میں سے چار ہیں اور بہتر چھوٹا لشکر چار سو اور بہتر بڑا لشکر چار ہزار ہیں اور ہرگز مغلوب نہ ہوں گے بارہ ہزار

مِنْ قِلَّةٍ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔ وَعَنْ جَابِرٍ رض قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

کمی سے۔ روایت کیا اس کو ترمذی اور ابوداؤد اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے جابر رض سے کہا تھا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَلَّفُ فِي الْمَسِيْرِ فَيُزْجِي الضَّعِيْفَ وَيُرْدِفُ وَيَدْعُوْ لَهُمْ۔ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ۔ وَعَنْ اَبِيْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ رض قَالَ كَانَ النَّاسُ اِذَا نَزَلُوْا

علیہ وسلم پیچھے رہتے تھے راہ چلنے کے وقت کمزوروں کو چلانے کو اور ہمراہ کر لیتے تھے اور دعا کرتے ان کے لیے۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابی ثعلبہ خشنی سے کہا تھے لوگ جب اترتے

مَنْزِلًا تَفَرَّقُوْا فِي الشِّعَابِ وَالْاَوْدِيَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ تَفَرُّقَكُمْ فِيْ هٰذِهِ الشِّعَابِ وَالْاَوْدِيَةِ اِنَّمَا ذٰلِكُمْ مِنَ الشَّيْطَانِ فَلَمْ يَنْزِلُوْا

منزل میں الگ الگ ہوتے پہاڑیوں میں اور میدانوں میں سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جدا جدا ہونا تمہارا ان پہاڑیوں میں اور میدانوں میں شیطان سے ہے

بَعْدَ ذٰلِكَ مَنْزِلًا اِلَّا انْضَمَّ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ حَتّٰى يُقَالَ لَوْ بُسِطَ عَلَيْهِمْ ثَوْبٌ لَعَمَّهُمْ۔ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ۔ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رض قَالَ كُنَّا يَوْمَ بَدْرٍ كُلُّ

بعد اس کے منزل میں مگر مل کر ایک دوسرے سے یہاں تک کہ کہا جاتا ہے کہ اگر بچھایا جاتا ان پر کپڑا تو گھیر لیتا ان سب کو۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت ہے عبداللہ بن مسعود

ثَلَاثَةٍ عَلٰى بَعِيْرٍ فَكَانَ اَبُوْ لُبَابَةَ وَعَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ زَمِيْلَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَكَانَتْ اِذَا جَاءَتْ عُقْبَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَا

تین تین شخص ایک اونٹ پر سو تھے ابو لبابہ اور علی بن ابی طالب ساتھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا سو جب آتی نوبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کہتے وہ دونوں

نَحْنُ نَمْشِيْ عَنْكَ قَالَ مَا اَنْتُمَا بِاَقْوٰى مِنِّيْ وَمَا اَنَا بِاَغْنٰى عَنِ الْاَجْرِ مِنْكُمَا۔ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ۔ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ہم پیدل چلیں گے آپ کی طرف سے، فرمایا نہیں ہو تم زیادہ قوی مجھ سے اور نہیں ہوں میں زیادہ غنی ثواب سے تم دونوں سے۔ روایت کیا اس کو شرح سنہ میں اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

قال لا تتخذوا ظهور دوابكم منابر فإن الله تعالى إنما سخرها لكم لتبلغكم إلى بلد لم تكونوا بالغيه إلا بشق الأنفس وجعل لكم الأرض فعليها

فرمایا نہ ٹھہراؤ چوپایوں کی پیٹھوں کو منبر کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو تمہارے کام میں لگا دیا ہے تاکہ پہنچاویں تم کو ان شہروں تک کہ تم نہ پہنچتے وہاں مگر جانوں کو تکلیف دے کر اور بنائی تمہارے لئے زمین

فاقضوا حاجاتكم. رواه أبو داود. وعن أنس رض قال كنا إذا نزلنا منزلا لا نسبح حتى نحل الرحال. رواه أبو داود. وعن بريدة رض قال بينما

پوری کرو حاجت اپنی اس پر روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت ہے انس رض سے کہا تھے ہم جب اترتے منزل میں نہ تسبیح پڑھتے یہاں تک کہ کھولتے ہم پالان کو روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت ہے بریدہ

رسول الله صلى الله عليه وسلم يمشي إذ جاءه رجل معه حمار فقال يا رسول الله اركب وتأخر الرجل فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا أنت أحق

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیدل چلتے تھے یکایک آیا ایک مرد کہ ساتھ اس کے گدھا تھا سو عرض کیا یا رسول اللہ سوار ہوں اور پیچھے بیٹھا وہ مرد تو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

بصدر دابتك إلا أن تجعله لي قال جعلته لك فركب. رواه الترمذي وأبو داود. وعن سعيد بن أبي هند عن أبي هريرة رض قال قال رسول

چوپائے کے سامنے بیٹھنے کا مگر کہ ٹھہرا دو تو میرے لئے کہا ٹھہرایا میں نے سامنے کو آپ کے لئے پس سوار ہوئے آنحضرت روایت کیا اس کو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ہے سعید بن ابی ہند

الله صلى الله عليه وسلم تكون إبل للشياطين وبيوت للشياطين فأما إبل الشياطين فقد رأيتها يخرج أحدكم بجنيبات معه قد

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہوتے ہیں اونٹ واسطے شیاطین کے اور گھر واسطے شیاطین کے سو اونٹ شیاطین کے سو تحقیق دیکھا ہے ان کو نکلتا ہے کوئی تمہارا [illegible]

أسمنها فلا يعلو بعيرا منها ويمر بأخيه قد انقطع به فلا يحمله وأما بيوت الشياطين فلم أرها كان سعيد يقول لا أراها إلا هذه

سو نہیں سوار ہوتا کسی اونٹ پر ان میں سے اور گذرتا ہے اپنے بھائی پر کہ تھک گیا ہے سو نہیں اٹھاتا اس کو اور گھر شیاطین کے سو نہیں دیکھا میں نے [illegible]

الأقفاص التي يستر الناس بالديباج. رواه أبو داود. وعن سهل بن معاذ عن أبيه رض قال غزونا مع النبي صلى الله عليه وسلم فضيق

ہودجوں کا جو چھپاتے ہیں لوگ دیباج سے روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت ہے سہل بن معاذ سے اپنے باپ سے کہا غزا کیا ہم نے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

الناس المنازل وقطعوا الطريق فبعث النبي صلى الله عليه وسلم مناديا ينادي في الناس أن من ضيق منزلا أو قطع طريقا فلا جهاد

لوگ منزلوں کو تنگ اور کاٹ ڈالی راہ سو بھیجا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آواز دینے والے کو کہ پکارے لوگوں میں کہ جس نے تنگ کی منزل اور کاٹ ڈالی راہ سو نہیں ہے جہاد

له. رواه أبو داود. وعن جابر رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إن أحسن ما دخل الرجل أهله إذا قدم من سفر أول الليل. رواه أبو داود.

اس کے لئے روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت ہے جابر رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ نہایت اچھا وقت داخل ہونے کا اپنے لوگوں میں جب آوے سفر سے پہلی رات ہے [illegible]

الفصل الثالث

عن أبي قتادة رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا كان في سفر فعرس بليل اضطجع على يمينه وإذا عرس

تیسری فصل روایت ہے ابی قتادہ رض سے کہا جب ہوتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں پھر اترتے اخیر شب میں لیٹتے داہنے پہلو پر اور جب اترتے

قبيل الصبح نصب ذراعه ووضع رأسه على كفه. رواه مسلم. وعن ابن عباس رض قال بعث النبي صلى الله عليه وسلم عبد الله بن رواحة في

پہلے صبح کے کھڑی کرتے اپنے بازو کی ہڈیوں کو اور رکھتے سر اپنا اپنے ہاتھ کی ہتھیلی پر روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا بھیجا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد اللہ بن رواحہ کو

سرية فوافق ذلك يوم الجمعة فغدا أصحابه وقال أتخلف وأصلي مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم ألحقهم فلما صلى مع رسول الله صلى الله

ایک مجموعہ لشکر میں سو موافق پڑا یہ بھیجنا روز جمعہ کو سو صبح کو گئے اصحاب اس کے اور کہا میں پیچھے رہ کر نماز پڑھوں گا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر ملوں گا ان سے پھر جب

عليه وسلم رآه فقال ما منعك أن تغدو مع أصحابك فقال أردت أن أصلي معك ثم ألحقهم فقال لو أنفقت ما في الأرض جميعا ما أدركت

علیہ وسلم کے ساتھ دیکھا آنحضرت نے اس کو فرمایا کس نے روکا تجھے صبح کو جانے سے اپنے یاروں کے ساتھ عرض کیا چاہا میں نے کہ نماز پڑھوں آپ کے ساتھ پھر ملوں ان سے فرمایا اگر خرچ کرے تو جو کچھ زمین میں ہے سب کا سب نہ پاوے

فضل غدوتهم. رواه الترمذي. وعن أبي هريرة رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تصحب الملائكة رفقة فيها جلد نمر. رواه

وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رضی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيِّدُ الْقَوْمِ فِي السَّفَرِ خَادِمُهُمْ فَمَنْ سَبَقَهُمْ بِخِدْمَةٍ لَمْ يَسْبِقُوْهُ بِعَمَلٍ اِلَّا الشَّهَادَةَ

اور روایت ہے سہل بن سعد رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سردار قوم کا سفر میں خادم انکا ہے سو جو شخص سبقت کرے انمیں خدمت میں نہ سبقت لے سکینگے

رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ

بَابُ الْكِتَابِ اِلَى الْكُفَّارِ وَدُعَائِهِمْ اِلَى الْاِسْلَامِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اَنَّ النَّبِيَّ

روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں۔ باب نامہ لکھنے کا کفار کی طرف اور بلانا ان کو اسلام کی طرف — پہلی فصل — روایت ہے ابن عباس رض سے کہ آنحضرت

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى قَيْصَرَ يَدْعُوْهُ اِلَى الْاِسْلَامِ وَبَعَثَ بِكِتَابِهِ اِلَيْهِ دِحْيَةَ الْكَلْبِيَّ وَاَمَرَهُ اَنْ يَدْفَعَهُ اِلٰى عَظِيْمِ بُصْرٰى لِيَدْفَعَهُ اِلٰى قَيْصَرَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھا قیصر کیطرف اور بلاتے تھے اسکو اسلام کی طرف اور بھیجا اس کتاب کو ساتھ دحیۃ الکلبی کو اور حکم کیا کہ حوالہ کرے اسکو حاکم بصریٰ کو تاکہ

فَاِذَا فِيْهِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ اِلٰى هِرَقْلَ عَظِيْمِ الرُّوْمِ سَلَامٌ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّيْ اَدْعُوْكَ بِدِعَايَةِ الْاِسْلَامِ

سو تھا اسمیں شروع کرتا ہوں نام سے اللہ کے جو رحم کرنیوالا مہربان ہے محمد کی طرف سے جو بندہ اللہ کا اور رسول اسکا ہے ہرقل کی طرف جو بزرگ روم کا ہے سلامتی

اَسْلِمْ تَسْلَمْ وَاَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ اَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ وَاِنْ تَوَلَّيْتَ فَعَلَيْكَ اِثْمُ الْاَرِيْسِيِّيْنَ وَيَا اَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ

اسلام قبول کر کہ سلامت رہے تو اور اسلام قبول کر کہ دیوے تجھکو اللہ مزد دوہری تیری اور اگر پھر دیوے تو سو تجھ پر ہی گناہ رعیت کا اور اے کتاب والو آؤ ایک سیدھی بات پر جو ہمارے درمیان کی

اَنْ لَا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْئًا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ مُتَّفَقٌ

کہ بندگی نکریں ہم مگر اللہ کی اور شریک نٹھہراویں اسکا کسی چیز کو اور نہ پکڑیں ایک دوسرے کو رب سوائے اللہ کے پھر اگر قبول نکریں تو کہو شاہد رہو ہم تو حکم کے تابع ہیں۔ ق

عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ قَالَ مِنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَقَالَ اِثْمُ الْيَرِيْسِيِّيْنَ وَقَالَ بِدِعَايَةِ الْاِسْلَامِ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور مسلم کی ایک روایت میں کہا محمد کیطرف سے جو رسول اللہ کا ہے اور کہا اثم الیریسیین اور بدعایۃ الاسلام اور روایت ہے انہی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجی

بَعَثَ بِكِتَابِهٖ اِلٰى كِسْرٰى مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ فَاَمَرَهُ اَنْ يَّدْفَعَهُ اِلٰى عَظِيْمِ الْبَحْرَيْنِ فَدَفَعَهُ عَظِيْمُ الْبَحْرَيْنِ اِلٰى كِسْرٰى فَلَمَّا قَرَاَهُ مَزَّقَهُ قَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ فَدَعَا عَلَيْهِمْ

کتاب اپنی کسریٰ کی طرف ساتھ عبداللہ بن حذافہ السہمی کے سو فرمایا کہ پہنچادے اسکو عظیم بحرین پاس سو دیا اسکو عظیم البحرین نے کسریٰ کو پھر جب پڑھی کسریٰ نے پھاڑ ڈالی اسکو کہا ابن المسیب نے سو دعا بد کی ان پر

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّمَزَّقُوْا كُلَّ مُمَزَّقٍ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اَنَسٍ رضی اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى كِسْرٰى وَاِلٰى قَيْصَرَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ٹکڑے ٹکڑے ہو جاویں ہر طرح سے ٹکڑے ہو جانا — روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھی کسریٰ اور قیصر

وَاِلَى النَّجَاشِيِّ وَاِلٰى كُلِّ جَبَّارٍ يَّدْعُوْهُمْ اِلَى اللّٰهِ وَلَيْسَ بِالنَّجَاشِيِّ الَّذِيْ صَلّٰى عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ

اور نجاشی پاس اور ہر ظالم پاس جس طرف بلاتے تھے انکو اللہ کی طرف اور نہیں ہے یہ وہ نجاشی کہ نماز پڑھی جسپر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے سلیمان بن

بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَمَّرَ اَمِيْرًا عَلٰى جَيْشٍ اَوْ سَرِيَّةٍ اَوْصَاهُ فِيْ خَاصَّتِهٖ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَمَنْ مَّعَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

بریدہ سے اسنے اپنے باپ سے کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کو امیر کرتے لشکر یا فوج پر تو وصیت فرماتے اسکو خاص کر اللہ سے ڈرنے کی اور ساتھ والے مسلمانوں کی

خَيْرًا ثُمَّ قَالَ اُغْزُوْا بِسْمِ اللّٰهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَاتِلُوْا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ اُغْزُوْا فَلَا تَغُلُّوْا وَلَا تَغْدِرُوْا وَلَا تُمَثِّلُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا وَاِذَا لَقِيْتَ عَدُوَّكَ

بھلائی کی پھر فرماتے جہاد کرو نام سے اللہ کے اسکی راہ میں مار ڈالو ان کو جو منکر ہیں اللہ کے جہاد کرو اور خیانت نکرو غنیمت کے مال میں اور عہد نہ توڑو اور ناک کان نہ کاٹو اور قتل نکرو لڑکوں کو اور جب ملے تو دشمن

مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَادْعُهُمْ اِلٰى ثَلَاثِ خِصَالٍ اَوْ خِلَالٍ فَاَيَّتُهُنَّ مَا اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ فَاِنْ اَجَابُوْكَ

مشرکوں میں سے تو دعوت کر انکو تین خصلتوں کی طرف پھر جونسی خصلت مان لیں تیری تو قبول کر لے اور باز رہ ان سے پھر دعوت کر انکو اسلام کی طرف پھر اگر مان لیں تیری

فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَى التَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ اِلٰى دَارِ الْمُهَاجِرِيْنَ فَاِنْ فَعَلُوْا فَلَهُمْ مَا لِلْمُهَاجِرِيْنَ وَعَلَيْهِمْ مَا عَلَى الْمُهَاجِرِيْنَ فَاِنْ اَبَوْا

تو قبول کر ان سے اور باز رہ ان سے پھر دعوت کر انکو چلنے کی اپنے گھر سے دیار مہاجرین کی طرف سو واسطے ان کے ہے جو مہاجرین کیلئے ہے اور ان پر ہے جو مہاجرین پر ہے اور اگر

يتحولوا منها فاخبرهم انهم يكونون كاعراب المسلمين يجري عليهم حكم الله الذي يجري على المؤمنين ولا يكون لهم في الغنيمة

وطن چھوڑیں تو خبر دے انکو کہ وے ہو رہینگے جیسے گنوار مسلمان جاری ہوگا ان پر حکم اللہ کا جیسا کہ جاری ہوا سارے مسلمانوں پر اور نہ ہوگی ان کے لئے غنیمت

والفيء شيء الا ان يجاهدوا مع المسلمين فان هم ابوا فسلهم الجزية فان هم اجابوك فاقبل منهم وكف عنهم فان هم ابوا فاستعن

اور فی میں سے کچھ مگر یہ کہ جہاد کریں ساتھ مسلمانوں کے پھر اگر وے انکار کریں تو طلب کر ان سے جزیہ پھر اگر وے قبول کریں تو تو بھی قبول کر ان سے اور باز رہ ان سے پھر اگر وے انکار کریں

بالله وقاتلهم واذا حاصرت اهل حصن فارادوك ان تجعل لهم ذمة الله وذمة نبيه فلا تجعل لهم ذمة الله ولا ذمة نبيه

اللہ سے اور لڑ ان سے اور جب گھیر لے تو قلعہ والوں کو پھر ارادہ کریں تجھ سے کہ کرے تو ان کو ذمے میں اللہ کے اور ذمے میں اُس کے نبی کے سو نہ کر ان کو ذمے میں اللہ کے اور ذمے میں اُس کے نبی کے

ولكن اجعل لهم ذمتك وذمة اصحابك فانكم ان تخفروا ذممكم وذمم اصحابكم اهون من ان تخفروا ذمة الله وذمة رسوله

ولیکن کر ان کو ذمے میں اپنے اور ذمے میں اپنے یاروں کے اس لئے کہ البتہ تم اگر توڑ دوگے ذمے کو اپنے اور ذمے کو اپنے یاروں کے تو بڑا آسان ہے اس سے کہ توڑو ذمہ اللہ کا اور ذمہ اس کے رسول کا

وان حاصرت اهل حصن فارادوك ان تنزلهم على حكم الله فلا تنزلهم على حكم الله ولكن انزلهم على حكمك فانك لا تدري اتصيب

اور اگر گھیر لے تو قلعہ والوں کو پھر وے ارادہ کریں تجھ سے کہ اتارے تو ان کو حکم پر اللہ کے تو مت اتار انکو حکم پر اللہ کے ولیکن اتار انکو حکم پر اپنے کیونکہ تو نہیں خبر رکھتا کہ پہنچتا ہے

حكم الله فيهم ام لا رواه مسلم وعن عبد الله بن ابي اوفى رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم في بعض ايامه التي لقي فيها

ان میں حکم کو اللہ کے یا نہیں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن ابی اوفی رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض ایام میں کہ ملے اُن میں

العدو انتظر حتى مالت الشمس ثم قام في الناس فقال يا ايها الناس لا تتمنوا لقاء العدو واذا لقيتم فاصبروا واعلموا ان الجنة تحت

دشمن سے انتظار کیا یہاں تک کہ ڈھلا آفتاب پھر کھڑے ہوئے لوگوں میں اور فرمایا اے لوگو نہ آرزو کرو ملنے کی دشمن سے اور جب ملو تو صبر کرو اور جانو کہ جنت

ظلال السيوف ثم قال اللهم منزل الكتاب ومجري السحاب وهازم الاحزاب اهزمهم وانصرنا عليهم متفق عليه وعن انس رض ان النبي

تلواروں کے سایوں کے تلے ہے پھر فرمایا اے اللہ اتارنے والے کتاب کے اور چلانے والے بادلوں کے اور شکست دینے والے گروہوں کے شکست دے انکو اور مدد کر ہماری ان پر متفق علیہ اور روایت ہے انس رض سے کہ نبی

صلى الله عليه وسلم كان اذا غزا بنا قوما لم يكن يغزو بنا حتى يصبح وينظر اليهم فان سمع اذانا كف عنهم وان لم يسمع اذانا اغار

صلی اللہ علیہ وسلم جب جہاد کرتے ہمارے ساتھ ملکر کسی قوم سے نہ جہاد کرتے یہاں تک کہ صبح ہوتی اور نگاہ کرتے انکی طرف پھر اگر سنتے اذان باز رہتے اُن سے اور اگر نہ سنتے

عليهم قال فخرجنا الى خيبر فانتهينا اليهم ليلا فلما اصبح ولم يسمع اذانا ركب وركبت خلف ابي طلحة وان قدمي لتمس قدم نبي الله

ان پر لوٹ کرتے کہا سو نکلے ہم خیبر کی طرف سو پہنچے ہم انکی طرف رات کو پھر جب صبح ہوئی اور نہ سنی اذان سوار ہوئے اور سوار ہوا میں پیچھے ابی طلحہ کے اور البتہ میرا پاؤں لگتا تھا پاؤں سے نبی اللہ

صلى الله عليه وسلم قال فخرجوا الينا بمكاتلهم ومساحيهم فلما راوا النبي صلى الله عليه وسلم قالوا محمد والله محمد والخميس فلجاوا

صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا انس نے پھر نکلے ہماری طرف اپنے زنبیل اور پھاوڑوں کے ساتھ پھر جب دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بولا یہ محمد ہیں قسم اللہ کی محمد اور لشکر ہے پھر پناہ لی

الى الحصن فلما راهم رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الله اكبر الله اكبر خربت خيبر انا اذا نزلنا بساحة قوم فساء صباح

قلعہ کی طرف پھر جب دیکھا انکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے ویران ہوا خیبر ہم جب اترتے ہیں کسی قوم کے میدان میں تو بری ہوتی ہے صبح

المنذرين متفق عليه وعن النعمان بن مقرن رض قال شهدت القتال مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فكان اذا لم يقاتل اول النهار انتظر

ڈرائے گیوں کی متفق علیہ اور روایت ہے نعمان بن مقرن رض سے کہا حاضر ہوا میں لڑائی میں ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سو جب نہ لڑتے اول دن میں انتظار کرتے

حتى تهب الرياح وتحضر الصلوة رواه البخاري

یہاں تک کہ بہتی ہوا اور آتا وقت نماز کا روایت کیا اسکو بخاری نے

الفصل الثاني

عن النعمان بن مقرن رض قال شهدت القتال مع رسول الله صلى الله عليه

فصل دوسری روایت ہے نعمان بن مقرن رض سے کہا حاضر ہوا میں جہاد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلّم فكان إذا لم يقاتل أول النهار انتظر حتى تزول الشمس وتهب الرياح وينزل النصر رواه أبو داود وعن قتادة عن النعمان بن مقرن

وسلم کے ساتھ سو تھے جب لڑتے اول روز میں منتظر رہتے یہاں تک کہ ڈھل جاتا آفتاب اور بہتی ہوا اور اترتی مدد روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے قتادہ سے نعمان بن مقرن رض سے

قال غزوت مع النبي صلى الله عليه وسلم فكان إذا طلع الفجر أمسك حتى تطلع الشمس فإذا طلعت قاتل فإذا انتصف النهار أمسك حتى تزول

کہا غزا کیا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اور تھے جب طلوع کرتی فجر باز رہتے جنگ سے یہاں تک کہ نکلتا سورج پھر جب طلوع ہوتی لڑتے پھر جب ٹھیک دوپہر ہوتا باز رہتے یہاں تک کہ ڈھلتا

الشمس فإذا زالت الشمس قاتل حتى العصر ثم أمسك حتى يصلي العصر ثم يقاتل قال قتادة كان يقال عند ذلك تهيج رياح النصر ويدعو

آفتاب پھر جب ڈھلتا آفتاب لڑتے عصر تک پھر موقوف کرتے یہاں تک کہ ادا کرتے نماز عصر کی پھر لڑتے کہا قتادہ نے کہا جاتا تھا اس وقت ان اوقات میں ہوتی ہیں ہوائیں نصرت کی اور دعا کرتے

المؤمنون لجيوشهم في صلاتهم رواه الترمذي وعن عصام المزني رض قال بعثنا رسول الله صلى الله عليه وسلم في سرية فقال

مسلمان اپنے لشکروں کے لیے اپنی نمازوں میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عصام المزنی رض سے کہا بھیجا ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک فوج میں سو فرمایا

إذا رأيتم مسجدا أو سمعتم مؤذنا فلا تقتلوا أحدا رواه الترمذي وأبو داود الفصل الثالث عن أبي وائل قال كتب خالد بن

جب دیکھو تم مسجد یا سنو تم موذن کو سو نہ قتل کرو کسی کو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے تیسری فصل روایت ہے ابی وائل سے کہا لکھا خالد بن

الوليد إلى أهل فارس بسم الله الرحمن الرحيم من خالد بن الوليد إلى رستم ومهران في ملأ فارس سلام على من اتبع الهدى أما بعد

ولید نے اہل فارس کی طرف نام سے اللہ کے جو نہایت رحم کرنے والا مہربان خالد بن ولید سے رستم اور مہران کی طرف جو سردار ہیں بیچ جماعت فارس کے سلام اس شخص پر جو پیروی کرے

فإنا ندعوكم إلى الإسلام فإن أبيتم فأعطوا الجزية عن يد وأنتم صاغرون فإن أبيتم فإن معي قوما يحبون القتل في سبيل الله

ہدایت کی بعد اسکے پس ہم بلاتے ہیں تم کو اسلام کی طرف سو اگر نہیں مانتے ہو تو دو جزیہ ہاتھ سے ذلیل ہو کر پھر اگر نہ مانو گے تو ساتھ میرے ایک قوم ہے جو دوست رکھتی ہے قتل کو اللہ کی راہ میں

كما تحب فارس الخمر والسلام على من اتبع الهدى رواه في شرح السنة

باب القتال في الجهاد

الفصل الأول

عن جابر رض

جیسا کہ دوست رکھتے ہیں اہل فارس شراب کو اور سلامتی اس پر جو پیروی کرے ہدایت کی روایت کیا اسکو شرح سنہ میں باب قتال کا جہاد میں پہلی فصل روایت ہے جابر رض سے

قال قال رجل للنبي صلى الله عليه وسلم يوم أحد أرأيت إن قتلت فأين أنا قال في الجنة فألقى تمرات في يده ثم قاتل حتى قتل متفق عليه

کہا کہا ایک مرد نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو احد کے دن فرمائیے اگر مارا جاؤں میں سو کہاں رہونگا فرمایا جنت میں سو ڈالدیا خرموں کو جو تھیں ہاتھ میں اسکے پھر لڑا یہاں تک کہ مارا گیا

وعن كعب بن مالك رض قال لم يكن رسول الله صلى الله عليه وسلم يريد غزوة إلا ورّى بغيرها حتى كانت تلك الغزوة يعني غزوة

اور روایت ہے کعب بن مالک رض سے کہا نہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ ارادہ کرتے کسی لڑائی کا مگر چھپا دیتے غیر سے یہاں تک کہ ہوئی وہ لڑائی یعنی لڑائی

تبوك غزاها رسول الله صلى الله عليه وسلم في حر شديد واستقبل سفرا بعيدا ومفازا وعدوا كثيرا فجلّى للمسلمين أمرهم ليتأهبوا

تبوک کی غزا کیے اسمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سخت گرمی میں اور توجہ فرمایا سفر بعید کی اور جنگل کا جس میں پانی نہ تھا اور دشمن بہت پھر ظاہر کیا

أهبة غزوهم فأخبرهم بوجهه الذي يريد رواه البخاري وعن جابر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحرب خدعة

سامان اپنی لڑائی کا سو خبر دی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرف کی کہ چاہتے تھے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے جابر رض سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ فریب ہے

متفق عليه وعن أنس رض قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يغزو بأم سليم ونسوة من الأنصار معه إذا غزا يسقين الماء ويداوين

متفق علیہ اور روایت ہے انس رض سے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غزا کرتے ام سلیم کو ساتھ لیکر اور انصار کی کئی عورتیں ساتھ انکے جب لڑتے آنحضرت پانی پلاتیں اور دوا کرتیں

الجرحى رواه مسلم وعن أم عطية رض قالت غزوت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم سبع غزوات أخلفهم في رحالهم

زخمیوں کی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ام عطیہ رض سے بولیں لڑی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سات لڑائی پیچھے رہتی تھی انکے متاع کی جگہ میں

لهم الطعام وأداوي الجرحى وأقوم على المرضى رواه مسلم وعن عبد الله بن عمر رض قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن
ان کے لئے کھانا اور دوا کرتی زخمیوں کی اور خبرگیری رہتی مریضوں کی بیماردار، روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر رض سے کہا منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

قتل النساء والصبيان متفق عليه وعن الصعب بن جثامة رض قال سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن أهل الديار يبيتون
مارنے سے عورتوں کے اور لڑکوں کے ۔ ق ۔ اور روایت ہے صعب بن جثامہ رض سے کہا پوچھا کسی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وطن والوں کے حال میں کہ شب خون

من المشركين فيصاب من نسائهم وذراريهم قال هم منهم وفي رواية هم من آبائهم متفق عليه وعن ابن عمر رض أن رسول
مشرکوں پر مارے جاتی ہیں عورتیں ان کی اور لڑکے ان کے فرمایا وہ ان سے ہیں اور ایک روایت میں ہے وہ اپنے باپوں میں ہیں ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ رسول

الله صلى الله عليه وسلم قطع نخل بني النضير وحرق ولها يقول حسان وهان على سراة بني لؤي حريق بالبويرة مستطير وفي
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کاٹ ڈالے کھجور کے درخت بنی نضیر کے اور جلادی اور اس قصے کو کہتا تھا حسان اور آسان ہوا سرداروں پر بنی لؤی کے آگ

ذلك نزلت ما قطعتم من لينة أو تركتموها قائمة على أصولها فبإذن الله متفق عليه وعن عبد الله بن عون أن نافعا كتب
اور اتری یہ آیت جو کاٹ ڈالا تم نے کھجور کا پیڑ یا رہنے دیا اس کو کھڑا اس کی جڑ پر سو اللہ کے حکم سے ۔ ق ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن عون سے کہ نافع نے لکھا

إليه يخبره أن ابن عمر أخبره أن النبي صلى الله عليه وسلم أغار على بني المصطلق غارين في نعمهم بالمريسيع فقتل المقاتلة وسبى الذرية
اس کی طرف جس حال میں خبر دیتا تھا نافع عبد اللہ ابن عون کو کہ ابن عمر نے خبر دی ہے اس کو کہ نبی نے چھاپا مارا بنی مصطلق پر غافل تھے

متفق عليه وعن أبي أسيد رض أن النبي صلى الله عليه وسلم قال لنا يوم بدر حين صففنا لقريش وصفوا لنا إذا أكثبوكم فعليكم
۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی اسید رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم کو بدر کے دن جب صف باندھی ہم نے قریش کے مقابل اور صف باندھی انہوں نے

بالنبل وفي رواية إذا أكثبوكم فارموهم واستبقوا نبلكم رواه البخاري وحديث سعد هل تنصرون مذكور في باب فضل
تیر چلانا اور ایک روایت میں ہے اور جب نزدیک ہوں ان کے تیر لگاؤ ان کو اور باقی رکھو تیر اپنا روایت کیا اس کو بخاری نے اور حدیث سعد کی جو ہل تنصرون ہے باب فضل

الفقراء وحديث البراء بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم رهطا في باب المعجزات إن شاء الله تعالى الفصل الثاني
الفقراء کے اور حدیث براء کی بعث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رهطا باب المعجزات میں ان شاء اللہ تعالیٰ ۔ فصل دوسری

عن عبد الرحمن بن عوف رض قال عبأنا النبي صلى الله عليه وسلم ببدر ليلا رواه الترمذي وعن المهلب رض أن رسول الله
روایت ہے عبد الرحمن بن عوف رض سے کہا تعبیہ صف کی ہماری نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر میں رات کو روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے مہلب رض سے کہ رسول

صلى الله عليه وسلم قال إن بيتكم العدو فليكن شعاركم حم لا ينصرون رواه الترمذي وأبو داود وعن سمرة بن جندب قال
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر شب خون لاوے تم پر دشمن سو چاہیے کہ ہو شعار تمہارا حم لا ینصرون روایت کیا اس کو ترمذی اور ابوداود نے اور روایت ہے سمرہ بن جندب رض سے

كان شعار المهاجرين عبد الله وشعار الأنصار عبد الرحمن رواه أبو داود وعن سلمة بن الأكوع رض قال غزونا مع أبي بكر في
تھا شعار مہاجروں کا عبد اللہ اور شعار انصاروں کا عبد الرحمن روایت کیا اس کو ابوداود نے اور روایت ہے سلمہ بن الاکوع رض سے کہا غزا کیا ہم نے ابی بکر کے ساتھ

زمن النبي صلى الله عليه وسلم فبيتناهم نقتلهم وكان شعارنا تلك الليلة أمت أمت رواه أبو داود وعن قيس بن عباد قال كان
زمانے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو شب خون لائے ہم کافروں پر جس حال میں کہ قتل کرتے تھے ان کو اور تھا شعار ہمارا اس رات میں امت امت روایت کیا اس کو ابوداود نے اور روایت ہے قیس بن عباد سے کہا تھے

أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم يكرهون الصوت عند القتال رواه أبو داود وعن سمرة بن جندب رض عن النبي صلى الله عليه وسلم
اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مکروہ جانتے آواز لڑائی کے وقت روایت کیا اس کو ابوداود نے اور روایت ہے سمرہ بن جندب رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

قال اقتلوا شيوخ المشركين واستحيوا شرخهم اي صبيانهم رواه الترمذي وابو داود وعن عروة رض قال حدثني اسامة ان

فرمایا کہ بوڑھوں کو مشرکین کے قتل کرو اور زندہ رہنے دو ان کے لڑکوں کو یعنی لڑکوں کو روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت ہے عروہ رض سے کہا حدیث بیان کی

رسول الله صلى الله عليه وسلم كان عهد اليه قال اغر على ابنى صباحا وحرق رواه ابو داود وعن ابي اسيد رض قال قال رسول الله

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عہد لیا مجھ سے فرمایا کہ چھاپا مار ابنیٰ پر صبح کے وقت اور جلا دے روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی اسید رض سے کہا فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم يوم بدر اذا اكثبوكم فارموهم ولا تسلوا السيوف حتى يغشوكم رواه ابو داود وعن رباح بن الربيع

صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے دن جب قریب آویں تمہارے تو ان کو تیر مارو اور نہ کھینچو تلواریں یہاں تک کہ ڈھانپ لیں تم کو روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اور روایت ہے رباح بن ربیع سے

قال كنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في غزوة فراى الناس مجتمعين على شيء فبعث رجلا فقال انظر على ما اجتمع هؤلاء

کہا تھے ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک لڑائی میں سو دیکھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو جمع ہو رہے کسی چیز پر سو بھیجا ایک مرد کو اور فرمایا دیکھ کس چیز پر جمع ہوئے ہیں یہ

فجاء فقال على امراة قتيل فقال ما كانت هذه لتقاتل وعلى المقدمة خالد بن الوليد فبعث رجلا فقال قل لخالد لا تقتل

پھر آیا وہ مرد اور عرض کیا ایک عورت مار ڈالی گئی ہے فرمایا نہ تھی یہ لڑنے والی اور مقدمہ پر خالد بن ولید تھے پھر بھیجا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد اور فرمایا کہہ خالد کو نہ قتل کرے

امراة ولا عسيفا رواه ابو داود وعن انس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال انطلقوا باسم الله وبالله وعلى ملة رسول

کسی عورت کو اور نہ مزدور کو روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اور روایت ہے انس رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جاؤ نام سے اللہ کے اور اللہ کی توفیق سے اور دین پر رسول

الله لا تقتلوا شيخا فانيا ولا طفلا صغيرا ولا امراة ولا تغلوا وضموا غنائمكم واصلحوا واحسنوا ان الله يحب

اللہ کے مت قتل کرو شیخ فانی کو اور نہ چھوٹے لڑکے کو اور نہ عورت کو اور نہ خیانت کرو اور جمع کرو اپنی غنیمتوں کو اور صلح کرو اور نیکی کرو بیشک اللہ دوست رکھتا ہے

المحسنين رواه ابو داود وعن علي رض قال لما كان يوم بدر تقدم عتبة بن ربيعة وتبعه ابنه واخوه فنادى من

نیکی کرنے والوں کو روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اور روایت ہے علی رض سے کہا جب ہوا روز بدر کا آگے آیا عتبہ بن ربیعہ اور تابع ہوا اس کے بیٹا اس کا اور بھائی اس کا اور پکارا

يبارز فانتدب له شباب من الانصار فقال من انتم فاخبروه فقال لا حاجة لنا فيكم انما اردنا بني عمنا فقال رسول الله صلى الله

کون جنگ کرتا ہے سو متوجہ ہوئے اس کی طرف جوان انصار سے تب کہا کون ہو تم سو خبر دی اسے تب کہا نہیں حاجت ہم کو تمہاری ہم نے تو ارادہ کیا ہے اپنے چچا کے بیٹوں کا سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم قم يا حمزة قم يا علي قم يا عبيدة بن الحارث فاقبل حمزة الى عتبة واقبلت الى شيبة واختلف بين

علیہ وسلم نے اٹھ اے حمزہ اٹھ اے علی اٹھ اے عبیدہ بن الحارث سو متوجہ ہوا حمزہ عتبہ کی طرف اور متوجہ ہوا میں شیبہ کی طرف

عبيدة والوليد ضربتان فاثخن كل واحد منهما صاحبه ثم ملنا على الوليد فقتلناه واحتملنا عبيدة رواه

درمیان عبیدہ اور ولید کے دو مار ہوئیں سخت کیا ہر ایک نے دونوں سے اپنے رفیق کو پھر ڈھلے ہم ولید پر اور قتل کیا ہم نے اس کو اور اٹھا لیا ہم نے عبیدہ کو روایت کیا

احمد وابو داود وعن ابن عمر رض قال بعثنا رسول الله صلى الله عليه وسلم في سرية فحاص الناس حيصة فاتينا المدينة

احمد اور ابو داؤد نے اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا بھیجا ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک فوج میں سو بھاگے لوگ سو آئے ہم مدینے میں

فاختفينا بها وقلنا هلكنا ثم اتينا رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلنا يا رسول الله نحن الفرارون قال بل انتم العكارون

اور چھپے ہم بیچ اس کے اور کہا ہم نے ہلاک ہوئے ہم پھر آئے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور عرض کیا یا رسول اللہ ہم بھاگنے والے ہیں فرمایا بلکہ تم حملہ کرنے والے ہو

وانا فئتكم رواه الترمذي وفي رواية ابي داود نحوه وقال لا بل انتم العكارون قال فدنونا فقبلنا يده فقال انا فئة المسلمين

اور میں گروہ تمہارا ہوں روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ایک روایت میں ابی داؤد کی مانند اس کے ہے اور کہا نہیں بلکہ تم حملہ کرنے والے ہو کہا پس نزدیک ہوئے ہم اور چوما ہم نے ہاتھ آپ کا سو فرمایا میں گروہ ہوں مسلمانوں کا

وسنذكر حديث أمية بن عبد الله كان يستفتح وحديث أبي الدرداء ابغوني في ضعفائكم في باب فضل الفقراء إن شاء الله

اور ہم ذکر کریں گے امیہ بن عبد اللہ کی حدیث کو کہ اول اس کے کان یستفتح ہے اور حدیث ابی الدرداء کو جو ابغونی فی ضعفائکم ہے باب فضل الفقراء میں اگر چاہا اللہ

تعالى **الفصل الثالث** عن ثوبان بن يزيد أن النبي صلى الله عليه وسلم نصب المنجنيق على أهل الطائف رواه الترمذي مرسلا

تعالی نے۔ تیسری فصل روایت ہے ثوبان بن یزید سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑا کیا منجنیق طائف والوں پر روایت کیا اسکو ترمذی نے مرسلا

باب حكم الأسراء

الفصل الأول عن أبي هريرة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال عجب الله من قوم يدخلون الجنة في السلاسل وفي رواية يقادون إلى الجنة بالسلاسل رواه البخاري عن سلمة بن الأكوع رض قال أتى النبي صلى الله عليه وسلم عين من المشركين وهو في سفر فجلس عند أصحابه يتحدث ثم انفتل فقال النبي صلى الله عليه وسلم اطلبوه واقتلوه فقتلته فنفلني سلبه متفق عليه

باب حکم میں بندیوں کے۔ پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا راضی ہوا اللہ اس قوم سے جو داخل کی جاتی ہے جنت میں زنجیروں میں اور ایک روایت میں ہے کھینچی جاتی جنت کی طرف زنجیروں میں۔ روایت کیا اسکو بخاری نے روایت ہے سلمہ بن الاکوع سے کہا آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک جاسوس مشرکوں کا اور آپ سفر میں تھے سو بیٹھا اصحاب کے پاس باتیں کرتے ہوئے پھر چلا گیا سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طلب کرو اسکو اور مار ڈالو اسکو سو قتل کیا میں نے اسکو پھر دے دیا مجھے اسکا سامان

وعنه قال غزونا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم هوازن فبينا نحن نتضحى مع رسول الله صلى الله عليه وسلم إذ جاءه رجل على جمل أحمر فأناخه وجعل ينظر وفينا ضعفة ورقة من الظهر وبعضنا مشاة إذ خرج يشتد فأتى جمله فأثاره فاشتد به الجمل فخرجت أشتد حتى أخذت بخطام الجمل فأنخته ثم اخترطت سيفي فضربت رأس الرجل ثم جئت بالجمل أقوده عليه رحله وسلاحه فاستقبلني رسول الله صلى الله عليه وسلم والناس فقال من قتل الرجل قالوا ابن الأكوع فقال له سلبه أجمع متفق عليه

اور روایت ہے انہی سے کہا غزوہ کیا ہم نے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہوازن کا سو اس وقت کہ ہم چاشت کا کھانا کھاتے تھے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ناگہاں آیا ایک مرد اونٹ سرخ پر پھر بٹھایا اسکو اور دیکھنے لگا اور ہم میں کم طاقتی تھی اور تنگی سواری کی اور بعضے ہمارے پیادہ پا تھے سو نکلا دوڑتا ہوا پھر آیا اپنے اونٹ کی طرف سو اٹھایا اسکو اونٹ دوڑا اور نکلا میں دوڑتا ہوا یہاں تک کہ تھام لیا مہار اونٹ کا اور بٹھلا دیا اونٹ کو پھر کھینچی تلوار اپنی اور مارا سر کو اس مرد کے پھر لایا میں اونٹ کو کھینچ کر اور اسپر اسباب اور ہتھیار تھے سو روبرو تشریف لائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور لوگ سو فرمایا کس نے قتل کیا مرد کو عرض کیا ابن الاکوع نے سو فرمایا اسکے لیے ہے اسکا سارا سامان

وعن أبي سعيد الخدري رض قال لما نزلت بنو قريظة على حكم سعد بن معاذ بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم فجاء على حمار فلما دنا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قوموا إلى سيدكم فجاء فجلس فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن هؤلاء نزلوا على حكمك قال فإني أحكم أن تقتل المقاتلة وأن تسبى الذرية قال لقد حكمت فيهم بحكم الملك وفي رواية بحكم الله متفق عليه

اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا جب اترے بنو قریظہ حکم پر سعد بن معاذ کے بھیجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سو آیا سعد گدھے پر سو جب نزدیک ہوا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اٹھ کھڑے ہو اپنے سردار کی طرف اور آیا سعد اور بیٹھا سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ لوگ اترے ہیں تیرے حکم پر کہا سعد نے بے شک میں حکم کرتا ہوں کہ مارے جاویں لڑنے والے اور بندی کئے جاویں لڑکے فرمایا البتہ حکم کیا تو نے انکے حق میں موافق حکم بادشاہ کے

وعن أبي هريرة رض قال بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم خيلا قبل نجد فجاءت برجل من بني حنيفة يقال له ثمامة بن أثال سيد أهل اليمامة فربطوه بسارية من سواري المسجد فخرج إليه رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا بھیجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑوں کو نجد کی طرف سو لائے ایک مرد کو بنی حنیفہ سے جسکو کہتے تھے ثمامہ بن اثال سردار یمامہ والوں کا سو باندھا اسکو مسجد کے ستونوں میں سے ایک ستون سے سو نکلے اسکی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا

ماذا عندك يا ثمامة فقال عندي يا محمد خير ان تقتل تقتل ذا دم وان تنعم تنعم على شاكر وان كنت تريد المال فسل تعط منه

ما شئت فتركه رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى كان الغد فقال ما عندك يا ثمامة فقال عندي ما قلت لك ان تنعم تنعم على

شاكر وان تقتل تقتل ذا دم وان كنت تريد المال فسل تعط منه ما شئت فتركه رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى كان بعد الغد

فقال له ما عندك يا ثمامة فقال عندي ما قلت لك ان تنعم تنعم على شاكر وان تقتل تقتل ذا دم وان كنت تريد المال فسل تعط

منه ما شئت فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اطلقوا ثمامة فانطلق الى نخل قريب من المسجد فاغتسل ثم دخل

المسجد فقال اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمدا عبده ورسوله يا محمد والله ما كان على وجه الارض وجه ابغض الي من

وجهك فقد اصبح وجهك احب الوجوه كلها الي والله ما كان من دين ابغض الي من دينك فاصبح دينك احب الدين الي

كله والله ما كان من بلد ابغض الي من بلدك فاصبح بلدك احب البلاد كلها الي وان خيلك اخذتني وانا اريد العمرة

فماذا ترى فبشره رسول الله صلى الله عليه وسلم وامره ان يعتمر فلما قدم مكة قال له قائل اصبوت فقال لا ولكني اسلمت مع

رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا والله لا ياتيكم من اليمامة حبة حنطة حتى ياذن فيها رسول الله صلى الله عليه وسلم رواه مسلم

واختصره البخاري وعن جبير بن مطعم ان النبي صلى الله عليه وسلم قال في اسارى بدر لو كان المطعم بن عدي حيا ثم

كلمني في هؤلاء النتنى لتركتهم له رواه البخاري وعن انس ان ثمانين رجلا من اهل مكة هبطوا على رسول الله صلى الله عليه

وسلم من جبل التنعيم متسلحين يريدون غرة النبي صلى الله عليه وسلم واصحابه فاخذهم سلما فاستحياهم وفي رواية فاعتقهم

فانزل الله تعالى وهو الذي كف ايديهم عنكم وايديكم عنهم ببطن مكة رواه مسلم وعن قتادة قال ذكر لنا انس بن

مالک بن عن ابی طلحة رضـ ان النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم امر یوم بدر باربعة وعشرین رجلا من صنادید قریش فقذفوا فی طوی
مالک نے ابی طلحہ رضـ سے کہ نبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے فرمایا بدر کے دن حکم کیا چوبیس مرد سردار قریش کے سو وے ڈالے گئے کوے میں

من اطواء بدر خبیث مخبث وکان اذا ظهر علی قوم اقام بالعرصة ثلث لیال فلما کان ببدر الیوم الثالث امر براحلته فشد
بدر کے کوؤں میں سے جو گندا اور پلید کرنے والا تھا اور جب غالب ہوتے کسی قوم پر ٹھہرتے میدان میں تین رات پھر جب ہوا بدر کا دن تیسرا حکم فرمایا سواری کی

علیها رحلها ثم مشی واتبعه اصحابه حتی قام علی شفة الرکی فجعل ینادیهم باسمائهم واسماء ابائهم یا فلان بن فلان ویا
ان پر زین ان کے پھر تشریف لیچلے اور پیچھے چلے ان کے اصحاب انکے یہاں تک کہ کھڑے ہو کنارے پر کوے کے سو لگے پکارنے انکو ان کے نام لیکر اور انکے باپوں کے نام لیکر اے فلانے

فلان بن فلان ایسرکم انکم اطعتم اللّٰہ ورسوله فانا قد وجدنا ما وعدنا ربنا حقا فهل وجدتم ما وعد ربکم حقا فقال
فلان بیٹا فلانے کا کیا خوش کرتا تمکو اطاعت تمہاری اللّٰہ کی اور اسکے رسول کی پایا ہم نے جو وعدہ دیا ہمکو رب ہمارا سچا اور پایا تم نے جو دیا تمکو رب تمہارا سچا سو کہا

عمر یا رسول اللّٰہ ما تکلم من اجساد لا ارواح لها فقال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم والذی نفس محمد بیده ما انتم باسمع لما اقول
عمر نے یا رسول اللّٰہ کیا کلام کرتے ہو بدنوں سے کہ جنمیں روح نہیں فرمایا نبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے قسم ہے اسکی کہ جان محمد کی بیچ ہاتھ اسکے ہے نہیں ہو تم زیادہ سننے والے جو کہتا ہوں

منهم وفی روایة ما انتم باسمع منهم ولکن لا یجیبون متفق علیه وزاد البخاری قال قتادة احیاهم اللّٰہ حتی اسمعهم
ان سے اور ایک روایت میں تم سننے والے زیادہ نہیں ہو ان سے لیکن وے نہیں جواب دیتے متفق ہے اور زیادہ کیا بخاری نے کہا قتادہ نے زندہ کیا انکو اللّٰہ نے یہاں تک کہ سنایا انکو

قوله توبیخا وتصغیرا ونقمة وحسرة وندما **وعن** مروان والمسور بن مخرمة رضـ ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قام
قول آنحضرت صلعم کا واسطے جھڑکی اور خواری اور غصہ کرنے اور واسطے اظہار افسوس اور پشیمانی کے اور روایت ہے مروان اور مسور بن مخرمہ رضـ سے کہ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے

حین جاءه وفد هوازن مسلمین فسألوا ان یرد علیهم اموالهم وسبیهم فقال فاختاروا احدی الطائفتین اما السبی
جب آئے ایلچی ہوازن کے مسلمان ہو کر پھر درخواست کی کہ پھیر دیا جاوے انکو مال انکا اور بندی انکی سو فرمایا اختیار کرو ایک کو دو میں سے قیدی

واما المال قالوا فانا نختار سبینا فقام رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فاثنی علی اللّٰہ بما هو اهله ثم قال اما بعد فان اخوانکم
یا مال بولے سو ہم اختیار کرتے ہیں اپنے قیدیوں کو سو کھڑے ہوئے رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم اور تعریف کی اللّٰہ کی جس سے وہ لائق ہے پھر فرمایا بعد اسکے پھر تحقیق بھائی تمہارے

قد جاؤا تائبین وانی قد رأیت ان ارد الیهم سبیهم فمن احب منکم ان یطیب ذلک فلیفعل ومن احب منکم ان یکون
آئے توبہ کرتے ہوئے اور بیشک میں نے دیکھا مناسب یہ کہ پھیر دوں انکو قیدی انکے پھر جسکو خوش لگے تم میں سے کہ خوشی کرے اس میں پھیر دے سو کرے اور جسکو خوش آوے تم میں

علی حظه حتی نعطیه ایاه من اول ما یفیء اللّٰہ علینا فلیفعل فقال الناس قد طیبنا ذلک یا رسول اللّٰہ فقال رسول اللّٰہ صلی
اپنے حصے پر رہنا یہاں تک کہ دیویں ہم اسکو عوض اسکا پہلے اس چیز سے کہ جو ہاتھ لگا دے اللّٰہ ہمکو سو کرے کہا لوگوں نے ہم خوش ہیں یا رسول اللّٰہ تب فرمایا رسول اللّٰہ صلی

اللّٰہ علیہ وسلم انا لا ندری من اذن منکم ممن لم یاذن فارجعوا حتی یرفع الینا عرفاؤکم امرکم فرجع الناس فکلمهم عرفاؤهم
اللّٰہ علیہ وسلم نے ہم فرق نہیں کر سکتے کہ کسنے اذن دیا تم میں سے اور کسنے نہیں سو پھر جاؤ یہاں تک کہ پہنچا دیں ہم پاس کارگذار تمہارے کام تمہارا سو پھر گئے لوگ کلام کیا ان سے کارگذاروں نے

ثم رجعوا الی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فاخبروه انهم قد طیبوا واذنوا رواه البخاری **وعن** عمران بن حصین رضـ قال
پھر آئے رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم پاس اور خبر دی کارگذاروں نے آنحضرت صلعم کو کہ وہ خوش ہوئے اور اذن دے دیا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عمران بن حصین رضـ سے

کان ثقیف حلیفا لبنی عقیل فاسرت ثقیف رجلین من اصحاب رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم رجلا من بنی عقیل فاوثقوه فطر
تھے ثقیف حلیف بنی عقیل کے سو قیدی بنایا ثقیف نے دو مرد کو یاروں سے رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے اور قیدی بنایا اصحاب رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے ایک مرد کو بنی عقیل سے پھر مضبوط باندھا اسکو

في الحرة فمر به رسول الله صلى الله عليه وسلم فناداه يا محمد يا محمد بم أخذت قال بجريرة حلفائكم ثقيف فتركه ومضى

حرہ میں سنگسار ہی تھا پس گزرے اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس نے پکارا اے محمد اے محمد کس سبب سے پکڑا گیا میں فرمایا سبب اپنے عہد والوں کے جو ثقیف ہیں

فناداه يا محمد يا محمد فرحمه رسول الله صلى الله عليه وسلم فرجع فقال ما شأنك قال إني مسلم فقال لو قلتها وأنت تملك

پھر پکارا اے محمد اے محمد پھر رحم کیا اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور تشریف لائے دوسری دفعہ سو فرمایا کیا حال ہے تیرا عرض کیا کہ میں مسلمان ہوں فرمایا اگر کہتا تو

أمرك أفلحت كل الفلاح فقال ففداه رسول الله صلى الله عليه وسلم بالرجلين اللذين أسرتهما ثقيف رواه مسلم

اپنے کام کا تو مختار تو ہر طرح کی مراد کو پہنچتا سو کہا راوی نے پھر چھڑوا دیا اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدلے میں ان دو مردوں کے جن کو قید کیا تھا ثقیف نے روایت کیا اس کو

الفصل الثاني

عن عائشة رض قالت لما بعث أهل مكة في فداء أسرائهم بعثت زينب رض في فداء أبي العاص بمال وبعثت

دوسری روایت ہے عائشہ رض سے بولیں جب بھیجا مکے والوں نے چھڑوانی اپنی قیدیوں کی بھیجا زینب رض نے ابی العاص کی چھڑوانی میں مال اور بھیجی

فيه بقلادة لها كانت عند خديجة أدخلتها بها على أبي العاص فلما رآها رسول الله صلى الله عليه وسلم رق لها رقة شديدة

اس مال کے ساتھ گلوبند اپنا جو تھا خدیجہ رض پاس دیا تھا خدیجہ رض نے زینب کو اس گلوبند کے ساتھ ابی العاص کے گھر جب دیکھا اس گلوبند کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نرم دل ہوئے

وقال إن رأيتم أن تطلقوا لها أسيرها وتردوا عليها الذي لها قالوا نعم وكان النبي صلى الله عليه وسلم أخذ عليه أن يخلي

اور فرمایا اگر جانتے ہو بہتر کہ چھوڑ دو اس کی قیدی کو اور پھیر دو اس کا مال عرض کیا ہاں اور تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم عہد لئے ہوئے کہ خالی کر دے

سبيل زينب إليه وبعث رسول الله صلى الله عليه وسلم زيد بن حارثة ورجلا من الأنصار فقال كونا ببطن يأجج حتى

راہ زینب کی آنحضرت کی طرف اور بھیجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن حارثہ اور ایک مرد کو انصار میں سے اور فرمایا رہو تم دونو بطن یاجج میں

تمر بكما زينب فتصحباها حتى تأتيا بها رواه أحمد وأبو داود وعن ابن مسعود رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم لما

آوے تم پاس زینب پھر ساتھ ہو اس کے یہاں تک کہ لاؤ تم اس کو روایت کیا اس کو احمد اور ابو داؤد نے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب

أسر أهل بدر قتل عقبة بن أبي معيط والنضر بن الحارث ومن على أبي عزة الجمحي رواه في شرح السنة وعن ابن مسعود

قید کیا بدر والوں کو قتل کیا عقبہ بن ابی معیط اور نضر بن حارث کو اور احسان رکھا ابی عزہ جمحی پر روایت کیا اس کو شرح السنہ میں اور روایت ہے ابن مسعود

رض أن رسول الله صلى الله عليه وسلم لما أراد قتل عقبة بن أبي معيط قال من للصبية قال النار رواه أبو داود وعن

رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ارادہ کیا قتل عقبہ بن ابی معیط کا کہا کون غمخواری کرے گا لڑکوں کی فرمایا آگ روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اور روایت ہے

علي رض عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أن جبرئيل هبط عليه فقال له خيرهم يعني أصحابك في أسارى بدر القتل أو الفداء

علی رض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ اترے جبرئیل آپ پر سو فرمایا آنحضرت کو کہ اختیار دے ان کو یعنی اپنے اصحاب کو بدر کی قیدیوں میں قتل یا چھڑوائی

على أن يقتل منهم قابلا مثلهم قالوا الفداء ويقتل منا رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن عطية القرظي رض قال كنت

اس شرط پر کہ قتل ہوں ان صحابہ کے اگلے برس مانند ان کے تو انہوں نے اختیار کی چھڑوائی اور قتل ہونا ہم میں سے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے عطیہ قرظی رض سے

في سبي قريظة عرضنا على النبي صلى الله عليه وسلم فكانوا ينظرون فمن أنبت الشعر قتل ومن لم ينبت الشعر لم يقتل فكشفوا

بنی قریظہ کے قیدیوں میں لائے گئے ہم سب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سو لوگ نگاہ کرتے تھے کہ جس کا نکلا ہو بال زیر ناف قتل کیا جاوے اور جس کا نہ نکلا ہو بال نہ قتل

عانتي فوجدوها لم تنبت فجعلوني في السبي رواه أبو داود وابن ماجه والدارمي وعن علي رض قال خرج عبدان

کیا گیا سو کھولا میرا زیر ناف پھر نہ پایا مجھ کو قیدیوں میں رکھا روایت کیا اس کو ابو داؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے علی رض سے کہا نکلے کئی غلام

إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم يعني يوم الحديبية قبل الصلح فكتب إليه مواليهم قالوا يا محمد والله ما خرجوا إليك رغبة

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف یعنے حدیبیہ کے دن پہلے صلح سے سو لکھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مولی انکے کہ اے محمد قسم اللہ کی نہیں گئے تیرے پاس اچھا سمجھ کر

في دينك وإنما خرجوا هربا من الرق فقال ناس صدقوا يا رسول الله ردهم إليهم فغضب رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال ما أراكم

دین کو تیرے اور بس گئے بھاگ کر غلامی سے سو کہا لوگوں نے سچ کہا ہے یا رسول اللہ پھیر دے انکو انکی طرف غصہ ہوا رسول اللہ نے اللہ کی رحمت ان پر اور سلام اور فرمایا نہیں دیکھتا تمکو

تنتهون يا معشر قريش حتى يبعث الله عليكم من يضرب رقابكم على هذا وأبى أن يردهم وقال هم عتقاء الله رواه أبو داود

کہ باز آؤ اے گروہ قریش کے یہاں تک کہ بھیجے اللہ تم پر اس شخص کو جو مارے گردن تمہاری اس پر اور انکار کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے پھیرنے کو اور فرمایا وہ آزاد کئے ہیں اللہ کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

الفصل الثالث عن ابن عمر رض قال بعث النبي صلى الله عليه وسلم خالد بن الوليد إلى بني جذيمة فدعاهم إلى الإسلام فلم يحسنوا

فصل تیسری روایت ہے ابن عمر رض سے کہا بھیجا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خالد بن ولید کو بنی جذیمہ کی طرف سو بلایا انکو خالد نے اسلام کی طرف سو نہ اچھی طرح

أن يقولوا أسلمنا فجعلوا يقولون صبأنا صبأنا فجعل خالد يقتل ويأسر ودفع إلى كل رجل منا أسيره حتى إذا كان يوم أمر

کہہ سکے کہ اسلام لائے ہم سو لگے کہنے ہم صابی ہوئے ہم صابی ہوئے پھر شروع کیا خالد نے قتل انکا اور قید کرنا اور دیا ہر شخص کو ہم میں سے قیدی اپنے اپنے یہاں تک کہ جب ہوا ایک دن حکم

خالد أن يقتل كل رجل منا أسيره فقلت والله لا أقتل أسيري ولا يقتل رجل من أصحابي أسيره حتى قدمنا إلى النبي صلى الله عليه

خالد نے کہ قتل کرے ہر شخص ہم میں سے اپنے اپنے قیدی کو پھر کہا میں نے قسم اللہ کی نہیں قتل کرونگا اسیر اپنا اور نہ قتل کریگا کوئی میرے یاروں میں سے اسیر اپنا یہاں تک کہ آئے ہم نبی صلی اللہ علیہ

وسلم فذكرناه فرفع يديه فقال اللهم إني أبرأ إليك مما صنع خالد مرتين رواه البخاري

وسلم پاس اور ذکر کیا ہمنے اس قصے کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر فرمایا اے اللہ بیشک میں عرض کرتا ہوں تیری طرف اپنی ناخوشی اس کام سے جو کیا خالد نے دو مرتبہ

باب الأمان

الفصل الأول

عن أم هانئ بنت أبي طالب رض قالت ذهبت إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم عام الفتح فوجدته يغتسل وفاطمة ابنته تستره بثوب

ام ہانی بنت ابی طالب رض سے بولیں گئی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں فتح کے برس سو پایا میں نے آپکو نہاتے تھے اور فاطمہ بیٹی آپکی پردہ کئے تھی

فسلمت فقال من هذه فقلت أنا أم هانئ بنت أبي طالب فقال مرحبا بأم هانئ فلما فرغ من غسله قام فصلى ثماني ركعات ملتحفا في ثوب ثم

سو سلام علیک کیا میں نے سو فرمایا کون ہے یہ عورت عرض کی میں نے ام ہانی بنت ابی طالب سو فرمایا واہ واہ اچھی ام ہانی آئی پھر جب فارغ ہوئے غسل سے کھڑے ہوئے اور پڑھیں آٹھ رکعتیں ایک کپڑا لپیٹ کر

انصرف فقلت يا رسول الله زعم ابن أمي علي أنه قاتل رجلا أجرته فلان بن هبيرة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم قد أجرنا من أجرت

فارغ ہوئے تو عرض کی میں نے یا رسول اللہ کہتا ہے میری ماں کا بیٹا جو علی ہے یہہ کہ قتل کرنے والا ہے ایک کو جسکو امان دیا میں نے جو فلانا بیٹا ہبیرہ کا ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر امان دیا ہم نے جسکو

يا أم هانئ قالت أم هانئ وذلك ضحى متفق عليه وفي رواية للترمذي قالت أجرت رجلين من أحمائي فقال رسول الله صلى الله عليه

امان دیا تو نے اے ام ہانی بولیں ام ہانی اور وہ وقت تھا چاشت کی نماز کا اور ایک روایت میں ترمذی کی بولیں پناہ دیا میں نے دو مردوں کو جو کہ اقربا سے تھے میرے سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم قد أمنا من أمنت

وسلم نے مقرر امان دیا ہم نے اسکو جسکو تو امان دیا

الفصل الثاني

عن أبي هريرة رض عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إن المرأة لتأخذ للقوم يعني تجير على المسلمين

دوسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عورت لیتی ہے قوم کو یعنے امان دیتی ہے مسلمانوں پر

رواه الترمذي وعن عمرو بن الحمق رض قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من أمن رجلا على نفسه فقتله أعطي لواء

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عمرو بن الحمق رض سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جو اپنے اوپر لیوے امان کسی کا پھر قتل کرے اسکو دیا جاوے گا جھنڈا

الغدر يوم القيامة رواه في شرح السنة وعن سليم بن عامر قال كان بين معاوية وبين الروم عهد وكان يسير نحو بلادهم

بے وفائی کا روز قیامت کے روایت کیا اسکو شرح سنت میں ۔ اور روایت ہے سلیم بن عامر سے کہا تھا معاویہ اور روم کے درمیان عہد اور تھا معاویہ کہ چلا جاتا انکے شہر کی طرف

حتى اذا انقضى العهد اغار عليهم فجاء رجل على فرس او برذون وهو يقول الله اكبر الله اكبر وفاء لا غدر فنظروا فاذا هو عمرو بن

یہاں تک کہ جب پورا ہو عہد چڑھائی کی ان پر پس آیا ایک مرد گھوڑے پر یا ترکی گھوڑے پر کہتا ہوا اللہ اکبر اللہ اکبر وفا کرنا عہد نہ کہ توڑنا سو لوگوں نے دیکھا سو اچانک وہ عمرو بن

عبسة فسأله معاوية عن ذلك فقال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من كان بينه وبين قوم عهد فلا يحلن عهدا ولا

عبسہ تھا سو پوچھا اسکو معاویہ نے اس سے تب کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جو شخص کہ ہو اس کے اور کسی قوم کے درمیان عہد تو نہ توڑے اس کو اور

يشدنه حتى يمضي امده او ينبذ اليهم على سواء قال فرجع معاوية بالناس رواه الترمذي وابو داود وعن ابي رافع قال

نہ باندھے یہاں تک کہ پوری ہو مدت اسکی یا پھینک دے انکی طرف پیغام برابری کا کہا سو پھرا معاویہ لوگوں کو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود نے اور روایت ہے ابی رافع سے کہا

بعثني قريش الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم القي في قلبي الاسلام فقلت يا رسول الله اني لا ارجع

بھیجا مجھ کو قریش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف پھر جب دیکھا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو ڈالا گیا میرے دل میں اسلام سو کہا میں نے یا رسول اللہ میں نہ پھروں گا

اليهم ابدا قال اني لا اخيس بالعهد ولا احبس البرد ولكن ارجع فان كان في نفسك الذي في نفسك الآن فارجع قال فذهبت ثم اتيت

انکی طرف کبھی فرمایا کہ میں نہیں توڑتا عہد کو اور نہ قید کرتا ہوں ایلچیوں کو ولیکن پھر جا اور اگر رہے تیرے جی میں جو اب ہے تیرے جی میں تو پھر آئیو کہا سو گیا میں پھر آیا

النبي صلى الله عليه وسلم فاسلمت رواه ابو داود وعن نعيم بن مسعود رض ان النبي صلى الله عليه وسلم قال لرجلين جاءا من عند

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اور اسلام لایا روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے نعیم بن مسعود رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو مردوں کو جو آئے تھے

مسيلمة اما والله لولا ان الرسل لا تقتل لضربت اعناقكما رواه احمد وابو داود وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده رض ان

مسیلمہ کے پاس سے خبردار قسم ہے اللہ کی اگر نہ ہوتی یہ بات کہ ایلچی نہیں قتل کئے جاتے تو البتہ مارتا میں گردنیں تمہاری روایت کیا اسکو احمد اور ابوداود نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اس نے اپنے باپ سے اس نے اپنے دادا سے

رسول الله صلى الله عليه وسلم قال في خطبته اوفوا بحلف الجاهلية فانه لا يزيده يعني الاسلام الا شدة ولا تحدثوا حلفا في

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خطبے میں اپنے پوری کرو جاہلیت کی قسم کو کیونکہ زیادہ نہیں کرتا اسکو یعنی اسلام مگر مضبوطی اور نیا نہ نکالو حلف

الاسلام رواه الترمذي من طريق حسين بن ذكوان عن عمرو وقال حسن وذكر حديث علي المسلمون تتكافأ دماؤهم في كتاب

اسلام میں روایت کیا اسکو ترمذی نے طریق حسین بن ذکوان سے عمرو سے اور کہا حسن ہے اور ذکر کی گئی حدیث علی کی جسکے اول میں ہے مسلمان برابر ہیں خون انکے کتاب

القصاص الفصل الثالث عن ابن مسعود رض قال جاء ابن النواحة وابن اثال رسولا مسيلمة الى رسول الله صلى الله عليه و

القصاص میں فصل تیسری روایت ہے ابن مسعود رض سے کہا آیا ابن النواحہ اور ابن اثال جو دونوں قاصد تھے مسیلمہ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و

سلم فقال لهما اتشهدان اني رسول الله فقالا نشهد ان مسيلمة رسول الله فقال النبي صلى الله عليه وسلم آمنت بالله ورسله لو

سلم پاس سو فرمایا ان دونوں کو کیا گواہی دیتے ہو کہ میں رسول اللہ کا ہوں سو کہا ان دونوں نے گواہی دیتے ہیں ہم کہ مسیلمہ رسول اللہ کا ہے سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایمان لایا میں اللہ پر اور اسکے رسولوں پر اگر

كنت قاتلا رسولا لقتلتكما قال عبد الله فمضت السنة ان الرسل لا تقتل رواه احمد

ہوتا میں قتل کرنے والا قاصد کا البتہ قتل کرتا میں تم دونوں کو کہا عبد اللہ نے سو جاری ہوئی سنت یہ کہ نہیں مارے جاتے قاصد روایت کیا اسکو احمد نے

باب قسمة الغنائم والغلول فيها

باب غنیمتوں کے تقسیم کرنے کا اور ان میں خیانت کرنے کا

الفصل الاول عن ابي هريرة رض عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فلم تحل الغنائم لاحد من قبلنا ذلك بان الله رأى ضعفنا

پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ رض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا سو حلال نہیں ہوئیں غنیمتیں کسی کو ہم سے پہلے یہ اسواسطے کہ اللہ تعالی نے نظر کی ہماری

وعجزنا فطيبها لنا متفق عليه وعن ابي قتادة رض قال خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم عام حنين فلما التقينا كانت للمسلمين

عاجزی اور ضعف پر سو حلال کر دیا انکو ہمارے واسطے متفق علیہ اور روایت ہے ابی قتادہ رض سے کہا نکلے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جس سال حنین ہوا سو جب مقابلہ ہوا ہمارا تھا مسلمانوں کو

له عن وائل بن حجر لا تقولوا الكرم ولكن قولوا العنب والحبلة عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تسموا

مسلم کی وائل بن حجر سے ہے نہ کہو کرم و لیکن کہو عنب اور حبلہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ نام رکھو

العنب الكرم ولا تقولوا يا خيبة الدهر فإن الله هو الدهر رواه البخاري وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يسب

انگور کا کرم اور نہ کہو اے کم بختی زمانے کی اس واسطے کہ زمانے کا پھیر والا تو اللہ ہی ہے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ گالی دے

أحدكم الدهر فإن الله هو الدهر رواه مسلم وعن عائشة رض قالت قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا يقولن

کوئی تمہارا زمانے کو کیونکہ اللہ ہی ہے پھیر والا زمانہ کا روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رض سے بولیں کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ کہے

أحدكم خبثت نفسي ولكن ليقل لقست نفسي متفق عليه وذكر حديث أبي هريرة يؤذيني ابن آدم في باب الإيمان الفصل

کوئی تمہارا کہ خبیث ہوا نفس میرا و لیکن چاہئے کہ یوں کہے بے مزہ ہوا نفس میرا متفق علیہ اور ذکر کی گئی حدیث ابی ہریرہ کی جس کے شروع میں ہے کہ ایذا دیتا ہے مجھ کو ابن آدم باب الایمان میں

الثاني عن شريح بن هانئ عن أبيه أنه لما وفد إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم مع قومه سمعهم يكنونه بأبي الحكم فدعاه

دوسری فصل روایت ہے شریح بن ہانی سے اس نے اپنے باپ سے کہ ان کا باپ جب آیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنی قوم کے ساتھ سنا آنحضرت نے ان کو کنیت کرتے تھے ابی الحکم کی پس بلایا اس کو

رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال إن الله هو الحكم وإليه الحكم فلم تكنى أبا الحكم قال إن قومي إذا اختلفوا في شيء أتوني

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا مقرر خدا ہی ہے منصف اور اسی کی طرف رجوع کرنا ہے حکم پھر کیوں بلایا جاتا ہے تو لفظ ابی الحکم سے کہا ابی نے کہ قوم میری جب اختلاف کرتی ہے کسی چیز میں آتی ہے میرے پاس

فحكمت بينهم فرضي كلا الفريقين بحكمي فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما أحسن هذا فما لك من الولد قال لي شريح

سو فیصلہ کرتا ہوں میں بیچ ان کے پھر راضی ہوتے ہیں دونوں گروہ میرے فیصلے سے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا اچھا ہے یہ سو بھلا ہیں تیری کیا کیا اولاد کہا شریح

ومسلم وعبد الله قال فمن أكبرهم قلت شريح قال فأنت أبو شريح رواه أبو داود والنسائي وعن مسروق قال لقيت

و مسلم و عبد اللہ ہیں فرمایا پھر کون بڑا ان کا کہا میں نے شریح ہے فرمایا تو تو ابو شریح ہے روایت کیا اس کو ابو داود اور نسائی نے اور روایت ہے مسروق سے کہا کہ ملاقات کی میں نے

عمر رض فقال من أنت قلت مسروق بن الأجدع قال عمر سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الأجدع شيطان

عمر رض سے سو کہا عمر نے کون ہے تو کہا میں نے مسروق بن الاجدع کہا عمر نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے اجدع شیطان ہے

رواه أبو داود وابن ماجه وعن أبي الدرداء قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تدعون يوم القيامة بأسمائكم وأسماء

روایت کیا اس کو ابو داود اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پکارے جاؤ گے تم قیامت کے دن اپنے ناموں سے اور نام سے

آبائكم فأحسنوا أسماءكم رواه أحمد وأبو داود وعن أبي هريرة أن النبي صلى الله عليه وسلم نهى أن يجمع أحد بين

اپنے باپوں کے سو اچھا رکھو تم نام اپنا روایت کیا اس کو احمد اور ابو داود نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ جمع کرے کوئی درمیان

اسمه وكنيته ويسمى محمدا أبا القاسم رواه الترمذي وعن جابر أن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا سميتم باسمي فلا تكتنوا

نام اور کنیت آنحضرت کے اور بلایا جاوے محمد نام والا ابو القاسم کنیت سے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے جابر رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب رکھو تم میرے نام پر تو کنیت نہ رکھو

بكنيتي رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث غريب وفي رواية أبي داود قال صلى الله عليه وآله وسلم من تسمى

میری کنیت سے روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور ابو داود کی ایک روایت میں یوں ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جس کا نام ہو

ف بعض روایت میں ہے بوشریح ہی ف بعضوں کے نام محمد ہو کنیت ابو القاسم رکھنا چاہئے اور بعض کہتے ہیں کنیت ابو القاسم کی نہ رکھے اور نام سوائے نام محمد کے ... سے یوں

بِاسْمِي فَلَا يَكْتَنِ بِكُنْيَتِي وَمَنْ تَكَنَّى بِكُنْيَتِي فَلَا يَتَسَمَّ بِاسْمِي وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ امْرَأَةً قَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي وَلَدْتُ غُلَامًا فَسَمَّيْتُهُ مُحَمَّدًا

میرے نام سے تو کنیت نہ ہو اسکی میری کنیت اور جسکی کنیت ہو میری کنیت سے تو نہ نام ہو اسکا میرے نام سے اور روایت ہی عائشہ رضی سے کہ ایک عورت نے کہا یا رسول اللہ میں نے جنی ہی ایک لڑکا سو رکھا اسکا محمد

وَكَنَّيْتُهُ أَبَا الْقَاسِمِ فَذُكِرَ لِي أَنَّكَ تَكْرَهُ ذٰلِكَ فَقَالَ مَا الَّذِي أَحَلَّ اسْمِي وَحَرَّمَ كُنْيَتِي وَمَا الَّذِي حَرَّمَ كُنْيَتِي وَأَحَلَّ اسْمِي رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

اور کنیت کی اسکی ابو القاسم سو ذکر ہوا میرے پاس کہ برا جانتے ہیں تو اسکو سو فرمایا کونسی چیز ہی کہ حلال کر دیتی ہی نام میرے کو اور حرام کرتی ہی کنیت میری کو اور کونسی چیز ہی کہ حرام کرتی ہی کنیت میری کو اور حلال کرتی ہی نام میرے کو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وَقَالَ مُحْيِي السُّنَّةِ غَرِيبٌ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ أَرَأَيْتَ إِنْ وُلِدَ لِي بَعْدَكَ وَلَدٌ أُسَمِّيهِ بِاسْمِكَ وَأُكَنِّيهِ

اور کہا محی السنہ نے غریب ہی اور روایت ہی محمد بن حنفیہ سے اسنے اپنے باپ سے کہا کہا میں نے یا رسول اللہ بھلا بتلائیے اگر پیدا ہو لڑکا میرے بعد آپ کے تو نام رکھوں اسکا نام سے آپکے اور کنیت

بِكُنْيَتِكَ قَالَ نَعَمْ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَنَّانِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِبَقْلَةٍ كُنْتُ أَجْتَنِيهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا

تیری کنیت سے فرمایا ہاں روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہی انس سے کہا کنیت کی میری رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ ساگ کے جسکو چنتا تھا میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ

حَدِيثٌ لَا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَفِي الْمَصَابِيحِ صَحَّحَهُ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُغَيِّرُ الْاِسْمَ الْقَبِيحَ

حدیث ہی کہ نہیں پہچانتے ہیں ہم اسکو مگر اسی وجہ سے اور مصابیح میں صحیح کہا اسکو اور روایت ہی عائشہ رضی سے بولیں بیشک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بدل ڈالتے برے نام کو

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ بَشِيرِ بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ عَمِّهِ أُسَامَةَ بْنِ أَخْدَرِيٍّ أَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ أَصْرَمُ كَانَ فِي النَّفَرِ الَّذِينَ أَتَوْا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہی بشیر بن میمون سے اسنے اپنے چچا اسامہ بن اخدری سے کہ ایک شخص کو لوگ کہتے اصرم تھا وہ شخص ان جماعت میں جو آئی آنحضرت صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اسْمُكَ قَالَ أَصْرَمُ قَالَ بَلْ أَنْتَ زُرْعَةُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَقَالَ غَيَّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

وسلم کی خدمت میں سو پوچھا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہی نام تیرا کہا نام میرا اصرم ہی فرمایا بلکہ نام تیرا زرعہ ہی روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور کہا ابو داؤد نے بدل ڈالا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

اِسْمَ الْعَاصِ وَعَزِيزٍ وَعَتَلَةَ وَشَيْطَانٍ وَالْحَكَمِ وَغُرَابٍ وَحُبَابٍ وَشِهَابٍ وَقَالَ تَرَكْتُ أَسَانِيدَهَا لِلْاِخْتِصَارِ وَعَنْ أَبِي مَسْعُودٍ

نام عاص کو اور نام عزیز اور عتلہ کو اور نام شیطان اور حکم کو اور نام غراب اور حباب اور شہاب کو اور کہا ابو داؤد نے ذکر نہ کیا میں نے انکی سندوں کو واسطے اختصار کے اور روایت ہی ابی مسعود

الْأَنْصَارِيِّ قَالَ لِأَبِي عَبْدِ اللهِ أَوْ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ لِأَبِي مَسْعُودٍ مَا سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي زَعَمُوا قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ

انصاری سے کہا ابو عبد اللہ کو یا کہا ابو عبد اللہ نے ابی مسعود کو کیا سنا تو نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے لفظ زعموا میں کیا کہا سنا میں نے رسول اللہ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بِئْسَ مَطِيَّةُ الرَّجُلِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَقَالَ إِنَّ أَبَا عَبْدِ اللهِ حُذَيْفَةُ وَعَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ

صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے بری ہی سواری مرد کی وہ ہی روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور کہا کہ ابا عبد اللہ حذیفہ ہی اور روایت ہی حذیفہ سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ

وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُولُوا مَا شَاءَ اللهُ وَشَاءَ فُلَانٌ وَلٰكِنْ قُولُوا مَا شَاءَ اللهُ ثُمَّ شَاءَ فُلَانٌ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَفِي رِوَايَةٍ مُنْقَطِعًا

وسلم سے فرمایا نہ بولا کرو جو چاہے اللہ اور فلانہ لیکن کہو جو چاہے اللہ بعد اسکے جو چاہے فلانہ روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد نے اور ایک روایت میں منقطع ہی

قَالَ لَا تَقُولُوا مَا شَاءَ اللهُ وَشَاءَ مُحَمَّدٌ وَقُولُوا مَا شَاءَ اللهُ وَحْدَهُ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ

فرمایا نہ بولا کرو جو چاہے اللہ اور محمد اور بولا کرو جو چاہے اللہ فقط روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہی اسی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا

لَا تَقُولُوا لِلْمُنَافِقِ سَيِّدٌ فَإِنَّهُ إِنْ يَكُ سَيِّدًا فَقَدْ أَسْخَطْتُمْ رَبَّكُمْ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ شَيْبَةَ

نہ بولا کرو منافق کو سردار اسواسطے کہ اگر وہ ہو سردار تو ناراض کیا تم نے اپنے رب کو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے تیسری فصل روایت ہی عبد الحمید بن جبیر بن شیبہ سے

قَالَ جَلَسْتُ إِلَى سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ فَحَدَّثَنِي أَنَّ جَدَّهُ حَزْنًا قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا اسْمُكَ قَالَ اسْمِي حَزْنٌ قَالَ بَلْ أَنْتَ سَهْلٌ

اسنے کہا کہ بیٹھا میں سعید بن مسیب کے پاس سو حدیث سنائی مجھے کہ دادا اسکا حزن ہی حاضر ہوا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس سو پوچھا اسکو حضرت نے کیا ہی نام تیرا کہا نام میرا حزن ہی فرمایا بلکہ تو سہل ہی

یعنی اسی اسناد سے جو ذکر کیا ہی ترمذی نے اسی جامع میں

قَالَ مَا اَنَا بِمُغَيِّرٍ اِسْمًا سَمَّانِيْهِ اَبِيْ قَالَ فَمَا زَالَتْ فِيْنَا الْحُزُوْنَةُ بَعْدُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اَبِيْ وَهْبِ الْجُشَمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

کہا اسنے میں نہیں بدلتا نام کو جو رکھا میرے باپ نے کہا سعد نے سو ہمیشہ رہی ہم میں سختی بعد اسکے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی وہب الجشمی سے کہا فرمایا رسول اللہ

وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَسَمَّوْا بِاَسْمَاءِ الْاَنْبِيَاءِ وَاَحَبُّ الْاَسْمَاءِ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى عَبْدُ اللّٰهِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَاَصْدَقُهَا حَارِثٌ وَهَمَّامٌ وَاَقْبَحُهَا حَرْبٌ وَمُرَّةُ

واٰلہ وسلم نے نام رکھا کرو ناموں سے پیغمبروں کے اور بہت پیارا سب ناموں سے اچھا نام اللہ کے پاس عبد اللہ اور عبد الرحمن ہے اور سب ناموں سے زیادہ سچا حارث اور ہمام اور سب سے برا نام حرب اور مرہ ہے

رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ

روایت کیا اسکو ابو داود نے

بَابُ الْبَيَانِ وَالشِّعْرِ

باب بیان اور شعر کا

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

فصل پہلی

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَدِمَ رَجُلَانِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَخَطَبَا فَعَجِبَ النَّاسُ لِبَيَانِهِمَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ

روایت ہے ابن عمر سے کہا آئے دو آدمی مشرق سے اور باتیں کیں سو لوگوں کو تعجب ہوا انکی خوش تقریری سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مقرر بعض بیان جادو ہے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی بن کعب سے اسنے کہا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بعض

حِكْمَةً رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ هَلَكَ الْمُتَنَطِّعُوْنَ قَالَهَا ثَلٰثًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

شعر حکمت ہے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہلاک ہوئے بناوٹ کی باتیں کرنے والے فرمایا اس کلمہ کو تین بار روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَصْدَقُ كَلِمَةٍ قَالَهَا الشَّاعِرُ كَلِمَةُ لَبِيْدٍ اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

ابی ہریرہ سے کہا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سچی زیادہ بات جسکو کہا شاعر نے شعر لبید کا ہے سن رکھو ہر چیز سوا اللہ کے فنا ہونیوالی ہے متفق علیہ

وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَدِفْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ هَلْ مَعَكَ مِنْ شِعْرِ اُمَيَّةَ بْنِ اَبِي الصَّلْتِ

اور روایت ہے عمرو بن شرید سے اسنے اپنے باپ سے کہا پیچھے سوار ہوا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک دن سو فرمایا یاد رکھتا ہے تو امیہ بن ابی الصلت کی شعروں سے

شَيْءٌ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ هِيْهِ فَاَنْشَدْتُهٗ بَيْتًا فَقَالَ هِيْهِ ثُمَّ اَنْشَدْتُهٗ بَيْتًا فَقَالَ هِيْهِ حَتّٰى اَنْشَدْتُهٗ مِائَةَ بَيْتٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ جُنْدُبٍ

کچھ کہا میں نے ہاں فرمایا پڑھ سو سنایا میں نے ایک بیت پھر فرمایا پڑھ دوسرا سو سنایا میں نے دوسرا پھر فرمایا پڑھ یہاں تک کہ سنایا میں نے آپ کو سو بیت روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جندب سے

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ فِيْ بَعْضِ الْمَشَاهِدِ وَقَدْ دَمِيَتْ اِصْبَعُهٗ فَقَالَ هَلْ اَنْتِ اِلَّا اِصْبَعٌ دَمِيْتِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا لَقِيْتِ

کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے بعض لڑائیوں میں حالانکہ خون آلودہ تھی انگلی آپ کی سو فرمایا نہیں ہے تو مگر انگلی کہ خون میں بھر گئی اور اللہ کی راہ میں جو کچھ دیکھا تو نے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَوْمَ قُرَيْظَةَ لِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ اُهْجُ الْمُشْرِكِيْنَ فَاِنَّ جِبْرِيْلَ مَعَكَ وَكَانَ

متفق علیہ اور روایت ہے براء سے کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قریظہ کے دن حسان بن ثابت کو ہجو کر مشرکوں کی اسواسطے کہ جبرئیل ساتھ تیرے ہے اور تھے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِحَسَّانَ اَجِبْ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ اَيِّدْهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے حسان کو جواب دے تو میری طرف سے فرماتے الٰہی تائید کر اسکی روح القدس سے متفق علیہ اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ آنحضرت

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اُهْجُوْا قُرَيْشًا فَاِنَّهٗ اَشَدُّ عَلَيْهِمْ مِنْ رَشْقِ النَّبْلِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہجو کرو قریش کی کیونکہ ہجو بہت سخت ہے ان پر زخم تیر سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انہیں سے بولیں کہ سنا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ و

وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِحَسَّانَ اِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ لَا يَزَالُ يُؤَيِّدُكَ مَا نَافَحْتَ عَنِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَقَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

اٰلہ وسلم کو فرماتے حسان کو مقرر جبرئیل ہمیشہ مدد کیا کرتا ہے تیری جب تک کہ تو نے خدا اور اسکے رسول کی طرف سے جواب دیا اور بولیں کہ سنا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو

يَقُوْلُ هَجَاهُمْ حَسَّانُ فَشَفٰى وَاشْتَفٰى رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَنْقُلُ التُّرَابَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ

فرماتے ہجو کیا حسان نے سو چنگا کیا اور چنگا ہوا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے براء سے کہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ڈھو ڈالتے تھے مٹی خندق کے دن یہاں تک کہ

اغبر بطنه يقول والله لولا الله ما اهتدينا ولا تصدقنا ولا صلينا فانزلن سكينة علينا وثبت الاقدام ان لاقينا ان الاولى

خاک آلودہ ہوا پیٹ آپ کا فرماتے تھے قسم خدا کی اگر نہیں ہوتی رحمت خدا کی تو نہ راہ پاتے ہم اور نہ خیرات کرتے اور نہ نماز پڑھتے سو اتار تسکین ہم پر اور جما دے قدموں کو اگر ملیں ہم مقابل کو بیشک ان لوگوں نے

قد بغوا علينا اذا ارادوا فتنة ابينا يرفع بها صوته ابينا ابينا متفق عليه وعن انس قال جعل المهاجرون والانصار يحفرون

ظلم کیا ہم پر جب چاہتے ہیں کہ دین سے بچلا دیں تو نہ مانا ہم نے اونچی کرتے تھے کلمے ابینا ابینا کو اپنی آواز سے متفق علیہ اور روایت ہے انس سے کہا شروع کیا مہاجروں اور انصار نے کھودنا

الخندق وينقلون التراب وهم يقولون نحن الذين بايعوا محمدا على الجهاد ما بقينا ابدا يقول النبي صلى الله عليه وآله وسلم وهو

خندق اور اٹھاتے تھے مٹی کو اور کہتے تھے ہم نے محمد سے بیعت کی جہاد پر ہمیشہ جب تک کہ ہم زندہ رہیں گے تو فرماتے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

يجيبهم اللهم لا عيش الا عيش الآخرة فاغفر للانصار والمهاجرة متفق عليه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله و

ان کے جواب میں الٰہی زندگی نہیں مگر آخرت کی زندگی سو تو بخش انصار اور مہاجرین کو متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

سلم لان يمتلئ جوف رجل قيحا يريه خير من ان يمتلئ شعرا متفق عليه

الفصل الثاني

عن كعب بن مالك انه قال للنبي

وسلم نے البتہ بھر جاوے پیٹ مرد کا پیپ سے جو بگاڑ دے اسکو بھلا ہے اس سے کہ بھرے شعر سے متفق علیہ دوسری فصل روایت ہے کعب بن مالک سے انہوں نے کہا نبی

صلى الله عليه وآله وسلم ان الله قد انزل في الشعر ما انزل فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم ان المؤمن يجاهد بسيفه ولسانه الا الذين

صلی اللہ علیہ وسلم کو مقرر اللہ نے اتارا شعر کے باب میں جو کچھ اتارا تو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ایماندار لڑتا ہے اپنی تلوار اور زبان سے مگر جو

آمنوا وعملوا الصالحات وذكروا الله كثيرا الآية والذي نفسي بيده لكانما ترمونهم به نضح النبل رواه في شرح السنة وفي

یقین لائے اور کیں نیکیاں اور یاد کیا اللہ کو بہت پوری آیت اور قسم اس ذات پاک کی کہ جان میری ہے ہاتھ میں اسکے البتہ گویا کہ چلاتے ہو تم ان پر سبب شعر کے تیر روایت کیا اسکو

الاستيعاب لابن عبد البر انه قال يا رسول الله ماذا ترى في الشعر فقال ان المؤمن يجاهد بسيفه ولسانه وعن ابي امامة عن

مذکور ہے استیعاب میں جو ابن عبد البر کی ہے کہ کعب نے کہا یا رسول اللہ کیا دیکھتے ہیں آپ شعر کے باب میں فرمایا کہ مقرر ایماندار جہاد کرتا ہے اپنی تلوار اور زبان سے اور روایت ہے ابی امامہ سے

النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال الحياء والعي شعبتان من الايمان والبذاء والبيان شعبتان من النفاق رواه الترمذي وعن

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا شرم اور کم سخنی دو شاخ ایمان کی ہیں اور گالی بکنا اور خوش تقریری دو شاخ نفاق کی ہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

ابي ثعلبة الخشني ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ان احبكم الي واقربكم مني يوم القيمة احاسنكم اخلاقا وان

ابی ثعلبہ خشنی سے کہ آنحضرت نے فرمایا مقرر تم سبھوں سے زیادہ پیارا میرے پاس اور زیادہ نزدیک مجھ سے قیامت کے دن اچھے اخلاق والے ہیں اور

ابغضكم الي وابعدكم مني اساويكم اخلاقا الثرثارون المتشدقون المتفيهقون رواه البيهقي في شعب الايمان وروى

تم سبھوں سے زیادہ دشمن اور بہت دور مجھ سے وہ ہیں جنکے برے ہیں اخلاق باتیں بنا کر کہنے والے اور حقیقی تقریر کرنے والے لمبی تقریر کرنے والے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

الترمذي نحوه عن جابر وفي روايته قالوا يا رسول الله قد علمنا الثرثارون والمتشدقون فما المتفيهقون قال المتكبرون

ترمذی نے مانند اسکے جابر سے اور ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ کہا صحابہ نے یا رسول اللہ مقرر معلوم کیا ہم نے ثرثارون اور متشدقون کو پھر کون ہیں متفیہقون فرمایا کہ وہ ہیں

وعن سعد بن ابي وقاص قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تقوم الساعة حتى يخرج قوم يأكلون بالسنتهم

متکبرون اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ قائم ہوگی قیامت یہاں تک کہ نکلیگی ایک قوم کہ کھاویگی اپنی زبان سے

كما تأكل البقرة بالسنتها رواه احمد وعن عبد الله بن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ان الله يبغض البليغ من الرجال

جیسا کہ کھاتی ہے گائے اپنی زبان سے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے عبداللہ بن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مقرر اللہ دشمن رکھتا ہے بہت فصاحت والے مردوں کو

الَّذِي يَتَخَلَّلُ بِلِسَانِهِ كَمَا تَتَخَلَّلُ الْبَاقِرَةُ بِلِسَانِهَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ. وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ

جو مروڑتا ہے اپنی زبان جیسا کہ مروڑتی ہے گائے اپنی زبان کو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَرَرْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي بِقَوْمٍ تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيضَ مِنْ نَارٍ فَقُلْتُ يَا جِبْرِيلُ مَنْ هٰؤُلَاءِ قَالَ هٰؤُلَاءِ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے گذرا میں معراج کی رات کو ایک قوم پر کترے جاتے تھے لب انکے آگ کی مقراضوں سے تب کہا میں نے اے جبریل کون ہیں یہ کہا یہ گروہ

خُطَبَاءُ أُمَّتِكَ الَّذِينَ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ. وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

تری امت کے واعظ ہیں کہ کہتے ہیں منہ سے اپنے جو خود نہیں کرتے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی

عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّمَ صَرْفَ الْكَلَامِ لِيَسْبِيَ بِهِ قُلُوبَ الرِّجَالِ أَوِ النَّاسِ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا. رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ.

علیہ وسلم نے جس نے سیکھا الٹ پھیر کلام اسواسطے کہ بند کرے اس سے دل مردوں کا یا لوگوں کا نہ قبول کی جاویگی اس سے قیامت کے دن توبہ اور نہ چھوڑ دینی اسکی ابوداؤد نے

وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّهُ قَالَ يَوْمًا وَقَامَ رَجُلٌ فَأَكْثَرَ الْقَوْلَ فَقَالَ عَمْرٌو لَوْ قَصَدَ فِي قَوْلِهِ لَكَانَ خَيْرًا لَهُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اور روایت ہے عمرو بن العاص سے کہ اسنے کہا ایک دن حالانکہ کھڑا ہوا ایک مرد اور بہت باتیں کیں تب کہا عمرو نے اگر درازی کم کرتا یہ شخص اپنی باتیں تو بہتر ہوتا اسکے لئے سنا میں نے آنحضرت

عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَقَدْ رَأَيْتُ أَوْ أُمِرْتُ أَنْ أَتَجَوَّزَ فِي الْقَوْلِ فَإِنَّ الْجَوَازَ هُوَ خَيْرٌ. رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ. وَعَنْ صَخْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ

علیہ وسلم کو فرماتے البتہ جانا میں نے یا فرمایا حکم ہوا مجھکو کمی کروں بات میں اسواسطے کہ کمی بات میں بہتر بھلا ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے صخر بن عبد اللہ بن بریدہ سے

عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا وَإِنَّ مِنَ الْعِلْمِ جَهْلًا وَإِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكَمًا وَ

اسنے اپنے باپ سے اسنے اسکے دادا سے کہا کہ سنا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے کہ مقرر بعض بیان تو جادو ہے اور بعض علم تو جہل ہے اور بعض شعر تو حکمت اور

إِنَّ مِنَ الْقَوْلِ عِيَالًا. رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ.

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ لِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ

بعض بات تو وبال ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے فصل تیسری اور روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم رکھتے واسطے حسان بن ثابت کے

مِنْبَرًا فِي الْمَسْجِدِ يَقُومُ عَلَيْهِ قَائِمًا يُفَاخِرُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَوْ يُنَافِحُ وَيَقُولُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ

منبر مسجد میں کھڑا ہوتا اسپر حسان اچھلکر اہو فخر کرتا تھا کافروں کے مقابلے میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے یا دفع کرتا تھا اور فرماتے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مقرر اللہ

تَعَالَى يُؤَيِّدُ حَسَّانَ بِرُوحِ الْقُدُسِ مَا نَافَحَ أَوْ فَاخَرَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ. وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ حَادٍ

تعالی تائید کرتا ہے حسان کی روح قدس سے جب تک دفع کرتا ہے یا فخر کرتا ہے رسول خدا کی طرف سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے اسنے کہا تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا حدی خوان

يُقَالُ لَهُ أَنْجَشَةُ وَكَانَ حَسَنَ الصَّوْتِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ رُوَيْدَكَ يَا أَنْجَشَةُ لَا تَكْسِرِ الْقَوَارِيرَ. قَالَ قَتَادَةُ يَعْنِي ضَعَفَةَ

نام اسکا تھا انجشہ اور تھی آواز اسکی اچھی تب فرمایا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آہستہ چلا اے انجشہ نہ توڑ شیشوں کو کہا قتادہ نے یعنی ضعیف

النِّسَاءِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ. وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ ذُكِرَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الشِّعْرُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ هُوَ كَلَامٌ

عورتوں کو متفق علیہ اور روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ ذکر کیا گیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس شعر کا تب فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ کلام ہے

فَحَسَنُهُ حَسَنٌ وَقَبِيحُهُ قَبِيحٌ. رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ وَرَوَاهُ الشَّافِعِيُّ عَنْ عُرْوَةَ مُرْسَلًا. وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ بَيْنَا نَحْنُ نَسِيرُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ

سو بھلا اسکا بھلا ہے اور برا اسکا برا ہے روایت کیا اسکو دارقطنی نے اور روایت کیا اسکو شافعی نے عروہ سے مرسل اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ ہم سیر کرتے تھے ساتھ رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِالْعَرْجِ إِذْ عَرَضَ شَاعِرٌ يُنْشِدُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ خُذُوا الشَّيْطَانَ أَوْ أَمْسِكُوا الشَّيْطَانَ

صلی اللہ علیہ وسلم کے عرج میں ناگاہ ظاہر ہوا ایک شاعر جو پڑھتا تھا شعر تب فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پکڑو اس شیطان کو یا نہ چھوڑو اس شیطان کو۔

كان يمتلئ جوف رجل قيحا خير له من أن يمتلئ شعرا رواه مسلم وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الغناء ينبت النفاق

البتہ پیٹ بھرنا آدمی کا پیپ سے بہتر ہے اسکے لئے پیٹ بھرنا شعر سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے راگ اگاتا ہے نفاق

في القلب كما ينبت الماء الزرع رواه البيهقي في شعب الإيمان وعن نافع قال كنت مع ابن عمر في طريق فسمع مزمارا فوضع إصبعيه

دل میں جیسا پانی اگاتا ہے کھیتی کو روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے نافع سے کہا کہ تھا میں ابن عمر کے ساتھ ایک راہ میں سو سنا انھوں نے باجا تو ڈالیں اپنی دونوں انگلیاں

في أذنيه ونأى عن الطريق إلى الجانب الآخر ثم قال لي بعد أن بعد يا نافع هل تسمع شيئا قلت لا فرفع إصبعيه من أذنيه قال كنت مع رسول

اپنے دونوں کانوں میں اور چلے گئے اس راہ سے دوسری طرف کو پھر کہا مجھے بعد دور نکل جانے کے اے نافع تو کچھ سنتا ہے کہا میں نے نہیں تب اٹھائیں دونوں انگلیاں دونوں کانوں سے اور کہا کہ میں تھا ساتھ نبی

الله صلى الله عليه وآله وسلم فسمع صوت يراع فصنع مثل ما صنعت قال نافع وكنت إذ ذاك صغيرا رواه أحمد وأبو داود

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے تو سنا انھوں نے آواز بانسلی کی تو ایسا ہی کیا جیسا میں نے کیا کہا نافع نے اور تھا میں اس وقت میں لڑکا روایت کیا اسکو احمد اور ابوداود نے

باب حفظ اللسان والغيبة والشتم

باب نگہبانی زبان کو اور غیبت اور گالی کا

الفصل الأول

عن سهل بن سعد قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من يضمن لي ما بين لحييه وما

پہلی فصل روایت ہے سہل بن سعد سے کہا انہوں نے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو مجھ سے ضامن ہوا اسکا جو ہے اسکے دونوں جبڑوں کے بیچ میں اور

بين رجليه أضمن له الجنة رواه البخاري وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إن العبد ليتكلم بالكلمة من رضوان

دو پیروں میں ہے تو میں اسکی بہشت کا ضامن ہوتا ہوں روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بیشک بندہ خدا کی رضامندی کی بات بولتا ہے

الله لا يلقي لها بالا يرفع الله بها درجات وإن العبد ليتكلم بالكلمة من سخط الله لا يلقي لها بالا يهوي بها في جهنم رواه البخاري

اور دل میں اسکو کوئی چیز نہیں سمجھتا حالانکہ اسی بات کے سبب سے خدا اسکے درجے بلند کرتا ہے اور مقرر بندہ خدا کی ناخوشی کی بات بولتا ہے اور دل میں اسکو بڑی بات نہیں سمجھتا حالانکہ اسی کے سبب سے دوزخ

وفي رواية لهما يهوي بها في النار أبعد ما بين المشرق والمغرب وعن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه

اور ایک روایت میں مسلم اور بخاری کی گر پڑتا ہے دوزخ کی آگ میں اتنا دور بھی زیادہ جتنا مشرق و مغرب فرق ہے اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہا کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ

وآله وسلم سباب المسلم فسوق وقتاله كفر متفق عليه وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أيما رجل قال لأخيه

وآلہ وسلم نے بد بولنا مسلمان کو بے حکمی ہے اور مار ڈالنا اسکا کفر ہے، ق، اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کہے اپنے بھائی مسلمان کو

كافر فقد باء بها أحدهما متفق عليه وعن أبي ذر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا يرمي رجل رجلا بالفسوق و

کافر سو مقرر پلٹ پڑتا ہے یہہ کفر ایک پر دونوں کے، ق، اور روایت ہے ابی ذر سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے عیب لگاویگا ایک مرد دوسرے مرد کو گناہ اور

لا يرميه بالكفر إلا ارتدت عليه إن لم يكن صاحبه كذلك رواه البخاري وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

کفر کا مگر کہنے والے پر پلٹ پڑیگا اگر وہ شخص گناہ گار اور کافر نہوگا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے

من دعا رجلا بالكفر أو قال عدو الله وليس كذلك إلا حار عليه متفق عليه وعن أنس وأبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وآله

جو پکارے کسی مرد کو کافر کہکے یا اسکو خدا کا دشمن کہے اور حالانکہ وہ ایسا نہیں ہے تو کہنے والے پر پلٹ پڑیگا، ق، اور روایت ہے انس اور ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم قال المستبان ما قالا فعلى البادي ما لم يعتد المظلوم رواه مسلم وعن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

وسلم نے فرمایا دو گالی گلوچ کرنے والے جو کہیں شروع کرنے والے پر ہے جب تک کہ زیادتی نکرے مظلوم روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

قال لا ينبغي لصديق أن يكون لعانا رواه مسلم وعن أبي الدرداء قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول إن اللعانين

فرمایا کہ صدیق کو لایق نہیں کہ بہت لعنت کیا کرے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے مقرر بہت لعنت کرنے والے

اور زیادہ بیٹوں ...

لا يكونون شهداء ولا شفعاء يوم القيامة رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اذا قال الرجل هلك

نہ ہونگے گواہ اور نہ سفارشی قیامت کے دن روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہا کسی نے کوئی ہلاک ہوئے

الناس فهو اهلكهم رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم تجدون شر الناس يوم القيامة ذا الوجهين الذي يأتي

لوگ تو وہ سب سے زیادہ ہلاک ہونے والا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تم پاؤ گے بدترین آدمی کو جو آوے

هؤلاء بوجه وهؤلاء بوجه متفق عليه وعن حذيفة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول لا يدخل الجنة قتات

ان لوگوں میں ایک منہ لیکر اور جاوے ان کے پاس دوسرا منہ لیکر ۔ ق ۔ اور روایت ہے حذیفہ سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے نہ داخل ہوگا بہشت میں چغلخور

متفق عليه وفي رواية لمسلم نمام وعن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عليكم بالصدق فان الصدق

۔ ق ۔ اور مسلم کی ایک روایت میں قتات کی جگہ نمام ہے اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لازم کرو سچ بولنے کو کہ مقرر سچ بولنا

يهدي الى البر وان البر يهدي الى الجنة وما يزال الرجل يصدق ويتحرى الصدق حتى يكتب عند الله صديقا واياكم والكذب

نیکی کو پہنچاتا ہے اور نیکی بہشت میں پہنچاتی ہے اور ہمیشہ مرد سچ بولا کرتا ہے اور کوشش کرتا ہے سچ بولنے کی یہاں تک کہ خدا کے نزدیک صدیق لکھا جاتا ہے اور بچو تم جھوٹ سے

فان الكذب يهدي الى الفجور وان الفجور يهدي الى النار وما يزال الرجل يكذب ويتحرى الكذب حتى يكتب عند الله كذابا متفق عليه

کیونکہ جھوٹ بولنا نافرمانی کو پہنچاتا ہے اور نافرمانی دوزخ میں پہنچاتی ہے اور ہمیشہ مرد جھوٹ بولا کرتا ہے اور کوشش کرتا ہے یہاں تک کہ خدا کے نزدیک جھوٹا لکھا جاتا ہے ۔ ق ۔

وفي رواية لمسلم قال ان الصدق بر وان البر يهدي الى الجنة وان الكذب فجور وان الفجور يهدي الى النار وعن ام كلثوم رضي

اور ایک روایت میں مسلم کی یوں ہے کہ فرمایا سچ بولنا نیکی ہے اور مقرر نیکی پہنچاتی ہے جنت کو اور مقرر جھوٹ بولنا نافرمانی ہے اور نافرمانی دوزخ کو پہنچاتی ہے اور روایت ہے ام کلثوم

قالت قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ليس الكذاب الذي يصلح بين الناس ويقول خيرا او ينمي خيرا متفق عليه وعن المقداد بن

بولیں کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ شخص جھوٹا نہیں جو ملاپ کرا دیوے لوگوں میں اور کہے نیک بات یا اپنی طرف سے جوڑ کر نیک بات کہے ۔ ق ۔ اور روایت ہے مقداد بن

الاسود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا رايتم المداحين فاحثوا في وجوههم التراب رواه مسلم وعن ابي بكرة قال

اسود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دیکھو تم بہت تعریف کرنے والوں کو تو بھر دو ان کے منہوں میں خاک روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی بکرہ سے

اثنى رجل على رجل عند النبي صلى الله عليه وآله وسلم فقال ويلك قطعت عنق اخيك ثلثا من كان منكم مادحا لا محالة فليقل احسب

تعریف کی ایک نے دوسرے کی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سو تین دفعہ فرمایا حضرت نے کہ خرابی تیری ہے تو نے گردن مار دی اپنے بھائی کی جسکو تم میں سے کسی کی تعریف کرنی ہو

فلانا والله حسيبه ان كان يرى انه كذلك ولا يزكي على الله احدا متفق عليه وعن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال

فلانے کو اور اللہ اسکا حال خوب جانتا ہے اگر گمان کرے کہ وہ شخص ایسا ہی ہے اور تعریف کرے اللہ پر کسی کی ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اتدرون ما الغيبة قالوا الله ورسوله اعلم قال ذكرك اخاك بما يكره قيل افرايت ان كان في اخي ما اقول قال ان كان فيه ما تقول فقد

بھلا جانتے ہو تم کہ غیبت کیا چیز ہے اصحاب نے کہا اللہ اور اسکا رسول خوب جانتا ہے فرمایا کہ تو اپنے بھائی کا وہ ذکر کرے جو اسکو برا لگے کہا لوگوں نے بھلا فرمائیے تو اگر میرے بھائی میں وہی ہو جو

اغتبته وان لم يكن فيه ما تقول فقد بهته رواه مسلم وفي رواية اذا قلت لاخيك ما فيه فقد اغتبته واذا قلت ما ليس فيه

تو نے غیبت کی اور اگر اس میں وہ بات نہیں پھر تو نے اس پر بہتان باندھا روایت کیا اسکو مسلم نے اور ایک روایت میں ہے جب کہا تو نے اپنے بھائی کو جو اس میں ہے سو مقرر تو نے غیبت کی اسکی اور کہا تو نے

فقد بهته وعن عائشة رض ان رجلا استاذن على النبي صلى الله عليه وسلم فقال ائذنوا له فبئس اخو العشيرة فلما جلس تطلق النبي

تو بہتان باندھا تو نے اس پر اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ مقرر ایک مرد نے پروانگی مانگی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تب فرمایا پروانگی دو اسے سو بد گروہ کا آدمی ہے پھر جب بیٹھا وہ شخص تو حضرت نے خوش زبانی کی

صلى الله عليه وآله وسلم في وجهه وانبسط إليه فلما انطلق الرجل قالت قلت له كذا وكذا ثم تطلقت في وجهه وانبسطت إليه فقال

صلی اللہ علیہ وسلم اسکے روبرو اور خوشی ظاہر کرتے تھے اس سے پھر جب چلا گیا وہ تو بولیں عائشہ آپ نے کہا تھا پیچھے اسکے ایسا ایسا پھر روبرو اسکے آپ نے کشادہ روئی اور خوشی کی

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم متى عهدتني فحاشا إن شر الناس عند الله منزلة يوم القيامة من تركه الناس اتقاء شره وفي رواية

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کب دیکھا تو نے مجھے بد کہنے والا مقرر بدترین آدمیوں میں خدا کے پاس قیامت کے دن وہ ہے جس کو چھوڑیں لوگ اسکی بدی کے ڈر سے اور ایک روایت میں

اتقاء فحشه متفق عليه وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل أمتي معافى إلا المجاهرون وإن من المجانة أن

ان دونوں کے فحش سے بچنے کے لئے ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سب امت کے گناہ معاف ہونگے مگر جو اپنے پوشیدہ گناہ کو ظاہر کرتے ہیں اور بیباکی سے ہے کہ

يعمل الرجل بالليل عملا ثم يصبح وقد ستره الله تعالى فيقول يا فلان عملت البارحة كذا وكذا وقد بات يستره ربه ويصبح يكشف ستر

آدمی اسکو رات کو کام کرے پھر صبح ہو کہ اللہ تعالی نے اسکو چھپا دیا ہو پس وہ کہے اے فلانے میں نے رات کو ایسا ایسا کام کیا حالانکہ رات کو اسکے رب نے اسکا پردہ ڈالا اور صبح کو

الله عنه متفق عليه وذكر حديث أبي هريرة من كان يؤمن بالله في باب الضيافة

الفصل الثاني

عن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ترك

خدا کے پردہ کو کھولے اور ذکر کی گئی حدیث ابی ہریرہ کی جسکے شروع میں من کان یؤمن باللہ ہے باب الضیافۃ میں۔ فصل دوسری: روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی

الكذب وهو باطل بني له في ربض الجنة ومن ترك المراء وهو محق بني له في وسط الجنة ومن حسن خلقه بني له في أعلاها

جھوٹ بولنا چھوڑے حالانکہ وہ نادرست ہے بنایا جاتا ہے اسکے لئے جنت کے گرد میں اور جو چھوڑے جدال حالانکہ حق اسکی طرف ہو بنایا جائیگا اسکے لئے بیچ جنت کے اور جس کا اچھا ہو خلق بنایا جائیگا اسکے لئے جنت کے اعلیٰ میں

رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن وكذا في شرح السنة وفي المصابيح قال غريب وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن ہے اور اسی طرح ہے شرح سنہ میں اور کہا ہے مصابیح میں یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وآله وسلم أتدرون ما أكثر ما يدخل الناس الجنة تقوى الله وحسن الخلق أتدرون ما أكثر ما يدخل الناس النار

علیہ وآلہ وسلم نے کیا جانتے ہو تم بہت سی ان چیزوں کو جو داخل کریگی لوگوں کو جنت میں وہ ڈر اللہ کا ہے اور اچھی خصلت، کیا جانتے ہو تم بہت سی ان چیزوں کو جو داخل کرینگی لوگوں کو دوزخ میں

الأجوفان الفم والفرج رواه الترمذي وابن ماجه وعن بلال بن الحارث قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الرجل ليتكلم

دو چیزیں ہیں کہ جنکے اندر خالی ہے منہ اور شرمگاہ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے بلال بن حارث سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر آدمی بولتا ہے

بالكلمة من الخير ما يعلم مبلغها يكتب الله له بها رضوانه إلى يوم يلقاه وإن الرجل ليتكلم بالكلمة من الشر ما يعلم مبلغها

بات بھلائی کی نہیں جانتا ہے اسکے پہنچنے کی حد کو ثابت کرتا ہے خدا اسکے لئے اس سبب سے رضامندی اپنی اس دن تک کہ ملیگا اس سے اور آدمی بات بولتا ہے برائی کی نہیں جانتا ہے اسکے پہنچنے کی حد کو

يكتب الله له بها عليه سخطه إلى يوم يلقاه رواه في شرح السنة وروى مالك والترمذي وابن ماجه نحوه وعن بهز بن حكيم عن

ثابت کرتا ہے خدا اسی بات کے سبب سے ناخوشی اپنی اس دن تک کہ ملیگا اس سے روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور روایت کیا مالک اور ترمذی اور ابن ماجہ نے مانند اسکے اور روایت ہے بہز بن حکیم سے

أبيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ويل لمن يحدث فيكذب ليضحك به القوم ويل له ويل له رواه أحمد

اسنے اپنے باپ سے اسنے دادا سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خرابی ہے اسکو جو کہ بات کرتا ہے پھر جھوٹ بولتا ہے کہ ہنسے اسکے سبب سے قوم خرابی ہے اسکو خرابی ہے اسکو روایت کیا احمد

والترمذي وأبو داود والدارمي وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن العبد ليقول الكلمة لا يقولها إلا ليضحك بها

اور ترمذی اور ابوداؤد اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مقرر بندہ بات بولتا ہے نہیں بولتا ہے اسکو مگر اسلئے کہ ہنسائے

الناس يهوي بها أبعد ما بين السماء والأرض وإنه ليزل عن لسانه أشد مما يزل عن قدميه رواه البيهقي في شعب الإيمان وعن

لوگوں کو حالانکہ گرتا ہے اسکے سبب سے اتنی دور جتنا آسمان و زمین کے درمیان فاصلہ ہے اور وہ ڈگمگاتا ہے اپنی زبان سے زیادہ سخت اس سے جو ڈگمگاتا ہے اپنے قدموں سے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من صمت نجا رواه احمد والترمذي والدارمي والبيهقي في شعب الايمان

عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو چپ رہے نجات پاوے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور دارمی اور بیہقی نے شعب الایمان میں

وعن عقبة بن عامر قال لقيت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقلت ما النجاة فقال املك عليك لسانك وليسعك بيتك وابك على خطيئتك رواه احمد والترمذي

اور روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہا کہ ملاقات کی میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی سو عرض کیا میں نے کہ کونسی چیز ہے سبب نجات کا فرمایا اختیار میں رکھو اپنی زبان کو اور چاہیے کہ سمائے تجھکو گھر تیرا اور رو یا کر اپنے گناہ پر روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے

وعن ابي سعيد رفعه قال اذا اصبح ابن آدم فان الاعضاء كلها تكفر اللسان فتقول اتق الله فينا فانا نحن بك فان استقمت استقمنا وان اعوججت اعوججنا رواه الترمذي

اور روایت ہے ابی سعید سے اسنے رفع کیا اسکو فرمایا آنحضرت نے جب صبح کو اٹھتا ہے ابن آدم تو سارے عضو اسکے عاجزی کرتے ہیں زبان کی اور کہتے ہیں ڈر اللہ کو ہم میں کیونکہ ہم ساتھ تیرے ہیں اگر راست رہیگا تو راست رہینگے ہم اور اگر ٹیڑھا ہوگا تو تیرے ٹیڑھے ہونگے ہم روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن علي بن الحسين رضي قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من حسن اسلام المرء تركه ما لا يعنيه رواه مالك واحمد ورواه ابن ماجة عن ابي هريرة والترمذي والبيهقي في شعب الايمان عنهما

اور روایت ہے علی بن حسین رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آدمی کے اسلام کی خوبی سے ہے چھوڑنا اسکا بیہودگی کو روایت کیا اسکو مالک اور احمد نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ابی ہریرہ سے اور ترمذی اور بیہقی نے شعب الایمان میں ان دونوں سے

وعن انس رض قال توفي رجل من الصحابة فقال رجل ابشر بالجنة فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم او لا تدري فلعله تكلم فيما لا يعنيه او بخل بما لا ينقصه رواه الترمذي

اور روایت ہے انس رض سے کہا کہ انتقال کیا ایک شخص صحابہ میں سے سو کہا ایک مرد نے خوش ہو تجھے بہشت سے سو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بھلا نہیں جانتا ہے تو شاید کہ اسنے کلام کیا ہو بیہودگی میں یا بخیلی کی ہو ایسی چیز سے جو نقصان نہ کرے اسکا روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن سفيان بن عبد الله الثقفي قال قلت يا رسول الله ما اخوف ما تخاف علي قال فاخذ بلسان نفسه وقال هذا رواه الترمذي وصححه

اور روایت ہے سفیان بن عبد اللہ ثقفی سے کہا کہ عرض کیا میں نے یا رسول اللہ کونسی چیز بڑی ڈر کی ہے جس سے ڈرتے ہیں آپ ہمکو زیادہ پکڑی آنحضرت نے زبان اپنی اور فرمایا یہ ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو

وعن ابن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اذا كذب العبد تباعد عنه الملك ميلا من نتن ما جاء به رواه الترمذي

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب جھوٹھ بولتا ہے بندہ تو دور ہو جاتا ہے اس سے فرشتہ ایک کوس تک اسکی جھوٹھ کی بدبو سے روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن سفيان بن اسيد الحضرمي قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول كبرت خيانة ان تحدث اخاك حديثا هو لك به مصدق وانت به كاذب رواه ابو داود

اور روایت ہے سفیان بن اسید حضرمی سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے بڑی خیانت ہے کہ کہے تو اپنے بھائی کو ایسی بات کہ وہ سچا جانے تجھکو اسمیں حالانکہ تو اسمیں جھوٹھا ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے

وعن عمار رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من كان ذا وجهين في الدنيا كان له يوم القيمة لسانان من نار رواه الدارمي

اور روایت ہے عمار رض سے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ ہو دو منہ والا دنیا میں ہوگی اسکے لیے قیامت کے دن دو زبان آگ کی روایت کیا اسکو دارمی نے

وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ليس المؤمن بالطعان ولا باللعان ولا الفاحش ولا البذي رواه الترمذي والبيهقي في شعب الايمان وفي اخرى له ولا الفاحش البذي وقال الترمذي هذا حديث غريب

اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے ایماندار ساتھ طعن اور لعن کے اور نہ گالیاں اور نہ بیہودہ بکنے والا روایت کیا اسکو ترمذی اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور بیہقی کی دوسری روایت میں اور نہ گالی بیہودہ بکنے والا اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے

وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا يكون المؤمن لعانا وفي رواية لا ينبغي للمؤمن ان يكون لعانا

اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہوتا ہے مومن بہت لعنت کرنے والا اور ایک روایت میں نہیں لائق ہے ایماندار کو کہ بہت لعنت کیا کرے

رواه الترمذي وعن سمرة بن جندب قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تلاعنوا بلعنة الله ولا بغضب الله ولا بجهنم

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے سمرہ بن جندب سے کہا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ کہو کسی کو اللہ کی لعنت ہو تجھ پر اور اللہ کا غضب اور نہ کہا کرو تو جہنمی ہے اور ایک

وفي رواية ولا بالنار رواه الترمذي وابو داود وعن ابي الدرداء قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول ان العبد اذا لعن

روایت میں لفظ نار کا ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے مقرر بندہ جب لعنت کرتا ہے

شيئا صعدت اللعنة الى السماء فتغلق ابواب السماء دونها ثم تهبط الى الارض فتغلق ابوابها دونها ثم تاخذ يمينا وشمالا

کسی چیز پر تو چڑھ جاتی ہے لعنت آسمان کی طرف پھر بند ہو جاتے ہیں دروازے آسمان کے نزدیک اسکے پھر اتر آتی ہے زمین کی طرف پھر بند ہو جاتے ہیں دروازے زمین کے نزدیک اسکے پھر گھومتی ہے داہنا بایاں

فاذا لم تجد مساغا رجعت الى الذي لعن فان كان لذلك اهلا والا رجعت الى قائلها رواه ابو داود وعن ابن عباس ان

پھر جب نہیں پاتی کوئی جا گھسنے کی تو پلٹتی ہے اس طرف کہ جسپر لعنت کی گئی پھر اگر ہے وہ شخص اسکا لائق اور نہیں تو پھرتی ہے کہنے والے پر روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابن عباس سے

رجلا نازعته الريح رداءه فلعنها فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تلعنها فانها مامورة وانه من لعن شيئا ليس له باهل

ایک شخص کی چادر اڑا دی ہوا نے تب اسنے لعنت کی ہوا پر سو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لعنت نہ کر اسپر کیونکہ وہ تابع دار ہے اور مقرر جسنے لعنت کی ایسی چیز پر جو نہ ہو لائق لعنت کی

رجعت اللعنة عليه رواه ابو داود وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا يبلغني احد من اصحابي عن احد شيئا

تو پلٹتی ہے کہنے والے پر روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہا کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ پہنچاوے مجھ پاس کوئی یاروں میں سے کسی کی طرف سے کچھ

فاني احب ان اخرج اليكم وانا سليم الصدر رواه ابو داود وعن عائشة قالت قلت للنبي صلى الله عليه وآله وسلم حسبك من

اسواسطے کہ میں دوست رکھتا ہوں کہ نکل آؤں تمہاری طرف حسن حال پر کہ سینہ میرا صاف ہو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بس ہے آپ کو

صفية كذا وكذا تعني قصيرة فقال لقد قلت كلمة لو مزج بها البحر لمزجته رواه احمد والترمذي وابو داود وعن انس قال

صفیہ کے باب میں ایسا ایسا مراد لیتی تھیں کوتاہ قد کو سو فرمایا مقرر تو نے کہی ایسی بات اگر ملایا جاوے اس سے دریا تو البتہ بدل ڈالے دریا کو روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت ہے انس سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم ما كان الفحش في شيء الا شانه وما كان الحياء في شيء الا زانه رواه الترمذي وعن خالد بن معدان

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہوتی سختی کسی چیز میں مگر عیب دار کرتی ہے اس چیز کو اور نہیں ہوتی حیا کسی چیز میں مگر آراستہ کرتی ہے اسکو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے خالد بن معدان سے

عن معاذ قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من عير اخاه بذنب لم يمت حتى يعمله يعني من ذنب قد تاب منه رواه الترمذي

اسنے معاذ سے کہا معاذ نے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسنے ڈانٹا اپنے بھائی کو بسبب گناہ کے نہ مریگا جب تک کریگا اسکو یعنی اس گناہ کے سبب سے کہ جس سے اسنے توبہ کی روایت کیا اسکو ترمذی نے

وقال هذا حديث غريب وليس اسناده بمتصل لان خالدا لم يدرك معاذ بن جبل وعن واثلة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور نہیں ہے اسناد اسکی متصل کیونکہ خالد نے ملاقات نہ کی معاذ بن جبل کی اور روایت ہے واثلہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

لا تظهر الشماتة لاخيك فيرحمه الله ويبتليك رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن عائشة رض قالت قال

نہ ظاہر کر ہنسی واسطے بھائی کے اپنے کے کیونکہ رحم کریگا اللہ اسکو اور پھنسا دیگا تجھکو اس بلا میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ما احب اني حكيت احدا وان لي كذا وكذا رواه الترمذي وصححه وعن جندب قال جاء اعرابي فاناخ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں دوست رکھتا ہوں کہ نقل کروں کسی کی اگرچہ واسطے میرے ہووے ایسا ایسا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو اور روایت ہے جندب سے کہا کہ آیا ایک گنوار پھر بٹھلایا

راحلته ثم عقلها ثم دخل المسجد فصلى خلف رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فلما سلم اتى راحلته فاطلقها ثم ركب ثم نادى

اپنے اونٹ کو اور باندھا اسکو پھر داخل ہوا مسجد میں اور پڑھی نماز پیچھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر جب سلام پھیرا آیا اپنے اونٹ پاس اور کھولا اسکو پھر سوار ہوا اور پکار کر کہا

اللهم ارحمني ومحمدا ولا تشرك في رحمتنا احدا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتقولون هو اضل ام بعيره الم تسمعوا الى ما قال قالوا بلى

اے اللہ رحم کر مجھ پر اور محمد پر اور شریک نہ کر ہماری رحمت میں کسی کو تب فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بھلا تم کیا کہتے ہو یہہ شخص زیادہ گمراہ ہے یا اونٹ اسکا بھلا نہیں سنا تم نے جو کہا اسنے بولے ہاں

رواه ابو داود وذكر حديث ابي هريرة كفى بالمرء كذبا في باب الاعتصام في الفصل الاول

الفصل الثالث

عن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله

روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور ذکر کی گئی حدیث ابی ہریرہ کی بس ہے مرد کو جھوٹھ بولنا باب الاعتصام کی پہلی فصل میں تیسری فصل روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ

وسلم اذا مدح الفاسق غضب الرب تعالى واهتز له العرش رواه البيهقي في شعب الايمان وعن ابي امامة قال قال رسول الله صلى الله عليه

وسلم نے کہ جب تعریف کی جاتی ہے کسی بدکار کی تو غضب ہوتا ہے خدای تعالی اور کانپ جاتا ہے اسکے سبب سے عرش روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ

وآله وسلم يطبع المؤمن على الخلال كلها الا الخيانة والكذب رواه احمد والبيهقي في شعب الايمان عن سعد بن ابي وقاص وعن صفوان

وآلہ وسلم نے پیدا کیا جاتا ہے ایماندار تمامی خصلتوں پر مگر خیانت اور جھوٹھ بولنا روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں سعد بن ابی وقاص سے اور روایت ہے صفوان

بن سليم انه قيل لرسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ايكون المؤمن جبانا فقال نعم فقيل له ايكون المؤمن بخيلا قال نعم فقيل له

بن سلیم سے کہ پوچھا گیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو بھلا ہوتا ہے ایماندار مرد بددل فرمایا ہاں پھر پوچھا گیا آنحضرت سے بھلا ہوتا ہے مومن بخیل فرمایا ہاں پھر پوچھا گیا

ايكون المؤمن كذابا قال لا رواه مالك والبيهقي في شعب الايمان مرسلا وعن ابن مسعود قال ان الشيطان ليتمثل في صورة

بھلا ہوتا ہے ایماندار جھوٹھ بولنے والا فرمایا نہیں روایت کیا اسکو مالک اور بیہقی نے شعب الایمان میں ارسال کی راہ سے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ مقرر شیطان شکل پکڑتا ہے بصورت

الرجل فياتي القوم فيحدثهم بالحديث من الكذب فيتفرقون فيقول الرجل منهم سمعت رجلا اعرف وجهه ولا ادري ما اسمه

آدمی کے اور آتا ہے قوم پاس اور سناتا ہے انکو جھوٹھی خبریں تب جدے ہوتے ہیں لوگ پھر کہتا ہے کوئی ان میں سے سنا میں نے ایک شخص کو پہچانتا ہوں چہرہ اسکا اور نہیں جانتا ہوں نام اسکا

يحدث رواه مسلم وعن عمران بن حطان قال اتيت ابا ذر فوجدته في المسجد محتبيا بكساء اسود وحده فقلت يا ابا ذر ما

خبر دیتا تھا مجھکو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عمران بن حطان سے کہا کہ آیا میں ابوذر کے پاس سو پایا ان کو مسجد میں تنہا بیٹھے تھے گوٹ مار کر کالی چادر سے پھر کہا میں نے اے ابوذر کیا ہے

هذه الوحدة فقال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول الوحدة خير من جليس السوء والجليس الصالح خير من الوحدة

یہہ تنہا بیٹھنا تب کہا ابوذر نے سنا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تنہا بیٹھنا بھلا ہے ہمنشین بد سے اور ہمنشین نیک اچھا ہے تنہا بیٹھنے سے

واملاء الخير خير من السكوت والسكوت خير من املاء الشر وعن عمران بن حصين ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال

اور بولنا بھلی بات کو بہتر ہے چپ رہنے سے اور چپ رہنا بہتر ہے بری بات بولنے سے اور روایت ہے عمران بن حصین سے کہ بیشک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مقام الرجل بالصمت افضل من عبادة ستين سنة وعن ابي ذر قال دخلت على رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فذكر الحديث

مرتبہ آدمی کا بسبب چپ رہنے کے زیادہ فضیلت رکھتا ہے ساٹھ برس کی عبادت سے اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ حاضر ہوا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پھر ذکر کیا حدیث کو

بطوله الى ان قال قلت يا رسول الله اوصني قال اوصيك بتقوى الله فانه ازين لامرك كله قلت زدني قال عليك بتلاوة القرآن وذكر

درازی کے ساتھ یہانتک کہا ابوذر نے عرض کیا میں نے یا رسول اللہ وصیت کر مجھکو فرمایا وصیت کرتا ہوں تمکو اللہ سے ڈرنے کی سو وہ زیادہ سنوارنے والا ہے سب کاموں کو تیرے کہا میں نے اور بھی وصیت فرمایئے مجھکو فرمایا لازم کر لے اپنے پر قرآن کی تلاوت اور ذکر

الله عز وجل فانه ذكر لك في السماء ونور لك في الارض قلت زدني قال عليك بطول الصمت فانه مطردة للشيطان وعون لك على

اللہ عزوجل کو اسواسطے کہ یہہ ذکر خدا سبب ذکر کا ہے آسمان میں تیرے اور سبب نور کا ہے زمین میں عرض کیا میں نے اور فرمایئے تب فرمایا لازم کر لے اپنے پر دیر تک چپ رہنا کہ یہہ سبب ہے شیطان کے دور کرنے کا اور مددگار ہے تیرا

امر دينك قلت زدني قال اياك وكثرة الضحك فانه يميت القلب ويذهب بنور الوجه قلت زدني قال قل الحق وان كان مرا

دین کے کام میں عرض کیا میں نے اور فرمایئے فرمایا بچا اپنے کو زیادہ ہنسنے سے کیونکہ زیادہ ہنسی مار ڈالتی ہے دل کو اور مٹاتی ہے چہرے کی رونق عرض کیا میں نے اور بھی فرمایئے فرمایا بول حق

قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ لَا تَخَفْ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ لِيَحْجُزْكَ عَنِ النَّاسِ مَا تَعْلَمُ مِنْ نَفْسِكَ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

کہا میں نے اور بھی زیادہ فرمائیے فرمایا مت ڈر اللہ کے دین میں کسی کے الزام سے کہا میں نے اور بھی زیادہ فرمایا باز رکھے تجھکو لوگوں کی عیب جوئی سے وہ عیب جو تو جانتا ہے اپنے نفس میں اور روایت ہے انس سے کہ رسول صلی اللہ

عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ يَا اَبَا ذَرٍّ اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى خَصْلَتَيْنِ هُمَا اَخَفُّ عَلَى الظَّهْرِ وَاَثْقَلُ فِي الْمِيْزَانِ قَالَ قُلْتُ بَلٰى قَالَ طُوْلُ الصَّمْتِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ

علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یا ابا ذر بھلا نہ بتلاؤں میں تجھکو ایسی دو خصلت جو بہت ہلکی ہو پیٹھ پر اور بہت بھاری ہو ترازو پر کہا کیوں نہیں فرمایا دیر تک چپ رہنا اور خوش خلقی

وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا عَمِلَ الْخَلَائِقُ بِمِثْلِهِمَا وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِاَبِيْ بَكْرٍ وَهُوَ يَلْعَنُ بَعْضَ رَقِيْقِهٖ

قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری جس کے ہاتھ میں ہے نہیں کیا خلائق نے مثل ان کے اور روایت ہے عائشہ رض سے بولیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے گذر کیا ابی بکر پر اور وہ لعنت کرتے تھے بعض غلام اپنے

فَالْتَفَتَ اِلَيْهِ فَقَالَ لَعَّانِيْنَ وَصِدِّيْقِيْنَ كَلَّا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَاَعْتَقَ اَبُوْ بَكْرٍ يَوْمَئِذٍ بَعْضَ رَقِيْقِهٖ ثُمَّ جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

سو دیکھا ابی بکر کو اور فرمایا دیکھا تو نے لعنت کرنے والوں اور صدیقوں کو کوئی نہیں قسم ہے کعبہ کے رب کی سو آزاد کر دیا ابوبکر نے اسی دن بعض غلام کو اپنے پھر آئے ابوبکر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ

وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا اَعُوْدُ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الْخَمْسَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَعَنْ اَسْلَمَ قَالَ اِنَّ عُمَرَ دَخَلَ يَوْمًا عَلٰى اَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ

وسلم پاس اور کہا ہرگز نہ کرونگا ایسا کام روایت کیا بیہقی نے ان پانچوں حدیثوں کو شعب الایمان میں اور روایت ہے اسلم سے کہا کہ آیا عمر ایک دن ابی بکر صدیق

رض وَهُوَ يَجْبِذُ لِسَانَهٗ فَقَالَ عُمَرُ مَهْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ فَقَالَ اِنَّ هٰذَا اَوْرَدَنِيْ الْمَوَارِدَ رَوَاهُ مَالِكٌ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ

رض کے پاس حالانکہ ابوبکر کھینچ رہا تھا اپنی زبان کو تب کہا عمر نے کہ کھینچ بخشے تجھے تب کہا مقرر اسنے پہنچایا مجھے بری جگہوں میں روایت کیا اسکو مالک نے اور روایت ہے عبادہ بن صامت سے کہ

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اضْمَنُوْا لِيْ سِتًّا مِنْ اَنْفُسِكُمْ اَضْمَنْ لَكُمُ الْجَنَّةَ اُصْدُقُوْا اِذَا حَدَّثْتُمْ وَاَوْفُوْا اِذَا وَعَدْتُمْ وَاَدُّوْا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ضامن ہو تم میرے چھ چیزکا اپنی ذاتوں سے ضامن ہوتا ہوں میں تمہارا بہشت کا سچ بولو جب باتیں بولو اور پورا کرو جب وعدہ کرو اور پہنچاؤ

اِذَا اؤْتُمِنْتُمْ وَاحْفَظُوْا فُرُوْجَكُمْ وَغُضُّوْا اَبْصَارَكُمْ وَكُفُّوْا اَيْدِيَكُمْ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ وَاَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى

جب امین ہو اور رکھو اپنی شرمگاہوں کو اور نیچی کرو اپنے آنکھوں کو اور سمیٹو اپنے ہاتھوں کو اور روایت ہے عبدالرحمن بن غنم اور اسماء بنت یزید سے کہ نبی صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ خِيَارُ عِبَادِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ اِذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللّٰهُ وَشِرَارُ عِبَادِ اللّٰهِ الْمَشَّاؤُوْنَ بِالنَّمِيْمَةِ الْمُفَرِّقُوْنَ بَيْنَ الْاَحِبَّةِ

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اچھے بندے اللہ کے وے ہیں کہ جب ملاقات ہوتی ہے انسے تو ذکر کیا جاتا ہے اللہ کا اور برے بندے اللہ کے وے ہیں جو پھرتے ہیں چغلی کرتے اور جدائی ڈالتے دوستوں میں

اَلْبَاغُوْنَ الْبُرَآءَ الْعَنَتَ رَوَاهُمَا اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلَيْنِ صَلَّيَا صَلٰوةَ الظُّهْرِ اَوِ الْعَصْرِ

چاہتے ہیں بے عیبوں پر مشقت روایت کیا ان دونو حدیثوں کو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابن عباس سے کہ دو شخص نے پڑھی نماز ظہر اور عصر کی

وَكَانَا صَائِمَيْنِ فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَعِيْدَا وُضُوْءَكُمَا وَصَلٰوتَكُمَا وَامْضِيَا فِيْ صَوْمِكُمَا وَاقْضِيَاهُ يَوْمًا اٰخَرَ

اور تھے وے دونوں روزہ دار پھر جب پوری کی نماز نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دہراؤ اپنے اپنے وضو اور نماز کو اور تمام کرو تم اپنے روزوں کو اور رکھو اسکی قضا دوسرے دن

فَقَالَا لِمَ قَالَ اغْتَبْتُمْ فُلَانًا وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَجَابِرٍ رض قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الْغِيْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا قَالُوْا

تب کہے کس واسطے فرمایا غیبت کی تم نے فلانے کی اور روایت ہے ابی سعید اور جابر رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے غیبت زیادہ سخت ہے زنا سے بولے

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ الْغِيْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا قَالَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَزْنِيْ فَيَتُوْبُ فَيَتُوْبُ اللّٰهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَيَتُوْبُ فَيَغْفِرُ اللّٰهُ لَهٗ وَاِنَّ صَاحِبَ

یا رسول اللہ اور کیونکر ہوتی ہے غیبت زیادہ سخت زنا سے فرمایا کہ آدمی زنا کرتا ہے پھر توبہ کرتا ہے بخشتا ہے اللہ اسکو اور ایک روایت میں ہے پھر توبہ کرتا ہے سو بخشتا ہے اللہ اسکو اور

الْغِيْبَةِ لَا يُغْفَرُ لَهٗ حَتّٰى يَغْفِرَهَا لَهٗ صَاحِبُهٗ وَفِيْ رِوَايَةِ اَنَسٍ قَالَ صَاحِبُ الزِّنَا يَتُوْبُ وَصَاحِبُ الْغِيْبَةِ لَيْسَ لَهٗ تَوْبَةٌ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ

غیبت کرنے والا نہیں بخشا جاتا ہے جب تک نہ بخشیگا اسکو وہ شخص کہ جسکی غیبت کی ہے اور انس کی ایک روایت میں ہے فرمایا آنحضرت نے زنا کرنے والا توبہ کرتا ہے اور غیبت کرنے والے کی توبہ نہیں روایت کیا اسکو بیہقی نے

الأحاديث الثلثة في شعب الإيمان. وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إن من كفارة الغيبة أن تستغفر

ان تینوں حدیثوں کو شعب الایمان میں اور روایت ہے انس سے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کفارہ غیبت کا یہ ہے کہ معافی چاہے تو

لمن اغتبته تقول اللهم اغفر لنا وله. رواه البيهقي في الدعوات الكبير وقال في هذا الإسناد ضعف.

باب الوعد

اس کے لئے جس کی غیبت کی ہو تو نے کہے تو اے اللہ مغفرت کر ہماری اور اس کی روایت کیا اس کو بیہقی نے دعوات الکبیر میں اور کہا بیہقی نے اس اسناد میں ضعف ہے۔ باب وعدہ کا

الفصل الأول

عن جابر قال لما مات رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وجاء أبا بكر مال من قبل العلاء بن الحضرمي فقال أبو بكر من

پہلی فصل روایت ہے جابر سے کہا جب انتقال فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور آیا ابوبکر کے پاس مال علاء بن حضرمی کی طرف سے تب کہا ابوبکر نے جس کا

كان له على النبي صلى الله عليه وآله وسلم دين أو كانت له قبله عدة فليأتنا قال جابر فقلت وعدني رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

ہو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر قرض یا ہو کسی کے لئے آنحضرت کی طرف سے وعدہ تو آوے ہمارے پاس کہا جابر نے کہا میں نے وعدہ کیا مجھ سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

أن يعطيني هكذا وهكذا وهكذا فبسط يديه ثلث مرات قال جابر فحثا لي حثية فعددتها فإذا هي خمسمائة وقال خذ مثليها.

کہ دیویں مجھ کو اس اور اس اور اس بھر کر پھیلا دیا دونوں ہاتھ اپنے تین بار کہا جابر نے بھر کر دیا ابوبکر نے واسطے میرے دونوں ہاتھوں کو سو گنا میں نے ان کو تو وہ پانسو تھے اور کہا لے دو مثل اس کے

متفق عليه.

الفصل الثاني

عن أبي جحيفة قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أبيض قد شاب وكان الحسن بن علي رضي الله عنهما يشبهه وأمر

متفق علیہ۔ فصل دوسری روایت ہے ابی جحیفہ سے کہا کہ دیکھا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو گورا سفید بڑھاپے ہوئے تھے اور حسن بن علی مشابہ تھے ان سے اور حکم کیا

لنا بثلثة عشر قلوصا فذهبنا نقبضها فأتانا موته فلم يعطونا شيئا فلما قام أبو بكر قال من كانت له عند رسول الله صلى الله عليه

ہمارے واسطے تیرہ جوان اونٹنی دینے کا سو گئے ہم کہ لیں ان کو سو پہنچی ہم کو خبر ان کی موت کی پھر نہ دیا ہم کو کچھ سب نے جب کھڑے ہوئے ابوبکر تو کہا جس کے واسطے ہو آنحضرت صلی اللہ علیہ و

وآله وسلم عدة فليجئ فقمت إليه فأخبرته فأمر لنا بها. رواه الترمذي. وعن عبد الله بن أبي الحمساء قال بايعت النبي صلى الله عليه وآله وسلم

آلہ وسلم کی طرف سے کوئی وعدہ تو آوے پاس میرے پس کھڑا ہوا میں اور خبر دی اس کو پس حکم کیا ہمارے واسطے ان کے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے عبداللہ بن ابی حمساء سے کہا کہ خرید کی میں نے

قبل أن يبعث وبقيت له بقية فوعدته أن آتيه بها في مكانه فنسيت فذكرت بعد ثلث فإذا هو في مكانه فقال لقد

مبعوث ہونے کے پہلے اور باقی رہی ان کی کچھ قیمت سو وعدہ کیا میں نے ان سے کہ پہنچا دوں باقی کو اسی جگہ پس بھول گیا میں پھر یاد آیا بعد تین دن کے سو وہیں تھے سو فرمایا

شققت علي أنا ههنا منذ ثلث أنتظرك. رواه أبو داود. وعن زيد بن أرقم عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال إذا وعد الرجل

تو نے شاق ڈالا مجھ پر میں یہاں ہوں تین دن سے منتظر تیرا روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت ہے زید بن ارقم سے اس نے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جب وعدہ کرے کوئی

ومن نيته أن يفي له فلم يف ولم يجئ للميعاد فلا إثم عليه. رواه أبو داود والترمذي. وعن عبد الله بن عامر قال دعتني أمي يوما

اور نیت اس کی یہ ہو کہ پورا کرے اس کو پھر پورا نہ کرے اور نہ آوے وعدے کے وقت پر تو نہیں گناہ اس پر روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ترمذی نے اور روایت ہے عبداللہ بن عامر سے کہا

ورسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قاعد في بيتنا فقالت ها تعال أعطيك فقال لها رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ما أردت

اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے تھے ہمارے گھر میں تب کہا میری ماں نے سن ادھر آ دوں گی تجھ کو اور فرمایا اس کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا

أن تعطيه قالت أردت أن أعطيه تمرا فقال لها رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أما إنك لو لم تعطيه شيئا كتبت عليك كذبة.

دیگی تو اس کو بولی دوں گی اسے کھجور سو فرمایا اس کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خبردار اگر نہ دیتی تو اسے کچھ تو لکھی جاتی تجھ پر جھوٹ

رواه أبو داود والبيهقي في شعب الإيمان.

الفصل الثالث

عن زيد بن أرقم أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال من وعد رجلا فلم

ابوداؤد اور بیہقی نے شعب الایمان میں تیسری فصل روایت ہے زید بن ارقم سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے وعدہ کیا کسی سے

يأت احدهما الى وقت الصلوٰة وذهب الذي جاء ليصلي فلا اثم عليه رواه رزين

آیا ایک انکا نماز کے وقت تک اور چلا گیا وہ شخص جو آیا پہلا تو نہیں ہے گناہ اسپر روایت کیا اسکو رزین نے

باب المزاح

الفصل الاول

عن انس قال ان كان النبي صلى الله عليه وآله وسلم ليخالطنا حتى يقول لاخ لي صغير يا ابا عمير ما فعل النغير كان له نغير يلعب به فمات متفق عليه

باب خوش طبعی کرنیکا — پہلی فصل — روایت ہے انس سے کہا کہ مقرر تھے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ملے رہتے ہمسے یہانتک کہ فرمانے لگے میرے چھوٹے بھائی سے کہ اے باپ عمیر کے کیا کیا لال نے وہ تھا اسکا ایک لال کہ کھیلتا تھا اسکو سو مر گیا

الفصل الثاني

عن ابي هريرة قال قالوا يا رسول الله انك تداعبنا قال اني لا اقول الا حقا وعن انس ان رجلا استحمل رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال اني حاملك على ولد ناقة فقال ما اصنع بولد الناقة فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وهل تلد الابل الا النوق رواه الترمذي وابو داود

دوسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ مقرر آپ خوش طبعی کرتے ہیں ہم لوگوں سے فرمایا میں نہیں کہتا مگر سچ اور روایت ہے انس سے کہ ایک مرد نے سواری مانگی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تب فرمایا کہ میں تجھکو سوار کرونگا بچے پر اونٹنی کے تب کہا اسنے میں کیا کرونگا بچہ اونٹنی کا تب فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اور نہیں جنتی اونٹ کو مگر اونٹنی روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود نے

وعنه ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال له يا ذا الاذنين رواه ابو داود والترمذي وعنه ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال لامرأة عجوز انه لا تدخل الجنة عجوز فقالت وما لهن وكانت تقرأ القرآن فقال لها اما تقرئين القرآن انا انشأناهن انشاء فجعلناهن ابكارا رواه رزين وفي شرح السنة بلفظ المصابيح

اور روایت ہے انسی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اسکو اے دو کان والے روایت کیا اسکو ابو داود اور ترمذی نے اور روایت ہے انسی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایک بڑھیا عورت کو کہ نہیں داخل ہوگی بہشت میں بڑھیا تب عرض کیا بڑھیا نے اور کیا ہے انکو اور تھی پڑھتی قرآن تو فرمایا اسکو بھلا نہیں پڑھتی قرآن ہم نے عورتیں اٹھائیں ایک اٹھان پھر کیا انکو کنواریاں روایت کیا اسکو رزین نے اور شرح سنت میں ساتھ لفظ مصابیح کے

وعنه ان رجلا من اهل البادية كان اسمه زاهر بن حرام وكان يهدي للنبي صلى الله عليه وآله وسلم من البادية فيجهزه رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اذا اراد ان يخرج فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم ان زاهرا باديتنا ونحن حاضروه وكان النبي صلى الله عليه وآله وسلم يحبه وكان دميما فاتى النبي صلى الله عليه وآله وسلم يوما وهو يبيع متاعه فاحتضنه من خلفه وهو لا يبصره فقال ارسلني من هذا فالتفت فعرف النبي صلى الله عليه وآله وسلم فجعل لا يألو ما الزق ظهره بصدر النبي صلى الله عليه وآله وسلم حين عرفه وجعل النبي صلى الله عليه وآله وسلم يقول من يشتري هذا العبد فقال يا رسول الله اذا والله تجدني كاسدا فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم لكن عند الله لست بكاسد رواه في شرح السنة

اور روایت ہے انسی سے کہ ایک مرد گاؤں کا رہنے والا تھا نام اسکا زاہر بن حرام اور تھا وہ ہدیہ بھیجتا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گاؤں کی چیزوں میں سے پھر سامان درست کر دیتے تھے اسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب ارادہ کرتا وہ شہر سے باہر نکلنے کا پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقرر زاہر گاؤں کا رہنے والا ہمارا اور ہم شہر کے رہنے والے اسکے اور تھے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوست رکھتے اسکو اور تھا وہ شخص بدشکل پھر تشریف لائے اسکے پاس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دن اور وہ بیچ رہا تھا اسباب اپنا سو گود میں لے لیا اسکو اسکے پیچھے سے اور وہ نہ دیکھتا تھا حضرت کو تب کہا چھوڑ دے مجھکو یہ کون ہے تب آنکھ پھیر کر دیکھا تو پہچانا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پھر شروع کیا قصور نہ کرتا تھا ملانے میں اپنی پیٹھ سینے میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسوقت پہچانا اور شروع کیا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمانے لوگو کون خریدتا ہے اس غلام کو تب کہا یا رسول اللہ تب تو پاؤگے تم مجھکو ناکارا تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لیکن نزدیک اللہ کے تو نہیں ہے ناکارا روایت کیا اسکو شرح سنت میں

وعن عوف بن مالك الاشجعي قال اتيت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم في غزوة تبوك وهو في قبة من ادم فسلمت فرد علي قال ادخل فقلت اكلي يا رسول الله قال كلك فدخلت

اور روایت ہے عوف بن مالک اشجعی سے کہا کہ آیا میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس میں غزوہ تبوک کے اور آنحضرت چمڑے کے خیمہ کے اندر تھے پھر سلام کیا میں نے تو جواب دیا فرمایا داخل ہو تو کہا میں نے کیا داخل ہو کل میرا یا رسول اللہ فرمایا تمام بدن داخل ہو

قال عثمان بن أبي العاتكة إنما قال أدخل كلي من صغر القبة رواه أبو داود وعن النعمان بن بشير قال استأذن أبو بكر على النبي صلى الله
کہا عثمان بن ابی العاتکہ نے کہ عوف نے جو داخل کرونگا کل کو سو کہ خیمہ چھوٹا ہونے کے سبب سے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہا کہ پروانگی مانگی ابوبکر نے نبی صلی اللہ

عليه وآله وسلم فسمع صوت عائشة عاليا فلما دخل تناولها ليلطمها وقال لا أراك ترفعين صوتك على رسول الله صلى الله
علیہ وآلہ وسلم سے پھر سنی ابوبکر نے آواز عائشہ کی اونچی سو جب داخل ہوا تو ابوبکر عائشہ کو پکڑا چاہا کہ مارے ان کو اور کہا نہ دیکھوں میں تجھکو کہ اونچی کرے تو آواز اپنی رسول صلی

عليه وآله وسلم فجعل النبي صلى الله عليه وآله وسلم يحجزه وخرج أبو بكر مغضبا فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم حين
علیہ وآلہ وسلم پر تب کھڑے ہوگئے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ باز رکھیں ابوبکر کو اور باہر چلا گیا ابوبکر غصہ ہو کر تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب

خرج أبو بكر كيف رأيتني أنقذتك من الرجل قالت فمكث أبو بكر أياما ثم استأذن فوجدهما قد اصطلحا فقال لهما
چلے گئے ابوبکر کیسا دیکھا تو نے مجھے کہ چھڑا لیا تجھکو اس مرد سے بولیں پھر نہ آئے ابوبکر کئی روز پھر پروانگی مانگی سو پایا ان دونوں کو کہ ملاپ کئے ہیں تب کہا ان کو ابوبکر نے

أدخلاني في سلمكما كما أدخلتماني في حربكما فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم قد فعلنا قد فعلنا رواه أبو داود
داخل کرو مجھے اپنے ملاپ میں جیسا کہ داخل کیا تم نے مجھے اپنی لڑائی میں تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقرر کیا ہم نے کیا ہم نے روایت کیا اسکو ابوداود نے

وعن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال لا تمار أخاك ولا تمازحه ولا تعده موعدا فتخلفه رواه الترمذي
اور روایت ہے ابن عباس سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا آنحضرت نے نہ جھگڑ اپنے بھائی مسلمان سے اور خوش طبعی نہ کر اسکے ساتھ اور وعدہ نہ کر اس سے ...

وقال هذا حديث غريب

باب المفاخرة والعصبية

الفصل الأول

عن أبي هريرة قال سئل رسول الله صلى الله عليه وآله
اور کہا یہ حدیث غریب ہے باب آپس میں بڑائی کرنی اور اپنی قوم کی طرفداری پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا پوچھا گیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم أي الناس أكرم قال أكرمهم عند الله أتقاهم قالوا ليس عن هذا نسألك قال فأكرم الناس يوسف نبي الله ابن
وسلم کہ کون آدمی زیادہ بزرگ ہے فرمایا سب سے زیادہ بزرگ نزدیک اللہ کے جو بہت پرہیزگار ہے عرض کیا ہم نے یہ نہیں پوچھتے ہیں فرمایا تو سب سے زیادہ بزرگ یوسف

نبي الله ابن نبي الله ابن خليل الله قالوا ليس عن هذا نسألك قال فعن معادن العرب تسألوني قالوا نعم قال فخياركم
نبی اللہ کے اور دادا نبی اللہ کے اور پردادا خلیل اللہ کے ہیں عرض کیا ہم یہ نہیں پوچھتے فرمایا تو عرب کی جڑ کا حال پوچھتے ہو عرض کیا ہاں فرمایا تو جو شخص تم میں اچھا

في الجاهلية خياركم في الإسلام إذا فقهوا متفق عليه وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الكريم ابن
کفر میں اچھا ہے تم میں اسلام میں بھی جب ہشیار ہو جاتا ہے متفق علیہ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جو خود کریم ہو اسکا

الكريم ابن الكريم ابن الكريم يوسف بن يعقوب بن إسحق بن إبراهيم رواه البخاري وعن البراء بن عازب قال في يوم
کریم ہو دادا بھی کریم ہو پردادا بھی کریم ہو سو یوسف ہیں حضرت یعقوب کے بیٹے اسحاق کے پوتے ابراہیم کے پڑپوتے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے براء بن عازب سے کہا کہ

حنين كان أبو سفيان بن الحارث آخذا بعنان بغلته يعني بغلة رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فلما غشيه المشركون
حنین کی لڑائی کے روز تھا ابوسفیان بن الحارث پکڑ رہا تھا باگ ڈور خچر کا یعنے خچر رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا پھر جب گھیر لیا مشرکوں نے

نزل فجعل يقول أنا النبي لا كذب أنا ابن عبد المطلب فما رئي من الناس يومئذ أشد منه متفق عليه وعن أنس قال جاء
تو اترے اور فرمانے لگے میں ہوں پیغمبر اسمیں کچھ جھوٹھ نہیں میں ہوں عبدالمطلب کا بیٹا کہا پھر نہ دیکھا گیا کسی آدمی کو اس دن زیادہ اس سے اور آنحضرت سے متفق علیہ اور روایت

رجل إلى النبي فقال يا خير البرية فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ذاك إبراهيم رواه مسلم وعن عمر رض قال قال
ایک شخص آنحضرت کے پاس سو کہا اے بہتر سب خلق کے تب فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بہتر سب خلق کا ابراہیم ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عمر رض سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تطروني كما أطرت النصارى ابن مريم فإنما أنا عبده فقولوا عبد الله ورسوله متفق عليه

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ مجھ کو حد سے مت بڑھاؤ جیسا کہ عیسی بن مریم کو نصاری نے بڑھایا سوائے اس کے نہیں کہ میں تو اس کا بندہ ہی ہوں پس کہو اللہ کا بندہ اور اس کا رسول

وعن عياض بن حمار المجاشعي أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال إن الله تعالى أوحى إلي أن تواضعوا حتى لا يفخر أحد

اور روایت ہے عیاض بن حمار المجاشعی سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مقرر اللہ تعالی نے وحی بھیجی میری طرف کہ جھکو اور فخر نہ کرے کوئی

على أحد ولا يبغي أحد على أحد رواه مسلم **الفصل الثاني** عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال لينتهين

کسی پر اور زیادتی نہ کرے کوئی کسی پر روایت کیا اس کو مسلم نے دوسری فصل روایت ہے ابی ہریرہ سے اس نے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا البتہ باز آویں

أقوام يفتخرون بآبائهم الذين ماتوا إنما هم فحم من جهنم أو ليكونن أهون على الله من الجعل الذي يدهده الخراء بأنفه

لوگ اپنے مرے ہوئے باپ دادوں پر بڑائی کرنے سے بس وہ تو کوئلے تھے دوزخ کے یا ہو جاویں گے ذلیل زیادہ اللہ کے نزدیک کیڑے سے جو لڑھکاتا ہے گوہ اپنی ناک سے

إن الله أذهب عنكم عبية الجاهلية وفخرها بالآباء إنما هو مؤمن تقي وفاجر شقي الناس كلهم بنو آدم وآدم

مقرر اللہ نے دور کی تم سے نخوت کفر کے وقت کی اور دور کیا باپ دادوں پر فخر کرنا بس آدمی یا تو مومن پرہیزگار ہوگا یا گنہگار بدکردار ہوگا سب آدم کی اولاد ہیں اور آدم

من تراب رواه الترمذي وأبو داود وعن مطرف بن عبد الله بن الشخير قال انطلقت في وفد بني عامر إلى رسول الله صلى

مٹی سے بنے گئے روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داود نے اور روایت ہے مطرف بن عبد اللہ بن الشخیر سے کہا کہ میں گیا بنی عامر کے ایلچیوں کے ساتھ حضور خدا صلی

الله عليه وآله وسلم فقلنا أنت سيدنا فقال السيد هو الله فقلنا وأفضلنا فضلا وأعظمنا طولا فقال قولوا قولكم

اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پھر ہم نے کہا تم ہمارے سردار ہو تو فرمایا کہ سردار تو اللہ ہی ہے پھر ہم نے کہا تم ہمارے بہت بزرگی اور سخاوت میں تو فرمایا کہو اپنی بات

أو بعض قولكم ولا يستجرينكم الشيطان رواه أبو داود وعن الحسن عن سمرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

یا اس سے بھی تھوڑا اور نہ کھینچ لے تم کو شیطان روایت کیا اس کو ابو داود نے اور روایت ہے حسن بصری سے سمرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

الحسب المال والكرم التقوى رواه الترمذي وابن ماجه وعن أبي بن كعب قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول من تعزى

حسب مال ہی ہے اور کرم تقوی ہی ہے روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی بن کعب سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے جو فخر کرے

بعزاء الجاهلية فأعضوه بهن أبيه ولا تكنوا رواه في شرح السنة وعن عبد الرحمن بن أبي عقبة عن أبي عقبة وكان مولى

جاہلیت کے نسب پر تو دانتوں سے اس کے باپ کی اور کنایہ سے نہ کہو روایت کیا اس کو شرح السنۃ میں اور روایت ہے عبد الرحمن بن ابی عقبہ سے اس نے اپنے باپ سے اور

من أهل فارس قال شهدت مع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أحدا فضربت رجلا من المشركين فقلت خذها مني وأنا

فارس کا رہنے والا کہا حاضر ہوا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ احد میں پھر مارا میں نے ایک شخص کو مشرکوں میں سے کہا میں نے لے اور میں

الغلام الفارسي فالتفت إلي فقال هلا قلت خذها مني وأنا الغلام الأنصاري رواه أبو داود وعن ابن مسعود عن

فارسی لڑکا ہوں تب دیکھا میری طرف حضرت نے اور فرمایا کیوں نہ کہا تو نے لے اس کو اور میں انصاری لڑکا ہوں روایت کیا اس کو ابو داود نے اور روایت ہے ابن مسعود سے اس نے

النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال من نصر قومه على غير الحق فهو كالبعير الذي ردي فهو ينزع بذنبه رواه أبو داود وعن

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا جس نے مدد کی اپنی قوم کی ناحق پر سو وہ مانند اونٹ کے ہے جو گرا ہو کوئیں میں جو کھینچا جاتا ہے اپنی دم سے روایت کیا اس کو

واثلة بن الأسقع قال قلت يا رسول الله ما العصبية قال أن تعين قومك على الظلم رواه أبو داود وعن سراقة بن مالك بن

واثلہ بن الاسقع سے کہا کہ کہا میں نے یا رسول اللہ کس چیز کا نام عصبیت ہے فرمایا کہ مدد کرے تو اپنی قوم کی ظلم پر روایت کیا اس کو ابو داود نے اور روایت ہے سراقہ بن مالک بن

جعشم قال خطبنا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال خيركم المدافع عن عشيرته ما لم يأثم رواه أبو داود وعن
جعشم سے کہا کہ خطبہ سنایا ہم کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر فرمایا اچھا تمہارا وہ ہے جو مدد کرے اپنی قوم کی جب تک گناہگار نہ ہوئے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے

جبير بن مطعم أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ليس منا من دعا إلى عصبية وليس منا من قاتل عصبية وليس منا من مات على
جبیر بن مطعم سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے ہم سے جو بلاوے لوگوں کو تعصب کی طرف اور نہیں ہے ہم سے جو لڑے تعصب پر اور جو مرے

عصبية رواه أبو داود وعن أبي الدرداء عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال حبك الشيء يعمي ويصم رواه أبو داود

عصبیت پر روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابی الدرداء سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا دوستی تیری کسی چیز کی تجھ کو اندھا اور بہرا کر دیتی ہے روایت کیا اسکو ابوداود نے

الفصل الثالث

عن عبادة بن كثير الشامي من أهل فلسطين عن امرأة منهم يقال لها فسيلة أنها قالت سمعت أبي يقول سألت رسول
فصل تیسری روایت ہے عبادہ بن کثیر شامی سے جو رہنے والے اہل فلسطین کا ہے اپنی قوم کی ایک عورت سے کہ کہتے تھے لوگ اسکو فسیلہ کہا اس نے سنا میں نے اپنے باپ کو کہتے پوچھا

الله صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله أمن العصبية أن يحب الرجل قومه قال لا ولكن من العصبية أن ينصر الرجل
خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو پھر عرض کیا یا رسول اللہ بھلا یہ تعصب ہے یہ کہ دوست رکھے مرد اپنی قوم کو فرمایا نہیں لیکن تعصب اسکا نام ہے کہ مدد کرے مرد

قومه على الظلم رواه أحمد وابن ماجه وعن عقبة بن عامر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أنسابكم هذه ليست
اپنی قوم کی ظلم پر روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نسب تمہارا اب نہیں ہے

بمسبة على أحد كلكم بنو آدم طف الصاع بالصاع لم تملأوه ليس لأحد على أحد فضل إلا بدين وتقوى كفى بالرجل أن
جو عیب لگاوے کسی پر تم سب آدم کی اولاد ہو مثل نقصان صاع کی ساتھ صاع کے جسکو بھرا نہ گیا ہے نہیں ہے کسیکو بزرگی کسی پر مگر ساتھ دینداری اور پرہیزگاری کے بس ہے مرد کو

يكون بذيا فاحشا بخيلا رواه أحمد والبيهقي في شعب الإيمان

کہ ہو بیہودہ گو بخیل روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں

باب البر والصلة

باب ہے احسان اور قرابت والوں سے ملاپ کرنے کا

الفصل الأول

عن أبي هريرة قال قال رجل يا رسول الله من أحق بحسن صحابتي قال أمك قال ثم من قال أمك قال ثم من قال أمك قال ثم من قال أبوك وفي
پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ کون شخص ہے زیادہ حقدار میری بھلی صحبت کا فرمایا ماں تیری کہا پھر کون فرمایا ماں تیری کہا پھر کون فرمایا ماں تیری کہا پھر کون فرمایا باپ تیرا اور ایک

رواية قال أمك ثم أمك ثم أمك ثم أباك ثم أدناك أدناك متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رغم أنف
روایت میں ہے فرمایا ماں تیری پھر ماں تیری پھر ماں تیری پھر باپ تیرا پھر جو نزدیک ہو پھر نزدیک ق اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خاک آلودہ ہو

رغم أنفه رغم أنفه قيل من يا رسول الله قال من أدرك والديه عند الكبر أحدهما أو كليهما ثم لم يدخل الجنة رواه مسلم
خاک آلودہ ہو ناک اسکی خاک آلودہ ہو ناک اسکی پوچھا گیا کون یا رسول اللہ فرمایا جس نے پایا اپنے ماں باپ کو بڑھاپے میں یا ایک کو یا دونوں کو پھر بہشت میں نہ داخل ہوا روایت کیا اسکو مسلم

وعن أسماء بنت أبي بكر قالت قدمت علي أمي وهي مشركة في عهد قريش فقلت يا رسول الله إن أمي قدمت علي وهي
نے اور روایت ہے اسماء بنت ابی بکر سے کہا آئی میرے پاس میری ماں اور وہ مشرکہ تھی قریش کے عہد میں پس کہا میں نے یا رسول اللہ مقرر میری ماں آئی ہے میرے پاس اور وہ

راغبة أفأصلها قال نعم صليها متفق عليه وعن عمرو بن العاص قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إن آل أبي فلان
خواہش مند ہے کیا بھلائی کروں اسکے ساتھ فرمایا ہاں نیکی کر اس کے ساتھ ق اور روایت ہے عمرو بن العاص سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے کہ اولاد ابی فلاں

ليسوا لي بأولياء إنما وليي الله وصالح المؤمنين ولكن لهم رحم أبلها ببلالها متفق عليه وعن المغيرة قال قال رسول الله
نہیں ہیں دوست میرے سوا اسکے نہیں کہ دوست میرا اللہ ہے اور نیک ایمان والے لیکن انکی قرابت ہے جسکو ملاتا رہتا ہوں ق اور روایت ہے مغیرہ سے کہا فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم إن الله حرم عليكم عقوق الأمهات ووأد البنات ومنع وهات وكره لكم قيل وقال وكثرة السؤال و

صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ نے حرام کیا تم پر ستانا ماؤں کا اور جیتی گاڑنا بیٹیوں کا اور بھیک مانگنا اور برا جانا تمھارے لئے بیہودہ بکنا اور بہت سوال کرنا اور

إضاعة المال متفق عليه وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من الكبائر شتم الرجل والديه قالوا

برباد کرنا مال کا ۔ ق ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑے گناہوں سے ہے گالی دینی مرد کی اپنے ماں باپ کو عرض کیا

يا رسول الله وهل يشتم الرجل والديه قال نعم يسب أبا الرجل فيسب أباه ويسب أمه فيسب أمه متفق عليه وعن ابن

یا رسول اللہ بھلا گالی دیتا ہے مرد اپنے ماں باپ کو فرمایا ہاں گالی دیتا ہے باپ کو کسی کے پھر گالی دیتا ہے وہ اسکے باپ کو اور گالی دیتا ہے کسی کی ماں کو تو گالی دیتا ہے اسکی ماں کو ۔ ق ۔ اور

عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن من أبر البر صلة الرجل أهل ود أبيه بعد أن يولي رواه مسلم وعن أنس قال

روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑی نیکی نیکیوں سے ہے احسان کرنا دوستی کے ساتھ اپنے باپ کے بعد مر جانے باپ کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من أحب أن يبسط له في رزقه وينسأ له في أثره فليصل رحمه متفق عليه وعن أبي هريرة

کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو خوش لگے کہ کشادہ ہو روزی اسکی اور بڑی ہو عمر اسکی تو نیکی کرے قرابت والوں سے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خلق الله الخلق فلما فرغ منه قامت الرحم فأخذت بحقوي الرحمن فقال مه قالت

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بنایا اللہ نے خلق کو پھر جب فارغ ہوا ان کے بنانے سے کھڑی ہوئی قرابت اور پکڑ لی رحمن کے دونوں حقو کو اپنے فرمایا

هذا مقام العائذ بك من القطيعة قال ألا ترضين أن أصل من وصلك وأقطع من قطعك قالت بلى يا رب قال فذاك

کہ یہ مقام ہے فریاد چاہنے والے کا قطع برادری سے فرمایا کیا تو راضی نہیں کہ ملوں اس سے جو تجھ سے ملے اور کاٹوں اسکو جو تجھے کاٹے کہا ہاں راضی ہوں اے پروردگار فرمایا

متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الرحم شجنة من الرحمن فقال الله من وصلك وصلته ومن قطعك

ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قرابت نشان ہے خدا کی رحمت کا سو فرمایا خدا نے جو ملے تجھسے ملوں میں اس سے اور جو چھوڑے تجھکو

قطعته رواه البخاري وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الرحم معلقة بالعرش تقول من وصلني وصله

میں چھوڑوں اسکو ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ناتا رشتہ عرش میں لٹکا ہے کہتا ہے کہ جس نے ملایا مجھے ملاوے اسکو

الله ومن قطعني قطعه الله متفق عليه وعن جبير بن مطعم قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يدخل الجنة قاطع

اللہ اور جس نے مجھکو کاٹا خدا اسکو کاٹے ۔ ق ۔ اور روایت ہے جبیر بن مطعم سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ داخل ہوگا جنت میں کاٹنے والا

متفق عليه وعن ابن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس الواصل بالمكافي ولكن الواصل الذي إذا

ق ۔ اور روایت ہے ابن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے حق ادا کرنے والا وہ جو احسان کے عوض احسان کرے ولیکن حق ادا کرنے والا

قطعت رحمه وصلها رواه البخاري وعن أبي هريرة أن رجلا قال يا رسول الله إن لي قرابة أصلهم ويقطعوني وأحسن

وہ ہے کہ جب توڑا جاوے حق اسکا تو اسکو جوڑے ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ میری برادری ہیں ملوں ان سے اور وے کاٹتے ہیں مجھکو اور سلوک کروں

إليهم ويسيئون إلي وأحلم عنهم ويجهلون علي فقال لئن كنت كما قلت فكأنما تسفهم المل ولا يزال معك من الله

ان سے اور وے بدسلوکی کرتے ہیں مجھ سے اور حلم کروں ان سے اور وے جہل کرتے ہیں مجھ پر فرمایا اگر ہے تو ایسا ہی جیسا کہ کہتا ہے تو گویا کہ کھلاتا ہے تو انکو راکھ گرم اور ہمیشہ رہیگا ساتھ تیرے خدا کی طرف سے

ظهير عليهم ما دمت على ذلك رواه مسلم

الفصل الثاني

عن ثوبان قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يرد

مددگار ان پر جب تک کہ رہے تو ان صفتوں کے ساتھ روایت کیا اسکو مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے ثوبان سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں پھیرتی

الْقَدَرَ إِلَّا الدُّعَاءُ وَلَا يَزِيدُ فِي الْعُمُرِ إِلَّا الْبِرُّ وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيُحْرَمُ الرِّزْقَ بِالذَّنْبِ يُصِيبُهُ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا

تقدیر کو مگر دعا اور نہیں بڑہاتی عمر کو مگر نیکی کرنا ماں باپ سے اور مقرر آدمی بے نصیب ہوتا ہے روزی سے سبب گناہ کے جو حاصل کیا ہے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے

قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ فِيهَا قِرَاءَةً فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوا حَارِثَةُ بْنُ النُّعْمَانِ كَذٰلِكُمُ

کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے داخل ہوا میں بہشت میں پس سنی میں نے اسمیں آواز قرآن پڑھنے کی تب کہا میں نے کون ہے یہ تو کہا فرشتوں نے حارثہ بن نعمان ہے ایسا ہی ہے

الْبِرُّ كَذٰلِكُمُ الْبِرُّ وَكَانَ أَبَرَّ النَّاسِ بِأُمِّهِ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ نِمْتُ فَرَأَيْتُنِي فِي

نیکی کرنا ایسا ہی ہے نیکی کرنا اور تھا وہ سب لوگوں سے زیادہ سلوک کرنے والا اپنی ماں سے روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا سویا میں پھر دیکھا میں نے اپنے کو

الْجَنَّةِ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ رِضَى الرَّبِّ فِي رِضَى الْوَالِدِ وَسَخَطُ الرَّبِّ فِي

بہشت میں اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے رضامندی اللہ کی باپ کی رضامندی میں ہے اور غصہ اللہ کا

سَخَطِ الْوَالِدِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ أَنَّ رَجُلًا أَتَاهُ فَقَالَ إِنَّ لِي امْرَأَةً وَإِنَّ أُمِّي تَأْمُرُنِي بِطَلَاقِهَا فَقَالَ لَهُ أَبُو

غصے میں باپ کے ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہ ایک شخص آیا اسکے پاس پھر کہا میری ایک عورت ہے اور مقرر میری ماں حکم کرتی ہے اسکو طلاق دینے کا تب کہا اسکو ابو

الدَّرْدَاءِ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْوَالِدُ أَوْسَطُ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ فَإِنْ شِئْتَ فَحَافِظْ عَلَى الْبَابِ أَوْ ضَيِّعْ رَوَاهُ

الدرداء نے سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے باپ بہشت کے دروازوں سے بہتر دروازہ ہے سو اگر چاہے تو تو حفاظت کر اس دروازے کی یا ضائع کر دے

التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ مَنْ أَبَرُّ قَالَ أُمَّكَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ أُمَّكَ قُلْتُ

ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے بہز بن حکیم سے باپ اپنے سے اسکے دادا سے کہا میں نے یا رسول اللہ کس کے ساتھ نیکی کروں فرمایا اپنی ماں کے ساتھ کہا میں نے پھر کون فرمایا ماں تیری عرض کیا

ثُمَّ مَنْ قَالَ أُمَّكَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ أَبَاكَ ثُمَّ الْأَقْرَبَ فَالْأَقْرَبَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ سَمِعْتُ

پھر کون فرمایا ماں تیری عرض کیا پھر کون فرمایا باپ کے ساتھ پھر جو بہت قریب ہو پھر جو بہت قریب ہو بعد اسکے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ہے عبدالرحمن بن عوف سے کہ سنا میں نے

رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ قَالَ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى أَنَا اللهُ وَأَنَا الرَّحْمٰنُ خَلَقْتُ الرَّحِمَ وَشَقَقْتُ لَهَا مِنِ اسْمِي فَمَنْ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے فرمایا اللہ برکت والا اور اونچی شان والے نے میں ہوں خدا اور میں ہوں نہایت رحم والا بنایا میں نے رحم کو اور نکالا میں نے نام اسکا اپنے نام سے

وَصَلَهَا وَصَلْتُهُ وَمَنْ قَطَعَهَا بَتَتُّهُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ

ملے اس سے ملوں میں اس سے اور جو کاٹے اس سے کاٹوں میں اس سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے عبداللہ بن ابی اوفی سے کہا کہ سنا میں نے حضرت صلے اللہ علیہ و

سَلَّمَ يَقُولُ لَا تَنْزِلُ الرَّحْمَةُ عَلَى قَوْمٍ فِيهِمْ قَاطِعُ رَحِمٍ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَعَنْ أَبِي بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ

سلم کو فرماتے نہیں اترتی ہے رحمت اس قوم پر کہ جنمیں کاٹنے والا قرابت کا ہو روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی بکرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ ذَنْبٍ أَحْرَى أَنْ يُعَجِّلَ اللهُ لِصَاحِبِهِ الْعُقُوبَةَ فِي الدُّنْيَا مَعَ مَا يَدَّخِرُ لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْبَغْيِ وَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کوئی گناہ اس لائق کہ جلد کرے اللہ اسکے کرنے والے پر عذاب دنیا میں باقی رکھ کر اسکے لئے عذاب کو آخرت میں امام کی نافرمانی اور

قَطِيعَةِ الرَّحِمِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ

قطع برادری سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ داخل ہوگا بہشت میں

مَنَّانٌ وَلَا عَاقٌّ وَلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوا مِنْ

منت رکھنے والا اور ستانے والا ماں باپ کا اور نہ ہمیشہ پینے والا شراب کا روایت کیا اسکو نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سیکھو

أنسابكم ما تصلون به أرحامكم فإن صلة الرحم محبة في الأهل مثراة في المال منسأة في الأثر رواه الترمذي وقال هذا

نسبوں سے اپنے اس قدر کہ سلوک کرو اس سے ناتے والوں کے ساتھ اپنے کیونکہ ملنا قرابت سے محبت ہے اپنے لوگوں میں اور برکت مال کی اور درازی عمر کی ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا

حديث غريب وعن ابن عمر أن رجلا أتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله إني أصبت ذنبا عظيما فهل لي من

حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ ایک شخص آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر عرض کیا یا رسول اللہ مقرر میں نے گناہ کیا بڑا سو بھلا ہے میرے لیے

توبة قال هل لك من أم قال لا قال وهل لك من خالة قال نعم قال فبرها رواه الترمذي وعن أبي أسيد الساعدي

توبہ فرمایا بھلا ہے تیری ماں کہا نہیں فرمایا اور بھلا ہے تیری خالہ کہا ہاں فرمایا پس نیکی کر اسکے ساتھ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی اسید ساعدی سے

قال بينا نحن عند رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إذ جاءه رجل من بني سلمة فقال يا رسول الله هل بقي من بر أبوي

کہا اس وقت کہ تھے ہم نزدیک رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کہ یکایک حاضر ہوا آپ کے پاس ایک شخص بنی سلمہ سے پھر کہا یا رسول اللہ بھلا باقی رہی ہے نیکی

شيء أبرهما به بعد موتهما قال نعم الصلوة عليهما والاستغفار لهما وإنفاذ عهدهما من بعدهما وصلة الرحم التي لا توصل

کچھ کہ کروں میں ابر اسکو بعد موت انکے فرمایا ہاں رحمت بھیجنی ان پر اور دعا مانگنی ان کے لئے اور جاری کرنا عہد کو انکے بعد انکے اور ملنا ایسی قرابت سے کہ ملا نہیں

إلا بهما وإكرام صديقهما رواه أبو داود وابن ماجه وعن أبي الطفيل قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يقسم لحما بالجعرانة إذ

مگر سبب انکے اور احسان کرنا دوست سے انکے روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی الطفیل سے کہا دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حصہ کرتے گوشت کو جعرانہ میں

أقبلت امرأة حتى دنت إلى النبي صلى الله عليه وسلم فبسط لها رداءه فجلست عليه فقلت من هي فقالوا هي أمه التي أرضعته رواه أبو داود

سامنے آئی ایک عورت یہاں تک کہ نزدیک ہوئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو بچھادی حضرت نے اسکے لئے چادر اپنی سو بیٹھی اسپر تو پوچھا میں نے کون ہے سو کہا لوگوں نے یہ ماں ہے حضرت کی جس نے دودھ پلایا ہے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

الفصل الثالث

عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال بينما ثلاثة نفر يتماشون أخذهم المطر فأووا

فصل تیسری روایت ہے ابن عمر سے اس نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا جس حال میں کہ تین آدمی چلے جاتے تھے لیا انکو مینہ نے تو گھس گئے

إلى غار في الجبل فانحطت على فم غارهم صخرة من الجبل فأطبقت عليهم فقال بعضهم لبعض انظروا أعمالا عملتموها

ایک غار میں پہاڑ کے تو ڈھلک پڑا منہ پر انکے غار کے ایک پتھر پہاڑ کا سو بند کرلیا ان کو تو کہا بعض انکے نے بعض سے دیکھو تو کاموں کو جنکو کئے ہو

لله صالحة فادعوا الله بها لعله يفرجها فقال أحدهم اللهم إنه كان لي والدان شيخان كبيران ولي صبية صغار

خدا کے واسطے نیک سو دعا مانگو اللہ سے انکے وسیلے شاید کہ خدا کھولدے اس پتھر کو کہا ایک نے ان میں سے الٰہی ماجرا تو یہ ہے کہ تھے میرے ماں باپ بوڑھے بڑی عمر والے اور میرے لڑکے چھوٹے

أرعى عليهم فإذا رحت عليهم فحلبت بدأت بوالدي أسقيهما قبل ولدي وإنه قد نأى بي الشجر فما أتيت حتى أمسيت

کہ چرایا کرتا تھا میں ان کے واسطے پھر جب شام کو قریب لاتا تھا ان کے پاس تو دودھ دوہتا اور شروع کرتا ماں باپ سے پلاتا تھا ان کو پہلے اپنے لڑکوں سے اور مقرر دور لے گئے مجھ کو درخت سو نہ آیا میں یہاں تک کہ شام ہوگئی

فوجدتهما قد ناما فحلبت كما كنت أحلب فجئت بالحلاب فقمت عند رؤوسهما أكره أن أوقظهما وأكره أن

تو پایا میں نے ماں باپ کو سوتا پھر دودھ دوہا میں نے جس طرح دوہا کرتا تھا تو لایا میں دودھ سو کھڑا ہوا اپنے نزدیک سر ماں باپ کے برا لگا مجھ کو بیدار کرنا انکو اور برا لگا کہ

أبدأ بالصبية قبلهما والصبية يتضاغون عند قدمي فلم يزل ذلك دأبي ودأبهم حتى طلع الفجر فإن كنت تعلم

شروع کروں لڑکوں سے پہلے اور لڑکے شور کرتے تھے نزدیک دونوں پیر کے سو ہمیشہ رہا حال میرا اور انکا کھلنے تک صبح سو اگر تو جانتا ہو

أني فعلت ذلك ابتغاء وجهك فافرج لنا فرجة نرى منها السماء ففرج الله لهم حتى يرون السماء وقال الثاني اللهم

کہ کی میں نے ایسی مشقت واسطے تیری رضا مندی کے تو کھولدے ہمارے لئے ایک روزن کہ دیکھیں ہم اس سے آسمان سو کھولدیا اللہ نے ان کے لئے یہاں تک کہ انہوں نے دیکھا آسمان اور کہا دوسرے نے الٰہی

إنه كانت لي بنت عم أحبها كأشد ما يحب الرجال النساء فطلبت إليها نفسها فأبت حتى آتيها بمائة دينار
اتفاق تھی میری چچیری بہن کہ میں اسکو چاہتا تھا جیسا نہایت محبت مرد عورتوں سے رکھتے ہیں سو چاہا میں نے اسکی طرف اسکی ذات کو سو انکار کیا یہاں تک کہ دوں میں اسکو سو اشرفیاں

حتى جمعت مائة دينار فلقيتها بها فلما قعدت بين رجليها قالت يا عبد الله اتق الله ولا تفتح الخاتم فقمت
یہاں تک کہ جمع کیں میں نے سو اشرفیاں سو لایا میں اسکے پاس انکو پھر جب بیٹھا میں اندر دونوں پیروں کے کہا اسنے اے بندے خدا کے ڈر خدا سے اور نہ توڑ مہر کو تو میں اٹھ کھڑا ہوا

عنها اللهم فإن كنت تعلم أني فعلت ذلك ابتغاء وجهك فافرج لنا منها فرجة ففرج لهم فرجة وقال الآخر اللهم إني
اسکے اوپر سے الٰہی سو اگر تو جانتا ہو کہ کیا میں نے اسکو واسطے تیری رضامندی کے تو کھول ہمارے واسطے اس سے تو کھول دیا ان کے لیے ایک روزن اور کہا تیسرے نے کہ الٰہی

كنت استأجرت أجيرا بفرق أرز فلما قضى عمله قال أعطني حقي فعرضت عليه حقه فتركه ورغب عنه فلم
میں نے ٹھہرایا تھا ایک مزدور سولہ رطل چانول پر تو جب کر چکا وہ کام اپنا کہا دے مجھے حق میرا سو آگے کیا میں نے اسکے حق اسکا سو چھوڑ گیا اور منہ موڑا اسکی طرف سے تو

أزل أزرعه حتى جمعت منه بقرا وراعيها فجاءني فقال اتق الله ولا تظلمني وأعطني حقي فقلت اذهب إلى ذلك
ہمیشہ میں بوتا رہا اسکو یہاں تک کہ جمع کیں میں نے اس سے گائے بیل اور چرواہے ان کے پھر آیا وہ میرے پاس پھر کہا ڈر خدا سے اور نہ ظلم کر مجھ پر اور دے حق میرا تب کہا میں نے جا طرف ان

البقر وراعيها فقال اتق الله ولا تهزأ بي فقلت إني لا أهزأ بك فخذ ذلك البقر وراعيها فأخذه فانطلق بها فإن كنت
گائے بیلوں اور انکے چرانے والوں کے تو کہا ڈر اللہ سے اور ہنسی نہ کر مجھ سے تب کہا میں نے کہ میں تجھ سے ٹھٹھا نہیں کرتا لے ان گائے بیلوں اور ان کے چرواہوں کو سو اسنے لیا اور انکو لیکر چلا گیا سو اگر تو

تعلم أني فعلت ذلك ابتغاء وجهك فافرج ما بقي ففرج الله عنهم متفق عليه وعن معاوية بن جاهمة أن جاهمة
جانتا ہو کہ میں نے یہ امانت داری تیری رضامندی کے لیے کی تھی تو کھول دے جتنا باقی رہا ہے سو خدا نے اسے کھول دیا ۳ ق اور روایت ہے معاویہ بن جاہمہ سے کہ مقرر جاہمہ

جاء إلى النبي صلى الله عليه وآله وسلم فقال يا رسول الله أردت أن أغزو وقد جئت أستشيرك فقال هل لك من
آیا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس پھر عرض کیا یا رسول اللہ میں چاہتا ہوں جہاد کو اور آیا ہوں آپ سے مشورت کروں تب فرمایا بھلا ہے تجھکو

أم قال نعم قال فالزمها فإن الجنة عند رجلها رواه أحمد والنسائي والبيهقي في شعب الإيمان وعن ابن عمر قال
ماں کہا ہاں فرمایا تو رہ اسکے پاس کیونکہ بہشت نزدیک اسکے پاؤں کے ہے روایت کیا اسکو احمد اور نسائی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے ابن عمر سے کہا

كانت تحتي امرأة وكان عمر يكرهها فقال لي طلقها فأبيت فأتى عمر رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فذكر ذلك
کہ تھی میرے نکاح میں ایک عورت اور تھا عمر رض ناخوش اس سے سو کہا مجھکو عمر نے طلاق دے اسکو سو نہ سنا میں نے تب گیا عمر رض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس پھر ذکر کیا اسکا

له فقال لي رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم طلقها رواه الترمذي وأبو داود وعن أبي أمامة أن رجلا قال يا رسول الله
حضرت پاس تب فرمایا مجھے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے طلاق دے اسکو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود نے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ

ما حق الوالدين على ولدهما قال هما جنتك ونارك رواه ابن ماجه وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم
کیا حق ہے ماں باپ کا ان کے لڑکے پر فرمایا ماں باپ بہشت اور دوزخ تیرے ہیں ۴ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

إن العبد ليموت والداه أو أحدهما وإنه لهما عاق فلا يزال يدعو لهما ويستغفر لهما حتى يكتبه الله بارا وعن ابن عباس
کہ بندہ ہے کہ مر جاتے ہیں ماں باپ اسکے یا ایک انکا حالانکہ وہ انکو ستاتا تھا پھر ہمیشہ دعا کرتا ہے انکے لیے اور معافی چاہتا ہے انکی یہاں تک کہ لکھوا دیتا ہے اسکو اللہ نیکی کرنے والا ماں باپ کا اور روایت ہے ابن عباس سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من أصبح مطيعا لله في والديه أصبح له بابان مفتوحان من الجنة فإن كان
کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص صبح کرتا ہے خدا کے تابعدار ہو کر ماں باپ کے حق میں جس حال میں کہ تابع ہوتے ہیں اسکے لیے دو دروازے کھولے ہوئے بہشت کے پھر اگر

وَاحِدًا فَوَاحِدًا وَمَنْ أَصْبَحَ عَاصِيًا لِلّٰهِ فِي وَالِدَيْهِ أَصْبَحَ لَهُ بَابَانِ مَفْتُوحَانِ مِنَ النَّارِ وَإِنْ كَانَ وَاحِدًا فَوَاحِدًا قَالَ رَجُلٌ
ایک تو ایک ہی جاوے اور جسنے صبح کیا اس حال میں کہ نافرمان ہے اللہ کا ماں باپ کے حق میں تو ثابت ہوتے ہیں اسکے لئے دو دروازے کھولے ہوے دوزخ کے اور اگر ہے ایک تو ایک ہی ہے کہا ایک شخص نے

وَإِنْ ظَلَمَاهُ قَالَ وَإِنْ ظَلَمَاهُ وَإِنْ ظَلَمَاهُ وَإِنْ ظَلَمَاهُ وَعَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ وَلَدٍ بَارٍّ يَنْظُرُ إِلَى
اگرچہ ظلم کیے ہوں ماں باپ اسپر فرمایا اگرچہ ظلم کیے ہوں اسپر اگرچہ ظلم کیے ہوں اسپر اگرچہ ظلم کیے ہوں اسپر اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے کوئی لڑکا احسان کرنے والا جو نظر کرے

وَالِدَيْهِ نَظْرَةَ رَحْمَةٍ إِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِكُلِّ نَظْرَةٍ حَجَّةً مَبْرُورَةً قَالُوا وَإِنْ نَظَرَ كُلَّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ قَالَ نَعَمْ اللّٰهُ أَكْبَرُ وَأَطْيَبُ وَعَنْ
ماں باپ کی طرف رحمت کی نظر سے مگر لکھتا ہے اللہ بدلے ہر نظر کے حج مقبول کہا صحابہ نے اگرچہ نگاہ کرے ہر روز سو بار فرمایا ہاں اللہ بہت بڑا اور بہت پاک ہے اور روایت ہے

أَبِي بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ كُلُّ الذُّنُوبِ يَغْفِرُ اللّٰهُ مِنْهَا مَا شَاءَ إِلَّا عُقُوقَ الْوَالِدَيْنِ فَإِنَّهُ يُعَجِّلُ لِصَاحِبِهِ
ابی بکرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب گناہ بخشے گا اللہ ان گناہوں میں سے جو چاہیگا مگر ستانا ماں باپ کا سو شتابی کرتا ہے خدا ستانے والے کے لئے

فِي الْحَيٰوةِ قَبْلَ الْمَمَاتِ وَعَنْ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ حَقُّ كَبِيرِ الْإِخْوَةِ عَلَى صَغِيرِهِمْ
زندگی میں پہلے مرنے کے اور روایت ہے سعید بن العاص سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھائیوں میں سے بڑے کا حق ان کے چھوٹوں پر

حَقُّ الْوَالِدِ عَلَى وَلَدِهِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ الْأَحَادِيثَ الْخَمْسَةَ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ
جیسا کہ حق ماں باپ کا ہے اسکے لڑکے پر روایت کیا اسکو بیہقی نے ان پانچوں حدیثوں کو شعب الایمان میں

بَابُ الشَّفَقَةِ وَالرَّحْمَةِ عَلَى الْخَلْقِ
باب شفقت اور مہربانی کرنے کا خلق اللہ پر

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ
فصل پہلی

عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَا يَرْحَمُ النَّاسَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ
روایت ہے جریر بن عبداللہ سے کہا جریر نے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ رحم کریگا خدا اسپر جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ف ق اور روایت ہے

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَتُقَبِّلُونَ الصِّبْيَانَ فَمَا نُقَبِّلُهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ
عائشہ رض سے بولیں کہ آیا ایک گنوار آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس پھر کہا بھلا تم چوم لیتے ہو لڑکوں کو اور ہم چوم نہیں لیتے انکو تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ

وَسَلَّمَ أَوَ أَمْلِكُ لَكَ أَنْ نَزَعَ اللّٰهُ مِنْ قَلْبِكَ الرَّحْمَةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهَا قَالَتْ جَاءَتْنِي امْرَأَةٌ وَمَعَهَا ابْنَتَانِ لَهَا تَسْأَلُنِي فَلَمْ تَجِدْ
وسلم نے بھلا مالک ہوں میں تجھپر اگر کھینچ لیوے خدا تیرے دل سے رحمت ف ق اور انہیں سے ہے بولیں کہ آئی ایک عورت میرے پاس اور ساتھ اسکے دو بیٹیاں تھیں اسکی مانگتی تھی مجھ سے پس نہ پائی

عِنْدِي غَيْرَ تَمْرَةٍ وَاحِدَةٍ فَأَعْطَيْتُهَا إِيَّاهَا فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا وَلَمْ تَأْكُلْ مِنْهَا ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى
میرے پاس کچھ سوائے ایک کھجور کے سو دی میں نے وہ کھجور اسکو سو اسنے دو ٹکڑے کرکے اپنے دونوں بیٹیوں کو دی اور آپ نہ کھائی اس میں سے پھر کھڑی ہوئی اور چلی گئی تب آئے نبی صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُهُ فَقَالَ مَنِ ابْتُلِيَ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ بِشَيْءٍ فَأَحْسَنَ إِلَيْهِنَّ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ
اللہ علیہ وآلہ وسلم سو کہا میں نے آپ سے یہ حال تب فرمایا جو جانچا جاوے ان بیٹیوں سے کسی چیز میں پھر ان سے بھلائی کرے تو ہوں گی اسکے لئے آڑ دوزخ سے ف ق

وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَالَ جَارِيَتَيْنِ حَتّٰى تَبْلُغَا جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ أَنَا وَهُوَ هٰكَذَا وَضَمَّ أَصَابِعَهُ
اور روایت ہے انس رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو پالے دو لڑکی یہاں تک بالغ ہوں آوے گا قیامت کے دن میرے ساتھ اسطرح اور ملائیں انگلیاں اپنی

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ السَّاعِي عَلَى الْأَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِينِ كَالسَّاعِي فِي سَبِيلِ
روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کوشش کرے بیوہ اور محتاج پر برابر ہے جو لڑے راہ میں

اللّٰهِ وَأَحْسِبُهُ قَالَ كَالْقَائِمِ لَا يَفْتُرُ وَكَالصَّائِمِ لَا يُفْطِرُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
خدا کے اور گمان کرتا ہوں میں اسکو کہا جیسے نماز پڑھنے والا جو نہ تھکے اور روزہ دار جو کبھی افطار نہ کرے ف ق اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عليه وآله وسلم انا وكافل اليتيم له ولغيره في الجنة هكذا واشار بالسبابة والوسطى وفرج بينهما شيئا رواه البخاري وعن النعمان بن

علیہ وآلہ وسلم نے کہ میں اور پالنے والا یتیم کا اسکا ہو یا اسکے غیر کا مانند بہشت میں ایسے ہیں اور اشارہ کیا کلمہ کی انگلی اور بیچ کی انگلی کیطرف اور کشادہ کیا درمیان انکے تھوڑا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے نعمان بن

بشير قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ترى المؤمنين في تراحمهم وتوادهم وتعاطفهم كمثل الجسد اذا اشتكى

بشیر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دیکھیگا تو ایمانداروں کو آپس میں رحم اور دوستی اور مہربانی کرنے میں جیسا حال بدن کا ہے جب دکھتا ہے

عضوا تداعى له سائر الجسد بالسهر والحمى متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم المؤمنون

ایک عضو تو ایک دوسرے کو بلاتے ہیں اسکے لئے سارے عضو سبب بیداری اور بخار کے ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب ایماندار

كرجل واحد ان اشتكى عينه اشتكى كله وان اشتكى رأسه اشتكى كله رواه مسلم وعن ابي موسى عن النبي صلى الله عليه

حکم میں ایک مرد کے ہیں اگر دکھے آنکھ اسکی تو دکھتا ہے سب بدن اسکا اور اگر دکھے سر اسکا تو دکھتا ہے سب بدن اسکا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی موسی سے نبی صلی اللہ علیہ

وسلم قال المؤمن للمؤمن كالبنيان يشد بعضه بعضا ثم شبك بين اصابعه متفق عليه وعنه عن النبي صلى

وسلم سے فرمایا سب ایماندار مانند بنا کے ہیں مضبوط کرتا ہے بعض اسکا بعض کو پھر انگلیوں کو ڈالا انگلیوں میں ۔ ق ۔ اور روایت ہے اسی سے نبی صلی

الله عليه وآله وسلم انه كان اذا اتاه السائل او صاحب الحاجة قال اشفعوا فلتؤجروا ويقضي الله على لسان رسوله

اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ آنحضرت کے پاس جب آتا کوئی سائل یا حاجت والا فرماتے سفارش کرو ثواب پاؤ گے اور حکم کرتا ہے اللہ اپنے رسول کی زبان پر

ما شاء متفق عليه وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انصر اخاك ظالما او مظلوما فقال رجل يا رسول الله

جو چاہتا ہے ۔ ق ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مدد کر اپنے بھائی کی ظالم ہو یا مظلوم تو ایک مرد نے کہا یا رسول اللہ

انصره مظلوما فكيف انصره ظالما قال تمنعه من الظلم فذلك نصرك اياه متفق عليه وعن ابن عمر ان رسول الله صلى

مدد کرونگا اسکی جب وہ مظلوم ہوگا پھر کیونکر مدد کروں اسکی جب ظالم ہو فرمایا اسکو ظلم سے روک سو یہی ہے مدد تیری اسکے لئے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ حضرت رسول

الله عليه وآله وسلم قال المسلم اخو المسلم لا يظلمه ولا يسلمه ومن كان في حاجة اخيه كان الله في حاجته ومن فرج

اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مسلمان بھائی مسلمان کا ہے ظلم نہ کرے اسکو اور نہ چھوڑ دے اسکو اور جو ہو اپنے بھائی کی حاجت روائی میں ہوتا ہے اللہ اسکی حاجت میں اور جو

عن مسلم كربة فرج الله عنه كربة من كربات يوم القيمة ومن ستر مسلما ستره الله يوم القيمة متفق عليه وعن

مسلمان سے تکلیف کھولدیگا اللہ اس سے تکلیف قیامت کی تکلیفوں میں سے اور جو پردہ پوشی کرے مسلمان کی پردہ پوشی کریگا اللہ اسکی قیامت کے دن ۔ ق ۔ اور روایت ہے

ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم المسلم اخو المسلم لا يظلمه ولا يخذله ولا يحقره التقوى ههنا و

ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمان بھائی مسلمان کا ہے نہ اسپر ظلم کرے اور نہ اسکو بلا میں ڈالے اور نہ اسکو حقیر جانے پرہیزگاری اس جگہ ہے

يشير الى صدره ثلث مرار بحسب امرئ من الشر ان يحقر اخاه المسلم كل المسلم على المسلم حرام دمه وماله وعرضه

اشارہ کرتے تھے حضرت سینے کی طرف تین بار کافی ہے آدمی کو برائی سے کہ حقارت کرے اپنے بھائی مسلمان کو سب چیز مسلمان کی مسلمان پر حرام ہے خون اسکا اور مال اور آبرو

وعن عياض بن حمار قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اهل الجنة ثلثة ذو سلطان مقسط متصدق موفق و

اور روایت ہے عیاض بن حمار سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بہشت والے تین ہیں صاحب سلطنت عادل خیرات کرنے والا اللہ کی توفیق دیا گیا اور دوسرا

رجل رحيم رقيق القلب لكل ذي قربى ومسلم وعفيف متعفف ذو عيال واهل النار خمسة الضعيف الذي لا زبر

مرد مہربان نرم دل ہر قرابت والے اور مسلمان کے لئے اور پارسا نہیں مانگنے والا عیال دار اور آگ والے پانچ ہیں کمزور جسکی عقل نہ ہو

له الذين هم فيكم تبع لا يبغون اهلا ولا مالا والخائن الذي لا يخفى له طمع وان دق الا خانه ورجل لا يصبح ولا يمسي الا

جو تمہارے تابعدار ہیں نہیں ڈھونڈھتے اہل کو اور نہ مال کو اور خیانت کرنے والا کہ نہیں چھپی ہو اسکے لئے کوئی چیز طمع کی اگرچہ تھوڑی ہو مگر خیانت کرے

وهو يخادعك عن اهلك ومالك وذكر البخل والكذب والشنظير الفحاش رواه مسلم وعن انس قال قال رسول الله

وہ فریب دیتا ہے تجھکو تیرے اہل اور مال کے واسطے اور ذکر کیا بخل اور جھوٹھ کا اور بدخلقی بڑی بکنے والا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم والذي نفسي بيده لا يؤمن عبد حتى يحب لاخيه ما يحب لنفسه متفق عليه وعن ابي هريرة

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قسم اسکی کہ جسکے قابو میں میری جان ہے ایماندار نہو گا کوئی بندہ یہاں تک کہ دوست رکھے اپنے بھائی کیلئے جو چیز دوست رکھتا ہے اپنے لئے ق اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم والله لا يؤمن والله لا يؤمن والله لا يؤمن قيل من يا رسول الله قال الذي لا يأمن جاره بوائقه متفق عليه وعن عائشة وابن

وسلم نے کہ فرمایا جب بات کہی کسی نے پھر غائب ہو گیا سو وہ امانت ہے روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ فرمایا

لابي الهيثم بن التيهان هل لك خادم قال لا قال فاذا اتانا سبي فأتنا فأتي النبي صلى الله عليه وآله وسلم برأسين فأتاه ابو

ابی الہیثم بن تیہان کو کیا ہے تیرا خادم کہا نہیں تب فرمایا سو جب آوے ہمارے پاس بندی تو آ ہمارے پاس پھر لائے گئے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس دو بندی سو آیا

الهيثم فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم اختر منهما فقال يا نبي الله اختر لي فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان المستشار

الہیثم تب فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پسند کر لے ان دونوں میں سے تب کہا یا نبی اللہ آپ پسند کر دیویں مجھے تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق جس سے صلاح

مؤتمن خذ هذا فاني رأيته يصلي واستوص به معروفا رواه الترمذي وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

چاہیے کہ وہ امین ہوتا ہے لے اس کو کیونکہ میں نے دیکھا اس کو نماز پڑھتے اور وصیت کر تو اس کے حق میں بھلائی کی روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے جابر سے کہا فرمایا رسول خدا نے

المجالس بالامانة الا ثلاثة مجالس سفك دم حرام او فرج حرام او اقتطاع مال بغير حق رواه ابو داود وذكر حديث

مجلسیں ساتھ امانت کے ہیں مگر تین مجلسیں بہانا خون حرام کا یا شرمگاہ عورت حرام کی یا لے لینا مال ناحق کا روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اور ذکر کی گئی حدیث

ابي سعيد ان اعظم الامانة في باب المباشرة في الفصل الاول

ابی سعید کی کہ مقرر بڑی امانت میں باب المباشرت کے پہلی فصل میں

الفصل الثالث عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وآله و

فصل تیسری روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ و

سلم لما خلق الله العقل قال له قم فقام ثم قال له ادبر فادبر ثم قال له اقبل فاقبل ثم قال له اقعد فقعد ثم قال له ما

سلم سے جب پیدا کی خدا نے عقل کو فرمایا اس کو کھڑی ہو تو کھڑی ہوئی پھر فرمایا اس کو پیٹھ پھیر تو پیٹھ پھیری پھر کہا اس کو سامنے آ تو سامنے آئی پھر فرمایا اس کو

خلقت خلقا هو خير منك ولا افضل منك ولا احسن منك بك آخذ وبك اعطي وبك اعرف وبك اعاتب

پیدا کیا میں نے کسی مخلوق کو بہتر اور نہ افضل تجھ سے اور نہ اچھا تجھ سے تیرے سبب لیتا ہوں اور دیتا ہوں اور پہچانا جاتا ہوں اور غصہ کرتا ہوں

وبك الثواب وعليك العقاب وقد تكلم فيه بعض العلماء وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

اور تیرے سبب ثواب ہے اور تجھ پر ہے عذاب اور مقرر گفتگو کی ہے بعض علماء نے اس حدیث میں اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

ان الرجل ليكون من اهل الصلاة والصوم والزكاة والحج والعمرة حتى ذكر سهام الخير كلها وما يجزى يوم القيامة

کہ مقرر آدمی البتہ ہوتا ہے نمازی اور روزہ دار اور زکوٰۃ دینے والا اور حج و عمرہ کرنے والا یہاں تک کہ ذکر کیا ساری نیکیوں کے حصے اور جزا دیا جاوے گا قیامت کے دن

الا بقدر عقله وعن ابي ذر قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يا ابا ذر لا عقل كالتدبير ولا ورع

مگر اندازہ پر اس کی عقل کے اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ فرمایا مجھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یا اباذر نہیں کوئی عقل مثل تدبیر کے اور نہیں ہے ورع

كالكف ولا حسب كحسن الخلق وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الاقتصاد في النفقة نصف

مثل باز رہنے کے اور نہیں ہے حسب مانند نیک خلقی کے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میانہ روی کرنا خرچ میں آدھی

المعيشة والتودد الى الناس نصف العقل وحسن السؤال نصف العلم روى البيهقي الاحاديث الاربعة في شعب الايمان

معیشت ہے اور دوستی اظہار کرنا لوگوں سے آدھی عقل ہے اور نیک سوال کرنا آدھا علم ہے روایت کیا بیہقی نے ان چاروں حدیثوں کو شعب الایمان میں

باب الرفق والحياء وحسن الخلق

الفصل الاول عن عائشة رض ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ان الله رفيق

باب نرمی اور حیاء اور نیک خلقی کا پہلی فصل روایت ہے عائشہ رض سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مقرر اللہ نرمی والا ہے

يُحِبُّ الرِّفْقَ وَيُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ وَمَا لَا يُعْطِي عَلَى مَا سِوَاهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ قَالَ لِعَائِشَةَ

پسند کرتا ہے نرمی کو اور دیتا ہے نرمی پر جو نہیں دیتا ہے سختی پر اور جو نہیں دیتا ہے سوا اسکے روایت کیا اسکو مسلم نے اور مسلم کی ایک روایت میں فرمایا عائشہ کو

عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ وَإِيَّاكِ وَالْعُنْفَ وَالْفُحْشَ إِنَّ الرِّفْقَ لَا يَكُونُ فِي شَيْءٍ إِلَّا زَانَهُ وَلَا يُنْزَعُ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا شَانَهُ وَعَنْ جَرِيرٍ عَنِ

اختیار کر نرمی اور بچا اپنے کو سختی اور بدزبانی سے اسواسطے کہ نرمی نہو گی کسی چیز میں مگر زینت کرے گی اس چیز کو اور نہیں کھینچی جاتی نرمی کسی چیز سے مگر عیب کرتی ہے

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ

نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا جو شخص کہ بے نصیب ہوا نرمی سے تو وہ بے نصیب ہوا نیکی سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم گذرے

عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَهُوَ يَعِظُ أَخَاهُ فِي الْحَيَاءِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُ فَإِنَّ الْحَيَاءَ مِنَ الْإِيمَانِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

ایک انصاری پر اور وہ وعظ کر رہا تھا اپنے بھائی کو حیا کے باب میں پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دے اسکو کیونکہ حیا ایمان سے ہے ۔ ق ۔

وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَيَاءُ لَا يَأْتِي إِلَّا بِخَيْرٍ وَفِي رِوَايَةٍ الْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور روایت ہے عمران بن حصین سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حیا نہیں لاتی مگر نیکی اور ایک روایت میں حیا سب قسم کی نیکی ہے ۔ ق ۔

وَعَنْ أَبِي مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِمَّا أَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْأُولَى إِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ

اور روایت ہے ابی مسعود سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے اگلی پیغمبری کے کلام سے جو لوگوں نے پائیں باتیں ان میں یہ ہے جب تجھکو شرم نہ رہے

فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ فَقَالَ

سو کر جو چاہے تو روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے نواس بن سمعان سے کہا کہ پوچھا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو نیکی اور گناہ سے تب فرمایا

الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِي صَدْرِكَ وَكَرِهْتَ أَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ

نیکی بھلی خو ہے اور گناہ جو گذرے دل میں تیرے اور برا جانے تو کہ واقف ہوں لوگ اسپر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ أَحَبِّكُمْ إِلَيَّ أَحْسَنَكُمْ أَخْلَاقًا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ تم سے زیادہ پیارا مجھکو جو اچھا ہو تم میں اخلاق میں روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی

عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ خِيَارِكُمْ أَحْسَنَكُمْ أَخْلَاقًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اللہ علیہ والہ وسلم نے اچھوں سے تمہارے وہ ہے جو بھلا ہو اخلاق میں ۔ ق ۔ دوسری فصل روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ مَنْ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمَنْ حُرِمَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ حُرِمَ حَظَّهُ مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا

وسلم نے جسکو ملا حصہ نرمی کا ملا اسکو حصہ دنیا اور آخرت کی خیر کا اور جو بے نصیب رہا نرمی کے حصے سے تو بے نصیب رہا دنیا

وَالْآخِرَةِ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَيَاءُ مِنَ الْإِيمَانِ وَالْإِيمَانُ فِي الْجَنَّةِ وَالْبَذَاءُ

اور آخرت کی نیکی سے روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حیا ایمان سے ہے اور ایمان جنت میں ہے اور بدزبانی

مِنَ الْجَفَاءِ وَالْجَفَاءُ فِي النَّارِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْ رَجُلٍ مِنْ مُزَيْنَةَ قَالَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا خَيْرُ مَا أُعْطِيَ الْإِنْسَانُ

بدی سے ہے اور بدی والا آگ میں ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے مزینہ کے ایک مرد سے کہا کہ صحابہ نے کہا یا رسول اللہ کونسی صفت بہت اچھی ہے جو ملی

قَالَ الْخُلُقُ الْحَسَنُ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَفِي شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ وَعَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ

فرمایا خلق نیک ہے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور شرح سنہ میں اسامہ بن شریک سے　　اور روایت ہے حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا يدخل الجنة الجواظ ولا الجعظري قال والجواظ الغليظ الفظ رواه ابو داود
کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں داخل ہوگا جنت میں جواظ اور نہ جعظری کہا اور جواظ سخت گو ہے روایت کیا اسکو ابو داود نے

في سننه والبيهقي في شعب الايمان وصاحب جامع الاصول فيه عن حارثة وكذا في شرح السنة عنه ولفظه قال لا يدخل
اپنے سنن میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور صاحب جامع الاصول نے جامع الاصول میں حارثہ سے اور اسی طرح ہے شرح سنت میں حارثہ سے اور لفظ اسکا فرمایا نہ داخل ہوگا

الجنة الجواظ الجعظري يقال الجعظري الفظ الغليظ وفي نسخ المصابيح عن عكرمة بن وهب ولفظه قال والجواظ الذي
جنت میں جواظ جعظری کہا جاتا ہے جعظری سخت گو کو اور نسخ مصابیح میں عکرمہ بن وہب سے ہے اور لفظ اسکا یہ ہے کہا اور جواظ

جمع ومنع والجعظري الغليظ الفظ وعن ابي الدرداء عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال ان اثقل شيء يوضع في ميزان
مال جمع کرنے والا بخیل ہے اور جعظری سخت گو اور روایت ہے ابی الدرداء سے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا بہت بھاری چیز جو رکھی جائیگی ترازو میں

المؤمن يوم القيامة خلق حسن وان الله يبغض الفاحش البذي رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح وروى ابو داود
ایماندار کی قیامت کے دن اچھی خصلت ہے اور مقرر اللہ دشمن رکھتا ہے گالی بکنے والے کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کی ابو داود نے

الفصل الاول وعن عائشة قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول ان المؤمن ليدرك بحسن خلقه
پہلی فصل کو اور روایت ہے عائشہ رض سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے کہ ایماندار البتہ پاتا ہے بھلی خو کی سبب سے

درجة قائم الليل وصائم النهار رواه ابو داود وعن ابي ذر قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اتق الله حيث
درجہ تہجد گذار اور روزہ دار کا روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ فرمایا مجھکو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ڈر اللہ سے جہاں

ما كنت واتبع السيئة الحسنة تمحها وخالق الناس بخلق حسن رواه احمد والترمذي والدارمي وعن عبد الله بن مسعود
کہیں کہ ہو تو اور تابع کر بدی کے نیکی کو کہ مٹا دے بدی کو اور معاملہ کر لوگوں سے نیک خوئی کا روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الا اخبركم بمن يحرم على النار وبمن تحرم النار عليه على كل هين لين قريب سهل رواه احمد
کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بھلا نہ خبر دوں تم کو کہ کون حرام ہے آگ پر اور کس پر حرام ہے آگ اوپر ہر آہستہ چلنے والے نرمی کرنے والے اور نزدیک ہونے والے

والترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال المؤمن غر كريم والفاجر خب
اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا ایماندار فریب کھانے والا ہے اور فاجر فریبی

لئيم رواه احمد والترمذي وابو داود وعن مكحول قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم المؤمنون هينون
بخیل ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابو داود نے اور روایت ہے مکحول سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایماندار نرمی کرنے والے

لينون كالجمل الانف ان قيد انقاد وان انيخ على صخرة استناخ رواه الترمذي مرسلا وعن ابن عمر عن النبي صلى الله
نرم مزاج رہتے ہیں جیسا کہ اونٹ مہار دیا ہوا اگر کھینچا جاوے تو چلے اور اگر بٹھلایا جاوے کسی پتھر پر تو بیٹھے روایت کیا اسکو ترمذی نے مرسل اور روایت ہے ابن عمر سے نبی صلی

عليه وآله وسلم قال المسلم الذي يخالط الناس ويصبر على اذاهم افضل من الذي لا يخالطهم ولا يصبر على اذاهم رواه الترمذي
علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا کہ مسلمان وہ ہے جو ملتا ہے لوگوں سے اور صبر کرتا ہے انکی اذیت پر بہتر ہے اس سے جو نہیں ملتا ان سے اور صبر کرتا انکی اذیت پر روایت کیا اسکو ترمذی

وابن ماجه وعن سهل بن معاذ عن ابيه ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال من كظم غيظا وهو يقدر على ان ينفذه دعاه الله
اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے سہل بن معاذ سے اسنے اپنے باپ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو پی جاوے غصہ حالانکہ قادر ہو اسکے بدلا لینے پر پکارے گا اسکو خدا

علی رؤس الخلائق یوم القیامۃ حتی یخیرہ فی ای الحور شاء رواہ الترمذی وابوداؤد وقال الترمذی ھذا حدیث غریب

روبرو خلق اللہ کے قیامت کے دن یہانتک کہ اختیار دیگا اسکو جونسی حور ہیں سے کہ چاہیگا روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے

وفی روایۃ لابی داؤد عن سوید بن وھب عن رجل من ابناء اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عن ابیہ قال

اور ابی داؤد کی ایک روایت میں سوید بن وہب سے ایک مرد سے جو اولاد سے اصحاب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے نقل کرتا ہے اپنے باپ سے کہا فرمایا حضرت نے

ملأ اللہ قلبہ امناً وایماناً وذکر حدیث سوید بن وھب ومن ترک لبس ثوب جمال فی کتاب اللباس الفصل

بھر دیگا اللہ دل کو اسکے امن اور ایمان سے اور ذکر کی گئی حدیث سوید بن وہب کی کہ جس نے ترک کیا پہننا اچھے کپڑے کا کتاب اللباس میں۔ فصل

الثالث عن زید بن طلحۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان لکل دین خلقا وخلق الاسلام الحیاء

تیسری روایت ہے زید بن طلحہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ ہر دین کی ایک خصلت ہے اور خصلت اسلام کی حیا ہے

رواہ مالک مرسلا ورواہ ابن ماجۃ والبیہقی فی شعب الایمان عن انس وابن عباس وعن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ

روایت کیا اسکو مالک نے مرسل اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں انس اور ابن عباس سے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ

وآلہ وسلم قال ان الحیاء والایمان قرناء جمیعا فاذا رفع احدھما رفع الآخر وفی روایۃ ابن عباس فاذا سلب احدھما تبعہ

والہ وسلم نے فرمایا کہ حیا اور ایمان دونو اکٹھے ساتھ ہیں سو جب اٹھایا جاتا ہے ایک اٹھایا جاتا ہے دوسرا اور ابن عباس کی روایت میں ہے کہ جب لیا جاتا ہے ایک

الآخر رواہ البیہقی فی شعب الایمان وعن معاذ قال کان آخر ما وصانی بہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حین وضعت

دوسرا بھی روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے معاذ سے کہا تھی آخر وصیت میری جو کی تھی رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جب رکھا میں نے

رجلی فی الغرز ان قال یا معاذ احسن خلقک للناس رواہ مالک وعن مالک بلغہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال

پاؤں اپنا رکاب میں فرمایا اے معاذ بھلی کر خصلت اپنی لوگوں کے لئے روایت کیا اسکو مالک نے اور روایت ہے مالک سے پہنچا اسکو کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا

بعثت لاتمم حسن الاخلاق رواہ فی الموطا ورواہ احمد عن ابی ھریرۃ وعن جعفر بن محمد عن ابیہ قال کان رسول اللہ

بھیجا گیا ہوں کہ تمام کروں بیان بھلی خصلتوں کا روایت کیا اسکو موطا میں اور روایت کیا اسکو احمد نے ابی ہریرہ سے اور روایت ہے جعفر بن محمد سے انہوں نے اپنے باپ سے کہا تھے پیغمبر خدا

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اذا نظر فی المرآۃ قال الحمد للہ الذی حسن خلقی وخلقی وزان منی ما شان من غیری رواہ

صلی اللہ علیہ والہ وسلم جب نظر کرتے آئینہ میں فرماتے سب خوبی اللہ ہی کو ہے جسنے اچھی بنائی صورت میری اور خلق میرا اور دور کیا مجھ سے عیب کو جو لگا ہے غیر کو روایت کیا

البیہقی فی شعب الایمان مرسلا وعن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول اللھم حسنت خلقی

بیہقی نے شعب الایمان میں مرسل اور روایت ہے عائشہ سے کہ تھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم فرماتے اے خدا نیک کی تو نے صورت میری

فاحسن خلقی رواہ احمد وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الا انبئکم بخیارکم قالوا بلی

سو نیک کر خو میری روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بھلا نہ بتاؤں تمکو کون بہت اچھا ہے تم میں سے بولے ہاں

یا رسول اللہ قال خیارکم اطولکم اعمارا واحسنکم اخلاقا رواہ احمد وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یا رسول اللہ فرمایا بہت اچھا تم میں جسکی بڑی عمر ہو اور بہت اچھا ہو تم میں سے اخلاق میں روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے

اکمل المؤمنین ایمانا احسنھم خلقا رواہ ابوداؤد والدارمی وعنہ ان رجلا شتم ابابکر والنبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بڑا کامل ایمان میں وہ ہے جو بہتر ہو ان سے خلق میں روایت کیا اسکو ابوداؤد اور دارمی نے اور روایت ہے اسی سے کہ ایک شخص نے گالی دی ابابکر کو حالانکہ نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

جالس يتعجب ويتبسم فلما أكثر رد عليه بعض قوله فغضب النبي صلى الله عليه وآله وسلم وقام فلحقه أبو بكر وقال يا رسول الله كان يشتمني
بیٹھ کر متعجب ہو کر مسکراتے تھے پھر جب بہت سی گالیاں دیں ابو بکر نے بھی گالی دی کچھ تب غصے میں آئے حضرت اور کھڑے ہو گئے تب گئے ابو بکر حضرت پاس اور کہا یا رسول اللہ

وأنت جالس فلما رددت عليه بعض قوله غضبت وقمت قال كان معك ملك يرد عليه فلما رددت عليه وقع الشيطان
حالانکہ آپ بیٹھے تھے پھر جو آپ نے اس کے بعض بات کا جواب دیا تو آپ غصے ہو کر اٹھ کھڑے ہوئے فرمایا تھا ساتھ تیرے فرشتہ جواب دینے والا تیری طرف سے پھر جب تو نے جواب دیا اتر آیا شیطان

ثم قال يا أبا بكر ثلث كلهن حق ما من عبد ظلم بمظلمة فيغضي عنها لله عز وجل إلا أعز الله بها نصره وما فتح
پھر فرمایا اے ابو بکر تین خصلتیں ہیں کہ سب ان کے حق ہیں نہیں کوئی بندہ جو ظلم کیا جاوے ساتھ کسی ظلم کے پھر چشم پوشی کرے اس سے واسطے اللہ عز وجل کے مگر قوی کرتا ہے خدا اس سبب سے فتح اسکی اور نہیں کھولتا

رجل باب عطية يريد بها صلة إلا زاده الله بها كثرة وما فتح رجل باب مسألة يريد بها كثرة إلا زاده الله بها قلة رواه أحمد
مرد دروازہ دہش کا چاہتا ہے اس سے احسان مگر زیادہ کرتا ہے اللہ اس سبب سے برکت اور نہیں کھولتا مرد دروازہ سوال کا چاہتا اس سے کثرت مگر زیادہ کرتا ہے خدا اس سبب سے کمی روایت کیا اسکو احمد نے

وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا يريد الله بأهل بيت رفقا إلا نفعهم ولا يحرمهم إياه
اور روایت ہے عائشہ رضی سے بولیں کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں چاہتا ہے خدا گھر والوں کے ساتھ نرمی مگر نفع بخشتا انکو اور نہیں بے نصیب کرتا ان کو نرمی سے

إلا ضرهم رواه البيهقي في شعب الإيمان

باب الغضب والكبر

الفصل الأول

عن أبي هريرة أن رجلا قال للنبي صلى الله
مگر ضرر پہنچاتا ہے ان کو روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں ۔ باب غصہ اور کبر کا ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ ایک شخص نے کہا نبی صلی اللہ

عليه وآله وسلم أوصني قال لا تغضب فردد ذلك مرارا قال لا تغضب رواه البخاري وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه
علیہ وآلہ وسلم سے کچھ نصیحت کیجئے مجھکو فرمایا غصہ نہ کر پھر کئی مرتبہ کہا اسنے یہی بات تو بھی فرمایا غصہ نہ کر روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ

وآله وسلم ليس الشديد بالصرعة إنما الشديد من يملك نفسه عند الغضب متفق عليه وعن حارثة بن وهب
وآلہ وسلم نے نہیں ہے پہلوان جو لوگوں کو پچھاڑے پہلوان تو وہ ہے جو اپنی جان پر قابو رکھے وقت غصے کے ق اور روایت ہے حارثہ بن وہب سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ألا أخبركم بأهل الجنة كل ضعيف متضعف لو أقسم على الله لأبره ألا أخبركم
کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاں تم کو بہشتی لوگ بتلاؤں جو غریب ہیں لوگوں کی نظر میں حقیر اگر قسم کھا بیٹھے خدا پر تو اسکو سچا کر دیوے ہاں تم کو بتلاؤں

بأهل النار كل عتل جواظ مستكبر متفق عليه وفي رواية لمسلم كل جواظ زنيم متكبر وعن ابن مسعود قال قال رسول الله
دوزخی لوگ جو بدخو ہیں حرام خور گھمنڈ والے ہیں ق اور مسلم کی ایک روایت میں ہے حرام خور حرام زادہ تکبر والا اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا فرمایا پیغمبر خدا

صلى الله عليه وآله وسلم لا يدخل النار أحد في قلبه مثقال حبة من خردل من إيمان ولا يدخل الجنة أحد في قلبه مثقال
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ داخل ہوگا آگ میں کوئی کہ جس کے دل میں برابر دانہ رائی کے بھی ایمان ہوگا اور نہ داخل ہوگا بہشت میں کوئی ایک جس کے دل میں برابر

حبة من خردل من كبرياء رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا يدخل الجنة من كان في قلبه
دانے رائی کے بھی کبر ہوگا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ داخل ہوگا بہشت میں وہ شخص کہ جس کے دل میں

مثقال ذرة من كبر فقال رجل إن الرجل يحب أن يكون ثوبه حسنا ونعله حسنا قال إن الله جميل يحب الجمال الكبر
ایک ذرہ برابر بھی کبر ہوگا تب کہا ایک مرد نے کہ مرد دوست رکھتا ہے کہ ہو کپڑا اسکا اچھا اور جوتی اسکی اچھی فرمایا کہ اللہ جمیل ہے دوست رکھتا ہے جمال کو غرور

بطر الحق وغمط الناس رواه مسلم وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ثلثة لا يكلمهم الله يوم القيمة
باطل کرنا ہے حق بات کو اور حقیر جاننا لوگوں کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ تین شخص ہیں جن سے خدا کلام نہ کریگا قیامت کے دن

وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَفِي رِوَايَةٍ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ شَيْخٌ زَانٍ وَمَلِكٌ كَذَّابٌ وَعَائِلٌ مُسْتَكْبِرٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ

اور نہ انکو پاک کریگا اور ایک روایت میں ہے اور نہ انکو رحمت کی نظر سے دیکھیگا اور انکو دکھ کی مار ہوگی بوڑھا حرام کار اور دوسرا جھوٹا بادشاہ تیسرا محتاج مغرور روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اللّٰهُ تَعَالَى الْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي وَالْعَظَمَةُ إِزَارِي فَمَنْ نَازَعَنِي وَاحِدًا مِنْهُمَا أَدْخَلْتُهُ النَّارَ وَفِي رِوَايَةٍ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالے نے کبریا چادر میری اور عظمت ازار میری ہے سو جو کوئی شریک بنا چاہے میرا ایک میں ان دونوں سے تو داخل کرونگا اسکو دوزخ میں اور ایک روایت میں ہے

قَذَفْتُهُ فِي النَّارِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ الرَّجُلُ

ڈالونگا اسے آگ میں روایت کیا اسکو مسلم نے دوسری فصل روایت ہے سلمہ بن الاکوع سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے مرد ہمیشہ

يَذْهَبُ بِنَفْسِهِ حَتَّى يُكْتَبَ فِي الْجَبَّارِينَ فَيُصِيبُهُ مَا أَصَابَهُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ

لیجاتا اپنے نفس کو یہاں تک کہ لکھا جاتا ہے وہ متکبروں میں پھر پہنچتا ہے اسکو جو پہنچتا ہے ان کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اسکے باپ سے

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُحْشَرُ الْمُتَكَبِّرُونَ أَمْثَالَ الذَّرِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي صُوَرِ الرِّجَالِ يَغْشَاهُمُ الذُّلُّ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا اٹھائے جائینگے تکبر والے جیسے کہ چھوٹی چونٹیاں قیامت کے دن مردوں کی صورتوں میں ڈھانپ لیگی ان کو خواری ہر جگہ

يُسَاقُونَ إِلَى سِجْنٍ فِي جَهَنَّمَ يُسَمَّى بُولَسَ تَعْلُوهُمْ نَارُ الْأَنْيَارِ وَيُسْقَوْنَ مِنْ عُصَارَةِ أَهْلِ النَّارِ طِينَةَ الْخَبَالِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ

ہانکے جاینگے طرف قید خانے کے جو دوزخ میں ہے جسکا نام بولس ہے پکڑیگی ان کو آگ آگوں کی اور پلائے جاوینگے زرد پانی دوزخیوں کے طینة الخبال روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

عَطِيَّةَ بْنِ عُرْوَةَ السَّعْدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْغَضَبَ مِنَ الشَّيْطَانِ وَإِنَّ الشَّيْطَانَ خُلِقَ مِنَ النَّارِ

عطیہ بن عروہ السعدی سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ غصہ کرنا شیطان سے ہے اور مقرر شیطان بنا آگ سے

وَإِنَّمَا تُطْفَأُ النَّارُ بِالْمَاءِ فَإِذَا غَضِبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَتَوَضَّأْ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

اور بس بجھائی جاتی ہے آگ پانی سے سو جب غصے میں آوے کوئی تمہارا تو چاہیے کہ وضو کرے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابی ذر سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ

قَالَ إِذَا غَضِبَ أَحَدُكُمْ وَهُوَ قَائِمٌ فَلْيَجْلِسْ فَإِنْ ذَهَبَ عَنْهُ الْغَضَبُ وَإِلَّا فَلْيَضْطَجِعْ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ

فرمایا جب غصے میں آوے کوئی تمہارا اس حال کہ وہ کھڑا ہے تو چاہیے کہ بیٹھ جائے پھر اگر جاتا رہا اس سے غصہ اور نہیں تو لیٹ رہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے

عُمَيْسٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ تَخَيَّلَ وَاخْتَالَ وَنَسِيَ الْكَبِيرَ الْمُتَعَالِ بِئْسَ الْعَبْدُ

عمیس سے بولیں سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے برا بندہ ہے جو خیال کرے اپنے کو اچھا اور گھمنڈ کرے اور بھول جاوے بزرگ بلند قدر کو برا ہے وہ بندہ

عَبْدٌ تَجَبَّرَ وَاعْتَدَى وَنَسِيَ الْجَبَّارَ الْأَعْلَى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ سَهَا وَلَهَا وَنَسِيَ الْمَقَابِرَ وَالْبِلَى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ عَتَا وَطَغَى وَنَسِيَ

جسنے تکبر کیا اور حد سے گذر گیا اور بھول گیا جبار حقیقی کو جو زیادہ بلند ہے برا ہے وہ بندہ جو بھولا اور غافل ہوا اور بھول گیا مقبروں کو اور پرانے ہونے کو اور برا ہے وہ بندہ

الْمُبْتَدَأَ وَالْمُنْتَهَى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ يَخْتِلُ الدُّنْيَا بِالدِّينِ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ يَخْتِلُ الدِّينَ بِالشُّبُهَاتِ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ

ابتدا حال اور انتہا کو برا ہے وہ بندہ جو فریب دیوے دنیا کو بدلے دین کے برا ہے وہ بندہ جو فریب دیوے دین کو شبہوں میں برا ہے وہ بندہ جسکو

طَمَعٌ يَقُودُهُ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ هَوًى يُضِلُّهُ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ رَغَبٌ يُذِلُّهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَقَالَا

طمع کھینچتی ہے برا ہے وہ بندہ جسکو نفس کی خواہش بہکاتی ہے برا ہے وہ بندہ جسکو دنیا کی رغبت خوار کرتی ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا ان دونوں نے

لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ أَيْضًا هَذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

نہیں ہے سند اسکی قوی اور کہا ترمذی نے بھی یہ حدیث غریب ہے فصل تیسری روایت ہے ابن عمر سے کہا فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم ما تجرع عبد أفضل عند الله من جرعة غيظ يكظمها ابتغاء وجه الله رواه احمد وعن ابن
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں کوئی گھونٹ بندے نے بہتر نزدیک خدا کے غصے کی گھونٹ سے جو پیتا ہے اسکو خدا کی رضامندی چاہکر روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابن

عباس في قوله تعالى ادفع بالتي هي أحسن قال الصبر عند الغضب والعفو عند الإساءة فإذا فعلوا عصمهم الله وخضع لهم عدوهم
عباس سے تفسیر میں قول حق سبحانہ تعالی کے جواب تو کہ اسے بہتر کہا صبر وقت غصے کے اور عفو نزدیک بدی پہنچانے کے پھر جب کریں تو نگاہ رکھے انکو خدا اور عاجز ہو انکا دشمن

كأنه ولي حميم قريب رواه البخاري تعليقا وعن بهز بن حكيم عن أبيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم
جیسے دوست ہے ناتے والا قریب کا روایت کیا اسکو بخاری نے تعلیقا اور روایت ہے بہز بن حکیم سے باپ سے اسکے دادے سے اسکے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

إن الغضب ليفسد الإيمان كما يفسد الصبر العسل وعن عمر رض قال وهو على المنبر يا أيها الناس تواضعوا فإني سمعت رسول
غصہ بگاڑتا ہے ایمان کو جیسے بگاڑتا ہے صبر شہد کو اور روایت ہے عمر رض سے کہا حالانکہ وہ منبر پر خطبہ پڑھ رہے تھے اے لوگو خاکساری اختیار کرو کہ میں نے سنا رسول

الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول من تواضع لله رفعه الله فهو في نفسه صغير وفي أعين الناس عظيم ومن تكبر وضعه
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے جسنے خاکساری اختیار کی خدا کے لیے تو اونچا کرتا ہے خدا اسکو سو وہ اپنے میں چھوٹا ہے اور لوگوں کی آنکھوں میں بڑا ہے اور جسنے تکبر کیا پست کرتا ہے اسکو

الله فهو في أعين الناس صغير وفي نفسه كبير حتى لهو أهون عليهم من كلب أو خنزير وعن أبي هريرة قال قال رسول
خدا سو وہ لوگوں کی آنکھوں میں چھوٹا ہے اور اپنے جی میں بڑا ہے یہاں تک کہ البتہ وہ ذلیل ہے لوگوں پر کتے یا سور سے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول

صلى الله عليه وآله وسلم قال موسى يا رب من أعز عبادك عندك قال من إذا قدر غفر وعن أنس أن رسول الله صلى الله عليه
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا موسی نے اے رب بندوں میں تیرے کون زیادہ عزیز نزدیک تیرے فرمایا وہ جب قدرت پاوے تو بخش دے اور روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ

وآله وسلم قال من خزن لسانه ستر الله عورته ومن كف غضبه كف الله عنه عذابه يوم القيامة ومن اعتذر إلى
وآلہ وسلم نے فرمایا جو کوئی نگاہ رکھے اپنی زبان کو تو چھپاتا ہے خدا اسکے عیب کو اور جو باز رکھے اپنے غصے کو تو ٹلا دیگا اس سے خدا عذاب قیامت کے دن اور جو کوئی عذر کرے

الله قبل الله عذره وعن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ثلاث منجيات وثلاث مهلكات فأما المنجيات
اللہ کی طرف تو قبول کریگا اللہ اسکے عذر کو اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تین چیزیں ہیں نجات دینے والیاں اور تین ہیں ہلاک کرنے والیاں

فتقوى الله في السر والعلانية والقول بالحق في الرضا والسخط والقصد في الغنى والفقر وأما المهلكات فهوى متبع وشح
سو تقوی اللہ کا چھپے اور کھلے میں اور بولنا حق کو خوشی و ناخوشی میں اور میانہ روی تونگری و محتاجی میں اور مہلک چیزیں سو خواہش جسکی پیروی کی جاوے اور حرص جسکی

مطاع وإعجاب المرء بنفسه وهي أشدهن روى البيهقي الأحاديث الخمسة في شعب الإيمان

اطاعت کی جاوے اور عجب مرد کا اپنے نفس میں اور یہ بہت سخت ہے ان سے روایت کیا بیہقی نے ان پانچوں حدیثوں کو شعب الایمان میں

باب الظلم
الفصل الأول

باب ظلم کا — فصل پہلی

عن ابن عمر أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال الظلم ظلمات يوم القيامة متفق عليه وعن أبي موسى قال قال رسول
روایت ہے ابن عمر سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ظلم اندھیریاں ہوگا قیامت کے دن ق اور روایت ہے ابی موسی سے کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وآله وسلم إن الله ليملي للظالم حتى إذا أخذه لم يفلته ثم قرأ وكذلك أخذ ربك إذا أخذ القرى وهي
خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا ظالم کو فرصت دیتا ہے یہاں تک کہ جب پکڑتا ہے اسکو نہیں چھوڑتا پھر پڑھی آیت اور اسی طرح پکڑ تیرے رب کی جب پکڑتا ہے بستیوں کو حالانکہ

ظالمة الآية متفق عليه وعن ابن عمر أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم لما مر بالحجر قال لا تدخلوا مساكن الذين ظلموا أنفسهم
ظلم کرتی ہوں پوری آیت تک متفق ہے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب گذر کیا حجر پر فرمایا مت جاؤ ان کے مکانوں میں جن لوگوں نے اپنی جان پر ظلم

إلا أن تكونوا باكين أن يصيبكم ما أصابهم ثم قنع رأسه وأسرع السير حتى اجتاز الوادي متفق عليه وعن أبي هريرة
مگر روتے ہوئے کہ تم پر عذاب نہ پڑے جیسا ان پر عذاب پڑا پھر چھپایا سر اپنا اور جلد چلے یہاں تک کہ نکل گئے اس میدان سے ق اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من كانت له مظلمة لأخيه من عرضه أو شيء فليتحلله منه اليوم قبل أن لا يكون
کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جس پر ہو کچھ مظلمہ اپنے بھائی کا اسکی آبرو یا اور کسی چیز کا تو چاہیے کہ بخشوا لیوے اس سے آج اس دن پہلے کہ نہ ہوگی

دينار ولا درهم إن كان له عمل صالح أخذ منه بقدر مظلمته وإن لم يكن له حسنات أخذ من سيئات صاحبه فحمل
اشرفی اور نہ روپیہ اگر ظالم کے پاس کچھ نیک کام ہوگا تو لیا جائیگا اس سے بقدر ظلم کے اور اگر نہ ہونگے اسکے نیک کام تو لیے جائینگے گناہ مظلوم پھر لادے جاوینگے

عليه رواه البخاري وعنه أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال أتدرون ما المفلس قالوا المفلس فينا من لا درهم له
ظالم پر روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون ہے اصحاب نے کہا مفلس ہم میں وہ ہے کہ پاس اسکے درہم ہو

ولا متاع فقال إن المفلس من أمتي من يأتي يوم القيمة بصلوة وصيام وزكوة ويأتي قد شتم هذا وقذف هذا وأكل مال
اور نہ اسباب فرمایا مفلس میری امت میں وہ ہے جو آویگا قیامت کے دن نماز اور روزہ اور زکوٰۃ لیکر حالانکہ اسنے کسی کو گالی دی اور کسی کو عیب لگایا اور کسی کا مال کھایا

هذا وسفك دم هذا وضرب هذا فيعطى هذا من حسناته وهذا من حسناته فإن فنيت حسناته قبل أن يقضى
اور کسی کا خون بہایا اور کسی کو مارا سو دلایا جائیگا مظلوم کو اسکی نیکیوں سے اور دوسرے کو اسکی نیکیوں سے پھر اگر تمام ہوئیں اسکی نیکیاں پہلے فیصلہ کرنے کے

ما عليه أخذ من خطاياهم فطرحت عليه ثم طرح في النار رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم
لئے جاوینگے گناہ ان مظلوموں کے پھر ڈالے جاوینگے اس ظالم پر پھر ڈالا جائیگا آگ میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم

لتؤدن الحقوق إلى أهلها يوم القيمة حتى يقاد للشاة الجلحاء من الشاة القرناء رواه مسلم وذكر حديث جابر اتقوا الظلم
دلائے جاوینگے حق حقداروں کو قیامت کے دن یہاں تک کہ بدلا لیا جائیگا منڈی کا سینگدار بکری سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور ذکر کی گئی ہے حدیث جابر کی

في باب الإنفاق الفصل الثاني عن حذيفة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تكونوا إمعة تقولون إن أحسن الناس
باب الانفاق میں۔ فصل دوسری روایت ہے حذیفہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نہ ہو تم مرد ہر جائی کہ بولو اگر نیکی کریں لوگ

أحسنا وإن ظلموا ظلمنا ولكن وطنوا أنفسكم إن أحسن الناس أن تحسنوا وإن أساؤوا فلا تظلموا رواه الترمذي وعن
نیکی کرینگے ہم ان سے اور اگر ظلم کریں ہم پر تو ہم ظلم کرینگے لیکن قرار دو اپنے دلوں کو اس پر کہ اگر نیکی کریں لوگ تو تم نیکی کرو اور اگر برائی کریں تو تم ظلم مت کرو

معاوية أنه كتب إلى عائشة أن اكتبي إلي كتابا توصيني فيه ولا تكثري فكتبت سلام عليك أما بعد فإني سمعت رسول
معاویہ سے کہ اسنے لکھا عائشہ کو یہ کہ لکھو مجھے ایک مکتوب کہ اس میں نصیحت ہو میری اور مختصر ہو سو لکھا عائشہ نے سلام تجھ پر بعد حمد کے سو سنا میں نے رسول

الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول من التمس رضى الله بسخط الناس كفاه الله مؤنة الناس ومن التمس رضى الناس بسخط
اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے جو کوئی ڈھونڈتا ہے خوشی خدا کی ساتھ ناخوشی لوگوں کے بس کرتا ہے خدا اسکو لوگوں کی گرانی سے اور جو شخص ڈھونڈ

الله وكله الله إلى الناس والسلام عليك رواه الترمذي الفصل الثالث عن ابن مسعود قال لما نزلت الذين آمنوا ولم
اللہ کے چھوڑ دیتا ہے اسکو خدا لوگوں کی طرف اور سلام تجھ پر روایت کیا اسکو ترمذی نے فصل تیسری روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ جب اتری یہ آیت جو لوگ کہ ایمان لائے اور نہ

يلبسوا إيمانهم بظلم شق ذلك على أصحاب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وقالوا يا رسول الله أينا لم يظلم نفسه فقال
ملائے اپنے ایمان کو ساتھ ظلم کے تو سخت آئی یہ بات اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور بولے یا رسول اللہ کون شخص ہے ہم سے جو ظلم نہ کیا اپنی جان پر تب فرمایا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لیس ذلک انما ھو الشرک الم تسمعوا قول لقمان لابنہ یا بنی لا تشرک باللہ ان الشرک لظلم
رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں ہے یہہ بس یہہ ظلم شرک ہے کیا نہ سنے ہو قول لقمان کا اپنے بیٹے کے لئے اے بیٹے شریک نہ ٹھہرا و اللہ کا بیشک شرک ظلم ہے

عظیم وفی روایۃ لیس ھو کما تظنون انما ھو کما قال لقمان لابنہ متفق علیہ وعن ابی امامۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بڑی ہے اور ایک روایت میں نہیں ہے مراد اس سے جو گمان کرتے ہو تم جیسا کہا لقمان نے اپنے بیٹے کو متفق علیہ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

قال من شر الناس منزلۃ یوم القیمۃ عبد اذھب اخرتہ بدنیا غیرہ رواہ ابن ماجۃ وعن عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ
فرمایا بدترین آدمیوں سے مرتبے میں قیامت کے دن وہ بندہ ہے جو برباد کیا اپنی آخرت کو بسبب غیر کی دنیا کے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے عائشہ سے بولیں فرمایا رسول

علیہ وآلہ وسلم الدواوین ثلثۃ دیوان لا یغفر اللہ الاشراک باللہ یقول اللہ عز وجل ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ و
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نامہ اعمال کے تین ہیں ایک وہ ہے جو نہ بخشیگا اللہ وہ شریک بنانا اللہ کے ساتھ ہے فرماتا ہے اللہ عز وجل تحقیق اللہ نہیں بخشتا ہے یہ کہ اسکا شریک کیجے

دیوان لا یترکہ اللہ تعالیٰ ظلم العباد فیما بینھم حتی یقتص بعضھم من بعض ودیوان لا یعبأ اللہ بہ ظلم العباد فیما بینھم
دوسرا وہ ہے جو مہمان نہ چھوڑیگا خدا اسکو وہ ظلم بندوں کا آپس میں یہاں تک کہ بدلا لیگا ایک انکا دوسرے سے اور تیسرا وہ ہے جو پروا نہیں کرتا خدا اسکا وہ ظلم بندوں کا

وبین اللہ فذلک الی اللہ ان شاء عذبہ وان شاء تجاوز عنہ وعن علی رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اور درمیان خدا کے سو یہہ اسکی طرف ہے اگر چاہے عذاب کرے اسپر اور اگر چاہے درگذر کرے اس سے اور روایت ہے علی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

ایاک ودعوۃ المظلوم فانما یسأل اللہ حقہ وان اللہ لا یمنع ذا حق حقہ وعن اوس بن شرحبیل انہ سمع رسول اللہ
بچو تم مظلوم کی دعا سے کیونکہ بس وہ مانگتا ہے خدا سے حق اپنا اور خدا نہیں منع کرتا ہے کسی حق والے کو اسکے حق سے اور روایت ہے اوس بن شرحبیل سے کہ سنا انہوں نے رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول من مشی مع ظالم لیقویہ وھو یعلم انہ ظالم فقد خرج من الاسلام وعن ابی ہریرۃ انہ سمع
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے جو چلا ظالم کے ساتھ تاکہ مدد کرے اسکی حالانکہ جانتا ہو کہ وہ ظالم ہے تو تحقیق نکل آیا اسلام سے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ سنا

رجلا یقول ان الظالم لا یضر الا نفسہ فقال ابو ہریرۃ بلی واللہ حتی الحباری لتموت فی وکرھا ہزلا لظلم الظالم روی
ایک شخص کو کہتے کہ ظالم ضرر نہیں پہنچاتا مگر اپنی جان پر تب کہا ابو ہریرہ نے ہاں قسم خدا کی یہاں تک کہ حباری البتہ مرتا ہے اپنے آشیانہ میں لاغری سے بسبب ظلم ظالم کے روایت کیا

البیہقی الاحادیث الاربعۃ فی شعب الایمان باب الامر بالمعروف الفصل الاول عن ابی سعید الخدری عن
بیہقی نے ان چاروں حدیثوں کو شعب الایمان میں باب امر بالمعروف کا فصل پہلی روایت ہے ابی سعید خدری سے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال من رای منکم منکرا فلیغیرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا حضرت نے جو تم لوگوں میں سے دیکھے خلاف شرع تو چاہیے کہ بگاڑ دے اسکو اپنے ہاتھ سے پھر اگر طاقت نہ رکھتا ہو تو اپنی زبان سے پھر اگر طاقت نہ رکھتا ہو تو دل سے

وذلک اضعف الایمان رواہ مسلم وعن النعمان بن بشیر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مثل المدھن فی حدود
اور یہہ بہت سست ایمان ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مثل اسکی جو سستی کرتا ہے حدود میں

اللہ والواقع فیھا مثل قوم استھموا سفینۃ فصار بعضھم فی اسفلھا وصار بعضھم فی اعلاھا فکان الذی فی اسفلھا
خدا کے اور جو گر پڑا ان حدود میں اس قوم کی مثل ہے جنہوں نے جہاز میں اپنی اپنی جگہ ٹھہرایا سو بعضوں نے اسکا تلے کا مکان پایا اور بعضوں نے اوپر کا سو جو تلے رہا

یمر بالماء علی الذین فی اعلاھا فتأذوا بہ فاخذ فأسا فجعل ینقر اسفل السفینۃ فاتوہ فقالوا ما لک قال تأذیتم بی ولا بد
گذرا پانی لینے کو اپنے اوپر والوں پر پھر اوپر والے اذیت کھینچے اس سے تب لی اسنے کلہاڑی اور پھوڑنا شروع کیا تلے کو جہاز کے سو آئے اوپر والے اسکے پاس اور لوگ بولے تجھکو کیا ہوا کہا اذیت ہوئی تمکو میرے سبب سے اور ضرورت ہے

لى بين المركب فان اخذوا على يديه انجوه ونجوا انفسهم وان تركوه اهلكوه واهلكوا انفسهم رواه البخاري وعن

مجھکو پانی پھر اگر اوپر والے اسکے ہاتھ پکڑ لیں بچالیں اسکو اور خود بھی بچیں اور اگر اسکو چھوڑ دیں ہلاک کریں اسکو اور آپ بھی ہلاک ہوں روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت

اسامة بن زيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يجاء بالرجل يوم القيمة فيلقى في النار فتندلق اقتابه في النار

اسامہ بن زید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لایا جائیگا مرد قیامت کے دن سو ڈالا جائیگا دوزخ میں سو نکل پڑینگی اسکی آنتیں

فيطحن فيها كطحن الحمار برحاه فيجتمع اهل النار عليه فيقولون اي فلان ماشانك اليس كنت تامرنا بالمعروف وتنهانا عن

گھومیگا انمیں جیسے گدھا گھومتا ہے چکی کے گرد تو جمع ہونگے دوزخی لوگ اسپر پھر کہینگے اے فلانے کیا حال ہے تیرا کیا نہ تھا تو ہمکو نیک کام بتلاتا اور منع کرتا

المنكر قال كنت آمركم بالمعروف ولا آتيه وانهاكم عن المنكر وآتيه متفق عليه

الفصل الثاني

عن حذيفة ان

بد کاموں سے تو کہیگا ہاں بیشک میں تمکو بتلاتا تھا اور خود اسکو نہ کرتا تھا اور منع کرتا تھا تمکو بد کام سے ولیکن خود کرتا تھا متفق علیہ فصل دوسری روایت ہے حذیفہ سے کہ

النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال والذي نفسي بيده لتامرن بالمعروف ولتنهون عن المنكر او ليوشكن الله ان يبعث

نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا قسم اسکی کہ جان میری جسکے ہاتھ ہے البتہ بتلاؤگے تم بھلی بات اور منع کروگے بد کاموں سے یا نزدیک ہے کہ خدا بھیجے

عليكم عذابا من عنده ثم لتدعنه ولا يستجاب لكم رواه الترمذي وعن العرس بن عميرة عن النبي صلى الله عليه وآله

تم پر عذاب اپنے پاس سے پھر البتہ پکاروگے تم اسکو سو نہ سنیگا تمہاری روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عرس بن عمیرہ سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ

وسلم قال اذا عملت الخطيئة في الارض من شهدها فكرهها كان كمن غاب عنها ومن غاب عنها فرضيها كان كمن

وسلم سے فرمایا کہ جب کیا جاتا ہے گناہ زمین میں جسنے دیکھا اسکو اور برا جانا تو ہے مثل اسکے جو غائب ہو اس گناہ سے اور جو اس سے غائب ہو اور راضی ہو

شهدها رواه ابو داود وعن ابي بكر الصديق رض قال يا ايها الناس انكم تقرؤن هذه الآية يا ايها الذين آمنوا

دیکھنے اسکو روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ابی بکر صدیق رض سے انہوں نے کہا اے لوگو مقرر تم پڑھتے ہو اس آیت کو اے ایمان والو

عليكم انفسكم لا يضركم من ضل اذا اهتديتم قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول ان الناس اذا رأوا

تم پر لازم ہے فکر اپنی جان کی تمہارا کچھ نہیں بگاڑتا جو کوئی بہکا جب تم ہو راہ پر کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے مقرر لوگ دیکھیں

منكرا فلم يغيروه يوشك ان يعمهم الله بعقابه رواه ابن ماجه والترمذي وصححه وفي رواية ابي داود اذا رأوا الظالم فلم ياخذوا

خلاف شرع کو پھر نہ بگاڑیں اسکو نزدیک ہے کہ ان سبھوں پر بھیجے اللہ اپنے عذاب روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو ترمذی نے اور ابی داود کی ایک

على يديه اوشك ان يعمهم الله بعقاب وفي اخرى له ما من قوم يعمل فيهم بالمعاصي ثم يقدرون على ان يغيروا ثم لا

ہاتھ اسکا تو قریب ہے کہ اللہ بھیجے ان سبھوں کو عذاب اور دوسری روایت میں ہے نہیں ہے کوئی قوم کہ کیے جاویں درمیان انکے گناہ پھر قدرت رکھتے ہوں بگاڑنے پر پھر نہ

يغيرون الا يوشك ان يعمهم الله بعقاب وفي اخرى له ما من قوم يعمل فيهم بالمعاصي هم اكثر ممن يعمله وعن جرير بن

بگاڑیں مگر قریب ہے کہ بھیجے ان سبھوں کو خدا عذاب اور ابوداود کی دوسری روایت میں ہے نہیں ہے کوئی قوم کہ جن کے درمیان ہو گناہ حالانکہ وہ اکثر ہوں گناہ کرنے والوں سے اور روایت ہے جریر بن

عبد الله قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول ما من رجل يكون في قوم يعمل فيهم بالمعاصي يقدرون

عبداللہ سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے نہیں رہتا کوئی شخص کسی قوم میں جو کرتا ہو ان میں گناہ قدرت رکھتے ہوں

على ان يغيروا عليه ولا يغيرون الا اصابهم الله منه بعقاب قبل ان يموتوا رواه ابو داود وابن ماجه وعن ابي ثعلبة

کہ بگاڑ دیں اسکو اور نہ بگاڑیں مگر پہنچاتا ہے ان پر اللہ عذاب پہلے ان کے مرنے کے روایت کیا اسکو ابوداود اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ثعلبہ

فِي قَوْلِهِ تَعَالَى عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ فَقَالَ أَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ سَأَلْتُ عَنْهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قول میں اللہ تعالی کے تم پر لازم ہے فکر اپنی جانکی تمہارا کچھ نہیں بگاڑتا جو کوئی بہکا جب تم ہو راہ پر کہا سنتے رہو قسم خدا کی البتہ مقرر پوچھا میں نے اس آیت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

فَقَالَ بَلِ ائْتَمِرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَتَنَاهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ حَتَّى إِذَا رَأَيْتَ شُحًّا مُطَاعًا وَهَوًى مُتَّبَعًا وَدُنْيَا مُؤْثَرَةً وَإِعْجَابَ كُلِّ ذِي رَأْيٍ

تو فرمایا بلکہ بتلاؤ بھلی بات اور منع کرو بدکام سے یہاں تک کہ جب دیکھو تو بخیلی کی تابعداری کی جاوے اور خواہش نفس کی متابعت ہو اور دنیا اختیار کی جاوے اور عجب کرنا ہر صاحب رائے کا

بِرَأْيِهِ وَرَأَيْتَ أَمْرًا لَا بُدَّ لَكَ مِنْهُ فَعَلَيْكَ نَفْسَكَ وَدَعْ أَمْرَ الْعَوَامِّ فَإِنَّ وَرَاءَكُمْ أَيَّامَ الصَّبْرِ فَمَنْ صَبَرَ فِيهِنَّ كَانَ كَقَبْضٍ

اپنی رائے پر اور دیکھے تو ایسے امر کو کہ ضرورت ہو تجھے اسکی استعد پس لازم پکڑ اپنی ذات کو اور چھوڑ دے کام کو عوام الناس کے کیونکہ آگے تمہارے دن صبر کے ہیں سو جو کوئی صبر کریگا

عَلَى الْجَمْرِ لِلْعَامِلِ فِيهِنَّ أَجْرُ خَمْسِينَ رَجُلًا يَعْمَلُونَ مِثْلَ عَمَلِهِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَجْرُ خَمْسِينَ مِنْهُمْ قَالَ أَجْرُ خَمْسِينَ مِنْكُمْ

چنگاری کے واسطے عمل کرنے والے کو ان دنوں میں اجر ہے پچاس مرد کا جو عمل کرتے ہیں مانند عمل اسکے صحابہ نے کہا یا رسول اللہ مزدوری پچاس مرد کی جو ان میں سے ہیں فرمایا اجر پچاس مرد کا

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَامَ فِينَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ خَطِيبًا بَعْدَ الْعَصْرِ

روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کھڑے ہوئے ہم میں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ سنانے کو بعد نماز عصر کے

فَلَمْ يَدَعْ شَيْئًا يَكُونُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ إِلَّا ذَكَرَهُ حَفِظَهُ وَنَسِيَهُ مَنْ نَسِيَهُ وَكَانَ فِيمَا قَالَ إِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ وَإِنَّ

پھر نہ چھوڑی کوئی چیز جو ہونے والی ہے قیامت تک مگر ذکر فرمایا اسکو یاد رکھا یاد رکھنے والا اور بھول گیا اسکو بھولنے والا اور تھی اس خطبے میں جو فرمایا کہ مقرر دنیا شیریں سبز

اللّٰهَ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيهَا فَنَاظِرٌ كَيْفَ تَعْمَلُونَ أَلَا فَاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ وَذَكَرَ أَنَّ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءً يَوْمَ الْقِيَامَةِ

خدا خلیفہ کیا ہے تمکو اس میں سو دیکھتا ہے کہ کیونکر تصرف کرتے ہو سنتے رہو سو بچتے رہو دنیا سے اور بچتے رہو عورتوں سے اور ذکر کیا کہ ہر عہد توڑنے والے کے لیے جھنڈا ہے

بِقَدْرِ غَدْرَتِهِ فِي الدُّنْيَا وَلَا غَدْرَ أَكْبَرُ مِنْ غَدْرِ أَمِيرِ الْعَامَّةِ يُغْرَزُ لِوَاؤُهُ عِنْدَ اسْتِهِ قَالَ وَلَا يَمْنَعَنَّ أَحَدًا مِنْكُمْ هَيْبَةُ

باندازہ اسکے غدر کے دنیا میں اور نہیں ہے کوئی غدر بڑا غدر سے امیر عامہ کے گاڑا جائیگا جھنڈا اسکا اسکی دبر پاس فرمایا اور نہ باز رکھے کسی کو تمہارے ہیبت

النَّاسِ أَنْ يَقُولَ بِحَقٍّ إِذَا عَلِمَهُ وَفِي رِوَايَةٍ إِنْ رَأَى مُنْكَرًا أَنْ يُغَيِّرَهُ فَبَكَى أَبُو سَعِيدٍ وَقَالَ قَدْ رَأَيْنَاهُ فَمَنَعَتْنَا هَيْبَةُ النَّاسِ

لوگوں کی حق بولنے سے جب معلوم کیا حق کو اور ایک روایت میں ہے اگر دیکھے بدکام بگاڑنے سے اسکے سو رویا ابو سعید نے اور کہا مقرر دیکھا ہمنے بدکام کو سو باز رکھا ہمکو ڈر لوگوں کا

أَنْ نَتَكَلَّمَ فِيهِ ثُمَّ قَالَ أَلَا إِنَّ بَنِي آدَمَ خُلِقُوا عَلَى طَبَقَاتٍ شَتَّى فَمِنْهُمْ مَنْ يُولَدُ مُؤْمِنًا وَيَحْيَى مُؤْمِنًا وَيَمُوتُ مُؤْمِنًا

کہ بات کریں اسمیں پھر کہا سنتے رہو مقرر بنی آدم ہیں کئی اقسام پر پھر کوئی انسے پیدا ہوتا ہے مومن اور زندہ رہتا ہے مومن اور مرتا ہے مومن

وَمِنْهُمْ مَنْ يُولَدُ كَافِرًا وَيَحْيَى كَافِرًا وَيَمُوتُ كَافِرًا وَمِنْهُمْ مَنْ يُولَدُ مُؤْمِنًا وَيَحْيَى مُؤْمِنًا وَيَمُوتُ كَافِرًا وَمِنْهُمْ مَنْ

اور کوئی ان سے پیدا ہوتا ہے کافر اور زندہ رہتا ہے کافر اور کوئی ان سے پیدا ہوتا ہے مومن اور زندہ رہتا ہے مومن اور مرتا ہے کافر اور کوئی ان سے

يُولَدُ كَافِرًا وَيَحْيَى كَافِرًا وَيَمُوتُ مُؤْمِنًا قَالَ وَذَكَرَ الْغَضَبَ فَمِنْهُمْ مَنْ يَكُونُ سَرِيعَ الْغَضَبِ سَرِيعَ الْفَيْءِ

پیدا ہوتا ہے کافر اور زندہ رہتا ہے کافر اور مرتا ہے مومن اور کہا راوی نے اور ذکر کیا غصے کا پھر بعضا آدمی جلد غصے میں آتا ہے اور پھر جلد جاتا رہتا ہے

فَإِحْدَاهُمَا بِالْأُخْرَى وَمِنْهُمْ مَنْ يَكُونُ بَطِيءَ الْغَضَبِ بَطِيءَ الْفَيْءِ فَإِحْدَاهُمَا بِالْأُخْرَى وَخِيَارُكُمْ مَنْ يَكُونُ بَطِيءَ

سو ایک ان دونوں کا مقابل ہے دوسرے کے اور کسی کو دیر میں غصہ آتا ہے اور دیر میں دور ہوتا ہے سو یہ بھی ان دونوں کا مقابل ہے دوسرے کا اور بہتر تمہارا وہ ہے جو دیر میں

الْغَضَبِ سَرِيعَ الْفَيْءِ وَشِرَارُكُمْ مَنْ يَكُونُ سَرِيعَ الْغَضَبِ بَطِيءَ الْفَيْءِ قَالَ اتَّقُوا الْغَضَبَ فَإِنَّهُ جَمْرَةٌ عَلَى قَلْبِ ابْنِ

غصے میں آوے اور جلد دور کرے اور بدتر تمہارا وہ ہے جو جلد غصے میں آوے پھر غصہ اسکا دیر تک رہے فرمایا بچتے رہو غصے سے کیونکہ وہ ہے دل پر بنی

آدم ألا ترون إلى انتفاخ أوداجه وحمرة عينيه فمن أحس بشيء من ذلك فليضطجع وليتلبد بالأرض قال وذكر
آدم کے بھلا نہیں دیکھتے ہو اسکی گردن کی رگیں پھول لتی اور اسکی سرخی چشم کی طرف سو جو کوئی پاوے کچھ لگ غصہ تو چاہیے کہ لیٹ جاوے پہلو پر اور چمٹ جاوے زمین میں کہا ابو سعید اور ذکر کیا

الدين فقال منكم من يكون حسن القضاء وإذا كان له أفحش في الطلب فإحداهما بالأخرى ومنهم من يكون
قرض کا سو فرمایا کوئی تم میں سے ہی نیک ادا کرنے والا ہے اور جب ہو قرض اسکا دوسرے پر سو برا طلب کرنے والا ہے سو ایک ان دونوں خصلتوں کا مقابل ہے دوسری کا اور کوئی تمہارا

سيء القضاء وإن كان له أجمل في الطلب فإحداهما بالأخرى وخياركم من إذا كان عليه الدين أحسن القضاء
برا ادا کرنے والا ہے اور اگر ہو اسکا قرض دوسرے پر تو نیک ہے طلب کرنے میں سو ایک انکا مقابل ہے دوسری کا اور بہترین تمہارا وہ جب ہو اس پر قرض تو بھلی طرح سے ادا کرتا ہے

وإذا كان له أجمل في الطلب وشراركم من إذا كان عليه الدين أساء القضاء وإن كان له أفحش في الطلب
اور جب ہو قرض اسکا دوسرے پر تو بھلی طرح سے طلب کرتا ہے اور بدترین تمہارا وہ ہے کہ جب ہو اس پر قرض تو بری طرح سے ادا کرتا ہے اور اگر ہو قرض اسکا دوسرے پر بری طرح طلب کرتا ہے

حتى إذا كانت الشمس على رؤوس النخل وأطراف الحيطان فقال أما إنه لم يبق من الدنيا فيما مضى منها إلا كما
یہاں تک کہ جب ہوا سورج درخت خرمے پر اور کناروں پر دیوار کے تب فرمایا سنتے رہو نہ باقی رہا دنیا کے زمانے سے بہ نسبت ان زمانوں کے جو گذرا مگر جب کہ

بقي من يومكم هذا فيما مضى منه رواه الترمذي وعن أبي البختري عن رجل من أصحاب النبي صلى الله عليه وآله
باقی رہا اسدن سے تمہارے بہ نسبت ان زمانوں کے جو گذر گیا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے بختری سے ایک مرد سے جو اصحاب سے ہیں پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ

وسلم قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لن يهلك الناس حتى يعذروا من أنفسهم رواه أبو داود وعن
وسلم کے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہرگز ہلاک نہ ہوں گے لوگ یہاں تک کہ بہت ہوں گناہ انکی ذات کے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے

عدي بن عدي الكندي قال حدثنا مولى لنا أنه سمع جدي يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله
عدي بن عدي الكندي سے کہا کہ حدیث سنائی مجھے میرے مولانے کہ اسنے سنا میرے دادے سے کہتا تھا سنا میں نے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ

وسلم يقول إن الله تعالى لا يعذب العامة بعمل الخاصة حتى يروا المنكر بين ظهرانيهم وهم قادرون على
وسلم کو فرماتے کہ مقرر خدا تعالے نہیں عذاب کرتا اکثر قوم کو بسبب عمل ان کے بعض کے یہاں تک کہ دیکھیں خلاف شرع کو روبرو اپنے حالانکہ قادر ہوں

أن ينكروه فلا ينكروه فإذا فعلوا ذلك عذب الله العامة والخاصة رواه في شرح السنة وعن عبد الله بن
اسکے انکار کرنے پر پھر نہ انکار کریں اسکو سو جب کریں ایسا تو عذاب کرے اللہ عوام و خواص کو روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے عبد اللہ بن

مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لما وقعت بنو إسرائيل في المعاصي نهتهم علماؤهم فلم ينتهوا
مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب گرے بنی اسرائیل گناہوں میں تو منع کیا ان کو ان کے علمانے سو باز نہ آئے

فجالسوهم في مجالسهم وآكلوهم وشاربوهم فضرب الله قلوب بعضهم ببعض فلعنهم على لسان داود وعيسى بن مريم
تب بیٹھے ان کے ساتھ مجلسوں میں ان کے اور کھانے پینے لگے ان کے ساتھ تب ملا دیا اللہ نے بعض کے دل کو ساتھ بعض کے سو لعنت کی ان کو زبان پر داؤد اور عیسی بن مریم کے

ذلك بما عصوا وكانوا يعتدون قال فجلس رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وكان متكئا فقال لا والذي
یہ اس سبب سے کہ بے حکم تھے اور حد پر نہ رہتے تھے ابن مسعود نے کہا پھر بیٹھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تھے تکیہ مارے تب فرمایا نہیں قسم ہے اسکی

نفسي بيده حتى تأطروهم أطرا رواه الترمذي وأبو داود وفي روايته قال كلا والله لتأمرن بالمعروف
کہ جان میری بیچ ہاتھ کے اسکے ہے جب تک روکو انکو روکنا کر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود نے اور ابوداود کی ایک روایت میں فرمایا کوئی نہیں قسم خدا کی البتہ بتلاؤ گے بھلی بات

وَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ وَلَتَأْخُذُنَّ عَلٰى يَدَيِ الظَّالِمِ وَلَتَأْطُرُنَّهٗ عَلَى الْحَقِّ أَطْرًا وَلَتَقْصُرُنَّهٗ عَلَى الْحَقِّ قَصْرًا أَوْ لَيَضْرِبَنَّ اللّٰهُ

اور منع کرو گے بد کام سے اور پکڑ لو گے دونو ہاتھ ظالم کے اور جھکاؤ گے اسکو حق کی طرف جھکانا اور ٹھہراؤ گے اسکو حق پر ٹھہرانا اگر یا ملا دیگا خدا

بِقُلُوْبِ بَعْضِكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ثُمَّ لَيَلْعَنَنَّكُمْ كَمَا لَعَنَهُمْ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ رَأَيْتُ

تمہارے بعض کے دل کو ساتھ بعض کے پھر لعنت کریگا تم پر جیسے لعنت کی ان پر اور روایت ہے انس سے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا دیکھا میں نے

لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِيْ رِجَالًا تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيْضَ مِنْ نَارٍ قُلْتُ مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرَئِيْلُ قَالَ هٰؤُلَاءِ خُطَبَاءُ مِنْ أُمَّتِكَ يَأْمُرُوْنَ

معراج کی رات میں کتنے مردوں کو کترے جاتے تھے لب انکے آگ کی مقراضوں سے پوچھا میں نے کون ہیں یہ لوگ اے جبرئیل فرمایا یہ واعظ ہیں تیری امت کے سکھلاتے تھے

النَّاسَ بِالْبِرِّ وَيَنْسَوْنَ أَنْفُسَهُمْ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَفِيْ رِوَايَتِهٖ قَالَ خُطَبَاءُ مِنْ أُمَّتِكَ

لوگوں کو نیکی اور بھول جاتے تھے اپنی جان کو روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور بیہقی کی ایک روایت میں ہے کہا جبرئیل نے واعظ تیری امت کے

الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ وَيَقْرَؤُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ وَلَا يَعْمَلُوْنَ وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

جو بولتے تھے منہ سے جو نہیں کرتے اور پڑھتے تھے کتاب اللہ کی اور عمل نہیں کرتے اور روایت ہے عمار بن یاسر سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ أُنْزِلَتِ الْمَائِدَةُ مِنَ السَّمَاءِ خُبْزًا وَلَحْمًا وَأُمِرُوْا أَنْ لَا يَخُوْنُوْا وَلَا يَدَّخِرُوْا لِغَدٍ فَخَانُوْا وَادَّخَرُوْا وَرَفَعُوْا

والہ وسلم نے اترا خوان آسمان سے روٹی اور گوشت سے اور حکم ہوا ان پر کہ خیانت نہ کریں اور نہ رکھ چھوڑیں کل کے واسطے سو خیانت کی اور رکھ چھوڑا اور اٹھا رکھا

لِغَدٍ فَمُسِخُوْا قِرَدَةً وَخَنَازِيْرَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

کل کے لئے سو صورت بدلی گئیں ان کی بندر اور سور کی روایت کیا اسکو ترمذی نے تیسری فصل روایت ہے عمر بن خطاب رض سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ و

رَجُلٌ مِنْ فُقَرَاءِ الْمُسْلِمِينَ هٰذَا حَرِيٌّ إِنْ خَطَبَ أَنْ لَا يُنْكَحَ وَإِنْ شَفَعَ أَنْ لَا يُشَفَّعَ وَإِنْ قَالَ أَنْ لَا يُسْمَعَ لِقَوْلِهِ فَقَالَ

ایک مرد ہے فقیر مسلمانوں سے یہہ سزاوار ہے کہ اگر پیغام کرے نکاح نہ کیا جاوے اور اگر سفارش کرے تو قبول نہ ہو اور اگر بات کرے تو نہ سنی جاوے فرمایا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ هٰذَا خَيْرٌ مِنْ مِلْءِ الْأَرْضِ مِثْلَ هٰذَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا شَبِعَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہہ مرد بہتر ہے پوری زمین بھر مانند اسکے ہو ۔ ق ۔ اور روایت ہے عائشہ سے بولیں نا سودہ ہوے

آلُ مُحَمَّدٍ مِنْ خُبْزِ الشَّعِيرِ يَوْمَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ حَتَّى قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ سَعِيدٍ

گھر والے محمد کے جو کی روٹی سے دو دن لگاتار یہاں تک کہ قبض ہوی روح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ۔ ق ۔ اور روایت ہے سعید

الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ مَرَّ بِقَوْمٍ بَيْنَ أَيْدِيهِمْ شَاةٌ مَصْلِيَّةٌ فَدَعَوْهُ فَأَبَى أَنْ يَأْكُلَ وَقَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

مقبری سے ابی ہریرہ سے کہ وہ گذرے ایک قوم پر کہ روبرو انکے ایک بکری تھی بھنی سو بلایا اسکو تو کھانا نہ کھایا اور کہا تشریف لے گئے نبی صلے اللہ

عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مِنَ الدُّنْيَا وَلَمْ يَشْبَعْ مِنْ خُبْزِ الشَّعِيرِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّهُ مَشَى إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ

علیہ وآلہ وسلم دنیا سے اور نہ آسودہ ہوے جو کی روٹی سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہ حاضر ہوے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ

وَسَلَّمَ بِخُبْزِ شَعِيرٍ وَإِهَالَةٍ سَنِخَةٍ وَلَقَدْ رَهَنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ دِرْعًا بِالْمَدِينَةِ عِنْدَ يَهُودِيٍّ وَأَخَذَ مِنْهُ

وسلم کی خدمت میں روٹی جو کی اور گلی چربی اور متغیر کردہ رکھی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زرہ اپنی مدینے میں ایک یہودی پاس اور لیا

شَعِيرًا لِأَهْلِهِ وَلَقَدْ سَمِعْتُهُ يَقُولُ مَا أَمْسٰى عِنْدَ آلِ مُحَمَّدٍ صَاعُ بُرٍّ وَلَا صَاعُ حَبٍّ وَإِنَّ عِنْدَهُ لَتِسْعَ نِسْوَةٍ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

جو اپنے گھر والوں کے لئے اور البتہ سنا میں نے آپ کو فرماتے شام کیا نزدیک آل محمد کے ایک صاع گیہوں اور نہ ایک صاع دانے کا حالانکہ آپ پاس نو بیبیاں تھیں روایت کیا اسکو بخاری نے

وَعَنْ عُمَرَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا هُوَ مُضْطَجِعٌ عَلٰى رِمَالِ حَصِيرٍ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ

اور روایت ہے عمر سے کہا حاضر ہوا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں کہ آپ لیٹے تھے چٹائی پر نہ بچھا تھا بیچ

فِرَاشٌ قَدْ أَثَّرَ الرِّمَالُ بِجَنْبِهِ مُتَّكِئًا عَلٰى وِسَادَةٍ مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهَا لِيفٌ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ فَلْيُوَسِّعْ عَلٰى أُمَّتِكَ

کوئی کپڑا اثر داغ پڑ گیا تھا بوریا کا پہلو میں آپ کے تکیہ دیے کر چمڑے کے تکیہ پر کہ اندر اسکے لیف تھا تب کہا میں نے یا رسول اللہ دعا کیجیے تو کہ فراخی کرے آپ کی امت پر

فَإِنَّ فَارِسَ وَالرُّومَ قَدْ وُسِّعَ عَلَيْهِمْ وَهُمْ لَا يَعْبُدُونَ اللّٰهَ فَقَالَ أَوَفِي هٰذَا أَنْتَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ يَعْنِي أُولٰئِكَ قَوْمٌ

کیونکہ فارس اور روم عیش و آرام میں ہیں حالانکہ وے نہیں پوجتے اللہ کو تب فرمایا کیا چاہتا ہے تو اس دنیا میں اے بیٹے خطاب کے یہہ ایک قوم ہے

عُجِّلَتْ لَهُمْ طَيِّبَاتُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي رِوَايَةٍ أَمَا تَرْضٰى أَنْ تَكُونَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْآخِرَةُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

کہ جلد ملیں انکو ستھری چیزیں انکی دنیا کی زندگی میں اور ایک روایت میں کیا تو راضی نہیں ہوتا کہ انکے لئے ہو دنیا اور ہمارے لئے ہو آخرت ۔ ق ۔

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ لَقَدْ رَأَيْتُ سَبْعِينَ مِنْ أَصْحَابِ الصُّفَّةِ مَا مِنْهُمْ رَجُلٌ عَلَيْهِ رِدَاءٌ إِمَّا إِزَارٌ وَإِمَّا كِسَاءٌ قَدْ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا البتہ دیکھا میں نے ستر اہل صفہ والوں کو نہ تھا ان میں سے کوئی کہ ہو اوپر چادر یا تہبند یا کمبل مقرر

ربطوا فی اعناقهم فمنها ما یبلغ نصف الساقین ومنها ما یبلغ الکعبین فیجمعه بیده کراهیة ان ترى عورته رواه البخاری

باندھتے تھے اپنی گردنوں پر انہیں سے بعض کنارہ ڈھانپتا آدھی پنڈلیوں کو اور بعض ڈھانپتا دو ٹخنوں کو پھر درست کرتے اسکو واسطے برا جاننے کے نظر آنے کے ستر کی

وعنه قال قال رسول الله صلى الله علیه وآله وسلم اذا نظر احدکم الى من فضل علیه فی المال والخلق فلینظر الى من هو اسفل

اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ جب کوئی دیکھے مال اور صورت میں اپنے سے بہتر کو تو چاہیے اپنے سے کمتر کو دیکھے

منه متفق علیه وفی روایة لمسلم قال صلى الله علیه وآله وسلم انظروا الى من هو اسفل منکم ولا تنظروا الى من هو فوقکم

ہے اور مسلم کی ایک روایت میں فرمایا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے دیکھو اپنے سے کمتر کو اور نہ دیکھو اپنے سے بہتر کو

فهو اجدر ان لا تزدروا نعمة الله علیکم **الفصل الثانی** عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلى الله علیه وآله وسلم

سو یہ دیکھنا سزاوار ہے کہ حقیر جانو اللہ کی نعمت کو جو تم پر ہے فصل دوسری روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے

یدخل الفقراء الجنة قبل الاغنیاء بخمسمائة عام نصف یوم رواه الترمذی وعن انس ان النبی صلى الله علیه وآله وسلم

داخل ہونگے محتاج لوگ بہشت میں پہلے تونگر آدمیوں کے پانسو برس جو آدھا دن ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

قال اللهم احینی مسکینا وامتنی مسکینا واحشرنی فی زمرة المساکین فقالت عائشة لم یا رسول الله قال انهم یدخلون

نے فرمایا الہی زندہ رکھ مجھکو مسکین اور مار مجھکو مسکین اور حشر کر میرا گروہ میں مسکینوں کے سو پوچھا عائشہ نے کیوں یا رسول اللہ فرمایا کہ وہ داخل

الجنة قبل اغنیائهم باربعین خریفا یا عائشة لا تردی المسکین ولو بشق تمرة یا عائشة احبی المساکین وقربیهم

بہشت میں پہلے دولتمندوں کے چالیس برس اے عائشہ مت پھیر مسکینوں کو اگرچہ آدھا ٹکڑا کھجور کا ہو اے عائشہ دوست رکھ مسکینوں کو اور نزدیک کر ان کو

فان الله یقربک یوم القیامة رواه الترمذی والبیهقی فی شعب الایمان ورواه ابن ماجه عن ابی سعید الى قوله فی زمرة

کہ اللہ تعالی نزدیک کریگا تجھے روز قیامت کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت کیا ابن ماجہ نے ابی سعید سے قول فی زمرة

المساکین وعن ابی الدرداء عن النبی صلى الله علیه وآله وسلم قال ابغونی فی ضعفائکم فانما ترزقون او تنصرون

المساکین تک اور روایت ہے ابی الدرداء سے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا ڈھونڈھو مجھے ضعیفوں میں اپنے کیونکہ تمکو روزی اور مدد ملتی ہے

بضعفائکم رواه ابو داود وعن امیة بن خالد بن عبد الله بن اسید عن النبی صلى الله علیه وآله وسلم انه کان

تمہارے ضعیفوں کے سبب سے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے امیہ بن خالد بن عبد اللہ بن اسید سے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کہ تھے آپ

یستفتح بصعالیک المهاجرین رواه فی شرح السنة وعن ابی هریرة قال قال رسول الله صلى الله علیه وآله وسلم لا

فتح مانگتے برکت سے درویشوں ہجرت کرنے والوں کے روایت کیا اسکو شرح سنة میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نہ

تغبطن فاجرا بنعمة فانک لا تدری ما هو لاق بعد موته ان له عند الله قاتلا لا یموت یعنی النار رواه فی شرح

رشک کر کسی گنہگار کی نعمت دیکھ کر کیونکہ تو نہیں جانتا کہ کیا پانیوالا ہے بعد موت کے اسکے نزدیک خدا کے عذاب کرنے والا جو نہ مریگا یعنی آگ روایت کیا اسکو

السنة وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله علیه وآله وسلم الدنیا سجن المؤمن وسنته فاذا فارق الدنیا

سنة میں اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے دنیا قیدخانہ ایماندار کا ہے اور خشک سالی ہے اور جب چھوڑتا ہے دنیا

فارق السجن والسنة رواه فی شرح السنة وعن قتادة بن النعمان ان رسول الله صلى الله علیه وآله وسلم قال اذا احب

تو چھوڑتا ہے قیدخانہ اور خشک سالی کو روایت کیا اسکو شرح سنة میں اور روایت ہے قتادہ بن النعمان سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جب دوست رکھتا ہے اللہ

عبدا حماہ الدنیا کما یظل احدکم یحمی سقیمہ الماء رواہ احمد والترمذی وعن محمود بن لبید ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کسی بندے کو تو باز رکھتا ہے اس سے دنیا جیسا کہ کوئی تمہارا پرہیز کراتا ہے بیمار کو اپنے پانی سے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت ہے محمود بن لبید سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

قال اثنتان یکرھھما ابن آدم یکرہ الموت والموت خیر للمؤمن من الفتنة ویکرہ قلة المال وقلة المال اقل للحساب

فرمایا دو چیزیں بری لگتی ہیں بیٹے آدم کو بری لگتی ہے موت حالانکہ موت بہتر ہے مومن کو فتنہ سے اور بری لگتی ہے کمی مال کی اور کمی مال آسان ہے حساب میں

رواہ احمد وعن عبد اللہ بن مغفل قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فقال انی احبک قال انظر ما تقول قال

روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے عبد اللہ بن مغفل سے کہا کہ آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس پھر کہا کہ دوست رکھتا ہوں آپکو فرمایا دیکھ کیا کہتا ہے کہا

واللہ انی لاحبک ثلث مرات قال ان کنت صادقا فاعد للفقر تجفافا فالفقر اسرع الی من یحبنی من السیل الی

قسم خدا کی بیشک دوست رکھتا ہوں آپکو تین دفعہ فرمایا اگر تو سچا ہے تو اختیار کر محتاجی کے لیے صبر البتہ محتاجی جلد پہنچنے والی ہے اسکو جو دوست رکھتا ہے مجھ کو سیل سے

منتہاہ رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب وعن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لقد اخفت فی اللہ

انجام کو اپنے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقرر ڈرایا گیا میں اللہ کے دین میں

وما یخاف احد ولقد اوذیت فی اللہ وما یؤذی احد ولقد اتت علی ثلثون من بین لیلة ویوم ومالی ولبلال طعام

اور ڈرایا نہ جاتا تھا کوئی اور ایذا دیا گیا میں اللہ کے دین میں اور ایذا دیا جاتا تھا ایک کوئی اور گذریں مجھ پر تیس رات اور دن اور نہ تھا میرے اور بلال کے لیے کوئی

یاکلہ ذوکبد الا شیء یواریہ ابط بلال رواہ الترمذی وقال ومعنی ھذا الحدیث حین خرج النبی صلی اللہ علیہ

کھانا کہ اسکو کھائے کوئی جاندار مگر اتنا کہ چھپاتا اسکو بغل بلال کی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا اور مراد اس حدیث سے جب نکلے تھے نبی صلی اللہ علیہ

وآلہ وسلم ھاربا من مکة ومعہ بلال انما کان مع بلال من الطعام ما یحمل تحت ابطہ وعن ابی طلحة قال شکونا

وآلہ وسلم عاجز ہوکر مکے سے اور ساتھ حضرت کے بلال تھے اور نہ تھا ساتھ بلال کے کھانا جس سے مگر اسقدر جو اٹھاتے اپنے بغل میں اور روایت ہے ابی طلحہ سے کہا شکایت کی ہم نے

الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الجوع فرفعنا عن بطوننا عن حجر حجر فرفع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھوک کی سو اٹھایا ہم نے اپنے پیٹ سے ایک ایک پتھر پھر اٹھایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

عن بطنہ عن حجرین رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب وعن ابی ھریرة انہ اصابھم جوع فاعطاھم رسول اللہ

اپنے پیٹ سے دو پتھر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ پہنچی صحابہ کو بھوک سو دیا ان کو رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمرة تمرة رواہ الترمذی وعن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ عن رسول اللہ صلی اللہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک ایک کھجور روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے اپنے باپ سے اسکے دادا سے پیغمبر خدا صلی اللہ

علیہ وآلہ وسلم قال خصلتان من کانتا فیہ کتبہ اللہ شاکرا صابرا من نظر فی دینہ الی من ھو فوقہ فاقتدی بہ

علیہ وآلہ وسلم کہ فرمایا دو خو میں جسمیں ہوں لکھتا ہے اسکو اللہ شکر وصبر کرنے والا جو شخص کہ دیکھتا ہے دین میں اپنے سے بہتر کیطرف پھر اقتدا کرتا ہے اسکا

ونظر فی دنیاہ الی من ھو دونہ فحمد اللہ علی ما فضلہ اللہ علیہ کتبہ اللہ شاکرا صابرا ومن نظر فی دینہ الی من ھو

اور دیکھتا ہے دنیا میں اپنے سے کمتر کو پھر حمد کرتا ہے اللہ کا اس پر جو فضیلت دی اللہ نے اسکو لکھتا ہے اسکو اللہ شکر وصبر کرنے والا اور جسنے دیکھا اپنے دین میں اپنے سے

دونہ ونظر فی دنیاہ الی من ھو فوقہ فاسف علی ما فاتہ منہ لم یکتبہ اللہ شاکرا ولا صابرا رواہ الترمذی

کمتر کو اور دیکھا دنیا میں اپنے سے بہتر کو پھر افسوس کیا اس پر جو نہ پہنچی اسکو دنیا سے تو نہیں لکھتا ہے اسکو اللہ شکر کرنے والا اور نہ صبر کرنے والا روایت کیا اسکو ترمذی نے

وذکر حدیث ابی سعید ابشروا یا معشر صعالیک المهاجرین فی باب بعد فضائل القرآن **الفصل الثالث** عن ابی عبد

اور ذکر کی گئی ہے حدیث ابی سعید کی جو ابشروا یا معشر صعالیک المهاجرین ہے اس باب میں جو بعد فضائل قرآن کے ہے ۔ فصل تیسری روایت ہے ابی عبد

الرحمن الحبلی قال سمعت عبد اللہ بن عمرو وسألہ رجل قال ألسنا من فقراء المهاجرین فقال لہ عبد اللہ ألک امرأۃ

الرحمن حبلی سے کہا سنا میں نے عبد اللہ بن عمرو کو جس حال میں کہ پوچھا اسکو ایک مرد نے کہا کیا نہیں ہیں ہم محتاج ہجرت کرنے والوں سے تب کہا اسکو عبد اللہ نے کیا ہے تیری عورت

تأوی الیہا قال نعم قال ألک مسکن تسکنہ قال نعم قال فأنت من الاغنیاء قال فإن لی خادما قال فأنت من الملوک قال

کہ رہتا ہے تو ساتھ اسکے کہا ہاں کہا کیا ہے تیرا گھر کہ رہتا ہے تو اس میں کہا ہے تب کہا تو تو دولتمندوں سے ہے کہا اور ایک خدمتگار ہے میرا کہا کہ تو تو بادشاہوں سے ہے کہا

عبد الرحمن وجاء ثلاثۃ نفر الی عبد اللہ بن عمرو وأنا عندہ فقالوا یا ابا محمد واللہ ما نقدر علی شیء لا نفقۃ ولا دابۃ

عبد الرحمن نے اور آئے تین شخص عبد اللہ بن عمرو کے پاس اور میں تھا نزدیک اسکے پھر بولے اے ابا محمد قسم ہے خدا کی نہیں رکھتے ہیں ہم کچھ نہ خرچ اور نہ چوپایہ

ولا متاع فقال لہم ما شئتم ان شئتم رجعتم الینا فأعطیناکم ما یسر اللہ لکم وان شئتم ذکرنا أمرکم للسلطان وان شئتم

اور نہ متاع تب کہا ان کو کیا چاہتے ہو تم اگر چاہو تو دوسری دفعہ آؤ میرے پاس کہ دوں میں تمکو جو کچھ کہ دلوائے خدا تمکو اور اگر چاہو تو ذکر کروں حال تمہارا نزدیک بادشاہ کے اور اگر چاہو تو

صبرتم فإنی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول ان فقراء المهاجرین یسبقون الاغنیاء یوم القیامۃ الی

صبر کرو کیونکہ میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے کہ مقرر محتاج وطن چھوڑنے والے آگے جاویں گے مالدار وطن چھوڑنے والوں سے قیامت کے دن

الجنۃ بأربعین خریفا قالوا فإنا نصبر لا نسأل شیئا رواہ مسلم **وعن** عبد اللہ بن عمرو قال بینما أنا قاعد فی المسجد وحلقۃ

بہشت میں چالیس برس تو کہا انہوں نے ہم صبر کرتے ہیں نہیں مانگتے ہیں کچھ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا سو میں بیٹھا تھا مسجد میں حالانکہ ایک حلقہ

من فقراء المهاجرین قعود اذ دخل النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فقعد الیہم فقمت الیہم فقال النبی صلی اللہ علیہ

محتاج وطن چھوڑنے والوں کی بیٹھی تھی کہ یکایک آئے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سو بیٹھے ان کے بیچ سو اٹھ گیا میں انکی طرف سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ

وآلہ وسلم لیبشر فقراء المهاجرین بما یسر وجوہہم فإنہم یدخلون الجنۃ قبل الاغنیاء بأربعین عاما قال فلقد

والہ وسلم چاہئے کہ خوشخبری سنائی جاوے محتاج وطن چھوڑنے والوں کو اسکی جو خوشحال کیا ہے چہروں کو ان کے کہ وے داخل ہونگے بہشت میں پہلے مالداروں سے چالیس برس کہا سو قسم خدا کی

رأیت ألوانہم أسفرت قال عبد اللہ بن عمرو حتی تمنیت ان أکون معہم أو منہم رواہ الدارمی **وعن** ابی ذر قال أمرنی

البتہ دیکھا میں نے رنگ ان کے کہ روشن ہو گئے کہا عبد اللہ بن عمرو نے یہاں تک کہ آرزو کی میں نے کہ ہوں میں ساتھ ان کے یا ان سے روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ حکم کیا مجھے

خلیلی بسبع أمرنی بحب المساکین والدنو منہم وأمرنی أن أنظر الی من ہو دونی ولا أنظر الی من ہو فوقی وأمرنی

میرے حبیب دوست نے ساتھ خصلتوں کا حکم کیا مجھے مسکینوں کی دوستی کا اور ان سے نزدیک ہونے کا اور حکم کیا مجھے کہ دیکھوں میں اپنے سے کمتر کو اور نہ دیکھوں میں اپنے سے بہتر کو اور فرمایا مجھے

أن أصل الرحم وان أدبرت وأمرنی أن لا أسأل أحدا شیئا وأمرنی أن أقول بالحق وان کان مرا وأمرنی أن لا أخاف فی اللہ

کہ صلہ رحم کروں اگرچہ پیٹھ دیکر جاوے اور فرمایا مجھے نہ مانگوں کسی سے کچھ اور فرمایا کہ بولوں حق اگرچہ تلخ ہو اور فرمایا مجھے کہ نہ ڈروں اللہ کے دین میں

لومۃ لائم وأمرنی أن أکثر من قول لا حول ولا قوۃ الا باللہ فإنہن من کنز تحت العرش رواہ احمد **وعن** عائشۃ قالت

ملامت کرنے والے کی ملامت سے اور فرمایا مجھے کہ اکثر پڑھا کروں اس کلمے کو لا حول ولا قوۃ الا باللہ کیونکہ یہ کلمہ اس گنج سے ہے جو نیچے عرش کے ہے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے عائشہ سے کہا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یعجبہ من الدنیا ثلاثۃ الطعام والنساء والطیب فأصاب اثنین ولم یصب واحدا

کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم بھلی معلوم ہوتی انکو دنیا کی تین چیز کھانا اور عورت اور خوشبو سو ملی آپ کو دو چیز اور نہ ملی ایک ۔

أصاب النساء والطيب ولم يصب الطعام رواه أحمد وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم حُبّب إليّ
بی عورت اور خوشبو اور نہ ملا کھانا روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے پیاری ہیں مجھکو

الطيب والنساء وجعلت قرة عيني في الصلوة رواه أحمد والنسائي وزاد ابن الجوزي بعد قوله حُبّب إليّ من الدنيا
خوشبو اور عورت اور کی گئی ٹھنڈک میری آنکھ کی نماز میں روایت کیا اسکو احمد اور نسائی نے اور زیادہ کیا ہے ابن جوزی نے بعد قول آنحضرت کے حبب الی من الدنیا

وعن معاذ بن جبل رض أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لما بعث به إلى اليمن قال إياك والتنعم فإن عباد الله ليسوا
اور روایت ہے معاذ بن جبل رض سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جب بھیجا ان کو یمن کی طرف فرمایا بچتے رہو آرام اٹھانے سے کیونکہ بندے خدا کے نہیں

بالمتنعمين رواه أحمد وعن علي رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من رضي من الله باليسير من الرزق رضي الله
آرام اٹھانے والے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے علی رض سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جو شخص کہ راضی ہو خدا سے تھوڑی روزی پر راضی ہوتا ہے خدا

عنه بالقليل من العمل وعن ابن عباس رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من جاع أو احتاج فكتمه الناس كان
اس سے تھوڑے عمل پر اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جو شخص کہ بھوکا ہوا یا محتاج ہوا پھر چھپایا اسکو لوگوں سے

حقا على الله عز وجل أن يرزقه رزق سنة من حلال رواهما البيهقي في شعب الإيمان وعن عمران بن حصين قال
لازم ہے اللہ عزوجل پر کہ پہنچاوے اسکو روزی ایک برس کی حلال کی وجہ سے روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے عمران بن حصین سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إن الله يحب عبده المؤمن الفقير المتعفف أبا العيال رواه ابن ماجه وعن زيد بن أسلم
کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ اللہ دوست رکھتا ہے اپنے بندہ مومن کو جو محتاج پارسا ہو عیال دار روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے زید بن اسلم سے

قال استسقى يوما عمر فجيء بماء قد شيب بعسل فقال إنه طيب لكني أسمع الله عز وجل نعى على قوم شهواتهم فقال
کہا کہ پانی مانگا ایک دن عمر نے پس لایا گیا پانی جو ملا ہوا شہد سے تھا پس کہا کہ یہ پانی پاک ہے لیکن میں سنتا ہوں اللہ عزوجل کو عیب لگایا ایک قوم کو ان کے نفس کی خواہش پر پس فرمایا

أذهبتم طيباتكم في حياتكم الدنيا واستمتعتم بها فأخاف أن تكون حسناتنا عجلت لنا فلم يشربه رواه رزين
لے لو تم اپنے نفس کی خواہشوں کو دنیا کی زندگی میں اور فائدہ اٹھا لو ان سے سو ڈرتا ہوں میں کہ ہو جاویں نیکیاں ہماری جلد دی جاویں پس نہ پیا اسکو روایت کیا اسکو رزین نے

وعن ابن عمر قال ما شبعنا من تمر حتى فتحنا خيبر رواه البخاري

اور روایت ہے ابن عمر سے کہا نہیں سیر ہوئے ہم کھجور سے یہاں تک کہ فتح کیا ہم نے خیبر کو روایت کیا اسکو بخاری نے

باب الأمل والحرص

باب امید اور حرص کا

الفصل الأول

فصل پہلی

عن عبد الله قال خط النبي صلى الله عليه وآله وسلم خطا مربعا وخط خطا في الوسط خارجا منه وخط خططا صغارا إلى هذا
روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہا کہ لکیر کھینچی نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ایک لکیر چوکھٹی اور کھینچی ایک لکیر بیچ میں اسکے اندر سے باہر نکل گئی مربع سے اور کھینچیں لکیریں چھوٹی چھوٹی

الذي في الوسط من جانبه الذي في الوسط فقال هذا الإنسان وهذا أجله محيط به وهذا الذي هو خارج أمله وهذه
جو درمیان میں ہے پھر فرمایا کہ یہ آدمی ہے اور یہ اسکی موت ہے جو گھیری ہے اسکو اور یہ جو باہر نکلا ہے سو امید ہے اسکی اور یہ

الخطط الصغار الأعراض فإن أخطأه هذا نهشه هذا وإن أخطأه هذا نهشه هذا رواه البخاري وعن أنس قال خط
چھوٹی لکیریں آفات ہیں سو اگر یہ آفت چوکی تو کاٹا اسکو اس آفت نے اور اگر وہ چوکی تو کاٹا اسکو اس نے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا کھینچیں

النبي صلى الله عليه وآله وسلم خطوطا فقال هذا الأمل وهذا أجله فبينما هو كذلك إذ جاءه الخط الأقرب رواه البخاري
نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے لکیریں پھر فرمایا یہ امید ہے آدمی کی اور یہ موت ہے اسکی سو وہ اسی حالت میں ہوتا ہے کہ یکایک پہنچا اسکو خط جو بہت قریب ہے روایت کیا اسکو بخاری نے

وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یھرم ابن آدم ویشب فیہ اثنان الحرص علی المال والحرص علی العمر

اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بڈھا ہوتا ہے آدمی اور جوان ہوتی ہیں اسمیں دو خصلتیں حرص مال پر اور عمر پر

متفق علیہ وعن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال لا یزال قلب الکبیر شابا فی اثنین فی حب الدنیا وطول

ہے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا ہمیشہ بڈھے کا دل جوان ہوتا ہے دو چیزوں میں دوستی میں دنیا کے اور درازی

الامل متفق علیہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اعذر اللہ الی امرئ اخر اجلہ حتی بلغہ ستین سنۃ

امید میں ہے۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بجوڑی خدا نے عذر اس مرد کی کہ مہلت دی اسکو موت میں یہاں تک کہ پہنچایا اسکو

رواہ البخاری وعن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال لو کان لابن آدم وادیان من مال لابتغی ثالثا ولا یملأ

ساٹھ برس تک روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن عباس سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا اگر آدمی پاس ہوں دو جنگل بھر مال ہو البتہ تلاش کرتا ہے تیسرا جنگل کو اور نہیں بھرتا

جوف ابن آدم الا التراب ویتوب اللہ علی من تاب متفق علیہ وعن ابن عمر قال اخذ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

پیٹ آدمی کا سوا خاک کے اور رحمت سے متوجہ ہوتا ہے خدا اسی پر جو حرص سے توبہ کرے ہے۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ پکڑا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم ببعض جسدی فقال کن فی الدنیا کانک غریب او عابر سبیل وعد نفسک من اهل القبور رواہ البخاری الفصل

وسلم نے بعض بدن کو میرے اور فرمایا رہ دنیا میں گویا کہ تو مسافر ہے یا گذرنے والا راہ کا اور شمار کر اپنے کو قبر والوں سے روایت کیا اسکو بخاری نے فصل

الثانی عن عبد اللہ بن عمرو قال مر بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یوما وانا وامی نطین شیئا فقال ما ھذا یا

دوسری روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا گذرے ہم پر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دن حال یہ کہ میں اور ماں میری کہگل کر رہے تھے کچھ چیز کو پس پوچھا کیا ہے یہ اے

عبد اللہ قلت شیء نصلحہ قال الامر اسرع من ذلک رواہ احمد والترمذی وقال ھذا حدیث غریب وعن ابن عباس

عبد اللہ کہا میں نے ایک چیز ہے کہ اصلاح کرتے ہیں اسکی فرمایا کام بہت جلدی ہے اس سے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عباس سے

ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کان یھریق الماء فیتیمم بالتراب فاقول یا رسول اللہ ان الماء منک قریب یقول ما

کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بہاتے پانی کو پھر تیمم کرتے مٹی سے سو کہتا میں یا پیغمبر خدا پانی آپ سے نزدیک ہے تو فرماتے کیا

یدرینی لعلی لا ابلغہ رواہ فی شرح السنۃ وابن الجوزی فی کتاب الوفاء وعن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جانوں میں شاید نہ پہنچوں اس تک روایت کیا اسکو شرح سنۃ میں اور ابن جوزی نے کتاب الوفاء میں اور روایت ہے انس سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

قال ھذا ابن آدم وھذا اجلہ ووضع یدہ عند قفاہ ثم بسط فقال وثم املہ رواہ الترمذی وعن ابی سعید

کہا یہ آدمی ہے اور یہ ہے موت اسکی اور رکھا ہاتھ اپنا اپنی گردن پاس پھر کھولا اور کہا اور یہی جگہ ہے امید کی اسکی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی سعید

الخدری ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غرز عودا بین یدیہ وآخر الی جنبہ وآخر ابعد منہ فقال اتدرون

خدری سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گاڑی ایک لکڑی روبرو اپنے اور دوسری نزدیک پہلو کے اور تیسری بہت دور سے تب فرمایا کیا جانتے ہو

ما ھذا قالوا اللہ ورسولہ اعلم قال ھذا الانسان وھذا الاجل اراہ قال وھذا الامل فیتعاطی الامل فیلحقہ

کیا ہے یہ عرض کیا اللہ و رسول اسکا خوب جانتا ہے فرمایا یہ آدمی ہے اور یہ موت گمان کرتا ہوں راوی کہ فرمایا اور یہ ہے امید جو سنبھالتا ہے امید پر سو پہنچتی ہے اسکو

الاجل دون الامل رواہ فی شرح السنۃ وعن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال عمر امتی من ستین

موت نہ امید روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا عمر میری امت کی ساٹھ

سنة الى السبعين رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اعمار امتي ما بين
برس ہی ستر برس تک روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے عمریں میری امت کے درمیان

الستين الى السبعين واقلهم من يجوز ذلك رواه الترمذي وابن ماجة وذكر حديث عبد الله بن الشخير في باب عيادة
ساٹھ برس کے ہی ستر تک اور تھوڑے لوگ تجاوز کرنے ہیں اس سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور ذکر کی گئی حدیث عبد اللہ بن شخیر کی باب عیادة

المريض **الفصل الثالث** عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال اول صلاح هذه الامة
المریض کے فصل تیسری روایت ہے عمرو بن شعیب سے باپ سے اسکے دادے سے کہ نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا پہلی نیکی اس امت کی

اليقين والزهد واول فسادها البخل والامل رواه البيهقي في شعب الايمان وعن سفيان الثوري قال ليس
یقین اور بے رغبتی دنیا کی ہے اور پہلا فساد اسکا بخیلی و امید ہے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے سفیان ثوری سے کہا نہیں

الزهد في الدنيا بلبس الغليظ والخشن واكل الجشب انما الزهد في الدنيا قصر الامل رواه في شرح السنة
زہد ہوتا دنیا میں موٹا پہننے سے اور روکھا پھیکا کھانے سے اور بس بے رغبتی دنیا کی کوتاہ امل ہے روایت کیا اسکو شرح سنت میں

وعن زيد بن الحسين قال سمعت مالكا وسئل اي شيء الزهد في الدنيا قال طيب الكسب وقصر الامل رواه
اور روایت ہے زید بن الحسین سے کہا سنا میں نے مالک کو جس حال میں پوچھا گیا کیا ہے بے رغبتی دنیا کی کہا پاک کمائی اور کم امیدی روایت کیا اسکو

البيهقي في شعب الايمان **باب استحباب المال والعمر للطاعة** **الفصل الاول** عن سعد قال قال رسول
بیہقی نے شعب الایمان میں باب اچھا جاننا مال اور عمر کا واسطے طاعت کے فصل پہلی روایت ہے سعد سے کہا کہ فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وآله وسلم ان الله يحب العبد التقي الغني الخفي رواه مسلم وذكر لا حسد الا في اثنين في باب
اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بیشک اللہ دوست رکھتا ہے بندہ پرہیزگار مالدار چھپے کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور ذکر کی گئی حدیث ابن عمر کی لا حسد الا فی اثنین باب

فضائل القرآن **الفصل الثاني** عن ابي بكرة ان رجلا قال يا رسول الله اي الناس خير قال من طال عمره وحسن عمله
فضائل قرآن کے فصل دوسری روایت ہے ابی بکرہ سے کہ ایک مرد نے کہا یا رسول اللہ کون آدمی بہتر ہے فرمایا جسکی دراز عمر ہو اور اچھا ہو عمل اسکا

قال فاي الناس شر قال من طال عمره وساء عمله رواه احمد والترمذي والدارمي وعن عبيد بن خالد ان النبي
کہا پس کون آدمی برا ہے فرمایا جسکی دراز عمر ہو اور برا ہو عمل اسکا روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے عبید بن خالد سے کہ نبی

صلى الله عليه وآله وسلم آخى بين رجلين فقتل احدهما في سبيل الله ثم مات الآخر بعده بجمعة او نحوها
صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بھائی چارہ کروائی درمیان دو مردوں کے پھر مارا گیا ایک انکا راہ خدا میں پھر مرا دوسرا بعد اسکے ایک ہفتہ میں یا مانند اسکے

فصلوا عليه فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم ما قلتم قالوا دعونا الله ان يغفر له ويرحمه ويلحقه بصاحبه فقال
پھر نماز پڑھی صحابہ نے اس پر تب فرمایا نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کیا پڑھے تم عرض کیا دعا کی ہم نے اللہ سے کہ بخشے اسکو اور رحم کرے اسپر اور ملا دے اسکو اسکے یار کے ساتھ تب فرمایا

النبي فاين صلاته بعد صلاته وعمله بعد عمله او قال صيامه بعد صيامه لما بينهما ابعد مما بين السماء و
نبی نے پھر کہاں گئی نماز اسکی بعد نماز کے اور عمل اسکا بعد عمل اسکے کے یا فرمایا روزہ اسکا بعد روزے کے البتہ درجہ درمیان انکے بہت دوری ہے اس سے جو درمیان آسمان اور

الارض رواه ابو داود والنسائي وعن ابي كبشة الانماري انه سمع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول ثلث
زمین کے ہے روایت کیا اسکو ابو داود اور نسائی نے اور روایت ہے ابی کبشہ الانماری سے کہ سنا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے تھے تین ہیں

اُقْسِمُ عَلَيْهِنَّ وَاُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا فَاحْفَظُوْهُ فَاَمَّا الَّذِيْ اُقْسِمُ عَلَيْهِنَّ فَاِنَّهُ مَا نَقَصَ مَالُ عَبْدٍ مِّنْ صَدَقَةٍ وَّلَا ظُلِمَ

کہ میں قسم کھاتا ہوں ان پر اور سناتا ہوں تم کو ایک حدیث سو یاد رکھو اس کو پھر وہ جس پر قسم کھاتا ہوں سو وہ یہ ہے کہ نہیں گھٹتا مال بندے کا خیرات کرنے سے اور نہ ستایا گیا

عَبْدٌ مَظْلِمَةً صَبَرَ عَلَيْهَا اِلَّا زَادَهُ اللّٰهُ بِهَا عِزًّا وَّلَا فَتَحَ عَبْدٌ بَابَ مَسْئَلَةٍ اِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ وَّاَمَّا الَّذِيْ اُحَدِّثُكُمْ

کوئی بندہ کسی طرح ظلم سے کہ صبر کیا اس پر مگر زیادہ کرتا ہے اسکو اللہ بسبب اس ظلم کے عزت اور نہیں کھولا کوئی بندہ دروازہ سوال کا مگر کھولتا ہے اللہ اس پر دروازہ محتاجی کا اور لیکن جس کو بیان کرتا ہوں

فَاحْفَظُوْهُ فَقَالَ اِنَّمَا الدُّنْيَا لِاَرْبَعَةِ نَفَرٍ عَبْدٍ رَّزَقَهُ اللّٰهُ مَالًا وَّعِلْمًا فَهُوَ يَتَّقِيْ فِيْهِ رَبَّهُ وَيَصِلُ رَحِمَهُ وَيَعْمَلُ لِلّٰهِ فِيْهِ

سو یاد رکھو اسکو پھر فرمایا اس دنیا چار شخص کی ہے وہ بندہ کہ دیا اسکو خدا نے مال اور علم سو وہ ڈرتا ہے اس میں رب کو اپنے اور سلوک کرتا ہے ناتے والوں سے اور عمل کرتا ہے اللہ کے لئے اس میں

بِحَقِّهِ فَهٰذَا بِاَفْضَلِ الْمَنَازِلِ وَعَبْدٍ رَّزَقَهُ اللّٰهُ عِلْمًا وَّلَمْ يَرْزُقْهُ مَالًا فَهُوَ صَادِقُ النِّيَّةِ يَقُوْلُ لَوْ اَنَّ لِيْ مَالًا لَعَمِلْتُ بِعَمَلِ

حق برابر کے سو یہ افضل مرتبوں میں ہے اور ایک بندہ کہ دیا اسکو اللہ نے علم اور نہ دیا اسکو مال سو نیت اس کی سچی ہے کہتا ہے اگر ہو میرے پاس مال تو کرتا میں کام

فُلَانٍ فَاَجْرُهُمَا سَوَاءٌ وَعَبْدٍ رَّزَقَهُ اللّٰهُ مَالًا وَّلَمْ يَرْزُقْهُ عِلْمًا فَهُوَ يَتَخَبَّطُ فِيْ مَالِهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ لَا يَتَّقِيْ فِيْهِ رَبَّهُ وَلَا يَصِلُ فِيْهِ

فلانے کی طرح سو اجر ان دونوں کا برابر ہے اور تیسرا وہ بندہ کہ دیا اسکو خدا نے مال اور نہ دیا اسکو علم سو وہ خبط کرتا ہے مال میں بغیر علم کے نہیں ڈرتا ہے اس میں رب سے اپنے اور نہیں

رَحِمَهُ وَلَا يَعْمَلُ فِيْهِ بِحَقٍّ فَهٰذَا بِاَخْبَثِ الْمَنَازِلِ وَعَبْدٍ لَّمْ يَرْزُقْهُ اللّٰهُ مَالًا وَّلَا عِلْمًا فَهُوَ يَقُوْلُ لَوْ اَنَّ لِيْ مَالًا لَعَمِلْتُ

اور نہ عمل کرتا ہے اس میں حق کے ساتھ سو یہ بدتر مرتبوں میں ہے اور وہ بندہ کہ نہ دیا اسکو اللہ نے مال اور نہ علم سو وہ بولتا ہے اگر ہو میرے پاس مال تو کرتا میں

فِيْهِ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَهُوَ بِنِيَّتِهِ فَوِزْرُهُمَا سَوَاءٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

اس میں عمل فلانے کی طرح سو وہی نیت اس کی ہے اور گناہ دونوں کا برابر ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے انس سے کہ نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اِذَا اَرَادَ بِعَبْدٍ خَيْرًا اسْتَعْمَلَهُ فَقِيْلَ وَكَيْفَ يَسْتَعْمِلُهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ يُوَفِّقُهُ لِعَمَلٍ

علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ جب چاہتا ہے کسی بندے کے لیے بھلائی تو کام میں رکھتا ہے سو کہا گیا اور کیونکر کام میں رکھتا ہے اسکو یا رسول اللہ فرمایا توفیق دیتا ہے اسکو عمل

صَالِحٍ قَبْلَ الْمَوْتِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الْكَيِّسُ مَنْ دَانَ

صالح کی پہلے موت کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے شداد بن اوس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے دانا وہی ہے جو تابع کرے

نَفْسَهُ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَاجِزُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَهُ هَوَاهَا وَتَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ

اپنے نفس کو اور عمل کرے واسطے ثواب کے جو بعد مرنے کے ہے اور نادان وہ جو تابع کرے اپنے نفس کو اسکی خواہش کے اور آرزو رکھے خدا پر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ رَّجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ كُنَّا فِيْ مَجْلِسٍ فَطَلَعَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

روایت ہے ایک مرد سے جو یاروں میں سے ہیں نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے کہا تھے ہم ایک مجلس میں سو ظاہر ہوئے ہم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

وَعَلٰى رَأْسِهٖ اَثَرُ مَاءٍ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَرَاكَ طَيِّبَ النَّفْسِ قَالَ اَجَلْ قَالَ ثُمَّ خَاضَ الْقَوْمُ فِيْ ذِكْرِ الْغِنٰى فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

اور تھا سر پر آپ کے داغ پانی کا سو کہا ہم نے یا رسول اللہ دیکھتے ہیں ہم آپ کو خوش دل فرمایا ہاں کہا پھر خوض کیا قوم نے ذکر میں تونگری کے تب فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا بَاْسَ بِالْغِنٰى لِمَنِ اتَّقَى اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَالصِّحَّةُ لِمَنِ اتَّقٰى خَيْرٌ مِّنَ الْغِنٰى وَطِيْبُ النَّفْسِ مِنَ النَّعِيْمِ

صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے نہیں ہے مضائقہ تونگری میں واسطے اسکے جو ڈرے اللہ عز و جل کو اور تندرستی واسطے متقی کے بہتر ہے مالداری سے اور خوش دلی

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ قَالَ كَانَ الْمَالُ فِيْمَا مَضٰى يُكْرَهُ فَاَمَّا الْيَوْمَ فَهُوَ تُرْسُ الْمُؤْمِنِ وَقَالَ لَوْلَا هٰذِهِ الدَّنَانِيْرُ

روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے سفیان ثوری سے کہا تھا مال زمانہ سابق میں مکروہ پس لیکن آج کے دن سو وہ ڈھال ہے مومن کی اور کہا اگر نہ ہوتے یہ دینار

لتمندل بنا هؤلاء الملوك وقال من كان في يده شيء من هذه فليصلحه فإنه زمان إن احتاج كان أول من يبذل
تو البتہ رومال کرتے ہمکو دنیا دار ملوک اور کہا جسکے ہاتھ میں ہو کچھ اس مال سے سو چاہیے کہ اصلاح کرے اسکی کیونکہ یہہ ایک زمانہ ہے اگر محتاج ہو تو ہوگا پہلے دینے والا

دينه أو قال الحلال لا يحتمل السرف رواه في شرح السنة وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم
دین اپنا اور کہا مال حلال نہیں احتمال رکھتا ہے اسراف کا روایت کیا اسکو شرح سنہ میں اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

ينادي مناد يوم القيامة أين أبناء الستين وهو العمر الذي قال الله تبارك وتعالى أولم نعمركم ما يتذكر فيه
پکارے گا پکارنے والا قیامت کے دن کہاں ہیں بیٹے ساٹھ کے اور وہ عمر ہے کہ فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ نے کیا عمر نہ دی تھی ہم نے تمکو کہ سوچتا اس میں

من تذكر وجاءكم النذير رواه البيهقي في شعب الإيمان وعن عبد الله بن شداد قال إن نفرا من بني عذرة
سوچنے والا اور آیا تمہارے پاس ڈر سنانے والا روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے عبداللہ بن شداد سے کہا کئی شخص بنی عذرہ سے

ثلاثة أتوا النبي صلى الله عليه وآله وسلم فأسلموا قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من يكفينيهم قال طلحة
کہ تین تھے آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس پھر مسلمان ہو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کون ہے کہ کفایت کرے میری طرف سے ان کی بابت کہا طلحہ نے

أنا فكانوا عنده فبعث النبي صلى الله عليه وآله وسلم بعثا فخرج فيه أحدهم فاستشهد ثم بعث بعثا فخرج
میں ہوں سو تھے وے پاس طلحہ کے پھر بھیجا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک لشکر سو نکلا اس میں ایک ان کا پھر شہید ہوا پھر بھیجا ایک لشکر سو نکلا اس میں

الآخر فاستشهد ثم مات الثالث على فراشه قال فرأيت هؤلاء الثلاثة في الجنة ورأيت الميت على فراشه أمامهم
دوسرا اور شہید ہوا پھر مرا تیسرا اپنے بچھونے پر کہا طلحہ نے سو دیکھا میں نے ان تینوں کو بہشت میں اور دیکھا میں نے اسکو جو مرا بچھونے پر اپنے آگے

والذي استشهد آخرا يليه وأولهم يليه فدخلني من ذلك فذكرت للنبي صلى الله عليه وآله وسلم ذلك قال وما
اور جو کہ شہید ہوا نزدیک اسکے اور جو اول شہید ہوا نزدیک شہید آخر کے سو آیا مجھکو تعجب اس میں سو ذکر کیا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسکا فرمایا اور کس

أنكرت من ذلك ليس أحد أفضل عند الله من مؤمن يعمر في الإسلام لتسبيحه وتكبيره وتهليله وعن محمد بن أبي
انکار کیا تو نے اس سے نہیں ہے کوئی افضل نزدیک اللہ کے اس مومن سے جسکی بڑی عمر ہو اسلام میں واسطے تسبیح اور تکبیر اور تہلیل اسکے اور روایت ہے محمد بن ابی

عميرة وكان من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال إن عبدا لو خر على وجهه من يوم ولد إلى أن يموت
عمیرہ سے اور تھا یاروں سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمایا کہ بندہ اگر گر رہے منہ کے بل جس دن کہ پیدا ہوا یہاں تک کہ مرے

هرما في طاعة الله لحقره في ذلك اليوم ولود أنه رد إلى الدنيا كيما يزداد من الأجر والثواب رواهما أحمد باب
سخت بوڑھا ہو کر اللہ کی طاعت میں البتہ حقیر شمار کریگا اسکو اس دن اور البتہ دوست رکھیگا کہ پھر جاوے دنیا کی طرف تاکہ زیادہ ہو مزدوری اور ثواب روایت کیا ان دونو کو احمد نے

التوكل والصبر

الفصل الأول

عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يدخل الجنة من أمتي
توکل اور صبر کا — فصل پہلی — روایت ہے ابن عباس سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے داخل ہونگے بہشت میں میری امت سے

سبعون ألفا بغير حساب هم الذين لا يسترقون ولا يتطيرون وعلى ربهم يتوكلون متفق عليه وعنه قال خرج
ستر ہزار بے حساب کے جو لوگ نہ جھاڑ پھونک کرتے تھے اور نہ شگون لیتے اور اپنے رب ہی پر بھروسا کرتے تھے متفق علیہ اور روایت ہے اسی سے کہا نکلے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يوما فقال عرضت علي الأمم فجعل يمر النبي معه الرجل والنبي معه الرجلان والنبي
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دن پھر فرمایا سامنے کی گئیں اگلی امتیں تو چلا ایک نبی اور ان کے ساتھ ایک مرد تھا اور بعض نبی چلا اور ان کے ساتھ دو مرد

ومعه الرهط والنبي وليس معه احد فرأيت سوادا كثيرا سد الافق فرجوت ان يكون امتي فقيل هذا موسى في

ساتھ ان کے جماعت اور کوئی نبی تھا ساتھ ان کے کوئی نہیں نے دیکھی بہت سی سیاہی جو ڈھانک رہی ہے آسمان کے کنارے کو تو امید ہوئی مجھ کو کہ یہ ہے میری امت سو کہا گیا مجھ کو کہ یہ موسی ہیں

قومه ثم قيل لي انظر فرأيت سوادا كثيرا سد الافق فقيل لي انظر هكذا وهكذا فرأيت سوادا كثيرا سد الافق فقيل

اپنی قوم میں پھر کہا گیا مجھ کو دیکھو سو دیکھی میں نے بہت سی سیاہی جو ڈھانک رہی ہے آسمان کے کنارے کو تب کہا گیا مجھے کہ دیکھ داہنے اور بائیں پھر دیکھی میں نے بہت سی سیاہی کہ ڈھانپ لی ہے آسمان کے کنارے کو تب کہا گیا مجھ کو

هؤلاء امتك ومع هؤلاء سبعون الفا قدامهم يدخلون الجنة بغير حساب هم الذين لا يتطيرون ولا يسترقون

کہ یہ لوگ امت ہیں تیری اور ساتھ ان کے ستر ہزار ہیں آگے ان کے داخل ہوں گے بہشت میں بغیر حساب کے وہ لوگ ہیں جو نہیں شگون لیتے اور نہ جھاڑ پھونک کرتے

ولا يكتوون وعلى ربهم يتوكلون فقام عكاشة بن محصن فقال ادع الله ان يجعلني منهم قال اللهم اجعله منهم ثم

اور نہ داغتے اور اپنے رب ہی پر بھروسا کرتے ہیں تب کھڑا ہوا عکاشہ بن محصن نے اور عرض کیا دعا کیجئے خدا سے کہ کرے مجھ کو ان سے فرمایا اے اللہ کر اس کو انہیں میں پھر

قام رجل آخر فقال ادع الله ان يجعلني منهم قال سبقك بها عكاشة متفق عليه وعن صهيب قال قال رسول الله

کھڑا ہوا مرد دوسرا اور عرض کیا دعا کیجئے خدا سے کہ کرے مجھ کو ان میں فرمایا سبقت کر گئے تجھ سے اس دعا کی عکاشہ نے ٭ ق ٭ اور روایت ہے صہیب سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم عجبا لامر المؤمن ان امره كله له خير وليس ذلك لاحد الا للمؤمن ان اصابته سراء شكر فكان

صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے عجب ہے مومن کا مقدمہ اسکا ہر حال اسکے واسطے بہتر ہے اور یہ بات کسی کو حاصل نہیں سوا مومن کے اگر اس کو خوشی ہو شکر کرے اسکے حق میں

خيرا له وان اصابته ضراء صبر فكان خيرا له رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم المؤمن

بہتر ہو اور اگر اس کو تکلیف ہو صبر کرے تو بھی اسکے حق میں بہتر ہو روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ایمان دار

القوي خير واحب الى الله من المؤمن الضعيف وفي كل خير احرص على ما ينفعك واستعن بالله ولا تعجز وان اصابك شيء

قوی بہتر ہے اور زیادہ پیارا اللہ کو مومن ضعیف سے اور ہر ایک میں بھلائی ہے لالچ کر اس کی جو نفع دے تجھ کو اور مدد چاہ اللہ سے اور نہ عاجز ہو اور اگر پہنچے تجھ کو کوئی تکلیف

فلا تقل لو اني فعلت كان كذا وكذا ولكن قل قدر الله وما شاء فعل فان لو تفتح عمل الشيطان رواه مسلم الفصل

تو نہ بول اگر میں ایسا کرتا تو ہوتا ایسا ولیکن کہہ مقدر کیا خدا نے جو چاہا سو کیا کہ لو کھولتا ہے شیطان کو روایت کیا اس کو مسلم نے فصل

الثاني عن عمر بن الخطاب رضي الله عنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول لو انكم تتوكلون على الله حق توكله

دوسری روایت ہے عمر بن الخطاب سے کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے اگر تم بھروسا کرو اللہ پر جیسا کہ چاہیے بھروسا کرنا

لرزقكم كما يرزق الطير تغدو خماصا وتروح بطانا رواه الترمذي وابن ماجه وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله

البتہ روزی دے تم کو جیسا کہ روزی دیتا ہے پرندوں کو صبح کو نکلتے ہیں بھوکے خالی پیٹ لوٹتے ہیں شام کو آسودہ پیٹ بھر کر روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا

عليه وآله وسلم ايها الناس ليس من شيء يقربكم الى الجنة ويباعدكم من النار الا قد امرتكم به وليس شيء يقربكم

علیہ والہ وسلم نے اے لوگو نہیں ہے کوئی چیز ایسی کہ نزدیک کرے تم کو بہشت کی طرف اور دور رکھے تم کو دوزخ کی آگ سے مگر حکم کیا میں نے تم کو اس کا اور نہیں کوئی چیز ایسی کہ نزدیک

من النار ويباعدكم من الجنة الا قد نهيتكم عنه وان الروح الامين وفي رواية وان روح القدس نفث في

کرے آگ سے اور دور کرے تم کو بہشت سے مگر منع کیا میں نے تم کو جس سے اور مقرر روح الامین اور ایک روایت میں ہے اور مقرر روح القدس نے پھونکا

روعي ان نفسا لن تموت حتى تستكمل رزقها الا فاتقوا الله واجملوا في الطلب ولا يحملنكم استبطاء الرزق ان

دل میں میرے کہ مقرر کوئی شخص ہرگز نہیں مرتا یہاں تک کہ پوری کر لے روزی اپنی سنو ڈرتے رہو اللہ سے اور نیک وجہ سے تلاش کرو روزی اور نہ باعث ہو تم کو دیری رزق کی

تطلبوه بمعاصي الله فانه لا يدرك ما عند الله الا بطاعته رواه في شرح السنة والبيهقي في شعب الايمان الا
ڈھونڈو اسکو گناہ کی راہ سے کیونکہ معلوم نہیں ہوتی جو روزی خدا کے پاس ہے مگر اسکی طاعت سے روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں مگر

انه لم يذكر وان روح القدس وعن ابي ذر عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال الزهادة في الدنيا ليست بتحريم
بیہقی نے ذکر نکیا ان روح القدس کا اور روایت ہے ابی ذر سے نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا بے رغبتی دنیا میں نہ حرام کر لینے میں

الحلال ولا اضاعة المال ولكن الزهادة في الدنيا ان لا تكون بما في يديك اوثق بما في يدي الله وان تكون في ثواب
حلال کے نہ ضایع کرنے میں مال کے ہے ولیکن بے رغبتی دنیا میں یہ ہے کہ نہ ہو تو اپنے ہاتھ کی چیز پر زیادہ بھروسا کرنے والا اسکے جو اللہ کے پاس ہے اور ہو ثواب

المصيبة اذا انت اصبت بها رواه الترمذي وابن ماجة وقال الترمذي هذا حديث غريب وعمرو بن واقد الراوي
مصیبت کا اسوقت کہ تو مبتلا ہو اسمیں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور عمرو بن واقد راوی

منكر الحديث وعن ابن عباس قال كنت خلف رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يوما فقال صلى الله عليه وآله وسلم
منکر الحدیث ہے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ تھا میں پیچھے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے ایک دن سو فرمانے لگے صلی اللہ علیہ والہ وسلم

يا غلام احفظ الله يحفظك احفظ الله تجده تجاهك واذا سألت فاسأل الله واذا استعنت فاستعن بالله
ای لڑکے یاد رکھ اللہ کو تو یاد رکھے تجھے یاد رکھ اللہ کو کہ پاوے تو اسکو اپنے روبرو اور جب کچھ مانگے تو اللہ ہی سے مانگ اور جب مدد چاہے تو اللہ ہی سے مدد چاہ

واعلم ان الامة لو اجتمعت على ان ينفعوك بشيء لم ينفعوك الا بشيء قد كتبه الله لك ولو اجتمعوا على ان
اور یقین کر کہ بیشک سارے لوگ اگر جمع ہو جاویں اس لئے کہ تو نفع پہنچا دیں تجھکو کچھ بھی تو نفع نہ پہنچا سکینگے مگر وہی چیز ہوگی جو لکھ دی ہے اللہ نے تیرے واسطے اور اگر اکٹھے

يضروك بشيء لم يضروك الا بشيء قد كتبه الله عليك رفعت الاقلام وجفت الصحف رواه احمد والترمذي
نقصان پہنچانے کو تجھے کچھ بھی تو نہ پہنچا سکینگے مگر وہی چیز جو اللہ نے لکھ دی ہے تجھ پر اٹھائے گئے قلم اور سوکھ گئے کاغذ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے

وعن سعد قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من سعادة ابن آدم رضاه بما قضى الله ومن شقاوة ابن آدم
اور روایت ہے سعد سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے نیکبختی آدمی کی راضی رہنے میں ہے اسکے جو اللہ کی تقدیر پر اور بدبختی اسکی

تركه استخارة الله ومن شقاوة ابن آدم سخطه بما قضى الله له رواه احمد والترمذي وقال هذا حديث غريب

الفصل الثالث

چھوڑنے میں اسکے ہے طلب خیر کی خدا سے اور بدبختی آدمی کی برا سمجھنے میں اسکے ہے جسکو اللہ نے اسکے لئے تقدیر کیا روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے

الثالث عن جابر انه غزا مع النبي صلى الله عليه وآله وسلم قبل نجد فلما قفل رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قفل
تیسری روایت ہے جابر سے کہ انہنے جہاد کیا نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ساتھ ہو کر نجد کی طرف سو جب پھرے پیغمبر صلی اللہ علیہ والہ وسلم تو پھرا جابر

معه فادركتهم القائلة في واد كثير العضاه فنزل رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وتفرق الناس يستظلون
ساتھ آپکے سو پہنچے لوگ وقت دوپہر کے ایک جنگل میں جسکے علیحدہ علیحدہ درخت تھے تو اترے حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور جدا جدا اترے لوگ سایہ میں

بالشجر فنزل رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم تحت سمرة فعلق بها سيفه ونمنا نومة فاذا رسول الله صلى الله
درختوں کے اور اترے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم تلے ببول کے درخت کے لٹکا کر اسمیں اپنی تلوار اور سو گئے ہم پھر اتنے میں پیغمبر خدا صلے اللہ

عليه وآله وسلم يدعونا واذا عنده اعرابي فقال ان هذا اخترط علي سيفي وانا نائم فاستيقظت وهو في يده
علیہ والہ وسلم پکارا ہمکو اور دیکھا یک آپ کے پاس ایک اعرابی ہے تب کہا اسنے کھینچی مجھ پر تلوار میری حالانکہ میں سویا تھا سو میں جاگ پڑا اور اسکے ہاتھ میں

صلتا قال من يمنعك مني فقلت الله ثلثا ولم يعاقبه وجلس متفق عليه وفي رواية ابي بكر الاسمعيل في صحيحه

ننگی تلوار ھی کہنے لگا کون بچاویگا تجھکو مجھسے تو میں نے کہا اللہ تین بار اور عذاب نکیا اسپر اور بیٹھے ٭ ق ٭ اور ایک روایت میں ابی بکر اسمعیل کی اپنے صحیح میں

فقال من يمنعك مني قال الله فسقط السيف من يده فاخذ رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم السيف فقال

سو کہا کون بچاویگا تجھکو مجھسے کہا اللہ سو گر پڑی تلوار اسکے ہاتھ سے پھر اٹھا لئی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے تلوار اور فرمایا

من يمنعك فقال كن خير اخذ فقال تشهد ان لا اله الا الله واني رسول الله قال لا ولكني اعاهدك ان لا اقاتلك

کون بچاویگا تجھکو میرے ہاتھ سے تب کہا ہو بہتر پکڑنے والا کہا بھلا گواہی دیتا ہے کہ نہیں کوئی لائق بندگی کے سوا اللہ کے اور مقرر میں رسول اللہ کا ہوں کہا نہ لیکن عہد کرتا ہوں آپ سے کہ نہ لڑونگا آپ سے

ولا اكون مع قوم يقاتلونك فخلى سبيله فاتى اصحابه فقال جئتكم من عند خير الناس هكذا في كتاب الحميدي

اور نہ ہونگا ساتھ اس قوم کے جو لڑے تجھسے پھر چھوڑ دیا حضرت نے اسکو پھر آیا اپنے صحابہ پاس اور کہا آیا ہوں تمہارے پاس نزدیک سے جو بہتر ہیں سب لوگوں سے اسی طرح ہے کتاب حمیدی میں

وفي الرياض وعن ابي ذر ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال اني لاعلم اية لو اخذ الناس بها لكفتهم

اور ریاض میں اور روایت ہے ابی ذر سے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ مقرر میں جانتا ہوں ایک آیت اگر عمل کریں لوگ تو البتہ بس کرے انکو

ومن يتق الله يجعل له مخرجا ويرزقه من حيث لا يحتسب رواه احمد وابن ماجة والدارمي وعن ابن مسعود

اور جو کوئی ڈرتا ہے اللہ سے وہ کرے اسکا گذارا اور روزی دے اسکو جہاں سے اسکو خیال نہ ہو روایت کیا اسکو احمد اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ابن مسعود سے

قال اقرأني رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اني انا الرزاق ذو القوة المتين رواه ابو داود والترمذي وقال هذا حديث

کہا پڑھایا مجھے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے میں ہوں روزی دینے والا زور آور مضبوط روایت کیا اسکو ابو داود اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث

حسن صحيح وعن انس قال كان اخوان على عهد رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فكان احدهما ياتي النبي صلى الله

حسن صحیح ہے اور روایت ہے انس سے کہا تھے دو بھائی زمانے میں پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے سو ایک حاضر رہتا نبی صلے اللہ

عليه وآله وسلم والآخر يحترف فشكى المحترف اخاه النبي صلى الله عليه وآله وسلم فقال لعلك ترزق به رواه الترمذي

علیہ والہ وسلم پاس اور دوسرا محنت کرتا سو شکایت کی محنتی نے اپنے بھائی کی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم پاس تب فرمایا شاید کہ تجھکو روزی ملتی ہے

وقال هذا حديث صحيح غريب وعن عمرو بن العاص قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان قلب ابن آدم بكل

اور کہا یہ حدیث صحیح غریب ہے اور روایت ہے عمرو بن العاص سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مقرر دل آدمی کا ہر

واد شعبة فمن اتبع قلبه الشعب كلها لم يبال الله باي واد اهلكه ومن توكل على الله كفاه الشعب رواه ابن ماجة

جنگل میں ہر شاخ میں ہے پھر جو کوئی تابع کرے دل کو اپنے ساری شاخوں کے نہیں پروا رکھتا اللہ کسی جنگل میں ہلاک کرے اسکو اور جو کوئی بھروسہ کرے اللہ پر تو کفایت کرے

وعن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال قال ربكم عز وجل لو ان عبيدي اطاعوني لاسقيتهم المطر

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ فرمایا تمہارا رب عز وجل نے اگر مقرر بندے میرے اطاعت کریں میری تو البتہ برساؤں میں انکو مینہ

بالليل واطلعت عليهم الشمس بالنهار ولم اسمعهم صوت الرعد رواه احمد وعنه قال دخل رجل على اهله فلما راى

رات میں اور طلوع کروں ان پر سورج دن میں اور نہ سناؤں انکو آواز کڑاکے کی روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے انہی سے کہا آیا ایک مرد عیال پاس پھر جب دیکھا

ما بهم من الحاجة خرج الى البرية فلما رات امراته قامت الى الرحى فوضعتها والى التنور فسجرته ثم قالت

انکی محتاجی کو تو چلا گیا میدان کی طرف پھر جب دیکھا اسکی عورت نے کھڑی ہوئی طرف چکی کے سو رکھی اسکو رو برو اپنے اور کھڑی ہوئی تنور کی طرف پھر سلگایا

اللّٰھم ارزقنا فنظرت فاذا الجفنۃ قد امتلأت قال وذھب الی التنور فوجدتہ ممتلیًا قال فرجع الزوج قال اصبتم بعدی

اے پروردگار روزی دے ہمکو پھر دیکھی بی بی نے کہ ایکایک تھال بھر ہو گیا کہا راوی نے اور گئی طرف تنور کے سو پائی اسکو بھری روٹی سے تب کہا ابو ہریرہ نے پھر پھر آیا شوہر کہا پایا تم نے بعد میرے

شیئا قالت امرأتہ نعم من ربنا وقام الی الرحی فذکر ذلک للنبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فقال اما انہ لو لم ترفعھا لم تزل تدور الی

کچھ بولی عورت اسکی ہاں رب سے ہمارے اور کھڑا ہوا چکی کی طرف پھر ذکر کیا اسکا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس تب فرمایا سنتے رہو مقرر حال یہ ہے کہ اگر نہ اٹھاتی تو چلی جاتی

یوم القیمۃ رواہ احمد وعن ابی الدرداء قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان الرزق لیطلب العبد کما یطلبہ اجلہ رواہ

قیامت کے دن تک روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ مقرر روزی تلاش کرتی ہے بندہ کو جیسا کہ تلاش کرتی ہے اسکو موت اسکی

ابو نعیم فی الحلیۃ وعن ابن مسعود قال کانی انظر الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یحکی نبیا من الانبیاء ضربہ قومہ

ابو نعیم نے حلیہ میں اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ گویا کہ میں دیکھ رہا ہوں پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف کہ بیان فرماتے حال ایک نبی کا نبیوں میں سے مارا انکو انکی قوم نے

فادموہ وھو یمسح الدم عن وجھہ ویقول اللّٰھم اغفر لقومی فانھم لا یعلمون متفق علیہ

باب الریاء والسمعۃ

الفصل الاول

پھر خون آلود کیا حالانکہ وہ مل ڈالتے تھے خون کو اپنے چہرے سے اور فرماتے اے اللہ بخش دے میری قوم کو سو مقرر وہ نہیں جانتے ہیں متفق۔ باب ریا اور سمعہ کا۔ فصل پہلی

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان اللہ لا ینظر الی صورکم واموالکم ولکن ینظر الی قلوبکم واعمالکم

روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ مقرر خدا نہیں دیکھتا ہے تمھاری صورتوں اور مالوں کو لیکن دیکھتا ہے دلوں کو اور کاموں کو

رواہ مسلم وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال اللہ تعالی انا اغنی الشرکاء عن الشرک من عمل عملا اشرک

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی نے کہ میں بے پرواہ ہوں ساجھیوں میں ساجھے سے جو کوئی کرے کچھ کام کہ ساجھا کرے

فیہ معی غیری ترکتہ وشرکہ وفی روایۃ فانا منہ بریء ھو للذی عملہ رواہ مسلم وعن جندب قال قال رسول اللہ صلی اللہ

اسمیں میرے ساتھ غیر کو میں چھوڑ دیتا ہوں اسکو اور اسکے ساجھے کو اور ایک روایت میں ہے سو میں اس سے بیزار ہوں تو وہ کام اسکے لئے ہی کیا اسکو جسکے لئے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جندب سے کہ فرمایا رسول اللہ نے

علیہ وآلہ وسلم من سمع سمع اللہ بہ ومن یرائی یرائی اللہ بہ متفق علیہ وعن ابی ذر قال قیل لرسول اللہ صلی اللہ علیہ

علیہ وآلہ وسلم نے جو مشہور کروانا چاہے اپنے کو تو رسوا کریگا اسکو خدا اور جو کرے عمل ریا جزا دیگا اسکو اللہ ریاکاروں کی متفق اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ عرض کیا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وآلہ وسلم ارأیت الرجل یعمل العمل من الخیر ویحمدہ الناس علیہ وفی روایۃ ویحبہ الناس علیہ قال تلک عاجل بشری المؤمن رواہ

وآلہ وسلم سے کہ بھلا بتلائیے حال اس مرد کا جو کرتا ہے کام نیک اور تعریف کرتے ہیں اسکی لوگ سبب کام کے اور ایک روایت میں ہے اور دوست رکھتے ہیں اسکو لوگ سبب اسکے فرمایا یہ تعریف کی جلدی

مسلم

الفصل الثانی

عن ابی سعید بن ابی فضالۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال اذا جمع اللہ الناس یوم القیمۃ لیوم

مسلم نے۔ فصل دوسری روایت ہے ابی سعید بن ابی فضالہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب اکٹھا کریگا اللہ تعالے لوگوں کو قیامت کے دن کہ جسمیں

لا ریب فیہ نادی مناد من کان اشرک فی عمل عملہ للہ احدا فلیطلب ثوابہ من عند غیر اللہ فان اللہ اغنی الشرکاء عن الشرک رواہ

شک نہیں پکارے پکارنے والا جو کوئی تھا ساجھا کرنے والا اپنے عمل میں جسکو کیا تھا اللہ کے لئے کسی کو سو چاہئے کہ وہ ڈھونڈھ لیوے ثواب اسکا نزدیک غیر خدا کے کیونکہ اللہ بے پرواہ ہے ساجھیوں میں ساجھے سے روایت کیا اسکو

احمد وعن عبد اللہ بن عمرو انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول من سمع الناس بعملہ سمع اللہ بہ اسامع خلقہ و

احمد نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ اسنے سنا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے جو کوئی سنایا چاہے لوگوں کو عمل اپنا مشہور کریگا خدا اسکو سننے والوں میں اپنی خلق کے اور

حقرہ وصغرہ رواہ البیھقی فی شعب الایمان وعن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال من کانت نیتہ طلب الاخرۃ جعل اللہ

حقیر اور ذلیل کرتا ہے اسکو روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت ہے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جسکی ہو نیت طلب آخرت کی کر دیتا ہے اللہ

غناه في قلبه وجمع له شمله وأتته الدنيا وهي راغمة ومن كانت نيته طلب الدنيا جعل الله الفقر بين عينيه وشتت عليه أمره

بے پروائی اسکی اسکے دل میں اور حاصل کرتا اسکے لئے خاطر جمعی اسکی اور آتی ہے اسکے پاس دنیا ذلیل ہوکر اور جسکی ہو نیت طلب دنیا کی کرتا ہے اللہ محتاجی کو اسکے آنکھوں کے اور منتشر کرتا ہے اسکا کام

ولا يأتيه منها إلا ما كتب له. رواه الترمذي ورواه أحمد والدارمي عن أبان عن زيد بن ثابت. وعن أبي هريرة قال قلت يا رسول الله بينا

اور نہیں آتی اسکے پاس دنیا میں سے مگر جو لکھ دیا اسکے لئے اللہ نے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو احمد اور دارمی نے ابان سے اسنے زید بن ثابت سے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ عرض کیا میں نے یا رسول اللہ

دوسری فصل روایت ہے حذیفہ سے کہا کہ قسم خدا کی نہیں جانتا میں کیا بھول گئے اصحاب میرے یا بظاہر بھول گئے قسم خدا کی نہیں چھوڑا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی فتنہ برپا کرنے والے کو گذرنے تک دنیا کے ہوں گے لوگ ساتھ اس فتنہ برپا کرنے والے کے تین سو یا زیادہ ان سے مگر بیان فرمایا روبرو ہمارے نام اسکا اور نام اسکے باپ کا اور نام اسکی قوم کا روایت کیا اسکو ابوداود نے

وعن ثوبان قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إنما أخاف على أمتي الأئمة المضلين وإذا وضع السيف في أمتي لم يرفع عنهم إلى يوم القيامة رواه أبو داود والترمذي

اور روایت ہے ثوبان سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بس ڈرتا ہوں میں اپنی امت کے حاکم گمراہ کرنے والوں کی طرف سے اور جب چلائی جائے گی تلوار میری امت میں نہ موقوف ہوگی ان سے قیامت کے دن تک روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی نے

وعن سفينة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول الخلافة ثلاثون سنة ثم تكون ملكا عضوضا ثم يقول سفينة أمسك خلافة أبي بكر سنتين وخلافة عمر عشرة وعثمان اثنتي عشرة وعلي ستة رواه أحمد والترمذي وأبو داود

اور روایت ہے سفینہ سے کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے خلافت تیس برس ہے پھر ہوگا بادشاہ گزند پہنچانے والے کا پھر کہتا ہے سفینہ نگاہ رکھ خلافت ابی بکر کی دو برس اور خلافت عمر کی دس برس اور عثمان کی بارہ برس اور علی کی چھ برس روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابوداود نے

وعن حذيفة قال قلت يا رسول الله أيكون بعد هذا الخير شر كما كان قبله قال نعم قلت فما العصمة قال السيف قلت وهل بعد السيف بقية قال نعم يكون إمارة على أقذاء وهدنة على دخن قلت ثم ماذا قال ثم تنشأ دعاة الضلال فإن كان لله في الأرض خليفة جلد ظهرك وأخذ مالك فأطعه وإلا فمت وأنت عاض على جذل شجرة قلت ثم ماذا قال ثم يخرج الدجال بعد ذلك معه نهر ونار فمن وقع في ناره وجب أجره وحط وزره ومن وقع في نهره وجب وزره وحط أجره قال قلت ثم ماذا قال ثم ينتج المهر فلا يركب حتى تقوم الساعة وفي رواية قال هدنة على دخن وجماعة على أقذاء قلت يا رسول الله الهدنة على الدخن ما هي قال لا ترجع قلوب أقوام على الذي كانت عليه قلت بعد هذا الخير شر قال فتنة عمياء صماء عليها دعاة على أبواب النار فإن مت يا حذيفة وأنت عاض على جذل خير لك من أن تتبع أحدا منهم رواه أبو داود

اور روایت ہے حذیفہ سے کہا عرض کیا میں نے یا رسول اللہ بھلا ہوگا بعد اس بھلائی کے برائی جیسا کہ تھا پہلے اس کے فرمایا ہاں کہا میں نے پھر کیا ہے راہ نجات کی فرمایا تلوار ہے میں نے کہا رہینگے اسلام والے بعد جہاد باقی فرمایا ہاں رہینگے سرداری ناخوشی کی اور صلح ساتھ نفاق کے میں نے کہا پھر کیا ہوگا فرمایا پیدا ہونگے گمراہ کرنے والے اسو اگر ہو اللہ کے لئے ملک میں خلیفہ اگر چہ کوڑے لگاوے پیٹھ پر تیرا اور لیوے مال تیرا تو بھی اطاعت کر اسکی اور اگر نہیں تو مرے تو پناہ پکڑ کر درخت تلے عرض کیا میں نے پھر کیا حال ہوگا کہا پھر نکلیگا دجال بعد کے ساتھ اسکے نہر اور آگ ہوگی سو جو شخص جا پڑا اسکی آگ میں ثابت ہوگی مزدوری اسکی اور اتارا گیا بوجھ اسکے گناہ کا اور جو جا پڑا بوجھ اسکے گناہ کا اور جاتا رہا ثواب اسکے عمل کا کہا حذیفہ نے عرض کیا میں نے پھر کیا ہوگا فرمایا پھر جنا جاویگا گھوڑا پھر قابل سواری نہ ہوگا یہاں تک کہ گھڑی ہو قیامت اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا ساتھ کراہت کے کہا میں نے یا رسول اللہ الهدنة علی الدخن کا کیا مطلب ہے فرمایا پھر ینگے دل قوم کے اس حال پر کہ تھے جس پر میں نے کہا بعد اس بھلائی کے برائی ہوگی فرمایا فتنہ اندھا اور بہرہ کہ اسپر بلانے والے ہونگے کھڑے ہوکر دروازے پر آگ کے سو اگر مرے تو اے حذیفہ جس حال میں کہ تو لازم پکڑنے والا درخت کی جڑ کو بہتر ہے اچھا ہو تیرے لئے اس بات سے کہ پیروی کرے تو کسی ایک کی انمیں سے روایت کیا اسکو ابوداود نے

وعن أبي ذر قال كنت رديفا خلف رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يوما على حمار فلما جاوزنا بيوت المدينة قال كيف بك يا أبا

اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ تھا میں سوار پیچھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک دن گدھے پر پھر جب گزر گئے ہم گھروں کو مدینہ کے فرمایا حضرت نے کیسا حال ہوگا تیرا

إذا كان بالمدينة جوع تقوم عن فراشك ولا تبلغ مسجدك حتى يجهدك الجوع قال قلت الله ورسوله أعلم قال تعفف

يا أبا ذر ثم قال كيف بك يا أبا ذر إذا كان بالمدينة موت يبلغ البيت العبد حتى إنه يباع القبر بالعبد قال قلت الله ورسوله أعلم

قال تصبر يا أبا ذر قال كيف بك يا أبا ذر إذا كان بالمدينة قتل تغمر الدماء أحجار الزيت قال قلت الله ورسوله أعلم قال تأتي من أنت

منه قال قلت وألبس السلاح قال شاركت القوم إذا قلت فكيف أصنع يا رسول الله قال إن خشيت أن يبهرك شعاع السيف فألق

ناحية ثوبك على وجهك ليبوء بإثمك وإثمه رواه أبو داود **وعن** عبد الله بن عمرو بن العاص أن النبي صلى الله عليه وسلم

قال كيف بك إذا أبقيت في حثالة من الناس مرجت عهودهم وأماناتهم واختلفوا فكانوا هكذا وشبك بين أصابعه قال

فبم تأمرني قال عليك بما تعرف ودع ما تنكر وعليك بخاصة نفسك وإياك وعوامهم وفي رواية الزم بيتك واملك

عليك لسانك وخذ ما تعرف ودع ما تنكر وعليك بأمر خاصة نفسك ودع أمر العامة رواه الترمذي وصححه

وعن أبي موسى عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال إن بين يدي الساعة فتنا كقطع الليل المظلم يصبح الرجل فيها مؤمنا

ويمسي كافرا ويمسي مؤمنا ويصبح كافرا القاعد فيها خير من القائم والماشي فيها خير من الساعي فكسروا فيها قسيكم

وقطعوا فيها أوتاركم واضربوا سيوفكم بالحجارة فإن دخل على أحد منكم فليكن كخير ابني آدم رواه أبو داود وفي رواية

له ذكر إلى قوله خير من الساعي ثم قالوا فما تأمرنا قال كونوا أحلاس بيوتكم وفي رواية الترمذي أن رسول الله صلى الله عليه

وسلم قال في الفتنة كسروا فيها قسيكم وقطعوا فيها أوتاركم والزموا فيها أجواف بيوتكم وكونوا كابن آدم وقال هذا

حديث صحيح غريب **وعن** أم مالك البهزية قالت ذكر رسول الله صلى الله عليه وسلم فتنة فقربها قلت يا رسول الله من خير

النَّاسِ فِيهَا رَجُلٌ فِي مَاشِيَتِهِ يُؤَدِّي حَقَّهَا وَيَعْبُدُ رَبَّهُ وَرَجُلٌ آخِذٌ بِرَأْسِ فَرَسِهِ يُخِيفُ الْعَدُوَّ وَيُخَوِّفُونَهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ

آدمی اس زمانے میں فرمایا وہ شخص جو رہیگا اپنے چوپایوں میں بیچ ادا کریگا زکوٰۃ ان چوپایوں کی اور پوجیگا اپنے رب کو اور وہ شخص جو پکڑ رہیگا گھوڑے کے سر کو ڈراتا دشمن کو اور دشمن

عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَتَكُونُ فِتْنَةٌ تَسْتَنْظِفُ الْعَرَبَ قَتْلَاهَا فِي النَّارِ اللِّسَانُ فِيهَا أَشَدُّ

عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عنقریب ہوگا ایک فتنہ کہ گھیر لیگا عرب کو مارے گئے اسکے آگ میں ہیں زبان درازی اسمیں زیادہ سخت ہے

مِنْ وَقْعِ السَّيْفِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَتَكُونُ فِتْنَةٌ صَمَّاءُ

تلوار چلانے سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا عنقریب پیدا ہوگا فتنہ بہرہ

بَكْمَاءُ عَمْيَاءُ مَنْ أَشْرَفَ لَهَا اسْتَشْرَفَتْ لَهُ وَإِشْرَافُ اللِّسَانِ فِيهَا كَوُقُوعِ السَّيْفِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ

گونگا اندھا جو کوئی دیکھیگا اسکو تو نزدیک ہوگا وہ فتنہ اسکے اور زبان درازی اسمیں جیسے کہ تلوار چلانی ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے کہا

كُنَّا قُعُودًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْفِتَنَ فَأَكْثَرَ فِي ذِكْرِهَا حَتَّى ذَكَرَ فِتْنَةَ الْأَحْلَاسِ فَقَالَ قَائِلٌ وَمَا فِتْنَةُ

کہ تھے ہم بیٹھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس سو ذکر فرمایا حضرت نے فتنوں کا پھر درازی کی اسکے ذکر میں یہاں تک کہ ذکر کیا فتنہ احلاس کا تب کہا کسی نے کہ کیا ہے فتنہ

الْأَحْلَاسِ قَالَ هِيَ هَرَبٌ وَحَرْبٌ ثُمَّ فِتْنَةُ السَّرَّاءِ دَخَنُهَا مِنْ تَحْتِ قَدَمَيْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يَزْعُمُ أَنَّهُ مِنِّي وَلَيْسَ مِنِّي إِنَّمَا أَوْلِيَائِي

احلاس کا فرمایا وہ فتنہ بھاگنا ہے اور غارت کرنا پھر فتنہ سراء کا کہ دھواں اسکا ہوگا نیچے سے دونوں پاؤں ایسے شخص کے جو میرے گھر والوں میں سے ہے گمان کریگا کہ وہ میرا ہے حالانکہ نہیں ہے میرا اہل بیت بجز اسکے نہیں

الْمُتَّقُونَ ثُمَّ يَصْطَلِحُ النَّاسُ عَلَى رَجُلٍ كَوَرِكٍ عَلَى ضِلَعٍ ثُمَّ فِتْنَةُ الدُّهَيْمَاءِ لَا تَدَعُ أَحَدًا مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ إِلَّا لَطَمَتْهُ لَطْمَةً

متقی لوگ ہیں پھر اتفاق کرینگے لوگ ایک شخص پر جیسے چوتڑ جوڑ نہیں پسلی ہڈی پر اور پھر ہوگا فتنہ اندھیرا چھوڑیگا کسی شخص کو اس امت میں سے مگر مار لگائیگا اسکو طمانچہ

فَإِذَا قِيلَ انْقَضَتْ تَمَادَتْ يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا حَتَّى يَصِيرَ النَّاسُ إِلَى فُسْطَاطَيْنِ فُسْطَاطِ إِيمَانٍ لَا نِفَاقَ فِيهِ

پھر جب کہا جائیگا کہ جاتا رہا فتنہ پھر زیادہ ہوگا صبح کو ہوگا آدمی اسمیں مومن اور شام کو ہوگا کافر یہاں تک کہ جمع ہونگے لوگ طرف خیموں کے ایک خیمہ ایمان والوں کا جسمیں نہ ہوگا کوئی

وَفُسْطَاطِ نِفَاقٍ لَا إِيمَانَ فِيهِ فَإِذَا كَانَ ذَلِكَ فَانْتَظِرُوا الدَّجَّالَ مِنْ يَوْمِهِ أَوْ مِنْ غَدِهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ

اور دوسرا خیمہ منافقوں کا جسمیں نہ ہوگا کوئی مومن پھر جب ہوا یہ فتنہ تو انتظار کرو دجال کی اسی دن یا اسکے کل کے دن روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ أَفْلَحَ مَنْ كَفَّ يَدَهُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْأَسْوَدِ قَالَ

نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا خرابی ہے عرب کو اس بلا سے جو نزدیک ہو چلی مراد کو پہنچا جسنے روکا اپنے ہاتھ کو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے مقداد بن اسود سے کہا

سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ السَّعِيدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنَ إِنَّ السَّعِيدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنَ

کہ سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے کہ نیک بخت وہی ہے جو دور رکھا گیا فتنوں سے نیک بخت وہ ہے جو دور رکھا گیا فتنوں سے

وَلَمَنِ ابْتُلِيَ فَصَبَرَ فَوَاهًا رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِذَا وُضِعَ السَّيْفُ فِي أُمَّتِي لَمْ يُرْفَعْ عَنْهَا

اور اسکے لئے جو پھنسے پھر صبر کرے سو خوبی ہے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ثوبان سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب چلائی جاتی تلوار میری امت پر نہ اٹھائی جائیگی ان سے

إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَلَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَلْحَقَ قَبَائِلُ مِنْ أُمَّتِي بِالْمُشْرِكِينَ وَحَتَّى تَعْبُدَ قَبَائِلُ مِنْ أُمَّتِي الْأَوْثَانَ وَإِنَّهُ سَيَكُونُ فِي

قیامت تک اور نہ کھڑی ہوگی قیامت یہاں تک کہ ملیں سب گروہ میری امت کے مشرکوں کے ساتھ اور یہاں تک کہ پوجیں گروہ میری امت کے بتوں کو اور مقرر حال یہ ہے کہ عنقریب ہونگے

أُمَّتِي كَذَّابُونَ ثَلَاثُونَ كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيُّ اللَّهِ وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَلَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِينَ لَا يَضُرُّهُمْ

میری امت میں جھوٹے تیس شخص ہر ایک گمان کریگا کہ وہ نبی ہے اللہ کا اور میں ختم کرنے والا ہوں نبیوں کا نہیں کوئی نبی بعد میرے اور ہمیشہ رہیگا گروہ میری امت سے حق پر غالب نہ ضرر پہنچا سکے انکو

مِنْ خَالَفَهُمْ حَتّٰى يَأْتِيَ أَمْرُ اللّٰهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ تَدُوْرُ رَحَى
مخالف انکا یہاں تک آوے حکم اللہ کا روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ترمذی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کہ فرمایا گھومے گی چکی

الْاِسْلَامِ لِخَمْسٍ وَثَلٰثِيْنَ اَوْ سِتٍّ وَثَلٰثِيْنَ اَوْ سَبْعٍ وَثَلٰثِيْنَ فَاِنْ يَهْلِكُوْا فَسَبِيْلُ مَنْ هَلَكَ وَاِنْ يَقُمْ لَهُمْ دِيْنُهُمْ يَقُمْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ عَامًا
اسلام کی پینتیس یا چھتیس یا سینتیس برس پھر اگر ہلاک ہوویں تو راہ انکی راہ اگلوں کی ہے اور اگر قایم اور پورا ہوا انکے لئے دین انکا قایم اور پورا ہوگا انکے ستر برس کو

قُلْتُ مِمَّا بَقِيَ اَوْ مِمَّا مَضٰى قَالَ مِمَّا مَضٰى رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ اَبِيْ وَاقِدِ اللَّيْثِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
کہا میں نے اس زمانے سے جو باقی ہے یا اس زمانے سے جو گذر گیا فرمایا گذرے ہوئے سے روایت کیا اسکو ابو داؤد نے فصل تیسری روایت ہے ابی واقد لیثی سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ

وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَمَّا خَرَجَ اِلٰى غَزْوَةِ حُنَيْنٍ مَرَّ بِشَجَرَةٍ لِلْمُشْرِكِيْنَ كَانُوْا يُعَلِّقُوْنَ عَلَيْهَا اَسْلِحَتَهُمْ يُقَالُ لَهَا ذَاتُ اَنْوَاطٍ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ
وآلہ وسلم جب نکلے طرف جنگ حنین کے گذرے ایک درخت پر جو مشرکوں کا تھا لٹکاتے تھے وے اس درخت پر ہتھیار اپنے کہتے تھے اس کو ذات انواط پھر کہا

اللّٰهِ اجْعَلْ لَنَا ذَاتَ اَنْوَاطٍ كَمَا لَهُمْ ذَاتُ اَنْوَاطٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ سُبْحَانَ اللّٰهِ هٰذَا كَمَا قَالَ قَوْمُ مُوْسٰى
اللہ مقرر کر ہمارے لئے ایک ذات انواط جیسا انکے لئے ہے ذات انواط تب فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سبحان اللہ یہ کہنا تھا جیسا کہ کہا قوم موسیٰ کی نے

اجْعَلْ لَنَا اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتَرْكَبُنَّ سُنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ وَقَعَتِ الْفِتْنَةُ
کہ مقرر کر ہمارے واسطے ایک معبود جیسے کہ ان کے لئے ہیں معبود قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں جان میری البتہ چلوگے تم راہوں پر ان کی جو تمہارے آگے تھے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن مسیب سے کہا واقع ہوا فتنہ

الْاُوْلٰى يَعْنِيْ مَقْتَلَ عُثْمَانَ فَلَمْ يَبْقَ مِنْ اَصْحَابِ بَدْرٍ اَحَدٌ ثُمَّ وَقَعَتِ الْفِتْنَةُ الثَّانِيَةُ يَعْنِي الْحَرَّةَ فَلَمْ يَبْقَ مِنْ اَصْحَابِ الْحُدَيْبِيَةِ اَحَدٌ
پہلا یعنی مارا جانا عثمان رض کا پھر نہ باقی رہا اصحاب بدر سے کوئی پھر ہوا دوسرا فتنہ یعنی حرہ تک پھر باقی نہ رہا اصحاب حدیبیہ سے کوئی

ثُمَّ وَقَعَتِ الْفِتْنَةُ الثَّالِثَةُ فَلَمْ تَرْتَفِعْ وَبِالنَّاسِ طَبَاخٌ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

بَابُ الْمَلَاحِمِ

الْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ
پھر ہوا تیسرا فتنہ پھر نہ اٹھا وہ فتنہ حالانکہ لوگوں میں تھی کچھ سکت بھی روایت کیا اسکو بخاری نے باب ملاحم کا فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ عَظِيْمَتَانِ تَكُوْنُ بَيْنَهُمَا مَقْتَلَةٌ عَظِيْمَةٌ وَحَتّٰى يُبْعَثَ
بیشک رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا قایم نہ ہوگی قیامت یہاں تک کہ لڑینگے آپس میں دو گروہ بزرگ ہوگا درمیان ان کے قتل عظیم دعویٰ دونوں کا ایک ہوگا

دَجَّالُوْنَ كَذَّابُوْنَ قَرِيْبٌ مِّنْ ثَلٰثِيْنَ كُلُّهُمْ يَزْعُمُ اَنَّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَحَتّٰى يُقْبَضَ الْعِلْمُ وَتَكْثُرَ الزَّلَازِلُ وَيَتَقَارَبَ الزَّمَانُ وَتَظْهَرَ
ملانے والے حق کو ساتھ باطل کے جھوٹے ہیں قریب تیس کے ہر ایک انکا گمان کریگا کہ وہ رسول ہے اللہ کا اور یہاں تک کہ اٹھا لیا جاے علم اور بہت ہو جاویں زلزلے اور قریب ہو جاے

الْفِتَنُ وَيَكْثُرَ الْهَرْجُ وَهُوَ الْقَتْلُ وَحَتّٰى يَكْثُرَ فِيْكُمُ الْمَالُ فَيَفِيْضَ حَتّٰى يُهِمَّ رَبَّ الْمَالِ مَنْ يَّقْبَلُ صَدَقَتَهٗ وَحَتّٰى يَعْرِضَهٗ
فتنے اور کثرت سے ہو ہرج اور وہ قتل ہے اور یہاں تک کہ بہت ہو جاوے تم میں مال تو ابل پڑیگا یہاں تک کہ فکر میں رنجیدہ ہوگا مالدار کہ کون لیوے زکوٰۃ اس کی اور یہاں تک کہ

فَيَقُوْلَ الَّذِيْ يَعْرِضُهٗ عَلَيْهِ لَا اَرَبَ لِيْ بِهٖ وَحَتّٰى يَتَطَاوَلَ النَّاسُ فِي الْبُنْيَانِ وَحَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ يَا لَيْتَنِيْ مَكَانَهٗ وَحَتّٰى
پھر کہیگا وہ شخص کہ جسکو دیا جاویگا نہیں حاجت مجھے اور یہاں تک کہ فخر کریں لوگ مکان بنانے میں اور یہاں تک کہ گذریگا مرد قبر پر کسی مرد کی تو کہیگا کسی طرح ہوتا میں بجای اس کے

تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا فَاِذَا طَلَعَتْ وَرَاٰهَا النَّاسُ اٰمَنُوْا اَجْمَعُوْنَ فَذٰلِكَ حِيْنَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ
نکلیگا سورج اپنے ڈوبنے کے مکان سے پھر جب نکلیگا اور دیکھینگے اسکو لوگ سب ایمان لاوینگے سو اس وقت نہ فائدہ دیگا کسی جان کو ایمان اسکا جسکو تھا ایمان

قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِيْ اِيْمَانِهَا خَيْرًا وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَةُ وَقَدْ نَشَرَ الرَّجُلَانِ ثَوْبَهُمَا بَيْنَهُمَا فَلَا يَتَبَايَعَانِهٖ وَلَا يَطْوِيَانِهٖ وَلَتَقُوْ
پہلے سے یا نہ کمائی تھی اپنے ایمان میں کچھ بھلائی اور البتہ قایم ہو قیامت حالانکہ کھولے ہوں گے دو مرد اپنے کپڑے کو درمیان اپنے پھر خرید و فروخت نہ کر سکینگے اور سمیٹ سکینگے

الساعة وقد انصرف الرجل بلبن لقحته فلا يطعمه ولتقومن الساعة وهو يليط حوضه فلا يسقي فيه ولتقومن الساعة

قیامت حالانکہ لایا ہوگا مرد دودھ دوہکر اپنی اونٹنی کا پھر نہ کہا سکیگا اسکو اور البتہ آجاویگی قیامت حالانکہ کوئی درست کررہا ہوگا حوض اپنا پھر نہ پلا سکیگا اسمیں اور البتہ آجاوے گی

وقد رفع أكلته إلى فيه فلا يطعمها متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تقوم الساعة حتى

اور اٹھایا ہوگا کوئی لقمہ اپنا طرف اپنے منہ کے سو کہا سکیگا اسکو ق اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ نہ قایم ہوگی قیامت یہانتک کہ

تقاتلوا قوما نعالهم الشعر وحتى تقاتلوا الترك صغار الأعين حمر الوجوه ذلف الأنوف كأن وجوههم المجان

لڑوتم ایسی قوم سے جنکی جوتیاں بالوں کی ہونگی اور یہانتک کہ لڑو تم ترک سے چھوٹی آنکھوں والے سرخ منہ والے چپٹی ناکوں والے منہ انکے جیسے ڈھالیں

المطرقة متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تقوم الساعة حتى تقاتلوا خوزا وكرمان من الأعاجم

تہ بتہ ق اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ قایم ہوگی قیامت یہانتک کہ لڑوگے تم خوز اور کرمان سے جو عجم کے ہیں

حمر الوجوه فطس الأنوف صغار الأعين وجوههم المجان المطرقة نعالهم الشعر رواه البخاري وفي رواية له عن عمرو بن تغلب عراض الوجوه

سرخ منہ والے چپٹی ناکوں والے چھوٹی آنکھوں والے منہ انکے ڈھالیں تہ بتہ جوتیاں انکی بالوں کی روایت کیا اسکو بخاری نے اور ایک روایت میں ہے عمرو بن تغلب سے چوڑے منہ

وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تقوم الساعة حتى يقاتل المسلمون اليهود فيقتلهم المسلمون حتى يختبئ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ قایم ہوگی قیامت یہانتک کہ قتل کریں مسلمان یہود کو پھر قتل کریں انکو مسلمان یہانتک کہ چھپیگا

اليهودي من وراء الحجر والشجر فيقول الحجر والشجر يا مسلم يا عبد الله هذا يهودي خلفي فتعال فاقتله إلا الغرقد فإنه من شجر اليهود

یہودی پیچھے پتھر اور درخت کے سو کہیگا پتھر اور درخت اے مسلمان اے اللہ کے بندے یہہ یہودی ہے میرے پیچھے سو آ پھر مار ڈال اسکو مگر درخت غرقد کہ وہ یہود کا درخت ہے

رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تقوم الساعة حتى يخرج رجل من قحطان يسوق الناس بعصاه متفق

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قایم ہوگی قیامت یہانتک کہ نکلیگا ایک مرد قحطان سے ہانکیگا لوگوں کو اپنی لاٹھی سے ق

عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تذهب الأيام والليالي حتى يملك رجل يقال له الجهجاه وفي رواية

اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ آخر ہونگے دن اور رات یہانتک کہ بادشاہ ہوگا جسکا نام جہجاہ ہوگا اور ایک روایت میں

حتى يملك رجل من الموالي يقال له الجهجاه رواه مسلم وعن جابر بن سمرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

یہانتک کہ بادشاہ ہوگا ایک مرد موالی سے کہ نام ہوگا اسکا جہجاہ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو

يقول لتفتحن عصابة من المسلمين كنز آل كسرى الذي في الأبيض رواه مسلم وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

فرماتے البتہ کھولیگی ایک جماعت مسلمانوں کی خزانے آل کسریٰ کا جو ابیض میں ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

هلك كسرى فلا يكون كسرى بعده وقيصر ليهلكن ثم لا يكون قيصر بعده ولتقسمن كنوزهما في سبيل الله وسمى الحرب خدعة

ہلاک ہوا کسریٰ پھر نہ ہوگا کسریٰ بعد اسکے اور قیصر بھی ہلاک ہوگا پھر نہ ہوگا قیصر بعد اسکے اور البتہ بانٹے جاینگے خزانے انکے اللہ کی راہ میں اور نام رکھا حضرت نے لڑائی کا فریب

متفق عليه وعن نافع بن عتبة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم تغزون جزيرة العرب فيفتحها الله ثم فارس فيفتحها

متفق ق اور روایت ہے نافع بن عتبہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لڑوگے تم جزیرۂ عرب سے سو فتح کریگا اسکو اللہ پھر ایران سے لڑوگے سو فتح

الله ثم تغزون الروم فيفتحها الله ثم تغزون الدجال فيفتحه الله رواه مسلم وعن عوف بن مالك قال أتيت النبي صلى الله

کریگا اللہ پھر لڑوگے روم سے سو فتح کریگا اسکو خدا پھر لڑوگے تم دجال سے سو فتح دیگا اسپر اللہ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عوف بن مالک سے کہا کہ حاضر ہوا میں نبی صلی اللہ

عليه وآله وسلم في غزوة تبوك وهو في قبة من أدم فقال اعدد ستا بين يدي الساعة موتي ثم فتح بيت المقدس ثم موتان

عليه وآله وسلم كي خدمت مين غزوه تبوك مين اور تھے آپ خيمه مين چمڑے كے سو فرمايا گن ركھ چھ چيزون كو قيامت سے پہلے تو ميري پھر فتح ہونا بيت المقدس كا پھر وبا

يأخذ فيكم كقعاص الغنم ثم استفاضة المال حتى يعطى الرجل مائة دينار فيظل ساخطا ثم فتنة لا يبقى بيت من العرب إلا دخلته

بريگي تم مين جيسے تو بكريون كي پھر بہت حاصل ہونا مال كا يہانتك كه دي جاويگي ايك مرد كو سو اشرفيان تو ہوگا خوش پھر فساد ہوگا كه باقي نه رہيگا كوئي گھر عرب كا مگر داخل ہوگا

ثم هدنة تكون بينكم وبين بني الأصفر فيغدرون فيأتونكم تحت ثمانين غاية تحت كل غاية اثنا عشر ألفا رواه البخاري

پھر صلح ہوگي تمہارے اور روم والون كے درميان سو وه دغا كرينگے پھر آوينگے تمہارے پاس اسي علم كے نيچے ہر علم كے نيچے باره ہزار فوج روايت كيا اسكو بخاري نے

وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تقوم الساعة حتى ينزل الروم بالأعماق أو بدابق فيخرج إليهم جيش

اور روايت ہے ابي ہريرة سے كہا كه فرمايا رسول خدا صلے الله عليه وآله وسلم نے نه قائم ہوگي قيامت يہانتك كه اتريگا روم اعماق يا دابق مين پھر نكليگا انكي طرف لشكر

من المدينة من خيار أهل الأرض يومئذ فإذا تصافوا قالت الروم خلوا بيننا وبين الذين سبوا منا نقاتلهم فيقول المسلمون

مدينے سے افضل ہونگے روے زمين كے رہنے والون سے پھر جب صف باندھينگے تو كہينگے روم والے كه چھوڑو ہمارے اور انكے درميان جنھون نے قيد كيا ہمارے لوگون كو كه ہم لڑين انسے تو كہينگے مسلمان

لا والله لا نخلي بينكم وبين إخواننا فيقاتلونهم فينهزم ثلث لا يتوب الله عليهم أبدا ويقتل ثلثهم أفضل الشهداء عند الله

قسم خدا كي ہم نه چھوڑينگے درميان تمہارا اور اپنے بھائيون كا پھر لڑنے لگينگے انسے تو بھاگ جاويگي تہائي نه قبول كريگا خدا توبه انكي كبھي اور قتل ہوگي تہائي انكي افضل شہيدون كے نزديك خدا كے

ويفتتح الثلث لا يفتنون أبدا فيفتتحون قسطنطينية فبينا هم يقتسمون الغنائم قد علقوا سيوفهم بالزيتون إذ صاح

اور فتح كريگي تہائي وے نه پڑينگے فتنه مين كبھي پھر فتح كرينگے قسطنطنيه كو سو جس وقت وه بانٹتے ہونگے لوٹ كا مال حالانكه لٹكا رہے ہونگے اپني تلوارين كو زيتون كے درخت مين اچانك پكاريگا

فيهم الشيطان إن المسيح قد خلفكم في أهليكم فيخرجون وذلك باطل فإذا جاؤوا الشام خرج فبينما هم يعدون للقتال يسوون

انمين شيطان كه دجال تمہارے پيچھے لڑكون بالون پر تمہارے آ پڑا تو نكلينگے اور حالانكه يه خبر جھوٹھ ہوگي پھر جب آوينگے شام مين تو نكليگا سو مسلمان تياري كرينگے لڑائي كي اور برابر كرينگے

الصفوف إذ أقيمت الصلاة فينزل عيسى ابن مريم فأمهم فإذا رآه عدو الله ذاب كما يذوب الملح في الماء فلو تركه لانذاب

صفين كه اچانك تياري ہوگي نماز كي پھر اترينگے عيسى بيٹے مريم كے پھر امامت كرينگے انكي پھر جب ديكھيگا اسكو دشمن خدا كا گل جاويگا جيسا گل جاتا ہے نمك پاني مين پھر اگر چھوڑ دے اسكو تو خود بخود گل جاوے

حتى يهلك ولكن يقتله الله بيده فيريهم دمه في حربته رواه مسلم وعن عبد الله بن مسعود قال إن الساعة لا

يہانتك كه ہلاك ہو جاوے ليكن قتل كرديگا اسكو خدا ہاتھ سے عيسى كے پھر دكھاوينگے لوگون كو خون اسكا برچھي مين روايت كيا اسكو مسلم نے اور روايت ہے عبد الله بن مسعود سے كہا بيشك قيامت نه

تقوم حتى لا يقسم ميراث ولا يفرح بغنيمة ثم قال عدو يجمعون لأهل الشام ويجمع لهم أهل الإسلام يعني الروم فيتشرط

قائم ہوگي جب تك نه بانٹي جاوے ميراث اور خوش نه كئے جاوين غنيمت سے پھر فرمايا دشمن جمع كرينگے لشكر شام والون كے ليے اور جمع كرينگے انكے واسطے مسلمان يعني روم پھر مقرر كرينگے

المسلمون شرطة للموت لا ترجع إلا غالبة فيقتتلون حتى يحجز بينهم الليل فيفيء هؤلاء وهؤلاء كل غير غالب وتفنى

مسلمان لشكر كو واسطے موت كے كه نه پھرے مگر غالب پھر لڑينگے يہانتك كه حائل ہوگي درميان انكے رات پھر لوٹينگے يه اور وه كوئي غالب نه ہوگا اور فنا ہو جاويگي

الشرطة ثم يتشرط المسلمون شرطة للموت لا ترجع إلا غالبة فيقتتلون حتى يحجز بينهم الليل فيفيء هؤلاء وهؤلاء كل

جماعت پھر چنينگے مسلمان لوگ لشكر واسطے موت كے كه نه پھرينگے مگر غالب پھر لڑينگے يہان تك كه حائل ہوگي درميان انكے رات پھر لوٹينگے يه اور وه كوئي

غير غالب وتفنى الشرطة ثم يتشرط المسلمون شرطة للموت لا ترجع إلا غالبة فيقتتلون حتى يمسوا فيفيء هؤلاء

غالب نه ہوگا اور فنا ہو جاويگي جماعت پھر چنينگے مسلمان لشكر واسطے موت كے نه پھرين مگر غالب پھر لڑينگے يہان تك كه شام ہو جاويگي پھر لوٹينگے يه

وَهٰؤُلَاءِ كُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ وَتَفْنَى الشُّرْطَةُ فَإِذَا كَانَ الْيَوْمُ الرَّابِعُ نَهَدَ إِلَيْهِمْ بَقِيَّةُ أَهْلِ الْإِسْلَامِ فَيَجْعَلُ اللّٰهُ الدَّبْرَةَ

اور وہ اور کوئی انمیں غالب نہ ہوگا اور فنا ہو جاوے گی جماعت پھر جب ہوگا دن چوتھا نصد کرینگے انکی طرف باقی اہل اسلام پھر ڈالیگا اللہ شکست

عَلَيْهِمْ فَيَقْتَتِلُونَ مَقْتَلَةً لَمْ يُرَ مِثْلُهَا حَتّٰى إِنَّ الطَّائِرَ لَيَمُرُّ بِجَنَبَاتِهِمْ فَمَا يُخَلِّفُهُمْ حَتّٰى يَخِرَّ مَيِّتًا فَيَتَعَادُّ بَنُو الْأَبِ كَانُوا مِائَةً

ان دشمنوں پر پھر لڑینگے ایسا لڑنا کہ نہ دیکھی ہے مثل اسکے یہانتک کہ مقرر پرند گذریگا کنارو ں پر ان کے پھر پیچھے نہ چھوڑیگا انکو یہانتک کہ گر پڑیگا مردہ یہانتک گنے جاوینگے اولاد

فَلَا يَجِدُونَهُ بَقِيَ مِنْهُمْ إِلَّا الرَّجُلُ الْوَاحِدُ فَبِأَيِّ غَنِيمَةٍ يُفْرَحُ أَوْ أَيُّ مِيرَاثٍ يُقْسَمُ فَبَيْنَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ سَمِعُوا بِبَأْسٍ

پھر نہ پاوینگے اسی گنتی کو باقی انمیں مگر ایک مرد سو کس لوٹ سے خوش کئے جاوینگے یا کون میراث بانٹی جاوے سو یہ لوگ اسی حال میں ہونگے اچانک سنینگے خبر لڑائی کی

هُوَ أَكْبَرُ مِنْ ذٰلِكَ فَجَاءَهُمُ الصَّرِيخُ إِنَّ الدَّجَّالَ قَدْ خَلَفَهُمْ فِي ذَرَارِيِّهِمْ فَيَرْفُضُونَ مَا فِي أَيْدِيهِمْ وَيُقْبِلُونَ فَيَبْعَثُونَ

جو بڑی ہوگی اس سے پھر آویگی انمیں آواز کہ بیشک دجال مقرر پیچھے سنبھال رکھے بالوں انکے پھر چھوڑ دینگے جو ہاتھوں میں ہوگا ان کے اور متوجہ ہونگے فرزندوں کی طرف

عَشْرَ فَوَارِسَ طَلِيعَةً قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَعْرِفُ أَسْمَاءَهُمْ وَأَسْمَاءَ آبَائِهِمْ وَأَلْوَانَ خُيُولِهِمْ هُمْ

دس سوار خبر لینے کو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ میں البتہ خوب جانتا ہوں نام ان کے اور نام انکے بابوں کے اور رنگ گھوڑوں کے وہ

خَيْرُ فَوَارِسَ أَوْ مِنْ خَيْرِ فَوَارِسَ عَلٰى ظَهْرِ الْأَرْضِ يَوْمَئِذٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ

سواروں میں یا بہتر سواروں میں سے ہونگے زمین پر اسدن روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

هَلْ سَمِعْتُمْ بِمَدِينَةٍ جَانِبٌ مِنْهَا فِي الْبَرِّ وَجَانِبٌ مِنْهَا فِي الْبَحْرِ قَالُوا نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى

کیا سنی تم نے خبر ایک شہر کی جسکی ایک جانب خشکی میں ہے اور ایک جانب دریا میں بولے ہاں یا رسول اللہ فرمایا نہیں کھڑی ہوگی قیامت یہانتک

يَغْزُوَهَا سَبْعُونَ أَلْفًا مِنْ بَنِي إِسْحٰقَ فَإِذَا جَاءُوهَا نَزَلُوا فَلَمْ يُقَاتِلُوا بِسِلَاحٍ وَلَمْ يَرْمُوا بِسَهْمٍ قَالُوا لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ

جہاد کریں اس سے ستر ہزار بنی اسحاق پھر جب آویں اسپر اترینگے پھر نہیں لڑینگے ہتھیار سے اور نہ چلاوینگے تیر کہینگے نہیں کوئی لائق بندگی کے سوا اللہ اور اللہ

أَكْبَرُ فَيَسْقُطُ أَحَدُ جَانِبَيْهَا قَالَ ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ الرَّاوِي لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا قَالَ الَّذِي فِي الْبَحْرِ ثُمَّ يَقُولُونَ الثَّانِيَةَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

سے بڑا ہے پھر گر پڑیگی ایک جانب دو جانب سے اسکی کہا ثور بن یزید راوی نے نہیں جانتا ہوں اسکو مگر فرمایا وہ جانب جو دریا کی طرف ہے پھر کہینگے دوسری دفعہ لا الہ الا اللہ

وَاللّٰهُ أَكْبَرُ فَيَسْقُطُ جَانِبُهَا الْآخَرُ ثُمَّ يَقُولُونَ الثَّالِثَةَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ فَيُفَرَّجُ لَهُمْ فَيَدْخُلُونَهَا فَيَغْنَمُونَ فَبَيْنَمَا هُمْ

واللہ اکبر پھر گر پڑیگی جانب دوسری پھر کہینگے تیسری بار لا الہ الا اللہ واللہ اکبر پھر کشادہ ہو جاویگی راہ انکے لیے پھر داخل ہونگے اسمیں اور لوٹ پاوینگے پھر جس حال

يَقْتَسِمُونَ الْمَغَانِمَ إِذْ جَاءَهُمُ الصَّرِيخُ فَقَالَ إِنَّ الدَّجَّالَ قَدْ خَرَجَ فَيَتْرُكُونَ كُلَّ شَيْءٍ وَيَرْجِعُونَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

بانٹتے ہونگے لوٹ اچانک آویگی انکو آواز پھر کہیگا کہ دجال مقرر نکلا پھر چھوڑ دینگے ہر چیز کو اور پھر جاوینگے روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

فصل دوسری

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عُمْرَانُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ خَرَابُ يَثْرِبَ وَخَرَابُ يَثْرِبَ خُرُوجُ الْمَلْحَمَةِ

روایت ہے معاذ بن جبل سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آبادی بیت المقدس کی سبب ہے خرابی مدینے کا اور خرابی مدینے کی سبب ہے فتنہ

وَخُرُوجُ الْمَلْحَمَةِ فَتْحُ قُسْطَنْطِينِيَّةَ وَفَتْحُ قُسْطَنْطِينِيَّةَ خُرُوجُ الدَّجَّالِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اور نکلنا فتنہ کا سبب ہے فتح قسطنطنیہ کا اور فتح قسطنطنیہ سبب ہے دجال نکلنے کا روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ الْمَلْحَمَةُ الْعُظْمٰى وَفَتْحُ الْقُسْطَنْطِينِيَّةِ وَخُرُوجُ الدَّجَّالِ فِي سَبْعَةِ أَشْهُرٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَعَنْ

علیہ وآلہ وسلم نے فتنہ بڑا اور فتح قسطنطنیہ کی اور نکلنا دجال کا سات مہینے کی مدت میں ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود نے اور روایت ہے

عبد الله بن بسر أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال بين الملحمة وفتح المدينة ست سنين ويخرج الدجال في السابعة

عبد اللہ بن بسر سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا درمیان فتنہ عظیم اور فتح شہر کے چھ برس ہیں اور نکلیگا دجال ساتویں برس میں

رواه أبو داود وقال هذا أصح وعن ابن عمر قال يوشك المسلمون أن يحاصروا إلى المدينة حتى يكون أبعد مسالحهم

روایت کیا اسکو ابوداود نے اور کہا کہ یہہ زیادہ صحیح ہے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا قریب ہیں مسلمان کہ گھیرے جاویں طرف مدینے کے یہانتک کہ ہووے بہت دور کی سرحد انکی

سلاح وسلاح قريب من خيبر رواه أبو داود وعن ذي مخبر قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول ستصالحون

سلاح اور سلاح نزدیک ہے خیبر سے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ذی مخبر سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے تھے کروگے تم

الروم صلحا آمنا فتغزون أنتم وهم عدوا من ورائكم فتنصرون وتغنمون وتسلمون ثم ترجعون حتى تنزلوا بمرج

روم والوں سے صلح پھر جنگ کروگے تم اور وے ملکر اس دشمن سے جو پیچھے ہیں تمہارے پھر فتح پاؤگے اور لوٹ پاؤگے اور سلامتی پھر رہوگے یہانتک کہ اتروگے ایک میدان

ذي تلول فيرفع رجل من أهل النصرانية الصليب فيقول غلب الصليب فيغضب رجل من المسلمين فيدقه فعند ذلك

ٹیلے والے میں پھر اٹھاویگا ایک مرد قوم نصرانی سے چلیپا کو پھر کہیگا غالب آئی چلیپا پھر غصہ ہوگا ایک مرد مسلمانوں میں سے پھر مار ڈالیگا اسکو سو اس وقت

تغدر الروم وتجمع للملحمة وزاد بعضهم فيثور المسلمون إلى أسلحتهم فيقتتلون فيكرم الله تلك العصابة بالشهادة

عہد شکنی کرینگے روم والے اور جمع کرینگے لوگوں کو اور زیادہ کیا بعض نے پھر جلد جاوینگے مسلمان ہتھیاروں کی طرف پھر لڑینگے سو عزت دیگا اللہ اس جماعت کو بسبب شہادت کے

رواه أبو داود وعن عبد الله بن عمرو عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال اتركوا الحبشة ما تركوكم فإنه لا يستخرج

روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا چھوڑ دو حبشیوں کو جب تک چھوڑیں وے تمکو کیونکہ نہ نکالیگا

كنز الكعبة إلا ذو السويقتين من الحبشة رواه أبو داود وعن رجل من أصحاب النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال دعوا الحبشة

گنج کو کعبے کے مگر دو چھوٹی پنڈلی والا حبشہ کا روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے ایک مرد سے جو اصحاب سے ہے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کہا چھوڑ دو حبشیوں کو

ما ودعوكم واتركوا الترك ما تركوكم رواه أبو داود والنسائي وعن بريدة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم في حديث

جب تک چھوڑ دیں تمکو اور چھوڑ دو ترک کو جب تک کہ چھوڑ دیں تمکو روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی نے اور روایت ہے بریدہ سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک حدیث میں

يقاتلكم قوم صغار الأعين يعني الترك قال تسوقونهم ثلاث مرار حتى تلحقوهم بجزيرة العرب فأما في السياقة الأولى

لڑیگی تم سے ایک قوم چھوٹی آنکھوں والی یعنے ترک فرمایا ہانکوگے تم ان کو تین بار یہانتک کہ پہنچاؤگے تم ان کو تا جزیرہ عرب کے سو پہلی ہانک میں

فينجو من هرب منهم وأما في الثانية فينجو بعض ويهلك بعض وأما في الثالثة فيصطلمون أو كما قال رواه أبو داود وعن

نجات پاویگا جو بھاگا انمیں اور لیکن دوسری میں نجات پاویگا بعض اور ہلاک ہوگا بعض اور تیسری میں جڑ سے اکھڑ جاوینگے یا جیسا کہ فرمایا روایت کیا اسکو ابوداود نے اور

أبي بكرة أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ينزل أناس من أمتي بغائط يسمونه البصرة عند نهر يقال له دجلة يكون عليه

ابی بکرہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اتریگی لوگ میری امت سے پست زمین میں کہ نام رکھینگے اسکو بصرہ نزدیک نہر کے جسکا نام دجلہ ہے ہوگا اسپر

جسر يكثر أهلها ويكون من أمصار المسلمين وإذا كان في آخر الزمان جاء بنو قنطوراء عراض الوجوه صغار الأعين

ایک پل بہت ہونگے لوگ اسکے اور شہروں سے مسلمانوں کے ہوگا اور جب ہوگا آخر زمانہ تو آویگی اولاد قنطوری کی چوڑے منہہ والے چھوٹی آنکھوں والے

حتى ينزلوا على شط النهر فيتفرق أهلها ثلاث فرق فرقة يأخذون في أذناب البقر والبرية وهلكوا وفرقة يأخذون

یہانتک کہ اترینگے کنارے پر اس نہر کے سو متفرق ہونگے لوگ اسکے تین فرقہ ہوکر ایک فرقہ اختیار کرینگی دموں گایوں کی اور جنگلوں کو اور ہلاک ہوجاوینگے اور ایک فرقہ اختیار کرینگی

لِأَنْفُسِهِمْ وَهَلَكُوا وَفِرْقَةٌ يَجْعَلُونَ ذَرَارِيَّهُمْ خَلْفَ ظُهُورِهِمْ يُقَاتِلُونَهُمْ وَهُمُ الشُّهَدَاءُ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ
اپنی جانوں کو اور ہلاک ہوئیں اور ایک فریق ہوگا کہ ڈالینگے اولاد کو اپنی پیٹھ پیچھے اور لڑینگے ان سے اور وے شہید ہیں روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے انس سے کہ

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ يَا أَنَسُ إِنَّ النَّاسَ يُمَصِّرُوْنَ أَمْصَارًا وَإِنَّ مِصْرًا مِنْهَا يُقَالُ لَهُ الْبَصْرَةُ فَإِنْ أَنْتَ مَرَرْتَ بِهَا
رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اے انس لوگ بناوینگے شہروں کو اور مقرر ایک شہر انہیں سے کہ کہتے ہیں اسکو بصرہ پھر اگر تو گذرے اس پر

أَوْ دَخَلْتَهَا فَإِيَّاكَ وَسِبَاخَهَا وَكِلَاءَهَا وَنَخِيْلَهَا وَسُوْقَهَا وَبَابَ أُمَرَائِهَا وَعَلَيْكَ بِضَوَاحِيْهَا فَإِنَّهُ يَكُوْنُ بِهَا خَسْفٌ
یا داخل ہو اسمیں سو بچتے رہ سباخ سے اسکے اور دور رکھ اپنے کو کلاء سے اسکے اور اسکے کھجور کے باغ اور اسکے بازار سے اور اسکے امیروں کے دروازے سے اور اختیار کر نواحی کو اسکے پس مقرر حال یہ ہوگا کہ ان میں دھنس جانا

وَقَذْفٌ وَرَجْفٌ وَقَوْمٌ يَبِيْتُوْنَ وَيُصْبِحُوْنَ قِرَدَةً وَخَنَازِيْرَ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ مِنْ طَرِيْقٍ لَمْ يَجْزِمْ بِهَا الرَّاوِيْ بَلْ
اور پتھر برسنا اور زلزلہ اور ایک قوم شب باشی کریگی رات کو اور صبح کو ہوجائیگی بندر اور سور بن کر روایت کیا اسکو ابو داود نے اس طریق سے کہ جزم نہ کیا اسمیں طریق راوی کا بلکہ

قَالَ لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا ذَكَرَهُ عَنْ مُوْسَى بْنِ أَنَسٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَعَنْ صَالِحِ بْنِ دِرْهَمٍ يَقُوْلُ انْطَلَقْنَا حَاجِّيْنَ فَإِذَا رَجُلٌ فَقَالَ
کہا کہ نہیں جانتا ہوں اسکو مگر ذکر کیا اسکو موسی بن انس نے انس بن مالک سے اور روایت ہے صالح بن درہم سے کہتا تھا کہ گئے ہم بارادۂ حج کے پھر اچانک ایک مرد وہاں تھا سو کہا

لَنَا إِلٰى جَنْبِكُمْ قَرْيَةٌ يُقَالُ لَهَا الْأُبُلَّةُ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ مَنْ يَضْمَنُ لِيْ مِنْكُمْ أَنْ يُصَلِّيَ لِيْ فِيْ مَسْجِدِ الْعَشَّارِ رَكْعَتَيْنِ أَوْ أَرْبَعًا وَيَقُوْلَ
ہمکو تمہاری طرف ایک بستی ہے کہ بولتے ہیں اسکو ابلہ کہا ہمنے ہاں کہا کون ضامن ہوتا ہے میرے واسطے تم میں سے کہ پڑھے نماز میرے لئے بیچ مسجد عشار میں دو رکعت یا چار رکعت اور کہے

هٰذِهٖ لِأَبِيْ هُرَيْرَةَ سَمِعْتُ خَلِيْلِيْ أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَبْعَثُ مِنْ مَسْجِدِ الْعَشَّارِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
ثواب اسکا واسطے ابی ہریرہ کے ہے سنا میں نے اپنے دوست جانی ابا القاسم کو صلی اللہ علیہ والہ وسلم فرماتے مقرر اللہ عز وجل اٹھاویگا مسجد عشار سے قیامت کے دن

شُهَدَاءَ لَا يَقُوْمُ مَعَ شُهَدَاءِ بَدْرٍ غَيْرُهُمْ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ هٰذَا الْمَسْجِدُ مِمَّا يَلِي النَّهْرَ وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ أَبِي الدَّرْدَاءِ
شہیدوں کو کہ نہ کھڑا ہوگا ساتھ شہداء بدر کے سوا انکے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور کہا کہ یہ مسجد اس طرف جو متصل نہر کے ہے اور اب ذکر کرینگے ہم حدیث ابی الدرداء کی

إِنَّ فُسْطَاطَ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ بَابِ ذِكْرِ الْيَمَنِ وَالشَّامِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كُنَّا
کہ خیمے ہیں ان فسطاط المسلمین بیچ باب ذکر الیمن والشام میں اگر چاہیگا اللہ تعالی فصل تیسری روایت ہے شقیق سے حذیفہ سے کہا کہ تھے ہم

عِنْدَ عُمَرَ فَقَالَ أَيُّكُمْ يَحْفَظُ حَدِيْثَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْفِتْنَةِ فَقُلْتُ أَنَا أَحْفَظُ كَمَا قَالَ قَالَ هَاتِ إِنَّكَ
نزدیک عمر کے سو کہا کوئی تم میں یاد رکھتا ہے حدیث کو رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے فتنے کے باب میں تب کہا میں نے یاد رکھتا ہوں جیسا کہ فرمایا کہا عمر نے لا اسکو بیان کر مقرر تو

لَجَرِيْءٌ وَكَيْفَ قَالَ قُلْتُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِيْ أَهْلِهٖ وَمَالِهٖ وَنَفْسِهٖ وَوَلَدِهٖ
البتہ جوانمرد ہی اور کیسے فرمایا کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے تصور مرد کا خرابی اپنے گھر والوں میں اور اسکے مال اور جان اور لڑکے

وَجَارِهٖ يُكَفِّرُهَا الصِّيَامُ وَالصَّلٰوةُ وَالصَّدَقَةُ وَالْأَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ فَقَالَ عُمَرُ لَيْسَ هٰذَا أُرِيْدُ إِنَّمَا أُرِيْدُ الَّتِيْ
اور ہمسایہ کے دور کرتی ہے اسکو روزہ اور نماز اور صدقہ اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر تب کہا عمر نے نہیں ہی اسکا ارادہ کیا میں نے سوا اسکے نہیں ارادہ کیا اس فتنے کا

تَمُوْجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ قَالَ قُلْتُ وَمَا لَكَ وَلَهَا يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ إِنَّ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا بَابًا مُغْلَقًا قَالَ فَيُكْسَرُ الْبَابُ أَوْ يُفْتَحُ قَالَ قُلْتُ
جو موج مارتا ہی مانند موج دریا کے کہا حذیفہ نے کہا میں نے کیا کام تجھکو اس فتنے سے اے امیر المومنین مقرر تیرے اور اسکے بیچ ایک دروازہ بند کیا ہوا ہے کہا عمر نے پھر ٹوٹ جاویگا وہ دروازہ یا کھل جاویگا کہا میں نے

لَا بَلْ يُكْسَرُ قَالَ عُمَرُ ذٰلِكَ أَحْرٰى أَنْ لَا يُغْلَقَ أَبَدًا قَالَ شَقِيْقٌ قُلْنَا لِحُذَيْفَةَ هَلْ كَانَ عُمَرُ يَعْلَمُ مَنِ الْبَابُ قَالَ نَعَمْ كَمَا يَعْلَمُ أَنَّ دُوْنَ
نہیں بلکہ توڑا جاویگا کہا عمر نے وہ توڑنا سزاوار ہے اسلئے کہ کبھی بند نہ کیا جاویگا کہا شقیق نے کہا ہمنے حذیفہ سے کیا جانتا تھا عمر کہ دروازے سے مراد کون ہے کہا ہاں جیسے کہ جانتا ہے کہ پہلے

غدٍ كليلة إني حدثته حديثاً ليس بالأغاليط قال فهبنا أن نسأل حذيفة من الباب فقلنا لمسروق سله فسأله فقال عمر متفق

کل کے دن جیسے رات ... سو پوچھا مسروق نے تو کہا عمر

عليه وعن أنس قال فتح القسطنطينية مع قيام الساعة رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب

اور روایت ہے انس سے کہا فتح قسطنطنیہ کی ملی ہوئی ہے ساتھ قیام قیامت کے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے

باب أشراط الساعة

باب قیامت کے نشانیوں کا

الفصل الأول

عن أنس قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول إن من أشراط الساعة أن يرفع العلم

پہلی فصل روایت ہے انس سے کہا کہ سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے مقرر نشانیوں سے قیامت کے یہ ہے کہ اٹھا لیا جاوے گا علم

ويكثر الجهل ويكثر الزنا ويكثر شرب الخمر ويقل الرجال ويكثر النساء حتى يكون لخمسين امرأة القيم الواحد وفي

اور بہت ہوگا جہل اور کثرت سے ہوگی حرامکاری اور کثرت سے شراب پی جاوے گی اور کم ہوجاویں گے مرد اور کثرت سے ہوں گی عورتیں یہاں تک کہ ہوگا پچاس عورتوں کا خبر لینے والا ایک مرد اور

رواية يقل العلم ويظهر الجهل متفق عليه وعن جابر بن سمرة قال سمعت النبي صلى الله عليه وآله وسلم يقول إن بين يدي

ایک روایت میں ہے کم ہوگا علم اور ظاہر ہوگی جہالت متفق علیہ اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے کہ مقرر پہلے

الساعة كذابين فاحذروهم رواه مسلم وعن أبي هريرة قال بينما النبي صلى الله عليه وآله وسلم يحدث إذ جاء أعرابي

قیامت سے جھوٹے لوگ ہوں گے سو بچو ان سے روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا اس وقت کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بات کرتے تھے کہ آ گیا ایک گنوار

فقال متى الساعة قال إذا ضيعت الأمانة فانتظر الساعة قال كيف إضاعتها قال إذا وسد الأمر إلى غير أهله فانتظر

سو پوچھا کب ہوگی قیامت فرمایا جب ضایع کی جاوے امانت تو انتظار کر قیامت کا کہا کیونکر ہوگا ضایع کرنا اس کا فرمایا جب سپرد ہو حکومت نالائق کو تو منتظر رہ

الساعة رواه البخاري وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تقوم الساعة حتى يكثر المال ويفيض حتى

قیامت کا روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ قایم ہوگی قیامت یہاں تک کہ کثرت سے ہو مال اور بہت ہو یہاں تک کہ

يخرج الرجل زكوة ماله فلا يجد أحداً يقبلها منه وحتى تعود أرض العرب مروجاً وأنهاراً رواه مسلم وفي رواية

نکالے گا مرد زکوۃ اپنے مال کی سو نہ پاوے گا کسی کو کہ قبول کرے اس کو اس سے اور یہاں تک کہ ہو جاوے زمین عرب کی چراگاہ سبزہ دار اور نہریں روایت کیا اس کو مسلم نے اور ایک

له قال تبلغ المساكن إهاب أو يهاب وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يكون في آخر الزمان خليفة

اسکے کہا پہنچ جاوے گی آبادی اہاب یا یہاب تک اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہوگا آخر زمانے میں ایک خلیفہ

يقسم المال ولا يعده وفي رواية قال يكون في آخر أمتي خليفة يحثي المال حثياً ولا يعده عداً رواه مسلم وعن أبي هريرة

قسمت کرے گا مال اور نہ شمار کرے گا اس کو اور ایک روایت میں ہے فرمایا ہوگا پیچھے امت میری کے ایک خلیفہ جو دیوے گا مال لپ بھر کر اور نہ شمار کرے گا اس کو شمار کرنا روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يوشك الفرات أن يحسر عن كنز من ذهب فمن حضر فلا يأخذ منه شيئاً

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عنقریب ہے کہ دریائے فرات کھل جاوے گا گنج سے سونے کے سو جو کوئی وہاں حاضر ہو سو نہ لیوے اس میں سے کچھ

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تقوم الساعة حتى يحسر الفرات عن جبل من ذهب يقتتل الناس

اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ قایم ہوگی قیامت یہاں تک کہ کھول دے دریائے فرات ایک پہاڑ سونے کا تو مریں گے لوگ

عليه فيقتل من كل مائة تسعة وتسعون ويقول كل رجل منهم لعلي أكون أنا الذي أنجو رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله

اس پر سو قتل ہوں گے ہر ایک سیکڑے سے ننانوے اور کہے گا ہر ایک آدمی ان میں سے کہ شاید میں بچ رہوں روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا

صلى الله عليه وآله وسلم تقيء الأرض أفلاذ كبدها أمثال الأسطوان من الذهب والفضة فيجيء القاتل فيقول في هذا

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اگل دیگی زمین ٹکڑے اپنے جگر کے برابر ستون کے چاندی اور سونے کے تو آویگا قاتل سو کہیگا اسی کی بابت میں

قتلت ويجيء القاطع فيقول في هذا قطعت رحمي ويجيء السارق فيقول في هذا قطعت يدي ثم يدعونه فلا يأخذون

نے قتل کیا تھا اور آویگا کاٹنے والا ناتے کا سو کہیگا اسی کی بابت میں نے کاٹا حق برادری کا اور آویگا چور تو وہ کہیگا اسی کی بابت کاٹا گیا ہاتھ میرا پھر چھوڑ دینگے اسکو پس نہ لینگے

منه شيئا رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم والذي نفسي بيده لا تذهب الدنيا حتى يمر الرجل على

اس میں سے کچھ بھی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قسم ہے اسکی کہ جان میری ہاتھ میں اسکے ہے نہ جاویگی دنیا یہاں تک کہ گذریگا

القبر فيتمرغ عليه ويقول يا ليتني كنت مكان صاحب هذا القبر وليس به الدين إلا البلاء رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله

کسی قبر پر تو تمرغ کریگا اسپر اور کہیگا کسی طرح ہوتا میں جگہ میں اس قبر والے کی اور نہوگا اسمیں دین مگر بلا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم لا تقوم الساعة حتى تخرج نار من أرض الحجاز تضيء أعناق الإبل ببصرى متفق عليه وعن أنس أن

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ قائم ہوگی قیامت یہانتک کہ نکلے آگ زمین سے حجاز کی روشن کریگی گردنوں کو بصری کے اونٹوں کی متفق ہے اور روایت ہے انس سے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال أول أشراط الساعة نار تحشر الناس من المشرق إلى المغرب رواه البخاري

رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا پہلی نشانی قیامت کی آگ ہے کہ ہانکیگی لوگوں کو پورب سے پچھم طرف روایت کیا اسکو بخاری نے

الفصل الثاني عن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تقوم الساعة حتى يتقارب الزمان فتكون السنة

فصل دوسری روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ قائم ہوگی قیامت یہانتک کہ قریب ہو جاویگا زمانہ سو ہو جاویگا برس

كالشهر والشهر كالجمعة وتكون الجمعة كاليوم ويكون اليوم كالساعة وتكون الساعة كالضرمة بالنار رواه الترمذي

مانند مہینے کے اور مہینا مانند ہفتہ کے اور ہو جاویگا ہفتہ مانند دن کے اور ہو جاویگا دن مانند گھڑی کے اور ہو جاویگی گھڑی مانند ایک شعلہ آگ کے روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن عبد الله بن حوالة قال بعثنا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لنغنم على أقدامنا فرجعنا فلم نغنم شيئا و

اور روایت ہے عبد اللہ بن حوالہ سے کہا بھیجا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تاکہ غنیمت حاصل کریں ہم پیادہ پاؤں لوٹ آئے سو نہ لائے ہم کچھ اور

عرف الجهد في وجوهنا فقام فينا فقال اللهم لا تكلهم إلي فأضعف عنهم ولا تكلهم إلى أنفسهم فيعجزوا عنها

معلوم کیا حضرت نے اثر مشقت کا ہمارے چہروں میں تو کھڑے ہوئے ہم میں اور فرمایا اے اللہ نہ سونپ انکو طرف میری کہ کمزور ہو جاؤں میں انکی طرف سے اور نہ سونپ انکو انکی جانوں کی طرف تو عاجز ہوجاویں اس سے

ولا تكلهم إلى الناس فيستأثروا عليهم ثم وضع يده على رأسي ثم قال يا ابن حوالة إذا رأيت الخلافة قد نزلت الأرض

اور نہ سونپ انکو لوگوں کی طرف پھر مقدم رکھیں اپنی ذاتوں کو ان پر پھر رکھا ہاتھ اپنا سر پر میرے پھر فرمایا اے ابن حوالہ جب دیکھے تو کہ خلافت اتری زمین میں

المقدسة فقد دنت الزلازل والبلابل والأمور العظام والساعة يومئذ أقرب إلى الناس من يدي هذه إلى رأسك رواه

شام کی تو مقرر نزدیک ہوئے زلزلے اور فتنے اور کام بڑے سو قیامت اسدن بہت نزدیک ہے طرف لوگوں کے اس ہاتھ سے سر تک تیرے روایت کیا اسکو

أبو داود وإسناده حسن ورواه الحاكم في صحيحه وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إذا اتخذ

ابو داؤد نے اور اسناد اسکی حسن ہے اور روایت کیا اسکو حاکم نے اپنی صحیح میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب ٹھہرایا جاوے

الفيء دولا والأمانة مغنما والزكاة مغرما وتعلم لغير الدين وأطاع الرجل امرأته وعق أمه وأدنى صديقه وأقصى

مال فی کا دولت اور امانت کو غنیمت اور زکوٰۃ کو تاوان اور سیکھا جاوے علم نہ کہ واسطے دین کے اور اطاعت کرے مرد اپنی عورت کی اور نافرمانی کرے ماں اپنی کی اور نزدیک کرے اپنے دوست کو

اباه وظهرت الاصوات في المساجد وساد القبيلة فاسقهم وكان زعيم القوم ارذلهم واكرم الرجل مخافة شره و

اپنے باپ کو اور ظاہر ہوں آوازیں مسجدوں میں اور سردار ہو قبیلے کا فاسق انکا اور ہو رئیس قوم کا ارذل انکا اور تعظیم کی جاے مرد کی ڈر سے اسکے بدی کی اور

ظهرت القينات والمعازف وشربت الخمور ولعن آخر هذه الامة اولها فارتقبوا عند ذلك ريحا حمراء وزلزلة وخسفا و

ظاہر ہوں لونڈیاں سرود کرنیوالیاں اور باجے سرود کے اور پی جاویں شرابیں اور لعنت کرے پچھلی امت اگلی کو اپنے تو انتظار کرو نزدیک ان کے ہوا سرخ اور زلزلہ اور

مسخا وقذفا وآيات تتابع كنظام قطع سلكه فتتابع رواه الترمذي وعن علي قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

مسخ اور زندقہ کا اور نشانیوں کا جو لگاتار آویں جیسے ترتیب لڑی موتیوں کی جو ٹوٹ گئی ہو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے علی رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

اذا فعلت امتي خمس عشرة خصلة حل بها البلاء وعد هذه الخصال ولم يذكر تعلم لغير الدين قال وبر صديقه وجفا اباه

جب کرینگی میری امت پندرہ خصلتیں تو اترے ان پر بلا اور شمار کیا ان خصلتوں کو اور نہ ذکر کیا سیکھنا علم واسطے غیر دین کے کہا نیکی کرے اپنے دوست سے اور ظلم کرے باپ پر

وقال شرب الخمر ولبس الحرير رواه الترمذي وعن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا

اور کہا پی جاوے شراب اور پہنی جاوے ریشمی پوشاک روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

تذهب الدنيا حتى يملك العرب رجل من اهل بيتي يواطئ اسمه اسمي رواه الترمذي وابو داود وفي رواية له قال لو لم يبق

آخر ہو دنیا یہاں تک کہ مالک ہو عرب کا ایک مرد میرے گھر والوں سے برابر ہو نام اسکا میرے نام سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود نے اور ایک روایت میں اسکی فرمایا اگر نہ باقی رہے

من الدنيا الا يوم لطول الله ذلك اليوم حتى يبعث الله فيه رجلا مني او من اهل بيتي يواطئ اسمه اسمي واسم ابيه اسم ابي

دنیا سے مگر ایک دن البتہ لمبا کریگا اللہ اس دن کو یہاں تک کہ اٹھاویگا اللہ اس میں ایک مرد مجھ سے یا میری اہل بیت سے برابر ہوگا نام اسکا میرے نام اور نام باپ اسکے کا میرے باپ کا

يملأ الارض قسطا وعدلا كما ملئت ظلما وجورا وعن ام سلمة قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول المهدي

بھر دیگا زمین کو انصاف اور عدل سے جیسا بھر گئی تھی ظلم وستم سے اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے مہدی میری

من عترتي من اولاد فاطمة رواه ابو داود وعن ابي سعيد الخدري قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم المهدي

نسل سے اولاد فاطمہ کے بیچ روایت کیا اسکو ابو داود نے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مہدی

مني اجلى الجبهة اقنى الانف يملأ الارض قسطا وعدلا كما ملئت ظلما وجورا يملك سبع سنين رواه ابو داود وعنه

میری اولاد سے ہے کشادہ پیشانی اونچی ناک والا بھر دیگا زمین کو انصاف اور عدل سے جیسا بھر گئی تھی ظلم اور ستم سے مالک ہوگا سات برس روایت کیا اسکو ابو داود نے اور اسی سے

عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم في قصة المهدي قال فيجيء اليه الرجل فيقول يا مهدي اعطني اعطني قال فيحثي له في

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قصہ میں مہدی کے فرمایا سو آویگا اسکی طرف مرد پھر کہیگا اے مہدی دے مجھ کو دے مجھ کو فرمایا پھر لپ بھر دیگا اسکو

ثوبه ما استطاع ان يحمله رواه الترمذي وعن ام سلمة عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال يكون اختلاف عند موت

اسکے کپڑے میں جسقدر اٹھا سکے وہ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ام سلمہ سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا ہوگا اختلاف وقت موت

خليفة فيخرج رجل من اهل المدينة هاربا الى مكة فياتيه ناس من اهل مكة فيخرجونه وهو كاره فيبايعونه بين الركن

خلیفہ کے پھر نکلیگا ایک مرد مدینے والوں سے بھاگتا ہوا طرف مکے کی سو آوینگے اس پاس لوگ مکے کے پھر نکالینگے اسکو حالانکہ وہ ناراض ہوگا پھر بیعت کرینگے

والمقام ويبعث اليه بعث من الشام فيخسف بهم بالبيداء بين مكة والمدينة فاذا رأى الناس ذلك اتاه ابدال الشام وعصائب

درمیان رکن اور مقام ابراہیم کے پھر بھیجا جاویگا اسکی طرف ایک لشکر شام سے پھر دھنسایا جاویگا سب کو بیچ جنگل کے درمیان مکے اور مدینے کے پھر جب دیکھینگے لوگ اس حال کو تو آوینگے اسکے پاس ابدال شام کے اور جماعتیں

أهل العراق فيبايعونه ثم ينشأ رجل من قريش أخواله كلب فيبعث إليهم بعثا فيظهرون عليهم وذلك بعث كلب ويعمل في الناس
عراق والونکی پھر بیعت کرینگے اس سے پھر پیدا ہوگا ایک مرد قوم قریش سے کہ ننہال اسکا بنی کلب سے ہوگا پھر بھیجیگا انکی طرف لشکر سو غالب ہونگے تابعدار مہدی کے اس

بسنة نبيهم ويلقي الإسلام بجرانه في الأرض فيلبث سبع سنين ثم يتوفى ويصلي عليه المسلمون رواه أبو داود وعن أبي سعيد
سنت انکے نبی کی اور ڈالیگا اسلام گردن اپنی زمین میں پھر رہیگا سات برس پھر مر جائیگا اور نماز پڑھینگے اس پر مسلمان روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے ابی سعید سے

قال ذكر رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم بلاء يصيب هذه الأمة حتى لا يجد الرجل ملجأ يلجأ إليه من الظلم فيبعث الله رجلا
کہا ذکر کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ایک بلا کا جو پہنچیگی اس امت کو یہانتک کہ نہ پاویگا مرد پناہ کی جگہ کہ پناہ پکڑے ظلم سے پھر اٹھاویگا اللہ ایک مرد

من عترتي وأهل بيتي فيملأ به الأرض قسطا وعدلا كما ملئت ظلما وجورا يرضى عنه ساكن السماء وساكن الأرض لا تدع
میری اولاد سے اور میرے گھر والوں سے سو بھر دیگا زمین کو انصاف اور عدل سے جیسا کہ بھر گئی تھی ظلم اور ستم سے راضی ہونگے اس سے رہنے والے آسمان کے اور رہنے والے زمین کے نہ

السماء من قطرها شيئا إلا صبته مدرارا ولا تدع الأرض من نباتها شيئا إلا أخرجته حتى يتمنى الأحياء الأموات
آسمان اپنے قطرہ سے کوئی چیز مگر بہادیگا اسکو زور سے اور نہ چھوڑیگی زمین اپنی گھاس سے ایک ذرہ مگر نکالیگی اسکو یہانتک کہ تمنا کرینگے زندے مردوں کی

يعيش في ذلك سبع سنين أو ثمان سنين أو تسع سنين رواه الحاكم في مستدركه وقال صحيح وعن علي رض قال قال رسول الله
زندگانی کریگا مہدی اسی حالت میں سات برس یا آٹھ برس یا نو برس روایت کیا اسکو حاکم نے اپنی مستدرک میں اور کہا صحیح ہے اور روایت ہے علی رض سے کہا کہ فرمایا رسول

صلى الله عليه وآله وسلم يخرج رجل من وراء النهر يقال له الحارث حراث على مقدمته رجل يقال له منصور يوطن أو
صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نکلیگا ایک مرد وراء النہر سے نام اسکا حارث کھیتی کرنے والا آگے اسکے ایک مرد ہوگا کہینگے اسکو منصور وطن دیگا یا

يمكن لآل محمد كما مكنت قريش لرسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وجب على كل مؤمن نصره أو قال إجابته رواه أبو داود
جگہ دیگا آل محمد کو جیسا جگہ دیا قریش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو واجب ہے ہر مومن پر نصرت اسکی یا فرمایا قبول کرنا اسکا بلانا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

وعن أبي سعيد الخدري قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم والذي نفسي بيده لا تقوم الساعة حتى تكلم
اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے قسم ہے اسکی کہ جان میری جسکے ہاتھ میں ہے نہ قائم ہوگی قیامت یہانتک کہ کلام کرینگے

بثناء وتحميد يعلمنيه ثم أشفع فيحد لي حدا فأخرج فأخرجهم من النار وأدخلهم الجنة حتى ما يبقى في النار إلا

من قد حبسه القرآن أي وجب عليه الخلود ثم تلا هذه الآية عسى أن يبعثك ربك مقاما محمودا وهذا المقام المحمود

الذي وعده نبيكم متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا كان يوم القيامة ماج الناس بعضهم في بعض فيأتون

آدم فيقولون اشفع إلى ربك فيقول لست لها ولكن عليكم بإبراهيم فإنه خليل الرحمن فيأتون إبراهيم فيقول لست لها ولكن

عليكم بموسى فإنه كليم الله فيأتون موسى فيقول لست لها ولكن عليكم بعيسى فإنه روح الله وكلمته فيأتون عيسى فيقول

أَسْتُ لَهَا وَلٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِمُحَمَّدٍ فَيَأْتُوْنِي فَأَقُوْلُ أَنَا لَهَا فَأَسْتَأْذِنُ عَلٰى رَبِّيْ فَيُؤْذَنُ لِيْ وَيُلْهِمُنِيْ مَحَامِدَ أَحْمَدُهُ بِهَا لَا تَحْضُرُنِي الْآنَ

میں نہیں لے سکتا اسکو لیکن تم لازم پکڑو محمد کو تو وہ آئینگے میرے پاس تب کہونگا میں ہوں اسکا لائق پھر اذن مانگونگا اپنے رب سے تو اذن ملیگا مجھکو اور الہام کریگا مجھکو تعریفیں کہ تعریف کرونگا اسکی انکے ساتھ جو اب یاد نہیں

فَأَحْمَدُهُ بِتِلْكَ الْمَحَامِدِ وَأَخِرُّ لَهُ سَاجِدًا فَيُقَالُ يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ وَقُلْ تُسْمَعْ وَسَلْ تُعْطَهْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَأَقُوْلُ يَا رَبِّ أُمَّتِيْ

سو حمد کرونگا انہیں خوبیوں سے اور گر پڑونگا اسکے لئے سجدہ میں تو حکم ہوگا ای محمد اٹھا سر اپنا اور کہہ سنا جاویگا اور مانگ ملیگا اور سفارش کر قبول ہوگی تب کہونگا ای رب میرے بخش دے میری امت

أُمَّتِيْ فَيُقَالُ انْطَلِقْ فَأَخْرِجْ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ شَعِيْرَةٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَنْطَلِقُ فَأَفْعَلُ ثُمَّ أَعُوْدُ فَأَحْمَدُهُ بِتِلْكَ الْمَحَامِدِ ثُمَّ أَخِرُّ

بخش دے میری امت کو سو حکم ہوگا جا اور نکال اسکو کہ جسکے دل میں ہو برابر جو کے ایمان تب جاونگا اور کرونگا پھر پلٹ کر آونگا اور حمد کرونگا اسکی انہی خوبیوں سے پھر گر پڑونگا

لَهُ سَاجِدًا فَيُقَالُ يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ وَقُلْ تُسْمَعْ وَسَلْ تُعْطَهْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَأَقُوْلُ يَا رَبِّ أُمَّتِيْ أُمَّتِيْ فَيُقَالُ انْطَلِقْ فَأَخْرِجْ

اسکے لئے سجدہ میں تب حکم ہوگا ای محمد اٹھا سر اپنا اور بول سنا جاویگا اور مانگ دیا جاویگا اور سفارش کر قبول ہوگی تب کہونگا ای رب بخش دے میری امت میری امت کو سو حکم ہوگا جا اور

مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ أَوْ خَرْدَلَةٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَنْطَلِقُ فَأَفْعَلُ ثُمَّ أَعُوْدُ فَأَحْمَدُهُ بِتِلْكَ الْمَحَامِدِ ثُمَّ أَخِرُّ لَهُ سَاجِدًا فَيُقَالُ

جسکے دل میں ہو برابر ذرہ یا سرسوں کے ایمان سو جاونگا پھر کرونگا پھر پلٹ کر آونگا اور حمد کرونگا انہی خوبیوں سے پھر گر پڑونگا اسکے لئے سجدہ میں تب حکم ہوگا

يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ وَقُلْ تُسْمَعْ وَسَلْ تُعْطَهْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَأَقُوْلُ يَا رَبِّ أُمَّتِيْ أُمَّتِيْ فَيُقَالُ انْطَلِقْ فَأَخْرِجْ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ أَدْنٰى

ای محمد اٹھا سر اپنا اور کہہ سنا جاویگا اور مانگ دیا جاویگا اور سفارش کر قبول ہوگی تب کہونگا ای رب میرے بخش دے میری امت کو تب حکم ہوگا جا اور نکال اسکو جسکے دل میں ہو بہت

أَدْنٰى أَدْنٰى مِثْقَالِ حَبَّةِ خَرْدَلَةٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَخْرِجْهُ مِنَ النَّارِ فَأَنْطَلِقُ فَأَفْعَلُ ثُمَّ أَعُوْدُ الرَّابِعَةَ فَأَحْمَدُهُ بِتِلْكَ الْمَحَامِدِ ثُمَّ أَخِرُّ لَهُ

بہت ہی کم برابر سرسوں کے دانے سے ایمان سو نکال لے اسکو دوزخ سے سو جاونگا اور کرونگا پھر پلٹ کر آونگا چوتھی بار اور حمد کرونگا اسکی انہی خوبیوں سے پھر گر پڑونگا اسکے

سَاجِدًا فَيُقَالُ يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ وَقُلْ تُسْمَعْ وَسَلْ تُعْطَهْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَأَقُوْلُ يَا رَبِّ ائْذَنْ لِيْ فِيْمَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ قَالَ

سجدہ میں تب حکم ہوگا ای محمد اٹھا سر اپنا اور بول سنا جاویگا اور مانگ دیا جاویگا اور سفارش کر مقبول ہوگی تب کہونگا ای رب میرے اجازت دے مجھے اسکے حق میں کہ کہا لا الہ الا اللہ فرماویگا

لَيْسَ ذٰلِكَ لَكَ وَلٰكِنْ وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ وَكِبْرِيَائِيْ وَعَظَمَتِيْ لَأُخْرِجَنَّ مِنْهَا مَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

نہیں ہے یہ کام تیرا ولیکن قسم ہے مجھکو میری عزت اور بڑائی اور بزرگی اور عظمت کی مقرر نکالونگا دوزخ سے جسنے کہا لا الہ الا اللہ ق ۔ اور روایت ہے

أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ خَالِصًا مِنْ

ابی ہریرہ سے نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا بڑا نیکبخت آدمی میری شفاعت کر قیامت کے دن وہ ہے کہ کہا لا الہ الا اللہ خالص ہو کر

قَلْبِهِ أَوْ نَفْسِهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهُ قَالَ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِلَحْمٍ فَرُفِعَ إِلَيْهِ الذِّرَاعُ وَكَانَتْ تُعْجِبُهُ فَنَهَسَ

اپنے دل سے یا جی سے اپنے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا لایا گیا نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس گوشت سو اٹھایا گیا طرف آپکے دست اور تھا خوش آتا آپکو وہ سو کھایا

مِنْهَا نَهْسَةً ثُمَّ قَالَ أَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَتَدْنُو الشَّمْسُ فَيَبْلُغُ النَّاسَ مِنَ

اس میں دانت سے نوچکر پھر فرمایا میں سردار لوگونکا قیامت کے دن جس دن کھڑے رہیں لوگ راہ دیکھتے جہانکے صاحب کی اور نزدیک ہو آفتاب اور پہنچیگا لوگوں کو

الْغَمِّ وَالْكَرْبِ مَا لَا يُطِيْقُوْنَ فَيَقُوْلُ النَّاسُ أَلَا تَنْظُرُوْنَ مَنْ يَشْفَعُ لَكُمْ إِلٰى رَبِّكُمْ فَيَأْتُوْنَ آدَمَ وَذَكَرَ حَدِيْثَ الشَّفَاعَةِ وَ

غم اور سختی اسقدر کہ طاقت نہ رکھینگے پھر آپس میں کہینگے لوگ کیا نہیں ڈھونڈتے ہو کسی کو کہ سفارش کرے تمہارے پاس تمہارے رب کے تو آوینگے آدم کے پاس اور ذکر کیا شفاعت کی حدیث کا اور

قَالَ فَأَنْطَلِقُ فَآتِيْ تَحْتَ الْعَرْشِ فَأَقَعُ سَاجِدًا لِرَبِّيْ ثُمَّ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيَّ مِنْ مَحَامِدِهِ وَحُسْنِ الثَّنَاءِ عَلَيْهِ شَيْئًا لَمْ يَفْتَحْهُ عَلٰى

فرمایا پھر چلونگا میں اور آونگا تلے عرش کے پھر گر پڑونگا سجدہ میں اپنے رب کے لئے پھر کھولدیگا خدا مجھپر کچھ ایک خوبیوں سے اپنی اچھی تعریف کہ نہیں کھولا اسکو

من قبلي قال ثم يا محمد ارفع راسك وسل تعطه واشفع تشفع فارفع راسي فاقول امتي يا رب امتي يا رب فيقال

کسی ایک پر پہلے سے پھر فرماوے گا اے محمد اٹھا سر اپنا اور مانگ دیا جاویگا اور سفارش کر مقبول ہوگی تب اٹھاؤنگا سر اپنا اور کہونگا اے میرے رب امت میری اے میرے رب امت میری سو حکم ہوگا

يا محمد ادخل من امتك من لا حساب عليهم من الباب الايمن من ابواب الجنة وهم شركاء الناس فيما سوى ذلك من

اے محمد داخل کر اپنی امت سے ان لوگوں کو جن پر حساب نہیں داہنی طرف کے دروازے سے بہشت کے دروازوں سے اور وے شریک ہیں لوگوں کے غیر میں اس روز کے

الابواب ثم قال والذي نفسي بيده ان ما بين المصراعين من مصاريع الجنة كما بين مكة وهجر وعن حذيفة في

دروازوں سے پھر فرمایا قسم اسکی کہ جان میری اسکے قابو میں ہے مقرر مسافت درمیان دونوں تختوں کے بہشت کے جیسے مسافت درمیان مکہ اور ہجر کے ہے اور روایت ہے حذیفہ سے

حديث الشفاعة عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال وترسل الامانة والرحم فتقومان جنبتي الصراط يمينا

حدیث میں شفاعت کے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا اور بھیجی جاویگی امانت اور قرابت پھر کھڑے ہوں دونوں کناروں پر صراط کے داہنے

وشمالا رواه مسلم وعن عبد الله بن عمرو بن العاص ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم تلا قول الله تعالى في ابراهيم

اور بائیں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پڑھا قول اللہ تعالی کا ابراہیم کے باب میں

رب انهن اضللن كثيرا من الناس فمن تبعني فانه مني وقال عيسى ان تعذبهم فانهم عبادك فرفع يديه فقال

اے رب انہوں نے بہکایا بہت لوگوں کو سو جو کوئی میری راہ چلا سو وہ میرا ہے اور پڑھا حضرت نے قول عیسی کا اگر تو انکو عذاب کرے تو وے بندے تیرے ہیں پھر اٹھایا دونوں ہاتھ اپنے اور فرمایا

اللهم امتي امتي وبكى فقال الله تعالى يا جبريل اذهب الى محمد وربك اعلم فسله ما يبكيه فاتاه جبريل فسأله

اے رب بخش دے میری امت کو میری امت کو اور روئے تب اللہ تعالی نے اے جبریل جا نزدیک محمد کے اور رب تیرا خوب جانتا ہے سو پوچھ اسکو کس چیز نے رلایا سو آئے انکے پاس جبریل اور پوچھا انکو

فاخبره رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم بما قال فقال الله لجبريل اذهب الى محمد فقل انا سنرضيك في امتك ولا

تب خبر دی انکو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس چیز کی کہ کہا تھا فرمایا خدا نے جبریل کو جا محمد کے پاس اور کہہ مقرر ہم اب راضی کرینگے تجھکو تیری امت میں اور

نسوؤك رواه مسلم وعن ابي سعيد الخدري ان ناسا قالوا يا رسول الله هل نرى ربنا يوم القيمة قال رسول الله صلى الله

غمگین نہ کرینگے ہم تجھکو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ لوگوں نے کہا یا رسول اللہ کیا دیکھینگے ہم اپنے رب کو قیامت کے دن فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ

عليه وآله وسلم نعم هل تضارون في رؤية الشمس بالظهيرة صحوا ليس معها سحاب وهل تضارون في رؤية القمر ليلة البدر

علیہ وآلہ وسلم نے ہاں کیا تمکو تردد ہوتا ہے سورج کے دیکھنے میں دوپہر کو کھلا ہوا ہو ساتھ اسکے بدلی اور کیا شک کرتے ہو تم چاند دیکھنے میں چودھویں رات کے

صحوا ليس فيها سحاب قالوا لا يا رسول الله قال ما تضارون في رؤية الله يوم القيمة الا كما تضارون في رؤية احدهما

کھلا ہوا ہو اس میں بدلی کہا صحابہ نے نہیں یا رسول اللہ فرمایا نہ تردد ہوگا تمکو دیکھنے میں خدا کے قیامت کے دن مگر جیسا کہ تردد کرتے ہو دیکھنے میں ایک کے دونوں سے

اذا كان يوم القيمة اذن مؤذن ليتبع كل امة ما كانت تعبد فلا يبقى احد كان يعبد غير الله من الاصنام والانصاب

جبکہ ہوگا دن قیامت کا آواز دیگا آواز دینے والا چاہیے کہ ساتھ ہو ہر گروہ اپنے معبود کا سو نہ باقی رہیگا کوئی ایک کہ پوجتا تھا غیر خدا کو بتوں اور تھانوں سے

الا يتساقطون في النار حتى اذا لم يبق الا من كان يعبد الله من بر وفاجر اتاهم رب العالمين قال فماذا تنظرون يتبع كل امة ما

مگر گرینگے دوزخ میں یہاں تک کہ جب نہ باقی رہے مگر جسنے عبادت کی تھی اللہ کی نیک اور بدکار تو ظاہر ہوگا ان پر رب ساری جہاں کا فرماویگا کس چیز کی انتظار کرتے ہو پیچھے جاتا ہے

كانت تعبد قالوا يا ربنا فارقنا الناس في الدنيا افقر ما كنا اليهم ولم نصاحبهم وفي رواية ابي هريرة فيقولون هذا

اپنے معبود کا وے کہینگے اے رب ہمارے چھوڑا ہمنے لوگوں کو دنیا میں جبکہ تھے ہم زیادہ محتاج انکی طرف اور صحبت نکی ہمنے انسے اور ابی ہریرہ کی روایت میں کہینگے یہی ہے —

مَكَانَنَا حَتّٰى يَأْتِيَنَا رَبُّنَا فَإِذَا جَاءَ رَبُّنَا عَرَفْنَاهُ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي سَعِيدٍ فَيَقُولُ هَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ آيَةٌ تَعْرِفُونَهُ فَيَقُولُونَ
جگہ ہماری یہاں تک کہ ظاہر ہو ہم پر رب ہمارا پھر جب آویگا رب ہمارا تو پہچان لینگے اسکو اور ابی سعید کی روایت میں سو فرماویگا کیا ہے تمہارے اور اسکے درمیان کوئی نشانی کہ پہچانو تم اس سے تب کہینگے

نَعَمْ فَيُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ فَلَا يَبْقٰى مَنْ كَانَ يَسْجُدُ لِلّٰهِ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِهِ إِلَّا أَذِنَ اللّٰهُ لَهُ بِالسُّجُودِ وَلَا يَبْقٰى مَنْ كَانَ يَسْجُدُ اتِّقَاءً
ہاں تب کھولی جاویگی پنڈلی سو نہ باقی رہیگا جو کوئی کہ سجدہ کیا تھا خدا کے لئے اپنی طرف سے مگر حکم دیگا خدا اسکو سجدے کا اور نہ باقی رہیگا جو کوئی کہ سجدہ کیا تھا واسطے بچاؤ

وَرِيَاءً إِلَّا جَعَلَ اللّٰهُ ظَهْرَهُ طَبَقَةً وَاحِدَةً كُلَّمَا أَرَادَ أَنْ يَسْجُدَ خَرَّ عَلٰى قَفَاهُ ثُمَّ يُضْرَبُ الْجِسْرُ عَلٰى جَهَنَّمَ وَتَحِلُّ الشَّفَاعَةُ وَيَقُولُونَ
اور دکھلانے کے مگر کر دیگا خدا اسکی پیٹھ کو ایک ہی طبقہ جب جب چاہیگا سجدہ کرنے کو تو گر پڑیگا اپنے پیچھے کی طرف پھر رکھا جاویگا پل صراط دوزخ پر اور واقع ہوگی شفاعت اور کہینگے

اللّٰهُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ فَيَمُرُّ الْمُؤْمِنُونَ فَيَمُرُّ الْمُؤْمِنُ كَطَرْفِ الْعَيْنِ وَكَالْبَرْقِ وَكَالرِّيحِ وَكَالطَّيْرِ وَكَأَجَاوِيدِ الْخَيْلِ وَالرِّكَابِ فَنَاجٍ مُسَلَّمٌ
الہی پناہ پناہ سو عبور کرینگے ایمان والے تو عبور کریگا مومن جیسے پلک مارنا آنکھ کا اور جیسے برق اور جیسے ہوا اور جیسے چڑیا اور جیسے عمدہ گھوڑے اور اونٹ سو نجات پانے والا ہے

وَمَخْدُوشٌ مُرْسَلٌ وَمَكْدُوسٌ فِي نَارِ جَهَنَّمَ حَتّٰى إِذَا خَلَصَ الْمُؤْمِنُونَ مِنَ النَّارِ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا مِنْ أَحَدٍ مِنْكُمْ بِأَشَدَّ
اور مجروح ہو کر خلاص پایا ہوا اور دھکیلا ہوا بیچ آگ دوزخ کی یہاں تک کہ جب خلاص پاوینگے ایمان دار آگ سے سو قسم ہے اسکی کہ جان میری جسکے ہاتھ میں ہے نہیں ہے کوئی تم میں سے زیادہ

مُنَاشَدَةً فِي الْحَقِّ قَدْ تَبَيَّنَ لَكُمْ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ لِلّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِإِخْوَانِهِمُ الَّذِينَ فِي النَّارِ يَقُولُونَ رَبَّنَا كَانُوا يُصَلُّونَ مَعَنَا
سوال کرنے میں اس حق میں جو ثابت ہو تمہارے لئے ایمان والوں سے خدا سے قیامت کے دن واسطے اپنے بھائیوں کے جو دوزخ میں ہیں کہینگے اے رب ہمارے تھے پڑھتے ساتھ ہمارے

وَيَصُومُونَ وَيَحُجُّونَ فَيُقَالُ لَهُمْ أَخْرِجُوا مَنْ عَرَفْتُمْ فَتُحَرَّمُ صُوَرُهُمْ عَلَى النَّارِ فَيُخْرِجُونَ خَلْقًا كَثِيرًا ثُمَّ يَقُولُونَ رَبَّنَا
اور روزہ رکھتے اور حج کرتے تب کہا جاویگا انکو نکالو تم جسکو پہچانو سو حرام کی جاوینگی صورتیں انکی آگ پر تب نکالینگے خلقت بہتری کو پھر کہیں اے رب ہمارے

مَا بَقِيَ فِيهَا أَحَدٌ مِمَّنْ أَمَرْتَنَا بِهِ فَيَقُولُ ارْجِعُوا فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ دِينَارٍ مِنْ خَيْرٍ فَأَخْرِجُوهُ فَيُخْرِجُونَ خَلْقًا كَثِيرًا
باقی نہ رہا اسمیں کوئی ان میں سے کہ حکم کیا تو ہمکو جسکا تب فرماویگا پھر جاؤ سو جسکے دل میں پاؤ تم برابر ایک دینار کے بھلائی سو نکالو اسکو پھر نکالینگے خلقت بہتری کو

ثُمَّ يَقُولُ ارْجِعُوا فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ نِصْفِ دِينَارٍ مِنْ خَيْرٍ فَأَخْرِجُوهُ فَيُخْرِجُونَ خَلْقًا كَثِيرًا ثُمَّ يَقُولُ ارْجِعُوا فَمَنْ
پھر فرماویگا لوٹ جاؤ سو جسکے دل میں پاؤ تم برابر آدھے دینار بھلائی تو نکالو اسکو تب نکالینگے خلقت بہتری کو پھر فرماویگا پھر جاؤ سو جسکے

وَجَدْتُمْ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ مِنْ خَيْرٍ فَأَخْرِجُوهُ فَيُخْرِجُونَ خَلْقًا كَثِيرًا ثُمَّ يَقُولُونَ رَبَّنَا لَمْ نَذَرْ فِيهَا خَيْرًا فَيَقُولُ اللّٰهُ تَعَالٰى
دل میں پاؤ تم برابر ایک ذرہ کے بھلائی سو نکالو اسکو تب نکالینگے خلقت بہتری کو پھر بولینگے اے رب ہمارے نہ چھوڑی ہم نے اسمیں کوئی نیکی تب فرماویگا اللہ تعالی

شَفَعَتِ الْمَلَائِكَةُ وَشَفَعَ النَّبِيُّونَ وَشَفَعَ الْمُؤْمِنُونَ وَلَمْ يَبْقَ إِلَّا أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ فَيَقْبِضُ قَبْضَةً مِنَ النَّارِ فَيُخْرِجُ مِنْهَا قَوْمًا
شفاعت کی فرشتوں نے اور شفاعت کی نبیوں نے اور شفاعت کی ایمان والوں نے اور نہ باقی رہا مگر زیادہ رحم والا رحم والوں سے پھر لیگا اللہ تعالی ایک مٹھی آگ سے سو نکالیگا اس سے ایک قوم کو

لَمْ يَعْمَلُوا خَيْرًا قَطُّ قَدْ عَادُوا حُمَمًا فَيُلْقِيهِمْ فِي نَهْرٍ فِي أَفْوَاهِ الْجَنَّةِ يُقَالُ لَهَا نَهْرُ الْحَيٰوةِ فَيَخْرُجُونَ مِنْهُ كَمَا تَخْرُجُ الْحِبَّةُ فِي حَمِيلِ
جو نہ کی کوئی نیکی کبھی مقرر ہو گئے تھے جیسے کوئلے پھر ڈالیگا ان کو ایک نہر میں جو اول میں ہے جنت کی کہتے ہیں اسکو نہر الحیوۃ سو نکلینگے اس سے جیسے اگتی ہے خود رو دانہ کوڑے میں

السَّيْلِ فَيَخْرُجُونَ كَاللُّؤْلُؤِ فِي رِقَابِهِمُ الْخَوَاتِمُ فَيَقُولُ أَهْلُ الْجَنَّةِ هٰؤُلَاءِ عُتَقَاءُ الرَّحْمٰنِ أَدْخَلَهُمُ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ عَمَلٍ عَمِلُوهُ وَلَا خَيْرٍ
بہتے پانی کے سو نکلینگے جیسے موتی گردنوں میں انکی علامتیں ہونگی تب کہینگے بہشتی یہ لوگ آزاد کئے ہوئے رحمان کے ہیں داخل کیا انکو بہشت میں بغیر عمل کے کہ کیا ہو انہوں نے اور نیکی کے

قَدَّمُوهُ فَيُقَالُ لَهُمْ لَكُمْ مَا رَأَيْتُمْ وَمِثْلُهُ مَعَهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ
جو آگے بھیجی ہو اس سے تب کہا جاویگا انکو تمہارے لئے ہے جو کچھ دیکھا تم نے اور اتنا ہی اسکے ساتھ ہے ق اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب داخل ہوں بہشتی

الجنة وأهل النار النار يقول الله تعالى من كان في قلبه مثقال حبة من خردل من إيمان فأخرجوه فيخرجون قد امتحشوا وعادوا
بہشت میں اور دوزخی دوزخ میں فرماویگا اللہ تعالیٰ جسکے دل میں ہو برابر دانہ سرسوں کے ایمان اسکو نکالو نکالے جاوینگے حالانکہ ہو گئے جل بھن کر مانند

حمما فيلقون في نهر الحياة فينبتون كما تنبت الحبة في حميل السيل ألم تروا أنها تخرج صفراء ملتوية متفق عليه وعن
کوئلے کے پھر ڈالے جاوینگے نہر حیات میں تو جم اٹھینگے جیسے جمتا ہے دانہ پانی کے بہاؤ کے کوڑے میں کیا نہیں دیکھتے ہو کہ دانہ نکلتا زرد لپٹا ہوا ۔ متفق علیہ اور روایت ہے

أبي هريرة أن الناس قالوا يا رسول الله هل نرى ربنا يوم القيامة فذكر معنى حديث أبي سعيد غير كشف الساق وقال ويضرب الصراط
ابی ہریرہ سے کہ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ بھلا دیکھینگے ہم رب اپنے کو قیامت کے دن پھر ذکر فرمایا معنی حدیث ابی سعید سوائے کشف ساق کے اور کہا رکھا جاویگا پل صراط

بين ظهري جهنم فأكون أول من يجوز من الرسل بأمته ولا يتكلم يومئذ إلا الرسل وكلام الرسل يومئذ اللهم سلم سلم
بیچ پشت دوزخ کے سو ہونگا میں پہلا جو گزرے پیغمبروں میں اپنی امت کے ساتھ اور نہ بول سکیگا اس روز سوائے پیغمبروں کے اور قول پیغمبروں کا اس دن الہی بچا بچا

وفي جهنم كلاليب مثل شوك السعدان لا يعلم قدر عظمها إلا الله تخطف الناس بأعمالهم فمنهم من يوبق بعمله ومنهم
اور دوزخ میں آنکڑے ہیں جیسے کانٹے سعدان کے نہیں جانتا کوئی کہ کتنے بڑے ہیں سوائے خدا کے کھینچ لینگے لوگوں کو انکے بد اعمال کے سبب سے تو بعض آدمی ہلاک کیا جاویگا اپنے عمل سے اور بعض

من يخردل ثم ينجو حتى إذا فرغ الله من القضاء بين عباده وأراد أن يخرج من النار من أراد أن يخرجه ممن كان يشهد أن
ٹکڑے کیا جاویگا پھر نجات پاویگا یہانتک کہ جب فراغت کریگا اللہ فیصلے سے اپنے بندوں کے اور چاہیگا کہ نکالے دوزخ سے جسکو چاہے کہ نکالے انہیں سے کہ گواہی دیتے ہیں کہ

لا إله إلا الله أمر الملائكة أن يخرجوا من يعبد الله فيخرجونهم ويعرفونهم بآثار السجود وحرم الله على النار أن تأكل أثر السجود
نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ فرماویگا فرشتوں کو کہ نکالیں جو پوجتا تھا خدا کو تو نکالینگے انکو اور پہچانینگے انکو نشانوں سے سجدے کے اور حرام کیا ہے اللہ نے آگ پر کہ کھاوے نشان سجدے کے

فيخرجون من النار قد امتحشوا فيصب عليهم ماء الحياة فينبتون كما تنبت الحبة في حميل السيل ويبقى رجل بين الجنة والنار
سو نکالے جاوینگے آگ سے حالانکہ جل کر کوئلے ہو گئے پھر ڈالا جاویگا ان پر آب حیات سو جم اٹھینگے جیسے جمتا ہے دانہ پانی کے بہاؤ کے کوڑے میں اور باقی رہیگا ایک شخص درمیان بہشت اور دوزخ کے

وهو آخر أهل النار دخولا الجنة مقبل بوجهه قبل النار فيقول يا رب اصرف وجهي عن النار فقد قشبني ريحها وأحرقني ذكاؤها
اور وہ سب سے پیچھے دوزخیوں میں داخل ہونے والا بہشت میں سامنے کئے ہوا دوزخ کی طرف تو وہ کہیگا اے رب پھیر دے میرا منہ دوزخ کی طرف سے کہ زہر دیا مجھے اسکی بدبو نے اور جلا ڈالا مجھے اسکی لپٹ نے

فيقول هل عسيت إن أفعل ذلك بك أن تسأل غير ذلك فيقول لا وعزتك فيعطي الله ما شاء الله من عهد وميثاق فيصرف
پھر فرماویگا شاید اگر کروں میں یہ تو سوال کرے تو اسکے سوا کچھ کہیگا نہیں قسم تیری عزت کی سو دیگا اللہ کو جس طرح چاہیگا قول و قرار تو پھیر دیگا

الله وجهه عن النار فإذا أقبل به على الجنة رأى بهجتها سكت ما شاء الله أن يسكت ثم قال يا رب قدمني عند باب الجنة
خدا منہ اسکا دوزخ کی طرف سے سو جب سامنے کر دیگا اسکو بہشت کی دیکھیگا خوبی اسکی چپ رہیگا جتنا کہ چاہیگا چپ رہنا اسکا پھر کہیگا اے رب آگے بڑھا دے مجھکو بہشت کے دروازے تک

فيقول الله تبارك وتعالى أليس قد أعطيت العهود والميثاق أن لا تسأل غير الذي كنت سألت فيقول يا رب لا أكون أشقى خلقك
تو فرماویگا اللہ تبارک و تعالیٰ کیا نہیں دیا تو نے قول و قرار کہ سوال نہ کریگا تو سوائے پہلے سوال کے تو وہ کہیگا اے رب میرے نہ ہوؤں میں بے نصیب خلق میں تیرے

فيقول فما عسيت إن أعطيت ذلك أن تسأل غيره فيقول لا وعزتك لا أسأل غير ذلك فيعطي ربه ما شاء من عهد وميثاق
تو فرماویگا اللہ شاید اگر تجھکو یہ دوں تو سوال کرے سوا اسکے تو وہ کہیگا نہیں قسم تیری عزت کی مانگوں گا نہیں سوا اسکے سو دیگا اپنے رب کو جسقدر کہ چاہیگا قول و قرار

فيقدمه إلى باب الجنة فإذا بلغ بابها فرأى زهرتها وما فيها من النضرة والسرور فسكت ما شاء الله أن يسكت فيقول
سو آگے بڑھاویگا اسکو بہشت کے دروازے تک جب پہنچیگا دروازہ پر اسکے تو دیکھیگا خوبی اور جو اس میں تازگی اور خوشی ہے تب چپ رہیگا جتنا کہ چاہیگا خدا کہ چپ رہے پھر کہیگا

يَا رَبِّ اَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ وَيْلَكَ يَا ابْنَ اٰدَمَ مَا اَغْدَرَكَ اَلَيْسَ قَدْ اَعْطَيْتَ الْعُهُوْدَ وَالْمِيْثَاقَ اَنْ لَّا تَسْاَلَ غَيْرَ الَّذِيْ اُعْطِيْتَ

اي رب ميرے داخل کر مجھے بہشت میں سو فرماویگا اللہ تیرا برا ہووے اي آدمي تو کيا ہي دغاباز ہے کيا نہيں ديا تونے قول وقرار کہ نہ سوال کريگا سوائے اُسکے جو دیا تجھے

فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ لَا تَجْعَلْنِيْ اَشْقٰى خَلْقِكَ فَلَا يَزَالُ يَدْعُوْ حَتّٰى يَضْحَكَ اللّٰهُ مِنْهُ فَاِذَا ضَحِكَ اَذِنَ لَهٗ فِيْ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ فَيَقُوْلُ تَمَنَّ فَيَتَمَنّٰى

تو وہ کہيگا اي ميرے رب نکر مجھے بڑا بدبخت خلق ميں تيرے سو ہميشہ دعا کيا کريگا يہانتک کہ راضي ہو خدا اُس سے سو جب راضي ہو تو اذن ديگا اسکو بہشت ميں جانيکا سو فرماويگا خدا آرزو کر سو تمنا کرے

حَتّٰى اِذَا انْقَطَعَ اُمْنِيَّتُهٗ قَالَ اللّٰهُ تَمَنَّ مِنْ كَذَا وَكَذَا اَقْبَلَ يُذَكِّرُهٗ رَبُّهٗ حَتّٰى اِذَا انْتَهَتْ بِهِ الْاَمَانِيُّ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى لَكَ ذٰلِكَ وَمِثْلُهٗ

يہانتک جب ہو چکيں اسکي خواہشيں فرماويگا اللہ تعالے آرزو کر فلاني اور فلاني چيز کي لگے آگے ياد دلاويگا اسکو رب اسکا يہانتک کہ جب ہو چکيں اسکي خواہشيں فرماويگا اللہ تعالے ملا تجھکو جو تو نے مانگا اور اتنا اور بھي

مَعَهٗ وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى لَكَ ذٰلِكَ وَعَشَرَةُ اَمْثَالِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ **وَعَنْ** اِبْنِ مَسْعُوْدٍ رض اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

ساتھ اسکے اور ابي سعيد کي روايت ميں فرماويگا اللہ تعالے تيرے لئے يہہ اور دس اتنا اور بھي - ق - اور روايت ہے ابن مسعود رض سے کہ رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اٰخِرُ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ رَجُلٌ فَهُوَ يَمْشِيْ مَرَّةً وَّيَكْبُوْ مَرَّةً وَّتَسْفَعُهُ النَّارُ مَرَّةً فَاِذَا جَاوَزَهَا الْتَفَتَ اِلَيْهَا فَقَالَ

عليہ وآلہ وسلم نے فرمايا پچھلا ان ميں جو داخل ہو بہشت ميں ايک مرد ہے سو وہ چليگا ايک مرتبہ اور منہ کے بل گريگا ايک مرتبہ اور ظاہر ہوگي لپٹ اسکو ايک مرتبہ پھر جب گذر جاويگا اُس سے ديکھيگا اُس کي طرف

تَبَارَكَ الَّذِيْ نَجَّانِيْ مِنْكِ لَقَدْ اَعْطَانِيَ اللّٰهُ شَيْئًا مَا اَعْطَاهُ اَحَدًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ فَتُرْفَعُ لَهٗ شَجَرَةٌ فَيَقُوْلُ اَيْ رَبِّ

بزرگ ہے وہ خدا کہ نجات ديا مجھے تجھ سے تحقيق ديا مجھکو خدا نے ايسي چيز کہ نہ ديا وہ چيز کسي کو اگلے اور پچھلے ميں سے پھر بلند کيا جاويگا اسکے لئے ايک درخت سو کہيگا اي رب

اَدْنِنِيْ مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ فَلِاَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا وَاَشْرَبَ مِنْ مَّائِهَا فَيَقُوْلُ اللّٰهُ يَا ابْنَ اٰدَمَ لَعَلِّيْ اِنْ اَعْطَيْتُكَهَا سَاَلْتَنِيْ غَيْرَهَا فَيَقُوْلُ

نزديک کر مجھے اس درخت سے کہ بيٹھوں اسکے سايہ ميں اور پيوں اسکا پاني پھر کہيگا خدا اي آدم کے بيٹے شايد اگر دوں تجھے اس درخت کو مانگيگا مجھ سے دوسري چيز سو کہيگا

لَا يَا رَبِّ وَيُعَاهِدُهٗ اَنْ لَّا يَسْاَلَهٗ غَيْرَهَا وَرَبُّهٗ يَعْذِرُهٗ لِاَنَّهٗ يَرٰى مَا لَا صَبْرَ لَهٗ عَلَيْهِ فَيُدْنِيْهِ مِنْهَا فَيَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا وَيَشْرَبُ مِنْ

نہ اي رب ميرے اور عہد کريگا رب سے کہ نہ مانگونگا دوسري چيز اور رب رکھيگا اسکو معذور اسلئے کہ ديکھيگا ايسي چيز کہ صبر نہيں اسکو اس پر سو نزديک کريگا اسکو پھر سايہ ليگا اسکے اور پيويگا

مَائِهَا ثُمَّ تُرْفَعُ لَهٗ شَجَرَةٌ هِيَ اَحْسَنُ مِنَ الْاُوْلٰى فَيَقُوْلُ اَيْ رَبِّ اَدْنِنِيْ مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ لِاَشْرَبَ مِنْ مَّائِهَا وَاَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا

اسکے نلے کا پاني پھر بلند کيا جايگا اسکے لئے ايک درخت دوسرا پہلے سے بہتر سو کہيگا اي خدا نزديک کر مجھکو اس درخت سے پيوں اسکے نلے کا پاني اور آرام کروں اسکے سايہ ميں

لَا اَسْاَلُكَ غَيْرَهَا فَيَقُوْلُ يَا ابْنَ اٰدَمَ اَلَمْ تُعَاهِدْنِيْ اَنْ لَّا تَسْاَلَنِيْ غَيْرَهَا فَيَقُوْلُ لَعَلِّيْ اِنْ اَدْنَيْتُكَ مِنْهَا تَسْاَلُنِيْ غَيْرَهَا فَيُعَاهِدُهٗ

نہ مانگونگا تجھ سے دوسري چيز سو کہيگا اي آدمي کيا عہد نہ کيا تو نے کہ نہ مانگيگا تو مجھ سے دوسري چيز سو کہيگا شايد اگر نزديک کروں تجھے اس درخت سے تو مانگيگا دوسري چيز پھر عہد کريگا

اَنْ لَّا يَسْاَلَهٗ غَيْرَهَا وَرَبُّهٗ يَعْذِرُهٗ لِاَنَّهٗ يَرٰى مَا لَا صَبْرَ لَهٗ عَلَيْهِ فَيُدْنِيْهِ مِنْهَا فَيَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَّائِهَا ثُمَّ تُرْفَعُ لَهٗ شَجَرَةٌ

يہہ کہ نہ مانگے دوسري چيز اور خدا معذور رکھيگا اسکو کيونکہ ديکھيگا وہ چيز کہ نہيں صبر اسکو اس پر سو نزديک کريگا اسکو اس سے پھر بيٹھے اسکے تلے اور پيگا پاني اسکے پھر بلند کيا جايگا

عِنْدَ بَابِ الْجَنَّةِ هِيَ اَحْسَنُ مِنَ الْاُوْلَيَيْنِ فَيَقُوْلُ اَيْ رَبِّ اَدْنِنِيْ مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ فَلِاَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا وَاَشْرَبَ مِنْ مَّائِهَا لَا اَسْاَلُكَ

جنت کے دروازے پر وہ دو پہلے سے اچھا پھر کہيگا اي خدا نزديک کر مجھے اس درخت سے کہ بيٹھوں اسکے تلے اور پيوں اسکا پاني نہ مانگونگا تجھ سے

غَيْرَهَا فَيَقُوْلُ يَا ابْنَ اٰدَمَ اَلَمْ تُعَاهِدْنِيْ اَنْ لَّا تَسْاَلَنِيْ غَيْرَهَا قَالَ بَلٰى يَا رَبِّ هٰذِهٖ لَا اَسْاَلُكَ غَيْرَهَا وَرَبُّهٗ يَعْذِرُهٗ لِاَنَّهٗ يَرٰى مَا لَا

دوسري چيز سو فرماويگا اي آدمي کيا عہد کيا تھا مجھ سے يہہ کہ نہ مانگے تو مجھ سے اسکے سوا کچھ کہيگا ہاں اي ميرے رب ايسا ہي ہے نہ مانگونگا تجھ سے دوسري چيز اور خدا معذور رکھيگا کيونکہ ديکھے ايسي چيز کہ نہيں

صَبْرَ لَهٗ عَلَيْهِ فَيُدْنِيْهِ مِنْهَا فَاِذَا اَدْنَاهُ مِنْهَا سَمِعَ اَصْوَاتَ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَقُوْلُ اَيْ رَبِّ اَدْخِلْنِيْهَا فَيَقُوْلُ يَا ابْنَ اٰدَمَ مَا يَصْرِيْنِيْ مِنْكَ

صبر اسکو اس پر پھر نزديک کريگا اُسے پھر جب نزديک کر ديگا اسکو سنيگا آواز جنتيوں کي پھر کہيگا اي رب ميرے داخل کر مجھکو جنت ميں فرماويگا اي آدمي کون چيز بچھا مر اجھر ايکي تجھ سے

أَيُرْضِيكَ أَنْ أُعْطِيَكَ الدُّنْيَا وَمِثْلَهَا مَعَهَا قَالَ أَيْ رَبِّ أَتَسْتَهْزِئُ مِنِّي وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ فَضَحِكَ ابْنُ مَسْعُودٍ فَقَالَ أَلَا تَسْأَلُونِي

کیا راضی کریگا تجھکو یہ کہ دیدوں میں تجھکو دنیا اور اتنا ہی ساتھ اسکے اور بھی کہیگا اے رب بھلا ٹھٹھا کرتا ہے تو مجھسے حالانکہ تو رب ہے سارے جہان کا پھر ہنس پڑے ابن مسعود اور کہا کیوں نہیں پوچھتے

مِمَّ أَضْحَكُ فَقَالُوا مِمَّ تَضْحَكُ فَقَالَ هٰكَذَا ضَحِكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا مِمَّ تَضْحَكُ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ مِنْ ضَحِكِ

کیوں میں ہنسا سو پوچھا لوگوں نے کیوں ہنستے ہو بولے یوں ہی ہنسے تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم سو پوچھا لوگوں نے کیوں ہنستے ہیں آپ یا رسول اللہ فرمایا ہنسنے سے

رَبِّ الْعَالَمِينَ حِينَ قَالَ أَتَسْتَهْزِئُ مِنِّي وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ فَيَقُولُ إِنِّي لَا أَسْتَهْزِئُ مِنْكَ وَلٰكِنِّي عَلَى مَا أَشَاءُ قَدِيرٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي

رب العالمین کے جب کہ کہا بندہ نے کیا ٹھٹھے میں لیتا ہے تو مجھکو اور تو رب العالمین ہے سو فرمایا مقرر نہیں ہنسی کرتا ہوں تجھسے مگر جو چاہوں کر سکتا ہوں روایت کیا اسکو مسلم نے اور

رِوَايَةٍ لَهُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ نَحْوَهُ إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ فَيَقُولُ يَا ابْنَ آدَمَ مَا يَصْرِينِي مِنْكَ إِلَى آخِرِ الْحَدِيثِ وَزَادَ فِيهِ وَيُذَكِّرُهُ اللهُ سَلْ

ایک روایت میں مسلم کی ابی سعید سے مانند اسکے مگر نہیں ذکر کیا فیقول یا ابن آدم ما یصرینی آخر حدیث تک اور بڑھایا اسمیں اور یاد دلائیگا اسکو خدا مانگ

كَذَا كَذَا حَتَّى إِذَا انْقَطَعَتْ بِهِ الْأَمَانِيُّ قَالَ اللهُ هُوَ لَكَ وَعَشَرَةُ أَمْثَالِهِ قَالَ ثُمَّ يَدْخُلُ بَيْتَهُ فَتَدْخُلُ عَلَيْهِ زَوْجَتَاهُ مِنَ

ایسا اور ایسا یہانتک کہ جب پوری ہو چکیں اسکی تمنائیں فرماویگا خدا وہ تیرے لئے ہیں اور دس اتنا اور بھی فرمایا حضرت نے پھر پہنچیگا اپنے گھر میں پھر آوینگی اسکے پاس دو عورتیں اسکی

الْحُورِ الْعِينِ فَتَقُولَانِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَحْيَاكَ لَنَا وَأَحْيَانَا لَكَ قَالَ فَيَقُولُ مَا أُعْطِيَ أَحَدٌ مِثْلَ مَا أُعْطِيتُ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ

حور عین سے پھر کہینگی دونوں شکر اس خدا کا جسنے بنایا تجھے میرے لئے اور ہمکو تیرے لئے فرمایا پھر کہیگا خوشی کے مارے نہ دیا گیا کوئی ایسا جیسا ملا مجھکو اور روایت ہے انس سے کہ

النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيُصِيبَنَّ أَقْوَامًا سَفْعٌ مِنَ النَّارِ بِذُنُوبٍ أَصَابُوهَا عُقُوبَةً ثُمَّ يُدْخِلُهُمُ اللهُ الْجَنَّةَ

نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہا البتہ پہنچیگی مسلمانوں کو ان پر آگ دوزخ کی بسبب گناہوں کے جو کئے تھے سزا دینے کو پھر لاویگا انکو خدا جنت میں

بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ فَيُقَالُ لَهُمُ الْجَهَنَّمِيُّونَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ

اپنی زیادہ رحمت سے بولا جائیگا انکو جہنمی روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عمران بن حصین سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے نکلینگے

قَوْمٌ مِنَ النَّارِ بِشَفَاعَةِ مُحَمَّدٍ فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَيُسَمَّوْنَ الْجَهَنَّمِيِّينَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِي رِوَايَةٍ يَخْرُجُ قَوْمٌ مِنْ أُمَّتِي

لوگ دوزخ سے سفارش سے محمد کے اور داخل ہونگے بہشت میں اور بولے جائینگے جہنمی روایت کیا اسکو بخاری نے اور ایک روایت میں نکلیگی ایک قوم میری امت سے

مِنَ النَّارِ بِشَفَاعَتِي يُسَمَّوْنَ الْجَهَنَّمِيِّينَ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَعْلَمُ

دوزخ سے بسبب میری سفارش کے نام رکھے جائینگے جہنمی اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے بیشک جانتا ہوں

آخِرَ أَهْلِ النَّارِ خُرُوجًا مِنْهَا وَآخِرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُولًا رَجُلٌ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ حَبْوًا فَيَقُولُ اللهُ اذْهَبْ فَادْخُلِ الْجَنَّةَ فَيَأْتِيهَا فَيُخَيَّلُ إِلَيْهِ

آخر دوزخی کو جو نکلیگا اس سے اور آخر جنتی کو جو بیٹھیگا اسمیں ایک مرد نکلیگا دوزخ سے اور چلیگا چوتڑ کے بل پھر کہیگا خدا جا داخل ہو جنت میں پھر آویگا جنت میں سو خیال کریگا

أَنَّهَا مَلْأَى فَيَقُولُ يَا رَبِّ وَجَدْتُهَا مَلْأَى فَيَقُولُ اللهُ اذْهَبْ فَادْخُلِ الْجَنَّةَ فَإِنَّ لَكَ مِثْلَ الدُّنْيَا وَعَشَرَةَ أَمْثَالِهَا فَيَقُولُ

کہ جنت بھری ہے کہیگا اے رب پایا میں اسکو لوگوں سے بھری ہوئی تو فرماویگا خدا جا داخل ہو جنت میں سو مقرر تیرے لئے مانند دنیا کے ہے اور دس اتنا اور بھی سو کہیگا بندہ

أَتَسْخَرُ مِنِّي أَوْ تَضْحَكُ مِنِّي وَأَنْتَ الْمَلِكُ فَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ضَحِكَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ وَكَانَ

کیا ٹھٹھا کرتا ہے تو مجھ سے یا ہنسی کرتا ہے تو مجھسے اور تو بادشاہ ہے سو مقرر دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو ہنس پڑے اتنا کہ کھل پڑے داڑھیں مبارک آپکے اور

يُقَالُ ذٰلِكَ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَعْلَمُ آخِرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ

کہا جاتا تھا وہ مرد ادنیٰ جنتی مرتبہ میں متفق علیہ اور روایت ہے ابی ذر سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے البتہ جانتا ہوں بہشتیوں میں سے اسکو جو سب کے پیچھے

دخول الجنة وآخر اهل النار خروجاً منها رجل يؤتى به يوم القيامة فيقال اعرضوا عليه صغار ذنوبه وارفعوا عنه كبارها فتعرض

جنت میں جائیگا اور دوزخیوں میں سے جو سب کے پیچھے دوزخ سے نکلیگا وہ ایک مرد ہے لایا جائیگا قیامت کے دن پھر حکم ہوگا پیش کرو اسپر چھوٹے گناہ اسکے اور چھپاؤ اسکے بڑے گناہ سو پیش کیا جائیگا

عليه صغار ذنوبه فيقال عملت يوم كذا وكذا كذا وكذا وعملت يوم كذا وكذا كذا وكذا فيقول نعم لا يستطيع ان ينكر وهو مشفق

اسپر اسکا چھوٹا گناہ پھر کہا جائیگا کیا تونے فلانے فلانے دن ایسا کام اور کیا تونے فلانے فلانے دن فلانا فلانا کام سو کہیگا ہاں انکار نکر سکیگا حالانکہ ڈرتا ہوگا

من كبار ذنوبه ان تعرض عليه فيقال له فان لك مكان كل سيئة حسنة فيقول رب قد عملت اشياء لا اراها ههنا ولقد رأيت

بڑے گناہوں سے اپنے یہ کہ پیش کیے جاویں اسپر پس کہا جائیگا اسکو تیرے لئے بدلے ہر بدی کے ایک نیکی ہے کہیگا ای پروردگار کیا میں نے گناہ کئی چیزیں کہ نہیں دیکھتا یہاں اور تحقیق دیکھا میں نے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ضحك حتى بدت نواجذه رواه مسلم وعن انس ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال يخرج من النار

رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہنسے یہاں تک کہ کھل گئے مبارک داڑھیں آپ کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نکلینگے دوزخ سے

اربعة فيعرضون على الله ثم يؤمر بهم الى النار فيلتفت احدهم فيقول اي رب لقد كنت ارجو اذ اخرجتني منها ان لا تعيدني فيها

چار مرد پھر حاضر کئے جاوینگے اللہ کے پاس پھر حکم ہوگا انکو پھر دوزخ میں جانیکا پھر مڑکر دیکھیگا ایک انکا اور کہیگا ای رب میرے بیشک تھی مجھکو امید جب نکالا تونے مجھے اس سے پھر نہ ڈالیگا دوزخ میں

قال فينجيه الله منها رواه مسلم وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يخلص المؤمنون من النار فيحبسون على

فرمایا حضرت نے پھر نجات دیگا اسکو خدا دوزخ سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم رہائی پاوینگے ایمان والے دوزخ سے پھر ٹھہرائے جاوینگے

قنطرة بين الجنة والنار فيقتص لبعضهم من بعض مظالم كانت بينهم في الدنيا حتى اذا هذبوا ونقوا اذن لهم في دخول الجنة

ایک پل پر جو درمیان جنت اور دوزخ کے ہے پھر قصاص لیا جائیگا بعض کے لئے بعض سے گناہوں کا جو ہوا تھا ان کے درمیان دنیا میں یہاں تک کہ جب پاک ہو گئے پر وانگی ملیگی انکو جنت جانیکی

فوالذي نفس محمد بيده لاحدهم اهدى بمنزله في الجنة منه بمنزل كان له في الدنيا رواه البخاري وعن ابي هريرة

سو قسم ہے اسکی جسکے ہاتھ میں جان محمد کی ہے البتہ ایک انمیں سے راہ پاویگا اپنے مکان کی جو جنت میں ہوگا زیادہ اس سے کہ راہ پاتا تھا اپنے مکان کی جو تھا اسکا دنیا میں روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يدخل احد الجنة الا اري مقعده من النار لو اساء ليزداد شكرا ولا يدخل النار احد الا اري

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں آتا ہے جنت میں کوئی مگر دکھلایا جاتا ہے ٹھکانا اسکا دوزخ سے اگر بدی کرتا تا زیادہ کرے شکر اور نجائیگا دوزخ میں کوئی مگر دکھلایا جاتا ہے

مقعده من الجنة لو احسن ليكون عليه حسرة رواه البخاري وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اذا

ٹھکانا اسکا جنت سے اگر نیکی کرتا تا ہووے اسپر حسرت روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب

صار اهل الجنة الى الجنة واهل النار الى النار جيء بالموت حتى يجعل بين الجنة والنار ثم يذبح ثم ينادي مناد يا اهل الجنة لا موت ويا اهل النار

جاوینگے جنتی جنت میں اور دوزخی دوزخ میں لائی جاویگی موت یہاں تک کہ رکھی جاویگی جنت اور دوزخ کے بیچ میں پھر ذبح کی جاویگی پھر پکاریگا پکارنے والا اے جنت والو نہیں موت اسکے بعد اور اے دوزخ والو

لا موت فيزداد اهل الجنة فرحا الى فرحهم ويزداد اهل النار حزنا الى حزنهم متفق عليه **الفصل الثاني** عن ثوبان

اب موت نہیں سو ہوگی بہشتیوں کو خوشی پر خوشی اور کرینگے دوزخی غم پر غم ق **فصل دوسری** روایت ہے ثوبان سے

عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال حوضي من عدن الى عمان البلقاء ماؤه اشد بياضا من اللبن واحلى من العسل واكوابه

نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا مسافت حوض کی میرے اتنی ہے جتنا عدن سے عمان البلقاء تک پانی اسکا بہت سفید ہے دودھ سے اور میٹھا زیادہ شہد سے اور کوزے

عدد نجوم السماء من شرب منه شربة لم يظمأ بعدها ابدا اول الناس ورودا فقراء المهاجرين الشعث رؤوسا

برابر گنتی آسمان کے تاروں کے ہیں جو پئے اسکا ایک گھونٹ نہ پیاسا ہوگا بعد اسکے کبھی پہلے جو آوینگے حوض پر وہ فقراء مہاجرین ہیں گرد آلودہ ہیں سر انکے

الذ نسرئیا بالذین لا ینکحون المتنعمات ولا یفتح لھم السدد رواہ احمد والترمذی وابن ماجۃ وقال الترمذی ھذا حدیث

میلے ہیں کپڑے ان کے جنکو نکاح نہیں کرتیاں مال والیاں اور کھولے نہیں جاتے ان کے لئے دروازے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث

غریب وعن زید بن ارقم قال کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فنزلنا منزلا فقال ما انتم جزء من مائۃ الف جزء

غریب ہے اور روایت ہے زید بن ارقم سے کہا تھے ہم ساتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے سو اترے ہم ایک منزل پر سو فرمایا حضرت نے نہیں ہو تم سو ہزار حصہ سے

ممن یرد علی الحوض قیل کم کنتم یومئذ قال سبعمائۃ او ثمانمائۃ رواہ ابو داؤد وعن سمرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ

ان کا کہ حاضر ہونگے حوض پر کسی نے پوچھا کتنے تھے تم اس دن کہا سات سو یا آٹھ سو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور روایت ہے سمرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ

وآلہ وسلم ان لکل نبی حوضا وانھم لیتباھون ایھم اکثر واردۃ وانی لارجو ان اکون اکثرھم واردۃ رواہ الترمذی وقال ھذا

والہ وسلم نے بیشک ہر نبی کے لئے حوض ہے اور برائی کرینگے ایک دوسرے پر کون ان میں زیادہ ہے امت میں جو آوے حوض پر اور امید رکھتا ہوں کہ میں ہونگا زیادہ آنے والوں میں روایت کیا اسکو

حدیث غریب وعن انس قال سألت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان یشفع لی یوم القیمۃ فقال انا فاعل قلت یا رسول اللہ فاین

ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہا کہ پوچھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو کہ شفاعت کریں میری فرمایا البتہ کرونگا کہا میں نے یا رسول اللہ کہاں

اطلبک قال اطلبنی اول ما تطلبنی علی الصراط قلت فان لم القک علی الصراط قال فاطلبنی عند المیزان قلت فان لم

پاؤنگا آپکو فرمایا ڈھونڈھنا مجھے پہلے تلاش کے وقت صراط پر کہا میں پھر اگر نہ پاؤں آپکو صراط پر فرمایا تو پھر تلاش کرنا میزان کے پاس کہا میں نے پھر اگر نہ

القک عند المیزان قال فاطلبنی عند الحوض فانی لا اخطئ ھذہ الثلث المواطن رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب

ملاقات ہو آپکی میزان کے پاس فرمایا تب ڈھونڈھنا حوض کے پاس سو بیشک میں نہ چھوڑونگا ان تینوں مکان کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے

وعن ابن مسعود عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال قیل لہ ما المقام المحمود قال عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا قال

اور روایت ہے ابن مسعود سے نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے کہا کسی نے پوچھا آپ کو مقام محمود کیا ہے جسکی خبر دی خدا نے قریب ہے کہ دے تجھکو تیرا رب مقام محمود فرمایا

ذلک یوم ینزل اللہ تعالی علی کرسیہ فیئط کما یئط الرحل الجدید من تضایقہ وھو کسعۃ ما بین السماء والارض ویجاء بکم

مقام محمود اس دن ہوگا جس دن اتریگا خدا اپنی کرسی پر پس آواز کریگی کرسی جیسا بولتا ہے پالان نیا تنگی سے اپنے اور چوڑائی اسکی جیسے چوڑائی آسمان اور زمین کے درمیان ہے اور لائے جاؤگے تم

حفاۃ عراۃ غرلا فیکون اول من یکسی ابراھیم یقول اللہ تعالی اکسوا خلیلی فیؤتی بریطتین بیضاوین من ریاط الجنۃ ثم اکسی

ننگے پاؤں ننگے بدن بن ختنہ کے سو پہلے کپڑا پہنائے جاوینگے ابراہیم فرمایا اللہ تعالے کپڑے پہناؤ میرے دوست کو سو لائی جائیگی دو چادر سفید جنت کی چادروں سے پھر پہنایا جاؤنگا

علی اثرہ ثم اقوم عن یمین اللہ مقاما یغبطنی الاولون والاخرون رواہ الدارمی وعن المغیرۃ بن شعبۃ قال قال رسول اللہ

اسکے پیچھے پھر کھڑا ہونگا داہنے طرف اللہ کے ایک مقام میں کہ رشک کرینگے اگلے اور پچھلے روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے مغیرہ بن شعبہ سے کہا فرمایا رسول خدا

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شعار المؤمنین یوم القیمۃ علی الصراط رب سلم سلم رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب وعن

صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے علامت مسلمانوں کی قیامت کے دن پل صراط پر اے رب سلامت رکھ سلامت رکھ ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے

انس ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال شفاعتی لاھل الکبائر من امتی رواہ الترمذی وابو داؤد ورواہ ابن ماجۃ عن جابر وعن

انس سے کہ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا شفاعت میری ہے واسطے کبیرہ گناہ والے کے میری امت سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے جابر سے اور روایت ہے

عوف بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اتانی ات من عند ربی فخیرنی بین ان یدخل نصف امتی الجنۃ وبین

عوف بن مالک سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے آیا میرے پاس جبرئیل میرے رب کے پاس سے سو اختیار دیا مجھے اس میں کہ داخل ہو آدھی امت میری جنت میں اور درمیان

[illegible]

الشفاعة فاخترت الشفاعة وهي لمن مات لا يشرك بالله شيئا رواه الترمذي وابن ماجه وعن عبد الله بن ابي الجدعاء قال سمعت

شفاعت کے سو اختیار کیا میں نے شفاعت کو اور شفاعت میری اسکے لئے جو مرگیا شریک نکیا اللہ کے ساتھ کچھ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عبد اللہ بن ابی الجدعاء سے کہا سنا میں نے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول يدخل الجنة بشفاعة رجل من امتي اكثر من بني تميم رواه الترمذي والدارمي وابن ماجه

رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے داخل ہوگا جنت میں شفاعت سے ایک مرد کی امت میری سے زیادہ بنی تمیم سے روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی اور ابن ماجہ نے

وعن ابي سعيد ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ان من امتي من يشفع للفئام ومنهم من يشفع للقبيلة ومنهم من يشفع

اور روایت ہے ابی سعید سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ بعضے امت میری سے شفاعت کریگا ایک جماعت کی اور بعضے ان میں سے شفاعت کریگا ایک قبیلہ کی اور بعضے ان میں سے

للعصبة ومنهم من يشفع للرجل حتى يدخلوا الجنة رواه الترمذي وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان الله

عصبہ کی اور بعض انمیں سے شفاعت کریگا ایک مرد کی یہانتک کہ داخل ہونگی جنت میں ساری امت روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بیشک خدا

عز وجل وعدني ان يدخل الجنة من امتي اربعمائة الف بلا حساب فقال ابو بكر زدنا يا رسول الله قال وهكذا فحثا بكفيه فجمعهما فقال

عز وجل نے وعدہ کیا مجھے کہ داخل کرے جنت میں میری امت میں سے چار لاکھ بے حساب سو کہا ابوبکر نے زیادہ کر دیجیے ای رسول خدا کے فرمایا اور ایسے ہی اور لپ بھر کر دونوں ہاتھوں کو پھر کہا

ابو بكر زدنا يا رسول الله قال وهكذا فقال عمر دعنا يا ابا بكر فقال ابو بكر وما عليك ان يدخلنا الله كلنا الجنة قال عمر ان الله

ابوبکر نے زیادہ کر دیجیے ای رسول خدا کے فرمایا اور ایسے ہی تب کہا عمر نے چھوڑ دے ای ابوبکر تب کہا ابوبکر نے کیا ہے تجھ پر یہ کہ داخل کرے اللہ سب کو جنت میں کہا عمر نے بیشک خدا

عز وجل ان شاء ان يدخل خلقه الجنة بكف واحد فعل فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم صدق عمر رواه في شرح السنة

بزرگ تر اگر چاہے داخل کرے ساری خلق کو ایک کف دست سے تو کر سکتا ہے سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے سچ کہا عمر نے روایت کیا اسکو شرح سنت میں

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يصف اهل النار فيمر بهم الرجل من اهل الجنة فيقول الرجل منهم يا فلان اما تعرفني

اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے صف باندھ کر کھڑے ہونگے دوزخی پھر گذریگا ایک مرد جنتی سو کہیگا ایک مرد ان میں سے ای فلانے کیا نہیں پہچانتا ہے مجھ

انا الذي سقيتك شربة وقال بعضهم انا الذي وهبت لك وضوءا فيشفع له فيدخله الجنة رواه ابن ماجه وعن ابي هريرة

میں وہی ہوں کہ پلایا تھا تجھے ایک پانی اور کہیگا بعض انکا میں وہی ہوں جو دیا تھا تجھے وضو کا پانی پھر شفاعت کریگا اسکی تب داخل کریگا اسکو جنت میں روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی ہریرہ

ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال ان رجلين ممن دخل النار اشتد صياحهما فقال الرب اخرجوهما فقال لهما لاي شيء

کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا بیشک دو شخص دوزخ والوں سے بہت چیخینگے سو فرماویگا خدا نکالو انکو سو فرماویگا انکو کس لئے

اشتد صياحكما قالا فعلنا ذلك لترحمنا قال فان رحمتي لكما ان تنطلقا فتلقيا انفسكما حيث كنتما من النار فيلقي احدهما

چیخے تم دونو کہینگے کیا ہمنے یہ واسطے کہ رحم کرے تو ہمپر فرماویگا بیشک رحمت میری تمپر یہ ہے کہ جاؤ اور ڈالدو اپنی جان کو جہاں تھے دوزخ میں پھر ڈالدیگا ایک انکا

نفسه فيجعلها الله عليه بردا وسلاما ويقوم الآخر فلا يلقي نفسه فيقول له الرب تعالى ما منعك ان تلقي نفسك كما القى

اپنی جان سو کر دیگا آگ کو اللہ اسپر ٹھنڈی اور سلامت اور کھڑا ہوگا دوسرا سو نہ ڈالیگا اپنے کو سو فرماویگا اسکو رب تعالے کس نے روکا تجھے اس سے کہ ڈالے تو اپنے کو جیسا ڈالا

صاحبك فيقول اني لارجو ان لا تعيدني فيها بعدما اخرجتني منها فيقول له الرب تعالى لك رجاؤك فيدخلان جميعا الجنة

یار نے سو کہیگا میں امیدوار ہوں کہ پھر نہ ڈالے تو مجھے نکال کر دوزخ سے سو فرماویگا اسکو خدای تعالے تیرے لئے وہی ہے جو امید رکھتا تھا پھر داخل ہونگے دونو جنت میں

برحمة الله تعالى رواه الترمذي وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يرد الناس النار ثم يصدرون منها

خدا کی رحمت سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے وارد ہونگے لوگ دوزخ میں پھر نجات پاوینگے

بأعمالهم فأولهم كلمح البرق ثم كالريح ثم كحضر الفرس ثم كالراكب في رحله ثم كشد الرجل ثم كمشيه رواه الترمذي والدارمي

اپنے عملوں کے سبب سے سو بعض انکا گذر بجلی کی طرح ہوگا پھر ہوا کی طرح پھر گھوڑے کی دوڑ کی طرح پھر تیز سوار کی مانند پھر دوڑ مرد کی طرح پھر جیسے کوئی مرد کہ چلتا ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے

الفصل الثالث عن ابن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال إن أمامكم حوضي ما بين جنبيه كما بين جرباء وأذرح قال بعض

فصل تیسری روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ آگے تمہارے حوض میرا ہے مسافت دو کناروں کی حوض کے جیسے مسافت درمیان جربا اور اذرح کے ہے کہا بعض

الرواة هما قريتان بالشام بينهما مسيرة ثلث ليال وفي رواية فيه أباريق كنجوم السماء من ورده فشرب منه لم يظمأ بعدها

راویوں نے وے دو نو دیہات ہیں شام میں ان دونوں کے درمیان رستہ ہے تین رات کا اور ایک روایت میں اس میں آبخورے ہیں جیسے آسمان کے تارے جو پہنچیگا اس پر اور اسکا پانی پیئیگا نہ پیاسا ہوگا اسکے بعد

أبدا متفق عليه وعن حذيفة وأبي هريرة قالا قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يجمع الله الناس فيقوم المؤمنون حتى

کبھی ق × اور روایت ہے حذیفہ سے اور ابی ہریرہ سے دونوں نے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اکٹھا کریگا خدا لوگوں کو پھر کھڑے ہونگے ایمان والے اتنا

تزلف لهم الجنة فيأتون آدم فيقولون يا أبانا استفتح لنا الجنة فيقول وهل أخرجكم من الجنة إلا خطيئة أبيكم لست

کہ نزدیک ہوں انسے جنت تب آوینگے آدم پاس اور کہینگے اے باپ ہمارے کھلوا ہمارے لئے جنت تب بولیگا آدم اور نہ نکالا تمکو جنت سے مگر تمہارے باپ کے گناہ نے سو نہیں میں

بصاحب ذلك اذهبوا إلى ابني إبراهيم خليل الله قال فيقول إبراهيم لست بصاحب ذلك إنما كنت خليلا من وراء وراء

اس کام کے لائق جاؤ طرف بیٹے میرے ابراہیم خلیل اللہ کی طرف فرمایا حضرت نے سو کہیگا ابراہیم مجھکو اسکی لیاقت نہیں بس تھا میں خلیل دور دور سے

اعمدوا إلى موسى الذي كلمه الله تكليما فيأتون موسى فيقول لست بصاحب ذلك اذهبوا إلى عيسى كلمة الله وروحه فيقول

جاؤ طرف موسی کے جن سے کیا اللہ نے بات سو آوینگے موسی پاس سو کہینگا میں اسکے لائق نہیں ہوں جاؤ طرف عیسی کے جو کلمۃ اللہ اور روح اللہ ہیں تب کہیگا

عيسى لست بصاحب ذلك فيأتون محمدا فيقوم فيؤذن له وترسل الأمانة والرحم فيقومان جنبتي الصراط يمينا وشمالا فيمر

عیسی بھی میں اسکا سزاوار نہیں پھر آوینگے محمد پاس پھر کھڑے ہونگے اور اذن ملیگی ان کو اور بھیجی جائیگی امانت اور رحم سو کھڑی ہونگی دونوں کنارے پر صراط کے داہنے بائیں سو گذریگا

أولكم كالبرق قال قلت بأبي أنت وأمي أي شيء كمر البرق قال ألم تروا إلى البرق كيف يمر ويرجع في طرفة عين ثم كمر الريح ثم

اول تمہارا برق کی طرح کہا میں نے اور صدقے ہو باپ ماں میرے کون چیز ہے برق کی گذرنے کی سی فرمایا نہ دیکھا تم نے برق کو کیونکر گذرتی ہے اور پلٹ آتی ہے پل میں پھر ہوا کی طرح پھر

كمر الطير وشد الرجال تجري بهم أعمالهم ونبيكم قائم على الصراط يقول يا رب سلم سلم حتى تعجز أعمال العباد حتى يجيء

پرند کی طرح اور دوڑ مردان کی طرح لیجائیگا انکو زور انکے اعمال کا اور نبی تمہارا کھڑا رہیگا صراط پر کہیگا اے رب سلامت رکھ سلامت رکھ یہاں تک کہ عاجز ہونگے سب بندوں کے اعمال یہاں تک کہ آویگا

الرجل فلا يستطيع السير إلا زحفا قال وفي حافتي الصراط كلاليب معلقة مأمورة تأخذ من أمرت به فمخدوش ناج ومكردس

ایک مرد سو چل نہ سکیگا مگر گھسٹ کر اور دونوں کناروں پل کے آنکڑے ہیں لٹکتے جو پکڑتی ہیں جسکے پکڑنے کا حکم ہے سو بعضے زخمی ہو کے چھٹے ہوئے ہیں اور بعضے دست بستہ

في النار والذي نفس أبي هريرة بيده إن قعر جهنم لسبعين خريفا رواه مسلم وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله

دوزخ میں اور قسم اسکی جسکے قبضے میں ابی ہریرہ کی جان ہے تہ قعر جہنم کا البتہ ستر برس کی راہ کا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ

وسلم يخرج من النار قوم بالشفاعة كأنهم الثعارير قلنا ما الثعارير قال إنه الضغابيس متفق عليه وعن عثمان بن عفان

وسلم نے نکلینگے دوزخ سے لوگ شفاعت سے گویا وے ثعاریر ہیں کہا ہمنے کیا ہے ثعاریر فرمایا وہ ضغابیس ہے ق × اور روایت ہے عثمان بن عفان سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يشفع يوم القيامة ثلثة الأنبياء ثم العلماء ثم الشهداء رواه ابن ماجة

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شفاعت کریگی قیامت کے دن تین قوم انبیا پھر علما پھر شہدا روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے

1560

1561

بَابُ صِفَةِ الْجَنَّةِ وَاَهْلِهَا — اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِيْنَ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ فَاقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا اُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

باب احوال میں جنت اور جنتیوں کے ۔ فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے تیار کی ہیں اپنے نیک بندوں کے لیے وہ چیزیں کہ کسی آنکھ نے دیکھا اور کسی کان نے سنا اور نہ کسی آدمی کے دل پر گذرے ۔ پس پڑھو اگر چاہو سو نہیں جانتا ہے کوئی جی جو چھپا رکھا ہے انکے لیے ٹھنڈک آنکھوں کی

وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

ق ۔ اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کوڑا رکھنے کی جگہ جنت میں بہتر ہے دنیا سے اور جو کچھ کہ دنیا میں ہے ۔

وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدْوَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا وَلَوْ اَنَّ امْرَأَةً مِّنْ نِّسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اطَّلَعَتْ اِلَى الْاَرْضِ لَاَضَاءَتْ مَا بَيْنَهُمَا وَلَمَلَاَتْ مَا بَيْنَهُمَا رِيْحًا وَلَنَصِيْفُهَا عَلٰى رَأْسِهَا خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

ق ۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کرنا راہ خدا میں یا رات گذارنا بہتر ہے دنیا و ما فیہا سے اور اگر کوئی عورت جنتی عورتوں سے ظاہر ہووے زمین پر تو البتہ روشن کر ڈالے جو کچھ کہ درمیان ان کے ہے اور البتہ بھر ڈالے خوشبو سے جو کچھ کہ درمیان انکے ہے اور البتہ اوڑھنی اسکی سر پر بہتر ہے دنیا و ما فیہا سے ۔ روایت کیا اسکو بخاری نے

وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةً يَّسِيْرُ الرَّاكِبُ فِيْ ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ لَا يَقْطَعُهَا وَلَقَابُ قَوْسِ اَحَدِكُمْ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِّمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ اَوْ تَغْرُبُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک ایک درخت ہے بہشت میں کہ سیر کریگا سوار اسکے سایہ میں سو برس تو نہ پار کریگا اس کو اور البتہ تمہارے ایک کمان کی جگہ جنت میں بہتر ہے اس سے کہ جس پر طلوع کیا آفتاب نے یا غروب کرتا ہے ۔ ق

وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلْمُؤْمِنِ فِي الْجَنَّةِ لَخَيْمَةً مِّنْ لُّؤْلُؤَةٍ وَّاحِدَةٍ مُّجَوَّفَةٍ عَرْضُهَا وَفِيْ رِوَايَةٍ طُوْلُهَا سِتُّوْنَ مِيْلًا فِيْ كُلِّ زَاوِيَةٍ مِّنْهَا اَهْلٌ مَّا يَرَوْنَ الْاٰخَرِيْنَ يَطُوْفُ عَلَيْهِمُ الْمُؤْمِنُ وَجَنَّتَانِ مِنْ فِضَّةٍ اٰنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا وَجَنَّتَانِ مِنْ ذَهَبٍ اٰنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا وَمَا بَيْنَ الْقَوْمِ وَبَيْنَ اَنْ يَّنْظُرُوْا اِلٰى رَبِّهِمْ اِلَّا رِدَاءُ الْكِبْرِيَاءِ عَلٰى وَجْهِهٖ فِيْ جَنَّةِ عَدْنٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

ق ۔ اور روایت ہے ابی موسیٰ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک ہر مسلمان کے لیے جنت میں خیمہ ہے ایک ہی بڑے موتی کا جو اندر سے کھوکھلا ہے چوڑائی اسکی اور ایک روایت میں ہے درازی اسکی ساٹھ میل کی ہو اسکے ہر کونے میں لوگ ہیں جو نہیں دیکھینگے دوسرے کونے والوں کو پھرا کرینگے ان پر مسلمان اور دو باغ ہیں روپے کے انکے باسن اور اسباب سمیت اور دو باغ ہیں سونے کے انکے باسن اور اسباب سمیت اور نہ رہیگا درمیان لوگوں کے اور درمیان اپنے پروردگار کو دیکھنے کے مگر چادر بزرگی کی جو اسکی ذات پر ہے جنت عدن میں

وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنَّةِ مِائَةُ دَرَجَةٍ مَّا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَالْفِرْدَوْسُ اَعْلَاهَا دَرَجَةً مِّنْهَا تُفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ الْاَرْبَعَةُ وَمِنْ فَوْقِهَا يَكُوْنُ الْعَرْشُ فَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْئَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَلَمْ اَجِدْهُ فِي الصَّحِيْحَيْنِ وَلَا فِيْ كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ

ق ۔ اور روایت ہے عبادہ بن صامت سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جنت میں سو درجے ہیں درمیان ہر دو درجوں کے ہے جیسے مسافت آسمان اور زمین کی اور فردوس بلند تر ہے ان سب درجوں میں اسی سے نکلی ہیں چاروں نہریں بہشت کی اور اسکے اوپر ہے عرش پھر جب اللہ سے جنت مانگو تو اس سے فردوس کو مانگو ۔ ترمذی نے اور نہیں پایا میں نے اس حدیث کو بخاری اور مسلم میں اور نہ کتاب حمیدی میں

وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَسُوْقًا يَّاْتُوْنَهَا كُلَّ جُمُعَةٍ فَتَهُبُّ رِيْحُ الشَّمَالِ فَتَحْثُوْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ وَثِيَابِهِمْ فَيَزْدَادُوْنَ حُسْنًا وَّجَمَالًا فَيَرْجِعُوْنَ اِلٰى اَهْلِيْهِمْ وَقَدِ ازْدَادُوْا حُسْنًا وَّجَمَالًا فَيَقُوْلُ لَهُمْ اَهْلُوْهُمْ وَاللّٰهِ لَقَدِ ازْدَدْتُّمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَّجَمَالًا فَيَقُوْلُوْنَ وَاَنْتُمْ وَاللّٰهِ لَقَدِ ازْدَدْتُّمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَّجَمَالًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک بہشت میں ایک بازار ہے کہ آوینگے وہاں بہشتی ہر جمعہ کو پھر چلیگی ہوا شمال کی تو مشک بکھیریگی انکے منہ اور کپڑوں پر تو بڑھ جاویگی حسن و جمال انکا پھر پلٹ کر آوینگے اپنے گھر والوں کے پاس حسن و جمال انکا بڑھ گیا ہوگا تو کہینگے انکو انکے گھر والے قسم ہے خدا کی البتہ زیادہ کیے تم نے بعد جدا ہونے کے ہمارے سے حسن و جمال کو ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے

وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ

اِنَّ اَوَّلَ زُمْرَةٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ كَاَشَدِّ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِي السَّمَاءِ اِضَاءَةً قُلُوْبُهُمْ عَلٰى

بیشک پہلی جماعت جو بہشت میں جاویگی ہوگی صورت پر چودھویں رات کے چاند کے پھر وہ لوگ جو انکو لگے ہوئے ہیں بہت چمکنے تارے آسمان کے روشنی میں دلیں انکے

قَلْبِ رَجُلٍ وَّاحِدٍ لَا اخْتِلَافَ بَيْنَهُمْ وَلَا تَبَاغُضَ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ زَوْجَتَانِ مِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ يُرٰى مُخُّ سُوْقِهِنَّ مِنْ وَّرَاءِ الْعَظْمِ وَاللَّحْمِ

دل پر ایک ہی آدمی کے نہ خلاف ہوگا درمیان انکے اور نہ دشمنی آپس میں ہر ایک کے لئے دو عورت ہونگے حور عین سے کہ دکھائی دیگا مغز انکی پنڈلیوں کا ہاڑ اور گوشت کے پرے سے

مِنَ الْحُسْنِ يُسَبِّحُوْنَ اللّٰهَ بُكْرَةً وَّعَشِيًّا لَا يَسْقَمُوْنَ وَلَا يَبُوْلُوْنَ وَلَا يَتَغَوَّطُوْنَ وَلَا يَتْفُلُوْنَ وَلَا يَمْتَخِطُوْنَ اٰنِيَتُهُمُ الذَّهَبُ وَالْفِضَّةُ

خوبی کی راہ سے تسبیح کرینگے اللہ کی صبح اور شام نہ بیمار ہونگے اور نہ پیشاب کرینگے اور نہ پاخانے کو جاینگے اور نہ تھوکینگے اور نہ ناک چھنکینگے باسنیں انکے سونے اور روپے کے ہونگے

وَاَمْشَاطُهُمُ الذَّهَبُ وَوَقُوْدُ مَجَامِرِهِمُ الْاَلُوَّةُ وَرَشْحُهُمُ الْمِسْكُ عَلٰى خُلُقِ رَجُلٍ وَّاحِدٍ عَلٰى صُوْرَةِ اَبِيْهِمْ اٰدَمَ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا فِي السَّمَاءِ

اور کنگھیں انکے سونے کے اور ایندھن انکے انگیٹھیوں کا اگر ہوگا اور پسینہ انکا مشک سا سب ایک ہی مرد کے صبر پر اپنے باپ آدم کی صورت پر ساٹھ گز کے طول میں

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ يَاْكُلُوْنَ فِيْهَا وَيَشْرَبُوْنَ وَلَا يَتْفُلُوْنَ وَلَا يَبُوْلُوْنَ وَلَا يَتَغَوَّطُوْنَ

اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مقرر جنتی لوگ کھاینگے اور پینگے جنت میں اور نہ تھوکینگے اور نہ پیشاب کرینگے اور نہ پاخانے کو جاینگے

وَلَا يَمْتَخِطُوْنَ قَالُوْا فَمَا بَالُ الطَّعَامِ قَالَ جُشَاءٌ وَّرَشْحٌ كَرَشْحِ الْمِسْكِ يُلْهَمُوْنَ التَّسْبِيْحَ وَالتَّحْمِيْدَ كَمَا تُلْهَمُوْنَ النَّفَسَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

اور نہ ناک چھنکینگے صحابہ عرض کئے پھر کیا حال ہوگا کھانے کا فرمایا ڈکار ہے اور پسینہ مانند عرق مشک کے الہام کئے جاوینگے تسبیح کرنے اور حمد کرنے کا مانند دم لینے کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت

اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ يَنْعَمُ وَلَا يَبْاَسُ وَلَا يَبْلٰى ثِيَابُهُ وَلَا يَفْنٰى شَبَابُهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ

ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی داخل ہوگا جنت میں آرام پاویگا اور نہ سختی اٹھاویگا اور نہ پرانے ہونگے کپڑے اسکے اور نہ فنا ہوگی جوانی اسکی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی

سَعِيْدٍ وَّاَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُنَادِيْ مُنَادٍ اِنَّ لَكُمْ اَنْ تَصِحُّوْا فَلَا تَسْقَمُوْا اَبَدًا وَّاِنَّ لَكُمْ اَنْ تَحْيَوْا فَلَا تَمُوْتُوْا

سعید اور ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پکاریگا ایک پکارنے والا اے بہشتیو مقرر تمکو تندرستی ہے کبھی بیمار نہوگے اور بیشک تمکو جینا ہی سو کبھی نہ مروگے

اَبَدًا وَّاِنَّ لَكُمْ اَنْ تَشِبُّوْا فَلَا تَهْرَمُوْا اَبَدًا وَّاِنَّ لَكُمْ اَنْ تَنْعَمُوْا فَلَا تَبْاَسُوْا اَبَدًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اور تمہارے لئے جوانی ہے تم کبھی بوڑھے نہوگے اور تمہارے لئے راحت ہے سو تم کبھی محنت نہ اٹھاوگے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ يَتَرَاءَوْنَ اَهْلَ الْغُرَفِ مِنْ فَوْقِهِمْ كَمَا تَتَرَاءَوْنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ الْغَابِرَ فِي الْاُفُقِ مِنَ الْمَشْرِقِ اَوِ الْمَغْرِبِ لِتَفَاضُلِ مَا

علیہ وسلم نے فرمایا بیشک جنتی لوگ دیکھینگے بالاخانے والوں کو اپنے اوپر جیسا دیکھتے ہو تم چمکتے تارے کو جو تھمنے والے کنارے آسمان کے مشرق یا مغرب کے بسبب زیادتی مرتبہ کے جو انکے

بَيْنَهُمْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تِلْكَ مَنَازِلُ الْاَنْبِيَاءِ لَا يَبْلُغُهَا غَيْرُهُمْ قَالَ بَلٰى وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ رِجَالٌ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَصَدَّقُوا الْمُرْسَلِيْنَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

آپس میں ہے صحابہ عرض کئے یا رسول اللہ یہ بالاخانے مکان انبیا کے ہیں نہیں پہنچیگا وہاں سوا انکے کوئی فرمایا ہاں قسم اس ذات کی جسکے ہاتھ میں میری جان ہے وہ مرد جو ایمان لائے ہیں اللہ پر اور سچا جانا رسولوں کو

وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اَقْوَامٌ اَفْئِدَتُهُمْ مِثْلُ اَفْئِدَةِ الطَّيْرِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے داخل ہونگے جنت میں ایسے لوگ کہ جنکے دلیں پرندوں کے دل کی مانند ہیں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ لِاَهْلِ الْجَنَّةِ يَا اَهْلَ الْجَنَّةِ فَيَقُوْلُوْنَ لَبَّيْكَ رَبَّنَا وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ كُلُّهٗ

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مقرر اللہ تعالی فرماویگا بہشتیوں کو اے بہشتیو سو وے کہینگے اے رب ہم حاضر ہیں خدمت میں اور تیرے دین کی مددگار ہیں اور سب بھلائی

فِيْ يَدَيْكَ فَيَقُوْلُ هَلْ رَضِيْتُمْ فَيَقُوْلُوْنَ وَمَا لَنَا لَا نَرْضٰى يَا رَبِّ وَقَدْ اَعْطَيْتَنَا مَا لَمْ تُعْطِ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ فَيَقُوْلُ اَلَا اُعْطِيْكُمْ

تیرے قابو میں ہے تو فرماویگا کیا تم راضی ہو تو عرض کرینگے کیا ہوا ہمکو کہ راضی نہوں اے رب بیشک تو نے اتنا کچھ دیا کہ کسی کو اپنے مخلوقات سے نہیں دیا تو فرماویگا کیا نہ دوں میں تمکو

اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ فَيَقُوْلُوْنَ يَا رَبِّ وَاَيُّ شَيْءٍ اَفْضَلُ مِنْ ذٰلِكَ فَيَقُوْلُ اُحِلُّ عَلَيْكُمْ رِضْوَانِيْ فَلَا اَسْخَطُ عَلَيْكُمْ بَعْدَهٗ اَبَدًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

اس سے بھی بہتر تو عرض کریں گے اے رب اور کیا چیز عمدہ ہے اس سے بھی تو فرماوے گا اتاری ہیں نے تم پر اپنی رضامندی سو غصہ نہ ہوں گا میں تم پر بعد اس کے کبھی ۔ ق ۔ اور روایت ہے

اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَدْنٰى مَقْعَدِ اَحَدِكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ اَنْ يَقُوْلَ لَهٗ تَمَنَّ فَيَتَمَنّٰى وَيَتَمَنّٰى فَيَقُوْلُ لَهٗ هَلْ تَمَنَّيْتَ

ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کمتر جا والا تم میں کا جنت میں وہ ہے کہ فرماوے گا پروردگار اس کو جو کچھ چاہتا جاہ چاہے گا اور آرزو کرے گا تو فرماوے گا اس کو کیا چاہا

فَيَقُوْلُ نَعَمْ فَيَقُوْلُ لَهٗ فَاِنَّ لَكَ مَا تَمَنَّيْتَ وَمِثْلَهٗ مَعَهٗ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْحَانُ وَجَيْحَانُ وَالْفُرَاتُ

تو عرض کرے گا ہاں چاہ چکا تب فرماوے گا اس کو بیشک تجھ کو ملا جو تو نے چاہا اور اتنا اور بھی ساتھ اس کے روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سیحون اور جیحون اور فرات

وَالنِّيْلُ كُلٌّ مِّنْ اَنْهَارِ الْجَنَّةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عُتْبَةَ بْنِ غَزْوَانَ قَالَ ذُكِرَ لَنَا اَنَّ الْحَجَرَ يُلْقٰى مِنْ شَفَةِ جَهَنَّمَ فَيَهْوِيْ فِيْهَا سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا لَا يُدْرِكُ

اور نیل ہر ایک نہروں سے جنت کے ہے روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے عتبہ بن غزوان سے کہا کہ روایت کی گئی ہم کو حدیث کہ اگر پتھر ڈالا جاوے کنارے سے دوزخ کے تو چلا جاوے ستر برس تک نہ پاوے گا

لَهَا قَعْرًا وَاللّٰهِ لَتُمْلَاَنَّ وَلَقَدْ ذُكِرَ لَنَا اَنَّ مَا بَيْنَ مِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَصَارِيْعِ الْجَنَّةِ مَسِيْرَةُ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً وَلَيَاْتِيَنَّ عَلَيْهَا يَوْمٌ وَهُوَ كَظِيْظٌ

اس کی تہہ کو قسم ہے خدا کی البتہ بھر جاوے گی دوزخ اور بیشک روایت کی گئی ہے ہم کو کہ جنت کے دروازوں کے دونوں کواڑوں کے درمیان مسافت چالیس برس کی ہے البتہ آوے گا اس پر ایک دن کہ وہ بھر جاوے گی

مِنَ الزِّحَامِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِمَّ خُلِقَ الْخَلْقُ قَالَ مِنَ الْمَاءِ قُلْنَا الْجَنَّةُ مَا بِنَاؤُهَا

از دحام سے روایت کیا اس کو مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کس چیز سے ہے پیدائش خلق فرمایا پانی سے عرض کیا ہم نے کہ بناوٹ جنت کی کس چیز کی

قَالَ لَبِنَةٌ مِنْ ذَهَبٍ وَلَبِنَةٌ مِنْ فِضَّةٍ وَمِلَاطُهَا الْمِسْكُ الْاَذْفَرُ وَحَصْبَاؤُهَا اللُّؤْلُؤُ وَالْيَاقُوْتُ وَتُرْبَتُهَا الزَّعْفَرَانُ مَنْ يَدْخُلُهَا يَنْعَمُ وَلَا يَبْاَسُ

فرمایا سونے کی ایک اینٹ اور روپے کی ایک اینٹ سے اور گارا اس کا مشک خالص ہے اور کنکر اس کے موتی اور یاقوت ہیں اور مٹی اس کی زعفران کی سی جو کوئی پہنچے گا جنت میں آرام پاوے گا اور رنج نہیں

يَخْلُدُ وَلَا يَمُوْتُ وَلَا يَبْلٰى ثِيَابُهُمْ وَلَا يَفْنٰى شَبَابُهُمْ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا فِي الْجَنَّةِ

جیتا رہے گا اور کبھی نہ مرے گا اور نہ پرانے ہوں گے کپڑے اس کے اور نہ ڈھلے گی جوانی ان کی روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں جنت میں

شَجَرَةٌ اِلَّا وَسَاقُهَا مِنْ ذَهَبٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ مِائَةُ عَامٍ رَوَاهُ

کوئی درخت مگر پیڑ اس کی سونے کی ہے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بیشک جنت میں سو درجے ہیں مسافت ہے دو درجوں کے درمیان سو برس کی ہے روایت کیا

التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ لَوْ اَنَّ الْعَالَمِيْنَ

ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک جنت میں سو درجے ہیں اگر ساری جہان کے

اجْتَمَعُوْا فِيْ اِحْدَاهُنَّ لَوَسِعَتْهُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهٖ وَفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ

جمع ہو جاویں ان میں کے ایک درجے میں تو سما لیوے ان سب کو روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے اسی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے خدا کے اس قول کی تفسیر میں اور بچھونے بلند

قَالَ ارْتِفَاعُهَا لَكَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ مَسِيْرَةُ خَمْسِمِائَةِ سَنَةٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

فرمایا حضرت نے بلندی ان کی جتنا کہ درمیان آسمان اور زمین کے مسافت پانسو برس کی ہے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوَّلَ زُمْرَةٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ضَوْءُ وُجُوْهِهِمْ عَلٰى مِثْلِ ضَوْءِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَالزُّمْرَةُ الثَّانِيَةُ عَلٰى مِثْلِ

اللہ علیہ وسلم نے بیشک پہلا گروہ جو پہنچے گی جنت میں قیامت کے دن روشنی ان کے مونہوں کی چودھویں رات کے چاند کی روشنی کے مانند ہو گی اور دوسرا گروہ جیسے

اَحْسَنِ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِي السَّمَاءِ لِكُلِّ رَجُلٍ مِّنْهُمْ زَوْجَتَانِ عَلٰى كُلِّ زَوْجَةٍ سَبْعُوْنَ حُلَّةً يُرٰى مُخُّ سَاقِهَا مِنْ وَّرَائِهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

بہت اچھا چمکتا تارہ آسمان میں ان میں کے ہر ایک مرد کو دو عورتیں ہیں گی کہ ہر عورت پر ستر پوشاکیں ہوں گے کہ دکھلائی دے گا مغز اس کے پنڈلیوں کا اس کے پردے میں سے روایت کیا اس کو ترمذی نے

وعن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال يعطى المؤمن في الجنة قوة كذا وكذا من الجماع قيل يا رسول الله او يطيق ذلك قال يعطى
اور روایت ہے انس سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ دیا جاویگا مسلمان جنت میں قوت جماع کرنے کا اتنا اور اتنا کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا طاقت رکھیگا اتنا جماع کرنے کی فرمایا

قوة مائة رواه الترمذي وعن سعد بن ابي وقاص عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال لو ان ما يقل ظفر مما في الجنة بدا لتزخرفت
قوت سو مرد کا دیا جاویگا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا اگر ظاہر ہو جنت کی چیزوں میں سے اتنی چیز کہ اٹھا لیوے اسکو ناخن تو البتہ مزین ہو جاویں

له ما بين خوافق السموات والارض ولو ان رجلا من اهل الجنة اطلع فبدا اساوره لطمس ضوءه ضوء الشمس كما تطمس الشمس
اسکے سبب جو کچھ کہ کناروں میں آسمان اور زمین کے ہیں اور اگر کوئی مرد جنت والوں سے آجاوے اور ظاہر ہوویں کنگن اسکے ہاتھ کا تو البتہ روشنی اسکی بے نور کردے آفتاب کی روشنی کو جیسا کہ آفتاب

ضوء النجوم رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اهل الجنة جرد مرد
ستاروں کے روشنی کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جنتی لوگ جوان جسم کرے

كحلى لا يفنى شبابهم ولا تبلى ثيابهم رواه الترمذي والدارمي وعن معاذ بن جبل ان النبي صلى الله عليه وسلم قال يدخل اهل
سرمہ دار آنکھیں والے ہونگے نہ ڈھلیگی جوانی انکی اور نہ پرانے ہونگے کپڑے ان کے روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی نے اور روایت ہے معاذ بن جبل سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا داخل ہونگے

الجنة الجنة جردا مردا مكحلين ابناء ثلثين او ثلث وثلثين سنة رواه الترمذي وعن اسماء بنت ابي بكر قالت سمعت رسول
جنتی لوگ جنت میں نوجوان بے ریش و بروت سرمہ دار آنکھوں والے تیس برس کی عمر کے یا تینتیس برس کے ہوکر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسماء بنت ابی بکر سے کہا کہ سنا میں نے رسول

الله صلى الله عليه وسلم وذكر له سدرة المنتهى قال يسير الراكب في ظل الفنن منها مائة سنة او يستظل بظلها مائة راكب
خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے جس حال میں کہ مذکور ہوا آپ سے سدرۃ المنتہی کا فرمایا کہ سیر کریگا سوار نیچے اسکے شاخوں کے سو برس یا فرمایا پناہ لیتے ہیں اسکے سایہ میں سو سوار

شك الراوي فيها فراش الذهب كان ثمرها القلال رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن انس قال سئل رسول الله صلى
شک ہے راوی کو اس میں پتنگے ہیں سونے کے گویا کہ پھل اسکے مثل مٹکوں کے ہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہا کہ سوال کیا کسی نے

الله عليه وسلم ما الكوثر قال ذاك نهر اعطانيه الله يعني في الجنة اشد بياضا من اللبن واحلى من العسل فيه طير اعناقها
... سلم سے کہ کیا ہے کوثر فرمایا وہ ایک نہر ہے دیا ہے مجھکو اللہ تعالے نے جنت میں اسکا پانی دودھ سے بھی بہت سفید اور شہد سے بھی بہت میٹھا اسمیں پرند ہیں انکی گردنیں

كاعناق الجزر قال عمر ان هذه لناعمة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اكلتها انعم منها رواه الترمذي وعن بريدة ان رجلا
اونٹوں کی گردنوں کے جیسے ہیں عرض کیا عمر نے کہ بیشک یہ پرندے البتہ موٹے تازے ہونگے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانے والے انکے بہت موٹے تازے ہونگے ان سے بھی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے بریدہ سے کہ کسی مرد نے

قال يا رسول الله هل في الجنة من خيل قال ان الله ادخلك الجنة فلا تشاء ان تحمل فيها على فرس من ياقوتة حمراء يطير بك
عرض کیا یا رسول اللہ کیا جنت میں گھوڑا بھی ہے فرمایا اگر اللہ تعالے داخل کرے تجھکو بہشت میں اور چاہیگا تو سوار ہو لعل سرخ یاقوت کے گھوڑے پر کہ لے اڑے تجھکو

في الجنة حيث شئت الا فعلت وساله رجل فقال يا رسول الله هل في الجنة من ابل قال فلم يقل له ما قال لصاحبه فقال ان يدخلك
جنت میں جہاں کہیں چاہے تو مگر دیا جاویگا تو اور پوچھا کسی نے یا رسول اللہ کیا جنت میں اونٹ بھی ہیں کہا بریدہ نے پس نہ فرمایا حضرت نے اسکو جیسا کہ فرمایا تھا اسکے یار کے لئے پس فرمایا اگر داخل کرے

الله الجنة يكن لك فيها ما اشتهت نفسك ولذت عينك رواه الترمذي وعن ابي ايوب قال اتى النبي صلى الله عليه
خدا جنت میں تو ہوگا تیرے لئے وہاں جو کچھ کہ چاہیگا نفس تیرا اور جو کچھ لذت اٹھاوے تیری آنکھ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ایوب سے کہا کہ آیا نبی صلے اللہ علیہ

وسلم اعرابي فقال يا رسول الله اني احب الخيل افي الجنة خيل قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان ادخلت الجنة اتيت
وسلم کے پاس ایک گنوار اور عرض کیا یا رسول اللہ میں دوست رکھتا ہوں گھوڑوں کو کیا جنت میں گھوڑے بھی ہیں فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر داخل ہوگا تو جنت میں دیا جاویگا

يَفِرُّ مِنْ يَاقُوتَةٍ لَهُ جَنَاحَانِ فَجُعِلَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ طَارَ بِكَ حَيْثُ شِئْتَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ وَأَبُو
گھوڑا یاقوت کا کہ اسکو دو پر ہوں تو سوار ہو گا تو اس پر پھر لے اڑیگا وہ تجھکو جہاں تو چاہیگا نقل کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث نہیں اسناد اسکے قوی اور ابو

سَوْرَةَ الرَّاوِي يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيثِ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ إِسْمَاعِيلَ يَقُولُ أَبُو سَوْرَةَ هٰذَا مُنْكَرُ الْحَدِيثِ يَرْوِي مَنَاكِيرَ وَعَنْ بُرَيْدَةَ
سورہ راوی اس حدیث کا ضعیف ٹھہرایا گیا ہے حدیث بیان کرنے میں اور میں نے سنا محمد بن اسمٰعیل کو کہتا تھا کہ ابو سورہ منکر الحدیث ہے کہ منکر حدیثیں روایت کرتا ہے اور روایت ہے بریدہ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُونَ وَمِائَةُ صَفٍّ ثَمَانُونَ مِنْهَا مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ وَأَرْبَعُونَ مِنْ سَائِرِ الْأُمَمِ
کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جنتی لوگ ایکسو بیس صف ہونگے اسی انمیں سے صف اس امت کے اور چالیس باقی سب امتوں کے

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي كِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُورِ وَعَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَابُ أُمَّتِي
روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی اور بیہقی نے کتاب البعث والنشور میں اور روایت ہے سالم سے اسنے اپنے باپ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دروازہ میری امت کا

الَّذِينَ يَدْخُلُونَ مِنْهُ الْجَنَّةَ عَرْضُهُ مَسِيرَةُ الرَّاكِبِ الْمُجَوِّدِ ثَلَاثًا ثُمَّ إِنَّهُمْ لَيُضْغَطُونَ عَلَيْهِ حَتَّى تَكَادُ مَنَاكِبُهُمْ تَزُولُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ
جس سے داخل ہونگے جنت میں اسکی چوڑائی ہے تین دن کی اچھے دوڑانے والے سوار کے سفر بھر پھر وہ تنگ کیے جاوینگے دروازہ پر یہاں تک کہ قریب ہے کہ انکے مونڈھے اکھڑ جاویں روایت کیا اسکو ترمذی نے

وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ ضَعِيفٌ وَسَأَلْتُ مُحَمَّدَ بْنَ إِسْمَاعِيلَ عَنْ هٰذَا الْحَدِيثِ فَلَمْ يَعْرِفْهُ وَقَالَ خَالِدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ يَرْوِي الْمَنَاكِيرَ وَعَنْ عَلِيٍّ
اور کہا یہ حدیث ضعیف ہے اور میں نے پوچھا محمد بن اسمٰعیل کو اس حدیث سے سو اسنے نہیں پہچانا اسکو اور کہا خالد بن ابی بکر منکر حدیثیں بیان کرتا ہے اور روایت ہے علی سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَسُوقًا مَا فِيهَا شِرًى وَلَا بَيْعٌ إِلَّا الصُّوَرُ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ فَإِذَا اشْتَهَى
کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جنتک ایک بازار ہے جنت میں کہ اسمیں خرید و فروخت نہیں مگر مردوں اور عورتوں کی بکثرہ صورتیں ہونگی پھر جب پسند کرے

الرَّجُلُ صُورَةً دَخَلَ فِيهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَعَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّهُ لَقِيَ أَبَا هُرَيْرَةَ فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ أَسْأَلُ اللّٰهَ
آدمی کسی صورت کو تو بنتا جاویگا اس میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے سعید بن مسیب سے کہ ملاقات کیا اسنے ابو ہریرہ سے تو ابو ہریرہ نے کہا میں خدا سے مانگتا ہوں

أَنْ يَجْمَعَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ فِي سُوقِ الْجَنَّةِ فَقَالَ سَعِيدٌ أَفِيهَا سُوقٌ قَالَ نَعَمْ أَخْبَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ إِذَا دَخَلُوهَا
کہ جمع کرے مجھکو اور تجھکو جنت کے بازار میں تو سعید نے کہا کیا جنت میں بازار ہے ابو ہریرہ نے کہا ہاں مجھکو خبر دی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جنتی لوگ جب جاوینگے جنت میں

نَزَلُوا فِيهَا بِفَضْلِ أَعْمَالِهِمْ ثُمَّ يُؤْذَنُ لَهُمْ فِي مِقْدَارِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ مِنْ أَيَّامِ الدُّنْيَا فَيَزُورُونَ رَبَّهُمْ وَيُبْرِزُ لَهُمْ عَرْشَهُ وَيَتَبَدَّى لَهُمْ
تو اپنے عملوں کی زیادتی کے موافق اسمیں اترے جاوینگے پھر انکو حکم ملیگا دنیا کے دنوں سے جمعہ کے دن کی مقدار تو زیارت کرینگے اپنے پروردگار کی اور ظاہر کریگا انکے لیے عرش اپنا اور ظاہر ہوگا

فِي رَوْضَةٍ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ فَيُوضَعُ لَهُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُورٍ وَمَنَابِرُ مِنْ لُؤْلُؤٍ وَمَنَابِرُ مِنْ يَاقُوتٍ وَمَنَابِرُ مِنْ زَبَرْجَدٍ وَمَنَابِرُ مِنْ ذَهَبٍ
جنت کے باغوں میں سے کسی باغیچہ میں تو انکے لئے نور کے منبر اور موتی کے منبر اور یاقوت کے منبر اور زمرد کے منبر اور سونے کے منبر

وَمَنَابِرُ مِنْ فِضَّةٍ وَيَجْلِسُ أَدْنَاهُمْ وَمَا فِيهِمْ دَنِيٌّ عَلَى كُثْبَانِ الْمِسْكِ وَالْكَافُورِ مَا يُرَوْنَ أَنَّ أَصْحَابَ الْكَرَاسِيِّ بِأَفْضَلَ مِنْهُمْ مَجْلِسًا قَالَ
اور روپے کے منبر رکھے جاوینگے اور بیٹھیگا ان کا کم درجہ والا اور کوئی کمینہ نہیں انمیں مشک و کافور کے ٹیلوں پر نہیں خیال کرینگے کرسیوں پر بیٹھنے والے اپنے سے زیادہ بیٹھک کہا

أَبُو هُرَيْرَةَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَهَلْ نَرَى رَبَّنَا قَالَ نَعَمْ هَلْ تَتَمَارَوْنَ فِي رُؤْيَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ قُلْنَا لَا قَالَ كَذٰلِكَ لَا تَتَمَارَوْنَ
ابو ہریرہ نے میں عرض کیا یا رسول اللہ کیا ہم اپنے رب کو دیکھینگے فرمایا حضرت نے ہاں کیا آفتاب اور چودھویں رات کے چاند دیکھنے میں کچھ شک رکھتے ہو ہمنے عرض کیا نہیں فرمایا ایسا ہی کچھ شک نہ رکھو

فِي رُؤْيَةِ رَبِّكُمْ وَلَا يَبْقَى فِي ذٰلِكَ الْمَجْلِسِ رَجُلٌ إِلَّا حَاضَرَهُ اللّٰهُ مُحَاضَرَةً حَتَّى يَقُولَ لِلرَّجُلِ مِنْهُمْ يَا فُلَانُ بْنَ فُلَانٍ أَتَذْكُرُ يَوْمَ قُلْتَ
اپنے رب کے دیکھنے میں اور نہ باقی رہیگا اس مجلس میں کوئی مرد کہ کلام کریگا اس سے اللہ تعالی بے واسطہ یہاں تک کہ فرماویگا انمیں سے کسی کو اے فلانے بیٹے فلانے کے کیا یاد ہے تجھے دن کہ تو نے کہا

كذا وكذا فيذكّره ببعض غدراته في الدنيا فيقول يا ربّ أفلم تغفر لي فيقول بلى فبسعة مغفرتي بلغت منزلتك هذه فبينا هم
اور ایسا ہم یاد دلاویگا اسکو اسکے بعض گناہ جو دنیا میں کیا تھا تو عرض کریگا اے میرے رب کیا مجھکو تو نے نہیں بخشدیا تو فرماویگا ہاں بخشدیا تجھکو میری بخشش کی وسعت کے سبب تو نے پہنچا ہے اس مرتبہ کو پھر وہ

على ذلك غشيتهم سحابة من فوقهم فأمطرت عليهم طيبا لم يجدوا مثل ريحه شيئا قط ويقول ربنا قوموا إلى ما أعددت
اسکے اوپر ڈھانپ لیگا ایک ابر ان کے اوپر سے پھر برسا دیگا اُن پر خوشبو کہ نہ پاوینگے مانند اسکی کو ہرگز کسی چیز کو اور فرماویگا ہمارا رب چلو اس چیز پاس جو

لكم من الكرامة فخذوا ما اشتهيتم فنأتي سوقا قد حفّت به الملائكة فيها ما لم تنظر العيون إلى مثله ولم تسمع الآذان
تیار کی ہے میں نے تمہارے لیے بزرگی سے اور لے لو جو کچھ کہ تم چاہو پھر ہم آوینگے ایک بازار میں جسکو فرشتے گھیرے ہونگے اس میں ایسی چیزیں ہیں کہ نہیں دیکھا اسکے مانند آنکھوں نے اور سنا کانوں نے

ولم يخطر على القلوب فيحمل لنا ما اشتهينا ليس يباع فيها ولا يشترى وفي ذلك السوق يلقى أهل الجنة بعضهم بعضا قال
اور نہ گذرا دلوں پر پھر دیا جاویگا ہمکو جو کچھ کہ ہم نے چاہا ہو نہ بیچا جاویگا اُس بازار میں اور نہ خریدا اور اس بازار میں ملاقات کرینگے بہشتیاں آپس میں فرمایا حضرت نے

فيقبل الرجل ذو المنزلة المرتفعة فيلقى من هو دونه وما فيهم دنيّ فيروعه ما يرى عليه من اللباس فما ينقضي آخر حديثه
پھر استقبال کریگا مرد بلند مرتبے والا اور ملاقات کریگا اپنے سے کم مرتبے والے سے حالانکہ نہیں ان میں کوئی کمینہ پھر خوش آویگی اسکو وہ چیز جو دیکھا اسپر لباس سے پس گذریگا آخر کلام کو

حتى يتخيّل عليه ما هو أحسن منه وذلك أنه لا ينبغي لأحد أن يحزن فيها ثم ننصرف إلى منازلنا فيتلقانا أزواجنا فيقلن
یہانتک کہ خیال کیا جاویگا اسپر لباس کہ وہ بہتر ہے اپنے لباس سے اور یہ معلوم ہوا اس کا سبب کہ سزاوار نہیں کسیکو غمگین ہونا بیچ جنت کے پھر پلٹینگے ہم اپنے گھروں کو تو ملاقات کرینگی ہم سے بیبیاں ہماری

مرحبا وأهلا لقد جئت وإنّ بك من الجمال أفضل مما فارقتنا عليه فيقول إنا جالسنا اليوم ربنا الجبار ويحقّنا أن ننقلب
خوشحال آئے ہو اور اہل ہو تم مقرر آیا تو اس حال میں کہ تیرا حسن زیادہ ہوگیا ہے اس سے کہ جس پر چھوڑ گیا تھا تو ہمکو تو وہ کہیگا مقرر ہم ہمنشین تھے آج کے دن اپنے رب کے جو دباؤ والا ہے اور لائق

بمثل ما انقلبنا. رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث غريب. وعن أبي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أدنى أهل الجنة الذي له
جیسا کہ ہم نے بدل گیا ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کم مرتبے والا جنتیوں میں وہ شخص ہے کہ

ثمانون ألف خادم واثنتان وسبعون زوجة وتنصب له قبة من لؤلؤ وزبرجد وياقوت كما بين الجابية إلى صنعاء
اسی ہزار خادم اور بہتر عورت ہوں اور کھڑا کیا جاویگا اسکے لئے ایک قبہ موتی اور زمرد اور یاقوت سے اتنا جتنا کہ درمیان جابیہ کے صنعا تک ہے

وبهذا الإسناد قال من مات من أهل الجنة من صغير أو كبير يردّون بني ثلاثين في الجنة لا يزيدون عليها أبدا وكذلك
اور اسی اسناد کے ساتھ فرمایا جو کوئی مرا بہشتیوں سے چھوٹی عمر میں ہو یا بڑھاپے میں سب تیس برس کے ہو جاوینگے جنت میں نہ بڑھینگے اسپر کبھی اور اسی عمر پر رہینگے

أهل النار. وبهذا الإسناد قال إنّ عليهم التيجان أدنى لؤلؤة منها لتضيء ما بين المشرق والمغرب. وبهذا الإسناد قال
دوزخی بھی اور اسی اسناد کے ساتھ فرمایا کہ مقرر سروں پر ان کے تاج ہونگے کہ کمتر موتی انمیں کا البتہ روشن کردیگا جو کچھ کہ درمیان مشرق اور مغرب کے ہے اور اسی اسناد کے ساتھ فرمایا

المؤمن إذا اشتهى الولد في الجنة كان حمله ووضعه وسنّه في ساعة كما يشتهي. وقال إسحاق بن إبراهيم في هذا الحديث
مسلمان جب آرزو کریگا فرزند کی جنت میں ہو جاویگا حمل اسکا اور جننا اسکا اور عمر اسکی ایک ساعت میں جیسا کہ آرزو کریگا اور کہا اسحق بن ابراہیم نے اس حدیث میں

إذا اشتهى المؤمن في الجنة الولد كان في ساعة ولكن لا يشتهي. رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وروى ابن
جب چاہیگا مسلمان جنت میں فرزند کو ہوگا ایک ساعت میں ولیکن نہیں آرزو کریگا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت کیا ابن

ماجة الرابعة والدارمي الأخيرة. وعن علي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إنّ في الجنة لمجتمعا للحور العين
ماجہ نے چوتھی حدیث کو اور دارمی نے پچھلی کو۔ اور روایت ہے علی رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک جنت میں ایک مجمع ہے حور عین کا

يشفعن بأصوات لم تسمع الخلائق بمثلها يقلن نحن الخالدات فلا نبيد ونحن الناعمات فلا نبأس ونحن الراضيات فلا نسخط

کہ اپنی بلند آوازوں سے گائینگی ایسی کہ نہیں سنا خلائق نے ان جیسی آواز کو کہینگی ہم ہمیشہ رہنے والیاں ہیں سو ہم نہ مرینگی اور ہم نعمت والیاں ہیں سو ہم محتاج نہ ہونگی اور ہم راضی رہنے والیاں ہیں سو ہم خفا نہ ہونگی

طوبى لمن كان لنا وكنا له رواه الترمذي وعن حكيم بن معاوية قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن في الجنة بحر الماء وبحر

خوشحالی اسکا جو ہو وہ ہمارا اور ہوں ہم اسکے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے حکیم بن معاویہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر جنت میں ایک دریا ہے پانی کا اور ایک

العسل وبحر اللبن وبحر الخمر ثم تشقق الأنهار بعد رواه الترمذي ورواه الدارمي عن معاوية

شہد کا اور ایک دریا دودھ کا اور ایک دریا شراب کا پھر انہیں سے نکلینگی نہریں بعد اسکے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو دارمی نے معاویہ سے

الفصل الثالث

عن أبي سعيد عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إن الرجل في الجنة ليتكئ في الجنة سبعين مسندا قبل أن يتحول ثم تأتيه امرأة

فصل تیسری روایت ہے ابی سعید سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ بیشک آدمی جنت میں البتہ تکیہ کریگا جنت میں ستر تکیوں پر پہلے اسکے کہ کروٹ لے پھر آویگی اسکے پاس ایک عورت

فتضرب على منكبه فينظر وجهه في خدها أصفى من المرآة وإن أدنى لؤلؤة عليها تضيء ما بين المشرق والمغرب فتسلم عليه فيرد

اور ماریگی اسکے کندھے پر تو وہ مرد دیکھیگا اپنا منہ اسکے رخسار میں صاف تر آئینہ سے اور مقرر کمتر موتی جو اس عورت پر ہوگا روشن کریگا جو کچھ کہ درمیان مشرق اور مغرب کے ہے پس سلام کریگی اس پر تو جواب دیگا

السلام ويسألها من أنت فتقول أنا من المزيد وإنه ليكون عليها سبعون ثوبا فينفذها بصره حتى يرى مخ ساقها من وراء ذلك

سلام کا اور پوچھیگا اس سے تو کون ہے تو کہیگی میں مزید سے ہوں اور البتہ ہونگے اس عورت پر ستر کپڑے تو چھید جاویگی ان کپڑوں میں نظر اسکی یہانتک کہ دیکھیگا مغز اسکے پنڈلیوں کا ان کے پیچھے سے

وإن عليها من التيجان إن أدنى لؤلؤة منها لتضيء ما بين المشرق والمغرب رواه أحمد وعن أبي هريرة أن النبي صلى الله عليه وسلم

اور مقرر اس پر تاجیں ہونگے کہ کمتر موتی انہیں کا البتہ روشن کریگا جو کچھ کہ درمیان مشرق اور مغرب کے ہے روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

كان يحدث وعنده رجل من أهل البادية أن رجلا من أهل الجنة استأذن ربه في الزرع فقال له ألست فيما شئت قال بلى ولكني

حدیث فرماتے تھے اور آپ کے پاس ایک مرد بدوی تھا کہ ایک مرد جنتی لوگوں میں سے حکم مانگیگا اپنے رب سے زراعت کرنے کا تو فرمایا اسکو کیا نہیں ہے تو بیچ اس چیز کے کہ چاہتا ہے تو عرض کریگا ہاں لیکن

أحب أن أزرع فبذر فبادر الطرف نباته واستواؤه واستحصاده فكان أمثال الجبال فيقول الله تعالى دونك يا ابن آدم فإنه

خوش آتا ہے زراعت کرنا سو حکم پاکر بیج ڈالا تو ہوگیا پلک مارنے میں اگنا اسکا اور کمال کو پہنچنا اسکا اور کٹنا اسکا سو ہوگئیں مثل پہاڑوں کے تو فرماویگا اللہ تعالیٰ لے اے آدم کے

لا يشبعك شيء فقال الأعرابي والله لا تجده إلا قرشيا أو أنصاريا فإنهم أصحاب زرع وأما نحن فلسنا بأصحاب زرع فضحك

سیر نہیں کرتی ہے تجھکو کوئی چیز پس کہا وہ بدوی نے قسم خدا کی نہیں پاوینگے آپ اسکو مگر قریشی یا انصاری ہوگا کیونکہ وے زراعت والے ہیں اور لیکن ہم بدوی سو زراعت والے نہیں پس ہنس دئے

رسول الله صلى الله عليه وسلم رواه البخاري وعن جابر قال سأل رجل رسول الله صلى الله عليه وسلم أينام أهل الجنة قال النوم أخو

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے جابر سے کہا پوچھا ایک مرد نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا سوئینگے بہشتی لوگ فرمایا نیند بھائی ہے

الموت ولا يموت أهل الجنة رواه البيهقي في شعب الإيمان

موت کا اور نہیں مرینگے جنت والے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

باب رؤية الله تعالى

باب اللہ تعالیٰ کے دیکھنے کے بیان میں

الفصل الأول

عن جرير بن عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم سترون ربكم عيانا وفي رواية قال كنا جلوسا عند رسول الله صلى الله عليه

فصل پہلی روایت ہے جریر بن عبداللہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قریب ہے کہ دیکھوگے تم اپنے رب کو آشکارا اور ایک روایت میں ہے کہا کہ ہم بیٹھے ہوئے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ

وسلم فنظر إلى القمر ليلة البدر فقال إنكم سترون ربكم كما ترون هذا القمر لا تضامون في رؤيته فإن استطعتم أن لا تغلبوا على

وسلم کے پاس تو دیکھا حضرت نے چاند کو چودھویں رات میں سو فرمایا مقرر تم قریب دیکھوگے اپنے رب کو جیسا کہ دیکھتے ہو اس چاند کو نہ ازدحام کروگے دیکھنے میں اسکے پس اگر کرسکتے ہو کہ مغلوب نہ ہو

صلوٰة قبل طلوع الشمس وقبل غروبها فافعلوا ثم قرأ وسبح بحمد ربك قبل طلوع الشمس وقبل غروبها متفق عليه
اس نماز پر جو آفتاب نکلنے کے پہلے اور اسکے غروب ہونے کے پہلے ہی تو کرو پھر پڑھا یہ آیت اور پاکی بول اپنے رب کی حمد کے ساتھ آفتاب کے نکلنے اور ڈوبنے سے پہلے روایت کیا اسکو بخاری و مسلم نے

وعن صهيب عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا دخل اهل الجنة الجنة يقول الله تعالى تريدون شيئا ازيدكم فيقولون
اور روایت ہے صہیب سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جب کہ داخل ہو گئے جنتی جنت میں تو فرماویگا اللہ تعالے چاہتے ہو کسی نعمت کو کہ زیادہ کروں تمکو تو کہینگے

الم تبيض وجوهنا الم تدخلنا الجنة وتنجنا من النار قال فيرفع الحجاب فينظرون الى وجه الله فما اعطوا شيئا احب اليهم
کیا روشن نہ کیا تو نے ہمارے منہوں کو کیا داخل نہ کیا تو نے ہمکو بہشت میں اور نجات دیا تو نے ہمکو دوزخ سے فرمایا حضرت نے پھر اٹھایا جاویگا پردہ دیکھنے لگینگے اللہ کے منہ کو پس نہیں دئے گئے کوئی چیز جو پیاری ہو انکو

من النظر الى ربهم ثم تلا للذين احسنوا الحسنى وزيادة رواه مسلم

الفصل الثاني

عن ابن عمر قال قال رسول الله
اپنے رب کے دیکھنے سے پھر تلاوت فرمایا یہ آیت ان لوگوں کے لئے جو بھلا کام کئے بھلائی ہے اور زیادہ اسپر روایت کیا اسکو مسلم نے فصل دوسری روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم ان ادنى اهل الجنة منزلة لمن ينظر الى جنانه وازواجه ونعيمه وخدمه وسرره مسيرة الف
صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک کم مرتبے والا جنتی وہ شخص ہے کہ دیکھیگا اپنے باغوں اور اپنے عورتوں اور اپنے مال ومتاع اور خادموں اور تختوں کو مسافت سے ہزار

سنة واكرمهم على الله من ينظر الى وجهه غدوة وعشية ثم قرأ وجوه يومئذ ناضرة الى ربها ناظرة رواه احمد
برس کے اور بزرگ تر مرتبے والا بہشتی اللہ کے پاس وہ شخص ہے کہ دیکھیگا خدا کی ذات کو صبح وشام پھر پڑھا حضرت نے یہ آیت کتنے منہ اسدن تر و تازہ ہونگے دیکھتے ہونگے اپنے رب کو روایت کیا اسکو احمد

والترمذي وعن ابي رزين العقيلي قال قلت يا رسول الله اكلنا يرى ربه مخليا به يوم القيامة قال بلى قلت وما اية ذلك
اور ترمذی نے اور روایت ہے ابی رزین عقیلی سے کہا عرض کیا میں نے یا رسول اللہ کیا ہر ایک ہم میں کا دیکھیگا اپنے رب کو خلوت کیا ہوا اسکے ساتھ قیامت کے دن فرمایا ہاں عرض کیا اور کیا نشانی اس کی

في خلقه قال يا ابا رزين اليس كلكم يرى القمر ليلة البدر مخليا به قال بلى قال فانما هو خلق من خلق الله والله اجل واعظم رواه
اسکی مخلوقات میں فرمایا حضرت نے ای ابا رزین کیا نہیں تم سب دیکھتے ہو چاند کو چودھویں رات میں خلوت رکھتے ہو ساتھ اسکے کہا ہاں فرمایا پس یہ چاند ایک مخلوق ہے اللہ کی مخلوقات سے اور اللہ تو بہت بڑا اور عظمت والا ہے

ابو داود

الفصل الثالث

عن ابي ذر قال سالت رسول الله صلى الله عليه وسلم هل رايت ربك قال نور انى اراه رواه مسلم
ابو داود نے فصل تیسری روایت ہے ابی ذر سے کہا پوچھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کیا دیکھا آپ نے اپنے پروردگار کو فرمایا وہ نور ہے کیونکر دیکھوں میں اسکو روایت کیا اسکو مسلم نے

وعن ابن عباس ما كذب الفؤاد ما رأى ولقد رآه نزلة اخرى قال رآه بفؤاده مرتين رواه مسلم وفي رواية الترمذي
اور روایت ہے ابن عباس سے بیچ تفسیر اس آیت کے نہ جھوٹ کہا دل محمد کا جو دیکھا آنکھ نے اور تحقیق دیکھا اسکو دوسری بار بھی کہا ابن عباس نے دیکھا خدا کو اپنے دل سے دو بار روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ترمذی میں ہے

قال رأى محمد ربه قال عكرمة قلت اليس الله يقول لا تدركه الابصار وهو يدرك الابصار قال ويحك ذاك اذا تجلى
کہا ابن عباس نے دیکھا محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو کہا عکرمہ نے میں نے کہا کیا نہیں کہتا اللہ نہیں پاتی اسکو آنکھیں اور وہ پاتا ہے آنکھوں کو کہا ابن عباس نے خرابی تیری وہ جبکہ تجلی فرماوے

بنوره الذي هو نوره وقد رأى ربه مرتين وعن الشعبي قال لقي ابن عباس كعبا بعرفة فسأله عن شيء فكبر
ساتھ نور اپنے جو نور خاص اسکا ہے اور دیکھا حضرت نے اپنے رب کو دو بار اور روایت ہے شعبی سے کہا ملاقات کی ابن عباس نے کعب احبار سے عرفہ میں پھر پوچھا اس سے کچھ تو اللہ اکبر کہا

حتى جاوبته الجبال فقال ابن عباس انا بنو هاشم فقال كعب ان الله قسم رؤيته وكلامه بين محمد وموسى فكلم
یہاں تک کہ جواب دیا اسکا پہاڑوں نے کہا ابن عباس نے ہم بنی ہاشم ہیں تو کہا کعب نے تقسیم فرمایا اللہ تعالے نے اپنی رؤیت اور کلام کو درمیان محمد اور موسی کے سو کلام کیا

موسى مرتين ورآه محمد مرتين قال مسروق فدخلت على عائشة فقلت هل رأى محمد ربه فقالت لقد تكلمت
موسی سے دو بار اور دیکھا خدا کو محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے دو بار کہا مسروق نے پس داخل ہوا میں عائشہ پر پس کہا میں نے کیا دیکھا محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو پس کہا عائشہ نے مقرر کلام کیا تو نے

بشيء فقف له شعري قلت رويدا ثم قرأت لقد رأى من آيات ربه الكبرى فقالت أين تذهب بك إنما هو جبرئيل من
ایسا کہ کھڑے ہوگئے بسبب اس امر کے کہا میں نے شتابی مت کر پھر میں نے پڑھی یہ آیت تحقیق دیکھا حضرت نے اپنے رب کی نشانیوں میں سے بڑی کہا کہاں لیا گیا تجھکو نہیں وہ مگر جبرئیل جس نے

أخبرك أن محمدا رأى ربه أو كتم شيئا مما أمر به أو يعلم الخمس التي قال الله تعالى إن الله عنده علم الساعة وينزل الغيث فقد
تجھکو خبر دی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا اپنے رب کو یا چھپایا کسی چیز کو کہ جسکے پہنچانے کا حکم ہوا آپ کو یا جانتے ہیں ان پانچ چیزوں کو جو فرمایا اللہ تعالیٰ نے تحقیق اللہ کے پاس ہے علم قیامت کا اور اتارتا ہے مینہ کو تو منسوب

أعظم الفرية ولكنه رأى جبرئيل لم يره في صورته إلا مرتين مرة عند سدرة المنتهى ومرة في أجياد له ست مائة جناح
کیا اس نے بڑا افترا لیکن حضرت نے دیکھا جبرئیل کو نہیں دیکھا انکو صورت اصلی میں مگر دو بار ایک بار سدرۃ المنتہی کے پاس اور ایک بار اجیاد میں واسطے جبرئیل کے چھ سو بازو تھے انکو

قد سد الأفق رواه الترمذي وروى الشيخان مع زيادة واختلاف وفي روايتهما قال قلت لعائشة فأين قوله ثم دنى
تحقیق بھر دیا تھا آسمان کے کنارہ کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا بخاری اور مسلم نے کچھ زیادتی اور اختلاف کے ساتھ اور ان دونوں کی روایت میں ہے کہا مسروق نے کہا میں نے عائشہ سے پس کہاں ہے قول اللہ تعالیٰ کا پھر نزدیک ہوا

فتدلى فكان قاب قوسين أو أدنى قالت ذاك جبرئيل عليه السلام كان يأتيه في صورة الرجل وإنه أتاه هذه المرة في
اور لٹک آیا پھر ہوا فرق دو کمانوں کے برابر یا اس سے بھی نزدیک کہا عائشہ نے وہ جبرئیل علیہ السلام ہیں آتے تھے حضرت پاس آدمی کی صورت پر اور نزدیک آئے اس بار

صورته التي هي صورته فسد الأفق وعن ابن مسعود في قوله فكان قاب قوسين أو أدنى وفي قوله ما كذب الفؤاد ما
اپنی صورت اصلی میں تو بھر دیا آسمان کے کنارہ کو اور روایت ہے ابن مسعود سے بیچ تفسیر اس قول کے فکان قاب قوسین او ادنی اور تفسیر ما کذب الفؤاد ما

رأى وفي قوله لقد رأى من آيات ربه الكبرى قال فيها كلها رأى جبرئيل عليه السلام له ست مائة جناح متفق عليه
رأی اور اس قول کی تفسیر میں بھی لقد رای من آیات ربہ الکبری ابن مسعود نے کہا تفسیر ان آیتوں کی یہ ہے کہ دیکھا حضرت نے جبرئیل علیہ السلام کو جس حال میں کہ انکو چھ سو بازو تھے متفق

وفي رواية الترمذي قال ما كذب الفؤاد ما رأى قال رأى رسول الله صلى الله عليه وسلم جبرئيل في حلة من رفرف قد
اور ایک روایت میں ترمذی کی ہے کہا ما کذب الفؤاد ما رای ابن مسعود نے کہ دیکھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل کو سبز استر دار لباس میں کہ

ملأ ما بين السماء والأرض وله وللبخاري في قوله لقد رأى من آيات ربه الكبرى قال رأى رفرفا أخضر سد أفق
بھر دیا تھا جو کچھ کہ درمیان آسمان و زمین کے ہے اور ایک روایت میں ترمذی اور بخاری کی ہے تفسیر اللہ تعالیٰ کے قول کے لقد رای من آیات ربہ الکبری ابن مسعود نے کہا دیکھا حضرت نے رفرف سبز کو کہ ڈھانپ لیا تھا

السماء وسئل مالك بن أنس عن قوله تعالى إلى ربها ناظرة فقيل قوم يقولون إلى ثوابه فقال مالك كذبوا فأين هم عن
آسمان کے اور پوچھے گئے مالک بن انس تفسیر سے اس قول اللہ تعالیٰ کے الی ربہا ناظرہ سو کہا گیا مالک سے کہ ایک قوم کہتے ہیں مراد نظر کرنے سے نظر ثواب کی طرف ہے کہا مالک نے جھوٹ کہا انہوں نے پس کہاں ہیں وہ

قوله تعالى كلا إنهم عن ربهم يومئذ لمحجوبون قال مالك الناس ينظرون إلى الله يوم القيامة بأعينهم وقال لو لم ير
فہم رکھنے سے اس قول اللہ تعالیٰ کے ہرگز نہیں کفار دیکھنے سے اپنے پروردگار کے اس دن روکے جاویں گے کہا مالک نے مسلمان لوگ دیکھیں گے اللہ تعالیٰ کو قیامت کے دن اپنی آنکھوں سے اور کہا اگر نہ دیکھیں گے

المؤمنون ربهم يوم القيامة لم يعير الله الكفار بالحجاب فقال كلا إنهم عن ربهم يومئذ لمحجوبون رواه في شرح السنة
مسلمان اپنے پروردگار کو قیامت کے دن تو سرزنش نہ کرتا اللہ کفار کو ساتھ حجاب کے جو فرمایا کلا انہم عن ربہم یومئذ لمحجوبون روایت کیا اسکو شرح سنہ میں

وعن جابر عن النبي صلى الله عليه وسلم بينا أهل الجنة في نعيمهم إذ سطع لهم نور فرفعوا رءوسهم فإذا الرب قد أشرف
اور روایت ہے جابر سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے درمیان اسکے کہ رہیں گے اہل جنت اپنی ناز و نعمت میں ناگہاں بلند ہوگا انکے لیے ایک نور تو اٹھاویں گے اپنے سروں کو تو دیکھیں گے پروردگار کو کہ

عليهم من فوقهم فقال السلام عليكم يا أهل الجنة قال وذلك قوله تعالى سلام قولا من رب رحيم قال فينظر إليهم وينظرون
ان پر ان کے اوپر سے اور فرماوے گا السلام علیکم اے جنت والو فرمایا حضرت نے اور وہی ہے قول اللہ تعالیٰ کا سلام قولا من رب رحیم سلام بولنا رب مہربان سے فرمایا حضرت نے پھر خدا دیکھیگا انکو اور وے

اليه فلا يلتفتون الى شيء من النعيم ما داموا ينظرون اليه حتى يحتجب عنهم ويبقى نوره رواه ابن ماجه

باب صفة النار واهلها

اسکو سو دھو نکینگے کسی چیز طرف جنت کی نعمتوں سے جب تک دیکھتے رہینگے اسکو یہانتک کہ پوشیدہ ہو جائیگا ان سے اور رہ جاویگا نور اسکا روایت کی اسکو ابن ماجہ نے باب بیان میں دوزخ اور دوزخیوں

الفصل الاول عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ناركم جزء من سبعين جزءا من نار جهنم قيل يا رسول الله ان

فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہاری آگ ایک حصہ ہے دوزخ کی آگ کے ستر حصوں میں سے کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ

كانت لكافية قال فضلت عليهن بتسعة وستين جزءا كلهن مثل حرها متفق عليه واللفظ للبخاري وفي رواية مسلم ناركم

جلانے کو تو یہی آگ کفایت کرتی تھی حضرت نے فرمایا کہ دوزخ کی آگ دنیا کی آگوں سے انہتر حصے زیادہ رکھتی ہے ہر حصے کی گرمی اس آگ کی گرمی کے برابر اور یہ لفظ اس حدیث کے بخاری کے ہیں

التي يوقد ابن آدم وفيها عليها وكلها بدل عليهن وكلهن وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يؤتى

جسکو آدمی جلاتا ہے حدیث اور اسی میں ہے بجائے لفظ علیہن اور کلہن کے علیہا اور کلہا اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے لائی جاویگی

بجهنم يومئذ لها سبعون الف زمام مع كل زمام سبعون الف ملك يجرونها رواه مسلم وعن النعمان بن بشير قال

دوزخ اس دن اسکے ستر ہزار باگیں ہونگی ہر باگ کے ساتھ ستر ہزار فرشتے ہیں اسکو کھینچینگے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان اهون اهل النار عذابا من له نعلان وشراكان من نار يغلي منهما دماغه كما يغلي

کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک دوزخیوں میں بہت ہلکا عذاب والا وہ ہے جسکے پیروں میں آگ کی دو جوتیاں ہیں جن سے اسکا دماغ ابلتا ہے جیسے

المرجل ما يرى ان احدا اشد منه عذابا وانه لاهونهم عذابا متفق عليه وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه

ہانڈی ابلتی ہے اور وہ جانتا ہے کہ مجھ سے زیادہ کسی کو عذاب نہیں حالانکہ وہ ان سب سے بہت ہلکا عذاب والا ہے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ

وسلم اهون اهل النار عذابا ابو طالب وهو منتعل بنعلين يغلي منهما دماغه رواه البخاري وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه

وسلم نے دوزخیوں میں بہت ہلکا عذاب والا ابو طالب ہے آگ کی دو جوتیاں پہنے ہوا جنسے اسکا دماغ ابلتا ہے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے

وسلم يؤتى بانعم اهل الدنيا من اهل النار يوم القيامة فيصبغ في النار صبغة ثم يقال يا ابن آدم هل رأيت خيرا قط هل مر

وسلم نے لایا جاویگا آسودہ تر دنیادار اہل دوزخ سے قیامت کے دن تو غوطہ دیا جائیگا دوزخ میں ایکبار پھر اس سے پوچھا جاویگا ای آدم کے بیٹے کیا تو نے کبھی دنیا میں آرام دیکھا کیا

بك نعيم قط فيقول لا والله يا رب ويؤتى باشد الناس بؤسا في الدنيا من اهل الجنة فيصبغ صبغة في الجنة فيقال

کبھی بھی تجھ پر گذرا تھا تو وہ کہیگا قسم خدا کی کبھی نہیں اے رب اور لایا جائیگا دنیا میں بہت سختی اٹھایا ہوا اہل جنت سے تو ڈالا جائیگا ایکبار جنت میں پھر اس سے پوچھا جاویگا

له يا ابن آدم هل رأيت بؤسا قط وهل مر بك شدة قط فيقول لا والله يا رب ما مر بي بؤس قط ولا رأيت شدة قط

ای آدم کے بیٹے تو نے کبھی تکلیف بھی دیکھی ہے کیا تجھ پر کبھی دنیا میں سختی بھی گذری تھی تو وہ کہیگا خدا کی قسم مجھ پر تو کبھی تکلیف نہیں گذری اور میں نے تو کبھی سختی نہیں دیکھی

رواه مسلم وعن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال يقول الله لاهون اهل النار عذابا يوم القيامة لو ان لك ما في الارض

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ فرماویگا اللہ تعالے دوزخیوں میں بہت ہلکے عذاب والے کو قیامت کے دن اگر ہو تیرے لئے کوئی چیز زمین

من شيء اكنت تفتدي به فيقول نعم فيقول اردت منك اهون من هذا وانت في صلب آدم ان لا تشرك بي شيئا فابيت

کی کیا تو اپنے بدلے میں دیکر چھوٹتا عذاب سے تو کہیگا ہاں پس فرماویگا پروردگار چاہا تھا میں نے تجھ سے اس سے بھی بہت ہلکی چیز جبکہ تو صلب آدم میں تھا یہ کہ شریک نہ کرے تو میرے ساتھ کسی کو تو نے

الا ان تشرك بي متفق عليه وعن سمرة بن جندب ان النبي صلى الله عليه وسلم قال منهم من تأخذه النار الى كعبيه ومنهم

مگر یہی کہ شریک کیا تو نے میرے ساتھ اور روایت ہے سمرہ بن جندب سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور بعض دوزخیوں میں وہ شخص ہے کہ پکڑیگی اسکو آگ اسکے ٹخنوں تک اور

مَن تاخذه النار الی رکبتیه ومنهم من تاخذه النار الی حجزته ومنهم من تاخذه النار الی ترقوته رواه مسلم وعن ابی هریرة

پکڑ لیگی آگ اسکے گرگوں تک اور کسی کی اپنی بکڑ لیگی آگ اسکی کمر تک اور کسی کو اپنی پکڑ لیگی آگ اسکی ہنسلی تک روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما بین منکبی الکافر فی النار مسیرة ثلثة ایام للراکب المسرع وفی روایة ضرس الکافر

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دوزخ میں کافر کے دونوں کندھوں کے درمیان کی مسافت جلد چلنے والے سوار کے تین دن کی مسافت کے مقدار ہوگی اور ایک روایت میں ہے کہ کافر کا

مثل احد وغلظ جلده مسیرة ثلث رواه مسلم وذکر حدیث ابی هریرة اشتکت النار الی ربها فی باب تعجیل الصلوٰة

مثل احد کے اور موٹائی اسکے چمڑے کی مقدار تین رات کے رستے کی روایت کیا اسکو مسلم نے اور مذکور ہوچکی حدیث ابی ہریرہ کی اشتکت النار الی ربہا باب تعجیل الصلوۃ میں

الفصل الثانی

عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال اوقد علی النار الف سنة حتی احمرت ثم اوقد علیها

فصل دوسری روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ بھڑکائی گئی دوزخ ہزار برس یہاں تک کہ لال ہوگئی پھر بھڑکایا گیا اسکو

الف سنة حتی ابیضت ثم اوقد علیها الف سنة حتی اسودت فهی سوداء مظلمة رواه الترمذی وعنه قال قال

دوسرے ہزار برس یہاں تک کہ سفید ہوگئی پھر بھڑکایا اسکو تیسرے ہزار برس یہاں تک کہ کالی ہوگئی سو اب دوزخ کالی اندھیری ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلی الله علیه وسلم ضرس الکافر یوم القیمة مثل احد وفخذه مثل البیضاء ومقعده من النار مسیرة ثلث مثل

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے داڑھ کافر کی قیامت کے دن مانند احد کے ہوگا اور ران اسکی مثل بیضا کے اور اسکے بیٹھنے کی جگہ دوزخ میں مقدار مسافت تین رات کے مثل

الربذة رواه الترمذی وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان غلظ جلد الکافر اثنان واربعون ذراعا وان ضرسه

ربذہ کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر موٹائی کافر کے چمڑے کی بیالیس گز کا ہوگا اور داڑھ اسکی

مثل احد وان مجلسه من جهنم ما بین مکة والمدینة رواه الترمذی وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

مثل احد کے اور اسکے بیٹھنے کی جگہ دوزخ میں مکہ اور مدینہ کی مسافت کے مقدار روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

ان الکافر لیسحب لسانه الفرسخ والفرسخین یتوطاه الناس رواه احمد والترمذی وقال هذا حدیث غریب وعن ابی سعید

بیشک کافر البتہ کھینچیگا جیب اپنی زمین پر ایک دو میل سے کھوندینگے اسکے جیب کو لوگ روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی سعید سے

عن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال الصعود جبل من نار یتصعد فیه سبعین خریفا ویهوی به کذلک فیه ابدا

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا صعود ایک پہاڑ ہے آگ کا کہ چڑھایا جاویگا کافر اس پر ستر برس اور اتارا جاویگا اس سے اتنے ہی برس ہمیشہ دوزخ میں

رواه الترمذی وعنه عن النبی صلی الله علیه وسلم قال فی قوله کالمهل ای کعکر الزیت فاذا قرب الی وجهه سقطت

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انہی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا تفسیر اس قول اللہ تعالیٰ کے جو کالمہل ہے یعنی مانند تیل کی تلچھٹ کے پھر جب نزدیک کیا جاویگا مہل اسکے منہ سے تو

فروة وجهه فیه رواه الترمذی وعن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال ان الحمیم لیصب علی رؤسهم فینفذ

گر پڑیگی اسکے منہ کی کھال اسمیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا بیشک گرم پانی دوزخ کا البتہ بہایا جاویگا انکے سروں پر پھر گھس جاویگا

الحمیم حتی یخلص الی جوفه فیسلت ما فی جوفه حتی یمرق من قدمیه وهو الصهر ثم یعاد کما کان رواه الترمذی وعن

حمیم بدن میں انکے یہاں تک کہ پہنچیگا اسکے پیٹ کے اندر تو کاٹ ڈالیگا جو کچھ کہ اسکے پیٹ میں ہے یہاں تک کہ باہر آویگا دونوں پاؤں سے اسکے اور یہی صہر ہے پھر ہو جاویگا جیسا کہ تھا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

ابی امامة عن النبی صلی الله علیه وسلم فی قوله یسقی من ماء صدید یتجرعه قال یقرب الی فیه فیکرهه فاذا ادنی منه شوی

ابی امامہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تفسیر میں اس قول اللہ تعالیٰ کے کہ پلایا جاویگا پانی پیپ کا گھونٹ گھونٹ پیئیگا اسکو فرمایا کہ نزدیک کیا جاویگا پانی اسکے منہ کے برا جانیگا اسکو پھر جب نزدیک کیا جاویگا بھون ڈالیگا

كالمهل وتقع فروة رأسه فإذا شربه قطع أمعاءه حتى يخرج من دبره يقول الله تعالى وسقوا ماء حميما فقطع أمعاءهم

اسکے منہ کو اور گر پڑیگا تو اسکے سر کا چمڑا جب پئیگا اسکو تو ٹکڑے کر دیگا اسکی آنتوں کو یہانتک کہ باہر نکلینگی اسکے پیچھے کی راہ سے فرماتا ہے اللہ تعالیٰ پلایا جاویگا دوزخی گرم پانی تو ٹکڑے کر دیگا انکی آنتوں کو

ويقول وإن يستغيثوا يغاثوا بماء كالمهل يشوي الوجوه بئس الشراب رواه الترمذي وعن أبي سعيد الخدري عن النبي صلى

اور فرماتا ہے اور اگر پانی مانگیں تو دیا جاویگا وہ پانی جو پیپ کی مانند جلاوے گا منہوں کو برا پینا ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے نبی صلے

الله عليه وسلم قال لسرادق النار أربعة جدر كثف كل جدار مسيرة أربعين سنة رواه الترمذي وعنه قال قال رسول الله

اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا سراپردہ دوزخ کے لئے چار دیواریں ہیں موٹائی ہر دیوار کا بقدر مسافت چالیس برس کی ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم لو أن دلوا من غساق يهراق في الدنيا لأنتن أهل الدنيا رواه الترمذي وعن ابن عباس أن رسول

صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر ایک ڈول دوزخیوں کی پیپ سے ڈالا جاوے دنیا میں تو البتہ گندہ ہو جاوینگے سب دنیا والے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ رسول

الله صلى الله عليه وسلم قرأ هذه الآية اتقوا الله حق تقاته ولا تموتن إلا وأنتم مسلمون قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پڑھا اس آیت کو ڈرو اللہ سے جیسا کہ ڈرنا چاہئے اسے اور نہ مرو تم مگر مسلمان ہو کر فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

لو أن قطرة من الزقوم قطرت في دار الدنيا لأفسدت على أهل الأرض معايشهم فكيف بمن يكون طعامه رواه

اگر ایک قطرہ زقوم سے ٹپکے دنیا میں تو البتہ بگاڑ دے زمین والوں پر انکا گذران پھر کیسا ہوگا حال اسکا کہ وہ خوراک اسکا ہوگا روایت کیا اسکو

الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح وعن أبي سعيد عن النبي صلى الله عليه وسلم قال وهم فيها كالحون قال تشويه النار فتقلص

ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے ابی سعید سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا آیت وہم فیہا کالحون کی تفسیر میں حضرت نے فرمایا جلا دیگی انکو آگ پس سمٹ جاویگا

شفته العليا حتى تبلغ وسط رأسه وتسترخي شفته السفلى حتى تضرب سرته رواه الترمذي وعن أنس عن النبي صلى الله

اسکا اوپر کا ہونٹ یہانتک کہ پہنچیگا بیچ سر کے تالو تک اور لٹکنے لگیگا ہونٹ نیچے کا یہانتک کہ پہنچیگا اسکی ناف تک روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس سے نبی صلے اللہ

عليه وسلم قال يا أيها الناس ابكوا فإن لم تستطيعوا فتباكوا فإن أهل النار يبكون في النار حتى تسيل دموعهم في وجوههم

علیہ وسلم سے کہ فرمایا اے لوگو رویا کرو پھر اگر رو نہ سکتے ہو تو رولاؤ اپنے کو کیونکہ دوزخی لوگ روینگے دوزخ میں یہانتک کہ بہینگے آنسو انکے ان کے مونہوں پر

كأنها جداول حتى تنقطع الدموع فتسيل الدماء فتقرح العيون فلو أن سفنا أزجيت فيها لجرت رواه في شرح السنة

گویا کہ وہ چھوٹی ندیاں ہیں یہانتک کہ موقوف ہو جاینگے آنسو اور بہنے لگیگا لہو پھر زخمی ہو جاوینگی آنکھیں اگر کشتیاں چلایا جاوے ان میں تو البتہ چلنے لگیں روایت کیا اسکو شرح سنت میں

وعن أبي الدرداء قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يلقى على أهل النار الجوع فيعدل ما هم فيه من العذاب فيستغيثون

اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ڈالی جاویگی بھوک دوزخیوں پر برابر ہوگا عذاب بھوک کا دوزخ کے عذاب کے سو کھانا مانگینگے

فيغاثون بطعام من ضريع لا يسمن ولا يغني من جوع فيستغيثون بالطعام فيغاثون بطعام ذي غصة فيذكرون

تو کھانا دیا جایگا ضریع سے کہ نہ موٹا کریگا انکو اور نہ کام آویگا بھوک کے پھر بھی کھانا مانگینگے تو حلق میں پھنس جانے والا کھانا دیا جایگا سو یاد کرینگے

أنهم كانوا يجيزون الغصص في الدنيا بالشراب فيستغيثون بالشراب فيرفع إليهم الحميم بكلاليب الحديد فإذا دنت

کہ اتارتے تھے حلق میں اٹکے ہوئے کو دنیا میں پانی سے تو پھر پانی مانگینگے سو اٹھایا جاویگا انکی طرف گرم پانی لوہے کے آنکڑوں میں پھر جب نزدیک ہوگا

من وجوههم شوت وجوههم فإذا دخلت بطونهم قطعت ما في بطونهم فيقولون ادعوا خزنة جهنم فيقولون

انکے مونہوں سے تو بھون دیگا انکے مونہوں کو پھر جب داخل ہوگا انکے پیٹوں میں تو ٹکڑے ٹکڑے کر دیگا اسکو جو انکے پیٹوں میں ہے پس کہنے لگینگے پکارو داروغہ دوزخ کو

أَلَمْ تَكُ تَأْتِيكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنَاتِ قَالُوا بَلَى قَالُوا فَادْعُوا وَمَا دُعَاءُ الْكَافِرِينَ إِلَّا فِي ضَلَالٍ قَالَ يَقُولُونَ يَا مَالِكُ لِيَقْضِ

کہا نہیں تھے تم پاس آتے پیغمبر تمہارے معجزوں کے ساتھ کہا انہوں نے ہاں تو پکارو اور نہیں پکارنا کافروں کا مگر بیچ گمراہی کے فرمایا حضرت نے پھر کہینگے اے مالک حکم کرے

عَلَيْنَا رَبُّكَ قَالَ فَيُجِيبُهُمْ إِنَّكُمْ مَاكِثُونَ قَالَ الْأَعْمَشُ نُبِّئْتُ أَنَّ بَيْنَ دُعَائِهِمْ وَإِجَابَةِ مَالِكٍ إِيَّاهُمْ أَلْفَ عَامٍ قَالَ فَيَقُولُونَ ادْعُوا

ہمکو پروردگار تیرا فرمایا حضرت نے پھر جواب دیگا انکو بیشک تم ہمیشہ رہنے والے ہو کہا اعمش نے خبردار ہوا میں درمیان پکارنے دوزخیوں کے اور جواب مالک کے انکو ہزار برس فرمایا پھر کہینگے پکارو

رَبَّكُمْ فَلَا أَحَدَ خَيْرٌ مِنْ رَبِّكُمْ فَيَقُولُونَ رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَالِّينَ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْهَا فَإِنْ عُدْنَا فَإِنَّا

اپنے رب کو کہ کوئی بہتر نہیں تمہارے رب سے تو کہنے لگینگے اے رب ہمارے غلبہ کی ہم پر بدبختی ہماری اور تھے ہم لوگ بہکے ہوئے اے رب ہمارے نکال ہمکو اس سے پس اگر پھر کریں ہم تو بیشک

ظَالِمُونَ قَالَ فَيُجِيبُهُمْ اخْسَئُوا فِيهَا وَلَا تُكَلِّمُونِ قَالَ فَعِنْدَ ذَلِكَ يَئِسُوا مِنْ كُلِّ خَيْرٍ وَعِنْدَ ذَلِكَ يَأْخُذُونَ فِي الزَّفِيرِ

بے انصاف ہیں فرمایا حضرت نے پھر جواب دیگا انکو پڑے رہو اسمیں اور بات مت کرو فرمایا پھر نزدیک اسکے ناامید ہو جاوینگے سب بھلائی سے اور اسوقت لگینگے چلانے

وَالْحَسْرَةِ وَالْوَيْلِ قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَالنَّاسُ لَا يَرْفَعُونَ هٰذَا الْحَدِيثَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ

اور افسوس کرنے اور آہ کرنے کہا عبد اللہ بن عبد الرحمن نے اور لوگ مرفوع نہیں کہتے ہیں اس حدیث کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے نعمان بن

بَشِيرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَنْذَرْتُكُمُ النَّارَ أَنْذَرْتُكُمُ النَّارَ فَمَا زَالَ يَقُولُهَا حَتَّى لَوْ كَانَ فِي مَقَامِي

بشیر سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے ڈراتا ہوں میں تمکو دوزخ سے ڈراتا ہوں میں تمکو دوزخ سے پھر بار بار فرماتے تھے اسکو یہانتک کہ اگر ہوتے حضرت میری اس جگہ

هٰذَا سَمِعَهُ أَهْلُ السُّوقِ وَحَتَّى سَقَطَتْ خَمِيصَةٌ كَانَتْ عَلَيْهِ عِنْدَ رِجْلَيْهِ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ

تو سنتے اسکو بازار والے اور یہانتک کہ گر پڑی چادر انکی جو آپ پر تھی حضرت کے پاؤں کے پاس روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو بن

الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ أَنَّ رَصَاصَةً مِثْلَ هٰذِهِ وَأَشَارَ إِلَى مِثْلِ الْجُمْجُمَةِ أُرْسِلَتْ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى

العاص سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر یہ ڈالا جاوے شیشہ مثل اسکے اور اشارہ فرمایا حضرت نے طرف مثل جمجمہ کے چھوڑا جاوے آسمان سے طرف

الْأَرْضِ وَهِيَ مَسِيرَةُ خَمْسِمِائَةِ سَنَةٍ لَبَلَغَتِ الْأَرْضَ قَبْلَ اللَّيْلِ وَلَوْ أَنَّهَا أُرْسِلَتْ مِنْ رَأْسِ السِّلْسِلَةِ لَسَارَتْ أَرْبَعِينَ

زمین کے اور وہ مسافت پانسو برس کی ہے البتہ پہنچے وہ رصاصہ زمین کو پیشتر رات کے اور اگر وہی رصاصہ چھوڑا جاوے سرے زنجیر کے تو البتہ چلا جاویگا چالیس

خَرِيفًا اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ قَبْلَ أَنْ تَبْلُغَ أَصْلَهَا أَوْ قَعْرَهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

برس تک رات اور دن قبل پہنچنے اسکے آخر کو یا اسکے نہایت کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی بردہ سے اسنے اپنے باپ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

إِنَّ فِي جَهَنَّمَ لَوَادِيًا يُقَالُ لَهُ هَبْهَبُ يَسْكُنُهُ كُلُّ جَبَّارٍ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ

کہ دوزخ میں ایک وادی ہے کہ جسکو ہبہب کہتے ہیں بسینگے وہاں سارے مغرور روایت کیا اسکو دارمی نے

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

فصل تیسری

عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَعْظُمُ أَهْلُ النَّارِ فِي النَّارِ حَتَّى إِنَّ بَيْنَ شَحْمَةِ أُذُنِ أَحَدِهِمْ إِلَى عَاتِقِهِ مَسِيرَةَ سَبْعِمِائَةِ عَامٍ وَإِنَّ غِلَظَ جِلْدِهِ سَبْعُونَ

روایت ہے ابن عمر سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ بہت موٹے ہو جاوینگے دوزخی دوزخ میں یہانتک کہ درمیان کان کی لو اور کندھے تک مسافت سات سو برس کی ہوگی اور موٹاپن انکے پوست کا ستر

ذِرَاعًا وَإِنَّ ضِرْسَهُ مِثْلُ أُحُدٍ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ فِي النَّارِ

گز اور دانت اسکے مثل احد کے اور روایت ہے عبد اللہ بن الحارث بن جزء سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک دوزخ میں

حَيَّاتٍ كَأَمْثَالِ الْبُخْتِ تَلْسَعُ إِحْدَاهُنَّ اللَّسْعَةَ فَيَجِدُ حُمُوَّتَهَا أَرْبَعِينَ خَرِيفًا وَإِنَّ فِي النَّارِ عَقَارِبَ كَأَمْثَالِ الْبِغَالِ الْمُوكَفَةِ

سانپ ہیں مانند موٹے اونٹوں کے کہ ڈسیگا ایک انمیں کا ایک ڈسنا کہ پاویگا اثر اسکا چالیس برس تک اور بیشک دوزخ میں بچھو ہیں مانند خچروں پالان دار کے

تسع احدٰهن التسعة فيجد حموها اربعين خريفا رواه احمد وعن الحسن قال حدثنا ابو هريرة عن رسول الله صلى

دس گیارہ ایک انمیں کا ایسا دستا کہ پاویگا سختی اسکی چالیس سال برس تک روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے حسن سے کہا حدیث بیان کیا ہمکو ابو ہریرہ نے رسول خدا صلے

الله عليه وسلم قال الشمس والقمر ثوران مكوران في النار يوم القيمة فقال الحسن وما ذنبهما فقال احدثك عن رسول الله

اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آفتاب اور چاند دو بیل لپیٹ کر ڈالا جاویگا دوزخ میں قیامت کے دن پس کہا حسن نے اور کیا گناہ ہے ان دونوں کا تو کہا ابو ہریرہ نے خبر دیتا ہوں میں تجھکو رسول

صلى الله عليه وسلم فسكت الحسن رواه البيهقي في كتاب البعث والنشور وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله

صلے اللہ علیہ وسلم سے سو چپ ہو گیا حسن روایت کیا اسکو بیہقی نے کتاب البعث والنشور میں اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم لا يدخل النار الا شقي قيل يا رسول الله ومن شقي قال من لم يعمل لله بطاعة ولم يترك له معصية رواه ابن ماجة

علیہ وسلم نے نہیں داخل ہوگا دوزخ میں مگر بدبخت عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ کون بدبخت ہے فرمایا حضرت نے جو کوئی نہ کیا خدا کے لئے کوئی عمل اور نہ چھوڑا اسکے ڈر سے کوئی گناہ

باب خلق الجنة والنار

الفصل الاول

عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تحاجت الجنة والنار

باب بیدا کرنے میں جنت اور دوزخ کے فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے گفتگو کی آپس میں جنت اور دوزخ

فقالت النار اوثرت بالمتكبرين والمتجبرين وقالت الجنة فما لي لا يدخلني الا ضعفاء الناس وسقطهم وغرتهم قال الله للجنة

تو کہا دوزخ نے اختیار کی گئی ہوں میں مغرور اور گردن کشوں کے لئے اور کہا جنت نے پس کیا ہوا مجھکو کہ نہ آوینگے مجھ میں مگر مسکین لوگ جو نظر سے گرے ہوئے اور بے وقوف فرمایا اللہ تعالی نے

انما انت رحمتي ارحم بك من اشاء من عبادي وقال للنار انما انت عذابي اعذب بك من اشاء من عبادي ولكل واحدة

کہ بس تو میری رحمت ہے رحم کرونگا تیرے سبب جسکو چاہونگا اپنے بندوں سے اور فرمایا دوزخ کو بس تو میرا عذاب ہے تیرے سبب سے عذاب دونگا جسکو چاہونگا اپنے بندوں سے اور ہر ایک کے لئے

منكما ملؤها فاما النار فلا تمتلئ حتى يضع الله رجله يقول قط قط قط فهنالك تمتلئ ويزوى بعضها الى بعض فلا يظلم

تم دونوں میں بھرتی ہے لیکن دوزخ نہ بھرے گی یہاں تک کہ رکھیگا اللہ تعالی اپنے رجل کو تو کہیگی دوزخ بس بس بس سو اسوقت بھر جاویگی اور سمٹ جاویگی ساری بس ظلم نہ کریگا

الله من خلقه احدا واما الجنة فان الله ينشئ لها خلقا متفق عليه وعن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تزال

اللہ اپنی مخلوقات میں کسیکو اور لیکن جنت بس تحقیق اللہ پیدا کریگا اسکے لئے لوگ تازہ ق اور روایت ہے انس سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا ہمیشہ ہی

جهنم يلقى فيها وتقول هل من مزيد حتى يضع رب العزة فيها قدمه فينزوي بعضها الى بعض فتقول قط قط بعزتك و

دوزخ کہ ڈالا جاوینگے اسمیں لوگ اور کہیگی کچھ اور بھی زیادہ یہاں تک کہ عزت والا پروردگار اپنا قدم اسمیں رکھیگا تو دوزخ سمٹ جاوینگی اور کہنے لگیگی بس بس تیرے عزت اور

كرمك ولا يزال في الجنة فضل حتى ينشئ الله لها خلقا فيسكنهم فضل الجنة متفق عليه وذكر حديث انس حفت الجنة

کرم کی قسم اور ہمیشہ جنت بچی رہیگی یہانتک کہ پیدا کریگا اللہ تعالی اسکے لئے لوگ پھر بسا دیگا انکو باقی وسعت جنت میں ق اور مذکور ہو چکی حدیث انس کی ڈھانپی گئی ہے جنت

بالمكاره في كتاب الرقاق

الفصل الثاني

عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لما خلق الله الجنة قال لجبريل اذهب

ناپسند کاموں سے کتاب الرقاق میں فصل دوسری روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جب کہ بنایا اللہ جنت کو فرمایا جبرئیل کو جا

فانظر اليها فذهب فنظر اليها والى ما اعد الله لاهلها فيها ثم جاء فقال اي رب وعزتك لا يسمع بها احد الا دخلها

اور دیکھ اسکو تو گئے جبرئیل اور دیکھے اسکو اور ان چیزوں کو کہ تیار کیا اللہ نے بہشتیوں کے لئے جنت میں پھر آئے اور عرض کرے ای میرے رب تیری عزت کی قسم نہ سنیگا جنت کو کوئی مگر داخل ہو

ثم حفها بالمكاره ثم قال يا جبريل اذهب فانظر اليها قال فذهب فنظر اليها ثم جاء فقال اي رب وعزتك لقد خشيت

پھر ڈھانپ دیا جنت کو ناپسند کاموں سے پھر فرمایا ای جبرئیل جا اور نظر کر جنت کو فرمایا حضرت نے پھر گئے اور دیکھے اسکو پھر آئے اور عرض کرے ای میرے رب تیری عزت کی قسم البتہ ڈرتا ہوں میں

أن لا يدخلها أحد قال فلما خلق الله النار قال يا جبريل اذهب فانظر إليها قال فذهب فنظر إليها ثم جاء فقال أي
کہ نہ داخل ہوگا جنت میں کوئی فرمایا حضرت نے پھر جب پیدا کیا اللہ تعالی نے دوزخ کو فرمایا اے جبرئیل جا اور دیکھ دوزخ کو پس گئے جبرئیل اور دیکھا اسکو پھر آئے اور عرض کی اے

رب وعزتك لا يسمع بها أحد فيدخلها فحفها بالشهوات ثم قال يا جبريل اذهب فانظر إليها قال فذهب فنظر إليها ثم جاء فقال
پروردگار قسم ہے تیری عزت کی نہ سنیگا حال دوزخ کا کوئی کہ داخل ہونا چاہیگا پھر ڈھانکا اسکو خواہشوں کے ساتھ پھر فرمایا اے جبرئیل جا اور دیکھ اسکو پس گئے اور دیکھا پھر آئے پھر عرض کی

أي رب وعزتك لقد خشيت أن لا يبقى أحد إلا دخلها رواه الترمذي وأبو داود والنسائي الفصل الثالث عن
اے پروردگار قسم ہے تیری عزت کی تحقیق ڈرا میں اس سے کہ نہ باقی رہیگا کوئی مگر داخل ہوگا اسمیں روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود اور نسائی نے فصل تیسری روایت ہے

أنس أن رسول الله صلى الله عليه وسلم صلى لنا يوما الصلاة ثم رقي المنبر فأشار بيده قبل قبلة المسجد فقال قد أريت
انس سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی ہمکو ایک دن کوئی نماز پھر سوار ہوئے منبر پر اور اشارہ کیا اپنے ہاتھ سے قبلہ مسجد کیطرف اور فرمایا تحقیق دکھلائی گئیں

الآن منذ صليت لكم الصلاة الجنة والنار ممثلتين في قبل هذا الجدار فلم أر كاليوم في الخير والشر رواه البخاري باب
اب سے کہ نماز پڑھائی میں نے تمکو بہشت اور دوزخ صورت پکڑے ہوئے دونوں طرف اس دیوار کے پس نہیں دیکھا میں نے مانند آج کے دن کے بھلائی اور برائی میں روایت کیا اسکو بخاری نے باب

بدء الخلق وذكر الأنبياء عليهم الصلاة والسلام

الفصل الأول عن عمران بن حصين قال إني كنت
شروع پیدائش میں اور ذکر میں انبیا علیہم الصلوۃ والسلام کے فصل پہلی روایت ہے عمران بن حصین سے کہا تحقیق میں تھا

عند رسول الله صلى الله عليه وسلم إذ جاءه قوم من بني تميم فقال اقبلوا البشرى يا بني تميم قالوا بشرتنا فأعطنا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا کہ ناگاہ آئے آپ پاس ایک جماعت بنی تمیم کی پس فرمایا حضرت نے قبول کرو خوشخبری کو اے اولاد تمیم کی کہا انہوں نے خوشخبری دی تو نے ہمکو پس دے ہمکو

فدخل ناس من أهل اليمن فقال اقبلوا البشرى يا أهل اليمن إذ لم يقبلها بنو تميم قالوا قبلنا جئناك لنتفقه في
پھر آئے یمن والے کتنے آدمی تو فرمایا حضرت نے قبول کرو خوشخبری کو اے یمن والو کیونکہ نہیں قبول کیا اسکو بنی تمیم نے کہا انہوں نے قبول کیا ہم نے آئے ہیں ہم آپکے پاس کہ سمجھ پیدا کریں

الدين ولنسألك عن أول هذا الأمر ما كان قال كان الله ولم يكن شيء قبله وكان عرشه على الماء ثم خلق السموات والأرض
دین کی اور تاکہ پوچھیں آپ سے اس کام کے اول سے کہ کیا تھا فرمایا حضرت نے تھا اللہ اور نہیں تھی کوئی چیز پہلے اسکے اور تھا عرش اسکا پانی پر پھر پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو

وكتب في الذكر كل شيء ثم أتاني رجل فقال يا عمران أدرك ناقتك فقد ذهبت فانطلقت أطلبها وايم الله لوددت
اور لکھا لوح محفوظ میں ہر چیز کو پھر آیا مجھ پاس ایک مرد اور کہا اے عمران ڈھونڈ لے اپنی اونٹنی کو کہ چلی گئی ہے پھر نکلا میں اسکے ڈھونڈنے کو اور قسم ہے خدا کی البتہ چاہتا تھا

أنها قد ذهبت ولم أقم رواه البخاري وعن عمر قال قام فينا رسول الله صلى الله عليه وسلم مقاما فأخبرنا عن بدء
کہ اونٹنی چلی جاتی اور میں نہ اٹھتا حضرت کے پاس سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عمر سے کہا کھڑے ہوئے ہم میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ایک جگہ پھر خبر دی ہمکو شروع

الخلق حتى دخل أهل الجنة منازلهم وأهل النار منازلهم حفظ ذلك من حفظه ونسيه من نسيه رواه البخاري
پیدائش سے یہاں تک کہ داخل ہوویں جنتی اپنے ٹھکانے اور دوزخی اپنے ٹھکانے یاد رکھا اسکو جسنے یاد رکھا اور بھول گیا اسکو جو بھول گیا روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن أبي هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إن الله تعالى كتب كتابا قبل أن يخلق الخلق إن رحمتي
اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ تحقیق اللہ تعالی نے لکھا ایک کتاب پہلے پیدا کرنے خلق کے کہ رحم میرا

سبقت غضبي فهو مكتوب عنده فوق العرش متفق عليه وعن عائشة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال
بڑھ گیا ہے غضب پر سو وہ لکھا ہوا ہے اسکے پاس عرش کے اوپر متفق ہے اور روایت ہے عائشہ سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا

خلقت الملئکة من نور وخلق الجان من مارج من نار وخلق آدم مما وصف لکم رواہ مسلم وعن انس ان رسول اللہ صلی اللہ
بنائے گئے فرشتے نور سے اور بنایا گیا جان آتش کے شعلہ سے اور بنائے گئے آدم اس چیز سے کہ بیان ہو تمہارے لئے قرآن میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلے اللہ

علیہ وسلم قال لما صور اللہ آدم فی الجنة ترکہ ما شاء اللہ ان یترکہ فجعل ابلیس یطیف بہ ینظر ما ہو فلما راہ اجوف عرف انہ
علیہ وسلم نے فرمایا جب صورت بنایا اللہ نے آدم کی جنت میں چھوڑ دیا اسکو جب تک کہ چاہا اللہ نے چھوڑنا اسکو تو پھرنے لگا ابلیس اسکے گرد دیکھتا ہو کہ کیا ہے پس جب دیکھا اسکو خالی تو پہچانا

خلق خلقا لا یتمالک رواہ مسلم وعن ابی ہریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اختتن ابراہیم النبی وہو ابن
کہ آدم بنایا گیا ہے ایسا جو نہ تھام سکیگا اپنے نفس کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ختنہ کیا ابراہیم نبی نے حالانکہ وہ

ثمانین سنة بالقدوم متفق علیہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لم یکذب ابراہیم الا ثلث کذبات
اسی برس کے تھے بسولہ سے متفق علیہ اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں جھوٹ کہا ابراہیم نے مگر تین جھوٹھ باتیں

ثنتین منہن فی ذات اللہ قولہ انی سقیم وقولہ بل فعلہ کبیرہم وقال بینا ہو ذات یوم وسارة اذ اتی علی جبار من
دو ان میں سے واسطے خدا کے ایک کہنا اسکا کہ میں بیمار ہوں اور دوسرا کہنا اسکا بلکہ کیا ہے یہ بڑا ان کا اور فرمایا حضرت نے کہ درمیان ایک دن کے کہ ابراہیم اور سارہ گذرے ظالم پر ظالموں میں سے

الجبابرة فقیل لہ ان ہہنا رجلا معہ امرأة من احسن الناس فارسل الیہ فسألہ عنہا من ہذہ قال اختی فاتی سارة
پس کہا گیا اس ظالم کو کہ یہاں ایک مرد آیا ہے کہ ساتھ اسکے ایک عورت ہے خوبصورت لوگوں میں پس بھیجا ابراہیم کو اور پوچھا اس سے کہ کون ہے یہ عورت کہا ابراہیم نے یہ بہن میری ہے پس آئے سارہ کے پاس

فقال لہا ان ہذا الجبار ان یعلم انک امرأتی یغلبنی علیک فان سألک فاخبریہ انک اختی فانک اختی فی
اور کہا اسکو کہ اگر یہ ظالم جانیگا کہ تو عورت میری ہے تو نکال لیوے گا مجھ سے تجھکو پھر اگر تو پوچھے تجھ سے تو بھی خبر دے اسکو تو بہن میری ہے کیونکہ تو بہن میری ہے

الاسلام لیس علی وجہ الارض مؤمن غیری وغیرک فارسل الیہا فاتی بہا قام ابراہیم یصلی فلما دخلت علیہ ذہب یتناولہا
اسلام میں کہ نہیں ہے روئے زمین پر کوئی مومن سوا میرے اور تیرے پھر بلا بھیجا سارہ کو پھر گئی پاس اسکے تو کھڑا ہوا ابراہیم نماز پڑھنے جب داخل ہوئی سارہ اسکے پاس جا کر بڑھا کہ پکڑے اسکو

بیدہ فاخذ ویروی فغط حتی رکض برجلہ فقال ادعی اللہ لی ولا اضرک فدعت اللہ فاطلق ثم تناولہا الثانیة فاخذ
اپنے ہاتھ سے پس پکڑا گیا یہاں تک کہ پاؤں مارنے لگا پس کہا دعا کر اللہ سے میرے لئے اور نہیں ایذا دونگا تجھکو پس دعا کی سارہ نے اللہ سے تو نجات پایا پھر ہاتھ بڑھایا دوسری بار

مثلہا او اشد فقال ادعی اللہ لی ولا اضرک فدعت اللہ فاطلق فدعا بعض حجبتہ فقال انک لم تأتنی بانسان انما اتیتنی
مانند اول یا اس سے بھی سخت پس کہا دعا کر اللہ سے میرے لئے اور نہیں ایذا دونگا پس دعا کی سارہ نے اللہ سے تو چھوڑا گیا پھر بلایا بعض دربانوں اپنے کو پس کہا تو نہیں لایا میرے پاس آدمی تو لایا ہے مجھ پاس

بشیطان فاخدمہا ہاجر فاتتہ وہو قائم یصلی فاومأ بیدہ مہیم قالت رد اللہ کید الکافر فی نحرہ واخدم ہاجر قال ابو ہریرة
شیطان کو سو سارہ کو خدمت کیلئے دیا ہاجرہ کو پھر آئی سارہ ابراہیم پاس اور وہ کھڑے تھے نماز پڑھتے تو اشارہ کیا ابراہیم نے ہاتھ سے کہ کیا حال ہے کہا پھیرا اللہ نے فریب کافر کا اسکے سینہ میں اور خدمت کو دی ہاجرہ کہا ابوہریرہ نے

تلک امکم یا بنی ماء السماء متفق علیہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نحن احق بالشک من ابراہیم اذ
یہ ہاجرہ تمہاری ماں ہے اے اولاد آسمان کے پانی کی متفق علیہ اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہم بہت سزاوار ہیں شک کرنے میں ابراہیم سے جب کہ

قال رب ارنی کیف تحیی الموتی قال اولم تؤمن قال بلی ولکن لیطمئن قلبی ویرحم اللہ لوطا لقد کان یأوی الی
کہا ابراہیم نے اے رب دکھلا مجھکو کیونکر جلاتا ہے تو مردوں کو فرمایا کیا تو ایمان نہیں لایا کہا ایمان لایا ولیکن تسکین ہو میرے دل کو اور رحم کرے خدا لوط پر بیشک پناہ ڈھونڈھا تھا

رکن شدید ولو لبثت فی السجن طول ما لبث یوسف لاجبت الداعی متفق علیہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
رکن شدید کی طرف اور اگر رہتا میں قید خانہ میں جتنا رہے یوسف تو البتہ قبول کر لیتا بلانے والے کو متفق علیہ اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ

وسلم إن موسى كان رجلاً حيياً ستيراً لا يرى من جلده شيء استحياء فآذاه من آذاه من بني إسرائيل فقالوا ما تستّر

وسلم نے بیشک موسی تھے مرد حیاوالے بہت ڈھانپنے والے نہیں دیکھا کرتے ان کے بدن سے کچھ بھی بسبب حیا کے پھر ایذا دیا انکو کسی نے جو ایذا دینی یا انکو بنی اسرائیل تو کہنے لگے نہیں

هذا التستّر إلا من عيب بجلده إما برص أو أدرة وإن الله أراد أن يبرّئه فخلا يوماً وحده ليغتسل فوضع ثوبه على

ایسا بدن ڈھانپتا مگر بسبب کسی عیب کے جو ان کے بدن میں ہے برص یا خصیہ کا بھاری ہے اور اللہ تعالی نے چاہا کہ پاکی ظاہر کرے موسی کی قوم پر تو خالی ہوا ایک دن اکیلے غسل کو پھر اپنے

حجر ففرّ الحجر بثوبه فجمح موسى في أثره يقول ثوبي يا حجر ثوبي يا حجر حتى انتهى إلى ملأ من بني إسرائيل فرأوه عرياناً

ایک پتھر پر تو بھاگنے لگا وہ پتھر انکے کپڑے لے کے تو دوڑے موسی اسکے پیچھے کہتے ہوئے کپڑا دے اے پتھر کپڑا دے اے پتھر یہانتک کہ پہنچے موسی ایک جماعت بنی اسرائیل کے تو انھوں نے دیکھا موسی کو ننگا

أحسن ما خلق الله وقالوا والله ما بموسى من بأس وأخذ ثوبه وطفق بالحجر ضرباً فوالله إن بالحجر لندباً من أثر

بے عیب اچھا تمام خلق اللہ کے اور کہا انھوں نے قسم اللہ کی نہیں ہے موسی کو کچھ عیب اور لے لیے موسی نے اپنے کپڑے اور لگے مارنے پتھر کو سو قسم ہے خدا کی کہ پتھر میں پیدا ہوا نشان

ضربه ثلاثاً أو أربعاً أو خمساً متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بينا أيوب يغتسل عرياناً فخرّ

ان کے مار کا تین یا چار یا پانچ ۔ ق × اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ایک وقت ایوب پیغمبر غسل کرتے تھے برہنے تو گرا

عليه جراد من ذهب فجعل أيوب يحثي في ثوبه فناداه ربه يا أيوب ألم أكن أغنيتك عما ترى قال بلى وعزتك ولكن

ان پر سونے کی ایک ٹڈی دل تو لگے ایوب بھرنے کو اپنے کپڑے میں پھر ندا کیا اسکو اسکے رب نے اے ایوب کیا تو نہیں کیا میں نے تجھکو اس چیز سے جو تو دیکھتا ہے کہا ہاں قسم ہے تیری عزت کی ولیکن

لا غنى بي عن بركتك رواه البخاري وعنه قال استبّ رجل من المسلمين ورجل من اليهود فقال المسلم والذي

نہیں ہے بے نیازی مجھکو تیری زیادتی نعمت سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ گالی دی آپس میں ایک مرد مسلمان اور یہودی نے سو کہا مسلمان نے قسم ہے اس ذات کی

اصطفى محمداً على العالمين فقال اليهودي والذي اصطفى موسى على العالمين فرفع المسلم يده عند ذلك فلطم

کہ پسند کیا محمد کو جہان کے لوگوں پر تو کہا یہودی نے قسم ہے اس ذات کی کہ پسند کیا موسی کو جہان کے لوگوں پر پھر اپنا ہاتھ اٹھایا مسلمان نے اس بات کے کہنے کے وقت اور طمانچہ مارا

وجه اليهودي فذهب اليهودي إلى النبي صلى الله عليه وسلم فأخبره بما كان من أمره وأمر المسلم فدعا النبي

منہ پر یہودی کے سو فریاد کیا یہودی نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دیا آپکو اس معاملہ کی جو واقع ہوا تھا درمیان اپنے اور مسلمان کے پھر بلایا نبی

صلى الله عليه وسلم المسلم فسأله عن ذلك فأخبره فقال النبي صلى الله عليه وسلم لا تخيّروني على موسى فإن

صلے اللہ علیہ وسلم نے مسلمان کو اور پوچھا اسکو اس بات سے تو خبر دیا اسنے جو کچھ کہ گذرا تھا تو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فضیلت دو تم مجھکو موسی پر کیونکہ

الناس يصعقون يوم القيامة فأصعق معهم فأكون أول من يفيق فإذا موسى باطش بجانب العرش فلا أدري

لوگ بیہوش پڑے ہونگے قیامت کے دن تو بیہوش پڑا ہونگا میں بھی انکے ساتھ سو میں ہونگا اول ہوش میں آنے والوں تو یکایک دیکھونگا موسی کو کہ پکڑا ہوا ہے پایہ عرش کا تو نہیں

كان فيمن صعق فأفاق قبلي أو كان فيمن استثنى الله فصعق من في السموات ومن في الأرض إلا من شاء الله وفي رواية

دیکھا موسی ان لوگوں میں کہ بیہوش پڑ گئے تھے اور ہوش میں آئے پہلے میرے یا تھا موسی ان لوگوں میں کہ استثنا کیا اللہ نے ہلاک ہوگیا جو کچھ کہ آسمان اور زمین میں ہے مگر جس شخص کو چاہا اللہ اور ایک روایت میں

فلا أدري أحوسب بصعقة يوم الطور أو بعث قبلي ولا أقول إن أحداً أفضل من يونس بن متى وفي رواية

ہے پس نہیں جانتا ہوں کہ آیا حساب کئے گئے یا بیہوشی طور کے صعقہ سے یا صعقہ سے موسی بھی لیکن اٹھ گئے قبل میرے اور نہیں کہتا ہوں کہ کوئی پیغمبر فاضلتر یونس بن متی سے

أبي سعيد قال لا تخيّروا بين الأنبياء متفق عليه وفي رواية أبي هريرة لا تفضّلوا بين أنبياء الله وعن أبي هريرة

ابی سعید کے یہی فرمایا کہ برگزیدہ کرو کسی نبی کو درمیان انبیا کے ۔ ق × اور روایت ابی ہریرہ میں ہے کہ فضیلت دو کسی کو درمیان خدا کے پیغمبروں کے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما ينبغي لعبد أن يقول إني خير من يونس بن متى متفق عليه وفي رواية

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں لائق ہے کسی بندے کو کہ کہے میں بہتر ہوں یونس بن متی سے متفق علیہ اور ایک روایت میں

للبخاري قال من قال أنا خير من يونس بن متى فقد كذب وعن أبي بن كعب قال قال رسول الله صلى الله عليه

بخاری کے ہے فرمایا جس نے کہا کہ میں بہتر ہوں یونس بن متی سے سو بیشک اس نے جھوٹ کہا اور روایت ہے ابی بن کعب سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ

وسلم إن الغلام الذي قتله الخضر طبع كافرا ولو عاش لأرهق أبويه طغيانا وكفرا متفق عليه وعن أبي هريرة

وسلم نے بیشک وہ لڑکا کہ جسکو مار ڈالا خضر نے بنایا گیا تھا کافر اور اگر جیتا رہتا تو البتہ تکلیف پہنچاتا ماں باپ کو ظلم اور کفر کے سبب سے متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إنما سمي الخضر لأنه جلس على فروة بيضاء فإذا هي تهتز من خلفه خضراء

نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ نہیں نام ہوا خضر مگر اسلیے کہ انہوں نے بیٹھا سوکھی زمین بنجر پر تو تبھی وہ زمین ہلنے لگی اسکے پیچھے سے ہری ہو کر

رواه البخاري وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم جاء ملك الموت إلى موسى بن عمران فقال له أجب

روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آیا ملک الموت موسی بن عمران کے پاس اور کہا اسکو کہ قبول کر

ربك قال فلطم موسى عين ملك الموت ففقأها قال فرجع الملك إلى الله فقال إنك أرسلتني إلى عبد لك لا

حکم اپنے رب کا فرمایا حضرت نے پھر طمانچہ مارا موسی نے آنکھ پر ملک الموت کے اور پھوڑ دیا اسکو فرمایا حضرت نے پھر پلٹ گیا وہ فرشتہ خدا کے پاس اور عرض کیا کہ تو نے بھیجا مجھکو اپنے بندے کے پاس

يريد الموت وقد فقأ عيني قال فرد الله إليه عينه وقال ارجع إلى عبدي فقل الحياة تريد فإن كنت تريد الحياة

نہیں چاہتا ہے مرنے کو اور تحقیق پھوڑ دیا اسنے آنکھ میری فرمایا حضرت نے پھر دیا اللہ تعالے نے آنکھ اسکی اور فرمایا پھر جا اس بندہ کے پاس اور کہہ کیا جینا چاہتا ہے تو پھر اگر جینا چاہتا ہے

فضع يدك على متن ثور فما توارت يدك من شعرة فإنك تعيش بها سنة قال ثم مه قال ثم تموت قال فالآن

تو رکھ ہاتھ اپنا پیٹھ پر بیل کے پھر جتنا کہ ڈھانپے ہاتھ تیرا اسکے بالوں سے تو جیوے گا تو اتنے ہی برس کہا موسی نے پھر کیا ہے کہا فرشتے نے پھر مریگا تو موسی نے کہا ابھی

من قريب رب أدنني من الأرض المقدسة رمية بحجر قال رسول الله صلى الله عليه وسلم والله لو أني عنده

اختیار کیا تو نے مرنا اور کہا اے رب نزدیک کر مجکو زمین پاک کے اگرچہ مقدار پتھر پھینکنے کے ہو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اللہ کی اگر ہوتا میں بیت المقدس کے پاس

لأريتكم قبره إلى جنب الطريق عند الكثيب الأحمر متفق عليه وعن جابر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال

تو البتہ دکھلاتا میں تمکو قبر اسکی ایک جانب راہ کے لال ٹیکرے کے پاس متفق علیہ اور روایت ہے جابر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

قد عرض علي الأنبياء فإذا موسى ضرب من الرجال كأنه من رجال شنوءة ورأيت عيسى بن مريم فإذا أقرب

کہ دکھلائے گئے مجکو انبیا تو کہاں موسی اس قسم مردوں سے ہیں گویا کہ وہ مردوں سے ہیں شنوءہ کے اور دیکھا میں نے عیسی بن مریم کو تو وہ بہت ملتے ہیں

من رأيت به شبها عروة بن مسعود ورأيت إبراهيم فإذا أقرب من رأيت به شبها صاحبكم يعني نفسه

اسکے جو دیکھا میں نے … عروہ بن مسعود کے اور دیکھا میں نے ابراہیم کو تو وہ بہت قریب ہیں اس شخص کے کہ دیکھا … مشابہ تمہارے یار کے مراد رکھتے اپنے

ورأيت جبريل فإذا أقرب من رأيت به شبها دحية بن خليفة رواه مسلم وعن ابن عباس عن النبي صلى الله

اور دیکھا میں نے جبریل کو تو وہ بہت قریب ہیں اسکے جو دکھلائی دیا … مشابہ دحیہ بن خلیفہ کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس سے نبی صلے اللہ

عليه وسلم قال رأيت ليلة أسري بي موسى رجلا آدم طوالا جعدا كأنه من رجال شنوءة ورأيت عيسى رجلا مربوعا

علیہ وسلم سے فرمایا دیکھا میں نے معراج کی رات موسی کو کہ ایک مرد گندم گوں دراز قد کے گھونگر والے بال گویا کہ مردوں سے شنوءہ کے ہیں اور دیکھا میں نے عیسی کو …

الخلق إلى الحمرة والبياض سبط الرأس ورأيت مالكا خازن النار والدجال في آيات أراهن الله إياه فلا تكن في مرية

پیدائش کا سرخی اور سفیدی میں تھے سیدھے بال تھے اور دیکھا میں نے مالک کو جو خزانچی ہے دوزخ کا اور دجال کو راوی کہتا ہے یہ دیکھا حضرت نے ان نشانیوں میں جو دکھائیں اللہ نے حضرت کو پس تو نہ ہو شک میں

من لقائه متفق عليه. وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليلة أسري بي لقيت موسى فنعته

حضرت کے دیکھنے سے ق اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے رات معراج کے ملا میں موسے سے پھر صفت فرمائی

فإذا رجل مضطرب رجل الشعر كأنه من رجال شنوءة ولقيت عيسى ربعة أحمر كأنما خرج من ديماس يعني الحمام ورأيت

کہ وہ ایک مرد دراز قد لٹکتے ہوئے بال کے گویا کہ وہ مردوں سے شنوءہ کے ہیں اور ملاقات کی میں نے عیسے سے کہ میانہ قد سرخ رنگ کے گویا کہ نکلے ہیں حمام سے اور دیکھا

إبراهيم وأنا أشبه ولده به قال فأتيت بإناءين أحدهما لبن والآخر فيه خمر فقيل لي خذ أيهما شئت فأخذت

ابراہیم کو حال یہ کہ میں بہت مشابہ ہوں ان کے فرزندوں میں ساتھ ان کے فرمایا حضرت نے پھر دئیے گئے مجھ کو دو باسن کہ ایک میں دودھ اور دوسرے میں شراب پس کہا گیا مجھ کو لے لو جونسا چاہو پس لیا

اللبن فشربته فقيل لي هديت الفطرة أما إنك لو أخذت الخمر غوت أمتك متفق عليه. وعن ابن عباس

دودھ کو اور پیا اس کو پس کہا گیا مجھ کو راہ پایا تو نے اسلام کی آگاہ ہو اگر لیتا تو شراب کو تو گمراہ ہوتی امت تیری ق اور روایت ہے ابن عباس سے

قال سرنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم بين مكة والمدينة فمررنا بواد فقال أي واد هذا فقالوا وادي الأزرق

کہا کہ سیر کیا ہم نے ہمراہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے درمیان مکے اور مدینے کے پس گذرے ہم ایک وادی پر تو فرمایا حضرت نے یہ کونسی وادی ہے لوگوں نے کہا یہ وادی ازرق

قال كأني أنظر إلى موسى فذكر من لونه وشعره شيئا واضعا إصبعيه في أذنيه له جؤار إلى الله بالتلبية مارا بهذا الوادي

فرمایا گویا کہ میں دیکھتا ہوں طرف موسے کی پھر بیان فرمایا ان کے رنگ اور بال کا کچھ حال رکھے ہوئے دو انگلیاں اپنے کانوں میں ان کو آواز ہے بلند ساتھ لبیک کے گذرتے ہوئے اس وادی میں

قال ثم سرنا حتى أتينا على ثنية فقال أي ثنية هذه قالوا هرشى أو لفت فقال كأني أنظر إلى يونس على ناقة حمراء عليه جبة صوف

کہا ابن عباس نے پھر چلے ہم یہاں تک کہ پہنچے ہم ایک بلندی پر فرمایا یہ کون بلندی ہے کہا لوگوں نے ہرشی ہے یا لفت پس فرمایا گویا کہ دیکھتا ہوں میں یونس کو سرخ اونٹنی پر ان پر جبہ ہے صوف کا

خطام ناقته خلبة مارا بهذا الوادي ملبيا رواه مسلم. وعن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال خفف على

مہار ان کے اونٹ کی کھجور کی چھال کی گذرتے ہوئے اس وادی سے لبیک کہتے ہوئے ق اور روایت ہے ابی ہریرہ سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آسان کیا گیا تھا

داود القرآن فكان يأمر بدوابه فتسرج فيقرأ القرآن قبل أن تسرج دوابه ولا يأكل إلا من عمل يديه رواه البخاري

داود پر قرأت زبور اور توریت کی سو حکم کرتے زین باندھنے کا اپنے چوپایوں کو تو زین باندھا جاتا پھر پڑھتے داود قرآن آگے اپنے چوپایوں کو زین کسنے کے اور نہیں کھاتے تھے داود مگر اپنے ہاتھ کی کمائی سے

وعنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال كانت امرأتان معهما ابناهما جاء الذئب فذهب بابن إحداهما فقالت

اور روایت ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ دو عورتیں تھیں ان کے ساتھ ان کے لڑکے تھے آیا بھیڑیا اور لیگیا لڑکے کو ایک کے تو بولی عورت

صاحبتها إنما ذهب بابنك وقالت الأخرى إنما ذهب بابنك فتحاكمتا إلى داود فقضى به للكبرى فخرجتا

اپنی سنگاتی سے کہ نہیں لیگیا بھیڑیا مگر تیرے فرزند کو اور بولی دوسری کہ نہیں لیگیا مگر تیرے فرزند کو پھر فیصلہ چاہا دونوں نے داود سے پس فیصلہ کیا داود نے بڑی کے لیے

على سليمان بن داود فأخبرتاه فقال ائتوني بالسكين أشقه بينكما فقالت الصغرى لا تفعل يرحمك الله هو ابنها

سلیمان بن داود کے پاس اور خبر دی اس سے انکو تو فرمایا سلیمان نے لاؤ چھری پس چاک کروں میں اس لڑکے کو درمیان تمہارے سو بولی چھوٹی عورت ایسا نہ کرو رحم کرے اللہ تم پر یہ لڑکا اس کا

فقضى به للصغرى متفق عليه. وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال سليمان لأطوفن الليلة على تسعين

پھر فیصلہ دیا سلیمان نے لڑکا واسطے چھوٹی کے ق اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہا سلیمان نے البتہ دورہ کرونگا میں آج کی رات نود

امرأة وفي رواية مائة امرأة كلهن تأتي بفارس يجاهد في سبيل الله فقال له الملك قل ان شاء الله فلم يقل
عورت پاس اور ایک روایت میں سو عورت پاس ہر ایک انمیں کی جنے گی ایک سوار کہ جہاد کریگا اللہ کی راہ میں پس کہا اسکو فرشتے نے ان شاء اللہ بول سو نہ کہا انہوں نے

ونسي فطاف عليهن فلم تحمل منهن الا امرأة واحدة جاءت بشق رجل وايم الذي نفس محمد بيده لو قال ان شاء
اور بھول گئے ان شاء اللہ کہنے کو پھر گئے ان سب عورتوں پاس سو حمل نہوا انمیں کسی کو مگر ایک ہی عورت کو جنی آدھا آدمی قسم اسکی کہ جان محمد کی جسکے ہاتھ میں ہے اگر کہتے سلیمان

الله لجاهدوا في سبيل الله فرسانا اجمعون متفق عليه وعنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال كان زكريا
ان شاء اللہ تو البتہ جہاد کرتے راہ خدا میں سوار ہو کر سارے ف اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زکریا تھے

نجارا رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انا اولى الناس بعيسى بن مريم في الاولى والآخرة
لکڑی تراشنے والے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں بہت نزدیک لوگوں میں کا ہوں ساتھ عیسی بن مریم کے اول و آخر میں

الانبياء اخوة من علات امهاتهم شتى ودينهم واحد وليس بيننا نبي متفق عليه وعنه قال قال رسول الله
انبیا سارے بھائی ہیں ایک باپ سے اور مائیں انکی علیحدہ اور دین انکا ایک ہی اور نہیں درمیان ہمارے کوئی نبی ق اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم كل بني آدم يطعن الشيطان في جنبيه باصبعيه حين يولد غير عيسى ابن مريم ذهب يطعن
صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر بنی آدم کہ چھیڑتا ہے شیطان دونوں پہلوؤں میں اسکے اپنی انگلیوں سے پیدا ہونے کے وقت سوا عیسی بن مریم کے کہ گیا تھا شیطان کہ چبھوئے

فطعن في الحجاب متفق عليه وعن ابي موسى عن النبي صلى الله عليه وسلم قال كمل من الرجال كثير ولم يكمل من النساء
اسکو بھی سو لگی لگا پردے میں ق اور روایت ہے ابی موسی سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کامل ہوئے بہت لوگ مردوں میں اور نہیں کامل ہوئی عورتوں میں

الا مريم بنت عمران وآسية امرأة فرعون وفضل عائشة على النساء كفضل الثريد على سائر الطعام متفق
سوا مریم بنت عمران کے اور آسیہ فرعون کی عورت کے اور بزرگی عائشہ کی عورتوں پر جیسے بزرگی ثرید کی سب کھانوں پر ق

عليه وذكر حديث انس يا خير البرية وحديث ابي هريرة اي الناس اكرم وحديث ابن عمر الكريم ابن الكريم في
اور مذکور ہو چکی حدیث انس کی یا خیر البریہ اور حدیث ابی ہریرہ کی ای الناس اکرم اور حدیث ابن عمر کی الکریم ابن الکریم

باب المفاخرة والعصبية

الفصل الثاني

عن ابي رزين قال قلت يا رسول الله اين كان ربنا قبل ان يخلق خلقه
باب المفاخرۃ والعصبیۃ میں فصل دوسری روایت ہے ابی رزین سے کہا کہ عرض کیا میں نے یا رسول اللہ کہاں تھا پروردگار ہمارا پہلے اس سے کہ پیدا کرے مخلوقات

قال كان في عماء ما تحته هواء وما فوقه هواء وخلق عرشه على الماء رواه الترمذي وقال قال يزيد بن هارون
فرمایا کہ تھا عماء میں نہیں تھی نیچے اسکے ہوا اور نہ اوپر اسکے ہوا تھی اور پیدا کیا اپنے عرش کو پانی پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا کہ کہا یزید بن ہارون نے

العماء اي ليس معه شيء وعن العباس بن عبد المطلب زعم انه كان جالسا في البطحاء في عصابة ورسول الله صلى
عماء کنایہ ہے کہ نہیں تھی ساتھ اسکے کوئی چیز ت اور روایت ہے عباس بن عبد المطلب سے کہا انہوں نے بیٹھا تھا درمیان بطحا کے ایک جماعت میں اور رسول اللہ صلے

الله عليه وسلم جالس فيهم فمرت سحابة فنظروا اليها فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما تسمون هذه قالوا
اللہ علیہ وسلم بھی بیٹھے ہوئے تھے ان میں پھر گذرا ایک ٹکڑا ابر کا تو دیکھنے لگے اسکو پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا نام کہتے ہو اس ابر کا کہا انہوں نے

السحاب قال والمزن قالوا والمزن قال والعنان قالوا والعنان قال هل تدرون ما بعد ما بين السماء والارض
سحاب کہتے ہیں حضرت نے فرمایا اور مزن بھی کہتے ہیں کہا انہوں نے ہاں اور مزن بھی کہتے ہیں فرمایا اور عنان بھی کہتے ہیں کہا انہوں نے ہاں اور عنان بھی کہتے ہیں فرمایا کیا جانتے ہو کتنی مسافت ہے آسمان و زمین کے درمیان

قالوا لا ندري قال ان بعد ما بينهما اما واحدة واما اثنتان او ثلاث وسبعون سنة والسماء التي فوقها

کہا انھون نے ہمکو معلوم نہین فرمایا کہ مسافت درمیان انکے یا اکہتر یا بہتر یا تہتر برس کی ہے اور آسمان اسکے اوپر کا

كذلك حتى عد سبع سموات ثم فوق السماء السابعة بحر بين اعلاه واسفله كما بين سماء الى سماء ثم فوق

ویسا ہی ہے یہانتک گنے ساتوں آسمانون کو پھر ساتوین آسمان پر ایک دریا ہے کہ مسافت اسکے اوپر اور نیچے کے درمیان جیسے مسافت ایک آسمان سے دوسرے آسمان تک ہے پھر اوپر

ذلك ثمانية اوعال بين اظلافهن وركبهن مثل ما بين سماء الى سماء ثم على ظهورهن العرش بين اسفله

اسکے آٹھ فرشتے ہین مسافت درمیان انکے سم اور گھٹنے کی جیسی درمیان ایک آسمان کے دوسرے آسمان تک ہے پھر انکی پیٹھون پر عرش ہے مسافت عرش کے نیچے

واعلاه ما بين سماء الى سماء ثم الله فوق ذلك رواه الترمذي وابو داود وعن جبير بن مطعم قال اتى

اور اوپر کی جیسی مسافت درمیان ایک آسمان کے دوسرے آسمان تک ہے پھر اللہ تعالے اوپر اسکے ہے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود نے اور روایت ہے جبیر بن مطعم سے کہا کہ آیا

رسول الله صلى الله عليه وسلم اعرابي فقال جهدت الانفس وجاع العيال ونهكت الاموال وهلكت الانعام

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک گنوار پس کہا سختی سے ہلاک ہوئین جانین اور بھوکے مرتے ہین کنبے اور نقصان ہوئے مال اور مرگئین مواشی

فاستسق الله لنا فانا نستشفع بك على الله ونستشفع بالله عليك فقال النبي صلى الله عليه وسلم سبحان الله

سو مینہ مانگ اللہ سے واسطے ہمارے کیونکہ ہم سفارش چاہتے ہین تمھاری اللہ کے پاس اور اللہ کی تمھارے پاس سو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ پاک ہے اللہ

سبحان الله فما زال يسبح حتى عرف ذلك في وجوه اصحابه ثم قال ويحك انه لا يستشفع بالله على احد شان الله

پاک ہے اللہ سو اللہ کی پاکی بیانتک بولتے رہے کہ اسکا اثر یاروں کے چہروں مین معلوم ہونے لگا پھر فرمایا کہ کیا بیوقوف ہے تو اللہ کو سفارشی نہین لاتے کسی کے آگے اللہ کی شان

اعظم من ذلك ويحك اتدري ما الله ان عرشه على سمواته لهكذا وقال باصابعه مثل القبة عليه وانه ليئط

بڑی ہے اس سے افسوس ہے تجھ پر آیا جانتا ہے تو کہ کیا چیز ہے اللہ بیشک تخت اسکا آسمانوں پر اس طرح ہے اور بتلایا اپنی انگلیون سے قبے کی طرح اور بیشک وہ چرچر بولتا ہے

به اطيط الرحل بالراكب رواه ابو داود وعن جابر بن عبد الله عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذن

اس سے جیسا کہ چرچر بولتا اونٹ کا پالان سوار کے بوجھ سے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ حکم ہوا

لي ان احدث عن ملك من ملائكة الله من حملة العرش ان ما بين شحمة اذنه الى عاتقه مسيرة سبعمائة عام

مجھکو کہ خبر دون میں ایک فرشتے کی اللہ کے فرشتوں سے عرش کے اٹھانے والون سے کہ فاصلہ اسکے دونوں کانوں کی لہو سے اسکے کندھے تک مسافت سات سو برس کی ہے

رواه ابو داود وعن زرارة بن اوفى ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لجبرئيل هل رايت ربك فانتفض

روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے زرارہ بن اوفی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبرئیل کو آیا دیکھا تو نے اپنے پروردگار کو تو کانپ گئے

جبرئيل وقال يا محمد ان بيني وبينه سبعين حجابا من نور لو دنوت من بعضها لاحترقت هكذا في المصابيح

جبرئیل اور کہے اے محمد بیشک درمیان میرے اور درمیان خدا کے ستر پردے نور کے ہین اگر نزدیک ہوون اس پردے کے تو البتہ جلجاؤن ایسا ہی ہے مصابیح مین

ورواه ابو نعيم في الحلية عن انس الا انه لم يذكر فانتفض جبرئيل وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى

اور روایت کیا اسکو ابونعیم نے حلیہ میں انس کی روایت سے مگر ابونعیم نے ذکر کیا فانتفض جبرئیل اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے

الله عليه وسلم ان الله خلق اسرافيل منذ يوم خلقه صافا قدميه لا يرفع بصره بينه وبين الرب تبارك وتعالى

اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ تعالے نے پیدا کیا اسرافیل کو جب سے کہ پیدا کیا اسکو جوڑ رکھا ہے اپنے دونوں قدموں کو نہین اٹھاتا ہے نگاہ اپنی آنکھ کی درمیان اسکے اور درمیان پروردگار تبارک و تعالے کے

سَبْعُوْنَ نُوْرًا مَا مِنْهَا مِنْ نُوْرٍ يَدْنُوْ مِنْهُ اِلَّا احْتَرَقَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ستر نور ہیں نہیں اُنسے کوئی نور کہ نزدیک ہوئے واسے مگر جلا دیوے وہ اسکو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور صحیح کہا اسکو اور روایت ہے جابر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے

قَالَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ وَذُرِّيَّتَهٗ قَالَتِ الْمَلٰئِكَةُ يَا رَبِّ خَلَقْتَهُمْ يَاْكُلُوْنَ وَيَشْرَبُوْنَ وَيَنْكِحُوْنَ وَيَرْكَبُوْنَ فَاجْعَلْ لَهُمُ

فرمایا جسوقت کہ پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے آدم کو اور اسکی اولاد کو تو کہا فرشتوں نے ای پروردگار پیدا کیا تو نے انکو کھانے والے اور پینے والے اور جماع کرنے والے اور سوار ہونے والے سو نصیب کر انکے

الدُّنْيَا وَلَنَا الْاٰخِرَةَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى لَا اَجْعَلُ مَنْ خَلَقْتُهٗ بِيَدَيَّ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ كَمَنْ قُلْتُ لَهٗ كُنْ فَكَانَ

دنیا اور نصیب کر ہمارے آخرت فرمایا اللہ تعالیٰ نے برابر نہ کرونگا میں انکو جنکو بنایا میں نے اپنے دونوں ہاتھوں سے اور پھونکا اسمیں اپنی روح مانند اسکے کہ کہا میں نے اسکے پیدا کرنے کے لئے کن تو ہو گیا

رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنُ

روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں فصل تیسری روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مسلمان

اَكْرَمُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ بَعْضِ مَلٰئِكَتِهٖ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنْهُ قَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِيْ فَقَالَ

بزرگ تر ہے اللہ کے پاس اسکے بعض فرشتوں سے روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ پکڑا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے دونو ہاتھ اور فرمایا

خَلَقَ اللّٰهُ التُّرْبَةَ يَوْمَ السَّبْتِ وَخَلَقَ فِيْهَا الْجِبَالَ يَوْمَ الْاَحَدِ وَخَلَقَ الشَّجَرَ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَخَلَقَ الْمَكْرُوْهَ يَوْمَ

پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے زمین کو ہفتے کے دن اور بنایا زمین میں پہاڑ اتوار کے دن اور بنایا درختوں کو پیر کے دن اور بنایا ناپسند چیزوں کو

الثُّلَاثَاءِ وَخَلَقَ النُّوْرَ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ وَبَثَّ فِيْهَا الدَّوَابَّ يَوْمَ الْخَمِيْسِ وَخَلَقَ اٰدَمَ بَعْدَ الْعَصْرِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ

منگل کے دن اور پیدا کیا نور کو چہارشنبے کے دن اور پھیلایا زمین میں جانداروں کو جمعرات کے دن اور بنایا آدم کو عصر کے بعد جمعہ کے دن

فِيْ اٰخِرِ سَاعَةٍ مِّنَ النَّهَارِ فِيْمَا بَيْنَ الْعَصْرِ اِلَى اللَّيْلِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ بَيْنَمَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

آخر ساعت میں دن کے جو وقت کہ درمیان عصر اور مغرب کے ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ ایک وقت نبی صلے اللہ علیہ وسلم

جَالِسٌ وَّاَصْحَابُهٗ اِذْ اَتٰى عَلَيْهِمْ سَحَابٌ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَا هٰذَا قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ

اور یاران انکے بیٹھے ہوئے تھے یکایک آیا اُن پر ابر پس فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آیا جانتے ہو کیا ہے یہہ کہا انھوں نے اللہ اور اسکے رسول کو

اَعْلَمُ قَالَ هٰذِهِ الْعَنَانُ وَهٰذِهٖ رَوَايَا الْاَرْضِ يَسُوْقُهَا اللّٰهُ اِلٰى قَوْمٍ لَّا يَشْكُرُوْنَهٗ وَلَا يَدْعُوْنَهٗ ثُمَّ قَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ

خوب معلوم ہے فرمایا کہ یہہ عنان ہے اور یہہ پکھالیں ہیں زمین کی کھینچے لاتا ہے اسکو اللہ طرف ایک قوم کے جو نا شکری کرتے ہیں اسکی اور نہیں پکارتے اسکو پھر فرمایا کیا جانتے ہو

مَا فَوْقَكُمْ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّهَا الرَّقِيْعُ سَقْفٌ مَّحْفُوْظٌ وَّمَوْجٌ مَّكْفُوْفٌ ثُمَّ قَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَا بَيْنَكُمْ

کہ کیا ہے اوپر تمھارے کہا انھوں نے اللہ اور اسکے رسول کو خوب معلوم ہے فرمایا بیشک وہ رقیع ہے اور چھت نگاہ رکھا گیا اور موج ہے باز رکھی گئی گرنے سے پھر فرمایا آیا جانتے ہو کسقدر مسافت ہے تمھارے

وَبَيْنَهَا قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهَا خَمْسُمِائَةِ عَامٍ ثُمَّ قَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَا فَوْقَ ذٰلِكَ قَالُوا اللّٰهُ

اور اسکے درمیان کہا انھوں نے اللہ اور اسکا رسول خوب جانتے ہیں فرمایا تمھارے اور اسکے درمیان مسافت پانسو برس کی ہے پھر فرمایا آیا جانتے ہو کہ کیا ہے اسکے اوپر کہا انھوں نے اللہ

وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ سَمَاءَانِ بُعْدُ مَا بَيْنَهُمَا خَمْسُمِائَةِ سَنَةٍ ثُمَّ قَالَ كَذٰلِكَ حَتّٰى عَدَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ مَّا بَيْنَ كُلِّ سَمَاءَيْنِ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ

اور رسول اسکا خوب جانتے ہیں فرمایا دو آسمان ہیں کہ مسافت انکے درمیان پانسو برس کی ہے پھر فرمایا ایسا ہی یہانتک کہ گنا سات آسمانوں کو مسافت ہر دو آسمانوں کے درمیان اتنی جتنی کہ درمیان آسمان

وَالْاَرْضِ ثُمَّ قَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَا فَوْقَ ذٰلِكَ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ اِنَّ فَوْقَ ذٰلِكَ الْعَرْشَ وَبَيْنَهٗ وَبَيْنَ

اور زمین کے ہے پھر فرمایا جانتے ہو کہ کیا ہے اوپر اسکے کہا انھوں نے اللہ اور رسول اسکا خوب جانتے ہیں فرمایا بیشک اوپر اسکے عرش ہے اور درمیان اسکے اور درمیان

السماء بعد ما بين السماءين ثم قال هل تدرون ما الذي تحتكم قالوا الله ورسوله اعلم قال انها الارض ثم قال

آسمان کے ساتھ اتنی ہی ہے جتنی کہ درمیان دونوں آسمانوں کے ہے پھر فرمایا کیا جانتے ہو کہ کیا چیز جو نیچے تمہارے ہے کہا انہوں نے اللہ اور رسول اسکا خوب جانتے ہیں کہ وہ زمین ہے پھر فرمایا

هل تدرون ما تحت ذلك قالوا الله ورسوله اعلم قال ان تحتها الارض الاخرى بينهما مسيرة خمسمائة سنة

کیا جانتے ہو کہ کیا چیز ہے نیچے زمین کے کہا انہوں نے اللہ اور رسول اسکا خوب جانتے ہیں فرمایا بیشک نیچے اس زمین کے دوسری زمین بھی ہے ان کے درمیان مسافت پانسو برس کی ہے

حتى عد سبع ارضين بين كل ارضين مسيرة خمسمائة سنة ثم قال والذي نفس محمد بيده لو انكم دليتم

یہاں تک کہ گنے حضرت ساتوں زمینوں کو درمیان ہر دو زمینوں کے مسافت پانسو برس کی ہے پھر فرمایا قسم ہے اسکی کہ جان محمد کی جسکے ہاتھ میں ہے کہ اگر چھوڑو تم

بحبل الى الارض السفلى لهبط على الله ثم قرأ هو الاول والآخر والظاهر والباطن وهو بكل شيء عليم رواه احمد

ایک رسی سب زمینوں کی نیچے کی زمین کی طرف تو البتہ جا پڑیگی احاطۂ خدا پر پھر تلاوت فرمایا حضرت نے یہ آیت کہ وہی اول اور آخر ہے اور ظاہر اور باطن ہے اور وہ ہر چیز سے خبردار ہے روایت کی احمد

والترمذي وقال الترمذي قراءة رسول الله صلى الله عليه وسلم الآية تدل على انه اراد لهبط على علم الله وقدرته

اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے پڑھنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا اس آیت کو دلالت کرتا ہے اس بات پر کہ ارادہ کیا لہبط سے جا پڑیگی علم اور اسکی قدرت

وسلطانه وعلم الله وقدرته وسلطانه في كل مكان وهو على العرش كما وصف نفسه في كتابه وعن ابي هريرة عن

اور سلطنت پر اور علم اللہ تعالی کا اور قدرت اسکی اور سلطنت اسکی ہر جائے ہیں اور وہ عرش پر ہے جیسا کہ تعریف کیا اپنے ذات کی اپنی کتاب میں اور روایت ہے ابی ہریرہ

رسول الله صلى الله عليه وسلم قال كان طول آدم ستين ذراعا في سبع اذرع عرضا وعن ابي ذر قال قلت يا رسول

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ درازی آدم کے قد کی ساٹھ گز ہے اور چوڑائی میں سات گز۔ اور روایت ہے ابی ذر سے کہا کہ عرض کیا میں نے یا رسول

الله اي الانبياء كان اول قال آدم قلت يا رسول الله ونبي كان قال نعم نبي مكلم قلت يا رسول الله كم المرسلون

اللہ کون نبی تھا انبیا کے پہلے فرمایا آدم نبی تھے عرض کیا میں یا رسول اللہ اور آدم نبی بھی تھے فرمایا ہاں نبی تھے کلام کیے گئے عرض کیا میں نے یا رسول اللہ رسول کتنے تھے

قال ثلاثمائة وبضعة عشر جما غفيرا وفي رواية عن ابي امامة قال ابو ذر قلت يا رسول الله كم وفاء عدة

فرمایا تین سو دس اور کتنے بڑی جماعت اور ایک روایت میں ابی امامہ سے ہے کہا ابو ذر نے عرض کیا میں نے یا رسول اللہ کتنی ہے پوری گنتی

الانبياء قال مائة الف واربعة وعشرون الفا الرسل من ذلك ثلاثمائة وخمسة عشر جما غفيرا وعن ابن

انبیا کی فرمایا ایک لاکھ چوبیس ہزار رسول ان میں سے تین سو پندرہ ایک جماعت بڑی اور روایت ہے ابن

عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس الخبر كالمعاينة ان الله تعالى اخبر موسى بما صنع قومه في

عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے سننا مانند دیکھنے کے بیشک اللہ تعالے خبر دیا موسی کو جو کیا انکی قوم نے

العجل فلم يلق الالواح فلما عاين ما صنعوا القى الالواح فانكسرت روى الاحاديث الثلثة احمد باب

گوسالہ پرستی کو نہ ڈالدیا تختیوں کو پھر جب دیکھا اپنی آنکھ سے جو کیا تھا انکی قوم نے تو ڈالدیا تختیوں کو اور ٹوٹ گئیں روایت کیا ان تینوں حدیثوں کو احمد نے باب

فضائل سيد المرسلين صلوات الله وسلامه عليه الفصل الاول عن ابي هريرة

فضائل میں سید المرسلین صلوات اللہ وسلامہ علیہ کے فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بعثت من خير قرون بني آدم قرنا فقرنا حتى كنت من القرن الذي

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں پیدا ہوا بنی آدم کے عمدہ زمانے والوں سے ایک زمانے کے بعد دوسرے زمانے والوں سے یہاں تک کہ میں اس زمانے

كُنْتُ مِنْهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى

جیسے ہوا میں اسکو روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے واثلہ بن اسقع سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ بیشک خدا نے چن لیا

كِنَانَةَ مِنْ وَلَدِ اِسْمٰعِيْلَ وَاصْطَفٰى قُرَيْشًا مِنْ كِنَانَةَ وَاصْطَفٰى مِنْ قُرَيْشٍ بَنِيْ هَاشِمٍ وَاصْطَفَانِيْ مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ

کنانہ کو حضرت اسمعیل کی اولاد سے جو اشرف ہیں اور گروہ قریش کو کنانہ کی اولاد سے چن لیا اور ہاشم کی اولاد کو قریش سے چن لیا اور چن لیا مجھکو ہاشم کی اولاد سے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلتِّرْمِذِيِّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى مِنْ وَلَدِ اِبْرَاهِيْمَ اِسْمٰعِيْلَ وَاصْطَفٰى مِنْ وَلَدِ اِسْمٰعِيْلَ بَنِيْ كِنَانَةَ

روایت کیا اسکو مسلم نے اور ایک روایت میں ترمذی کی ہے کہ بیشک اللہ نے چن لیا ابراہیم کی اولاد سے اسمعیل کو اور چن لیا اسمعیل کی اولاد سے کنانہ کی اولاد کو

وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا سَيِّدُ وَلَدِ اٰدَمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاَوَّلُ مَنْ يَنْشَقُّ عَنْهُ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں آدم کی اولاد کا سردار ہوں قیامت کے دن اور قبر پھٹنے والوں میں پہلا میں ہوں

الْقَبْرُ وَاَوَّلُ شَافِعٍ وَاَوَّلُ مُشَفَّعٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا اَكْثَرُ الْاَنْبِيَاءِ

اور سفارش کرنے والا پہلا میں ہوں اور مقبول الشفاعت پہلا ہوں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں بہت تابعدار والا ہوں

تَبَعًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاَنَا اَوَّلُ مَنْ يَقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰتِيْ بَابَ

قیامت کے دن اور جنت کا دروازہ کھٹکھٹانے والوں میں کا پہلا میں ہوں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آؤنگا میں

الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَسْتَفْتِحُ فَيَقُوْلُ الْخَازِنُ مَنْ اَنْتَ فَاَقُوْلُ مُحَمَّدٌ فَيَقُوْلُ بِكَ اُمِرْتُ اَنْ لَّا اَفْتَحَ لِاَحَدٍ قَبْلَكَ

جنت کے دروازہ پر قیامت کے دن اور کھلوا دونگا میں اسکو تو کہیگا خازن اسکا کون ہے تو تب کہونگا کہ میں محمد ہوں تو پھر کہیگا اسنے کہ آپ ہی کے لئے حکم ہوا تھا مجھکو کہ کسی کیلئے نہ کھولوں آپ سے پہلے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا اَوَّلُ شَفِيْعٍ فِي الْجَنَّةِ لَمْ يُصَدَّقْ نَبِيٌّ مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بہشت میں اول سفارش کرنے والا میں ہوں اور پیغمبروں میں سے کسی کی اتنی تصدیق نہیں ہوئی

مَا صُدِّقْتُ وَاِنَّ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ نَبِيًّا مَا صَدَّقَهُ مِنْ اُمَّتِهِ اِلَّا رَجُلٌ وَّاحِدٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ

جتنی میری تصدیق ہوئی اور انبیاء پیغمبروں میں بعضا ایسا بھی پیغمبر ہے جسکی ایک کے سوا اسکی امت میں کوئی تصدیق نہ کیا روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلِيْ وَمَثَلُ الْاَنْبِيَاءِ كَمَثَلِ قَصْرٍ اَحْسَنَ بُنْيَانَهُ تُرِكَ مِنْهُ مَوْضِعُ لَبِنَةٍ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میری مثل اور پیغمبروں کی مثل مانند مثل ایک عمارت کے کہ اچھی بنائی گئی بنا اسکی کہ چھوڑ دی گئی اسمیں جگہ ایک اینٹ کی

فَطَافَ بِهِ النُّظَّارُ يَتَعَجَّبُوْنَ مِنْ حُسْنِ بُنْيَانِهِ اِلَّا مَوْضِعَ تِلْكَ اللَّبِنَةِ فَكُنْتُ اَنَا سَدَدْتُّ مَوْضِعَ اللَّبِنَةِ

سو پھرنے لگے اسپر دیکھنے والے تعجب کرنے لگے اسکے اچھے بنا جانے سے مگر جگہ اس اینٹ کی سو میں ہوں جگہ بھر دینے والا اس ایک اینٹ کی

خُتِمَ بِيَ الْبُنْيَانُ وَخُتِمَ بِيَ الرُّسُلُ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَاَنَا اللَّبِنَةُ وَاَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ

کہ ختم ہوئی مجھ سے بنائیں اور ختم ہوگئے مجھ سے پیغمبر اور ایک روایت میں ہے کہ میں ہوں وہ اینٹ اور میں پیغمبروں کا خاتم ہوں ق اور روایت ہے انہی سے کہا کہ فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنَ الْاَنْبِيَاءِ مِنْ نَّبِيٍّ اِلَّا قَدْ اُعْطِيَ مِنَ الْاٰيَاتِ مَا مِثْلُهُ اٰمَنَ عَلَيْهِ الْبَشَرُ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پیغمبروں میں سے کوئی پیغمبر نہیں مگر اسکو معجزے دیے گئے اس قدر ——— کہ آدمی اسپر ایمان لاوینگے

وَاِنَّمَا كَانَ الَّذِيْ اُوْتِيْتُ وَحْيًا اَوْحَى اللّٰهُ اِلَيَّ فَاَرْجُوْ اَنْ اَكُوْنَ اَكْثَرَهُمْ تَابِعًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

اور مجھکو تو وہ چیز دی گئی جو وحی ہے یعنی قرآن جسکو خدا نے میری طرف بھیجا سو میں امید رکھتا ہوں کہ قیامت کے دن تمام پیغمبروں سے زیادہ میرے تابعدار ہونگے ق اور روایت ہے

جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أعطيت خمسا لم يعطهن أحد قبلي نصرت بالرعب مسيرة شهر وجعلت
جابر نے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ دی مجھکو پانچ نعمتیں کہ مجھ سے پہلے کسی پیغمبر کو نہیں دی گئی مجھکو فتح نصیب ہوئی رعب سے مہینے بھر کی راہ تک اور کردی گئی
لي الأرض مسجدا وطهورا فأيما رجل من أمتي أدركته الصلوة فليصل وأحلت لي المغانم ولم تحل لأحد قبلي وأعطيت
ساری زمین میرے واسطے سجدہ گاہ اور پاک کرنے والی سو جس شخص کو میری امت سے جہاں نماز کا وقت آوے وہاں نماز پڑھ لیوے اور حلال ہوئی میرے واسطے غنیمت اور مجھ سے پہلے کسی کو حلال نہیں ہوئی اور دی گئی مجھکو
الشفاعة وكان النبي يبعث إلى قومه خاصة وبعثت إلى الناس عامة متفق عليه وعن أبي هريرة أن رسول الله صلى
شفاعت اور پیغمبر اپنی ہی قوم پر بھیجا جاتا تھا اور میں تمام عالم کے لوگوں پر بھیجا گیا ہوں ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے
الله عليه وسلم قال فضلت على الأنبياء بست أعطيت جوامع الكلم ونصرت بالرعب وأحلت لي الغنائم وجعلت
اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھکو فضیلت حاصل ہوئی پیغمبروں پر چھ چیزوں کے سبب سے مجھکو جوامع الکلم عطا ہوئے اور مجھکو رعب سے فتح ملی اور میرے واسطے غنیمت کا مال حلال ہوا اور کردی گئی
لي الأرض مسجدا وطهورا وأرسلت إلى الخلق كافة وختم بي النبيون رواه مسلم وعنه أن رسول الله صلى الله عليه
میرے لیے ساری زمین مسجد اور پاک کرنے والی اور بھیجا گیا میں تمام مخلوقات کی طرف اور ختم ہوئے میرے سے پیغمبر ۔ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ
وسلم قال بعثت بجوامع الكلم ونصرت بالرعب وبينا أنا نائم رأيتني أتيت بمفاتيح خزائن الأرض فوضعت
وسلم نے فرمایا کہ بھیجا گیا ہوں میں جوامع الکلم کے ساتھ اور مجھکو فتح ملی رعب سے اور جس وقت کہ میں سوتا تھا دیکھا میں نے اپنے کو کہ لایا گیا میں زمین کے خزانوں کی کنجیاں اور رکھی گئیں
في يدي متفق عليه وعن ثوبان قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الله زوى لي الأرض فرأيت مشارقها ومغاربها
میرے ہاتھ میں ۔ ق ۔ اور روایت ہے ثوبان سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ نے سمیٹ دی میرے لئے زمین سو دیکھا میں نے اسکی مشرق اور مغرب
وإن أمتي سيبلغ ملكها ما زوي لي منها وأعطيت الكنزين الأحمر والأبيض وإني سألت ربي لأمتي أن لا
اور بیشک امت میری پہنچیگی اسکی بادشاہت جہاں تک سمیٹی گئی میرے لئے زمین اور دیے مجھکو دو خزانے لال اور سفید اور تحقیق میں نے مانگا اپنے رب سے اپنی امت کے لئے کہ نہ
يهلكها بسنة عامة وأن لا يسلط عليهم عدوا من سوى أنفسهم فيستبيح بيضتهم وإن ربي قال يا محمد إني إذا
ہلاک کرے انکو قحط عام سے اور نہ مسلط کرے ان پر کوئی دشمن دوسرا سوائے انکی ذاتوں کے کہ چھین لیوے انکی دار السلطنت اور تحقیق رب نے فرمایا اے محمد بیشک میں جب
قضيت قضاء فإنه لا يرد وإني أعطيتك لأمتك أن لا أهلكهم بسنة عامة وأن لا أسلط عليهم عدوا
حکم کر چکتا ہوں کسی کام کا تو وہ پھرنے والا نہیں اور تحقیق میں نے دیا تجھکو تیری امت کے لئے کہ نہ ہلاک کرونگا میں انکو قحط عام سے اور نہ مسلط کرونگا میں ان پر کوئی دشمن
من سوى أنفسهم فيستبيح بيضتهم ولو اجتمع عليهم من بأقطارها حتى يكون بعضهم يهلك بعضا ويسبي
سوائے انکی ذاتوں کے کہ چھین لیوے انکی دار السلطنت اگرچہ جمع ہوں ان پر دشمن تمامی جو انکے زمین کے کناروں میں ہیں یہاں تک کہ ہوئے بعض امت ہلاک کرنے والے بعض کو اور قید کرنے
بعضهم بعضا رواه مسلم وعن سعد أن رسول الله صلى الله عليه وسلم مر بمسجد بني معاوية دخل فركع
بعض امت تیری بعض امت کو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے سعد سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم گذرے مسجد بنی معاویہ پر سو آئے اور گذارے
فيه ركعتين وصلينا معه ودعا ربه طويلا ثم انصرف فقال سألت ربي ثلثا فأعطاني ثنتين ومنعني واحدة
اسمیں دو رکعتیں اور نماز پڑھی ہم نے ساتھ آپکے اور دعا کی اپنے رب سے بہت دیر تک پھر پھرے اور فرمایا میں نے مانگا اپنے رب سے تین چیزوں کو سو دیا مجھکو دو چیزیں اور نہ دی مجھکو ایک
جو توریت میں ہے محمد بن عبد اللہ پیدائش اسکی مکہ میں ہے اور ہجرت گاہ اسکی مدینہ اور ملک اسکا شام ہے نہ بدخو ہوگا اور نہ بدگو اور نہ پکارنے والا

الْاَسْوَاقِ وَلَا مُتَزَيٍّ بِالْفُحْشِ وَلَا قَوْلِ الْخَنَا اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَهٰذَا مَالِيْ فَاحْكُمْ فِيْهِ

بازاروں میں اور نہ آراستہ بد گوئی سے اور بیہودہ بات کہنے سے میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور بیشک آپ رسول اللہ کے ہیں اور یہ مال میرا ہے حکم کرو اسمیں

بِمَا اَرَاكَ اللّٰهُ وَكَانَ الْيَهُوْدِيُّ كَثِيْرَ الْمَالِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ كَانَ

جیسا کہ خبر دار کیا ہے آپکو اللہ نے اور تھا یہودی بہت مال والا روایت کیا اسکو بیہقی نے دلائل النبوہ میں اور روایت ہے عبد اللہ بن ابی اوفی سے کہا کہ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ الذِّكْرَ وَيُقِلُّ اللَّغْوَ وَيُطِيْلُ الصَّلٰوةَ وَيُقَصِّرُ الْخُطْبَةَ وَلَا يَاْنَفُ اَنْ يَّمْشِيَ مَعَ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بہت کرتے تھے ذکر خدا کا اور نہیں کرتے تھے بے فائدہ بات اور دراز کرتے تھے نماز کو اور چھوٹا کرتے خطبہ کو اور نہ برا سمجھتے چلنے کو

الأرملة والمسكين فيقضي له الحاجة رواه النسائي والدارمي وعن علي أن أبا جهل قال للنبي صلى الله

بیوہ اور مسکین کے ساتھ پھر ادا کرتے انکی حاجت کو روایت کیا اسکو نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے علی سے کہ ابو جہل نے کہا نبی صلے اللہ

عليه وسلم إنا لا نكذبك ولكن نكذب بما جئت به فأنزل الله تعالى فيهم فإنهم لا يكذبونك ولكن الظالمين

علیہ وسلم کو کہ ہم تجھکو جھوٹا نہیں جانتے ہیں ولیکن جھٹلاتے ہیں اس چیز کو کہ لایا تو اسکو پھر اتارا اللہ تعالے نے یہ آیت انکے حق میں کہ وہ نہیں جھٹلاتے ہیں تجھکو لیکن ظالم

بآيات الله يجحدون رواه الترمذي وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا عائشة لو شئت

اللہ کی آیتوں کے منکر ہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اے عائشہ اگر چاہتا میں

لسارت معي جبال الذهب جاءني ملك وإن حجزته لتساوي الكعبة فقال إن ربك يقرأ عليك السلام

تو البتہ چلتے ہمراہ میرے پہاڑ سونے کے آیا تھا میرے پاس ایک فرشتہ کہ کمر اسکی البتہ برابر تھی کعبہ کے سو کہا بیشک تیرے رب نے سلام کہا ہے تجھکو

ويقول إن شئت نبيا عبدا وإن شئت نبيا ملكا فنظرت إلى جبريل عليه السلام فأشار إلي أن ضع نفسك

اور فرماتا ہے اگر چاہتا ہے رہنا پیغمبر بندہ ہو کر تو رہ اور اگر چاہتا ہے تو رہنا پیغمبر بادشاہ ہو کر تو رہ تو دیکھا میں نے جبرئیل علیہ السلام کی طرف اشارہ کیا مجھکو جبرئیل نے

وفي رواية ابن عباس فالتفت رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى جبريل كالمستشير له فأشار جبريل

اور ایک روایت میں ابن عباس کی ہے کہ التفات کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے طرف جبرئیل کے انسے مشورت لینے والے کے مانند تو اشارہ کیا جبرئیل نے

بيده أن تواضع فقلت نبيا عبدا قالت فكان رسول الله صلى الله عليه وسلم بعد ذلك لا يأكل متكئا

اپنے ہاتھ سے کہ فروتنی اختیار کر تو کہا میں نے رہونگا میں پیغمبر بندہ ہو کر کہا عائشہ نے پھر تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بعد اسکے نہیں کھاتے تکیہ لگا کر

يقول آكل كما يأكل العبد وأجلس كما يجلس العبد رواه في شرح السنة

فرماتے کھاتا ہوں میں جیسا کہ کھاتا ہے بندہ اور بیٹھتا ہوں میں جیسا کہ بیٹھتا ہے بندہ روایت کیا اسکو شرح سنہ میں

باب المبعث وبدأ الوحي

باب پیغمبری اور آغاز وحی کے بیان میں

الفصل الأول

فصل اول

عن ابن عباس قال بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم لأربعين سنة فمكث بمكة ثلاث عشرة سنة

پہلی روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ پیغمبر ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم چالیس برس کی عمر میں سو رہے مکہ میں تیرا برس

يوحى إليه ثم أمر بالهجرة فهاجر عشر سنين ومات وهو ابن ثلاث وستين سنة متفق عليه وعنه قال أقام

جس حال میں کہ وحی آتی تھی آپ پر پھر حکم ہوا ہجرت کرنے کا تو ہجرت کر کے آگئے مدینے میں دس برس اور وفات ہوا جس حال میں کہ عمر تریسٹھ برس کی تھی ق اور روایت ہے انہی سے کہا

رسول الله صلى الله عليه وسلم بمكة خمس عشرة سنة يسمع الصوت ويرى الضوء سبع سنين ولا يرى شيئا

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے میں پندرہ برس سنتے تھے آواز اور دیکھتے تھے روشنائی سات برس اور نہ دیکھتے تھے کوئی چیز

وثمان سنين يوحى إليه وأقام بالمدينة عشرا وتوفي وهو ابن خمس وستين سنة متفق عليه وعن أنس

اور آٹھ برس وحی کیگئی آپ پر اور اقامت کیئے مدینے میں دس برس اور وفات ہوا جس حال میں کہ عمر پینسٹھ برس کی تھی ق اور روایت ہے انس سے

قال توفاه الله على رأس ستين سنة متفق عليه وعنه قال قبض النبي صلى الله عليه وسلم وهو ابن ثلاث وستين

کہا کہ وفات دیا آپ کو اللہ تعالی نے سر پر ساٹھ برس سال کے ق اور روایت ہے انہی سے کہا کہ وفات پائے نبی صلے اللہ علیہ وسلم جس حال میں کہ عمر آپکی تریسٹھ برس کی

وأبو بكر وهو ابن ثلاث وستين وعمر وهو ابن ثلاث وستين رواه مسلم قال محمد بن إسماعيل البخاري ثلاث

اور فوت ہوئے ابوبکر جس حال میں کہ عمر انکی تریسٹھ برس کی تھی اور فوت ہوئے عمر جس حال میں کہ عمر انکی تریسٹھ برس کی روایت کیا اسکو مسلم نے کہا محمد بن اسمعیل بخاری نے [illegible]

وستين اكثر وعن عائشة قالت اول ما بدئ به رسول الله صلى الله عليه وسلم من الوحي الرؤيا الصادقة

تریسٹھ برس کی عمر کے بہت ہیں اور روایت ہے عائشہ سے بولیں پہلے جو شروع ہوا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو وحی کی قسم سے سچے خواب ہیں

في النوم فكان لا يرى رؤيا الا جاءت مثل فلق الصبح ثم حبب اليه الخلاء وكان يخلو بغار حراء فيتحنث

نیند کے وقت میں سو نہیں دیکھتے تھے حضرت کوئی خواب مگر آتی تعبیر اسکی صبح کی روشنی سفیدی کے مانند پھر پسند ہوا آپ کو اکیلے رہنا اور خلوت کرتے تھے غار حرا میں اور عبادت

فيه وهو التعبد الليالي ذوات العدد قبل ان ينزع الى اهله ويتزود لذلك ثم يرجع الى خديجة فيتزود

اسمیں اور معنی تحنث کا عبادت کرنا کئی رات دن کی درپی اپنے گھر کو رجوع کرنے کے پہلے اور توشہ لیتے تھے اسکے لئے پھر پلٹ کر آتے خدیجہ پاس اور توشہ لیتے

لمثلها حتى جاءه الحق وهو في غار حراء فجاءه الملك فقال اقرأ فقال ما انا بقارئ قال فاخذني فغطني حتى

برابر ان دنوں کے رہا یہانتک کہ آیا آپ پاس حق یعنی جس حال میں کہ آپ غار حرا میں تھے پھر آیا آپ پاس فرشتہ اور کہا پڑھ تو فرمایا حضرت نے میں تو پڑھنے والا نہیں فرمایا

بلغ مني الجهد ثم ارسلني فقال اقرأ فقلت ما انا بقارئ فاخذني فغطني الثانية حتى بلغ مني الجهد ثم

مجھکو طاقت نہ رہی پھر اسنے مجھکو چھوڑ دیا اور کہا پڑھ سو میں نے کہا میں تو پڑھنے والا نہیں پھر پکڑا اسنے مجھکو اور سخت دبایا دوسری بار یہانتک کہ مجھکو طاقت نہ رہی پھر

ارسلني فقال اقرأ فقلت ما انا بقارئ فاخذني فغطني الثالثة حتى بلغ مني الجهد ثم ارسلني فقال اقرأ

چھوڑ دیا مجھکو اور کہا پڑھ میں نے کہا میں تو پڑھنے والا نہیں تو پھر اسنے مجھکو پکڑا اور سخت دبایا تیسری بار یہانتک کہ مجھکو طاقت نہ رہی پھر اسنے مجھکو چھوڑ دیا اور کہا پڑھ

باسم ربك الذي خلق خلق الانسان من علق اقرأ وربك الاكرم الذي علم بالقلم علم الانسان ما لم يعلم

اپنے رب کے نام سے جسنے پیدا کیا۔ بنایا آدمی کو لہو کی پھٹکی سے پڑھ اور تیرا رب سب سے بزرگ ہے جسنے علم دیا قلم کے سبب سے سکھلایا آدمی کو جسکی خبر نہ تھی

فرجع بها رسول الله صلى الله عليه وسلم يرجف فؤاده فدخل على خديجة فقال زملوني زملوني فزملوه حتى

سو پلٹے اسی کلمات کے ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم دھڑکتا تھا دل انکا پھر آئے خدیجہ کے پاس اور فرمانے لگے کپڑا اڑھاؤ مجھکو کپڑا اڑھاؤ سو اڑھایا یہانتک کہ

ذهب عنه الروع فقال لخديجة واخبرها الخبر لقد خشيت على نفسي فقالت خديجة كلا والله

چلے گیا آپ سے ڈر تو فرمانے لگے خدیجہ سے اور سب اسکو خبر اپنے حال کی تحقیق ڈرا میں اپنی جان پر تو کہا خدیجہ نے ایسا نہیں قسم ہے خدا کی

لا يخزيك الله ابدا انك لتصل الرحم وتصدق الحديث وتؤدي الامانة وتحمل الكل وتكسب المعدوم

نہ رسوا کریگا تجھکو اللہ کبھی بیشک تو البتہ صلہ رحمی کرتا ہے اور سچی بات کرتا ہے اور امانت ادا کرتا ہے اور بوجھ اٹھاتا ہے ناتوانوں کا اور دیتا ہے محتاج کو

وتقري الضيف وتعين على نوائب الحق ثم انطلقت به خديجة الى ورقة بن نوفل ابن عم خديجة فقالت

اور مہمانی کرتا ہے مہمان کی اور کمک کرتا ہے حق حادثوں پر پھر خدیجہ آپ کو لیگئی اپنے چچیرے بھائی ورقہ بن نوفل پاس اور کہا

له يا ابن عم اسمع من ابن اخيك فقال له ورقة يا ابن اخي ماذا ترى فاخبره رسول الله صلى الله عليه وسلم خبر

اسکو اے چچا کے بیٹے سن اپنے بھتیجے سے تو ورقہ نے حضرت کو کہا اے میرے بھتیجے کیا چیز دیکھا تو نے پس خبر دی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم خبر

ما رأى فقال ورقة هذا الناموس الذي انزل الله على موسى يا ليتني فيها جذعا يا ليتني اكون حيا اذ يخرجك قومك

اسکی جو دیکھا تھا تو ورقہ نے کہا یہ وہی فرشتہ ہے جو اللہ نے موسی پر اتارا تھا اے کاش میں ہوتا ان دنوں میں جوان اے کاش زندہ رہوں جب تجھکو نکالدیگی تیری قوم

فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم او مخرجي هم قال نعم لم يأت رجل قط بمثل ما جئت به الا عودي وان

پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا وے مجھکو نکالدینگے کہا اسنے ہاں نہیں لایا کوئی مرد ہرگز مثل اسکے مانند مگر دشمن رکھا گیا اور اگر

يُدْرِكْنِي يَوْمُكَ أَنْصُرْكَ نَصْرًا مُؤَزَّرًا ثُمَّ لَمْ يَنْشَبْ وَرَقَةُ أَنْ تُوُفِّيَ وَفَتَرَ الْوَحْيُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَزَادَ الْبُخَارِيُّ حَتّٰى

پاؤں میں تیرے روز کو تو مدد کروں تیری یاری کروں گا تیری پھر ورقہ نے دیر نہ کی کہ انتقال کیا گیا اور چند روز وحی موقوف رہی ہے ق ہے اور بخاری نے زیادہ کیا ہے یہاں تک

حَزِنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا بَلَغَنَا حُزْنًا غَدَا مِنْهُ مِرَارًا كَيْ يَتَرَدّٰى مِنْ رُءُوْسِ شَوَاهِقِ الْجَبَلِ فَكُلَّمَا أَوْفٰى

غمگین ہوئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اس روایت کی کہ پہنچی ہم کو ایسا غمگین ہونا کہ صبح کئے اس سے کئی بار تا گرا دیویں اپنے کو پہاڑ کی چوٹی پر سے پھر جبکہ

بِذِرْوَةِ جَبَلٍ لِكَيْ يُلْقِيَ نَفْسَهُ مِنْهُ تَبَدّٰى لَهُ جِبْرِيْلُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ حَقًّا فَيَسْكُنُ لِذٰلِكَ

پہاڑ کی چوٹی پر پہنچتے تا اپنے کو وہاں سے ڈال دیویں تو جبرئیل آپ کو ظاہر ہوتے اور کہتے ای محمد بیشک آپ اللہ کے سچے رسول ہیں تو چلی جاتی اس سے

جَأْشُهُ وَتَقَرُّ نَفْسُهُ وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ الْوَحْيِ قَالَ فَبَيْنَا

بیقراری آپ کی اور تسکین پاتا نفس آپ کا اور روایت ہے جابر سے کہ اس نے سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو بیان کرتے تھے وحی موقوف ہونے کے حال کو فرمایا حضرت نے کہ ایک دن

أَنَا أَمْشِيْ سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَاءِ فَرَفَعْتُ بَصَرِيْ فَإِذَا الْمَلَكُ الَّذِيْ جَاءَنِيْ بِحِرَاءٍ قَاعِدًا عَلٰى كُرْسِيٍّ بَيْنَ السَّمَاءِ

میں چلا جاتا تھا سنا آسمان سے ایک آواز تو اپنی نظر اٹھا کر کیا دیکھتا ہوں کہ وہی فرشتہ ہے جو غار حرا میں میرے پاس آیا تھا بیٹھا ہوا ہے ایک کرسی پر آسمان

وَالْأَرْضِ فَجُئِثْتُ مِنْهُ رُعْبًا حَتّٰى هَوَيْتُ إِلَى الْأَرْضِ فَجِئْتُ إِلٰى أَهْلِيْ فَقُلْتُ زَمِّلُوْنِيْ زَمِّلُوْنِيْ فَزَمَّلُوْنِيْ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى

اور زمین کے درمیان تو ڈر گیا میں اس کی دہشت سے یہاں تک کہ زمین پر گر پڑا پھر چلا آیا میں اپنے گھر کو اور کہنے لگا کہ مجھکو کپڑا اڑھاؤ مجھکو کپڑا اڑھاؤ تو مجھکو کپڑے اڑھائے پھر اتاری اللہ تعالیٰ نے

يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَأَنْذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ثُمَّ حَمِيَ الْوَحْيُ وَتَتَابَعَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

ای کپڑا لپیٹے ہوئے اٹھ اور ڈرا اور رب اپنے کی بڑائی بول اور پاک رکھ اپنے کپڑوں کو اور چھوڑ دے پلیدی کو تب پھر گرم ہوئی وحی اور پے در پے آنے لگی ہے ق ہے اور روایت ہے

عَائِشَةَ أَنَّ الْحَارِثَ بْنَ هِشَامٍ سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ يَأْتِيْكَ الْوَحْيُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ أَحْيَانًا

عائشہ سے کہ حارث بن ہشام نے پوچھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ وحی آپ کیونکر آتی ہے تو فرمایا پیغمبر خدا نے کہ کبھی　　کبھی

يَأْتِيْنِيْ مِثْلَ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ وَهُوَ أَشَدُّهُ عَلَيَّ فَيُفْصَمُ عَنِّيْ وَقَدْ وَعَيْتُ عَنْهُ مَا قَالَ وَأَحْيَانًا يَتَمَثَّلُ لِيَ الْمَلَكُ رَجُلًا

وحی آتی مجھ پر گھنٹی کی آواز کے مانند اور وہ مجھ پر بھاری ہوتی پھر منقطع ہو جاتی مجھ سے اور تحقیق یاد رکھتا ہوں اس سے جو کہا تھا اور کبھی آدمی کی صورت بنا کر میرے لئے فرشتہ

فَيُكَلِّمُنِيْ فَأَعِيْ مَا يَقُوْلُ قَالَتْ عَائِشَةُ وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ الْوَحْيُ فِي الْيَوْمِ الشَّدِيْدِ الْبَرْدِ فَيُفْصَمُ عَنْهُ وَإِنَّ جَبِيْنَهُ

اور کلام کرتا مجھ سے پھر یاد رکھتا میں جو کچھ کہ اس نے کہا کہا عائشہ نے اور تحقیق میں نے دیکھا ہے کہ اترتی آپ پر وحی سخت سردی کے دن میں پھر بند ہو جاتی آپ سے جس حال میں پیشانی آپ کی

لَيَتَفَصَّدُ عَرَقًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ كُرِبَ

پسینا پسینا ہو جاتی تھی ہے ق ہے اور روایت ہے عبادہ بن صامت سے کہا کہ تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کہ جب وحی اترتی آپ پر　　سختی ہوتی

لِذٰلِكَ وَتَرَبَّدَ وَجْهُهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ نَكَسَ رَأْسَهُ وَنَكَسَ أَصْحَابُهُ رُءُوْسَهُمْ فَلَمَّا أُتْلِيَ عَنْهُ رَفَعَ رَأْسَهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

سبب اس کے اور بدل جاتا چہرہ آپ کا اور ایک روایت میں ہے کہ نیچے کر لیتے اپنے سر کو اور نیچے کر لیتے اصحاب آپ کے اپنے اپنے سروں کو پھر جب دور ہوتی وہ حالت آپ سے اٹھاتے اپنے سر کو روایت کی اس کو مسلم نے

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى صَعِدَ الصَّفَا

اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ جب اتری یہ آیت وانذر عشیرتک الاقربین یعنے ڈرا اپنے نزدیک کی قرابت والوں کو باہر نکلے نبی صلے اللہ علیہ وسلم یہاں تک کہ صفا پہاڑ پر چڑھے

فَجَعَلَ يُنَادِيْ يَا بَنِيْ فِهْرٍ يَا بَنِيْ عَدِيٍّ لِبُطُوْنِ قُرَيْشٍ حَتَّى اجْتَمَعُوْا فَجَعَلَ الرَّجُلُ إِذَا لَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَخْرُجَ أَرْسَلَ

اور پکارنے لگے ای فہر کی اولاد ای عدی کی اولاد کر کے قریش کی جماعتوں کو یہاں تک کہ سب جمع ہوئے پھر کوئی مرد جب آ نہ سکا اس مجمع میں تو بھیجا —

رسولا لينظر ما هو فجاء أبو لهب وقريش فقال أرأيتم إن أخبرتكم أن خيلا تخرج من صفح هذا الجبل وفي رواية

اپنے ایلچی کو تاکہ دیکھیں کیا ہے جمع کرنا پھر آیا ابو لہب اور سارے قریش پس فرمایا حضرت نے بتلاؤ تم کہ اگر خبر دوں میں تم کو کہ ایک لشکر آتا ہے اس پہاڑ کی دامن اور ایک روایت میں ہے

أن خيلا تخرج بالوادي تريد أن تغير عليكم أكنتم مصدقي قالوا نعم ما جربنا عليك إلا صدقا قال فإني

کہ ایک لشکر آتا ہے جنگل میں اس ارادے سے کہ تاراج کرے تم کو کیا تم مجھ کو سچ کہنے والا جانو گے اس خبر میں تو سب نے کہا ہاں سچا جانیں گے نہیں پایا ہم نے تجھ کو مگر سچا فرمایا پس تحقیق میں

نذير لكم بين يدي عذاب شديد قال أبو لهب تبا لك ألهذا جمعتنا فنزلت تبت يدا أبي لهب وتب

ڈرانے والا ہوں تم کو روبرو آنے والے سخت عذاب سے کہا ابو لہب نے ہلاکی ہو تیری کیا اسلئے تو نے ہم کو جمع کیا پس اتری یہ سورۃ ٹوٹ گئے ہاتھ ابی لہب کے اور ٹوٹ گیا وہ

متفق عليه وعن عبد الله بن مسعود قال بينما رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي عند الكعبة وجمع قريش في

ق * اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہا کہ ایک وقت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے کعبے کے پاس اور قریش کی ایک جماعت

مجالسهم إذ قال قائل ألا تنظرون إلى هذا المرائي أيكم يقوم إلى جزور آل فلان فيعمد إلى فرثها ودمها وسلاها ثم يمهل

بیٹھی ہوئی تھی مجلس میں کہا ایک کہنے والا کیا نہیں دیکھتے ہو اس ریاکار کی طرف کون ہے تم میں جو جاوے فلانے قبیلے کے اونٹ کی طرف جو ذبح کیا گیا ہے اور لاوے اوجھ اسکا اور خون اسکا اور بچہ دان اسکا پھر انتظار رکھے اسکو

حتى إذا سجد وضعه بين كتفيه فانبعث أشقاهم فلما سجد وضعه بين كتفيه وثبت النبي صلى الله عليه

یہاں تک کہ جب سجدہ کرے رکھے اسکو اسکے دونوں مونڈھوں کے درمیان پھر اٹھا بڑا بدبخت ان کا پھر جب سجدہ کیا حضرت نے تو رکھا اسکو آپ کے دونوں مونڈھوں کے درمیان اور ٹھہرے رہے نبی صلے اللہ علیہ

وسلم ساجدا فضحكوا حتى مال بعضهم على بعض من الضحك فانطلق منطلق إلى فاطمة فأقبلت تسعى و

وسلم سجدہ میں تو ہنسنے لگے یہاں تک کہ گر پڑا ایک پر ایک شدت ہنسی سے پھر گیا ایک جانے والا فاطمہ کے پاس تو آئیں فاطمہ دوڑتی ہوئی اور

ثبت النبي صلى الله عليه وسلم ساجدا حتى ألقته عنه وأقبلت عليهم تسبهم فلما قضى رسول الله صلى

ٹھہرے ہوئے تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سجدہ میں یہاں تک کہ پھینک دیا اسکو حضرت پر سے اور منہ پھرا ان بدبختوں کی طرف انکو گالیاں دیتی ہوئی پھر جب تمام کر چکے رسول

الله عليه وسلم الصلوة قال اللهم عليك بقريش ثلاثا وكان إذا دعا دعا ثلاثا وإذا سأل سأل ثلاثا اللهم عليك

اللہ علیہ وسلم نے نماز کو فرمایا الہی پکڑلے قریش کو تین بار فرمایا اور عادت شریف تھی حضرت کی جب دعا کرتے تین بار دعا کرتے اور جب کچھ سوال کرتے خدا سے تو تین بار مانگتے الہی پکڑ

بعمرو بن هشام وعتبة بن ربيعة وشيبة بن ربيعة والوليد بن عتبة وأمية بن خلف وعقبة بن أبي معيط

عمرو بن ہشام کو اور عتبہ بن ربیعہ کو اور شیبہ بن ربیعہ کو اور ولید بن عتبہ کو اور امیہ بن خلف کو اور عقبہ بن ابی معیط کو

وعمارة بن الوليد قال عبد الله فوالله لقد رأيتهم صرعى يوم بدر ثم سحبوا إلى القليب قليب بدر ثم قال رسول

اور عمارہ بن ولید کو کہا عبد اللہ بن مسعود نے کہ خدا کی قسم البتہ بیشک دیکھا میں نے ان سب کو لاشیں پڑے ہوئے بدر کے دن پھر کھینچ کر کنوئیں میں ڈالے گئے بدر کے کنوئیں میں پھر فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم وأتبع أصحاب القليب لعنة متفق عليه وعن عائشة أنها قالت يا رسول الله هل

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور پیچھے پڑی ہے ان کنوئیں والوں کے لعنت * ق * اور روایت ہے عائشہ سے کہ انہوں نے کہا یا رسول اللہ کیا

أتى عليك يوم كان أشد من يوم أحد فقال لقد لقيت من قومك وكان أشد ما لقيت منهم يوم العقبة

آیا آپ پر ایسا دن کہ سختی زیادہ ہو احد کے دن سے تو فرمایا حضرت نے مقرر تکلیف پائی میں نے قریش سے اور نہایت سخت تکلیف اٹھائی تھی میں نے ان سے عقبہ کے دن

إذ عرضت نفسي على ابن عبد يا ليل بن عبد كلال فلم يجبني إلى ما أردت فانطلقت وأنا مهموم على وجهي فلم أستفق إلا بقرن

کہ میں نے پیش کیا اپنے آپ کو ابن عبد یا لیل بن عبد کلال کے سامنے سو اسنے قبول نہ کیا جو میں چاہتا تھا سو چل دیا میں رنجیدہ ہو کر اپنی راہ لی تو میں نے ہوش میں نہ آیا مگر اس مکان کہ قرن

الثعالب فرفعت رأسي فإذا أنا بسحابة قد أظلتني فنظرت فإذا فيها جبريل فناداني فقال إن الله قد سمع
ثعالب کا نام ہے پھر میں نے اپنا سر اٹھایا تو ناگاہ میں نے بدلی دیکھی کہ مجھ پر سایہ کر لیا سو میں نے دیکھا تو اس میں جبرئیل تھے سو انہوں نے مجھ کو پکارا اور کہا کہ البتہ خدا نے سنا

قول قومك لك وما ردوا عليك وقد بعث إليك ملك الجبال لتأمره بما شئت فيهم قال فناداني ملك
تیری قوم کا قول جو تیری حق میں کہا اور جو تیری بات کو رد کیا اور اللہ نے تیرے پاس پہاڑوں کا داروغہ فرشتہ بھیجا تا کہ تو اس فرشتے کو حکم کرے جو تیرا جی چاہے ان کے حق میں فرمایا پھر مجھ کو

الجبال فسلم علي ثم قال يا محمد إن الله قد سمع قول قومك وأنا ملك الجبال وقد بعثني ربك إليك لتأمرني بأمرك
سو مجھ کو سلام کیا پھر کہا اے محمد مقرر خدا نے سنا جو تیری قوم نے تیرے حق میں کہا اور میں فرشتہ ہوں پہاڑوں کا داروغہ اور مجھ کو خدا نے تیرے پاس بھیجا ہے تا کہ تو مجھ کو حکم کرے اپنے کام کا

إن شئت أن أطبق عليهم الأخشبين فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم بل أرجو أن يخرج الله
اگر تو چاہے کہ کافروں پر دبا دوں ان دونو پہاڑوں کو کہ جنکے درمیان مکہ ہے تو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بلکہ میں امید وار ہوں کہ خدا نکالے

من أصلابهم من يعبد الله وحده لا يشرك به شيئا متفق عليه وعن أنس أن رسول الله صلى الله عليه
ان کافروں کی پیٹھ سے وہ اولاد جو صرف خدا کی عبادت کریں اور اسکے ساتھ کسی کو شریک نہ لگاویں ق اور روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ

وسلم كسرت رباعيته يوم أحد وشج في رأسه فجعل يسلت الدم عنه ويقول كيف يفلح قوم شجوا رأس
وسلم کے ٹوٹ گئے چاروں دانتیں آپکے احد کے دن اور زخم لگا آپکے سر میں تو پاک کرنے لگے خون اپنے سے اور کہتے تھے کیسا نجات پاویگی وہ قوم جو زخمی کیا سر کو

نبيهم وكسروا رباعيته رواه مسلم وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اشتد غضب
اپنے نبی کے اور توڑ دئے چاروں دانتیں اسکے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ سخت عذاب

الله على قوم فعلوا بنبيه يشير إلى رباعيته اشتد غضب الله على رجل يقتله رسول الله في سبيل الله
خدا کا اس قوم پر جنہوں نے خدا کے پیغمبر سے اب کیا حضرت اشارہ کرتے تھے اپنے دندان مبارک شہید پر نہایت غضب ہے خدا کا اس مرد پر جسکو رسول اللہ قتل کرے راہ خدا

متفق عليه وهذا الباب خال عن الفصل الثاني

الفصل الثالث

عن يحيى بن أبي كثير قال سألت أبا سلمة
ق اور یہہ باب خالی ہے دوسرے فصل سے　فصل تیسری روایت ہے یحیی بن ابی کثیر سے کہا سوال کیا میں نے ابا سلمہ

بن عبد الرحمن عن أول ما نزل من القرآن قال يا أيها المدثر قلت يقولون اقرأ باسم ربك قال أبو سلمة سألت
بن عبد الرحمن سے کہ پہلے کیا چیز نازل ہوی قرآن سے کہا یا ایہا المدثر کہا میں نے کہ کہتے ہیں اول جو نازل ہوا اقرا باسم ربک کہا ابو سلمہ نے پوچھا میں نے

جابرا عن ذلك وقلت له مثل الذي قلت فقال لي جابر لا أحدثك إلا ما حدثنا رسول الله صلى الله
جابر سے اسی بات سے اور میں نے بھی کہا اسکو جیسا کہ تو نے کہا مجھ سے تو کہا مجھ کو جابر نے نہیں خبر دیتا ہوں تجھ کو مگر جو خبر دیا ہمکو رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم قال جاورت بحراء شهرا فلما قضيت جواري هبطت فنوديت فنظرت عن يميني فلم أر شيئا
علیہ وسلم نے فرمایا خلوت اختیار کیا تھا میں نے ایک مہینا پھر جب پوری کر چکا ایام خلوت کو اپنے تو اترا میں پہاڑ سے تو کسی نے پکارا مجھ کو تو نظر کیا اپنے سیدھی طرف تو کچھ نہ دیکھا

ونظرت عن شمالي فلم أر شيئا ونظرت عن خلفي فلم أر شيئا فرفعت رأسي فرأيت شيئا فأتيت خديجة
اور دیکھا میں نے اپنے بائیں تو بھی کچھ نہ دیکھا اور دیکھا اپنے پیچھے تو ادھر بھی کچھ نہ پایا پھر اٹھایا میں نے اپنے سر کو تو دیکھا میں نے ایک چیز کو پس آیا میں خدیجہ کے پاس

فقلت دثروني فدثروني وصبوا علي ماء باردا فنزلت يا أيها المدثر قم فأنذر وربك فكبر وثيابك
اور کہا کپڑا اڑھاؤ مجھ کو پھر کپڑا اڑھائے مجھ کو اور چھڑکے ٹھنڈا پانی مجھ پر تو اتری یہہ سورۃ اے کپڑا لپیٹنے والے اٹھ کھڑا ہو ڈرا اپنی قوم کو اور بڑائی بول اپنے رب کی اور

فطهر والرجز فاهجر وذلك قبل ان تفرض الصلوة متفق عليه

باب علامات النبوة

الفصل الاول

اور ناپاکی کو چھوڑ دے اور یہ حکم نماز فرض ہونے کے آگے نازل ہوا ق ۔ باب پیغمبری کے نشانوں کے بیان میں فصل پہلی

عن انس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اتاه جبرئيل وهو يلعب مع الغلمان فاخذه فصرعه فشق عن قلبه فاستخرج
روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پاس آئے جبرئیل جس حال میں آپ کھیلتے تھے لڑکوں میں سو پکڑا اور زمین پر ڈالا پھر چیر ڈالا دل کو آگے اور نکالے

منه علقة فقال هذا حظ الشيطان منك ثم غسله في طست من ذهب بماء زمزم ثم لأمه واعاده في مكانه
اس سے ایک ٹکڑا لہو کا اور کہا یہ حصہ شیطان کا ہے تیرے سے پھر دھویا سونے کے طشت میں زمزم کے پانی سے پھر ملا دیا اسکو اور پھر رکھ دیا اسکی جاے میں

وجاء الغلمان يسعون الى امه يعني ظئره فقالوا ان محمدا قد قتل فاستقبلوه وهو منتقع اللون قال انس فكنت
اور آئے چھوکرے دوڑتے آپ کی ماں پاس یعنی دائی پاس اور کہنے لگے کہ بیشک محمد مارا گیا پھر دوڑے لوگ حضرت پاس جس حال میں آپ کا رنگ بدل گیا تھا کہا انس نے کہ تھا

ارى اثر المخيط في صدره رواه مسلم وعن جابر بن سمرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اني لاعرف
دیکھتا ان سیوں کا اثر آپ کے سینے میں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مقرر میں پہچانتا ہوں

حجرا بمكة كان يسلم علي قبل ان بعثت اني لاعرفه الآن رواه مسلم وعن انس قال ان اهل مكة سألوا رسول الله صلى
اس پتھر کو جو مکہ میں ہے سلام کرتا تھا مجھ پر آگے میں پیغمبر ہونے کے مقرر میں اب اسکو پہچانتا ہوں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ مکہ والوں نے سوال کیا رسول خدا صلے

الله عليه وسلم ان يريهم آية فاراهم القمر شقتين حتى رأوا حراء بينهما متفق عليه وعن ابن مسعود قال
اللہ علیہ وسلم سے کہ دکھاوے انکو ایک معجزہ سو دکھلایا انکو چاند دو ٹکڑے کر کے یہانتک کہ دیکھا انہوں نے کوہ حرا کو ان ٹکڑوں کے درمیان متفق ۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا

انشق القمر على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فرقتين فرقة فوق الجبل وفرقة دونه فقال رسول
چیرا گیا چاند رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دو ٹکڑے ایک ٹکڑا پہاڑ کے اوپر اور ایک ٹکڑا نیچے اسکے سو فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم اشهدوا متفق عليه وعن ابي هريرة قال قال ابو جهل هل يعفر محمد وجهه بين اظهركم
خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے گواہ رہو ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ ابو جہل نے کہ خاک آلودہ کرتا ہے محمد اپنے منہ کو روبرو تمہارے

فقيل نعم فقال واللات والعزى لئن رأيته يفعل ذلك لاطأن على رقبته فاتى رسول الله صلى الله عليه
سو کسی نے کہا ہاں کہا ابوجہل نے قسم ہے لات اور عزی کی اگر دیکھوں میں اسکو سجدہ کرتا ہوا تو البتہ اپنے پاؤں سے اسکی گردن کچل ڈالوں سو آئے رسول خدا صلے اللہ علیہ

وسلم وهو يصلي زعم ليطأ على رقبته فما فجئهم منه الا وهو ينكص على عقبيه ويتقي بيديه فقيل له
وسلم اور آپ نماز پڑھتے تھے چاہا کہ بے ادبی کرے آپکی گردن کے ساتھ پس اچانک آیا وہ اس ارادے سے مگر وہ الٹے پاؤں پھرا اپنے ہاتھوں سے بچاتا تھا کہا لوگوں نے

ما لك فقال ان بيني وبينه لخندقا من نار وهولا واجنحة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو دنا مني
کہ تجھ کو کیا ہوا ہے تو کہا مقرر میرے اور اسکے درمیان ایک خندق ہے آگ کی اور ڈراونی چیز ہے اور بازو ہیں پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر وہ میرے نزدیک ہوتا

لاختطفته الملائكة عضوا عضوا رواه مسلم وعن عدي بن حاتم قال بينا انا عند النبي صلى الله عليه
تو البتہ اسکو فرشتے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالتے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عدی بن حاتم سے کہا کہ ایک وقت میں نبی صلے اللہ علیہ

وسلم اذ اتاه رجل فشكا اليه الفاقة ثم اتاه الآخر فشكا اليه قطع السبيل فقال يا عدي هل رأيت الحيرة
وسلم کے پاس تھا تو یکایک ایک مرد آپ پاس آیا اور محتاجی کا گلہ کیا پھر دوسرا شخص آپ پاس آیا اور راہزنی کی شکایت کی تو فرمایا حضرت نے اے عدی تو نے حیرہ دیکھا ہے

فَإِنْ طَالَتْ بِكَ حَيٰوةٌ فَلَتَرَيَنَّ الظَّعِينَةَ تَرْتَحِلُ مِنَ الْحِيرَةِ حَتّٰى تَطُوفَ بِالْكَعْبَةِ لَا تَخَافُ أَحَدًا إِلَّا اللّٰهَ وَلَئِنْ

پھر اگر زندگی تیری زیادہ ہوئی تو مقرر تو دیکھیگا اکیلی عورت شتر سوار کو کہ حج کے ارادے پر حیرہ سے چلیگی یہانتک کہ کعبہ کا طواف کریگی نہ ڈریگی کسی سے سوائے خدا کے اور اگر

طَالَتْ بِكَ حَيٰوةٌ لَتُفْتَحَنَّ كُنُوزُ كِسْرٰى وَلَئِنْ طَالَتْ بِكَ حَيٰوةٌ لَتَرَيَنَّ الرَّجُلَ يُخْرِجُ مِلْءَ كَفِّهِ مِنْ ذَهَبٍ أَوْ فِضَّةٍ

تیری زندگی زیادہ ہوئی تو کھولے جاوینگے خزانے بادشاہ ایران کے اور اگر تیری زندگی زیادہ ہوئی تو مقرر دیکھیگا کہ مرد اپنی مٹھی بھرے سونا یا چاندی لیکر نکلے

يَطْلُبُ مَنْ يَقْبَلُهُ فَلَا يَجِدُ أَحَدًا يَقْبَلُهُ مِنْهُ وَلَيَلْقَيَنَّ اللّٰهَ أَحَدُكُمْ يَوْمَ يَلْقَاهُ وَلَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ تَرْجُمَانٌ

تلاش کرتا کہ کوئی محتاج اسکو لیوے سونا یا دیگا کسی کو جو اسکو قبول کرے اور البتہ تم میں سے کوئی ایک شخص خدا سے ملیگا جس دن کہ اس سے ملاقات ہوگی اور نہ ہوگا اسکے اور خدا کے درمیان کوئی

يُتَرْجِمُ لَهُ فَلَيَقُولَنَّ أَلَمْ أَبْعَثْ إِلَيْكَ رَسُولًا فَيُبَلِّغَكَ فَيَقُولُ بَلٰى فَيَقُولُ أَلَمْ أُعْطِكَ مَالًا وَأُفْضِلْ عَلَيْكَ فَيَقُولُ

جو درمیان ایک دوسرے کی بولی سمجھاوے سو خدا فرماویگا کہ کیا نہیں بھیجا میں نے کوئی پیغمبر تیرے پاس پس پہنچایا تجھکو میرا حکم سو وہ کہیگا ہاں کیوں نہیں تیرے پیغمبر نے پیغام پہنچایا پھر خدا فرماویگا کہ کیا نہیں دیا میں نے تجھکو مال اور فضل کیا تجھ پر سو کہیگا

بَلٰى فَيَنْظُرُ عَنْ يَمِينِهِ فَلَا يَرٰى إِلَّا جَهَنَّمَ وَيَنْظُرُ عَنْ يَسَارِهِ فَلَا يَرٰى إِلَّا جَهَنَّمَ اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ

سچ ہی تو نے بہت کچھ دیا پھر نظر کریگا اپنے داہنے تو سوائے دوزخ کے کچھ نہ دیکھیگا اور اپنے بائیں نظر کریگا تو کچھ نہ دیکھیگا سوائے دوزخ کے بچو دوزخ سے کھجور کی پھانک ہی دیکر کیوں نہ

فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَبِكَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ قَالَ عَدِيٌّ فَرَأَيْتُ الظَّعِينَةَ تَرْتَحِلُ مِنَ الْحِيرَةِ حَتّٰى تَطُوفَ بِالْكَعْبَةِ لَا تَخَافُ إِلَّا

پھر جو کوئی نہ پاوے تو بھلی بات سے کہا عدی نے سو میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھی کہ ایک عورت شتر سوار حیرہ سے کعبہ کے طواف کو جاتی تھی نہ ڈرتی تھی کسی سے سوائے

اللّٰهَ وَكُنْتُ فِيمَنِ افْتَتَحَ كُنُوزَ كِسْرٰى بْنِ هُرْمُزَ وَلَئِنْ طَالَتْ بِكُمْ حَيٰوةٌ لَتَرَوُنَّ مَا قَالَ النَّبِيُّ أَبُو الْقَاسِمِ

اللہ کے اور تھا میں ان لوگوں کے درمیان جنہوں نے کسریٰ بن ہرمز کے خزانے کھولے تھے اور اگر تمہاری زندگی زیادہ ہو تو البتہ دیکھوگے اس بات کو جو نبی ابو القاسم

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخْرِجُ مِلْءَ كَفِّهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ خَبَّابِ بْنِ الْأَرَتِّ قَالَ شَكَوْنَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ مٹھی بھر سونا یا روپیہ لیکر نکلیگا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے خباب بن ارت سے کہا کہ گلہ کیا ہمنے نبی صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً فِي ظِلِّ الْكَعْبَةِ وَقَدْ لَقِينَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ شِدَّةً فَقُلْنَا أَلَا تَدْعُو اللّٰهَ فَقَعَدَ وَهُوَ

علیہ وسلم سے جس حال میں کہ آپ تکیہ کئے تھے دھاری دار کملی سے کعبہ کے سایہ میں اور مقرر پہنچے ہمکو بڑی ایذا اٹھائی تھی مشرکوں سے تو ہمنے کہنے لگا کیا آپ دعا نہیں کرتے اللہ سے سو اٹھ بیٹھے حضرت اس حال میں

مُحْمَرٌّ وَجْهُهُ وَقَالَ كَانَ الرَّجُلُ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ يُحْفَرُ لَهُ فِي الْأَرْضِ فَيُجْعَلُ فِيهِ فَيُجَاءُ بِمِنْشَارٍ فَيُوضَعُ فَوْقَ رَأْسِهِ

کہ سرخ ہوگیا تھا چہرہ آپکا اور فرمانے لگے ایک مرد تھا پہلے کی امتوں میں کہ گڑھا کھودا گیا تھا اسکے لئے زمین میں اور ڈالا گیا اسمیں پھر آرہ لاکر رکھے اسکے سر پر

فَيُشَقُّ بِاثْنَتَيْنِ فَمَا يَصُدُّهُ ذٰلِكَ عَنْ دِينِهِ وَيُمْشَطُ بِأَمْشَاطِ الْحَدِيدِ مَا دُونَ لَحْمِهِ مِنْ عَظْمٍ وَعَصَبٍ

اور کر ڈالے اسکو دو ٹکڑے سو نہ باز آیا اس ایذا کے سبب سے اپنے دین سے اور کوئی لوہے کی تیز کنگھیاں گوشت کے اندر چبھا کر کھکوراجاتا تھا

وَمَا يَصُدُّهُ ذٰلِكَ عَنْ دِينِهِ وَاللّٰهِ لَيُتِمَّنَّ هٰذَا الْأَمْرَ حَتّٰى يَسِيرَ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَاءَ إِلَى حَضْرَمَوْتَ لَا يَخَافُ

اور نہ باز آیا اسنے اس ایذا کے سبب سے اپنے دین سے خدا کی قسم ہے البتہ کامل ہوگا یہ دین یہانتک کہ چلا جاویگا سوار صنعا سے حضرموت تک نہ ڈریگا کسی سے

إِلَّا اللّٰهَ أَوِ الذِّئْبَ عَلٰى غَنَمِهِ وَلٰكِنَّكُمْ تَسْتَعْجِلُونَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

سوائے اللہ کے یا نہ ڈروگے مگر بھیڑیئے سے اپنے بکریوں پر لیکن تم جلدی کرتے ہو روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ عَلٰى أُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ وَكَانَتْ تَحْتَ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ فَدَخَلَ عَلَيْهَا يَوْمًا فَأَطْعَمَتْهُ

علیہ وسلم داخل ہوتے تھے ام حرام ملحان کی بیٹی پر اور ام حرام عورت تھی عبادہ بن صامت کی سو ایک دن حضرت گئے اس پاس سو اسنے آپکو کھانا کھلایا پھر

جلست تفلي رأسه فنام رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم استيقظ وهو يضحك قالت فقلت ما
بیٹھی ہیں جویں دیکھنے کو حضرت کے سر میں سو آرام کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر جاگے ہنستے ہوئے کہا ام حرام نے پس عرض کیا میں نے کیا چیز

يضحكك يا رسول الله قال ناس من أمتي عرضوا علي غزاة في سبيل الله يركبون ثبج هذا البحر ملوكا على الأسرة أو مثل الملوك على الأسرة
ہنساتی ہے آپ کو یا رسول اللہ فرمایا کہ میری امت کے کئی مرد دکھلائے گئے مجھ کو جو جہاد کرتے ہیں راہ خدا میں سوار ہوتے ہیں بیچ اس دریا کے بادشاہ ہو کر تختوں پر

فقلت يا رسول الله ادع الله أن يجعلني منهم فدعا لها ثم وضع رأسه فنام ثم استيقظ وهو يضحك فقلت
پھر عرض کی میں نے یا رسول اللہ دعا کرو اللہ سے کہ مجھ کو ان لوگوں میں کرے سو حضرت نے اس کے لئے دعا کی پھر رکھا سر اپنا اور آرام کیا پھر جاگے ہنستے ہوئے پھر کہا میں نے

يا رسول الله ما يضحكك قال ناس من أمتي عرضوا علي غزاة في سبيل الله كما قال في الأولى فقلت يا رسول
یا رسول اللہ کیا چیز ہنساتی ہے آپ کو فرمایا کہ دکھلائے گئے مجھ کو کئی مرد میری امت کے لڑتے ہیں راہ خدا میں جیسا آگے بیان ہوا جیسے پہلے پھر عرض کی میں نے یا رسول

الله ادع الله أن يجعلني منهم قال أنت من الأولين فركبت أم حرام البحر في زمن معاوية فصرعت عن
اللہ دعا کرو اللہ سے کہ مجھ کو ان لوگوں میں کرے فرمایا حضرت نے تو تو پہلوں میں کی ہے پھر سوار ہوئی ام حرام دریا پر معاویہ کے زمانے میں پھر زمین پر ڈال دی گئی

دابتها حين خرجت من البحر فهلكت متفق عليه وعن ابن عباس قال إن ضمادا قدم مكة وكان من أزد
اپنے چوپائے پر سے جب اتری دریا سے پھر مر گئی روایت کی بخاری و مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ بیشک ضماد آیا مکہ میں اور تھا قبیلہ ازد کے

شنوءة وكان يرقي من هذا الريح فسمع سفهاء أهل مكة يقولون إن محمدا مجنون فقال لو أني رأيت هذا
قوم شنوہ سے اور تھا جھاڑ پھونک کرتا آسیب سے پھر سنا اس نے مکے کے بیوقوفوں کو کہتے تھے کہ محمد دیوانہ ہو گیا ہے سو اس نے کہا اگر میں دیکھوں اس

الرجل لعل الله يشفيه على يدي قال فلقيه فقال يا محمد إني أرقي من هذا الريح فهل لك فقال رسول الله صلى
شخص کو تو شاید اللہ اس کو شفا دے میرے ہاتھ پر کہا ضماد نے پھر ملا آپ سے اور کہا اے محمد میں جھاڑ پھونک کرتا ہوں آسیب سے پس کیا آپ کو خواہش ہے سو فرمایا رسول خدا صلے

الله عليه وسلم إن الحمد لله نحمده ونستعينه من يهده الله فلا مضل له ومن يضلل فلا هادي له وأشهد
اللہ علیہ وسلم نے تعریف سب اللہ کو ہے ہم اس کی تعریف کرتے ہیں اور اسی سے مدد مانگتے ہیں جس کو راہ دکھلاوے اللہ اس کو کوئی گمراہ نہیں کر سکتا اور جس کو وہ گمراہ کرے اس کو کوئی راہ نہیں دکھا سکتا اور گواہی دیتا ہوں

أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له وأشهد أن محمدا عبده ورسوله أما بعد فقال أعد علي كلماتك هؤلاء
کہ کوئی لائق پوجنے کے نہیں سوائے اللہ کے اکیلا ہے کوئی اس کا ساجھی نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ بیشک محمد اس کا بندہ اور رسول ہے بعد اس کے کہا ضماد نے دہراؤ اپنے یہ کلام پھر

فأعادهن عليه رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلث مرات فقال سمعت قول الكهنة وقول السحرة وقول الشعراء
تو دوبارہ پڑھے ان کلموں کو اس پر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تین بار تو اس نے کہا بہت سنا میں نے نجومیوں کے کلام اور جادوگروں کے کلام اور شاعروں کے کلام

فما سمعت مثل كلماتك هؤلاء ولقد بلغن قاموس البحر هات يدك أبايعك على الإسلام قال فبايعه رواه
سو ایسا عمدہ کلام تو میں نے کبھی نہیں سنا بیشک پہنچے ہیں کلمات گہرے دریا کی تہ تک لاؤ ہاتھ اپنا کہ بیعت کروں آپ سے اسلام کی کہا ابن عباس نے پھر بیعت کی اس نے حضرت سے روایت کی

مسلم وفي بعض نسخ المصابيح بلغنا ناعوس البحر وذكر حديثا أبي هريرة وجابر بن سمرة يهلك كسرى والآخر
مسلم نے اور مصابیح کے بعضے نسخوں میں بلغنا ناعوس البحر ہے اور مذکور ہوئیں دو حدیثیں ابی ہریرہ اور جابر بن سمرہ کی روایت سے ہلاک ہوگا کسریٰ اور دوسری

لتفتحن عصابة في باب الملاحم وهذا الباب خال عن الفصل الثاني الفصل الثالث عن ابن عباس قال حدثني
لتفتحن عصابة ہے باب ملاحم میں اور یہ باب خالی ہے فصل ثانی سے تیسری فصل روایت ہے ابن عباس سے کہا انہوں نے بیان کیا مجھ سے

ابوسفیان بن حرب من فیه الی فی قال انطلقت فی المدة التی کانت بینی وبین رسول اللہ صلی اللہ علیہ و

ابوسفیان بن حرب نے اپنی زبان سے مجھ روبرو کہا کہ گیا تھا میں ان دنوں میں کہ درمیان میرے اور درمیان رسول خدا صلے اللہ علیہ و

سلم قال فبینا انا بالشام اذ جیئ بکتاب من النبی صلی اللہ علیہ وسلم الی هرقل قال وکان دحیة الکلبی جاء

وسلم کے صلح ہوئی تھی کہا پھر جس وقت کہ میں شام میں تھا کہ ایک خط نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہرقل کو کہا دحیہ کلبی نے اسکو لایا تھا

به فدفعه الی عظیم بصری فدفعه عظیم بصری الی هرقل فقال هرقل هل ههنا احد من قوم هذا الرجل الذی

سو پہنچا دیا اسکو بصری کے سردار کے پاس اور بصری کے سردار نے پہنچایا اس خط کو ہرقل کے پاس تو ہرقل نے کہا بھلا یہاں کوئی اس مرد کی قوم سے جو

یزعم انه نبی قالوا نعم فدعیت فی نفر من قریش فدخلنا علی هرقل فاجلسنا بین یدیه فقال ایکم اقرب

اپنے کو نبی کہلاتا ہے کہا لوگوں نے ہاں ہے ابوسفیان کہتے ہیں پھر میں قریش کی جماعت میں بلایا گیا سو گئے ہم ہرقل کے پاس اور بٹھلائے گئے ہم روبرو تو کہا ہرقل نے کون تم میں

نسبا من هذا الرجل الذی یزعم انه نبی قال ابوسفیان فقلت انا فاجلسونی بین یدیه واجلسوا اصحابی

اس شخص کے ساتھ جسنے اپنے کو نبی کہلاتا ہے کہا ابوسفیان نے تب کہا میں میں ہوں نزدیک کی قرابت والا پھر بٹھلائے مجھکو روبرو اور بٹھلائے میرے یاروں کو

خلفی ثم دعا بترجمانه فقال قل لهم انی سائل هذا عن هذا الرجل الذی یزعم انه نبی فان کذبنی فکذبوه

میرے پیچھے پھر بلایا اپنے ترجمان کو اور کہا بول ان سے کہ میں اسکے معتمدین پوچھتا ہوں اس مرد کا حال جسنے اپنے کو نبی کہلاتا ہے سو اگر جھوٹ بولے تم جھٹلاؤ

قال ابوسفیان وایم اللہ لولا مخافة ان یؤثر علی الکذب لکذبته ثم قال لترجمانه سله کیف حسبه فیکم

کہا ابوسفیان نے خدا کی قسم اگر ڈر نہ ہوتا مجھے اسکا کہ مجھ سے جھوٹ نقل کیا جائے گا تو البتہ جھوٹ کہتا میں اسکے حق میں پھر کہا اپنے دو بھاشی سے پوچھ اس سے کہ کیسا حسب ہے اسکا تم لوگوں میں

قال قلت هو فینا ذو حسب قال فهل کان من آبائه من ملک قلت لا قال فهل کنتم تتهمونه بالکذب

کہا ابوسفیان نے کہا میں نے وہ ہم میں شریف القوم ہے کہا آیا کوئی اسکے باپ دادوں میں بادشاہ تھا کہا میں نے نہیں کہا کیا تم اس پر جھوٹ کی تہمت کرتے تھے

قبل ان یقول ما قال قلت لا قال ومن یتبعه اشراف الناس ام ضعفاؤهم قال قلت بل ضعفاؤهم قال ایزیدون

جواب کہتا ہے جو بات کہنے کے آگے میں نے کہا نہیں کہا اور اسکے تابع کون ہوئے ہیں عمدہ لوگ یا غریب تو ابوسفیان نے کہا میں نے کہا بلکہ محتاج لوگ پوچھا کیا وہ بڑھتے جاتے

ام ینقصون قلت لا بل یزیدون قال هل یرتد احد منهم عن دینه بعد ان یدخل فیه سخطة له قال قلت

یا گھٹتے ہیں میں نے کہا بلکہ بڑھتے جاتے ہیں پوچھا آیا کوئی انمیں پھر جاتا ہے اسکے دین سے بعد داخل ہونے کے اسکے دین میں ناخوش ہوکر ابوسفیان نے کہا کہا میں نے

لا قال فهل قاتلتموه قلت نعم قال فکیف کان قتالکم ایاه قال قلت یکون الحرب بیننا وبینه سجالا یصیب

نہیں پوچھا کیا تم اس سے لڑتے ہو میں نے کہا ہاں ہم آپس میں لڑتے ہیں پھر پوچھا پھر کیا حال تمہارے اسکی لڑائی کا ابوسفیان نے کہا کہا میں نے کبھی وہ لڑائی ہے اور ہمارے درمیان باری سے کبھی وہ پاتا

منا ونصیب منه قال فهل یغدر قلت لا ونحن منه فی هذه المدة لا ندری ما هو صانع فیها قال واللہ

اور کبھی ہم پاتے ہیں پوچھا کیا عہد شکنی بھی کرتا ہے میں نے کہا نہیں اور ہم اسکے ساتھ صلح کی مدت میں ہیں نہیں جانتے ہیں کہ وہ کیا کرنے والا ہے اس مدت میں ابوسفیان نے کہا خدا

ما امکننی من کلمة ادخل فیها شیئا غیر هذه قال فهل قال هذا القول احد قبله قلت لا ثم قال لترجمانه قل له انی

کی نہیں جگہ مجھکو کسی بات میں جو داخل کروں اسمیں کچھ سوا اس کے پوچھا آیا کوئی کہتا تھا ایسی بات اسکے پہلے بھی میں نے کہا نہیں پھر کہا اپنے دو بھاشی سے بول اسکو کہ تحقیق میں نے

سألتک عن حسبه فیکم فزعمت انه فیکم ذو حسب وکذلک الرسل تبعث فی احساب قومها وسألتک

پوچھا تھا تجھ سے اسکے حسب کو سو تو نے کہا تھا کہ وہ ہم میں حسب والا ہے اور ایسے ہی پیغمبر اچھے حسب والے قوم سے بھیجے جاتے ہیں اور میں نے تجھ سے پوچھا تھا

هَلْ كَانَ فِي آبَائِهِ مَلِكٌ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا فَقُلْتُ لَوْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ قُلْتُ رَجُلٌ يَطْلُبُ مُلْكَ آبَائِهِ وَسَأَلْتُكَ عَنْ

کہ اسکے باپ دادوں میں کوئی بادشاہ تھا سو تونے جواب دیا کہ نہیں سو میں کہتا ہوں کہ اگر ہوتا کوئی شاہ اسکے باپ دادوں میں تو کہتا میں کہ یہہ ایک مرد ہے اپنے باپ دادا کی سلطنت چاہتا ہے اور پوچھا میں نے تجھ سے

أَتْبَاعِهِ أَضُعَفَاؤُهُمْ أَمْ أَشْرَافُهُمْ فَقُلْتَ بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ وَهُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ وَسَأَلْتُكَ هَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ

کہ تابع اسکے غریب ہوتے ہیں یا عمدہ لوگ تو تونے کہا بلکہ تابع اسکے مسکین لوگ ہوتے ہیں اور وہی ہیں تابع ہونے والے رسولوں کے اور میں نے پوچھا تھا تجھ سے کیا تم جھوٹھ کی تہمت کرتے

بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا قَالَ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا فَعَرَفْتُ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِيَدَعَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ ثُمَّ يَذْهَبَ

یہہ بات کہنے کے آگے تو تونے کہا کہ نہیں پھر میں نے پہچانا کہ یہہ معقول بات نہیں کہ جو لوگوں کے جھوٹھ بولنا چھوڑ دیوے سو

فَيَكْذِبَ عَلَى اللّٰهِ وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ دِينِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ سَخْطَةً لَهُ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا

خدا پر کیوں جھوٹھ بولنے جاویگا اور میں نے تجھ سے پوچھا تھا کیا کوئی اسکے دین میں آکر ناخوش ہوکر اسکے دین سے پھر جاتا ہے تو تونے کہا تھا کہ نہیں

وَكَذَلِكَ الْإِيمَانُ إِذَا خَالَطَ بَشَاشَتُهُ الْقُلُوبَ وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَزِيدُونَ أَوْ يَنْقُصُونَ فَزَعَمْتَ أَنَّهُمْ يَزِيدُونَ

اور ایسا ہی ہے حال ایمان کا کہ جب ملجاتی ہے اسکی لذت دلوں کو اور میں نے تجھ سے پوچھا تھا کیا وہ بڑھتے ہیں یا کم ہوجاتے ہیں تو تونے کہا کہ بڑھتے جاتے ہیں

وَكَذَلِكَ الْإِيمَانُ حَتَّى يَتِمَّ وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَاتَلْتُمُوهُ فَزَعَمْتَ أَنَّكُمْ قَاتَلْتُمُوهُ فَتَكُونُ الْحَرْبُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ سِجَالًا

اور ایسا ہی ہے حال ایمان کا تمام ہونے تک اور میں نے پوچھا تھا تجھ سے کیا تم اس سے لڑائی کرتے ہو تو تونے کہا کہ تم اسکے ساتھ لڑتے ہیں ہوتی ہے لڑائی تمھارے اور اسکے درمیان باری سے

يَنَالُ مِنْكُمْ وَتَنَالُونَ مِنْهُ وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلَى ثُمَّ تَكُونُ لَهَا الْعَاقِبَةُ وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَغْدِرُ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ لَا يَغْدِرُ

کبھی وہ پاتا ہے تمھارے سے اور کبھی تم پاتے ہو اس سے اور ایسا ہی ہے کہ پیغمبر آزمائے جاتے ہیں پھر فتح انہی کی ہوتی ہے آخر اور میں نے پوچھا تھا تجھ سے کیا عہد شکنی کرتا ہے تو تونے کہا کہ نہیں عہد شکنی کرتا

وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ لَا تَغْدِرُ وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا فَقُلْتُ لَوْ كَانَ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ

اور ایسا ہی ہے حال پیغمبروں کا کہ عہد شکنی نہیں کرتے ہیں اور میں نے تجھ سے پوچھا تھا کیا کوئی کہا تھا یہہ بات اسکے پہلے بھی تو تونے کہا کہ نہیں اب کہتا ہوں اگر کوئی کہا ہوتا یہہ بات

قَبْلَهُ قُلْتُ رَجُلٌ ائْتَمَّ بِقَوْلٍ قِيلَ قَبْلَهُ قَالَ ثُمَّ قَالَ بِمَا يَأْمُرُكُمْ قُلْنَا يَأْمُرُنَا بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ وَالصِّلَةِ وَالْعَفَافِ

اسکے پہلے تو کہتا میں یہہ ایک مرد ہے پیروی کرتا ہے ایک بات کی جو پہلے کہی گئی تھی ابوسفیان نے کہا پھر پوچھا اسنے کس چیز کا حکم کرتا ہے تم کو ہم نے کہا حکم کرتا ہے ہم کو نماز اور زکوٰۃ اور صلہ رحمی اور

قَالَ إِنْ يَكُ مَا تَقُولُ حَقًّا فَإِنَّهُ نَبِيٌّ وَقَدْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنَّهُ خَارِجٌ وَلَمْ أَكُ أَظُنُّهُ مِنْكُمْ وَلَوْ أَنِّي أَعْلَمُ أَنِّي أَخْلُصُ

کہا جو کچھ کہ تونے کہا سو اگر سچ ہے تو وہ مقرر نبی ہے اور بیشک میں جانتا تھا کہ وہ نکلنے والا ہے اور نہیں سمجھا تھا کہ وہ تم میں نکلیگا اور اگر جانوں میں کہ پہنچ سکوں

إِلَيْهِ لَأَحْبَبْتُ لِقَاءَهُ وَلَوْ كُنْتُ عِنْدَهُ لَغَسَلْتُ عَنْ قَدَمَيْهِ وَلَيَبْلُغَنَّ مُلْكُهُ مَا تَحْتَ قَدَمَيَّ ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ

اسکے پاس تو البتہ دوست رکھتا میں اسکے دیکھنے کو اور اگر میں اسکی خدمت میں ہوتا تو البتہ اسکے دونوں پاؤں کو دھوتا اور البتہ پہنچیگا ملک اسکا میرے دونوں قدموں کی جاتک پھر منگایا

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَقَدْ سَبَقَ تَمَامُ الْحَدِيثِ فِي بَابِ الْكِتَابِ إِلَى الْكُفَّارِ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا اور پڑھا اسکو • ق • اور تحقیق گذر چکا باقی سطر اس حدیث کا باب الکتاب الی الکفار میں

بَابٌ فِي الْمِعْرَاجِ

باب معراج کے بیان میں

اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

فصل پہلی

عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى

روایت ہے قتادہ سے اسنے انس بن مالک سے اسنے مالک بن صعصعہ سے کہ نبی صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُمْ عَنْ لَيْلَةِ أُسْرِيَ بِهِ بَيْنَمَا أَنَا فِي الْحَطِيمِ وَرُبَّمَا قَالَ فِي الْحِجْرِ مُضْطَجِعًا إِذْ أَتَانِي آتٍ فَشَقَّ

اللہ علیہ وسلم نے خبر دیا انکو معراج کی رات کے حال سے فرمایا جس وقت کہ میں حطیم کعبہ میں اور کبھی حضرت نے فرمایا کہ میں حجر میں لیٹا تھا کہ ناگاہ ایک آنے والا آیا اور اسنے چیرا

لامتك فرجعت فوضع عني عشرا فرجعت الى موسى فقال مثله فرجعت فوضع عني عشرا فرجعت الى موسى

اپنی امت کے واسطے تو میں پھر گیا سو خدا نے میری امت سے دس کی نماز اتار دی الی موسیٰ پاس پھر آیا تو موسیٰ نے اسی طرح کہا پھر میں اپنی طرف گیا تو خدا نے دس اتار لیں پھر موسیٰ

فقال مثله فرجعت فوضع عني عشرا فرجعت الى موسى فقال مثله فرجعت فوضع عني عشرا فامرت

پھر موسیٰ نے اسی طرح کہا پھر میں پلٹ گیا اور دس نمازیں اتار لیں پھر میں موسیٰ پاس گیا پھر موسیٰ نے اسی طرح کہا پھر میں پلٹ گیا سو مجھ پر سے دس نمازیں اتاری گئیں پھر مجھ کو

بعشر صلوات كل يوم فرجعت الى موسى فقال مثله فرجعت فامرت بخمس صلوات كل يوم فرجعت

ہر روز دس نماز کا حکم ہوا پھر میں موسیٰ کے پاس گیا پھر موسیٰ نے اسی طرح کہا پھر میں پلٹ گیا تو مجھ کو ہر روز پانچ نماز کا حکم ہوا تو پھر میں

الى موسى فقال بما امرت قلت امرت بخمس صلوات كل يوم قال ان امتك لا تستطيع خمس صلوات كل يوم واني

موسیٰ پاس گیا تو موسیٰ نے کہا کیا تجھ کو حکم ہوا میں نے کہا مجھ کو ہر روز پانچ نماز کا حکم ہوا تو موسیٰ نے کہا مقرر امت تیری سے ہر روز پانچ نمازیں نہ ہوسکیں گی اور البتہ میں

قد جربت الناس قبلك وعالجت بني اسرائيل اشد المعالجة فارجع الى ربك فسله التخفيف لامتك

لوگوں کو تجھ سے پہلے آزما چکا ہوں اور بنی اسرائیل کے علاج کر چکا ہوں نہایت سختی سے سو پھر جا اپنے رب پاس اور اپنی امت کے لئے آسانی مانگ

قال سألت ربي حتى استحييت ولكني ارضى واسلم قال فلما جاوزت نادى مناد امضيت فريضتي

حضرت نے فرمایا کہ سوال کر گیا میں اپنے رب سے یہاں تک کہ میں شرما گیا ولیکن میں راضی ہوا اور میں نے تسلیم کیا پھر جب میں آگے بڑھا تو پکارا پکارنے والے نے کہ جاری کیا میں نے فرض اپنا

وخففت عن عبادي متفق عليه وعن ثابت البناني عن انس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال

اور بوجھ اتار دیا اپنے بندوں سے متفق اور روایت ہے ثابت بنانی سے انس سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اتيت بالبراق وهو دابة ابيض طويل فوق الحمار ودون البغل يقع حافره عند منتهى طرفه فركبته

کہ براق میرے آگے لایا گیا کہ وہ ایک دراز سفید جانور ہے گدھے سے اونچا خچر سے نیچا انتہائے نظر پر اپنے قدم رکھتا تھا سو اس پر میں سوار ہوا

حتى اتيت بيت المقدس فربطته بالحلقة التي تربط بها الانبياء قال ثم دخلت المسجد فصليت

یہاں تک کہ میں بیت المقدس پاس آیا سو میں نے اس کو حلقہ مسجد سے باندھا جس سے انبیا باندھتے ہیں فرمایا پھر میں مسجد میں آیا اور نماز پڑھی

فيه ركعتين ثم خرجت فجاءني جبرئيل باناء من خمر واناء من لبن فاخترت اللبن فقال جبرئيل اخترت

اس میں دو رکعتیں پھر میں باہر نکلا تو جبرئیل نے ایک برتن شراب سے بھرا اور ایک برتن دودھ کا مجھ پاس لایا سو میں نے دودھ کو لیا تو جبرئیل نے کہا تو نے اختیار کیا

الفطرة ثم عرج بنا الى السماء وساق مثل معناه قال فاذا انا بادم فرحب بي ودعا لي بخير وقال في السماء

فطرت اسلام کو پھر ہم آسمان پر چڑھے اور بیان کیا ثابت نے حدیث کو اسی معنی کے فرمایا ناگاہ آدم سے ملا سو مجھ کو مرحبا بولا اور اچھی دعا کی اور فرمایا

الثالثة فاذا انا بيوسف اذا هو قد اعطي شطر الحسن فرحب بي ودعا لي بخير ولم يذكر بكاء موسى

تیسرے آسمان پر ناگاہ میں یوسف پاس تھا کہ دیکھا تو ان کو آدھا حسن عطا ہوا ہے سو مجھ کو مرحبا بولا اور اچھی دعا کی اور نہیں ذکر کیا موسیٰ کے رونے کو

وقال في السماء السابعة فاذا انا بابراهيم مسندا ظهره الى البيت المعمور واذا هو يدخله كل يوم سبعون

اور ساتویں آسمان میں فرمایا پھر ناگاہ میں ابراہیم پاس تھا کہ تکیہ لگائے بیٹھے تھے بیت معمور سے اور ناگاہ دیکھا کہ ستر ہزار فرشتے ہر روز

الف ملك لا يعودون اليه ثم ذهب بي الى السدرة المنتهى فاذا ورقها كاذان الفيلة واذا ثمرها كالقلال

بیت معمور کی طرف جانے کے لئے آتے ہیں کہ دوسرے روز وہ فرشتے نہیں آتے پھر مجھ کو سدرۃ المنتہیٰ پاس لے گئے تو ناگاہ اس کے پتے ہاتھی کے کانوں جیسے اور اس کے میوے مٹکوں کی مانند

فلما غشيها من امر الله ما غشي تغيرت فما احد من خلق الله يستطيع ان ينعتها من حسنها واوحى الى ما اوحى

پھر جب اللہ کے حکم سے ڈھانپ لیا اسکو جو کچھ کہ ڈھانپا بدل گیا حال اسکا سو تعریف بیان نہیں کر سکتا ہے اسکے خوبی کی کوئی اللہ کی مخلوق میں سے اور مجھکو خدا نے وحی کیا جو کچھ کہ وحی کیا

ففرض علي خمسين صلوة في كل يوم وليلة فنزلت الى موسى فقال ما فرض ربك على امتك قلت خمسين صلوة

سو پچاس نمازیں مجھ پر فرض ہوئیں ہر رات دن میں پھر آیا میں موسی کے پاس تو کہا کہ تیری امت پر خدا نے کیا چیز فرض کی ہے میں نے کہا پچاس نمازیں

في كل يوم وليلة قال ارجع الى ربك فسئله التخفيف فان امتك لا تطيق ذلك فاني بلوت بني اسرائيل وخبرتهم

ہر رات دن میں موسی نے کہا پلٹ جا اپنے رب پاس اور آسانی مانگ اس سے کیونکہ پچاس وقت کی نمازیں کرنے کی طاقت نہیں ہے تیری امت میں بے شک میں نے بنی اسرائیل کو آزمایا اور جانچا

قال فرجعت الى ربي فقلت يا رب خفف على امتي فحط عني خمسا فرجعت الى موسى فقلت حط عني خمسا

فرمایا تب پھر میں اپنے رب پاس اور عرض کیا کہ میری امت پر آسانی کر سو پانچ نمازیں مجھ سے کم کیا سو پھر آیا میں موسی کے پاس اور کہا پانچ نمازیں مجھ سے کم ہوئیں

قال ان امتك لا تطيق ذلك فارجع الى ربك فسئله التخفيف قال فلم ازل ارجع بين ربي وبين موسى حتى

موسی نے کہا مقرر تیری امت نہ کر سکیگی اسکو بھی پھر پلٹ جا اپنے رب پاس اور آسانی مانگ اس سے فرمایا حضرت نے پھر میں ہمیشہ پھرتا رہا درمیان اپنے رب اور موسی کے یہاں تک کہ

قال يا محمد انهن خمس صلوات كل يوم وليلة لكل صلوة عشر فذلك خمسون صلوة من هم بحسنة فلم يعملها

خدا نے فرمایا اے محمد مقرر وے پانچ نمازیں ہیں ہر رات دن میں کہ دس نیکی ہیں ہر نماز کے لئے سو وے حکم میں پچاس نماز کے ہیں جو کوئی ارادہ کرے ایک نیکی کرنے کا اور اسکو نہ کیا

كتبت له حسنة فان عملها كتبت له عشرا ومن هم بسيئة فلم يعملها لم تكتب له شيئا فان عملها كتبت له

تو ایک نیکی اسکے لئے لکھی جاویگی اور اگر اسکو کریگا تو دس نیکی اسکے لئے لکھی جاوینگی اور جو کوئی بدکام کا ارادہ کرے اور اسکو عمل میں نہ لایا تو اسکے لئے کچھ لکھا نہ جاویگا اور اگر عمل میں لاویگا

سيئة واحدة قال فنزلت حتى انتهيت الى موسى فاخبرته فقال ارجع الى ربك فسئله التخفيف فقال رسول

لکھی جائیگی ایک ہی بدی فرمایا حضرت نے پھر میں اترا یہانتک کہ موسی کے پاس پہنچا اور اسکو اسبات سے خبر دیا تو موسی نے کہا پلٹ جا اپنے رب پاس اور آسانی مانگ اس سے تو فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم فقلت قد رجعت الى ربي حتى استحييت منه رواه مسلم وعن ابن شهاب عن

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں نے موسی سے کہا کہ بہت بار گیا میں اپنے رب پاس یہانتک کہ میں اس سے شرم رکھتا ہوں روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن شہاب سے

انس قال كان ابو ذر يحدث ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فرج عني سقف بيتي وانا بمكة فنزل جبرئيل

اسنے انس سے کہا کہ ابوذر خبر دیتا تھا اسبات کی کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کھولا گیا مجھ پر چھت میرے گھر کا جس حال میں کہ میں مکہ میں تھا سو جبرئیل اترا

ففرج صدري ثم غسله بماء زمزم ثم جاء بطست من ذهب ممتلئ حكمة وايمانا فافرغه في صدري

اور میرے سینے کو چیرا پھر زمزم کے پانی سے اسکو دھویا پھر لایا ایک طشت سونے کا کہ ایمان و حکمت سے بھرا ہوا تھا سو میرے سینے میں اسکو ڈالا

ثم اطبقه ثم اخذ بيدي فعرج بي الى السماء فلما جئت الى السماء الدنيا قال جبرئيل لخازن السماء افتح

پھر اسکو ڈھانپ دیا پھر جبرئیل نے میرا ہاتھ پکڑا اور لے چڑھا مجھکو طرف آسمان کے پھر جب میں دنیا کے آسمان پاس گیا تو جبرئیل نے آسمان کے داروغہ کو کہا کہ دروازہ کھول

قال من هذا قال جبرئيل قال هل معك احد قال نعم معي محمد صلى الله عليه وسلم فقال ارسل اليه قال نعم فلما فتح

اسنے کہا کہ یہ کون ہے جبرئیل نے کہا میں جبرئیل ہوں اسنے پوچھا کیا کوئی تیرے ساتھ ہے جبرئیل نے کہا ہاں محمد صلے اللہ علیہ وسلم میرے ساتھ ہے پھر پوچھا کیا بلایا گیا ہے جبرئیل نے کہا ہاں پھر جب

علونا السماء الدنيا اذا رجل قاعد على يمينه اسودة وعلى يساره اسودة اذا نظر قبل يمينه ضحك واذا نظر

تو چڑھے آسمان کے اوپر جو دیکھا ناگاہ ایک مرد بیٹھا ہوا ہے کہ بہت آدمیاں اسکے سیدھے طرف اور بہت لوگ اسکے بائیں طرف ہیں جب دیکھا اپنے سیدھے طرف تو ہنسا اور جب دیکھا

قِبَلَ شِمَالِهِ بَكَى فَقَالَ مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالِابْنِ الصَّالِحِ قُلْتُ لِجِبْرِيلَ مَنْ هَذَا قَالَ هَذَا آدَمُ وَهَذِهِ الْأَسْوِدَةُ عَنْ
اپنے بائیں طرف نظر کرتا سو کہا مرحبا اچھے نبی کو اور اچھے بیٹے کو کہا میں نے جبرئیل سے یہ کون ہیں کہا یہ آدم ہیں اور یہ جماعت کثیر

يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ نَسَمُ بَنِيهِ فَأَهْلُ الْيَمِينِ مِنْهُمْ أَهْلُ الْجَنَّةِ وَالْأَسْوِدَةُ الَّتِي عَنْ شِمَالِهِ أَهْلُ النَّارِ فَإِذَا نَظَرَ
اسکے سیدھے اور بائیں سے اسکی اولاد کی روحیں ہیں سو داہنی طرف والے جنتی ہیں اور جماعت کثیر جو اسکے بائیں طرف ہیں دوزخی ہیں سو جب دیکھتا ہے

عَنْ يَمِينِهِ ضَحِكَ وَإِذَا نَظَرَ قِبَلَ شِمَالِهِ بَكَى حَتَّى عَرَجَ بِي إِلَى السَّمَاءِ الثَّانِيَةِ فَقَالَ لِخَازِنِهَا افْتَحْ فَقَالَ لَهُ خَازِنُهَا
اپنے سیدھے طرف تو ہنستا ہے اور جب دیکھتا ہے اپنے بائیں طرف تو روتا ہے یہاں تک اوپر لے کر چڑھا مجھکو دوسرے آسمان کی طرف تو جبرئیل نے اسکے خزانچی کو کہا کہ دروازہ کھول خزانچی نے

مِثْلَ مَا قَالَ الْأَوَّلُ قَالَ أَنَسٌ فَذَكَرَ أَنَّهُ وَجَدَ فِي السَّمَوَاتِ آدَمَ وَإِدْرِيسَ وَمُوسَى وَعِيسَى وَإِبْرَاهِيمَ وَلَمْ يُثْبِتْ
جیسا آسمان اول کے خزانچی نے پوچھا تھا انس کہتا ہے پھر بیان کیا اسنے کہ پایا آسمانوں میں آدم اور ادریس اور موسے اور عیسی اور ابراہیم کو اور نہ بیان کیا

كَيْفَ مَنَازِلُهُمْ غَيْرَ أَنَّهُ ذَكَرَ أَنَّهُ وَجَدَ آدَمَ فِي السَّمَاءِ الدُّنْيَا وَإِبْرَاهِيمَ فِي السَّمَاءِ السَّادِسَةِ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ
انکے منازل کے حال کو بجز اسکے کہ بیان کیا کہ حضرت آدم کو ورلے آسمان میں اور ابراہیم کو چھٹے آسمان میں ابن شہاب نے کہا

فَأَخْبَرَنِي ابْنُ حَزْمٍ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ وَأَبَا حَبَّةَ الْأَنْصَارِيَّ كَانَا يَقُولَانِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ عُرِجَ
ابن حزم نے مجھکو خبر دی ہے کہ ابن عباس اور ابا حبہ انصاری دونو کہتے تھے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے پھر اوپر لے چڑھا

بِي حَتَّى ظَهَرْتُ لِمُسْتَوًى أَسْمَعُ فِيهِ صَرِيفَ الْأَقْلَامِ وَقَالَ ابْنُ حَزْمٍ وَأَنَسٌ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفَرَضَ اللهُ
مجھکو یہاں تک کہ چڑھا میں ایک جگہ برابر کہ اسمیں سنتا تھا آواز قلموں کی اور ابن حزم اور انس نے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر فرض کی اللہ نے

عَلَى أُمَّتِي خَمْسِينَ صَلَاةً فَرَجَعْتُ بِذَلِكَ حَتَّى مَرَرْتُ عَلَى مُوسَى فَقَالَ مَا فَرَضَ اللهُ لَكَ عَلَى أُمَّتِكَ قُلْتُ
میری امت پر پچاس نمازیں پھر پلٹا میں ان پچاس نمازوں کے ساتھ یہاں تک کہ گذرا میں موسے پر تو موسے نے پوچھا کیا فرض کیا ہے اللہ نے تجھکو تیری امت پر تو میں نے کہا

فَرَضَ خَمْسِينَ صَلَاةً قَالَ فَارْجِعْ إِلَى رَبِّكَ فَإِنَّ أُمَّتَكَ لَا تُطِيقُ فَرَاجَعَنِي فَوَضَعَ شَطْرَهَا فَرَجَعْتُ إِلَى مُوسَى
پچاس نماز فرض ہوئیں ہیں تو موسے نے کہا پھر پلٹ جا اپنے رب پاس کیونکہ تیری امت طاقت نہیں رکھتی ہے پھر پلٹایا مجھکو تو خدا نے آدھا معاف کیا پھر میں موسے پاس پلٹا

فَقُلْتُ وَضَعَ شَطْرَهَا فَقَالَ رَاجِعْ رَبَّكَ فَإِنَّ أُمَّتَكَ لَا تُطِيقُ ذَلِكَ فَرَاجَعْتُ فَوَضَعَ شَطْرَهَا فَرَجَعْتُ
اور کہا کہ آدھا اسکا اتار لیا ہے تو موسے نے کہا پلٹ جا اپنے رب پاس کیونکہ تیری امت اسکی طاقت نہیں رکھتی ہے پھر پلٹایا مجھکو تو خدا نے کم کر دیا اسکے آدھے کو پھر پلٹ کر آیا میں

إِلَيْهِ فَقَالَ ارْجِعْ إِلَى رَبِّكَ فَإِنَّ أُمَّتَكَ لَا تُطِيقُ ذَلِكَ فَرَاجَعْتُهُ فَقَالَ هِيَ خَمْسٌ وَهِيَ خَمْسُونَ لَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ
موسے پاس تو اسنے کہا پلٹ جا اپنے رب پاس کیونکہ تیری امت اسکی طاقت نہیں رکھتی ہے پھر پلٹایا اسنے مجھکو تو پروردگار نے فرمایا کہ یہ پانچ نمازیں ہیں پچاس کے برابر نہیں بدلتی ہے بات میرے پاس پھر پلٹا

فَرَجَعْتُ إِلَى مُوسَى فَقَالَ رَاجِعْ رَبَّكَ فَقُلْتُ اسْتَحْيَيْتُ مِنْ رَبِّي ثُمَّ انْطَلَقَ بِي حَتَّى انْتَهَى بِي إِلَى سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى
پھر پلٹ کر آیا میں موسے پاس تو موسے نے کہا پلٹ جا اپنے رب پاس میں نے کہا شرم آتی ہے مجھکو اپنے رب سے پھر لیگئے مجھکو یہانتک کہ پہنچایا مجھکو سدرۃ المنتہی پاس

وَغَشِيَهَا أَلْوَانٌ لَا أَدْرِي مَا هِيَ ثُمَّ أُدْخِلْتُ الْجَنَّةَ فَإِذَا فِيهَا جَنَابِذُ اللُّؤْلُؤِ وَإِذَا تُرَابُهَا الْمِسْكُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ
اور ڈھانپ لئے اسکو رنگیں کہ نہیں جانتا ہوں کہ کیا ہیں پھر داخل کیا گیا میں بہشت میں تو ناگاہ جنت میں گنبذیں موتیوں کی ہیں اور مٹی اسکی مشک ہے ق۔ اور روایت ہے

عَبْدِ اللهِ قَالَ لَمَّا أُسْرِيَ بِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْتُهِيَ بِهِ إِلَى سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى وَهِيَ فِي السَّمَاءِ السَّادِسَةِ إِلَيْهَا
عبد اللہ بن مسعود سے کہا کہ جس رات کہ معراج ہو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو تو لیگئے آپکو سدرۃ المنتہی پاس کہ وہ چھٹے آسمان میں ہے اسی پاس

ينتهي ما يعرج به من الأرض فيقبض منها وإليها ينتهي ما يهبط به من فوقها فيقبض منها قال إذ يغشى السدرة

پہنچتی ہیں جو کچھ لے چڑھتے ہیں زمین سے تو لے جاتی ہیں وہ چیز وہاں سے اور اسی جگہ پہنچتی ہے جو کچھ اترتا ہے اوپر سے فرشتے لیتے ہیں اسکو وہاں سے فرمایا حق نے جب کہ ڈھانپا

ما يغشى قال فراش من ذهب قال فأعطي رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاثا أعطي الصلوات الخمس وأعطي خواتيم

جو کچھ کہ ڈھانپتا ہے کہا پتنگے سونے کے کہا پھر ملے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو تین چیزیں دئے گئے پانچ وقت کی نمازیں اور دئے گئے آخری

سورة البقرة وغفر لمن لا يشرك بالله من أمته شيئا المقحمات رواه مسلم وعن أبي هريرة قال قال رسول الله

سورہ بقرہ کا اور معافی اس شخص کے لئے جو نہ شرک کرے آپ کی امت سے اللہ کے ساتھ کسی کو گناہ کبیرہ کی روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول

صلى الله عليه وسلم لقد رأيتني في الحجر وقريش تسألني عن مسراي فسألتني عن أشياء من بيت المقدس لم

صلے اللہ علیہ وسلم نے البتہ میں تو حطیم میں تھا اور قریش مجھ سے معراج کا حال پوچھتے تھے سو قریش نے بیت المقدس کی وہ چیزیں اور نشان پوچھیں تو

أثبتها فكربت كربا ما كربت مثله قط فرفعه الله لي أنظر إليه ما يسألوني عن شيء إلا أنبأتهم وقد رأيتني في

مجھ کو ثابت یاد نہ تھیں اور مجھ کو رنج ہوا کہ ویسا رنج کبھی نہ ہوا تھا سو خدا نے اس مکان کی صورت اٹھا کر سامنے کر دی کہ میں اسکو دیکھتا جاتا تھا جو بات مجھ سے پوچھتے تو بتلا دیتا

جماعة من الأنبياء فإذا موسى قائم يصلي فإذا رجل ضرب جعد كأنه من رجال شنوءة وإذا عيسى قائم

پیغمبروں کی جماعت میں تو ناگاہ موسیٰ کھڑا نماز پڑھتا تھا سو ایک مرد تھا گٹھیلا گھونگر بالوں والا جیسے قوم شنوءہ کے لوگ اور ناگاہ عیسیٰ کو دیکھا کہ کھڑا

يصلي أقرب الناس به شبها عروة بن مسعود الثقفي وإذا إبراهيم قائم يصلي أشبه الناس به صاحبكم يعني

نماز پڑھتا ہے اس سے زیادہ مشابہت قریب عروہ بن مسعود ثقفی ہے اور ناگاہ ابراہیم کو دیکھا کہ نماز پڑھتا ہے سب لوگوں سے زیادہ مشابہ تمہارا صاحب ہے مراد

نفسه فحانت الصلوة فأممتهم فلما فرغت من الصلوة قال لي قائل يا محمد هذا مالك خازن النار فسلم

اپنی ذات شریف پھر نماز کا وقت آیا تو میں نے ان لوگوں کی امامت کی پھر جب میں نماز سے فارغ ہوا کسی کہنے والے نے کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم یہ مالک ہے دوزخ کا داروغہ تو اسکو سلام کر

عليه فالتفت إليه فبدأني بالسلام رواه مسلم وهذا الباب خال عن الفصل الثاني **الفصل الثالث** عن

تو میں اسکی طرف متوجہ ہوا سو اس نے مجھ کو پہلے سلام کیا روایت کیا اسکو مسلم نے اور یہ باب خالی ہے فصل ثانی سے فصل تیسری روایت ہے

جابر أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لما كذبني قريش قمت في الحجر فجلى الله لي بيت المقدس

جابر سے کہ اس نے سنا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جب جھٹلایا مجھ کو قریش نے تو کھڑا ہوا میں حطیم میں تو ظاہر کر دیا مجھ کو اللہ نے بیت المقدس کو

فطفقت أخبرهم عن آياته وأنا أنظر إليه متفق عليه

باب المعجزات

الفصل الأول عن أنس بن

تو لگا میں انکو خبر دینے اسکے نشانوں سے حالانکہ میں دیکھتا تھا بیت المقدس کو متفق علیہ ہے باب معجزوں کے بیان میں فصل پہلی روایت ہے انس بن

مالك أن أبا بكر الصديق رض قال نظرت إلى أقدام المشركين على رؤسنا ونحن في الغار فقلت يا رسول الله

مالک سے کہ ابوبکر صدیق رض نے کہا کہ دیکھا میں نے مشرکین کے قدموں کی طرف ہمارے سروں پر جس حال میں کہ ہم تھے غار میں تو کہا میں نے یا رسول اللہ

لو أن أحدهم نظر إلى قدميه أبصرنا فقال يا أبا بكر ما ظنك باثنين الله ثالثهما متفق عليه وعن البراء بن

اگر کوئی انہیں سے نگاہ کرے اپنے پاؤں کی جگہ تو دیکھ لیگا ہم کو پس فرمایا حضرت نے اے ابوبکر کیا خیال ہے تیرا ان دو شخصوں کے ساتھ کہ اللہ تیسرا انکا ہے متفق علیہ ہے اور روایت ہے براء بن

عازب عن أبيه أنه قال لأبي بكر يا أبا بكر حدثني كيف صنعتما حين سريت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم

عازب سے اس نے اپنے باپ سے کہ اسنے کہا ابی بکر کو کہ اے ابوبکر خبر دو مجھ کو کس طرح کیا تم دونوں نے جب کہ رات کو چلا تو ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے

قَالَ اَسْرَيْنَا لَيْلَتَنَا وَمِنَ الْغَدِ حَتّٰى قَامَ قَائِمُ الظَّهِيْرَةِ وَخَلَا الطَّرِيْقُ لَا يَمُرُّ فِيْهِ اَحَدٌ فَرُفِعَتْ لَنَا صَخْرَةٌ

کہا ابوبکر نے کہ چلے ہم ساری رات اور کچھ دن تک یہاں تک کہ ٹھیک دوپہر ہوئی اور خالی ہوئی راہ کہ نہ گذر کرتا تھا اسمیں کوئی سو دکھائی دیا ہمکو ایک پتھر

طَوِيْلَةٌ لَهَا ظِلٌّ لَمْ تَاْتِ عَلَيْهَا الشَّمْسُ فَنَزَلْنَا عِنْدَهَا وَسَوَّيْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَانًا بِيَدِيْ يَنَامُ

دراز کہ اسکے لئے سایہ تھا نہیں آیا تھا اسپر آفتاب سو اترے ہم اسکے پاس اور برابر کی میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے ایک جگہ اپنے دونوں ہاتھوں سے کہ سوویں حضرت

عَلَيْهِ وَبَسَطْتُ عَلَيْهِ فَرْوَةً وَقُلْتُ نَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاَنَا اَنْفُضُ مَا حَوْلَكَ فَنَامَ وَخَرَجْتُ اَنْفُضُ مَا حَوْلَهُ فَاِذَا اَنَا

اسپر اور بچھایا میں نے اس جگہ ایک چمڑا بال دار اور کہا میں نے سو رہیے آپ یا رسول اللہ اور میں نگہبانی کرونگا گرد تمہارے پس سو رہے حضرت اور نکلا میں نے چاروں طرف نگہبانی کرتا تھا کہ ناگہاں دیکھا میں نے

بِرَاعٍ مُقْبِلٍ قُلْتُ اَفِيْ غَنَمِكَ لَبَنٌ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ اَفَتَحْلُبُ قَالَ نَعَمْ فَاَخَذَ شَاةً فَحَلَبَ فِيْ قَعْبٍ كُثْبَةً مِّنْ لَّبَنٍ

ایک چرواہے کو کہ چلا آتا ہے سامنے سے کہا میں نے کیا ہے تیری بکریوں میں دودھ کہا چرواہے نے ہاں ہے کہا میں نے کیا دوہیگا تو کہا اسنے ہاں سو پکڑی اسنے ایک بکری اور دوہا کاٹھ کے پیالے میں تھوڑا سا دودھ

وَمَعِيْ اِدَاوَةٌ حَمَلْتُهَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْتَوِيْ مِنْهَا يَشْرَبُ وَيَتَوَضَّاُ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور ساتھ میرے چھاگل تھی کہ اٹھا لیا تھا میں نے اسکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے سیراب ہوتے تھے حضرت اس سے پانی پیتے اور وضو کرتے پھر آیا میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس

فَكَرِهْتُ اَنْ اُوْقِظَهُ فَوَافَقْتُهُ حَتَّى اسْتَيْقَظَ فَصَبَبْتُ مِنَ الْمَاءِ عَلَى اللَّبَنِ حَتّٰى بَرَدَ اَسْفَلُهُ فَقُلْتُ اشْرَبْ

اور نا پسند جانا میں نے جگانا حضرت کا پھر موافق ہوا میں نے حضرت کے سونے میں یہاں تک کہ خود بیدار ہوے حضرت پھر ڈالا میں نے کچھ پانی دودھ پر یہاں تک کہ ٹھنڈا ہوا نیچے تک پھر کہا میں نے پیو

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَشَرِبَ حَتّٰى رَضِيْتُ ثُمَّ قَالَ اَلَمْ يَاْنِ لِلرَّحِيْلِ قُلْتُ بَلٰى قَالَ فَارْتَحَلْنَا بَعْدَ مَا مَالَتِ الشَّمْسُ وَاتَّبَعَنَا

یا رسول اللہ سو پیا حضرت نے یہاں تک کہ خوش ہوا میں پھر فرمایا حضرت نے کہ کیا نہیں آیا وقت کوچ کا کہا میں نے کیوں نہ آیا کہا ابوبکر نے پھر کوچ کیا ہم نے بعد ڈھلنے آفتاب کے اور پیچھا کیا ہمارا

سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ فَقُلْتُ اُتِيْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا فَدَعَا عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سراقہ بن مالک نے سو پھر کہا میں نے آ پہنچا ہمکو پکڑنے کو دشمن یا رسول اللہ پھر فرمایا حضرت نے غم نکر کہ اللہ ہمارے ساتھ ہے پھر بد دعا کی سراقہ پر پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

فَارْتَطَمَتْ بِهٖ فَرَسُهٗ اِلٰى بَطْنِهَا فِيْ جَلَدٍ مِّنَ الْاَرْضِ فَقَالَ اِنِّيْ اَرَاكُمَا دَعَوْتُمَا عَلَيَّ فَادْعُوَا لِيْ فَاللّٰهُ لَكُمَا اَنْ اَرُدَّ

سو دھنس گیا اسکے ساتھ گھوڑا اسکا پیٹ تک سخت زمین میں سو کہا سراقہ نے کہ تحقیق جانتا ہوں میں تمکو کہ بد دعا کی تم نے مجھپر پھر دعا کرو میرے لئے اور اللہ گواہ ہے تمہارا کہ

عَنْكُمَا الطَّلَبَ فَدَعَا لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَجَا فَجَعَلَ لَا يَلْقٰى اَحَدًا اِلَّا قَالَ كُفِيْتُمْ مَا هٰهُنَا فَلَا يَلْقٰى

تم سے کفار کی طلب کو پھر دعا کی سراقہ کے لئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر نجات پائی اسنے اور شروع کیا سراقہ نے کہ نہیں ملتا تھا کسی کو مگر کہتا تھا کہ کافی ہے تم طلب اسکا پھر نہیں ملتا

اَحَدًا اِلَّا رَدَّهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ سَمِعَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ بِمَقْدَمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کسی سے مگر پھیر دیتا اسکو۔ نقل کی اسکو بخاری و مسلم نے۔ اور روایت ہے انس سے کہا کہ سنا عبداللہ بن سلام نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا آنا

وَهُوَ فِيْ اَرْضٍ يَخْتَرِفُ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ سَائِلُكَ عَنْ ثَلٰثٍ لَا يَعْلَمُهُنَّ اِلَّا نَبِيٌّ فَمَا اَوَّلُ اَشْرَاطِ

جس حال میں کہ وہ ایک زمین میں تھا کہ چنتا تھا میوہ پھر دوڑتا آیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا کہ میں پوچھتا ہوں آپ سے تین چیزیں کہ نہیں جانتا انکو کوئی سوا نبی کے کیا ہے اول علامت

السَّاعَةِ وَمَا اَوَّلُ طَعَامِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَمَا يَنْزِعُ الْوَلَدُ اِلٰى اَبِيْهِ اَوْ اِلٰى اُمِّهٖ قَالَ اَخْبَرَنِيْ بِهِنَّ جِبْرِيْلُ اٰنِفًا اَمَّا اَوَّلُ

قیامت کی اور کیا ہوگا اول کھانا بہشتیوں کا اور کونسی چیز کھینچتی ہے فرزند کو اسکے باپ یا اسکی ماں کی طرف مشابہت فرمایا حضرت نے کہ خبر دی مجھکو ان چیزوں کی جبرئیل نے ابھی لیکن پہلی

اَشْرَاطِ السَّاعَةِ فَنَارٌ تَحْشُرُ النَّاسَ مِنَ الْمَشْرِقِ اِلَى الْمَغْرِبِ وَاَمَّا اَوَّلُ طَعَامٍ يَاْكُلُهٗ اَهْلُ الْجَنَّةِ فَزِيَادَةُ كَبِدِ حُوْتٍ

علامت قیامت کی سو ایک آگ ہوگی جمع کریگی لوگوں کو مشرق سے مغرب کی طرف اور لیکن پہلا کھانا جو کھاوینگے اسکو بہشتی سو زیادتی مچھلی کے کلیجی کی ہوگی

وَاِذَا سَبَقَ مَاءُ الرَّجُلِ مَاءَ الْمَرْأَةِ نَزَعَ الْوَلَدَ فَاِذَا سَبَقَ مَاءُ الْمَرْأَةِ نَزَعَتْ قَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّكَ رَسُوْلُ

اور جب سبقت کرتا ہے پانی مرد کا عورت کے پانی پر تو کھینچ لیتا ہے باپ فرزند کو اور جب غالب ہوتا ہے پانی عورت کا تو کھینچ لیتی ہے کہا ابن سلام نے گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے

اللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْيَهُوْدَ قَوْمٌ بُهُتٌ وَاِنَّهُمْ اِنْ يَعْلَمُوْا بِاِسْلَامِيْ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَسْأَلَهُمْ يَبْهَتُوْنِيْ فَجَاءَتِ الْيَهُوْدُ

اللہ کے ہو کہا عبداللہ بن سلام نے یا رسول اللہ کہ بیشک یہود بڑے بہتانی ہیں اور وے اگر جانینگے میرا اسلام لانا پہلے اس کے کہ پوچھو آپ ان سے تو جھوٹ باندھینگے مجھ پر پھر آئے یہود

فَقَالَ اَيُّ رَجُلٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ فِيْكُمْ فَقَالُوْا خَيْرُنَا وَابْنُ خَيْرِنَا وَسَيِّدُنَا وَابْنُ سَيِّدِنَا قَالَ اَرَاَيْتُمْ اِنْ اَسْلَمَ عَبْدُ اللّٰهِ

سو پوچھا حضرت نے کہ کیسا شخص ہے عبداللہ بن سلام تم میں کہا انہوں نے بہتر ہمارا ہے اور بیٹا بہتر ہمارے کا اور سردار ہمارا اور بیٹا ہمارے سردار کا فرمایا حضرت نے کہ خبر دو مجھکو اگر اسلام لاوے عبداللہ

بْنُ سَلَامٍ قَالُوْا اَعَاذَهُ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ فَخَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالُوْا شَرُّنَا

بن سلام تو کہا انہوں نے پناہ میں رکھے اسکو اللہ اسلام لانے سے سو نکلا عبداللہ بن سلام اور کہا گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور بیشک محمد رسول خدا ہیں کہنے لگے بہت برا ہے ہمارا

وَابْنُ شَرِّنَا فَانْتَقَصُوْهُ قَالَ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُ اَخَافُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهُ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

اور بیٹا ہمارے برے کا پھر عیب لگانے لگے اسکو کہا عبداللہ بن سلام نے یہی بات تھی جو ڈرتا تھا میں یا رسول اللہ روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ رسول اللہ صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاوَرَ حِيْنَ بَلَغَنَا اِقْبَالُ اَبِيْ سُفْيَانَ وَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ

اللہ علیہ وسلم نے مشورہ کیا اسوقت کہ پہنچی ہمکو خبر ابی سفیان کے آنے کی اور کھڑا ہوا سعد بن عبادہ اور کہا یا رسول اللہ قسم ہے اس ذات پاک کی کہ جان میری

بِيَدِهٖ لَوْ اَمَرْتَنَا اَنْ نُخِيْضَهَا الْبَحْرَ لَاَخَضْنَاهَا وَلَوْ اَمَرْتَنَا اَنْ نَضْرِبَ اَكْبَادَهَا اِلٰى بَرْكِ الْغِمَادِ لَفَعَلْنَا قَالَ فَنَدَبَ

جسکے ہاتھ میں ہے اگر حکم کیجئے آپ ہمکو کہ داخل کریں ہم سواری کے جانوروں کو دریا میں تو البتہ داخل کریں ہم انکو دریا میں اور اگر فرماوے آپ ہمکو کہ ماریں ہم جگر انکے برک غماد تک تو بیشک بجا لاویں ہم حکم کہا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ فَانْطَلَقُوْا حَتّٰى نَزَلُوْا بَدْرًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو سو چلے لوگ یہاں تک کہ اترے بدر میں پھر فرمانے لگے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ یہہ

مَصْرَعُ فُلَانٍ وَيَضَعُ يَدَهٗ عَلَى الْاَرْضِ هٰهُنَا وَهٰهُنَا قَالَ فَمَا مَاطَ اَحَدُهُمْ عَنْ مَوْضِعِ يَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

جگہ فلانے کی ہے گرنے کی اور رکھتے تھے ہاتھ اپنا زمین پر اس جگہ اور اس جگہ کہا انس نے پھر نہ تجاوز کیا کسی نے ان میں سے اس جگہ سے کہ ہاتھ رکھا تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ يَوْمَ بَدْرٍ اَللّٰهُمَّ اَنْشُدُكَ

وسلم نے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس حال میں کہ آپ خیمہ میں تھے بدر کے دن یا الہی مانگتا ہوں میں تجھ سے

عَهْدَكَ وَوَعْدَكَ اَللّٰهُمَّ اِنْ تَشَأْ لَا تُعْبَدْ بَعْدَ الْيَوْمِ فَاَخَذَ اَبُوْ بَكْرٍ بِيَدِهٖ فَقَالَ حَسْبُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

عہد تیرا اور ایفاء وعدہ تیرا اے خداوند اگر چاہے تو نہ عبادت کیا جاوے تو بعد آج کے دن کے پھر پکڑ لیا ابوبکر نے دست مبارک حضرت کا اور کہنے لگا بس ہے آپکو یا رسول اللہ

اَلْحَحْتَ عَلٰى رَبِّكَ فَخَرَجَ وَهُوَ يَثِبُ فِي الدِّرْعِ وَهُوَ يَقُوْلُ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهُ

بہت مبالغہ کیا آپ نے دعا کرنے میں اپنے رب سے پھر نکلے حضرت خیمہ سے جس حال میں کہ آپ زرہ پہنے ہوئے تھے اور پڑھتے تھے یہہ آیت قریب ہے کہ شکست دیجاوے گی جماعت کفار کی اور پھیر دینگے پیٹھ روایت کیا اسکو بخاری نے

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ بَدْرٍ هٰذَا جِبْرَئِيْلُ اٰخِذٌ بِرَأْسِ فَرَسِهٖ عَلَيْهِ اَدَاةُ الْحَرْبِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بدر کے دن کہ یہہ جبرئیل ہیں پکڑے ہوئے ہیں سر اپنے گھوڑے کا جس حال میں کہ جبرئیل پر ہے ہتیار لڑائی کا روایت کیا اسکو بخاری نے

وَعَنْهُ قَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ يَشْتَدُّ فِيْ اَثَرِ رَجُلٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اَمَامَهٗ اِذْ سَمِعَ ضَرْبَةً

اور روایت ہے اسی سے کہا اسوقت کہ ایک شخص مسلمانوں میں سے جنگ بدر کے دن دوڑ کر حملہ کرتا تھا پیچھے ایک مرد کے مشرکوں میں سے جو روبرو اسکے تھا ناگہاں سنا اسنے آواز

بالسوط فوقه وصوت الفارس يقول أقدم حيزوم إذ نظر إلى المشرك أمامه خر مستلقيا فنظر إليه

کوڑا مارنے کا اوپر مشرک کے اور سنی آواز سوار کی کہ کہتا ہے آگے بڑھ اے حیزوم ناگاہ دیکھا مشرک کو جو سامنے تھا کہ گر کر چت ہو گیا اور نظر کیا اس کی طرف

فإذا هو قد خطم أنفه وشق وجهه كضربة السوط فاخضر ذلك أجمع فجاء الأنصاري فحدث رسول

تو دیکھا کہ نشان پڑ گیا تھا اس کی ناک پر اور شق ہو گیا تھا منہ اس کا مانند مارنے کوڑے کے سو سبز ہو گئی تھی تمام جگہ مار کی پس پھر آیا وہ مرد انصاری اور بیان کیا یہ قصہ رسول

الله صلى الله عليه وسلم فقال صدقت ذلك من مدد السماء الثالثة فقتلوا يومئذ سبعين وأسروا

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے تب فرمایا حضرت نے سچ کہتا ہے تو کہ یہ فرشتے تیسرے آسمان کی کمک سے تھا پس قتل کیا مسلمانوں نے اس دن ستر کافروں کو اور قید کیا

سبعين رواه مسلم وعن سعد بن أبي وقاص قال رأيت عن يمين رسول الله صلى الله عليه وسلم وعن شماله

ستر کافروں کو روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہا کہ دیکھا میں نے داہنے طرف پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور بائیں طرف آپ کے

يوم أحد رجلين عليهما ثياب بيض يقاتلان كأشد القتال ما رأيتهما قبل ولا بعد يعني جبريل وميكائيل

احد کے دن دو شخصوں کو کہ ان پر تھے سفید کپڑے لڑتے تھے وے دونوں مانند سخت ترین لڑنے والوں کے نہیں دیکھا میں نے انکو پہلے اس کے اور نہ بعد اس کے یعنے وے جبرئیل اور میکائیل تھے

متفق عليه وعن البراء قال بعث النبي صلى الله عليه وسلم رهطا إلى أبي رافع فدخل عليه عبد الله بن

متفق ہے اور روایت ہے براء سے کہا بھیجی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک جماعت کو ابی رافع کے پاس پھر گئے اس کے پاس عبد اللہ بن

عتيك بيته ليلا وهو نائم فقتله فقال عبد الله بن عتيك فوضعت السيف في بطنه حتى أخذ

عتیک اس کے گھر میں وقت رات کے حال یہ کہ وہ سوتا تھا سو مار ڈالا اس کو اور کہا عبد اللہ بن عتیک نے کہ رکھی میں نے تلوار اس کے پیٹ میں یہاں تک کہ پہنچی

في ظهره فعرفت أني قتلته فجعلت أفتح الأبواب حتى انتهيت إلى درجة فوضعت رجلي فوقعت

اس کی پیٹھ کی طرف سو معلوم کر لیا میں نے کہ مقرر میں نے مار لیا اس کو پھر شروع کیا میں نے کھولنے دروازے یہاں تک کہ پہنچا میں طرف زینے کے اور رکھا میں نے اپنے پاؤں کو سو گر پڑا

في ليلة مقمرة فانكسرت ساقي فعصبتها بعمامة فانطلقت إلى أصحابي فانتهيت إلى النبي صلى الله عليه

چاندنی رات میں سو ٹوٹ گئی پنڈلی میری تو باندھ لیا اس کو پگڑی سے اور چلا اپنے یاروں کے پاس پھر پہنچا میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی جناب میں

فحدثته فقال ابسط رجلك فبسطت رجلي فمسحها فكأنما لم أشتكها قط رواه البخاري وعن جابر قال إنا

اور بیان کیا آپ سے سارا ماجرا تب فرمایا حضرت نے کہ پھیلا پاؤں اپنا پھر پھیلایا میں نے اپنے پاؤں کو تب ہاتھ پھیرا حضرت نے پاؤں پر سو گویا کہ دکھا ہی نہیں تھا کبھی روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے جابر سے کہا ہم

يوم الخندق نحفر فعرضت كدية شديدة فجاؤوا النبي صلى الله عليه وسلم فقالوا هذه كدية عرضت

روز خندق کے کھودتے تھے سو ملا ایک پتھر سخت تو آئے صحابہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیے کہ یہ پتھر سخت ہے کہ ظاہر ہوا ہے

في الخندق فقال أنا نازل ثم قام وبطنه معصوب بحجر ولبثنا ثلاثة أيام لا نذوق ذواقا فأخذ النبي صلى

خندق میں تب فرمایا حضرت نے کہ میں اترونگا اس کو پھر کھڑے ہوئے حضرت اور پیٹ آپ کا بندھا ہوا تھا پتھر سے اور رہے تھے ہم تین دن کہ نہ چکھی تھی کوئی چیز چکھنے کی پھر لیا نبی صلے

الله عليه وسلم المعول فضرب فعاد كثيبا أهيل فانكفأت إلى امرأتي فقلت هل عندك شيء فإني رأيت بالنبي

اللہ علیہ وسلم نے کدال اور مارا پتھر پر سو ہو گیا وہ پتھر ریت بھسبھسی پھر چلا گیا میں اپنی بی بی کے پاس اور کہا میں نے کیا تیرے پاس کچھ ہے کیونکہ دیکھا ہے میں نے نبی

صلى الله عليه وسلم خمصا شديدا فأخرجت جرابا فيه صاع من شعير ولنا بهيمة داجن فذبحتها وطحنت

صلے اللہ علیہ وسلم پر سخت بھوک کا سو نکالا اس بی بی نے ایک تھیلا کہ اس میں تھے ساڑھے تین سیر جو اور تھا ہمارے پاس ایک بچہ بکری پلا ہوا سو ذبح کیا میں نے اس کو اور

الشعير حتى جعلنا اللحم في البرمة ثم جئت النبي صلى الله عليه وسلم فساررته فقلت يا رسول الله ذبحنا

جو پیس کر ڈالا ہم نے گوشت ہانڈی میں پھر آیا میں پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور چپکے سے عرض کیا میں نے یا رسول اللہ ذبح کیا ہے ہم نے

بهيمة لنا وطحنت صاعا من شعير فتعال انت ونفر معك فصاح النبي صلى الله عليه وسلم يا اهل الخندق

ایک چھوٹا سا بچہ بکری کا اور پیسی ہے تین سیر جو سو آئیے آپ اور کچھ لوگ ساتھ آپ کے پکارا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اے خندق والو

ان جابرا صنع سورا فحي هلا بكم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تنزلن برمتكم ولا تخبزن عجينتكم حتى

کہ جابر نے تیار کی ہے مہمانی سو جلدی چلو تم اور فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ اتارو تم ہانڈی اپنی اور نہ پکانا تم آٹا اپنا یہاں تک کہ

اجيء وجاء فاخرجت له عجينا فبصق فيه وبارك ثم عمد الى برمتنا فبصق وبارك ثم قال ادعي خابزة فلتخبز

آؤں میں اور تشریف لائے حضور پھر نکال لایا میں آٹا حضرت کے آگے سو آپ نے لعاب مبارک ڈالا اس میں اور دعا کی برکت کی پھر قصد کیا ہماری ہانڈی کا سو لعاب مبارک ڈالا اور دعا برکت کی پھر فرمایا بلاؤ روٹی پکانے والی کو کہ پکائے

معك واقدحي من برمتكم ولا تنزلوها وهم الف فاقسم بالله لاكلوا حتى تركوه وانحرفوا وان برمتنا

ساتھ تیرے اور چمچے سے نکال گوشت کو اپنی ہانڈی میں سے اور نہ اتارو ہانڈی کو اور تھے وہ ہزار آدمی قسم کھاتا ہوں میں اللہ کی کہ کھایا سب نے یہاں تک کہ چھوڑ دیا اور پھر گئے اور ہماری ہانڈی

لتغط كما هي وان عجيننا ليخبز كما هو متفق عليه وعن ابي قتادة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال

جوش مارتی تھی جیسا کہ تھی اور تحقیق آٹا ہمارا پکایا جاتا تھا جیسا کہ تھا متفق علیہ اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

لعمار حين يحفر الخندق فجعل يمسح راسه ويقول بؤس ابن سمية تقتلك الفئة الباغية رواه مسلم

عمار بن یاسر کو جس وقت کہ کھودتے تھے خندق سو لگے ہاتھ پھیرنے سر پر عمار کے اور فرماتے تھے ای سختی سمیہ کے بیٹے کی قتل کرے گی تجھ کو جماعت باغی روایت کیا اس کو مسلم نے

وعن سليمان بن صرد قال قال النبي صلى الله عليه وسلم حين اجلي الاحزاب عنه الان نغزوهم ولا يغزوننا

اور روایت ہے سلیمان بن صرد سے کہا انہوں نے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس وقت کہ چلے گئے گروہ کفار کے مقابلے ان کے اب جہاد کریں گے ہم ان سے اور وہ نہیں لڑیں گے ہم سے

نحن نسير اليهم رواه البخاري وعن عائشة قالت لما رجع رسول الله صلى الله عليه وسلم من الخندق

بلکہ ہم چلیں گے ان کی طرف روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے عائشہ سے کہا انہوں نے جس وقت کہ پھرے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم غزوہ خندق سے

ووضع السلاح واغتسل اتاه جبريل وهو ينفض راسه من الغبار فقال قد وضعت السلاح والله ما

اور رکھ دیئے ہتھیار اور غسل کرتے تھے کہ اتنے میں آئے آپ کے پاس جبریل اس حال میں کہ وہ جھاڑتے تھے سر اپنا غبار سے اور کہا جبریل نے تحقیق آپ نے رکھ دیئے ہتھیار قسم اللہ کی

وضعته اخرج اليهم فقال النبي صلى الله عليه وسلم فاين فاشار الى بني قريظة فخرج النبي عليه السلام اليهم

میں نے نہیں رکھے ہیں ہتھیار آپ نکلو طرف ان کی پھر فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ پس کدھر تو اشارہ کیا جبریل نے بنی قریظہ کی طرف تو پھر نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم طرف ان کے

متفق عليه وفي رواية للبخاري قال انس كاني انظر الى الغبار ساطعا في زقاق بني غنم موكب جبريل عليه السلام

متفق علیہ اور ایک روایت میں بخاری کی ہے کہ کہا انس نے گویا کہ میں دیکھتا ہوں طرف غبار کے کہ اٹھا تھا کوچہ میں بنی غنم کے قافلہ سواروں کی جماعت سے ہمراہ جبریل علیہ السلام تھے

حين سار رسول الله صلى الله عليه وسلم الى بني قريظة وعن جابر قال عطش الناس يوم الحديبية ورسول

جس وقت کہ چلے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بنی قریظہ کی طرف اور روایت ہے جابر سے کہا انہوں نے پیاسے ہوئے لوگ حدیبیہ کے دن اور رسول

الله صلى الله عليه وسلم بين يديه ركوة فتوضا منها ثم اقبل الناس نحوه قالوا ليس عندنا ماء نتوضا به

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے روبرو ایک چھاگل تھی سو وضو کیا حضرت نے اس سے پھر متوجہ ہوئے لوگ طرف حضرت کے اور عرض کیا انہوں نے کہ نہیں ہمارے پاس پانی کہ وضو کریں ہم اس سے

وَشُرْبُ الْأَمَاءُ فِي رَكْوَتِكَ فَوَضَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ فِي الرَّكْوَةِ فَجَعَلَ الْمَاءُ يَفُورُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ

اور ہوں ہم اس سے مگر یہی پانی ہے جو آپ کی چھاگل میں ہے پھر رکھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک اپنا چھاگل میں سو لگا پانی جوش مارنے حضرت کی انگلیوں کے درمیان سے

كَأَمْثَالِ الْعُيُونِ قَالَ فَشَرِبْنَا وَتَوَضَّأْنَا قِيلَ لِجَابِرٍ كَمْ كُنْتُمْ قَالَ لَوْ كُنَّا مِائَةَ أَلْفٍ لَكَفَانَا كُنَّا خَمْسَ عَشْرَةَ

مانند چشموں کے کہا جابر نے پھر پیا ہم نے اور وضو کیا ہم نے کسی نے پوچھا جابر سے کہ تم کتنے تھے کہا جابر نے اگر ہوتے ہم ایک لاکھ تو البتہ کفایت کرتا ہم کو تھے ہم پندرہ

مِائَةً مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً يَوْمَ

سو ۔ ق ۔ اور روایت ہے براء بن عازب سے کہا اس نے تھے ہم ساتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے چودہ سو دن

الْحُدَيْبِيَةِ وَالْحُدَيْبِيَةُ بِئْرٌ فَنَزَحْنَاهَا فَلَمْ نَتْرُكْ فِيهَا قَطْرَةً فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَاهَا فَجَلَسَ

حدیبیہ کے اور حدیبیہ ایک کنواں ہے پھر کھینچا ہم نے پانی اس کا اور نہ چھوڑا اس میں ایک قطرہ پھر پہنچی یہ خبر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو پھر تشریف لائے آپ اور بیٹھے

عَلَى شَفِيرِهَا ثُمَّ دَعَا بِإِنَاءٍ مِنْ مَاءٍ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ مَضْمَضَ وَدَعَا ثُمَّ صَبَّهُ فِيهَا ثُمَّ قَالَ دَعُوهَا سَاعَةً فَأَرْوَوْا

کنوئیں کے کنارے پر پھر منگایا آپ نے باسن پانی کا اور وضو کیا پھر پانی منہ میں لیا اور دعا کی پھر ڈال دیا لعاب مبارک کنوئیں میں اور فرمایا چھوڑ دو کنوئیں کو ایک ساعت پھر سیراب کیا لوگوں نے

أَنْفُسَهُمْ وَرِكَابَهُمْ حَتَّى ارْتَحَلُوا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَوْفٍ عَنْ أَبِي رَجَاءٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ كُنَّا

اپنے تئیں اور اپنے جانوروں کو یہاں تک کہ کوچ کیا وہاں سے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے عوف تابعی سے اس نے ابی رجاء تابعی سے اس نے عمران بن حصین صحابی سے کہا کہ تھے

فِي سَفَرٍ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاشْتَكَى إِلَيْهِ النَّاسُ مِنَ الْعَطَشِ فَنَزَلَ فَدَعَا فُلَانًا كَانَ يُسَمِّيهِ أَبُو رَجَاءٍ

ایک سفر میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر شکایت کی آپ سے لوگوں نے پیاس کی پھر اترے حضرت اور بلایا فلانے شخص کو جو نام لیا اس کا ابو رجاء نے

وَنَسِيَهُ عَوْفٌ وَدَعَا عَلِيًّا فَقَالَ اذْهَبَا فَابْتَغِيَا الْمَاءَ فَانْطَلَقَا فَتَلَقَّيَا امْرَأَةً بَيْنَ مَزَادَتَيْنِ أَوْ سَطِيحَتَيْنِ مِنْ مَاءٍ

اور بھول گیا وہ عوف نے اور بلایا حضرت علی کو پھر فرمایا جاؤ تم دونوں اور ڈھونڈو پانی کو پھر چلے دونوں اور ملاقات کی ایک عورت سے کہ بیٹھی تھی اونٹ پر درمیان دو مشکوں کے یا دو پکھالوں کے

فَجَاءَا بِهَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَنْزَلُوهَا عَنْ بَعِيرِهَا وَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِنَاءٍ فَفَرَّغَ فِيهِ

پھر لائے اس کو پکھال سمیت نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر اتارا اسکو اونٹ سے اس کے اور منگوایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک باسن پھر حکم فرمایا پانی ڈالنے کا اس میں

مِنْ أَفْوَاهِ الْمَزَادَتَيْنِ وَنُودِيَ فِي النَّاسِ اسْقُوا فَاسْتَقَوْا قَالَ فَشَرِبْنَا عِطَاشًا أَرْبَعِينَ رَجُلًا حَتَّى رَوِينَا

دہانوں سے پکھالوں کے اور آواز دی گئی لوگوں میں کہ پانی لو پھر پانی لیا انہوں نے کہا عمران نے پھر پانی پیا ہم نے جس حال میں کہ پیاسے تھے چالیس مرد یہاں تک کہ سیراب ہوئے

فَمَلَأْنَا كُلَّ قِرْبَةٍ مَعَنَا وَإِدَاوَةٍ وَايْمُ اللهِ لَقَدْ أُقْلِعَ عَنْهَا وَإِنَّهُ لَيُخَيَّلُ إِلَيْنَا أَنَّهَا أَشَدُّ مِلْأَةً مِنْهَا حِينَ ابْتَدَأَ

اور بھر لئے ہر مشک اور چھاگل جو ہمارے ساتھ تھی اور قسم اللہ کی البتہ تحقیق الگ ہوئی جماعت ہماری اس پکھال سے اور حال یہ معلوم ہوتا تھا ہم کو کہ وہ پکھال زیادہ بھری ہے پہلے سے بھی

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سِرْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى نَزَلْنَا وَادِيًا أَفْيَحَ فَذَهَبَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى

ق ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ چلے ہم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ یہاں تک کہ اترے ہم ایک میدان وسیع میں پھر تشریف لے گئے رسول خدا صلے

اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْضِي حَاجَتَهُ فَلَمْ يَرَ شَيْئًا يَسْتَتِرُ بِهِ وَإِذَا شَجَرَتَانِ بِشَاطِئِ الْوَادِي فَانْطَلَقَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ

اللہ علیہ وسلم رفع حاجت کے لئے اور نہ دیکھی کوئی چیز کہ پردہ کریں اس سے اور ناگہاں دیکھے حضرت نے دو درخت کنارے پر میدان کے پھر تشریف لے گئے رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى إِحْدَاهُمَا فَأَخَذَ بِغُصْنٍ مِنْ أَغْصَانِهَا فَقَالَ انْقَادِي عَلَيَّ بِإِذْنِ اللهِ تَعَالَى فَانْقَادَتْ مَعَهُ كَالْبَعِيرِ الْمَخْشُوشِ

علیہ وسلم طرف ایک کے ان دونوں سے پھر پکڑی ایک شاخ اس کی شاخوں سے اور فرمایا کہ فرمانبردار ہو مجھ پر حکم سے اللہ تعالیٰ کے پس ساتھ ہو گیا

الذی یصانع قائدہ حتی اتی الشجرۃ الاخری فاخذ بغصن من اغصانہا فقال انقادی علی باذن اللہ فانقادت

جو تابعداری کرتا ہے اپنے کھینچنے والے کی یہاں تک کہ تشریف لائے حضرت دوسرے درخت پاس پھر پکڑی ایک شاخ اس کی شاخوں میں سے اور فرمایا کہ تابعداری کر تو مجھ پر حکم سے اللہ تعالیٰ کے پس تابعدار ہوا

معہ کذلک حتی اذا کان بالمنصف مما بینہما قال التئما علی باذن اللہ فالتامتا فجلست احدث

حضرت کی وہ بھی ویسا ہی یہاں تک کہ جب بیچ میں ان دونوں کے ہوا فرمایا کہ قریب ہو جاؤ آپس میں مجھ پر حکم سے اللہ تعالیٰ کے پھر قریب ہو گئے دونوں پس بیٹھ گیا میں باتیں کرتا

نفسی فحانت منی لفتۃ فاذا انا برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقبلا واذا الشجرتان قد افترقتا فقامت

اپنے دل سے پس ظاہر ہوا مجھ سے التفات تو ناگہاں دیکھتا ہوں میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ تشریف لے آئے اور ناگاہ دیکھتا ہوں کہ دونوں درخت جدا ہو گئے ہیں پس کھڑا ہوا

کل واحدۃ منہما علی ساق رواہ مسلم وعن یزید بن ابی عبید قال رایت اثر ضربۃ فی ساق سلمۃ

ہر ایک ان میں سے اپنی جگہ پر روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے یزید بن ابی عبید سے کہا اس نے دیکھا میں نے نشان مار کا پنڈلی میں سلمہ

بن الاکوع فقلت یا ابا مسلم ما ہذہ الضربۃ قال ضربۃ اصابتنی یوم خیبر فقال الناس اصیب سلمۃ

بن الاکوع کے پھر کہا میں نے اے ابو مسلم کیا ہے یہ زخم کہا یہ زخم ہے جو پہنچا مجھے خیبر کے دن تب لوگ کہنے لگے کہ پہنچایا گیا سلمہ

فاتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فنفث فیہ ثلث نفثات فما اشتکیتہا حتی الساعۃ رواہ البخاری

پھر آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تب پھونکا حضرت نے اس زخم کی جگہ میں تین بار پھر نہ پایا میں دکھ اس کا اب تک روایت کیا اس کو بخاری نے

وعن انس رض قال نعی النبی صلی اللہ علیہ وسلم زیدا وجعفرا وابن رواحۃ للناس قبل ان یاتیہم

اور روایت ہے انس رض سے کہا کہ خبر پہنچائی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے زید اور جعفر اور ابن رواحہ کی شہادت کی لوگوں کو پہلے آنے

خبرہم فقال اخذ الرایۃ زید فاصیب ثم اخذ جعفر فاصیب ثم اخذ ابن رواحۃ فاصیب وعیناہ

ان کی خبر کے پھر فرمایا حضرت نے لیا جھنڈا اسلام کا زید نے پھر شہید ہوا بعد اس کے لیا جعفر نے وہ بھی شہید ہوا بعد اس کے لیا ابن رواحہ نے وہ بھی شہید ہو گیا حال یہ کہ دونوں آنکھیں

تذرفان حتی اخذ الرایۃ سیف من سیوف اللہ یعنی خالد بن الولید حتی فتح اللہ علیہم رواہ

آنسو گراتی تھیں حضرت کی فرمایا حضرت نے یہاں تک کہ لیا جھنڈا ایک تلوار نے اللہ کی تلواروں میں سے یعنی خالد بن ولید نے یہاں تک کہ فتح دی اللہ نے ان پر روایت کیا اس کو

البخاری وعن عباس قال شہدت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم حنین فلما التقی المسلمون و

بخاری نے اور روایت ہے عباس سے کہا حاضر تھا میں ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوۂ حنین کے دن پھر جب ملے مسلمان اور

الکفار ولی المسلمون مدبرین فطفق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یرکض بغلتہ قبل الکفار وانا اخذ بلجام

کافر پھر گئے مسلمان پیٹھ دے کر تب شروع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایڑ کرنا اپنے خچر کو طرف کفار کے اور میں پکڑے ہوا تھا لگام

بغلۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکفہا ارادۃ ان لا تسرع وابو سفیان بن الحارث اخذ برکاب رسول اللہ

خچر کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تھامتا تھا میں اس کو اس ارادے سے کہ جلدی نہ کرے اور ابو سفیان بن الحارث پکڑا ہوا تھا رکاب رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای عباس ناد اصحاب السمرۃ فقال عباس وکان

صلی اللہ علیہ وسلم کی پھر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ای عباس پکار اصحاب سمرہ کو پس کہا عباس نے اور تھا وہ

رجلا صیتا فقلت باعلی صوتی این اصحاب السمرۃ فقال واللہ لکان عطفتہم حین سمعوا صوتی عطفۃ

مرد بلند آواز سو پکارا میں نے اپنے بلند آواز سے کہاں ہیں اصحاب سمرہ پھر کہا عباس نے قسم خدا کی ہر آئینہ تھا پھرنا ان کا جس وقت سنی میری آواز کو مانند پھرنے

البقر على أولادها فقالوا يا لبيك يا لبيك قال فاقتتلوا والكفار والدعوة في الأنصار يقولون يا معشر

گایوں کی اپنے بچوں پر پھر کہا انہوں نے ای قوم حاضر ہیں ای قوم حاضر ہیں کہا پھر لڑے مسلمان ساتھ کافروں کے اور پکارنا انصار کا یہ تھا کہ کہتے تھے ای گروہ

الأنصار يا معشر الأنصار ثم قال قصرت الدعوة على بني الحارث بن الخزرج فنظر رسول الله صلى الله عليه

انصار کی ای جماعت انصار کی پھر کہا موقوف ہوا پکارنا اولاد حارث بن خزرج کے پس دیکھتے تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ

وسلم وهو على بغلته كالمتطاول عليها إلى قتالهم فقال هذا حين حمي الوطيس ثم أخذ حصيات فرمى بهن

وسلم نے اس حال میں کہ آپ اپنے خچر پر تھے مانند کسی گردن اونچی کرنے والے کی خچر پر دیکھنے کو طرف قتال صحابہ کے اور فرمایا یہ وقت ہے گرم ہونے تنور لڑائی کا پھر لئے حضرت کنکریاں اور پھینکا انکو

وجوه الكفار ثم قال انهزموا ورب محمد فوالله ما هو إلا أن رماهم بحصياته فما زلت أرى حدهم كليلا

کافروں کے مونہوں پر پھر فرمایا شکست کھائی کافروں نے قسم ہے رب محمد کی پھر قسم ہے اللہ کی نہ تھا شکست کھانا مگر یہ کہ پھینکیں حضرت نے کنکریاں سو ہمیشہ دیکھتا رہا میں تیزی انکے شمشیروں کی

وأمرهم مدبرا رواه مسلم وعن أبي إسحاق قال قال رجل للبراء يا أبا عمارة فررتم يوم حنين قال لا والله

اور حال انکا ذلیل روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی اسحق سے کہا کہ کہا ایک شخص نے براء بن عازب صحابی کو ای ابا عمارہ کیا بھاگے تھے تم لوگ دن حنین کے کہا براء نے نہیں قسم ہے اللہ کی

ما ولى رسول الله صلى الله عليه وسلم ولكن خرج شبان أصحابه ليس عليهم كثير سلاح فلقوا قوما رماة لا

نہیں پیٹھ دی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ولیکن نکلے چند نوجوان صحابی … سو ملے ایک قوم تیرانداز سے … نہیں

يكاد يسقط لهم سهم فرشقوهم رشقا ما يكادون يخطئون فأقبلوا هناك إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم

گرتا تھا کہ نیچے … انکا ایک تیر سو مارنے لگے وے ان نوجوانوں کو … سو متوجہ ہوئے جوان … رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف

ورسول الله صلى الله عليه وسلم على بغلته البيضاء وأبو سفيان بن الحارث يقوده فنزل واستنصر وقال أنا

اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سوار تھے اپنے خچر سفید پر اور ابوسفیان بن حارث لگام پکڑے تھے خچر کی سو اترے حضرت اور طلب کی مدد اللہ سے اور فرمانے لگے میں

النبي لا كذب أنا ابن عبد المطلب ثم صفهم رواه مسلم وللبخاري معناه وفي رواية لهما قال البراء كنا

نبی ہوں کچھ جھوٹ نہیں میں بیٹا ہوں عبد المطلب کا … روایت کیا اسکو مسلم نے اور بخاری نے … اور ایک روایت میں دونوں کی … کہا براء نے تھے ہم

والله إذا احمر البأس نتقي به وإن الشجاع منا للذي يحاذي به يعني النبي صلى الله عليه وسلم وعن سلمة بن

قسم خدا کی جب سخت ہوتی لڑائی پناہ ڈھونڈتے تھے ہم … اور تحقیق جو بہادر ہم میں … یعنی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے … اور روایت ہے سلمہ بن

الأكوع قال غزونا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم حنينا فولى صحابة رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما غشوا

الاکوع سے کہا کہ جہاد کیا ہمنے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوکر دن حنین کے پھر پیٹھ دی چند صحابہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پھر جب گھیرا کافروں نے

رسول الله صلى الله عليه وسلم نزل عن البغلة ثم قبض قبضة من تراب من الأرض ثم استقبل به وجوههم

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو تو اترے حضرت خچر سے پھر لی ایک مٹھی مٹی زمین سے پھر سامنے پھینکا اسی مٹی کو مونہوں پر کافروں کے

فقال شاهت الوجوه فما خلق الله منهم إنسانا إلا ملأ عينيه ترابا بتلك القبضة فولوا مدبرين

اور فرمایا شاہت الوجوہ پھر نہیں پیدا کیا اللہ نے انمیں سے کسی آدمی کو مگر بھر دیا اللہ نے اسکی دونوں آنکھوں میں مٹی کو بسبب اسی مٹھی مٹی کے سو منہ پھیر کر بھاگے دیکر

فهزمهم الله وقسم رسول الله صلى الله عليه وسلم غنائمهم بين المسلمين رواه مسلم وعن أبي هريرة

پیٹھ شکست دی انکو اللہ تعالے نے اور بانٹیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے غنیمتیں انکی درمیان مسلمانوں کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قَالَ شَهِدْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُنَيْنًا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ مِمَّنْ مَعَهُ
کہا حاضر ہوئے ہم ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے غزوہ حنین کو تو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حق میں ایک مرد کے اپنے ہمراہیوں سے

يَدَّعِي الْإِسْلَامَ هٰذَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَلَمَّا حَضَرَ الْقِتَالُ قَاتَلَ الرَّجُلُ مِنْ أَشَدِّ الْقِتَالِ وَكَثُرَتْ بِهِ الْجِرَاحُ
دعوا کرتا ہے وہ اسلام کا حالانکہ یہ دوزخیوں میں سے ہے پھر جب آیا وقت جنگ کا لڑا وہ شخص کافروں سے بہت سخت لڑنا اور بہت لگے اسکو زخم پھر آیا ایک شخص

فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ الَّذِي تُحَدِّثُ أَنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ قَدْ قَاتَلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ مِنْ أَشَدِّ الْقِتَالِ فَكَثُرَتْ
اور عرض کی یا رسول اللہ خبر دو مجھکو حقیقت حال اسکی جو فرمائے ہو آپ کہ وہ مرد دوزخیوں میں سے ہے حالانکہ لڑا وہ مرد راہ خدا میں بہت سخت لڑنا اور بہت لگے

بِهِ الْجِرَاحُ فَقَالَ أَمَا إِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَكَادَ بَعْضُ النَّاسِ يَرْتَابُ فَبَيْنَمَا هُوَ عَلَى ذٰلِكَ إِذْ وَجَدَ الرَّجُلُ أَلَمَ الْجِرَاحِ
اسکو زخم سو فرمایا حضرت نے سن رکھو کہ وہ دوزخیوں میں سے ہی ہے پس قریب تھا کہ بعض ضعیف الایمان لوگ شک کریں پس اسی حال میں تھا کہ پایا اس مرد نے درد زخموں کا

فَأَهْوَى بِيَدِهِ إِلَى كِنَانَتِهِ فَانْتَزَعَ سَهْمًا فَانْتَحَرَ بِهَا فَاشْتَدَّ رِجَالٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
پھر قصد کیا اپنے ہاتھ سے طرف ترکش اپنے کے اور نکالا ایک تیر اس سے اور مار لیا سینہ اپنا سو دوڑے کئی مرد مسلمان طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَدَّقَ اللّٰهُ حَدِيثَكَ قَدِ انْتَحَرَ فُلَانٌ وَقَتَلَ نَفْسَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
وسلم کے اور عرض کئے کہ یا رسول اللہ سچ کیا اللہ تعالی نے بات آپکی جو فرمائے تھے کیونکہ فلانے نے سینہ اپنا اور ہلاک کیا اپنے کو سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُ أَكْبَرُ أَشْهَدُ أَنِّي عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُولُهُ يَا بِلَالُ قُمْ فَأَذِّنْ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا مُؤْمِنٌ وَإِنَّ اللّٰهَ
علیہ وسلم نے اللہ اکبر یعنی اللہ بہت بڑا ہے گواہی دیتا ہوں میں اسکی کہ میں بندہ ہوں اللہ کا اور رسول اسکا اے بلال اٹھ اور اعلام کر دے لوگوں کو کہ نہیں داخل ہوگا بہشت میں مگر مومن اور تحقیق اللہ

لَيُؤَيِّدُ هٰذَا الدِّينَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سُحِرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
تائید کرتا ہے اس دین کی بدکار مرد سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عائشہ سے بولیں سحر کئے گئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم

حَتّٰى إِنَّهُ لَيُخَيَّلُ إِلَيْهِ أَنَّهُ فَعَلَ الشَّيْءَ وَمَا فَعَلَهُ حَتّٰى إِذَا كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ عِنْدِي دَعَا اللّٰهَ وَدَعَاهُ ثُمَّ قَالَ أَشَعَرْتِ
یہاں تک کہ خیال ڈالا جاتا تھا آپکو کہ کئے ایک کام حالانکہ نہیں کیا تھا یہاں تک کہ تھے حضرت ایک روز نزدیک میرے دعا کی اللہ تعالی سے اور دعا کی اس سے پھر فرمایا حضرت نے کیا

يَا عَائِشَةُ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ أَفْتَانِي فِيمَا اسْتَفْتَيْتُهُ جَاءَنِي رَجُلَانِ جَلَسَ أَحَدُهُمَا عِنْدَ رَأْسِي وَالْآخَرُ عِنْدَ رِجْلَيَّ
اے عائشہ کہ اللہ تعالی نے بیان کیا میرے لئے اس امر میں جو طلب کیا میں نے ظاہر ہونا اسکا پھر فرمایا کہ آئے میرے پاس دو مرد بیٹھا ایک انمیں کا میرے سر کے پاس اور دوسرا میرے پاؤں پاس

ثُمَّ قَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ مَا وَجَعُ الرَّجُلِ قَالَ مَطْبُوبٌ قَالَ وَمَنْ طَبَّهُ قَالَ لَبِيدُ بْنُ الْأَعْصَمِ الْيَهُودِيُّ قَالَ
پھر کہا ایک نے دونوں میں سے اپنے یار سے کیا بیماری ہے اس شخص کو کہا سحر کیا گیا ہے کہا کس نے سحر کیا ہے اسکو کہا اسنے لبید ابن عاصم یہودی نے کہا

فِيمَا ذَا قَالَ فِي مُشْطٍ وَمُشَاطَةٍ وَجُفِّ طَلْعَةِ ذَكَرٍ قَالَ فَأَيْنَ هُوَ قَالَ فِي بِئْرِ ذَرْوَانَ فَذَهَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
کس چیز میں سحر کیا ہے کہا کنگھی میں اور ان بالوں میں کہ کنگھی کرنے سے جھڑے ہیں اور کھجور کے شگوفہ کے اندر کہا پس کہاں رکھا ہے اسکو کہا کنوئیں ذروان میں پس گئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

فِي أُنَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ إِلَى الْبِئْرِ فَقَالَ هٰذِهِ الْبِئْرُ الَّتِي أُرِيتُهَا وَكَأَنَّ مَاءَهَا نُقَاعَةُ الْحِنَّاءِ وَكَأَنَّ نَخْلَهَا رُءُوسُ الشَّيَاطِينِ فَاسْتَخْرَجَهُ
چند آدمیوں کے ساتھ اپنے صحابہ سے طرف اس کنوئیں کے اور فرمایا یہی کنواں ہے جو مجھکو دکھلایا گیا اور گویا کہ پانی اسکا مہندی کے پانی کا سا تھا اور گویا کہ کھجوریں اسکی مانند سروں شیطانوں کے تھیں پھر نکالا اسکو

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقْسِمُ قَسْمًا
متفق علیہ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا اسوقت کہ ہم حاضر تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور آپ بانٹ رہے تھے مال غنیمت کا

أتاه ذو الخويصرة وهو رجل من بني تميم فقال يا رسول الله اعدل فقال ويلك من يعدل إذا لم أعدل قد
آیا آپ کے پاس ذوالخویصرہ اور وہ ایک شخص تھا بنی تمیم میں سے اور کہا یا رسول اللہ عدل کرو پس فرمایا حضرت نے خرابی تیری پھر کون عدل کرے گا اگر میں عدل نہ کروں تحقیق

خبت وخسرت إن لم أكن أعدل فقال عمر ائذن لي أن أضرب عنقه فقال دعه فإن له أصحابا يحقر أحدكم
نا امید ہوا تو اور زیاں کار رہا تو اگر عدل نہ کروں میں تب عرض کیا عمر نے حکم دیجئے مجھ کو کہ گردن ماروں اس کی پس فرمایا حضرت نے چھوڑ دے اس کو کیونکہ اس کے لئے یار ہیں کہ حقیر جانے گا ایک تمہارا

صلاته مع صلاتهم وصيامه مع صيامهم يقرءون القرآن لا يجاوز تراقيهم يمرقون من الدين كما يمرق
اپنی نماز کو مقابلہ میں ان کی نمازوں کے اور اپنے روزے مقابلہ میں ان کے روزوں کے پڑھیں گے قرآن نہ اترے گا ان کے حلقوں سے نکلیں گے دین سے جیسے کہ نکلتا ہے

السهم من الرمية ينظر إلى نصله إلى رصافه إلى نضيه وهو قدحه إلى قذذه فلا يوجد فيه شيء قد سبق
تیر شکار سے دیکھا جاتا ہے اس کے پیکان کی طرف اور اس کے پی کی طرف اور اس کی نضی کی طرف کہ وہ سر اس کا ہے پس نہیں پایا جاتا ہے اس میں کچھ سبقت کر گیا

الفرث والدم آيتهم رجل أسود إحدى عضديه مثل ثدي المرأة أو مثل البضعة تدردر ويخرجون
نجاست اور خون سے اور نشان ان کا ایک مرد سیاہ رنگ کا ایک دو بازو میں سے اس کے مانند پستان عورت کے ہوگا یا مانند گوشت کے ٹکڑے کے ہلتا ہوگا اور نکلیں گے

على خير فرقة من الناس قال أبو سعيد أشهد أني سمعت هذا الحديث من رسول الله صلى الله عليه وسلم
اوپر بہترین فرقہ کے لوگوں میں سے کہا ابوسعید خدری نے گواہی دیتا ہوں میں کہ سنی میں نے یہ حدیث رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے

وأشهد أن علي بن أبي طالب قاتلهم وأنا معه فأمر بذلك الرجل فالتمس فأتي به حتى نظرت إليه على نعت النبي
اور گواہی دیتا ہوں میں بیشک علی بن ابی طالب نے لڑائی کی ان سے اور میں ساتھ ان کے تھا پس حکم کیا ساتھ اس شخص کے پس تلاش کیا گیا اور لایا گیا

صلى الله عليه وسلم الذي نعته وفي رواية أقبل رجل غائر العينين ناتئ الجبهة كث اللحية مشرف الوجنتين
صلے اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا تھا اس کو اور ایک روایت میں ہے کہ آیا ایک مرد اندر گھسی ہوئی آنکھوں والا بلند پیشانی والا گنجان داڑھی والا اٹھے ہوئے رخسارے

محلوق الرأس فقال يا محمد اتق الله فقال فمن يطع الله إذا عصيته فيأمنني الله على أهل الأرض ولا تأمنوني
منڈھا ہوا سر کا پس کہا اس نے اے محمد ڈرو اللہ سے پس فرمایا حضرت نے پھر کون فرمانبرداری کرے گا اللہ کی جبکہ میں نافرمانی کروں اس کی امین بنایا مجھ کو اللہ نے اوپر اہل زمین کے اور نہیں تم امین جانتے مجھ کو

فسأل رجل قتله فمنعه فلما ولى قال إن من ضئضئ هذا قوما يقرءون القرآن لا يجاوز حناجرهم يمرقون
پس پوچھا ایک شخص نے اس کے قتل کو پس منع فرمایا حضرت نے پس جب پیٹھ پھیر کر وہ گیا فرمایا تحقیق اصل اس کی سے ایک قوم ہوگی پڑھیں گے قرآن نہ اترے گا ان کے حلقوں سے نکلیں گے

من الإسلام مروق السهم من الرمية فيقتلون أهل الإسلام ويدعون أهل الأوثان لئن أدركتهم لأقتلنهم
اسلام سے مانند نکل جانے تیر کے شکار سے قتل کریں گے مسلمانوں کو اور چھوڑ دیں گے بت پرستوں کو فرمایا حضرت نے اگر پاؤں میں ان کو تو البتہ قتل کروں میں ان کو

قتل عاد متفق عليه وعن أبي هريرة قال كنت أدعو أمي إلى الإسلام وهي مشركة فدعوتها يوما فأسمعتني
مانند قتل کرنے عاد کے متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا تھا میں بلاتا اپنی ماں کو طرف اسلام کے اس حال میں کہ وہ مشرکہ تھی پس بلایا میں نے اس کو ایک دن پس سنایا مجھ کو

في رسول الله صلى الله عليه وسلم ما أكره فأتيت رسول الله وأنا أبكي فقلت يا رسول الله ادع الله أن يهدي
رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حق میں وہ چیز کہ ناخوش رکھتا تھا میں پس آیا میں رسول خدا کے پاس اس حال میں کہ روتا تھا میں پس کہا میں نے یا رسول اللہ دعا کیجئے اللہ تعالے سے کہ ہدایت کرے

أم أبي هريرة فقال اللهم اهد أم أبي هريرة فخرجت مستبشرا بدعوة النبي صلى الله عليه وسلم فلما صرت
ابی ہریرہ کی ماں کو پس فرمایا حضرت نے خداوند ہدایت کر ابوہریرہ کی ماں کو پس نکلا میں خوشحال بسبب دعا کرنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پھر جب پہنچا میں

الى الباب فاذا هو مجاف فسمعت امي خشف قدمي فقالت مكانك يا ابا هريرة وسمعت خضخضة الماء

دروازے تک پس تو ناگہاں دروازہ بند تھا پس سنی میری ماں نے آواز میرے پاؤں کی اور کہی وہیں رہ اے ابا ہریرہ اور سنی میں نے آواز پانی کی

فاغتسلت فلبست درعها وعجلت عن خمارها ففتحت الباب ثم قالت يا ابا هريرة اشهد ان لا اله الا الله

سو غسل کیا میری ماں نے اور پہنا کرتا اپنا اور جلدی کی اوڑھنی سے پھر کھولدی دروازہ اور بولیں اے ابو ہریرہ گواہی دیتی ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے

واشهد ان محمدا عبده ورسوله فرجعت الى رسول الله صلى الله عليه وسلم وانا ابكي من الفرح فحمد الله وقال خيرا

اور گواہی دیتی ہوں کہ بیشک محمد بندہ اسکے اور رسول اسکے ہیں پھر پلٹ کر آیا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس حالانکہ میں روتا تھا خوشی سے پھر تعریف کی حضرت نے خدا کی اور فرمایا بہتر

رواه مسلم وعنه قال انكم تقولون اكثر ابو هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم والله الموعد وان اخوتي

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے اسی سے کہا تحقیق تم لوگ کہتے ہو بہت نقل کرتا ہے ابو ہریرہ حدیثیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور اللہ ہی وعدہ گاہ ہمارا اور تحقیق بھائی میرے

من المهاجرين كان يشغلهم الصفق بالاسواق وان اخوتي من الانصار كان يشغلهم عمل اموالهم وكنت

مہاجرین باز رکھتا تھا انکو ہاتھ پر ہاتھ مارنا بازاروں میں اور تحقیق بھائی میرے انصار کے باز رکھتا تھا انکو کام انکے مالوں کا اور تھا میں

امرأ مسكينا الزم رسول الله صلى الله عليه وسلم على ملء بطني وقال النبي صلى الله عليه وسلم يوما ان

ایک شخص مسکین لگا رہتا تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اپنے پیٹ بھرنے کو اور فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک دن یہ کہ

يبسط احد منكم ثوبه حتى اقضي مقالتي هذه ثم يجمعه الى صدره فينسى من مقالتي شيئا ابدا فبسطت

پھیلا رکھے کوئی ایک تم میں کا کپڑا اپنا یہاں تک کہ تمام کروں میں اپنی بات یہ پھر اکٹھا کرے اسکو طرف سینے اپنے اور پھر بھولے پھر حدیثوں میں سے کچھ کبھی سو کھولی میں نے

نمرة ليس علي ثوب غيرها حتى قضى النبي صلى الله عليه وسلم مقالته ثم جمعتها الى صدري فوالذي بعثه

کملی کہ نتھا مجھپر کوئی کپڑا اسوا اسکے یہاں تک کہ تمام کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم بات اپنی پھر سمیٹا میں نے اسکو طرف اپنے سینے کے پس قسم اس ذات کی کہ بھیجا حضرت کو

بالحق ما نسيت من مقالته تلك الى يومي هذا متفق عليه وعن جرير بن عبد الله قال لي رسول الله صلى

ساتھ حق کے نہیں بھولا میں حضرت کی حدیثوں سے اس دن تک ق اور روایت ہے جریر بن عبد اللہ سے کہا کہ فرمایا مجھکو رسول خدا صلے

الله عليه وسلم الا تريحني من ذي الخلصة فقلت بلى وكنت لا اثبت على الخيل فذكرت ذلك للنبي صلى

اللہ علیہ وسلم نے کیا نہیں آرام دیتا تو مجھکو ذی الخلصہ سے پس کہا میں نے ہاں اور تھا میں کہ نہیں ٹھہر سکتا تھا گھوڑے پر پس ذکر کیا میں نے اسکو نبی صلے

الله عليه وسلم فضرب يده على صدري حتى رايت اثر يده في صدري وقال اللهم ثبته واجعله هاديا

اللہ علیہ وسلم سے پھر مارا حضرت نے دست مبارک اپنا میرے سینے پر یہاں تک کہ دیکھا میں نے نشان دست مبارک کا حضرت کے اپنے سینے میں اور فرمایا حضرت نے یا خدا اسکو ثابت رکھ اور کر اسکو راہ دکھانے والا

مهديا قال فما وقعت عن فرسي بعد فانطلق في مائة وخمسين فارسا من احمس فحرقها بالنار وكسرها

راہ پایا ہوا کہا جابر نے سو نہ گرا میں اپنے گھوڑے سے بعد اسکے پس روانہ ہوا جریر ڈیڑھ سو سوار کے ساتھ احمس سے پھر جلا دیا اسکو آگ سے اور توڑ ڈالا اسکو

متفق عليه وعن انس قال ان رجلا كان يكتب للنبي صلى الله عليه وسلم فارتد عن الاسلام ولحق بالمشركين

ق اور روایت ہے انس سے کہا کہ تحقیق ایک شخص لکھتا تھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے سو مرتد ہوگیا اسلام سے اور جا ملا ساتھ مشرکوں کے

فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان الارض لا تقبله فاخبرني ابو طلحة انه اتى الارض التي مات فيها فوجده

بس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق زمین نہیں قبول کریگی اسکو کہا انس نے پھر خبر دی مجھکو ابو طلحہ نے کہ ابو طلحہ آئے اس زمین میں کہ مرا تھا وہ شخص اس میں

مَنْبُوذًا فَقَالَ مَا شَأْنُ هٰذَا فَقَالُوْا دَفَنَّاهُ مِرَارًا فَلَمْ تَقْبَلْهُ الْاَرْضُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى

باہر قبر کے پڑا ہوا سو پوچھا ابو طلحہ کہ کیا حال اس شخص کا پس کہا لوگوں نے کہ دفن کیا ہمنے اسکو کئی بار سو قبول کیا اسکو زمین نے متفق علیہ اور روایت ہے ابی ایوب سے کہا نکلے نبی صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ وَجَبَتِ الشَّمْسُ فَسَمِعَ صَوْتًا فَقَالَ يَهُوْدُ تُعَذَّبُ فِيْ قُبُوْرِهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَدِمَ

اللہ علیہ وسلم اس حال میں کہ غروب ہوا تھا آفتاب پس سنی حضرت نے ایک آواز سو فرمایا کہ یہ یہود ہیں کہ عذاب کئے جاتے ہیں اپنی قبروں میں متفق علیہ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ تشریف لائے

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سَفَرٍ فَلَمَّا كَانَ قُرْبَ الْمَدِيْنَةِ هَاجَتْ رِيْحٌ تَكَادُ اَنْ تَدْفِنَ الرَّاكِبَ فَقَالَ رَسُوْلُ

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کسی سفر سے پھر جس وقت کہ پہنچے نزدیک مدینے کے چلی ایک ہوا سخت قریب تھی کہ دفن کرے سوار کو سو فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُعِثَتْ هٰذِهِ الرِّيْحُ لِمَوْتِ مُنَافِقٍ فَقَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَاِذَا عَظِيْمٌ مِّنَ الْمُنَافِقِيْنَ قَدْ مَاتَ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بھیجی گئی ہے یہ باؤ وقت موت ایک منافق کے پھر پہنچے حضرت مدینے میں سو تھی ایک بڑا سردار منافقوں میں سے مر گیا تھا

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَدِمْنَا عُسْفَانَ فَاَقَامَ

روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ نکلے ہم ساتھ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے یہاں تک کہ پہنچے ہم عسفان میں پھر ٹھہرے حضرت

بِهَا لَيَالِيَ فَقَالَ النَّاسُ مَا نَحْنُ هٰهُنَا فِيْ شَيْءٍ وَّاِنَّ عِيَالَنَا لَخُلُوْفٌ مَا نَاْمَنُ عَلَيْهِمْ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى

اس مقام میں کئی راتیں پس سو کہا لوگوں نے کہ نہیں ہیں ہم یہاں کسی شغل میں اور تحقیق اہل و عیال ہمارے البتہ پیچھے رہے ہوئے ہیں نہیں خاطر جمع ہماری ان پر سو پہنچی یہ خبر نبی صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا فِي الْمَدِيْنَةِ شِعْبٌ وَّلَا نَقْبٌ اِلَّا عَلَيْهِ مَلَكَانِ يَحْرُسَانِهَا حَتّٰى

اللہ علیہ وسلم کو پس فرمایا حضرت نے قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری اسکے ہاتھ میں ہے نہیں مدینہ میں کوئی راہ اور کوچہ مگر یہ کہ متعین ہیں اس پر دو فرشتے نگہبانی کرتے مدینے کی یہاں تک

تَقْدَمُوْا اِلَيْهَا ثُمَّ قَالَ ارْتَحِلُوْا فَارْتَحَلْنَا وَاَقْبَلْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَوَالَّذِيْ يُحْلَفُ بِهٖ مَا وَضَعْنَا رِحَالَنَا حِيْنَ

پہنچو تم طرف مدینے کے پھر فرمایا حضرت نے کہ کوچ کرو تم سو کوچ کیا ہمنے اور متوجہ ہوئے ہم طرف مدینے کے پس قسم ہے اس ذات کی کہ قسم کھائی جاتی ہے اسکی نہیں کھولے تھے ہمنے اسباب ہمارا جس وقت

دَخَلْنَا الْمَدِيْنَةَ حَتّٰى اَغَارَ عَلَيْنَا بَنُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَطَفَانَ وَمَا يَهِيْجُهُمْ قَبْلَ ذٰلِكَ شَيْءٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

داخل ہوئے ہم مدینے میں یہاں تک کہ چڑھ آئے ہم پر بنو عبد اللہ بن غطفان اور نہ اٹھائی تھی انکو پہلے اسکے کوئی چیز نے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے

اَنَسٍ قَالَ اَصَابَتِ النَّاسَ سَنَةٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

انس سے کہا کہ پہنچا لوگوں کو قحط زمانے میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس اس وقت کہ نبی صلے اللہ علیہ و سلم

يَخْطُبُ فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ قَامَ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلَكَ الْمَالُ وَجَاعَ الْعِيَالُ فَادْعُ اللّٰهَ لَنَا فَرَفَعَ يَدَيْهِ

خطبہ فرماتے تھے جمعہ کے دن کھڑا ہوا ایک گنوار اور عرض کیا یا رسول اللہ ہلاک ہوا مال اور بھوکے ہوئے عیال سو دعا کیجئے ہمارے لئے پس اٹھائے حضرت نے دونوں ہاتھ اپنے

وَمَا نَرٰى فِي السَّمَاءِ قَزَعَةً فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا وَضَعَهَا حَتّٰى ثَارَ السَّحَابُ اَمْثَالَ الْجِبَالِ ثُمَّ لَمْ يَنْزِلْ عَنْ مِنْبَرِهٖ

کہ نماز پڑھائی ہمکو رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ایک روز فجر کی اور چڑھے منبر پر پھر خطبہ پڑھا ہمارے لئے یہاں تک کہ آیا وقت ظہر کا پھر اترے اور نماز پڑھی پھر چڑھے

الْمِنْبَرَ فَخَطَبَنَا حَتّٰى حَضَرَتِ الْعَصْرُ ثُمَّ نَزَلَ فَصَلّٰى ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ حَتّٰى غَرَبَتِ الشَّمْسُ فَأَخْبَرَنَا بِمَا هُوَ كَائِنٌ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ قَالَ

منبر پر اور خطبہ فرمایا ہمارے لئے یہاں تک کہ آیا وقت عصر کا پھر اترے اور نماز پڑھی پھر چڑھے منبر پر یہاں تک کہ غروب ہوا آفتاب پس خبر دی ہمکو اس چیز کی کہ ہونیوالی ہے قیامت تک کہا

فَأَعْلَمُنَا أَحْفَظُنَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ مَعْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي قَالَ سَأَلْتُ مَسْرُوقًا مَنْ آذَنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

پس بہت جاننے والا ہمارا بہت یاد رکھنے والا ہم میں کا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے معن بن عبد الرحمن سے کہا سنا میں نے اپنے باپ سے کہا پوچھا میں نے مسروق سے کس نے خبر دی نبی صلی

عَلَيْهِ وَاٰلِهِ وَسَلَّمَ بِالْجِنِّ لَيْلَةَ اسْتَمَعُوا الْقُرْاٰنَ فَقَالَ حَدَّثَنِي أَبُوكَ يَعْنِي عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ أَنَّهُ قَالَ آذَنَتْ بِهِمْ شَجَرَةٌ مُتَّفَقٌ

اللہ علیہ والہ وسلم کو جنوں کی اس رات کہ سنا تھا انھوں نے قرآن کو کہا مسروق نے کہ خبر دی مجھکو تیرے باپ نے یعنی عبد اللہ بن مسعود نے کہ اسنے کہا کہ خبر دی انکی آپ کو ایک درخت نے

علیہ ﴿وعن﴾ انس قال کنا مع عمر بین مکۃ والمدینۃ فتراءینا الہلال وکنت رجلا حدید البصر فرأیتہ ولیس احد یزعم انہ

اور روایت ہے انس سے کہا تھے ہم عمر بن الخطاب کے ساتھ درمیان مکے اور مدینے کے پس تکلف کی ہم نے چاند کو دیکھنے کی اور تھا میں مرد تیز نظر پس دیکھا میں نے چاند کو اور حالانکہ نہیں تھا کوئی کہے کہ

راٰہ غیری فجعلت اقول لعمر اما تراہ فجعل لا یراہ قال یقول عمر سأراہ وانا مستلق علی فراشی ثم انشأ یحدثنا عن اھل بدر

دیکھا اسکو سوائے میرے پس شروع کیا میں نے کہ کہتا تھا عمر بن الخطاب کو کیا نہیں دیکھتے تم چاند کو پس نہیں دیکھتے تھے کہا انس نے کہتے تھے عمر قریب ہے کہ دیکھوں گا میں اسکو حالانکہ میں لیٹا ہوا اپنے بچھونے پر پھر شروع کیا عمر نے حدیث بیان کرتے تھے ہم

قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کان یرینا مصارع اھل بدر بالامس یقول ھذا مصرع فلان غدا ان شاء اللہ

کہا عمر نے تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دکھاتے تھے ہم کو جگہیں ہلاک ہونے کی بدر والوں کی ایک روز پہلے اور فرماتے تھے یہ جگہ ہے گرنے کی فلانے کی کل کو ان شاء اللہ تعالیٰ

وھذا مصرع فلان غدا ان شاء اللہ قال عمر والذی بعثہ بالحق ما اخطؤا الحدود التی حدھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

اور یہ جگہ ہے گرنے کی فلانے کی کل کو ان شاء اللہ تعالیٰ کہا عمر نے قسم اس ذات کی کہ جس نے بھیجا حضرت کو ساتھ حق کے نہیں خطا کی تھی لوگوں نے ان جگہوں سے جو بیان کیا تھا ان کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم قال فجعلوا فی بئر بعضھم علی بعض فانطلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حتی انتھی الیھم فقال یا فلان بن

وسلم نے کہا عمر نے پس ڈالے گئے کنوئیں میں ایک دوسرے پر بعض کے بعض پر پھر چلے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہاں تک کہ پہنچے طرف انکی پس فرمایا اے فلان بیٹے

فلان ویا فلان بن فلان ھل وجدتم ما وعدکم اللہ ورسولہ حقا فانی قد وجدت ما وعدنی اللہ حقا فقال

فلانے کے اور اے فلانے بیٹے فلانے کے کیا پایا تم نے وہ چیز جو وعدہ کی تم سے اللہ اور اسکے رسول نے حق اور مقرر میں نے تحقیق پایا ہے اس چیز کو جو وعدہ کیا مجھ سے اللہ نے حق پس

عمر رضی یا رسول اللہ کیف تکلم اجسادا لا ارواح فیھا فقال ما انتم باسمع لما اقول منھم غیر انھم لا یستطیعون

عمر نے یا رسول اللہ کس طرح کلام کرتے ہو آپ ان بدنوں سے کہ جن میں روح نہیں ہے پس فرمایا حضرت نے نہیں ہو تم زیادہ سننے والے اس بات کے جو میں کہتا ہوں ان سے مگر یہ کہ وہ نہیں طاقت رکھتے

ان یردوا علی شیئا رواہ مسلم ﴿وعن﴾ انیسۃ بنت زید بن ارقم عن ابیھا ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دخل علی

کہ جواب دیں مجھ کو کچھ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے انیسہ بیٹی زید بن ارقم سے اسنے اپنے باپ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے

زید یعودہ من مرض کان بہ قال لیس علیک من مرضک باس ولکن کیف لک اذا عمرت بعدی فعمیت قال احتسب

زید بن ارقم کے پاس اسکی عیادت کرنے کو اس بیماری سے جو تھی اسکو فرمایا حضرت نے نہیں تجھ پر سبب تیری بیماری کے ڈر ولیکن کیسا ہوگا حال تیرا جب کہ دراز عمر ہوگی تیری بعد میرے پھر اندھا ہو جاوے گا

واصبر قال اذن تدخل الجنۃ بغیر حساب قال فعمی بعد ما مات النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ثم رد اللہ علیہ بصرہ

اور صبر کروں گا میں فرمایا حضرت نے اب داخل ہوگا تو بہشت میں بے حساب کہا راوی نے پس اندھا ہو گیا زید بعد وفات پانے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پھر پھیر دی اللہ تعالیٰ نے زید پر بینائی اسکی

ثم مات ﴿وعن﴾ اسامۃ بن زید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من تقول علی ما لم اقل فلیتبوأ مقعدہ من

پھر مر گیا اور روایت ہے اسامہ بن زید سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص کہ بات بنالے مجھ پر وہ بات جو نہیں کہی میں نے پس چاہیے کہ تیار کرے جگہ اپنی

النار وذلک انہ بعث رجلا فکذب علیہ فدعا علیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فوجد میتا وقد انشق

دوزخ میں اور یہ بات کہ حضرت نے بھیجا ایک مرد کو پس جھوٹ باندھا اسنے حضرت پر پس بددعا کی اس پر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پس پایا گیا وہ شخص مردہ حالانکہ پھٹ گیا تھا

بطنہ ولم تقبلہ الارض رواھما البیھقی فی دلائل النبوۃ ﴿وعن﴾ جابر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جاءہ رجل

پیٹ اسکا اور قبول نہ کیا اسکو زمین نے روایت کیا ان دونوں کو بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور روایت ہے جابر سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا ایک شخص

یستطعمہ فاطعمہ شطر وسق شعیر فما زال الرجل یاکل منہ وامرأتہ وضیفھما حتی کالہ ففنی فاتی النبی صلی اللہ علیہ

کہ طلب طعام کرتا تھا آپ سے پھر دیا حضرت نے اسکو آدھا وسق جو کا پس ہمیشہ رہا وہ شخص کھاتا اس میں سے اور بیوی اسکی اور مہمان ان کے یہاں تک کہ تولا اسکو پس تمام ہو گیا پس آیا وہ شخص نبی صلی اللہ علیہ

وآلہ وسلم فقال لو لم تکلہ لاکلتم منہ ولقام لکم رواہ مسلم وعن عاصم بن کلیب عن ابیہ عن رجل من الانصار

والہ وسلم کے پاس لیس فرمایا حضرت نے اگر نہ ماپتا تو اسکو البتہ کھاتے رہتے تم اسمیں سے اور البتہ باقی رہتا وہ تمہارے لیے روایت کیا اسکو مسلم نے روایت ہے عاصم بن کلیب سے اسنے اپنے باپ سے

قال خرجنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فی جنازۃ فرأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وھو علی القبر

کہا نکلے ہم ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے واسطے ایک جنازہ کے پس دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو اس حال میں کہ وہ بیٹھے تھے قبر پر

یوصی الحافر یقول اوسع من قبل رجلیہ اوسع من قبل رأسہ فلما رجع استقبلہ داعی امرأتہ فجاء ونحن معہ

وصیت کرتے تھے قبر کھودنے والے کو فرماتے تھے کہ فراخ کر قبر کو سمت پاؤں کی طرف سے اور فراخ کر اسکے سر کی جانب سے پس جب پھرے سامنے آیا آپکے دعوت کرنے والا اسکی عورت کا پس آئے آپ اور ہم ساتھ آپکے تھے

فجیٔ بالطعام فوضع یدہ ثم وضع القوم فاکلوا فنظرنا الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یلوک لقمۃ فی فیہ ثم

پس لایا گیا طعام پھر رکھا حضرت نے ہاتھ اپنا پھر رکھی قوم نے ہاتھ اپنے اور کھائے پس دیکھا ہم نے طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے کہ چباتے ہیں لقمے کو اپنے منہ میں پھر

قال اجد لحم شاۃ اخذت بغیر اذن اھلھا فارسلت المرأۃ تقول یا رسول اللہ انی ارسلت الی النقیع وھو موضع یباع

فرمایا کہ پاتا ہوں میں گوشت ایسی بکری کا کہ لے لی گئی ہے بغیر اجازت اسکے مالک کے پس بھیجا اس عورت نے کسیکو درحالیکہ کہتی تھی یا رسول اللہ تحقیق میں نے بھیجا تھا طرف نقیع کے اور نقیع ایک موضع ہے

فیہ الغنم لیشتری لی شاۃ فلم توجد فارسلت الی جار لی قد اشتری شاۃ ان یرسل بھا الی بثمنھا فلم یوجد فارسلت

اسمیں بکریاں تاکہ خریدی جاوے واسطے میرے ایک بکری پس نہ پائی گئی پھر بھیجا میں نے طرف ہمسایہ کے کہ تحقیق خریدی تھی اسنے ایک بکری کہ بھیجدے اسکو میرے پاس ساتھ قیمت اسکی کے پس نہ پایا گیا پس بھیجا میں نے

الی امرأتہ فارسلت الی بھا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اطعمی ھذا الطعام الاسری رواہ ابوداؤد

طرف بی بی کے پس بھیجدی اسنے میری طرف پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ کھلا یہ طعام قیدیوں کو روایت کیا اسکو ابو داؤد نے

والبیھقی فی دلائل النبوۃ وعن حزام بن ھشام عن ابیہ عن جدہ حبیش بن خالد وھو اخو ام معبد ان رسول

اور بیہقی نے دلائل النبوہ میں اور روایت ہے حزام بن ہشام سے اسنے اپنے باپ سے اپنے دادا حبیش بن خالد سے اور حبیش بھائی ہے ام معبد کا کہ رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حین اخرج من مکۃ خرج مھاجرا الی المدینۃ ھو وابوبکر ومولی ابی بکر عامر بن فھیرۃ

خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم جس وقت کہ حکم کئے گئے نکلنے کا مکہ سے نکلے ہجرت کرنے والے مکے سے طرف مدینے کے حضرت اور ابو بکر اور غلام ابی بکر کا عامر بن فہیرہ

ودلیلھما عبداللہ اللیثی مروا علی خیمتی ام معبد فسألوھا لحما وتمرا لیشتروا منھا فلم یصیبوا عندھا شیئا من ذلک

اور راہ بتلانے والا انکا عبد اللہ لیثی تھا گذرے حضرت دو خیمہ پر ام معبد کے پس طلب کیا اس سے گوشت اور خرما تاکہ خریدیں اسکے پاس سے نہ پایا اسکے پاس کچھ اسمیں سے

وکان القوم مرملین مسنتین فنظر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الی شاۃ فی کسر الخیمۃ فقال ما ھذہ الشاۃ یا ام

اور تھے لوگ بے توشہ قحط زدہ پس دیکھا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے طرف ایک بکری کے جو ایک جانب میں خیمے کے تھی پس فرمایا کیا حال ہے اس بکری کا اے ام

معبد قالت شاۃ خلفھا الجھد عن الغنم قال ھل بھا من لبن قالت ھی اجھد من ذلک قال اتاذنین لی ان احلبھا

معبد عرض کی کہ یہ بکری پیچھے رکھا ہے اسکو دبلاپنے نے ریوڑ سے فرمایا کیا ہے اسمیں کچھ دودھ کہا ام معبد نے یہ بکری بہت دبلی ہے اس سے فرمایا کیا اذن دیتی ہے مجھکو کہ دودھ دوہوں

قالت بابی انت وامی ان رأیت بھا حلبا فاحلبھا فدعا بھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فمسح بیدہ ضرعھا

کہی میرا باپ آپ پر سے فدا اگر دیکھیں آپ اسمیں دودھ تو دوہ لیں پس طلب کیا بکری کو رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے اور ہاتھ پھیرا اسکے تھنوں پر

وسمی اللہ تعالی ودعا لھا فی شاتھا فتفاجت علیہ ودرت واجترت فدعا باناء یربض الرھط فحلب فیہ ثجا حتی علاہ

اور بسم اللہ کہا اور دعا کی ام معبد کے لئے بکری میں پس کھول دیئے بکری نے پاؤں اور دودھ اتر آیا اور جگالی کرنے لگی پس منگایا حضرت نے ایک برتن کہ سیراب کرے ایک گروہ کو پس دوہا اسمیں دودھ بہتا ہوا یہاں تک کہ آگئی اوپر

اَلْبِهَا ثُمَّ سَقَاهَا حَتّٰى رَوِيَتْ وَسَقٰى اَصْحَابَهٗ حَتّٰى رَوُوْا ثُمَّ شَرِبَ اٰخِرُهُمْ ثُمَّ حَلَبَ فِيْهِ ثَانِيًا بَعْدَ بَدْءٍ حَتّٰى مَلَا

کف پھر ملا یا حضرت نے ام معبد کو یہاں تک کہ سیر آ ہوگیا اور پلایا اپنے یاروں کو یہاں تک کہ سیر آ ہو گئے پھر پیا حضرت نے بعد سب کے پھر دودھ دوہا اسمیں دوسری بار بعد پہلی بار کے یہاں تک کہ بھر آیا

الْاِنَاءَ ثُمَّ غَادَرَهٗ عِنْدَهَا وَبَايَعَهَا وَارْتَحَلُوْا عَنْهَا رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَابْنُ عَبْدِ الْبَرِّ فِي الْاِسْتِيْعَابِ وَابْنُ الْجَوْزِيِّ

باسن پھر باقی چھوڑا دودھ ام معبد کے پاس اور بیعت لی حضرت نے ام معبد سے اور کوچ کیا اسکے پاس سے روایت کیا اسکو بغوی نے شرح سنت میں اور ابن عبد البر نے استیعاب میں اور ابن جوزی نے

فِيْ كِتَابِ الْوَفَاءِ وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ

کتاب الوفا میں اور اس حدیث میں ایک قصہ ہے

بَابُ الْكَرَامَاتِ

باب بیان میں کرامتوں کے

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ اُسَيْدَ بْنَ حُضَيْرٍ وَعَبَّادَ بْنَ بِشْرٍ تَحَدَّثَا

روایت ہے انس سے کہ اسید بن حضیر اور عباد بن بشر دونوں باتیں کرتے

عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ حَاجَةٍ لَهُمَا حَتّٰى ذَهَبَ مِنَ اللَّيْلِ سَاعَةٌ فِيْ لَيْلَةٍ شَدِيْدَةِ الظُّلْمَةِ ثُمَّ خَرَجَا مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ

نزدیک نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے کسی حاجت میں جو ان دونوں کو تھی یہاں تک کہ گئی رات سے ایک ساعت بیچ رات بہت اندھیری کے پھر باہر نکلے وہ دونوں نزدیک سے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَنْقَلِبَانِ وَبِيَدِ كُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا عُصَيَّةٌ فَاَضَاءَتْ عَصَا اَحَدِهِمَا لَهُمَا حَتّٰى مَشَيَا فِيْ ضَوْئِهَا حَتّٰى

خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے اس حال میں کہ پھرتے اور ہاتھ میں ہر ایک کے انمیں سے لاٹھی تھی پس روشن ہوئی لاٹھی ایک کی ان میں سے ان دونوں کے لئے یہاں تک کہ چلے دونوں بیچ روشنی اسکی کے یہاں تک

اِذَا افْتَرَقَتْ بِهِمَا الطَّرِيْقُ اَضَاءَتْ لِلْاٰخَرِ عَصَاهُ فَمَشٰى كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا فِيْ ضَوْءِ عَصَاهُ حَتّٰى بَلَغَ اَهْلَهٗ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ

جب جدی ہوئی راہ دونوں کی تو روشن ہوئی دوسرے کے لئے بھی لاٹھی اسکی پھر چلا ہر ایک انمیں سے روشنی میں اپنی لاٹھی کے یہاں تک کہ پہنچا ہر ایک اپنے گھر کو روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے

جَابِرٍ قَالَ لَمَّا حَضَرَ اُحُدٌ دَعَانِيْ اَبِيْ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَ مَا اُرَانِيْ اِلَّا مَقْتُوْلًا فِيْ اَوَّلِ مَنْ يُقْتَلُ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

جابر سے کہا کہ جب درپیش آیا جنگ احد بلایا مجھکو میرے باپ نے بعض رات میں پس کہا نہیں گمان کرتا میں اپنے کو مگر مارا گیا اول انکے جو مارے جاویں گے اصحاب سے نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے

وَاِنِّيْ لَا اَتْرُكُ بَعْدِيْ اَعَزَّ عَلَيَّ مِنْكَ غَيْرَ نَفْسِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاِنَّ عَلَيَّ دَيْنًا فَاقْضِ وَاسْتَوْصِ بِاَخَوَاتِكَ

اور تحقیق میں نہیں چھوڑتا پیچھے اپنے کسی کو عزیز زیادہ تر نزدیک میرے تجھ سے سوا ذات مبارک رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کی اور تحقیق مجھ پر قرض ہے پس ادا کرنا اسکو اور قبول کر میری وصیت

خَيْرًا فَاَصْبَحْنَا فَكَانَ اَوَّلَ قَتِيْلٍ وَدَفَنْتُ مَعَهٗ اٰخَرَ فِيْ قَبْرٍ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ قَالَ اِنَّ اَصْحَابَ الصُّفَّةِ

نیکی کرنے کی پس صبح کی ہمنے پس ہوا وہ اول قتل کیا گیا اور دفن کیا میں نے ساتھ اسکے ایک اور شخص کو ایک قبر میں روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عبد الرحمن بن ابی بکر سے کہا تحقیق اصحاب صفہ

كَانُوْا اُنَاسًا فُقَرَاءَ وَاِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ عِنْدَهٗ طَعَامُ اثْنَيْنِ فَلْيَذْهَبْ بِثَالِثٍ وَمَنْ كَانَ عِنْدَهٗ طَعَامُ

تھے فقیر لوگ اور تحقیق نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جس شخص کے پاس ہو طعام دو شخصوں کا چاہیے کہ لیجاوے تیسرے شخص کو اور جسکے پاس ہو کھانا

اَرْبَعَةٍ فَلْيَذْهَبْ بِخَامِسٍ اَوْ سَادِسٍ وَاِنَّ اَبَا بَكْرٍ جَاءَ بِثَلٰثَةٍ وَانْطَلَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِعَشَرَةٍ وَاِنَّ اَبَا بَكْرٍ تَعَشّٰى عِنْدَ

چار شخصوں کا پس چاہیے کہ لیجاوے پانچویں یا چھٹے کو اور تحقیق ابوبکر لائے تین شخص کو اور لیگئے نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم دس شخصوں کو اور ابو بکر صدیق نے کھایا طعام نزدیک

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ لَبِثَ حَتّٰى صُلِّيَتِ الْعِشَاءُ ثُمَّ رَجَعَ فَلَبِثَ حَتّٰى تَعَشَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَجَاءَ بَعْدَ

نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے پھر ٹھہرے رہے یہاں تک کہ پڑھی گئی نماز عشا کی پھر پھرے ابوبکر پس پھر ٹھہرے رہے یہاں تک کہ کھانا کھایا نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے پس آئے ابوبکر

مَا مَضٰى مِنَ اللَّيْلِ مَا شَاءَ اللّٰهُ قَالَتْ لَهُ امْرَاَتُهٗ مَا حَبَسَكَ عَنْ اَضْيَافِكَ قَالَ اَوَمَا عَشَّيْتِهِمْ قَالَتْ اَبَوْا حَتّٰى تَجِيْءَ فَغَضِبَ

کہ رات سے جسقدر کہ چاہا اللہ تعالی نے کہا ابوبکر سے انکی بیوی نے کہ کس چیز نے باز رکھا تجھکو تیرے مہمانوں سے کہا ابوبکر نے کیا نہیں طعام کھلایا تو نے مہمانوں کو کہا انہوں نے انکار کیا تیرے آنے تک پس غصہ ہوئے

وَقَالَ وَاللّٰهِ لَا اَطْعَمُهٗ اَبَدًا فَحَلَفَتِ الْمَرْاَةُ اَنْ لَا تَطْعَمَهٗ وَحَلَفَ الْاَضْيَافُ اَنْ لَا يَطْعَمُوْهُ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ كَانَ هٰذَا مِنَ الشَّيْطَانِ

اور کہا قسم ہے خدا کی نہ کھاؤں گا میں اسکو کبھی پس قسم کھائی عورت نے کہ نہ کھاوے گی اسکو اور قسم کھائی مہمانوں نے کہ نہیں کھاویں گے طعام کو کہا ابوبکر نے یہ غصہ شیطان سے تھا

فدعا بالطعام فأكل وأكلوا فجعلوا لا يرفعون لقمة إلا ربت من أسفلها أكثر منها فقال لامرأته يا أخت بني فراس

پس منگایا ابوبکر نے طعام اور کھایا اور کھائے سب نے پس ہوئے کہ اٹھاتے تھے لقمہ مگر بڑھ جاتا تھا طعام اس لقمے کے نیچے سے ف زیادہ ہو جاتا تو انہوں نے کہا پس کہا ابوبکر نے اپنی بیوی سے اے بہن بنی فراس کی

ما هذا قالت وقرة عيني إنها الآن لأكثر منها قبل ذلك بثلاث مرار فأكلوا وبعث بها إلى النبي صلى الله عليه وآله وسلم فذكر

کیا ہے یہ کہا قسم ٹھنڈک کی میری آنکھ کی تحقیق یہ البتہ اب بہت زیادہ ہے اس سے کہ پہلے اس کے تھا تین بار پس کھائے سبھوں نے اور بھیجا ابوبکر نے اسکو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پس ذکر کیا گیا

أنه أكل منها متفق عليه وذكر حديث عبد الله ابن مسعود كنا نسمع تسبيح الطعام في المعجزات

کہ حضرت نے کھایا اس سے ف اور ذکر کی گئی حدیث عبداللہ ابن مسعود کی کہ ابتدا اسکی یہ ہے کنا نسمع تسبیح الطعام باب المعجزات میں

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن عائشة رض قالت لما مات النجاشي كنا نتحدث أنه لا يزال يرى على قبره نور رواه أبو داود وعنها قالت لما أرادوا غسل

روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے بولیں کہ جب مرا نجاشی تھے ہم آپس میں باتیں کرتے اور کہتے کہ تحقیق ہمیشہ دیکھا جاتا ہے اسکی قبر پر نور ف روایت کیا اسکو ابوداود نے اور روایت ہے انہی سے بولیں جب چاہتے غسل

النبي صلى الله عليه وآله وسلم قالوا لا ندري أنجرد رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من ثيابه كما نجرد موتانا أم نغسله وعليه

نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تو کہا نہیں جانتے ہم کہ اتاریں کپڑے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ان کپڑوں سے جیسا کہ ننگے کرتے ہیں ہم اپنے مردوں کو یا غسل دیں آپ کو اس حال میں کہ اوپر آپ کے ہوں

ثيابه فلما اختلفوا ألقى الله عليهم النوم حتى ما منهم رجل إلا وذقنه في صدره ثم كلمهم مكلم من ناحية البيت لا يدرون

کپڑے آپکے پس جب اختلاف کیا صحابہ نے تو ڈالی اللہ نے ان پر نیند یہاں تک کہ نہ تھا ان میں سے کوئی شخص مگر تھوڑی اسکی سینہ پر تھی ف پھر کلام کیا ان سے کلام کرنے والے نے گھر کے کونے سے نہیں

من هو اغسلوا النبي صلى الله عليه وآله وسلم وعليه ثيابه فقاموا فغسلوه وعليه قميصه يصبون الماء فوق

جانتے تھے وہ کہ کون ہے یہ کلام کرنے والا کہ نہلاؤ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس حال میں کہ اوپر ہوں کپڑے آپکے پس کھڑے ہوئے صحابہ سو غسل دیا حضرت کو اس حال میں کہ آپ پر قمیص تھا ڈالتے تھے پانی

القميص ويدلكونه بالقميص رواه البيهقي في دلائل النبوة وعن ابن المنكدر أن سفينة مولى رسول الله صلى الله

قمیص پر اور ملتے تھے بدن مبارک کو ساتھ کرتے کے ف روایت کیا اسکو بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور روایت ہے ابن منکدر سے کہ سفینہ غلام آزاد رسول خدا صلے اللہ

عليه وآله وسلم أخطأ الجيش بأرض الروم أو أسر فانطلق هاربا يلتمس الجيش فإذا هو بالأسد فقال يا أبا الحارث

علیہ وآلہ وسلم کا گم کیا رستہ لشکر کا زمین روم میں یا قید کیا گیا پس چلے بھاگ کر اس حال میں کہ ڈھونڈتے تھے لشکر کو پس ناگہاں وہ ایک شیر سے پس کہا اے ابو الحارث

أنا مولى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم كان من أمري كيت وكيت فأقبل الأسد له بصبصة حتى قام إلى جنبه

میں ہوں غلام آزاد رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا میرا حال ایسا ایسا ہے پس آگے آیا شیر واسطے اسکے دم ہلاتا ہوا یہاں تک کہ کھڑا ہوا سفینہ کے پہلو میں

كلما سمع صوتا أهوى إليه ثم أقبل يمشي إلى جنبه حتى بلغ الجيش ثم رجع الأسد رواه في شرح السنة وعن أبي الجوزاء

جب سنتا شیر کوئی آواز خوفناک قصد کرتا اسکی طرف پھر آتا درحالیکہ چلتا سفینہ کے پہلو میں یہاں تک کہ سفینہ پہنچا لشکر میں پھر گیا شیر روایت کیا اسکو شرح السنہ میں اور روایت ہے ابی الجوزاء سے

قال قحط أهل المدينة قحطا شديدا فشكوا إلى عائشة فقالت انظروا قبر النبي صلى الله عليه وآله وسلم فاجعلوا منه

کہا اہل مدینہ کو قحط شدید میں پس شکایت کی طرف عائشہ کے پس کہا عائشہ نے دیکھو تم قبر کو نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس کرو اس قبر شریف سے

كوى إلى السماء حتى لا يكون بينه وبين السماء سقف ففعلوا فمطروا مطرا حتى نبت العشب وسمنت الإبل حتى

کئی روشندان طرف آسمان کے یہاں تک کہ نہ ہو درمیان قبر اور درمیان آسمان کے چھت پس کیا ویسا ہی لوگوں نے پس برسائے گئے مینہ یہاں تک کہ پیدا ہوا گھاس اور موٹے ہوئے اونٹ یہاں تک کہ

تفتقت من الشحم فسمي عام الفتق رواه الدارمي وعن سعيد بن عبد العزيز قال لما كان أيام الحرة لم يؤذن في المسجد

پھول گئیں کوکھیں انکی چربی سے پس نام رکھا گیا اس سال کا عام الفتق روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے سعید بن عبد العزیز سے کہا جبکہ ہوا زور واقعہ حرہ کا نہ اذان دی گئی مسجد میں

النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولم یقم ثلثا ولم یبرح سعید بن المسیب المسجد وکان لا یعرف وقت الصلوٰۃ الا بهمهمۃ یسمعها

نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے تین روز اور نہ تکبیر کہی گئی اور باہر نہیں نکلے سعید بن مسیب تابعی مسجد سے اور تھے سعید بن مسیب کہ نہیں پہچانتے تھے اوقات نماز کا مگر آواز خفی کہ سنتے

من قبر النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رواہ الدارمی وعن ابی خلدۃ قال قلت لابی العالیۃ سمع انس من النبی صلی

قبر سے نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے ابی خلدہ سے کہا میں نے ابی العالیہ تابعی کو کہ کیا سنا ہے انس نے حدیثیں نبی صلے

اللہ علیہ وآلہ وسلم قال خدمہ عشر سنین ودعا لہ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وکان لہ بستان یحمل فی کل

اللہ علیہ والہ وسلم سے کہا ابو العالیہ نے خدمت کی انس نے آنحضرت کی دس برس اور دعا کی واسطے اسکے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اور تھا انس کے لیے باغ کہ لاتا تھا

سنۃ الفاکھۃ مرتین وکان فیھا ریحان یجیء منہ ریح المسک رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث حسن غریب الفصل

ہر برس میوہ دو بار اور تھے اس باغ میں پھول کہ آتی تھی اس سے بو مشک کی روایت کیا اسکو ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے فصل

الثالث عن عروۃ بن الزبیر ان سعید بن زید بن عمرو بن نفیل خاصمتہ اروی بنت اوس الی مروان بن الحکم

تیسری روایت ہے عروہ بن زبیر تابعی سے کہ سعید بن زید بن عمرو بن نفیل جھگڑی انسے اروی بیٹی اوس کی طرف مروان بن الحکم کے

وادعت انہ اخذ شیئا من ارضھا فقال سعید انا کنت آخذ من ارضھا شیئا بعد الذی سمعت من رسول اللہ صلی

اور دعوی کیا اروی نے کہ سعید بن زید نے لی ہے کچھ اسکی زمین سے پس کہا سعید نے بھلا میں لونگا اسکی زمین سے کچھ بعد اسکے کہ سنا میں نے پیغمبر خدا صلے

اللہ علیہ وآلہ وسلم قال ماذا سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ

اللہ علیہ والہ وسلم سے کہا مروان نے کہ کیا سنا تو نے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے کہا سعید نے سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ

وآلہ وسلم یقول من اخذ شبرا من الارض ظلما طوقہ اللہ الی سبع ارضین فقال لہ مروان لا اسألک بینۃ بعد ھذا

والہ وسلم سے فرماتے تھے جو کوئی لیوے ایک بالشت بھر کسی کی زمین میں سے ازراہ ظلم کے کریگا اللہ اس زمین کو طوق ساتوں زمینوں تک پس کہا اسکو مروان نے کہ نہیں طلب کرتا تجھ سے گواہ بعد اسکے

فقال سعید اللھم ان کانت کاذبۃ فاعم بصرھا واقتلھا فی ارضھا قال فما ماتت حتی ذھب بصرھا وبینما

پس کہا سعید نے خداوندا اگر ہے یہ عورت جھوٹی تو اندھی کر بینائی اسکی اور مار اسکو اسکی زمین میں کہا عروہ نے پس نہ مری وہ عورت یہاں تک کہ جاتی رہی بینائی اسکی اور اس وقت

ھی تمشی فی ارضھا اذ وقعت فی حفرۃ فماتت متفق علیہ وفی روایۃ لمسلم عن محمد بن زید بن عبد اللہ بن عمر بمعناہ

کہ وہ عورت چلتی تھی اپنی اس زمین میں یکایک گر پڑی ایک گڑھے میں پھر مر گئی متفق علیہ ہے اور ایک روایت میں مسلم کے محمد بن زید بن عبد اللہ بن عمر تابعی سے معنی اسکے

وانہ رآھا عمیاء تلتمس الجدر تقول اصابتنی دعوۃ سعید وانھا مرت علی بئر فی الدار التی خاصمتہ فیھا فوقعت

اور یہ آیا ہے کہ محمد بن زید نے دیکھا اسکو اندھی ٹٹولتی ہوئی دیواروں کو کہتی تھی کہ پہنچی مجھکو بد دعا سعید بن زید کی اور تحقیق وہ گذری اوپر ایک کنوئیں کے بیچ اس گھر کے کہ جھگڑی تھی

فیھا فکانت قبرھا وعن ابن عمر ان عمر بعث جیشا وامر علیھم رجلا یدعی ساریۃ فبینما عمر یخطب فجعل

اس گھر کے بیچ پس ہوا وہ کنواں قبر اسکی اور روایت ہے ابن عمر سے کہ عمر رض نے بھیجا ایک لشکر اور امیر کیا اس لشکر پر ایک شخص کو کہ نام لیا جاتا تھا ساریہ پس اس وقت کہ عمر رض پڑھتے خطبہ

یصیح یا ساری الجبل فقدم رسول من الجیش فقال یا امیر المؤمنین لقینا عدونا فھزمونا فاذا بصائح یصیح یا ساری

جلانا کی ساریہ لازم کر پہاڑ کو پس آیا قاصد لشکر سے اور کہا اے امیر المؤمنین ملے ہم سے دشمن ہمارے پس شکست دی ہمکو پس ناگہاں ایک چلانے والا چلاتا تھا اے ساریہ

الجبل فاسندنا ظھورنا الی الجبل فھزمھم اللہ تعالی رواہ البیھقی فی دلائل النبوۃ وعن نبیھۃ بن وھب ان

لازم کر پہاڑ کو پس لگائیں ہم نے پیٹھیں اپنی طرف پہاڑ کے پس شکست دی انکو خدا تعالی نے روایت کیا اسکو بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور روایت ہے نبیہہ بن وہب سے کہ

كعبًا دخل على عائشة فذكروا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال كعب ما من يوم يطلع الا نزل سبعون الفًا

کعب احبار تابعی داخل ہوے حضرت عائشہ کے پاس پس ذکر کیا اہل مجلس نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پس کہا کعب نے نہیں کوئی دن کہ طاہر ہو فجر اسکی مگر اترتے ہیں ستر ہزار

من الملئكة حتى يحفوا بقبر رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يضربون باجنحتهم ويصلون على رسول الله صلى

فرشتے یہانتک کہ گھیر لیتے ہیں قبر شریف کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مارتے ہیں بازوں اپنے اور درود بھیجتے ہیں رسول خدا صلے

الله عليه وآله وسلم حتى اذا امسوا عرجوا وهبط مثلهم فصنعوا مثل ذلك حتى اذا انشقت عنه الارض خرج

اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہانتک کہ جب شام کرتے ہیں چڑھ جاتے ہیں آسمان پر اور اترتے ہیں مانند ان کے پس کرتے ہیں مانند اسکے یہانتک کہ جب پھٹے گی ان حضرت سے زمین نکلینگے

في سبعين الفًا من الملئكة يزفونه رواه الدارمي

باب الفصل الاول

عن البراء قال اول من قدم علينا

بیچ ستر ہزار فرشتوں کے اس حال میں کہ لیجاوینگے آپکو دولہا روایت کیا اسکو دارمی نے باب وفات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فصل پہلی روایت ہے براء سے کہا اول ان شخصوں کے جو آئے ہمپر

من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم مصعب بن عمير وابن ام مكتوم فجعلا يقرئاننا القرآن ثم جاء عمار

اصحاب سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مصعب بن عمیر اور ابن ام مکتوم تھے پس شروع کیا دونوں نے پڑھانا ہمکو قرآن پھر آئے عمار بن یاسر

وبلال وسعد ثم جاء عمر بن الخطاب في عشرين من اصحاب النبي صلى الله عليه وآله وسلم ثم جاء النبي صلى الله عليه

اور بلال بن رباح اور سعد بن ابی وقاص پھر آئے عمر ابن الخطاب بیس آدمیوں میں اصحاب سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اسکے تشریف لائے نبی صلے اللہ علیہ

وآله وسلم فما رايت اهل المدينة فرحوا بشيء فرحهم به حتى رايت الولائد والصبيان يقولون هذا رسول الله صلى

وآلہ وسلم پس نہیں دیکھا میں نے اہل مدینہ کو کہ خوش ہوے ہوں ساتھ کسی چیز کے مانند خوش ہونے انکے سبب آنحضرت کے یہانتک کہ دیکھا میں نے لڑکیوں اور لڑکوں کو کہتے کہ یہ رسول خدا صلے

الله عليه وآله وسلم قد جاء فما جاء حتى قرات سبح اسم ربك الاعلى في سور مثلها من المفصل رواه البخاري

اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں تحقیق آئے پس نہیں آئے یہانتک کہ سیکھی میں نے سورہ سبح اسم ربک الاعلی سلطہ اور سورتوں کے جو مانند اسکے ہیں مفصل سے روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن ابي سعيد الخدري ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم جلس على المنبر فقال ان عبدًا خيره الله بين ان

اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بیٹھے منبر پر اور فرمایا کہ تحقیق ایک بندہ کو اختیار دیا اللہ تعالی نے درمیان اسکے کہ

يؤتيه من زهرة الدنيا ما شاء وبين ما عنده فاختار ما عنده فبكى ابو بكر قال فديناك بآبائنا وامهاتنا

دے اسکو نعمت دنیا سے جس قدر کہ چاہا خدا نے اور درمیان اسکے کہ نزدیک خدا کے ہے پس اختیار کیا اس بندہ نے اس چیز کو جو نزدیک خدا کے ہے پس روئے ابوبکر اور کہا قربان ہوں آپ پر باپ دادا

فعجبنا له فقال الناس انظروا الى هذا الشيخ يخبر رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عن عبد خيره الله بين ان

پس تعجب کیا ہمنے واسطے ابی بکر کے اور کہا لوگوں نے دیکھو اس بوڑھے کی طرف خبر دیتے ہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم حال ایک بندہ کا جو اختیار دیا اسکو اللہ نے درمیان اسکے

يؤتيه من زهرة الدنيا وبين ما عنده وهو يقول فديناك بآبائنا وامهاتنا فكان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

کہ دے اسکو نعمت دنیا سے اور درمیان اسکے جو نزدیک خدا کے ہے اور یہ کہتا ہے کہ قربان ہوں آپ پر ہمارے باپ اور ہماری مائیں پس تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

هو المخير وكان ابو بكر اعلمنا متفق عليه

وہی اختیار دئے گئے اور تھے ابوبکر داناتر ہم میں ق

وعن عقبة بن عامر قال صلى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم على قتلى احد

اور روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہ نماز پڑھی رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم شہیدوں پر احد کے

بعد ثمان سنين كالمودع للاحياء والاموات ثم طلع المنبر فقال اني بين ايديكم فرط وانا عليكم شهيد وان

بعد آٹھ برس کے مانند رخصت کرنے والے کے واسطے زندوں اور مردوں کے پھر چڑھے منبر پر اور فرمایا تحقیق میں آگے تمہارے فرط ہوں اور میں تم پر گواہ ہوں اور تحقیق

وان موعدكم الحوض واني لانظر اليه وانا في مقامي هذا واني قد اعطيت مفاتيح خزائن الارض واني لست اخشى

اور تحقیق وعدہ گاہ تمہارا حوض ہے اور تحقیق میں البتہ دیکھتا ہوں طرف حوض کے حالانکہ میں اپنی اس جگہ میں ہوں اور تحقیق میں دیا گیا ہوں کنجیاں زمین کے خزانوں کی اور تحقیق میں نہیں ڈرتا ہوں

عليكم ان تشركوا بعدي ولكني اخشى عليكم الدنيا ان تنافسوا فيها وزاد بعضهم فتقتتلوا فتهلكوا كما هلك

تم پر کہ شرک کرو تم بعد میرے ولیکن ڈرتا ہوں تم پر دنیا سے کہ رغبت کرو اس میں اور زیادہ کیا بعضوں نے پس قتل کرو تم آپس میں پھر ہلاک ہو جاؤ جیسے کہ ہلاک ہوئے

من كان قبلكم متفق عليه وعن عائشة قالت ان من نعم الله تعالى علي ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

جو پہلے تم سے تھے۔ متفق علیہ۔ اور روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ نعمتوں سے اللہ تعالیٰ کی مجھ پر یہ ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم

توفي في بيتي وفي يومي وبين سحري ونحري وان الله جمع بين ريقي وريقه عند موته دخل علي عبد الرحمن بن

وفات پائے میرے گھر میں اور میری باری کے دن اور درمیان سینہ اور گلے میرے کے اور تحقیق اللہ تعالیٰ نے جمع کیا درمیان تھوک میرے اور تھوک آنحضرت کے وقت موت کے داخل ہوئے مجھ پر عبد الرحمن

ابي بكر وبيده سواك وانا مسندة رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فرايته ينظر اليه وعرفت انه يحب السواك

ابی بکر کے اور تھی ان کے ہاتھ میں مسواک اور میں ٹیک دیئے ہوئے تھی رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو پس دیکھا میں نے آنحضرت کو دیکھتے تھے طرف اس کے اور میں جانتی تھی کہ آپ دوست رکھتے تھے مسواک کو

فقلت آخذه لك فاشار براسه ان نعم فتناولته فاشتد عليه فقلت الينه لك فاشار براسه ان نعم فلينته فامره

پس کہا میں نے کیا لے لوں میں مسواک آپ کے لئے پس اشارہ کیا حضرت نے اپنے سر سے کہ ہاں پس لی میں نے مسواک پس سخت ہوئی آپ پر پس کہا میں نے نرم کر دوں آپ کے لئے پس اشارہ کیا سر سے کہ ہاں پس نرم کر دیا میں نے اس کو پھر پھیرا

وبين يديه ركوة فيها ماء فجعل يدخل يديه في الماء فيمسح بهما وجهه ويقول لا اله الا الله ان للموت سكرات

اور روبرو حضرت کے ایک برتن تھا کہ اس میں پانی تھا سو شروع کیا حضرت نے کہ داخل کرتے تھے دونوں ہاتھ اپنے پانی میں پھر ملتے تھے ان کو منہ پر اور کہتے تھے لا الہ الا اللہ تحقیق واسطے موت کے سختیاں ہیں

ثم نصب يده فجعل يقول في الرفيق الاعلى حتى قبض ومالت يده رواه البخاري وعنها قالت سمعت النبي صلى الله

پھر اٹھایا حضرت نے ہاتھ اپنا پس شروع کیا کہتے تھے کہ شامل کر مجھ کو رفیق اعلیٰ میں یہاں تک کہ روح قبض کی گئی اور جھک گیا ہاتھ حضرت کا۔ روایت کیا اس کو بخاری نے اور انہیں سے روایت ہے کہا سنا میں نے نبی صلے اللہ

عليه وآله وسلم يقول ما من نبي يمرض الا خير بين الدنيا والآخرة وكان في شكواه الذي قبض اخذته بحة شديدة

علیہ والہ وسلم کو فرماتے نہیں کوئی نبی کہ بیمار ہوتا ہے مگر اختیار دیا جاتا ہے درمیان دنیا اور آخرت کے اور تھے حضرت اس بیماری میں کہ وفات کئے گئے پکڑا حضرت کو سختی آواز نے

فسمعته يقول مع الذين انعمت عليهم من النبيين والصديقين والشهداء والصالحين فعلمت انه خير متفق

پس سنا میں نے حضرت کو فرماتے تھے ساتھ ان لوگوں کے کہ انعام کیا تو نے اوپر ان کے نبیوں اور صدیقوں اور شہیدوں اور صالحین سے پس میں نے جانا کہ آنحضرت کو اختیار دیا گیا۔ متفق

عليه وعن انس قال لما ثقل النبي صلى الله عليه وآله وسلم جعل يتغشاه الكرب فقالت فاطمة واكرب اباه فقال لها

علیہ۔ اور روایت ہے انس سے کہا جب کہ بھاری ہوئے نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم تو بیہوشی کرتی تھی آنحضرت کو شدت مرض کی پس کہا فاطمہ نے کہ ہائے سختی میرے باپ کی پس فرمایا حضرت نے فاطمہ کو

ليس على ابيك كرب بعد اليوم فلما مات قالت يا ابتاه اجاب ربا دعاه يا ابتاه من جنة الفردوس ماواه يا ابتاه الى

نہیں ہے باپ پر تیرے سختی بعد آج کے دن پس جب وفات پائی کہا فاطمہ نے اے باپ میرے قبول کیا پروردگار کو کہ بلایا آپ کو اپنے حضور اے باپ کہ جنت فردوس ہے ٹھکانا آپ کا اے باپ طرف

جبرئيل ننعاه فلما دفن قالت فاطمة يا انس اطابت انفسكم ان تحثوا على رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم التراب رواه

جبرئیل کے خبر موت کی کہتے ہیں پس جب دفن کئے گئے کہا فاطمہ نے اے انس کیا خوش ہوئے نفس تمہارے کہ ڈالو اوپر رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے مٹی۔ روایت کیا اس کو

البخاري

الفصل الثاني

عن انس قال لما قدم رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم المدينة لعبت الحبشة

بخاری نے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے انس سے کہا جب تشریف لائے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم مدینہ کو کھیلے حبشی

بِحِرَابِهِمْ فَرَحًا لِقُدُومِهِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَفِيْ رِوَايَةِ الدَّارِمِيِّ قَالَ مَا رَاَيْتُ يَوْمًا قَطُّ كَانَ اَحْسَنَ وَلَا اَضْوَأَ مِنْ يَوْمٍ دَخَلَ

اپنے نیزوں سے مارے خوشی کے تشریف لانے پر حضرت کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور ایک روایت میں دارمی کی ہے کہا انس نے کہ نہیں دیکھا میں نے کوئی دن کبھی جو اچھا اور بہت روشن اس دن سے کہ آئے

عَلَيْنَا فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَمَا رَاَيْتُ يَوْمًا كَانَ اَقْبَحَ وَلَا اَظْلَمَ مِنْ يَوْمٍ مَاتَ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

ہم پر اس میں رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم اور نہیں دیکھا میں نے کوئی دن جو زیادہ غمگین کرنے والا ہو اور نہایت تاریک ہو اس دن سے کہ وفات پائی جس میں رسول اللہ علیہ

السَّلَامُ وَفِيْ رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ قَالَ لَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الَّذِيْ دَخَلَ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ اَضَاءَ

السلام نے اور ایک روایت میں ترمذی کے ہے کہا انس نے جبکہ ہوا وہ دن کہ داخل ہوا اسمیں رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم مدینہ کو روشن ہوئی

مِنْهَا كُلُّ شَيْءٍ فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ اَظْلَمَ مِنْهَا كُلُّ شَيْءٍ وَمَا نَفَضْنَا اَيْدِيَنَا عَنِ التُّرَابِ وَاِنَّا لَفِيْ دَفْنِهٖ حَتّٰى اَنْكَرْنَا

اس سے ہر چیز مدینہ کی پھر جب ہوا وہ دن کہ وفات پایا اس میں حضرت نے تاریک ہوئی اس سے ہر چیز اور نہیں جھاڑے تھے ہم ہاتھ ہمارے مٹی سے حالانکہ ہم حضرت کے دفن میں تھے یہاں تک کہ ناآشنا جانا ہم نے

قُلُوْبَنَا وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اخْتَلَفُوْا فِيْ دَفْنِهٖ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ سَمِعْتُ

اپنے دلوں کو اور روایت ہے عائشہ سے بولیں جس وقت کہ وفات پائی رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے اختلاف کیا صحابہ نے دفن کرنے میں آپکے تو کہا ابوبکر نے سنا میں نے

مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَالَ مَا قَبَضَ اللّٰهُ نَبِيًّا اِلَّا فِي الْمَوْضِعِ الَّذِيْ يُحِبُّ اَنْ يُدْفَنَ فِيْهِ اِدْفِنُوْهُ فِيْ مَوْضِعِ

رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے کچھ کہ فرمایا نہیں قبض کیا اللہ نے روح کسی نبی کی مگر اس جگہ کہ دوست رکھتا ہے وہ نبی کہ دفن کیا جاوے وہ اسمیں سو دفن کرو حضرت کو آپ کی

فِرَاشِهٖ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ عَائِشَةَ رض قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

بچھونے کی جگہ میں روایت کیا اسکو ترمذی نے فصل تیسری روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم فرماتے تھے

وَهُوَ صَحِيْحٌ اِنَّهٗ لَنْ يُقْبَضَ نَبِيٌّ حَتّٰى يُرٰى مَقْعَدَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ ثُمَّ يُخَيَّرُ قَالَتْ عَائِشَةُ فَلَمَّا نُزِلَ بِهٖ وَرَاْسُهٗ عَلٰى فَخِذِيْ

جس حال میں کہ آپ تندرست تھے کہ ہرگز نہیں قبض کی جاتی ہے روح کسی نبی کی یہاں تک کہ دکھلائی جاتی ہے جگہ اس کی بہشت سے پھر اختیار دیا جاتا اسکو عائشہ نے کہا پھر جبکہ نازل کی گئی موت اور سر آپ کا

غُشِيَ عَلَيْهِ ثُمَّ اَفَاقَ فَاَشْخَصَ بَصَرَهٗ اِلَى السَّقْفِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ الرَّفِيْقَ الْاَعْلٰى قُلْتُ اِذًا لَا يَخْتَارُنَا قَالَتْ وَعَرَفْتُ اَنَّهُ الْحَدِيْثُ

بیہوشی ڈالی گئی آپ پر پھر ہوش میں آئے پھر اٹھائی نگاہ اپنی طرف چھت کے پھر کہا یاالہی اختیار کیا میں نے رفیق اعلی کو کہا میں نے اب اختیار نہیں کریں گے حضرت ہمکو کہا اور پہچانا میں نے کہ یہہ قول

الَّذِيْ كَانَ يُحَدِّثُنَا بِهٖ وَهُوَ صَحِيْحٌ فِيْ قَوْلِهٖ اِنَّهٗ لَنْ يُقْبَضَ نَبِيٌّ قَطُّ حَتّٰى يُرٰى مَقْعَدَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ ثُمَّ يُخَيَّرُ قَالَتْ عَائِشَةُ فَكَانَ

اشارہ ہے طرف اس حدیث کے کہ بیان کرتے تھے حالت صحت اپنے میں کہ ہرگز نہیں قبض کی جاوے گی روح کسی نبی کی کبھی یہاں تک کہ دکھلائی جاتی ہے جگہ اسکی بہشت سے پھر اختیار دیا جاتا ہے کہا عائشہ نے پس تھا

اٰخِرُ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَوْلَهٗ اَللّٰهُمَّ الرَّفِيْقَ الْاَعْلٰى مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

آخری کلمہ کہ بولے اسکو نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم یہہ قول حضرت کا یاالہی اختیار کرتا ہوں میں رفیق اعلی کو متفق علیہ اور روایت ہے اسی سے بولیں کہ رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ يَا عَائِشَةُ مَا اَزَالُ اَجِدُ اَلَمَ الطَّعَامِ الَّذِيْ اَكَلْتُ بِخَيْبَرَ وَهٰذَا

صلے اللہ علیہ والہ وسلم فرماتے تھے اپنے اس بیماری میں کہ وفات پائے اسمیں ای عائشہ ہمیشہ پاتا تھا میں درد اس طعام کا کہ کھایا تھا میں نے خیبر میں اور یہہ

اَوَانُ وَجَدْتُ انْقِطَاعَ اَبْهَرِيْ مِنْ ذٰلِكَ السَّمِّ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا حُضِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

وقت ہے کہ پاتا ہوں میں اپنے رگ جان کی کٹنے جانیکا اس زہر کے اثر سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا جبکہ حاضر کئے گئے رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَفِي الْبَيْتِ رِجَالٌ فِيْهِمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ هَلُمُّوْا اَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لَنْ

علیہ والہ وسلم وفات اور گھر میں تھے بہت شخص کہ انہیں سے تھے عمر بن الخطاب تھے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے آؤ لکھ دوں میں تمکو ایک نوشتہ کہ ہرگز

تضلوا بعده فقال عمر قد غلب عليه الوجع وعندكم القرآن حسبكم كتاب الله فاختلف اهل البيت واختصموا فمنهم

گمراہ نہ ہو گے تم بعد اس کے پس کہا عمرؓ نے کہ تحقیق غالب آ گئی ہے حضرت پر بیماری اور تمہارے پاس ہے قرآن بس ہے تم کو کتاب اللہ کی پس اختلاف کیا گھر والوں نے اور جھگڑنے لگے پس بعض ان میں سے

من يقول قربوا يكتب لكم رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ومنهم من يقول ما قال عمر فلما اكثروا اللغط والاختلاف قال

کہتا تھا نزدیک کرو حضرت کے تا کہ لکھیں تمہارے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور بعض ان میں سے کہتا تھا وہی جو کہا عمرؓ نے پس جب کیا لوگوں نے بہت شور وغوغا اور اختلاف فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قوموا عني قال عبيد الله فكان ابن عباس يقول ان الرزية كل الرزية ما حال بين رسول الله

رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اٹھ جاؤ میرے پاس سے کہا عبید اللہ راوی نے پس تھے ابن عباسؓ کہتے تحقیق مصیبت کل مصیبت جو حائل ہوئی درمیان رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم وبين ان يكتب لهم ذلك الكتاب لاختلافهم ولغطهم وفي رواية سليمان بن ابي مسلم

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور درمیان لکھنے حضرت کے صحابہ کے لئے یہ نوشتہ بسبب اختلاف کرنے ان کے اور شور وغوغا کرنے ان کے اور ایک روایت میں ہے سلیمان بن ابی مسلم

الاحول قال ابن عباس يوم الخميس وما يوم الخميس ثم بكى حتى بل دمعه الحصى قلت يا ابن عباس وما يوم الخميس

احول کی کہا ابن عباسؓ نے دن پنجشنبہ کا اور کیا ہے دن پنجشنبہ کا پھر روئے ابن عباسؓ یہاں تک کہ تر ہو گئیں آنسوؤں سے کنکریاں کہا میں نے اے ابن عباس اور کیا ہے روز پنجشنبہ

قال اشتد برسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وجعه فقال ائتوني بكتف اكتب لكم كتابا لا تضلوا بعده ابدا

کہا ابن عباسؓ نے سخت ہوا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بیماری کا درد پس فرمایا لاؤ میرے پاس ہڈی شانہ کی تاکہ لکھ دوں تمہارے لئے ایک نوشتہ کہ گمراہ نہ ہو گے تم بعد اس کے کبھی

فتنازعوا ولا ينبغي عند نبي تنازع فقالوا ما شانه اهجر استفهموه فذهبوا يردون عليه فقال دعوني ذروني

پس نزاع کیا لوگوں نے آپس میں اور نہیں لائق تھا نبی کے پاس نزاع پس کہا صحابہ نے کیا حال ہے حضرت کا کیا ترک کر دیا [illegible] پوچھو حضرت سے پس شروع کیا بعض صحابہ نے تکرار کرنا حضرت سے پس فرمایا حضرت نے چھوڑ دو مجھ کو

فالذي انا فيه خير مما تدعونني اليه فامرهم بثلاث قال اخرجوا المشركين من جزيرة العرب واجيزوا الوفد بنحو ما كنت

پس وہ حالت کہ جس میں ہوں بہتر ہے اس چیز سے جو بلاتے ہو تم مجھ کو طرف اس کے پس حکم کیا ان کو تین باتوں کا کہا نکال دو مشرکوں کو جزیرہ عرب سے اور اکرام کیا کرو ایلچیوں کا مانند اس کے کہ میں

اجيزهم وسكت عن الثالثة او قالها فنسيتها قال سفيان هذا من قول سليمان متفق عليه وعن انس قال قال ابو بكر لعمر رضي الله عنهما بعد وفاة رسول الله

ان کا اکرام کیا کرتا تھا اور سکوت کیا تیسری بات سے یا کہا اس کو پس بھول گیا میں اس کو کہا سفیان نے یہ قول سلیمان احول کا ہے اور روایت ہے انسؓ سے کہا ابو بکرؓ نے عمرؓ کو بعد وفات رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم انطلق بنا الى ام ايمن نزورها كما كان رسول الله صلعم يزورها فلما انتهينا اليها بكت فقالا لها ما يبكيك اما

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کہ چلو ہم کو طرف ام ایمن کے [illegible] جیسا کہ رسول خدا صلعم ملاقات کرتے تھے [illegible] پس ام ایمن روئیں [illegible]

تعلمين ان ما عند الله خير لرسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقالت اني لا ابكي اني لا اعلم ان ما عند الله تعالى خير لرسول

جانتی تو جو کچھ نزدیک خدا کے ہے بہتر ہے واسطے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس کہا ام ایمن نے کہ میں نہیں روتی [illegible] بہتر ہے واسطے

الله صلى الله عليه وآله وسلم ولكن ابكي ان الوحي قد انقطع من السماء فهيجتهما على البكاء فجعلا يبكيان معها رواه مسلم

رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ولیکن روتی ہوں کہ وحی منقطع ہو گئی آسمان سے [illegible] روایت کیا اس کو مسلم نے

وعن ابي سعيد الخدري قال خرج علينا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم في مرضه الذي مات فيه ونحن في المسجد

اور روایت ہے ابی سعید خدریؓ سے کہا کہ باہر نکلے ہم پر رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی اس بیماری میں کہ جس میں وفات ہوئی اور ہم مسجد میں تھے

عاصبا راسه بخرقة حتى اهوى نحو المنبر فاستوى عليه واتبعناه قال والذي نفسي بيده اني لانظر الى الحوض من مقامي هذا ثم

باندھے ہوئے سر اپنا کپڑے کے ٹکڑے سے یہاں تک کہ قصد کیا حضرت نے طرف منبر کے پھر [illegible]

[illegible]

قَالَ إِنَّ عَبْدًا عُرِضَتْ عَلَيْهِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا فَاخْتَارَ الْآخِرَةَ قَالَ فَلَمْ يَفْطِنْ لَهَا أَحَدٌ غَيْرُ أَبِي بَكْرٍ فَذَرَفَتْ عَيْنَاهُ فَبَكَى

فرمایا کہ تحقیق ایک بندے پر پیش کی گئی دنیا اور آرائش اس کی پس اختیار کیا اس نے آخرت کو کہا ابو سعید نے پس نہ سمجھا اس کو کوئی سوائے ابی بکر کے پس جاری ہوئے آنسو ابی بکر کی آنکھوں سے اور روئے

ثُمَّ قَالَ بَلْ نَفْدِيكَ بِآبَائِنَا وَأُمَّهَاتِنَا وَأَنْفُسِنَا وَأَمْوَالِنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ ثُمَّ هَبَطَ فَمَا قَامَ عَلَيْهِ حَتَّى السَّاعَةِ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ

پھر کہا ابو بکر نے بلکہ قربان کرتے ہیں ہم آپ سے باپ اور مائیں اور جانیں اور مال اپنے یا رسول اللہ کہا ابو سعید نے پھر اترے منبر سے پس نہ کھڑے ہوئے اس پر اب تک روایت کیا اس کو دارمی نے

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ قَالَ نُعِيَتْ إِلَيَّ نَفْسِي فَبَكَتْ قَالَ لَا تَبْكِي فَإِنَّكِ أَوَّلُ أَهْلِي لَاحِقٌ بِي فَضَحِكَتْ فَرَآهَا بَعْضُ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَ يَا فَاطِمَةُ

اور روایت ہے ابن عباس سے کہا جب کہ اتری سورہ اذا جاء نصر اللہ والفتح بلایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فاطمہ کو اپنے پاس فرمایا کہ پہنچائی گئی خبر موت کی میری پس روئیں فاطمہ زہرا فرمایا حضرت نے کہ نہ رو کیونکہ میرے لوگوں سے اول تو ہی ملے گی مجھ سے پس ہنسیں فاطمہ زہرا پس دیکھا فاطمہ زہرا کو بعض بیبیوں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پس کہا انھوں نے اے فاطمہ

رَأَيْنَاكِ بَكَيْتِ ثُمَّ ضَحِكْتِ قَالَتْ إِنَّهُ أَخْبَرَنِي أَنَّهُ قَدْ نُعِيَتْ إِلَيْهِ نَفْسُهُ فَبَكَيْتُ فَقَالَ لَا تَبْكِي فَإِنَّكِ أَوَّلُ أَهْلِي لَاحِقٌ بِي

دیکھا ہم نے تجھ کو کہ روئی تو پھر ہنسی کہا فاطمہ زہرا نے کہ حضرت نے خبر دی تھی مجھ کو تحقیق پہنچائی گئی ہے ان کو خبر موت کی پس روئی میں پھر فرمایا حضرت نے نہ رو کیونکہ میرے اہل بیت سے اول تو ہی مجھ سے

فَضَحِكْتُ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ وَجَاءَ أَهْلُ الْيَمَنِ هُمْ أَرَقُّ أَفْئِدَةً وَالْإِيمَانُ

پس ہنسی میں اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب پہنچی مدد اللہ کی اور فتح مکہ اور آئے یمن والے وہ لوگ بہت نرم دل ہیں اور ایمان

يَمَانٍ وَالْحِكْمَةُ يَمَانِيَةٌ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ وَارَأْسَاهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

یمنی ہے اور حکمت اہل یمنی ہے روایت کیا اس کو دارمی نے اور روایت ہے عائشہ سے کہ انہوں نے کہا ہائے سر میرا دکھتا ہے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

ذَاكِ لَوْ كَانَ وَأَنَا حَيٌّ فَأَسْتَغْفِرُ لَكِ وَأَدْعُو لَكِ فَقَالَتْ عَائِشَةُ وَاثُكْلِيَاهُ وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَظُنُّكَ تُحِبُّ مَوْتِي فَلَوْ كَانَ ذَلِكَ

موت اگر واقع ہو اس حال میں کہ میں زندہ ہوں پس بخشش مانگوں تیرے لئے اور دعا کروں واسطے تیرے پس کہا عائشہ نے سخت مصیبت ہے قسم خدا کی تحقیق میں گمان کرتی ہوں کہ تم دوست رکھتے ہو موت میری اگر ایسا ہو

لَظَلِلْتَ آخِرَ يَوْمِكَ مُعَرِّسًا بِبَعْضِ أَزْوَاجِكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بَلْ أَنَا وَارَأْسَاهُ لَقَدْ هَمَمْتُ

البتہ ہو گے تم آخر اسی دن میں صحبت کرنے والے ساتھ کسی اپنی بی بی کے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چھوڑ دو اس کو بلکہ میں ہائے سر میرا البتہ تحقیق قصد کیا میں نے

أَوْ أَرَدْتُ أَنْ أُرْسِلَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ وَابْنِهِ وَأَعْهَدَ أَنْ يَقُولَ الْقَائِلُونَ أَوْ يَتَمَنَّى الْمُتَمَنُّونَ ثُمَّ قُلْتُ يَأْبَى اللّٰهُ وَيَدْفَعُ الْمُؤْمِنُونَ

یا فرمایا ارادہ کیا میں نے کہ بھیجوں کسی کو طرف ابو بکر اور ان کے بیٹے کے اور وصیت کروں تاکہ نہ کہیں کہنے والے یا آرزو نہ کریں آرزو کرنے والے پھر کہا میں نے انکار کرے گا اللہ اور دفع کریں گے مومن

أَوْ يَدْفَعُ اللّٰهُ وَيَأْبَى الْمُؤْمِنُونَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهَا قَالَتْ رَجَعَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ

یا یوں فرمایا دفع کرے گا اللہ اور انکار کریں گے مومن بھی روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہ بولیں پھر طرف میری رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک

يَوْمٍ مِنْ جَنَازَةٍ مِنَ الْبَقِيعِ فَوَجَدَنِي وَأَنَا أَجِدُ صُدَاعًا وَأَنَا أَقُولُ وَارَأْسَاهُ قَالَ بَلْ أَنَا يَا عَائِشَةُ وَارَأْسَاهُ قَالَ وَمَا

روز ایک جنازہ کو دفن کر کر بقیع سے پس پایا حضرت نے مجھ کو اس حال میں کہ پاتی تھی درد سر کا اور میں کہہ رہی تھی ہائے سر دکھتا ہے فرمایا حضرت نے بلکہ میں کہتا ہوں اے عائشہ سر میرا دکھتا ہے فرمایا اور

ضَرَّكِ لَوْ مِتِّ قَبْلِي فَغَسَّلْتُكِ وَكَفَّنْتُكِ وَصَلَّيْتُ عَلَيْكِ وَدَفَنْتُكِ قُلْتُ لَكَأَنِّي بِكَ وَاللّٰهِ لَوْ فَعَلْتَ ذَلِكَ

ضرر کیا ہے تجھ کو اے عائشہ اگر مرے تو پہلے میرے پس غسل دوں میں تجھ کو اور کفن دوں میں تجھ کو اور نماز پڑھوں تجھ پر اور دفن کروں میں تجھ کو کہا میں نے البتہ گویا کہ میں دیکھتی ہوں تجھ کو قسم اللہ کی اگر کرو تم یہ

لَرَجَعْتَ إِلَى بَيْتِي فَعَرَّسْتَ فِيهِ بِبَعْضِ نِسَائِكَ فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ بُدِئَ فِي وَجَعِهِ الَّذِي

البتہ پھر کر تم طرف میرے گھر کے پس صحبت کرو گے بیچ اس کے ساتھ کسی اپنی بی بی کے پس مسکرائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پھر شروع کی گئی حضرت کی بیماری کہ جس

مات فيه رواه الدارمي وعن جعفر بن محمد عن ابيه ان رجلا من قريش دخل على ابيه علي بن الحسين فقال الا احدثك

بیماری میں وفات پائی روایت کیا اسکو دارمی نے اور روایت ہے امام جعفر صادق بن محمد سے سنے اپنے باپ سے کہ ایک شخص قریش میں سے داخل ہوا انکے باپ کے کہ علی بن حسین ہیں کہا علی بن حسین نے کیا نہ بیان کروں

عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال بلى حدثنا عن ابي القاسم قال لما مرض رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اتاه

رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے کہا کہ ہاں بیان کر آگے ہمارے ابی القاسم سے کہا علی بن حسین نے جبکہ بیمار ہوئے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم آئے انکے پاس

جبرئيل فقال يا محمد ان الله ارسلني اليك تكريما لك وتشريفا لك خاصة لك يسألك عما هو اعلم به منك يقول كيف

جبرئیل پس کہا اے محمد بلا شبہ اللہ نے بھیجا ہے مجھکو طرف آپکے تمہاری تکریم اور تعظیم کے لئے مخصوص آپ ہی کے لئے پوچھتا ہے اللہ جس چیز سے کہ وہ جانتا ہے تم سے زیادہ کہتا ہے کیونکر

تجدك قال اجدني يا جبرئيل مغموما واجدني يا جبرئيل مكروبا ثم جاءه اليوم الثاني فقال له ذلك فرد عليه النبي صلى

پاتے ہو تم اپنے کو فرمایا حضرت نے پاتا ہوں اپنے کو اے جبرئیل غمگین اور پاتا ہوں اپنے کو اے جبرئیل اندوہگین پھر آئے جبرئیل دوسرے دن پس کہا حضرت سے وہی پھر جواب دیا جبرئیل کو نبی صلے

الله عليه وآله وسلم كما رد اول يوم ثم جاءه اليوم الثالث فقال له كما قال اول يوم ورد عليه كما رد عليه وجاء معه ملك

اللہ علیہ والہ وسلم نے جیسا کہ جواب دیا تھا اول دن پھر آئے جبرئیل نزدیک حضرت کے تیسرے دن اور کہا حضرت سے جیسا کہ کہا تھا اول دن اور جواب دیا حضرت نے جبرئیل کو جیسا جواب دیا تھا اور جبرئیل کے ساتھ آیا ایک فرشتہ

يقال له اسماعيل على مائة الف ملك كل ملك على مائة الف ملك فاستاذن عليه فسأله عنه ثم قال جبرئيل هذا

کہ کہا جاتا تھا اسکو اسماعیل کہ حاکم ہے لاکھ فرشتوں پر ہر فرشتہ انمیں سے امیر ہے لاکھ لاکھ فرشتوں پر پھر پروانگی مانگی اسماعیل نے حضرت کے پاس پوچھا حضرت نے جبرئیل سے حال اسکا پھر کہا جبرئیل نے یہ

ملك الموت يستاذن عليك ما استاذن على آدمي قبلك ولا يستاذن على آدمي بعدك فقال ائذن له فاذن له فسلم

ملک الموت فرشتہ موت کا ہے پروانگی مانگتا ہے آپ سے کہ نہیں پروانگی مانگی کسی آدمی سے پہلے آپکے اور نہ پروانگی مانگیگا کسی آدمی سے بعد آپکے پس فرمایا حضرت نے حکم دو اسکو حکم دیا جبرئیل نے پس سلام کیا

عليه ثم قال يا محمد ان الله ارسلني اليك فان امرتني ان اقبض روحك قبضت وان امرتني ان اتركه تركته فقال وتفعل

حضرت کو پھر کہا اے محمد تحقیق اللہ تعالی نے بھیجا ہے مجھکو طرف آپکے پس اگر فرماؤ تم مجھکو کہ قبض کروں روح آپکی تو قبض کر دونگا اور اگر حکم کرو مجھکو کہ چھوڑ دوں روح کو تو چھوڑ دونگا اسکو پس فرمایا حضرت نے

يا ملك الموت قال نعم بذلك امرت وامرت ان اطيعك قال فنظر النبي صلى الله عليه وآله وسلم الى جبرئيل فقال جبرئيل

اے ملک الموت کہا اسنے ہاں اسی کا حکم دیا گیا ہوں میں اور حکم دیا گیا ہوں میں کہ اطاعت کروں آپکی کہا علی بن حسین نے پس دیکھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے طرف جبرئیل کے کہا جبرئیل نے

يا محمد ان الله قد اشتاق الى لقائك فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم لملك الموت امض لما امرت به فقبض روحه فلما توفي

اے محمد بیشک اللہ مشتاق ہے تمہارے ملنے کا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ملک الموت کو بجا لا وہ چیز کہ حکم کیا گیا ہے تو ساتھ اسکے پس قبض کی ملک الموت نے روح حضرت کی پس جب وفات پائی

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وجاءت التعزية سمعوا صوتا من ناحية البيت السلام عليكم اهل البيت ورحمة الله

رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے اور آیا تعزیت کرنے والا سنی لوگوں نے ایک آواز گھر کے کونے سے کہ کوئی کہتا ہے سلام تم پر اے گھر والو اور رحمت اللہ کی

وبركاته ان في الله عزاء من كل مصيبة وخلفا من كل هالك ودركا من كل فائت فبالله فاتقوا واياه فارجوا فانما المصاب

اور برکتیں اسکی تحقیق اللہ میں تسلی ہے ہر مصیبت سے اور بدلا ہے ہر ہلاک ہونے والے کا اور تدارک ہے ہر فوت ہونے والے کا پس اللہ سے ڈرو اور اسی سے امید رکھو پس مصیبت زدہ وہی ہے

من حرم الثواب فقال علي اتدرون من هذا هو الخضر عليه السلام رواه البيهقي في دلائل النبوة

جو محروم ہوا ثواب سے پس کہا علی بن حسین نے کیا جانتے ہو کون ہے یہ تعزیت کرنے والا وہی خضر علیہ السلام ہیں روایت کیا اسکو بیہقی نے دلائل النبوة میں

باب الفصل الاول

عن عائشة رض قالت ما ترك رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم دينارا ولا درهما ولا شاة

پہلی روایت ہے عائشہ رضی سے کہ نہیں چھوڑے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے بعد وفات کے دینار اور نہ درہم اور نہ بکرے

وَلَا بَعِيرًا وَلَا اَوْصٰى بِشَيْءٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اَخِيْ جُوَيْرِيَةَ قَالَ مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

اور نہ اونٹ اور نہ وصیت کی ساتھ کسی شے کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عمرو بن الحارث سے جو بھائی جویریہ کے تھے کہا کہ نہیں چھوڑا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ

وَسَلَّمَ عِنْدَ مَوْتِهٖ دِيْنَارًا وَلَا دِرْهَمًا وَلَا عَبْدًا وَلَا اَمَةً وَلَا شَيْئًا اِلَّا بَغْلَتَهُ الْبَيْضَاءَ وَسِلَاحَهٗ وَاَرْضًا جَعَلَهَا صَدَقَةً

وسلم نے وقت وفات اپنے دینار اور نہ درہم اور نہ غلام اور نہ لونڈی اور نہ کچھ مگر خچر اپنا کہ سفید تھا اور ہتھیار اپنے اور زمین کہ کر دیا تھا اسکو صدقہ

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَقْتَسِمُ وَرَثَتِيْ دِيْنَارًا مَا تَرَكْتُ بَعْدَ نَفَقَةِ

روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا نہیں بانٹتے وارث میرے دینار جو کچھ کہ چھوڑ جاؤں میں بعد خرچ

نِسَائِيْ وَمُؤْنَةِ عَامِلِيْ فَهُوَ صَدَقَةٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَاهُ

بی بیوں کے اور محنت عامل کے وہ صدقہ ہے متفق علیہ ہے اور روایت ہے ابی بکر سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے ہم انبیاء کا کوئی وارث نہیں ہوتا جو کچھ چھوڑ جائیں

صَدَقَةٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اِذَا اَرَادَ رَحْمَةَ اُمَّةٍ مِنْ عِبَادِهٖ قَبَضَ

صدقہ ہے متفق علیہ ہے اور روایت ہے ابی موسیٰ اشعری سے نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا کہ تحقیق اللہ تعالیٰ جب چاہتا ہے مہربانی کرنی ایک امت کی اپنے بندوں میں سے تو وفات دیتا ہے [illegible]

نَبِيَّهَا قَبْلَهَا فَجَعَلَهٗ لَهَا فَرَطًا وَسَلَفًا بَيْنَ يَدَيْهَا وَاِذَا اَرَادَ هَلَكَةَ اُمَّةٍ عَذَّبَهَا وَنَبِيُّهَا حَيٌّ فَاَهْلَكَهَا وَهُوَ يَنْظُرُ فَاَقَرَّ

اس کے نبی کو پہلے امت کے [illegible]

عَيْنَهٗ بِهَلَكِهَا حِيْنَ كَذَّبُوْهُ وَعَصَوْا اَمْرَهٗ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

آنکھیں اسکی [illegible] روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ

وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَيَاْتِيَنَّ عَلٰى اَحَدِكُمْ يَوْمٌ وَلَا يَرَانِيْ ثُمَّ لَاَنْ يَرَانِيْ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ اَهْلِهٖ وَمَالِهٖ مَعَهُمْ

وسلم نے قسم ہے اس ذات کی کہ جان محمد کی [illegible]

رَوَاهُ مُسْلِمٌ بَابُ مَنَاقِبِ قُرَيْشٍ وَذِكْرِ الْقَبَائِلِ اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

روایت کیا اسکو مسلم نے باب مناقب قریش اور ذکر قبیلوں کے فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ والہ

وَسَلَّمَ قَالَ النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ فِيْ هٰذَا الشَّاْنِ مُسْلِمُهُمْ تَبَعٌ لِمُسْلِمِهِمْ وَكَافِرُهُمْ تَبَعٌ لِكَافِرِهِمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ

وسلم نے فرمایا کہ لوگ تابع ہیں قریش کے اس کار میں مسلمان لوگوں کے تابع ہیں قریش کے مسلمانوں کے اور کافر لوگوں کے تابع ہیں قریش کے کافروں کے متفق علیہ ہے اور روایت ہے جابر سے کہ نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَزَالُ

صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ لوگ تابع ہیں قریش کے بیچ نیکی اور برائی کے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا ہمیشہ رہے گا

هٰذَا الْاَمْرُ فِيْ قُرَيْشٍ مَا بَقِيَ مِنْهُمُ اثْنَانِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

امر خلافت قریش ہی میں جب تک باقی ہے انہیں سے دو آدمی متفق علیہ ہے اور روایت ہے معاویہ سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے

اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ فِيْ قُرَيْشٍ لَا يُعَادِيْهِمْ اَحَدٌ اِلَّا كَبَّهُ اللّٰهُ عَلٰى وَجْهِهٖ مَا اَقَامُوا الدِّيْنَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

تحقیق یہ امر قریش ہی میں ہے نہیں دشمنی کریگا ان سے کوئی مگر اوندھا ڈالیگا اسکو اللہ منہ کے بل جب تک قائم رکھینگے قریش دین کو روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے

قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَزَالُ الْاِسْلَامُ عَزِيْزًا اِلَى اثْنَيْ عَشَرَ خَلِيْفَةً كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے ہمیشہ رہیگا اسلام قوی بارہ خلیفوں تک وے سب ہونگے قریش سے

وفي رواية لا يزال أمر الناس ماضيا ما وليهم اثنا عشر رجلا كلهم من قريش وفي رواية لا يزال الدين قائما حتى تقوم

اور ایک روایت میں یوں ہے کہ ہمیشہ رہیگا کام لوگوں کا گذرنے والا جب تک والی ہونگے ان کے بارہ شخص کہ وے سب قریش میں سے ہونگے اور ایک روایت میں یوں ہے کہ ہمیشہ رہیگا دین قائم یہانتک کہ قائم ہو

الساعة أو يكون عليهم اثنا عشر خليفة كلهم من قريش متفق عليه وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله

قیامت اور ہو لوگوں پر حاکم بارہ خلیفہ سب قریش میں سے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وآله وسلم غفار غفر الله لها وأسلم سالمها الله وعصية عصت الله ورسوله متفق عليه وعن أبي هريرة

علیہ والہ وسلم نے قبیلہ غفار کا بخشے اللہ تعالی انکو اور قبیلہ اسلم کا صلح کرے ان سے اللہ تعالی اور قبیلہ عصیہ کا معصیت کی خدا کی اور اسکے رسول کی ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قريش والأنصار وجهينة ومزينة وأسلم وغفار وأشجع موالي ليس لهم

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے قریش اور انصار اور جہینہ اور مزینہ اور اسلم اور غفار اور اشجع دوست میرے ہیں نہیں ہے انکے لئے

مولى دون الله ورسوله متفق عليه وعن أبي بكرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أسلم وغفار ومزينة

دوست سوا خدا اور اسکے رسول کے ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی بکرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے قبیلہ اسلم اور غفار اور مزینہ

وجهينة خير من بني تميم ومن بني عامر والحليفين من بني أسد وغطفان متفق عليه وعن أبي هريرة قال ما زلت

اور جہینہ بہتر ہیں بنی تمیم اور بنی عامر سے اور بہتر ہیں دونوں کھاے ہوؤں سے جو بنی اسد اور غطفان ہیں ۔ ق ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ ہمیشہ

أحب بني تميم منذ ثلاث سمعت من رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول فيهم سمعته يقول هم أشد أمتي

دوست رکھتا ہوں میں بنی تمیم کو اس وقت سے کہ تین بات سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے فرماتے ان کے حق میں سنا میں نے حضرت کو فرماتے کہ بنی تمیم سخت ترین میری امت کے ہیں

على الدجال قال وجاءت صدقاتهم فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم هذه صدقات قومنا وكانت سبية

دجال پر کہا ابوہریرہ نے اور آئے صدقے انکے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے یہہ صدقے ہمارے قوم کے ہیں اور تھی ایک لونڈی

منهم عند عائشة فقال أعتقيها فإنها من ولد إسمعيل متفق عليه

انہیں سے نزدیک عائشہ کے پس فرمایا حضرت نے کہ آزاد کردے اسکو اسلئے کہ یہہ اسماعیل کی اولاد سے ہے ۔ ق ۔

الفصل الثاني

عن سعد عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال من يرد هوان قريش أهانه الله رواه الترمذي وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله

فصل دوسری روایت ہے سعد سے نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے فرمایا جو شخص کہ چاہے خواری قریش کی ذلیل و خوار کرے اسکو خدا ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وآله وسلم اللهم أذقت أول قريش نكالا فأذق آخرهم نوالا رواه الترمذي وعن أبي عامر الأشعري قال قال

علیہ والہ وسلم نے الہی چکھایا تو نے اول قریش کو عذاب پس چکھا آخر قریش کو انعام و عطا ۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی عامر اشعری سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم نعم الحي الأسد والأشعرون لا يفرون في القتال ولا يغلون هم مني وأنا منهم رواه

رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے اچھا قبیلہ ہے اسد اور اشعری نہیں بھاگتے ہیں وقت لڑنے کے اور نہ خیانت کرتے ہیں غنیمت میں اور وے مجھ سے ہیں اور میں انسے ہوں روایت کیا اسکو

الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الأزد أزد الله في الأرض

ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے ازد کا قبیلہ اللہ کے ازد ہیں زمین میں اور

يريد الناس أن يضعوهم ويأبى الله إلا أن يرفعهم وليأتين على الناس زمان يقول الرجل يا ليت أبي كان أزديا ويا ليت

چاہتے ہیں لوگ کہ حقیر و ذلیل کریں انکو اور نہیں چاہتا اللہ مگر یہہ کہ بلند کرے ان کو اور البتہ آویگا لوگوں پر ایک زمانہ کہیگا آدمی اے کاش کہ ہوتا باپ میرا قبیلہ ازد سے اور اے کاش

أبي كانت زدية رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب **وعن** عمران بن حصين قال مات النبي صلى الله عليه وآله وسلم وهو

ان میں ہو تیں قبیلہ ازد سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے عمران بن حصین سے کہا کہ وفات پائی نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جس حال میں

يكره ثلاثة أحياء ثقيف وبني حنيفة وبني أمية رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب **وعن** ابن عمر قال قال رسول الله

کہ ناخوش تھے تین قبیلوں کو ثقیف اور بنی حنیفہ اور بنی امیہ کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم في ثقيف كذاب ومبير قال عبد الله بن عصمة يقال الكذاب هو المختار ابن أبي عبيد والمبير

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبیلہ ثقیف میں ہوگا ایک بڑا جھوٹا اور مہلک کہا عبداللہ بن عصمہ تابعی نے کہا جاتا ہے کہ بہت جھوٹا وہی مختار ابن ابی عبید ہے اور ہلاک کرنے والا

هو الحجاج بن يوسف وقال هشام بن حسان أحصوا ما قتل الحجاج صبرا فبلغ مائة ألف وعشرين ألفا رواه الترمذي

وہ حجاج بن یوسف ہے اور کہا ہشام بن حسان نے کہ شمار کیا لوگوں نے اسقدر کہ قتل کیا حجاج نے قید کرکے پس پہنچا عدد انکا ایک لاکھ بیس ہزار کو روایت کیا اسکو ترمذی نے

وروى مسلم في الصحيح حين قتل الحجاج عبد الله بن الزبير قالت أسماء إن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم حدثنا

اور روایت کی مسلم نے اپنی صحیح میں جس وقت کہ قتل کیا حجاج نے عبداللہ بن زبیر کو کہا اسماء نے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم حدیث کی ہمکو

أن في ثقيف كذابا ومبيرا فأما الكذاب فرأيناه وأما المبير فلا إخالك إلا إياه وسيجيء تمام الحديث في الفصل

کہ ثقیف میں ایک بڑا جھوٹا ہوگا اور ایک بڑا ہلاک کرنے والا لیکن بڑا جھوٹا سو دیکھا ہمنے اسکو اور لیکن مفسد ہلاک کرنے والا پس نہیں گمان کرتی میں مگر اسی کو اور قریب آویگی تمام حدیث بیچ فصل

الثالث **وعن** جابر قال قالوا يا رسول الله أحرقتنا نبال ثقيف فادع الله عليهم قال اللهم اهد ثقيفا رواه الترمذي

تیسری کے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ عرض کیا بعض صحابہ نے یا رسول اللہ جلا دیا ہمکو تیروں نے ثقیف کے پس بد دعا کیجیے اللہ تعالیٰ کی جناب میں ثقیف پر کہا حضرت نے الٰہی ہدایت کر ثقیف کو روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن عبد الرزاق عن أبيه عن ميناء عن أبي هريرة قال كنا عند النبي صلى الله عليه وآله وسلم فجاءه رجل أحسبه من

اور روایت ہے عبدالرزاق سے اسنے اپنے باپ سے اسنے میناء سے اسنے ابی ہریرہ سے کہا ابو ہریرہ نے تھے ہم نزدیک نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس آیا حضرت کے پاس ایک شخص گمان کرتا ہوں میں اسکو

قيس فقال يا رسول الله العن حميرا فأعرض عنه ثم جاءه من الشق الآخر فأعرض عنه ثم جاءه من الشق الآخر فأعرض عنه

قبیلہ قیس سے پس کہا اسنے یا رسول اللہ لعنت کرو قبیلہ حمیر پر پس منہ پھیر لیا اس حضرت نے اس سے پھر آیا وہ شخص دوسری طرف سے پھر منہ پھیر لیا حضرت نے اس سے پھر آیا وہ شخص دوسری جانب سے پھر منہ پھیر لیا حضرت نے

فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم رحم الله حميرا أفواههم سلام وأيديهم طعام وهم أهل أمن وإيمان رواه الترمذي و

پھر فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رحمت کرے اللہ حمیر پر منہ انکے سلام ہیں اور ہاتھ انکے طعام ہیں اور وہ ہیں امن اور ایمان والے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور

قال هذا حديث غريب لا نعرفه إلا من حديث عبد الرزاق ويروى عن ميناء هذا أحاديث مناكير **وعن** عمران قال قال لي النبي

کہا یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث سے عبدالرزاق کے اور روایت کی جاتی ہیں اس میناء سے حدیثیں منکر اور روایت ہے عمران سے کہا کہ فرمایا مجھکو نبی

صلى الله عليه وآله وسلم ممن أنت قلت من دوس قال ما كنت أرى أن في دوس أحدا فيه خير رواه الترمذي **وعن**

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس قبیلے کا ہے کہا میں نے دوس سے ہوں فرمایا نہ تھا میں گمان کرتا کہ قبیلہ دوس میں کوئی شخص کہ اسمیں ہو بھلائی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

سلمان قال لي رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تبغضني فتفارق دينك قلت يا رسول الله كيف أبغضك وبك

سلمان سے کہا فرمایا مجھکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ دشمن نہ رکھ تو مجھکو پس جدا ہو جاویگا تو اپنے دین سے عرض کیا میں نے یا رسول اللہ کیونکر دشمن رکھوں تمکو حالانکہ آپ کے واسطے سے

هدانا الله قال تبغض العرب فتبغضني رواه الترمذي وهذا حديث حسن غريب **وعن** عثمان بن عفان قال قال

راہ دکھائی ہمکو اللہ نے فرمایا دشمن رکھے تو عرب کو پس دشمن رکھیگا مجھکو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے عثمان بن عفان سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من غش العرب لم يدخل في شفاعتي ولم تنله مودتي رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب

رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے جو کوئی خیانت کرے عرب سے نہ داخل ہوگا میری شفاعت میں اور نہ پہنچیگی اسکو دوستی میری روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے

لا نعرفه إلا من حديث حصين بن عمر وليس هو عند أهل الحديث بذاك القوي وعن أم الحرير مولاة طلحة بن

نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث سے حصین بن عمر کے اور نہیں وہ نزدیک اہل حدیث کے اس قوی اور روایت ہے ام الحریر سے کہ لونڈی آزاد طلحہ بن

مالك قالت سمعت مولاي يقول قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من اقتراب الساعة هلاك العرب رواه

مالک صحابی کی ہیں کہا سنی میں نے اپنے مولا سے کہ طلحہ ہیں کہتے تھے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرب قیامت کی علامتوں سے ہلاک ہونا عرب کا ہے روایت کیا اسکو

الترمذي وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الملك في قريش والقضاء في الأنصار والأذان في

ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ بادشاہی قریش میں ہے اور قضا انصار میں اور اذان قوم

الحبشة والأمانة في الأزد يعني اليمن وفي رواية موقوفا رواه الترمذي وقال هذا أصح

حبش میں اور امانت ازد میں یعنے یمن میں اور ایک روایت میں یہ حدیث موقوف ہے ابوہریرہ پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ صحیح تر ہے

الفصل الثالث

فصل تیسری روایت ہے

عن عبد الله بن مطيع عن أبيه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول يوم فتح مكة لا يقتل قرشي صبرا بعد

عبداللہ بن مطیع سے اس نے اپنے باپ سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے فرماتے دن فتح مکہ کے نہ قتل کیا جاویگا کوئی قرشی قید کرکر بعد

هذا اليوم إلى يوم القيامة رواه مسلم وعن أبي نوفل معاوية بن مسلم قال رأيت عبد الله بن الزبير على عقبة المدينة

اس دن کے قیامت تک روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی نوفل معاویہ بن مسلم تابعی سے کہا دیکھا میں نے عبداللہ بن زبیر کو اوپر گھاٹی مدینہ کی کہا

قال فجعلت قريش تمر عليه والناس حتى مر عليه عبد الله بن عمر فوقف عليه فقال السلام عليك أبا خبيب السلام

کہا ابو نوفل نے پس شروع کیا قریش نے کہ گذرتے تھے ابن زبیر پر اور لوگ بھی گذرتے تھے ان پر یہاں تک کہ گذرے ان پر عبداللہ بن عمر پس ٹھہرے ابن عمر ابن زبیر کے پاس پس کہا سلام تجھ پر ای اباخبیب سلام

عليك أبا خبيب السلام عليك أبا خبيب أما والله لقد كنت أنهاك عن هذا أما والله لقد كنت أنهاك عن

تجھ پر ای اباخبیب سلام تجھ پر ای اباخبیب آگاہ ہو قسم ہے خدا کی البتہ تحقیق تھا میں منع کرتا تجھکو اس کام سے خبردار ہو قسم اللہ کی البتہ تحقیق تھا میں منع کرتا تجھکو

هذا أما والله إن كنت ما علمت صواما قواما وصولا للرحم أما والله لأمة أنت شرها لأمة سوء وفي رواية

اس کام سے قسم خدا کی تحقیق تھا تو کہ جانتا تھا میں تجھکو بہت روزے رکھنے والا اور بہت قیام کرنے والا اور احسان کرنے والا ناتے والوں سے آگاہ ہو قسم ہے خدا کی البتہ وہ گروہ کہ تو برا ہے اس گروہ کا البتہ وہ بری ہے اور ایک روایت

لأمة خير ثم نفذ عبد الله بن عمر فبلغ الحجاج موقف عبد الله وقوله فأرسل إليه فأنزل عن جذعه فألقي في قبور

بجائے لامة سوء کے لأمة خير آیا ہے پھر چلے گئے عبداللہ بن عمر وہاں سے پھر پہنچی حجاج کو خبر عبداللہ بن عمر کے ٹھہرنے کی اور کلام کرنے کی پس بھیجا حجاج نے کسی کو طرف ابن زبیر کے پس اتارا گیا لکڑی سے اور ڈالا گیا بیچ قبروں

اليهود ثم أرسل إلى أمه أسماء بنت أبي بكر فأبت أن تأتيه فأعاد عليها الرسول لتأتيني أو لأبعثن إليك من يسحبك

یہود کے پھر بھیجا حجاج نے کسیکو طرف ابن زبیر کی ماں کے جو اسماء بنت ابی بکر تھیں پس انکار کیا اسماء نے کہ آویں پاس اسکے پھر بھیجا حجاج نے ایلچی کو کہ البتہ آنا ہوگا یا البتہ بھیجونگا میں تیرے پاس اس شخص کو جو کھینچے

بقرونك قال فأبت وقالت والله لا آتيك حتى تبعث إلي من يسحبني بقروني قال فقال أروني سبتي فأخذ نعليه

تیری چوٹیاں پکڑ کر کہا راوی نے پس انکار کیا اسماء نے اور کہا کہ قسم اللہ کی نہیں آونگی میں تیرے پاس یہاں تک کہ بھیجے تو میرے پاس اس شخص کو کہ کھینچ کر لیجاوے مجھکو پکڑ کر میری چوٹیاں کہا راوی نے پس کہا حجاج نے دکھلاؤ مجھکو جوتیاں پھر لیا جوتیاں اپنی

ثم انطلق يتوذف حتى دخل عليها فقال كيف رأيتني صنعت بعدو الله قالت رأيتك أفسدت عليه دنياه وأفسد

پھر چلا جلد جلد اکڑتا ہوا یہاں تک کہ داخل ہوا اسماء پر پس کہا کیسا دیکھا تو نے مجھکو کہ میں نے اس شخص دشمن خدا کے ساتھ کیا سلوک کیا کہا دیکھا میں نے تجھکو کہ بگاڑا تو نے اسپر دنیا اسکی اور تباہ کی اسنے

عَلَيْكَ آخِرَتَكَ بَلَغَنِي أَنَّكَ تَقُولُ لَهُ يَا ابْنَ ذَاتِ النِّطَاقَيْنِ أَنَا وَاللَّهِ ذَاتُ النِّطَاقَيْنِ أَمَّا أَحَدُهُمَا فَكُنْتُ أَرْفَعُ بِهِ طَعَامَ رَسُولِ اللَّهِ

انجام آخرت تیری یا پہنچی ہے مجھکو یہ بات کہ تو کہتا تھا ابن زبیر کو اے بیٹے دو کمربند والی کے قسم ہے اللہ کی میں ہوں دو کمربند والی لیکن ایک کمربند پس تھی میں اس سے طعام رسول خدا

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَطَعَامَ أَبِي بَكْرٍ مِنَ الدَّوَابِّ وَأَمَّا الْآخَرُ فَنِطَاقُ الْمَرْأَةِ الَّتِي لَا تَسْتَغْنِي عَنْهُ أَمَا إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى

صلے اللہ علیہ والہ وسلم کا اور طعام ابی بکر کا واسطے محافظت کے جانوروں سے اور لیکن دوسرا پس کمربند عورتوں کا ہے نہیں بے پرواہ ہوتی عورت اس سے خبردار ہو تحقیق رسول خدا صلے

اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا أَنَّ فِي ثَقِيفٍ كَذَّابًا وَمُبِيرًا فَأَمَّا الْكَذَّابُ فَرَأَيْنَاهُ وَأَمَّا الْمُبِيرُ فَلَا إِخَالُكَ إِلَّا إِيَّاهُ قَالَ فَقَامَ

اللہ علیہ والہ وسلم نے حدیث کہی ہمکو کہ تحقیق ثقیف میں ہوگا ایک بڑا جھوٹا اور ایک ہلاک کرنے والا پس بڑا جھوٹا سو دیکھا ہم نے اسکو اور لیکن ہلاک کرنے والا پس نہیں گمان کرتی میں تجھکو مگر وہی کہا پس اٹھ کھڑا ہوا

عَنْهَا فَلَمْ يُرَاجِعْهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ **وَعَنْ** نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَتَاهُ رَجُلَانِ فِي فِتْنَةِ ابْنِ الزُّبَيْرِ فَقَالَا إِنَّ النَّاسَ صَنَعُوا مَا تَرَى وَأَنْتَ

اسماء کے پاس سے اور جواب دیا اسکو روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے نافع سے کہ ابن عمر کے پاس آئے دو شخص فتنہ میں ابن زبیر کے پس کہا انہوں نے کہ تحقیق لوگوں نے کیا جو تم دیکھتے ہو اور تم

ابْنُ عُمَرَ وَصَاحِبُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَمَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَخْرُجَ فَقَالَ يَمْنَعُنِي أَنَّ اللَّهَ حَرَّمَ عَلَيَّ دَمَ أَخِي الْمُسْلِمِ

بیٹے عمر کے ہو اور یار رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے ہو پس کس چیز نے باز رکھا ہے تمکو نکلنے سے پس کہا ابن عمر نے کہ باز رکھتا ہے مجھکو یہ امر کہ اللہ نے حرام کیا

فَقَالَا أَلَمْ يَقُلِ اللَّهُ تَعَالَى وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّى لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ قَدْ قَاتَلْنَا حَتَّى لَمْ تَكُنْ فِتْنَةٌ وَكَانَ الدِّينُ لِلَّهِ وَأَنْتُمْ

کہا ان دونوں نے کہ کیا نہیں فرمایا ہے اللہ تعالی نے اور لڑو تم لوگوں سے یہانتک کہ نہ پایا جاوے فتنہ پس کہا ابن عمر نے کہ تحقیق لڑے ہم یہانتک کہ نہ تھا فتنہ اور ہو گیا دین خالص اللہ کے لئے اور تم

تُرِيدُونَ أَنْ تُقَاتِلُوا حَتَّى تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ لِغَيْرِ اللَّهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ **وَعَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ الطُّفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو الدَّوْسِيُّ

چاہتے ہو کہ لڑو تم یہانتک کہ واقع ہو فتنہ اور ہو جاوے دین واسطے غیر اللہ کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ آیا طفیل بن عمرو دوسی نے

إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ دَوْسًا فَقَدْ هَلَكَتْ عَصَتْ وَأَبَتْ فَادْعُ اللَّهَ عَلَيْهِمْ فَظَنَّ النَّاسُ أَنَّهُ يَدْعُو

طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے اور کہا کہ تحقیق قبیلہ دوس کا ہلاک ہوا اسلئے کہ نافرمانی کی اور باز رہے پس بد دعا کیجئے اللہ تعالی سے اوپر ان کے پس گمان کیا لوگوں نے کہ بد دعا کرینگے

عَلَيْهِمْ فَقَالَ اللَّهُمَّ اهْدِ دَوْسًا وَائْتِ بِهِمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ **وَعَنْ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

ان پر پس فرمایا حضرت نے خداوندا راہ راست دکھا دوس کو اور لا انکو طرف میرے متفق علیہ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے

أَحِبُّوا الْعَرَبَ لِثَلَاثٍ لِأَنِّي عَرَبِيٌّ وَالْقُرْآنُ عَرَبِيٌّ وَكَلَامُ أَهْلِ الْجَنَّةِ عَرَبِيٌّ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ

دوست رکھو عرب کو تین سبب کے واسطے اسکے کہ میں عرب ہوں اور قرآن عربی ہے اور کلام بہشتیوں کا عربی ہے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں

بَابُ مَنَاقِبِ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ أَجْمَعِينَ

باب بیان میں مناقب صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کے

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

فصل پہلی

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوا أَصْحَابِي فَلَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ أَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيفَهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ **وَعَنْ** أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ رَفَعَ

روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کہ نہ برا کہو تم میرے صحابہ کو پس اگر کوئی تم میں خرچ کرے راہ خدا مانند کوہ احد کے سونا نہ پہنچے ثواب کو ایک مد کے اور نہ آدھے مد کے متفق علیہ اور روایت ہے ابی بردہ سے اسنے اپنے باپ سے کہا اٹھایا

النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ وَكَانَ كَثِيرًا مَا يَرْفَعُ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ فَقَالَ النُّجُومُ أَمَنَةٌ لِلسَّمَاءِ فَإِذَا

نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے سر مبارک اپنا طرف آسمان کے اور تھے حضرت بہت اٹھاتے سر اپنا طرف آسمان کے پس فرمایا حضرت نے کہ ستارے سبب امن کے ہیں آسمان کے پس جب

ذَهَبَتِ النُّجُومُ أَتَى السَّمَاءَ مَا تُوعَدُ وَأَنَا أَمَنَةٌ لِأَصْحَابِي فَإِذَا ذَهَبْتُ أَتَى أَصْحَابِي مَا يُوعَدُونَ وَأَصْحَابِي أَمَنَةٌ لِأُمَّتِي فَإِذَا

جاتے رہینگے ستارے تو آویگی آسمان کو وہ چیز کہ وعدہ کیا گیا ہے اور میں سبب امن کا ہوں اپنے اصحاب کے پس جب جاؤں میں آویگی اصحاب کو وہ چیز کہ وعدہ کیا گیا اور اصحاب میرے سبب امن ہیں میری امت کے لئے پس جب

ذهب أصحابي أتى أمتي ما يوعدون رواه مسلم ۞ وعن أبي سعيد الخدري قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

جاتے رہینگے اصحاب میرے آویگی میری امت پر وہ چیز کہ وعدہ دیجاتی ہے اس سے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے

يأتي على الناس زمان فيغزو فئام من الناس فيقولون هل فيكم من صاحب رسول الله عليه السلام فيقولون نعم فيفتح لهم ثم يأتي

آویگا لوگوں پر ایک زمانہ پس جہاد کریگی ایک جماعت لوگوں میں سے پس کہینگے مجاہد لوگ آیا ہے درمیان تمہارے وہ شخص کہ صحبت رکھی ہو ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پس کہینگے ہاں پس فتح کیجاویگی واسطے انکے پھر آویگا

على الناس زمان فيغزو فئام من الناس فيقال هل فيكم من صاحب أصحاب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فيقولون نعم فيفتح لهم

لوگوں پر ایک زمانہ پس جہاد کریگی ایک جماعت لوگوں میں سے پھر کہا جاویگا آیا ہے درمیان تمہارے وہ شخص جو صحبت رکھی ہو ساتھ اصحاب رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پس کہینگے ہاں پس فتح کیجاویگی

ثم يأتي على الناس زمان فيغزو فئام من الناس فيقال هل فيكم من صاحب من صاحب أصحاب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فيقولون نعم فيفتح

وہ ملک پھر آویگا لوگوں پر ایک زمانہ پس جہاد کریگی ایک جماعت لوگوں میں سے پھر کہا جاویگا آیا ہے درمیان تمہارے وہ شخص کہ صحبت رکھی ہو ساتھ اسکے کہ صحبت رکھی ہو ساتھ اصحاب رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پس کہینگے ہاں پس فتح کی جاویگی

لهم متفق عليه وفي رواية لمسلم قال يأتي على الناس زمان يبعث منهم البعث فيقولون انظروا هل تجدون فيكم أحدا من

واسطے انکے ق۔ اور مسلم کی ایک روایت میں یوں ہے فرمایا حضرت نے آویگا لوگوں پر ایک زمانہ کہ بھیجا جاویگا ان لوگوں میں سے لشکر پس کہینگے دیکھو آیا پاتے ہو تم اپنے میں کسیکو

أصحاب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فيوجد الرجل فيفتح لهم ثم يبعث البعث الثاني فيقولون هل فيهم من رأى

اصحاب رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے تو پایا جاویگا ایک شخص پس فتح کی جاویگی انکے لئے پھر بھیجا جاویگا دوسرا لشکر پس کہینگے کہ آیا ہے ہمارے بیچ وہ شخص کہ دیکھا ہو

أصحاب النبي صلى الله عليه وآله وسلم فيفتح لهم ثم يبعث البعث الثالث فيقال انظروا هل ترون فيهم من رأى من رأى أصحاب

اصحاب کو نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پھر فتح کی جاویگی واسطے ان کے پھر بھیجا جاویگا تیسرا لشکر اور کہا جاویگا دیکھو آیا پاتے ہو ان میں اس شخص کو کہ دیکھا ہو اسنے اسکو جو دیکھا اصحاب کو

النبي صلى الله عليه وآله وسلم ثم يكون البعث الرابع فيقال انظروا هل ترون فيهم أحدا رأى من رأى أحدا رأى أصحاب النبي

نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پھر ہوگا بھیجنا لشکر کا چوتھی بار پس کہا جاویگا دیکھو آیا دیکھتے ہو تم ان میں کسیکو جو دیکھا ہو اسی شخص کو کہ دیکھا ہو اسکو کہ دیکھا ہو اصحاب کو نبی

صلى الله عليه وآله وسلم فيوجد الرجل فيفتح له ۞ وعن عمران بن حصين قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم خير أمتي قرني

صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پھر پایا جاویگا ایک شخص تو فتح کی جاویگی بسبب اسکے اور روایت ہے عمران بن حصین سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بہتر میری امت کا میرا قرن ہے

ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم ثم إن بعدهم قوما يشهدون ولا يستشهدون ويخونون ولا يؤتمنون وينذرون ولا يفون ويظهر

پھر بہتر وہ لوگ کہ متصل انکے ہیں پھر وہ لوگ جو متصل انکے ہیں پھر تحقیق بعد انکے ہوگی ایک قوم کہ گواہی دینگے اور انسے گواہی طلب نہ کیجاویگی اور خیانت کرینگے اور امین نہ ٹھہرائے جاوینگے اور نذر مانینگے اور وفا نہ کرینگے

فيهم السمن وفي رواية ويحلفون ولا يستحلفون متفق عليه وفي رواية لمسلم عن أبي هريرة ثم يخلف قوم يحبون السمانة

اور ظاہر ہوگا ان میں موٹاپا اور ایک روایت میں ہے اور قسم کھاوینگے اور قسم طلب نہ کیجاویگی ق۔ اور ایک روایت میں مسلم کی ابی ہریرہ سے ہے پھر پیچھے ہوگی ایک قوم کہ دوست رکھینگے فربہی کو

الفصل الثاني

عن عمر رض قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أكرموا أصحابي فإنهم خياركم ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم

فصل دوسری روایت ہے عمر رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے تعظیم کرو میرے یاروں کی کیونکہ وے بہترین ہیں تمہارے پھر وہ لوگ جو متصل ہیں انکے پھر وہ جو متصل ہیں انکے

ثم يظهر الكذب حتى إن الرجل ليحلف ولا يستحلف ويشهد ولا يستشهد ألا من سره بحبوحة الجنة فليلزم الجماعة

پھر ظاہر ہوگا جھوٹ یہاں تک کہ ایک شخص ہوگا کہ قسم کھاویگا اور قسم دیا جاوے نہیں اور گواہی دیگا اور گواہی طلب نہیں کیا جاوے آگاہ رہو جو شخص کہ خوش لگے اسکو بیچ بہشت کے رہنا پس چاہئے کہ لازم پکڑے جماعت کو

فإن الشيطان مع الفذ وهو من الاثنين أبعد ولا يخلون رجل بامرأة فإن الشيطان ثالثهم ومن سرته حسنته وساءته

اسواسطے کہ تحقیق شیطان ساتھ اکیلے کے ہے اور شیطان دو شخصوں سے بہت دور رہتا ہے اور ہرگز تنہا نہ ہو ساتھ عورت اجنبیہ کے کیونکہ شیطان تیسرا انکا ہوتا ہے اور جس کو خوش لگی اسکی نیکی اور برا لگے

فهو مؤمن رواه النسائي بإسناده صحيح ورجاله رجال الصحيح الا ابراهيم بن الحسن الخثعمي فانه لم يخرج عنه الشيخان وهو ثقة

بس وہ مومن ہی ہے روایت کیا اسکو نسائی نے اور اسناد اسکے صحیح ہیں اور راوی اسکے صحیح راوی ہیں سوا ابراہیم بن حسن خثعمی کے کیونکہ ابراہیم سے شیخین نے روایت نہیں کی اور وہ ثقہ ہیں

ثبت ذكره الجزري وعن جابر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تمس النار مسلما رآني او رأى من رآني رواه الترمذي وعن

بیان کیا احوال اسکا جزری نے اور روایت ہے جابر سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا نہ لگیگی آگ اس مسلمان کو جس نے مجھکو دیکھا یا دیکھا اسکو جس نے مجھکو دیکھا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت

عبد الله بن مغفل قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الله الله في اصحابي الله الله في اصحابي لا تتخذوهم

عبد اللہ بن مغفل سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ڈرو اللہ سے ڈرو اللہ سے حق میں میرے اصحاب کے ڈرو اللہ سے حق میں میرے اصحاب کے نہ ٹھہراؤ انکو

غرضا من بعدي فمن احبهم فبحبي احبهم ومن ابغضهم فببغضي ابغضهم ومن آذاهم فقد آذاني ومن آذاني فقد آذى الله

نشانہ بعد میرے پس جو شخص کہ دوست رکھتا ہے انکو پس میری دوستی کے سبب دوست رکھتا ہے انکو اور جو شخص کہ دشمن رکھتا ہے انکو پس میری دشمنی کے سبب دشمن رکھتا ہے انکو اور جو شخص کہ ایذا دے انکو پس تحقیق ایذا دی اسنے مجھکو اور جسنے ایذا دی مجھکو تحقیق ایذا دی اسنے اللہ کو

ومن آذى الله فيوشك ان يأخذه رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور جو شخص کہ ایذا دے خدا کو قریب ہے کہ پکڑیگا خدا اسکو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

مثل اصحابي في امتي كالملح في الطعام لا يصلح الطعام الا بالملح قال الحسن فقد ذهب ملحنا فكيف نصلح رواه في شرح السنة

مثل میرے اصحاب کی بیچ میری امت کے ایسی ہے جیسے نمک بیچ کھانے کے نہیں درست ہوتا کھانا مگر ساتھ نمک کے کہا حسن بصری نے پس تحقیق جاتا رہا نمک ہمارا پس کیونکر درست ہونگے ہم روایت کیا اسکو شرح سنہ میں

وعن عبد الله بن بريدة عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من احد من اصحابي يموت بارض الا بعث

اور روایت ہے عبد اللہ بن بریدہ سے اسنے اپنے باپ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں کوئی میرے اصحاب میں سے کہ مرے کسی زمین میں مگر اٹھایا جاویگا

قائدا ونورا لهم يوم القيمة رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وذكر حديث ابن مسعود لا يبلغني احد في باب حفظ

اس حال میں کہ کھینچنے والا ہوگا اور سبب روشنی کا ہوگا انکے لئے قیامت کے دن روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور ذکر کی گئی حدیث ابن مسعود کی کہ سرا اسکا ہے لا یبلغنی احد باب حفظ

اللسان

الفصل الثالث

عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا رأيتم الذين يسبون اصحابي فقولوا

اللسان میں فصل تیسری روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب تک دیکھو تم ان لوگوں کو کہ برا کہتے ہیں میرے اصحاب کو پس کہو

لعنة الله على شركم رواه الترمذي وعن عمر بن الخطاب قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول سألت

لعنت خدا کی ہو تمہارے اس بدفعل پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عمر بن الخطاب سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرماتے تھے پوچھا میں نے

ربي عن اختلاف اصحابي من بعدي فاوحى الي يا محمد ان اصحابك عندي بمنزلة النجوم في السماء بعضها اقوى من بعض

اپنے رب سے اختلاف میرے صحابہ کا بعد میرے پس وحی کی اللہ تعالی نے طرف میری کہ اے محمد بلا شبہ اصحاب تیرے نزدیک میرے بمنزلہ ستاروں کے ہیں بیچ آسمان کے بعضے انکے زیادہ قوی ہیں بعض سے

ولكل نور فمن اخذ بشيء مما هم عليه من اختلافهم فهو عندي على هدى قال وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور واسطے ہر ایک کے نور ہے پس جس شخص نے لیا کچھ اس چیز سے کہ وہ اس پر ہیں اپنے اختلاف سے پس وہ نزدیک میرے ہدایت پر ہے کہا اور فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

اصحابي كالنجوم فبايهم اقتديتم اهتديتم رواه رزين

اصحاب میرے مانند نجوم کے ہیں پس جسکی پیروی کروگے راہ پاؤگے روایت کیا اسکو رزین نے

باب مناقب ابي بكر الصديق رض

الفصل الاول

باب مناقب ابی بکر صدیق رض کے فصل پہلی روایت ہے

عن ابي سعيد الخدري عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ان من امن الناس علي في صحبته وماله ابو بكر وعند البخاري

ابی سعید خدری سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا کہ تحقیق بہت احسان کرنے والے لوگوں سے مجھ پر اپنی صحبت میں اور اپنے مال میں ابو بکر ہیں اور نزدیک بخاری کے

أبا بكر ولو كنت متخذا خليلا لاتخذت أبا بكر خليلا ولكن أخوة الإسلام ومودته لا تبقين في المسجد خوخة إلا خوخة

ابابکر کو دوست بناتا لیکن اخوت اسلام کی اور محبت اس کی باقی ہے نہ چھوڑی جائے مسجد میں کوئی کھڑکی سوا کھڑکی

أبي بكر وفي رواية لو كنت متخذا خليلا غير ربي لاتخذت أبا بكر خليلا متفق عليه وعن عبد الله بن مسعود

ابی بکر کے اور ایک روایت میں ہے اگر ہوتا میں بنانے والا دوست سوا اپنے رب کے تو بناتا ابابکر کو دوست متفق علیہ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے

عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال لو كنت متخذا خليلا لاتخذت أبا بكر خليلا ولكنه أخي وصاحبي وقد اتخذ

نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا اگر ہوتا میں بنانے والا دوست تو البتہ بناتا ابابکر کو دوست لیکن ابوبکر بھائی اور یار میرا ہے اور تحقیق بنا لیا

الله صاحبكم خليلا رواه مسلم وعن عائشة قالت قال لي رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم في مرضه ادعي لي أبا بكر

اللہ نے صاحب تمہارے کو دوست روایت کی مسلم نے اور روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ فرمایا مجھ کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیچ مرض اپنے کے بلا میرے پاس ابوبکر

أباك وأخاك حتى أكتب كتابا فإني أخاف أن يتمنى متمن ويقول قائل أنا أولى ويأبى الله والمؤمنون إلا أبا بكر رواه مسلم

جو باپ تیرا ہے اور بھائی تیرا کو تاکہ لکھوں میں ایک لکھا اس لئے کہ میں ڈرتا ہوں یہ کہ آرزو کرے کوئی آرزو کرنے والا اور کہے کہنے والا میں لائق ہوں اور انکار کرے گا اللہ اور مومن سوائے ابوبکر کے روایت کی مسلم نے

وفي كتاب الحميدي أنا أولى بدل أنا ولا وعن جبير بن مطعم قال أتت النبي صلى الله عليه وآله وسلم امرأة فكلمته في

اور کتاب حمیدی میں انا اولی ہے بجائے انا ولا کے اور روایت ہے جبیر بن مطعم سے کہا کہ آئی نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک عورت اور کلام کیا آپ سے

شيء فأمرها أن ترجع إليه قالت يا رسول الله أرأيت إن جئت ولم أجدك كأنها تريد الموت قال فإن لم تجديني فأتي

کسی چیز میں سو حکم کیا اس کو کہ پھر آوے طرف حضرت کے بولی یا رسول اللہ خبر دیجئے مجھ کو اگر آؤں اور نہ پاؤں آپ کو گویا کہ مراد رکھتی تھی وہ موت فرمایا اگر نہ پاوے مجھ کو تو آنا

أبا بكر متفق عليه وعن عمرو بن العاص أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم بعثه على جيش ذات السلاسل قال فأتيته فقلت أي

ابابکر کے پاس متفق علیہ اور روایت ہے عمرو بن العاص سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھیجا ان کو امیر کر کے اوپر لشکر ذات السلاسل کے کہا پس آیا میں آپ کے پاس اور کہا کون

الناس أحب إليك قال عائشة قلت من الرجال قال أبوها قلت ثم من قال عمر فعد رجالا فسكت مخافة أن يجعلني في آخرهم

لوگوں میں پیارا ہے آپ کو فرمایا عائشہ میں نے کہا مردوں میں سے فرمایا باپ اس کا میں نے کہا پھر کون فرمایا عمر پھر گنے کئی مرد پس چپ ہو رہا میں اس ڈر سے کہ کر دیں مجھ کو سب سے آخر

متفق عليه وعن محمد بن الحنفية قال قلت لأبي أي الناس خير بعد النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال أبو بكر قلت ثم من قال

متفق علیہ اور روایت ہے محمد بن حنفیہ سے کہا کہ پوچھا میں نے اپنے باپ سے کہ کون شخص لوگوں میں بہتر ہے بعد نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کہا علی نے ابوبکر میں نے کہا پھر کون

عمر وخشيت أن يقول عثمان قلت ثم أنت قال ما أنا إلا رجل من المسلمين رواه البخاري وعن ابن عمر قال كنا في

عمر اور ڈرا میں کہ کہیں عثمان میں نے کہا پھر تم ہو کہا نہیں ہوں میں مگر ایک مرد مسلمانوں میں سے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا تھے ہم

زمن النبي صلى الله عليه وسلم لا نعدل بأبي بكر أحدا ثم عمر ثم عثمان ثم نترك أصحاب النبي صلى الله عليه وآله وسلم لا نفاضل

زمانے میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ برابر نہیں کرتے تھے ابی بکر کے کسی کو پھر عمر کے پھر عثمان کے پھر چھوڑ دیتے تھے ہم اصحاب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہ نہیں فضیلت دیتے تھے

بينهم رواه البخاري وفي رواية لأبي داود قال كنا نقول ورسول الله صلى الله عليه وآله وسلم حي أفضل أمة النبي صلى

درمیان ان کے کسی کو روایت کیا اس کو بخاری نے اور ایک روایت میں ابی داؤد کی ہے کہا تھے ہم کہتے اس حال میں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم زندہ تھے بہتر امت نبی صلے

الله عليه وسلم بعده أبو بكر ثم عمر ثم عثمان رضوان الله تعالى عليهم أجمعين

الفصل الثاني

عن أبي هريرة قال قال

اللہ علیہ وسلم کے ابوبکر ہیں پھر عمر پھر عثمان رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین — فصل دوسری — روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ما لأحد عندنا يد إلا وقد كافيناه ما خلا أبا بكر فإن له عندنا يدا يكافئه الله بها يوم

رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں ہے کسی کا ہمارے نزدیک کوئی احسان مگر تحقیق بدلا دیا ہم نے اسکو سوا ابوبکر کے پس تحقیق واسطے ابی بکر کے نزدیک ہمارے احسان ہے بدلا دیگا اسکو اللہ تعالے روز

القيامة وما نفعني مال أحد قط ما نفعني مال أبي بكر ولو كنت متخذا خليلا لاتخذت أبا بكر خليلا ألا وإن صاحبكم

قیامت کے اور نہیں کام آیا مجھکو مال کسی کا ہرگز جتنا کہ کام آیا مجھکو مال ابی بکر کا اور اگر ہوتا میں پکڑنے والا دوست جانی کسیکو تو البتہ پکڑتا میں ابابکر کو دوست جانی آگاہ ہو تحقیق صاحب تمہارا

خليل الله رواه الترمذي وعن عمر رض قال أبو بكر سيدنا وخيرنا وأحبنا إلى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم رواه الترمذي

دوست جانی خدا کا ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عمر رض سے کہا کہ ابوبکر سردار ہمارے اور افضل ہمارا اور بہت پیارا ہے ہمارے طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن ابن عمر عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال لأبي بكر أنت صاحبي في الغار وصاحبي على الحوض رواه الترمذي

اور روایت ہے ابن عمر سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا ابی بکر کو کہ تو یار میرا ہے غار میں اور مصاحب میرا ہے حوض پر روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا ينبغي لقوم فيهم أبو بكر أن يؤمهم غيره رواه الترمذي وقال هذا

اور روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں لایق ہے اس قوم کو کہ جنمیں ابوبکر ہو یہ کہ امامت کرے انکی سوا ابوبکر کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث

غريب وعن عمر رض قال أمرنا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أن نتصدق ووافق ذلك عندي مالا فقلت اليوم أسبق

غریب ہے اور روایت ہے عمر رض سے کہا کہ حکم فرمایا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہہ کہ تصدق کریں ہم اور موافق پڑا یہہ حکم نزدیک مال کثیر کے میرے پس کہا میں نے آج کے دن سبقت لیجاؤنگا

أبا بكر إن سبقته يوما قال فجئت بنصف مالي فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ما أبقيت لأهلك فقلت مثله وأتى أبو بكر

ابی بکر سے اگر ممکن ہو سبقت لیجانا میرا ان پر ایک دن کہا عمر نے پس آیا میں آدھا مال اپنا لیکر پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کسقدر رکھا تو نے اپنے اہل کے لئے کہا میں نے اسی قدر اور آئے ابوبکر لیکر

بكل ما عنده فقال يا أبا بكر ما أبقيت لأهلك فقال أبقيت لهم الله ورسوله قلت لا أسبقه إلى شيء أبدا رواه الترمذي

جو کچھ تھا انکے پاس پس فرمایا حضرت نے اے ابوبکر کیا چھوڑا تو نے اپنے اہل و عیال کے لئے عرض کی ابوبکر نے باقی چھوڑا میں نے انکے لئے خدا کو اور رسول کو کہا میں نے نہ سبقت کرونگا ابوبکر پر کسی چیز میں کبھی روایت کیا اسکو ترمذی

وأبو داود وعن عائشة أن أبا بكر دخل على رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال أنت عتيق الله من النار فيومئذ سمي

اور ابوداود نے اور روایت ہے عائشہ سے کہ ابوبکر حاضر ہوے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پس فرمایا حضرت نے تو آزاد کیا گیا خدا کا ہے آگ سے پس اسدن سے نام رکھے گئے

عتيقا رواه الترمذي وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أنا أول من تنشق عنه الأرض ثم أبو بكر ثم

ابوبکر عتیق روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ میں اول ان لوگوں کا ہونگا کہ پھٹیگی زمین ان سے بعد میرے ابوبکر ہے بعد

عمر ثم آتي أهل البقيع فيحشرون معي ثم أنتظر أهل مكة حتى أحشر بين الحرمين رواه الترمذي وعن أبي هريرة

عمر پھر آونگا میں بقیع والوں کے پاس پس جمع کیا جاویگا ساتھ میرے پھر انتظار کرونگا میں مکے والوں کی یہانتک کہ جمع کیا جاؤنگا درمیان مکے اور مدینے کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أتاني جبرئيل فأخذ بيدي فأراني باب الجنة الذي يدخل منه أمتي فقال أبو بكر يا رسول

کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ آئے میرے پاس جبرئیل پس پکڑا ہاتھ میرا پس دکھایا مجھکو دروازہ بہشت کا کہ داخل ہوگی اس سے امت میری پس کہا ابوبکر نے یا رسول

الله وددت أني كنت معك حتى أنظر إليه فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أما إنك يا أبا بكر أول من يدخل الجنة من

اللہ دوست رکھتا ہوں میں کہ ہوتا میں ساتھ آپکے تاکہ دیکھتا میں اس دروازے کو پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آگاہ ہو کہ تو اے ابوبکر اول ان لوگوں کا ہے کہ داخل ہونگے بہشت میں

أمتي رواه أبو داود الفصل الثالث عن عمر رض ذكر عنده أبو بكر فبكى وقال وددت أن عملي كله مثل عمله يوما واحدا

امت میری سے روایت کیا اسکو ابوداود نے فصل تیسری روایت ہے عمر رض سے کہ ذکر کئے گئے انکے پاس ابوبکر پس روئے عمر اور کہا دوست رکھتا ہوں میں کہ ہوتا تمام عمل میرا مثل عمل انکے ایک دن

مِنْ اَيَّامِهٖ وَلَيْلَةٌ وَاحِدَةٌ مِنْ لَيَالِيْهِ اَمَّا لَيْلَتُهٗ فَلَيْلَةٌ سَارَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِلَى الْغَارِ فَلَمَّا انْتَهَيَا اِلَيْهِ

ان کے عمر کے ایام یعنی مانند عمل ایک رات کے ان عمر کے راتوں سے لیکن رات ابی بکر کی پس وہ رات ہے کہ سفر کیا ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طرف غار کے پھر جبکہ پہنچے طرف غار کے

قَالَ وَاللّٰهِ لَا تَدْخُلُهٗ حَتّٰى اَدْخُلَ قَبْلَكَ فَاِنْ كَانَ فِيْهِ شَيْءٌ اَصَابَنِيْ دُوْنَكَ فَدَخَلَ فَكَسَحَهٗ وَوَجَدَ فِيْ جَانِبِهٖ ثُقْبًا

کہا ابوبکر نے قسم ہے خدا کی نہ داخل ہو تم غار میں یہاں تک کہ داخل ہوں پہلے آپ کے اسلئے کہ اگر ہوا اسمیں کچھ تو پہنچے وہ مجھکو نہ آپکو پس داخل ہوا ابوبکر اور جھاڑا اسکو اور پایا ایک جانب میں اسکے سوراخ

فَشَقَّ اِزَارَهٗ وَسَدَّهَا بِهٖ وَبَقِيَ مِنْهَا اثْنَانِ فَاَلْقَمَهُمَا رِجْلَيْهِ ثُمَّ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اُدْخُلْ فَدَخَلَ

پس پھاڑا ابوبکر نے تہ بند اپنا اور بند کیا سوراخوں کو ساتھ اسکے اور باقی رہے ان میں سے دو سوراخ پس رکھدیا ان میں دونوں پانوں اپنے پھر عرض کیا ابوبکر نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تشریف لائیے پس داخل ہوئے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَوَضَعَ رَاْسَهٗ فِيْ حِجْرِهٖ فَنَامَ فَلُدِغَ اَبُوْبَكْرٍ فِيْ رِجْلِهٖ مِنَ الْجُحْرِ وَلَمْ يَتَحَرَّكْ مَخَافَةَ اَنْ يَنْتَبِهَ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور رکھے سر مبارک اپنا گود میں ابوبکر کے اور سوگئے پس ڈسے گئے ابوبکر بیچ پانوں اپنے سوراخ سے اور نہ حرکت کی ابوبکر نے خوف سے اسکے کہ جاگ اٹھیں

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَسَقَطَتْ دُمُوْعُهٗ عَلٰى وَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا لَكَ يَا اَبَابَكْرٍ قَالَ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پس گرے آنسو ابوبکر کے چہرہ مبارک پر رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تو فرمایا کیا ہوا تجھکو اے ابوبکر عرض کیا

لُدِغْتُ فِدَاكَ اَبِيْ وَاُمِّيْ فَتَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَذَهَبَ مَا يَجِدُهٗ ثُمَّ انْتَقَضَ عَلَيْهِ وَكَانَ سَبَبَ مَوْتِهٖ وَاَمَّا

کاٹا گیا میں فدا ہوں آپ پر میرے ماں باپ پس لعاب مبارک ڈالا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پس جاتی رہی وہ چیز کہ پاتا تھا اسکو پھر رجوع کیا اثر زہر کا ابوبکر پر اور ہوا یہی سبب موت کا اور لیکن

يَوْمُهٗ فَلَمَّا قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ارْتَدَّتِ الْعَرَبُ وَقَالُوْا لَا نُؤَدِّيْ زَكٰوةً فَقَالَ لَوْ مَنَعُوْنِيْ عِقَالًا

روز ان کا کہ جب وفات پائی رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مرتد ہوئے بعضے عرب اور کہنے لگے کہ نہیں دینگے ہم زکوۃ کو پس کہا ابوبکر نے اگر نہ دینگے مجھکو رسی اونٹ کے باندھنے کی

لَجَاهَدْتُهُمْ عَلَيْهِ فَقُلْتُ يَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ تَاَلَّفِ النَّاسَ وَارْفُقْ بِهِمْ فَقَالَ لِيْ اَجَبَّارٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَخَوَّارٌ فِي الْاِسْلَامِ

تو البتہ جہاد کروں گا میں ان پر اسکے لیئے پس کہا میں نے اے خلیفہ رسول اللہ کے الفت کیجئے لوگوں سے اور نرمی کر ساتھ ان کے پس کہا مجھکو آیا تو تھا زبردست جاہلیت میں اور سست ہو گیا اسلام میں

اِنَّهٗ قَدِ انْقَطَعَ الْوَحْيُ وَتَمَّ الدِّيْنُ اَيَنْقُصُ وَاَنَا حَيٌّ رَوَاهُ رَزِيْنٌ

بَابُ مَنَاقِبِ عُمَرَ رض

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

تحقیق منقطع ہو گئی وحی اور تمام ہو دین کیا ناقص ہووے دین اور میں زندہ ہوں روایت کیا اسکو رزین نے ۔ باب بیان میں مناقب عمر رض کے ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَقَدْ كَانَ فِيْمَا قَبْلَكُمْ مِنَ الْاُمَمِ مُحَدَّثُوْنَ فَاِنْ يَكُ فِيْ اُمَّتِيْ اَحَدٌ فَاِنَّهٗ

ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقرر تحقیق تھے ان لوگوں میں جو تھے پہلے تم سے امتوں میں الہام کیے گئے پس اگر ہو کوئی میری امت میں پس تحقیق وہ

عُمَرُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ اسْتَاْذَنَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رض عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهٗ نِسْوَةٌ

عمر ہو گا متفق علیہ اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہا کہ اجازت مانگی عمر بن الخطاب رض نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آنے کی اور نزدیک آپ کے تھیں عورتیں

مِنْ قُرَيْشٍ يُكَلِّمْنَهٗ وَيَسْتَكْثِرْنَهٗ عَالِيَةً اَصْوَاتُهُنَّ فَلَمَّا اسْتَاْذَنَ عُمَرُ قُمْنَ فَبَادَرْنَ الْحِجَابَ فَدَخَلَ عُمَرُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

قریش کی کہ کلام کرتی تھیں حضرت سے اور بہت طلب کرتی تھیں خرچ بلند تھیں آوازیں ان کی پس جبکہ اذن چاہا عمر نے اٹھیں وہ عورتیں اور دوڑیں پردہ کو پس داخل ہوئے عمر اور رسول خدا صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَضْحَكُ فَقَالَ اَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَجِبْتُ مِنْ هٰؤُلَاءِ

اللہ علیہ وآلہ وسلم ہنستے تھے پس کہا عمر نے ہمیشہ ہنسائے اللہ دانت آپ کے یا رسول اللہ پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تعجب کیا میں نے ان عورتوں سے

اللَّاتِيْ كُنَّ عِنْدِيْ فَلَمَّا سَمِعْنَ صَوْتَكَ ابْتَدَرْنَ الْحِجَابَ فَقَالَ عُمَرُ يَا عَدُوَّاتِ اَنْفُسِهِنَّ اَتَهَبْنَنِيْ وَلَا تَهَبْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

جو تھیں میرے پاس پس جبکہ سنی آواز تیری جلدی کیا ہو گئیں پردہ میں پس کہا عمر نے اے دشمنو اپنی جانوں کی آیا ہیبت رکھتی ہو مجھ سے اور ہیبت نہیں رکھتیں رسول صلے

عليه وآله وسلم فقلن نعم انت افظ واغلظ فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ايه يا ابن الخطاب والذي نفسي بيده ما لقيك

علیہ والہ وسلم سے پس کہا عورتوں نے ہاں کہ تو نہایت سخت خو اور نہایت سخت گو ہے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے اور کلام کر اے بیٹے خطاب کے قسم اس ذات کی کہ جان میری بیچ قدرت اس کی کے نہیں ملا تجھے

الشيطان سالكا فجا قط الا سلك فجا غير فجك متفق عليه وقال الحميدي زاد البرقاني بعد قوله يا رسول الله ما

شیطان چلتے ہوئے کسی راہ میں کبھی مگر چلا ہے اور راہ میں سوا راہ تیری کے متفق ہے اور کہا حمیدی نے زیادہ کیا برقانی نے بعد قول عمر کے یا رسول اللہ کس چیز نے

اضحكك وعن جابر قال قال النبي صلى الله عليه وآله وسلم دخلت الجنة فاذا انا بالرميصاء امراة ابي طلحة وسمعت

ہنسایا آپ کو اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے داخل ہوا میں بہشت میں پس ناگہاں ملا میں رمیصا کو جو عورت ابی طلحہ کی تھیں اور سنی میں نے

خشفة فقلت من هذا فقال هذا بلال ورايت قصرا بفنائه جارية فقلت لمن هذا فقالوا لعمر بن الخطاب فاردت

آواز پاؤں کی پس کہا میں نے کون ہے یہ پس کہا کہنے والے نے یہ بلال ہے اور دیکھا میں نے ایک محل کہ اس کے صحن میں ایک لونڈی تھی پس کہا میں نے کس کا ہے یہ پس کہا فرشتوں نے عمر بن خطاب کا پس ارادہ کیا میں نے

ان ادخله فانظر اليه فذكرت غيرتك فقال عمر بابي وامي يا رسول الله اعليك اغار متفق عليه وعن ابي سعيد

کہ داخل ہوں بیچ اس محل کے اور دیکھوں طرف اس کے پس یاد کی میں نے غیرت تمہاری پس کہا عمر نے قربان ہوں مجھ پر باپ اور ماں میرے یا رسول اللہ کیا آپ پر غیرت کروں گا متفق ہے اور روایت ہے ابی سعید سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم بينا انا نائم رايت الناس يعرضون علي وعليهم قمص منها ما يبلغ الثدي

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے اس حال میں کہ میں سوتا تھا دیکھا میں نے لوگوں کو کہ روبرو لائے جاتے ہیں میرے اور ان پر کرتے ہیں بعضے ان میں سے پہنچتے ہیں سینے تک

ومنها ما دون ذلك وعرض علي عمر بن الخطاب وعليه قميص يجره قالوا فما اولت ذلك يا رسول الله قال الدين متفق عليه

اور بعضے ان میں سے کم ہیں اس سے اور روبرو لائے گئے مجھ پر عمر بن الخطاب اور ان پر کرتا تھا کہ گھسیٹتے تھے اس کو کہا صحابہ نے پس کیا تعبیر کی آپ نے اس کی یا رسول اللہ فرمایا دین ہے متفق ہے

وعن ابن عمر قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول بينا انا نائم اتيت بقدح لبن فشربت حتى اني لارى

اور روایت ہے ابن عمر سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے اس وقت کہ میں سوتا تھا لایا گیا مجھ پاس ایک پیالہ دودھ کا سو پیا میں نے یہاں تک کہ تحقیق میں دیکھتا تھا

الري يخرج في اظفاري ثم اعطيت فضلي عمر بن الخطاب قالوا فما اولته يا رسول الله قال العلم متفق عليه وعن ابي هريرة

سیرابی کہ نکلتی ہے میرے ناخنوں سے پھر دیا میں نے بچا ہوا اپنا عمر بن الخطاب کو کہا صحابہ نے پس کیا تعبیر کی اس کی آپ نے یا رسول اللہ فرمایا تعبیر اس کی علم ہے متفق ہے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول بينا انا نائم رايتني على قليب عليها دلو فنزعت منها ما شاء الله ثم

کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے اس وقت کہ میں سوتا تھا دیکھا میں نے اپنے کو اوپر ایک کنوئیں کے کہ اوپر اس کے ڈول تھا پس کھینچے میں نے اس سے جس قدر چاہا اللہ نے پھر

اخذها ابن ابي قحافة فنزع منها ذنوبا او ذنوبين وفي نزعه ضعف والله يغفر له ضعفه ثم استحالت غربا فاخذها ابن

لیا ڈول ابن ابی قحافہ نے پس کھینچے اس سے ایک ڈول یا دو ڈول اور کھینچنے میں ابی بکر کے ناتوانی ہے اور اللہ بخشے ابی بکر کے لئے اس کی ناتوانی پھر ہو گیا وہ ڈول چرس بڑا پس لیا اس کو

الخطاب فلم ار عبقريا من الناس ينزع نزع عمر حتى ضرب الناس بعطن وفي رواية ابن عمر قال ثم اخذها ابن الخطاب

ابن خطاب نے پس نہیں دیکھا میں نے کسی قوی شخص کو لوگوں میں سے کہ پانی کھینچتا ہو مانند کھینچنے عمر کے یہاں تک کہ سیر ہو کر لوگوں نے اونٹ اپنے بٹھائے اور روایت میں ابن عمر کے ہے کہا پھر لیا ڈول ابن خطاب نے

من يد ابي بكر فاستحالت في يده غربا فلم ار عبقريا يفري فريه حتى روي الناس وضربوا بعطن متفق عليه الفصل

ابی بکر کے ہاتھ سے پس ہو گیا وہ ڈول ان کے ہاتھ میں چرس پس نہیں دیکھا میں نے کسی قوی شخص کو کہ عمل کرتا ہو عمر کے عمل کی مانند یہاں تک کہ سیراب ہو گئے لوگ اور سیراب کر کے اپنے اونٹوں کو بٹھایا متفق ہے فصل

الثاني عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان الله جعل الحق على لسان عمر وقلبه وقال ابن عمر ما نزل

دوسری روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے تحقیق اللہ تعالیٰ نے جاری کیا حق کو زبان پر عمر کے اور اوپر دل اس کے اور کہا ابن عمر نے اور

رواه ابو داود عن ابي ذر قال ان الله وضع الحق على لسان عمر يقول به وعن علي رض قال ما كنا نبعد ان السكينة تنطق على لسان

روایت کی ابی داؤد نے ابی ذر سے کہا فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ نے رکھا ہے حق زبان پر عمر کے کہتا ہے حق ہو کے اور روایت ہے علی رض سے کہا کہ نہ تھے ہم بعید جانتے اس بات کو کہ سکینہ جاری ہوتا زبان

عمر رواه البيهقي في دلائل النبوة وعن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال اللهم اعز الاسلام بابي جهل بن هشام

عمر کے روایت کیا اسکو بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور روایت ہے ابن عباس سے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا اے خداوندا عزت دے اسلام کو ابی جہل بن ہشام کے

او بعمر بن الخطاب فاصبح عمر فغدا على النبي صلى الله عليه وآله وسلم فاسلم ثم صلى في المسجد ظاهرا رواه احمد والترمذي وعن

یا ساتھ عمر بن الخطاب کے پس صبح کی عمر نے اور آئے اول روز میں نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پس اسلام لائے پھر نماز پڑھی حضرت نے مسجد میں آشکارا روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے اور روایت

جابر قال قال عمر لابي بكر يا خير الناس بعد رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال ابو بكر اما انك ان قلت ذلك فلقد سمعت

جابر سے کہا کہا عمر نے ابی بکر کو اے بہترین لوگوں کے بعد رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ کے پس کہا ابو بکر نے آگاہ ہو اے عمر تحقیق تو نے اگر کہا مجھکو بہترین لوگوں کا پس تحقیق سنا میں نے

رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول ما طلعت الشمس على رجل خير من عمر رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن

رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرماتے تھے نہیں طلوع ہوا آفتاب اوپر کسی کے جو بہتر ہو عمر سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے

عقبة بن عامر قال قال النبي صلى الله عليه وآله وسلم لو كان بعدي نبي لكان عمر بن الخطاب رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب

عقبہ بن عامر سے کہا فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اگر ہوتا بالفرض بعد میرے کوئی نبی تو البتہ ہوتا عمر بن الخطاب روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے

وعن بريدة قال خرج رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم في بعض مغازيه فلما انصرف جاءت جارية سوداء فقالت يا رسول

اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ نکلے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے بعض غزوں میں پھر جبکہ پھر آئے آئی آپ کے پاس ایک لڑکی سیاہ پس کہا یا رسول

الله اني كنت نذرت ان ردك الله صالحا ان اضرب بين يديك بالدف واتغنى فقال لها رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان كنت

اللہ تحقیق میں نے نذر کی تھی کہ اگر پھر لاوے آپ کو اللہ تعالیٰ سفر سے صحیح سالم تو بجاؤنگی میں آگے آپ کے دف اور گاؤنگی. پس فرمایا اسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اگر تو نے

نذرت فاضربي والا فلا فجعلت تضرب فدخل ابو بكر وهي تضرب ثم دخل علي وهي تضرب ثم دخل عثمان وهي

نذر کی ہے تو بس دف بجا اور اگر نذر نہیں کی ہے تو پس نہ بجا پس شروع کیا اس چھوکری نے بجانا دف کا پس آئے ابو بکر مسجد میں اس حال میں کہ وہ چھوکری بجا رہی تھی پھر آئے علی اور بجاتی تھی

تضرب ثم دخل عمر فالقت الدف تحت استها ثم قعدت عليها فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان الشيطان

بجاتی تھی دف پھر آئے عمر تو ڈالدیا دف اس چھوکری نے نیچے اپنے چوتڑ کے پھر بیٹھی اوپر اسکے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تحقیق شیطان

ليخاف منك يا عمر اني كنت جالسا وهي تضرب فدخل ابو بكر وهي تضرب ثم دخل علي وهي تضرب ثم دخل

البتہ ڈرتا ہے تجھ سے اے عمر تحقیق میں بیٹھا تھا اس حال میں کہ وہ بجاتی تھی دف پھر آئے ابو بکر اور وہ بجاتی تھی پھر آئے علی اور وہ بجا رہی تھی پھر آئے

عثمان وهي تضرب فلما دخلت انت يا عمر القت الدف رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح غريب

عثمان اور وہ بجاتی تھی پھر جب آیا تو اے عمر ڈالدیا اسنے دف روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے

وعن عائشة قالت كان عليه السلام جالسا فسمعنا لغطا وصوت صبيان فقام رسول الله عليه

اور روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ تھے حضرت بیٹھے ہوئے پس سنی ہمنے ایک آواز سخت اور آواز لڑکوں کی پس کھڑے ہوئے رسول خدا علیہ

السلام فاذا حبشية تزفن والصبيان حولها فقال يا عائشة تعالي فانظري فجئت فوضعت لحيي على منكب رسول الله

السلام تو ناگاہ ایک عورت حبشیہ اچھلتی کودتی تھی اور لڑکے گرد اسکے تھے پس فرمایا حضرت نے اے عائشہ آ اور دیکھ پس آئی میں اور رکھی میں نے ٹھوڑی اپنی کندھے پر رسول خدا

صلى الله عليه وسلم فجعلت أنظر إليها ما بين المنكب إلى رأسه فقال لي أما شبعت أما شبعت فجعلت أقول لا لأنظر منزلتي عنده إذ طلع عمر فارفض الناس عنها فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم إني لأنظر إلى شياطين الجن والإنس قد فروا من عمر قالت فرجعت. رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح غريب.

الفصل الثالث

عن أنس وابن عمر أن عمر قال وافقت ربي في ثلاث قلت يا رسول الله لو اتخذنا من مقام إبراهيم مصلى فنزلت واتخذوا من مقام إبراهيم مصلى وقلت يا رسول الله يدخل على نسائك البر والفاجر فلو أمرتهن يحتجبن فنزلت آية الحجاب واجتمع نساء النبي صلى الله عليه وسلم في الغيرة فقلت عسى ربه إن طلقكن أن يبدله أزواجا خيرا منكن فنزلت كذلك. وفي رواية لابن عمر قال قال عمر وافقت ربي في ثلاث في مقام إبراهيم وفي الحجاب وفي أسارى بدر. متفق عليه.

وعن ابن مسعود قال فضل الناس عمر بن الخطاب بأربع بذكر الأسارى يوم بدر أمر بقتلهم فأنزل الله تعالى لولا كتاب من الله سبق لمسكم فيما أخذتم عذاب عظيم وبذكره الحجاب أمر نساء النبي صلى الله عليه وسلم أن يحتجبن فقالت له زينب وإنك علينا يا ابن الخطاب والوحي ينزل في بيوتنا فأنزل الله تعالى وإذا سألتموهن متاعا فاسألوهن من وراء حجاب وبدعوة النبي صلى الله عليه وسلم اللهم أيد الإسلام بعمر وبرأيه في أبي بكر كان أول الناس بايعه. رواه أحمد.

وعن أبي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ذلك الرجل أرفع أمتي درجة في الجنة قال أبو سعيد والله ما كنا نرى ذلك الرجل إلا عمر بن الخطاب حتى مضى لسبيله. رواه ابن ماجه.

وعن أسلم قال سألني ابن عمر بعض شأنه يعني عمر فأخبرته فقال ما رأيت أحدا قط بعد رسول الله صلى الله عليه وسلم من حين قبض كان أجد وأجود حتى انتهى من عمر. رواه البخاري.

وعن المسور بن مخرمة قال لما طعن عمر جعل يألم فقال له ابن عباس

وكأنه يجزعه يا أمير المؤمنين ولا كل ذلك لقد صحبت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فأحسنت صحبته ثم فارقك وهو عنك راض ثم صحبت أبا بكر فأحسنت صحبته ثم فارقك وهو عنك راض ثم صحبت المسلمين فأحسنت صحبتهم ولئن فارقتهم لتفارقنهم وهم عنك راضون قال أما ما ذكرت من صحبة رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ورضاه فإنما ذلك من من الله من به علي وأما ما ذكرت من صحبة أبي بكر ورضاه فإنما ذلك من من الله من به علي وأما ما ترى من جزعي فهو من أجلك ومن أجل أصحابك والله لو أن لي طلاع الأرض ذهبا لافتديت به من عذاب الله قبل أن أراه. رواه البخاري

روایت کیا اس کو بخاری نے

باب مناقب أبي بكر وعمر رضي الله عنهما

باب مناقب میں ابی بکر اور عمر رضی اللہ عنہما کے

الفصل الأول

عن أبي هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال بينما رجل يسوق بقرة إذ أعيى فركبها فقالت إنا لم نخلق لهذا إنما خلقنا لحراثة الأرض فقال الناس سبحان الله بقرة تكلم فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فإني أومن به أنا وأبو بكر وعمر وما هما ثم وقال بينما رجل في غنم له إذ عدا الذئب على شاة منها فأخذها فأدركها صاحبها فاستنقذها فقال له الذئب فمن لها يوم السبع يوم لا راعي لها غيري فقال الناس سبحان الله ذئب يتكلم فقال أومن به أنا وأبو بكر وعمر وما هما ثم. متفق عليه

وعن ابن عباس قال إني لواقف في قوم فدعوا الله لعمر وقد وضع على سريره إذا رجل من خلفي قد وضع مرفقه على منكبي يقول يرحمك الله إني لأرجو أن يجعلك الله مع صاحبيك لأني كثيرا ما كنت أسمع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول كنت وأبو بكر وعمر وفعلت وأبو بكر وعمر وانطلقت وأبو بكر وعمر ودخلت وأبو بكر وعمر وخرجت وأبو بكر وعمر فالتفت فإذا علي بن أبي طالب. متفق عليه

الفصل الثاني

عن أبي سعيد الخدري أن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال إن

وہ علی بن ابی طالب تھے یہ حدیث متفق علیہ ہے۔ فصل دوسری روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مقرر

اَهْلُ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ اَهْلَ عِلِّيِّيْنَ كَمَا تَرَوْنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ فِيْ اُفُقِ السَّمَاءِ وَاِنَّ اَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ مِنْهُمْ وَاَنْعَمَا رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ

بہشتی البتہ دیکھینگے اہل علیین جیسے دیکھتے ہو تم بہت روشن ستارہ کو کنارے میں آسمان کے اور البتہ ابوبکر اور عمر اہل علیین سے ہو اور زیادہ درجہ ان کا ہے

السُّنَّةِ وَرَوٰى نَحْوَهٗ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ

سنت میں اور روایت کیا اسکو اسی طرح ابوداود اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے ابوبکر اور عمر

سَيِّدَا كُهُوْلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ اِلَّا النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ عَلِيٍّ وَعَنْ

دونوں سردار ہیں ادھیڑ عمر والوں اہل بہشت کے پہلوں میں سے اور پچھلوں میں سے سوا نبیوں کے اور پیغمبروں کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے علی سے اور روایت ہے

حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنِّيْ لَا اَدْرِيْ مَا بَقَائِيْ فِيْكُمْ فَاقْتَدُوْا بِالَّذَيْنِ مِنْ بَعْدِيْ اَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ رَوَاهُ

حذیفہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے تحقیق میں نہیں جانتا ہوں کہ کتنا ہے باقی رہنا میرا درمیان تمہارے پس پیروی کرو ان دونوں کی جو میرے بعد ہونگے ابوبکر اور عمر روایت کیا

التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ لَمْ يَرْفَعْ اَحَدٌ رَاْسَهٗ غَيْرَ اَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ

ترمذی نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم جب داخل ہوتے مسجد میں نہ اٹھاتا کوئی سر اپنا سوائے ابی بکر اور عمر کے

كَانَا يَتَبَسَّمَانِ اِلَيْهِ وَيَتَبَسَّمُ اِلَيْهِمَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ خَرَجَ

کہ تھے یہ دونوں مسکراتے دیکھ کر طرف حضرت کے اور مسکراتے تھے حضرت دیکھ کر طرف ان کی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نکلے

ذَاتَ يَوْمٍ وَّدَخَلَ الْمَسْجِدَ وَاَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ اَحَدُهُمَا عَنْ يَّمِيْنِهٖ وَالْاٰخَرُ عَنْ شِمَالِهٖ وَهُوَ اٰخِذٌ بِاَيْدِيْهِمَا فَقَالَ هٰكَذَا نُبْعَثُ يَوْمَ

ایک دن اور داخل ہوئے مسجد میں اور ابوبکر اور عمر ایک دونوں میں سے داہنے طرف حضرت کے تھے اور دوسرا بائیں طرف اور حضرت پکڑے ہوئے تھے ہاتھ دونوں کے پس فرمایا اسی طرح اٹھائے جاوینگے ہم

الْقِيَامَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ رَاٰى اَبَا بَكْرٍ وَّ

قیامت کے دن روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے عبداللہ بن حنطب سے کہ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے دیکھا ابوبکر اور

عُمَرَ فَقَالَ هٰذَانِ السَّمْعُ وَالْبَصَرُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مُرْسَلًا وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

عمر کو پس فرمایا حضرت نے کہ یہ دونوں بمنزلہ شنوائی اور بینائی کے ہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے بطریق ارسال کے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم

مَا مِنْ نَّبِيٍّ اِلَّا وَلَهٗ وَزِيْرَانِ مِنْ اَهْلِ السَّمَاءِ وَوَزِيْرَانِ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ فَاَمَّا وَزِيْرَايَ مِنْ اَهْلِ السَّمَاءِ فَجِبْرِيْلُ وَمِيْكَائِيْلُ وَاَمَّا وَزِيْرَايَ

نہیں کوئی پیغمبر مگر واسطے اسکے ہوتے ہیں دو وزیر آسمان کے فرشتوں میں سے اور دو وزیر ہوتے ہیں زمین والوں میں سے پس لیکن دو وزیر میرے آسمان والوں میں سے پس جبرئیل اور میکائیل ہیں اور

مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ فَاَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ رَاَيْتُ كَاَنَّ مِيْزَانًا

زمین والوں میں سے پس ابوبکر اور عمر ہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی بکرہ سے کہ ایک شخص نے کہا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم سے کہ خواب میں دیکھا میں نے گویا ایک ترازو

نَزَلَ مِنَ السَّمَاءِ فَوُزِنْتَ اَنْتَ وَاَبُوْبَكْرٍ فَرَجَحْتَ اَنْتَ وَوُزِنَ اَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ فَرَجَحَ اَبُوْبَكْرٍ وَّوُزِنَ عُمَرُ وَعُثْمَانُ فَرَجَحَ عُمَرُ ثُمَّ رُفِعَ

اتری ہے آسمان سے پس تولے گئے آپ اور ابوبکر پس غالب آئے آپ اور تولے گئے ابوبکر اور عمر پس غالب آئے ابوبکر اور تولے گئے عمر اور عثمان پس غالب آئے عمر پھر اٹھایا گیا

الْمِيْزَانُ فَاسْتَاءَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَعْنِيْ فَسَاءَهٗ ذٰلِكَ فَقَالَ خِلَافَةُ نُبُوَّةٍ ثُمَّ يُؤْتِي اللّٰهُ الْمُلْكَ مَنْ يَّشَاءُ

ترازو پس غمگین ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم یعنی پس غمگین کیا حضرت کو اس کے سننے نے پس فرمایا حضرت نے خلافت نبوت کی ہے پھر دیگا اللہ ملک جس کو چاہے گا

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ يَطَّلِعُ عَلَيْكُمْ رَجُلٌ

روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود نے　فصل تیسری　روایت ہے ابن مسعود سے کہ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ اوپر تمہارے ایک شخص

أَهْلِ الْجَنَّةِ فَاطَّلَعَ أَبُوْ بَكْرٍ ثُمَّ قَالَ يَطَّلِعُ عَلَيْكُمْ رَجُلٌ مِّنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَاطَّلَعَ عُمَرُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ

بہشت والوں میں سے پس آئے ابوبکر پھر فرمایا آویگا تم پر ایک شخص بہشت والوں میں سے پس آئے عمرؓ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے

عَائِشَةَ قَالَتْ بَيْنَا رَأْسُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ حِجْرِيْ فِيْ لَيْلَةٍ ضَاحِيَةٍ إِذْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

عائشہ سے بولیں اس وقت کہ سر مبارک رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا میری گودی میں تھا چاندنی رات میں ناگہاں عرض کیا میں نے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم

هَلْ يَكُوْنُ لِأَحَدٍ مِّنَ الْحَسَنَاتِ عَدَدَ نُجُوْمِ السَّمَاءِ قَالَ نَعَمْ عُمَرُ قُلْتُ فَأَيْنَ حَسَنَاتُ أَبِيْ بَكْرٍ رض قَالَ إِنَّمَا جَمِيْعُ حَسَنَاتِ عُمَرَ كَحَسَنَةٍ وَاحِدَةٍ

کیا ہونگے کسی کے لئے نیکیاں موافق گنتی آسمان کے ستاروں کے فرمایا حضرت نے ہاں وہ عمر ہیں عرض کیا میں نے پھر کہاں جاتی ہیں ابوبکر کی نیکیاں فرمایا حضرت نے ہیں تمام نیکیاں عمر کی مانند ایک نیکی

مِنْ حَسَنَاتِ أَبِيْ بَكْرٍ رض رَوَاهُ رَزِيْنٌ

بَابُ مَنَاقِبِ عُثْمَانَ رض

اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

عَنْ عَائِشَةَ رض قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

ابوبکر کی نیکیوں میں سے روایت کیا اسکو رزین نے۔ باب بیان میں مناقب عثمان رضی اللہ عنہ کے۔ فصل پہلی روایت ہے عائشہ رض سے بولیں کہ تھے رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مُضْطَجِعًا فِيْ بَيْتِهٖ كَاشِفًا عَنْ فَخِذَيْهِ أَوْ سَاقَيْهِ فَاسْتَأْذَنَ أَبُوْ بَكْرٍ فَأَذِنَ لَهٗ وَهُوَ عَلٰى تِلْكَ الْحَالِ فَتَحَدَّثَ ثُمَّ اسْتَأْذَنَ

علیہ والہ وسلم لیٹے ہوئے اپنے گھر میں کھولے ہوئے رانیں اپنی یا پنڈلیاں اپنی پس اذن چاہا ابوبکر نے تو اذن دیا حضرت نے اسکو حالانکہ حضرت اسی حال پر تھے باتیں کیں ابوبکر نے پھر اذن

عُمَرُ فَأَذِنَ لَهٗ وَهُوَ كَذٰلِكَ فَتَحَدَّثَ ثُمَّ اسْتَأْذَنَ عُثْمَانُ فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَسَوّٰى ثِيَابَهٗ فَلَمَّا خَرَجَ قَالَتْ

عمر نے تو اذن دیا حضرت نے انکو بھی اور حضرت اسی حال پر تھے باتیں کیں عمر نے پھر اذن چاہا عثمان نے پس اٹھ بیٹھے رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اور درست کئے کپڑے اپنے پھر جب نکلے قوم کہا

عَائِشَةُ دَخَلَ أَبُوْ بَكْرٍ فَلَمْ تَهْتَشَّ لَهٗ وَلَمْ تُبَالِهٖ ثُمَّ دَخَلَ عُمَرُ فَلَمْ تَهْتَشَّ لَهٗ وَلَمْ تُبَالِهٖ ثُمَّ دَخَلَ عُثْمَانُ فَجَلَسْتَ وَسَوَّيْتَ ثِيَابَكَ

عائشہ نے کہ داخل ہوئے ابوبکر پس نہ جنبش کی آپ نے واسطے انکے اور نہ پروا کی انکی پھر داخل ہوئے عمر پس نہ حرکت کی آپ نے واسطے انکے اور نہ پروا کی آپ نے انکی پھر داخل ہوئے عثمان اٹھ بیٹھے آپ اور درست کئے کپڑے

فَقَالَ أَلَا أَسْتَحْيِيْ مِنْ رَجُلٍ تَسْتَحْيِيْ مِنْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ إِنَّ عُثْمَانَ رَجُلٌ حَيِيٌّ وَإِنِّيْ خَشِيْتُ إِنْ أَذِنْتُ لَهٗ عَلٰى

پس فرمایا حضرت نے کیا نہ حیا کروں اس شخص سے کہ حیا کرتے ہیں جس سے فرشتے اور ایک روایت میں یوں آیا ہے کہ فرمایا حضرت نے تحقیق عثمان ایک مرد ہے بہت شرمگین اور تحقیق میں ڈرا اگر اذن دوں

تِلْكَ الْحَالِ أَنْ لَا يَبْلُغَ إِلَيَّ فِيْ حَاجَتِهٖ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

اسی حالت پر تو نہ پہنچے طرف میری بیچ حاجت اپنی کے روایت کیا اسکو مسلم نے۔ فصل دوسری روایت ہے طلحہ بن عبید اللہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِكُلِّ نَبِيٍّ رَفِيْقٌ وَرَفِيْقِيْ يَعْنِيْ فِي الْجَنَّةِ عُثْمَانُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ وَقَالَ

صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ہر نبی کے لئے ایک رفیق ہے اور رفیق میرا یعنی بہشت میں عثمان ہے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے ابی ہریرہ سے اور کہا

التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلَيْسَ إِسْنَادُهٗ بِالْقَوِيِّ وَهُوَ مُنْقَطِعٌ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَبَّابٍ قَالَ شَهِدْتُّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور نہیں ہے اسناد اسکے قوی اور وہ منقطع ہے اور روایت ہے عبد الرحمن بن خباب سے کہا کہ حاضر ہوا میں نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَحُثُّ عَلٰى جَيْشِ الْعُسْرَةِ فَقَامَ عُثْمَانُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلَيَّ مِائَةُ بَعِيْرٍ بِأَحْلَاسِهَا وَأَقْتَابِهَا فِيْ سَبِيْلِ

علیہ والہ وسلم کے پاس اس حالت میں کہ وہ رغبت دلاتے تھے اوپر خرچ کرنے لشکر تبوک کے کہ تنگی میں تھے پس کھڑے ہوئے عثمان اور عرض کی یا رسول اللہ میرے ذمہ ہیں سو اونٹ مع جھولوں اور کجاووں انکے کے واسطے

اللّٰهِ ثُمَّ حَضَّ عَلَى الْجَيْشِ فَقَامَ عُثْمَانُ فَقَالَ عَلَيَّ مِائَتَا بَعِيْرٍ بِأَحْلَاسِهَا وَأَقْتَابِهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ حَضَّ عَلَى الْجَيْشِ فَقَامَ

خدا کی راہ میں پھر رغبت دلائی حضرت نے اوپر سامان اور درستی لشکر کے پس کھڑے ہوئے عثمان اور کہا میرے ذمہ ہیں دو سو اونٹ مع جھولوں اور کجاووں انکے کے راہ خدا میں پھر رغبت دلائی حضرت نے اوپر سامان کرنے

عُثْمَانُ فَقَالَ عَلَيَّ ثَلٰثُ مِائَةِ بَعِيْرٍ بِأَحْلَاسِهَا وَأَقْتَابِهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَأَنَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَنْزِلُ عَلٰى

عثمان اور کہا میرے ذمہ ہیں تین سو اونٹ مع جھولوں اور کجاووں انکے کے راہ خدا میں پس کہا طلحہ نے پس میں نے دیکھا رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اترتے تھے

الْمِنْبَرِ وَهُوَ يَقُولُ مَا عَلٰى عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ هٰذِهِ مَا عَلٰى عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ هٰذِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ

منبر سے اس حال میں کہ کہتے تھے نہیں ضرر کرے گی عثمان کو وہ چیز کہ کرے بعد اس نیکی کے نہیں ضرر عثمان کو وہ چیز کہ کرے بعد اس کے نقل کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے عبد الرحمن بن سمرہ سے

قَالَ جَاءَ عُثْمَانُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِأَلْفِ دِينَارٍ فِي كُمِّهِ حِينَ جَهَّزَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ فَنَثَرَهَا فِي حِجْرِهِ فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى

کہا کہ لائے عثمان نزدیک نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہزار دینار اپنی آستین میں اس وقت کہ سامان تیار کیا تبوک کا پس بکھیر دیے ہزار دینار حضرت کی گود میں پس دیکھا میں نے نبی صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يُقَلِّبُهَا فِي حِجْرِهِ وَهُوَ يَقُولُ مَا ضَرَّ عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ الْيَوْمِ مَرَّتَيْنِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ لَمَّا أَمَرَ

اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہ الٹ پلٹ کرتے تھے انہیں گود میں اور آپ فرماتے تھے نہیں ضرر کرے گی عثمان کو جو عمل کرے آج کے بعد دو بار فرمایا یہ روایت کیا اس کو احمد نے اور روایت ہے انس سے کہا جب حکم کیا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِبَيْعَةِ الرِّضْوَانِ كَانَ عُثْمَانُ رَسُولَ رَسُولِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِلٰى مَكَّةَ فَبَايَعَ النَّاسَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کو بیعۃ الرضوان کا پس تھے عثمان ایلچی رسول خدا علیہ السلام کے طرف مکے کے پس بیعت کی حضرت نے لوگوں سے پس فرمایا رسول خدا صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنَّ عُثْمَانَ فِي حَاجَةِ اللّٰهِ وَحَاجَةِ رَسُولِهِ فَضَرَبَ بِإِحْدَى يَدَيْهِ عَلَى الْأُخْرٰى فَكَانَتْ يَدُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ تحقیق عثمان کام میں اللہ کے ہے اور کام میں رسول کے پس مارا حضرت نے ایک ہاتھ اپنا اوپر اپنے دوسرے ہاتھ کے پس تھا ہاتھ رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعُثْمَانَ خَيْرًا مِنْ أَيْدِيهِمْ لِأَنْفُسِهِمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ ثُمَامَةَ بْنِ حَزْنٍ الْقُشَيْرِيِّ قَالَ شَهِدْتُ الدَّارَ حِينَ

علیہ وآلہ وسلم کا واسطے عثمان کے بہتر صحابہ کے ہاتھوں سے واسطے اپنے نفس کے نقل کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے ثمامہ بن حزن قشیری سے کہا حاضر ہوا میں گھر میں عثمان کے جس وقت

أَشْرَفَ عَلَيْهِمْ عُثْمَانُ فَقَالَ أَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ وَالْإِسْلَامَ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِينَةَ وَلَيْسَ

کہ اوپر سے جھانکا عثمان نے اس قوم پر پس کہا عثمان نے کہ سوال کرتا ہوں میں تم سے بحق خدا اور اسلام کے کہ آیا جانتے ہو تم کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے مدینے میں اور نہ تھا

بِهَا مَاءٌ يُسْتَعْذَبُ غَيْرَ بِئْرِ رُومَةَ فَقَالَ مَنْ يَشْتَرِي بِئْرَ رُومَةَ يَجْعَلُ دَلْوَهُ مَعَ دِلَاءِ الْمُسْلِمِينَ بِخَيْرٍ لَهُ مِنْهَا فِي الْجَنَّةِ

مدینے میں کوئی پانی شیریں سوا کنوئیں رومہ کے پس فرمایا حضرت نے کون شخص ہے کہ خرید کرے بیر رومہ کو اور کر دے ڈول اپنا ساتھ ڈولوں مسلمانوں کے بدلے بہتر چیز کے جنت میں

فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ صُلْبِ مَالِي وَأَنْتُمُ الْيَوْمَ تَمْنَعُونَنِي أَنْ أَشْرَبَ مِنْهَا حَتّٰى أَشْرَبَ مِنْ مَاءِ الْبَحْرِ فَقَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ فَقَالَ أَنْشُدُكُمُ

پس خریدا میں نے اس کو اصل مال اپنے سے اور تم آج کے دن منع کرتے ہو مجھ کو اس کا پانی پینے سے یہاں تک کہ پیتا ہوں میں دریا کے پانی سے پس کہا لوگوں نے خداوندا ہاں جانتے ہیں پھر کہا عثمان نے کہ پوچھتا ہوں

اللّٰهَ وَالْإِسْلَامَ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ الْمَسْجِدَ ضَاقَ بِأَهْلِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَشْتَرِي بُقْعَةَ آلِ

بحق خدا اور اسلام کے کہ آیا جانتے ہو تم کہ مسجد تنگ ہوئی مصلیوں پر پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کون شخص ہے کہ خریدے جگہ فلانے لوگ کی

فُلَانٍ فَيَزِيدُهَا فِي الْمَسْجِدِ بِخَيْرٍ لَهُ مِنْهَا فِي الْجَنَّةِ فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ صُلْبِ مَالِي فَأَنْتُمُ الْيَوْمَ تَمْنَعُونَنِي أَنْ أُصَلِّيَ فِيهَا

پس زیادہ کرے اس جگہ کو مسجد میں بدلے بہتر چیز کے واسطے اس کے بہشت میں پس خریدا میں نے اس کو اپنے اصل مال سے پس تم آج کے دن منع کرتے ہو مجھ کو اس سے کہ پڑھوں میں اس میں

رَكْعَتَيْنِ فَقَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ أَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ وَالْإِسْلَامَ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنِّي جَهَّزْتُ جَيْشَ الْعُسْرَةِ مِنْ مَالِي قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ

دو رکعت نماز پس کہا لوگوں نے یا الٰہی ہاں جانتے ہیں ہم کہا عثمان نے پوچھتا ہوں میں تم سے بحق خدا اور اسلام کے کہ آیا جانتے ہو تم تحقیق میں نے سامان درست کیا لشکر تنگی کا اپنے مال سے کہا لوگوں نے یا الٰہی

أَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ وَالْإِسْلَامَ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَلٰى ثَبِيرِ مَكَّةَ وَمَعَهُ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَأَنَا فَتَحَرَّكَ

کہا پوچھتا ہوں میں تم سے بحق خدا اور اسلام کے آیا جانتے ہو تم کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے تھے ثبیر مکہ پر اور ساتھ حضرت کے ابوبکر اور عمر تھے اور میں بھی پس ہلا

الْجَبَلُ حَتّٰى تَسَاقَطَتْ حِجَارَتُهُ بِالْحَضِيضِ فَرَكَضَهُ بِرِجْلِهِ قَالَ اسْكُنْ ثَبِيرُ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ نَبِيٌّ وَصِدِّيقٌ وَشَهِيدَانِ

پہاڑ یہاں تک کہ گرنے لگے پتھر اس کے دامن کوہ میں پس مارا اس کو حضرت نے لات سے اور فرمایا ٹھہر جا اے ثبیر اس لئے کہ نہیں ہے تجھ پر مگر نبی اور صدیق اور دو شہید

قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ اللّٰهُ أَكْبَرُ شَهِدُوا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ أَنِّي شَهِيدٌ ثَلَاثًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَعَنْ مُرَّةَ بْنِ

کہا لوگوں نے یا الٰہی ہاں اسی طرح ہے کہا عثمان نے اللہ اکبر گواہی دی انہوں نے قسم ہے پروردگار کعبہ کی کہ میں شہید ہوں تین بار کہا یہ روایت کیا اس کو ترمذی اور نسائی اور دارقطنی نے اور روایت ہے مرہ بن

كَعْبٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ الْفِتَنَ فَقَرَّبَهَا فَمَرَّ رَجُلٌ مُقَنَّعٌ فِي ثَوْبٍ فَقَالَ هٰذَا يَوْمَئِذٍ عَلَى الْهُدٰى

کعب سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جس حال میں کہ ذکر کیا حضرت نے فتنوں کا اور قریب بتایا ان کو پس گذرا ایک شخص کپڑا اوڑھے ہوئے سر پر پس فرمایا حضرت نے یہ شخص اس دن ہدایت پر ہوگا

فَقُمْتُ إِلَيْهِ فَإِذَا هُوَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ قَالَ فَأَقْبَلْتُ عَلَيْهِ بِوَجْهِهٖ فَقُلْتُ هٰذَا قَالَ نَعَمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا

پس کھڑا ہوا میں اس کی طرف پس ناگاہ وہ شخص عثمان بن عفان تھے کہا پس متوجہ کیا میں نے عثمان کا منہ آنحضرت کی طرف پس کہا میں نے یہ شخص کہا ہاں یہ روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ

حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ يَا عُثْمَانُ إِنَّهُ لَعَلَّ اللّٰهَ يُقَمِّصُكَ قَمِيصًا فَإِنْ أَرَادُوكَ

حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے عائشہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے عثمان کہ شاید خدا تعالیٰ پہناوے تجھکو ایک کرتا پس اگر چاہیں لوگ تجھ سے

عَلٰى خَلْعِهٖ فَلَا تَخْلَعْهُ لَهُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ فِي الْحَدِيثِ قِصَّةٌ طَوِيلَةٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ ذَكَرَ رَسُولُ

کہ اتار دالے تو تو نہ اتاریو اسکو ان کے لئے یہ روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے اس حدیث میں قصہ دراز ہے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ ذکر کیا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِتْنَةً فَقَالَ يُقْتَلُ هٰذَا فِيهَا مَظْلُومًا لِعُثْمَانَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ

خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتنہ کا پس فرمایا کہ مارا جاوے گا یہ اس فتنہ میں مظلوم کہا یہ واسطے عثمان کے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے

إِسْنَادًا وَعَنْ أَبِي سَهْلَةَ قَالَ قَالَ لِي عُثْمَانُ يَوْمَ الدَّارِ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَدْ عَهِدَ إِلَيَّ عَهْدًا وَأَنَا صَابِرٌ

از روے سند کے اور روایت ہے ابی سہلہ سے کہا کہ کہا مجھکو عثمان نے روز دار کے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تحقیق عہد لیا تھا مجھ سے ایک عہد کہ میں صبر کرنے والا ہوں

عَلَيْهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ

اس پر روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

فصل تیسری

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ مِصْرَ يُرِيدُ حَجَّ الْبَيْتِ فَرَأٰى قَوْمًا جُلُوسًا فَقَالَ مَنْ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمُ قَالُوا هٰؤُلَاءِ قُرَيْشٌ قَالَ فَمَنِ الشَّيْخُ فِيهِمْ

روایت ہے عثمان بن عبد اللہ بن موہب تابعی سے کہا کہ آیا ایک شخص مصر والوں سے مکہ میں حج کے ارادہ سے پس دیکھا ایک جماعت کو بیٹھی ہوئی پس کہا اس نے کون ہے یہ قوم کہا لوگوں نے یہ لوگ قریش ہیں کہا کون ہے شیخ ان میں

قَالُوا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ يَا ابْنَ عُمَرَ إِنِّي سَائِلُكَ عَنْ شَيْءٍ فَحَدِّثْنِي هَلْ تَعْلَمُ أَنَّ عُثْمَانَ فَرَّ يَوْمَ أُحُدٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ هَلْ تَعْلَمُ

کہا عبد اللہ ابن عمر ہیں کہا اے ابن عمر تحقیق میں پوچھنے والا ہوں تجھ سے کچھ پس بات کہہ مجھکو کیا جانتا ہے تو کہ عثمان بھاگ گئے تھے جنگ احد کے دن کہا ابن عمر نے ہاں کہا کیا جانتا ہے تو

أَنَّهُ تَغَيَّبَ عَنْ بَدْرٍ وَلَمْ يَشْهَدْهُ قَالَ نَعَمْ قَالَ هَلْ تَعْلَمُ أَنَّهُ تَغَيَّبَ عَنْ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ فَلَمْ يَشْهَدْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ اللّٰهُ أَكْبَرُ

کہ عثمان غائب تھے غزوہ بدر سے اور حاضر نہ ہوئے کہا ہاں کہا کیا جانتا ہے تو کہ عثمان غائب تھے بیعت الرضوان سے اور نہ حاضر ہوئے تھے وہاں کہا ابن عمر نے ہاں کہا اس نے اللہ اکبر

قَالَ ابْنُ عُمَرَ تَعَالَ أُبَيِّنْ لَكَ أَمَّا فِرَارُهُ يَوْمَ أُحُدٍ فَأَشْهَدُ أَنَّ اللّٰهَ عَفَا عَنْهُ وَأَمَّا تَغَيُّبُهُ عَنْ بَدْرٍ فَإِنَّهُ كَانَتْ تَحْتَهُ رُقَيَّةُ

کہا ابن عمر نے آ بیان کروں میں تجھ سے حقیقت حال لیکن بھاگنا عثمان کا روز احد کے پس گواہی دیتا ہوں میں کہ خدا تعالیٰ نے درگذر کیا اس سے اور لیکن غائب ہونا عثمان کا بدر سے پس اس سبب سے تھا کہ تھیں ان کے نکاح میں رقیہ

بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَكَانَتْ مَرِيضَةً فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إِنَّ لَكَ أَجْرَ

بیٹی رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اور تھیں وہ بیمار پس فرمایا عثمان کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ تیرے لئے ثواب

رَجُلٍ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا وَسَهْمَهُ وَأَمَّا تَغَيُّبُهُ عَنْ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ فَلَوْ كَانَ أَحَدٌ أَعَزَّ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ عُثْمَانَ لَبَعَثَهُ

ایک شخص کا ہے ان لوگوں میں سے جو حاضر ہوئے بدر میں اور حصہ اس کا بھی ہے اور لیکن غائب ہونا عثمان کا بیعت الرضوان سے پس اگر ہوتا کوئی بہت عزت والا مکہ میں عثمان سے تو بھیجتے اس کو

بعث رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عثمان وكانت بيعة الرضوان بعد ما ذهب عثمان الى مكة فقال رسول الله

پس بھیجا رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے عثمان کو اور ہوئی بیعت الرضوان بعد جانے عثمان کے طرف مکے کے تب اشارہ کیا رسول خدا

صلى الله عليه وآله وسلم بيده اليمنى هذه يد عثمان فضرب بها على يده وقال هذه لعثمان ثم قال ابن عمر اذهب بها الآن

صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنے داہنے ہاتھ سے یہ ہاتھ عثمان کا ہے پس مارا اسکو اپنے ہاتھ پر اور فرمایا یہ بیعت ہے واسطے عثمان کے پھر کہا ابن عمر نے لیجا اب اس جواب

معك رواه البخاري وعن ابي سهلة مولى عثمان قال جعل النبي صلى الله عليه وآله وسلم يسر الى عثمان ولون عثمان يتغير

ساتھ اپنے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی سہلہ مولی عثمان سے کہا شروع کیا نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے سرگوشی کرنا ساتھ عثمان کے اور رنگ عثمان کا متغیر ہوتا

فلما كان يوم الدار قلنا الا تقاتل قال لا ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عهد الي امرا فانا صابر نفسي عليه

پس جبکہ ہوا یوم الدار کہا ہم نے کیا نہ لڑینگے ہم آپ کہا عثمان نے نہ اس لئے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے وصیت کی مجھکو ایک امر کی پس روکنے والا ہوں اپنے نفس کو

وعن ابي حبيبة انه دخل الدار وعثمان محصور فيها وانه سمع ابا هريرة يستأذن عثمان في الكلام فاذن

اور روایت ہے ابی حبیبہ تابعی سے کہ وہ داخل ہوا گھر میں عثمان کے اس حال میں کہ عثمان گھر گئے تھے گھر میں اور تحقیق ابی حبیبہ نے سنا ابوہریرہ کو کہ پروانگی مانگتے عثمان سے کلام کرنے کی پس اجازت دی

له فقام فحمد الله واثنى عليه ثم قال اني سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول انكم ستلقون بعدي فتنة واختلافا

اسکو پس کھڑے ہوئے ابوہریرہ اور حمد کی اللہ کی اور ثنا کی اسپر پھر کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے تحقیق تم دیکھوگے پیچھے میرے بلائیں اور بہت اختلاف

او قال اختلافا وفتنة فقال له قائل من الناس فمن لنا يا رسول الله او ما تامرنا به قال عليكم بالامير واصحابه وهو يشير الى عثمان

ذلك رواهما البيهقي في دلائل النبوة

باب مناقب هؤلاء الثلثة رضي الله عنهم

الفصل الاول

روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے دلائل النبوۃ میں باب مناقب میں ان تینوں کے رضی اللہ عنہم فصل پہلی

عن انس ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم صعد احدا وابو بكر وعمر وعثمان فرجف بهم فضربه برجله فقال اثبت

روایت ہے انس سے کہ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم چڑھے احد پر اور ابوبکر اور عمر اور عثمان بھی ساتھ حضرت کے پس ہلا احد سبب انکے پس مارا حضرت نے اسکو پاؤں سے اپنے اور فرمایا ٹھہر

احد فانما عليك نبي وصديق وشهيدان رواه البخاري وعن ابي موسى الاشعري قال كنت مع النبي صلى الله عليه وآله وسلم

ای احد پس نہیں ہے تجھپر مگر نبی اور صدیق اور دو شہید روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابی موسی اشعری سے کہا تھا میں ساتھ نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے

في حائط من حيطان المدينة فجاء رجل فاستفتح فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم افتح له وبشره بالجنة ففتحت له

ایک باغ میں باغوں سے مدینے کے پس آیا ایک شخص اور کھلوایا دروازہ پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے کھولدے اسکے لئے دروازہ اور خوشخبری دے اسکو جنت کی

فاذا ابو بكر فبشرته بما قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فحمد الله ثم جاء رجل فاستفتح فقال النبي صلى الله عليه وسلم

افتح له وبشره بالجنة ففتحت له فاذا هو عمر فاخبرته بما قال النبي صلى الله عليه وسلم فحمد الله ثم استفتح رجل

فقال لي افتح له وبشره بالجنة على بلوى تصيبه فاذا عثمان فاخبرته بما قال النبي صلى الله عليه وسلم فحمد الله ثم

قال الله المستعان متفق عليه **الفصل الثاني** عن ابن عمر قال كنا نقول ورسول الله صلى الله عليه وآله وسلم حي

کہا اللہ سے طلب مدد کی جاتی ہے متفق علیہ فصل دوسری روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ کہتے تھے ہم جس وقت کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم زندہ تھے

ابو بكر وعمر وعثمان رضي الله عنهم رواه الترمذي **الفصل الثالث** عن جابر ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

ابوبکر اور عمر اور عثمان راضی رہے اللہ انسے روایت کیا اسکو ترمذی نے فصل تیسری روایت ہے جابر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے

قال أُري الليلة رجل صالح كأن أبا بكر نيط برسول الله صلى الله عليه وسلم ونيط عمر بأبي بكر ونيط عثمان بعمر قال جابر فلما

فرمایا کہ دکھلایا گیا خواب میں آج کی رات ایک مرد صالح کو گویا ابوبکر لٹکائے گئے ہیں ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور لٹکائے گئے ہیں عمر ساتھ ابوبکر کے اور لٹکائے گئے عثمان ساتھ عمر کے کہا جابر نے

قمنا من عند رسول الله صلى الله عليه وسلم قلنا أما الرجل الصالح فرسول الله صلى الله عليه وسلم وأما نوط بعضهم ببعض

اٹھے ہم نزدیک سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہتے ہم لیکن رجل صالح مراد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ہیں اور لیکن لٹکانا بعضوں کا ساتھ بعضوں کے

فهم ولاة الأمر الذي بعث الله به نبيه صلى الله عليه وسلم رواه ابو داود

پس وہ والی اس کام کے ہیں کہ بھیجا اللہ تعالی نے ساتھ اسکے نبی کو اپنے صلے اللہ علیہ وسلم روایت کیا اسکو ابوداود نے

باب مناقب علي بن ابي طالب

باب مناقب علی بن ابی طالب کے

الفصل الاول عن سعد بن ابي وقاص قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعلي انت مني بمنزلة هارون من موسى الا

فصل پہلی روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے علی کو کہ تو مجھ سے بمنزلہ ہارون کے ہے موسے سے مگر فرق

انه لا نبي بعدي متفق عليه وعن زر بن حبيش قال قال علي والذي فلق الحبة وبرأ النسمة انه لعهد النبي

یہی ہے کہ نہیں ہے پیغمبر بعد میرے متفق علیہ اور روایت ہے زر ابن حبیش سے کہا کہا علی رضی نے قسم ہے اس ذات کی کہ پھاڑا دانہ کو اور پیدا کیا جاندار ذی روح کو تحقیق عہد لیا نبی

الامي صلى الله عليه وسلم الي ان لا يحبني الا مؤمن ولا يبغضني الا منافق رواه مسلم وعن سهل بن سعد

امی صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے کہ دوست نہیں رکھے گا مجھکو مگر مومن اور دشمن نہیں رکھے گا مجھکو مگر منافق روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے سہل بن سعد سے

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يوم خيبر لاعطين هذه الراية غدا رجلا يفتح الله على يديه يحب الله ورسوله ويحبه

کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دن غزوہ خیبر کے کہ دونگا یہ نشان کل کے دن ایک مرد کو فتح کریگا اللہ اسکے ہاتھوں پر دوست رکھتا ہے اللہ کو اور رسول اسکے کو اور دوست رکھتا ہے اسکو

الله ورسوله فلما اصبح الناس غدوا على رسول الله صلى الله عليه وسلم كلهم يرجون ان يعطاها فقال اين علي بن ابي طالب

اللہ اور رسول اسکا پھر جب صبح کی لوگوں نے آئے صبح کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس سب امید رکھتے تھے کہ دیا جاوے نشان انکو پس فرمایا حضرت نے کہاں ہے علی بن ابی طالب

فقالوا هو يا رسول الله يشتكي عينيه قال فارسلوا اليه فاتي به فبصق رسول الله صلى الله عليه وسلم في عينيه فبرأ

پس کہا صحابہ نے کہ وہ ہیں یا رسول اللہ شکایت رکھتے ہیں آنکھوں کی فرمایا حضرت نے بھیجو کسو طرف اسکے پس لائے گئے علی تو آب دہن ڈالا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آنکھوں میں پس تندرست ہوئے

حتى كأن لم يكن به وجع فاعطاه الراية فقال علي يا رسول الله اقاتلهم حتى يكونوا مثلنا قال انفذ على رسلك حتى

یہاں تک کہ گویا نہ تھا انکو کچھ درد پس دیا انکو نشان پس کہا علی نے یا رسول اللہ کیا لڑوں میں ان سے یہاں تک کہ ہو جاویں مانند ہمارے مسلمان فرمایا حضرت نے جا اوپر نرمی اپنے کے یہاں تک

تنزل بساحتهم ثم ادعهم الى الاسلام واخبرهم بما يجب عليهم من حق الله فيه فوالله لان يهدي الله بك رجلا

اترے تو انکی زمین میں پھر بلا انکو طرف اسلام کے اور خبر کر انکو ساتھ اس چیز کے کہ واجب ہے ان پر حق اللہ سے اسلام میں پس قسم خدا کی ہے کہ ہدایت کرے اللہ بسبب تیرے ایک مرد کو

واحدا خير لك من ان يكون لك حمر النعم متفق عليه وذكر حديث البراء قال لعلي انت مني وانا منك في باب بلوغ الصغير

بہتر ہے تیرے لئے اس سے کہ ہوویں تجھکو اونٹ سرخ مو اور ذکر کی گئی حدیث براء کی فرمایا علی کو کہ تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے باب بلوغ الصغیر میں

الفصل الثانی عن عمران بن حصين ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال ان عليا مني وانا منه وهو ولي كل مؤمن

فصل دوسری روایت ہے عمران بن حصین سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ علی مجھ سے ہے اور میں علی سے اور علی دوست ہے ہر مومن کا

رواه الترمذي **وعن** زيد بن ارقم ان النبي صلى الله عليه وسلم قال من كنت مولاه فعلي مولاه رواه احمد والترمذي

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے زید بن ارقم سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ میں ہوں دوست اسکا پس علی دوست اسکا ہے روایت کی اسکو احمد اور ترمذی نے

وعن حبشي بن جنادة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم علي مني وانا من علي ولا يؤدي عني الا انا او علي رواه

اور روایت ہے حبشی بن جنادہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے علی مجھ سے ہے اور میں علی سے اور نہ ادا کرے عہد کو میری طرف سے مگر میں یا علی روایت کیا

الترمذي واحمد عن ابي جنادة **وعن** ابن عمر قال آخى رسول الله صلى الله عليه وسلم بين اصحابه فجاء علي تدمع

ترمذی اور احمد نے ابی جنادہ سے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا کہ بھائی چارہ کروایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے درمیان اپنے یاروں کے پس آئے علی آنسو بہاتی

عيناه فقال آخيت بين اصحابك ولم تؤاخ بيني وبين احد فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم انت اخي في الدنيا

آنکھیں انکی پس کہا علی نے بھائی چارہ کروایا آپ نے درمیان اپنے یاروں کے اور بھائی چارہ نہ کروایا آپ نے درمیان میرے اور درمیان کسی کے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تو بھائی ہے میرا دنیا

والآخرة رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب **وعن** انس قال كان عند النبي صلى الله عليه وسلم طير فقال

اور آخرت میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہا تھا نزدیک نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک جانور پرند پس فرمایا

اللهم ائتني باحب خلقك اليك ياكل معي هذا الطير فجاءه علي فاكل معه رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب **وعن** علي رضي الله عنه

خداوندا لا میرے پاس اسکو کہ بہت پیارا ہو نزدیک تیرے کہ کھاوے وہ ساتھ میرے اس جانور کو پھر آئے آنحضرت کے پاس علی اور کھایا ساتھ ان کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے علی سے

قال كنت اذا سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم اعطاني واذا سكت ابتدأني رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن

کہا تھا میں جب مانگتا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کچھ دیتے مجھکو اور جب خاموش ہو رہتا میں دیتے مجھکو بے سوال روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن

غريب **وعنه** قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انا دار الحكمة وعلي بابها رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب

غریب ہے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں گھر حکمت کا ہوں اور علی دروازہ اسکا روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب

وقال روى بعضهم هذا الحديث عن شريك ولم يذكروا فيه عن الصنابحي ولا نعرف هذا الحديث عن احد

اور کہا ترمذی نے روایت کی بعضوں نے یہ حدیث شریک تابعی سے اور نہیں ذکر کی اپنے اسناد حدیث میں صنابحی سے اور نہیں پہچانتے ہم اس حدیث کو کسی

من الثقات غير شريك **وعن** جابر قال دعا رسول الله صلى الله عليه وسلم عليا يوم الطائف فانتجاه فقال الناس لقد

ثقات سے سوائے شریک کے اور روایت ہے جابر سے کہا کہ بلایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے علی کو غزوہ طائف کے دن پس سرگوشی کی ان سے پس کہا لوگوں نے

طال نجواه مع ابن عمه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما انتجيته ولكن الله انتجاه رواه الترمذي **وعن** ابي سعيد

دراز ہوئی سرگوشی آپکی ساتھ اپنے چچا کے بیٹے کے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں سرگوشی کی میں نے ان سے لیکن اللہ نے سرگوشی کی ان سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابی سعید سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لعلي يا علي لا يحل لاحد يجنب في هذا المسجد غيري وغيرك قال علي بن

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی کو اے علی نہیں حلال ہے کسی کے واسطے کہ جنبی ہو اس مسجد میں سوا میرے اور سوا تیرے کہا علی بن

المنذر فقلت لضرار بن صرد ما معنى هذا الحديث قال لا يحل لاحد يستطرقه جنبا غيري وغيرك رواه الترمذي

منذر نے پس کہا میں نے ضرار بن صرد کو کیا معنی ہیں اس حدیث کے کہا نہیں حلال ہے کسی کو کہ راہ کرے مسجد کو حالت جنب میں سوا میرے اور سوا تیرے روایت کیا اسکو ترمذی نے

وقال هذا حديث حسن غريب **وعن** ام عطية قالت بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم جيشا فيهم علي قالت

اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ام عطیہ سے کہا کہ بھیجا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر کو کہ ان میں علی تھے کہا ام عطیہ نے

فسمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو رافع يديه يقول اللهم لا تمتني حتى تريني عليا رواه الترمذي

پس سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو جس حال میں اٹھائے ہوئے تھے دونوں ہاتھ اپنے فرماتے تھے الہی مت مار مجھ کو یہاں تک کہ دکھاوے تو مجھے علی کو روایت کیا اسکو ترمذی نے

الفصل الثالث

عن ام سلمة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحب عليا منافق ولا يبغضه مؤمن رواه

فصل تیسری روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں دوست رکھتا علی کو منافق اور نہیں دشمن رکھتا انکو مومن روایت کیا اسکو

احمد والترمذي وقال هذا حديث حسن غريب اسنادا **وعنها** قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من سب عليا

احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے باعتبار اسناد کے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے برا کہا علی کو

فقد سبني رواه احمد **وعن** علي رض قال قال لي النبي صلى الله عليه وسلم فيك مثل من عيسى ابغضته اليهود

پس تحقیق برا کہا وہ مجھکو روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے علی رض سے کہا کہ فرمایا مجھکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تجھ میں ایک شباہت ہے عیسیٰ سے دشمن رکھا انکو یہود نے

حتى بهتوا امه واحبته النصارى حتى انزلوه بالمنزلة التي ليست له ثم قال يهلك في رجلان محب مفرط يقرظني

یہاں تک کہ تہمت لگائی انکی ماں کو اور دوست رکھا انکو نصاریٰ نے یہاں تک کہ اتارا ان کو اس مرتبہ کہ نہیں ہے ثابت ان کے لئے پھر کہا علی نے ہلاک ہوویں گے میرے حق میں دو شخص ایک محبت کرنے والا حد سے زیادہ تعریف کرے میری

بما ليس في ومبغض يحمله شناني على ان يبهتني رواه احمد **وعن** البراء بن عازب وزيد بن ارقم ان رسول الله

ساتھ اس چیز کے کہ نہیں ہے مجھ میں اور دوسرا دشمن کہ باعث ہوگی اسکو دشمنی میری اس پر کہ بہتان لگاوے مجھ پر روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے براء بن عازب اور زید بن ارقم سے کہ رسول خدا

صلى الله عليه وسلم لما نزل بغدير خم اخذ بيد علي رض فقال الستم تعلمون اني اولى بالمؤمنين من انفسهم قالوا بلى

صلے اللہ علیہ وسلم نے جب اترے غدیر خم میں پکڑا آنحضرت نے ہاتھ حضرت علی رض کا پھر فرمایا کیا نہیں جانتے ہو تم کہ میں دوست تر ہوں نزدیک مومنوں کے ان کی جانوں سے بھی کہا صحابہ نے ہاں

قال الستم تعلمون اني اولى بكل مؤمن من نفسه قالوا بلى فقال اللهم من كنت مولاه فعلي مولاه اللهم وال من

فرمایا کیا نہیں جانتے ہو تم کہ میں زیادہ دوست ہوں ہر مومن کے پاس اسکے جان سے بھی کہا صحابہ نے مقرر آپ ایسے ہی ہیں پھر فرمایا بار خدایا جو شخص کہ ہوں میں دوست اسکا پس علی دوست اسکا خداوندا دوست رکھ

والاه وعاد من عاداه فلقيه عمر رض بعد ذلك فقال له هنيئا يا ابن ابي طالب اصبحت وامسيت مولى كل مؤمن ومؤمنة

دوست رکھے علی کو اور دشمن رکھ اسکو جو دشمن رکھے انکو پس ملاقات کی علی سے عمر رض نے بعد اسکے پس کہا عمر نے علی کو خوشی ہوا ای ابن ابی طالب صبح کی تم نے اور شام کی تم نے دوست ہر مومن مرد اور عورت کے

رواه احمد **وعن** بريدة قال خطب ابو بكر وعمر فاطمة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم انها صغيرة ثم خطبها علي

روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے بریدہ سے کہا کہ پیغام نسبت کا بھیجا ابوبکر اور عمر نے فاطمہ سے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ چھوٹی ہے پھر پیغام بھیجا نسبت کا فاطمہ کے علی نے

فزوجها منه رواه النسائي **وعن** ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم امر بسد الابواب الا باب علي رواه

پس نکاح کر دیا حضرت نے فاطمہ کو علی سے روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا دروازے بند کرنے کا سوائے دروازہ علی کے روایت کیا اسکو

الترمذي وقال هذا حديث غريب **وعن** علي رض قال كانت لي منزلة من رسول الله صلى الله عليه وسلم لم تكن لاحد من

ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے علی رض سے کہا کہ تھا میرے لئے ایک مرتبہ نزدیک رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ نہ تھا کسی کے لئے

الخلائق انيه باعلى سحر فاقول السلام عليك يا نبي الله فان تنحنح انصرفت الى اهلي والا دخلت عليه رواه النسائي **وعنه**

خلائق میں سے آتا تھا میں حضرت کے پاس اول وقت سحر میں پس کہتا تھا میں السلام علیک یا نبی اللہ پھر اگر کھنکارتے آنحضرت پھر جاتا میں طرف اپنے گھر کے اور اگر نہ کھنکارتے تو جاتا میں حضرت کے پاس روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے

قال كنت شاكيا فمر بي رسول الله صلى الله عليه وسلم وانا اقول اللهم ان كان اجلي قد حضر فارحني وان كان متاخرا فارفغني

کہا تھا میں بیمار پس گذرے مجھ پر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور میں کہہ رہا تھا الٰہی اگر اجل میری تحقیق آئی ہے پس راحت دے مجھکو اور اگر ڈھیل ہے تو فراخ کر زندگانی میری

وان كان بلاء فصبرني فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم كيف قلت فاعاد عليه ما قال فضربه برجله وقال اللهم عافه

اور اگر ہی یہ بیماری واسطے آزمائش کے تو صبر دے مجھکو پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کس طرح کہا تو پھر دوبارہ کہا اسکو سامنے حضرت کے جو کہا تھا پس مارا علی کو ساتھ پاؤں اپنے کے اور فرمایا الٰہی عافیت دے اسکو

او اشفه شك الراوي قال فما اشتكيت وجعي بعد رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح

یا فرمایا شفا بخش اسکو شک کیا راوی نے کہا علی نے پس نہیں بیمار ہوا میں اس درد سے بعد اسکے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے

باب مناقب العشرة رضي الله عنهم

باب مناقب عشرہ مبشرہ کے خوش ہووے اللہ ان سے

الفصل الاول

فصل پہلی

وعن عمر رض قال ما احد احق بهذا الامر من هؤلاء النفر الذين توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو عنهم راض فسمى عليا وعثمان والزبير وطلحة وسعدا وعبد الرحمن رواه البخاري

روایت ہے عمر رض سے کہا نہیں ہے کوئی سزاوار تر اس کام کا ان چند شخصوں سے کہ وفات پائی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جس حال میں کہ آپ راضی تھے ان سے پس نام لیا علی اور عثمان اور زبیر اور طلحہ اور سعد اور عبد الرحمن کا روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن قيس بن ابي حازم قال رايت يد طلحة شلاء وقى بها النبي صلى الله عليه وسلم يوم احد رواه البخاري

اور روایت ہے قیس بن ابی حازم سے کہا دیکھا میں نے ہاتھ طلحہ کا شل ہوگیا تھا بسبب اسکے کہ بچایا تھا اس سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو جنگ احد کے دن روایت کیا اسکو بخاری نے

وعن جابر قال قال النبي صلى الله عليه وسلم من ياتيني بخبر القوم يوم الاحزاب قال الزبير انا فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان لكل نبي حواريا وحواري الزبير متفق عليه

اور روایت ہے جابر سے کہا کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کون ہے کہ لاوے میرے پاس خبر قوم کفار کی غزوہ خندق کے دن عرض کیا زبیر نے میں لاتا ہوں خبر قوم کی پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر نبی کے لئے مددگار ہوتے ہیں اور مددگار میرا زبیر ہے ۔ ق

وعن الزبير قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ياتي بني قريظة فياتيني بخبرهم فانطلقت فلما رجعت جمع لي رسول الله صلى الله عليه وسلم ابويه فقال فداك ابي وامي متفق عليه

اور روایت ہے زبیر سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کون ہے کہ جاوے بنی قریظہ کے پاس اور لاوے میرے پاس خبر انکی پس چلا میں پھر جب خبر لیکر پھرا میں جمع کیے میرے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے ماں باپ کو اور فرمایا قربان تجھ پر باپ اور ماں میری ۔ ق

وعن علي رض قال ما سمعت النبي صلى الله عليه وسلم جمع ابويه لاحد الا لسعد بن مالك فاني سمعته يقول يوم احد يا سعد ارم فداك ابي وامي متفق عليه

اور روایت ہے علی رض سے کہا کہ نہیں سنا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ جمع کیا ہو اپنے ماں باپ کو کسی کے لئے مگر واسطے سعد بن مالک کے پس تحقیق سنا میں نے حضرت سے فرماتے تھے غزوہ احد کے دن اے سعد پھینک تیر قربان ہو تجھ پر باپ اور ماں میرے ۔ ق

وعن سعد بن ابي وقاص قال اني لاول العرب رمى بسهم في سبيل الله متفق عليه

اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہا کہ تحقیق میں اول عرب ہوں کہ پھینکا تیر خدا کی راہ میں ۔ ق

وعن عائشة قالت سهر رسول الله صلى الله عليه وسلم مقدمه المدينة ليلة فقال ليت رجلا صالحا يحرسني الليلة اذ سمعنا صوت سلاح فقال من هذا قال انا سعد قال ما جاء بك قال وقع في نفسي خوف على رسول الله صلى الله عليه وسلم فجئت احرسه فدعا له رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم نام متفق عليه

اور روایت ہے عائشہ سے بولیں نہ سوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے وقت آنے مدینے میں کسی غزوہ سے ایک رات پس فرمایا حضرت نے کاش کہ ایک مرد نیکبخت نگہبانی کرے میری آج کی رات ناگاہ سنا ہمنے آواز ہتھیار کی پس فرمایا حضرت نے کون ہے یہ کہا میں سعد ہوں فرمایا حضرت نے کیا چیز لائی تجھکو کہا سعد نے کہ واقع ہوا دل میں خوف بنسبت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ پس آیا میں تاکہ نگہبانی کروں تیری آپکی پس دعا کی اسکے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر آرام فرمایا ۔ ق

وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

لكل أمة أمين وأمين هذه الأمة أبو عبيدة بن الجراح. متفق عليه. وعن ابن أبي مليكة قال سمعت عائشة وسئلت من

واسطے ہر امت کے ایک امانت دار ہے اور امانت دار اس امت کا ابو عبیدہ بن الجراح ہے۔ ق ۔ اور روایت ہے ابن ابی ملیکہ سے کہا سنا میں نے عائشہ سے جس حال میں کہ پوچھی گئیں

كان رسول الله صلى الله عليه وسلم مستخلفا لو استخلفه قالت أبو بكر فقيل لها ثم من بعد أبي بكر قالت عمر قيل من بعد

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خلیفہ ایسا کہ اگر خلیفہ کرتے اسکو اپنے بعد کہا عائشہ نے ابو بکر کو پھر کہا گیا پھر کس کو کرتے بعد ابی بکر کے کہا عائشہ نے عمر کو پوچھا گیا بعد

عمر قالت أبو عبيدة بن الجراح. رواه مسلم. وعن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان على حراء هو وأبو بكر وعمر

عمر کے بولیں ابو عبیدہ بن الجراح۔ روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم تھے حرا پر ساتھ آپ اور ابو بکر اور عمر

وعثمان وعلي وطلحة والزبير فتحركت الصخرة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اهدأ فما عليك إلا نبي أو صديق أو

اور عثمان اور علی اور طلحہ اور زبیر پس ہلا پتھر حرا کا پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ٹھہر جا پس نہیں ہے اوپر تیرے مگر نبی یا صدیق یا

شهيد وزاد بعضهم وسعد بن أبي وقاص ولم يذكر عليا. رواه مسلم.

شہید اور زیادہ کیا بعضوں نے یہ لفظ اور سعد بن ابی وقاص اور ذکر نہیں کیا علی کو روایت کیا اسکو مسلم نے

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن عبد الرحمن ابن عوف أن النبي صلى الله عليه وسلم قال أبو بكر في الجنة وعمر في الجنة وعثمان في الجنة وعلي في الجنة وطلحة في الجنة

روایت ہے عبد الرحمن ابن عوف سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابو بکر بہشت میں ہے اور عمر بہشت میں ہے اور عثمان بہشت میں ہے اور علی بہشت میں ہے اور طلحہ جنت میں ہے

والزبير في الجنة وعبد الرحمن بن عوف في الجنة وسعد بن أبي وقاص في الجنة وسعيد بن زيد في الجنة وأبو عبيدة بن

اور زبیر بہشت میں ہے اور عبد الرحمن بن عوف بہشت میں ہے اور سعد ابن ابی وقاص بہشت میں ہے اور سعید بن زید بہشت میں ہے اور ابو عبیدہ بن

الجراح في الجنة. رواه الترمذي ورواه ابن ماجه عن سعيد بن زيد. وعن أنس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال أرحم

الجراح بہشت میں ہے۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے سعید بن زید سے۔ اور روایت ہے انس سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا مہربان زیادہ

أمتي بأمتي أبو بكر وأشدهم في أمر الله عمر وأصدقهم حياء عثمان وأفرضهم زيد بن ثابت وأقرؤهم أبي بن كعب

میری امت کا میری امت پر ابو بکر ہے اور سخت تر ان کا امر دین خدا کے عمر ہے اور بہت سچا ان کا حیا میں عثمان ہے اور بہت فرائض جاننے والا امت کا زید بن ثابت ہے اور بہت پڑھنے والا ابی بن کعب ہے

وأعلمهم بالحلال والحرام معاذ بن جبل ولكل أمة أمين وأمين هذه الأمة أبو عبيدة بن الجراح. رواه أحمد والترمذي

اور بہت جاننے والا امت کا حلال اور حرام میں معاذ بن جبل ہے اور واسطے ہر امت کے ایک امین ہے اور امین اس امت کا ابو عبیدہ بن الجراح ہے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے

وقال هذا حديث حسن صحيح. وروي عن معمر عن قتادة مرسلا وفيه وأقضاهم علي. وعن الزبير قال كان على النبي

اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کی گئی ہے معمر سے قتادہ سے بطریق ارسال کے اور اس میں ہے اور حکم کرنے والا زیادہ امت میں علی ہے اور روایت ہے زبیر سے کہا تھیں اوپر نبی

صلى الله عليه وسلم يوم أحد درعان فنهض إلى الصخرة فلم يستطع فقعد طلحة تحته حتى استوى على الصخرة فسمعت

صلے اللہ علیہ وسلم کے دن جنگ احد کے دو زرہیں پس متوجہ ہوئے طرف پتھر کے پس نہ چڑھ سکے پس بیٹھے طلحہ نیچے حضرت کے یہاں تک کہ ٹھہرے اوپر پتھر کے پس سنا میں نے

رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول أوجب طلحة. رواه الترمذي. وعن جابر قال نظر رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے واجب کی طلحہ نے بہشت روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر سے کہا دیکھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے طرف

طلحة بن عبيد الله فقال من أحب أن ينظر إلى رجل يمشي على وجه الأرض وقد قضى نحبه فلينظر إلى هذا. وفي رواية من

طلحہ بن عبید اللہ کے فرمایا جو کوئی دوست رکھے کہ دیکھے طرف شخص کے کہ چلتا ہے اوپر زمین کے اور تحقیق مر چکا وہ تو چاہیے کہ دیکھے طرف اسکے اور ایک روایت میں ہے [illegible]

سرّه أن ينظر إلى شهيد يمشي على وجه الأرض فلينظر إلى طلحة بن عبيد الله رواه الترمذي وعن علي رض قال

خوش ہو کہ دیکھے طرف شہید کے کہ چلتا ہو اوپر زمین پر تو چاہیے کہ دیکھے طرف طلحہ بن عبید اللہ کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے علی رض سے کہا

سمعت أذني من في رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول طلحة والزبير جاراي في الجنة رواه الترمذي وقال هذا حديث

سنا میرے دونوں کانوں نے منہ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے فرماتے تھے طلحہ اور زبیر ہمسایہ میرے ہیں بہشت میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث

غريب وعن سعد بن أبي وقاص أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يومئذ يعني يوم أحد اللهم اشدد رميته

غریب ہے اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسدن یعنے روز احد کے خداوندا قوی کر تیر اندازی اسکی

وأجب دعوته رواه في شرح السنة وعنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اللهم استجب لسعد إذا دعاك

اور قبول کر دعا اسکی روایت کیا اسکو شرح سنت میں اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا الہی قبول کر دعا سعد کی جب دعا کرے تجھ سے

رواه الترمذي وعن علي رض قال ما جمع رسول الله صلى الله عليه وسلم أباه وأمه إلا لسعد قال له يوم أحد ارم فداك

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے علی رض سے کہا نہیں جمع کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے باپ اور ماں اپنے کو مگر واسطے سعد کے کہ فرمایا اسکو احد کے دن پھینک تیر فدا ہوں

أبي وأمي وقال له ارم أيها الغلام الحزور رواه الترمذي وعن جابر قال أقبل سعد فقال النبي صلى الله عليه وسلم

باپ میرا اور ماں اور فرمایا واسطے اسکے پھینک تیر اے نوجوان قوی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جابر سے کہا آئے سعد پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

هذا خالي فليرني امرؤ خاله رواه الترمذي وقال كان سعد من بني زهرة وكانت أم النبي صلى الله عليه وسلم من بني

یہ ہے ماموں میرا پس چاہیے کہ دکھاوے کوئی شخص اپنا ماموں کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا تھے سعد قبیلہ بنی زہرہ سے اور والدہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی قبیلہ بنی

زهرة فلذلك قال النبي عليه السلام هذا خالي وفي المصابيح فليكرمن بدل فليرني

زہرہ سے تھیں پس اسی سبب سے فرمایا نبی علیہ السلام نے کہ یہ ماموں میرا ہے اور مصابیح میں ہے کہ بزرگ رکھے بجاے فلیرنی کے

الفصل الثالث

عن قيس بن أبي حازم قال سمعت سعد بن أبي وقاص يقول إني لأول رجل من العرب رمى بسهم في سبيل الله ورأيتنا نغزو مع

فصل تیسری روایت ہے قیس بن ابی حازم سے کہا سنا میں نے سعد بن ابی وقاص کو کہتا ہو تحقیق میں اول شخص ہوں عرب میں سے کہ پھینکا تیر راہ خدا میں اور دیکھا ہمنے اپنے تئیں جہاد کرتے تھے ساتھ

رسول الله صلى الله عليه وسلم وما لنا طعام إلا الحبلة وورق السمر وإن كان أحدنا ليضع كما تضع الشاة ما له خلط ثم

ہو کر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور نہیں تھا ہمارے لئے کچھ کھانا مگر پھل کیکر کے اور پتے کیکر کے اور تحقیق ایک ہمارا پاخانہ پھرتا تھا جیسے بکری مینگنی کرتی ہے نہیں ہوتی تھی اسمیں آمیزش پھر

أصبحت بنو أسد تعزرني على الإسلام لقد خبت إذا وضل عملي وكانوا وشوا به إلى عمر قالوا لا يحسن يصلي متفق

ہو گئے بنو اسد تو بیخ کرتے ہیں مجھکو اسلام پر البتہ ٹوٹے میں پڑا ہوں اس صورت میں اور ضائع ہوا عمل میرا اور تھے بنو اسد کے لوگ کہ چغلی کھائی انہوں نے سعد کی پاس عمر کے کہا نہیں اچھی طرح پڑھتا نماز

عليه وعن سعد قال رأيتني وأنا ثالث الإسلام وما أسلم أحد إلا في اليوم الذي أسلمت فيه ولقد مكثت

اور روایت ہے سعد سے کہا تحقیق دیکھا میں نے اپنے تئیں اور میں تیسرا تھا اسلام میں اور نہیں اسلام لایا کوئی مگر اسی دن جس دن میں اسلام لایا ہوں اور تحقیق ٹھہرا میں

سبعة أيام وإني لثلث الإسلام رواه البخاري وعن عائشة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يقول لنسائه

سات دن تک اس حال پر کہ میں تہائی اہل اسلام کا تھا روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اپنی بیبیوں کو

إن أمركن مما يهمني من بعدي ولن يصبر عليكن إلا الصابرون الصديقون قالت عائشة يعني المتصدقين ثم

کہ حال تمہارا البتہ ہے کہ فکر میں ڈالتا ہے مجھکو بعد میرے اور ہرگز نہیں صبر کرینگے احوال پر تمہارے مگر صبر کرنے والے صدیق کہا عائشہ نے مراد رکھتے تھے حضرت صدقہ دینے والوں سے پھر

قَالَتْ عَائِشَةُ لِأَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ سَقَى اللّٰهُ أَبَاكَ مِنْ سَلْسَبِيلِ الْجَنَّةِ وَكَانَ ابْنُ عَوْفٍ قَدْ تَصَدَّقَ عَلَى أُمَّهَاتِ

کہا عائشہ نے ابی سلمہ بن عبد الرحمن سے کہ شکر گذاری کیلئے تیرا باپ کو اللہ تعالیٰ سلسبیل جنت سے اور تھا عبد الرحمن بن عوف کہ تصدق کیا تھا امہات پر

الْمُؤْمِنِينَ بِحَدِيقَةٍ بِيعَتْ بِأَرْبَعِينَ أَلْفًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مومنین کے ایک باغ کہ بیچا گیا چالیس ہزار کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو

يَقُولُ لِأَزْوَاجِهِ إِنَّ الَّذِي يَحْثُو عَلَيْكُنَّ بَعْدِي هُوَ الصَّادِقُ الْبَارُّ اللّٰهُمَّ اسْقِ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ مِنْ سَلْسَبِيلِ الْجَنَّةِ

فرماتے تھے اپنی بیبیوں کو تحقیق وہ شخص کہ دیگا تمکو اپنے لپوں سے بعد میرے وہی نیکوکار ہے الٰہی پلا عبد الرحمن بن عوف کو چشمہ جنت سے

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ جَاءَ أَهْلُ نَجْرَانَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ ابْعَثْ إِلَيْنَا رَجُلًا

روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے حذیفہ سے کہا کہ آئے نجران والے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس عرض کیا انھوں نے یا رسول اللہ بھیج طرف ہمارے ایک شخص

أَمِينًا فَقَالَ لَأَبْعَثَنَّ إِلَيْكُمْ رَجُلًا أَمِينًا حَقَّ أَمِينٍ فَاسْتَشْرَفَ لَهَا النَّاسُ قَالَ فَبَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

امانت دار کو پس فرمایا البتہ بھیجوں گا تمہاری طرف ایک شخص امانت دار لائق امانت کے پس منتظر ہوئے لوگ ... پس بھیجا ابا عبیدہ بن جراح کو اور روایت ہے

عَلِيٍّ رَضِيَ قَالَ قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ نُؤَمِّرُ بَعْدَكَ قَالَ إِنْ تُؤَمِّرُوا أَبَا بَكْرٍ تَجِدُوهُ أَمِينًا زَاهِدًا فِي الدُّنْيَا رَاغِبًا فِي الْآخِرَةِ

علی رضی سے کہا کسی نے پوچھا یا رسول اللہ کسکو امیر کریں ہم بعد آپ کے فرمایا اگر امیر کرو تم ابو بکر کو پاؤ گے تم اسکو امانت دار بے رغبت دنیا سے رغبت والا آخرت کی

وَإِنْ تُؤَمِّرُوا عُمَرَ تَجِدُوهُ قَوِيًّا أَمِينًا لَا يَخَافُ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ وَإِنْ تُؤَمِّرُوا عَلِيًّا وَلَا أَرَاكُمْ فَاعِلِينَ تَجِدُوهُ هَادِيًا

اور اگر امیر کرو عمر کو پاؤ گے تم اسکو قوی اور امانت دار کہ نہیں ڈرتا ہے بیچ خدا کے ملامت کسی ملامت کرنے والے کی سے اور اگر امیر کرو تم علی کو اور نہیں دیکھتا میں تمکو کرنے والے

مَهْدِيًّا يَأْخُذُ بِكُمُ الطَّرِيقَ الْمُسْتَقِيمَ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَ اللّٰهُ أَبَا بَكْرٍ زَوَّجَنِي

لیجاوے گا راہ سیدھی کو روایت کیا اسکو احمد نے اور روایت ہے علی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رحمت کرے اللہ ابا بکر کو کہ نکاح کر دیا مجھے

ابْنَتَهُ وَحَمَلَنِي إِلَى دَارِ الْهِجْرَةِ وَصَحِبَنِي فِي الْغَارِ وَأَعْتَقَ بِلَالًا مِنْ مَالِهِ رَحِمَ اللّٰهُ عُمَرَ يَقُولُ الْحَقَّ وَإِنْ كَانَ مُرًّا تَرَكَهُ الْحَقُّ وَمَا لَهُ

اپنی بیٹی سے اور سوار کر لایا مجھکو اونٹنی پر طرف دار ہجرت کے اور ساتھ رہا میرے غار میں اور آزاد کیا بلال کو اپنے مال سے رحمت کرے اللہ عمر کو کہتا ہے حق اگرچہ ہو تلخ چھوڑ گیا

مِنْ صَدِيقٍ رَحِمَ اللّٰهُ عُثْمَانَ تَسْتَحْيِيهِ الْمَلَائِكَةُ رَحِمَ اللّٰهُ عَلِيًّا اللّٰهُمَّ أَدِرِ الْحَقَّ مَعَهُ حَيْثُ دَارَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ

کوئی دوست رحمت کرے اللہ عثمان کو حیا کرتے ہیں اس سے فرشتے رحمت کرے اللہ علی کو خداوندا پھیر حق کو ساتھ علی کے جس طرف کہ پھرے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا

هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ

بَابُ مَنَاقِبِ أَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

وَعَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ لَمَّا

یہ حدیث غریب ہے باب مناقب میں اہل بیت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فصل پہلی روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہا جو وقت کہ

نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا وَفَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا فَقَالَ

اتری یہ آیت پس تو کہہ آؤ بلاویں ہم اپنے بیٹوں کو اور تمہارے بیٹوں کو بلایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے علی کو اور فاطمہ اور حسن اور حسین کو پس فرمایا

اللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدَاةً وَعَلَيْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ مِنْ

خداوندا یہ ہیں اہل بیت میرے روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ باہر نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک صبح کو جس حال میں کہ اوپر انکے کملی تھی نقش دار

شَعْرٍ أَسْوَدَ فَجَاءَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ فَأَدْخَلَهُ ثُمَّ جَاءَ الْحُسَيْنُ فَدَخَلَ مَعَهُ ثُمَّ جَاءَتْ فَاطِمَةُ فَأَدْخَلَهَا ثُمَّ جَاءَ عَلِيٌّ فَأَدْخَلَهُ

سیاہ بالوں سے پھر آئے حسن بن علی رضی پس داخل کیا انکو پھر آئے حسین پس داخل کیا انکو ساتھ انکے پھر آئیں فاطمہ پس داخل کیا فاطمہ کو پھر آئے علی پس داخل کیا انکو

ثم قال إنما يريد الله ليذهب عنكم الرجس أهل البيت ويطهركم تطهيرا رواه مسلم **وعن** البراء قال لما توفي إبراهيم

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن له مرضعا في الجنة رواه البخاري **وعن** عائشة قالت كنا أزواج النبي صلى الله

عليه وسلم عنده فأقبلت فاطمة ما تخفى مشيتها من مشية رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما رآها قال مرحبا بابنتي

ثم أجلسها ثم سارها فبكت بكاء شديدا فلما رأى حزنها سارها الثانية فإذا هي تضحك فلما قام رسول الله صلى الله

عليه وسلم سألتها عما سارك قالت ما كنت لأفشي على رسول الله صلى الله عليه وسلم سره فلما توفي قلت عزمت عليك

بما لي عليك من الحق لما أخبرتني قالت أما الآن فنعم أما حين سارني في الأمر الأول فإنه أخبرني أن جبريل كان يعارضه

القرآن كل سنة مرة وإنه عارضني به العام مرتين ولا أرى الأجل إلا قد اقترب فاتقي الله واصبري فإني نعم السلف أنا لك

فبكيت فلما رأى جزعي سارني الثانية قال يا فاطمة ألا ترضين أن تكوني سيدة نساء أهل الجنة أو نساء المؤمنين

وفي رواية فسارني فأخبرني أنه يقبض في وجعه فبكيت ثم سارني فأخبرني أني أول أهل بيته أتبعه فضحكت متفق عليه

وعن المسور بن مخرمة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فاطمة بضعة مني فمن أغضبها أغضبني وفي رواية يريبني

ما أرابها ويؤذيني ما آذاها متفق عليه **وعن** زيد بن أرقم قال قام رسول الله صلى الله عليه وسلم يوما فينا خطيبا بماء

يدعى خما بين مكة والمدينة فحمد الله وأثنى عليه ووعظ وذكر ثم قال أما بعد ألا أيها الناس إنما أنا بشر يوشك أن يأتي

رسول ربي فأجيب وأنا تارك فيكم الثقلين أولهما كتاب الله فيه الهدى والنور فخذوا بكتاب الله واستمسكوا به فحث

على كتاب الله ورغب فيه ثم قال وأهل بيتي أذكركم الله في أهل بيتي وفي رواية كتاب الله هو حبل الله من اتبعه كان

عَلَى الْهُدٰى وَمَنْ تَرَكَهُ كَانَ عَلَى الضَّلَالَةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ اِذَا سَلَّمَ عَلَى ابْنِ جَعْفَرٍ قَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ

راہ راست پر اور جو کوئی چھوڑ دے اسکو ہوگا وہ گمراہی پر روایت کیا اسکو مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق وہ جب سلام کرتے عبد اللہ بن جعفر کو کہتے سلام تجھ پر اے بیٹے

ذِي الْجَنَاحَيْنِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلٰى عَاتِقِهِ يَقُولُ اللّٰهُمَّ

دو بازوؤں والے کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے براء سے کہا کہ دیکھا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اس حال میں کہ حسن بن علی آپکے کندھے پر تھے کہتے تھے خداوندا

اِنِّي اُحِبُّهُ فَاَحِبَّهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَائِفَةٍ مِّنَ النَّهَارِ حَتّٰى

تحقیق میں دوست رکھتا ہوں اسکو پس دوست رکھ تو اسکو متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا باہر نکلا میں ہمراہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک ٹکڑے میں دن کے یہانتک کہ

اَتٰى خِبَاءَ فَاطِمَةَ فَقَالَ اَثَمَّ لُكَعُ اَثَمَّ لُكَعُ يَعْنِي حَسَنًا فَلَمْ يَلْبَثْ اَنْ جَاءَ يَسْعٰى حَتَّى اعْتَنَقَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا صَاحِبَهُ

آئے حضرت فاطمہ کے گھر کو پس فرمایا کیا یہاں لڑکا ہے کیا یہاں لڑکا ہے مراد رکھتے تھے حسن کو پس نہ ٹھہرے کہ آئے امام حسن دوڑتے یہانتک کہ گلے سے لگ گئے ہر ایک ان دونوں میں سے اپنے ساتھی کے

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُمَّ اِنِّي اُحِبُّهُ فَاَحِبَّهُ وَاَحِبَّ مَنْ يُّحِبُّهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِي بَكْرَةَ قَالَ رَأَيْتُ

پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خداوندا تحقیق میں دوست رکھتا ہوں اسکو پس دوست رکھ تو اسکو اور دوست رکھ اس شخص کو جو دوست رکھے اسکو متفق علیہ اور روایت ہے ابی بکرہ سے کہا دیکھا میں نے

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ اِلٰى جَنْبِهِ وَهُوَ يُقْبِلُ عَلَى النَّاسِ مَرَّةً وَّعَلَيْهِ اُخْرٰى وَيَقُولُ اِنَّ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو منبر پر اور حسن بن علی حضرت کے پہلو میں تھے اور حضرت متوجہ ہوتے تھے لوگوں پر ایکبار اور حسن بن علی پر دوسری بار اور فرماتے تھے تحقیق

اِبْنِي هٰذَا سَيِّدٌ وَّلَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يُّصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ عَظِيمَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

بیٹا میرا یہ سردار ہے اور شاید کہ اللہ صلح کرا دے ساتھ اسکے درمیان دو بڑی جماعتوں کے مسلمانوں میں سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عبد الرحمن

بْنِ اَبِي نُعْمٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ وَسَاَلَهُ رَجُلٌ عَنِ الْمُحْرِمِ قَالَ شُعْبَةُ اَحْسِبُهُ يَقْتُلُ الذُّبَابَ فَقَالَ اَهْلُ الْعِرَاقِ

بن ابی نعم سے کہا سنا میں نے عبد اللہ بن عمر سے جس حال میں کہ سوال کیا تھا ان سے کوئی شخص نے محرم سے کہا شعبہ نے گمان کرتا ہوں میں سوال کیا تھا یہ کہ مارے مکھی کو پس کہا ابن عمر نے اہل عراق

يَسْاَلُونِّي عَنِ الذُّبَابِ وَقَدْ قَتَلُوا ابْنَ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُمَا رَيْحَانَتَايَ

پوچھتے ہیں مجھ سے مکھی کے مارنے سے اور تحقیق قتل کیا انھوں نے نواسہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حالانکہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ دونوں دو پھول میرے ہیں

مِنَ الدُّنْيَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمْ يَكُنْ اَحَدٌ اَشْبَهَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَقَالَ فِي

دنیا سے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا نہیں تھا کوئی بہت مشابہ ساتھ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے حسن بن علی سے اور کہا انس نے

الْحُسَيْنِ اَيْضًا كَانَ اَشْبَهَهُمْ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ ضَمَّنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

حسین میں بھی کہ تھے وہ بہت مشابہ لوگوں کے ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا لپٹایا مجھکو نبی صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى صَدْرِهِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْحِكْمَةَ وَفِي رِوَايَةٍ عَلِّمْهُ الْكِتَابَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهُ قَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

علیہ وسلم نے اپنے سینے سے پھر فرمایا الٰہی سکھلا اسکو حکمت اور ایک روایت میں ہے سکھلا اسکو کتاب اللہ روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ دَخَلَ الْخَلَاءَ فَوَضَعْتُ لَهُ وَضُوءًا فَلَمَّا خَرَجَ قَالَ مَنْ وَضَعَ هٰذَا فَاُخْبِرَ فَقَالَ اللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِي الدِّينِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

وسلم نے داخل ہوئے پاخانہ میں پس رکھا میں نے آپ کے لئے پانی وضو کا پس جب نکلے پاخانہ سے فرمایا کس نے رکھا ہے پانی پس خبر دی گئی پس فرمایا الٰہی سمجھ دے اسکو دین میں متفق علیہ

وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْخُذُهُ وَالْحَسَنَ فَيَقُولُ اللّٰهُمَّ اَحِبَّهُمَا فَاِنِّي اُحِبُّهُمَا وَفِي رِوَايَةٍ

اور روایت ہے اسامہ بن زید سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے تھے حضرت لیتے تھے اسکو اور امام حسن کو پھر کہتے خداوندا دوست رکھ تو ان دونوں کو پس تحقیق میں دوست رکھتا ہوں ان دونوں کو اور ایک روایت میں ہے

قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْخُذُنِيْ فَيُقْعِدُنِيْ عَلٰى فَخِذِهٖ وَيُقْعِدُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ عَلٰى فَخِذِهِ الْاُخْرٰى ثُمَّ يَضُمُّهُمَا

کہا اسامہ نے تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پکڑتے مجھ کو اور بٹھاتے مجھ کو اپنی ران پر اور بٹھاتے حسن بن علی کو اپنی دوسری ران پر پھر ملاتے دونوں کو

ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ ارْحَمْهُمَا فَاِنِّيْ اَرْحَمُهُمَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ **وَعَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ

اور فرماتے الٰہی مہربانی کر ان دونوں پر کہ میں مہربانی کرتا ہوں دونوں پر روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بھیجی

بَعْثًا وَاَمَّرَ عَلَيْهِمْ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ فَطَعَنَ بَعْضُ النَّاسِ فِيْ اِمَارَتِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ كُنْتُمْ تَطْعَنُوْنَ

ایک لشکر اور امیر کیا انکے اوپر اسامہ بن زید کو پھر طعن کیا بعض لوگوں نے انکی امارت میں پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر ہو تم طعن کرتے

فِيْ اِمَارَتِهٖ فَقَدْ كُنْتُمْ تَطْعَنُوْنَ فِيْ اِمَارَةِ اَبِيْهِ مِنْ قَبْلُ وَايْمُ اللّٰهِ اِنْ كَانَ لَخَلِيْقًا لِلْاِمَارَةِ وَاِنْ كَانَ لَمِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيَّ

امارت میں اسکی پس تحقیق تھے تم طعن کرتے امارت میں اسکے باپ کے پہلے اس سے اور قسم ہے اللہ کی تحقیق تھا البتہ لائق امارت کے اور تحقیق تھا البتہ محبوب تر لوگوں سے مجھ کو

وَاِنَّ هٰذَا لَمِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيَّ بَعْدَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ نَحْوُهٗ وَفِيْ اٰخِرِهٖ اُوْصِيْكُمْ بِهٖ فَاِنَّهٗ مِنْ صَالِحِيْكُمْ **وَعَنْهُ**

اور تحقیق یہ بھی البتہ محبوب تر لوگوں سے ہے مجھ کو بعد اسکے باپ کے متفق علیہ اور ایک روایت میں مسلم کی مانند اسکی ہے اور اسکے آخر میں ہے وصیت کرتا ہوں تم کو اسکے حق میں کہ وہ تمہارے نیکوں میں سے ہے اور روایت ہے

قَالَ اِنَّ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كُنَّا نَدْعُوْهُ اِلَّا زَيْدَ بْنَ مُحَمَّدٍ حَتّٰى نَزَلَ الْقُرْاٰنُ اُدْعُوْهُمْ

کہا تحقیق زید بن حارثہ غلام آزاد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے نہ تھے ہم پکارتے اسکو مگر زید بن محمد یہاں تک کہ اترا قرآن پکارو انکو

لِاٰبَائِهِمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَذُكِرَ حَدِيْثُ الْبَرَاءِ قَالَ لِعَلِيٍّ اَنْتَ مِنِّيْ فِيْ بَابِ بُلُوْغِ الصَّغِيْرِ وَحَضَانَتِهٖ

ان کے باپوں کے نام سے متفق علیہ اور ذکر کی گئی حدیث براء بن عازب کی کہ فرمایا علی کو تو مجھ سے ہے بیچ باب بلوغ الصغیر اور اسکی حضانت کے بیچ

الفصل الثاني

فصل دوسری

عَنْ جَابِرٍ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّتِهٖ يَوْمَ عَرَفَةَ وَهُوَ عَلٰى نَاقَتِهِ الْقَصْوَاءِ يَخْطُبُ فَسَمِعْتُهٗ

روایت ہے جابر سے کہا کہ دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو حجۃ الوداع میں عرفے کے دن اس حال میں کہ حضرت سوار تھے اپنی اونٹنی قصواء پر خطبہ پڑھتے تھے پس سنا میں نے

يَقُوْلُ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ تَرَكْتُ فِيْكُمْ مَا اِنْ اَخَذْتُمْ بِهٖ لَنْ تَضِلُّوْا كِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِيْ اَهْلَ بَيْتِيْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ **وَعَنْ**

فرماتے تھے اے لوگو تحقیق چھوڑی میں نے تم میں وہ چیز کہ اگر پکڑو گے تم اسکو ہرگز گمراہ نہ ہوگے کتاب اللہ اور عترت یعنی میرے اہل بیت کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے

زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ تَارِكٌ فِيْكُمْ مَا اِنْ تَمَسَّكْتُمْ بِهٖ لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدِيْ اَحَدُهُمَا اَعْظَمُ

زید بن ارقم سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق میں چھوڑنے والا ہوں تم میں وہ چیز کہ اگر پکڑو گے تم اسکو ہرگز گمراہ نہ ہوگے بعد میرے ایک ان دونوں میں سے بڑی ہے

مِنَ الْاٰخَرِ كِتَابُ اللّٰهِ حَبْلٌ مَمْدُوْدٌ مِنَ السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ وَعِتْرَتِيْ اَهْلُ بَيْتِيْ وَلَنْ يَتَفَرَّقَا حَتّٰى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ فَانْظُرُوْا

دوسری سے وہ کتاب اللہ کی ہے رسی دراز آسمان سے زمین تک اور میری عترت یعنی اہل بیت میرے اور ہرگز نہ جدا ہوں گے دونوں یہاں تک کہ آویں گے میرے پاس حوض پر پس دیکھو

كَيْفَ تَخْلُفُوْنِيْ فِيْهِمَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ **وَعَنْهُ** اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

کیونکر خلیفہ ہو تم میرے بیچ کتاب اللہ اور عترت میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علی اور فاطمہ اور حسن اور حسین کے حق میں

اَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَهُمْ وَسِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَهُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ **وَعَنْ** جُمَيْعِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ عَمَّتِيْ عَلٰى عَائِشَةَ

کہ میں لڑنے والا ہوں اس شخص سے جو لڑے ان سے اور صلح کرنے والا اس سے جو صلح کرے ان سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے جمیع بن عمیر سے کہا داخل ہوا میں اپنی پھوپھی کے ساتھ عائشہ کے پاس

فَسَاَلْتُ اَيُّ النَّاسِ كَانَ اَحَبَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ فَاطِمَةُ فَقِيْلَ مِنَ الرِّجَالِ قَالَتْ زَوْجُهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

پس پوچھا میں نے کونسا لوگوں میں تھا بہت پیارا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا فاطمہ پھر پوچھا گیا مردوں میں سے کہا خاوند انکا روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن عبد المطلب بن ربيعة ان العباس دخل على رسول الله صلى الله عليه وسلم مغضبا وانا عنده فقال ما اغضبك

اور روایت ہے عبد المطلب بن ربیعہ سے کہ تحقیق عباس داخل ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس غصہ میں ہوکر اور میں نزدیک حضرت کے تھا پس فرمایا حضرت نے کہ کس چیز نے غصہ دلایا تجھکو

قال يا رسول الله صلى الله عليه وسلم ما لنا ولقريش اذا تلاقوا بينهم تلاقوا بوجوه مبشرة واذا لقونا لقونا بغير ذلك

کہا عباس نے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا حال ہے واسطے ہمارے اور واسطے قریش کے جب ملاقات کرتے ہیں قریش تو ملتے ہیں ساتھ منہ تر و تازہ کے اور جب ملتے ہیں ہم سے ملاقات کرتے ہیں بغیر اس کے

فغضب رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى احمر وجهه ثم قال والذي نفسي بيده لا يدخل قلب رجل الايمان حتى

پس غصہ ہوئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تک کہ بہت سرخ ہوا چہرہ مبارک آپ کا پھر فرمایا قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری اس کے ہاتھ میں ہے نہیں داخل ہوگا کسی شخص کے دل میں ایمان یہاں تک کہ

يحبكم لله ولرسوله ثم قال يا ايها الناس من اذى عمي فقد اذاني فانما عم الرجل صنو ابيه رواه الترمذي وفي المصابيح

دوست رکھے تمکو واسطے محبت اللہ کے اور واسطے محبت اس کے رسول کے پھر فرمایا اے لوگو جو کوئی ستاوے میرے چچا کو پس تحقیق وہ ایذا دیتا ہے مجھکو اس لئے کہ نہیں ہے چچا مرد کا مگر مانند باپ کے روایت کیا اسکو ترمذی نے

عن المطلب وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم العباس مني وانا منه رواه الترمذي وعنه

مطلب سے ہی ہے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عباس مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم للعباس اذا كان غداة الاثنين فأتني انت وولدك حتى ادعو لكم بدعوة

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے عباس کو جس وقت کہ ہو صبح پیر کے دن کی پس آئیو میرے پاس تو اور اولاد تیری یہاں تک کہ دعا کروں میں تمہارے لئے ایسی دعا

ينفعك الله بها وولدك فغدا وغدونا معه والبسنا كساءه ثم قال اللهم اغفر للعباس وولده مغفرة

کہ نفع دے تجھکو اللہ اس کے سبب اور نفع دے تیری اولاد کو کہا ابن عباس نے پس صبح کو آئے عباس اور آئے ہم ساتھ ان کے اور اوڑھا حضرت نے چادر اپنی پھر فرمایا الٰہی بخش عباس کو اور اسکی اولاد کو بخشنا

ظاهرة وباطنة لا تغادر ذنبا اللهم احفظه في ولده رواه الترمذي وزاد رزين واجعل الخلافة باقية في

ظاہر اور باطن کا کہ نہ چھوڑے کسی گناہ کو الٰہی نگاہ رکھ اسکو اسکی اولاد میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور زیادہ کیا رزین نے اور کر خلافت باقی

عقبه وقال الترمذي هذا حديث غريب وعنه انه راى جبريل مرتين ودعا له رسول الله صلى الله عليه وسلم مرتين

اولاد میں اسکے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے اسی سے کہ اس نے دیکھا جبرئیل کو دو بار اور دعا کی اسکے لئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بار

رواه الترمذي وعنه انه قال دعا لي رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يؤتيني الله الحكمة مرتين رواه الترمذي

روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہ اس نے کہا کہ دعا کی میرے لئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دیوے مجھکو اللہ حکمت دو بار فرمایا روایت کیا اسکو ترمذی نے

وعن ابي هريرة قال كان جعفر يحب المساكين ويجلس اليهم ويحدثهم ويحدثونه وكان رسول الله صلى الله عليه

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ جعفر بہت دوست رکھتے مسکینوں کو اور بیٹھتے ان کے پاس اور باتیں کرتے ان سے اور وہ باتیں کرتے اس سے اور تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ

وسلم يكنيه بابي المساكين رواه الترمذي وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رايت جعفرا يطير في الجنة

وسلم کنیت کرتے اسکی ابو المساکین روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا میں نے جعفر کو کہ اڑتے ہیں بہشت میں

مع الملئكة رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحسن و

فرشتوں کے ساتھ روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حسن اور

الحسين سيدا شباب اهل الجنة رواه الترمذي وعن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان الحسن والحسين

حسین دونوں سردار ہیں بہشت کے جوانوں کے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حسن اور حسین

ھما ریحانتی من الدنیا رواہ الترمذی وقد سبق فی الفصل الاول **وعن** اسامۃ بن زید قال طرقت النبی صلی اللہ

وے دونوں پھول ہیں میرے دنیا سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور تحقیق گذری یہ حدیث پہلی فصل میں اور روایت ہے اسامہ بن زید سے کہا آیا میں نبی صلے اللہ

علیہ وسلم ذات لیلۃ فی بعض الحاجۃ فخرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو مشتمل علی شیء لا ادری ما ھو فلما فرغت

علیہ وسلم کے پاس ایک رات کسی حاجت کے لئے پس نکلے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اس حال میں کہ وہ لپیٹے ہوئے تھے ایک چیز کہ نہیں جانتا تھا میں کیا ہے پس جب فارغ ہوا میں

من حاجتی قلت ما ھذا الذی انت مشتمل علیہ فکشفہ فاذا الحسن والحسین علی ورکیہ فقال ھذان ابنای وابنا ابنتی

اپنی حاجت سے کہا میں نے کیا ہے یہ چیز کہ آپ لپیٹنے والے ہو اس کو پس کھولا حضرت نے اسکو تو ناگہاں حسن اور حسین اوپر دونوں کولہوں کے تھے پس فرمایا یہ دونوں بیٹے میرے اور دونوں بیٹے بیٹی میری کے ہیں

اللھم انی احبھما فاحبھما واحب من یحبھما رواہ الترمذی **وعن** سلمی قالت دخلت علی ام سلمۃ وھی تبکی فقلت ما

خداوندا میں دوست رکھتا ہوں ان دونوں کو پس دوست رکھ ان دونوں کو اور دوست رکھ اس شخص کو جو دوست رکھے ان دونوں کو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے سلمی سے کہا داخل ہوئی میں ام سلمہ پر اور وہ روتی تھیں پس

یبکیک قالت رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تعنی فی المنام وعلی راسہ ولحیتہ التراب فقلت ما لک یا رسول اللہ صلی

رلایا تمکو کہا دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو مراد رکھتی تھیں ام سلمہ کہ دیکھا میں نے حضرت کو خواب میں اس حال میں کہ سر اور داڑھی مبارک پر خاک تھی کہا میں نے کیا ہوا تمکو یا رسول اللہ

اللہ علیہ وسلم قال شھدت قتل الحسین انفا رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب **وعن** انس قال سئل رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم کہا حاضر ہوا میں حسین کے قتل میں ابھی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے انس سے کہا پوچھے گئے رسول خدا صلے

اللہ علیہ وسلم ای اھل بیتک احب الیک قال الحسن والحسین وکان یقول لفاطمۃ ادعی لی ابنی فیشمھما ویضمھما

اللہ علیہ وسلم کون اہل بیت میں بہت پیارا ہے آپ کو فرمایا حسن اور حسین اور تھے حضرت فرماتے فاطمہ کو بلا میرے لئے میرے دونوں بیٹوں کو پس سونگھتے تھے ان دونوں کو اور لگاتے تھے

الیہ رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب **وعن** بریدۃ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخطبنا اذ جاء

طرف اپنے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے بریدہ سے کہا تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھتے تھے ہمارے لئے ناگہاں آگئے

الحسن والحسین وعلیھما قمیصان احمران یمشیان ویعثران فنزل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من المنبر فحملھما

حسن اور حسین اور اوپر ان دونوں کے کرتے تھے سرخ چلتے تھے اور گر پڑتے تھے پس اترے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم منبر سے اور اٹھا لیا ان دونوں کو

ووضعھما بین یدیہ ثم قال صدق اللہ انما اموالکم واولادکم فتنۃ نظرت الی ھذین الصبیین یمشیان ویعثران

اور رکھا ان کو روبرو اپنے پھر فرمایا سچ فرمایا اللہ تعالی نے سوا اسکے نہیں مال تمھارے اور اولاد تمھاری فتنہ ہیں دیکھا میں نے طرف ان دونوں لڑکوں کی کہ چلتے ہیں اور گر پڑتے ہیں

فلم اصبر حتی قطعت حدیثی ورفعتھما رواہ الترمذی وابو داؤد والنسائی **وعن** یعلی بن مرۃ قال قال رسول اللہ

سو نہ صبر کر سکا میں یہاں تک کہ موقوف کی میں نے بات اپنی اور اٹھا لیا ان دونوں کو روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داود اور نسائی نے اور روایت ہے یعلی بن مرہ سے کہا فرمایا رسول

صلی اللہ علیہ وسلم حسین منی وانا من حسین احب اللہ من احب حسینا حسین سبط من الاسباط رواہ

صلے اللہ علیہ وسلم نے حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں دوست رکھا اللہ نے اس شخص کو جو دوست رکھے حسین کو حسین ایک قبیلہ ہے قبیلوں سے یعنی پیدا کیا اسکو

الترمذی **وعن** علی رض قال الحسن اشبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما بین الصدر الی الراس والحسین اشبہ

ترمذی نے اور روایت ہے علی سے کہا حسن بہت مشابہ ہے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا سر سے لیکر سینے تک اور حسین بہت مشابہ ہے

النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما کان اسفل من ذلک رواہ الترمذی **وعن** حذیفۃ قال قلت لامی دعینی اتی النبی صلی

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا اس جگہ میں جو نیچے ہے سینے سے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے حذیفہ سے کہا کہا میں نے ماں اپنی سے چھوڑ مجھ کو کہ جاؤں میں نبی صلے

عليه وسلم فأصلي معه المغرب وأسأله أن يستغفر لي ولك فأتيت النبي صلى الله عليه وسلم فصليت معه المغرب فصلى

علیہ وسلم کے اور نماز پڑھوں ان کے ساتھ مغرب کی اور سوال کروں میں ان سے کہ استغفار چاہیں میرے اور تیرے لئے پس آیا میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور نماز پڑھی میں نے ساتھ ان کے مغرب کی

حتى صلى العشاء ثم انفتل فتبعته فسمع صوتي فقال من هذا حذيفة قلت نعم قال ما حاجتك غفر الله لك ولأمك

یہاں تک کہ نماز پڑھی عشاء کی پھر پھرے نماز سے پس میں پیچھے چلا ان کے پس سنی حضرت نے آواز میری اور فرمایا کون ہے یہ حذیفہ ہے عرض کیا میں نے ہاں فرمایا کیا حاجت ہے بخشے اللہ تعالیٰ تجھ کو اور تیری ماں کو

إن هذا ملك لم ينزل الأرض قط قبل هذه الليلة استأذن ربه أن يسلم علي ويبشرني بأن فاطمة سيدة نساء

تحقیق یہ ایک فرشتہ ہے کہ نہیں اترا زمین پر کبھی پہلے اس رات کے پروانگی طلب کی اپنے پروردگار سے کہ سلام کرے مجھ پر اور خوشخبری دے مجھ کو ساتھ اس کے کہ فاطمہ سردار ہیں عورتوں

أهل الجنة وأن الحسن والحسين سيدا شباب أهل الجنة رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب **وعن** ابن عباس قال

بہشت کے اور بیشک حسن اور حسین دونوں سردار جوانان بہشت کے ہیں روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا

كان رسول الله صلى الله عليه وسلم حامل الحسن بن علي على عاتقه فقال رجل نعم المركب ركبت يا غلام فقال النبي صلى

تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اٹھائے ہوئے حسن بن علی کو اپنے کندھے پر پس کہا ایک شخص نے اچھی سواری پر سوار ہوا تو اے لڑکے پس فرمایا نبی صلے

الله عليه وسلم ونعم الراكب هو رواه الترمذي **وعن** عمر رضي الله عنه أنه فرض لأسامة في ثلاثة آلاف وخمس مائة وفرض

اللہ علیہ وسلم نے اور اچھا سوار ہے وہ روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے عمر رضی اللہ عنہ سے کہ انہوں نے مقرر کیا اسامہ کے لئے تین ہزار پانسو درہم اور مقرر کیا

لعبد الله بن عمر في ثلاثة آلاف فقال عبد الله بن عمر لأبيه لم فضلت أسامة علي فوالله ما سبقني إلى مشهد

عبد اللہ بن عمر کا تین ہزار درہم پس کہا عبد اللہ بن عمر نے اپنے باپ سے کس سبب سے فضیلت دی تم نے اسامہ کو مجھ پر پس قسم خدا کی نہیں سبقت کی اسامہ نے مجھ سے کسی مشہد میں

قال لأن زيدا كان أحب إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم من أبيك وكان أسامة أحب إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم

کہا عمر نے اس سبب سے فضیلت دی اسامہ کو کہ تھا باپ اس کا زید زیادہ پیارا نزدیک رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے تیرے باپ سے اور تھا اسامہ بہت پیارا نزدیک رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے

منك فآثرت حب رسول الله صلى الله عليه وسلم على حبي رواه الترمذي **وعن** جبلة بن حارثة قال قدمت على

تجھ سے پس اختیار کی میں نے پیارے کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اپنے پیارے پر روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے جبلہ بن حارثہ سے کہا کہ آیا میں

رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله ابعث معي أخي زيدا قال هو ذا فإن انطلق معك لم أمنعه قال زيد يا رسول

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا میں نے یا رسول اللہ بھیجو میرے ساتھ میرے بھائی زید کو فرمایا حضرت نے یہ حاضر ہے اگر چلے ساتھ تیرے تو نہیں منع کرتا ہوں اس کو کہا زید نے یا رسول

الله والله لا أختار عليك أحدا قال فرأيت رأي أخي أفضل من رأيي رواه الترمذي **وعن** أسامة بن زيد قال لما

اللہ قسم خدا کی نہیں اختیار کرتا ہوں میں اوپر آپ کے کسی کو کہا جبلہ نے پس جانی میں نے عقل اپنے بھائی کی فضل اپنی عقل سے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے اسامہ بن زید سے کہا جب

ثقل رسول الله صلى الله عليه وسلم هبطت وهبط الناس المدينة فدخلت على رسول الله صلى الله عليه وسلم وقد أصمت

بیمار ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اترا میں اور اترے لوگ مدینے میں پس داخل ہوا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تحقیق چپ کئے گئے تھے

فلم يتكلم فجعل رسول الله صلى الله عليه وسلم يضع يديه علي ويرفعهما فأعرف أنه يدعو لي رواه الترمذي وقال هذا حديث

پس نہ بولتے تھے پس شروع کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ رکھتے تھے دونوں ہاتھ اپنے مجھ پر اور اٹھاتے تھے ان دونوں کو پس جانتا تھا میں کہ دعا کرتے ہیں میرے لئے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث

غريب **وعن** عائشة قالت أراد النبي صلى الله عليه وسلم أن ينحي مخاط أسامة قالت عائشة دعني حتى أكون أنا الذي أفعل قال

غریب ہے اور روایت ہے عائشہ سے کہا ارادہ کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ دور کریں رینٹ اسامہ کی کہا عائشہ نے چھوڑ دو تاکہ میں ہی کروں یہ کام فرمایا حضرت نے

يا عائشة أحبيه فإني أحبه رواه الترمذي وعن أسامة قال كنت جالسا إذ جاء علي والعباس يستأذنان فقالا

اے عائشہ دوست رکھ تو اسامہ کو اسلئے کہ میں دوست رکھتا ہوں اسکو روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے اسامہ سے کہا کہ تھا میں بیٹھا ہوا ناگہاں آئے علی اور عباس حال یہ کہ اجازت طلب کرتے تھے

لأسامة استأذن لنا على رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله علي والعباس يستأذنان فقال أتدري ما جاء بهما

اسامہ کو اذن طلب کر ہمارے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے پس کہا میں نے یا رسول اللہ علی اور عباس پروانگی مانگتے ہیں پس فرمایا حضرت نے کیا جانتا ہے تو کہ کیا چیز لائی ہے ان کو

قلت لا قال لكني أدري ائذن لهما فدخلا فقالا يا رسول الله جئناك نسألك أي أهلك أحب إليك قال فاطمة بنت

کہا میں نے نہیں جانتا فرمایا حضرت نے لیکن میں جانتا ہوں آنا انکا پروانگی دے انکو پس داخل ہوئے وہ دونوں اور عرض کیا یا رسول اللہ آئے ہم آپکے پاس کہ پوچھیں آپ سے کہ کون اہل بیت سے آپکے بہت پیارا ہے آپکو فرمایا فاطمہ بیٹی

محمد فقالا ما جئناك نسألك عن أهلك قال أحب أهلي إلي من قد أنعم الله عليه وأنعمت عليه أسامة بن زيد

محمد کی پس کہا دونوں نے نہیں آئے ہم آپکے پاس کہ پوچھیں ہم آپ سے حال اہل بیت کا فرمایا حضرت نے بہت پیارا اہل بیت سے مجھ کو وہ ہے کہ تحقیق انعام کیا اللہ نے اوپر اسکے اور انعام کیا میں نے اسامہ بن زید

قالا ثم من قال ثم علي بن أبي طالب فقال العباس يا رسول الله جعلت عمك آخرهم قال إن عليا سبقك بالهجرة رواه

کہا دونوں نے پھر کون فرمایا حضرت نے پھر علی ابن ابی طالب پس کہا عباس نے اے رسول اللہ کے کیا آپ نے اپنے چچا کو آخر اپنے اہل بیت کا فرمایا حضرت نے کہ علی نے سبقت کی تجھ پر ہجرت کر کے روایت کیا

الترمذي وذكر أن عم الرجل صنو أبيه في كتاب الزكوة

ترمذی نے اور ذکر کی گئی حدیث کہ چچا آدمی کا مانند باپ کے ہے کتاب الزکوۃ میں

الفصل الثالث

عن عقبة بن الحارث قال صلى أبو بكر العصر

فصل تیسری عقبہ بن حارث سے کہا نماز پڑھی ابوبکر نے عصر کی

ثم خرج يمشي ومعه علي فرأى الحسن يلعب مع الصبيان فحمله على عاتقه وقال بأبي شبيه بالنبي صلى الله عليه وسلم ليس شبيها

پھر نکلے اس حال میں کہ چلتے تھے اور ساتھ ان کے علی تھے پس دیکھا ابوبکر نے حسن کو کہ کھیلتے ہیں ساتھ لڑکوں کے پھر اٹھا لیا ابوبکر نے حسن کو اپنے کندھے پر اور کہا فدا ہو باپ میرا مشابہ ہے ساتھ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے نہیں مشابہ

بعلي وعلي يضحك رواه البخاري وعن أنس قال أتي عبيد الله بن زياد برأس الحسين فجعل في طست فجعل ينكت

ساتھ علی کے اور علی ہنستے تھے روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے انس سے کہا لایا گیا نزدیک عبید اللہ بن زیاد کے سر مبارک حسین کا پس رکھا ایک طاس میں پس لگا وہ لکڑی چبھونے

وقال في حسنه شيئا قال أنس فقلت والله إنه كان أشبههم برسول الله صلى الله عليه وسلم وكان مخضوبا بالوسمة

اور کہا حسن میں انکے کچھ کہا انس نے پس کہا میں نے قسم خدا کی تحقیق تھے بہت مشابہ ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور تھا سر مبارک انکا رنگا ہوا ساتھ وسمہ کے

رواه البخاري وفي رواية الترمذي قال كنت عند ابن زياد فجيء برأس الحسين فجعل يضرب بقضيب في أنفه ويقول

روایت کیا اسکو بخاری نے اور ایک روایت میں ترمذی کے ہے کہا انس نے تھا میں نزدیک ابن زیاد کے پس لایا گیا سر حسین کا پس لگا وہ مارنے کو ساتھ چھڑی کے انکی ناک پر اور کہتا تھا

ما رأيت مثل هذا حسنا فقلت أما إنه كان من أشبههم برسول الله صلى الله عليه وسلم وقال هذا حديث صحيح حسن غريب

نہیں دیکھا میں نے مانند اسکے حسن میں پس کہا میں نے خبردار تحقیق یہ تھا زیادہ مشابہت رکھنے والا اہل بیت نبی میں ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث صحیح حسن غریب ہے

وعن أم الفضل بنت الحارث أنها دخلت على رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله إني رأيت حلما منكرا

اور روایت ہے ام فضل بنت حارث سے کہ آئیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کریں یا رسول اللہ میں نے دیکھا ہے ایک خواب برا

الليلة قال وما هو قالت إنه شديد قال وما هو قالت رأيت كأن قطعة من جسدك قطعت ووضعت في حجري

آج کی رات فرمایا حضرت نے کیا ہے کہا ام فضل نے وہ خواب سخت ہے فرمایا حضرت نے کیا ہے بولیں دیکھا میں نے گویا کہ ایک ٹکڑا آپکے بدن کا کاٹا گیا ہے اور رکھا گیا ہے میری گود میں

فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم رأيت خيرا تلد فاطمة إن شاء الله غلاما يكون في حجرك فولدت فاطمة الحسين

پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھا تو نے خواب اچھا جنے گی فاطمہ اگر چاہے اللہ تعالے لڑکا ہو وہ تیری گود میں پس جنی فاطمہ حسین کو

وكان في حجري كما قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فدخلت يوما على رسول الله صلى الله عليه وسلم فوضعته في حجره ثم

(اس طرح وہ میری گود میں تھا جیسا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پس آئی میں ایک دن رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس رکھدیا میں نے اس کو آنحضرت کی گود میں پھر)

كانت مني التفاتة فإذا عينا رسول الله صلى الله عليه وسلم تهريقان الدموع قالت فقلت يا نبي الله بأبي أنت وأمي ما لك قال أتاني

(ہوا مجھ سے دیکھنا اور طرف پس ناگاہ دیکھتی ہوں کہ آنکھیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی بہاتی تھیں آنسو کہا ام الفضل نے پس عرض کیا میں نے اے نبی اللہ کے قربان آپ پر میرے ماں باپ کیا ہے آپ کو فرمایا آیا)

جبريل فأخبرني أن أمتي ستقتل ابني هذا فقلت هذا قال نعم وأتاني بتربة من تربته حمراء **وعن** ابن عباس أنه قال

(جبرئیل اور خبر دی مجھ کو کہ بیشک امت میری قتل کریگی میرے اس بیٹے کو پس کہا میں نے اس کو فرمایا ہاں اور لایا میرے پاس مٹی اس کے مقتل کی سرخ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا)

رأيت النبي صلى الله عليه وسلم فيما يرى النائم ذات يوم بنصف النهار أشعث أغبر بيده قارورة فيها دم فقلت بأبي أنت

(دیکھا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اس حالت میں کہ دیکھتا ہے ایک سونے والا ایک روز دوپہر کے وقت پراگندہ بال گرد آلودہ ہاتھ میں آپ کے ایک شیشی ہے اس میں خون ہے پس کہا میں نے قربان آپ پر میرا باپ)

وأمي ما هذا قال هذا دم الحسين وأصحابه لم أزل ألتقطه منذ اليوم فأحصي ذلك الوقت فأجد قتل ذلك الوقت

(اور ماں کیا ہے یہ فرمایا یہ خون حسین کا اور ان کے یاروں کا ہے ہمیشہ رہا میں چنتا خون اس کا آج کے روز سے کہا ابن عباس نے پس یاد رکھا میں نے وقت کو پس پایا قتل ان کا اسی وقت)

رواهما البيهقي في دلائل النبوة وأحمد الأخير **وعنه** قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أحبوا الله لما يغذوكم

(روایت کیا ان دونوں کو بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور روایت کی احمد نے حدیث آخر کو اور روایت ہے اسی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دوست رکھو خدا کو اس چیز کے کہ غذا دیتا ہے)

من نعمة فأحبوني لحب الله وأحبوا أهل بيتي لحبي رواه الترمذي **وعن** أبي ذر أنه قال وهو آخذ بباب الكعبة

(نعمت سے اور دوست رکھو مجھ کو بسبب محبت خدا کے اور دوست رکھو میرے اہل بیت کو بسبب میری دوستی کے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے ابی ذر سے کہا اس نے حالانکہ پکڑے ہوئے دروازہ کعبہ کا)

سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول ألا إن مثل أهل بيتي فيكم مثل سفينة نوح من ركبها نجا ومن تخلف عنها هلك

(سنا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے آگاہ رہو کہ مثل اہل بیت کی تم میں مانند کشتی نوح کے ہے جو کوئی سوار ہوا اس میں نجات پائی اور جو کوئی پیچھے رہا اس سے ہلاک ہوا)

رواه أحمد

باب مناقب أزواج النبي صلى الله عليه وسلم

الفصل الأول

عن علي رضي قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم

(روایت کیا اس کو احمد نے۔ باب مناقب میں بیان نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی بیبیوں کے۔ فصل پہلی۔ روایت ہے علی سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ)

يقول خير نسائها مريم بنت عمران وخير نسائها خديجة بنت خويلد متفق عليه وفي رواية قال

(علیہ وسلم کو فرماتے تھے بہتر عورتوں سے اس امت کی مریم بنت عمران ہیں اور بہتر عورتوں سے اس امت کی خدیجہ بنت خویلد ہیں متفق علیہ اور ایک روایت میں ہے کہا)

أبو كريب وأشار وكيع إلى السماء والأرض **وعن** أبي هريرة قال أتى جبريل النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول

(ابو کریب نے اور اشارہ کیا وکیع نے طرف آسمان اور زمین کی اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا آئے جبرئیل نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا یا رسول)

الله هذه خديجة قد أتت معها إناء فيه إدام أو طعام فإذا أتتك فاقرأ عليها السلام من ربها ومني وبشرها

(اللہ یہ خدیجہ ہیں آئی ہیں ان کے ساتھ ایک برتن ہے جس میں سالن ہے یا کھانا پس جب آئیں آپ کے پاس کہو ان کو سلام ان کے پروردگار کی طرف سے اور میری طرف سے اور خوشخبری دو)

ببيت في الجنة من قصب لا صخب فيه ولا نصب متفق عليه **وعن** عائشة قالت ما غرت على أحد من نساء النبي

(ایک گھر کی جنت میں موتی سے نہ شور پکار ہوگا اس گھر میں اور نہ رنج اور تعب متفق علیہ اور روایت ہے عائشہ سے بولیں کہ نہیں غیرت کی میں نے کسی بیوی سے نبی)

صلى الله عليه وسلم ما غرت على خديجة وما رأيتها ولكن كان يكثر ذكرها وربما ذبح الشاة ثم يقطعها أعضاء ثم

(صلے اللہ علیہ وسلم کے جسقدر رشک کیا میں نے خدیجہ پر حالانکہ نہیں دیکھا میں نے اس کو ولیکن تھے حضرت بہت کرتے یاد خدیجہ کو اور بسا اوقات ذبح کرتے بکری کو پھر کاٹتے اس کے عضو پھر)

بعثها في صدائق خديجة فربما قلت له كانه لم يكن في الدنيا امرأة الا خديجة فيقول انها كانت وكانت وكان لي منها ولد

بھیجتے آپکو سہیلیوں میں خدیجہ کی پس بسا اوقات کہتی میں آپ سے گویا کہ نہیں تھی دنیا میں کوئی عورت سوا خدیجہ کے پس فرماتے حضرت تحقیق خدیجہ تھی ایسی اور ایسی اور تھی مجھکو اس سے اولاد

متفق عليه وعن ابي سلمة ان عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا عائش هذا جبريل يقرئك السلام

ق ۔ اور روایت ہے ابی سلمہ سے کہ عائشہ بولیں فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اے عائشہ یہ جبرئیل ہیں تجھکو سلام

قالت وعليه السلام ورحمة الله قالت وهو يرى ما لا ارى متفق عليه وعن عائشة قالت قال لي رسول الله صلى الله

کہا عائشہ نے اسپر بھی سلام اور رحمت اللہ کی کہا عائشہ نے اور حضرت دیکھتے اس چیز کو جو نہیں دیکھتی تھی میں ق ۔ اور روایت ہے عائشہ سے بولیں فرمایا مجھے رسول خدا صلی اللہ

عليه وسلم اريتك في المنام ثلث ليال يجيء بك الملك في سرقة من حرير فقال لي هذه امرأتك فكشفت عن وجهك

علیہ وسلم نے دکھلائی گئی تو مجھکو خواب میں تین رات لاتا تھا تجھکو فرشتہ ایک ٹکڑے میں ریشم کے پس کہا فرشتہ نے مجھکو یہ تیری بیوی ہے پس اٹھایا

الثوب فاذا انت هي فقلت ان يكن هذا من عند الله يمضه متفق عليه وعنها قالت ان الناس كانوا يتحرون

کپڑا میں نے تو ناگہاں تو ہی تھی پس کہا میں نے اگر ہے یہ خواب اللہ کی طرف سے تو ہو رہیگا اسکو ق ۔ اور روایت ہے اسی سے بولیں لوگ قصد کرتے تھے

بهداياهم يوم عائشة يبتغون بذلك مرضاة رسول الله صلى الله عليه وسلم وقالت ان نساء رسول الله صلى الله عليه

ساتھ ہدیوں کے عائشہ کی باری کے دن چاہتے تھے اس سے خوشی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی اور کہا عائشہ نے کہ بیبیاں رسول خدا صلی اللہ علیہ

وسلم كن حزبين فحزب فيه عائشة وحفصة وصفية وسودة والحزب الاخر ام سلمة وسائر نساء رسول الله صلى

وسلم کی دو گروہ تھیں پس ایک گروہ میں حضرت عائشہ اور حفصہ اور صفیہ اور سودہ تھیں اور گروہ دوسرے میں ام سلمہ اور باقی بیبیاں رسول خدا صلی

الله عليه وسلم فكلم حزب ام سلمة فقلن لها كلمي رسول الله صلى الله عليه وسلم يكلم الناس فيقول من اراد ان يهدي الى

اللہ علیہ وسلم کی پس گفتگو کی گروہ ام سلمہ نے اور کہا ام سلمہ سے کہ عرض کر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کلام کریں لوگوں سے کہ جو کوئی چاہے تحفہ بھیجے

رسول الله صلى الله عليه وسلم فليهده اليه حيث كان فكلمته فقال لها لا تؤذيني في عائشة فان الوحي لم يأتني وانا

[illegible]

في ثوب امرأة الا عائشة قالت اتوب الى الله من ذاك يا رسول الله ثم انهن دعون فاطمة فارسلن الى رسول الله

[illegible]

صلى الله عليه وسلم فكلمته فقال يا بنية الا تحبين ما احب قالت بلى قال فاحبي هذه متفق عليه وذكر حديث انس فضل عائشة على النساء في باب بدء الخلق برواية ابي موسى

[illegible]

الفصل الثاني

عن انس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال حسبك من نساء العالمين مريم بنت عمران وخديجة بنت خويلد

ابی موسی کی فصل دوسری روایت ہے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کفایت کرتا ہے تجھکو جہان کی عورتوں سے مریم بنت عمران اور خدیجہ بنت خویلد

وفاطمة بنت محمد وآسية امرأة فرعون رواه الترمذي وعن عائشة ان جبريل جاء بصورتها في خرقة

اور فاطمہ بنت محمد اور آسیہ عورت فرعون کی روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے عائشہ سے کہ جبرئیل لائے صورت انکی کپڑے ریشم

حرير خضراء الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال هذه زوجتك في الدنيا والآخرة رواه الترمذي وعن انس

سبز میں نزدیک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا یہ بی بی تیری دنیا اور آخرت میں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور روایت ہے انس سے

قال بلغ صفية ان حفصة قالت لها بنت يهودي فبكت فدخل عليها النبي صلى الله عليه وسلم وهي تبكي فقال ما

کہا کہ پہنچی صفیہ کو کہ حفصہ نے کہا ان کے حق میں کہ بیٹی یہودی کی ہے پس لگی صفیہ رونے پس آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس حال میں کہ وہ رو رہی تھیں پس فرمایا کس

يبكيك فقالت قالت لي حفصة اني ابنة يهودي فقال النبي صلى الله عليه وسلم انك لابنة نبي وان عمك لنبي وانك

چیز نے رلایا تجھ کو کہا صفیہ نے کہا مجھ کو حفصہ نے کہ میں بیٹی یہودی کی ہوں پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق تو بیٹی نبی کی ہے اور تیرا چچا نبی ہے اور تو

لتحت نبي ففيم تفخر عليك ثم قال اتقي الله يا حفصة رواه الترمذي والنسائي وعن ام سلمة ان رسول الله

البتہ نیچے نبی کے ہے پس کس چیز میں فخر کرتی ہے حفصہ تجھ پر پھر فرمایا ڈر خدا سے اے حفصہ روایت کیا اس کو ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہے ام سلمہ سے کہ رسول خدا

صلى الله عليه وسلم دعا فاطمة عام الفتح فناجاها فبكت ثم حدثها فضحكت فلما توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم

صلے اللہ علیہ وسلم نے بلایا فاطمہ کو فتح مکہ کے برس پس سرگوشی کی ان سے پھر رو دیں فاطمہ پھر بات کی ان سے پس ہنسنے لگیں پھر جب وفات پائی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم

سألتها عن بكائها وضحكها فقالت اخبرني رسول الله صلى الله عليه وسلم انه يموت فبكيت ثم اخبرني اني سيدة

پوچھا میں نے فاطمہ سے ان کے رونے اور ہنسنے کو کہا فاطمہ نے خبر دی مجھ کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ وفات پائیں گے پس رو دی میں پھر خبر دی مجھ کو کہ میں سردار

نساء اهل الجنة الا مريم بنت عمران فضحكت رواه الترمذي **الفصل الثالث** عن ابي موسى قال ما اشكل علينا

بہشت کی عورتوں کی ہوں مگر مریم بنت عمران پس ہنسی میں روایت کیا اس کو ترمذی نے فصل تیسری روایت ہے ابی موسے سے کہا کہ نہیں مشتبہ ہوئی ہم یعنی

اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم حديث قط فسألنا عائشة الا وجدنا عندها منه علما رواه الترمذي وعن

اصحاب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کوئی حدیث ہرگز پس پوچھا ہم نے عائشہ کو مگر پایا ہم نے عائشہ کے پاس اس حدیث سے علم روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت ہے

موسى بن طلحة قال ما رايت احدا افصح من عائشة رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح غريب **باب**

موسے بن طلحہ سے کہا نہیں دیکھا میں نے کسی کو بہت فصیح عائشہ سے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے باب

جامع المناقب عن عبد الله بن عمر قال رايت في المنام كان في يدي سرقة من حرير لا اهوي بها الى مكان في الجنة الا

جامع مناقب کے فصل پہلی روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے کہا کہ دیکھا میں نے خواب میں گویا کہ میرے ہاتھ میں ایک ٹکڑا ہے ریشمی کپڑے کا قصد نہیں کرتا ہوں ساتھ اس کے کسی جگہ کا بہشت میں مگر

طارت بي اليه فقصصتها على حفصة فقصتها حفصة على النبي صلى الله عليه وسلم فقال ان اخاك رجل

اڑ جاتی ہے وہ ٹکڑا مجھ کو لیکر وہاں پس کہا میں نے یہ خواب حفصہ سے پس کہا اس کو حفصہ نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے پس فرمایا حضرت نے کہ بھائی تیرا مرد

صالح او ان عبد الله رجل صالح متفق عليه وعن حذيفة قال ان اشبه الناس دلا وسمتا وهديا برسول

صالح ہے یا فرمایا کہ عبد اللہ مرد صالح ہے اور روایت ہے حذیفہ سے کہا کہ بہتر لوگوں کا از روئے وقار اور رفتار اور طریقے کے ساتھ رسول

الله صلى الله عليه وسلم لابن ام عبد من حين يخرج من بيته الى ان يرجع اليه لا ندري ما يصنع في اهله اذا

خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے بیٹا ام عبد کا ہے اس وقت سے کہ نکلتا ہے اپنے گھر سے اس وقت تک کہ لوٹتا ہے گھر کی طرف نہیں جانتے ہیں ہم کیا کرتا ہے اپنے گھر والوں میں جس وقت

خلا رواه البخاري وعن ابي موسى الاشعري قال قدمت انا واخي من اليمن فمكثنا حينا ما نرى الا ان عبد الله

تنہا ہوتا ہے روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت ہے ابی موسے اشعری سے کہا آیا میں اور بھائی میرا یمن سے پس رہے ہم مدت تک نہیں گمان کرتے تھے ہم مگر یہ کہ عبد اللہ

بن مسعود رجل من اهل بيت النبي صلى الله عليه وسلم لما نرى من دخوله ودخول امه على النبي صلى الله عليه وسلم

بن مسعود ایک مرد ہے اہل بیت سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے بسبب اس کے کہ دیکھتے تھے ہم داخل ہونا ان کا اور داخل ہونا ان کی ماں کا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں

مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ ۔ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اسْتَقْرِؤُا الْقُرْاٰنَ مِنْ اَرْبَعَۃٍ مِنْ عَبْدِ اللّٰہِ

متفق * اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سیکھو قرآن کو ان چار سے عبد اللہ

بْنِ مَسْعُوْدٍ وَسَالِمٍ مَوْلٰی اَبِیْ حُذَیْفَۃَ وَاُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ ۔ وَعَنْ عَلْقَمَۃَ قَالَ قَدِمْتُ الشَّامَ فَصَلَّیْتُ

بن مسعود سے اور سالم مولی ابی حذیفہ سے اور ابی بن کعب سے اور معاذ بن جبل سے * ق * اور روایت ہے علقمہ سے کہا کہ آیا میں شام میں پس نماز پڑھی میں نے

رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ قُلْتُ اللّٰہُمَّ یَسِّرْ لِیْ جَلِیْسًا صَالِحًا فَاَتَیْتُ قَوْمًا فَجَلَسْتُ اِلَیْہِمْ فَاِذَا شَیْخٌ قَدْ جَاءَ حَتّٰی جَلَسَ اِلٰی جَنْبِیْ قُلْتُ

دو رکعت پھر دعا کی میں نے خدا وندا میسر کر میرے لیے ہمنشین نیکبخت پھر آیا میں ایک قوم کے پاس ناگہاں ایک بڈھا بزرگ تحقیق آیا یہاں تک کہ بیٹھا میرے پہلو میں کہا میں نے

مَنْ ہٰذَا قَالُوْا اَبُو الدَّرْدَاءِ قُلْتُ اِنِّیْ دَعَوْتُ اللّٰہَ اَنْ یُّیَسِّرَ لِیْ جَلِیْسًا صَالِحًا فَیَسَّرَکَ لِیْ فَقَالَ مَنْ اَنْتَ قُلْتُ مِنْ اَہْلِ الْکُوْفَۃِ

کون ہے یہ کہا لوگوں نے یہ ابو درداء ہیں کہا میں نے کہ میں نے دعا کی تھی اللہ سے کہ میسر کرے میرے لیے ایک ہمنشین نیکبخت پس میسر کیا تجھکو میرے لیے پس ابو درداء نے کہا تو کون ہے کہا میں نے کوفہ کے

قَالَ اَوَلَیْسَ عِنْدَکُمْ ابْنُ اُمِّ عَبْدٍ صَاحِبُ النَّعْلَیْنِ وَالْوِسَادَۃِ وَالْمِطْہَرَۃِ وَفِیْکُمُ الَّذِیْ اَجَارَہُ اللّٰہُ مِنَ الشَّیْطَانِ

کہا ابو درداء نے کیا نہیں ہے تمہارے پاس بیٹا ام عبد کا جوتے رکھنے والا حضرت کے اور تکیہ بچھانے والا اور لوٹا اٹھانے والا اور کیا تم میں نہیں ہے وہ شخص کہ امان دی اسکو اللہ نے شیطان سے

عَلٰی لِسَانِ نَبِیِّہٖ یَعْنِیْ عَمَّارًا اَوَلَیْسَ فِیْکُمْ صَاحِبُ السِّرِّ الَّذِیْ لَا یَعْلَمُہٗ غَیْرُہٗ یَعْنِیْ حُذَیْفَۃَ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ ۔ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ

زبان پر اپنے نبی کے یعنی عمار بن یاسر کو کیا نہیں ہے تم میں بھید جاننے والا حضرت کا کہ نہیں جانتا تھا اس بھید کو سوا اسکے یعنی حذیفہ بن الیمان روایت کیا اسکو بخاری نے اور روایت ہے جابر سے کہ رسول

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اُرِیْتُ الْجَنَّۃَ فَرَاَیْتُ امْرَاَۃَ اَبِیْ طَلْحَۃَ وَسَمِعْتُ خَشْخَشَۃً اَمَامِیْ فَاِذَا بِلَالٌ رَوَاہُ مُسْلِمٌ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دکھائی گئی مجھکو بہشت پس دیکھی میں نے بی بی ابو طلحہ کی اور سنی میں نے آہٹ پاؤں کی آگے اپنے پس ناگہاں بلال تھا روایت کیا اسکو مسلم نے

وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ کُنَّا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سِتَّۃَ نَفَرٍ فَقَالَ الْمُشْرِکُوْنَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اطْرُدْ ہٰؤُلَاءِ

اور روایت ہے سعد سے کہا کہ تھے ہم ساتھ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے چھ شخص پس کہا مشرکوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو دور کرو آپ ان لوگوں کو تاکہ

لَا یَجْتَرِءُوْنَ عَلَیْنَا قَالَ وَکُنْتُ اَنَا وَابْنُ مَسْعُوْدٍ وَرَجُلٌ مِّنْ ہُذَیْلٍ وَبِلَالٌ وَرَجُلَانِ لَسْتُ اُسَمِّیْہِمَا فَوَقَعَ فِیْ نَفْسِ رَسُوْلِ

نہ دلیری کریں ہم پر کہا سعد نے تھا میں اور ابن مسعود اور ایک شخص قبیلہ ہذیل سے اور بلال اور دو شخص کہ نہیں نام لیتا میں ان دونوں کا پس واقع ہوا دل میں رسول

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا شَاءَ اللّٰہُ اَنْ یَّقَعَ فَحَدَّثَ نَفْسَہٗ فَاَنْزَلَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَلَا تَطْرُدِ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّہُمْ بِالْغَدٰوۃِ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے جو کچھ کہ چاہا خدا نے کہ واقع ہو پس سوچی حضرت نے اپنے دل میں پس اتاری اللہ تعالیٰ نے اور نہ دور کر ان لوگوں کو کہ پکارتے ہیں رب اپنے کو صبح

وَالْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْہَہٗ رَوَاہُ مُسْلِمٌ ۔ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَہٗ یَا اَبَا مُوْسٰی لَقَدْ اُعْطِیْتَ

اور بادشاہت شام میں اور روایت ہے عمر رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا میں نے ایک ستون نور کا باہر نکلا ہے میرے سر کے نیچے سے بلند ہوتا ہوا

حتى استقر بالشام رواهما البيهقي في دلائل النبوة وعن ابي الدرداء ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان

یہاں تک کہ جا ٹھہرا شام میں روایت کی ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور روایت ہے ابی الدرداء سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

فسطاط المسلمين يوم الملحمة بالغوطة الى جانب مدينة يقال لها دمشق من خير مدائن الشام رواه ابو داود وعن

شہر جامع مسلمانوں کا روز جنگ دجال کے غوطہ میں ہے طرف ایک شہر کے کہ کہا جاتا ہے اسکو دمشق جو بہتر ہے شہروں شام کے سے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے

عبد الرحمن بن سليمان قال سياتي ملك من ملوك العجم فيظهر على المدائن كلها الا دمشق رواه ابو داود

عبدالرحمن بن سلیمان سے کہا کہ قریب ہے آویگا ایک بادشاہ عجم کے بادشاہوں سے پس غالب ہوگا تمام شہروں پر سوائے دمشق کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے

باب ثواب هذه الامة

الفصل الاول

باب ثواب میں اس امت کے فصل پہلی

عن ابن عمر عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال انما اجلكم في اجل من

روایت ہے ابن عمر سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا پس مقدار مدت عمر کا تمہاری بہ نسبت عمر

خلا من الامم ما بين صلوة العصر الى مغرب الشمس وانما مثلكم ومثل اليهود والنصارى كرجل استعمل عمالا فقال

ان لوگوں کے جو گذر گئے امتوں سے اتنا ہی ہے جتنا کہ نماز عصر سے غروب آفتاب تک اور نہیں ہے کہاوت تمہاری اور کہاوت یہود و نصاریٰ کی مگر مانند ایک مرد کے کہ کام لیا مزدوروں سے فرمایا

من يعمل لي الى نصف النهار على قيراط قيراط فعملت اليهود الى نصف النهار على قيراط قيراط ثم قال من يعمل لي من

کون ہے کہ کام کرے میرا دوپہر تک ایک ایک قیراط پر سو کام کیا یہود نے دوپہر تک ایک ایک قیراط پر پھر کہا کون ہے جو کرے کام میرا

نِصْفِ النَّهَارِ اِلٰى صَلٰوةِ الْعَصْرِ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ فَعَمِلَتِ النَّصَارٰى مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ اِلٰى صَلٰوةِ الْعَصْرِ عَلٰى قِيْرَاطٍ

دوپہر سے نماز عصر تک ایک ایک قیراط پر سو کام کیا نصاریٰ نے دوپہر سے نماز عصر تک ایک ایک قیراط

قِيْرَاطٍ ثُمَّ قَالَ مَنْ يَّعْمَلُ لِيْ مِنْ صَلٰوةِ الْعَصْرِ اِلٰى مَغْرِبِ الشَّمْسِ عَلٰى قِيْرَاطَيْنِ قِيْرَاطَيْنِ اَلَا فَاَنْتُمُ الَّذِيْنَ تَعْمَلُوْنَ مِنْ صَلٰوةِ

پر پھر کہا اس مرد نے کون ہے کہ کام کرے میرا نماز عصر سے غروب آفتاب تک دو دو قیراط پر آگاہ ہو پس تم ہو ایسے وہ لوگ کہ کام کیا نماز

الْعَصْرِ اِلٰى مَغْرِبِ الشَّمْسِ اَلَا لَكُمُ الْاَجْرُ مَرَّتَيْنِ فَغَضِبَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى فَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ عَمَلًا وَّاَقَلُّ عَطَاءً قَالَ اللّٰهُ

عصر سے غروب آفتاب تک پس ہو تمہارے ہی لئے ہے مزدوری دوہری پس غصہ ہوئے یہود و نصاریٰ اور کہا انہوں نے کہ ہم زیادہ کام کرنے والے اور کم پانے والے ہیں فرمایا

تَعَالٰى هَلْ ظَلَمْتُكُمْ مِّنْ حَقِّكُمْ شَيْئًا قَالُوْا لَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَاِنَّهٗ فَضْلِيْ اُعْطِيْهِ مَنْ شِئْتُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

اللہ تعالیٰ نے پس کیا ظلم کیا ہے میں نے تم پر کچھ تمہارے حق سے کہا انہوں نے نہیں فرمایا اللہ تعالیٰ نے پس تحقیق یہ بخشش ہے میری اجر کی کرم میرا ہے دیتا ہوں میں جس کو چاہتا ہوں روایت کیا اس کو بخاری نے اور ابی ہریرہ سے

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ مِنْ اَشَدِّ اُمَّتِيْ لِيْ حُبًّا نَاسٌ يَّكُوْنُوْنَ بَعْدِيْ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ رَاٰنِيْ بِاَهْلِهٖ وَمَالِهٖ

کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری زیادہ محبت رکھنے والی میری امت سے وے لوگ ہیں کہ پیدا ہوں گے میرے بعد آرزو کرے گا ایک ان میں سے کہ دیکھے مجھ کو عوض اپنے اہل اور مال کے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَزَالُ مِنْ اُمَّتِيْ اُمَّةٌ قَائِمَةٌ بِاَمْرِ اللّٰهِ

روایت کیا اس کو مسلم نے اور روایت ہے معاویہ سے کہا سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے ہمیشہ رہے گی میری امت سے ایک جماعت قائم ساتھ حکم اللہ کے

لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ وَلَا مَنْ خَالَفَهُمْ حَتّٰى يَاْتِيَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ عَلٰى ذٰلِكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَنَسٍ اِنَّ مِنْ عِبَادِ

نہ ضرر کرے گا ان کو وہ شخص کہ یاری چھوڑ دیا ان کی اور وہ شخص کہ مخالفت کیا ان کی یہاں تک کہ آوے حکم خدا کا اور وے اسی پر ہوں گے متفق ہے اور ذکر کی گئی حدیث انس کی ان من عباد

اللّٰهِ فِيْ كِتَابِ الْقِصَاصِ

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ اُمَّتِيْ مَثَلُ

اللہ لو اقسم علی اللہ لابرہ کتاب قصاص میں فصل دوسری روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مثل میری امت کی مانند حال

الْمَطَرِ لَا يُدْرٰى اَوَّلُهٗ خَيْرٌ اَمْ اٰخِرُهٗ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ

مینہ کے ہے نہیں جانا جاتا ہے کہ اول اسکا بہتر ہے یا آخر اسکا روایت کیا اس کو ترمذی نے فصل تیسری روایت ہے جعفر سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے اپنے دادا سے کہا کہ فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْشِرُوْا وَاَبْشِرُوْا اِنَّمَا مَثَلُ اُمَّتِيْ مَثَلُ الْغَيْثِ لَا يُدْرٰى اٰخِرُهٗ خَيْرٌ اَمْ اَوَّلُهٗ اَوْ حَدِيْقَةٍ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خوش ہو خوش ہو سوائے اس کے نہیں کہ مثال میری امت کی مانند مینہ کے ہے نہیں جانا جاتا کہ آخر اسکا بہتر ہے یا اول اسکا یا مانند باغ کی

اُطْعِمَ مِنْهَا فَوْجٌ عَامًا ثُمَّ اُطْعِمَ مِنْهَا فَوْجٌ عَامًا لَعَلَّ اٰخِرَهَا فَوْجًا اَنْ يَّكُوْنَ اَعْرَضَهَا عَرْضًا وَّاَعْمَقَهَا عُمْقًا وَّاَحْسَنَهَا حُسْنًا

کہ کھائی اس سے ایک فوج نے ایک برس پھر کھائی دوسری فوج نے دوسرے برس شاید کہ جماعت آخر نے کہ باغ کھایا ہو وہ بہت چوڑا اس سے چوڑائی میں اور گہرا اس سے گہرائی میں اور اچھا اس سے خوبی میں

كَيْفَ تَهْلِكُ اُمَّةٌ اَنَا اَوَّلُهَا وَالْمَهْدِيُّ اَوْسَطُهَا وَالْمَسِيْحُ اٰخِرُهَا وَلٰكِنْ بَيْنَ ذٰلِكَ فَيْجٌ اَعْوَجُ لَيْسُوْا مِنِّيْ وَلَا اَنَا مِنْهُمْ

کیونکر ہلاک ہو گی وہ امت کہ میں ہوں اول اسکے اور مہدی ہیں بیچ اسکے اور ہوں گے مسیح آخر میں اسکے ولیکن درمیان اسکے ایک جماعت ہو گی ٹیڑھی چلنے والی جو نہیں ہیں مجھ سے اور نہ میں ان سے ہوں

رَوَاهُ رَزِيْنٌ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الْخَلْقِ اَعْجَبُ اِلَيْكُمْ

روایت کیا اس کو رزین نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے اپنے دادا سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کون سی مخلوق بہت پسند ہے تمہارے آگے

اِيْمَانًا قَالُوْا الْمَلٰٓئِكَةُ قَالَ وَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ وَهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ قَالُوْا فَالنَّبِيُّوْنَ قَالَ وَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ وَالْوَحْيُ يَنْزِلُ

ایمان کی راہ سے کہا بعض صحابہ نے فرشتے ہیں فرمایا حضرت نے اور کیا ہوا فرشتوں کو کہ ایمان نہ لاویں حالانکہ وے نزدیک اپنے رب کے ہیں کہا بعض صحابہ نے پیغمبر ہیں فرمایا حضرت نے [illegible]

عليهم قالوا فنحن قال وما لكم لا تؤمنون وانا بين اظهركم قال فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان اعجب الخلق الى ايمانا لقوم يكونون من بعدى

[illegible]

يجدون صحفا فيها كتاب يؤمنون بما فيها وعن عبد الرحمن بن العلاء الحضرمى قال حدثنى من سمع النبى صلى الله عليه وسلم يقول انه سيكون

[illegible]

فى اخر هذه الامة قوم لهم مثل اجر اولهم يأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر ويقاتلون اهل الفتن رواهما البيهقى فى دلائل النبوة وعن ابى امامة

[illegible]

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال طوبى لمن رانى وطوبى سبع مرات لمن لم يرنى وامن بى رواه احمد وعن ابن محيريز قال قلت لابى جمعة رجل من الصحابة حدثنا

[illegible]

حديثا سمعته من رسول الله صلى الله عليه وسلم قال نعم احدثك حديثا جيدا تغدينا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ومعنا ابو عبيدة بن

[illegible]

الجراح فقال يا رسول الله احد خير منا اسلمنا وجاهدنا معك قال نعم قوم يكونون من بعدكم يؤمنون بى ولم يرونى رواه احمد والدارمى و

[illegible]

روى رزين عن ابى عبيدة من قوله قال يا رسول الله احد خير منا الى اخره وعن معاوية بن قرة عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

[illegible]

اذا فسد اهل الشام فلا خير فيكم ولا يزال طائفة من امتى منصورين لا يضرهم من خذلهم حتى تقوم الساعة قال ابن المدينى هم اصحاب الحديث رواه

[illegible]

الترمذى وقال هذا حديث حسن صحيح وعن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان الله تجاوز عن امتى الخطاء والنسيان وما استكرهوا

[illegible]

عليه رواه ابن ماجه والبيهقى وعن بهز بن حكيم عن ابيه عن جده انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول فى قوله تعالى كنتم خير امة اخرجت

[illegible]

للناس قال انتم تتمون سبعين امة انتم خيرها واكرمها على الله تعالى رواه الترمذى وابن ماجه والدارمى وقال الترمذى هذا حديث حسن تم الفتن

[illegible]

الكتاب بشكر الله سبحانه ... من جمع الاحاديث النبوية صلى الله عليه وسلم يوم الجمعة من ... عند ...

[illegible]

... سنة ... وثلثين وسبعمائة بحمد الله وحسن توفيقه الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على محمد واله وصحبه اجمعين

[illegible]

خاتمة الطبع الحمد لله ... [illegible]

[illegible]

خ أَنَسٌ هَلْ فِيكُمْ مِنْ أَحَدٍ لَمْ يُقَارِفِ اللَّيْلَةَ يَعْنِي الذَّنْبَ فَقَالَ أَبُو طَلْحَةَ أَنَا قَالَ فَانْزِلْ فِي قَبْرِهَا يَعْنِي قَبْرَ بِنْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بخاری میں انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کوئی تم میں ایسا شخص ہی جسنے آج رات کو گناہ نکیا ہو سو ابوطلحہ نے کہا کہ میں ہوں حضرت نے فرمایا تو اسکی قبر میں اتر یعنے حضرت کے بیٹی کی قبر میں **ف** انس سے روایت ہی کہ ہم حضرت کے بیٹی کے جنازے پر حاضر ہوئی اور حضرت قبر پر بیٹھے تھے اور آنسو جاری تھے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یہہ جو حضرت نے فرمایا کہ جسنے رات کو حرکت نکی ہو یعنے عورت سے صحبت نکی ہو معلوم ہوا کہ قبر میں داخل ہونا اسکا افضل ہی جسنے اس رات کو صحبت نکی ہو **ق** سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ هَلْ مَعَكَ شَيْءٌ مِنَ الْقُرْآنِ **قَالَهُ** لِرَجُلٍ أَرَادَ أَنْ يَتَزَوَّجَ الْمَرْأَةَ الَّتِي عَرَضَتْ نَفْسَهَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بخاری و مسلم میں سہل بن سعد رض سے روایت ہی حضرت نے فرمایا کیا تجھکو کچھ قرآن یاد ہی یہہ حضرت نے اوس مرد سے فرمایا جسنے اوس عورت کے نکاح کا ارادہ کیا تھا جسنے چاہا تھا کہ حضرت پاس رہے **ف** اسکا قصہ مفصل ہو چکا کہ حضرت نے اوس عورت کو نہ قبول کیا پھر اوسکا نکاح دوسرے شخص سے کر دیا اور مہر یہہ مقرر کیا کہ مرد عورت کو قرآن سکھلا دے **م** الشَّرِيدُ بْنُ سُوَيْدٍ الثَّقَفِيُّ هَلْ مَعَكَ مِنْ شِعْرِ أُمَيَّةَ بْنِ أَبِي الصَّلْتِ **قَالَهُ** لَهُ مسلم میں شرید بن سوید رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کیا تجھکو کچھ امیہ بن صلت کے شعر یاد ہیں یہہ حضرت نے شرید بن سوید سے فرمایا **ف** مصابیح میں شرید سے روایت ہی کہ میں ایک روز حضرت کے پیچھے سوار تھا حضرت نے فرمایا کہ تجھکو امیہ کا شعر یاد ہی میں نے کہا کہ ہان یاد ہی میں نے ایک شعر پڑھا حضرت نے فرمایا اور پڑھ میں نے دوسرا شعر پڑھی فرمایا اور پڑھ میں نے سو شعر پڑھے اسیطرح سو شعر پڑھیں معلوم کیا چاہئے کہ امیہ زمانہ کفر میں ایک شاعر تھا اوسکے شعر میں حمد الٰہی اور مذمت دنیا کا مضمون تھا اسواسطے حضرت نے اوسکو سنا پھر فرمایا کہ اوسکی زبان ایمان لائی اور دل کافر رہا یعنے زبان سے مضمون تو اچھی نکلی لیکن دل سے کفر او رحب دنیا نہ گئی اور یہی حال ہی اکثر شاعروں کا کہ اشعار میں بعضے مضمون تو نہایت خوب و درست زبان سے نکلتے ہیں لیکن دل سیاہ **شعر** کو زبان تیری در افشان ہوئی ٭ ہائے پر دل کی سیاہی نہ گئی ٭ **م** أَبُو هُرَيْرَةَ هَلْ نَظَرْتَ إِلَيْهَا فَإِنَّ فِي عُيُونِ الْأَنْصَارِ شَيْئًا **قَالَهُ** لِرَجُلٍ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ تَزَوَّجَ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ قَدْ نَظَرْتُ إِلَيْهَا قَالَ لَهُ عَلَى كَمْ تَزَوَّجْتَهَا قَالَ عَلَى أَرْبَعِ أَوَاقٍ فَقَالَ لَهُ عَلَى أَرْبَعِ أَوَاقٍ كَأَنَّمَا تَنْحِتُونَ الْفِضَّةَ مِنْ عُرْضِ هٰذَا الْجَبَلِ مَا عِنْدَنَا مَا نُعْطِيكَ وَلٰكِنْ عَسَى أَنْ نَبْعَثَكَ فِي بَعْثٍ تُصِيبُ مِنْهُ قَالَ فَبَعَثَ بَعْثًا إِلَى بَنِي عَبْسٍ وَبَعَثَ ذٰلِكَ الرَّجُلَ فِيهِمْ مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کیا تو نے اوسکو دیکھ لیا ہی اسواسطے کہ انصار کے آنکھوں میں کچھ ہی یعنے چھوٹی یا کرنجی آنکھ ہوتی ہی یہہ حضرت نے اوس مرد سے کہا جسنے حضرت کو خبر دی کہ میں نے ایک انصاری عورت سے نکاح کیا تو اوسنے کہا میں اوس عورت کو دیکھ چکا ہوں حضرت نے فرمایا کہ کتنی مہر پر تو نے اوس سے نکاح کیا اوسنے کہا ایک سو ساٹھ درم پر تو حضرت نے فرمایا کہ ایک سو ساٹھ درم پر مہر باندھا گو یا کہ تم لوگ اس پہاڑ کے طرف سے چاندی کھود لیتے ہو ہمارے پاس تو نہیں جو ہم تجھکو دیویں ولیکن عنقریب ہی کہ تجھکو ہم کسی دوڑ میں بھیجینگے وہاں تجھکو فائدہ ہوگا راوی نے کہا پھر حضرت نے بنی عبس کی قوم پر دوڑ بھیجی اور اوس مرد کو اوسمیں بھیجا **ف** معلوم ہوا کہ جس عورت سے نکاح کا ارادہ کرے اوسکو دیکھ لیوے تاکہ آخر کو افسوس کرنے پر اور طلاق کی نوبت نہ پہنچی اور کسی سبب سے نقصان بیان کر دینا بھی درست ہی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ آدمی اپنی مقدور سے زیادہ مہر نہ باندھے اسیواسطے حضرت نے اوسپر عتاب کیا لیکن از راہ کرم پھر اوسکا نباہ کر دیا **ق** ابْنُ عُمَرَ هَلْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ثُمَّ قَالَ إِنَّهُمُ الْآنَ يَسْمَعُونَ مَا أَقُولُ **قَالَهُ** لَمَّا وَقَفَ عَلَى قَلِيبِ بَدْرٍ بخاری میں اور مسلم میں عبد اللہ بن عمر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تمنے بھی پایا جو تم سے تمہارے رب نے وعدہ کیا پھر حضرت نے فرمایا کہ وے لوگ ابھی سنتے ہیں جو میں کہتا ہوں یہہ حضرت نے اوسوقت فرمایا جب بدر کے کوئے پر کھڑے ہوئے **ف** جب جنگ بدر میں اسلام کی فتح ہوئی تو ستر کافر گرفتار ہوئی اور ستر مارے گئے حضرت نے اون کی لاشوں کو کوئے میں دلوا دیا پھر یہہ حدیث فرمائی

فَصْلٌ فِي فِعْلِ الْأَمْرِ

اس فصل میں وے حدیثیں ہیں جنکی سر فعل امر کا ہی **ح** أَبُو سَعِيدٍ ائْتَمُّوا بِي وَلْيَأْتَمَّ بِكُمْ مَنْ بَعْدَكُمْ بخاری میں ابوسعید رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا تم میری اقتدا کرو اور چاہئے کہ تمہاری اقتدا کریں جو تمہارے بعد ہیں **ف** بعضے اصحاب صف سے پیچھے کھڑے تھے حضرت نے فرمایا کہ آگے بڑھو پھر یہہ حدیث فرمائی جسنے اول صف کے لوگ نماز میں میری پیروی کریں اور دوسرے صف والے پہلی صف والوں کی اقتدا کریں اسیطرح آخر تک حضرت کا معمول تھا کہ ہوشیار اور دانا اصحاب کو صف اول میں کھڑا کرتے تھے تاکہ حضرت سے آداب نماز کی سیکھیں اور غیروں کو سکھلاویں **ق** عَلِيٌّ ائْتُوا رَوْضَةَ خَاخٍ فَإِنَّ بِهَا ظَعِينَةً مَعَهَا كِتَابٌ فَخُذُوهُ مِنْهَا **قَالَهُ** لِعَلِيٍّ وَالزُّبَيْرِ وَالْمِقْدَادِ وَيُرْوَى انْطَلِقُوا حَتَّى تَأْتُوا رَوْضَةَ خَاخٍ **قَالَهُ** لِعَلِيٍّ وَأَبِي مَرْثَدٍ الْغَنَوِيِّ وَالزُّبَيْرِ بخاری و مسلم میں علی مرتضے رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ جاؤ شفا لوگے باغ میں سو البتہ وہاں ایک عورت شتر سواری ہی اوسکے پاس خط ہی سو اوس سے اوس خط کو لے لو یہہ حضرت نے علی مرتضے اور زبیر اور مقداد رض سے فرمایا اور دوسری روایت یوں ہی کہ حضرت نے علی مرتضے اور ابو مرثد اور زبیر رض سے فرمایا چلو یہاں تک کہ شفا لوگے باغ میں چلو **ف** یہہ عورت جاسوسی کا خط مکے لئے جاتی ہی حضرت کو وحی سے معلوم ہوا اسواسطے اصحاب کو بھیجکر خط چھنوا لیا باقی قصہ ہو چکا **ق** ابْنُ عَبَّاسٍ ائْتُونِي بِكِتَابٍ أَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لَا تَضِلُّوا بَعْدَهُ أَبَدًا **قَالَهُ** فِي مَرَضِهِ بخاری و مسلم میں عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ میرے پاس کاغذ لاؤ کہ میں تمہارے واسطے نوشتہ لکھ دوں کہ اوس نوشتے کے بعد تم کبھی نہ بہکو یہہ حضرت نے اپنی مرض الموت میں فرمایا **ف** بخاری میں عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہی کہ پنجشنبے کے دن

پانچون زندہ رہے اگر لکھنا واجب ہوتا دوسرے وقت اسکو ضرور لکھوا دیتے بلکہ صاف معلوم ہوتا ہی کہ جن تین چیزون کی حضرت نے وصیت کی وہ نہین کو لکھوا تے اور یہہ جو عمر فاروق نے کہا کہ ہمکو قرآن کفایت کرتا ہی اوسکا یہہ مطلب نہین سوائے قرآن کے حضرت کی حدیث کی بہی حاجت نہین بلکہ اوسکا یہہ مطلب ہی کہ اسکے بعد قرآن مین اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ کی آیت اوتری یعنے تمہارے دین کو پورا کر چکا یعنے اب کوئی تازہ حکم دین کا باقی نہین رہا قرآن اور حدیث مین دین کی تفصیل ہو چکی اسواسطے عمر فاروق رض نے حضرت کو عین شدت بیماری مین لکھانے کی تکلیف دینا مناسب نہ دیکھا اسکو نافرمانی نہین کہتے بلکہ یہہ عین محبت اور خیرخواہی ہی اسواسطے کہ دستور ہی کہ بیماری مین اپنے بزرگ اور عزیز کو مشقت سے بچاتے ہین چنانچہ اگر استاد بیمار ہو اور شاگرد کو سبق پڑہانیکے واسطے بلاوے تو شاگرد بخیال اوسکے تکلیف کے سبق سے انکار کرتا ہی یہہ نافرمانی نہین یہہ سراسر محبت اور دلسوزی ہی **شعر** چشم بداندیش کہ برکندہ باد عیب نماید ہنرش در نظر **ق** عَائِشَةُ اِئْذَنُوْا لَهُ فَلَبِئْسَ اِبْنُ الْعَشِيْرَةِ اَوْ بِئْسَ رَجُلُ الْعَشِيْرَةِ وَيُرْوٰى بِئْسَ اَخُ الْقَوْمِ وَابْنُ الْعَشِيْرَةِ يَعْنِيْ رَجُلًا اِسْتَاْذَنَ عَلَيْهِ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ ایک مرد نے حضرت کے پاس آنیکی اجازت مانگی حضرت نے فرمایا اوسکو آنے دو سو برا بیٹا ہی اپنے قوم کا یعنے اپنے قوم مین برا آدمی ہی یا یون فرمایا کہ اپنی قوم مین برا مرد ہی اور دوسری روایت یون ہی کہ اپنے قوم کا برا بہائی اور برا بیٹا ہی **ف** حضرت عائشہ رض کہہ رہی تہین یون ہی کہ ایک شخص خدمت مین حاضر ہونیکی اجازت مانگی حضرت نے اوسکو اجازت دی اور فرمایا کہ برا آدمی ہی جب وہ حضرت پاس بیٹھا تو حضرت نے اوس سے خوش خلقی اور خندہ پیشانی سے کلام کیا مینے کہا کہ یا حضرت آپنے تو اوسکو برا کہا تہا پھر جب وہ آیا تب حضرت نے اوس سے اخلاق کئے تو حضرت نے فرمایا کہ اے عائشہ مجھکو تو بدخلق اور فحش گو کب پایا بدتر ین خلق سے خدا کے نزدیک وہ شخص ہی قیامت کے دن جسکی لوگ تعظیم تواضع کرین اوسکی بدی اور فحش گوئی کے ڈر سے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بدذات آدمی کی عزت اور توقیر کرنا اپنے حفظ آبرو کے واسطے درست ہی اور فاسق کی جو بے پردہ فسق کرتا ہو غیبت کرنا درست ہی تاکہ اور لوگ اوسکا حال سنکر عبرت پکڑین **ق** عَائِشَةُ اِئْذَنِيْ لَهُ فَاِنَّهُ عَمُّكِ تَرِبَتْ يَمِيْنُكِ يَعْنِيْ اَفْلَحَ اَخَا اَبِي الْقُعَيْسِ بخاری و مسلم مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ افلح ابو قعیس کے بہائی کے حق مین حضرت نے مجسے فرمایا کہ اوسکو آنے دو اسواسطے کہ وہ تیرا شیر نوشی کے رشتے سے چچا ہی تیرا داہنا ہاتھ خاک آلودہ ہو اگر تو حکم نمانی **ف** حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ مینے ابو قعیس کی جورو کا دودہ پیا تہا جب عورتون کو پردہ کا حکم ہوا تو افلح ابو قعیس کا بہائی میرے دروازے پر آیا اور اوسنے گھر مین آنیکی اجازت مانگی مینے کہا واللہ مین اوسکو اجازت نہ دونگی جب تک کہ حضرت نہ اجازت دینگے اسواسطے کہ مجھکو ابو قعیس نے دودہ نہین پلایا بلکہ اوسکی جورو نے پلایا جب حضرت گھر مین تشریف لائے تب مینے یہہ حال حضرت سے عرض کیا اوسوقت حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اسیواسطے حضرت عائشہ فرماتی تہین کہ جو نسب سے حرام ہی وہ شیرخوارگی سے بہی حرام ہی معلوم ہوا کہ دایہ کی خاوند اور اوسکی بہائی اور دایہ کی اولاد سے عورت کو پردہ کرنا ضرور نہین کہ محرم ہوگئی **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ اِبْدَاْ بِمَنْ تَعُوْلُ بخاری و مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اول اپنے اہل و عیال سے دینا شروع کر **ف** یعنے اہل و عیال کا دینا فرض ہی اور غیرون کا دینا نفل اور فرض نفل سے مقدم ہی چنانچہ اگلی حدیث مین اسکی تفصیل موجود ہی **م** جَابِرٌ اِبْدَاْ بِنَفْسِكَ فَتَصَدَّقْ عَلَيْهَا فَاِنْ فَضَلَ شَيْءٌ فَلِاَهْلِكَ فَاِنْ فَضَلَ عَنْ اَهْلِكَ شَيْءٌ فَلِذِيْ قَرَابَتِكَ فَاِنْ فَضَلَ عَنْ ذِيْ قَرَابَتِكَ فَهٰكَذَا وَهٰكَذَا **ف** لَهُ لِاَنْ ذَكَرَ قِصَّةَ حِيْنَ اَعْتَقَ غُلَامًا لَهُ عَنْ دُبُرٍ يُقَالُ لَهُ يَعْقُوْبُ مسلم مین جابر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اول اپنی ذات سے شروع کر سو اوسپر خرچ کر پھر اگر کچھ بچے تو اپنی اہل و عیال کو دے پھر اگر اہل و عیال سے بچے تو اپنے رشتے دارون کو دے سو اگر تیرے رشتے دارون سے بہی بچے تو اس طرح اور اس طرح یعنے داہنے اور بائین ہر ایک محتاج کو دے یہہ حضرت نے ابو مذکور انصاری کو فرمایا جب کہ اوسنے اپنی یعقوب غلام کو آزاد کیا اپنے مرنیکے بعد یعنے اوسنے یون کہا تہا کہ جب مین مر جاؤن تو میرا غلام آزاد ہی ایسے غلام کو مدبر کہتے ہین **ف** مصابیح مین جابر رض سے روایت ہی کہ ایک انصاری نے اپنے غلام کو مدبر کیا اور اوسکے پاس اوس غلام کے سوا کچھ مال نہ تہا جب حضرت کو یہہ خبر پہنچی تو حضرت نے اوسکا آزاد کرنا نہ درست رکہا اور فرمایا کہ اسکو کون مول لیتا ہی ایک شخص نے آٹھ سو درم کو مول لیا پہر حضرت نے وہ دیں اوس انصاری کو دین اور یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ محتاج کی خیرات کرنے سے اپنے اہل و عیال کا دینا مقدم ہی اول خویش بعدہ درویش **ق** اُمُّ عَطِيَّةَ اِبْدَاْنَ بِمَيَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنْهَا **قَالَ** لَهُمْ لِلنِّسَاءِ اللَّاتِيْ غَسَّلْنَ اِبْنَتَهُ وَهِيَ زَيْنَبُ زَوْجَةُ اَبِي الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيْعِ وَكَانَتْ اَكْبَرَ بَنَاتِهٖ بخاری و مسلم مین ام عطیہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اوسکے داہنے طرفون سے اور وضو کے مقامون سے غسل دینا شروع کرو یہہ حضرت نے ان عورتون کو فرمایا جو حضرت کی بیٹی کو غسل دیتی تہین اونکا نام زینب تہا ابو العاص بن ربیع کی بی بی حضرت کے بیٹیون مین سب سے بڑی تہین **ف** معلوم ہوا میت کا داہنی طرف سے غسل شروع کرنا سنت ہی اور داہنی طرف مین وضو کے مقامون کو یعنے منہہ اور ہاتہہ کو مقدم کرے **ق** اَبُوْذَرٍّ اَبْرِدْ اَبْرِدْ اَوْ قَالَ اِنْتَظِرْ اِنْتَظِرْ **قَالَهُ** لِلْمُؤَذِّنِ بِالظُّهْرِ بخاری اور مسلم مین ابوذر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ ٹھنڈا ہونے دے ٹھنڈا ہونے دے یا یون فرمایا کہ انتظار کر انتظار کر یہہ حضرت نے ظہر کی اذان دینے والے سے فرمایا **ف** یعنے گرمی کی موسم مین ٹھنڈے وقت اذان دینا اور نماز پڑہنا مستحب ہی **خ** اَبُوْهُرَيْرَةَ اَبْرِدُوْا بِالصَّلٰوةِ فَاِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ بخاری مین ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ ٹھنڈے وقت نماز پڑہا کرو اسواسطے کہ گرمی کی شدت دوزخ کی جوش سے ہی **ف** یعنے گرمی کی موسم مین ظہر کی نماز مین تاخیر مستحب ہی تاکہ جماعت زیادہ ہو اور یہہ دونو حدیثین امام اعظم کی مذہب کی دلیلین ہین **ق** كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ اَبْشِرْ بِخَيْرِ يَوْمٍ مَرَّ عَلَيْكَ مُنْذُ وَلَدَتْكَ اُمُّكَ **قَالَهُ** لَهُ بخاری اور مسلم مین کعب

میرے واسطے تھر کہ میں اوس سے استنجا کرون اور زمانا آپ پر پانی اور گوبر کو **ف** معلوم ہوا کہ ڈہیلے سے پاک کرنا پاخانے کے بعد سنت ہی اور ہڈی اور گوبر سے استنجا کرنا درست نہیں اوسطرح کوئلے سے **م** اَنَسٌ اُنْظُرُوْهَا فَاِنْ جَائَتْ بِهٖ اَبْيَضَ سَبِطًا قَضِيْئَ الْعَيْنَيْنِ فَهُوَ لِهِلَالِ بْنِ اُمَيَّةَ وَاِنْ جَائَتْ بِهٖ اَكْحَلَ جَعْدًا اَحْمَشَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِشَرِيْكِ بْنِ السَّحْمَاءِ مسلم مین انس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ دیکھتے رہو اوس عورت کو کہ اگر وہ جنی سفید رنگ لڑکا سیدہی بال معیوب آنکھوں والا تو وہ ہلال بن امیہ کا لڑکا ہی اور اگر وہ عورت جنی سیاہ چشم لڑکا گھنگر لے بال پتلی پنڈلیون والا تو وہ لڑکا شریک بن سحما کا ہی **ف** ہلال بن امیہ نے اپنی جورو کو شریک بن سحما سے عیب لگایا چنانچہ حضرت نے اون دونوں مین جدائی کروا دی اور اوسکی جورو حاملہ تہی اسواسطے حضرت نے اصحاب سے یہہ حدیث فرمائی جب وسکے لڑکا پیدا ہوا تو حضرت کو خبر ہوئی کہ شریک بن سحما سے مشابہ ہی حضرت نے فرمایا کہ اگر قران کا حکم اوسپر جاری نہو گیا ہوتا تو مین اوس عورت پر کچہہ حکم کرتا یعنے سزا دیتا اس حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ مشابہت ہی حجت ہی اور یہی مذہب امام شافعی کا ہی لیکن امام اعظم کے نزدیک قیافہ اور مشابہت حجت نہیں اور حضرت کو یہہ حال وحی سے معلوم ہوا ہوگا **خ** اُمُّ خَالِدٍ بِنْتُ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ قِيْلَ بِنْتُ خَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ اَبْلِيْ وَاَخْلِقِيْ ثُمَّ اَبْلِيْ وَاَخْلِقِيْ ثُمَّ اَبْلِيْ وَاَخْلِقِيْ بخاری مین ام خالد سعید بن عاص یا خالد بن سعید کی بیٹی سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کرے تو بھی پہاڑے پھر خدا کرے تو بہن پہاڑے پھر خدا کرے تو بہن پہاڑے **ف** ام خالد روایت ہی کہ حضرت کے پاس بہت کپڑے آئے اون مین ایک چہوٹی سیاہ لوئی تھی حضرت نے فرمایا تم جانتے ہو کہ یہہ کس کو پہناؤن گا اصحاب چپ رہے پہر حضرت نے مجھکو بلاکر اپنے ہاتھ سے پہنا یہہ دعا دی **م** عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو اِتَّقُوا الشُّحَّ فَاِنَّ الشُّحَّ اَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ مسلم مین عبد اللہ بن عمرو رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ بچو بخیلی سے اسواسطے کہ بخیلی نے تم سے اگلے لوگون کو ہلاک کیا **ف** جب آدمی پر بخل غالب ہوا تو زکوٰۃ بہی نہ دیسکیگا تو فرض کو ترک کیا اسواسطے لائق عذاب کے ہوا **ق** عَائِشَةُ اِتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ بچو دوزخ سے کہجور کے پہانک ہی دیکر سہے **ف** یعنے کم خیرات ہو دوزخ سے بچاتی ہی **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِتَّقُوا اللَّاعِنَيْنِ قَالُوْا وَمَا اللَّاعِنَانِ قَالَ الَّذِيْ يَتَخَلّٰى فِيْ طَرِيْقِ النَّاسِ اَوْ فِيْ ظِلِّهِمْ مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ بچو دو لعنت کروانیوالے کامون سے اصحاب نے کہا کہ وہ کام لعنت کروانیوالے کون ہین حضرت نے فرمایا جو آدمی کہ لوگونکے راہ مین پاخانہ پھرے یا اونکے سایہ کے مقام مین **ف** راہ اور سایہ دار درخت کے نیچے حاضر در پہونچانا ایذا رسانی کا سبب ہی اسواسطے لوگ وسپر لعنت کرتے ہین اور بدکہتے ہین **خ** اَنَسٌ اَتِمُّوا الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنِّيْ لَاَرَاكُمْ مِنْ بَعْدِ ظَهْرِيْ اِذَا مَا رَكَعْتُمْ وَاِذَا مَا سَجَدْتُمْ بخاری مین انس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ پورا رکوع اور سجدہ کیا کرو سو قسم ہی اوس ذات پاک کی جسکے قابو مین میری جان ہی کہ البتہ مین اپنے پس پشت سے دیکہتا ہون تمکو جب رکوع کرتے ہو اور سجدہ کرتے ہو **ف** بعضے زمانے کے لوگ نو مسلم رکوع اور سجدے مین جلدی کرتے تہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی **خ** اَنَسٌ اُثْبُتْ اُحُدُ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ نَبِيٌّ وَصِدِّيْقٌ وَشَهِيْدَانِ وَيُرْوٰى فَمَا عَلَيْكَ اِلَّا نَبِيٌّ اَوْ صِدِّيْقٌ اَوْ شَهِيْدٌ وَكَانَ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَالِهٖ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ بخاری مین انس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تہم جا ای احد تجہہ پر تو پیغمبر ہی اور صدیق رضہ اور دو شہید اور دوسری روایت مین یون ہی کہ تجہہ پر تو سوائے پیغمبر یا صدیق یا شہید کے کوئی نہین اور احد پہاڑ پر حضرت تہے اور ابو بکر صدیق رضہ اور عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم **ف** حضرت اصحاب کے ساتہہ احد پہاڑ پر تہے سو اوسکو جنبش ہوئی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی چنانچہ پہاڑ تہم گیا یہہ معجزہ ہی کہ جیسا حضرت نے فرمایا ویسا ہی ہوا کہ حضرت عمر رضہ اور حضرت عثمان رضہ شہید ہوئے چنانچہ مشہور ہی جنبش پہاڑ کی از راہ افتخار تہی کہ ایسے بزرگوارون نے اوسکو مشرف کیا **ق** اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَجِبْ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ اَيِّدْهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ قَالَهٗ لِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ بخاری و مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ جواب دے میری طرف سے الٰہی اوسکے جبرئیل سے مدد کر یہہ حضرت نے حسان بن ثابت سے فرمایا **ف** کفار قریش نے حضرت کی ہجو کی تہی تب حضرت نے اونکا جواب حسان سے دلوایا **ق** اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِجْتَنِبُوا السَّبْعَ الْمُوْبِقَاتِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا هُنَّ قَالَ الشِّرْكُ بِاللّٰهِ وَالسِّحْرُ وَقَتْلُ النَّفْسِ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَكْلُ الرِّبٰوا وَاَكْلُ مَالِ الْيَتِيْمِ وَالتَّوَلِّيْ يَوْمَ الزَّحْفِ وَقَذْفُ الْمُحْصَنَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ الْغَافِلَاتِ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ بچو سات کبیرہ گناہون سے جو ایمان کو ہلاک کر ڈالتے ہین اصحاب نے کہا کہ یا رسول اللہ وے کون گناہ ہین فرمایا کہ خدا کے ساتہہ شرک کرنا اور جادو اور اوس جان کو مارنا جسکا مارنا خدا نے حرام کیا ہی لیکن حق پر مارنا درست ہی اور بیاج کہانا اور یتیم کا یعنے بن باپ کے لڑکے کا مال کہانا اور لڑائی کے دن کافرون کے سامہنے سے بہاگنا اور خاوند والی ایماندار عورتون کو جو بدکاری سے واقف نہین اونکو عیب لگانا **ف** ہر چند اس حدیث مین گناہ کبیرہ سات ہی فرمائے لیکن اور حدیثون مین زیادہ بہی آئے ہین او سوقت اتنی ہی گناہون کا ذکر کرنا مصلحت ہوگا **ق** اِبْنُ عُمَرَ اِجْعَلُوْا اٰخِرَ صَلٰوتِكُمْ بِاللَّيْلِ وِتْرًا بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اپنی رات کی نمازون میں پچہلی نماز وتر کو کرو **ف** یعنے تہجد کے بعد وتر پڑہے اور جو شخص کبہی رات کو اوٹہتا ہو اور کبہی سوجاتا ہو اوسکو لازم ہی کہ وتر کو عشا کے وقت پڑہ لیا کرے لیکن حضرت کے فعل سے ثابت ہی کہ وتر کے بعد دو رکعت بیٹہکر پڑہتے تہے **ق** اِبْنُ عُمَرَ اَجِيْبُوْا هٰذِهِ الدَّعْوَةَ اِذَا دُعِيْتُمْ لَهَا بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اس دعوت کو قبول کیا کرو جب کہ اوسکے واسطے بلائے جاؤ **ف** یعنے شادی کا کہانا قبول کرنا ضرور ہی **خ** عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اِحْبِسْ اَبَا سُفْيَانَ عِنْدَ حَطْمِ الْجَبَلِ حَتّٰى يَنْظُرَ اِلَى الْمُسْلِمِيْنَ قَالَهٗ لِلْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَوْمَ الْفَتْحِ كَذَا وَقَعَ مُرْسَلًا وَهُوَ مِنْ حَدِيْثِ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ

مسلم مین ابو قتادہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے مجہسے فرمایا کہ تہامے رہو اپنی وضو کی برتن کو اسکا کچہ حال ظاہر ہونا ہے یہہ حضرت نے اوس رات کے صبح کی وقت فرمایا جس رات کے پچہلے مقام ہوا تہا **ف** صبح کو حضرت نے یہہ فرمایا اور دن کو پیاس غالب ہوئی اور پانی نہ تہا اوسی برتن سے پانی ملنے لگا اور ابو قتادہ پلانے لگے یہانتک کہ تمام لشکر آسودہ ہوگیا اس حدیث سے دو معجزہ ثابت ہوئے ایک تو پانی کا جوش دوسری آیندہ کی خبر دینا **خ** جَابِرٌ اَخْبِرْ ذٰلِكَ ابْنَ الْخَطَّابِ **قَالَ** لِجَابِرٍ لَمَّا اَخْبَرَهُ بِقَضَاءِ دَيْنِهِ بخاری مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسکی خبر خطاب کے بیٹے یعنی عمر فاروق رضہ کو دیو حضرت نے جابر سے فرمایا جب جابر نے اپنے قرض ادا ہوجانے کی حضرت کو خبر دی **ف** جابر کے باپ جنگ احد مین شہید ہوئے اون پر بہت قرض تہا جتنا خرما اون کے باغ مین ہوا اوسمین چاہا کہ قرض خواہون کو دین قرض بہت تہا اور خرما کم اونہون نے نہ قبول کیا جابر حضرت سے سفارش کروائے قرض خواہ یہودی تہے اونہون نے نمانا حضرت نے جابر سے فرمایا کہ تو ہر قسم کے خرمون کی علیحدہ علیحدہ ڈہیر کر جب جابر نے ڈہیر لگائے تو حضرت ایک بڑے ڈہیر کی گرد گہومے اور اوسکے اوپر جاکر بیٹہے پہر جابر سے فرمایا کہ قرض خواہون کو تول تول کے دینا شروع کر جابر نے دینا شروع کیا یہانتک کہ سب قرض ادا ہوگیا جابر رضہ راوی ہے کہ باوجودیکہ سب قرض ادا ہوا لیکن وہ ڈہیر سب اوسیطرح رہا کچہ کمی اوسمین نہوئی جابر نے کہا یا حضرت سب قرض ادا ہوچکا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی عمر فاروق کو اسحال کی خبر کردے اسواسطے کہ عمر فاروق رضہ کو جابر کے قرض ادا ہونیکی بڑی فکر تہی جب جابر نے عمر فاروق کو خبر دی اونہون نے کہا کہ جب حضرت تشریف لیگئے تہے اوسیوقت جان گیا تہا کہ اب ضرور برکت ہوگی **ق** عَائِشَةُ ادْعِي لِي اَبَا بَكْرٍ اَبَاكِ وَاَخَاكِ حَتّٰى اَكْتُبَ كِتَابًا فَاِنِّي اَخَافُ اَنْ يَتَمَنّٰى مُتَمَنٍّ وَيَقُوْلُ قَائِلٌ اَنَا اَوْلٰى وَيَاْبَى اللّٰهُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلَّا اَبَا بَكْرٍ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بلا لا میرے پاس اپنے باپ ابوبکر اور اپنے بہائی کو تاکہ مین اونکو نوشتہ لکہدون یعنی خلافت نامہ اسواسطے کہ مین خوف کرتا ہون کہ آرزو کرے کوئی آرزو کرنے والا یا کہے کوئی کہنے والا کہ مین لائق تر ہون خلافت کا اور نہ مانیگا خدا اور مسلمان لوگ مگر ابوبکر کو **ف** اول حضرت نے چاہا تہا کہ صدیق رضہ کو خلافت نامہ لکہدین تاکہ دوسرا کوئی دعوی نکرے پہر تقدیر اور اجماع مومنین پر چہوڑا یعنی تقدیر مین تو یہی ہے کہ صدیق اکبر رضہ خلیفہ ہونگے اور اجماع مومنین بہی اونہی کی خلافت پر ہوگا پہر لکہنا کیا ضرور ہے اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ سوا صدیق اکبر کے کسیکی خلافت حضرت کو منظور نہ تہی **ق** عَائِشَةُ اُذْكُرُوْا اَنْتُمْ اسْمَ اللّٰهِ وَكُلُوْا بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم ذکر کر لیا کرو خدا کے نام کو اور کہایا کرو **ف** حضرت عائشہ رضہ نے کہا کہ یا رسول اللہ چند قوم مین کہ تازہ ایمان لائے ہین ہمارے پاس گوشت لاتے ہین ہم نہین جانتے کہ ذبح کے وقت خدا کا نام لیتے ہین یا نہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی اہل اسلام پر نیک گمان کیا چاہئے وے لوگ خدا کے نام کو ذبح کے وقت نہ ترک کرتے ہونگے تم اپنے رفع شبہے کے واسطے خدا کا نام لے لیا کرو اور یہہ مطلب نہین ہے کہ اگرچہ اونہون نے ذبح کے وقت خدا کا نام نہ لیا ہو تو بہی تمہارے بسم اللہ کہنے سے پاک ہوجاویگا اسواسطے کہ بسم اللہ کہنا ذبح کے وقت شرط ہی **ق** اَنَسٌ اُذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ وَلْيَاْكُلْ كُلُّ رَجُلٍ مِمَّا يَلِيْهِ بخاری اور مسلم مین انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کہانے کے وقت بسم اللہ کہا کرو اور چاہئے کہ ہر شخص اپنے قریب طرف سے کہایا کرے **ف** یعنے کہانے کی سنت ہے کہ دوسرے طرف سے ہاتہ نہ ڈالے بلکہ اپنے طرف سے **ق** عَائِشَةُ اِذْهَبْ فَاحْثُ فِيْ اَفْوَاهِهِنَّ مِنَ التُّرَابِ يَعْنِيْ نِسَاءَ جَعْفَرِ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ حِيْنَ كَثُرَ الْبُكَاءُ عَلَيْهِ **قَالَ** لِرَجُلٍ قَالَ لَقَدْ غَلَبْنَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جا اور اون کے منہہ مین خاک ڈالدے یعنے جعفر بن ابیطالب کے عورتون کے جب اونہون نے بکثرت زور زور جعفر پر رونا شروع کیا یہہ حضرت نے اوس مرد سے فرمایا جسنے کہا تہا یا رسول اللہ عورتین ہم پر غالب ہوگئین یعنے کہنا نہین مانتے اور رونے سے باز نہین رہتی ہین **ف** جعفر طیار کو حضرت نے لڑائی پر بہیجا تہا جب اونکے شہادت کی خبر آئی تو حضرت کو بہت غم ہوا اور جعفر کے گہر کی عورتین نوحہ کرکے رونے لگین ایک شخص نے حضرت کو اس حال کی خبر دی حضرت نے فرمایا کہ اونکو جاکر باز رکہہ اوسنے جاکر منع کیا عورتون نے نمانا اوسنے پہر حضرت سے عرض کی کہ نہین مانتے ہین حضرت نے فرمایا پہر جا اور منع کر اسیطرح تین بار حضرت نے اوسکو بہیجا اوسنے کہا کہ یا حضرت عورتین نہین مانتے ہین اور ہم پر غلبہ کرتے ہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور عورتون پر غصہ کیا اس حدیث سے نوحہ اور چلا کر رونے کی حرمت بتاکید تمام ثابت ہوئی **ق** اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِذْهَبْ فَاَطْعِمْهُ اَهْلَكَ يَعْنِيْ عَرَقًا فِيْهِ تَمْرٌ **قَالَهُ** لِلَّذِيْ اَصَابَ اَهْلَهُ فِيْ رَمَضَانَ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جا اور اپنے گہر والون کو کہلا یعنے اون کہجورون کو جو ٹوکری مین تہین یہہ حضرت نے اوس مرد سے فرمایا جسنے اپنی جورو سے رمضان مین صحبت کی تہی **ف** ایک مرد آیا اوسنے کہا یا حضرت مین ہلاک ہوا حضرت نے فرمایا کیا ہوا اوسنے کہا کہ مینے رمضان مین اپنی جورو سے صحبت کی اور مین روزہ دار تہا حضرت نے فرمایا غلام آزاد کر کہا مجہکو مقدور نہین حضرت نے فرمایا تو دو مہینے برابر روزے رکہہ اوسنے کہا مجہکو طاقت نہین حضرت نے فرمایا تو ساٹہہ محتاجون کو کہانا دے اوسنے کہا کہ مجہکو مقدور نہین حضرت نے فرمایا تو بیٹہ جا پہر تہوڑی دیر کے بعد حضرت کے پاس ٹوکرا بہر کے کہجورین آئین حضرت نے اوس سے فرمایا کہ اسکو لیجا اور محتاجون کو دے اوسنے کہا کہ یا حضرت مدینہ مین مجہہ سے زیادہ کوئی محتاج نہین حضرت نے تبسم کیا پہر یہہ حدیث فرمائی کفارہ غیر کو دینا ہے اور خود کہانا درست نہین اسواسطے بعضے علما نے کہا ہے کہ یہہ حدیث منسوخ ہی اور بعضون نے کہا کہ اوسی شخص کو یہہ حکم خاص ہی اور بعضون نے کہا کہ حضرت نے اوسکی محتاجی دیکہہ کر اوسکو بطور قرض دیا تہا یعنے جب مقدور ہو تو کفارہ ادا کرنا چاہئے **ق** سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اِذْهَبْ

اسکو حضرت پاس لے آئی حضرت نے پیمانہ پانی لیکر لوگوں کو پلانا شروع کیا یہانتک کہ لوگ آسودہ ہو گئے اور ویسا ہی اوسیطرح پانی لبریز تھا پھر حضرت نے فرمایا کہ یہ عورت کو کچھ دو کسینے
کھجور کسینے آٹا کسینے ستو اور اسکو دی تب حضرت نے اوس عورت سے یہ حدیث فرمائی **ہ** الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ ارْجِعْ اِلٰى ثَوْبِكَ فَخُذْهُ وَلَا تَمْشُوْا عُرَاةً **قَالَهٗ** مسلم میں مسور بن
مخرمہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا پلٹ جا اپنی کپڑے کی طرف سو اوسکو لے اور نہ چلا کرو ننگے یہ حضرت نے مسور سے فرمایا **ف** مسور سے روایت ہے کہ میں بھاری پتھر اوٹھائی لئے
جاتا تھا میرا تہمد کمبل تہ زمین کو نہ باندہ سکا اور برہنہ اوسکو لئے گیا تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی اس حدیث سے ثابت ہوا کہ ستر عورت فرض ہے **م** عُمَرُ ارْجِعْ فَاَحْسِنْ وُضُوْءَكَ
قَالَهٗ لِرَجُلٍ تَوَضَّاَ فَتَرَكَ مَوْضِعَ ظُفْرٍ عَلٰى قَدَمِهٖ فَرَجَعَ فَتَوَضَّاَ ثُمَّ صَلّٰى مسلم میں عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پلٹ جا سو اچھی طرح سے اپنا
وضو کر یہ حضرت نے اوس مرد سے کہا جسنے وضو کیا اور ایک ناخن برابر اپنے قدم کو خشک چھوڑا پھر وہ شخص پلٹ گیا سو اوسنے وضو کیا پھر نماز پڑھی **ف** معلوم ہوا کہ اعضاء وضو کی اندک خشکی بھی
وضو کو باطل کرتی ہے **ق** ابْنُ عَبَّاسٍ ارْجِعْ فَحُجَّ مَعَ امْرَاَتِكَ **قَالَهٗ** لِرَجُلٍ قَالَ اِنِّيْ كُتِبْتُ فِيْ غَزْوَةِ كَذَا وَكَذَا وَامْرَاَتِيْ حَاجَّةٌ بخاری اور
مسلم میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پلٹ جا اور اپنی جورو کے ساتھ حج کر یہ حضرت نے اوس مرد سے کہا جسنے کہا تھا کہ یا حضرت میرا نام فلانا اور فلانی لڑائی میں لکھا گیا
اور میری جورو حج کو جاتی ہے **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت کو بدون اپنی خاوند یا محرم کی حج کرنا درست نہیں **ق** اَبُوْ هُرَيْرَةَ ارْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ
بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پلٹ جا پھر نماز پڑھ اسواسطے کہ تیری نماز نہیں ہوئی **ف** حضرت مسجد میں تھے ایک شخص نماز پڑھ کے چلا حضرت کو سلام کیا
حضرت نے سلام کا جواب دیا اور فرمایا کہ تو اپنی نماز پھر پڑھ تیری نماز نہیں ہوئی اوس شخص نے پھر جلدی جلدی نماز پڑھی اور سلام کر کے چلا حضرت نے فرمایا پھر نماز پڑھ تیری نماز نہیں ہوئی
اسیطرح تین بار اوسنے نماز پڑھی پھر اوسنے کہا خدا کی قسم مجھکو اس سے زیادہ بہتر نہیں پڑھ آتی تب حضرت نے فرمایا کہ جب نماز کیواسطے کھڑا ہوا کر تو اللہ اکبر کہا کر پھر پڑھ کر جو کچھ کہ تجھکو قرآن
یاد ہو پھر رکوع کیا کر آرام اور تسکین سے پھر سر اوٹھایا کر یہانتک کہ خوب سیدھا کھڑا ہو جاوے پھر سجدہ کیا کر اطمینان سے پھر سر اٹھایا کر اطمینان سے بیٹھا کر پھر اسیطرح ہر رکعت میں کیا کر اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ تعدیل ارکان نماز میں واجب ہے نہایت جلدی کرنے سے نماز باطل ہوتی ہے اور مکروہ **ق** عَائِشَةُ اَرْضِعِيْهِ تَحْرُمِيْ عَلَيْهِ وَيَذْهَبِ الَّذِيْ فِيْ نَفْسِ اَبِيْ حُذَيْفَةَ **قَالَهٗ**
لِسَهْلَةَ بِنْتِ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو حِيْنَ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَرٰى فِيْ وَجْهِ اَبِيْ حُذَيْفَةَ مِنْ دُخُوْلِ سَالِمٍ فَقَالَ اَرْضِعِيْهِ قَالَتْ كَيْفَ اُرْضِعُهٗ وَهُوَ رَجُلٌ كَبِيْرٌ
فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَقَالَ قَدْ عَلِمْتُ اَنَّهٗ رَجُلٌ كَبِيْرٌ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو اسکو دودھ پلا دے سالم کو تاکہ
تو اوسپر حرام اور ناجائز ہو جاوے اور وہ رنج بھی جاتا رہیگا جو ابوحذیفہ کی جی میں آتا ہے یہ حضرت نے سہلہ سہیل بن عمرو کی بیٹی سے فرمایا جب اوسنے کہا یا رسول اللہ میں ابوحذیفہ کے
منہہ پر کچھ کراہت سے دیکھتی ہوں سالم کی اندر آنیسے تب حضرت نے فرمایا تو اوسکو لپٹا دودہ پلا دے اوسنے کہا اور کیونکر اوسکو پلاؤں وہ حالانکہ وہ بڑا مرد ہے یعنے اپنی چہاتی جوان مرد کو
کیونکر پلاؤں تو حضرت نے تبسم کیا اور فرمایا البتہ میں جانتا ہوں کہ وہ جوان مرد ہے یعنے چہاتی کا پلانا ضرور نہیں جو تجھکو چہاتی کی شرم ہے کسی برتن میں دوہکے پلا دے **ف** ابوحذیفہ کا سالم آزاد غلام تھا انکو گھر کے
اندر جانیسے گمان بد آتا تھا اسواسطے حضرت نے یہ تدبیر بتلائی شیر خوارگی سے حرمت طفلی میں ثابت ہوتی ہے جوانی میں نہیں پہچانا اور احادیث میں ظاہر ہے تو اوس حدیث کا حکم سالم کو خاص ہی ایک حکم خاص ہے
م اَبُوْ هُرَيْرَةَ ارْكَبْ اَيُّهَا الشَّيْخُ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكَ وَعَنْ نَذْرِكَ مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سوار ہو جا اے بوڑھے اسواسطے کہ خدا تجھسے اور تیری نذر سے
بے پرواہ ہے **ف** حضرت نے ایک بوڑھے کو دیکھا کہ پیدل جاتا ہے اور دونوں طرف اوسکے دونوں بیٹے اوسکو تھامے جاتے ہیں حضرت نے پوچھا اسکا کیا سبب ہے لوگوں نے کہا کہ اسنے پیادہ
چلنے کی بیت اللہ تک نذر کی ہے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنے کیوں اپنے تئیں مصیبت میں ڈالتا ہے خدا کو اسکی کچھ پروا نہیں معلوم ہوا کہ جب طاقت نہو تو نذر کا ادا کرنا واجب نہیں **م**
جَابِرٌ ارْكَبْهَا بِالْمَعْرُوْفِ اِذَا اُلْجِئْتَ اِلَيْهَا حَتّٰى تَجِدَ ظَهْرًا يَعْنِي الْبَدَنَةَ **قَالَهٗ** حِيْنَ سُئِلَ عَنْ رُكُوْبِ الْهَدْيِ مسلم میں جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
ہونے قربانی کے اونٹ پر دستور سے یعنے حاجت سے زیادہ اوسکو تکلیف نہ دے سوار رہو تا اوسوقت درست ہے جب کہ تو مضطر ہو اوسکی طرف یہانتک کہ تجھکو دوسری سواری ملے یہ حضرت نے
اوسوقت فرمایا جب کسینے بیت اللہ جانیوالے قربانی کا مسئلہ پوچھا **ق** اُمُّ سَلَمَةَ اسْتَرْقُوْا لَهَا فَاِنَّ بِهَا النَّظْرَةَ **قَالَهٗ** حِيْنَ رَاٰى جَارِيَةً فِيْ بَيْتِ اُمِّ سَلَمَةَ فِيْ وَجْهِهَا
سَفْعَةٌ بخاری اور مسلم میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسکیواسطے جھاڑ پھونک کرو اوسکو نظر لگی ہے یہ حضرت نے اوسوقت فرمایا جب حضرت ام سلمہ کے گھر میں ایک لڑکی کے
منہہ پر زردی دیکھی **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نظر کی تاثیر درست ہے اور قرآن اور اسماء الٰہی سے جھاڑ پھونک کرنا جائز ہے لیکن جسمیں شرک کا مضمون ہو یا اوسکے معنے معلوم نہوں تو
درست نہیں **م** جَابِرٌ اسْتَكْثِرُوْا مِنَ النِّعَالِ فَاِنَّ الرَّجُلَ لَا يَزَالُ رَاكِبًا مَا انْتَعَلَ مسلم میں جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جوتیاں پہننے کی زیادہ مدارمت کرو اسواسطے کہ
جبتک جوتہ پہنے رہتا ہے سوار رہتا ہے **ف** عرب میں بہتسے لوگوں کو جوتہ پہننے کی کم عادت تھی اسواسطے حضرت نے انکو یہ تعلیم کی خصوصاً انکو جہاد اور سفر کا ہوتا تھا اور سفر میں
سب سے زیادہ تر حاجت یہی ہے کہ جوتہ پہنکے آدمی سوار کیطرح چلتا ہے پھر میں مضبوط ہو جاتا ہے **ق** اَبُوْ هُرَيْرَةَ اسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ فَاِنَّهُنَّ خُلِقْنَ مِنْ ضِلَعٍ
وَاِنَّ اَعْوَجَ مَا فِي الضِّلَعِ اَعْلَاهُ فَاِنْ ذَهَبْتَ تُقِيْمُهٗ كَسَرْتَهٗ وَاِنْ تَرَكْتَهٗ لَمْ يَزَلْ اَعْوَجَ فَاسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا کہ میری وصیت قبول کرو عورتوں کے مقدمہ میں اسواسطے کہ عورت پیدا ہوئی ہے پسلی سے اور سب پسلی میں زیادہ ٹیڑھی اوپر کی طرف میں ہے سو اگر تو اوسکا سیدھا کرے

وعمر وعثمان وطلحة والزبير وسعد بن ابي وقاص ... اهدأ ابوبكر وعمر وعثمان وعلي وطلحة والزبير مسلم میں ابوہریرہ رض روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
تم جا اے حرا اسوجہہ سے کہ تجھ پر سوا نبی او صدیق او شہید کے کوئی نہیں اور اوس پہاڑ یعنی حرا پر حضرت تھے اور ابوبکر اور عمر اور عثمان اور طلحہ او زبیر اور سعید بن ابی وقاص رض تھے اور دوسری روایت یون ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ تہم جا او پہاڑ پر ابوبکر او عمر او عثمان او علی او طلحہ او زبیر رض تھے **ف** ابوبکر کا صدیق ہونا عالم پر ظاہر ہے باقی بزرگوار شہید ہین سوا سعد بن ابی وقاص کے کہ وہ اسہال کے بیمار
ہو کے مرے وہی شہید وہین داخل ہو چنانچہ او حدیث میں آیا ہی کہ جو اسہال سے مرے وہ بھی شہید ہی **م** ابوہریرة قال اسمعوا الى ما يقول سيدكم انه لغيور وانا اغير منه والله اغير
مني يعني لسيد كم سعد بن عبادة مسلم میں ابوہریرہ رض روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سنو سردار کی قول کو مقرر وہ غیرت دار ہی اور مین اوس سے زیادہ غیرت دار ہون او خدا مجہ سے
بھی زیادہ غیرت دار ہی سردار سے مراد سعد بن عبادہ ہی **ف** سعد بن عبادہ انصار کے سردار تھے انہون نے حضرت سے کہا یا رسول اللہ اگر مین اپنی جورو کی پاس کسی اجنبی مرد کو پاؤن تو اوسکو چہوڑ
چار گواہ ملا لاؤن حضرت نے فرمایا کہ ہان یعنی زنا کا دعوی اوس وقت ثابت ہوگا جب چار گواہ ہون سعد نے کہا یہہ کیونکر ہو کہا ہوا اوس ذات پاک کی جسنے تجھکو دین حق بہیجا کہ اگر اوس حال
میں میں ہون تو تلوار ہی مارون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی یہہ قول غیرت کے سبب سے ہی اور غیرت خدا اور رسول کو پسند ہی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بدکاری کے وقت قتل کرنے سے عند اللہ
گناہ نہین لیکن اگر گواہ نہون گے تو حاکم قصاص لیویگا **م** وائل بن حجر اسمعوا واطيعوا فانما عليهم ما حملوا وعليكم ما حملتم **قاله** لسلمة بن يزيد
الجعفي مسلم میں وائل بن حجر رض روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کہنا سنو او اطاعت کرو اپنی بادشاہون کی سو اسطے کہ اون پر فرض ہے جسکا بوجہہ اون پر ہی او تم پر فرض ہی جسکا تم پر بوجہہ
ہی یہہ حضرت نے سلمہ بن یزید سے فرمایا **ف** سلمہ نے کہا کہ یا حضرت اگر ہمارے ایسے سردار ہون کہ ہم سے اپنی اطاعت لیوین اور ہمارا حق نہ دیوین تو اوس وقت میں ہم کیا کرین تب حضرت نے یہہ حدیث
فرمائی یعنی اگرچہ وے ظلم کرین تو بہی تم پر اطاعت واجب ہی اگر وے عدالت نہ کرینگے تو خدا اونسے سمجہہ لیگا **ق** ام الحصين اسمعوا واطيعوا وان استعمل عليكم عبد حبشي
كان راسه زبيبة بخاری او مسلم میں ام الحصین رض روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کہنا مانو او اطاعت کرو اگرچہ حبشی غلام تم پر سردار ہووے گویا کہ اوسکا سر سیاہ منقی ہی **ف** غلام
حبشی کا خلیفہ او بادشاہ ہونا درست نہین تو اس حدیث میں ریاست جزی مراد ہی یعنی اگر حبشی تمہارا جمعدار یا صوبہ دار ہو تو اوسکی بہی اطاعت ضرور ہی اگرچہ بدظاہر او کم لیاقت ہو
اسواسطے کہ اوسکی اطاعت در حقیقت خلیفہ کے اطاعت ہی جسنے اوسکو سردار بنایا **ق** عائشة اشتريها فاعتقيها فانما الولاء لمن اعتق بخاری و مسلم میں حضرت عائشہ رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو اوس لونڈی کو مول لے پہر اوسکو آزاد کر دے اسواسطے کہ آزاد لونڈی غلام کے مال کا وہی وارث ہوتا ہے جو آزاد کرے **ف** ایک لونڈی کو حضرت عائشہ رض چاہا کہ
مول لیوین اور آزاد کرین اوسکی مالکون نے کہا کہ ہم اس شرط پر بیچتے ہین کہ اسکی وراثت کا حق ہمکو ملے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی وراثت کا حق آزاد کرنے والے کو ہے اوسکی مالک کا حق باطل کر دو
ف ابوموسى اشربا منه وافرغا على وجوهكما ونحوركما واثر يعني ما اجتمع من وضوئه بعدما مج فيه **قاله** لابي موسى وبلال بخاری او مسلم مین
ابوموسی رض روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم دونون اس پانی کو پیو او اپنے منہہ او سینون پر ڈالو او خوش ہو یعنی اوس پیالے کا پانی جسمین حضرت نے منہہ دہویا او کلی کی تہی یہہ حضرت نے ابوموسی او
بلال رض سے فرمایا **ف** حضرت کے لعاب سے پانی متبرک ہوگیا ہے قسمت ابوموسی او بلال کی کہ ہاتہہ مین گیا **خ** ابوموسى اشفعوا تؤجروا بخاری میں ابوموسی رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
سفارش کیا کرو لوگون کی تو ثواب پاؤ گے **ف** یعنی سعی سفارش سے اہل حاجت کا کام نکال دینا ثواب کا موجب ہے **ق** ابن عمر وابن مسعود اشهدوا واشهدوا واشهدوا اللهم اشهد
قاله عند انشقاق القمر بخاری و مسلم میں عبد اللہ بن عمر او عبد اللہ بن مسعود رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا لوگون سے کہ گواہ رہنا او دوسری روایت یون ہے کہ الٰہی تو گواہ
رہیو یہہ حضرت نے چاند کے پہٹنے کے وقت فرمایا **ف** عبد اللہ بن مسعود رض سے روایت ہے کہ ہم منا مین تہے جب کہ چاند دو ٹکڑے ہوگیا ایک ٹکڑا پہاڑ پر تہا او دوسرا پہاڑ کے نیچے تب حضرت نے
ہم سے فرمایا کہ دیکہو او شاہد رہو او بخاری مین انس سے روایت ہے کہ کفار مکہ نے حضرت سے معجزہ مانگا تو حضرت نے اونکو شق قمر دکہلایا قاضی عیاض کی شفا مین ابن مسعود رض سے روایت ہے کہ
کفار قریش نے کہا کہ ہم پر محمد نے جادو کیا جو ہمکو چاند دو ٹکڑے دکہلا دیا ہی ایک شخص نے کہا کہ اگر تمکو سحر کیا ہی تو ساری جہان کو تو نہین سحر کیا ہوگا پہر ہر طرف کے مسافرون سے دریافت کیا
سب نے گواہی دی او ابوجہل نے ہر طرف آدمی تحقیق کے واسطے بہیجی سو ہر طرف سے یہی ثابت ہوا تو قریش نے کہا یہہ سحر مستمر ہی شق قمر کی حدیث نہایت مشہور ہی بہت اصحاب سے اسکی روایت
ثابت ہے چنانچہ عبد اللہ بن مسعود سے او عبد اللہ بن عمر او علی مرتضی او حذیفہ او عبد اللہ بن عباس او انس او جبیر بن مطعم وغیرہ سے حدیث کی کتابون مین بکثرت روایت ہے او قرآن مین بہی
اسکی خبر ہی چنانچہ سورۂ قمر مین حق تعالی نے فرمایا اقتربت الساعة وانشق القمر وان يروا اية يعرضوا ويقولوا سحر مستمر یعنی پاس لگی قیامت او دو ٹکڑے ہوگیا
چاند او اگر دیکہین کفار مکہ معجزہ تو ٹال جاوین او کہین یہہ مضبوط دائمی جادو ہی حق تعالی نے شق القمر کی خبر بلفظ ماضی دی یعنی یہہ امر ہو چکا اگر آیندہ حال کی خبر ہوتی تو کفار اسکو جادو نہ کہتے
چنانچہ جمہور مفسرین کا اسپر اتفاق ہی بعضے جاہل بے دین او نصاری اعتراض کرتے ہین کہ اگر شق القمر ہوا ہوتا تو اکثر اہل زمین پر مخفی نہ رہتا اسواسطے کہ آسمانی حال سب کے پیش نظر ہو جاتا ہی
او نقل عجائبات انسان کی جبلی خبر ہی اوسکا جواب یہہ ہی کہ اہل زمین سے یہہ بہی منقول نہین کہ اوس رات کو سب لوگ بتامل دیکہتے رہے او کسی نے نہ دیکہا او اگر یہہ امر منقول ہی تو تو
بہی معتبر نہوتا اسواسطے کہ تمام زمین پر قمر کا حال یکسان نہین بعضے ملک مین قبل طلوع ہوتا ہی او بعضے ملک مین گہڑی کے بعد اسواسطے کہ سطح زمین برابر نہین بلکہ کری شکل ہی یعنی
گول ہی تو سب نے زمین پر ایک وقت میں طلوع غروب کیونکر ہو سکے او یہہ بہی ہو تا ہی کہ بعضے وقت بعضے ملک مین ابر او پہاڑ حائل ہو جاتا ہی انہین وجہون سے کسوف او خسوف

شبہ ہوگئی ہیں مجیب صلح لکھا ہی جسکو سب سے زیادہ تحقیق کا شوق ہو وہ اوسکو ما شرح کے دیکھے خ المسور بن مخرمۃ ومروان بن الحکم اشیروا ایہا الناس علیّ اترون ان امیل الی عیالہم و
ذراری ہولاء الذین یریدون ان یصدونا عن البیت فان یاتونا کان اللہ قد قطع عنقا من المشرکین والا ترکناہم محروبین بخاری میں مسور بن مخرمہ رضہ اور
مروان بن حکم سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجھکو صلاح دو اے لوگو بہلا تم یہہ بتلاؤ کہ میں اون کے اہل وعیال کیطرف جھک پڑوں اور ان لوگوں کے لڑکے بالوں کو گرفتار کروں جو کہ ہمکو خانہ خدا سے روکتے ہیں
پہر اگر وے ہم سے لڑنے آوینگے تو حق تعالی مشرکین کی جماعت کو توڑ دیگا اور نہیں تو ہم اونکو مفلس کر کے چہوڑ دینگے یعنی دونوں صورت میں اونکا نقصان ہی ف حضرت جنگ حدیبیہ میں پندرہ سو آدمی سے
احرام باندہ کے عمرہ کرنے چلے اور جاسوس خبر کے واسطے بہیجے جاسوسوں نے حضرت کو خبر دی کہ کفار قریش نے بڑا جتہا کیا ہی حضرت سے لڑینگے اور حضرت کو خانہ خدا میں عمرہ کرنے نہ جانے دینگے تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی اور اصحاب سے مشورہ پوچہا ابوبکر صدیق رضہ نے کہا کہ یا رسول اللہ آپ تو بیت اللہ کا قصد کرکے نکلے ہیں لڑنے کا حضرت کو قصد نہ تہا سو آپ بیت اللہ کیطرف چلئے اگر کفار ہمکو
روکینگے تو ہم اونکو مارینگے حضرت نے فرمایا تو بسم اللہ چلو چنانچہ کافروں نے حضرت کو روکا حضرت نے اونسے صلح کرکے پلٹ آئے دوسرے سال عمرہ قضا کیا ھ انس اصنعوا کل شیء الا النکاح
یعنی بالحائض مسلم میں انس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے حیض والی عورت کے حق میں فرمایا کہ صحبت کے سوا سب کچہہ کرو ف یعنی حیض کے حالت میں صحبت حرام ہی بوسہ اور مساس درست ہی
ق انس اعتدلوا فی السجود ولا یبسط احدکم ذراعیہ انبساط الکلب بخاری ومسلم میں انس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ درست اور ٹہیک ہو جایا کرو
سجدے میں اور تم میں سے کوئی اپنے دونوں ہاتھوں کو نہ بچہایا کرے کتے کی طرح ف سجدے میں کہنیوں کو زمین سے اور پیٹ کو رانوں سے ملانا مکروہ ہی علیحدہ رکہے ق ابوہریرۃ اعتقیہا
فانہا من ولد اسمعیل قالہ لعائشۃ فی سبیۃ من بنی تمیم بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا اے عائشہ اس لونڈی کو آزاد کر دے سو یہ
حضرت اسمعیل کے اولاد میں ہی یہہ حضرت نے قوم بنی تمیم کی قیدی عورت کے حق میں فرمایا خ عوف بن مالک الاشجعی اعدد ستا بین یدی الساعۃ موتی ثم فتح بیت المقدس ثم موتان
یاخذ فیکم کقعاص الغنم ثم استفاضۃ المال حتی یعطی الرجل مائۃ دینار فیظل ساخطا ثم فتنۃ لا یبقی بیت من العرب الا دخلتہ ثم ہدنۃ تکون بینکم
وبین بنی الاصفر فیغدرون فیاتونکم تحت ثمانین غایۃ تحت کل غایۃ اثنا عشر الفا بخاری میں عوف بن مالک رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ گن رکہ چہہ چیزوں کو
قیامت سے پہلے اول تو میری موت پہر بیت المقدس کا فتح ہونا پہر تم میں مرگ کا پڑنا جیسے بہیڑ بکریوں میں مری پڑتی ہی پہر مال کی زیادتی ہو یہاں تک کہ ایک مرد کو سو اشرفیاں دیجاویں پہر بہی
ناخوش رہیگا یعنی کم سمجہہ کر پہر فساد ہوگا کہ عرب کا کوئی گہر نہ رہیگا جسمیں وہ داخل نہ ہوگا پہر تمہارے اور روم والوں کے درمیان صلح کا ہونا سو وہ دغا کرینگے تو وہ تم سے لڑنے آوینگے اسی
علم کے نیچے ہر علم کے نیچے بارہ ہزار آدمی ہوگا یعنی نو لاکہہ ساٹہہ ہزار کا لشکر ہوگا ف عمر فاروق رضہ کی خلافت میں بیت المقدس فتح ہوا اور وبا شام میں پڑی کہ ستر ہزار آدمی تین
دن میں مرگئے اور مال کی کثرت حضرت عثمان رضہ کی خلافت میں ہوئی اور زیادہ تر امام مہدی کے وقت میں ہوگی اور عرب میں فساد حضرت عثمان کی شہادت سے شروع ہوا اور روم والوں سے یعنی نصاری
سے صلح اور جنگ قیامت کے قریب ہوگی یہہ حدیث معجزہ ہی جیسا حضرت نے فرمایا تہا ویسا ہی ہوا ق النعمان بن بشیر اعدلوا فی اولادکم وفی روایۃ الا فلیشی بین ابنائکم
بخاری اور مسلم میں نعمان بن بشیر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ برابری کیا کرو اپنی اولاد میں اور افلیشی کی روایت یوں ہی کہ برابری کرو اپنے لڑکوں میں ف یعنی برابر سب کو
دیا کرو بعضوں کو زیادہ اور بعضوں کو کم دینا شفقت پدری کے مناسب نہیں ھ عوف بن مالک الاشجعی اعرضوا علیّ رقاکم لا باس بالرقی ما لم یکن فیہ شرک
مسلم میں عوف بن مالک رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تم اپنے منتر میرے آگے ظاہر کرو کچہہ مضائقہ نہیں منتر میں جب تک کہ اوسمیں شرک کا مضمون نہو ف مالک نے کہا تہا حضرت سے کہ ہم زمانہ
کفر میں جہاڑ پہونک کیا کرتے تہے اب کیا حکم ہوتا ہی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ ہندی منتر اکثر حرام ہیں بلکہ صاف کفر ہیں کہ اونمیں شرک کا مضمون ہوتا ہی جیسے کلوا بہیرو اور لونا چماری اور
پاسکہہ لیو اور منوماں کی دوہائی ہوتی ہی اور اسیطرح وہ منتر بہی حرام ہیں جنکے معانی نہ معلوم ہوں شاید اونمیں بہی شرک ہو ق زید بن خالد اعرف عفاصہا ووکاءہا ثم عرفہا
سنۃ فان لم تعرف فاستنفقہا ولتکن ودیعۃ عندک فان جاء طالبہا یوما من الدہر فادہا الیہ یعنی لقطۃ الذہب والفضۃ بخاری اور مسلم میں زید بن
خالد رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے افتادہ سونے اور چاندی کے مقدمہ میں فرمایا کہ اوسکی تہیلی اور باندہنے کی تاگے کو مشہور کر پہر اوسکو ایک برس شہرت دے سو اگر کوئی اوسکو نہ پہچانے تو اپنے خرچ میں لا
اور چاہئے کہ وہ مال تیرے پاس امانت کے طور پر رہے سو اگر عمر بہر میں کبہی کسی دن اوسکا مالک طلب کرتا آوے تو اوسکو دے ف یعنی جو شخص روپیہ یا اشرفی پاوے تو اوسکی تہیلی اور تاگے کو پہچان رکہے
اگر مالک ملے تو اوسکو حوالہ کرے اور نہیں تو سال بہر کے بعد اپنے خرچ میں لاوے لیکن اوسکو قرض جانے جب مالک مانگے تو دیوے ھ ابوبرزۃ الاسلمی اعزل الاذی عن
طریق المسلمین قالہ حین قال یا نبی اللہ علمنی شیئا انتفع بہ مسلم میں ابوبرزہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تکلیف دینے والی چیز کو
مسلمانوں کے راہ سے ہٹا دیا کر یہہ حضرت نے ابوبرزہ سے فرمایا جب کہ اونسے کہا کہ یا حضرت مجھکو کچہہ ایسا بتلائیے جس سے مجھکو فائدہ ہو ف یعنی کانٹا اور
پتہر اور نجاست راہ سے دور کر دیا کر کہ مسلمانوں کو آرام ہو تجھکو ثواب ہوگا معلوم ہوا کہ نفع رسانی مسلمین نجات کا عمدہ وسیلہ ہی ھ جابر اعزل
عنہا ان شئت فانہ سیاتیہا ما قدر لہا مسلم میں جابر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا اگر تیرا جی چاہے تو انزال کے وقت اپنی لونڈی سے
علیحدہ ہو جایا کر سو بات یہہ ہی کہ جو اوسکی تقدیر میں ہی سو ہونا ہی یعنی اگر اوس سے اولاد ہونی ہی تو ضرور ہوگی پہر یہہ کام کچہہ کام نہ دے گی ف

دریافت کرتو کیا دیکھا ہوں کہ حضرت میں مینے اپنی ہتھ سے کو آزاد کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے تو بہی خدا کا گنہگار غلام ہی اور خدا کو عذاب کرنیکی تجہہ سے زیادہ قدرت ہے اس حدیث میں ارشاد ہی کہ لونڈی غلام کو حد سے زیادہ نہ مارے کہ اوسکا انجام دوزخ ہی **ق** اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِعْلَمُوْا اَنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ اُجْلِيَكُمْ فَمَنْ وَجَدَ مِنْكُمْ بِمَالِهٖ شَيْئًا فَلْيَبِعْهُ وَاِلَّا فَاعْلَمُوْا اَنَّمَا الْاَرْضُ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ **قَالَهُ** لِلْيَهُوْدِ بخاری و مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے یہود سے فرمایا کہ جانو کہ تمہاری زمین اللہ اور اوسکے رسول کی ہی اور میں چاہتا ہوں کہ تمکو وطن سے نکالوں سو جو شخص کہ تم لوگوں میں سے اپنا مال کچھہ سو چاہئے کہ بیچ ڈالے اور نہیں تو جان رکھو کہ زمین تو خدا اور اوسکے رسول کی ہی **ف** یہہ بنی نضیر مدینہ کے قریب رہتے تھے اونہوں نے حضرت سے دغا کا ارادہ کیا حضرت نے اونکو جہہ فرنگ کیا یہہ حدیث فرمائی یعنے تمہارا کا اسباب اوٹھا لیجا و زمین اور باغات کے تم مالک نہیں ہے پہر وہ لوگ شام کے ملک میں نکل گئے اور اونکا گھر اور باغات حضرت کے تصرف میں آئے **خ** ابْنُ عَبَّاسٍ اِعْمَلُوْا فَاِنَّكُمْ عَلٰى عَمَلٍ صَالِحٍ وَلَوْلَا اَنْ تُغْلَبُوْا لَنَزَلْتُ حَتّٰى اَضَعَ الْحَبْلَ عَلٰى هٰذِهٖ يَعْنِيْ عَاتِقَهٗ بخاری میں عبداللہ بن عباس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ کئے جاؤ اسواسطے کہ تم نیک عمل پر ہو اگر تمہارے مغلوب ہونیکا ڈر نہوتا تو میں بہی اوترتا یہاں تک کہ رسی کو اپنی کندہی پر رکہتا **ف** حضرت عباس زمزم کی سبیل پر حاجیوں کو پانی پلاتے تھے حضرت نے اسکی تعریف کی اور فرمایا کہ پانی نکالنے میں میں بہی تمہارا شریک ہوتا لیکن مجہکو یہہ ڈر ہی کہ اگر میں یہہ کام کرونگا تو مجہکو دیکہہ کر سب لوگ ایسی ہجوم کرینگے پہر تمکو پانی پلانا مشکل ہو جائیگا **م** سَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ اِعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهٗ مسلم میں سعد بن ابی وقاص رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا عمل کئے جاؤ کہ ہر ایک شخص پر وہی آسان معلوم ہوگا جسکے واسطے وہ پیدا ہوا **ف** اصحاب نے کہا کہ حضرت جب ہر چیز مقدر ٹھہری تو عمل اور عبادت کیا ضرور تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے عمل کو تقدیر کی مخالف نہ سمجہو بلکہ تمہارا یہہ نیک عمل بہی اثر ہی تقدیر کا **خ** اَنَسٌ اَعِيْدُوْا سَمْنَكُمْ فِيْ سِقَائِهٖ وَتَمْرَكُمْ فِيْ وِعَائِهٖ فَاِنِّيْ صَائِمٌ **قَالَهُ** حِيْنَ دَخَلَ عَلٰى اُمِّ سُلَيْمٍ فَاَتَتْهُ بِسَمْنٍ وَتَمْرٍ بخاری میں انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پہیر ڈالو اپنے گہی کو اوسکے برتن میں اور خرما کو اوسکے برتن میں اسواسطے کہ میں روزہ دار ہوں یہہ حضرت نے فرمایا اوسوقت جبکہ ام سلیم کے گھر میں گئے تو وے حضرت کے آگے خرما اور گہی لائیں **ف** معلوم ہوا کہ نفل روزہ دار کو دعوت میں روزہ افطار کرنا فرض نہیں لیکن اگر افطار کرے تو درست ہے پر اوسکی قضا لازم ہی **ق** جَابِرٌ اِغْتَسِلِيْ وَاسْتَثْفِرِيْ بِثَوْبٍ وَاَحْرِمِيْ **قَالَهُ** لِاَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ حِيْنَ وَلَدَتْ مُحَمَّدَ بْنَ اَبِيْ بَكْرٍ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ بِذِي الْحُلَيْفَةِ بخاری و مسلم میں جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ غسل کر اور کپڑے کا لنگوٹ باندہ اور احرام کر یہہ حضرت نے اسماء بنت عمیس سے فرمایا جب وے محمد بن ابی بکر کو جنیں حجۃ الوداع میں ذوالحلیفہ کے منزل پر **ف** معلوم ہوا کہ نفاس اور حیض میں احرام باندہنا درست ہی اور وقوف عرفہ بہی جائز ہی لیکن بیت اللہ کا طواف ورنا پاک کو جائز نہیں **م** بُرَيْدَةُ بْنُ الْحُصَيْبِ اُغْزُوْا بِسْمِ اللّٰهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَاتِلُوْا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ اُغْزُوْا فَلَا تَغُلُّوْا وَلَا تَغْدِرُوْا وَلَا تُمَثِّلُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا وَاِذَا لَقِيْتَ عَدُوَّكَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَادْعُهُمْ اِلٰى ثَلٰثِ خِصَالٍ اَوْ خِلَالٍ فَاَيَّتُهُنَّ مَا اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ فَاِنْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَى التَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ اِلٰى دَارِ الْمُهَاجِرِيْنَ وَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهُمْ اِنْ فَعَلُوْا ذٰلِكَ فَلَهُمْ مَا لِلْمُهَاجِرِيْنَ وَعَلَيْهِمْ مَا عَلَى الْمُهَاجِرِيْنَ فَاِنْ اَبَوْا اَنْ يَّتَحَوَّلُوْا مِنْهَا فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهُمْ يَكُوْنُوْنَ كَاَعْرَابِ الْمُسْلِمِيْنَ يَجْرِيْ عَلَيْهِمْ حُكْمُ اللّٰهِ الَّذِيْ يَجْرِيْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَكُوْنُ لَهُمْ فِي الْغَنِيْمَةِ وَالْفَيْءِ شَيْءٌ اِلَّا اَنْ يُّجَاهِدُوْا مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ فَاِنْ هُمْ اَبَوْا فَسَلْهُمُ الْجِزْيَةَ فَاِنْ هُمْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ فَاِنْ هُمْ اَبَوْا فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَقَاتِلْهُمْ وَاِذَا حَاصَرْتَ اَهْلَ حِصْنٍ فَاَرَادُوْكَ اَنْ تَجْعَلَ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ نَبِيِّهٖ فَلَا تَجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ نَبِيِّهٖ وَلٰكِنِ اجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّتَكَ وَذِمَّةَ اَصْحَابِكَ فَاِنَّكُمْ اَنْ تُخْفِرُوْا ذِمَمَكُمْ وَذِمَّةَ اَصْحَابِكُمْ اَهْوَنُ مِنْ اَنْ تُخْفِرُوْا ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ رَسُوْلِهٖ وَاِذَا حَاصَرْتَ اَهْلَ حِصْنٍ فَاَرَادُوْكَ اَنْ تُنْزِلَهُمْ عَلٰى حُكْمِ اللّٰهِ فَلَا تُنْزِلْهُمْ عَلٰى حُكْمِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَنْزِلْهُمْ عَلٰى حُكْمِكَ فَاِنَّكَ لَا تَدْرِيْ اَتُصِيْبُ حُكْمَ اللّٰهِ فِيْهِمْ اَمْ لَا مسلم میں بریدہ بن حصیب رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ بسم اللہ کر خدا کی راہ میں لڑو جو خدا کو نہ مانے اوس سے لڑو تو غنیمت میں چوری نکیجیو اور قول نہ توڑیو اور ناک کان نکاٹیو اور لڑکے کو نہ ماریو اور جب کہ تو اپنے مشرک دشمن سے ملے تو اون سے تین چیز کی درخواست کر سو اونمیں سے جس بات کو مانیں تو اونسے قبول کر اور اونکے قتال سے باز رہ ایک تو یہہ کہ اون سے اسلام کی درخواست کر اگر وے مانیں تو اونسے قبول کر اور اونکے قتال سے باز رہ پہر اونسے درخواست کر کہ اپنے وطن کو چہوڑ کر مہاجرین کے مقام میں یعنے مدینے میں آرہیں اور اونسے خبر کردے کہ اگر وے یہہ کام کرینگے تو اونکو ملیگا جو مہاجرین کو ملتا ہی یعنے ثواب اور غنیمت اور اونپر وہی ہوگا جو مہاجرین پر واجب ہے یعنے جہاد سو اگر وے لوگ ایمان لاکر وطن چہوڑنا قبول نکریں تو اونسے خبر کردے کہ وے جنگلی مسلمانوں کی طرح ہونگے اونپر حکم خدا کا جاری ہوگا جیسے مومنین پر جاری ہوتا ہی اور اونکو غنیمت اور صلح کی مال سے کچھہ حصہ نملیگا مگر اوسی صورت میں کہ مسلمانوں کے ساتھہ ہوکر جہاد کریں سو اگر وے لوگ مسلمان ہونیسے انکار کریں تو اونسے جزیہ مانگ سو اگر وے مانیں تو اونسے قبول کر اور اونکے قتال سے باز رہ اور اگر وے جزیہ دینا بہی نہ قبول کریں تو خدا سے مدد مانگ اور اونکو قتل کر اور جب کہ تو قلعہ والوں کو گہیرے اور وے تجہسے چاہیں کہ تو اونسے خدا کا اور اوسکے رسول کا عہد کرے تو اونسے خدا کا اور خدا کے رسول کا عہد کر ولیکن اونسے اپنا قول اور اپنے ساتھی لشکر والوں کا قول قرار کر اسواسطے کہ اگر تم سے اپنی اور اپنے ساتھیوں کی عہد شکنی ہو جاوے تو خدا اور خدا کے رسول کی عہد شکنی سے گناہ میں کمتر اور آسان تر ہی اور جب کہ تو کسی قلعہ والوں کو گہیرے سو وے تجہسے چاہیں کہ تو اونکو خدا کے حکم پر اوتارے تو اونکو خدا

امام اعظم اور امام مالک کے نزدیک محرم اور غیر محرم سب برابر ہیں **خ** ابن عباس اقبل الحدیقۃ وطلقہا تطلیقۃ **قال** لثابت بن قیس بن شماس بخاری میں عبد اللہ بن عباس رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قبول کر لے باغ کو اور اوسکو چھوڑ دے طلاق دیکر یہہ حضرت نے ثابت بن قیس بن شماس سے فرمایا **ف** ثابت بن قیس کی جورو نے کہا کیا حضرت میں ثابت کی دینداری اور خوش خلقی کی بدگوئی نہیں کرتی لیکن میں اسلام میں خاوند کو تکلیف دینا برا جانتی ہوں یعنی میری اور اوسکی موافقت نہیں ہو سکتی حضرت نے فرمایا کہ جو باغ اوسنے تیری مہر میں دیا ہی اوسکو پھیر دیگی اوسنے کہا ہاں تب حضرت نے ثابت بن قیس سے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خلع درست ہی یعنی عورت سے طلاق دینے کے عوض میں مال لینا **م** ابن عمر اقتلوا الحیات واقتلوا ذا الطفیتین والابتر فانہما یلتمسان البصر ویستسقطان الحبالی مسلم میں عبد اللہ بن عمر رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مار ڈالو سانپوں کو اور مار ڈالو دو لکیر والے سانپ کو اور دم بریدہ سانپ کو کہ وے دونوں آنکھ پہوڑ ڈالتے ہیں اور حاملہ عورتوں کے پیٹ گرا دیتے ہیں **ف** یعنے ان دونوں سانپوں میں یہہ صفت ہی کہ جب انکی آنکھ آدمی کی آنکھ پر پڑے اور مقابل ہو تو آنکھ کی روشنی جاتی رہے اور حمل ساقط ہو جاوے تو ایسے موذیکو مار ہی ڈالنا چاہئے **ق** ابن مسعود اقرأ علی القرآن **قال** لہ فقلت یا رسول اللہ اقرأ علیک وعلیک انزل قال انی احب ان اسمعہ من غیری فقرأت النساء حتی اذا بلغت فکیف اذا جئنا من کل امۃ بشہید وجئنا بک علی ہؤلاء شہیدا رفعت راسی او غمزنی رجل الی جنبی فرفعت راسی فرأیت دموعہ تسیل بخاری ومسلم میں عبد اللہ بن مسعود رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ میرے آگے قرآن پڑھ میں نے کہا کیا رسول اللہ میں آپکے آگے قرآن پڑہوں اور حالانکہ قرآن آپ پر اترا ہی حضرت نے فرمایا کہ مجھکو یہہ بھلا معلوم ہوتا ہی کہ قرآن کو غیر آدمی سے سنوں تو میں نے سورۂ نساء پڑہی یہاں تک کہ میں جب اس آیت پر پہنچی کہ کیا حال ہوگا اوس وقت جب کہ ہم ہر امت کی گواہ یعنے پیغمبر کو لاوینگی اور تجھکو اس امت پر گواہ لاوینگے تو میں نے اپنا سر اوٹھایا یا یوں کہا کہ ایک مرد نے میرے پہلو میں ٹہوکا لگایا تو میں نے اپنا سر اوٹھایا سو میں نے دیکھا کہ حضرت کے آنسو جاری ہیں **ف** حضرت مرآیت سے قیامت کی شدت یاد کر کے روئے اور مزید شفقت سے اپنی امت پر روئے کہ انکے افعال کا میں کیا بیان کرونگا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غیر سے قرآن سننا اور مطلب کو غور کر کے رونا مستحب ہی اور ثابت ہوا کہ ذوق پڑہنے سے غیر کے سننے میں تاثیر زیادہ ہوتی ہی **م** ابو امامۃ اقرؤا القرآن فانہ یاتی یوم القیمۃ شفیعا لاصحابہ اقرؤا الزہراوین البقرۃ وسورۃ ال عمران فانہما یاتیان یوم القیمۃ کانہما غمامتان او غیایتان او کانہما فرقان من طیر صواف تحاجان عن اصحابہما اقرؤا سورۃ البقرۃ فان اخذہا برکۃ وترکہا حسرۃ ولا یستطیعہا البطلۃ مسلم میں ابو امامہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پڑہو قرآن کو کہ یہہ بخشوا دیگا اپنے پڑہنے والوں کو قیامت کے دن پڑہو نورانی دو سورتوں کو یعنے سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران کو وے دونوں سورتیں قیامت میں آوینگے جیسے دو ابر یا جیسے دو سایبان یا جیسے دو قطاریں صف بستہ جانوروں کی عذر کرینگی اپنے پڑہنے والوں کی طرف سے پڑہو سورۂ بقرہ کو اسواسطے کہ اوسکا لینا برکت ہے اور اوسکا چھوڑنا پچھتاوا ہی اور اوسپر قابو نہیں چلتا جادوگروں کا یعنے اسکی برکت سے جادو نہیں اثر کرتا **ق** جندب بن عبد اللہ اقرؤا القرآن ما ائتلفت قلوبکم فاذا اختلفتم فقوموا عنہ بخاری ومسلم میں جندب بن عبد اللہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پڑہو قرآن کو جبتک تمہارے دل اور زبان اسمیں موافقت کریں اور جب تمہارے دل اور زبان میں اختلاف پڑے تو اوس سے اوٹھ کھڑے ہو **ف** یعنے قرأت قرآن حضور دل سے چاہئے اور جب دل پریشان ہو تو صرف زبان پر بلا لحاظ معنی کے بہت خیال اسکے کچھ کام کا نہیں اوٹھ جاوے **م** ابو ہریرۃ اقیموا الصف فی الصلوۃ فان اقامۃ الصف من حسن الصلوۃ مسلم میں ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سیدہا کرو صف کو نماز میں اسواسطے کہ سیدہا کرنا صف کا نماز کی خوبصورتی ہی **ف** راستی صف کی یہہ ہی کہ برابر لوگ کہڑے ہوں اور درمیان میں فرق نہو **خ** حذیفۃ اکتبوا لی من یلفظ بالاسلام من الناس فکتبنا لہ الفا وخمس مائۃ رجل فقلنا اتخاف ونحن الف وخمس مائۃ ... بخاری میں حذیفہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لکہہ لاؤ میرے واسطے اونکو جو اسلام کا کلمہ پڑہتے ہوں اور دوسری روایت یوں ہی کہ شمار کرو کتنے لوگ اسلام کا کلمہ کہتے ہیں تو پانچسو تہے اور ایک روایت یوں ہی کچھہ سو اور ساتسو کے اندر تہے اور ایک روایت یوں ہی کہ پندرہ سو **ق** انس التمس لنا غلاما من غلمانکم یخدمنی **قال** لابی طلحۃ بخاری ومسلم میں انس رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تلاش کر لا ایک لڑکے کو اپنے لڑکوں میں سے تاکہ میری خدمت کیا کرے یہہ حضرت نے ابو طلحہ سے فرمایا **ف** مکے سے مدینے آکر یا خیبر کے جانیکے وقت یہہ حدیث فرمائی **ق** ابن عباس الحقوا الفرائض باہلہا فما بقی فہو لاولی رجل ذکر بخاری ومسلم میں عبد اللہ بن عباس رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پہلے ذوی الفروض کو فرائض والوں کو پہر جو مال باقی رہے سو قریب رشتہ دار مرد کا ہی **ف** فرائض مقرری حصوں کو کہتے ہیں جو قرآن میں مفصل مذکور ہیں جیسے آدہا حصہ لڑکے کا اور چہٹا حصہ ماں کا اور آٹھواں حصہ جورو کا سو فرمایا کہ میت کے مال سے اول فرائض والوں کو دیجئے اور اونکو دیکر اگر کچھ مال باقی رہے اوسکو عصبہ لیگا چنانچہ اسکی تفصیل علم فرائض میں موجود ہی **خ** میمونۃ القوہا وما حولہا وکلوا سمنکم بخاری میں حضرت میمونہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نکال کے پہینک دو چوہے کو اور اوسکے پاس کے گہی کو اور باقی گہی کو کہاؤ **ف** چوہا گہی میں گر پڑا اور مر گیا حضرت سے مسئلہ پوچھا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یہہ اوس صورت میں ہی کہ گہی جما ہو اور اگر گہی پتلا اور پگہلا ہو تو تمام گہی ناپاک ہو گیا **ق** کعب بن مالک امسک علیک بعض مالک فہو خیر لک **قال** لہ بخاری اور مسلم میں کعب بن مالک رضی سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ رکہہ لے اپنے تہوڑا مال کو یہہ بہتر حق میں تیرے یہہ حضرت نے کعب سے فرمایا **ف** کعب رضی جنگ تبوک میں حضرت کے ساتہہ نگئے تہے خدا اور رسول کا اونپر بہت عتاب ہوا جب اونکی توبہ قبول ہوئی تو خوشی کی مارے اونہوں نے چاہا کہ اپنا تمام مال خیرات کریں تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی **خ** انس اسقطہ عنا فانہ ...

عائشۃ خذی فرصۃ من مسک فتطہری بہا بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا لے ٹکڑا کپڑے کا مشک سے آلودہ پھر اوس پاکی حاصل کر ایک عورت نے پوچھا کہ یا حضرت میں حیض کے بعد کس طرح طہارت کروں حضرت نے فرمایا کہ غسل کے بعد تھوڑا مشک لگا کر رکھ لیا کر یعنے تاکہ خون کی بدبو دفع ہو ق عائشۃ خذی من ماله بالمعروف ما یکفیك ویکفی ولدك وبہ وختم ما یکفیك وولدك بالمعروف قاله لہند بنت عتبۃ امرأۃ ابی سفیان بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا لے لیا کر خاوند کے مال سے دستور کے موافق جتنا تجکو اور تیری اولاد کو کفایت کرے یہہ حضرت نے ہندہ عتبہ کی بیٹی سفیان کی جورو سے کہا ف ہندہ نے کہا کہ یا حضرت سفیان مرد بخیل ہے مناخرچ نہیں دیتا جو مجھکو اور میری اولاد کو کفایت کرے مگر یہہ ہو سکتا ہی کہ اوسکی لاعلمی میں بقدر حاجت کے لوں یعنے اسطرح لینا درست ہے یا نہیں تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ عورت خاوند کے مال سے اگر بقدر حاجت ضروری بدون اوسکے اجازت لیوے تو درست ہی اسواسطے کہ اوسکا حق خاوند پر فرض ہی ق ابن عباس رضی فالذی انا فیہ خیر واوصیکم بثلث اخرجوا المشرکین من جزیرۃ العرب واجیزوا الوفد بنحو ما کنت اجیزہم قال وسکت عن الثالثۃ او قالہا فانسیتہا ہذا من قول سلیمان بن ابی مسلم بخاری اور مسلم میں عبد اللہ بن عباس رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہ چھوڑ دو مجھکو جسمیں کہ میں ہون بہتر ہی اوس سے جسمیں تمکو میں تین چیز کی وصیت کرتا ہوں کہ نکالدیجو مشرکین کو عرب کے ٹاپو سے اور انعام دیا کرنا ایلچیوں کو جسطرح میں اونکو انعام دیتا تہا راوی نے کہا کہ تیسری چیز سے حضرت نے سکوت کیا یا کہا اوسکو فرمایا مگر میں بہول گیا یہہ قول ہی سلیمان بن ابی مسلم کا جو اس حدیث کا راوی ہی ف اسکا پورا قصہ حدیث قرطاس میں اسی باب میں ہو چکا خ ابو ہریرۃ دعونی ما ترکتم انما اہلك من كان قبلكم سؤالہم واختلافہم علی انبیائہم فاذا نہیتکم عن شیء فاجتنبوہ واذا امرتکم بامر فاتوا منہ ما استطعتم بخاری میں ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجھسے سوال کرنا چھوڑ دو جبتک کہ تمکو چھوڑ دیا اور نہ بتلاؤں تم سے اگلے امتوں کو اونکی سوال اور اختلاف ہی نے غارت کیا کہ اپنے پیغمبروں پر اختلاف کرتے تھے سو جب میں تمکو کسی چیز سے منع کروں تو اوس سے بچا کرو اور جب میں کسی چیز کرنیکا حکم کروں تو اوسکو کیا کرو جتنا کہ تمسے ہو سکے ف حضرت نے خطبہ پڑہا اور فرمایا کہ ای لوگو تم پر حج فرض ہوا سو تم حج کو ادا کرو تو ایک شخص نے کہا کہ یا حضرت کیا ہر سال حج فرض ہی حضرت چپ رہے یہانتک کہ اوسنے تین بار پوچھا پھر حضرت نے فرمایا کہ اگر میں ہاں کہتا تو تم پر ہر سال حج کرنا فرض ہو جاتا اور تمسے کبھی نہو سکتا پھر یہہ حدیث فرمائی یعنے بیہودہ سوال نکیا کرو جو تمہارے حق میں بہتر ہی وسکو میں خود بیان کر دیتا ہوں تمکو اوسکا دریافت کرنا کیا ضرور ہی ق جابر دعوہا فانہا منتنۃ یعنی دعوی الجاہلیۃ قول الانصاری یا للانصار وقول المہاجری یا للمہاجرین بخاری اور مسلم میں جابر رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چھوڑ دو اوس بات کو کہ وہ بات تو گندی ہی ف حضرت سفر میں تھے ایک انصاری و مہاجر میں کچھہ گفتگو ہو گئی مہاجر نے انصاری کے چوتڑ پر لات ماری انصاری نے چیخ ماری کہ ای انصار یو دوڑو اور مہاجر نے اسیطرح مہاجرین کو بلایا دونو طرف کے لوگ جمع ہو گئے حضرت نے یہہ شور سنکر فرمایا کہ یہہ کفر کا شور یعنے کہاں بلانا کسواسطے ہوا اصحاب نے اون دونوں شخصوں کا حال عرض کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی خ ابو ہریرۃ دعوہ واریقوا علی بولہ سجلا من ماء او ذنوبا من ماء فانما بعثتم میسرین ولم تبعثوا معسرین بخاری میں ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چھوڑ دو اوسکو اور اوسکے پیشاب پر چہوٹا ڈول یا پانی کا بڑا ڈول پانی کا بہا دو اسواسطے کہ تم تو بہیجے گئے آسانی کرنے والے اور نہیں بہیجے گئے سختی کرنیوالے ف ایک گنوار نے حضرت کے مسجد میں پیشاب کر دیا اصحاب نے اوسکو للکارا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی پھر حضرت نے اوسکو بلا کر کہا کہ مسجد عبادت کا مقام ہی یہاں پیشاب کرنا مناسب نہیں معلوم ہوا کہ نادان کے قصور پر سختی کرنا نچاہیے اور ثابت ہوا کہ زمین کی نجاست پانی ڈالنے اور خشک ہونیسے دور ہو جاتی ہی ق ابن عمر دعہ فان الحیاء من الایمان قالہ لرجل کان یعظ اخاہ فی الحیاء بخاری و مسلم میں عبد اللہ بن عمر رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اوسکو چہوڑ دو اسواسطے کہ شرم تو ایمان کا نشان ہی یہہ حضرت نے اوس مرد سے فرمایا جو اپنے بہائی سے نصیحت کرتا تہا زیادہ شرم نکیا کر ف یعنے حیا صفت ایمانی ہی ہر حالت میں بہتر ہی اور بیحیائی ہر طرح معیوب ہی ق ابو سعید دعہ فان لہ اصحابا یحقر احدکم صلوتہ مع صلوتہم وصیامہ مع صیامہم یقرؤن القرآن لا یجاوز تراقیہم یمرقون من الاسلام کما یمرق السہم من الرمیۃ ینظر الی نصلہ فلا یوجد فیہ شیء ثم ینظر الی رصافہ فلا یوجد فیہ شیء ثم ینظر الی نضیہ فلا یوجد فیہ شیء ثم ینظر الی قذذہ فلا یوجد فیہ شیء قد سبق الفرث والدم آیتہم رجل اسود احدی عضدیہ مثل ثدی المرأۃ او مثل البضعۃ تدردر یخرجون علی خیر فرقۃ من الناس ویروی علی حین فرقۃ بخاری و مسلم میں ابو سعید رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اوسکو چھوڑ دو اور درگذر کرو سو مقرر اوسکے چند ساتھی ہونگے کہ تم میں سے ہر ایک آدمی اپنی نماز کو اونکی نماز کے ساتھہ حقیر جانیگا اور اپنے روزہ کو اونکے روزہ کے ساتھہ حقیر سمجھیگا وہی لوگ قرآن پڑھینگے اونکے گلے کے ہنسلیوں سے نیچے نہ اتریگا یعنے دلمیں قرآن کا کچھہ اثر نہوگا وہی لوگ اسلام سے نکل جاوینگے جیسے جانور کے تیر پار ہو جاتا ہی اوسکے کانسے کو دیکھے تو کچھہ خون کا اثر نپاوے پھر اوسکے پارہ کو دیکھے تو کچھہ اثر نپاوے پھر اوس تیر کے لکڑی کو دیکھے تو کچھہ اثر نپاوے پھر تیر کے پر کو دیکھے تو کچھہ اثر نپاوے اور تیر پار نکل گیا بیٹ کی گوبر اور خون سے یعنے جیسے پار ہوئی تیر میں جانور کا کچھہ اثر نہیں لگا رہتا اسیطرح اوس قوم میں اسلام کا کچھہ اثر نہ باقی رہیگا اوس قوم کی پہچان یہہ ہی کہ اونمیں ایک سیاہ مرد ہوگا جسکے ایک بازو جیسے عورت کی چہاتی یا جیسے گوشت کا لوتہڑا کہ جنبش کیا کریگا آدمیوں کے عمدہ گروہ پر خروج کرینگے یعنے علی مرتضی رض سے باغی ہونگے اور دوسری روایت یعنی ہی کہ وہی لوگ اختلاف اور پہوٹ کے زمانہ میں ظاہر ہونگے ف حضرت نے کچھہ مال تقسیم کیا ایک شخص جسکا ذو الخویصرہ نام تہا اوسنے حضرت سے کہا کہ انصاف سے تقسیم کرو عمر فاروق رضی نے کہا کہ حضرت اگر حکم ہو تو میں اسکا سر کو مار ڈالوں تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور خارجی قوم کی خبر دی علی مرتضی نے اوس قوم کو قتل کیا اس جماعت میں جس نشانی کا مرد حضرت نے فرمایا تہا اوسی نشان کا آدمی اوس قوم میں موجود تہا باقی قصہ اس حدیث کا دوسرے باب میں ہو چکا ق جابر دعہ لا یتحدث الناس ان محمدا یقتل اصحابہ

١٥١٢ ١٥١٣ ١٥١٤ ١٥١٥ ١٥١٦ ١٥١٧ ١٥١٨ ١٥١٩ ١٥٢٠ ١٥٢١

کہ احتلام ہو اور منی کا پانی دیکھے تو غسل کرے حضرت نے فرمایا کہ ہاں غسل کرے حضرت عائشہ نے اوس عورت سے کہا تیرا برا ہو کیا عورت کو بھی احتلام ہوتا ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے اگر عورت کی منی نہوتی تو لڑکا ماموؤن کے صورت سے کسطرح مشابہ ہوتا **خ** سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ اِرْمُوْا بَنِيْ اِسْمٰعِيْلَ فَاِنَّ اَبَاكُمْ كَانَ رَامِيًا بخاری مین سلمہ بن اکوع رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تیر اندازی سیکھو اے اسمعیل کی اولاد اسواسطے کہ تمہارا باپ تیر انداز تھا **ف** چند انصار تیر اندازی کرتے تھے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور فرمایا کہ ہم فلانے قوم کی ساتھہ ہین تو دوسری قوم نے تیر اندازی موقوف کی حضرت نے فرمایا کہ تم کیون نہین تیر اندازی کرتے اونہون نے کہا یا رسول اللہ ہم کیونکر تیر لگاوین اور آپ اوس قوم کی ساتھہ ہین اور ہمارے ساتھہ نہین حضرت نے فرمایا کہ تیر لگاؤ مین تم سبکی ساتھہ ہون اس حدیث سے معلوم ہوا کہ انصار حضرت اسمعیل کے اولاد مین تیر اندازی کی اسواسطے تاکید فرمائی کہ جہاد کا وسیلہ ہے **ق** جَابِرٍ سَمِّ ابْنَكَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ **قَالَهٗ** لہ بخاری و مسلم میں جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اپنی بیٹے کا عبد الرحمن نام رکہہ **ف** جابر رض سے روایت ہے کہ ہمارے قوم مین ایک شخص کے بیتا پیدا ہوا اوسنے قاسم نام رکھا پھر اوسنے حضرت کو خبر دی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی **ق** عُمَرَ بْنِ اَبِيْ سَلَمَةَ سَمِّ اللّٰهَ وَكُلْ بِيَمِيْنِكَ وَكُلْ مِمَّا يَلِيْكَ بخاری او مسلم مین عمر بن ابی سلمہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بسم اللہ کہہ اور اپنی داہنی ہاتھہ سے کہا اور اوس طرف سے کہا جو تیرے قریب ہے **ف** عمر بن ابی سلمہ رض سے روایت ہے کہ مین لڑکا تھا اور رکابی کی ہر طرف سے کہاتا تھا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ لڑکونکو ادب کہلانا سنت ہے **ق** اَنَسٍ سَمُّوْا بِاسْمِيْ وَلَا تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِيْ بخاری و مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نام رکھا کرو میرے نام پر اور کنیت نہ رکہو میری کنیت کو **ف** کنیت اوسکو کہتے ہین جسپر اب کی لفظ ہو جیسے ابو القاسم اور ابو الحسن حضرت کی کنیت ابو القاسم تہی سو فرمایا کہ اپنی اولاد کا محمد نام رکہو ابو القاسم اونکو مت کہو مصابیح مین روایت ہے کہ حضرت بازار مین تہے ایک شخص نے پکارا یا ابا القاسم حضرت اوسکی طرف متوجہ ہوئے اوسنے کہا کہ یا حضرت مینے آپکو نہین پکارا فلانے شخص کو پکارا تہا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی حضرت کی نام اور کنیت رکہنے مین علما کی بہت قول ہین لیکن صحیح قول یہی ہے کہ حضرت کا نام رکہنا تو درست ہے لیکن کسیکو ابو القاسم کہنا بہتر نہین چنانچہ اسکا مفصل بیان سفر السعادت مین موجود ہے **ق** اَنَسٍ سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ فَاِنَّ تَسْوِيَةَ الصُّفُوْفِ مِنْ تَمَامِ الصَّلٰوةِ بخاری و مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا برابر کیا کرو اپنی صفونکو اسواسطے کہ صفونکو برابر کرنا نماز کا کمال ہے **م** اَبِيْ هُرَيْرَةَ سِيْرُوْا هٰذَا جُمْدَانُ سَبَقَ الْمُفَرِّدُوْنَ قَالُوْا وَمَا الْمُفَرِّدُوْنَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الذَّاكِرُوْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَالذَّاكِرَاتُ مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ جمدان پہاڑ ہے بڑہ گئی اکیلے اصحاب نے کہا یا حضرت اکیلے کون ہین حضرت نے فرمایا کہ خدا کی بہت یاد کرنی والے مرد اور عورتین **ف** حضرت مکے کے راہ مین چلے جاتے تہے وہان ایک پہاڑ نمودار ہوا جسکا جمدان نام ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اوس پہاڑ کے پاس کوئی پہاڑ نہین یعنے جیسے یہہ پہاڑ تنہا ہے اسیطرح خدا کی یاد کرنے والے ہین اوسکی یاد مین تنہائی دوست رکہتے ہین اور گوشہ نشین ہین ترمذی مین روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ان لوگون نے خدا کی یاد مین حرص اور ذوق مین ڈالی اون کے گناہون کے بوجہہ کو اتار ڈالیگی سو وے لوگ قیامت مین ہلکے ہلکے آوینگے **م** عَلِيٍّ شَقِّقْهُ خُمُرًا بَيْنَ الْفَوَاطِمِ يَعْنِيْ ثَوْبَ حَرِيْرٍ اَهْدَاهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اُكَيْدِرُ دُوْمَةَ **قَالَهٗ** ثُمَّ الْفَوَاطِمُ اِحْدٰيهُنَّ فَاطِمَةُ الزَّهْرَاءُ وَالثَّانِيَةُ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَسَدٍ اُمُّ عَلِيٍّ وَالثَّالِثَةُ فَاطِمَةُ بِنْتُ حَمْزَةَ مسلم مین علی مرتضی رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اوس ریشمی کپڑے کو پہاڑ اور اوڑہنیان بناکر اون عورتون مین تقسیم کر جنکی فاطمہ نام ہین مراد وہ ریشمی کپڑا ہے جو اکیدر دومہ کی بادشاہ نے حضرت کو تحفہ بہیجا تہا یہہ حضرت نے علی مرتضی سے فرمایا اور فاطمہ کی نام کی تین عورتین ہی ہین ایک تو فاطمہ زہرا رض اور دوسری فاطمہ بنت اسد رض علی مرتضی رض کی ماں تیسری فاطمہ حمزہ کی بیٹی رض **ف** ہرچند ریشمی کپڑا مرد کو حرام ہے لیکن اگر کوئی تحفہ دیوے تو قبول کرے اور عورتون کو حوالہ کرے کہ اونکو حلال ہے **م** عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ صَلِّ صَلٰوةَ الصُّبْحِ ثُمَّ اَقْصِرْ عَنِ الصَّلٰوةِ حِيْنَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ حَتّٰى تَرْتَفِعَ فَاِنَّهَا تَطْلُعُ حِيْنَ تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ وَحِيْنَئِذٍ يَسْجُدُ لَهَا الْكُفَّارُ ثُمَّ صَلِّ فَاِنَّ الصَّلٰوةَ مَشْهُوْدَةٌ مَحْضُوْرَةٌ حَتّٰى يَسْتَقِلَّ الظِّلُّ بِالرُّمْحِ ثُمَّ اَقْصِرْ عَنِ الصَّلٰوةِ فَاِنَّهٗ حِيْنَئِذٍ تُسْجَرُ جَهَنَّمُ فَاِذَا اَقْبَلَ الْفَيْءُ فَصَلِّ فَاِنَّ الصَّلٰوةَ مَشْهُوْدَةٌ مَحْضُوْرَةٌ حَتّٰى تُصَلِّيَ الْعَصْرَ ثُمَّ اَقْصِرْ عَنِ الصَّلٰوةِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَاِنَّهَا تَغْرُبُ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ وَحِيْنَئِذٍ يَسْجُدُ لَهَا الْكُفَّارُ مسلم مین عمرو بن عبسہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ صبح کی نماز پڑھ پھر نماز کو موقوف کر جب تک آفتاب نکلے یہانتک کہ اونچا ہو جاوے اسواسطے کہ آفتاب جب کہ نکلتا ہے تو شیطان کے دو سینگونکے اندر نکلتا ہے اور اوسوقت کافر آفتاب کو سجدہ کرتے ہین پھر جب آفتاب بلند ہو تو نماز پڑھ اسواسطے کہ اوسوقت نماز مین عبادت والے موجود اور حاضر ہوتے ہین یہانتک کہ سایہ نیزہ کا قائم ہو جاوے یعنے دوپہر ہو اور زمین پر سایہ نہ پہرے اوسوقت نماز موقوف کر اسواسطے کہ اوسوقت دوزخ بہڑکائی جاتی ہے پھر جب سایہ دوپہر کا ڈہلنے اور بڑہ چلے تو نماز پڑہ اسواسطے کہ اوسوقت عبادت والے نماز مین موجود اور حاضر ہوتے ہین یہانتک کہ عصر کی نماز سے تو فراغت پاوے پھر نماز کو موقوف کر یہانتک کہ آفتاب ڈوب جاوے اسواسطے کہ آفتاب شیطان کے دو نو سینگونکے اندر ڈوبتا ہے اور اوسوقت آفتاب کو کافر سجدہ کرتے ہین **ف** عمرو بن عبسہ رض سے روایت ہے کہ حضرت مدینے مین تشریف لائے تو مینے حضرت سے نماز کے وقت پوچھے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے ہر وقت نماز پڑھنا درست ہے لیکن تین وقت ... طلوع غروب کے وقت تو اسواسطے منع ہے کہ اسوقت آفتاب کو کافر سجدہ کرتے ہین

تو سر کھلا تھا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ جب کچھ نہ ہو تو کفن میں ایک کپڑا کفایت کرتا ہے **م** سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ مِنْ حَیْثُ اَخَذَہٗ **قَالَ** لَہٗ یَعْنِیْ سَیْفًا اِسْتَوْهَبَہٗ مِنَ الْغَنَائِمِ مسلم میں سعد بن ابی وقاص رض سے روایت ہے حضرت نے فرمایا کہ اوسکو رکھہ دے جہان سے تو نے اوسکو لیا ہے **ف** غنیمت کے مال سے سعد ابی وقاص نے ایک تلوار اون سے مانگی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے غنیمت کے مال میں سب غازیوں کا حق ہے بے تقسیم تجھکو کیونکر ملے **م** عُثْمَانُ بْنُ اَبِی الْعَاصِ ضَعْ یَدَكَ عَلَی الَّذِیْ یَأْلَمُ مِنْ جَسَدِكَ وَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ ثَلٰثًا وَقُلْ سَبْعَ مَرَّاتٍ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ **قَالَ** لَہٗ مسلم میں عثمان بن ابی العاص رض سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ تو اپنا ہاتھ رکھہ جہان تیرے بدن میں درد ہوتا ہے اور بسم اللہ تین بار کہہ اور سات بار کہہ اعوذ باللہ وقدرتہ من شر ما اجد واحاذر یعنے میں پناہ مانگتا ہون اللہ کی اور اوسکے قدرت کی اوس چیز کی برائی سے جسکا مجھکو غم اور خوف ہے **ف** مصابیح میں عثمان بن ابی العاص رض سے روایت ہے کہ مینے اپنی درد اور بیماری کی حضرت سے شکایت کی تب حضرت نے یہہ دعا فرمائی مینے اوسپر عمل کیا مجھکو شفا حاصل ہوئی **ق** اُمُّ سَلَمَةَ طُوْفِیْ مِنْ وَّرَاءِ النَّاسِ وَاَنْتِ رَاكِبَةٌ **قَالَ** لَهَا لَمَّا قَالَتْ اِنِّیْ اَشْتَكِیْ بخاری و مسلم میں حضرت ام سلمہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو طواف کر لوگون کے پیچھے سوار ہوکر یہہ حضرت نے ام سلمہ سے فرمایا جب اونہون نے کہا تہا کہ مین بیمار ہون **ف** معلوم ہوا کہ حج مین بیمار کو سوار ہوکر طواف کرنا درست ہے **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ عُوْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ عُوْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ عُوْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ عُوْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پناہ مانگو خدا کی خدا کی عذاب سے پناہ مانگو خدا کی قبر کی عذاب سے پناہ مانگو خدا کی دجال کے فتنے سے پناہ مانگو خدا کی زندگی اور موت کے فتنے اور فساد سے

م جَابِرٌ غَطُّوا الْاِنَاءَ وَاَوْكُوا السِّقَاءَ فَاِنَّ فِی السَّنَةِ لَيْلَةً يَنْزِلُ فِيْهَا وَبَاءٌ لَا يَمُرُّ بِاِنَاءٍ لَيْسَ عَلَيْهِ غِطَاءٌ اَوْ سِقَاءٍ لَيْسَ عَلَيْهِ وِكَاءٌ اِلَّا نَزَلَ فِيْهِ مِنْ ذٰلِكَ الْوَبَاءِ قَالَ اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ فَالْاَعَاجِمُ عِنْدَنَا يَتَّقُوْنَ ذٰلِكَ فِیْ كَانُوْنَ الْاَوَّلِ مسلم میں جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بند رکھا کرو اور دہانہ باندھا کرو مشک کا اسواسطے کہ تمام سال میں ایک ایسی رات ہے کہ اوسمین وبا اترتی ہے جس برتن اور مشک کو کہلا پاتی ہے اوسکے اندر وبا گہس جاتی ہے لیث بن سعد محدث نے کہا کہ جو عجم کے لوگ ہمارے پاس ہین کانون اول مین اوسکا بچاؤ کرتے ہین **ف** کانون اول رومی مہینہ ہے خریف کی آخر فصل مین ہوتا ہے خلاصہ مطلب یہہ ہے کہ حدیث مین اوس رات کو معین نہین فرمایا کہ کب ہوتی ہے لیکن عجم کے لوگ کانون اول مین جانتے ہین شاید اونکو تجربہ ہوا ہو کہ اوس فصل مین وبا گر جاتی ہے لیکن یہ یقین نہین ہو برتنون کو ہر رات بند رکھنا چاہئے **ق** جَابِرٌ غَطُّوا الْاِنَاءَ وَاَوْكُوا السِّقَاءَ وَاَغْلِقُوا الْبَابَ وَاَطْفِئُوا السِّرَاجَ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَحُلُّ سِقَاءً وَلَا يَفْتَحُ بَابًا وَلَا يَكْشِفُ اِنَاءً فَاِنْ لَمْ يَجِدْ اَحَدُكُمْ اِلَّا اَنْ يَعْرُضَ عَلٰی اِنَائِهٖ عُوْدًا وَيَذْكُرَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَلْيَفْعَلْ فَاِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ تُضْرِمُ عَلٰی اَهْلِ الْبَيْتِ بَيْتَهُمْ بخاری و مسلم میں جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بند رکھو برتن کو اور منہہ باندھو مشکون کا اور بند کرو دروازے کو اور گل کیا کرو چراغ کو اسواسطے کہ شیطان مشک کا منہہ نہین کہولتا اور دروازہ اور برتن کو نہین کہولتا اور اگر کوئی برتن ڈہانکنے کو کچھہ نپاوے تو لکڑی کو برتن پر آڑا رکھہ دے اور بسم اللہ کہے مقرر چوہا گہر والون کو جلا دیتا ہے یعنے اگر سوتے وقت چراغ روشن رہے تو چوہا بتی لیجاتا ہے پہر گہر میں اکثر آگ لگ جاتی ہے **ف** حضرت نے احتیاط مین آداب سکہلائی کہ بسم اللہ کہکے رات کو یہہ عمل کرنا چاہئے اسمین برکت ہے **م** جَابِرٌ غَيِّرُوْا هٰذَا الشَّيْبَ وَاجْتَنِبُوا السَّوَادَ مسلم میں جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بدل ڈالو اسکا کسی چیز سے اور بچو سیاہی سے **ف** فتح مکہ میں ابو قحافہ صدیق اکبر رض کے باپ مسلمان ہوئے اونکی داڑہی اور سر کے بال نہایت سفید تھے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ خضاب کرنا درست ہے لیکن سیاہ خضاب کرنا مکروہ ہے فقہا کہتے ہین کہ وسمے کا خضاب درست ہے اسواسطے کہ بعضے اصحاب کرتے تھے وسمے کے سوا اور خضاب سیاہ رنگ درست نہین واللہ اعلم **خ** اَبُوْ هُرَيْرَةَ فِرَّ مِنَ الْمَجْذُوْمِ كَمَا تَفِرُّ مِنَ الْاَسَدِ لَمْ يَصِلْ سَنَدَهٗ هٰذَا الْحَدِيْثُ بخاری میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہاگ کوڑہی سے جیسے تو شیر سے بہاگتا ہے بخاری نے اس حدیث کی پوری سند نہین بیان کی **ف** اس بیمار ایسے آدمی کو نفرت آتی ہے تو بیمار کو زیادہ رنج آتا ہے اسواسطے اوسکی صحبت منع فرمائی **خ** اَبُوْ مُوْسٰی فُكُّوا الْعَانِیَ وَاَطْعِمُوا الْجَائِعَ وَعُوْدُوا الْمَرِيْضَ بخاری میں ابو موسی رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چہڑاؤ قیدی کو اور کہانا کہلاؤ بہوکہے کو اور خبر عافیت پوچھو بیمار کی **ف** دشمن سے مظلوم کو چہڑانا قادر پر فرض ہے اور اطعام اور عیادت فرض کفایہ ہے **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ قَاتِلْهُمْ حَتّٰی يَشْهَدُوْا اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ فَقَدْ مَنَعُوْا مِنْكَ دِمَاءَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَی اللّٰهِ **قَالَ** لِعَلِیٍّ يَوْمَ خَيْبَرَ مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قتل کر اونکو یہانتک کہ وہ گواہی دین کہ خدا کے سوا کوئی معبود برحق نہین اور محمد خدا کا رسول ہے پہر جب اونہون نے یہ کیا تو تجہسے اپنے خون اور مال بچائی مگر حق بات پر اور حساب اونکا خدا پر ہے یہہ حضرت نے علی مرتضی رض سے فرمایا جنگ خیبر کے دن **ف** یعنے جب کافر نے کلمہ پڑہا تو اوسکی جان مارنا اور مال لوٹنا درست نہین لیکن خون کے بدلے خون ہوگا اور اگر مال ہوگا زکوۃ لیجاویگے اور اگر وہ اپنے جان اور مال بچانیکے واسطے کلمہ پڑہ لیوینگے اور دل سے کافر رہینگے تو خدا اون سے حساب کریگا ہمکو ظاہر حکم ہے **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ قَارِبُوْا وَسَدِّدُوْا مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میانہ روی اختیار کرو اور راہ راست پر چلو **ف** یعنے عبادت میں کمی و زیادتی نہ کرو … **م** جُوَيْرِيَةُ زَوْجُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرِّبِيْهِ فَقَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّهَا يَعْنِیْ عَظْمًا مِنْ شَاةٍ اُعْطِيَتْهُ مَوْلَاتُهَا مِنَ الصَّدَقَةِ مسلم میں حضرت جویریہ رض حضرت کی بی بی سے روایت ہے کہ

خداہی کیواسطے ہین پاک ہے خدا جہانون کا مالک گناہ سے بچاؤ نہ بندگی طاقت بدون خدا کے مدد کے جو سب پر غالب حکمت والا ہی اوس جنگلی آدمی نے کہا کہ یہ تو خدا کے تعریفین ہوئین پھر مجھکو کیا یعنے میرے فائدے کی چیز کچھ فرما حضرت نے فرمایا یون کہا کر کہ الہی مجھکو بخش اور مجھپر رحم کر اور مجھکو ہدایت کر اور مجھکو روزی دے اور مجھکو عافیت مین رکھ روای کو شک ہی کہ حضرت نے عافیت کی لفظ فرمائی یا نہین جب حضرت نے اوس جنگلی آدمی کو فرمایا جو حضرت سے سنا تھا تو لوٹنے کہا کہ ای خدا کی پیغمبر مجھکو کوئی ایسا کلام سکھلاؤ جسکو مین کہا کرون **ھ** حُذَيْفَةُ قُمْ يَا حُذَيْفَةُ فَأْتِنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ **قَالَ لَهُ** لَيْلَةَ الْأَحْزَابِ مسلم مین حذیفہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اٹھ ای حذیفہ اوس قوم کی ہمارے پاس خبر لے آ یہ حضرت نے جنگ خندق کی رات فرمایا **ھ** حُذَيْفَةُ ثُمَّ يَكُوْمَانِ **قَالَهُ لَهُ** صُبْحَةَ لَيْلَةِ الْأَحْزَابِ مسلم مین حذیفہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اوٹھ اے سونیوالے حضرت نے حذیفہ رض سے فرمایا جنگ خندق کی فجر کو **ف** جنگ خندق مین کہانے کئے دن تک مدینہ گہیرا لیکن رات نہایت سرد ہوا چلی لوگ جاڑے سے سو گئے تب حضرت نے حذیفہ کو خبر کے واسطے بھیجا پھر حذیفہ کو اپنا کمل اڑہایا اونکو خوب نیند غفلت کی آگئی تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی باقی مفصل قصہ چوتھے باب مین گذرا **خ** أَبُوْ سَعِيْدٍ قُوْلُوا اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِيْمَ بخاری مین ابوسعید رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یون درود پڑھو کہ الہی اپنی مہر کر محمد پر جو تیرا بندہ اور تیرا پیغمبر ہی جیسے تو نے ابراہیم پر مہر کی اور برکت کر محمد پر اور محمد کے آل پر جیسے تو نے برکت کی ابراہیم پر اور ابراہیم کے آل پر **ق** أَبُوْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيُّ قُوْلُوا اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ بخاری و مسلم مین ابوحمید رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ درود کو یون کہا کرو کہ الہی اپنی مہر کر محمد پر اور اوسکی بیبیون پر اور اوسکی اولاد پر جیسے تو نے مہر کی ابراہیم پر اور برکت کر محمد پر اور اوسکی بیبیون پر اور اوسکے اولاد پر جیسے تو نے برکت کی ابراہیم پر بیشک تو سب خوبیون سراہا بڑائی والا ہی **ھ** اُمِّ سَلَمَةَ قُوْلِي اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلَهٗ وَاَعْقِبْنِيْ مِنْهُ عُقْبٰى حَسَنَةً **قَالَهُ لَهَا** حِيْنَ مَاتَ اَبُوْ سَلَمَةَ مسلم مین حضرت ام سلمہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا یون کہہ الہی مجھکو بخش اور اوسکو یعنے خاوند کو اور اوسکے بعد مجھکو اوسکا نیک بدلا دے یہ حضرت نے حضرت ام سلمہ رض کو فرمایا جب ابوسلمہ کا انتقال ہوا **ف** حضرت ام سلمہ کے اول خاوند یعنے ابوسلمہ کا جب انتقال ہوا تب حضرت نے اونکو یہ تعلیم کی حق تعالی نے دعا قبول کی حضرت سے اونکا نکاح ہوا **ق** أَبُوْ سَعِيْدٍ قُوْمُوْا اِلٰى سَيِّدِكُمْ وَاِلٰى خَيْرِكُمْ يَعْنِيْ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ لَمَّا جَاءَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ هٰؤُلَاءِ نَزَلُوْا عَلٰى حُكْمِكَ بخاری و مسلم مین ابوسعید رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اٹھو اپنے سردار کے طرف یا یون فرمایا کہ اپنے سے افضل اور بہتر کی طرف یعنے سعد بن معاذ کی طرف پھر سعد حضرت پاس پہنچے تو حضرت نے فرمایا کہ البتہ یہ یہود تیری تجویز پر راضی ہو کر اترے ہین **ف** بنی قریظہ ایک قوم تہی یہود کی حضرت سے اونہون نے عہد شکنی کی تہی حضرت نے اونکا قلعہ گھیر لیا تھا وے لوگ اس بات پر راضی ہوئے کہ سعد بن معاذ جو ہمارے حق مین تجویز کرین سو ہمکو قبول ہی سعد زخمی تہے حضرت نے اونکو مدینے سے بلایا جب وے آئے تب حضرت نے انصار سے یہ حدیث فرمائی سعد نے اونکے قتل کرنے کا حکم دیا چنانچہ اوس قوم کے مرد قتل ہوئے اور عورتین اور لڑکے لونڈی غلام ہوئے بعضے علما نے کہا کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سردار اور علما کی تعظیم کے واسطے قیام کرنا درست ہی اور بعضون نے جواب دیا ہی کہ یہ قیام تعظیم کے واسطے نہ تہا بلکہ سعد زخمی تہے اونکے سنبہالنے کے واسطے حضرت نے قیام کا حکم کیا تہا چنانچہ دوسری حدیث مین آیا ہی کہ ایک دوسرے کے واسطے نہ قیام کیا کرو جیسے عجم کے لوگ کرتے ہین اور بعضے علما نے فرمایا ہی کہ قیام افراط تعظیم کے واسطے مکروہ ہی اور اہل علم اور دین کی تکریم کے واسطے درست ہی **م** اَنَسٌ قُوْمُوْا اِلٰى جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ **قَالَهُ** حِيْنَ دَنَا الْمُشْرِكُوْنَ يَوْمَ بَدْرٍ صحیح مسلم مین انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اٹھو اور بہشت کے طرف جسکا پہیلاؤ آسمان اور زمین کی برابر ہی یہ حضرت نے اوسوقت فرمایا جسوقت جنگ بدر مین مشرک نزدیک آگئے **ف** یعنے اونکو قتل کرو اسواسطے کہ اونکا قتل کرنا شہید ہونا ہر طرح بہتری کہ اوسکا عوض بہشت ہی **ق** اِبْنُ عَبَّاسٍ قُوْمُوْا عَنِّيْ وَلَا يَنْبَغِيْ عِنْدِيْ التَّنَازُعُ وَيُرْوٰى عِنْدَ نَبِيٍّ تَنَازُعٌ بخاری و مسلم مین عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اٹھو میرے پاس سے اور لائق نہین میرے پاس جہگڑا کرنا اور دوسری روایت مین ہی کہ پیغمبر پاس جہگڑا مناسب نہین **ف** حضرت نے مرض الموت مین وقت قلم مانگا بعضون نے کہا کہ کچھ ضرور نہین حضرت کو لکھانے مین تکلیف ہوگی تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی باقی اسکا قصہ اسی باب مین مفصل ہو چکا **ق** اَبُوْ هُرَيْرَةَ كِخْ كِخْ اِرْمِ بِهَا اَمَا عَلِمْتَ اَنَّا لَا نَاْكُلُ الصَّدَقَةَ وَيُرْوٰى لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ **قَالَهُ** لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا حِيْنَ اَخَذَ تَمْرَةً مِّنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ فَجَعَلَهَا فِيْ فِيْهِ بخاری و مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا چھی چھی اسکو پھینک دے کیا تو نہین جانتا کہ ہم لوگ زکوۃ نہین کہاتے اور دوسری روایت مین ہی کہ ہمکو زکوۃ حلال نہین یہ حضرت نے امام حسن ع سے فرمایا جب اونہون نے زکوۃ کی کہجورون سے ایک کہجور اٹھالی اور منہ مین رکھلی **ف** حضرت امام حسن اوسوقت مین لڑکے تہے اس حدیث سے ثابت ہوا کہ سادات کو زکوۃ کا مال حرام ہی **ق** جَابِرٌ كُلْ فَاِنِّيْ اُنَاجِيْ مَنْ لَا تُنَاجِيْ يَعْنِي الثُّوْمَ الْمَطْبُوْخَ **قَالَهُ** لِرَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِهٖ بخاری و مسلم مین جابر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تو کہا اسواسطے کہ مین کانا پہوسی کرتا ہون اوس سے جس سے تو کانا پہوسی نہین کرتا **ف** حضرت کے روبرو ایک سالن آیا اوس مین لہسن بو آتی حضرت نے اوسکو نہ کہایا کسی صحابی سے فرمایا کہ تو کہا صحابی نے دیکہا کہ حضرت نہین کہاتے ہین تو اوس نے بہی ہاتھ کہینچا تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی

سامان کر حدیث مین یہ جو فرمایا کہ مسافر اور راہ چلنے والے کی طرح گذران کر یعنے جیسے مسافر سفر مین زیادہ بکھیڑا نہین کرتا اور ہر دم اپنا وطن یاد کرکے زاد راہ کی فکر مین رہتا ہی
اسیطرح مومن کو لازم ہی کہ دنیا کو سرائے جانکے بیہودہ حرص کو مارکر اپنے اصلی وطن سے غافل نہو ہر دم وہانکا سامان کرتا رہے اور یہ جو فرمایا کہ اپکو مُردون مین شمار کر یعنے پریشانی اور تشویش دنیا
سبب موت کی غفلت ہے اور جب موت یاد رکھے تو سب مشکل آسان ہی **شعر** چو آہنگ رفتن کند جان پاک چہ برتخت مُردن چہ بر روئے خاک یہ حدیث ہادی دروشی کی ہے حق تعالی اللہ ہمارے
تئین اسکو سمجھنے اور اسپر عمل نصیب کرے آمین **خ** اَبُو اَیُّوبَ كِيلُوا طَعَامَكُمْ يُبَارَكْ لَكُمْ فِيهِ بخاری مین ابو ایوب رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تولا کرو اپنی اناج کو
تمہارے لئے اوسمین برکت ہوگی **ف** یعنے مول لیکر تولنا چاہیے تا کہ کم ہو تو طلب کیجئے اور اگر زیادہ ہو تو غیر کا حق پہیر دیجئے اور ہر روز تول کر گھر مین خرچ کرنا بہی حکمت سے
خالی نہین کہ حساب سے خرچ ہو ضرورت سے زیادہ ہونے کم **م** اَبُو سَعِيدٍ لَقِّنُوا مَوْتَاكُمْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مسلم مین ابو سعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سکھلاؤ
اپنے مُردونکو لا الہ الا اللہ **ف** یعنے مرنیکے وقت لا الہ الا اللہ پکار کے کہو تا کہ مرنے والا بہی سنکے کہے اور یون نہ اوس سے کہنا چاہیے کہ لا الہ الا اللہ کہہ شاید بد حواسی سے انکار کر
بیٹھے **م** اَبُو هُرَيْرَةَ لِيَأْخُذْ كُلُّ رَجُلٍ بِرَأْسِ رَاحِلَتِهِ فَاِنَّ هٰذَا مَنْزِلٌ حَضَرَنَا فِيهِ الشَّيْطَانُ **قاله** غَدَاةَ لَيْلَةِ التَّعْرِيسِ مسلم مین ابو ہریرہ
رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا چاہیے کہ پکڑ رہے ہر ایک مرد اپنے اونٹ کے سر کو سو مقرر یہ منزل ہی کہ اسمین ہمارے پاس شیطان آیا یہ حضرت نے لیلۃ التعریس کی فجر کو فرمایا **ف** جنگ خیبر سے
پلٹتے آخر شب حضرت اور تمام سو گئے فجر کی نماز قضا ہوگئی تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنے یہ مکان ہی شیطان کا ایسا نہو کہ شیطان کسیکے اونٹ کو بہگا دیوے تو ہوشیاری کرنا چاہیے **ق** عائشۃ
لِيُصَلِّ اَحَدُكُمْ نَشَاطَهُ فَاِذَا كَسِلَ اَوْ فَتَرَ قَعَدَ وَيُرْوٰى فَلْيَقْعُدْ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا چاہیے کہ نماز پڑہا کرے ہر ایک شخص جب تک خوش دل
اور چست رہے پہر جب کاہل سست ہو تو بیٹھ رہے اور دوسری روایت یون ہی کہ اوسکو بیٹھ رہنا چاہیے **ف** انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے مسجد مین رسی لٹکی دیکھی پوچھا یہ کیا ہی لوگون
نے کہا کہ حضرت زینب کا دستور ہی کہ جب تہجد کی نماز مین سست ہو جاتی ہین تو اسکو تہام لیتی ہین تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنے ستے مین نفل نماز پڑہنا بی لطف ہے **م** لِيُصَلِّ مَنْ شَاءَ مِنْكُمْ فِي رَحْلِهِ
قاله فِي يَوْمٍ مَطِيرٍ فِي سَفَرٍ مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا چاہیے کہ نماز پڑہ لیوے جو شخص کہ تم مین سے چاہے اپنے بستر پر یہ حضرت نے مینہ برسنے کے دن سفر مین فرمایا **ف**
معلوم ہوا کہ مینہ کے عذر سے جماعت مین حاضر ہونا درست ہے **م** ابْنُ مَسْعُودٍ لِيَلِيَنِي مِنْكُمْ اُولُو الْاَحْلَامِ وَالنُّهٰى ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ وَاِيَّاكُمْ وَهَيْشَاتِ
الْاَسْوَاقِ مسلم مین عبد اللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا چاہیے کہ تم مین سے عقلمند اور ہوشیار لوگ میرے قریب ہوا کرین پہر اونکے بعد وہ لوگ ہوا کرین جو اون سے میل رکھتے ہو
اور تم بچو بازارون کے بک بک سے یعنے مسجد اور جماعت مین بازار کی طرح شور اور ہجوم نکرو **ف** عبد اللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہی کہ دستور حضرت کا تہا کہ جماعت کے وقت ہمارے مونڈہون کو
ملاتے تہے اور فرماتے تہے کہ برابر ہو جاؤ اور قیام مین مختلف نہو نہین تو تمہارے دلون مین اختلاف پڑ جاویگا پہر حضرت یہ حدیث فرماتے تہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام کی قریب اہل علم اور
عقل کھڑے ہون تا کہ مسائل کو سیکہین اور اگر امام کو سہو واقع ہو تو اوسکو خبردار کرین اور علما کی بعد درجہ بدرجہ لوگ صف مین کہڑے ہون ابو بکر صدیق رضہ کا دستور تہا کہ نماز مین
حضرت کے پیچھے برابر کہڑے ہوتے تہے اور اونکی جگہہ دوسرا شخص نہین کہڑا ہوتا تہا **م** اَبُو سَعِيدٍ لِيَنْبَعِثْ مِنْ كُلِّ رَجُلَيْنِ اَحَدُهُمَا وَالْاَجْرُ بَيْنَهُمَا يَعْنِي فِي الْجِهَادِ **قاله**
لِبَنِي لِحْيَانَ حِينَ بَعَثَ اِلَيْهِمْ بَعْثًا مسلم مین ابو سعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا چاہیے کہ دو آدمیون مین سے ایک آدمی جہاد کو جاوے اور ثواب دونون مین برابر ہی
حضرت نے اوسوقت فرمایا جب قوم بنی لحیان پر لشکر بہیجا **ف** یعنے ہر قوم سے آدہی آدمی جہاد کو جاوین اور آدہی آدمی مجاہدین کی جورو لڑکون کی خبرگیری کرین ثواب دونونکو
برابر ملیگا **ق** عَائِشَةَ مُرُوا اَبَا بَكْرٍ يُصَلِّ بِالنَّاسِ بخاری و مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ کہو ابو بکر رضہ سے کہ لوگون کو نماز پڑہاوے **ف** حضرت نے
مرض الموت مین یہ حدیث فرمائی اور پانچ دن اونسے امامت کروائی چنانچہ اسکا مفصل قصہ دوسرے باب مین گذرا جو عہدہ حضرت کو خاص تہا یعنے امامت کا سو اپنے حیات مین ابو بکر
صدیق رضہ کو دیا اسمین صاف اشارہ ہی خلافت کا گویا حضرت نے اونکو اپنا ولی عہد کیا **خ** ابْنُ عَبَّاسٍ مُرُوهُ فَلْيَتَكَلَّمْ وَلْيَسْتَظِلَّ وَلْيَقْعُدْ وَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ يَعْنِي اَبَا
اِسْرَائِيلَ بخاری مین عبد اللہ بن عباس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اوس سے کہہ دو کہ بولے اور اپنے اوپر سایہ کرے اور بیٹھے اور اپنا روزہ تمام کرے **ف** حضرت نے ایک شخص کو دیکہا کہ دہوپ مین
چپکا کہڑا ہی اسکا سبب پوچہا لوگون نے کہا کہ یہ ابو اسرائیل ہی اسنے نذر مانی ہی کہ روزہ رکہے دہوپ مین کہڑا رہے اور کسی سے کلام نہ کرے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی روزہ عبادت تہا اوسکی
اجازت دی اور نہ بولنا اور دہوپ مین کہڑا ہونا عبادت نتہا اسواسطے منع فرمایا معلوم ہوا کہ غیر مشروع نذر کا ادا کرنا نہی ہے **م** ابْنُ عُمَرَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيَدَعْهَا حَتّٰى
تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيضَ حَيْضَةً اُخْرٰى فَاِذَا طَهُرَتْ فَلْيُطَلِّقْهَا قَبْلَ اَنْ يُجَامِعَهَا اَوْ يُمْسِكْهَا فَاِنَّهَا الْعِدَّةُ الَّتِي اَمَرَ اللّٰهُ اَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ
مسلم مین عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اوس سے کہہ دے کہ اپنی جورو سے رجعت کرے یعنے طلاق کو باطل کرے پہر اوسکو اپنی جورو بناوے پہر اوسکو حیض سے پاک ہونے دے
پہر دوسرا حیض اوسکو آوے پہر جب دوسری حیض سے پاک ہو تو صحبت کرنے سے پہلے چاہیے اوسکو طلاق دیوے یا اوسکو اپنی گہر مین رکہے سو تو یہی عدت ہی جیسا خدا نے حکم کیا ہی
عورتون کی طلاق مین ہوا کرے **ف** عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ مینے اپنی جورو کو حیض مین طلاق دی عمر رضہ نے یہ حال حضرت سے کہا حضرت خفا ہوئے پہر یہ حدیث فرمائی
اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حیض مین طلاق دینا بشدت مکروہ ہی اسکو فقہ مین طلاق بدعی کہتے ہین سنت یہ ہی کہ جب عورت حیض سے پاک ہو اور صحبت نکی ہو اوسکو طلاق دیوے **ق**

لگا یعنی پھیلایا اور اون مشکون سے پانی ڈالنا شروع کیا یہانتک کہ حضرت نے اشارہ کیا کہ بس پھر حضرت باہر نکلے اور نماز پڑہائی اور خطبہ پڑہا معلوم ہوا کہ حضرت کو بیماری مین گرمی کی کمال شدت تہی یہ زہر کا اثر تہا جو خیبر مین یہودی عورت نے دیا تہا **ق** اَنَسٌ یَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا وَسَكِّنُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا بخاری اور مسلم مین انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لوگون سے نرمی اور آسانی کرو اور سختی نہ کرو اور تسکین اور دلاسا دو اور نہ بہڑکاؤ **ف** یعنے نرمی سے تاکہ لوگ دین سیکہین بدخلقی اور سختی لازم نہین کہ لوگ وحشت کرین **اَلْبَابُ الْعَاشِرُ** یہ دسوان باب ہے اسکی اول مین حدیثین مین جنکے سر پر لام تاکید ہے **م** عُمَرُ لَاُخْرِجَنَّ الْیَهُوْدَ وَالنَّصَارٰی مِنْ جَزِیْرَةِ الْعَرَبِ حَتّٰی لَا اَدَعَ فِیْهَا اِلَّا مُسْلِمًا مسلم مین عمر فاروق رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین ضرور نکال دونگا یہودی و نصاری کو عرب کے تاپو سے یہانتک کہ سوا مسلمان کے اوسمین کسیکو نہ چہوڑونگا **ف** عرب مبدا اسلام ہے حکمت یہی تہی کہ وہان سوا مسلمانونکے کوئی نرہے چنانچہ فاروق اعظم نے بموجب اس حدیث کے یہود کو خیبر وغیرہ سے نکالا اور شام مین رکہا **ق** سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ یعنے علیًا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ **قَالَهٗ** یوم خیبر بخاری اور مسلم مین سہل بن سعد رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر مین کل علم دونگا اوس مرد کو جسکے ہاتون پر خدا فتح کریگا وہ خدا اور رسول کو چاہتا ہی اور خدا اور رسول اوسکو چاہتے ہین یعنے علی مرتضے کو یہ حضرت نے جنگ خیبر کے دن فرمایا **ف** جنگ خیبر مین حضرت نے جب یہ فرمایا تو رات کو اصحاب چرچا کیا کئی کہ دیکہئے یہ دولت کسکو نصیب ہو صبح کے وقت حضرت کے خدمت مین اصحاب حاضر ہوئے ہر ایک شخص اسکا امیدوار تہا سو حضرت نے فرمایا کہ علی مرتضے رضہ کہان ہین لوگون نے کہا کہ یا حضرت اونکے آنکہین آئی ہین حضرت نے اونکو بلایا اور یہ مبارک ذرا آنکہہ پر لگائی اوسیوقت صحت ہو گئی پہر حضرت نے اونکو علم دیا خدا نے اونکے ہاتہہ پر فتح نصیب کی اس حدیث سے علی مرتضے رضہ کی بڑی عمدہ فضیلت ثابت ہوئی **خ** اَبُوْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُعَلّٰى لَاُعَلِّمَنَّكَ سُوْرَةً هِيَ اَعْظَمُ السُّوَرِ فِي الْقُرْاٰنِ **قَالَهٗ** وَلَهٗ بخاری مین ابو سعید بن معلی رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے مجہسے فرمایا کہ البتہ مین تجہکو ایک سورت سکہلاؤنگا جو قرآن کے سب سورتون سے بزرگ اور افضل ہے **ف** مراد سورۂ فاتحہ ہے چنانچہ ساتوین باب مین مذکور ہو چکا **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ لَاَنْ اَقُوْلَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سبحان اللہ اور الحمد للہ اور لا الہ الا اللہ کا کہنا میرے نزدیک ساری دنیا سے زیادہ پیارا ہے جسپر آفتاب کی چمک ہی ہے **م** اَلزُّبَيْرُ لَاَنْ يَاْخُذَ اَحَدُكُمْ اَحْبُلَهٗ ثُمَّ يَاْتِيَ الْجَبَلَ فَيَاْتِيَ بِحُزْمَةٍ مِنْ حَطَبٍ عَلٰى ظَهْرِهٖ فَيَبِيْعَهَا فَيَكُفَّ اللّٰهُ بِهَا وَجْهَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَيَسْتَغْنِيَ بِثَمَنِهَا خَيْرٌ لَهٗ مِنْ اَنْ يَسْاَلَ النَّاسَ اَعْطَوْهُ اَوْ مَنَعُوْهُ مسلم مین زبیر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر کوئی اپنی رسیان لیکر پہاڑ مین جاوے سو اپنی پیٹہہ پر لکڑیون کا گٹہہ لاوے پہر اوسکو بیچے تاکہ خدا اوسکے سبب اوسکی آبرو رکہے اور دوسری روایت ہے کہ اوسکے قیمت سے اپنا کام چلاوے تو بہتر اوسکی حق مین لوگونکے سوال کرنے سے بہتر ہے وسکو دیوین یا نہ دیوین **ف** یعنے لکڑیان بیچ کہانا سوال سے بہتر ہے سو اسطے کہ سوال مین ایک تو ذلت ہے دوسری حصول مطلب کا یقین نہین ملے یا نہ ملے **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ لَاَنْ يَجْلِسَ اَحَدُكُمْ عَلٰى جَمْرَةٍ فَتُحْرِقَ ثِيَابَهٗ فَتَخْلُصَ اِلٰى جِلْدِهٖ خَيْرٌ لَهٗ مِنْ اَنْ يَجْلِسَ عَلٰى قَبْرٍ مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ آدمی کا بیٹہنا چنگاری پر کہ اوسکا کپڑا جلا کر کہال کو لگی یہ بہتر ہی اوسکے حق مین قبر پر بیٹہنے سے **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قبر پر بیٹہنا یا قبرون پر چلنا پہرنا سخت گناہ ہے **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ وَسَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ لَاَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ اَحَدِكُمْ قَيْحًا حَتّٰى يَرِيَهٗ خَيْرٌ لَهٗ مِنْ اَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا مسلم مین ابو ہریرہ اور سعد بن ابی وقاص رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ آدمی کا پیٹ بہرنا پیپ سے یہانتک کہ اوسکے پہیپڑی تک پہنچے یہ اوسکے حق مین بہتر ہی اپنے پیٹ کو شعر کے بہرنے سے **ف** یعنے شعر گوئی یا شعر خوانی کا شغل غالب رکہنا اور قرآن اور علوم شرعی پر کم متوجہ ہونا سخت قبیح ہے سو اسطے کہ اکثر اشعار مدح بیہودہ اور ہجو مذموم اور مبالغہ سے خالی نہین تو شعر گوئی اور شعر خوانی گویا کذب و افترا پردازی کی ورزش ہے اور پرستش خاطر تو لفظ ہی کی تلاش مضمون تازہ مین شاعرونکو کیا کیا کوئین جہانکنے پڑتے ہین لیکن اگر گاہ گاہ شعر سخن سے دل لگاوے مگر اکثر اوقات علوم دین مین صرف کرے تو منع نہین کہ حضرت نے بہی شعر گاہ گاہ سنے ہین لیکن جو مضمون کے **ق** اِبْنُ عَبَّاسٍ لَاَنْ يَمْنَحَ الرَّجُلُ اَخَاهُ اَرْضَهٗ خَيْرٌ لَهٗ مِنْ اَنْ يَاْخُذَ عَلَيْهَا خَرْجًا مَعْلُوْمًا بخاری و مسلم مین عبد اللہ بن عباس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مفت دینا مرد کا اپنی زمین اپنے بہائی مسلمان کو بہتر ہی اوسکے حق مین اوس سے معین محصول لینے سے **ف** باب اول مین زمین کی محصول کا مسئلہ مذکور ہو چکا **خ** سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ لَاَنْ يَهْدِيَ اللّٰهُ بِكَ رَجُلًا وَاحِدًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ اَنْ يَكُوْنَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ بخاری مین سہل بن سعد رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کا ہدایت کرنا ایک مرد کو تیرے سبب سے تیرے واسطے بہتر ہی تجہکو سرخ اونٹ ملنے سے **ف** عرب کے نزدیک سرخ اونٹ عمدہ مال ہے یعنے تیرے سبب سے اگر ایک آدمی مسلمان ہووے تو یہ دنیا کے مال سے بہتر ہی سو اسطے کہ ثواب کو بقا اور دنیا کو فنا ہی حضرت نے علی مرتضے رضہ سے فرمایا جب اونکو جنگ خیبر مین علمدار کیا **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ لَتُؤَدُّنَّ الْحُقُوْقَ اِلٰى اَهْلِهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يُقَادَ لِلشَّاةِ الْجَلْحَاءِ مِنَ الشَّاةِ الْقَرْنَاءِ مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر حقداروں کو حق دلائے جاوینگے قیامت کے دن یہانتک کہ بدلا لیا جاویگا منڈی بکری کا سینگدار بکری سے **ف** یعنے ظلم اور حق تلفی سے بچو کہ قیامت مین انصاف ہوگا آدمی کیطرف

بخاری و مسلم میں عبد اللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حق تعالی اپنے ایماندار بندہ کی توبہ کرنیسے اوس شخص سے بہی زیادہ خوش ہوتا ہی جو چٹیل میدان ہلاکی کے مکان میں اترا
اور اوسکی سواری تہی اوسپر اوسکا کہانا اور پانی تہا سو اوسنے اپنے سر کو زمین پر رکہا پہر ایک نیند سوکر اس حال میں جاگا کہ اوسکی سواری جا چکی تہی سو اوسنے اوسکی تلاش کی یہانتک
جب اوسپر گرمی اور پیاس وغیرہ کی شدت ہوئی اوسنے کہا کہ اب لوٹ چلوں اوسی مکان میں جہاں میں تہا سو میں سو رہوں تا اینکہ مر جاؤں سو اوسنے اپنا سر اپنے کلائی پر رکہا تا کہ مر جاوے پہر
جاگ پڑا تو کیا دیکہتا ہی کہ اوسکی سواری موجود ہی اوسپر اوسکا زاد راہ اور پانی ہی تو حق تعالی اپنے مومن بندہ کی توبہ کی سبب اس شخص سے بہی زیادہ تر خوش ہوتا ہی جو اپنی سواری
اور زاد راہ پاکر خوش ہو گیا **ف** یعنے مومن کی توبہ سے کمال رضا الہی حاصل ہوتی ہی سو اسطے کہ توبہ سے گناہ مٹ جاتے ہیں بندہ عذاب سے بچ جاتا ہی **خ** ابو هریرة لیاتین علی
الناس زمان لا یبالی المرء بما اخذ المال امن حلال ام من حرام بخاری میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر لوگوں پر ایسا زمانہ آویگا کہ آدمی کچہہ پروا نہ کریگا
کہ اوسنے کہاں سے مال کو لیا حلال سے یا حرام سے **ف** یعنے بے دینی رائج ہوگی مال حاصل کرنے میں شدت حرص و ضعف ایمان کے سبب سے حلال اور حرام کی کچہہ تمیز باقی نرہیگی خواہ رشوت سے ملے
خواہ چوری سے خواہ خرچی خواہ سود خوری خواہ ظلم خواہ دغابازی سے چنانچہ اس زمانہ کا حال ہے کہ جسطرح پاتے ہیں سمیٹتے ہیں گویا موت اور قیامت سے خبر نہیں **م** ابو هریرة
لیاتین علی الناس زمان لا یدری القاتل فی ای شیء قتل ولا المقتول علی ای شیء قتل روایت ہے مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر لوگوں پر ایک زمانہ آویگا کہ نجانیگا
قاتل کہ کس بات میں اوسنے قتل کیا اور نہ مقتول جانیگا کہ کس بات پر مارا گیا **ف** یعنے ایسا زمانہ بگڑیگا کہ بلا سبب اور بے جہت خونریزی ہوگی ایسا بڑا گناہ لوگونکو آسان معلوم ہوگا چنانچہ
خانہ جنگی کے سبب جاتی ہی دہلی اور لکہنؤ کی بانکوں میں صرف تنکہ ملانے پر تلوار چلتی ہی آدمی کی جانکو جوتی برابر بہی نہیں جانتے گویا انسان کو بنانا ہیں جو ناحق حلال کر دیا ہیں **خ** ابو سعید
لیحجن البیت ولیعتمرن بعد خروج یاجوج وماجوج بخاری میں ابو سعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر کعبے کا حج اور عمرہ ہوا کریگا یاجوج ماجوج نکلنے کے بعد **ف** معلوم ہو
کہ یاجوج ماجوج کی ہلاکی کے بعد اسلام قائم رہیگا حج اور عمرہ ادا ہوگا بعضے علما لکہا ہی کہ اون کی ہلاکت ہونیکے بعد مسلمین سن تک آدمیوں کا قیام رہیگا واللہ اعلم **ق** سهل بن سعد
لیدخلن الجنة من امتی سبعون الفا او سبعمائة الف متماسکون آخذ بعضهم بعضا لا یدخل اولهم حتی یدخل آخرهم
وجوههم علی صورة القمر لیلة البدر بخاری و مسلم میں سہل بن سعد رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر بہشت میں داخل ہونگے میری امت سے ستر ہزار یا یوں فرمایا کہ ستر
لاکہہ شک ہے حازم تابعی کو جو اس حدیث کا ایک راوی ہی حضرت نے فرمایا وے لوگ بہشت میں جاوینگے ملے ہوئے ایک دوسرے کو تہامے ہوئے نہ اگلے داخل ہونگے جبتک کہ اونکے پچہلے
داخل ہونگے یعنے ایک قطار ہوکر برابر یکبارگی اندر جاوینگے اونکے چہرے چودہویں رات کے چاند کی صورت پر ہونگے **ق** ابن مسعود لیرفعن الی رجال منکم حتی اذا
اهویت لاناولهم اختلجوا دونی فاقول ای رب اصحابی فیقال انک لا تدری ما احدثوا بعدک بخاری و مسلم میں عبد اللہ بن مسعود
رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میرے سامنے لائے جاوینگے تم میں سے چند لوگ یہانتک کہ جب میں اونکے طرف جہکونگا کہ حوض کوثر کا پانی اونکو دوں تو وے لوگ میرے پاس سے ہٹائے جاوینگے
تو میں کہونگا کہ ای میرے رب یہ تو میرے ساتہی ہیں حکم ہوگا تو نہیں جانتا کہ اونہوں نے تیرے بعد کیا بدعتیں نکالیں **ف** مراد چند گروہ ہیں مسلم حضرت کے بعد مرتد ہو گئے تہے جنکو صدیق
اکبر نے قتل کیا یا وہ لوگ مراد ہیں جو بدعتی ہوئے **خ** لیصیبن اقواما سفع من النار بذنوب اصابوها عقوبة ثم یدخلهم الله الجنة بفضل رحمته
فیقال لهم الجهنمیون بخاری میں انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا چند لوگونکو سوختگی دوزخ کا اثر لگ جاویگا گناہوں کے سبب سے جو اونسے ہو گئے تہے عذاب ہوگا بدلا
پہر خدا اونکو بہشت میں داخل کریگا اپنے مزید رحمت سے سو اونکا لقب جہنمی ہوگا **ف** نوادر الاصول میں ہے کہ یہ لوگ جناب الہی میں عرض کرینگے کہ الہی جیسے تونے
اپنے کرم سے ہمکو دوزخ سے نکالا ویسی ہی یہ لقب بہی دور کر تو حق تعالی ایک فرشتہ کو بہیجیگا وہ اونکے ماتہوں سے اس لقب کو مٹا ڈالیگا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسلمان بدکار ہمیشہ
دوزخ میں نرہینگے ایمان کی برکت سے آخر کو نجات پاوینگے **م** ابو هریرة لینتهین اقوام عن رفعهم ابصارهم عند الدعاء فی الصلوة الی السماء او
لتخطفن ابصارهم مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا مقرر باز رہیں لوگ اپنے آنکہہ اٹہانے سے نماز میں دعا کے وقت آسمان کی طرف نہیں تو اونکے نظریں
چہین لیجاوینگے **ف** نماز میں دعا کے وقت آسمان کی طرف آنکہہ اٹہانا درست نہیں سو اسطے کہ حق تعالی مکان سے پاک ہے **م** ابو هریرة لینتهین اقوام عن
ودعهم الجمعات او لیختمن الله علی قلوبهم ثم لیکونن من الغافلین مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ضرور باز رہیں لوگ جمعہ چہوڑنے سے
نہیں تو خدا اونکے دلوں پر مہر کر دیگا پہر بیشک وے غافلوں میں ہو جاوینگے **ف** یعنے جمعہ چہوڑنیکی یہ سزا ہی کہ دل پر غفلت کی مہر ہو جاتی ہی اور جب غفلت ہوئی تو رحمت الہی سے دور
پڑا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جمعہ کی نماز فرض ہی بدون شرعی عذر کے اوسکا ترک کرنا ہرگز درست نہیں **م** ابو هریرة لیهلن ابن مریم بفج الروحاء حاجا او معتمرا
او لیثنینهما مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر لبیک کہیگا عیسی بن مریم روحا کی راہ میں خواہ حج کرتے خواہ عمرہ کرتے یا عمرہ اور حج ساتہہ کرکا **ف**
اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قیامت کے قریب جب حضرت عیسی علیہ السلام آسمان سے اترینگے تو شریعت محمدی پر عمل کرینگے اور کعبے کا حج یا عمرہ کرینگے روحا ایک مقام کا نام ہے بیچ
مدینہ اور مکے کے درمیان

فصل فی انواع شتی

اس فصل میں بہت قسم کے حدیثیں ہیں **ق** ابو هریرة آیة المنافق ثلث اذا حدث کذب واذا وعد

سخت گذرتی ہے پھر موقوف ہوجاتی ہے جب کہ میں یاد کر چکتا ہوں اور کبھی میرے پاس فرشتہ مرد کی صورت بنکے آتا ہے سو مجھ سے کلام کرتا ہے تو میں یاد کرلیتا ہوں جو کہ مجھ سے کہتا ہے حضرت نے
اوسوقت فرمایا جب حارث بن ہشام نے حضرت سے پوچھا کہ آپ کو وحی کسطرح آتی ہے **ف** بخاری میں حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت کو دیکھا کہ کڑاکے جاڑے میں وحی آتی کہ
حضرت کے پیشانی سے پسینہ بہوں نکلتا تہا **م** ابن مسعود اِذْنُكَ عَلَيَّ اَنْ تَرْفَعَ الْحِجَابَ وَتَسْتَمِعَ سِوَادِي حَتّٰى اَنْهَاكَ **قولہ** مسلم میں عبد اللہ بن مسعود
رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تجھکو اجازت میرے پاس آنیکی یہی ہے کہ تو پردہ اوٹھاوے اور میرے بہید کی بات سنے جبتک کہ میں تجھکو منع کروں یہہ حضرت نے عبد اللہ بن مسعود سے فرمایا **ف** عبد اللہ بن مسعود حضرت کے
خادم تہے جب قرآن میں یہہ حکم ہوا کہ حضرت کے گہر میں لوگ بے اجازت نہ آویں تب حضرت نے عبد اللہ سے یہہ عہد فرمایا یعنی تجھکو بار بار اجازت مانگنی حاجت نہیں کیونکہ تم خدمت میں ہو ہوگا تیرا اندر آنا اور
میرا منع نکرنا یہی دلیل ہے اجازت کی اور جب میں تجھکو منع کروں اوسوقت آنا درست نہیں **خ** اَبُوْ اَيُّوْبَ اَنَّهٗ قَالَ لَهٗ **ف** تَعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا وَتُقِيْمُ
الصَّلٰوةَ وَتُؤْتِي الزَّكٰوةَ وَتَصِلُ الرَّحِمَ دَعِ النَّاقَةَ **قولہ** لِاَعْرَابِيٍّ اَخَذَ بِخِطَامِ نَاقَتِهٖ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ دُلَّنِيْ عَلٰى عَمَلٍ يُدْنِيْنِيْ مِنَ
الْجَنَّةِ وَيُبَاعِدُنِيْ مِنَ النَّارِ **م** بخاری میں ابو ایوب رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے جنگلی آدمی کو فرمایا کہ تا مراد ہو جو کیا اسکو ہوا ہے اور بخاری اور مسلم دونوں میں متفق
یوں روایت ہے کہ تو عبادت کرے خدا کی اور اوسکے ساتھ کسیکو شریک نکرے اور نماز کو قائم کرے اور زکوۃ دیوے اور برادری کا حق ادا کرے چہوڑ دے اونٹنی کو حضرت نے اوس جنگلی آدمی سے
فرمایا جسنے حضرت کی اونٹنی کی مہار پکڑ کے کہا کہ یا رسول اللہ مجہکو وہ عمل بتلائیے جو بہشت سے مجہکو قریب کردیوے اور دوزخ سے مجہکو دور ڈالے **ف** حضرت کو اوسکے سوال
تعجب آیا کہ احکام اسلام کی ظاہر ہیں کھلی صریح بات کو اس دلیری سے کیوں پوچہتا ہے پھر فرمایا کہ توحید اور نماز اور زکوۃ اور برادری سے بہشت کا قرب اور دوزخ سے دوری حاصل ہوتی ہے
م اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ وَغِفَارُ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا اَمَا اِنِّيْ لَمْ اَقُلْهَا وَلٰكِنْ قَالَ اللّٰهُ قَالَهَا وَفِيْ رِوَايَةِ خُفَافِ بْنِ اِيْمَاءَ غِفَارُ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا وَاَسْلَمُ
سَالَمَهَا وَعُصَيَّةُ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ بَنِيْ لِحْيَانَ وَالْعَنْ رِعْلًا وَذَكْوَانَ مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسلم سے خدا ملا
ہوا اور غفار کو خدا نے بخشا خبردار رہو کہ میں نے یہ کلام نہیں کہا ولیکن خدا نے یہ کہا ہے یعنی بحکم خدا میں نے یہ کہا اور خفاف بن ایما کی روایت میں یوں ہے کہ غفار کو خدا نے بخشا اور اسلم سے خدا راضی
ہوا اور عصیہ نے خدا اور رسول کی نافرمانی کی الہی لعنت کر بنی لحیان پر اور لعنت کر رعل اور ذکوان پر **ف** اسلم اور غفار دو قوم تہی بے لڑے ایمان لائے حضرت نے اون کے واسطے بشارت اور
دعا دی اور عصیہ اور بنی لحیان اور رعل اور ذکوان چار قوم تہے اونہوں نے حضرت کے اصحاب کو دغا سے قتل کیا اسواسطے حضرت نے اونکو بددعا دی **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَكْلُ كُلِّ ذِيْ نَابٍ مِنَ
السِّبَاعِ حَرَامٌ مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سب نکیلی دانت والے درندے جانوروں کا کہانا حرام ہے **ف** یعنے جس جانور کی نوک دار دانت ہوں اور وہ درندہ بہی
ہو یعنے دوسرے جانور کو چیر پہاڑ کے کہاتا ہو سو حرام ہے جیسے شیر اور چیتا اور بہیڑیا اور کتا اور بلی اور لومڑی اور گیدڑ وغیرہ اور یہی مذہب ہے امام اعظم اور امام شافعی اور امام احمد کا
لیکن امام مالک کے مذہب میں دو روایتیں ہیں ایک حرمت کی دوسری کراہت کی اور جسکے نوک دار دانت ہوں لیکن درندہ نہو جیسے اونٹ سو حلال ہے **م** عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَمْعَةَ
اِلَامَ يَجْلِدُ اَحَدُكُمْ امْرَاَتَهٗ جَلْدَ الْعَبْدِ وَلَعَلَّهٗ يُضَاجِعُهَا مِنْ اٰخِرِ يَوْمِهَا مسلم میں عبد اللہ بن زمعہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی شخص اپنی جورو کو
غلام کیطرح کب تلک اور کسواسطے کوڑے ماریگا اور شاید کہ وہی شخص اوسی دن کے اخیر میں اوسکو اپنے پاس سلاویگا **ف** یعنے شرع اور عقل مناسب نہیں کہ جسکو اپنے
پاس لٹاتا ہے اوسکو ایسی سخت مار مارتے صبح کو مارا اور شام کو پاس لٹانا آدمیت سے بعید ہے **م** عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَمْعَةَ اِلَامَ يَضْحَكُ اَحَدُكُمْ مِمَّا يَفْعَلُ مسلم میں عبد اللہ
بن زمعہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اوس کب تک ہنسیگا آدمی جس چیز کو خود کرتا ہے **ف** ایک شخص نے گوز کیا دوسرا ہنسا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے جو خود
کیجئے اوس پر کیا ہنسنے معلوم ہوا کہ گوز پر ہنسنا درست نہیں کہ بے ادبی ہے اور دوسرے کو شرمندگی **م** اَبُوْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيُّ اَلَا خَمَّرْتَهٗ وَلَوْ اَنْ تَعْرُضَ عَلَيْهِ
عُوْدًا **قولہ** لِحِيْنَ اَتَاهُ بِقَدَحٍ مِنْ لَبَنٍ مسلم میں ابو حمید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تونے اوسکو کیوں نہ ڈھک دیا اگرچہ اوس پر ایک آڑی لکڑی ہی
رکہہ دیتا یہہ حضرت نے ابو حمید سے فرمایا جب کہ وہ حضرت پاس دودہ کا پیالہ لایا **ف** حضرت نے یہہ ادب سکہلایا کہ برتن کو کہلا رکہنا نہ چاہئے کہ
کوئی جانور اوسمیں نگرے اگرچہ کچھ نہ ملے تو اوسپر لکڑی کو رکہہ دیوے **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ اُمَّتِي الْغُرُّ الْمُحَجَّلُوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنْ اٰثَارِ الْوُضُوْءِ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ
رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میری امت کی منہہ اور ہاتہہ اور پانو روشن ہونگے قیامت کے دن وضو کے اثر سے **ف** یعنے جس جس مقام پر وضو کا پانی لگتا ہے سو
قیامت میں روشن ہوجاویگا **ق** اَلْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ اَنْتَ اَخُوْنَا وَمَوْلَانَا **قولہ** لِزَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ بخاری اور مسلم میں براء بن عازب رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے زید بن حارثہ سے
سے فرمایا کہ تو ہمارا بہائی اور ہمارا آزاد کردہ ہے **خ** عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنْتَ اَخِيْ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ وَكِتَابِهٖ وَهِيَ لِيْ حَلَالٌ **قولہ** لِاَبِيْ بَكْرٍ لَمَّا خَطَبَ عَائِشَةَ
فَقَالَ لَهٗ اَبُوْ بَكْرٍ اِنَّمَا اَنَا اَخُوْكَ كَذَا وَقَعَ مُرْسَلًا وَهُوَ مِنْ حَدِيْثِ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بخاری میں عروہ بن زبیر رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ تو میرا بہائی ہے خدا کی دین اور خدا کی کتاب میں اور وہ یعنے عائشہ مجہکو حلال ہے یہہ حضرت نے ابی بکر صدیق رضہ سے فرمایا جب کہ اپنے ساتھ حضرت عائشہ رضہ کے
نکاح کا پیغام دیا تو ابی بکر صدیق رضہ نے کہا کہ یا حضرت میں تو آپکا بہائی ہوں یہ حدیث اسطرح مرسل آئی ہے یعنے عروہ تابعی نے صحابی کا نام نہیں ذکر کیا اور حقیقت میں یہہ حضرت عائشہ

منك قاله لعلي رضي الله عنه بخاری اور مسلم میں براء بن عازب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا علی مرتضے رضی سے کہ تو میرا ہی میں تیرا ہوں ف یعنے کمال اتحاد ہے نکلتی ہے اس حدیث سے
کمال قرب اور فضیلت مرتضوی ثابت ہوئی م انس انت هيه لقد كبرت لا كبرت سنك قاله ليتيمة كانت عند ام سليم ام انس بن مالك مسلم میں
انس رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو وہی ہے البتہ تو بڑی ہو گئی تو عمر دراز نہو جو یہ حضرت نے اوس یتیم لڑکی سے فرمایا جو ام سلیم انس کی ماں کے پاس رہتی تھی ف یہ حضرت نے خوش طبعی سے
فرمایا بد دعا دینا منظور نہ تھا چنانچہ اسکا مفصل بیان پانچویں باب میں ہو چکا م ابن مسعود اول ما يقضى بين الناس يوم القيمة في الدماء مسلم میں عبد اللہ بن مسعود رضی
سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اول فیصلہ آدمیوں کے درمیان قیامت کے دن خونوں میں ہوگا ف معلوم ہوا کہ ناحق خون کرنا خدا کو نہایت ناپسند ہے اور ایسا سخت گناہ ہے کہ قیامت میں
پہلے خون ریزی کی مقدمات رجوع ہو کر فیصلے ہونگے عبادات میں اول نماز سے سوال ہوگا اور معاملات میں خون کا فیصلہ ہوگا ق ابو سعيد اوه عين الربوا لا تفعل ولكن اذا اردت
ان تشتري التمر فبعه ببيع اخر ثم اشتر به قاله لبلال حين جاءه بتمر برني وقال كان عندنا تمر ردي فبعت منه صاعين بصاع لمطعم
النبي صلى الله عليه وآله وسلم وفي رواية البخاري اوه اوه مرتين بخاری و مسلم میں ابو سعید رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ واہ یہ تو عین سود ہی ایسا نکیا
کرو لیکن جب کہ تو عمدہ خرما خرید کرنا چاہے تو ناکارہ خرموں کو بیچ کے دوسری بیع سے پھر اوسکی قیمت سے عمدہ خرما مول لیا کر یہ حضرت نے بلال رضی سے فرمایا جب کہ وے حضرت کے پاس عمدہ قسم کا
خرما لائے جسکو عرب برنی کہتے ہیں اور بلال رضی نے کہا تھا کہ ہمارے پاس ناکاری خرما تھی سو میں نے اوسکے دو صاع ایک صاع سے بیچے حضرت کے کہانیکے واسطے اور بخاری کی روایت میں یون ہے کہ
حضرت نے دو بار واہ واہ فرمایا ف یعنے ایک جنس کو زیادہ اور کم کرکے بیچنا اور بدلنا ایسیکا نام سود ہی بلکہ ناکاری جنس کو عمدہ چیز سے بدلا چاہے تو اوسکی یہ تدبیر ہی کہ ناکارہ کو
بیچ ڈالے بعد اوسکی قیمت سے عمدہ چیز کو مول لیوے کہ یہ جائز ہی اسواسطے کہ جنس بدل گئی اس صورت میں زیادتی کمی کا کچھ مضائقہ نہیں م نبيشة الهذلي ايام
التشريق ايام اكل وشرب وذكر الله مسلم میں نبیشہ رضی سے روایت ہے کہ ایام تشریق کے کھانے پینے اور یاد الہی کے دن ہیں ف عید قربانی کے بعد تین دن
تو یعنے گیارہویں بارہویں تیرہویں کو ایام تشریق کہتے ہیں یعنے کھانے پینے کے دن ہیں انمیں روزہ رکھنا درست نہیں سال میں پانچ دن روزہ رکھنا حرام ہی عید الفطر
اور عید الضحی اور ایام تشریق میں ق عائشة اين انا غدا اين انا غدا قاله في مرضه الذي توفي فيه بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رضی سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میں کل کہاں ہونگا میں کل کہاں ہونگا یہ حضرت نے اپنی بیماری میں فرمایا جسمیں انتقال ہوا ف حضرت کا دستور تھا کہ ایک ایک دن
بی بیوں کے گھر رہتے ولیکن حضرت عائشہ کو سب سے زیادہ چاہتے تھے جب مرض الموت میں بیمار ہوئے تب یہ حدیث فرمائی یعنے کل کس بی بی کی باری ہوگی اس کلام سے بیبیان سمجھ گئین
حضرت کا دل یہی چاہتا ہے کہ حضرت عائشہ کے گھر میں رہیں سب نے خوشی سے اجازت دی کہ آپ عائشہ کے گھر میں رہیں ہم نے اپنی باری معاف کی حضرت نہایت خوش ہو گئے
پھر وہیں تشریف لے گئے اور وہیں انتقال کیا اور وہیں دفن ہوئے اس حدیث سے بڑی فضیلت حضرت عائشہ رضی کی ثابت ہوئی م ابو قتادة بؤس ابن سمية تقتلك فئة
باغية مسلم میں ابو قتادہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے سمیہ کے بیٹے تجھکو بڑی سختی ہونا ہے تجھکو باغی گروہ قتل کریگا ف عمار کے ماں کا نام سمیہ تھا عمار علی
مرتضے رضی کے رفیق تھے جب معاویہ اور علی مرتضے رضی سے لڑائی ہوئی تب عمار شہید ہوا اس حدیث سے ثابت ہوا کہ امام برحق علی مرتضے رضی تھے اور معاویہ کا لشکر باغی تھا
م ابن مسعود بحسب المؤمن من الكذب ان يحدث بكل ما سمع مسلم میں عبد اللہ بن مسعود رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایماندار کو اتنا جھوٹ کہنا کافی
کرتا ہے کہ جو بات سنے اوسکو کہنے لگے ف یعنے جھوٹ صرف اسی چیز کا نام نہیں کہ اپنی طرف سے بات بناوے اور جھوٹ باندھے بلکہ یہ بھی جھوٹ میں داخل ہی جو خبر سنے بدون
تحقیق کئے اوسکو کہنے لگے سو اسواسطے کہ اکثر اخبار جھوٹ مشہور ہو جاتی ہیں تو مومن عاقل کو اوسکی تحقیق لازم ہے بے تحقیق کسی بات کو زبان سے نہ نکالے اسیواسطے علماء اہل حدیث نے
حدیث کی تحقیق میں بڑی محنت کی ہی اور خوب جانچ پرکھ کر کے صحیح حدیث کو ضعیف اور موضوع سے جدا کر دیا ہی حق تعالی اونکے درجے بلند کرے تو عاقل مسلمانکو لازم ہی کہ جو کسی سے
حدیث سنے یا کسی کتاب میں دیکھے تو اوسکو نہ مانے جب تک کہ علم حدیث کے معتبر کتابوں میں اوسکی سند نپاوے ق انس بخ ذلك مال رابح بخ ذلك مال رابح وقد
سمعت ما قلت واني ارى ان تجعلها في الاقربين قاله لابي طلحة بخاری اور مسلم میں انس رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ شاباش مال تو فائدہ
دینے والا ہی شاباش یہ مال تو فائدہ دینے والا ہی اور میں نے سنا جو تو نے کہا اور مجھکو بہتر معلوم ہوتا ہی کہ تو اسکو اپنے قرابت والوں میں تقسیم کر دے یہ حضرت نے ابو طلحہ سے فرمایا
ف قرآن میں جب اس مضمون کی آیت اتری کہ نیکوکاری نہ حاصل کرسکو گے جبتک اپنے پسندیدہ اور محبوب مال کو راہ خدا میں خرچ نہ کرو گے تو ابو طلحہ انصاری نے کہا کہ خدا نے تو فرمایا ہے
اور سب قسم کے مال سے مجھکو وہ باغ بہت پیارا ہی جسکا بیرحا نام ہی وسکو میں نے خدا کی راہ میں دیا سو یا حضرت آپ اوسکو جو چاہیے سو کیجیے اور جسکو مناسب دیکھیے اوسکو دیجیے
تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی حضرت نہایت خوش ہوئے اونکی تعریف کی اور اوس باغ کو ابو طلحہ کے رشتہ داروں کو دلایا معلوم ہوا کہ خیرات دینے میں غیروں کی نسبت رشتہ دار لوگ مقدم ہیں
یہ باغ مدینے میں نہایت عمدہ تھا حضرت کے مسجد کے سامنے تھا اوسکا پانی نہایت شیریں تھا حضرت اکثر اوسمیں تشریف لیجاتے تھے اور اوسکا پانی پیتے تھے ایمان کامل کی یہی علامت
ہی کہ اپنے پیاری چیز کو راہ خدا میں نثار کرے م جابر بن عبد الله جدي نخلك فانك عسى ان تصدقي او تفعلي معروفا قاله لخالته جابر

حضرتؐ نے تعبیر بیان فرمایا کہ جو چیز سونے سے یعنی وہ جو بہشت ق عبد الله بن سلام تلك الروضة روضة الاسلام وذلك العمود عمود الاسلام
وتلك العروة العروة الوثقى وانت على الاسلام حتى تموت **قاله** له حين قص رؤياه عليه بخاری اور مسلم میں عبد اللہ بن سلام رضؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا
وہ باغ تو اسلام کا باغ ہی اور وہ ستون اسلام کا ستون ہی اور وہ حلقہ مضبوط حلقہ دین کا ہی اور تو اسلام پر قایم رہیگا مرنے دم تک یہ حضرتؐ نے عبد اللہ بن سلام سے فرمایا جب انہوں نے اپنا
خواب حضرتؐ سے بیان کیا **ف** خواب میں باغ اور ستون اور حلقہ دیکھا تھا حضرتؐ نے اوسکی تعبیر کہی چنانچہ اسکا مفصل بیان ساتوین باب میں ہو چکا **ق** البراء بن عازب تلك الملائكة
كانت تستمع لك ولو قرأت لاصبحت يراها الناس ما تستتر منهم **قاله** لاسيد بن حضير حين قرأ سورة الكهف بالليل وعنده فرس مربوط
بشطنين فتغشته سحابة فجعلت تدنو وتدنو وجعل فرسه ينفر منها بخاری اور مسلم میں براء بن عازب رضؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ وہ فرشتے تھے
تیرا قرآن پڑھنا سنتے تھے اور اگر تو پڑھے جاتا تو صبح کو لوگ فرشتوں کو دیکھتے فرشتے اون سے نہ چھپتے یہ حضرتؐ نے اسید بن حضیر سے فرمایا جب وہ سورہ کہف پڑھتے تھے رات کو اور ایک گھوڑا
دو رسیوں میں بندھا تھا تو اسید کو ایک بدلی نے چھا لیا اور اوسمیں چراغ روشن تھے تو دمبدم بدلی قریب ہو جاتی تھی اور اونکا گھوڑا اوس سے بھڑکتا تھا **ف** بخاری میں یہ قصہ
یون ہے کہ اسید بن حضیر کا لڑکا اونکے پاس سوتا تھا گھوڑے کے بھڑکنے سے ڈری کہ کہیں لڑکا نہ کچلا جاوے تو قرآن پڑھنا موقوف کیا بدلی بھی غائب ہو گئی صبح کو یہ حال حضرتؐ سے عرض کیا تب
حضرتؐ نے یہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ قرآن کے سننے کو فرشتے حاضر ہوتے ہیں پر کسیکو نظر نہیں آتے **م** عائشة تلك الكلمة من الحق يخطفها الجني فيقذفها في اذن وليه
فيزيد فيها مائة كذبة **قاله** لها حين قالت ان الكهان كانوا يحدثوننا بالشيء فنجده حقا مسلم میں حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے
فرمایا کہ اس سچ بات کو فرشتوں سے جن بھاگتا ہی سو اوسکو اپنی دوست کے کان میں ڈال دیتا تو وہ اوسمیں سو جھوٹ زیادہ کرتا ہی یہ حضرتؐ نے حضرت عائشہ رضؓ سے کہا جب انہوں نے کہا کہ کاہن لوگ ہمکو
کسی چیز کی خبر دیتے تھے تو اوسکو ہم سچ پاتے تھے **ف** عرب میں چند لوگ تھے جنون سے راہ رکھتے تھے اون سے دریافت کرکے آیندہ خبریں لوگوں کو بتلاتے تھے دین اسلام میں حکم ہو کہ سوا خدا کے غیب کوئی
نہیں جانتا کاہن جھوٹے اور حقیقت میں اون سے کچھ دریافت کرنا درست نہیں حضرت عائشہ رضؓ نے پوچھا کہ یا حضرت اگر کاہن جھوٹے ہیں تو اسکا کیا سبب ہی کہ اونکی بات سچ بھی ہوتی ہی حضرتؐ نے یہ
حدیث فرمائی یعنی جو اس عالم میں ہوتا ہی اوسکا حکم فرشتوں کو ہوتا ہی تو فرشتے اول آسمان پر آپس میں اوسکی گفتگو کرتے ہیں شیطان اور جن وہاں جا کر سن آتے ہیں اور اپنے پوجنے والے دوستوں کو بتلاتے
ہیں وہ لوگ ایک سچ کی ساتھ سو جھوٹھ ملا کر لوگوں سے کہتے ہیں وہی ایک بات تو سچ ہوتی ہی اور باقی جھوٹ نادان لوگ وہ ایک سچ بات کو دلیل کرکے معتقد ہوتے ہیں اور اونکے لاکھ جھوٹ بات کو اپنے
نادانی و حماقت سے یاد نہیں رکھتے **م** ابن مسعود ذلك محض الايمان يعني الوسوسة **قاله** حين سئل عنها وهي ما يجد الانسان في نفسه مما يتعاظم
ان يتكلم ويرد ذلك صريح الايمان رواه ابو هريرة تفرد به مسلم ايضا مسلم میں عبد اللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ اس وسوسے کو برا جاننا تو محض
ایمان ہی یہ حضرتؐ نے اوس وقت فرمایا جب وسوسے کا حضرتؐ سے سوال ہوا وسوسہ اوسکو کہتے ہیں جسکا خیال آدمی اپنی دل میں پاتا ہی اور اوسکے کہنے کو برا جانتا ہی اور دوسری روایت ابو ہریرہ
رضؓ سے یون ہی کہ یہ تو صریح ایمان ہی اس حدیث کو بھی صرف مسلم نے روایت کیا **ف** مشکوۃ میں ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ چند اصحاب نے حضرتؐ سے پوچھا کہ یا حضرت ہمارے دلوں میں نہایت برے
برے خیال آتے ہیں کہ ہم اونکو زبان پر لانا بڑا گناہ جانتے ہیں تب حضرتؐ نے یہ حدیث فرمائی یعنی برے خیال کو برا جاننا اور زبان پر نہ لانا ایمان کی نشانی ہی اگر دل میں ایمان نہوتا تو کون روکتا اور یہ
مطلب نہیں کہ وسوسے برے خیالات آنا صریح ایمان ہی چنانچہ ابو داؤد میں عبد اللہ بن عباس رضؓ سے روایت ہے کہ ایک مرد نے حضرتؐ سے کہا کہ میرے دل میں بعضا ایسا برا خیال آتا ہی کہ اگر میں جلکے کوئلا
ہو جاؤن تو بھی زبان سے نہ نکالوں حضرتؐ نے فرمایا شکر خدا کو جسنے شیطان کا کام وسوسے ہی تک رکھا یعنی شیطان کافرون سے تو شرک اور بت پرستی کرواتا ہی لیکن مومن پر سوائے برے خیال ڈالنے کے
اوسکا کچھ زور نہیں چلتا وسوسے کا علاج یہ ہی کہ اوسکی طرف دھیان نکرے اور التجا کرے پناہ مانگے لا حول پڑھے اور لا اله الا الله کی کثرت کرے کہ اکسیر ہی **م** رافع بن خديج ثمن
الكلب خبيث ومهر البغي خبيث وكسب الحجام خبيث مسلم میں رافع بن خدیج رضؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ قیمت کتے کی حرام ہی اور خرچی حرام کا عورت کی حرام
ہی اور پچھنے لگانے والے کا کسب پلید ہی **ف** امام شافعی کے نزدیک بموجب اس حدیث کے کتے کی قیمت حلال نہیں اور امام اعظم کے نزدیک حلال ہی تو اونکے نزدیک حدیث کا یہ مطلب ہی کہ اگر
کتا شکاری اور حفاظت کے واسطے نہو تو اوسکی قیمت حرام ہی اور خرچی بالاتفاق حرام ہی اور پچھنے لگانیکا کسب بموجب اس حدیث کے امام احمد کے نزدیک حرام ہی اور اماموں کے نزدیک حرام نہیں
مکروہ ہی کہ نجاست سے خالی نہیں **خ** انس حبك اياها ادخلك الجنة يعني سورة الاخلاص بخاری میں انس رضؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ سورہ اخلاص کی محبت تجھکو
بہشت میں داخل کریگی **ف** ایک شخص نے حضرتؐ سے کہا کہ یا حضرت میں سورہ اخلاص یعنی قل ہو اللہ سے بہت محبت رکھتا ہوں تب حضرتؐ نے یہ حدیث فرمائی **م** بريدة حرمة
نساء المجاهدين على القاعدين كحرمة امهاتهم وما من رجل من القاعدين يخلف رجلا من المجاهدين في اهله فيخونه فيهم
الا وقف له يوم القيمة فياخذ من عمله ما شاء ثم التفت الينا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال فما ظنكم مسلم میں بریدہ بن حصیب
رضؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ غازیوں کی بی بیوں کی حرمت خانہ نشین لوگوں پر ایسی ہے جیسے اونکی ماؤں کی حرمت اور جو خانہ نشین مرد مجاہدین مرد کی گھر بار کی کام خدمت میں
رہے پھر اونمیں خیانت کرے تو قیامت کے دن کھڑا کیا جاویگا پھر مجاہد اوسکی نیک عمل سے جو چاہیگا سو لیگا پھر حضرتؐ ہم اصحاب کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ تمہارا کیا گمان ہے

یعنی جو کہا اللہ نے اور جب وہ بیمار پڑے تو اوسکو جا کر پوچھ اور جب مر جاوے تو اوسکے جنازے کے ساتھ چل ف پہلی حدیث میں پانچ حق فرمائے اور اس حدیث میں چھ تو مطلب یہ ہی کہ پانچ
یا چھ میں منحصر نہیں بلکہ اسلام کی حق بہت ہیں مگر جسکی زیادہ ضرورت دیکھی اوسکو فرما دیا کبھی چھ کبھی کم و زیادہ خ ابو ہریرۃ حق اللہ علی کل مسلم ان یغتسل فی
سبعۃ ایام یغسل راسہ وجسدہ ویروی للہ علی مسلم حق ان یغتسل فی کل سبعۃ ایام یوما بخاری میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کا حق
ہر مسلمان پر یہ ہی کہ ہفتے میں غسل کرے اپنے سر اور بدن کو دہووے اور دوسری روایت میں ہے کہ ہر مسلمان پر خدا کا حق ہی کہ ہر ہفتے میں غسل کرے ایک دن یعنی جمعہ کے دن غسل کرنا مستحب ہے م جابر حلبھا
علی الماء واعارۃ دلوھا واعارۃ فحلھا ومنیحتھا وحمل علیھا فی سبیل اللہ ق لرجل قال یا رسول اللہ ما حق الابل مسلم میں جابر رضہ سے روایت
ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اونٹنیوں کا دودھ دوہنا پانی پر اور اون کی ڈول مانگی دینا اور نر اونٹ کو عاریت دینا یعنی اونٹنی کا بہن کرنیکے واسطے اور محتاجوں کو اونٹ دینا دودھ پینے کو
اور اونٹوں پر بوجھ رکھنا جہاد میں یعنی غازی کو سوار کرنا یا اسباب لادنا یہ حضرت نے اوس مرد سے فرمایا جسنے کہا یا رسول اللہ اونٹ رکھنے کا کیا حق اور کون خیر مالک کو مناسب
ف عرب کا دستور تہا کہ جب تالاب یا کوئی پر اونٹوں کو پانی پلاتے تو دودہ دوہتے اور محتاجوں کو دیتے ق عبد اللہ بن عمرو حوضی مسیرۃ شھر ماؤہ ابیض
من اللبن وریحہ اطیب من المسک وکیزانہ کنجوم السماء من شرب منہ فلا یظما ابدا بخاری و مسلم میں عبد اللہ بن عمرو رضہ سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا کہ میرا حوض کوثر مہینے بھر کی راہ ہی لمبائی اوسکی زیادہ تر سفید دودہ سے اور اوسکی بو مشک سے زیادہ تر خوشبودار ہی اور اوسکی کوزے اور آبخورے جیسے
آسمان کے تارے یعنی بیشمار جو اوس حوض سے پانی پئیگا کبھی اوسکو پیاس نہ لگیگی ف ہرچند پیاس تو ایکبارگی پینے میں جاتی رہیگی لیکن اہل جنت لذت کے واسطے اوسکو پیا کرینگے
م ام الدرداء دعوۃ المرء المسلم لاخیہ بظھر الغیب مستجابۃ عند راسہ ملک موکل کلما دعا لاخیہ بخیر قال الملک الموکل بہ
آمین ولک بمثل مسلم میں ام الدرداء رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مسلمان کی دعا اپنے بہائی مسلمان کیواسطے پس پشت مقبول ہی اوسکی سر کے پاس ایک فرشتہ مقرر رہتا
کہ جب وہ اپنے بہائی مسلمان کے واسطے نیک دعا کرتا تو فرشتہ کہتا ہی کہ آمین اور تجھکو بہی اس دعا کے برابر فائدہ ہی یعنی جو کوئی نیک چیز اسکے واسطے مانگی اوسکو بہی ملیگی اور تجھکو بہی ملیگی
م ابو ہریرۃ دینار انفقتہ فی سبیل اللہ تعالی ودینار انفقتہ فی رقبۃ ودینار تصدقت بہ علی مسکین ودینار انفقتہ علی اھلک
اعظمھا اجرا الذی انفقتہ علی اھلک مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک دینار تو نے جہاد میں خرچ کیا اور ایک دینار تو نے گردن چھڑانے میں یعنی بردہ آزاد
کرنے میں خرچ کیا اور ایک دینار تو نے محتاج کو خیرات دیا اور ایک دینار تو نے اپنے گہر والوں پر خرچ کیا ان سب میں بڑا ثواب اوسمیں ہے جو تو نے گہر والوں پر خرچ کیا ف جہاد اور آزادی
اور خیرات سے اہل و عیال کا خرچ اسواسطے افضل ہوا کہ یہ فرض عین ہی فرض کا ثواب نفل وغیرہ سے زیادہ ہوا چاہئے اپنے اہل و عیال پر ہر شخص خرچ کرتا ہی لیکن اگر اوسکو خدا کا حکم
جانکر خرچ کرے تو نیت سے زیادہ ثواب پاوے م عثمان بن ابی العاص الثقفی ذاک شیطان یقال لہ خنزب فاذا احسستہ فتعوذ باللہ منہ
واتفل علی یسارک ثلثا ق لہ حین قال ان الشیطان قد حال بینی وبین صلوتی وقراءتی یلبسھا علی مسلم میں عثمان بن ابی العاص رضہ سے روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وہ شیطان ہی اوسکو خنزب کہتے ہیں سو جب تو اوسکا کہٹکا پاوے تو خدا کی پناہ مانگ اوسکے شر سے اور اپنے بائیں طرف تین بار تہتکار دے یہ حضرت نے عثمان
ابی العاص سے فرمایا جب اونسے کہا کہ شیطان حائل ہوتا ہی میرا اور میری نماز اور قراءت کی اور مجھکو قرآن کے پڑھنے میں شبہ ڈال دیتا ہی ف یعنی جو شیطان کہ نماز میں شبہہ ڈالتا ہی
اوسکا خنزب لقب ہی پہر اوسکی علاج بتلائی اور حدیث میں آیا ہی کہ جو شیطان وضو میں شبہہ ڈالتا ہی اوسکا ولہان لقب ہی خ عائشۃ ذاک لو کان وانا حی فاستغفر لک وادعو
لک بخاری میں حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یونہی ہوگا اگر تیرا انتقال ہوا اور میں زندہ رہا تو تیرے واسطے مغفرت مانگونگا اور تیرے حق میں دعا کرونگا ف حضرت عائشہ رضہ نے
عرض کی کہ یا حضرت میرے انتقال کے بعد میرے واسطے دعا کیجئے گا تب حضرت نے یہ ارشاد فرمائی ق ابو ہریرۃ راس الکفر نحو المشرق والفخر والخیلاء فی اھل الخیل والابل والفدادین
اھل الوبر والسکینۃ فی اھل الغنم بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ جڑ کفر کی مشرق کی طرف ہے اور بڑائی مارنا اور گھمنڈ کرنا گہوڑے والے اور اونٹ
والوں میں ہی اور شور کرنے والوں میں جو اونٹ والے ہیں اور غریبی اور غم خوری بکری والوں میں ہی ف اکثر فساد مشرق کی طرف سے ہوئی اور دجال بہی اوسی طرف سے نکلیگا پہر
کہ جانوروں کی صحبت کی بہی تاثیر ہوتی ہی سو اونٹ والوں کی سینہ زوری بہی اکثر بدخلق ہوتے ہیں اور بکری چرانے والے بہت مسکین ہوتے ہیں اسواسطے پیغمبروں نے بکریوں کو چرایا م ابو ہریرۃ رب اشعث
مدفوع بالابواب لو اقسم علی اللہ لابرہ مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ بہت لوگ پریشان بال غبار آلودہ دروازوں پر سے دھکیلے ہوئے اگر خدا کی
کسی بات کی قسم کہا بیٹہیں تو خدا اوس قسم کو سچا کر دیوے ف یعنی بعضے بندگان خدا ظاہر کی تو ایسی ہی کہ کوئی دروازہ پر نہ کہڑا ہونے دیوے اور باطن کی ایسی صاف کہ خدا کو اونکی
خاطرداری منظور رہتی ہی اس حدیث سے دو فائدے معلوم ہوئے اول یہ کہ کسی مسلمان بظاہر کو حقیر نہ جانے شعر خاکساران جہان را بحقارت منگر ÷ تو چہ دانی کہ درین گرد سوارے
باشد ÷ مگر یہ بہی نہ چاہئے کہ خلاف شرع فقیر کو بہی ولی اور قطب عوام کی طرح اعتقاد کرے اسواسطے کہ حضرت نے اس حدیث میں بعضے پریشان مو خاکساروں کو مقبول فرمایا اور یہ نہیں
فرمایا کہ شراب خوار داڑہی منڈے بہی ایسے ہوتے ہیں دوسرا فائدہ یہ کہ ایمان کے ساتھ خاکساری و گمنامی حق تعالی کو پسند ہی خ سھل بن سعد [illegible]

اسیطرح ہرحاکم اور رئیس و سردار وغیرہ کو لازم ہی کہ جسمین اختیار رکہتا ہو اول او مسلمانون کو مقدم رکہے سرداری اسیکا نام ہی **ق** ابْنِ مَسْعُودٍ سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ بخاری اور مسلم مین حضرت عبد اللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ مسلمان کو گالی دینا گناہ ہی اور اوسکو ناحق قتل کرنا انصافی اور ناشکری ہی **ف** اگر قتل حلال جانکر مسلمان کو قتل کرے تو صریح کفر ہی ورنہیں تو کبیرہ گناہ ہی **م** اَنَسٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ لَا تُطِيقُهُ اَوْ لَا تَسْتَطِيعُهُ وَيُرْوٰى لَا طَاقَةَ لَكَ بِعَذَابِ اللّٰهِ اَفَلَا قُلْتَ اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ **قَالَهُ** لِرَجُلٍ عَادَهُ فَدَعَا اللّٰهَ بِهٖ فَشَفَاهُ مسلم مین انس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ سبحان اللہ تو عذاب الہی کو نہ اوٹہا سکیگا اور دوسری روایت یون ہی کہ تجہکو عذاب خدا کی طاقت نہین تو یون کیون نہ کہا کہ الہی ہمکو دنیا مین بہلائی دے اور آخرت مین بہی بہلائی اور ہمکو بچالے دوزخ کے عذاب سے یہ حضرت نے اوس مرد سے فرمایا جسکے بیمار پرسی کو تشریف لیگئے تہے پہر اوسنے یہی دعا مانگی سو خدا نے اوسکو شفا بخشی **ف** حضرت ایک مسلمان کی بیمار پرسی کو تشریف لیگئے وہ نہایت ناتوان ہوگیا تہا جیسے مرغی کا چوزہ سو حضرت نے اوس سے فرمایا کہ تونے کچہہ دعا تو نہین کی ہی اوسنے کہا ہان صحت مین یہ دعا کیا کرتا تہا کہ الہی جو تجہکو آخرت مین میرا اوپر عذاب کرنا ہو سو دنیا مین جلد مجہہ پر کرلے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنے آدمی کو عذاب الہی کی طاقت نہین نہ دنیا مین طاقت ہی نہ آخرت مین دنیا کی تکلیف تونے اپنے منہہ سے کیون مانگی پہر اوسکو دین اور دنیا کی خیر کی دعا تعلیم کی چنانچہ اوسکو اوسی دم صحت ہوگئی **خ** اُمِّ سَلَمَةَ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَاذَا اُنْزِلَ اللَّيْلَةَ مِنَ الْخَزَائِنِ مَاذَا اُنْزِلَ اللَّيْلَةَ مِنَ الْفِتَنِ مَنْ يُّوْقِظُ صَوَاحِبَ الْحُجَرِ رُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٌ فِي الْاٰخِرَةِ بخاری مین حضرت ام سلمہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ سبحان اللہ آج کی رات کیا ہی رحمت کے گنج کے گنج اترے ہین اور آج کی رات کیا ہی فتنے اور فساد نازل ہوے ہین کوئی ہی کہ کوٹہریون والے عورتون کو جگاوے یعنے تاکہ تہجد پڑہین بہت عورتین دنیا مین پوشاک دار ہین اور آخرت مین برہنہ ہین یعنے دنیا مین باعزت اور آخرت مین گناہ سے فضیحت **ف** حضرت ام سلمہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت ایک رات سوکر جاگے پہر یہ حدیث فرمائی فتوح اسلام اور اس امت کے فساد ہونیوالے حضرت کو خواب مین نمود ہوئی **ق** اَبُو هُرَيْرَةَ سَيْحَانُ وَجَيْحَانُ وَالْفُرَاتُ وَالنِّيلُ كُلٌّ مِّنْ اَنْهَارِ الْجَنَّةِ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ سیحون اور جیحون اور فرات اور نیل ہر ایک بہشت کے نہرین ہین **ف** سیحون اور جیحون ترکستان مین ہین اور فرات عراق مین اور نیل مصر مین یعنے ان نہرون کا پانی بہشت کے پانی سے مشابہ ہی یا ان نہرون کی امداد وہان سے ہوتی ہی **خ** شَدَّادُ بْنُ اَوْسٍ سَيِّدُ الْاِسْتِغْفَارِ اَنْ يَّقُوْلَ الْعَبْدُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ مَنْ قَالَهَا فِي النَّهَارِ مُوْقِنًا بِهَا فَمَاتَ مِنْ يَّوْمِهٖ قَبْلَ اَنْ يُّمْسِيَ فَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَمَنْ قَالَهَا مِنَ اللَّيْلِ وَهُوَ مُوْقِنٌ بِهَا فَمَاتَ قَبْلَ اَنْ يُّصْبِحَ فَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ بخاری مین شداد بن اوس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ عمدہ استغفار یہہ ہی کہ بندہ یون کہے کہ الہی تو میرا مالک ہی کوئی لائق بندگی کے نہین سوا تیرے تو نے مجہکو پیدا کیا اور مین تیرا بندہ ہون اور مین تیرے قول اور تیرے وعدے پر ہون جتنا مقدور ہی تیرے موافق مین تیرے پناہ مانگتا ہون اوس برائی سے جو مینے کی تیرے سامنے اقرار کرتا ہون تیرے احسان کا جو مجہہ پر ہی اور اپنے گناہ کا تجہسے اقرار کرتا ہون سو تو مجہکو بخش کیونکہ کوئی گناہ کو نہین بخشتا سوا تیرے جو کوئی اسکو دن مین کہے پہر اوسی شام سے پہلے مرجاوے تو وہ شخص بہشتی ہی اور جو اسکو رات مین یقین کے ساتہہ کہے پہر مرجاوے فجر سے پہلے تو وہ شخص بہشتی ہی **ف** اللہم سے الا انت تک صبح و شام پڑہا کرے رات اور دن دونو کے راتیں مین جب مرگا اسی ثمرہ بشارت مین داخل ہی اس دعا کو سید الاستغفار کہتے ہین **ق** اَبُوْ بَكْرَةَ شَهْرَا عِيْدٍ لَا يَنْقُصَانِ رَمَضَانُ وَذُو الْحِجَّةِ بخاری اور مسلم مین ابوبکرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ دو مہینے عید کے کم نہین ہوتے رمضان اور ذی الحجہ **ف** امام احمد نے اس حدیث کا مطلب یون کہا کہ ایک سال مین یہ دونون مہینے ساتہہ کم نہین ہوتے اگر ایک ونتیس دن کا ہوگا تو دوسرا تیس دن کا ہوگا اور اسحق نے کہا کہ ان دونون مہینے کا ثواب کم نہین ہوتا پورا ملتا ہی اگرچہ دونون شمار مین کم ہون اور یہی قول ٹہیک ہی واللہ اعلم **م** عُمَرُ صَدَقَةٌ تَصَدَّقَ اللّٰهُ بِهَا عَلَيْكُمْ فَاقْبَلُوْا صَدَقَتَهٗ يَعْنِي الْقَصْرَ فِي السَّفَرِ مَعَ الْاَمْنِ مسلم مین عمر فاروق رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا نماز کا قصر صدقہ ہی کہ خدا نے تم پر تصدق کیا ہی سو اوسکے صدقے کو قبول کرو یعنے امن کی حالت مین بہی نماز کا قصر سفر مین جائز ہی **ف** سفر مین چار رکعت نماز کو دو رکعت پڑہنے کا حکم ہی خدا کی طرف سے تخفیف اور حضرت تو مناسب نہین کہ خدا کی رخصت کو نمانئے اور پوری پڑہے اور یہی مذہب ہی امام اعظم کا کہ سفر مین پوری نماز پڑہنا درست نہین **م** زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ صَلٰوةُ الْاَوَّابِيْنَ اِذَا رَمِضَتِ الْفِصَالُ مسلم مین زید بن ارقم رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ صلوۃ الاوابین اوس وقت ہی جب کہ اونٹ کے بچون کے تلوے جلنے لگین **ف** یعنے چاشت کے وقت زمین گرم ہوتی ہی بچون کے تلوے جلنے لگتے ہین وہ ہر طرف سے بہاگ کے اونٹون کے گرد ہو جاتے ہین شائع لوگ مغرب کے بعد چہہ رکعت نماز کو صلوۃ الاوابین کہتے ہین اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صلوۃ الضحی اور نماز چاشت کا نام صلوۃ الاوابین ہی اوابین عابدون کو کہتے ہین جنکا دل عبادت الہی کے طرف جہکا رہتا ہی **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ صَلٰوةُ الْجَمَاعَةِ اَفْضَلُ مِنْ صَلٰوةِ اَحَدِكُمْ وَحْدَهٗ بِخَمْسَةٍ وَّعِشْرِيْنَ جُزْءًا مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ جماعت کی نماز تنہا کی نماز سے پچیس حصے افضل ہی **خ** ابْنُ عُمَرَ وَاَبُوْ سَعِيْدٍ صَلٰوةُ الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ صَلٰوةَ الْفَذِّ بِخَمْسَةٍ وَّعِشْرِيْنَ دَرَجَةً هٰذِهٖ رِوَايَةُ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ عُمَرَ بِسَبْعٍ وَّعِشْرِيْنَ بخاری مین عبد اللہ بن عمر رضہ اور ابو سعید رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ جماعت کی نماز تنہا آدمی کی نماز سے پچیس حصے افضل ہی یہ ابو سعید کی روایت ہی اور عبد اللہ

ہر قدم پر ثواب پانا اور مسجد کا توقف اور انتظار نماز مین داخل ہونا اور فرشتون کا دعا دینا اور مسجد مین طاہر لوٹنا اور بہنا فضول کلام اور تکلیف انام سے بچنا اس فضیلت و ترقی کا سبب ہے
تنہا نماز پڑھنے مین یہ امور حاصل نہین **ق** اِبْنُ عُمَرَ صَلٰوةُ اللَّيْلِ مَثْنٰى مَثْنٰى فَاِذَا خِفْتَ الصُّبْحَ فَاَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ رات
کی نماز دو دو رکعتین ہین پہر جب تو فجر ہوتے سے ڈرے تو ایک رکعت کی وتر کر **ف** امام شافعی اور ابو یوسف و محمد کے نزدیک تہجد کی نماز دو دو رکعت افضل ہے اور یہی حدیث انکی دلیل ہے
م اَبُوْهُرَيْرَةَ صِيَاحُ الْمَوْلُوْدِ حِيْنَ يَقَعُ نَزْغَةٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چیخنا لڑکے کا جب پیدا ہوتا ہے اور زمین پر گرتا ہے
شیطان کے ٹہوکے کے سبب سے ہے **م** اَبُوْهُرَيْرَةَ ضِرْسُ الْكَافِرِ مِثْلُ اُحُدٍ وَّغِلَظُ جِلْدِهٖ مَسِيْرَةُ ثَلٰثٍ مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کافر
کی ڈاڑھ احد کے پہاڑ برابر ہوگا اور اوسکی کہال کی دبازت اور گندگی تین دن کے راہ برابر ہوگی **ف** یعنے دوزخ مین کافر کا قد نہایت لنبا چوڑا ہوگا تاکہ عذاب زیادہ ہو اور آگ
بدن پر بہت سے لپٹے **م** جَابِرٌ طَعَامُ الْوَاحِدِ يَكْفِي الْاِثْنَيْنِ وَطَعَامُ الْاِثْنَيْنِ يَكْفِي الْاَرْبَعَةَ وَطَعَامُ الْاَرْبَعَةِ يَكْفِي الثَّمَانِيَةَ مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت
نے فرمایا کہ ایک شخص کا کہانا دو کو کفایت کرتا ہے اور دو کا کہانا چار کو کفایت کرتا ہے اور چار کا کہانا آٹھ کو کفایت کرتا ہے **ف** یعنے مومن کو حرص نچاہیئے اپنی کہانے مین دوسرے
بھوکے بہائی مسلمان کو شریک کرے ایک و ز اسودگی نہ سہی بقدر ضرورت پر کفایت کرے انصاف سے بعید ہے کہ اپنا تو پیٹ بہر لیوے اور دوسرا مسلمان بہوکہا رہے اور دیکہا
کرے **م** صُهَيْبُ بْنُ سِنَانٍ عَجَبًا لِّاَمْرِ الْمُؤْمِنِ اِنَّ اَمْرَهٗ كُلَّهٗ لَهٗ خَيْرٌ وَّلَيْسَ ذٰلِكَ لِاَحَدٍ اِلَّا لِلْمُؤْمِنِ اِنْ اَصَابَتْهُ سَرَّاءُ شَكَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَّهٗ
وَاِنْ اَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ صَبَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَّهٗ مسلم مین صہیب بن سنان رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ طرفہ ماجرا ہے مومن کا کہ سارا اوسکا حال اوسکے واسطے بہتری ہے اور یہ بات
کسیکو حاصل نہین سوائے مومن کی اگر اوسکو خوشی ہو شکر کرے تو شکر گذاری اوسکی حق مین بہتر ہوا اور اگر اوسکو رنج اور تکلیف ہو صبر کرے تو بہی اوسکے حق مین بہتر ہو **ف** یعنے مومن کا
کسیطرح نقصان نہین خوشی مین شکر گذار ہے نعمت زیادہ ملے اور ثواب آوے اور غم مین صبر کی سبب خدا کا مقبول ہوا اور بحساب ثواب ملے اور کافر کو یہ بات حاصل نہین خوشی مین
اوسکے خدا کیطرف نظر ہوتی ہے نہ غم مین **م** جَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ عَلٰى مَا تُوْمُوْنَ بِاَيْدِيْكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمُسٍ وَاِنَّمَا يَكْفِيْ اَحَدَكُمْ اَنْ يَّضَعَ يَدَهٗ عَلٰى
فَخِذِهٖ ثُمَّ يُسَلِّمُ عَلٰى اَخِيْهِ مَنْ عَلٰى يَمِيْنِهٖ وَشِمَالِهٖ مسلم مین جابر بن سمرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کس اشارہ کرتے ہو اپنے ہاتونسے گویا کہ تمہارے ہاتھ چنچل گہوڑون کی
دمین ہین یعنے جیسے شریر گہوڑا ادہر دم لیتے دم ادہر ادہر ہلاتا ہے ویسے تم ہلاتے ہو اور آدمی کو تو اسقدر کفایت کرتا ہے کہ اپنے ہاتھ کو ران پر رکہے پہر اپنے مسلمان بہائی کو سلام کرے جو
اوسکے داہنے اور بائین پر ہون **ف** نماز کی آخیر مین بعضے لوگ ہاتھ اٹہاکر داہنے بائین کے لوگون کو سلام کرتے تہے تب حضرت نے یہہ فرمائی اور نماز مین سلام کے وقت ہاتھ اٹہانا
منع کیا **ق** اُمُّ قَيْسٍ بِنْتُ مِحْصَنٍ عَلَامَ تَدْغَرْنَ اَوْلَادَكُنَّ بِهٰذَا الْعِلَاقِ عَلَيْكُنَّ بِهٰذَا الْعُوْدِ الْهِنْدِيِّ فَاِنَّ فِيْهِ سَبْعَةَ اَشْفِيَةٍ مِّنْهَا ذَاتُ الْجَنْبِ
يُسْعَطُ مِنَ الْعُذْرَةِ وَيُلَدُّ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ بخاری اور مسلم مین ام قیس بنت محصن رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے عورتون سے فرمایا کہ کیون تالو اور حلق ملتے ہو اپنے اولاد کا اس گہانٹی سے تم
لازم پکڑو اس کوٹ کو سو واسطے کہ اسمین سات بیماریکے شفا ہے انمین سے ایک ذات الجنب ہے یعنے پانجر کا درد حلق کے ورم مین ناک مین ڈالئے اور ذات الجنب مین حلق کی اندر ڈالئے **ف**
عورتیکے عورتین ورم حلق مین ہاتھ اپنے ڈالکر لوکو گہانٹی دیتی تہین حضرت نے اس سے منع کیا اور فرمایا کہ کوٹ کی گہانٹی دیا کرو پہر فرمایا کہ کوٹ مین ستا بیماریون کے شفا ہے دو کو بیان کیا یعنے
ورم حلق اور ذات الجنب کو پانچ بیماریون کو نہین مذکور کیا ہے لیکن معلوم کیا چاہیئے کہ کوٹ گرم خشک ہے حیض اور پیشاب کو جاری کرتا ہے اور زہر کو دفع کرتا ہے اور جماع کی قوت زیادہ کرتا ہے
اور پیٹ کے کیڑونکو قتل کرتا ہے جب شہد کے ساتھ پئی اور جگر اور معدہ کی ضعف کو دفع کرتا ہے اور تجاری کی بخار کو شفا دیتا ہے اور رگون کو اکثر سردی کا خلل ہوتا ہے سو واسطے حضرت نے
یہ دوا تجویز کی اور حدیث عود ہندی کو قسط یعنے کوٹ کہتے ہین لیکن اطبا عود ہندی کو اگر کہتے ہین اگر یہ گرم خشک ہے دماغ اور دل اور معدہ و جگر کو قوت دیتا ہے اور ریح کو تحلیل کرتا ہے اور
بہلسی اور ردہ اور غشی اور مرض خفقان کو اور رہسال کو اور استسقا کو دور کرتا ہے **ق** اِبْنُ عُمَرَ عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ فِيْمَا اَحَبَّ وَكَرِهَ اِلَّا اَنْ يُّؤْمَرَ بِمَعْصِيَةٍ فَاِذَا
اُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ فَلَا سَمْعَ وَلَا طَاعَةَ بخاری و مسلم مین عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مرد مسلمان پر امام کی اطاعت اور فرمانبرداری واجب ہے خواہ اوسکو اچہا
لگے یا برا مگر او صورت مین کہ جب گناہ کا امر ہو پہر جب گناہ اور خلاف شرع کا اوسکو حکم ہو تو اسوقت مین اطاعت اور فرمانبرداری نچاہیئے **ف** خوشی اور ناخوشی مین حاکم کی اطاعت واجب ہے
لیکن خلاف شرع کام میں اطاعت نہین **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ عَلٰى اَنْقَابِ الْمَدِيْنَةِ مَلٰٓئِكَةٌ لَّا يَدْخُلُهَا الطَّاعُوْنُ وَلَا الدَّجَّالُ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مدینے کے
راہون پر فرشتے مقرر ہین او سمین وبا اور دجال نہ داخل ہوگا **خ** اَبُوْهُرَيْرَةَ عَمْرُو بْنُ لُحَيِّ بْنِ قَمَعَةَ بْنِ خِنْدِفٍ اَبُوْ خُزَاعَةَ بخاری مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ عمرو بن لحی کا بیٹا قمعہ کا
پوتا خندف کا پڑپوتا خزاعہ کا باپ ہے **ف** یعنے خزاعہ کی قوم عمرو بن لحی کی اولاد مین ہے لوگ کہتے ہین مضر کی گروہ مین داخل ہین خزاعہ کی قوم مین کچہ اختلاف تہا حضرت نے اوسکو بیان کر دیا عرب مین بت پرستی
اور سائبہ چہوڑنا عمرو بن لحی سے شروع ہوا **م** اَبُوْ اَيُّوْبَ غَدْوَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ وَغَرَبَتْ مسلم مین ابو ایوب رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جہاد
یعنے جہاد مین صبح یا شام کو کوشش کرنا بہتر ہے اوس سے جسپر آفتاب نے طلوع اور غروب کیا یعنے تمام دنیا سے افضل ہے کہ اوسکا ثواب باقی ہے اور دنیا فانی **م** جَابِرٌ غِلَظُ الْقُلُوْبِ فِيْ اَهْلِ الْمَشْرِقِ وَ
الْاِيْمَانُ فِيْ اَهْلِ الْحِجَازِ مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دلون کی سختی مشرقی لوگون مین ہے اور ایمان حجاز کے لوگون مین ہے **ف** مدینے کی جانب مشرق میں مضر کی قوم رہتے تہے

ونفسه ينتهي حيث ينتهي طرفه فيطلبه حتى يدركه بباب لد فيقتله ثم يأتي عيسى ابن مريم قوم قد عصمهم الله منه فيمسح عن وجوههم ويحدثهم بدرجاتهم في الجنة فبينما هو كذلك اذ اوحى الله الى عيسى اني قد اخرجت عبادا لي لا يدان لاحد بقتالهم فحرز عبادي الى الطور ويبعث الله ياجوج وماجوج وهم من كل حدب ينسلون فيمر اوائلهم على بحيرة طبرية فيشربون ما فيها ويمر آخرهم فيقول لقد كان بهذه مرة ماء ثم يسيرون حتى ينتهوا الى جبل الخمر وهو جبل بيت المقدس فيقولون لقد قتلنا من في الارض هلم فلنقتل من في السماء فيرمون بنشابهم الى السماء فيرد الله عليهم نشابهم مخضوبة دما ويحصر نبي الله عيسى واصحابه حتى يكون راس الثور لاحدهم خيرا من مائة دينار لاحدكم اليوم فيرغب نبي الله عيسى واصحابه فيرسل الله عليهم النغف في رقابهم فيصبحون فرسى كموت نفس واحدة ثم يهبط نبي الله عيسى واصحابه الى الارض فلا يجدون في الارض موضع شبر الا ملاه زهمهم ونتنهم فيرغب نبي الله عيسى واصحابه الى الله فيرسل الله طيرا كاعناق البخت فتحملهم فتطرحهم حيث شاء الله ثم يرسل الله مطرا لا يكن منه بيت مدر ولا وبر فيغسل الارض حتى يتركها كالزلفة ثم يقال للارض انبتي ثمرتك وردي بركتك فيومئذ تاكل العصابة من الرمانة ويستظلون بقحفها ويبارك في الرسل حتى ان اللقحة من الابل لتكفي الفئام من الناس واللقحة من البقر لتكفي القبيلة من الناس واللقحة من الغنم لتكفي الفخذ من الناس فبينما هم كذلك اذ بعث الله ريحا طيبة فتاخذهم تحت آباطهم فتقبض روح كل مؤمن وكل مسلم ويبقى شرار الناس يتهارجون فيها تهارج الحمر فعليهم تقوم الساعة ۔ رواه مسلم

نواس بن سمعان سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تمہارے اوپر دجال کے سوا اور چیزوں کا مجھکو زیادہ خوف ہے یعنی دجال کے سوا تمہارے حق میں اور فسادوں کا خوف ہے اگر دجال نکلا اور میں تم لوگوں میں موجود ہوا تو تمسے پہلے میں اوسکو الزام دونگا اور تمکو اوسکے شر سے بچاؤنگا اور اگر وہ نکلا اور میں تم لوگوں میں موجود نہوا تو ہر مرد مسلمان اپنی طرف سے اوسکو الزام دیگا اور حق تعالیٰ میرا خلیفہ و نگہبان ہے ہر مسلمان پر البتہ دجال جوان گھنگریالے بالوں والا ہوگا اوسکی آنکھ میں پھلی ہوگی گویا کہ میں اوسکی مشابہت کرتا ہوں عبد العزیٰ بن قطن کے ساتھ اور عبد العزیٰ ایک کافر تھا سو جو شخص کہ تم میں سے اوسکو پاوے تو چاہیے کہ سورۂ کہف کے شروع کی آیتیں اوسپر پڑھے تو وہ نکلیگا شام اور عراق کے درمیان کی راہ سے تو خرابی ڈالیگا داہنے اور بائیں اور فساد اٹھاویگا ہم نے کہا یا رسول اللہ اوسکی قدر اوسکی زمین میں رہنے کی اور اقامت ہوگی حضرت نے فرمایا چالیس دن اور تمام ایک دن تو سال کے برابر اور دوسرا دن مہینا کے برابر اور تیسرا دن ہفتہ کے برابر اور باقی دن جیسے کہ تمہارے دن ہیں ہم نے کہا یا رسول اللہ سو وہ دن جو سال کے برابر ہوگا کیا ہمکو ایک ہی دن کی نماز کفایت کریگی حضرت نے فرمایا کہ نہیں تم اندازہ کر لینا اوس دن میں بقدر اوسکے یعنی جتنی دیر کے بعد ان نمازوں کو پڑھتے ہو اوسی طرح اندازہ کر لینا ہم اصحاب نے کہا یا رسول اللہ اور اوسکی شتابی زمین میں کیونکر ہوگی حضرت نے فرمایا جیسے مینہ جسکو ہوا پیچھے سے اوڑاتی ہے سو وہ ایک قوم پر آویگا تو اونکو کفر کی طرف بلاویگا سو وہ اوسپر ایمان لاوینگے اور اوسکی بات مانینگے تو آسمان کو حکم کریگا سو وہ پانی برساویگا اور زمین کو حکم کریگا سو وہ گھاس اور اناج جماویگی تو شام کو اونکے مویشی آوینگے بنسبت پہلے کے دراز کوہان ہوکر اور کوکھ بھری ہوئی یعنی خوب تیار ہوجاوینگے پھر دجال دوسری قوم پر آویگا تو اونکو کفر کی طرف بلاویگا تو وہ اوسکے قول کو اوسپر رد کرینگے یعنی اوسکی بات نہ مانینگے تو لوٹیگا اونکی طرف سے تو ہوجاوینگے قحط زدہ اونکے ہاتھوں میں اونکے مالوں سے کچھہ باقی نہ رہیگا اور دجال ویران زمین پر نکلیگا تو اوس سے کہیگا کہ اپنی خزانے نکال تو اوسکے مال اور خزانے ظاہر ہوکر اوسکے پاس جمع ہو جاوینگے جیسے شہد کی مکھیاں بڑی مکھی کے گرد ہجوم کرتی ہیں پھر دجال ایک جوان مرد کو بلاویگا تو اوسکو تلوار سے ماریگا سو اوسکو قتل کرکے دو ٹکڑے کر ڈالیگا جیسا نشانہ دو ٹوک ہو جاتا ہے پھر اوسکو زندہ کرکے بلاویگا سو وہ جوان ہنستے آویگا چہرہ چمکتا ہوا اور ہنستا سو دجال اسی حال میں ہوگا کہ ناگاہ حق تعالیٰ عیسیٰ بن مریم کو بھیجیگا تو عیسیٰ اترینگے سفید منارہ کے پاس شہر دمشق کے مشرق کی طرف زرد رنگین جوڑا پہنے اپنے دونوں ہاتھ دو فرشتوں کے پروں پر رکھے ہوئے تو جب کہ عیسیٰ اپنا سر جھکاوینگے تو پسینا ٹپکیگا اور جب اپنا سر اوٹھاوینگے تو موتی کی بوندیں بہینگے سو جس کافر کے پاس سے اتر ینگے اوسکو اونکے دم کی بھاپ لگی تو وہ مرجاویگا اور اونکا دم پہنچیگا جہانتک اونکی نظر پہنچیگی پھر عیسیٰ دجال کو تلاش کرینگے یہانتک کہ اوسکو باب لد کے پاس پاوینگے لد شام میں ایک پہاڑ کا نام ہے سو اوسکو قتل کرینگے پھر عیسیٰ بن مریم پاس وہ لوگ آوینگے جنکو خدا نے دجال سے بچایا سو شفقت سے اونکے چہروں کو مسح کرینگے اور اونکو اونکی بہشت کے درجات کی خبر دینگے سو عیسیٰ اسی حال میں ہونگے کہ ناگاہ حق تعالیٰ عیسیٰ کو حکم کریگا کہ میں نے اپنے ایسے بندے نکالے ہیں کہ کسیکو اونسے لڑنے کی طاقت نہیں سو پہاڑ میں لیجا میرے مسلمان بندوں کو طور کی طرف اور خدا بھیجیگا یاجوج و ماجوج کو اور وہ ہر ایک بلندی سے نکل پڑینگے تو اونکے پہلے لوگ طبرستان کے دریا پر گذرینگے تو پی جاوینگے جتنا پانی کہ اوسمیں ہوگا اور اونکے پچھلے لوگ جب وہاں آوینگے تو کہینگے کبھی اس دریا میں بھی پانی تھا پھر چلینگے یہانتک کہ اوس پہاڑ تک پہنچینگے جہاں درختوں کی کثرت ہے یعنی بیت المقدس کا پہاڑ تو وے کہینگے البتہ ہم زمین والوں کو تو قتل کر چکے اب آسمان والوں کو قتل کریں تو اپنی تیروں کو آسمان پر مارینگے سو خدا انکے تیروں کو خون آلودہ کرکے ڈالیگا اور خدا کا پیغمبر عیسیٰ اور اونکے اصحاب گھرے رہینگے یہانتک کہ اونکے نزدیک بیل کا سر افضل ہوگا سو اشرفی سے آج تمہارے نزدیک یعنی کھانے کی نہایت تنگی ہوگی پھر خدا کا رسول عیسیٰ اور اوسکے اصحاب دعا کرینگے سو خدا اون یاجوج ماجوج پر عذاب بھیجیگا اونکی گردنوں میں کیڑا پیدا ہوگا تو صبح تک سب مر جاوینگے ایک جان کا سا مرنا پھر خدا کا رسول عیسیٰ اور اوسکے اصحاب زمین پر اترینگے تو زمین میں ایک بالشت برابر جگہہ اونکے سڑاہند اور گندگی سے خالی نہ پاوینگے یعنی تمام زمین پر اونکی مری لاشیں پڑی ہونگی پھر خدا کا رسول عیسیٰ اور اوسکے اصحاب خدا سے دعا کرینگے تو حق تعالیٰ یاجوج ماجوج پر جانور بھیجیگا جیسے بڑی اونٹوں کی گردنیں سو وہ اونکو اوٹھا لیجاوینگے اور اونکو پھینک دینگے جہاں خدا کو منظور ہوگا پھر خدا ایسا پانی برساویگا کہ کوئی گھر مٹی کا اور اونکا اوس پانی سے نہ بچیگا سو خدا زمین کو دھو ڈالیگا یہانتک کہ زمین کو مثل حوض یا باغ یا صاف عورت کی طرح کردیگا پھر زمین کو حکم ہوگا کہ اپنے پھل جما اور اپنی برکت کو پھیر دے تو اوس دن ایک انار کو ایک گروہ کھاویگا اور اوسکے چھلکے کو بنگلہ سا بناکر اوسکے سایہ میں بیٹھینگے اور دودھ میں برکت ہوگی یہانتک کہ دودھاری اونٹنی آدمیوں کے بڑے گروہ کو کفایت کریگی

حضرت نے فرمایا کہ قصور معاف کیا اوسکے گھر والوں کے حق میں اور اوسکے مال اور جان اور اولاد اور ہمسایہ میں اوسکو روزہ اور نماز اور صدقہ اور نیک بات بتلانا اور بری کام سے منع کرنا دور کر دیتا
ہے ف یعنی گناہ آدمی سے جان مال جورو لڑکے ہمسایے کے حق میں کچھ قصور یا ادا نہیں ہوگا تو ان عبادتوں سے معاف ہو جاوے گی م عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَمْرٍو فِرَاشٌ لِلرَّجُلِ وَفِرَاشٌ
لِامْرَأَتِهِ وَالثَّالِثُ لِلضَّيْفِ وَالرَّابِعُ لِلشَّيْطَانِ مسلم میں عبداللہ بن عمرو رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک بچھونا مرد کا اور دوسرا بچھونا اوسکی جورو کا اور
تیسرا بچھونا مہمان کا اور چوتھا بچھونا شیطان کا ف یعنی حاجت سے زیادہ فرش کرنا اسراف اور فخر کو شیطانی کام ہے اور مہمانوں کے واسطے جدا بچھانا ہے اگر زیادہ فرش بچھے
تو درست ہے منع وہی ہے جو بے حاجت ہو م اَبُو مُوسٰى وَاَنَسٌ فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيدِ عَلٰى سَائِرِ الطَّعَامِ مسلم میں ابو موسیٰ اور انس رض
سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ عائشہ کی فضیلت عورتوں پر ایسی ہے جیسی ثرید کی فضیلت باقی کھانوں پر ف ثرید اوس کھانے کو کہتے ہیں کہ روٹی کو شوربے میں بھگو یا ہو اور یہ
یہ کھانا حضرت کو پسند تھا سب کھانوں سے زیادہ حضرت عائشہ رض نے علم اور آداب حضرت سے بنسبت اور عورتوں کے زیادہ سیکھے تھے اسواسطے اونکی فضیلت حضرت نے بیان
فرمائی م جَابِرٌ كُلُّكُمْ مَغْفُورٌ لَهُ اِلَّا صَاحِبَ الْجَمَلِ الْاَحْمَرِ ق مَنْ يَصْعَدُ ثَنِيَّةَ الْمُرَارِ مسلم میں جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا تو تم میں سے ہر ایک شخص بخشا
جائیگا مگر لال اونٹ والا یہ حضرت نے ثنیۃ المرار پر فرمایا ف ثنیۃ المرار ایک ٹیلا تھا حضرت نے فرمایا جو اس پر چڑھ جاوے اوسکا گناہ بخشا جاوے سب اصحاب اوسپر چڑھ گئے ایک
گنوار نہ چڑھا اپنا سرخ اونٹ تلاش کیا گیا اور اوسنے کہا کہ اونٹ کا ملنا میرے نزدیک مغفرت سے زیادہ پیارا ہے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ دنیا کی محبت
آخرت کو بگاڑتی ہے ق اَبُو هُرَيْرَةَ فِي الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ اِلَّا السَّامَ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کلونجی میں
ہر بیماری کی دوا ہے سوا موت کے ف یعنے سب بیماریوں کی کلونجی دوا ہے اسکی تفصیل ساتویں باب میں گذری ق اَبُو هُرَيْرَةَ فِي كُلِّ كَبِدٍ حَرَّى اَجْرٌ بخاری
اور مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہر تشنہ جگر کے پانی پلانے میں ثواب ہے ف سراقہ بن مالک نے پوچھا کہ یا حضرت اگر کسی کا بھولا جانور میرے حوض پر آوے
اور میں اوسکو پانی پلاؤں تو مجھکو اسمیں کچھ ثواب ہوگا تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ ہر جاندار کے احسان میں ثواب ہے آدمی ہو یا جانور مسلمان ہو یا کافر
م جَابِرٌ فِيمَا سَقَتِ الْاَنْهَارُ وَالْغَيْمُ الْعُشُورُ وَفِيمَا سُقِيَ بِالسَّانِيَةِ نِصْفُ الْعُشْرِ مسلم میں جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جس کھیت کو دریا اور بدلی
سینچے اوسمیں دسواں حصہ زکوۃ ہے اور جو کھیت اونٹوں پر پانی لاد کر سینچا جاوے اوسمیں بیسواں حصہ زکوۃ ہے ف جسمیں کم محنت تھی اوسمیں زکوۃ زیادہ مقرر ہوئی اور جسمیں محنت
زیادہ تھی اوسکی کم زکوۃ مقرر ہوئی حکمت اسکا یہی ہے م جَابِرٌ قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُودَ اتَّخَذُوا قُبُورَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ مسلم میں جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
خدا لعنت کرے یہودیوں پر او نہوں نے اپنے پیغمبروں کی قبروں کو مسجد ٹھیرایا ف اسمیں اشارہ ہے کہ امت محمدی ایسا نکرے ق اَنَسٌ قَدْرُ حَوْضِي كَمَا بَيْنَ اَيْلَةَ وَصَنْعَاءَ
مِنَ الْيَمَنِ وَاِنَّ فِيهِ مِنَ الْاَبَارِيقِ كَعَدَدِ نُجُومِ السَّمَاءِ بخاری اور مسلم میں انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میرے حوض کوثر کا اندازہ اتنا ہے جتنا فرق ہے ایلہ
اور یمن کی صنعا میں اور البتہ اوسمیں آبخورے ہیں آسمان کے تاروں کے شمار برابر ف ایلہ شام میں ایک بستی کا نام اور صنعا یمن کا بڑا شہر ہے ق اَبُو هُرَيْرَةَ قُرَيْشٌ وَ
الْاَنْصَارُ وَجُهَيْنَةُ وَمُزَيْنَةُ وَاَسْلَمُ وَاَشْجَعُ وَغِفَارُ مَوَالِيَّ لَيْسَ لَهُمْ مَوْلًى دُونَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قریش اور انصار اور جہینہ اور مزینہ اور اسلم اور اشجع اور غفار میرے دوست و مددگار ہیں اونکا کوئی مددگار نہیں سوا خدا اور رسول کے ف یہ قوم حضرت
کا ایمان لائے اور حضرت پر جان نثار ہے اسواسطے حضرت نے اونکی فضیلت بیان کی خ ابْنُ عَبَّاسٍ كَاَنِّي بِهِ اَسْوَدَ اَفْحَجَ يَقْلَعُهَا حَجَرًا حَجَرًا بخاری میں عبداللہ بن عباس
رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا گویا کہ میں اوس کعبہ ڈھانے والے سیاہ بھدے کو دیکھتا ہوں کہ اوسکے پتھر پتھر کو اوکھاڑتا ہے ف قیامت کے قریب ایک حبشی کے
ہاتھ سے کعبہ منہدم ہوگا م عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ كَفَّارَةُ النَّذْرِ كَفَّارَةُ الْيَمِينِ مسلم میں عقبہ بن عامر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نذر کا کفارہ وہی ہے جو قسم کا کفارہ
ہے ف یعنی اگر نذر ادا نہو تو قسم کا کفارہ دے اور قسم کا کفارہ یہ ہے کہ دس محتاجوں کو دونوں وقت کھانا کھلاوے یا لباس دیوے یا غلام آزاد کرے اور اگر مقدور
نہو تو تین روزے رکھے ق عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ كِلَاكُمَا قَتَلَهُ يَعْنِي اَبَا جَهْلٍ ق لِمُعَاذِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ وَمُعَاذِ بْنِ عَفْرَاءَ بخاری اور
مسلم میں عبدالرحمن بن عوف رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم دونوں نے اوسکو قتل کیا یعنی ابو جہل کو یہ حضرت نے معاذ بن عمرو بن جموح اور معاذ بن عفرا
سے فرمایا ف ان دونوں نے حضرت کو خبر دی کہ ہمنے ابو جہل کو مارا حضرت نے دونوں کی تلواروں کو خون آلودہ دیکھکر یہ حدیث فرمائی ق اَبُو هُرَيْرَةَ كَلَّا
وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ اِنَّ الشَّمْلَةَ لَتَلْتَهِبُ عَلَيْهِ نَارًا اَخَذَهَا مِنَ الْغَنَائِمِ يَوْمَ خَيْبَرَ لَمْ تُصِبْهَا الْمَقَاسِمُ ق لَهُ لِعَبْدِهِ اسْمُهُ
رِفَاعَةُ وَيُقَالُ لَهُ مِدْعَمٌ قُتِلَ بِوَادِي الْقُرٰى مُقْفَلَهُ مِنْ خَيْبَرَ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یوں نہیں اوسکی
قسم جسکے قابو میں محمد کی جان ہے کہ وہ کملی تو اوسکے بدن پر بھڑک رہی ہے آگ سے اوسنے کملی کو جنگ خیبر میں تقسیم ہونے سے پہلے لے لیا تھا یہ حضرت نے اپنے غلام
کے حق میں فرمایا جسکا رفاعہ نام تھا اور لقب اوسکا مدعم تھا وہ قتل ہوا تھا وادی القری میں خیبر سے پلٹتے ف وادی القری یہودیوں کی ایک بستی کا نام تھا جب
خیبر فتح کرکے حضرت کا لشکر وہاں پہنچا تو حضرت کے غلام یعنے مدعم کو تیر لگا وہ مرگیا اصحاب نے اوسکی تعریف کی کہ اوسکو شہادت نصیب ہوئی تب حضرت نے یہ

وقت مین پڑہ لیا کیجیو پھر اگر تو جماعت کی نماز اونکے ساتھہ پاوے تو اونکے ساتھہ بھی پڑہ لیجیو کہ یہہ دوسری نماز تیرے حق مین نفل ہو جاویگی یہہ حضرت نے بوذر سے فرمایا ف اسلام مین نماز کی سستی اول سلطنت بنی امیہ سے شروع ہوئی خ ابن عمر او عبد الله بن عمرو كيف انت يا عبد الله بن عمرو اذا بقيت في حثالة من الناس قد مرجت عهودهم وامانتهم واختلفوا فصاروا هكذا وشبك بين اصابعه قال فكيف اصنع يا رسول الله قال تأخذ ما تعرف وتدع ما تنكر وتقبل على خاصتك وتدعهم وعوامهم بخاری مین عبد اللہ بن عمر یا عبد اللہ بن عمرو رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ اے عبد اللہ بن عمرو تو کیا کریگا جب تو باقی رہ جاویگا کوڑا قسم لوگون مین جنکے عہد و پیمان اور امانت داریان بگڑ جاوینگی اور ادنمین بہوت پڑ جاویگی تو وہ لوگ اسطرح ہو جاوینگے تو وہ لوگ اسطرح ہو جاوینگے اور حضرت نے اونکے اختلاف کی مثال دی اپنے دونون ہاتہون کی انگلیان قینچی کرکے عبد اللہ بن عمرو نے کہا سو اوسوقت مین یا رسول اللہ مین کیا کرون حضرت نے فرمایا جو تیری دانست مین اچھی بات ہو اوسکو لیجیو اور بری کو چھوڑیو اور خاص اپنے حال پر متوجہ ہو اور اونکو اونکے حالات پر چھوڑ ف یعنی جب زمانہ بگڑ جاوے اور بے دیانتی کے سبب لوگون مین اختلاف پڑے اور ہر شخص اپنی عقل پر مغرور ہو تو ایسے وقت مین بہتر یہی ہے کہ اپنی اصلاح و درستی پر کمر باندھے اور عوام سے جدا ہو خ عمر كيف بك اذا اخرجت من خيبر تعدو بك قلوصك ليلة بعد ليلة قاله لاحد بني ابي الحقيق من يهود خيبر فاجلاهم عمر الى تيماء و اريحا مسلم مین عمر فاروق رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ کیسا تیرا حال ہوگا جسوقت تو خیبر سے نکالا جاویگا تجھکو لے دوڑیگی تیری اونٹنی راتون کو یعنی سوار ہو کر سفر کریگا یہہ حضرت نے ابو حقیق یہودی کے کسی بیٹے سے فرمایا پھر فاروق رض نے اونکو تیما اور اریحا کی طرف نکال دیا ف خیبر مین یہودی رہتے تھے جب خیبر فتح ہوا تو حضرت نے اونکے یہود کو بطریق محنت مزدوری کے رہنے دیا عمر فاروق نے اپنی خلافت مین چاہا کہ اونکو خیبر سے در بدر کرین یہودیون نے کہا تم ہمکو کیونکر نکالو گے حالانکہ تمہارے پیغمبر نے ہمکو یہان قائم رکھا تھا عمر فاروق رض نے یہہ حدیث پڑھی یعنی حضرت نے اس حدیث مین تمہارے نکالنے کا اشارہ کیا ہی یہودی نے کہا کہ ابو القاسم نے یہہ کلام ٹھٹھے کی راہ سے کہا فاروق نے کہا ای دشمن خدا کے تو جھوٹا ہی یعنی ٹھٹھا کرنا پیغمبر کی شان نہین پھر اونکو شام کی طرف نکال دیا اون بستیون مین جا بسے جنکا تیما اور اریحا نام ہی م عقبة بن الحارث كيف وقد زعمت ان قد ارضعتكما ونهي وكيف وقد قيل دعها عنك قاله لعقبة حين تزوج ام يحيى بنت ابي اهاب بن عزيز فجاءت امرأة سوداء فقالت قد ارضعتكما مسلم مین عقبہ بن [illegible] رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا یہہ کیونکر ہوگا حالانکہ وہ کہتی ہی کہ مین نے تم دونون کو دودھ پلایا اور دوسری روایت مین یہہ لفظ ہین کہ [illegible] تیسیر خوارگی کی گفتگو ہوئی اوس عورت کو اپنے نکاح سے چھوڑ دی یہہ حضرت نے عقبہ سے فرمایا جب اونہون نے ام یحیی بنت ابی اہاب بن عزیز تمیمی سے نکاح کیا پھر ایک سیاہ عورت آئی اور اوسنے کہا کہ مین نے تم دونون جورو خاوند کو دودھ پلایا ہی ف جب اس عورت نے یہہ کہا تو عقبہ نے کہا کہ مجھکو معلوم نہین کہ تو نے مجھے دودھ پلایا ہو پھر اپنے گھر والون اور لوگون سے پوچھا اونہون نے بھی انکار کی پھر عقبہ نے حضرت سے کہا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی امام مالک کے نزدیک بموجب مذہب حنفیہ کے ایک عورت کے قول سے رضاعت یعنی شیر خوارگی ثابت ہو جاتی ہی لیکن امام ابو حنیفہ کے مذہب مین ایک عورت کے قول کا کچھ اعتبار نہین یا دو مرد کہین یا ایک مرد اور دو عورتین تو ثابت ہو اونکے نزدیک اس حدیث کا یہہ مطلب ہی کہ حضرت نے یہہ حکم از راہ احتیاط اور تقوی فرمایا نہ از راہ فتوی ق انس كيف يفلح قوم شجوا نبيهم وكسروا رباعيته وهو يدعوهم الى الله يوم احد علقه البخاري وسنده مسلم بخاری اور مسلم مین انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کیونکر بھلا ہوگا اوس قوم کا جنہون نے اپنے پیغمبر کا سر زخمی کیا اور دانت توڑا اور حالانکہ وہ اونکو ٹھیک راہ پر بلاتا ہی یہہ حضرت نے جنگ احد مین فرمایا بخاری نے اس حدیث کی سند نہین مذکور کی اور مسلم مین پوری سند بیان کی ق ابن مسعود وابن عمر وانس لكل غادر لواء يوم القيمة بقدر غدره بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن مسعود اور ابن عمر اور انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا قیامت کے دن ہر عہد شکن دغاباز کا ایک جھنڈا ہوگا بقدر اوسکے دغابازی کے ف یہہ اسواسطے ہوگا تاکہ وہ فضیحت ہو م ابن عباس لم اللصلوة وينوى لم اصلي فاتوضأ ويروي ما اردت ان اصلي فاتوضأ قاله حين خرج من الخلاء فاتي بطعام فقيل الا تتوضأ مسلم مین عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کیون وضو کرون کیا نماز کو اسیطرح اور ایک روایت یون ہی کس واسطے کیا مجھکو نماز پڑھنا ہی جو وضو کرون اور دوسری روایت یون ہی کہ کیا مین نماز کا ارادہ کرتا ہون جو وضو کرون یہہ حضرت نے اوسوقت فرمایا جب پاخانے سے نکلے تو آپکے آگے کھانا رکھا گیا سو لوگون نے کہا کہ آپ وضو نہین کرتے ف پورا قصہ یون ہی کہ پھر حضرت نے کھایا اور ہاتھہ مین پانی نہ لگایا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وضو کرنا نماز کے واسطے واجب ہی کھانے کے واسطے واجب نہین ہر چند کھانے سے پہلے ہاتھہ دہونا مستحب ہی لیکن حضرت نے اسواسطے ہاتھہ نہ دہوئے تاکہ لوگون کو معلوم ہو جاوے کہ اگر ہاتھہ نہ دہوئے تو واجب نہین ق ابن عباس لم يكن لهم يومئذ حب ولو كان لهم لدعا لهم فيه يعني لاهل مكة حين دعا لهم ابراهيم عليه السلام بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ مکے والون کے پاس اونکے ملک مین اناج نہ تھا اور اگر اناج ہوتا تو ابراہیم علیہ السلام اونکے اناج مین بھی دعا مانگتے ف حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکے والون کے واسطے کثرت میوہ جات کے دعا کی اوسوقت وہان زراعت نہ تھی اگر ہوتی تو اوسکی بھی دعا کرتے ق عائشة ليت رجلا صالحا من اصحابي يحرسني الليلة بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ کاش کوئی نیک مرد میرے اصحاب سے آج کی رات میری نگہبانی کرے ف یہہ حضرت نے لیلۃ التعریس مین فرمایا پھر سعد بن ابی وقاص ہتھیار باندھے آئے حضرت نے پوچھا تو کیون آیا ہی سعد نے کہا اے حضرت مین آپکی

حدیث ہی یعنی یہی روایت ہی حضرت نے فرمایا یہ مردہ یا آرام پانے والا ہی یا آرام دینے والا اصحاب نے کہا یا رسول اللہ آرام لینے والا اور آرام دینے کیسے تو حضرت نے فرمایا کہ بندہ
کے رنج اور مصیبت سے آرام پاتا ہی اور ظالم فاسق بندہ سے آدمی اور بستیان اور درخت اور جانور آرام پاتے ہیں **ف** حضرت کے سامنے ایک جنازہ نکلا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی مومن متقی کے
حق مین دنیا قید خانہ ہی جب مرتا ہی قید سے چھوٹتا ہی عبادت کی برکت سے قبر مین بہشت کی لذت کا نمونہ پانے لگتا اور ظالم فاسق بے قید ہوتا ہی خلق کو ناحق تکلیف
دیتا ہی اور اسکی موت سے آرام ہوتا ہی **ق** ابو ہریرۃ مطل الغنی ظلم واذا اتبع احدکم علی ملی فلیتبع بخاری و مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت
نے فرمایا کہ مالدار کا ٹالنا ستم ہی اور جب قرضدار تمہارا قرض کو کسی مالدار پر اتارے تو مان لینا چاہیے **ف** یعنی مالدار ہو کر قرض ادا کرنے میں ٹالے تو بڑا ستم ہی اور اگر محتاج قرضدار کسی مالدار
سے اپنا قرض دلاوے تو لازم ہی کہ مانلیوے تا کہ تنگ نہو **م** جابر معاذ اللہ ان یتحدث الناس انی اقتل اصحابی ان ھذا واصحابہ یقرؤن القرآن لا یجاوز
حناجرھم یمرقون من الدین کما یمرق السہم من الرمیۃ مسلم میں جابر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ میں خدا کی پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ لوگ یہہ چرچا کرین کہ
اپنے ساتھیون کو قتل کرتا ہی البتہ یہہ شخص اور اوسکے ساتھی قرآن پڑھتے ہیں کہ اونکی حلق سے نیچے نہیں اترتا یعنی قرآن کی دل مین تاثیر نہیں ہوتی یہہ لوگ دین سے نکلے جیسے تیر جانور سے پار
ہو جاتا ہی **ف** ذی الخویصرہ ایک منافق تھا اوسنے حضرت سے کہا کہ آپ انصاف سے نہیں تقسیم کرتے حضرت نے فرمایا کہ اگر میں نہ انصاف کرونگا تو کون کریگا عمر فاروق رض نے کہا یا حضرت
اگر حکم ہو تو میں اس منافق کو مار ڈالوں تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی ہر چند یہہ دین لائق قتل کے ہی لیکن بدنامی ہوگی کہ پیغمبر اپنے ساتھیوں کو قتل کرتا ہی تو لوگ ملاقات سے
وحشت کرینگے اسلام سے محروم رہینگے معلوم ہوا کہ حاکم کو مصلحت کا لحاظ بھی ضرور ہی بعضی جگہہ ٹال جانا چاہیے **م** سلمان بن عامر الضبی مع الغلام عقیقتہ
فاھریقوا عنہ دما وامیطوا عنہ الاذی مسلم میں سلمان بن عامر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ لڑکا پیدا ہو تو اوسکے ساتھ اوسکا عقیقہ سنت ہی بہاؤ اوسکے
عوض خون اور دور کرو اوس لڑکے سے تکلیف اور نجاست کو یعنی سر کے بال منڈاؤ اور نہلاؤ **ف** جب لڑکا پیدا ہوا تو دن عقیقہ کرے لڑکا ہو تو دو بکریاں اور لڑکی ہو تو ایک بکری ذبح کرے
م کعب بن عجرۃ معقبات لا یخیب قائلھن او فاعلھن دبر کل صلوۃ ثلث وثلثون تسبیحۃ وثلث وثلثون تحمیدۃ واربع وثلثون
تکبیرۃ مسلم میں کعب بن عجرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ ذکر کی چند الفاظ ہیں کہ ہر نماز کے بعد آتے ہیں اونکا کہنے والا ادا کرنے والا نقصان نہیں پاتا وہ الفاظ یہہ ہیں تینتیس بار سبحان
اللہ اور تینتیس بار الحمد للہ اور چونتیس بار اللہ اکبر **خ** مسور بن مخرمۃ معی من ترون واحب الحدیث الی اصدقہ فاختاروا احدی الطائفتین اما المال
واما السبی وقد کنت استانیت بھم **ق** لوفد ھوازن حین جاؤہ مسلمین فسالوہ ان یرد الیھم اموالھم وسبیھم بخاری میں مسور بن مخرمہ رض
سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا میرے ساتھ جو لشکر ہی تم دیکھتے ہو اور میرے نزدیک سچی بات پسندیدہ ہی سو تم دو باتوں سے ایک بات اختیار کرو یا مال لو یا جو ولڑکے اور میں نے تمہاری انتظاری کی تھی یہہ
حضرت نے ہوازن کے ایلچیون سے فرمایا جب کہ حضرت پاس مسلمان ہو کر آئے پھر انہوں نے یہہ سوال کیا کہ حضرت ہمارا مال اور جورو لڑکے پھیر دین **ف** جنگ حنین مین ہوازن کی قوم پر فتح ہوئی
اونکی جورو لڑکے گرفتار ہوئے اول حضرت نے اونکی انتظار کی کہ اگر مسلمان ہو دین تو اونکے مال اور آدمیون کو پھیر دون جب اونکے آنے میں دیر ہوئی تب حضرت نے اونکی مال اور آدمی لشکر کو تقسیم
کر دئیے بعد دسکے وہی لوگ مسلمان ہو کر آئے اور اپنے مال اور آدمی مانگنے لگے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی پھر اونہوں نے مال چھوڑا اپنے آدمی لینا اختیار کیا حضرت نے لشکر کو راضی کر کے اونکے
جورو لڑکے پھیر دئیے **خ** ابن عمر مفاتیح الغیب خمس لا یعلمھا الا اللہ لا یعلم احد ما یکون فی غد الا اللہ ولا یعلم احد ما یکون فی الارحام
ولا تعلم نفس ماذا تکسب غدا وما تدری نفس بای ارض تموت وما یدری احد متی یجیء المطر بخاری میں عبد اللہ بن عمر رض سے روایت ہی کہ حضرت
نے فرمایا کہ کنجیاں غیب کے پانچ ہیں اونکو کوئی نہیں جانتا سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا کہ کل کیا ہوگا سوائے خدا کے اور کوئی نہیں جانتا کہ عورت کے پیٹ میں کیا ہی لڑکی یا لڑکا اور کوئی جی نہیں جانتا کہ
کل کیا کریگا اور کوئی جی نہیں جانتا کہ کس زمین میں مریگا اور کوئی نہیں جانتا کہ مینہہ کب آویگا **ف** یعنے غیب کی بات بالیقین سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا غیب کا دروازہ سارے عالم پر بند ہی
اسکی کنجی کسیکے پاس نہیں کہ کھولے جب چاہے تردد دریافت کرے پیغمبرون کو وحی سے اور اولیا کو الہام سے علم حاصل ہوتا ہی لیکن یہہ غیب دانی نہیں خدا کے بتلانے سے معلوم ہوتا ہی علاوہ اسکے
وحی اور الہام ہر وقت ہوتا ہی نہیں کہ جب چاہیں دریافت کرلیں نجوم اور رمل اور جفر میں تعین نہیں حاصل ہوتا صرف حساب اٹکل ہی ہزار بار مخالف ہوتا ہی کبھی موافق بھی ہو جاتا
ہی لوگ چند علم طب میں حاملہ عورت کی علامات لکھی ہیں کہ پیٹ میں لڑکی ہی یا لڑکا یہہ صرف علامات اور قرائن پر مدار ہی تو تخمینی ہی علاوہ اسکے اکثر خطا بھی ہوتی ہی اور
یہہ تو کبھی نہیں معلوم ہوتا کہ لڑکا گورا ہی یا کالا اور اوسکے اعضا درست ہیں یا ناقص خلاصہ یہہ کہ علم غیب خدا کو مخصوص ہی بالیقین بے تردد کسیکو نہیں معلوم ہو سکتا اور یہی عقیدہ
ہی اہل اسلام کا جسکے اس عقیدہ میں خلل ہی بالیقین اوسکے ایمان میں خلل ہی **م** ابو ہریرۃ من اشد امتی لی حبا ناس یکونون بعدی یود احدھم لو رآنی
باھلہ ومالہ مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا میری امت سے زیادہ تر میری محبت میں وہ لوگ ہیں جو میرے بعد ہونگے کوئی اونمیں سے چاہیگا کہ کاش مجھکو دیکھتا
اپنے اہل و عیال اور مال کے بدلے یعنی حضرت کی تمنا دیدار میں اپنے اہل و عیال و مال فدا کرنے کا آرزومند ہوگا **شعر** حب احمد ہی سراپا ایمان ✤ جان و مال اوسکے جھلک پر قربان
ق عبد اللہ بن عمرو من الکبائر شتم الرجل والدیہ قالوا یا رسول اللہ وھل یشتم الرجل والدیہ قال نعم یسب ابا الرجل فیسب
اباہ ویسب امہ فیسب امہ بخاری و مسلم میں عبد اللہ بن عمرو رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا باپ کو گالی دینا بڑے گناہوں سے ہی اصحاب نے کہا یا رسول اللہ

مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ اِلٰی هِرَقْلَ عَظِیْمِ الرُّوْمِ سَلَامٌ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّیْ اَدْعُوْكَ بِدِعَایَةِ الْاِسْلَامِ وَیُرْوٰی بِدَاعِیَةِ الْاِسْلَامِ اَسْلِمْ تَسْلَمْ وَاَسْلِمْ یُؤْتِكَ اللّٰهُ اَجْرَكَ مَرَّتَیْنِ فَاِنْ تَوَلَّیْتَ فَاِنَّ عَلَیْكَ اِثْمَ الْاَرِیْسِیِّیْنَ وَیَا اَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا اِلٰی كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَیْنَنَا وَبَیْنَكُمْ اَنْ لَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَیْئًا اِلٰی قَوْلِهٖ فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ كَتَبَہٗ اِلٰی قَیْصَرَ رواہ مسلم عن عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے روم کے بادشاہ کو اس مضمون کا خط لکھا یہہ خط ہے محمد خدا کے رسول کا ہرقل کے طرف جو روم کا سردار ہے اوسپر سلام ہے جو راہ راست پر چلا بعد اسکے مین تجھکو بلاتا ہون اسلام کی دعوت سے اسلام قبول کر تو سلامت رہیگا اور تو مسلمان ہو جا خدا تجھکو دوہرا ثواب دیگا یعنی ایک ثواب عیسی کے دین قبول کرنیکا اور دوسرا ثواب محمدی ہونیکا اور اگر تو نے اسلام قبول نکیا تو تیرا اور تیری رعیت اور تابعدارون کا گناہ تیرے اوپر ہوگا اسلئے کہ تو مسلمان ہوتا تو تیری رعیت بھی مسلمان ہوتی تو اونکی گمراہی کا عذاب تجھپر ہوگا اور اے اہل الکتاب آو اس بات پر جو ہمارے اور تمھارے درمیان برابر ہے وہ بات یہہ ہے کہ ہم اور تم خدا کے سوا کسیکی عبادت نکرین اور کسی چیز کو اوسکے ساتھ شریک نٹھہراوین اور ہم تم مین سے بعضے آدمی بعضون کو خدا کے سوا پروردگار نبناوین سو اگر اہل کتاب توحید سے منہ موڑین تو اونسے کہہ دو کہ تم گواہ رہو کہ ہم تو مسلمان ہین حکم الہی کے مطیع ہین ف صحیح بخاری مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ ابو سفیان نے مجھسے قصہ نقل کیا کہ جس زمانہ مین ہمارے اور حضرت کے درمیان صلح ہوئی تھی مین شام کے ملک کو گیا تھا اوسی زمانہ مین حضرت نے دحیہ کلبی کے ہاتھ روم کے بادشاہ کو خط بھیجا سو دحیہ کلبی نے روم کے سردار کو خط دیا اوسنے وہ خط بادشاہ کو حوالہ کیا ہرقل یعنی روم کا بادشاہ اوس وقت مین آیا تھا ہرقل نے کہا کہ اس شخص کا جو اپنے کو پیغمبر جانتا ہے کوئی اوسکی قوم ہو تو بلاو سو میری طلبی ہوئی سو مع چند قریش کے ہرقل نے پوچھا کہ تم لوگون مین سے اس پیغمبر کا رشتہ مین کون شخص زیادہ قریب ہے مین نے کہا کہ مین تو مجھکو اور لوگونکو بادشاہ کے سامنے بٹھلایا اور میرے ساتھی میرے پیچھے بیٹھے پھر مترجم یعنی وہان کی زبان سمجھانیوالے کو بلایا اور بادشاہ نے کہا میرے ساتھیون سے کہہ کہ مین اس شخص سے کچھ پوچھتا ہون اگر یہہ جھوٹ بولے تو تم اسکو جھٹلاؤ ابو سفیان نے کہا کہ قسم خدا کی اگر دروغگوئی مشہور ہونیکا ڈر نہوتا تو مین حضرت کے حال مین کچھ جھوٹ بولتا بادشاہ نے پوچھا کہ تم پیغمبر کا حسب اور نسب کیسا ہے مین نے کہا ہم لوگون مین وہ نہایت شریف اور عمدہ خاندان ہے بادشاہ نے پوچھا کہ اسکے باپ دادون مین کوئی بادشاہ بھی تھا مین نے کہا کہ نہین بادشاہ نے پوچھا کہ نبوت کے دعوے سے پہلے کبھی جھوٹھ بولنے کی تہمت بھی اسکو لگی ہے مین نے کہا کہ نہین بادشاہ نے کہا کہ سردار لوگ اسکے تابع ہوتے ہین یا غریب لوگ مین نے کہا غریب اوسکے تابع ہوتے ہین بادشاہ نے کہا اوسکے ساتھی بڑھتے جاتے ہین یا گھٹتے مین نے کہا نہین بلکہ بڑھتے جاتے ہین بادشاہ نے کہا کوئی اونمین سے اوسکے دین سے پھر بھی جاتا ہے ناخوش ہوکر مین نے کہا کہ نہین بادشاہ نے کہا کہ تمسے اور اوس سے لڑائی بھی ہوتی ہے مین نے کہا ہان بادشاہ نے لڑائی کا حال پوچھا مین نے کہا لڑائی ہم مین کبھی وہ ہمپر غالب ہوتا ہے کبھی ہم اوسپر غالب ہوتے ہین بادشاہ نے کہا کبھی قول کرکے دغا بھی کرتا ہے مین نے کہا کہ نہین لیکن ہمنے اب اوس سے صلح کی ہے ہمکو نہین معلوم کہ اب کیا کرنے والا ہے ابو سفیان نے کہا واللہ اس بات کے سوا کوئی اور بات کوئی مین نے نہ ملائی اسکا بادشاہ نے کہا کہ تم لوگون مین اس طرح نبوت کا دعوی کسینے آگے بھی کیا ہے یا نہین مین نے کہا کہ نہین پھر بادشاہ نے وہان سے کہا کہ مین نے اوسکا حسب پوچھا تو تونے کہا کہ شریف اور عالی خاندان ہے سو پیغمبر لوگ اسیطرح اپنی قوم مین شریف اور نجیب اور عمدہ خاندان ہوتے ہین مین نے پوچھا کہ اوسکے باپ دادون مین کوئی بادشاہ تھا تو تونے کہا نہین سو اگر کوئی بادشاہ ہوا ہوتا تو مین کہتا کہ یہہ شخص نبوت کے پردہ مین اپنے باپ دادے کی سلطنت چاہتا ہے اور مین نے اوسکے تابعدارون کا حال پوچھا کہ سردار ہین یا غریب تو تونے کہا غریب ہین سو یہی حال ہے پیغمبرون کا کہ اونکی اول غریب لوگ اطاعت کرتے ہین یعنی جو آدمی غرور سے بے نصیب ہیں اور مین نے پوچھا کہ نبوت سے قبل کبھی اوسکی دروغگوئی بھی ثابت ہوئی ہے تو تونے کہا کہ نہین مین جانتا کہ جو کبھی آدمیون پر جھوٹھ نہ باندھے گا بھلا وہ خدا پر کیونکر جھوٹھ باندھیگا اور مین نے تجھسے پوچھا کہ اوسکے لوگ دین سے ناخوش ہوکر پھر بھی جاتے ہین تو تونے کہا کہ نہین سو یہی حال ہے ایمان کے نور کا جب دل مین گیا یعنی ایمان کے ہی خاصیت ہے کہ اوسکو تغیر نہین ہوتا اور مین نے تجھسے پوچھا کہ اوسکے لوگ زیادہ ہوتے جاتے ہین یا کم تو تونے کہا زیادہ ہوتے ہین سو یہی حال ایمان کا ہے کہ اوسکو ترقی ہوتی ہے یہانتک کہ کمال کو پہنچتا ہے اور مین نے کہا کہ اوسکی لڑائی کا کیا حال ہے تو تونے کہا کبھی وہ غالب ہوتا ہے اور کبھی ہم سو یہی سنت ہے پیغمبرون کی کہ اول ایمان والون کی آزمایش ہوتی ہے پھر انجام کو فتح نصیب ہوتی ہے اور مین نے پوچھا کہ وہ دغا بھی کرتا ہے تو تونے کہا کہ نہین سو یہی عادت ہوتی ہے پیغمبرون کی کہ وے ہرگز دغا نہین کرتے اور مین نے پوچھا کہ اب دعوی کسی قوم مین کسی اور شخص نے بھی کیا تھا تو تونے کہا کہ نہین سو اگر ایسا کسینے دعوی کیا ہوتا تو مین یون جانتا کہ یہہ شخص بھی اپنی قوم کی راہ پر چلا اگلون کی طرح اسکو بھی ہوس ہے پھر بادشاہ نے کہا کہ کیا چیز تمکو بتلاتا ہے مین نے کہا کہ ہمکو نماز اور زکوۃ اور برادری کے ساتھ سلوک اور پرہیزگاری بتلاتا ہے بادشاہ نے کہا اگر یہہ سب باتین سچ ہین تو بیشک وہ شخص پیغمبر ہے اور مین یہہ جانتا تھا کہ اس زمانہ مین پیغمبر ظاہر ہوا چاہتا ہے لیکن میرا یہہ گمان تھا کہ تم عرب لوگون مین ہوگا اور اگر مین یہہ جانتا کہ مین وہان تک پہنچ سکونگا تو مین اوسکے دیدار کا عاشق ہوتا اور اگر مین اوسکے پاس ہوتا تو مین اوسکے قدم دھوتا اور البتہ اوسکی سلطنت و حکومت میرے قدم کے نیچے تک پہنچیگی پھر بادشاہ نے حضرت کا یہہ خط منگا کر پڑھا جب وہ خط پڑھ چکا تو اوس دربار مین بہت گفتگو اور نہایت غل اور شور ہوا پھر ہم بموجب حکم کے دربار سے نکالے گئے ابو سفیان نے کہا کہ جب ہمارا اخراج ہوا تو مین نے اپنے ساتھیون سے کہا کہ محمد کا یہہ رتبہ پہنچا کہ بادشاہ روم اوس سے ڈرتا ہے سو جبسے مجھکو یقین ہو گیا تھا کہ حضرت سب پر غالب ہونگے یہانتک کہ خدا نے مجھکو اسلام مین داخل کیا راوی نے کہا کہ پھر ہرقل نے روم کے سردار اپنے ایک مکان مین جمع کئے اور دروازون مین قفل دئے پھر اون سے کہا کہ اے روم کے لوگو اگر قیامت تک اپنی ہدایت اور بہتری چاہتے ہو اور اپنی سلطنت کا قیام چاہتے ہو تو اس پیغمبر کا ایمان لاؤ سو روم کے سردار سب بھڑکے اور گورخر کی طرح بدکے اور بھاگے لیکن دروازے بند پائے پھر بادشاہ نے اونکو بلایا اور کہا کہ مین نے تمھارے دین کی مضبوطی آزمائی تو تمھاری یہہ بات مجھکو پسند آئی یہی مجھے منظور تھی پھر تو ان لوگون نے بادشاہ کو سجدہ کیا اور خوش ہو گئے ف ہرقل روم کا بادشاہ نصرانی تھا اپنے دین کا بڑا عالم تھا اوسپر حضرت کی نبوت کی حقیقت ثابت ہو گئی تھی لیکن اپنی قوم کے خوف سے مسلمان نہو سکا ہجری چھٹے سال حضرت نے بادشاہون کو خط لکھے اسلام کی دعوت کے سبب بادشاہون مین سمجھ کے بادشاہ

کہتے ہیں کہ ایک فساد تو قوم ترک کی خونریزی یعنی چنگیز خان اور ہلاکو کے وقت کا قتل عام و ہر دو ایک نکلنا تیسرے یاجوج ماجوج کا ظاہر ہونا واللہ اعلم **ق** ابو ہریرۃ نارکم جزء من سبعین جزءا من نار جہنم قالوا واللہ یا رسول اللہ ان کانت لکافیۃ قال فانہا فضلت علیہن بتسعۃ وستین جزءا کلہا مثل حرہا زاد البخاری نارکم ہذہ التی یوقد ابن آدم بخاری و مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تمہاری آگ ایک حصہ ہے دوزخ کی آگ کے ستر حصے سے صحابہ نے کہا قسم اللہ کی یا رسول اللہ جلانے کو یہی آگ کفایت کرتی تھی حضرت نے فرمایا کہ البتہ دوزخ کی آگ دنیا کی آگ سے انہتر حصے زیادتی رکھتی ہے ہر ایک حصے کی گرمی اس آگ کی گرمی کے برابر ہے بخاری نے اتنی روایت زیادہ کی کہ یہی تمہاری آگ جسکو آدمی جلاتا ہے ایک حصہ ہے دوزخ کی آگ کے ستر حصے سے **ف** یعنی دوزخ کی آگ کے روبرو دنیا کی آگ کی گرمی نہایت کم ہے پھر جب اس آگ کی گرمی کی آدمی کو تاب نہیں تو دوزخ کا کیا حال ہوگا خدا کی پناہ **ق** لام حرام بنت ملحان ناس من امتی عرضوا علی غزاۃ فی سبیل اللہ یرکبون ثبج ہذا البحر ملوکا علی الاسرۃ او مثل الملوک علی الاسرۃ بخاری اور مسلم میں ام حرام بنت ملحان رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چند لوگ میری امت کے میرے سامنے کئے گئے لڑتے خدا کی راہ میں اس سمندر کے اندر سوار بادشاہ بنے تختوں پر یا جیسے بادشاہ تختوں پر **ف** ام حرام سے روایت ہے کہ حضرت میرے گھر میں سو کر ہنستے جاگے میں نے کہا یا رسول اللہ آپ کیوں ہنستے ہیں تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی خدا نے خواب میں دکھلا دیا کہ تیری امت کی ایسی ترقی ہوگی کہ جہازوں پر سوار ہو کر جہاد کرینگے بادشاہوں کی طرح ام حرام نے کہا حضرت میرے واسطے دعا کیجیے کہ خدا مجھ کو بھی انہیں میں کرے حضرت نے دعا کی چنانچہ معاویہ کے زمانے میں جہاز پر سوار ہو کر جہاد ہوا ام حرام بھی غازیوں میں داخل تھیں پھر جہاز سے اترکے سواری سے گر پڑیں اور مرگئیں **ق** ابو ہریرۃ نحن احق بالشک من ابراہیم اذ قال رب ارنی کیف تحی الموتی قال اولم تؤمن قال بلی ولکن لیطمئن قلبی ویرحم اللہ لوطا لقد کان یاوی الی رکن شدید ولو لبثت فی السجن طول لبث یوسف لاجبت الداعی بخاری و مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ابراہیم زیادہ ہم شک کرنے کے لائق ہیں جب ابراہیم نے کہا اے رب مجھکو دکھلا دے کہ تو مردوں کو کیونکر زندہ کرتا ہے خدا نے فرمایا کیا تجھکو اسکا یقین نہیں ابراہیم نے کہا یقین کیوں نہیں لیکن یہ تمنا اسواسطے ہے کہ دلکو اطمینان ہو جاوے اور خدا رحم کرے لوط پر اونسے آرزو کی تھی کہ مضبوط مکان میں پناہ پکڑتے اور اگر مجھکو قید خانے میں رکھتے بقدر اتنی زندگی یوسف کے تو بلانے والے کی بات مان لیتا یعنی مکر نکرتا اوسکے ساتھ چلا جاتا **ف** حضرت نے حضرت ابراہیم کا ذکر کرکے ایک شبہہ دفع کیا یعنی اگر کوئی کہے کہ حضرت ابراہیم کو مردہ جلانے میں شک تھی سو واسطے دیکھنے کی درخواست کی اور ہمارے نبی نے کبھی ایسی خواست نہیں کی سو حضرت نے یہہ شبہہ اسطرح دفع کیا کہ مجھکو تو مردہ زندہ ہونے میں کچھ تردد اور شک نہیں تو ابراہیم کو بطریق اولی نہ تھی اور اگر اونکو شک ہوتی تو ہمکو بھی البتہ ہوتی اور حضرت لوط کا قصہ یہہ ہے کہ جب کافر دونے حضرت لوط کے مہمانوں کی بے عزتی چاہی تو حضرت لوط نہایت غمگین ہوئے اور گھبرائے اور یہہ تمنا اونکو ہوئی کہ کاش مجھکو دفع کفار کا زور ہوتا یا کسواسطے کوئی محفوظ مکان ملتا حضرت نے اس قصے کیطرف اشارہ کیا کہ خدا اونپر رحم کرے کہ غیر خدا پر اعتماد کرنا یعنی محفوظ مکان کی تمنا کرنا شان نبوت کے مناسب نہ تھا اور حضرت یوسف کا قصہ یہہ ہے کہ جب زلیخا کی مطلب برآری حضرت یوسف سے نہ ہوئی تو اوسنے اونکو قید کروا دیا تہمت لگا کر چودہ برس قید رہے جب بادشاہ کے نزدیک حضرت یوسف کا کمال خواب کی تعبیر کہنے سے معلوم ہوا تو بادشاہ نے اونکو بلایا حضرت یوسف بلانے والے کے ساتھ نہ گئے جانا کہ اول بے قصوری ثابت ہو تب قید خانے سے نکلیں چنانچہ بعد تحقیق عصمت اور پاکدامنی کے بادشاہ پاس گئے حضرت نے اس حدیث میں حضرت یوسف کی تحمل اور صبر کی تعریف کی با وجود طول حبس کے بدون تحقیق قید خانے سے نکلنے میں آسانی توقف کیا نہیں تو بلانے والے کے ساتھ چلا جاتا **ع** ابوذر نور انی اراہ **ق** لہ حین سالہ ہل رایت ربک مسلم میں ابوذر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا نور ہے میں اوسکو کیونکر دیکھتا یہہ حضرت نے اوسوقت فرمایا جب ابوذر نے پوچھا کہ حضرت نے اپنے رب کو کیا دیکھا تھا **ف** یعنی اوسکی ذات پاک پر نور جلال کے پردے ہیں دنیا میں آنکھ کو دیکھنے کی طاقت کہاں **خ** ابو سعید ویح عمار یدعوہم الی الجنۃ ویدعونہ الی النار بخاری میں ابو سعید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ افسوس ہے عمار پر وہ تو اونکو بہشت کیطرف بلاویگا اور وے لوگ اوسکو دوزخ کی طرف بلاوینگے **ف** جب علی مرتضی رض اور معاویہ سے لڑائی ہوئی تب عمار شہید ہوئے سو معلوم ہوا کہ امام برحق کی اطاعت دخول جنت کا سبب ہے اور بغاوت اور نافرمانی دخول دوزخ کا سبب ہے **ق** ابو سعید ویحک ان الہجرۃ شانہا لشدید فہل لک من ابل قال نعم قال فتعطی صدقتہا قال نعم قال فہل تمنح منہا قال نعم قال فتحلبہا یوم وردہا قال نعم قال فاعمل من وراء البحار فان اللہ لن یترک من عملک شیئا **ق** للاعرابی سالہ عن الہجرۃ بخاری اور مسلم میں ابو سعید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے اعرابی حال تو البتہ ہجرت کا امر تو نہایت سختی ہے سو کیا تیرے پاس اونٹ ہیں اوسنے کہا ہاں حضرت نے فرمایا تو اونکی زکوۃ دیا کرتا ہے اوسنے کہا ہاں حضرت نے فرمایا اونکو دودھ پینے کے واسطے عاریت بھی دیتا ہے اوسنے کہا ہاں حضرت نے فرمایا پانی پلانے کے دن اونکا دودھ دوہتا ہے یعنی محتاجوں کو دیتا ہے اوسنے کہا ہاں حضرت نے فرمایا تو اسیطرح کیا کر اپنے دیہات میں جو شہروں سے پرے ہے سو بیشک خدا تیرے عمل سے کچھ نہ گھٹاویگا یہہ حضرت نے ایک دیہاتی عرب سے فرمایا جب اوسنے ہجرت کا حال پوچھا **ف** قرآن حدیث میں مہاجرین کی فضیلت بہت نوری اوسکو بھی ہجرت کا شوق ہوا حضرت نے اوسکے استعداد پائی کہ وطن چھوڑکے ہجرت کی تکلیفیں اُٹھا سکے گا اسواسطے ہجرت سے منع کیا اور فرمایا کہ اپنے وطن میں زکوۃ اور خیرات دیا کر حضرت نے نماز روزہ کا ذکر نہیں کیا اسواسطے کہ جو شخص زکوۃ اور خیرات دیگا نماز روزہ کہ اسمیں کچھ مال نہیں خرچ ہوتا ہے بطریق اولی کرتا ہوگا **ق** ابو بکرۃ ویحک قطعت عنق صاحبک ویحک قطعت عنق صاحبک **ق** لہ مرارا بخاری و مسلم میں ابو بکرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ افسوس تو نے اپنے بھائی کی گردن کاٹی تو نے اپنے بھائی کی گردن کاٹی یہہ حضرت نے کئی بار فرمایا **ف** ایک

کہیں خشک سے پاؤں ق ابوہریرۃ ویل للعراقیب من النار بخاری و مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ خرابی ہی کونچون کو دوزخ سے یعنی اگر وضو میں کونچین خشک رہنگے تو دوزخ میں جلینگے ف ان دونوں حدیثوں سے صاف معلوم ہوا کہ تمام قدم کا دھونا وضو میں فرض ہی تھوڑا بہی خشک رکھنا ایک گناہ ہی کہ اوسکا انجام دوزخ ہی ان دونوں حدیثوں سے معلوم ہوا کہ وضو کی آیت سے شیعہ جو قدم کا مسح سمجھتے ہیں سو غلطی ہی قرآن کا مطلب حضرت سے بہتر کون سمجھ سکتا ہی ق زینب بنت جحش ویل للعرب من شر قد اقترب فتح الیوم من ردم یاجوج وماجوج مثل هذه وحلق باصبعيه الابهام والتي تليها فقالت زينب بنت جحش قلت يا رسول الله انهلك وفينا الصالحون قال نعم اذا كثر الخبث بخاری اور مسلم میں حضرت زینب بنت جحش رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خرابی ہی عرب کو اوس بلا سے جو نزدیک ہی یاجوج ماجوج کی دیوار سے آج کھل گیا اسکے برابر اور حضرت نے اپنے انگوٹھے اور کلمہ کی انگلی کا حلقہ بنایا یعنی اس حلقے کے برابر اس دیوار میں سوراخ ہوگیا تو حضرت زینب نے کہا کہ یا حضرت کیا ہم مرجاوینگے اور حالانکہ ہم میں نیک لوگ ہونگے حضرت نے فرمایا ہاں جب بدکاری غالب ہوجاویگی یعنی جب کہ بدکاری عالم میں کثرت سے ہوئی اور نیک لوگ کم ہوگئے تو نیک اور بد سب ہلاک ہوجاتے ہیں ف حضرت زینب سے روایت ہی کہ حضرت سونے سے جاگے چہرہ مبارک خوف سے سرخ تھا فرماتے تھے لا اله الا الله پھر یہہ حدیث فرمائی حضرت کے وقت سے اوس دیوار میں سوراخ پڑا اور روز بروز اوسکی ترقی ہی یہانتک کہ قیامت کے قریب یہ ہوجاویگا یاجوج ماجوج نکلکر سارے عالم کو تباہ کرینگے ہر چند وہ بلا عالمگیر ہی لیکن حضرت نے عرب کا نام خاص اسواسطے لیا ہی کہ عرب سے یاجوج ماجوج کو حضرت کے سبب سے زیادہ تر عداوت ہوگی ہم ابو سعید هذا اعظم الناس شهادة عند رب العالمين يعني الرجل الذي يجادل الدجال مسلم میں ابو سعید رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ شخص سب لوگون سے بڑا شہید ہی رب العالمین کے نزدیک یعنی وہ شخص جو دجال سے جھگڑیگا ف صحیح میں روایت ہی کہ جب دجال ظاہر ہوگا تو ایک مرد ایماندار اوسکے پاس آویگا اور لوگون سے کہیگا کہ یہہ تو دجال ہی جسکا ذکر حضرت کرچکے ہیں تو دجال اوس مومن کو خوب پٹوا کر دو لکڑے کروا کے بلاویگا اور کہیگا کہ اب بھی تو میرا ایمان لاویگا مومن کہیگا تو مسیح کذاب ہی پھر دجال اوسکے سر پر آرہ رکھوا کر چیروا ڈالیگا بعد اوسکے زندہ کریگا پھر کہیگا کہ تو میرا ایمان لا مومن کہیگا اب تو مجھکو زیادہ تر یقین ہوگیا تیری کذب اور کفر کا یعنی اسکی بھی حضرت خبر دی گئے میں کہ دجال ایک شخص کو مار کے زندہ کریگا سو معلوم ہوا کہ وہ شخص میں ہون پھر مومن کہیگا کہ ای لوگو اب میرے بعد اوسکو کسیکے مارنے جلانے کی طاقت نہوگی پھر دجال اوسکو پکڑیگا کہ ذبح کرے سو نہ ذبح کر سکیگا پھر اوسکو آگ میں ڈالدیگا لوگ جانینگے کہ وہ آگ میں پڑا اور حالانکہ وہ باغ میں ہوگا پھر حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی خدا کے نزدیک اس مومن کی شہادت نہایت عمدہ ہی خ ابن مسعود هذا الانسان وهذا اجله محيط به او قد احاط به وهذا الذي هو خارج امله وهذه الخطط الصغار الاعراض فان اخطأه هذا نهشه هذا وان اخطأه هذا نهشه هذا ای لرجل خط خطا مربعا وخط خطا في الوسط خارجا منه وخط خططا صغارا الى هذا الذي في الوسط بخاری میں عبد اللہ بن مسعود رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ آدمی ہی اور یہہ اوسکی موت ہی جو اوسکو گھیری ہی اور یہہ خط جو باہر نکلا ہی سو آدمی کی امید اور تمنا ہی اور یہہ چھوٹی چھوٹی لکیرین مصیبت اور آفات ہیں سو اگر یہہ آفت چوکی تو اوس آفت نے آدمی کو کاٹا اور اگر وہ چوکی تو اوسنے کاٹا یہہ حضرت نے اوسوقت فرمایا جب چوکھنٹی لکیر کھینچی اور ایک لکیر اوسکے اندر ایسی کھینچی کہ مربع سے باہر نکل گئی اور بیچ والی لکیر سے ملاکر چھوٹی چھوٹی لکیرین کھینچیں اس طرح سے ف اس حدیث میں حضرت نے آدمی کی حرص اور حماقت بیان کی کہ باوجودیکہ موت تو ہر طرف سے گھیری ہی اور صدہا آفات اور مصائب پیش ہیں اگر ایک بلا سے بچا تو دوسرے سے نہیں بچ سکتا پھر بھی ترک دنیا اور قناعت نہیں کرتا حرص کا یہہ عالم ہی کہ پچیس برس کی عمر نہیں لیکن صدہا برس کا سامان کرتا ہی آدمی کمال غافل اور نہایت نا عاقبت اندیش ہی ق عائشہ هذا الحمال لا حمال خيبر هذا ابر ربنا واطهر كان يتمثل به عند نقله اللبن في بنيان المسجد بخاری و مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ بوجھ افضل ہی کہ خیبر کا بوجھ ای ہمارے رب یہہ نیک تر اور پاک تر ہی حضرت یہہ فرماتے تھے اینٹ مسجد کی تعمیر میں اینٹیں لانیکے وقت ف مدینے کے لوگ خیبر سے خرمے لادلاتے تھے سو فرمایا کہ مسجد کے واسطے اینٹیں لادنا خیبر کے خرمے لادنے سے بہتر اور افضل ہی کہ اسمیں دنیا کی فلاح ہی اور اسمیں آخرت کی خ عائشہ هذا ان شاء الله المنزل قاله حين بركت ناقته عند موضع المسجد بخاری میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا اگر خدا نے چاہا تو یہی رہنے کا مکان ہوگا یہہ حضرت نے اوس وقت فرمایا جب آپکی اونٹنی مسجد کی جگہہ آ بیٹھ گئی ف حضرت جب مکے سے ہجرت کی اور مدینے میں تشریف لائے تو مدینے کے ہر ایک رئیس نے درخواست کی کہ حضرت ہمارے مکان میں تشریف رکھیں حضرت نے فرمایا مجھکو اسمیں اختیار نہیں جہان خدا کی رضی ہوگی وہین یہہ اونٹنی بیٹھ جاویگی سو جہان حضرت کی اب مسجد ہی وہان اونٹنی بیٹھ گئی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی ابو ایوب انصاری کا گھر وہان سے قریب تھا حضرت وہان چند مدت رہے پھر مسجد کی تعمیر کی اور وہین گھر بنایا اور وہین قبر مبارک ہوئی خ ابن عباس هذا جبرئيل اخذ براس فرسه وعليه اداة الحرب بخاری میں عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ جبرئیل ہی اپنے گھوڑے کا سر تھامے ہی اور اوپر لڑائی کے ہتھیار ہیں ف حضرت نے جنگ خندق کے بعد جب بنی قریظہ پر چڑھائی کی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی ہی اسکا قصہ تیسرے باب میں گذرا م العباس بن عبد المطلب هذا حين حمي الوطيس قاله يوم حنين مسلم میں حضرت عباس بن عبد المطلب سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ وقت ہی کہ تنور بھڑکا یعنی تنور جنگ خوب گرم ہوا بہت گھمسان کی لڑائی ہوئی یہہ حضرت نے جنگ حنین کے دن فرمایا ف پھر حضرت نے چند سنگریزے کفار کی طرف پھینکے اور فرمایا کہ کفار بھاگے

شخص ملیث گیا تو اوسنے کفار قریش سے کہا کہ یہ لوگ تو زیارت ہی کرنے کو آئے ہیں قربانیان اونکے ساتھ ہیں پھر آیا قریش نے مکرز بن حفص کو خبر تحقیق کرنیکے واسطے بھیجا
باقی اسکا قصہ کتابون مذکور ہو چکا **ق** مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ هٰذَا يَوْمُ عَاشُورَاءَ وَلَمْ يَكْتُبِ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ صِيَامَهُ وَأَنَا صَائِمٌ فَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ
يَصُومَ فَلْيَصُمْ وَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يُفْطِرَ فَلْيُفْطِرْ بخاری و مسلم مین معاویہ بن ابو سفیان رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا عاشورے کا دن ہی اور خدا نے اسکا
روزہ تم پر فرض نہین کیا اور مین روزہ دار ہون سو جو شخص تم مین روزہ رکھا چاہے سو رکھے اور جو شخص کہ تم مین سے نہ روزہ رکھا چاہے سو نہ رکھے **ف** عاشورا محرم کی دسوین تاریخ کا نام
ہی اوسکا روزہ فرض نہین سنت ہی حضرت نے اوسکے روزے رکھنے نہ رکھنے کا اختیار دیا تاکہ معلوم ہو کہ سنت موکدہ نہین **ق** أَبُو هُرَيْرَةَ هٰذِهِ صَدَقَاتُ قَوْمِي
يَعْنِي بَنِي تَمِيمٍ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہ صدقے میری قوم کے ہین یعنی بنی تمیم کے **ف** جب قوم بنی تمیم کی زکوۃ کا مال آئی تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی بنی تمیم کو حضرت نے اپنا قوم اسواسطے فرمایا کہ وہ مضر کی اولاد مین اور مضر حضرت کے اجداد مین ہی اور بعضی کہتے ہین کہ حضرت کے ننہال سے بنی تمیم کو قرابت ہی
خ ابْنُ عَبَّاسٍ هٰذِهِ وَهٰذِهِ سَوَاءٌ يَعْنِي الْخِنْصَرَ وَالْإِبْهَامَ بخاری مین عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ اور یہہ برابر ہی یعنی
چھنگلی اور انگوٹھا خون بہے مین برابر ہی **ف** آدمی کا پورا خون بہا ہزار دینار یا دس ہزار درم یا سو اونٹ اور انگلی کا خون بہا دسوان حصہ پوری دیت یعنی سو دینار یا ہزار درم
یا دس اونٹ خلاصہ یہہ کہ دیت سب انگلیون کی برابر ہی چھوٹی ہون یا بڑی **ق** ابْنُ عَبَّاسٍ هَلَّا أَخَذْتُمْ إِهَابَهَا فَدَبَغْتُمُوهُ فَانْتَفَعْتُمْ بِهِ يَعْنِي شَاةً
لِمَيْمُونَةَ مَيِّتَةً بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تم نے اوسکی کھال کیون نہ لی ہو اوسکو تم پاک صاف کرتے پھر اوسکو اپنے کام مین لاتے یعنی حضرت
میمونہ رض کی مردہ بکری **ف** حضرت میمونہ کی بکری مر گئی اوسکو لوگون نے باہر ڈال دیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی مردہ جانور کی کھال صاف کرنیکے بعد کام میں لانے کے لائق ہی موت سے کھال
حرام نہین ہوتی **خ** أَبُو هُرَيْرَةَ هَلَاكُ أُمَّتِي وَيُرْوَى هَلَكَةُ أُمَّتِي عَلَى يَدَيْ غِلْمَةٍ مِنْ قُرَيْشٍ بخاری مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ میری امت
کی ہلاکی قریش کے لونڈون کے ہاتھ سے ہوگی **ف** صحیح بخاری مین روایت ہی کہ مدینے مین حضرت کی مسجد کے اندر مروان کے روبرو ابو ہریرہ رض نے یہہ حدیث بیان کی مروان نے کہا خدا اون
لونڈون پر لعنت کرے کیا وہ لونڈے ہونگے ابو ہریرہ نے کہا اگر مین چاہون تو اونکے نام بھی لے دون کہ فلانا اور فلانا **ف** یعنی قریش کی قوم سے چند نوجوان خدا ناترس بے عقل حاکم ہونگے مسلمانون کی
بے عزتی اور خونریزی ناحق کرینگے جیسے یزید پلید اور اکثر مروان کی اولاد اور بعضے عباسی بادشاہ یہہ حدیث معجزہ ہی کہ جیسا حضرت نے فرمایا ویسا ہی ہوا چنانچہ اسکا مفصل حال
تاریخ مین مذکور ہی **ق** أَبُو هُرَيْرَةَ هُمْ أَشَدُّ أُمَّتِي عَلَى الدَّجَّالِ يَعْنِي بَنِي تَمِيمٍ بخاری و مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ میری امت مین وہ نہایت
سخت ہین دجال پر یعنی بنی تمیم یعنی جب دجال نکلیگا تو بنی تمیم کی قوم پر اوسکا قابو نہ چلیگا **ق** أَبُو ذَرٍّ هُمُ الْأَخْسَرُونَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ
فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي مَنْ هُمْ قَالَ هُمُ الْأَكْثَرُونَ أَمْوَالًا إِلَّا مَنْ قَالَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ وَعَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ
وَقَلِيلٌ مَا هُمْ مَا مِنْ صَاحِبِ إِبِلٍ وَلَا بَقَرٍ وَلَا غَنَمٍ لَا يُؤَدِّي زَكَاتَهَا إِلَّا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ أَعْظَمَ مَا كَانَتْ وَأَسْمَنَهُ تَنْطَحُهُ بِقُرُونِهَا
وَتَطَؤُهُ بِأَظْلَافِهَا كُلَّمَا نَفِدَتْ أُخْرَاهَا عَادَتْ عَلَيْهِ أُولَاهَا حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ بخاری اور مسلم مین ابو ذر رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ وے
نہایت زیانکار اور بڑی ٹوٹی والے ہین قسم ہے رب کعبہ کی تو مین نے کہا یا رسول اللہ آپ پر میرا باپ قربان ہو وے زیانکار کون ہین حضرت نے فرمایا وے بڑے مالدار مگر وہ زیانکار نہین جو لوے اسطرح اور
اسطرح اپنے آگے سے اور پیچھے اور اپنے داہنے اور بائین سے اور ایسے لوگ تو کم ہین جو اونٹ اور گائے اور بکری کا مالک اونکی زکوۃ نہ دیگا تو قیامت مین وے جانور دنیا سے بہت بڑے
اور نہایت موٹے ہو کر آوینگے اوسکو سینگون سے اور اوسکو روندینگے اپنی ٹاپون سے اور کھرون سے جب پچھلے جانور گذر چکینگے تو پہلے جانور پھر پلٹ آوینگے اسیطرح کو بچائو
کرینگے یہانتک کہ آدمیون مین فیصلہ ہو چکیگا **ف** ابو ذر رض سے روایت ہی کہ حضرت کعبے کے سایہ مین بیٹھے تھے تو جب مجھکو حضرت نے دیکھا تب یہہ حدیث فرمائی یعنی سخی
مالدار تو کم ہین اکثر بخیل ہوتے ہین زکوۃ دیوین نہ محتاجون کی خبر لیوین جب قیامت کے عذاب مین گرفتار ہونگے تب اونکی زیانکاری ثابت ہوگی **خ** أَبُو هُرَيْرَةَ هُمَا مِنْ طَعَامِ
الْجِنِّ وَإِنَّهُ أَتَانِي وَفْدُ جِنِّ نَصِيبِينَ وَنِعْمَ الْجِنُّ فَسَأَلُونِي الزَّادَ فَدَعَوْتُ اللّٰهَ لَهُمْ أَنْ لَا يَمُرُّوا بِعَظْمٍ وَلَا بِرَوْثَةٍ إِلَّا وَجَدُوا عَلَيْهَا طَعَامًا
ق لَهُ لَحِينَ قَالَ لَهُ لَا تَأْتِنِي بِعَظْمٍ وَلَا رَوْثَةٍ فَقَالَ مَا بَالُ الْعَظْمِ وَالرَّوْثَةِ بخاری مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ وے دونون یعنی
ہڈی اور لید جن کا کھانا ہی اور اسکا حال یون ہی کہ میرے پاس شہر نصیبین کے جنون کے ایلچی آئے اور وے خوب جن ہین سو لوگون نے مجھ سے کھانا مانگا تو مین نے اونکے واسطے خدا
سے دعا مانگی کہ وے جس ہڈی اور لید پر ہو کر نکلین اوسپر اپنی خوراک پاوین یہہ حضرت نے ابو ہریرہ رض سے فرمایا جب کہ حضرت نے اون سے فرمایا کہ میرے پاس ہڈی اور لید نہ لانا تو ابو
ہریرہ رض نے کہا کہ ہڈی اور لید لانے کا کیا سبب **ف** ابو ہریرہ سے روایت ہی کہ حضرت نے مجھ سے فرمایا کہ میرے واسطے ڈھیلے لا تاکہ مین طہارت کرون اور ہڈی اور لید مت
لا تب مین نے اسکا سبب پوچھا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی نصیبین ایک شہر کا نام ہی وہان کے جن مسلمان ہوئے تھے اسواسطے حضرت نے اونکی تعریف کی اور دعا کی حضرت
کی دعا سے ہڈی پر گوشت جم جاتا ہی اوسکو جن کھاتے ہین اور لید گھاس ہو جاتی ہی اوسکو اونکے جانور کھاتے ہین اسی سبب سے ہڈی اور لید سے استنجا منع ہوا **م** أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ
هُوَ رِزْقٌ أَخْرَجَهُ اللّٰهُ لَكُمْ فَهَلْ مَعَكُمْ مِنْ لَحْمِهِ شَيْءٌ فَتُطْعِمُونَا قَالَ أَبُو عُبَيْدَةَ فَأَرْسَلْنَا إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْهُ فَأَكَلَ

اور ہم پر بہوک غالب ہوئی تو سمندر نے ایک مردہ مچھلی باہر ڈال دی ویسی بڑی مچھلی ہمنے کبھی نہ دیکھی تھی اوسکی پسلی کی تلے سے گھوڑے کا سوار گذر جاتا تھا
اول اوسکی حلال ہونے میں تردد ہوا بعد اسکے اضطرار کی سبب سے اوسکو کھانا شروع کیا ہم تین سو آدمی تھے مہینہ بھر وہاں رہے اور کھایا کئے جب ہم مدینے میں
آئے تو حضرت سے یہہ قصہ نقل کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی امام اعظم کے مذہب میں اگر مچھلی بے سبب مرجاوے اور پانی پر اتراوے تو حلال نہیں اور اگر کسی
اور سبب سے مرجاوے تو حلال ہے ف حسن صغانی اس کتاب کی مصنف نے کہا کہ خدا اسکی اسیعدں کو اپنی قدرت سی بر لاوے اور اپنی حجت اور دلیل سی اوسکی قولوں کو سچا کری
کہ میں اپنی فرش پر لیٹا اتوار کی رات شہر ربیع الاول کی گیارویں تاریخ سن چھہ سو بائیس ہجری میں اور میں نے کہا کہ الہی مجھکو آج کی رات اپنی پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا
میں دکھلادے کہ اسکی دیدار کو میرا اشتیاق تو جانتا ہے تو رات کو ایک نیند کے بعد میں نے دیکھا کہ گویا میں اور حضرت ایک بالاخانے پر ہوں اور چند لوگ
تیر ساتھ کے ہم سے نیچی بالاخانے کی سیڑہی پاس موجود ہیں تو میں نے کہا یا رسول اللہ آپ کیا فرماتے ہیں مردہ مچھلی کی مقدمے میں جسکو سمندر نے باہر ڈالا ہو وہ حلال ہے تو حضرت
نے مسکراتے فرمایا کہ ہاں حلال ہے تو میں نے عرض کیا اور جو لوگ کہ سیڑہی کی نیچے ہیں اونکی طرف اشارہ کیا کہ میرا ان ساتھیوں سی فرمادیجے کہ یہ لوگ مجھکو سچا نہیں جانتے
تو حضرت نے فرمایا کہ تو نے مجھکو گالی دی اور ان لوگوں نے مجھکو عیب لگایا تو میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ یہ کیوں کر ہے تو حضرت نے کچھہ کلام کیا کہ اوسکی لفظیں مجھکو یاد نہیں رہیں
ولیکن اوسکا مطلب یہی تھا کہ تو نے میری حدیث ان لوگوں سے بیان کی جو اوسکو نہیں قبول کرتا یعنی نا اہلوں کی روبرو حضرت کی حدیث نقل کرنا گویا بے ادبی ہے گالی
دینے کی برابر ہے پہر حضرت اُن لوگوں کی طرف متوجہ ہوے اور انکو ملامت اور نصیحت کرنے لگے پہر میں نے اس رات کی فجر کو کہا کہ میں خدا کی پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ اس
کی بعد میں حضرت کی حدیث کو کسی سی بیان کروں مگر اونہیں لوگوں سے کہونگا کہ جو اپنی اختلافات میں حضرت ہی کو حکم اور فیصلہ کرنے والا جانتے ہیں پہر اپنی دلوں
میں حضرت کی حکم اور فیصلے سے کچھہ تنگی اور اداسی نہیں پاتی اور اپنا کاروبار سب حضرت ہی کو سونپتی ہیں دل سے مان کر ف مصنف کی خواب سے بھی معلوم ہوا کہ
ایسی مچھلی حلال ہے اور ثابت ہوا کہ حضرت کی حدیث نا اہلوں کے روبرو بیان کرنا ادبی ہی مشتاق دیدار کو چاہیے کہ نا اہل کی روبرو ضائع نہ کرے ق العباس بن
عبد المطلب هُوَ فِي ضَحْضَاحٍ مِنَ النَّارِ وَلَوْلَا أَنَا لَكَانَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ يعني أبا طالب بخاری اور مسلم میں عباس بن عبد المطلب سی
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وہ یعنی ابو طالب دوزخ کی پایاب یعنی چھچھلی آگ میں ہے اور اگر میں نہوتا تو دوزخ کی نیچے تہ میں ہوتا ف ابو طالب نے حضرت کو پرورش کیا اور
ہمیشہ حضرت کی حامی اور مددگار رہے اس واسطے دوزخ میں اون پر کمتر لکا عذاب ہوا ق أنس هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِيَّةٌ يعني لحما تُصُدِّقَ
بِهِ عَلَى بَرِيرَةَ بخاری اور مسلم میں انس رضی سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وہ گوشت اسکے حق میں صدقہ ہے اور ہماری واسطے تحفہ ہے یعنی وہ گوشت جو بریرہ کو صدقہ
ملا تھا ف بریرہ حضرت عائشہ رضی کی خادمہ تھیں انکو زکوۃ کا گوشت ملا تھا حضرت نے اسکو کھایا اور یہ فرمایا یعنی جب زکوۃ کا اول محتاج مالک ہو پہر اسنے ہدیہ دیا تو کسی کو
دیا تو درست ہے م حَمْزَةُ بْنُ عَمْرٍو الْأَسْلَمِيُّ هِيَ رُخْصَةٌ مِنَ اللهِ فَمَنْ أَخَذَ بِهَا فَحَسَنٌ وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يَصُومَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ ق له
أنه حين قال يا رسول الله أجد بي قوة على الصيام في السفر فهل علي جناح مسلم میں حمزہ بن عمرو رضی سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سفر
میں افطار کرنا رخصت ہے خدا کی طرف سے سو جس نے رخصت کو لیا سو اچھا ہے اور جو کہ روزہ رکھا چاہے تو اس پر کچھہ گناہ نہیں یہ حضرت نے حمزہ سے کہا جب اونہ
کہا تھا کہ یا رسول اللہ میں اپنی اندر سفر میں روزہ رکھنے کی قوت پاتا ہوں سو کیا مجھہ پر گناہ ہے روزہ رکھنے میں ف یعنی تخفیف اور آسانی کی واسطے خدا نے روزہ کھانے کی
سفر میں اجازت دی ہے یہ حکم فرض نہیں سفر میں روزہ رکھنے نہ رکھنے میں آدمی کو اختیار ہے م ابو موسی هِيَ مَا بَيْنَ أَنْ يَجْلِسَ الْإِمَامُ إِلَى أَنْ تُقْضَى
الصَّلَاةُ يعني سَاعَةَ الْجُمُعَةِ مسلم میں ابو موسی رضی سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جمعہ کی مقبول ساعت امام کی بیٹھنے سی نماز کی ادا ہونے تک
ہے ف بہت احادیث میں ثابت ہے کہ جمعہ میں ایک ایسی ساعت ہے کہ مسلمان جو دعا کرے سو قبول ہوتی ہے لیکن اسمیں اختلاف ہے کہ وہ ساعت کون
سی ہے سو دو قول اون میں نہایت صحیح ہیں ایک تو یہ کہ وہ ساعت اوس وقت سی ہے کہ امام منبر پر بیٹھے یہاں تک کہ نماز ہو چکے اس قول کی سند یہی حدیث ہے دوسرا قول
یہ کہ وہ ساعت جمعہ کی اخیر ساعت ہے جب آفتاب ڈوبنے لگے چنانچہ عبد اللہ بن سلام سے اس مضمون کی حدیث منقول ہے اکثر علما کی نزدیک دوسرا قول نہایت قوی ہے
چنانچہ اسکی تفصیل صراط المستقیم سفر السعادت کی شرح میں موجود ہے جسکو تحقیق کا شوق ہو اوسکو دیکھے خ أبو هريرة يَمِينُ اللهِ مَلْأَى لَا تَغِيضُهَا
نَفَقَةٌ سَحَّاءُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضَ فَإِنَّهُ لَمْ يَغِضْ مَا فِي يَمِينِهِ وَعَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ
وَبِيَدِهِ الْأُخْرَى الْقَبْضُ أَوِ الْفَيْضُ يَرْفَعُ وَيَخْفِضُ بخاری میں ابو ہریرہ رضی سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کی قدرت کا داہنا ہاتھ
بہرا ہے خرچ کرنا اسکو کم نہیں کرتا ہمیشہ رات دن لٹانے والا ہے یعنی ہمیشہ فیض کا دریا جاری ہے بہلا دیکھو تو کہ جو خدا نے خرچ کیا جبسے کہ آسمانوں اور
زمین کو بنایا کہ اتنی خرچ نے تو اسکے داہنے ہاتھ میں سے کچھہ نہیں کم کیا اور حالانکہ یہ فیض اس وقت سے ہے کہ عرش جب پانی پر تھا یعنی ازل سی اور خدا کی دوسرے
ہاتھ میں ہے کہ چاہے روزی فراخ کرے یا تنگ کرے کسیکو اٹھاتا ہے اور کسیکو جھکاتا ہے ف یعنی کشایش اور تنگی دونوں خدا کی صفتیں ہیں م أبو هريرة

عوض اوسکو میں بہشت دونگا **ف** دونوں آنکھیں آدمی کو بہت پیاری ہیں انکا جاتا رہنا بینائی کا کم ہونا اس پر نہایت شاق ہی جب اوسنے اس سخت مصیبت پر صبر کیا اپنی مالک کا شکوہ نکیا تو اس واسطے اسکا بدلہ بہشت کو مقرر کیا **خ** اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا اَحَبَّ الْعَبْدُ لِقَائِىْ اَحْبَبْتُ لِقَائَهُ وَاِذَا كَرِهَ لِقَائِىْ كَرِهْتُ لِقَائَهُ بخاری میں ابوہریرہ رض سی روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ جب بندہ میرا ملنا دوست رکھتا ہی تو میں بھی اسکا ملنا دوست رکھتا ہوں اور جب اسکو میرا ملنا برا لگتا تو مجھکو بھی اوسکا ملنا برا لگتا ہی **ف** یعنی ایمان دار کو مرتے وقت مغفرت کی بشارت ہوتی ہی تو وہ موت کا اور خدا کی حضوری کا مشتاق ہوتا ہی اور کافر کو مرتے وقت عذاب نظر آتا ہی تو وہ موت سے اور خدا کی حضوری سے گھبراتا ہی **خ** اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا تَلَقَّانِىْ عَبْدِىْ بِشِبْرٍ تَلَقَّيْتُهُ بِذِرَاعٍ وَاِذَا تَلَقَّانِىْ بِذِرَاعٍ تَلَقَّيْتُهُ بِبَاعٍ وَاِذَا تَلَقَّانِىْ بِبَاعٍ جِئْتُهُ بِاَسْرَعَ بخاری میں ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ جب میرا بندہ میری طرف بالشت بھر بڑھتا ہی تو میں اسکے آگے ہاتھ بھر بڑھتا ہوں اور جب وہ میری طرف ہاتھ بھر بڑھتا ہی تو میں اسکے آگے دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ برابر بڑھتا ہوں اور جب وہ میری طرف دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ برابر بڑھتا ہی تو میں اسکے پاس اس سے بھی زیادہ جلدی بڑھتا ہوں **ف** یعنی جتنا بندہ خدا کی طرف متوجہ ہوتا ہی تو اوس کا دونا چوگنا خدا بندے پر متوجہ ہوتا ہی اسکا مددگار ہوکر دین کی مشکل کام اس پر آسان کردیتا ہی اس حدیث میں نیک کام اور اسکی ترغیب ہی جس سے خدا کی نزدیکی حاصل ہوتی ہی **م** اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا هَمَّ عَبْدِىْ بِسَيِّئَةٍ فَلَا تَكْتُبُوْهَا عَلَيْهِ فَاِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوْهَا سَيِّئَةً وَاِذَا هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا فَاكْتُبُوْهَا حَسَنَةً فَاِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوْهَا عَشْرًا مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرشتوں سے فرماتا ہی کہ جب یہ بندہ بدی کا قصد کرے تو اسکو اسپر مت لکھو اور اگر اوسنے اوس کام کو کیا تو ایک بدی لکھو اور جب اوسنے نیکی کا قصد کیا اور اس پر عمل نکیا تو ایک نیکی لکھو اور اگر اوسنے نیک کام کیا تو دس نیکیاں لکھو **ف** سبحان اللہ کیا اوسکی رحمت اپنے بندوں پر بے حساب ہے کہ بد کام کی قصد کو نہ لکھا وی اور نیک کام کی قصد کو بد ون کئے لکھا اور بدی کو ایک ہی رکھے اور نیکی کو دس گنا کر ڈالے لیکن اسکو دریافت کیا چاہیے کہ بدی کا قصد البتہ نہیں لکھا جاتا لیکن اگر بدی کی قصد پر عزم مصمم ہوگیا یعنی اسکا ارادہ پکا ہوکر خوب سا دل میں ٹھن گیا ہو تو اسکی دو صورتیں ہیں ایک تو یہ کہ بعد عزم مصمم ہونے کے اوس بد کام کو خوف الٰہی سے عمل میں نہ لایا اور اوس پر شرمندہ ہوا تو ایک نیکی لکھی جاوی گی اسواسطے کہ اوسنے خدا کے واسطے اپنی خواہش نفسانی کو ملایا دوسری صورت یہ کہ بدی کا عزم مصمم ہوا خوف الٰہی کے سوا کسی اور سبب سے نہ کرنے پایا تو بے شک ایک گناہ لکھا جاویگا جیسے کسی نے ساتھ اپنی دل میں یہ عزم مصمم کیا کہ میں کل فلانے کو قتل کردونگا یا فلانی عورت سے حرام کرونگا اور اسی رات کو وہ مرگیا یا وہ عورت مرگئی تو اس پر قصد قتل اور حرام کا گناہ ثابت ہوا چنانچہ یہ مطلب اور حدیثوں میں صاف مذکور ہی **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ اَعْدَدْتُ لِعِبَادِىَ الصَّالِحِيْنَ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رض سی روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ میں نے تیار کر رکھا اپنی نیک بندوں کے لئے جو کسی آنکھ نے نہ دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی آدمی کے دل میں خیال گذرا **ف** یعنے بہشت میں نیکوں کے واسطے ایسے عمدہ نعمتیں ہیں کہ اعلیٰ کا مانند دنیا میں کوئی چیز نہیں جسکو مثال دیجے + نسبت خاک را بعالم پاک + **م** اَبُوْهُرَيْرَةَ اَنَا اَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ مَنْ عَمِلَ عَمَلًا اَشْرَكَ فِيْهِ مَعِىْ غَيْرِىْ تَرَكْتُهُ وَشِرْكَهُ مسلم میں ابوہریرہ رض سی روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ میں نسبت اور شریکوں کی شرکت سے نہایت بے پرواہ ہوں ساجھے سے جسنے کوئی ایسا عمل کیا جس میں میرے ساتھ میرے غیر کو شامل کیا بعد ساجھے کا تو میں اسکو اور اوسکی ساجھے کے کام کو چھوڑ دیتا ہوں **ف** یعنے جو عبادت اور عمل دکھاوے اور شہرت کے واسطے ہو وہ خدا کے نزدیک مقبول نہیں معبود حق خدا اوسی عبادت اور عمل کو مقبول کرتا ہی جو خدا ہی کے واسطے خالص ہو دوسرے کا اوس میں کچھ بھی لگاؤ نہو **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِىْ بِىْ وَاَنَا مَعَ عَبْدِىْ اِذَا ذَكَرَنِىْ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رض سی روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا فرماتا ہی کہ میں اپنے بندے کے گمان اور اٹکل کے پاس ہوں جیسا گمان کہ میرے ساتھ رکھی اور میں اپنے بندے کی ساتھ ہوتا ہوں جس دم کہ مجھکو یاد کرتا ہی **ف** پوری روایت یوں ہی اگر بندہ مجھکو اپنی جی میں یاد کرتا ہی تو میں بھی اوسکی اپنے جی میں یاد کرتا ہوں اور اگر مجھکو مجمع میں یاد کرتا ہی تو میں اسکو اوس مجمع میں یاد کرتا ہوں جو اسکی مجمع سے بہتر ہے یعنے اسکا ذکر فرشتوں اور ارواح انبیا میں کرتا ہوں اس حدیث میں ذکر کی فضیلت ہی اور نیک عمل کی ترغیب ہی جس سے حسن ظن خدا سے حاصل ہو اور یہ نہیں کہ گناہ پر توڑ جاوے اور یوں کہے کہ خدا مجھکو ضرور بخشیگا اسواسطے کہ اسکا نام رجا اور حسن ظن نہیں بلکہ یہ باطل آرزو اور شیطانی وسواس ہی جیسے کوئی بدون جوتے بوئی کھیتی کی آرزو رکھے تو سودائی اور دیوانہ کہا جاویگا **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ اِنَّ الصَّوْمَ لِىْ وَاَنَا اَجْزِىْ بِهِ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رض سی روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ روزہ میرے ہی واسطے ہی اور میں اسکا بدلہ دونگا یعنے اوسکا فرشتوں سے بدلہ نہ دلاؤنگا خود دونگا **ف** روزے کو خدا نے اپنی طرف اسواسطے نسبت کیا کہ اور عبادت میں جیسی نماز حج میں ریا اور دکھاوے کو دخل ہی لیکن روزہ میں دخل نہیں کیونکہ اگر روزہ دار ظاہر نکرے تو اسکو کوئی نہیں جان سکتا اور دوسرا سبب یہ کہ سب عبادت میں فرشتے آدمی کے شریک ہیں مگر روزے میں شریک نہیں یا اسواسطے کہ اسکو بھوکھ پیاس نہیں جسکو روکیں **م** اَنَسٌ اِنَّ اُمَّتَكَ لَا يَزَالُوْنَ يَقُوْلُوْنَ مَا كَذَا مَا كَذَا حَتّٰى يَقُوْلُوْا هٰذَا اللّٰهُ خَلَقَ الْخَلْقَ فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ مسلم میں انس رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ تیری امت کے لوگ ہمیشہ کہتے رہینگے ایسا کیا ہی ایسا کیا ہی یہاں تک کہ کہینگے یہ تو خدا ہی جسنے خلق کو پیدا کیا سو خدا

عظمت اور جلال کی سبب سے آج انکو سایہ میں رکھونگا اپنی سایہ میں جسدن کوئی سایہ نہیں میرے سایہ کے سوا **ف** یعنے جو آپس میں اللہ محبت رکھتے ہیں اور انکی محبت صرف خدا کے واسطے ہی ریا اور طمع دنیا اور خواہش نفسانی سے انکی محبت پاک ہے وے قیامت کو ایسا درجہ پاویں گے کہ خدا کی حمایت اور عرش کے سایہ میں ہونگے **خ** اَبُوْ هُرَيْرَةَ ثَلٰثَةٌ اَنَا خَصْمُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَجُلٌ اَعْطٰى بِيْ ثُمَّ غَدَرَ وَرَجُلٌ بَاعَ حُرًّا فَاَكَلَ ثَمَنَهُ وَرَجُلٌ اسْتَاْجَرَ اَجِيْرًا فَاسْتَوْفٰى مِنْهُ وَلَمْ يُعْطِ اَجْرَهُ بخاری میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ تین شخص کا میں ہی دشمن ہوجاؤنگا قیامت کے دن ایک تو وہ مرد جسنے میرا درمیان دیا یعنے دغا کی اور دوسرا مرد وہ جسنے آزاد آدمی کو بیچا سو اوسکی قیمت کھائی اور تیسرا مرد وہ جسنے کسی مزدور کو مزدوری لگایا پھر اوس سے پورا کام کروالیا اور اوسکی مزدوری نہ دی **ف** خدا کو درمیان دیا یعنے کسی سے قول قسم کی خدا کو درمیان دیکر یا کسی سے قرض لیا خدا کو ضامن دیکر **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ قَسَمْتُ الصَّلٰوةَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ عَبْدِيْ نِصْفَيْنِ وَلِعَبْدِيْ مَا سَاَلَ مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ میں نے نماز کو بانٹا اپنے اور اپنے بندے کے درمیان آدھوں آدھ اور میرے بندے کے لئے ہے جو مانگے **ف** یعنی حدیث یوں ہے کہ جب بندہ الحمد للہ رب العالمین کہتا ہے خدا فرماتا ہے میرے بندے نے میری تعریف کی اور جب الرحمن الرحیم کہتا ہے خدا فرماتا ہے کہ میرے بندے نے میری ثنا اور صفت کی اور جب مالک یوم الدین کہتا ہے خدا فرماتا ہے میرے بندے نے میری بڑائی بیان کی اور جب ایاک نعبد وایاک نستعین کہتا ہے تو خدا فرماتا ہے کہ یہ آیت میری اور میرے بندے کے درمیان ہے یعنے عبادت خدا کو اور مدد کا فائدہ بندے کو اور جب اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہتا ہے خدا فرماتا ہے یہ میرے بندے کی واسطے ہی ہے ۔ فاتحہ میں حاصل ہے ایک حمد و ثنا ہے دوسری دعا تو حمد و ثنا خدا کے واسطے اور دعا بندے کے واسطے ہی سو اسواسطے فرمایا کہ نماز یعنے سورۂ فاتحہ میرا اور میرے بندے کی درمیان آدھوں آدھ ہی **خ** اَبُوْ هُرَيْرَةَ كَذَّبَنِي ابْنُ اٰدَمَ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذٰلِكَ وَشَتَمَنِيْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذٰلِكَ فَاَمَّا تَكْذِيْبُهُ اِيَّايَ فَقَوْلُهُ لَنْ يُعِيْدَنِيْ كَمَا بَدَاَنِيْ وَلَيْسَ اَوَّلُ الْخَلْقِ بِاَهْوَنَ عَلَيَّ مِنْ اِعَادَتِهِ وَاَمَّا شَتْمُهُ اِيَّايَ فَقَوْلُهُ اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا وَاَنَا الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا اَحَدٌ بخاری میں ابو ہریرہ رضہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ آدم کے بیٹے نے مجھکو جھٹلایا اور اسکو یہ لائق نہ تھا اور مجھکو گالی دی اور اسکو یہ لائق نہ تھا سو میرا جھٹلانا تو اسکی اس قول میں ہے کہ کہتا ہی کہ خدا مجھکو کبھی دوسری بار نہ بناویگا جیسی مجھ سے پہلی بار مجھکو بنایا حالانکہ اول بار کا بنانا مجھہ پر بہت آسان نہیں دوسری بار کے بنانے سے یعنے دونوں بار کا بنانا مجھکو برابر ہے اور یہہ نہیں کہ اول بار کا بنانا تو آسان ہو اور دوسری بار کا مشکل اور مجھکو گالی دینا تو اس قول میں ہی کہ بندہ کہتا ہی کہ خدا نے بیٹا لیا اور حالانکہ میں تو ویسا اکیلا پاک ہوں جو نہ کسی کو جنا نہ کسی سے جنا اور نہ اسکی جوڑ کا کوئی **ف** خدا نے قرآن میں خبر دی کہ قیامت ہوگی مردے دوبارہ پیدا ہونگے اور عرب کی کافر اسکی انکار کرتی تھی تو اس واسطے اسکو تکذیب کہا اور گالی سے مراد عیسائی ہی نصاری کہتے ہیں عیسیٰ خدا کا بیٹا ہی اور یہود عزیر کو بیٹا کہتے ہیں اور عرب کے کافر فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے تھے **م** عِيَاضُ بْنُ حِمَارٍ كُلُّ مَالٍ نَحَلْتُهُ عَبْدًا حَلَالٌ وَاِنِّيْ خَلَقْتُ عِبَادِيْ حُنَفَاءَ كُلَّهُمْ وَاِنَّهُمْ اَتَتْهُمُ الشَّيَاطِيْنُ فَاجْتَالَتْهُمْ عَنْ دِيْنِهِمْ وَحَرَّمَتْ عَلَيْهِمْ مَا اَحْلَلْتُ لَهُمْ وَاَمَرَتْهُمْ اَنْ يُشْرِكُوْا بِيْ مَا لَمْ اُنْزِلْ بِهِ سُلْطَانًا مسلم میں عیاض بن حمار سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ جو مال کہ میں نے بندے کو دیا سو حلال ہے اور میں نے اپنے سب بندوں کو حقانی پیدا کیا جو باطل دین پر جھکے ہوا البتہ اون کے پاس شیطان آئے سو اونکو اُن کی پیدائشی دین سے پھیر ڈالا اور اُن پر حرام کیا جو میں نے ان پر حلال کردیا تھا اور شیطانوں نے اونکو بتلایا کہ میرے ساتھہ ایسی چیز کو شریک ٹہراویں جس پر میں نے کوئی دلیل نہیں اتاری **ف** یعنے اگر شیطان اور کفار کسیکو نہ بھکاتے تو ہر آدمی اپنی پیدائشی دین پر رہتا یعنے شرک کرتا اور حلال چیز کو بدون حکم الٰہی کے حرام نہ جانتا کفار عرب کا معمول تھا کہ بتوں کی نام پر سانڈ چھوڑتے اور اوسکا کھانا حرام جانتے سو فرمایا کہ یہ شیطانی بات ہی کہ حلال کو حرام کہتے ہیں اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نذر نیاز کے کھانے کو جسکو عورتیں اچھوتا کہتے ہیں بعضی فاتحہ ہوے کہانا یا حضرت فاطمہ کے کہانے کو مردوں کو نہ دینا ہرگز درست نہیں یہ بھی شیطانی بات ہے کہ شرع میں اس کا کچھ حکم نہیں **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ لَا يَنْبَغِيْ لِعَبْدٍ لِيْ وَيُرْوٰى لِعَبْدِيْ اَنْ يَقُوْلَ اَنَا خَيْرٌ مِنْ يُوْنُسَ بْنِ مَتّٰى مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ میرے بندے کو لائق نہیں یوں کہنا کہ میں یونس بن متی سے بہتر ہوں **ف** حضرت یونس بدون حکم خدا اپنی قوم سے نکل گئے تھے سو اگر کوئی اُن کو بے صبر جان کر اپنے تیں بہتر کہے تو ہرگز درست نہیں اس واسطے کہ پیغمبروں سے کوئی بہتر نہیں ہوسکتا **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَا اَنْعَمْتُ عَلٰى عِبَادِيْ مِنْ نِعْمَةٍ اِلَّا اَصْبَحَ فَرِيْقٌ مِنْهُمْ بِهَا كَافِرِيْنَ يَقُوْلُوْنَ الْكَوْكَبُ وَبِالْكَوْكَبِ مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی میں اپنے بندوں پر کوئی ایسی نعمت نہیں دیتا جسکی بعضے بندے منکر نہوتے ہیں کہتے ہیں فلانے ستارے نے پانی برسایا اور فلانے تارے کے سبب سے پانی برسا **ف** یعنے یہہ تو خدا برساتا ہی اور نادان لوگ اوسکو تارے اور نکہت کی تاثیر سے جانکر خدا کا شکر نہیں کرتے **خ** اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَا زَالَ عَبْدِيْ يَتَقَرَّبُ اِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰى اَحْبَبْتُهُ فَكُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِيْ يَسْمَعُ بِهِ وَبَصَرَهُ الَّذِيْ يُبْصِرُ بِهِ وَيَدَهُ الَّتِيْ

بندہ رکھتا ہی اور عبادت دو قسم ہی فرض اور نفل مگر فرض عبادت تو ہر وقت میسر نہیں ہوتی کہ اوسکی وقت مقرر ہیں تو مشتاق بندہ ہی اون وقتوں میں جو فرض سے خالی ہیں بلا شغل اور خالی نہیں رہا جاتا اسی واسطے ان خالی وقتوں کو نفل عبادت سے معمور رکھتا ہی جب چندمدت کمال شوق اور خلوص سے اسی طرح نوافل پر مستعد رہا تو بموجب وعدے کے مقبول درگاہ صمدی اور محبوب الٰہی ہوکر اسکا یہ حال ہو جاتا ہی کہ ✤ شعر ✤ ہمہ گو شیم تا چہ فرمائی ✤ ہمہ چشمیم تا نظر آئی ✤ اس حدیث سے صاف ثابت ہوا کہ ایسا عمدہ کمال بدون کثرت نوافل کے نہیں میسر ہوتا ہے تو معلوم ہوا کہ یہ جو بعضے جاہل بعض خلاف شرع بے نمازی فقیروں کو ایسا کمال ثابت کرتے ہیں سو اونکا غلط گمان ہے اسی واسطے کہ نفل کا کیا ذکر ہی وے لوگ تو فرض کو بھی چٹ کر ڈالتے ہیں خ اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَا لِعَبْدِي الْمُؤْمِنِ عِنْدِي جَزَاءٌ إِذَا قَبَضْتُ صَفِيَّهُ مِنْ أَهْلِ الدُّنْيَا ثُمَّ احْتَسَبَهُ إِلَّا الْجَنَّةَ بخاری میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ بہشت کے سوا ایماندار بندے کا کوئی بدلہ نہیں جب میں نے اوسکا اہل دنیا کا پیارا لے لیا پھر اسنے ثواب کے واسطے صبر کیا ف یعنے جب کسی کا دوست جیسے ماں باپ یا جورو یا بیٹا یا بھائی یا استاد مرگیا اور اوسنے صبر کیا تو اوسکا بدلا خدا نے بہشت مقرر کیا خ أَنَسٌ وَأَبُو هُرَيْرَةَ مَنْ أَهَانَ لِي وَلِيًّا وَمَنْ عَادَى لِي وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَنِي بِالْمُحَارَبَةِ وَمَا تَرَدَّدْتُ فِي شَيْءٍ أَنَا فَاعِلُهُ مَا تَرَدَّدْتُ فِي قَبْضِ نَفْسِ عَبْدِيَ الْمُؤْمِنِ يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَأَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ وَلَا بُدَّ لَهُ مِنْهُ وَمَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ عَبْدِيَ الْمُؤْمِنُ بِمِثْلِ الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا وَلَا تَعَبَّدَ بِمِثْلِ أَدَاءِ مَا افْتَرَضْتُهُ عَلَيْهِ بخاری میں انس اور ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ جو میرے دوست کی حقارت اور ذلت کرے اور دوسری روایت یوں ہے کہ جو میرے ولی سے عداوت کرے تو اوسنے البتہ میرے ساتھ لڑائی پر کمر باندھی اور کسی چیز میں جسکو میں کیا کرنے والا ہوں مجھکو تردد نہیں ہوتا جیسے اپنے بندے ایماندار کی روح قبض کرنے میں تردد ہوتا ہے وہ تو موت کو مکروہ جانتا ہے اور میں اسکے ملول ہونے کو مکروہ جانتا ہوں اور حالانکہ اسکو موت سے کوئی چارہ نہیں ہے اسکو مرنا ضرور ہے اور میرے بندے ایماندار نے میری نزدیکی نہیں چاہی ترک دنیا کی برابر اور نہ میری بندگی کی فرض ادا کرنے کے برابر ف ولی سے مراد متقی مومن ہی جیسا قرآن میں خدا نے فرمایا ہی کہ اولیاء اللہ پر کچھ خوف اور غم نہیں اولیاء اللہ وہ ہیں جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے رہے اور یہہ جو فرمایا جیسا مجھکو ایماندار کی موت میں تردد ہوتا ہے کسی چیز میں ایسا تردد نہیں ہوتا پھر خیر خدا تردد سے پاک ہے لیکن اس میں مزید رحمت کا بیان ہے یعنے ایمان کی برکت سے اور جوش رحمت سے مومن کی تردد کو خدا نے اپنی طرف نسبت کیا جیسی چوتھی حدیث میں بیماری اور بھوکھ اور پیاس کو اپنی ذات پاک کی نسبت فرمایا پھر فرمایا کہ قرب الٰہی کا کوئی طریقہ ترک دنیا سے بہتر نہیں اور کوئی عبادت ادائے فرض سے افضل نہیں یعنے جو اولیاء اللہ کی ایسی عزت سنکر اون کی برابر ہونے کا مشتاق ہو اوسکو لازم ہے کہ اول دنیا سے بے تعلق ہو جاوے پھر عبادت پر کمر باندھے اور نفل کی نسبت فرض عبادت پر زیادہ تر کوشش کرے اور یہہ نہیں کہ فرض نماز میں تو مرغی کی طرح زمین پر جلدی جلدی چونچیں مارے اور پیر کے وظیفے بتلائے کو دودو پہر پڑھے م جُنْدُبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَنْ ذَا الَّذِي يَتَأَلَّى عَلَيَّ أَنْ لَا أَغْفِرَ لِفُلَانٍ إِنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُ وَأَحْبَطْتُ عَمَلَكَ مسلم میں جندب بن عبداللہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے وہ کون ہی جو مجھ پر قسم کھاتا ہے کہ میں فلانے کو نہ بخشونگا مقرر اسکو تو میں نے بخشا اور تیرا عمل اکارت کیا ف جسنے یوں کہا کہ قسم خدا کی کہ فلانے شخص کو خدا ہرگز نہ بخشیگا اوسنے گویا خدا پر حکومت کی اسی واسطے اسکی نیک عمل کو خدا نے برباد کر ڈالا ہی اور جس برے سے قسم کھائی اوسکو اپنی رحمت سے بخش دیا ہے سعادت اور شقاوت اور خاتمہ کی حال سوائے خدا کے کسیکا کسیکو نہیں معلوم کیا جانے بخت کا زور کیسا ہے گنہگار مسلمان ہو بالیقین اسکو دوزخی جاننا یا کہنا درست نہیں اسواسطے کہ شاید اوسکا خاتمہ بخیر ہو اور مرنے کے قریب توبہ کرے م أَبُو هُرَيْرَةَ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذَهَبَ يَخْلُقُ خَلْقًا كَخَلْقِي فَلْيَخْلُقُوا ذَرَّةً أَوْ لِيَخْلُقُوا حَبَّةً أَوْ لِيَخْلُقُوا شَعِيرَةً مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ اس سے بڑا کون ظالم ہی جو گیا کہ بنانے تصویر کو میری طرح تو چاہئے کہ ایک ذرہ بنا دیں یا ایک دانا پیدا کریں یا ایک جو بنا دیں ف یعنی جاندار کی صورت بنانے والے پیدا کرنے میں خدا کی ساتھ مشابہت کرتے ہیں حالانکہ ایسے عاجز ہیں کہ جاندار تو ایک طرف ہے ذرہ یا جو ایسا حقیر چیز کو بھی نہیں بنا سکتے م أَبُو هُرَيْرَةَ يَا ابْنَ آدَمَ أَنْفِقْ أُنْفِقْ عَلَيْكَ مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہی کہ اے آدم کے بیٹے مال کو خرچ کیا کر تو میں بھی تجھکو دیا کرونگا ف اس حدیث میں سخی کو خدا نے کثرت مال کا وعدہ کیا ہی سبب اسکا سخی کو محتاج نہیں دیکھا لیکن اسکو دریافت کیا چاہئے کہ سخاوت خدا کو پسند ہے اور اسراف نا پسند یہی سخاوت یہ کہ شرع کے موافق نیک کاموں میں خرچ کرنا اور اسراف یہ کہ خلاف شرع بے جا کاموں میں مال کو اڑانا جیسے ناچ رنگ تماشہ نمود کے مقاموں میں م أَبُو هُرَيْرَةَ يَا ابْنَ آدَمَ مَرِضْتُ فَلَمْ تَعُدْنِي قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ أَعُودُكَ وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ قَالَ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ عَبْدِي فُلَانًا مَرِضَ فَلَمْ تَعُدْهُ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّكَ لَوْ عُدْتَهُ لَوَجَدْتَنِي عِنْدَهُ يَا ابْنَ آدَمَ اسْتَطْعَمْتُكَ فَلَمْ تُطْعِمْنِي قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ أُطْعِمُكَ وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ قَالَ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّهُ اسْتَطْعَمَكَ عَبْدِي فُلَانٌ فَلَمْ تُطْعِمْهُ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّكَ لَوْ أَطْعَمْتَهُ لَوَجَدْتَ ذَلِكَ عِنْدِي يَا ابْنَ آدَمَ اسْتَسْقَيْتُكَ فَلَمْ تَسْقِنِي قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ أَسْقِيكَ وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ قَالَ اسْتَسْقَاكَ

اور جان کی ترغیب ہی ہر ابوذر یا عبادی کلکم ضال الا من هديته فاستهدوني اهدكم يا عبادي كلكم جائع الا من
اطعمته فاستطعموني اطعمكم يا عبادي كلكم عار الا من كسوته فاستكسوني اكسكم يا عبادي انكم تخطئون بالليل
والنهار وانا اغفر الذنوب جميعا فاستغفروني اغفر لكم يا عبادي انكم لن تبلغوا ضري فتضروني ولن تبلغوا
نفعي فتنفعوني يا عبادي لو ان اولكم واخركم وانسكم وجنكم كانوا على اتقى قلب رجل واحد منكم ما زاد ذلك في
ملكي شيئا يا عبادي لو ان اولكم واخركم وانسكم وجنكم كانوا على افجر قلب رجل واحد منكم ما نقص ذلك من
ملكي شيئا يا عبادي لو ان اولكم واخركم وانسكم وجنكم قاموا في صعيد واحد فسالوني فاعطيت كل انسان مسالته
ما نقص ذلك مما عندي الا كما ينقص المخيط اذا ادخل البحر يا عبادي انما هي اعمالكم احصيها لكم ثم اوفيكم
اياها فمن وجد خيرا فليحمد الله ومن وجد غير ذلك فلا يلومن الا نفسه مسلم میں ابوذر رض سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے ای میرے بندو تم سب بے راہ ہو مگر جسکو میں راہ بتلاؤں تو مجھ سے ہدایت مانگو کہ تمکو نیک راہ لگاؤں ای میرے بندو تم سب بھوکے ہو مگر جسکو میں نے کھلایا تو مجھ سے کھانا
مانگو کہ تمکو کھلاؤں ای میرے بندو تم سب ننگے ہو مگر جسکو میں نے پہنایا تو مجھ سے لباس مانگو کہ تمکو پہناؤں ای میرے بندو تم گناہ کیا کرتے ہو دن رات اور میں سب گناہوں کا بخشنے
والا ہوں تو مجھ سے مغفرت مانگو کہ تم کو بخشوں ای میرے بندو تم کبھی مجھکو ضرر نہیں پہنچا سکتے کہ میرا کچھ ضرر کرو اور کبھی مجھکو فائدہ نہیں پہنچا سکتے کہ مجھکو فائدہ پہنچاؤ ای میرے بندو
اگر تمہارے اگلے اور پچھلے اور تمہارے آدمی اور جن تم میں سے ایک کی بڑے متقی پرہیزگار دل کے برابر ہو جاویں تو یہ انکا تقوی اور پرہیزگاری میری سلطنت میں کچھ نہ بڑھاوے ای میرے بندو اگر
تمہارے اگلے اور پچھلے اور تمہارے آدمی اور جن تم میں سے ایک کی نہایت بڑے گنہگار دل کے برابر ہو جاویں تو یہ انکا فسق اور گنہگاری میری بادشاہی سے کچھ نہ گھٹا دے ای میرے بندو اگر تمہارے
اگلے اور پچھلے اور تمہارے آدمی اور جن ایک میدان میں کھڑے ہوں اور مجھ سے اپنی اپنی سوال کریں اور میں ہر ہر آدمی کو اوسکی مانگی چیز کو دوں تو ایسا دینا اس سے کچھ نہ گھٹاوے جو میرے پاس ہے
مگر جیسے سوئی گھٹاتی ہے جب اسکو سمندر میں ڈالیں یعنے ایسی عطا سے بھی میری قدرت کے خزانے میں کمی نہیں پڑتی ای میرے بندو یہ تمہارے ہی عمل ہیں جنکو تمہارے لئے شمار کرتا رہتا
پھر تمکو ان عمل کا پورا بدلا دونگا سو جو شخص بہتر بدلا پاوے تو چاہئے کہ خدا کا شکر کرے کہ اوسکی کمائی کو ضائع نہ کیا اور جو اسکے سوا برا بدلا پاوے تو وہ اپنی جان کی سوا کسیکو ملامت نہ کرے
جیسا کیا ویسا پایا **ف** اس حدیث میں تمام بندوں کی محتاجی اور عاجزی اور خدا کی شوکت اور شان ہے اور بے پروائی اور کرمی اور عدالت کا بیان ہے یعنے بندو میری التجا کے بغیر تمہارا کوئی کام
نہیں چل سکتا دنیا میں راہ پانی اور طعام اور لباس تمکو مل سکتا ہے آخرت میں گناہوں کی مغفرت بدون میرے ہو سکتی ہے تو تمکو چاہئے کہ گڑگڑا کر مانگا کرو ... اور میری بے پروائی کا یہ
حال ہے کہ اگر تم سب کے سب پیغمبر کے برابر متقی ہو جاؤ تو اس سے میری سلطنت کی کچھ رونق موقوف نہیں اور اگر تمام جہان ابوجہل اور فرعون کے برابر ہو جاوے تو میرا کچھ نقصان نہیں پھر اپنی
عطا کے حساب کی شان ہے کہ اگر تمام جہان کی طرح طرح کی سوال پوری کیجئے تو بھی یہاں کچھ کمی کا حرف نہیں پھر اپنی عدالت بیان فرمائی کہ آخر کا ثواب و عذاب کا سبب تمہارے ہی اعمال ہیں
ہماری طرف سے کچھ ظلم نہیں **ق** ابو هريرة يا محمد اني اذا قضيت قضاء فانه لا يرد واني اعطيتك لامتك ان لا اهلكهم بسنة عامة وان لا اسلط
عليهم عدوا من سوى انفسهم يستبيح بيضتهم ولو اجتمع عليهم من باقطارها او قال من بين اقطارها حتى يكون بعضهم يهلك
بعضا وبعضهم يسبي بعضا بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ ای محمد میں جب کسی چیز کا حکم کرتا ہوں تو اسکو کوئی نہیں پھیر
اور البتہ میں نے تجھکو دیا یعنی تیری امت کے واسطے یہ تجھ پر احسان کیا کہ ان کو میں عالمگیر قحط سے نہ مار ڈالونگا اور ان کی سوا اور کسی دشمن کو ان پر غالب نہ کرونگا اس طرح پر کہ ...
جڑ پیڑ کو اکھاڑ ڈالے اگرچہ ان پر تمام دنیا کی اطراف جوانب کی کافر جمع ہو کر چڑھ آویں ... اس واسطے ہوگا تاکہ اس امت کے بعضے لوگ بعضے ... کو ہلاک کریں اور بعضے ان کے بعضے
کو قید کریں **ف** یعنی قضا و قدر میں یہ ٹھہر چکا ہے کہ امت محمدی قیامت تک قائم رہیگی نہ ایسا قحط پڑیگا جس میں یہ سب کے سب مر جاویں نہ ایسے کافر ان پر غالب ہونگے کہ بالکل ان کو نیست
نابود کر ڈالیں ہر چند چنگیز خان اور ہلاکو کی قیامت میں لاکھوں ملک برباد کر دیے اور مسلمان قتل ہوئے لیکن بالکل نیست و نابود نہیں ہو چکے ہاں البتہ یہ کہ اس امت میں آپس کا اختلاف اور خون
فساد اور غارت گری اور قتل موقوف نہوگا چنانچہ تاریخ کی کتابوں میں حال ظاہر ہے

الباب الثاني عشر في جوامع الادعية

بارھویں باب میں حضرت کی دعائیں ہیں جو ہر ایک مطلب کے جامع ہیں یا افضل ہیں یہ ہے کہ حضرت کی دعائیں یا ذکر کے عمل میں لاؤ اس واسطے کہ ... کہ کوئی ایسا مطلب دینی
یا دنیاوی نہیں جسکی حضرت نے مجمل یا مفصل دعا نہ کی ہو دوسری یہ کہ جو دعا حضرت کی زبان مبارک پر گذری بلاشک بابرکت اور مقبول ہے تو بہتر ہے حضرت کی دعاؤں کو یاد
کر اور دعاؤں کو سیکھیں **ق** عائشة اذهب الباس رب الناس واشف انت الشافي لا شفاء الا شفاؤك شفاء لا يغادر سقما
كان اذا اشتكى انسان مسحه بيمينه ثم قال بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بیماری کو لیجا ای آدمیوں کے پالنے والے اور صحت دے
تو ہی شفا ہے صحت نہیں مگر تیری صحت ایسی شفا دے جو بیماری کو نہ چھوڑے حضرت کا معمول تھا کہ جب کوئی آدمی بیمار ہوتا اسکو اپنے داہنے ہاتھ سے سہلاتے پھر یہ دعا
... **خ** انس الحمد لله الذي انقذه من النار **قاله** عند اسلام غلام يهودي عند موته وكان يخدمه بخاری میں

اور ہم اسکو قابو مین نہ کرسکتے اور ہم ہر حال مین اپنے رب ہی کی طرف رجوع لانیوالے آہین الٰہی ہم اپنے اس سفر مین نیکوکاری اور پرہیزگاری تجھسے مانگتے ہین اور وہ کام چاہتے ہین جسمین تو راضی ہوجاوے الٰہی ہم پر ہمارے سفر کو آسان کردے اور اس سفر کی درازی کو ہم سے لپیٹ ڈال یعنی جلد ہی سفر کٹ جاوے الٰہی تو سفر مین تو ساتھی ہے اور گہر بار کا خلیفہ ہی یعنی نگہبان الٰہی مین تیری پناہ مانگتا ہون سفر کی سختی اور بد شکلی سے اور مال و گہربار کی بُری الٹ پلٹ سے اور عبداللہ بن سرجس نے بھی ایسی ہی روایت کی اور اتنی زیادہ روایت کی ہی کہ الٰہی تیری پناہ لوٹنے سے جو تفرقہ کے بعد ہو اور مظلوم کی بد دعا سے ف یہ دعا حضرت سفر کرنے وقت فرمائی ق ابن عمر وَاِذَا رَجَعَ قَالَهُنَّ وَزَادَ فِيْهِنَّ اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ بخاری و مسلم مین عبداللہ بن عمر رض سے روایت ہے اور جب حضرت سفر سے پلٹتے تو لوگ اگلے سفر کے دعا کو پڑھتی اور اوسی دعا مین اتنا اور بڑہاتے کہ ہم سفر سے پھرے توبہ کرنے والے بندگی سجدہ کرنے والے ہم اپنے رب کی سپاسگزاری کرنے والے خدانے اپنا وعدہ سچ کیا اور اپنے بندے یعنی حضرت کی مدد کی اور کفار کی گروہون کو بھگایا وہ اکیلا ہی اوسکا کوئی شریک نہیں ف اسمین اشارہ ہی جنگ خندق کی قصے کی طرف کہ عرب کے کفار نے مدینہ گہیر لیا تھا پھر بے مطلب بھاگ گئے

ق انس اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ كَانَ هٰذَا اَكْثَرَ دُعَائِهٖ بخاری و مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی ہمکو دنیا مین بہتری اور بھلائی دے اور آخرت مین بہتری اور بھلائی اور بچا ہمکو دوزخ کی عذاب سے اس دعا کو حضرت اکثر کیا کرتے تھے ف دنیا کی بہتری صحت اور بقدر حاجت کی روزی اور ایمان اور نیک عمل کی توفیق اور سب مکروہات سے بچاؤ اور آخرت کی بہتری ثواب اور ترقی درجات اور دیدار الٰہی علی مرتضیٰ رض سے روایت ہے کہ دنیا کی بہتری نیکبخت عورت اور آخرت کی بہتری حور ہے اور دوزخ کی عذاب سے مراد کمبخت عورت ہی اس دعا مین دین اور دنیا کی سب مطلب داخل ہین اسواسطے حضرت اس دعا کو اکثر اوقات پڑہا کرتے تھے ق زید بن ارقم

اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَزَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَا اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی دے میرے جان کو اوسکی پرہیزگاری اور اوسکو گناہ اور بد خوئی سے پاک صاف کرڈال تو ہی اوسکا بہتر پاک کرنے والا ہی اور تو ہی اوسکا کارساز اور مددگار ہی ف جو چیز آخرت مین ضرر رساں ہے اوس سے بچنے کا نام تقویٰ اور پرہیزگاری ہی باطن کی صفائی بے تقویٰ ممکن نہین اسواسطے حضرت نے اول تقویٰ کی دعا کی پھر صفائی کی خ زید بن ارقم اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَتْبَاعَهُمْ مِنْهُمْ يَعْنِيْ لِلْاَنْصَارِ بخاری مین زید بن ارقم رض سے روایت ہے کہ حضرت نے انصار کی حق دعا کی کہ الٰہی انکی تابعدارونکو انہیں مین کردے ف انصار نے کہا یا حضرت دعا کیجیے کہ ہماری تابعدار لوگ بہی ہم سے مسلمان ہوجاوین تب حضرت نے یہ دعا کی تابعدار سے مراد حور ہین ہے اور لونڈی غلام یا شناور وست

ق انس اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ بِالْمَدِيْنَةِ ضِعْفَيْ مَا جَعَلْتَ بِمَكَّةَ مِنَ الْبَرَكَةِ بخاری و مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مدینہ مین برکت کر اوسکی دو چند جو تو نے مکے مین برکت کی ہی ف حضرت ابراہیم نے مکے کی واسطے دعا کی اور حضرت نے مدینے کے واسطے برکت سے مراد کشایش رزق یا باطنی فیض ہی ق ابوهريرة اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ اٰلِ مُحَمَّدٍ قُوْتًا بخاری و مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی محمد کی اہلبیت کی روزی بقدر زیست کر ف یعنی اتنی روزی دے جسمین حیات کی رمق باقی رہے مال کی بہتایت نہو اسواسطے کہ کشایش رزق مین اکثر غفلت ہوتی ہی اور جو کام تہا حاصل نہین ہوتا چنانچہ حضرت کی حیات مین ایسا ہی حال رہا اور حضرت کے بعد حضرت کی بیبیان اور حضرت کی اولاد نے اختیاری فقر کو لئے رہے شمائل ترمذی مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت کے انتقال تک حضرت کے اہلبیت کا جو کی روٹی سے دو روز برابر پیٹ نہین بہرا اور اوسی کتاب مین عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت اور حضرت کے بی بیان دو دو تین تین رات سو رہتے تہے رات کا کہانا میسر ہوتا تہا اور اوسی کتاب مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے زندگی بہر ایک دن مین دونو وقت روٹی نہ کہائی اور نہ کبہی دونون وقت گوشت کہایا

خ ابن عباس اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّسَارِيْ نُوْرًا وَّفَوْقِيْ نُوْرًا وَّتَحْتِيْ نُوْرًا وَّاَمَامِيْ نُوْرًا وَّخَلْفِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا بخاری مین عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی میرے دل مین روشنی کر اور میرے کان مین روشنی اور میری آنکہ مین روشنی اور میرے داہنے روشنی اور میرے بائین روشنی اور میرے آگے روشنی اور میرے پیچھے روشنی اور میرے اوپر روشنی اور میرے نیچے روشنی اور کرڈال مجھکو سراپا نور ف روشنی سے مراد حق ہی جیسے تاریکی سے باطل بات مراد ہوتی ہی تو مطلب یہ ہی کہ میرے دل اور اعضا کو حق مین مصروف کر بلکہ شش جہت سے مجھکو حق سے گہیر لے تا باطل کسی طرف سے دخل نہ پاوے خ عائشة اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ عَبَّادًا يَعْنِيْ عَبَّادَ بْنَ بِشْرٍ قَالَهٗ حِيْنَ تَهَجَّدَ فِيْ بَيْتِ عَائِشَةَ فَرَفَعَ صَوْتَهٗ يُصَلِّيْ فِي الْمَسْجِدِ بخاری مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی عباد پر رحم کر یعنی عباد بن بشر پر یہ حضرت نے فرمایا جب کہ حضرت عائشہ کے گہر مین تہجد پڑہا تو عباد بن بشر نے اپنی آواز بلند کی مسجد مین نماز پڑہی ف اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ مسجد مین تہجد بلند آواز سے پڑہنا درست ہے ق البراء بن عازب اَللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِيْ اِلَيْكَ وَوَجَّهْتُ وَجْهِيْ اِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِيْ اِلَيْكَ وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِيْ اِلَيْكَ رَغْبَةً وَّرَهْبَةً اِلَيْكَ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ وَنَبِيِّكَ الَّذِيْ اَرْسَلْتَ بخاری اور مسلم مین براء بن عازب رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی مین نے اپنی جان تجھکو سونپی اور منہہ اپنا تیری طرف کیا اور اپنا سب کام تیرے حوالے کیا اور اپنی پیٹھ تیری طرف لگائی تیری شوق اور تیری خوف سے تجھسے کوئی بہاگنے کی جگہ نہین اور نہ بچاؤ کا مکان ہی مگر تیرے ہی طرف الٰہی مین

اور قوم مضر حضرت کے ایذا پر نہایت کمر باندہی تب حضرت نے یہ دعا کی یعنی جیسا حضرت یوسف کے وقت میں قحط پڑا تہا ویسا ان پر پڑے تاکہ اپنی شامت اور گمراہی سے خبردار ہوں اور ایمان لاویں چنانچہ ایسا قحط پڑا کہ اونہوں نے ہڈی اور مردار کو کہایا آخر کو حضرت سے التجا کی حضرت نے کمال رحمت سے دعا کی تو وہ بلا دفع ہو گئی **ھ** علی و عائشہ اللھم اعوذ برضاک من سخطک وبمعافاتک من عقوبتک واعوذ بک منک لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی نفسک مسلم علی ترمذی و حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی میں پناہ مانگتا ہوں تیری رضامندی کے سبب تیرے غصہ سے اور تیری بخشش کے سبب تیرے عذاب سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں تجہ سے یعنی تیری قہر میں تیری ثنا اور تعریف کو کہہ نہیں سکتا تو ایسا ہی ہے جیسے تو نے اپنی ذات کی خود تعریف کی **ف** مصابیح میں حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ ایک رات میں نے حضرت کو بستر پر نہ پایا سو میں تلاش کرنے لگی تو میرا ہاتہ حضرت کے تلوؤں پر پڑا اور حضرت سجدہ میں یہ دعا کرتے تہے **ھ** ابن عباس اللھم اعوذ بعزتک لا الہ الا انت ان تضلنی انت الحی الذی لا یموت والجن والانس یموتون مسلم میں عبد اللہ بن عباس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی میں پناہ مانگتا ہوں بواسطے تیری عزت کی کوئی معبود برحق نہیں سوا تیرے اس سے پناہ مانگتا ہوں کہ تو ہمکو گمراہ اور ضائع کر ڈالے تو ایسا زندہ ہے جسکو کبہی موت نہیں اور جن اور آدمی مر جاوینگے **ق** انس اللھم اغثنا اللھم اغثنا اللھم اغثنا **قالہ** فی الاستسقاء بخاری و مسلم میں انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی ہماری فریاد سن ہم پر مینہہ کو برسا الٰہی ہم پر مینہہ کو برسا الٰہی ہمکو پانی دے یہ حضرت نے پانی کی طلب میں دعا کی **ف** ایک بار حضرت کے وقت میں قحط پڑا حضرت منبر پر جمعہ کا خطبہ پڑہتے تہے کہ ایک گنوار آیا اوسنے کہا یا رسول اللہ جانور مر گئے اور رستے بند ہو گئے ہمارے واسطے دعا کیجیے خدا پانی برساوے تب حضرت نے ہاتہ اٹہا کر یہ دعا کی تین بار اور آسمان پر کہیں بدلی کا نشان نہ تہا تو نکلا ایک پہاڑ کے نیچے سے بادل اور تہا او سارے آسمان پر پہیل گیا اور سات دن لگاتار پانی برسا کہ آفتاب نظر نہ پڑا حضرت دوسرے جمعہ کا خطبہ پڑہتے تہے کہ وہی گنوار پہر آیا اوسنے کہا یا رسول اللہ جانور پانی کی کثرت سے ہلاک ہوئے اور راہیں بند ہو گئیں دعا کیجیے کہ خدا مینہہ کو روکے تو حضرت نے ہاتہ اوٹہا کر یوں دعا کی کہ الٰہی ہمارے آس پاس پانی برسے ہم پر نہ برسے الٰہی ٹیلوں پر اور پہاڑیوں پر اور نالوں میں اور جنگل کے درختوں میں مینہہ برسے تو مینہہ اوپر سے تہم گیا اور ابر ہال کی طرح مدینہ خالی ہو گیا آس پاس برسا کیا یہ معجزہ تہا حضرت کا **ھ** ام سلمۃ اللھم اغفر لابی سلمۃ وارفع درجتہ فی المھدیین واخلفہ فی عقبہ فی الغابرین واغفر لنا ولہ یا رب العلمین وافسح لہ فی قبرہ ونور لہ فیہ مسلم میں حضرت ام سلمہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی بخش دے ابی سلمہ کو اور اوسکا درجہ ہدایت والوں میں بلند کر اور اوسکے بعد باقی رہے لوگوں میں تو خلیفہ بن یعنی اونکا حافظ اور نگہبان رہ اور بخش دے ہمکو اور اوسکو ای رب العالمین اور اوسکی قبر کو کشادہ کر اور اوسمیں روشنی کر دے **ف** ابو سلمہ حضرت ام سلمہ کی پہلی خاوند تہے جب وے مر گئے تو غسل اور کفن سے پہلے حضرت نے یہ دعا کی **ھ** عائشۃ اللھم اغفر لاھل بقیع الغرقد مسلم میں حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی بقیع الغرقد والے مردوں کو بخش **ف** بقیع الغرقد مدینے کے قبرستان کا نام ہے اس دعا میں بشارت ہے مغفرت کی اونکو جو مدینے میں مر اور دفن کرے **ق** ابو موسی اللھم اغفر لعبید ابی عامر اللھم اجعلہ یوم القیمۃ فوق کثیر من خلقک او من الناس قال ابو موسی فقلت ولی یا رسول اللہ فقال اللھم اغفر لعبد اللہ بن قیس ذنبہ وادخلہ یوم القیمۃ مدخلا کریما بخاری و مسلم میں ابو موسی رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی بخش دے ابی عامر کو جسکا عبید نام ہے الٰہی قیامت کے دن اوسکو اپنی اکثر خلق سے یا یوں فرمایا کہ اکثر لوگوں سے اونچا کر ابو موسی نے کہا میں نے کہا اور میرے واسطے دعا کیجیے یا رسول اللہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی عبد اللہ بن قیس کا گناہ بخش اور قیامت کے دن اوسکو عزت والی مقام میں داخل کر **ف** ابو موسی رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے مجہکو ابو عامر کے ساتہ جنگ اوطاس میں بہیجا تو ابو عامر کی زانو میں تیر لگا اور اوسی زخم سے وہ مر گئے میں نے یہ حال حضرت سے بیان کیا اور میں نے کہا کہ حضرت ابو عامر نے مجہ سے کہا تہا کہ حضرت میری مغفرت کی دعا کریں تب حضرت نے یہ دعا کی پہر ابو موسی نے اپنے واسطے دعا کروائی ابو موسی کا نام عبد اللہ بن قیس ہے **ق** زید بن ارقم اللھم اغفر للانصار ولابناء الانصار وابناء ابناء الانصار بخاری و مسلم میں زید بن ارقم رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مغفرت کر انصار کی اور انصار کے بیٹوں کی اور انصار کے پوتوں کی **ق** ابو ہریرۃ اللھم اغفر للمحلقین قالوا یا رسول اللہ وللمقصرین قال اللھم اغفر للمحلقین قالوا یا رسول اللہ وللمقصرین قال اللھم اغفر للمحلقین قالوا یا رسول اللہ وللمقصرین قال وللمقصرین بخاری و مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مغفرت کر سر منڈانے والوں کی اصحاب نے کہا یا رسول اللہ اور بال کترانے والوں کے واسطے بہی مغفرت مانگیے حضرت نے فرمایا الٰہی مغفرت کر سر منڈانے والوں کی اصحاب نے کہا یا رسول اللہ اور کترانے والوں کے لئے بہی دعا کیجیے حضرت نے فرمایا الٰہی مغفرت کر سر منڈانے والوں کی اصحاب نے کہا یا رسول اللہ کترانے والوں کے بہی واسطے دعا کیجیے حضرت نے فرمایا الٰہی کترانے والوں کی بہی مغفرت کر **ف** حجۃ الوداع میں حضرت کے ساتہ قربانی تہی اور اکثر اصحاب کے ساتہ قربانی نہ تہی جب حضرت مکے میں پہنچے تو اصحاب سے فرمایا کہ جسکے ساتہ قربانی نہو وہ اپنا احرام کہول ڈالے اور اپنا سر منڈا دے جب حج کا وقت آوے تو پہر احرام باندہ کے حج کرے اور حضرت نے خود اپنا سر دسویں دن قربانی کئے ہوئے منڈایا اور جنکے ساتہ قربانی تہی

ف اس دعا کو آپ جنازہ کی نماز پڑھتے وقت پڑھا کرتے تھے یہ حضرت نے دعا کی عذاب سے یا یوں فرمایا کہ دوزخ کے عذاب سے ... بچا اسکو اور ...

بعض ... نے کہا کہ جب حضرت نے اس میت کے واسطے اس تفصیل سے دعا کی تو مجھکو تمنا ہوئی کہ کاش میں ہوتا اس میت کے ق **اَبُوْمُوْسٰی اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَهْلِیْ وَاِسْرَافِیْ فِیْ اَمْرِیْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ هَزْلِیْ وَجِدِّیْ وَخَطِیْئَتِیْ وَعَمْدِیْ وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِیْ** بخاری اور مسلم میں ابو موسیٰ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی بخش دے میری چوک اور میری نادانی کو اور میری زیادتی کو جو مجھسے اپنے حال میں ہوا اور بخش دے اس چیز کو جسکو تو مجھسے زیادہ تر جانتا ہے الٰہی بخشدے میری بیہودگی اور میری گناہ کی کوشش کو اور میری بھول چوک اور میری قصد کو اور یہ سب میری طرف سے ہے ف ہر چند حضرت گناہ سے معصوم تھے لیکن تعلیم امت کے واسطے یا ترک اولیٰ کے خیال سے ایسی دعا کرتے تھے جتنا قرب زیادہ اتنا خوف زیادہ مثل مشہور ہے کہ نزدیکانرا بیش بود حیرانی بندگی یہی معنی ہیں کہ بندہ اپنے مالک کے روبرو لرزتا کانپتا رہے اور اپنی قصور کا خواہ چھوٹا ہو خواہ نہو اقرار کیا کرے **ع ابُوْهُرَیْرَةَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ كُلَّهٗ دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَعَلَانِیَتَهٗ وَسِرَّهٗ** مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی بخش دے میری سب گناہ کو خواہ چھوٹا ہو خواہ بڑا خواہ پہلا خواہ پچھلا خواہ کھلا خواہ چھپا ف مصابیح میں انس سے روایت ہے کہ حضرت اس دعا کو سجدہ میں پڑھتے **ع ق عَائِشَةُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاَلْحِقْنِیْ بِالرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی دَعَا بِهٖ عِنْدَ وَفَاتِهٖ** بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی بخش مجھکو اور رحم کر مجھ پر اور ملا دے مجھکو بلند رتبہ رفیقوں میں یہ حضرت نے اپنی موت کے وقت دعا کی ف رفیق اعلیٰ سے مراد انبیا کی ارواح اور مقرب فرشتے ہیں اور بعضے کہتے ہیں کہ رفیق اعلیٰ سے مراد خدا ہے **ق اُمُّ سُلَیْمٍ بِنْتُ مِلْحَانَ اَللّٰهُمَّ اَكْثِرْ مَالَهٗ وَوَلَدَهٗ وَبَارِكْ لَهٗ فِیْمَا اَعْطَیْتَهٗ دَعَا بِهٖ لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ** بخاری اور مسلم میں ام سلیم بنت ملحان رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی بہت دے اسکو مال اور اسکی اولاد میں اور اسکے لئے برکت کر جو تو نے اسکو دیا یہ حضرت نے انس بن مالک کے واسطے دعا کی ف انس بن مالک رض حضرت کے خادم تھے نو برس کی عمر تھی کہ انکی ماں ام سلیم نے انکو حضرت کی خدمت میں دیا مصابیح میں روایت ہے کہ ام سلیم نے حضرت سے کہا کہ یا حضرت اپنے خادم انس کی واسطے دعا کیجئے تب حضرت نے یہ دعا کی بعضے روایت میں یوں ہے کہ حضرت اپنے دعا کرتے ... پھر حضرت بھول گئے انس نے اسکو پھر یاد دلایا جب حضرت نے اسکو پھرایا تو پوچھا کہ تیرے پاس کیا ہے ... تو حضرت نے انکی عمر درازی اور مال اولاد کی کثرت کی دعا کی چنانچہ انس ایک سو تیس برس تک زندہ رہی اور انکے سو بیس لڑکے پیدا ہوے اور بصرہ میں انکے کھجور کے باغ سال میں دوبار پھلتے تھے اور انکے بیٹے پوتوں کی اتنی کثرت تھی جسکا شمار نہیں **ق عَائِشَةُ اَللّٰهُمَّ الرَّفِیْقَ الْاَعْلٰی** بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی میں مانگتا ہوں بلند رتبہ رفیقوں کی صحبت ف حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت صحت میں فرماتے تھے کہ کسی پیغمبر کو موت نہیں آتی جب حضرت کو مرض الموت میں غش سے ہوش آیا تو حضرت نے آنکھ کھول کے یہ دعا کی اسوقت میں جانا کہ حضرت ہمکو چھوڑتا اور موت کو اختیار کیا یہ اخیر کلام حضرت کا تھا اسکے بعد حضرت نے کوئی کلام نکیا **م عَائِشَةُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ** مسلم میں عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی تجھکو سچی سلامتی ہے تو ہر عیب اور مکروہات سے سالم ہے اور تیری ہی طرف سے خلق کو سلامتی حاصل ہوتی ہے تو بڑی برکت والا ای جلال اور بزرگی والے ف صحیح روایت اتنی ہی ہے اور یہ جو مشہور ہے کہ بعد منک السلام کے والیک یرجع السلام وادخلنا دار السلام تبارکت ربنا وتعالیت یاذا الجلال والاکرام زیادہ کرتے ہیں سو اسکی حضرت سے صحیح روایت میں کہیں اصل نہیں پایا **م عَلِیٌّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْتَ رَبِّیْ وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ جَمِیْعًا لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَاهْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا یَهْدِیْ لِاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَیِّئَهَا لَا یَصْرِفُ عَنِّیْ سَیِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ لَبَّیْكَ وَسَعْدَیْكَ وَالْخَیْرُ كُلُّهٗ فِیْ یَدَیْكَ وَالشَّرُّ لَیْسَ اِلَیْكَ اَنَا بِكَ وَاِلَیْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَیْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ كَانَ یَقُوْلُهٗ بَعْدَ قَوْلِهٖ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ وَاِذَا رَكَعَ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ خَشَعَ لَكَ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَمُخِّیْ وَعَظْمِیْ وَعَصَبِیْ فَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْءَ الْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَیْءٍ بَعْدُ فَاِذَا سَجَدَ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ خَلَقَهٗ وَصَوَّرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ ثُمَّ یَكُوْنُ مِنْ اٰخِرِ مَا یَقُوْلُ بَیْنَ التَّشَهُّدِ وَالتَّسْلِیْمِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ** مسلم میں علی مرتضیٰ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی تو بادشاہ ہے کوئی بندگی کے لائق نہیں سوا تیرے تو میرا رب ہے میں تیرا بندہ ہوں میں نے زیادتی کی اپنی جان پر اور اپنی گناہ کا اقرار کیا سو میرے سب گناہوں کو بخش دے کہ نہیں بخشتا گناہوں کو سوا تیرے اور راہ دے مجھکو بہتر خو کی نہیں راہ دکھاتا بہتر خو کی طرف سوا تیرے اور پھیر دے مجھ سے بری خو کو نہیں پھیرتا بری خو کو سوا تیرے ... حاضر ہوں ... اور نیکی سب تیرے ہاتھوں میں ہے اور بدی تیری طرف نہیں ... میں تیرے ساتھ ہوں اور تیری طرف ... برکت والا ہے تو اور بلند ہے ...

نہیں لاتی اور حالانکہ ان سب کا خالق وہی ہے حق یہی ہے یہ دعائیں نفل نمازیں کرے نہ فرض میں ھ ابن عمر اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِيْ وَاَنْتَ تَوَفَّاهَا لَكَ مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا اِنْ اَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا وَاِنْ اَمَتَّهَا فَاغْفِرْ لَهَا اَللّٰهُمَّ اَسْاَلُكَ الْعَافِيَةَ اَمَرَ بِهٖ رَجُلًا اَنْ يَقُوْلَ لَهٗ اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَهٗ مسلم میں عبداللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی تو نے میری جان کو پیدا کیا اور تو ہی اسکو مار یگا تیرے ہی واسطے اسکی زندگی اور موت ہے اگر تو نے اسکو زندہ رکھا تو اسکو اپنی امان میں رکھ اور اگر اسکو مارا تو اسکو بخش دیجیو الٰہی میں تجھ سے عافیت اور صحت مانگتا ہوں یہ دعا حضرت نے ایک مرد کو بتلائی کہ جب لیٹا کرے تو اسکو پڑھا کرے

ق ابوہریرۃ اَللّٰهُمَّ اَنْجِ الْوَلِيْدَ بْنَ الْوَلِيْدِ وَسَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ وَعَيَّاشَ بْنَ اَبِيْ رَبِيْعَةَ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ بِمَكَّةَ اَللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْاَتَكَ عَلٰى مُضَرَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا عَلَيْهِمْ سِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی نجات دے ولید بن ولید کو اور سلمہ بن ہشام کو اور عیاش بن ربیعہ کو اور رکیکے کمزور بیچارے مسلمانوں کو الٰہی اپنا سخت عذاب ڈال مضر کے قوم اوپر ان پر سات برس کا قحط ڈال جیسے یوسف کی وقت میں قحط پڑا تھا

